(بَغَزَتِ)الدابۃُ ـَ بَغْزًا: چوپائے کا زمین پر ٹھوکر مار کر پھرتی سے چلنا۔

–فلانٌ الدابّۃَ سواری کو پاؤں مار کر دوڑانا۔

–الشیئَ بالسکین: چھری سے کاٹنا۔

(بَغَشَت)السماءُ ـَ بَغْشًا ہلکی بارش ہونا (بَغَشَتِ السماءُ القومَ والارضَ)۔

–الھباءُ و نحوُہ فی الکُوَّۃِ: روشن دار سے گرد و غبار آنا۔

–الصبیّ الی امّہ: بچے کا روتے ہوئے ماں کے پاس آنا۔

(البغاشۃ). آٹے اور گھی کی مٹھائی جس کے اندر پنیر یا بالائی بھری گئی ہو (ترکی)۔

(اَلْبَغْشَۃُ) ہلکی بارش۔

(بَغَضَ)الشیئُ ـُ بُغْضًا: ناپسند کرنا۔

ھو باغضٌ و بغوضٌ' والشیئُ مبغوضٌ و بغیضٌ۔

(بَغِضَ)الشیئُ ـَ بُغْضًا: کسی چیز کا ناپسندیدہ ہونا۔

(بَغُضَ)الشیئُ ـُ بَغَاضَۃً و بِغْضَۃً کسی چیز کا ناپسندیدہ ہونا ھو بغیضٌ (بغض الیّ)۔

(اَبْغَضَہ) ناپسند اور مکروہ سمجھنا۔

(بَاغَضَہ) نفرت کا جواب نفرت سے دینا۔

(بَغَّضَہ)الیہ بہت زیادہ ناپسند بنانا۔

(تَبَاغَضَ) القومُ ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔

(تَبَغَّضَ)الیہ: نفرت کو ظاہر کرنا۔

(البِغْضَاء) بہت زیادہ نفرت۔

(بَغَّ)الدمُ ـُ بَغًّا خون کا جوش مارنا۔

(بَغَلَ)ـُ بُغُولَۃً سست و بیوقوف ہونا۔

(بَغَّلَ)القومَ کسی قوم میں شادی کر کے نسل خراب کرنا۔

(البَغَّالُ) جو خچروں کے چرانے پر مقرر ہو۔

(اَلْبَغْلُ) خچر (ج) اَبْغَال و بِغَالٌ و ھی بغلۃٌ (ج) بغالٌ۔

(بَغَمَتِ)الظبیۃُ ـَ بُغَامًا و بُغُوْمًا ہرنی کا ہلکی آواز دے کر بچہ کو بلانا۔

–صوتَہ: ہلکی آواز نکالنا۔ الحدیث لفلانٍ واضح بات کرنا۔

ھو باغِمٌ (ج) بواغِمُ۔

(البُغَامُ): ہرن کی آواز۔

(اَلْبَغْوُ) کچا پھل (۲) کانٹوں کا پھول۔

(بَغٰی)فلانٌ ـِ بَغْیًا حد کو تجاوز کرنا' سرکشی کرنا قرآن مجید میں ہے ﴿فَاِنْ بَغَتْ اِحْدَاھُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ﴾ (۲) مسلط کرنا' ظلم کرنا جیسے قرآن مجید میں ﴿وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِي الْاَرْضِ﴾ اور ﴿اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ﴾۔

(۳) قانون توڑنے کی کوشش کرنا۔

–الجُرْحُ: زخم سوجنا اور پیپ پڑنا۔

–المرأۃُ بِغَاءً: عورت کا زنا کرنا ھی بَغِیٌّ (بغیر تاء کے)۔

–الشیئَ بُغْیَۃً: تلاش کرنا (بغیتُ لک الامرَ و بغیتُکَ الامرَ) قرآن مجید میں ﴿لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا وَّلَاَوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ﴾۔

(طلب کے معنی میں اکثر "ابتغی" استعمال ہوتا ہے نہ کہ "بغی")۔

(اَبْغَاہ)الشیئَ تلاش کرنے میں مدد کرنا۔

–اَبْغِنِیْ ضَالَّتِیْ میری گمشدہ چیز کے تلاش کرنے میں مدد کرو (نقل صحیفہ والی حدیث)

ہے (ان زھیر بن امیہ قال لہاشم بن عمرو بن ربیعۃ حین دعاہ الی نقض الصحیفۃ "ابغنا ثالثا"۔

(باغت) المراۃ مباغاۃ بغاء بغت

(ابتغی) الشیء: ارادہ کرنا' طلب کرنا قرآن مجید میں ہے ﴿یبتغون فضلا من اللہ ورضوانا﴾ اور ﴿لقد ابتغوا الفتنۃ من قبل و قلبوا لک الامور حتی جاء الحق وظھر امر اللہ﴾۔

(انبغی) ینبغی لفلان ان یعمل کذا اس کے لئے ایسا کرنا اچھا ہے۔

-وما ینبغی لفلان ان یفعل کذا اس کے لئے ایسا کرنا مناسب نہیں قرآن مجید میں ہے ﴿ما کان ینبغی لنا ان نتخذ من دونک اولیاء﴾۔

(اس مادہ کا استعمال غیر مضارع میں نادر الوقوع ہے اس کی ماضی کے لئے کان ینبغی اور وما کان ینبغی لاتے ہیں۔

(تباغی) القوم ایک دوسرے سے نفرت کرنا

(تبغی) الشیء ظلما لینے کی کوشش کرنا۔ ساعدہ بن جویہ ہذلی کا شعر ہے

ولکنما اھلی بواد انیسہ

سباع تبغی الناس مثنی وموحدا

(البغۃ) ایک قابل احتراق مادہ جو قلم بنانے میں استعمال ہوتا ہے (ج)۔

(الباغی) جابر و ظالم (۲) قانون توڑنے والا (ج) بغاۃ والفئۃ باغیۃ۔ حدیث شریف میں آتا ہے (ویل عمار تقتلہ الفئۃ الباغیۃ)۔

(البغی) ظلم (۲) قانون توڑنا' بغاوت کرنا (۳) تکبر و بڑائی (۴) حد کو تجاوز کرنا (۵) زخم کا خراب ہونا (برئ الجرح علی بغی)۔

(البغی) پیشہ ور زانیہ۔

(البغیۃ والبغیۃ) مطلوب و مقصود۔ لیکن بغیتک ثواب الاخرۃ ولیکن الحق بغیتک)۔

ھو ابن بغیۃ حرامی۔

ب............ق

(بقبقت) القدر بقبقۃ ہانڈی سے ابلنے کی آواز آنا۔

الماء عند نزولہ فی القلۃ و نحوھا: پانی گرنے کی آواز۔

الرجل زیادہ بولنا۔

علینا الکلام اس نے ہم سے لایعنی کی۔

(البقباق) منہ۔

(بقر) البطن و نحوہ - بقرا: پیٹ پھاڑنا۔

-الفتنۃ القوم لوگوں کو جدا کرنا اور محبت ختم کرنا حدیث میں آتا ہے (ستاتی علی الناس فتنۃ باقرۃ تدع الحلیم حیران)۔

الحدیث واضح کرنا حدیث افک میں ہے: (ان عائشۃ رضی اللہ عنہا لم تعرف شیئا حتی بقرت ام مسطح لھا الحدیث)۔

-الارض زمین میں پانی کا پتہ لگانا۔

-المسالۃ و عنھا غور کرنا۔

-فی بنی فلان کھوج لگانا' حالات معلوم کرنا

(بقر) البطن - بقرا پیٹ پھٹ جانا۔

-الرجل جنگلی گائے کو دیکھ کر حواس باختہ ہونا

(ابقر) پھٹنا۔

(تبقر) پھٹنا۔

-فی الکلام تفصیل سے بات کرنا۔

-فی العلم زیادہ علم والا ہونا۔

-فی المال مالدار ہونا۔

(الابیقر) وہ آدمی جس میں نہ خیر ہو نہ شر ہو۔

(الباقر) وسیع العلم' اسی وجہ سے محمد بن علی زین العابدین بن حسین کو باقر کہا جاتا ہے (۲) آنکھ کی ایک رگ۔

(۳) بہت سی گائیں اور ان کے چرواہے۔

(البقر) بیل' گائے (نر و مادہ دونوں پر بولا جاتا ہے) اس کا اطلاق پالتو گائے پر بھی ہوتا ہے جس کو دودھ یا کھیتی کے لئے رکھا گیا اور وحشی گائے پر بھی۔

-بقر الماء ایک مچھلی جو گائے کے مشابہ ہوتی ہے۔

(البقار) گائے بیل چرانے یا پالنے والا (۲) کھودنے والا۔

(البقیر) وہ حاملہ جس کا پیٹ چیر کر بچہ نکالا جائے (۲) پیٹ کا بچہ (۳) وہ کپڑا جس کو پھاڑا جائے اور بغیر آستین کے پہنا جائے۔

(البقس) ایک درخت جو آس کے مشابہ ہوتا ہے اس کی لکڑی سخت ہوتی ہے اور اس سے ادویات تیار کی جاتی ہیں۔

(بقسماط) روٹی کی ایک قسم (ایک لغت میں "بشماط") ہے (مع)۔

(بقط) متاعہ - بقطا: سامان جمع کرنا اور باندھنا۔

-الرجل کسی کو تہائی یا چوتھائی یا کسی بھی طرح باغ بٹائی پر دینا۔

(بقط) جلدی کرنا۔

فی الجبل: پہاڑ پر چڑھنا۔

(تبقط) الخبر بتدریج کچھ خبر حاصل کرنا۔

(البقط): پھل اتارتے وقت گرنے والا پھل (۲) لوگوں کی جماعت۔

من البیت: گھریلو سامان۔

(بقع) الجلد - بقعا: کھال میں دوسرے رنگ کا مل جانا ھو ابقع والبشرۃ بقعا۔

المستقی پانی پینے والے کے بدن پر پانی ٹپکنا۔

(بقعہ) دھبے دار بنانا۔

-المطر الارض بارش کا کہیں کہیں ہونا۔

-الصبغ الثوب رنگ نے کپڑے پر دھبے پڑ جانا۔

(تبقع) دھبوں والا ہونا۔

(الابقع) برص کا مریض (۲) سراب' پانی کا دھوکہ۔

(الباقعۃ) چالاک محتاط' چوکنا۔

-رجل باقعۃ چالاک آدمی۔

-طائر باقعۃ چوکنا اور محتاط پرندہ (ج) بواقع۔

(البقعاء) چھوٹے کنکروں والی زمین۔

- سنۃ بقعاء ایسا سال جس میں قحط بھی ہو اور پیداوار بھی ہو۔

(البُقعة) زمین کا ٹکڑا (۲) دھبا' داغ (ج) بُقَع۔
(البقیعُ) ایسی کشادہ جگہ جہاں بہت سے درخت ہوں (۲) اہل مدینہ کا قبرستان۔
(بَقّ) الرجلُ ـِ بَقًّا بکواس کرنا۔
—المراۃ کثیر الاولاد ہونا۔
—السماءُ خوب بارش برسانا۔
—المکانُ کسی جگہ بہت زیادہ پسو ہونا۔
—الجرابَ و نحوہ ـُ بَقًّا: جراب یا موزہ وغیرہ کو پھاڑنا۔
—الکلامَ بات کو زور سے کہنا۔
—الخبرَ خبر کو پھیلانا۔
—المالَ مال کو تقسیم کرنا۔
(ابَقّ) الرجُلُ والمراۃُ والسماءُ والمکانُ: بَقّ۔
—خیرًا اَوْ شرًّا خیر یا شر میں زیادتی کرنا۔
(بَقّق) المکانُ بَقّ۔
(البَقّ) وسیع و عریض جگہ (۲) واضح (۳) پسو
(البَقّاقُ) باتونی۔
(البقاقُ) گھر کا فالتو سامان۔
(المِبَقُّ) من الرجال بسیار گو۔
(المِبَقّةُ) مونث المِبَقّ (۲) کثیر النسل۔
(بَقَلَ) الشیُ ـُ بَقْلاً ظاہر ہونا۔
—الارضُ سبزی اگانا۔
—المرعٰی چراگاہ کا سرسبز ہونا۔
—وجه الغلام: لڑکے کے چہرے پر بال نکل آنا۔
—الماشیةَ: جانور کے لئے سبزہ اکٹھا کرنا۔
(اَبقَلَ) بَقَلَ۔
—القومُ سبزی پانا (۲) چوپایوں کو سبزی چرانا
(بَقّلَ) الشجرُ کونپلیں نکلنا۔
—الماشیةَ جانور کو سبزی چرانا۔
—النباتَ: گھاس کو ترکاری سمجھنا۔
(ابتَقَلَتِ) الماشیة سبزی چرنا۔
—القومُ لوگوں کا چوپایوں کو سبزی چرانا۔
(تَبَقّلَتْ) الماشیةُ چوپائے کا سبزی چر کر موٹا ہونا۔
(الباقِلّاءُ) لوبیا۔

(الباقلی) لوبیا۔
(الباقول) بغیر دستہ کے ڈونگا (ج) بواقیل (مع)۔
(البَقْلُ) سبزی' ترکاری (ج) بُقُول۔
(البَقّالُ) سبزی بیچنے والا۔
(المبقلةُ) سبزی کی جگہ۔
(بَقلاوَۃٌ) گھی' کچوری بھری ہوئی (د)۔
(تبقّمَتِ) الغنمُ بکریوں کا صل کی بوجھ کے وجہ سے بیٹھ جانا اور اپنی جگہ سے نہ اٹھنا۔
(البقامةُ) گری ہوئی اون جو کاتنے کے قابل نہ ہو۔
(البَقَّمُ) سرخ لکڑی جس سے کپڑے رنگے جاتے ہیں (یہ قرنیات فراشیہ کے گروہ سے ہے)۔
(البُقَّمُ) دھتورا۔
(بقِیَ) الشیُ ـَ بقاءً باقی رہنا۔
—من الشیُ بچ جانا قرآن مجید میں ہے ﴿وَذَرُوْا مَابَقِیَ مِنَ الرِّبَا﴾۔
(اَبقٰی) علی الشیُ حفاظت کرنا۔
—علی فلانِ رحم کھانا' شفقت کرنا۔
—من جهدهٖ پوری کوشش نہ کرنا۔
—الخیلَ پوری طرح نہ دوڑنا۔
—الحلوبَ پوری طرح دودھ نہ دینا۔
—الشیُ اپنی حالت پر چھوڑ دینا۔
(بَقّاہ) چھوڑ رکھنا۔
(تبقّی) منه: بچ جانا۔
الشیُ: اپنے حال پر چھوڑنا۔
(اِستبقاہ): بقاء کو چاہنا (۲) درگزر کرنا (استبقی اخاہُ)۔
(الاَبقٰی) ہمیشہ رہنے والا قرآن مجید میں ہے ﴿وَالاٰخِرَۃُ خَیْرٌ وَّاَبْقٰی﴾۔
—علی قومه بہت زیادہ رعایت کرنے والا۔
(الباقی) قائم و دائم' پائیدار (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔
(الباقیة) باقی ماندہ قرآن مجید میں ہے ﴿فَهَلْ تَرٰی لَهُمْ مِنْ بَاقِیَةٍ﴾۔
—الحیاۃُ الباقیةُ آخرت کی زندگی۔

—الباقیات الصالحات اعمال صالحہ۔
(البُقیاءُ) باقی رہنا۔
العین المنقری کا شعر ؎
فما بقیا علی ترکتمانی
ولکن خفتما صَرَدَ النبال
—ونشدتك اللہ والبقیا یعنی ہماری محبت و الفت باقی ہے۔
(البَقیّةُ) باقی ماندہ قرآن مجید میں ﴿بَقِیَّتُ اللہِ خَیْرٌ لَّکُمْ﴾۔

ب ك

(بَكأتِ) البئرُ ـَ بَکْأً کنویں کا پانی کم ہونا۔
—الحیوان الحلوب جانور کا دودھ کم ہونا۔
(بَکُؤَ) الرجلُ ـُ بکاءۃً و بُکْأً کلام کا کم ہونا ہو بکِیٌّ (ج) بکاءٌ هی بَکِیٌّ و بکیئةٌ (ج) بکاءٌ و بَکَایَا۔
(اَبکَأ) فلانٌ خیر کا کم ہونا۔
—الدرَّ و نحوہ دودھ کو کم سمجھنا۔
(بَکبَکَ) الشیُ ہلانا (۲) ایک دوسرے پر ڈالنا۔
(البکبکةُ) آمد و رفت (۲) بھیڑ۔
(بَکَتَه) ـُ بَکْتًا مارنا (۲) ایسے طریقہ سے ملنا جو اسے ناپسند ہو (۳) دلیل سے مغلوب کرنا (۴) ڈانٹ ڈپٹ کرنا۔
(بکّتَه) بکته کا مبالغہ۔
(بَکَرَ) ـُ بُکُورًا: صبح سویرے سورج طلوع ہونے سے پہلے نکلنا (۲) جلدی کرنا' شاعر کا قول
بَکَرَتْ تلومُكَ بعد وَهنٍ فِی الندی
بَسْلٌ علیكِ ملامتی و عتابی
(۳) جلدی کرنا (بَکَرَ اِلی الشی و علیه و فیه)۔
—الشجرۃُ و نحوها جلدی پھل دینا۔
(بَکِرَ) ـَ بَکَرًا جلدی کرنا۔
(اَبکَرَ) بَکَرَ۔
(باکَرَه) جلدی کرنا (۲) سویرے سے میں مقابلہ کرنا۔
(بَکّرَ) بَکَرَ کا مبالغہ۔
(ابتَکَرَ) جلدی آنے کی کوشش کرنا۔

-المرأة عورت کا سب سے پہلے لڑکا جننا۔
-الفاکهة ابتدائی میوہ یا پھل لینا۔
-الشئَ ایجاد کرنا (محدثہ)۔
(تَبَكَّرَ) آگے بڑھنا۔
(الْإِبْكَارُ) صبح سویرے طلوع آفتاب سے پہلے کا وقت قرآن مجید میں ہے: ﴿وَسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ﴾۔
(الْبَاكِرُ) صبح سویرے کا وقت (۲) سویرے اٹھنے والا۔
(الباكورُ- الباكورَةُ) پہلا پھل (۲) ہر چیز کا ابتدائی حصہ۔
(الْبَكَارَة) کنوارا پن۔
(الْبَكْرُ) جوان اونٹ (ج) اَبْكُر و بِكَارٌ مونث بَكْرَةٌ۔
(البكرةُ) جماعت کہاوت ہے: (جاؤا على بَكْرَةِ اَبِيْهِم) وہ سب اکٹھے آئے۔
(الْبِكْرُ) ہر چیز کی ابتدا (۲) پہلا بچہ (۳) کنواری عورت (۴) کنوارا مرد (۵) ایسا کام جو پہلے نہ ہوا ہو۔
-نارٌ بكرٌ جسے دوسری آگ سے نہ لیا گیا ہو۔
-طعنةٌ بكرٌ جس کی کوئی نظیر نہ ہو۔
-خلٌّ بكرٌ عمدہ سرکہ جس میں آمیزش نہ ہو۔
(الْبَكَرَة - الْبَكْرَة) چرخی جس سے وزنی چیز کھینچی جائے (۲) رول نما لکڑی جس پر دھاگا وغیرہ لپیٹا جائے۔
(الْبُكْرَةُ) صبح سویرا۔
(المِبْكار) سویرے اٹھنے کا عادی۔
(بَكَسَ) خصمه ـُ بَكْسًا غالب آنا۔
(بَكَشَ) العقدة ـُ بَكْشًا گرہ کھولنا (بكش عقال بعيره) اونٹ کی لگام کھولنا۔
(الْبَكَّاش) چال باز باتیں بنانے والا یہ مشاك سے مقلوب ہے (دیکھئے بشك)۔
(بَكَعَه) ـَ بَكْعًا مسلسل زور زور سے مارنا (۲) ناپسندیدہ طریقہ سے ملنا۔
(بَكَّ) الشئَ ـُ بَكًّا و بَكَّة ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

-عنقه گردن توڑنا۔
-الرجلَ غرور توڑنا مغلوب کرنا (۲) دھکا دینا۔
-الدابّة جانور پر بوجھ لاد کر خوب چلانا۔
(تَبَاكَّ) الْجَمْعُ ایک دوسرے کو دھکا دینا۔
(الْأَبَكُّ) بیوقوف جو غلط درست کی تمیز نہ کرسکے۔
(بَكَّة) مکہ۔
(بَكَلَ) الشئَ ـُ بَكْلًا آمیزش کرنا۔
الحديثَ بات کو غلط طریقہ سے بیان کرنا۔
(بَكَّلَ) مبالغة بكل
علينا حديثه بات کو مشتبہ اور مشکوک کرنا۔
(تَبَكَّلَ) في الكلام بات کو جھوٹ کے ساتھ ملانا۔
-في مَشْيِه اکڑ کر چلنا۔
(الْبَكَالَةُ) وہ کھانا جو ستو آٹے پانی اور گھی کو ملا کر بنایا جائے۔
(الْبُكْلُ) مال غنیمت۔
(الْبِكْلَةُ) ہیئت شکل وصورت۔
(البَكِيلَةُ) البكالة (۲) غنیمت۔
(بَكِمَ) الرجلُ ـَ بَكَمًا پیدائشی گونگا ہونا کبھی کبھی غیر فصیح کو بھی کہتے ہیں هو اَبْكَمُ هي بكماء (ج) بُكْمٌ۔
(بَكُمَ) ـُ بَكَامَةً جہالت کی وجہ سے یا جان بوجھ کر کلام نہ کرنا۔ هو بكيمٌ (ج) بُكْمَان۔
(تَبَكَّمَ) عليه الكلامُ بات کرنے سے عاجز ہونا۔
(بَكَى) ـِ بُكًى و بُكَاءً غم کی وجہ سے آنسو نکلنا رونا (بَكَى الميّتَ و عليه وله)
-الميّتَ مردہ پر رونا (زیادہ رونے والے کو بَكِيٌّ اور بَكَّاءٌ کہا ہے)
(اَبْكَاه) رلانا۔
(بَكَّاه) رلانا۔
-الميّتَ مردہ کو رونا۔
(تَبَاكَى) بتکلف رونا۔
(اِسْتَبْكَاه) رلانا۔
(التَّبْكَاءُ) بہت زیادہ رونا۔

ب ... ل

(بَلْ) بمعنی بلکہ یہ حرف کبھی مفرد اور کبھی جملہ پر داخل ہوتا ہے۔
(ا) جب یہ مفرد پر داخل ہوگا اور اس کے ماقبل نہی یا نفی ہوگی تو یہ لکن کے معنی میں ہوگا ماقبل کو ثابت اور مابعد کی نفی کرے گا جیسے "ما عَلِيٌّ شاعِرٌ بل خطيبٌ" اور "ولا تقل شعرًا بل نثرًا" اور جب اس کے ماقبل اثبات یا امر ہو تو یہ ماقبل کو مسکوت عنہ کی طرح کردے گا اور اس کے حکم کو مابعد کے لئے ثابت کرے گا جیسے "قال عليٌّ شِعرًا بَلْ نثرًا" اور "قُلْ نثرًا بَلْ شِعرًا" بعض نحوی اس کے اثبات کے بعد مفرد پر داخل کرنے کو ناپسند سمجھتے ہیں۔
(ب) جب یہ جملہ پر داخل ہوگا تو اس صورت میں اپنے ماقبل معنی کا ابطال اور اس کا رد کرے گا جیسے قرآن مجید میں ﴿وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمَٰنُ وَلَدًا سُبْحَانَهُ بَلْ عِبَادٌ مُكْرَمُونَ﴾ اور ﴿أَمْ يَقُولُونَ بِهِ جِنَّةٌ بَلْ جَاءَهُمْ بِالْحَقِّ﴾ نحاۃ کہتے ہیں کہ بل یہاں اضراب ابطالی کے لئے ہے اور کبھی بل ایک ہی سے دوسرے کی طرف انتقال کے لئے استعمال ہوتا ہے اور اس کا استعمال زیادہ ہے جیسے (قَدْ أَفْلَحَ مَنْ تَزَكَّىٰ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِ فَصَلَّىٰ بَلْ تُؤْثِرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا) اور (بَلْ قَالُوا أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ بَلِ افْتَرَاهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ) نحوی اس استعمال کو اضراب انتقالی کہتے ہیں اور کبھی بَلْ سے پہلے لا آتا ہے اس صورت میں یہ کلام سابق کی طرف متوجہ ہوگا اور مابعد میں اس کی کوئی تاثیر نہ ہوگی پس اگر اس کے ماقبل مثبت ہوگا تو اس کو منفی کردے گا جیسے

وجهك البدرُ لا بل الشمس لو لم
يقض للشمس كَسْفَةٌ و أفولُ

اور جب نفی ہو تو اس کی تاکید کرے گا جیسے

وما هجرتك لا بل زادني شغفا
هجر و بُعْدُ تراخي لا الى أجلِ

اور اس طرح اس سے پہلے کلا بھی آتا ہے اور اس کی روح ماقبل کی طرف متوجہ ہوتی ہے جیسے، (قُلْ أَرُونِيَ الَّذِينَ أَلْحَقْتُمْ بِهِ شُرَكَاءَ كَلَّا

بَلْ هُوَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ)۔
محدثین کی لغت میں بل کے بعد واؤ کی زیادتی کثیر ہے وہ کہتے ہیں فلانٌ يخطئ بل و يصر على الخطاء وهو يرضٰى بل ويبالغ في الرضا۔ یہ ایک نیا اسلوب ہے۔
(البلاتين) پلاٹینم۔
(البلازما) پلازما' خون کا بہنے والا حصہ۔
(بَلْبَلَ) المتاعَ بَلْبَلَةً و بَلْبَالاً: سامان کو منتشر کرنا' بکھیرنا۔
—القومَ: لوگوں کو اختلاف رائے اور پریشانی میں مبتلا کرنا۔
—فلاناً: بے چین و پریشان کرنا۔
—الله اَلسِنَةَ الخلقِ: پھوٹ پڑنا۔
(تَبَلْبَلَ): لازم بلبل۔
اللغات: زبانوں کا مختلف ہونا۔
(اَلْبَلْبَالُ' البلبالةُ): غم اور بے چینی کی شدت (ج) بلابل' بلابيل۔
(اَلْبُلْبُلُ): بلبل (فصیلہ جواثم سے ہے)۔
—من الابريق: لوٹے کی ٹونٹی (ج) بَلَابِلُ۔
(اَلْبُلْبُوْلُ): مرغابی سے چھوٹا پرندہ جو مصر میں پایا جاتا ہے۔
(بَلَتَ)— بَلْتًا: کٹنا۔
—الرَّجُلُ: بات سے رک جانا۔
(بَلِتَ)— بَلَتًا: بمعنی بَلَتَ۔
(بَلُتَ)— بَلَاتَةً: فصیح ہونا۔ هو بليتٌ هي بليتةٌ۔
(اَبْلَتَ) الرَّجُلَ: دلیل سے چپ کرا دینا۔
—فلاناً يمينا: قسم دلانا۔
(تَبَلْتَعَ): ماہر ہونا (۲) بغیر خوبی کے مشہور ہونا۔
"اِذَا مَشٰى اَوْ قَالَ قَوْلاً تبلتعا"
(بَلَجَ) الصبحُ — بُلُوْجًا: صبح روشن ہونا۔
—الحقُّ: حق ظاہر ہونا۔
—البابَ — بَلْجًا: دروازہ کھولنا۔
(بَلِجَ) الوَجْهُ — بَلَجًا: خوشی سے چہرہ چمکنا۔
—صدرُهُ: انشراح صدر ہونا۔
—به: خوش ہونا۔

—الانسانُ: دونوں ابروؤں کا درمیانی فاصلہ زیادہ ہونا هو اَبْلَجُ هي بَلْجَاءُ (ج) بُلْجٌ ہر واضح چیز کو بھی اَبْلَجُ کہتے ہیں جیسے (الحقُّ ابلج و الباطل لجلجٌ)۔
(اَبْلَجَ): واضح و روشن ہونا جیسے (ابلج الصبحُ' ابلج الحق' ابلجت الشمس)۔
—الامرَ: واضح کرنا۔
—فلاناً: خوش کرنا۔
(اِبْتَلَجَ' انبلج' تَبَلَّجَ): بَلَجَ۔
(اَلْبُلْجَةُ): پو پھوٹنے کے وقت کی روشنی (۲) دو بھنوؤں کے درمیان کی کشادگی (۳) کان اور رخسار کے درمیان کی کشادگی۔
(بَلَحَ)— بَلْحًا و بُلُوْحًا: تھک جانا' عاجز آ جانا۔
—البئرُ: پانی خشک ہو جانا۔
—بشهادته: گواہی چھپانا۔
(اَبْلَحَت) النخلةُ: کھجور کے درخت پر کچی کھجوریں نکل آنا۔
—الامرُ فلاناً: عاجز کر دینا۔
(بَالَحَ) القومَ: ناحق جھگڑا کرنا اور غالب آ جانا
(بَلَّحَ): تھک جانا' منقطع ہو جانا۔
(تبالحا): باہم سختی سے انکار کرنا۔
(اَلْبَلَحُ): کھجور (جب تک ہری رہے) واحد: بَلَحَةٌ۔
(بَلِخَ)— بَلَخًا: متکبر ہونا گناہوں پر جرأت کرنا هو ابلخ و هي بلخاءُ (ج) بُلْخٌ۔
(تَبَلَّخَ): تکبر کرنا۔
(تَبَلْخَصَ): موٹا ہونا' گوشت کا زیادہ ہونا۔
(بَلَدَ) بالمكان — بُلُوْدًا: شہر بنانا هو بالِدٌ۔
(بَلِدَ)— بَلَدًا: ذکاوت کا کمزور پڑنا۔
(بَلُدَ)— بَلَادَةً بَلِيْدَ (۲) کمزور رائے والا ہونا (۳) ناتواں ہونا۔
(بَلَّدَ): کوتاہی کرنا (۲) کمزوری کی وجہ سے زمین پر گرنا۔
—الفرسُ: پیچھے رہ جانا۔
—السحابُ: بادل کا نہ برسنا۔
—فلانٌ: حرکت نہ کرنا۔

(تَبَلَّدَ) بے وقوف بننا (۲) کند ذہن ہونا۔
(اَلْبَلَدُ' البَلْدَةُ) خطہ زمین' شہر' ملک (۲) کشادہ زمین جیسے قرآن مجید میں ہے (وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهُ بِاِذْنِ رَبِّهٖ)۔
(اَلْبَلَدِيْ) شہری' ملکی' وطنی۔
(اَلْبَلَدِيَّةُ) میونسپلٹی' کارپوریشن' بلدیہ۔
(اَلْبَلِيْدُ) بے وقوف۔
(بَلْدَحَ) تھکانا (۲) بیوقوف بنانا (۳) وعدہ خلافی کرنا (۴) خود کو زمین پر گرانا۔
(اَلْبَلْدَحُ) من النساء: موٹی عورت۔
(بَلْدَمَ) ڈر کی وجہ سے خاموش ہونا۔
(اَلْبَلْدَمُ) حلق (۲) کند تلوار۔
(بَلْوَرَه) بلور کے مانند کرنا (مج)۔
—المسألةَ او الفكرةَ: واضح کرنا' روشن کرنا' پیچیدگیاں دور کرنا (محدثہ)۔
(تَبَلْوَرَ) لازم بَلْوَرَ (مج)۔
(اَلْبِلَّوْرُ) سفید روشن پتھر' بلور (۲) کانچ کی ایک قسم۔
(اَلْاِبْلِيْز) (دیکھئے ہمزہ کا باب)۔
(اَبْلَسَ): حیرت یا دلیل کے نہ ہونے کی وجہ سے خاموش ہو جانا جیسے قرآن مجید میں ہے ﴿وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ﴾۔
(ابليس): دیکھئے ہمزہ کا باب۔
(اَلْبَلَاسُ): بالوں کا موٹا کپڑا (ج) بُلُسٌ۔
(اَلْبَلَسُ) انجیر کی ایک قسم۔
(اَلْبَلَسُ) چنا۔
(اَلْبَلَسَانُ) فصیلہ نجوریہ کا ایک درخت جو قاہرہ میں لگتا ہے اس کے سفید چھوٹے پھول ہوتے ہیں اس کی بعض انواع سے خوشبودار تیل نکلتا ہے۔
(بَلْسَمَ) سر جھکانا (۲) تیوری چڑھانا۔
(تَبَلْسَمَ): تیوری چڑھانا۔
(اَلْبَلْسَمُ) قرنیات فراشیہ کی جنس کا ایک درخت' گل مہندی' بلسان (ایک دوا) مرہم یہ گرم ممالک میں پایا جاتا ہے۔
(اَلْبَلْسُنُ) دال' چنا۔
(اَلْبَلْشَفِيَّةُ): بالشوزم' ایک انتہا پسند دھری طبقہ

(نْ)۔
(بَلَصَه)من المالِ مال کوختم کرنا۔
(بَالَصَه) کسی پر چھلانگ لگانا۔
(بَلَعَه) مال ختم کرنا۔
(تَبَلَّصَ)الشئَ وَلَه پوشیدگی کے ساتھ تلاش کرنا۔
(البَلَاصِيّ) دو دستوں والی صراحی یا مرتبان جو پانی کی منتقلی کے لئے استعمال ہوتا ہے یہ بَلاص کی طرف منسوب ہے جو کہ مصر کا ایک شہر ہے اسے "بَلَّاص" بھی پڑھتے ہیں۔
(بَلَطَ)الدارَ ـُ بَلْطًا ٹائلوں سے فرش لگانا۔
الارضَ او الحائطَ دیوار یا زمین کو برابر کرنا۔
(ابْلَطَ) الرجُلُ زمین سے لگ جانا (۲) غریب ہو جانا۔
—الدارَ ٹائلیں لگانا۔
—المطرُ الارضَ بارش کی زمین کی مٹی اور گردوغبار ختم کردینا۔
—اللّصُّ فلانًا چور کا کسی کی کوئی چیز نہ چھوڑنا۔
(بَالَطَ)فی اَمْرِہ: پوری کوشش کرنا۔
—فلانًا چھوڑنا اور بھاگ جانا (۲) کسی سے زمین پر مقابلہ کرنا اور لڑنا۔
(بَلَّطَ) چلتے ہوئے تھک جانا۔
—الدارَ والارضَ والحائطَ پتھر یا ٹائل لگانا۔
—اُذُنَه کان پر زور سے مارنا۔
(تَبَالَطُوا) بالسیوف کھڑے ہوئے تلواروں سے لڑنا۔
(البلاط) وہ پتھر جس کے ذریعہ زمین کا فرش بنایا جائے اور دیوار کو برابر کیا جائے۔
من الارض زمین کی سخت سطح (۲) شاہی محل اور مصر جیسن (مع)۔
(المِبْلَطُ) خراد کی مشین۔
(المِبْلَطَة) کلہاڑا (ا)۔
(البُلْطِيّ) فصیلہ بلطیہ کی ایک مچھلی جو دریائے نیل مصر کے بعض دریاؤں اور شام کے میٹھے پانی میں پائی جاتی ہے۔
(البَلُّوط) ایک درخت جس کی لکڑی سخت ہوتی ہے۔ شاہ بلوط (یہ فصیلہ بلوطیہ سے ہے)۔

(بَلْطَعَ) زمین پر چت لیٹنا۔
(بَلَعَ) الماءَ والرِّیقَ ـَ بَلْعًا پانی گھونٹ گھونٹ پینا، تھوک نگلنا هو بَالِعٌ و بَلُوعٌ۔
(بَلِعَ)ـَ بَلَعًا بَلَعَ۔
(اَبْلَعَه)الشئَ نگلوانا۔
اَبْلِعْنِي رِیقِي مجھے تھوڑی مہلت دیجئے۔
(بَلَّعَ) الشیبُ فی راسِه بال سفید ہونا، بڑھاپا ظاہر ہونا۔
(البَالُوعَة – البَلُّوعة) نالی (ج) بوالیع و بلالیع۔
(البُلَعُ)من الناس زیادہ کھانے والا۔
—سَعْدُ بُلَعَ چاند کی ایک منزل۔
(البُلْعَةُ) گھونٹ۔
(البَلَّاعَةُ) نالی۔
(البَلُوعُ) نگلی جانے والی دوا۔
—اناءٌ بَلُوعٌ بڑا برتن۔
(البُلْعُمُ والبُلْعُوم) حلق (۲) نالی (ج) بلاعم و بلاعیم۔
(بَلَغَ)الشجرُ ـُ بلوغًا و بلاغًا پھل پکنے کا وقت قریب ہونا۔
—الغلامُ بالغ ہونا۔
—الامرُ انتہا کو پہنچنا (حکمةٌ بالغةٌ)۔
—الشئُ بلوغًا پہنچنا۔
(بَلُغَ)ـُ بَلَاغَةً فصیح ہونا، شستہ بیان ہونا، بلیغ ہونا هو بلیغٌ (ج) بلغاء (بَلُغَ الكلامُ) کہا جاتا ہے۔
(اَبْلَغَه)الشئَ و الَیهِ پہنچانا۔
(بَالَغَ)فیه مبالغةً و بلاغًا پوری کوشش کرنا (۲) آخری حد کو پہنچنا۔
(بَلَّغَ) الشیبُ فی راسه سفید بال نکلنا، بڑھاپا ظاہر ہونا۔
-الفارس گھڑسوار کا گھوڑے کو دوڑانے سے اس کا [illegible] چھوڑنا۔
السئ [illegible]
فلانًا السو[illegible] خبر پہنچانا۔

(تَبَالَغَ)فیه المرضُ والهمّ غم و بیماری کا انتہا کو پہنچنا۔
—فی کلامِه تکلف بلیغ بننا۔
(تَبَلَّغَ)بکذا اکتفا کرنا۔
—الشئَ پہنچنے میں کوشش کرکے پالینا۔
(البَلَاغُ) پہنچانا جیسے (هذا بَلَاغٌ لِلنَّاسِ) (۲) جس کے ذریعہ انتہا کو پہنچ جائے (۳) کافی ہونا جیسے (هذا الامر بلاغ) (۴) وہ بیان جو رسالہ وغیرہ میں چھپوایا جائے (نْ)۔
(البلاغةُ) حسن بیان اور تاثیر کی قوت (۲) علماء بلاغت کے نزدیک کلام کا مقتضی الحال کے مطابق ہونا۔
(البُلْغَةُ) جو حاجت پورا کرنے کے لئے کافی ہو اور زائد نہ بچے (۳) جوتے کی ایک قسم۔
(التبلغة) ڈول باندھنے کی رسی (ج) تبالغ
(البُلوغ) عمر کی پختگی کمال۔
(المبلغ) انتہاء (بلغ مبلغ الرجال، بلغ مبلغ فلان) (۲) مال کی مقدار (مو)۔
(البَلْغَمُ) چار اخلاط جسم میں سے ایک بلغم (۲) ریزش (مج)۔
(بَلَقَ)السیلُ الاَحجارَ ـُ بَلْقًا و بُلُوقًا سیلاب کا پتھروں کو گرا دینا۔
—البابَ پورا دروازہ کھول دینا۔
(بَلِقَ) الفرسُ و نحوُہ ـَ بَلَقًا و بُلْقَةً گھوڑے کا چتکبرا ہونا هو ابلقُ هی بلقاءُ (ج) بُلْقٌ۔
—الرجلُ حیران و ششدر رہ جانا هو بَلِقٌ۔
(بَلُقَ)الفرسُ و نحوُہ ـُ بَلَقًا و بُلْقَةً بَلِقَ
(اَبْلَقَ)الفحلُ اونٹ کے بچوں کا چتکبرا ہونا
—البابَ دروازہ پورا کھول دینا۔
(بَلَّقَ)طهرَہ بالسَّوط کوڑے مار کر کمر کے ٹکڑے کر دینا۔
(انْبَلَقَ)البابُ دروازہ کھلنا۔
(ابْلَوْلَقَ)الوعه بَلَقَ
(البَلَقُ) گھوڑے کا اور رنگ چتکبرا
(بَلْقَعَ)البلدُ ویران ہونا
(البلقع) [illegible] مکانٌ بلقعٌ و طریقٌ

بلقعٌ) (ج) بلاقعُ حدیث شریف میں ہے
(الیمین الکاذبة تدعُ الدیار بلاقع)۔
(بَلَّ) من مَرَضِه ـِ بَلّاً و بَلَلاً و بُلُولاً
صحت یاب ہونا۔
—الریحُ بُلُولاً تر ہوا کا چلنا۔
—الشیٔ بالماء و نحوہٖ ـُ بَلّاً و بِلّةً وَبَلَلاً
و بَلالاً پانی وغیرہ سے تر کرنا۔
—فلاناً دینا' عطا کرنا۔
—رحِمه. صلہ رحمی کرنا۔
(بَلَّ) الرجُلُ ـَ بَلَلاً و بَلالَةً: چالاک و
ہوشیار ہونا ھو ابَلُّ۔
—بالامر: کامیاب ہونا۔
(ابَلَّ) العُودُ: لکڑی میں سے پانی نکلنا۔
—المریضُ: صحت یاب ہونا۔
—علیه. غالب آنا۔
—فلاناً: گھٹیا درجہ کی دشمنی کرنا (۲) اچانک
سامنے آنا۔
(بَلَّلَه) بالماءِ و نحوہٖ: پانی وغیرہ سے تر کرنا
(ابتَلَّ): تر ہونا۔
—فلانٌ: صحت یاب و تندرست ہونا (۲)
حالت کا اچھا ہونا۔
(تبَلَّلَ): تر ہونا۔
(البَالَّةُ) تری (۲) بھلائی۔
(البالُولُ): پانی۔
(البِلالُ): پانی (۲) جس چیز سے حلق تر کیا
جائے۔
(البُلالَةُ): تری۔
(البَلَّةُ): تری (۲) جوانی کا جوبن۔ (۳) فقر
کے بعد مالداری۔
—رِیحٌ بَلَّةٌ تری والی ہوا۔
—طواہُ علی بُلَّتِهٖ. عیب کے باوجود پسند کرنا۔
(البُلَّةُ): خیر (۲) عافیت (۳) زبان کی
سلاست وروانی۔
(البلیلةُ) گندم یا مکئی جسے پانی میں ابال کر کھایا
جائے (محدثہ)۔
(بَلِمَ)ـَ بَلَمَةٌ ہونٹ کا سوجنا۔
—الناقةُ اونٹنی کا جفتی کی خواہش کرنا۔

(ابْلَمَ) الرجلُ خاموش ہونا۔
شفةٌ ہونٹ سوجنا۔
الناقةُ جفتی کی خواہش کرنا۔
(بَلَّمَ) بمعنی ابْلَمَ۔
(الأبْلَمُ) موٹے ہونٹوں والا (۲) کھجور کا پتہ
(البِلامُ) گھوڑے کے منہ میں دیا جانے والا
لوہا۔
(البَلَمُ): بیوقوف (دیکھئے: انشوجةٌ)۔
(البَلّانُ) غسل خانہ (ج) بلانات (۲) حمام
میں کام کرنے والا (د)۔
(البَلّانَةُ): حمام میں کام کرنے والی۔
(البَلَنْطُ): سنگ مرمر جیسا پتھر' عمرو بن کلثوم کا
شعر ہے

وساریتی بلنطٍ او رُخامٍ
یرنّ خشاشُ حلیهما رنینا

(بَلِهَ) ـَ بَلَهاً و بَلاهَةً: عقل کمزور ہونا'
غفلت غالب ہونا۔ ھو ابْلَهُ ھی بَلْهاءُ۔
(ج) بُلْهٌ۔
(تبالَهَ): بے وقوف بننا۔
(تبَلَّهَ): بَلِهَ (۲) راستہ بھول جانا' بھٹک جانا۔
(الأبْلَهُ): عَیْشٌ ابْلَهُ: خوشگوار زندگی۔
—شباب ابْلَهُ: مست جوانی۔
(بَلْهَ): کبھی اسم فعل بمعنی دَعْ کے ہوتا ہے اس
صورت میں اس کا مابعد منصوب ہوگا کبھی مصدر
ہوتا ہے اس صورت میں اس کا مابعد مجرور ہوگا'
کبھی کیف کے معنی میں ہوتا ہے اس صورت
میں اس کا مابعد مرفوع ہوگا۔
(البُلْهِیَةُ): خوشگوار زندگی۔
(البلهارسیا): بلہارس کی طرف منسوب ایک
جرثومہ جو مثانہ وغیرہ میں پیدا ہوتا ہے یہ ایک
قسم کی بیماری ہے (مج)۔
(بَلٰی): حرف جواب' اس کے ذریعہ خاص طور
پر نفی کا جواب دیا جاتا ہے اور اس کو باطل کر دیتا
ہے چاہے وہ نفی استفہام کے ساتھ ہو یا بغیر
استفہام کے جیسے (زَعَمَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا اَنْ لَّنْ
یُّبْعَثُوْا قُلْ بَلٰی وَ رَبِّیْ لَتُبْعَثُنَّ) اور (اَلَمْ
یَاْتِکُمْ نَذِیْرٌ قَالُوْا بَلٰی قَدْجَآءَ نَا نَذِیْرٌ) اور

(اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ قَالُوْا بَلٰی)
(بَلاهُ)ـُ بَلْوًا و بَلاءً آزمانا قرآن مجید میں
ہے (وَنَبْلُوْکُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَیْرِ فِتْنَةً)
—السفر فلاناً وغیرہ سفر کا تھکا کر چکنا چور
کر دینا۔
(بَلِیَ) الثوبُ ـَ بِلیً وَبَلاءً کپڑے کا
بوسیدہ ہونا۔
—الدارُ و نحوها فنا ہو جانا۔
(ابْلٰی) فی الامرِ پوری کوشش کرنا۔
—فلاناً: آزمانا۔
—ابلاہُ عذراً اتنی معذرت کرنا کہ وہ راضی ہو
جائے۔
—الثوبَ: کپڑے کو پرانا کرنا۔
(بالٰی) فلاناً و به توجہ دینا۔
(بَلّٰی) الثوبَ و نحوہٗ کپڑے کو پرانا کرنا۔
—السفرُ فلاناً وغیرہ سفر کا تھکا کر چکنا چور
کر دینا۔
(ابتَلاہُ) آزمانا' امتحان لینا۔
(البَلاءُ) آزمائش (۲) غم وحزن (۳) سخت
کوشش۔
(البَلْوٰی) البلاءُ۔
(البَلِیُّ): بہت زیادہ بوسیدہ۔
(البلیّةُ) البلاءُ۔
—فی الجاھلیة وہ اونٹنی جس کا مالک فوت ہو
جائے تو اس کو مالک کی قبر پر باندھ دیا جائے
یہاں تک کہ وہ بھی مر جائے (ج) بَلایا۔

ب م

(البَمُّ) سارنگی کے تاروں میں سے ایک موٹا
تار اس کے مقابلہ میں "مثیران" ہے (مو)۔

ب ن ج

(بَنَّجَه) سن کرنا' بے ہوش کرنا (یہ البنج سے
ماخوذ ہے)۔
(البنج) بھنگ نشہ آور پودا (فصیلہ باذنجانیہ
سے ہے)۔
(البندُ) بڑا جھنڈا' علم (فارسی مع) (۲)
قانون دانوں کے ہاں اس کا اطلاق قانون

ایک دفعہ پر ہوتا ہے۔
(البُنْدَارُ) ذخیرہ اندوزی کرنے والا تاجر (ج) بنادرة (د)۔
(البَنْدَرُ) بندرگاہ (فارسی) (۲) ایسا بڑا شہر جو قریبی بستیوں کا مرکز ہو (مو)۔
(بَنْدَقَ) الشيَ بندوق بنانا۔
-الیہ گھور کر دیکھنا۔
(البُنْدُق) بیر جتنا ایک پھل (فصیلہ بتولیہ سے ہے) (۲) کارتوس۔
(البندقی) الذهب البندقی: سونے کی ایک قسم جو بندقیہ کی طرف منسوب ہے۔
(البندوقِیَّةُ) بندوق رائفل (۲) سیسہ کوٹنے کا لوہا۔
(البَنْدُوْلُ) گھڑی کا پنڈولم (مع)۔
(بَنْزَهِیْرُ) مصر میں اس کا اطلاق کھٹے لیموں پر ہوتا ہے اور یہ فارسی کلمہ ہے۔
(البِنزِیْنُ) پٹرول (مع)۔
(البنسلین) پنسلین (مع)۔
(البِنْصَرُ) کن انگلی (مونث) (ج) بناصِرُ۔
(البَنطُ) طباعت کے حروف کی موٹائی جاننے کا ایک یونٹ جیسے کہا جاتا ہے (حرف ذو اثنی عشر بنطاً) (۲) مصر کے کاروباری طبقہ کی اصطلاح میں ریال کا سواں حصہ (ج) بنوط (د)۔
(البنفسجُ) بنفشہ (فصیلہ بنفسجیہ سے ہے)۔
(بَنَقَ) عَمَلَهُ - بَنْقاً مسلسل کرتے رہنا۔
-الغرس ایک قطار میں پودے لگانا۔
-الشيَ بآخر ایک چیز کو دوسرے کی ساتھ ملانا۔
(بَنَّقَ) الشيَ مزین کرنا' محنت کر کے تیار کرنا جیسے (بَنَّقَ الکلامَ و الکتابةَ والکذبَ)۔
-القمیص گریبان لگانا۔
(البنیقة) ریشم وغیرہ کی مسلسل قطار (۲) گریبان۔
(بَنَّكَ) الخدمَ تم کے بھید ظاہر کرنا۔
(تَبَنَّكَ) رہائش پذیر ہونا۔
-فی عزّہٖ عزت قائم رہنا۔

(البَنْكُ) بنک (مع)۔
(بنکنوت) نوٹ' یہ چینیوں نے سب سے پہلے استعمال کئے (د)۔
(البنکام) پانی یا ریت کی گھڑی (مع)۔
(بَنَّ) بالمکان - بَنّاً قیام پذیر ہونا۔
-السحابةُ چند روز بارش برسانا۔
(بَنَّنَ) الماشیة چوپائے کو موٹا رکھنے کے لئے باندھ دینا۔
(البنانُ) انگلیوں کے پورے (اس کا واحد بنانةٌ ہے) (۲) پھولوں والا باغیچہ۔
(البِنُّ) چربی کی تہہ موٹے جانور کے بارے میں کہا جاتا ہے (تراکب جسمها بِنّاً علی بِنٍّ)۔
(البُنُّ) کافی۔
(البُنّي) سفید مچھلی جو دریائے نیل میں پائی جاتی ہے اس کی پشت زرد ہوتی ہے عوام الناس اسے باء کے کسرہ کے ساتھ پڑھتے ہیں (۲) براؤن رنگ۔
(بَنَى) الشيَ - بَنْیاً وبناءً و بُنیاناً دیواریں بنانا عمارت بنانا تعمیر کرنا۔ جیسے (بنی السفینةَ و بنی الخباءَ) یہ حسی اور معنوی دونوں بناوٹوں کے لئے استعمال ہوتا ہے جیسے بَنَی مجدہ' بنی الرجال شاعر کا قول ۔
یَبْنِي الرجالَ وغیرُہ یبنی القُرَی
شتّانَ بین قُرًی وبین رجالِ
-بَنَی الطعامُ جسْمَهُ کھانے نے اس کو فربہ کر دیا۔
-علی کلامه اس کے کلام کو نمونہ بنایا۔
-بزوجته و علیها اپنی بیوی سے جماع کرنا۔
-الکلمة مبنی کر دیا یعنی ایک حالت پر باقی رکھا۔
(أَبْنَی) فلاناً مکان تعمیر کروانا۔
-بزوجته دخول کرانا' صحبت کرانا' شرعی ملاقات کرانا۔
(ابتَنَی) بنی۔
-الرجل بیٹوں والا ہونا۔

(انبنی) لازم بنی۔
-علیه کذا ترتیب دینا۔
(تبنّی) الجسمُ جسم کا بڑھ جانا' گٹھ جانا۔
-فلاناً بیٹا بنانا۔
(استبنتِ) الدار مکان کا گر جانا اور تجدید کو طلب کرنا۔
(الابنُ) بیٹا (۲) پوتا (نیچے تک)۔
-ابن الحرب: بہادر۔
-ابن اللیل' ابن الطریق: چور۔
-ابن السبیل: زیادہ سفر کرنے والا (ج) أبناءٌ و بنونٌ اس کی طرف نسبت اِبْنِیٌّ و بَنَوِیٌّ ہے اور اس کی تصغیر بُنَیٌّ اور اُبَیْنٌ ہے۔
-ابن آوی: گیدڑ۔
-ابن عرس: نیولا۔
-ابن مخاض: اونٹ کا بچہ۔
-ابن لبون: اونٹ کا بچہ۔
(ج) بنات آوی و بنات عِرس' و بنات لبون و بنات مخاض۔
(الأبناءُ) جمع ابن (۲) اہل فارس کی وہ اولاد جو یمن میں مقیم ہوئے اور عرب میں شادیاں کیں۔
(ابْنَمٌ) ابنٌ میں ایک لغت' اس کے نون کی حرکت میم کی حرکت کے ساتھ ہوتی ہے۔
(البانیةُ) پسلی (۲) سینہ کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ کا حلقہ۔
-من البناء بنیاد اور اساس۔
من الدواب چوپائے کا ایک پاؤں (ج) بوان۔
-القی فلانٌ بوانیه کسی جگہ ٹھہرنا' رہائش پذیر ہونا۔
-القی البلد بوانیَه شہر کی نعمتوں اور آسائشوں سے نفع اٹھانا۔
(البناءُ) عمارت (ج) أبنیةٌ۔ (جج) أبنیاتٌ (۲) نحویوں کے ہاں عوامل کے اختلاف کے باوجود کلمہ کا ایک حالت پر باقی رہنا۔
(البِنایَةُ) عمارت سازی کا پیشہ (۲) عمارت
(البِنْتُ) بیٹی (ج) بنات اس کی طرف نسبت

بنیّ اور اِبنی ہے اور اس کی تصغیر بنیۃٌ آتی ہے۔
—بنات الصدر: غم۔
—بنات الدهر: زمانے کی سختیاں۔
—بنات نعش فی الفلک: ستاروں کے دو مجموعے ایک بڑا اور دوسرا چھوٹا ہوتا ہے۔
—بنات الارض: وہ جگہ جو چڑھاؤ ہے پر پوشیدہ ہو جائے۔
—بنات اللیل: فاحشہ عورتیں (محدثہ)۔
(البَنّاءُ) تعمیر ساز' عمارت سازی کا پیشہ ور۔
(البنّاؤن الاحرار) ایک خفیہ جماعت جس کا ایک اندرونی نظام ہے جس کے تحت وہ ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں اگر چہ ان کی اجناس' ملک اور دین مختلف ہی کیوں نہ ہوں ان کی ابتداء چودھویں صدی سے ہوئی تھی یہ ماسون ہیں اور ان کا مذہب ماسونیت ہے۔
(البنوّۃ): الابن کا مصدر۔
(البُنیانُ) عمارت' تعمیر۔
(البِنیۃُ) تعمیر' عمارت (ج) بِنیٌ۔
(البُنیۃُ) عمارت' تعمیر (ج) بُنیٌ (۲) عمارت کی ساخت۔
—بنیۃ الکلمۃ: صیغہ۔
—صحیح البنیۃ: عمدہ بناوٹ والا۔
(البَنِیَّۃُ) عمارت (۲) بیت اللہ۔
(البُنَیَّۃُ) بُنَیَّۃُ الطَّرِیقِ چھوٹا راستہ۔
(المَبْناۃُ) عمارت (۲) عیب (۳) وہ چادر یا چٹائی جس سے تاجر اپنا سامان لپیٹے۔
(المَبْنیٰ) عمارت (ج) المبانی۔
(حروف المبانی): حروف ہجائیہ جن سے کلمہ بنایا جائے اور ان میں سے کسی حرف کا معنی مستقل نہ ہو۔

ب .... ہ

(بَھَأَ) بہ — بَھْأً و بُھُوْءً ا: مانوس ہونا' قرب اچھا لگنا۔
(بَھِیَ) بہ — بَھْأً و بَھاءً: مانوس ہونا' خوش ہونا۔
(البھائیّۃُ) مرزا حسین (جس کا لقب بہاء اللہ ہے) کی طرف منسوب ایک فرقہ جس کے

اخلاق اور عادات میں یہی رنگ پایا جاتا ہے (ح)۔
(بَھَتَہ) الشیءُ — بَھْتاً: حیران وششدر کر دینا فلاناً بَھْتاً و بَھْتۃً و بُھْتاناً: بہتان لگانا حدیث غیبت میں ہے (وان لم یکن فیہ ماتقول فقد بَھَتَّہ) ھُوَ بَھُوْتٌ (ج) بُھُتٌ ھو بَھّاتٌ ایضاً۔
(بَھِتَ) الرجلُ — بَھَتاً: دلیل سے مغلوب ہو کر رنگ پھیکا پڑ جانا۔
اللون: رنگ پھیکا ہو جانا جیسے ثوبٌ باھِتٌ ولَونٌ باھِتٌ۔
(بُھِتَ) الرجلُ: دلیل سے مغلوب ہو کر حیران رہ جانا' جیسے قرآن مجید میں ﴿فَبُھِتَ الَّذِیْ کَفَرَ﴾
(بَاھَتَ) فلاناً: منہ پر بہتان لگانا۔
(فلانٌ یباحث فیباھِتُ)۔
(تَباھَتَ) القوم: ایک دوسرے پر جھوٹی تہمتیں لگانا۔
(البھتُ و البھتانُ) گھڑا ہوا جھوٹ۔
(البھیتۃُ) البھتانُ (ج) بھائت (انّہ یرمی الناس ببھائتِہ)۔
(بَھْتَرَ) بَھْتَرَۃً: جھوٹ بولنا۔
(بَھَشَ) الیہ — بَھْشاً: خندہ پیشانی سے ملنا۔
(تَباھَشَ) الیہ: خندہ پیشانی سے ملنا۔
(البھشۃُ) خندہ پیشانی (۲) وحشی گائے۔
(بَھَجَہ) الشیءُ — بَھْجاً: بے انتہا خوشی دینا۔
(بَھِجَ) الشیءُ — بمھجا و بَھْجَۃً: خوبصورت اور تروتازہ ہونا۔
—فلانٌ: خوش ہونا بَھِجَ بہ' بَھِجَ لَہٗ ھُوَ بَھِجٌ و بَھِیْجٌ قرآن مجید میں ﴿وَتَرَی الْاَرْضَ ھَامِدَۃً فَاِذَا اَنْزَلْنَا عَلَیْھَا الْمَآءَ اھْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْبَتَتْ مِنْ کُلِّ زَوْجٍ بَھِیْجٍ﴾
(اَبْھَجَتِ) الارضُ: پیداوار کا اچھا ہونا۔
—فلاناً: خوش کرنا۔
باھَجَہ: دل لگی کرنا' خوش ہونا (۲) خوبصورتی میں مقابلہ کرنا (باھجت المرأۃ تربھا)۔

(بَھَّجَ) الشیءَ: حسین و جمیل بنانا۔
(اِبْتَھَجَ) بالشیءِ و لَہٗ: بے پناہ خوشی ہونا۔
(تَباھَجَ) الروضُ: باغیچہ کا خوشبودار اور سرسبز ہونا۔
شاعر کا قول
تَذارُہٗ مُتباھِجٌ یَتَوھَّجُ
—بفلان: خندہ پیشانی سے ملنا
(استبھَجَ) بہ: خوش ہونا۔
(المبھاج) تروتازہ اور خوش آدمی ھی مبھاج۔
(بَھْدَلَ) فی مشیہ: تیز چلنا (۲) لپنا۔
(البَھْدَلُ): بجو کا بچہ (۲) ہرا پرندہ۔
(البَھْدَلۃُ): پستان کی جڑ (۲) ہنسلی سے اوپر کا گوشت۔
(بَھَرَہ) — بَھْراً و بُھُوراً: اتنا تھکانا کہ سانس چڑھ جائے (بَھَرَہ الامرُ)۔
—الاناءَ: بھر دینا۔
—الشیءُ فلاناً: حیران اور مدہوش کرنا (۲) غالب آنا۔
—القمرُ النجومَ: چاند نے ستاروں کو چھپا دیا۔
—الشمسُ الارضَ: سورج نے زمین کو روشن کر دیا۔
—فلانۃ النساءَ: وہ حسن میں آگے بڑھ گئی۔
—فلانٌ نظراءَہٗ: اپنے ہم نشینوں سے سبقت لے گیا۔
(بُھِرَ): تھکاوٹ کی وجہ سے سانس نہ آنا ھو مبھورٌ و بھیرٌ۔
(اَبْھَرَ): دن کا درمیان ہو جانا (۲) شریف النفس اور معزز خاتون سے شادی کرنا (۳) عجیب کام کرنا (۴) اخلاق میں رنگ بدلنا (۵) فقر کے بعد مالدار ہونا۔
(باھَرَہ) مُباھَرَۃً و بِھاراً: فخر کرنا۔
(ابتَھَرَ) سانس چڑھنا (۲) جھوٹا دعویٰ کرنا۔
—فی الشیءِ: پوری کوشش کرنا' زور صرف کرنا۔
(انبَھَرَ) لازم بَھَرَہ۔
(تبھّرَ) روشن کرنا۔

-الاناء بھرنا۔

(اَبْہَارٌ) النھارُ او اللیلُ دن یا رات کا نصف ہونا۔

-علینا اللیل۔ رات کا لمبا ہونا۔

(الابھَرُ) وہ عمدہ زمین جس پر سیلاب نہ آتا ہو

(الابھَرَان) وہ دو رگیں جو تمام رگوں سے خون کو دل میں لاتی ہیں۔

(البَھَارُ) ہر خوبصورت وروشن چیز (۲) گھوڑے کے سینہ کی سفیدی۔

(۳) ایک خوشبودار پھول جو مرکبات انبوبیہ کی فصیل سے ہے بہار کے موسم میں اگتا ہے اسے "عَرَار" کہتے ہیں۔

(البُھَارُ) بوجھ (۲) لوٹے جیسا برتن جگ (۳) ابابیل (۴) فصیلہ فرضیہ کی ایک مچھلی۔

(اَلْبُھْرُ) بھرًا لہ وہ ہلاک و برباد ہو جائے (۲) واہ اس کے کیا کہنے!۔

(البُھْرُ) سانس چڑھنا (۲) زمین کی کشادگی۔

-لیلة البھر جس رات میں چاند کی روشنی ستاروں پر غالب رہے۔

(البُھْرَةُ) [illegible] علی الاعلان (فَعَلَ ذلك بُھْرَةً)۔

(البُھْرَةُ) چیز کا درمیان (۲) شیعوں کا اسماعیلی فرقہ جو بھارت کے مغرب اور پاکستان [illegible] ہے۔

(البھیرةُ) [illegible] معزز عورت جیسے فلانةٌ بَھیرةٌ مھیرة

(بَھْرَج) [illegible]

[illegible] مبھرج [illegible] استعمال کا پانی۔

دم مبھرج جس خون پر [illegible]

مکان مبھرج [illegible] داخل [illegible]

[illegible]

فلانا کسی کی ذمہ داری کو ختم کرنا۔

[illegible] کا قول

اما اذ بھرجتنی فلا اشربھا۔

الکلاء وغیرہ ھوٹ [illegible] (۲) [illegible]

[illegible]

(تَبَھْرَجَ) مباح ہونا۔

(اَلْبَھْرَجُ) مباح، رفائی (۲) باطل۔

(بَھْرَمَ) الشیَ مہندی وغیرہ سے رنگنا۔

(تَبَھْرَمَ) مہندی کے رنگ میں رنگا جانا۔

(بھرام) مریخ (مح)۔

(اَلْبَھْرَمُ) مہندی۔

-لونٌ بھرَ مَانِیٌّ مہندی کا رنگ۔

(بَھَزَہٗ)-بَھْزًا سینہ پر مارنا اور زور سے دھکا دینا (۲) ہٹانا۔

(اَبْھَزَہٗ) بَھَزَہٗ۔

(بَاھَزَہٗ) سبقت لے جانا۔

(تَبَھْزَتُ) اشیاءً کثیرًا میں نے بہت سے کام کئے۔

(بَھَسَ)- بَھْسًا بہادر وجری ہونا۔

(تَبَیْھَسَ) اکڑ کر چلنا۔

(البَھْسُ) سیب کی طرح کا ایک پھل۔

(البَیْھَسُ) شیر (۲) بہادر (۳) اکڑ کر چلنے والا (رَجُلٌ بَیْھَسٌ وامراةٌ بَیْھَسٌ) (ج) بیاھس۔

(البَیْھَسِیَّةُ) ایک خارجی فرقہ جو ابو بیھس بن ھیصم بن جابر کی طرف منسوب ہے یہ کہتے ہیں کہ ایمان باللہ اور نبی کریم ﷺ کی تعلیمات کا اقرار اور علم کا نام ہے۔

(بَھَشَ)- بَھْشًا ہنسنے کے لئے تیار ہونا۔

-الی الشیِ و بہ خوش ہونا شوق سے جانا۔

-عنہ تلاش کرنا۔

(اِنْتَھَشَ) خوش ہونا۔

(تَبَاھَشَ) الرجلان ایک دوسرے کی پیشانی پکڑنا۔

-بعضًا و نحوھا انگلی مارنے [illegible]

[illegible]

(البَھْشُ) [illegible] (۲) سیب جیسا ایک پھل۔

(بَھِصَ) بَھَصًا [illegible] ہونا ھو بَھِصٌ۔

(اَبْھَصَہٗ) [illegible]

(بَھْصَلَ) الرجلُ مال سے خالی کرنا۔

(تَبَھْصَلَ) ننگا ہونا (۲) [illegible]

جوئے میں لگا دینا۔

(بَھَضَہٗ) الحِمْلُ - بَھْضًا بوجھ کا ناقابل برداشت ہونا (بَھَضَہ الامرُ)۔

(اَبْھَضَہٗ) الحِمْلُ بوجھ کا ناقابل برداشت ہونا۔

(اَلْمَبْھُوْضُ) مشقت والے کام کا مکلف بنانا (۲) مغلوب۔

(بَھَظَ) بَھَظَ۔

(بَھَظَہٗ)- بَھْظًا بوجھ کا ناقابل برداشت ہونا

-قِرْنَہٗ ساتھی پر غالب آنا۔

(اَبْھَظَہٗ) الحِمْلُ بوجھ کا ناقابل برداشت ہونا

-حَوْضَہٗ تالاب کو بھرنا۔

(الباھظ) من الامور مشکل کام (ج) بواھظ۔

(الباھظةُ) مونث الباھظ (۲) مصیبت (ج) بواھظ۔

(بَھِقَ)- بَھَقًا جلد کا سفید دھبوں والی ہونا جذام ہونا ھو اَبْھَقُ وھی بَھْقَاءُ (ج) بُھْقٌ۔

(اَبْھَاقٌ) ایک بیماری جس میں جسم پر سفید دھبے پڑ جاتے ہیں، جذام (ج)۔

(اَلْبَھَقُ) البُھَاقُ (ج)۔

(تَبَھْکَنَتِ) المرأة فی مشیتھا بھاری قدموں سے چلنا۔

(اَلْبَھْکَنُ) بھرپور جوانی۔

وامراةٌ بَھْکَنَةٌ نازک اندام عورت۔

(بَھَلَہٗ)- بَھْلًا مہلت دینا۔

-الناقةَ چرنے کے لئے اونٹ کو چھوڑ دینا۔

(۲) آزاد چھوڑنا (بَھَلَ الرجلُ فَتَاہُ)۔

(۳) لعنت کرنا حدیث ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ میں ہے (من ولی من امور الناس شیئاً فلم یعطھم کتاب اللہ فعلیہ بھلة اللہ)

(بَھِلَ)- بَھَلًا بیکار رہنا (۲) اختیار سے خالی ہونا۔

-المرأةُ عورت کا اپنا شوہر سے [illegible] سے الگ ہونا ھی باھلٌ و باھلة۔

(اَبْھَلَہٗ) بھلہ [illegible] الراعی [illegible] ھم مبھلون۔

-الارض زمین میں بیج بونے کے بعد پانی چھوڑنا۔
(باھَلَ) بعضھم بعضاً لوگوں کا جمع ہوکر یہ دعوت دینا کہ جو حق پر نہ ہو وہ اپنے لئے اللہ کی لعنت طلب کرے حضرت ابن عباس کی حدیث میں ہے (مَنْ شاءَ باھلته ان الحق معي)۔
(ابتَھَلَ) الی اللّٰه: دعا میں عاجزی اور کوشش کرنا۔
-القوم باھَلَ: قرآن مجید میں ہے: ﴿ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَعْنَةَ اللهِ عَلَى الْكَاذِبِيْنَ﴾
(تباھَلَ) القومُ: مباہلہ کرنا۔
(تبھّلَ) القومُ: مباہلہ کرنا۔
(اِستَبھَلَه): بَھَلَه۔
(ابھَلُ): ایک قسم کا چھوٹا درخت۔
(اَبْھَلُ): آزاد جس کی نگرانی نہ ہو (۲) حقیر بے وقار۔
-سارت علی البھل: شرم وحیا کی حدود سے تجاوز کرنا۔
(البُھْلُولُ): عمدہ صفات کا حامل سردار (۲) مسخرہ ہنسانے والا (کامیڈین)؛ (ج) البھالیل۔
(البُھْلُوان): رسّی پر چل کر کرتب دکھانے والا (مع)۔
(اَبْھَمَ) الامرُ: پوشیدہ اور مشکل ہونا۔
-الامرَ: پوشیدہ اور مشکل بنادینا۔
-القفلَ و نحوہ: تالا لگادینا جس کے کھولنے کی صورت نہ ہو۔
-فلاناً عن الامر: ہٹانا۔
(تبَھَّمَ) علیه الامرُ: پوشیدہ و مشکل ہونا۔
(اِستَبْھَمَ) فلانٌ: کسی کے لئے کوئی بات غیر واضح ہونا۔
الامرُ: پیچیدہ و مشکل ہونا۔
علیه الکلام کلام کا پیچیدہ ہونا۔
(الابھام). انگوٹھا (مونث و مذکر) (ج) اباھیم۔
(الاَبْھَمُ) خاموش کیا ہوا (۲) گونگا (ج) بُھْمٌ۔

(البَھْمَةُ) بکری یا بھیڑ کا بچہ (مذکر و مونث) (ج) بَھْمٌ و بِھَامٌ۔
(البُھْمَةُ) پتھر کی چکنی چٹان۔ (۲) دشوار ترین معاملہ (۳) ایسا بہادر جس کی بہادری اس کے مقابل سے پوشیدہ ہو۔
من اللیالی وہ رات جس میں چاند طلوع نہ ہو (ج) بُھَمٌ
(البھیمُ) سیاہ رنگ۔
لَیْلٌ بھیمٌ وہ رات جس میں صبح تک روشنی نہ ہو کہاوت ہے: (لَا اَغَرُّ ولا بھیمٌ) حیران و تھکے ماندہ شخص کے لئے۔
-من الالوان. یکساں رنگ جس میں کوئی دھبا نہ ہو۔
-من الصوت: یکساں آواز جس میں اونچ نیچ نہ ہو (ج) بُھُمٌ و بُھْمٌ۔
(البھیمةُ): چوپایہ خواہ بری ہو یا بحری (درندوں کے علاوہ) (ج) بَھَائِمُ۔
(المُبْھَمُ): مغلق پوشیدہ مبہم جس کا ادراک اور فہم دشوار ہو۔
-من الاشیاء: ایسی صاف چیز جس میں کوئی داغ نہ ہو۔
-من الاجسام خاموش کردہ۔
-من الکلام ایسا مغلق کلام جس سے مقصود حاصل نہ ہو۔ (لفاظی)
(المبھمةُ) اسماء مبھمة جو کہ نحویوں کے نزدیک یہ ہیں اسمائے اشارہ اسمائے موصول ضمائر یہ سب معرفہ ہوتے ہیں جن کے بذات خود کوئی معنی نہیں ہوتے۔
(البَھْنَانَةُ) نازک وخوش مزاج عورت شاعر کا قول ہے
"بَھنانَة تستعیر القومَ اعینھم"
(بَھْنَسَ) فی مشیه اترا کر چلنا۔
(تبَھْنَسَ) فی مشیه اترا کر چلنا اکڑ کر چلنا۔
(البَھْنَسُ): شیر (ج) بَھَانِسُ۔
(بَھَا) الشئُ - بَھَاءً و بَھَاءَةً حسین وجمیل ہونا۔

فلاناً فی کذا فوقیت لے جانا۔
(بَھِیَ) - بَھًا و بَھَاءً و بَھَاءَةً بَھًا ھو بَهٍ ھی بَھِیَةٌ۔
البیتُ و نحوہ خالی ہونا ھو باهٍ۔
(بَھُوَ) - بَھَاءً و بَھَاءَةً بَھًا۔
ھو بَھِیٌّ (ج) اَبْھِیَاءُ ھی بَھِیَّةٌ (ج) بَھَایَا۔
-المکانُ وسیع ہونا۔
(اَبْھَی) حسین وجمیل ہونا۔
-الشئَ خالی کرنا (ابھی البیتَ ابھی الاناءَ وابھی الخَیْلَ)۔
(باھَاہ) فخر کرنا۔
(بَھَّی) البَھْوَ گھر بنانا یا کشادہ کرنا۔
(ابتَھَی) فخر کرنا۔
(تباھَی) القومُ باہم فخر کرنا۔
(البَھْوُ) ہر چیز سے کشادہ (ھو فی بھو من العیش) (۲) ڈیوڑھی (۳) مہمانوں کے استقبال کا کمرہ (محدثہ) (ج) اَبْھَاءٌ۔
(البَھَا و البَھَاءُ) خوبصورتی (۲) شاندار منظر (۳) جھاگ کی چمک۔

ب ...... و

(باءَ) بالشئ وَاِلَیه - بَوْءًا و بَوَاءً لوٹنا قرآن مجید میں ہے ﴿وباءُوْا بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ﴾ باءَ به و الیه بھی کہتے ہیں۔
بما علیه برداشت کرنا (۲) اعتراف کرنا قرآن مجید میں ہے: ﴿اِنِّیْ اُرِیْدُ اَنْ تَبُوْءَ بِاِثْمِیْ وَ اِثْمِكَ﴾۔
فلانٌ بفلانٍ کسی کے بدلہ میں قتل کیا جانا (باءَ دَمُه بدَمِ فُلَانٍ)۔
(اَبَاءَ) الشئَ لوٹانا۔
-فلاناً منزلَه جگہ دینا ٹھہرانا۔
-فلاناً اقرار پر ابھارنا۔
-فلاناً بفلانٍ کسی کے ذریعہ قتل کروانا۔
(بَاوَأَہ) خون برابر ہونا۔
-فلاناً بفلانٍ: کسی کے بدلہ میں قتل کرنا۔
(بَوَّأَ) الرجُلَ شادی کرنا۔
-فلاناً منزلاً وفیه ٹھکانہ دینا قرآن مجید میں ہے ﴿وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوْا

الصّالحاتِ لَنُبَوِّئَنّهُم مِنَ الجَنّةِ غُرَفًا﴾
—المنزلَ له مکان تیار کرنا۔
—الرّمحَ و نحوہ. نیزہ وغیرہ تاننا۔
(تَبَاوَأَ)القتیلان فی القصاص: قصاص میں برابر ہونا۔
(تَبَوَّأَ) المکانَ وبہ. ٹھہرنا' قیام پذیر ہونا قرآن مجید میں ہے ﴿والَّذِینَ تَبَوَّؤُا الدّارَ والْإیمانَ﴾۔
(استباءَ)المکانَ: قیام پذیر ہونا۔
—فلاناً بفلان: کسی کے بدلہ میں قتل کرنا۔
(الباءُ). نکاح (۲) جماع۔
(الباءَۃُ) نکاح (۲) جماع حدیث شریف میں ہے (من استطاع منکم الباءۃَ فَلْیَتَزَوَّج) (۳) ٹھکانہ' رہائش۔
(اَلْبَوَاءُ) برابر' ہم پلہ۔
—فلانٌ بواءُ فلانٍ: قصاص میں برابر ہونا۔
—فاجابوا عن بواءٍ واحدٍ: یک زبان ہوکر جواب دینا۔
(اَلْبِیئَۃُ) مکان' رہائش (۲) حالت' بیئۃٌ طبیعۃٌ' بیئۃٌ اجتماعیۃٌ' بیئۃٌ سیاھیۃٌ۔
(المَبَاءَۃُ) ٹھکانہ۔
—رحیب المباءۃ سخی وفیاض۔
(بَابَ) لہ ـُ بَوْبًا دربان بننا۔
(بَوَّبَ)الباب. دروازہ بنانا۔
—الکتابَ و نحوہ باب در باب کرنا۔
(تَبَوَّبَ) لازم بَوَّبَہ۔
—بَوّابًا دربان بنانا۔
(البابُ) دروازہ (۲) وہ لکڑی جس سے دروازہ بند کیا جائے۔
—من الکتاب کتاب کا ایک حصہ جس میں ایک ہی جنس کے مسائل ذکر کیے جائیں (ھذا من باب کذا) (ج) ابواب و بیبان۔
(البابیّ) نسبۃ الی الباب۔
—الورید البابی ایک بڑی رگ جس میں خون جمع ہوتا ہے (مح)۔
(البابیّۃُ) بجوبہ (۲) ایک مسلم بدعتی فرقہ جو فارس میں تیرھویں صدی ہجری میں ظاہر ہوا
الباب مرزا علی محمد کی طرف منسوب ہے۔
(البِوَابَۃُ): دربانی۔
(البوّاب): دربان (۲) معدہ کا منہ۔
(البوّابۃ): بڑا دروازہ جیسے پھاٹک (مو)۔
(البوتاسیم): پوٹاشیم (مج)۔
(البُوتَقَۃُ): وہ برتن جس میں چاندی وغیرہ پگھلائی جائے (مع)۔
(باثَہ) ـُ بَوْثًا تلاش کرنا (باث عنہ) (۲) بکھیرنا' پھیلانا۔
—التراب: مٹی نکالنا۔
—المکانَ: گڑھا کھود کر مٹی ڈالنا۔
(اباثَہ): تلاش کرنا (اباث عنہ)۔
(ابتاثَہ): تلاش کرنا (ابتاث عنہ)۔
(استباثَہ): نکلوانا۔
—فلاناً: دل کی بات اگلوانا۔
(باجَ)البرقُ ـُ بَوْجًا و بَوَجَانًا: چمکنا (۲) مسلسل چمکتے رہنا۔
—فلانٌ چہرہ چمکنا' چہرہ پر رونق آنا (۲) چیخنا ھو بائجٌ و بَوّاجٌ (۳) تھکن سے چور چور ہونا۔
—فلاناً بائجۃ مصیبت نازل ہونا۔
—الشرُّ الناسَ. لوگوں پر آفت آنا (باجَھم الدھرُ بشرِّہ)۔
(بَوَّجَ)البرقُ باجَ۔
—فلانٌ: چیخنا۔
(انباجَ)البرقُ باجَ۔
—البائجۃُ مصیبت نازل ہونا (انباجت علیھم البوائجُ)۔
(تبوّجَ)البرقُ باجَ۔
(البائجُ) ران کے اندر کی ایک رگ (۲) سارے جسم میں پھیلی ہوئی رگ۔
(البائجۃُ) مونث البائج (۲) کشادہ ریت کا میدان (۳) مصیبت۔
(ج)بوائج۔
(الباج): سیدھا راستہ۔
جعل الکلام باجاً واحداً. ایک ہی طرح کا کلام۔
—والناس باجٌ واحدٌ لوگ برابر ہیں (ج)
ابواج۔
(باحَ)ـُ بَوْحًا ظاہر ہونا۔
—فلانٌ بالسرِّ: راز ظاہر کرنا ھو بائحٌ و بَئُوحٌ
—خصمَہ: پچھاڑنا۔
(اباحَہ): ظاہر کرنا (۲) حلال کرنا' مطلق کرنا (اباحہ الشئَ)۔
(استباحہ) مباح سمجھنا (۲) جڑ سے اکھیڑنا۔
(الاباحۃُ): علمائے اصول کے نزدیک ایسا حکم جس میں کرنے یا نہ کرنے کا اختیار ہو۔
(الاباحیّۃُ): قانون اور اخلاق کی پابندیوں سے آزاد ہونا (۲) ایک فرقہ جو بندہ کو ممنوعہ امور سے بچنے اور مامور بہ امور کے بجالانے کے قابل نہیں سمجھتا اور انفرادی ملکیت کا انکار کرتا ہے اور تمام لوگوں کو مال وغیرہ میں برابر شریک سمجھتا ہے (محدثہ)۔
(الباحۃُ) میدان (۲) کھجوروں کے بہت سے درخت۔
—باحۃ الماء بہت زیادہ پانی (ج) بُوح۔
(باخَ) ـُ بَوْخًا و بُؤُوخًا و بَوَخَانًا سرد پڑنا' سست ہونا' ہلکا ہونا (باخت النارُ' باخت الحرُّ' والغضبُ' والحمّی والحربُ)۔
—فلانٌ: تھکن سے چور چور ہونا (۲) غصہ کم ہونا۔
—اللحمُ وغیرہُ گوشت خراب ہونا۔
(اباخَ)النارَ و نحوَھا آگ کو بجھانا۔
—الفتنۃ والحرب فتنہ ولڑائی کو ختم کرنا۔
—عن نفسہ من الظھرۃ تھوڑی دیر ٹھہرنا یہاں تک کہ گرمی کم ہوجائے۔
(البَوْخُ) اختلاط (۲) مصیبت (ھُمْ فی بوخٍ فی امرِھم)۔
(البَوْدَقَۃُ) وہ برتن جس میں چاندی وغیرہ پگھلائی جائے۔
(البُوذِیَّۃُ) بدھ مذہب جسے ہندوستان میں گوتم بدھ (۴۸۳ق م-۵۶۳ق م) نے رواج دیا یہ آج کل چین' ہندوستان' جاپان' برما اور سری لنکا وغیرہ میں رائج ہے۔

(بَارَ) الشیئُ ـُـ بَوْرًا و بَوَرًا: ہلاک ہونا (۲) ٹھیک ہوجانا، مندا ہونا۔
-الارضُ: زمین آباد نہ کرنا (۲) ایک سال کے لئے چھوڑ دینا تاکہ اگلے سال کاشت کاری کی جاسکے۔
-بار العمل: کام کے مقصود کا حاصل نہ ہونا۔
ہو بائِرٌ (ج) بُوْرٌ و بُوْرٌ۔
الشیئَ بَوْرًا: آزمانا۔
(ابارَہ) ہلاک کرنا (۲) ٹھیک کردینا۔
(اتبارَہ) بارَہ۔
(الباریاء): چٹائی (فارسی معرب)۔
(الباریّ): چٹائی۔
(الباریّة): چٹائی۔
(البوار): وہ زمین جس میں زراعت نہ کی جائے (۲) وہ زمین جسے اگلے سال کاشت کرنے کے لئے اس سال چھوڑ دیا جائے۔
(البُوْرُ): ایسا برا جس میں کوئی بھلائی نہ ہو (۲) غیر مزروعہ زمین۔
(البوریّ): چٹائی (۲) ایک مچھلی جو بعورہ کی طرف منسوب ہے جو کہ مصر کی ایک بستی ہے اور تنس اور دیاط کے درمیان واقع ہے۔
(البُوْرَقُ): سوڈا، سہاگا (مع)۔
(بَازَ) ـُـ بَوْزًا: ایک مکان سے دوسرے کی طرف منتقل ہونا۔
(البازُ): باز ایک شکاری پرندہ (ج) ابوازٌ و بیزانٌ۔
(البُوْزُ): منہ اور اس کے ارد گرد کا حصہ (ج) ابوازٌ (د)۔
(بَاسَہ) ـُـ بَوْسًا: بوسہ لینا (فارسی معرب)۔
(بَاشَ) الرجلُ ـُـ بَوْشًا: شور شرابے میں شریک ہونا۔
-القومُ: لوگوں کا جمع ہو کر شور وغل کرنا۔
-الشیئُ: ایک چیز کو دوسری کے ساتھ ملانا۔
(بَاوَشَہ) اشارہ کرنا۔
(بَوَّشُوا) بہت سے لوگوں کا ہنگامہ کرنا۔
(انباش) من کذا نفرت کرنا اور دور ہٹنا۔
(تباوشا) باہم مل کر شور کرنا۔

(تبَوَّشُوا): بَوَّشُوا۔
(البَوْشُ) لوگوں کا بے ترتیب مجمع (۲) شور وغل (ج) ابواشٌ، اَوْبَاشٌ۔
(البَوْشِیُّ - البُوْشِیُّ): زیادہ اہل وعیال والا فقیر (۲) خستہ حال آدمی۔
(بَاصَ) ـُـ بَوْصًا: دور ہونا اور پہنچنے میں مشقت اٹھانا۔
-فلانٌ: بھاگنا اور چھپنا۔
-فی السیر: بہت زیادہ آگے بڑھ جانا۔
-فلانًا و نحوَہ: سبقت لے جانا (۲) عجلت کرنا اور سوچنے کا موقع نہ دینا۔
(بَوَّصَ): صاف رنگت والا ہونا۔
-الفرسُ: ریس کے میدان میں آگے نکل جانا۔
(انباصَ): منقبض ہونا، سکڑنا۔
(استباصَ): سبقت لے جانا۔
(البَوْصُ): رنگ روپ، حلیہ (ج) ابواصٌ۔
(البُوْصُ): البوص (۲) زحل۔
(فصیلہ نخیلیہ سے ہے) (ج) ابواص۔
(البُوْصِیُّ): ایک طرح کی کشتی (مع)۔
(بَاصَ) ـُـ بَوْصًا: چھائیوں کے بعد چہرہ کا اچھا ہونا۔
-بالمکان: ٹھہرنا، قیام پذیر ہونا۔
(بَاطَ) ـُـ بَوْطًا: عزت کے بعد ذلیل ہونا۔
(۲) مالداری کے بعد فقیر ہونا۔
(بُوط): جو ہڑوں میں ہمیشہ کھڑی رہنے والی ایک گھاس۔
(بَاعَ) الرجلُ ـُـ بَوْعًا: دونوں ہاتھ پھیلانا۔
-بمالہ خوب خرچ کرنا۔
-فی سیرہ: بڑے بڑے قدم رکھنا۔
-الشیئَ: دونوں ہاتھوں سے ناپنا۔
-الطریقَ: بڑے اور تیز قدموں سے راستہ طے کرنا۔ ہو بائعٌ (ج) باعةٌ و ہو بَیِّعٌ۔
(بَوَّعَ) فی سیرہ: لمبے ڈگ بھر کر چلنا۔
(انباعَ) پھیلنا۔
-الحیّةُ: سانپ کا حملہ کرنے کے لئے جسم کو پھیلانا۔

-الرجُلُ حملہ کرنا۔
-المقاتل فی الصف: حملہ کے لئے صف سے نکلنا۔
-لہ فی السلعة رعایت کر کے بیچنا۔
-الماءُ و نحوہ: پانی ٹپکنا۔
(تبَوَّعَ) پھیلنا۔
-الرجُلُ دونوں بازو پھیلانا۔
-للخیر: بھلائی کے لئے تیار ہونا۔
-فی مشیہ: لمبے قدموں کے ذریعہ چلنا، کہا جاتا ہے (فلانٌ مایُدْرِكُ تبَوُّعَہ) فلاں کی رفتار کو نہیں پہنچا جاسکتا۔
(البائع): ہرن کا بچہ جب لمبے ڈگ بھر کر چلے (ج) بُوَّعٌ و بوائع۔
(الباعُ): دونوں ہاتوں کا درمیانی فاصلہ جب انہیں پھیلایا جائے۔
-فلانٌ طویل الباع طویل جسم والا۔
-طویل الباع فی کذا انتہاء کو پہنچا ہوا (ج) ابواع۔
(الباعةُ): باعة الدار گھر کا صحن۔
(البُوْعُ): صحن (ج) ابواعٌ۔
(البُوْعُ): صحن (۲) وہ ہڈی جو انگوٹھے کے ساتھ ملی ہوئی ہو (ج) اَبْواعٌ۔
(البَوَّاعُ): صفت ہے مبالغہ کے لئے۔
-جمل بوّاع بڑا اونٹ۔
(ابَاعَ) علی فلان بغاوت کرنا۔
(تبَوَّعَ) مشتعل ہونا، بھڑکنا جیسے (تبوّع بہ الدم فقتلہ)۔
-الشرُّ: فتنہ پھیلنا۔
-بخصمہ: مقابل پر غالب آنا۔
(البوغاءُ) گرد، مٹی (۲) خوشبودار مٹی۔
-من الناس بیوقوف اور نچلے درجہ کے لوگ۔
-من الطیب: خوشبو۔
(بَاقَ) ـُـ بَوْقًا و بُوُوْقًا: خراب و ضائع ہونا (۲) غائب ہونا۔
-السفینةُ کشتی ڈوبنا۔
-الرجُلُ جھوٹ بولنا (۲) فتنہ اور برائیاں کھڑی کرنا۔

-بفلان غائب ہونے کے بعد کسی کو نظر آنا۔
-الداهيةُ فلاناً مصیبت پڑنا (باقت به)۔
-فلاناً و عليه دھوکہ دینا۔
باقُوا عليه اکٹھے ہو کر قتلنا مار ڈالنا۔
-الشئَ چوری کرنا۔
(بَوَّقَ) في البوق بگل بجانا۔
-الكلام مزین کرنا۔
(انْبَاقَ) زور و شدت سے آنا (انباق عليهم الدهرُ)۔
-بفلان ظلم کرنا زیادتی کرنا۔
(تَبَوَّقَ) الوباءُ في الماشية چوپایوں میں وبا پھیلنا۔
-الرجلُ جھوٹ گھڑنا۔
(البائق) من المتاع معمولی سامان۔
(البَائِقَةُ) مصیبت (۲) فتنہ برائی (ج) بوائِقُ
(الباقة) پیاز کی گٹھی (مع)۔
(البُوَقُ) من كل شيٍ ہر چیز سے زیادہ سخت۔
-هذا بوق من المطر یہ بارش سے بھی زیادہ سخت ہے۔
(البُوْقُ) بگل (هو بوق لِفلان) وہ فلاں کا حامی و ۔۔۔ ہے۔ (۲) باطل اور جھوٹ (۳) جو راز نہ چھپا سکے
(ج) ابواق و بيقانٌ۔
(البُوقَةُ) تیز ۔۔۔ بارش۔
(۲) البوق (ج) بُوَقٌ و بُوقاتٌ۔
(البَوَّاق) بگل ۔۔۔
(بَاكَ) الحمارُ بَوْكًا و بُؤُوكًا ۔۔۔
-الأمرُ معاملہ کا مشتبہ ۔۔۔
-فلاناً بَوْكًا ۔۔۔
-القدح في النصل ۔۔۔
القوم رأيهم ۔۔۔
الشيء ۔۔۔
المتاع ۔۔۔
عس الماء لكزي ۔۔۔ سے پانی ۔۔۔ کالنا
-بندقة المِسْكِ مشکیزہ کی ڈلی کو دونوں ہاتھوں سے دبانا هو بائك (ج) بُوَّكٌ و بِيَّكٌ وهي بائكة (ج) بوائِكُ۔
(بَارَكَهُم) میل ملاپ رکھنا۔
(انباك) الامر و عليه معاملہ کا مشتبہ ہونا اور اس کی صحیح راہ نہ پانا۔
(البائكةُ) کھجور کا بڑا مضبوط درخت بوائك۔
(البوكاءُ) اشتباہ اختلاط۔
(البُوكَةُ) چالاک (۲) متکبر اکڑباز۔
(بَالَ) - بَوْلاً پیشاب کرنا۔ هو بائلٌ و بَوَّالٌ۔
-فلانٌ کثیر الاولاد ہونا۔
-الشحمُ و نحوه چربی پگھلنا۔
-(اباله) پیشاب کروانا۔
-(بَوَّلَ) پیشاب کرنا۔
-(تبوَّلَ) پیشاب کرنا۔
-(استباله) پیشاب کرانا۔
-الطبيب المريض ڈاکٹر کا مریض سے معائنہ کے لئے پیشاب منگوانا۔
(البالُ) حالت حیثیت (۲) دل (۳) اُمید (۴) کلباڑا (۵) فصیلہ بالیہ کی بڑے سر والی مچھلی (مع)۔
-امرٌ ذو بالٍ اہم کام۔
اخي البال و ناعم البال خوشحال۔
- كاسف البال پریشان۔
(المَبْوَلَةُ) پیشاب لانے والی چیز (كثرة الشراب مَبْوَلَةٌ)۔
(المَبْوَلَةُ) جس میں پیشاب کیا جائے (ج) مباول۔
(البُومة) اُلو (بری آواز بری شکل اور نحوست میں ضرب المثل ہے) اس میں مذکر مونث برابر ہیں (ج) بُوم (ج) ابوام۔
(البَوَّام) بوم ۔۔۔
(۔۔۔) ۔۔۔ فضیات اور مراتب میں بڑھ جانا۔
(البَانُ) ایک لمبا درخت جس کے پتے بید کے پتوں جیسے ہوتے ہیں اور اس کے بیج سے خوشبودار تیل نکالا جاتا ہے واحد بانة
(البوانُ) خیمہ کا ستون (ج) أَبْوِنَة و بُوْنٌ و بُوَنٌ۔
(البَوْنُ، البُوْنُ) دو چیزوں کی درمیانی مسافت۔
(باهَ) فلانٌ - بَوَاهًا شور مچانا۔
-الحيوانُ جانور کا کمزور ہونا۔
-له - بَوْهًا تاڑنا سمجھنا۔
-فلاناً لعنت کرنا۔
(استباهَ) السيلُ الشجرة سیلاب کا درخت کو اکھیڑنا۔
(استبيه) الرجل مجنون ہونا۔
(الباهُ) نکاح (۲) جماع۔
(الباهة) نکاح (۲) جماع۔
(البُوهُ) اُلو جیسا اس سے چھوٹا پرندہ (۲) وہ شکرا جس کے پر جھڑ گئے ہوں۔
(البُوهة) من الرجال کمزور و کم عقل (۲) دوات میں ڈالی جانے والی خشک روئی (اسے "لیقه" کہا جاتا ہے) (۳) وہ مٹی یا راکھ جسے ہوا اُڑائے۔
(البَوُّ) اونٹنی کا بچہ (۲) وہ مردہ بچہ جس کی کھال میں بھس بھر کر دودھ نکالتے وقت اس کی ماں کے سامنے لایا جائے (۳) راکھ (۴) بے وقوف (ج) ابواءٌ۔
(البُويَةُ) پالش روغن پینٹ (مع)۔
(البِيئة) ماحول (دیکھئے ب وا)۔

ب .... ی

(بَاتَ) فلانٌ - بَيْتًا حوض کی نالی کھودنا۔
(البِيتُ) حوض کی نالی۔ (۲) حوض میں پانی بہنے کا راستہ۔
(البِيتة) البِيتُ (۲) دھولی دینے کا برتن۔
(بَاتَ) فلانٌ - بَيْتًا و بَيَاتًا و مَبِيتًا و مَبَاتًا رات گزارنا (۔۔۔)
-الشيءُ رات گزرنا هو بائتٌ (خبزٌ بائتٌ سراب بائتٌ)۔
-فلانٌ شادی کرنا۔
-في مكان كذا کسی جگہ رات میں ٹھہرنا۔
-يفعل كذا رات کو کرنا۔

–بہ وعدہ ٹھہرنا۔
(اَبَاتَہ) رات گزروانا۔
(بَیَّتَ) البیتَ گھر بنانا۔
–الشئَ رات گزروانا، باسی کرنا (۲) رات میں کرنا (۳) رات کے وقت تدبیر کرنا قرآن مجید میں ہے بَیَّتَ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ غَیْرَ الَّذِیْ تَقُوْلُ (۴) رات کو نیت کرنا جیسے حدیث (لاصیام لمن لم یُبَیِّتِ اللیلَ)۔
–راْیَہ غور کرنا۔
–القومَ رات کو اچانک حملہ کرنا۔
–النخلة چھانٹی کرنا۔
(تَبَیَّتَ) لازم بَیَّتَہ۔
–المراۃ عورت کا مکان اور شوہر ہونا۔
–الطعامَ سونے سے کچھ دیر پہلے کھانا۔
–الرجلَ عن حاجتہ ضرورت سے روک دینا۔
(البیات) رات کے وقت اچانک کسی کام کا ہونا (اتاھم الامر بَیَاتًا)۔
(اَلْبَیْتُ) رہائش گاہ، گھر (۲) گھر کا فرش (۳) کعبہ (۴) قبر۔
بیت اللہ مسجد۔
بیت الرجل بیوی (۲) اہل و عیال۔
بیت الشعر دومصرعوں کا مجموعہ۔
بیت القصیدۃ قصیدہ کا بہترین شعر۔
ھو جاری بیتَ بیتَ۔ وہ میرا قریبی پڑوسی ہے (ج) اَبیاتٌ و بُیُوْتٌ (جج) بیوتات۔
(اکثر اعلیٰ خاندانوں کے لئے مستعمل ہے)
(اَلْبِیْتُ) روزی۔
(البِیْتَۃُ) رات گزارنے کی ہیئت (۲) روزی
(اَلْبَیُوْتُ) وہ معاملہ جس کی فکر میں رات گزارے (۲) وہ چیز جس پر رات گزرے۔
(اَلْبَیُوْتَۃ) من الاسنان مضبوط نہ گرنے والے دانت۔
(بَیَّحَ) بالاَمْرِ خفیہ طور پر خبر دینا۔
(اَلْبَیْحَان) اپنے راز فاش کرنے والا۔
(بَادَ)۔ بَیْدًا و بَیَادًا و بُیُوْدًا و بَیْدُوْدَۃً ہلاک و ختم ہو جانا۔

–الشمسُ غروب ہوجانا۔
(اَبَادَہ) ہلاک کرنا۔
(البیدُ) من الطعام خراب کھانا۔
(البیداءُ) جنگل (ج) بِیْدٌ۔
(البیدانۃُ) جنگلی گدھی۔
(بَیْدَ) اسم بمعنی غیر یہ اَنَّ یا اس کے معمول کی طرف مضاف ہوتا ہے جیسے فلانٌ کثیر المال بَیْدَاَنَّہ بخیلٌ اور کبھی مِنْ اَجْلِ کے معنی میں ہوتا ہے جیسے حدیث (انا افصح العرب بیدانی من قریش و نشات فی بنی سعد)۔
(المبید) ہلاکت خیز، مہلک۔
مبید الحشرات ایک دوا جو کیڑے مکوڑے اور جراثیم کو ختم کر دیتی ہے۔
(بَیْدَرَ) الحنطۃ و نحوھا کھلیان میں گندم کا ڈھیر لگانا۔
(البَیْدَرُ) کھلیان (۲) خرمن (ج) بَیَادِرُ۔
(اَلْبَیْدَقُ) سفر کا راہ نما (۲) پیادہ سپاہی (ج) بَیَادِق و بَیَادِقَۃ۔
بیدق الشطرنج شطرنج کا پیادہ۔
(البیذق) البیدق۔
(البیرق) بڑا جھنڈا، پرچم (ج) بَیَارِق (مع)
(البیرم) (مع) دیکھئے برم۔
(البیروقراطیۃ) اہل کاروں کا راج، افسر شاہی (مج)۔
(جَلَّبَ) القومُ والرعدُ والغيثُ لوگوں کا شور ہونا، بادل کا گرجنا اور بارش کی آواز آنا۔
-على الفرس. چیخ کر گھوڑے کو دوڑانا۔
(اِجْتَلَبَ) الشئَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔
(اِنجلَبَ). لازم جلبه۔
(تَجَلَّبَ). برے گھاس کو تلاش کرنا۔
(اِسْتَجْلَبَ) الشئَ کسی سے کوئی چیز منگوانا۔
(الجالِبةُ) آفت و مصیبت (ج) جوالب۔
(الجَلَبُ). سامان تجارت کہاوت ہے (النّفاضُ يُقَطِّرُ الجلَبَ) یعنی لوگوں کے پاس جب کچھ نہیں رہتا تو وہ اپنے اونٹوں کو تھوڑا تھوڑا کر کے فروخت کرتے ہیں۔
(۲) سامان تجارت لانے والا قافلہ (ج) اَجْلاب۔
(الجُلْبُ) من كل شئ. ہر چیز کا ڈھکن۔
-من الليل رات کا اندھیرا (۲) افق میں پھیلا ہوا بادل جو پہاڑ جیسا دکھائی دے خواہ پانی سے خالی ہو (ج) اجلابٌ۔
(الجُلْبَان) چمڑے کا ایک تھیلا جس میں میان سمیت تلوار رکھی جائے یا تلوار اور زاد راہ رکھ

جائے (۲) منتر (یہ فیصلہ قرینہ سے ہے)۔
(الجُلّان) الجلان (۲) شور مچانے والا آدمی۔
(الجُلْبَةُ) زخم کا کھرنڈ (۲) کھال کا ترنکڑا جو کسی چیز پر خشک کرنے کے لئے رکھا جائے۔ (۳) بادل کا ٹکڑا (۴) بکھری ہوئی گھاس۔ (۵) زمانہ کی سختی (ج) جُلَبٌ۔
(الجُلاَّبُ) تجارت کے لئے حاصل کی ہوئی ہر چیز (۲) وہ اونٹ جس پر سامان تجارت لادا جائے۔ (ج) جَلائِبُ۔
(الجَلِيبُ) منگایا ہوا، حاصل کیا ہوا مال۔ (ج) جَلْبیٰ و جُلَبَاء (مذکر کے لئے) و جلائب (مؤنث کے لئے)۔
(الجلیبةُ) لائی ہوئی، باہر سے لائی ہوئی چیز (ج) جَلاَئِبُ۔
(جَلْبَبَه) کرتا پہنانا۔
(تَجَلْبَبَ) کرتا پہننا۔
(الجِلْبَابُ) کرتہ (۲) پورے جسم کو ڈھانپنے والا کپڑا (۳) اوڑھنی (۴) کپڑوں کے اوپر پہنا جانے والا لباس، چوغہ۔ (۵) وہ چادر جو پورے جسم کو ڈھانپ لے۔ (ج) جلابیبُ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جلابيبِهِنَّ﴾۔
(جَلْجَلَ) السحاب والرعدُ بادل اور گرج کی آواز پیدا ہونا۔
-الرجل گھونگرو بجانا۔
-الفرسُ گھوڑے کی آواز صاف ہونا۔
-الشیٔ کسی چیز کو ایسی حرکت دینا کہ اس کی حرکت سے آواز پیدا ہو (۲) ایک چیز کو دوسری کے ساتھ ایسے طریقہ سے ملانا کہ آواز پیدا ہو (۳) گھونگرو پہنانا۔
-الشیٔ چھاننا، چھنکنا۔
(تَجَلْجَلَ) لازم جَلْجَلَ۔
-القومُ للسفر لوگوں نے سفر کی تیاری۔
(الجُلاجِلُ) صاف اور تیز آواز والا۔ (۲) پھرتیلا اور کام میں چست (۳) دل میں پیدا ہونے والا کھٹکا۔

(الجَلْجَالُ) تیز آواز۔
(الجُلْجُلاَنُ) تل جو اپنے چھلکے میں ہو اور اس کی کٹائی نہ کی گئی ہو (۲) ہرا دھنیا (۳) دل کا مرکز روح۔ کہا جاتا ہے (اصَبْتُ جلجلانَ قلبه)۔
(الجُلْجُلُ) چھوٹی گھنٹی (۲) بڑا یا آسان کام۔
—من الغلمان پھرتیلا اور چست لڑکا (ج) جلاجلُ۔
(المُجَلْجِلُ) دلیر اور قوی الکلام (۲) بہادر سردار (۳) چالاک بے عیب آدمی۔
(المُجَلْجَلُ) خالص نسب والا۔
(جَلَحَ) الحیوانُ النبتَ والشجرَ ـَ جَلْحًا: جانور کا گھاس یا درخت کو کھا جانا۔ (۲) جانور کا درخت کے اوپر والے حصہ کو چرنا یا چھیل دینا۔
(جَلِحَ) ـَ جَلَحًا سر کے دو جانبوں کے بال ختم ہونا۔
-الیومُ دن کا سخت ہونا۔ هو اجلَحُ وهی جَلْحَاءُ (ج) جُلْحٌ۔
(جَالَحَه) مقابلہ کرنا، جھگڑا کرنا۔
بالعداوة کھلم کھلا دشمنی کرنا۔
(جَلَّحَ) الذئب بھیڑیے کا حملہ کرنا۔
-السَّنَةُ خشک سالی ہونا۔
-فلانٌ بہت تیز چلنا۔
-فی الامرِ کسی کام کا پختہ ارادہ کرنا (۲) کسی کام کی دھن میں لگنا۔
-علی القوم حملہ آور ہونا، اقدام کرنا۔
-الحیوان النبتَ والشجرةَ جَلَحَه۔
-فلانا کسی کے ساتھ کھلم کھلا دشمنی رکھنا۔
(الأَجْلَحُ) بے سینگ جانور (۲) بافصیل زمین (ج) جُلْحٌ (۳) بغیر چھت والا ہونا (ج) اَجَالِحُ۔
(الإِجْلِيحُ) من النبت وہ پودا یا گھاس جس کا اوپر کا حصہ کاٹ یا گیا ہو۔
(الجالحةُ) روئی کی مانند اڑنے والا گھاس پھونس (ج) جَوَالِحُ۔

(الجلحاءُ) بے سینگ جانور (۲) ایسی آبادی جس میں قلعہ نہ ہو (۳) ایسا ٹیلہ جس کی چوٹی بنی ہوئی نہ ہو۔ (۴) ایسی زمین جس میں درخت نہ ہو (ج) جُلْحٌ۔
(الجَلَحَةُ): سر کے بال اڑنے کی جگہ۔
(المُجَالِحُ) شیر۔
(المِجْلاحُ) خشک سال (ج) مجالیح۔
(جَلَخَ) بفلانٍ ـَ جَلْخًا پچھاڑنا۔
-السیلُ الوادیَ: سیلاب کا وادی کو بھر دینا اور اس کے کناروں کو کاٹ دینا۔
-الشیٔ کھینچنا، چھیننا، ہموار کرنا۔
-فلانًا بالسیفِ تلوار سے کسی کا گوشت کاٹنا۔
(جَلَّخَ) الشیٔ: جَلَخَه۔
-الموسٰی و نحوَها: استرہ وغیرہ کو تیز کرنا (مو)
(اجلَخَّ) کمزور ہونا اور ڈھیلے اعضاء والا ہونا (۲) سجدہ میں دونوں شانوں کو کھولنا۔
(الجُلاخ) تباہ کن سیلاب (۲) گہری وادی۔
(المُجَلْخُ) دھار بنانے کا پتھر۔ (ج)
(الجَلِيخُ) پانی کی آواز۔
(جَلَدَه) ـِ جَلْدًا کھال پر مارنا۔ کہا جاتا ہے (جلده بالسیف والسوط و نحوهما) (۲) چمڑے سے مارنا۔
-الحَيَّةُ فلانًا سانپ کا ڈسنا۔
-به الارض زمین پر دے مارنا۔
-فلانا علی الامر نا گوار گزرنا۔
-فلانًا الحدَّ حد قائم کرنا۔
(جَلِدَتِ) الارضُ ـَ جَلَدًا زمین کا برف والی ہونا۔
(جَلُدَ) ـُ جَلاَدَةً و جُلُودَةً و جَلَدًا مضبوط و قوی ہونا (۲) ناپسند چیز کو برداشت کرنا۔ هو جَلْدٌ (ج) اَجْلاَدٌ و جِلاَدٌ و هو جَلِيدٌ (ج) جُلَدَاءُ اَجْلاَدٌ۔
(اَجْلَدَ) جَلَدَ۔
-فلانًا الیه ٹھکانہ دینا، ضرورت پوری کرنا۔
(اُجْلِدَ) جَلِدَ۔

(جَالَدَهُ) بالسيف و نحوهٖ مُجَالدةً و
جلادًا تلوار سے مارنا۔ کہاوت ہے (لَوْلَا
جِلادی غنِمَ تِلادی) اگر میں اپنی مال کا
دفاع نہ کرتا تو یہ لوٹ لیا جاتا۔
(جَلَّدَ) الشئَ چمڑے سے ڈھانپنا۔
-الکتاب جلد چڑھانا۔ کہا جاتا ہے (هذا
الكتاب في مجلّدين وفي مجلّدتين)۔
- الذبیحۃَ ذبح کردہ جانور کی کھال اُتارنا
(اجتلدُوا) بالسیوف و نحوھا۔ تلوار سے
لڑنا۔
-مافی الاناء سارے کا سارا پی لینا۔ کہا جاتا
ہے (اجتلد الاناء)۔
(تجالدُوا) بالسیوف و نحوھا: تلواروں
سے لڑنا۔
(اَجْلَدَ) لازم جَلَدَۃً (۲) بہادری دکھانا
(۳) چمڑا پوش ہونا۔
(الاَجْلَدُ) موٹی ٹھوس زمین۔
(التجالیدُ) تجالیدُ الانسان: انسانی جسم کا
مجموعہ۔
(الجلدُ) کھال (ج) اجلادٌ و جُلُوْدٌ۔
-اَجْلاد الانسان انسانی جسم کا مجموعہ۔
کہا جاتا ہے (لَبِسَ فلانٌ لفلان جلد
النَمِر) یعنی اس نے فلاں کی دشمنی ظاہر کی۔
(الجَلَدُ) وہ بھس بھری کھال جس کے ذریعہ
اونٹنی کو دھوکہ دیا جاتا ہے اور وہ دودھ دیتی ہے۔
(۲) موٹی اور ٹھوس زمین۔
-من الابل والغنم، وبکریاں اور اونٹ جن کا
نہ دودھ ہو نہ بچے (ج) اجلادٌ و حلادٌ۔
(الجلدَۃُ) کھال کا ٹکڑا۔
-جلدۃ الرجلِ کنبہ خاندان۔ کہا جاتا ہے
(فلانٌ مِن بنی حلدتنا) فلاں ہمارے
خاندان کا ہے۔
(الجَلَّادُ) جو کوڑے لگانے اور قتل کرنے یا
پھانسی دینے پر مقرر ہو۔ (۲) کوڑے بیچنے
والا۔
(الجلیدُ) زمین پر گر کر جم جانے والی شبنم۔
(المِجلاد) کوڑا (۲) چمڑے یا کھال کا وہ ٹکڑا
جسے نوحہ کرنے والی عورت اپنے چہرہ پر مارتی
ہے۔
(المِجلدُ) المجلاد (ج) مَجَالد۔
(المِجْلَدَۃُ) المِجلاد (ج) مَجَالِدُ۔
(المجلّدُ) جلد والی کتاب۔ عظمٌ مجلّدٌ
وہ ہڈی جس پر صرف کھال باقی رہ گئی ہو۔
-حیوانٌ مجلّدٌ وہ جانور جو مار سے نہ ڈرتا ہو۔
(اِجْلَوَّذَ) بہت تیز چلنا (۲) مسلسل اور ہمیشہ
ہونا۔
-المطرُ بارش کا زیادہ ہونا اور لمبے عرصہ تک
نہ ہونا۔
-به السیرُ تیزی کے ساتھ چلتے رہنا۔
(الجُلاذِیُّ) سخت اور بداخلاق (۲) پتھر
(۳) کاریگر (۴) راہب (ج) جَلاذِیٌّ۔
(الجلذاءُ) سخت اور ٹھوس زمین (۲) پتھر
(ج) جلاذِیُّ۔
(الجُلذِیُّ) الجُلاذِیّ۔
(الجلوَذُ) سخت اور بداخلاق۔
(جَلَزَ) فی الارض ـِ جلزًا و جَلِیزًا۔ تیز
چلنا۔
-الشئَ جلزًا لپیٹنا اور بٹ جانا۔
-الشئَ الی الشئِ کسی چیز کو کسی کے ساتھ
ملانا۔
-الشئَ بالشئِ پٹی باندھنا۔
-علی الامرِ نفْسَہٗ کسی کام کا ارادہ کرنا۔
(جَلَّزَ) فی الارضِ جَلَزَ۔
-الشئَ جَلَزَہٗ۔
(جلوَزَ) الشُرَطِیُّ سپاہی کا تیزی سے آنا
جانا۔
(الجِلازُ) ہر وہ چیز جو دوسری سے لپیٹی جائے
(۲) وہ تسمہ جو کمان پر باندھ جائے۔
اس کی مونث جلازۃٌ ہے (ج) جلائز۔
(الجَلَزُ) بھالے کا نیچے کا گول حلقہ (۲)
گھاٹی۔
(الجِلْوَزُ) موٹا بہادر آدمی (۲) چلغوزہ
(۳) سپاہی (ج) جلاوزۃ۔
(الجِلواز) سپاہی (ج) جلاوزۃ۔
(المَجلُوزُ) رجلٌ مجلوز اللحمِ گٹھے
ہوئی گوشت والا۔
مجلوز الرایِ مضبوط رائے والا۔
(جَلَسَ) الانسانُ ـِ جلوسًا و مَجلسًا
بیٹھ جانا۔
-الطائرُ پرندے کا بیٹھنا یا کھڑا ہونا۔
-الشئُ ٹھہرنا۔
-فلانٌ جَلسًا سخت زمین پر آنا۔ ھو جالِسٌ
(ج) جُلاَّسٌ و جُلُوسٌ۔
-السحابُ بلند جگہوں کی طرف جانا۔
(اَجْلَسَہ) بٹھانا۔
(جَالَسَہ) کسی کے ساتھ بیٹھنا۔ ھو مُجالِسٌ
و جَلِیسٌ۔ کہا جاتا ہے (ھو جلیسُ نفسه)
الگ تھلگ رہنے والا (ج) جُلَسَاءُ۔
(تَجَالَسُوا) ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھنا۔
(اِسْتَجْلَسَہٗ) بٹھانا۔
(اَلجَلَسُ) صحن سے جدا نہ ہونے والی
عورت۔ (۲) معزز خاتون (۳) ہر بلند اور
اور سخت چیز (۳) پرانی شراب (ج) اَجلاسٌ
و جِلاسٌ۔
(الجِلْسُ) ہم مجلس (۲) کاہل و بے وقوف۔
(اَلجَلْسَۃُ) نشست (۲) اجلاس عمومی ہو یا
خصوصی میٹنگ (ج) جَلَسَاتٌ (مو)
(اَلجُلْسَۃُ) بہت بیٹھنے والا۔
(الجِلیسیُّ) آنکھ کے ڈھیلے کے اردگرد کا
حصہ۔
(الجُلَّسان) سفید گلاب یا اس کے بکھرے
ہوئے پتے۔
(الجَلیسُ) ہم نشین (۳) بہت زیادہ بیٹھنے
والا (مع)
(المَجلسُ) بیٹھنے کی جگہ (۲) ٹریبونل (۳)
اسمبلی کونسل (۴) بورڈ (۵) چیمبر (۶) انجمن
(مج)۔
(جلسرین) گلیسرین (مج)
(جُلاَّش) میٹھی کھجوری (د)
(جَلَطَ) الرجلُ ـِ جَلطًا جھوٹ بولنا (۲)
قسم اٹھانا۔

الشیءَ عن الشیءِ ایک چیز کو دوسری سے الگ کرنا۔(۲) علیحدہ کرنا۔
-راسه حلق کرنا۔
-السیف تلوار سونتنا۔
(تَجَلَّطَ) الدمُ خون کی نالیوں میں یا باہر خون کا جم جانا (ج)
(اِجتَلَطَهُ) اچک لینا۔
-مافی الاناءِ سارے کا سارا پی لینا۔
(انجَلَطَ) لازم جَلَطَه۔
-الشیءُ عن الشیءِ علیحدہ ہونا۔
(الجُلطَةُ) پکی ہوئی دہی (۲) جما ہوا خون۔
(جَلَعَ)- جُلُوعًا حیا سوز، قبیح گفتگو کرنا۔
-المراۃُ بے پردہ و بے نقاب ہونا۔ هُوَ وَهِیَ جالعٌ۔
-الشیءَ جَلعًا کھولنا۔
-الثوبَ کپڑے اتارنا۔ هو جالعٌ۔
(جَلِعَ)- جَلَعًا و جَلاعَةً: جَلَعَ هو جَلِعٌ و جَالِعٌ هی جالعةٌ۔(۲) پٹ جانا (۳) کھل جانا (۴) دانت نکالنا۔
-الشفتان ہونٹوں کا سکڑنے کی وجہ سے نہ ڈھکنا۔
-الفمُ منہ کھلنے کا کھلا رہ جانا۔
-اللِثَةُ ہونٹوں کا مسوڑھے سے ہٹ جانا۔
(جَالَعَ) خَلَعَ۔
-المراۃُ بے نقاب ہونا۔
-فُلانًا کسی کے ساتھ جھگڑنا اور نازیبا باتیں کرنا۔
(انجَلَعَ) لازم جَلَعَه۔
(تجالعوا) شراب نوشی یا جوا کھیلتے وقت لڑنا اور ایک دوسرے کو بے ہودہ باتیں کہنا۔
(الجلیعُ) من النساء وہ عورت جو خاوند کے ساتھ خلوت میں خود کو نہ چھپاتی ہو۔ حدیث میں ہے (جَلیعٌ علی زوجها' حصانٌ من غیرہ)
(جَلَفَهُ)- جَلفًا کھرچنا' چھیلنا' کاٹنا (۲) جڑ سے اکھیڑنا۔
الذبیحة ذبح کردہ جانور کی کھال اتارنا۔
-الجُلافَ عن راس الدَّنِّ مٹکے کے منہ پر لگی ہوئی مٹی کو ہٹانا۔
(جَلِفَ) الرجلُ - جَلَفًا و جَلافَةً تندخو ہونا' اجڈ بے وقوف ہونا' اکھڑ ہونا۔
(اَجلَفَ) الرجلُ مٹکے کے منہ سے مٹی ہٹانا۔
(جَلَّفَ) الشیءَ جَلَفَه۔
-الدهرُ فلانًا زمانہ کا مال و اسباب کو ختم کر دینا۔
(اجتَلَفَه) جَلَفَه۔
(تجَلَّفَ) لازم جَلَّفَ (۲) کمزور ہونا۔
(الجَالِفَةُ) خشک سال جس میں مال و متاع ختم ہو جائے (۲) گہرا زخم جو کھال اور گوشت کے اندر تک پہنچ جائے۔
(الجُلافُ) مٹی۔ جُلاف الدَّنِّ و نحوِهِ: جس مٹی سے مٹکے کا منہ بند کیا جائے۔
(الجِلفُ) روکھا اور سخت مزاج آدمی۔ (۲) بے وقوف (۳) برتن۔ کہاوت ہے (جُلُوفٌ زَادٍ لیسَ فیها مَشبَعٌ) اس شخص کے بارے میں جو معاملات کے پیچھے پڑے جبکہ اس کے پاس کچھ نہ ہو۔ (۴) خالی مٹکا (۵) دھڑ' بدن (۶) کھال اتارا ہوا جانور (۷) کھجور کا نر درخت جس کے خوشہ سے قلم لگایا جاتا ہے (۸) موٹی اور خشک و روکھی روٹی۔ حدیث عثمان رضی اللہ عنہ میں ہے (کلُّ شیءٍ سِوی جِلفِ الطعام وظل ثوبٍ و بیتٍ یَستُرُ فَضلٌ)۔
(ج) اَجلاف و جُلُوف۔
(الجَلفَةُ) ایک دفعہ کا چھیلنا یا تراشنا۔
-من القلم قلم کا تراشہ ہوا حصہ۔
(الجُلفَةُ) چھیلن' تراشا (ج) جُلَف۔
(الجِلفَةُ) ہر چیز کا ٹکڑا (۲) قلم کی چھیلن (ج) جِلَف۔
(الجَلیفُ) من الرِّجالِ اجڈ و بے وقوف روکھا اور سخت مزاج آدمی (ج) جُلَفَاءُ۔
(الجلیفَةُ) کھرچن' چھیلن (ج) جلائف۔
(جَلفَظَ) السفینةَ کشتی کی درزیں بند کرنا اور ان پر تارکول پھیرنا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے۔(لااحمل المسلمین علی اعواد نجرها النجار وجلفظها الجلفاظُ) (ج) جَلافِظَة۔
(المَجلَفَقُ) زینہ کے دونوں جانب لکڑی یا لوہے کی آڑ جو گرنے سے بچانے کے لئے لگائی جاتی ہے۔(مع)۔
(جَلَقَ) الشیءَ - جَلقًا: کھولنا' واضح کرنا۔
-راسه: سر کا حلق کروانا۔
-فَمَه عند الضحک ہنستے وقت منہ کھولنا۔
-الحصنَ و نحوهُ: قلعہ وغیرہ پر منجنیق سے پتھر مارنا۔
(جَلَّقَ) الحصنَ و نحوهُ: قلعہ پر منجنیق سے پتھر مارنا۔
(تجَلَّقَ) اتنا ہنسنا کہ داڑھوں کے آخری حصے دکھائی دیں۔
(الجُلاقَةُ) گوشت کا ٹکڑا' کہا جاتا ہے (ماعلیه جلاقة لحم) اس پر ذرہ بھی گوشت نہیں یعنی وہ دبلا پتلا ہے۔
(المَجلَقَةُ) انسان کے ہنسنے کی جگہ۔
(جِلَّقُ) دمشق کا ایک نام۔
(الجِلَّقِیُّ) یمن کا گندم جیسا ایک دانہ۔
(الجُوالِقُ) بوری' گٹھا (مع) (ج) جَوالِق و جَوالیق و جُوالِقات۔
(الجوالق) الجوالق۔
(المَنجَلیقُ) منجنیق' قلعہ وغیرہ پر پتھر پھینکنے کی ایک پرانی مشین (ج) مجالیق (یہ مؤنث ہے کبھی مذکر بھی آتا ہے)۔
(جَلَّ) عن وطنه و موضعه و منه - جُلُولاً وطن سے دور ہونا' جگہ سے ہٹنا۔
-الشیءَ جلاًّ کسی چیز کا کل یا اکثر لینا۔
-الدابَّةَ چوپائے کو جول پہنانا۔
-الجِلَّةَ مینگنیاں اور لید اکٹھی کرنا۔
-الدابَّةُ الجِلَّةَ چوپائے کا مینگنیاں اور لید کھانا هو جالٌّ و جَلاَّلٌ۔
-الشیءُ علیه کسی کو نقصان دینا' مصیبت کھڑی کرنا۔
(جَلَّ)- جَلالاً و جَلالَةً بلند مرتبہ ہونا۔

هو جَلٌّ و جُلَالٌ و جَلِيلٌ (ج) أَجِلَّةٌ و أَجِلَّاءُ و أَجْلَالٌ و جِلَّةٌ۔ حدیث میں ہے (أَحْدَثْتُ جِلَّةَ اموالهم)۔
(۲) عمر رسیدہ ہونا (۳) زیادہ تجربوں کا سمجھدار بنا دینا۔
-عنه پک وبری ہونا۔
-عن وطنه و موضعه۔ وطن سے دور ہونا۔ جگہ سے ہٹنا۔
(أَجَلَّ)فلانٌ بڑا اور مضبوط ہونا۔
-فلانًا۔ بڑا بنانا (۲) بڑا سمجھنا۔
(۳) تعظیم کرنا۔
(جَلَّلَ)الشيئُ: عام ہونا۔
-الشيئَ: عام کرنا۔ حدیث میں ہے (وابلاً مُجَلِّلاً) (۲) ڈھانپنا۔
الدابةَ: جانور کو جھول پہنانا۔
(اجتَلَّ) الجِلَّةَ: مینگنیوں اور لید کو اکٹھا کرنا۔
الدابةُ الجلَّةَ۔ جانور کا مینگنیاں اور لید کھانا۔
(تَجَالَّ) فلانٌ: عمر رسیدہ اور بڑا ہونا۔
ام صبیه الجهنیه کی حدیث میں ہے (كُنَّا نكون في المسجد نسوة قد تجاللن)۔
-عنه و علیه: برتر ہونا، خود کو بڑا سمجھنا۔
-فلانًا: تعظیم کرنا۔
-الشيئَ: کسی چیز کا بڑا حصہ لینا۔
(تَجَلَّلَ) ڈھک جانا۔
-الشيئَ: زیادہ حصہ لینا (۲) بلند کرنا۔
(اِجْلال) فعلت كذا مِن اجلالك: میں نے یہ تیری وجہ سے کیا ہے۔
(التَّجِلَّةُ): الاجلال (۲) اکرام تعظیم کہا جاتا ہے (هم قوم ذو تجلّة) نیز کہا جاتا (فعلت هذا مِن تجلتك) میں نے یہ تیری خاطر کیا۔
(الجالّةُ): ہجرت کر کے دوسری جگہ آباد ہونے والے لوگ۔ (ج) جَوَالٌّ۔
(الجَلَالُ) فعلتُ ذلك من جَلَالك: میں نے یہ تیری وجہ سے کیا ہے۔
(الجُلَالُ) من كل شيئٍ: ہر چیز کا بڑا حصہ (۲) موٹا اور بڑا۔
(الجِلَالُ) پردہ ڈھکن (۲) جُلٌّ کی جمع۔

(الجَلَائل) جليلة کی جمع۔
(الجُلُّ) جانور کی جھول (ج) جلال و أجلال (۲) کشتی کا بادبان (ج) جُلُولٌ و أَجْلَالٌ (۳) کھیتی کی وہ جڑ جس سے خوشہ کاٹ لیا جائے (۴) چنبیلی یا گلاب کا پھول (مع)
(الجُلُّ) جھول۔
-من كل شيئٍ: ہر چیز کا بڑا حصہ۔
-من البيتِ: خیمہ نصب کرنے کی جگہ (ج) جلالٌ و أَجْلَال کہا جاتا ہے (فعلت هذا من جُلِّكَ) میں نے یہ کام آپ کی خاطر کیا۔
(الجِلُّ): بڑا، موٹا۔ حدیث میں ہے (اللهمّ اغفرلي ذنبي كله دِقَّهُ و جلّه) (۲) کھیتی کی وہ شاخ جس سے خوشہ اتار لیا گیا ہو۔
(الجَلَلُ) عظیم بڑا (۲) معمولی حقیر۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے (قال يوم بدر القتلى جَلَلٌ ماعدا محمدًا)۔
(الجِلَّةُ): مینگنی اور لید۔
(الجُلَّةُ): الجلَّةُ (۲) کھجور کی ٹوکری (ج) جلالٌ۔
(الجُلّى) مشکل اور اہم کام۔ کہاوت ہے (لايُدْعى للجُلّى الاّ اخوها) کسی اہم کام کے لئے اس کو بلایا جاتا ہے جو اس کا اہل ہو۔ یہ عاجز و بے بس آدمی کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ یعنی تم اس جیسے بڑے کام کے اہل نہیں ہو (ج) جُلَلٌ۔
(الجلاءُ) الجُلّى۔
(الجُلاءُ) الجلاءِ۔
(الجَلَالَةُ) من العاشية وہ چوپایہ جو مینگنیاں اور لید کھاتا ہے۔
(الجليلُ) اللہ تعالیٰ کا ایک نام (۲) علم فلسفہ کے مطابق وہ شے جو فن وفکر و اخلاق کی کوششوں کے حد سے تجاوز کر جائے۔ کہا جاتا ہے (منظرٌ جليلٌ و رائعٌ) (مج) (۳) شاندار بڑا اور طاقتور۔
(المَجَلَّةُ): کتاب (۲) رسالہ جس میں مضامین شائع کئے جائیں۔ میگزین، ماہنامہ۔ (ج) مَجَالٌّ، مَجَلَّاتٌ (مج)۔

(جَلَمَ) الشيئَ ـ جَلْمًا کاٹنا (۲) مونڈنا الشَّعْرَ و الصوفَ اون یا بال کاٹنا۔
-الحيوانَ جانور کی ہڈی سے گوشت اتارنا۔
(اجتَلَمَ) الحيوانَ جانور کی ہڈی سے گوشت اتارنا۔
(الجُلَامَةُ) کتری ہوئی اون یا بال۔
(الجَلَمُ) بال یا اون کترنے کی قینچی۔
(۲) شروع کا چاند (ج) جلام۔
(الجَلَمُ) اوجھ اور آنتوں کی چربی۔
(الجَلَمَانُ) قینچی۔
(الجَلْمَدُ) چٹان (۲) سخت آدمی (۳) تیز آواز والا (۴) مویشیوں کا بہت بڑا گلہ۔
(۵) بڑے عمر کے مویشی (ج) جَلَامِدُ۔
(الجُلْمُدُ) من الرجال الجَلْمَدُ۔
(الجُلمدُ) تھوڑے پانی کی چٹان۔
(اَلجَلْمَدَةُ) من الارضِ پتھروں والی زمین (۲) گائے۔
من الرجالِ سخت آدمی (ج) جَلَامِدُ
(الجُلمود) الجَلْمَدُ (ج) جَلَاميد۔
کہا جاتا ہے (القى عليه جلاميده) اس نے اپنا بوجھ کسی پر ڈال دیا۔
(جَلْمَقَ) القوسَ کمان پر تانت چڑھانا۔
(الجِلْماق) وہ پٹھا جس کی تانت بنائی جاتی ہے۔ (ج) جلاميق (فارسی معرب)
(الجَلْمَقُ) جبہ (ج) جَلَامِق۔
(جَلَنْبَلَق) بڑا دروازہ کھولنے یا بند ہونے کی آواز۔
(الجُلُّنار) گل انار (مع)
(جَلَهَ) الرحلَ ـ جَلْهًا سخت کام سے روکنا۔
-الشيئَ کھولنا۔
-البيتَ گھر کو بغیر دروازہ اور پردہ کے بنانا۔
هو مجلوهٌ۔
-العمامةَ پگڑی کو پیشانی سے اوپر کرنا۔
-الحصى عن الموضع کنکریاں ہٹانا۔
هو مجلوهٌ۔
(جَلِهَ) ـ جَلَهًا بڑی پیشانی والا (۲) سر کے

اگلے حصہ کے بالوں کا اڑنا۔ ھو اَجْلَہ وھی جَلْھَاءُ (ج) جُلْہٌ۔
(اَلْاَجْلَہُ) بے سینگ بیل۔
(الجَلْھَۃُ) گول مضبوط چٹان (۲) محلہ (۳) وادی کا کنارہ (۴) وہ کھجور جس کی گٹھلی نکال کر اس میں دودھ یا مکھن بھر دیا گیا ہو۔ (ج) جِلاہٌ۔
(الجلیھۃُ) وہ کھجور جس کی گٹھلی نکال کر اس میں دودھ یا مکھن بھر دیا گیا (۲) وہ جگہ جس کی کنکریاں ہٹا دی گئی ہوں۔
(جَلْھَزَ) کسی چیز کو جانتے ہوئے چھپانا، چشم پوشی کرنا۔
(الجُلاھِقُ) مٹی کا چکنا گولا (۲) غلہ (ج) جَلاھِق (فارسی معرب)
(الجَلْھَمُ) فصیلہ بقیات کا ایک پودا۔
(الجُلْھُمُ) بھاری چٹان (ج) جَلاھِم۔
(الجَلْھَۃُ) وادی کا ایک کنارہ (ج) جَلاھِم۔
(الجُلْھُمَۃُ) الجَلْھَمَۃُ (۲) تختی (۳) منصوبہ (ج) جَلاھِم۔
(الجُلْھوم) بہت بڑی جماعت۔
(جَلاَ) القومُ عن الوطن و منہ ـُ جَلاءً و جَلْوًا خوف یا قحط کی وجہ سے جلا وطن ہونا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَلَوْلَآ اَنْ کَتَبَ اللّٰہُ عَلَیْھِمُ الْجَلَاءَ لَعَذَّبَھُمْ فِی الدُّنْیَا﴾
-الامرُ جلاءً واضح ہونا۔ ھو جَلِیٌّ۔
-فلانٌ عینہ سرمہ لگانا۔
-بثوبہ کپڑے کو پھینکنا۔
-العدوُّ او الجدبُ القومَ عَنْ او طانھم، -جَلْوًا وَجَلاءً دشمن یا قحط کا جلا وطن کرنا۔
-النحل جلاءً چھتہ کو دھونی دینا تاکہ شہد نکالا جاسکے۔
-السیف الفِضَّۃَ والمرآۃ و نحوھا جَلْوًا و جلاءً زنگ دور کرنا اور چمکانا کہا جاتا ہے (جَلاَ بَصَرَہ بالکحل)۔
-الماشطۃُ العروسَ علی بعلھا جلاءً وَجِلْوَۃً خادمہ کا دلہن کو بناؤ سنگار کر کے خاوند کے پاس لے کر جانا۔
-الزوجُ عروسَہ و صیفۃً او غیرَھا جَلْوًا خاوند کا بیوی کو منہ دکھلائی کے وقت باندی دینا۔
-الامرَ جَلاءً: کھولنا، واضح کرنا۔
-فلانًا الامرَ و عنہ جَلْوًا: کسی پر کوئی بات ظاہر کرنا۔
-فلانًا و عنہ الھمَّ غم دور کرنا۔
(جَلّی) السیفَ والفِضَّۃَ والمِرآۃَ و نحوھا ـ جَلْیًا و جِلاءً: زنگ دور کرنا چمکانا۔
(جَلِیَتِ) السماءُ ـَ جَلًی: آسمان کا روشن ہونا اور صاف ہونا۔
-الجبھۃُ پیشانی کا کشادہ ہونا۔
-الرجل: سر کے اگلے بالوں کا اڑ جانا۔
ھُوَ اَجْلٰی و ھِیَ جلواءُ: (ج) جُلْوٌ۔
(اَجْلٰی) القومُ عن المکان و منہ: لوگوں کا خوف یا قحط کی وجہ سے علاقہ چھوڑنا۔
-الناسُ عن الشیءِ: لوگوں کا الگ ہونا۔
(اجلٰی یَعْدُو) وہ تیز دوڑا۔
-الجدبُ او العدوُّ القومَ عن مکانھم: قحط یا دشمن کا لوگوں کو نکالنا۔
-عنہ الھمَّ: غم دور کرنا۔ مریض کو دعا دینے کے لئے کہا جاتا ہے۔ اجلی اللہ عنہ۔
(جَالَیْتُہ) بالامرِ: کسی کے سامنے کوئی کام کرنا۔
(جَلّیٰ) الفرسُ تجلیۃً: گھوڑے کا میدان میں دوڑنا۔
-البازی۔ شکرہ کا سر اٹھا کر دیکھنا۔
-ببصرہ کسی چیز کو شکرہ کی طرح دیکھنا۔
-عن نفسہ مافی الضمیر کو بیان کرنا۔
-النھارُ الظلمۃَ دن کا اندھیرے کو ختم کر ڈالنا۔
الھمَّ والامرَ عنہ غم یا مصیبت دور کرنا۔
-القومَ عن اوطانھم لوگوں کو جلا وطن کرنا۔
-فلانٌ عروسَہ و صیفۃً او غیرھا: دلہن کو منہ دکھلائی کے وقت باندی وغیرہ دینا۔
(اجتلٰی) القومَ عن الموضع لوگوں کا تتر بتر ہونا۔
-الجذبُ او العدوُّ القومَ عن موضعھم اجلاھم۔
-العروسَ علی بعلھا: دلہن کو سنوار کر شوہر کے سامنے پیش کرنا۔
-الشیءَ دیکھنا۔
-العروسَ بعلُھا: دلہن کو سنوری ہوئی دیکھنا۔
-السیفَ: تلوار کو پالش کرنا۔
-العمامۃَ: پگڑی کو پیشانی سے پیچھے کرنا۔
-العمامۃَ عن راسہ: پگڑی کو پیشانی سے اتارنا۔
(انجَلٰی) لازم جَلاہ۔
(تَجَالَیَا): ایک دوسرے کا حال سامنے آنا۔
(تَجَلّٰی) الشیءُ تَجَلِّیًا: لازم جَلاّہ۔
الشیءَ: قریب سے دیکھنا۔
- الصقرُ: شکرہ کا غور سے دیکھنے کے لئے آنکھوں کو بند کر کے کھولنا۔
(اجلَولٰی)۔ ایک ملک سے دوسرے ملک میں جانا۔
(الاجلٰی): خوبصورت چہرہ (۲) سردار (۳) صبح (۴) واضح امر۔
-ابن اجلٰی: شیر۔
(الجَالِیَۃُ) وہ لوگ جو جلاوطن ہو گئے ہو (۲) تارکین وطن جو دوسری جگہ یا دوسرے ملک آباد ہو گئے ہو۔ (ج) (۳) اہل ذمہ (۴) وہ اہل کتاب جن پر جزیہ واجب ہو اگرچہ وہ اپنے وطن سے نہ نکلے ہو۔
(الجَلا): سرمہ، ابن جَلاَ: بلند رتبہ سردار جس کا ٹھکانہ پوشیدہ نہ ہو۔ (۲) واضح معاملہ والا۔
(الجَلاءُ) واضح اور روشن معاملہ (۲) مقدمہ کا ثبوت اور گواہ (۳) سرمہ۔ کہا جاتا ہے (مَا اَقَمْتُ عندہ اِلاَّ جلاءَ یومٍ) میں اس کے پاس صرف دن کی روشنی میں ٹھہرا۔
(الجِلاءُ) سرمہ۔ حدیث ام سلمہ ؓ میں ہے (کَرِھَتْ لِلْمُحِدَّانِ تکتحلَ

بالحلاء)۔
-حلاءُ فلانٍ تعظیم کے لئے دیا جانے والا لقب یا کنیت۔
(الجلْوَة) جلوةُ العروس دلہن کا سنگار جو خاوند بیوی کو منہ دکھائی کے وقت دے۔
(الجلِيُّ) چھت کا روشندان۔
(الجَلِيَّة) یقینی خبر۔
جَلِيَّةُ الْأَمرِ حقیقت الامر۔
(المَجَالِي) سر کا اگلا حصہ جس کے بال گر گئے ہوں (اس کا واحد مجلیً ہے)
(الجلُو كوما) آنکھ کی ایک بیماری (مع)۔

ج.........م

(جَمِيَ) على فلانٍ = جَمًا: غصہ ہونا۔ ھو جَمِي۔
- الفَرَسُ: پیشانی کی سفیدی کا دراز ہونا۔ ھُوَ اَجمأ۔
(تَجمَّأ) القوم لوگوں کا اکٹھے ہونا۔
-فلانٌ في ثيابه. کپڑوں میں سمٹنا۔
-علي الشئ کسی شے پر جھک کر اسے چھپا لینا۔
(الجمأ): شخص۔
(الجماء): شخص۔
(المُجمأ) فرسٌ مُجمأ: وہ گھوڑی جس کی پیشانی کی سفیدی دراز ہو۔
(الجُمباز). ایک طرح کا ورزشی کھیل (مع)
(جَمجَمَ): واضح بات نہ کرنا کہتے ہیں (جَمجَمَ كلامَه)۔
الشئَ في صدره: دل میں چھپانا۔
فلانًا. ہلاک کرنا۔
(تَجَمجَمَ) فلانٌ جَمجَمَ۔
(الجُمجُم) پاؤں رکھنے کی جگہ پائیدان (مع)۔
(الجُمجُمَةُ) کھوپڑی (۲) سر (۳) انسان (۴) سردار قوم (۵) ہر باعزت و شرافت قبیلہ (۶) لکڑی کا پیالہ (۷) ہل وہ لکڑی جس کے کنارہ پر نوک دار لوہا لگا ہوتا ہے (۸) وہ کنواں جو شورے والی زمین میں کھودا گیا ہو۔

(ج) جُمجُمٌ وجَماجِم۔
(جَمَحَ) الفرسُ = جَمحًا و جُمُوحًا و جِماحًا گھوڑے کا بے قابو ہونا۔ ھو جَامِحٌ (ج) جوامح جُمّاحٌ ھی جامحةٌ (ج) جوامحُ ھو وھی جمُوحٌ۔
-الرجُلُ خود سر ہونا۔ ھو جَامِحٌ و جَمُوحٌ۔
-السفينةُ کشتی کا ملاح کے قابو سے باہر ہونا۔
-المفازةُ بالقوم: جنگل کا لوگوں کو دور گھما کر ہلاک کر دینا۔
به مرادُه. مراد پوری نہ ہونا۔
-فلانٌ إلي كذا: تیز چلنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿لَوَلَّوا إِلَيهِ وَهُم يَجمَحُونَ﴾۔
-من الحربِ: شکست کھانا۔ ھو جامحٌ (ج) جُمّاحٌ۔
-المرأة من زوجها. عورت کا بغیر طلاق کے خاوند سے ناراض ہو کر اس کی اجازت کے بغیر اپنے گھر جانا۔
(الجُمّاحُ). بے پھل کا گول سرے والا تیر جس کے ذریعہ تیر اندازی سکھائی جاتی ہے۔
(۲) وہ تیر یا چھڑی جس کی نوک پر گارا رکھ کر پرندے کو مارا جاتا ہے (ج) جَماجِيحُ۔
(الجُمَّخُلُ): سیپ کے اندر کا کیڑا۔
(جَمَخَ) = جَمخًا: تکبر اور فخر کرنا۔
ھو جامِخٌ (ج) جُمَّخٌ وھو جَمُوخٌ و جَمِيخٌ و جِمّاخٌ۔
-كعب اللعب کھیل کے بانس کی نلکی کا سیدھا ہونا۔
-الصبيُّ: اچھلنا۔
-الصبيانُ بالكعاب بچوں کا بانس کی نلکیوں کو ایک دوسرے کے اوپر پھینک کر کھیلنا۔
-الخيلَ والكعاب بها گھوڑوں اور بانس کی نلکیوں کو زور سے چھوڑنا۔
(جَامَخَه) باہم فخر کرنا۔
(انجَمَخَ) كعب و اللعب: جَمَخَ۔
(جَمَدَ) الماءُ والسائلُ = جَمدًا و جُمُودًا جم جانا۔ ھو جامِدٌ و جَمدٌ۔

عينه آنسو خشک ہو جانا۔ ھی جامِدَةٌ و جُمُودٌ۔
-الناقةُ او الشّاةُ بکری یا اونٹنی کے دودھ کا کم ہونا۔
-الارضُ زمین پر بارش نہ ہونا۔
-السنةُ خشک سالی ہونا۔ ھی جامِدَةٌ و جَمادٌ۔
-فلانٌ: بخیل ہونا۔ کہا جاتا ہے (جَمَدَتْ كفُّه) ھو جَامِدٌ و جَمَادٌ وھو جامد الكفِّ و جَمادُ الكفِّ۔
-حقُّ فلانٍ: حق لازم ہونا۔
-الشئَ جَمدًا کاٹنا۔
(اَجمَدَ) فلانٌ جمادی الاول یا جمادی الثانی میں داخل ہونا (۲) بخل کا زیادہ ہونا (۳) خیر کا کم ہونا۔
-حقَّ فلانٍ کسی کے حق کو لازم کرنا۔
(جَمَّدَ) الماءُ والسائلَ جمنے کے قریب ہونا۔
(الجامِدُ) دو گھروں یا دو زمینوں کا درمیانی فاصلہ (ج) جوامِدُ۔
-جامد المال و ذائبهُ مال مویشی۔
(الجَمادُ) جمادات کائنات کی تیسری قسم (مو)۔
(جَمادِ) بخیل کی مذمت کے لئے کہا جاتا ہے جمادِلَه (وہ بخیل ہی رہے) یہ حَمادِلَه کی ضد ہے جو سخی کی تعریف میں کہا جاتا ہے۔
(الجَمدُ) برف۔
(الجَمَدُ) برف (۲) سخت اور بلند زمین۔
(۳) پتھر (ج) اَجمادٌ و جِمادٌ۔
(الجُمدُ) سخت اور بلند زمین (ج) جماد و اجماد۔
(الجُمُدُ) الجُمدُ۔
(جُمادَى) دو عربی مہینے جمادی الاولی یہ پانچواں مہینہ ہے اور جمادی الثانی یہ چھٹا مہینہ ہے (۲) عربوں کے ہاں سردیوں کے دن (کیونکہ ان میں پانی جم جاتا ہے) کہاوت ہے۔ (شَهرا ربيع كجمادى النُّوس) اس

شخص کے بارے میں کہ اچھی اور بری طاقت میں حرف شکایت اس کی زبان پر رہے اور کہا جاتا ہے (طلّت العین حُمَادَی) آنکھ منجمد رہی۔ یعنی آنسو نہیں بہا۔
(الحَمَّاد) سیفٌ حَمَّادٌ تیز کاٹنے والی تلوار۔
(جَمَرَ) الفرسُ ـُ جَمْرًا گھوڑے کا بندھے ہوئے اچھلنا۔
-فلانًا انگارہ دینا (۲) بنانا۔
(اَجْمَرَ) القوم اکٹھے ہونا۔
-الفرسُ گھوڑے کا قید میں اچھلنا۔
-الدابّةُ جانور کا دوڑ کر چلنا۔
-فلانٌ بین یدی فلانٍ کسی کے سامنے تیز چلنا۔
-اللیلةُ پوری رات چاند کا رہنا۔
-ثوبَه کپڑے کو عود سے دھونی دینا۔
-المراۃُ عورت کا بالوں کو اکٹھا کر کے گدی سے پیچھے باندھنا کہا جاتا ہے (اَجْمَرَتْ شعرها)۔
-الرجلُ شعره بالوں کی زلفیں بنانا۔
-الامرُ بنی فلانٍ کسی بات کا سب کے لئے ہونا۔
-الخیلَ گھوڑے کو دبلا کرنا۔
-الحمارُ [illegible] والحافرُ کنکریوں کا جانور [illegible]
(جَمَّرَ) القومُ جمع ہونا۔
-الحاجُّ کنکریاں مارنا۔
-النخلَ کھجور کے درمیان کا حصہ کاٹنا۔ کہا جاتا ہے (جَمَّرَ الرجلُ النخلَ)۔
-المراۃُ اجمرت [illegible] جاتا ہے (جَمَّرَتْ شعرها)
-السبی [illegible] نیز جَمَّرَهُم الامرُ [illegible] کہا جاتا ہے۔
-الامیرُ الجیشَ فوج کو سرحد پر [illegible] کر کے [illegible] دینا۔
-اللحم او الخبز گوشت یا روٹی کو انگاروں [illegible]

-الثوبَ کپڑے کو عود کی دھونی دینا۔
(اِجْتَمَرَ) بالمِجْمَرَة عود کی دھونی دینا۔
(تَجَمَّرَ) القومُ لوگوں کا جمع ہونا۔
-الجیشُ فوج کا دشمن کی سرحد پر قید ہونا۔
-بالمجمرة عود کی دھونی لینا۔
(اِسْتَجْمَرَ) القومُ جمع ہونا۔
-الجیشُ دشمن کی سرحد پر محبوس ہونا۔
-الرجلُ ڈھیلوں سے استنجاء کرنا۔
-بالمِجْمَرَة عود کی دھونی لینا۔
(الجامُورُ) کھجور کے درخت کا گودا۔ اس کی واحد جامورةٌ ہے۔ (۲) قبر (۳) سر۔
(الجَمَارُ) جماعت۔ کہا جاتا ہے (عَدَّ فلانٌ ابلَه جَمَارًا) فلاں نے اپنے اونٹوں کو گروہ در گروہ کر کے شمار کیا۔
(الجمارا) یہود کے نزدیک مِشْنٰی کی شرح اور تکملہ (دیکھئے المِشْنٰی)۔
(جُمَارَی) سارے کے سارے کہا جاتا ہے (جاء القوم جمارَی)۔
(الجَمْرَةُ) انگارہ۔ کہاوت ہے: (لو قلتُ تمرةً لَقَالَ جَمْرَةً) اختلاف خواہشات کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ (۲) چھوٹی کنکری (۳) سخت اندھیرا۔ (۴) منٰی میں ماری جانے والی کنکریوں میں سے ایک۔
-القومِ وہ متحد ہونے والے لوگ جو یکجاں ہو گئے ہوں۔ کہا جاتا ہے (هم جَمْرَةٌ) وہ مضبوط طاقتور لوگ ہیں (ج) جَمْرٌ و جِمَارٌ و جَمَرَات کہاوت ہے (هَرِقْ علٰی جَمْرِكَ مَاءً) اپنے غصہ کو ٹھنڈا کرو۔ (۹) علم طب کے مطابق جلد اور اس کے تحتانی انسجہ میں پیدا ہونے والی سوزش کو کہتے ہیں۔
(جُ)
(الجُمَّارُ) کھجور کے درخت کی گوند (اس کا واحد جُمَّارَة ہے) کہاوت ہے (جُمَّارَةٌ تُؤكَلُ بالهَلَاسِ) اس مال کے بارے میں جو محنت سے کمایا جائے اور اس کا وارث نااہل بن جائے (۲) علم نباتات کے مطابق پودوں کا وہ گودا جس میں نرم و نازک جھلیاں ہوتی ہیں۔
(الجَمِیرُ) لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔
-من الشعر گوندھے ہوئے بال۔
-ابن جَمِیرٍ تاریک رات (۲) وہ چاند جو آخر ماہ تک برقرار رہے۔
-ابنا جمیرٍ دن و رات۔
(الجَمِیرَةُ) بالوں کی چوٹی (۲) بالوں کا گچھا (ج) جَمَائِرُ۔
(المِجْمَرُ) دھونی دان (۲) عود وہ لکڑی جس کی دھونی دی جائے۔ (ج) مَجَامِرُ۔
(المُجْمَرُ) وہ چیز جس سے دھونی دی جائے۔
(الجُمْرُكُ) کسٹم ڈیوٹی چونگی جو دوسرے ملک سے یا شہر سے آنے والے سامان پر لی جاتی ہے (اس کی اصل کُمرك ہے جو کہ ترکی لفظ ہے اور اس کی عربی مکس ہے) (د)
(جَمَزَ) الفرسُ و نحوه ـِ جَمْزًا و جَمَزَی. تیز رفتاری سے چلنا جو دوڑنے کے قریب ہو۔ (۲) اچھلنا کودنا۔
-الانسانُ تیز چلنا۔
-فلانٌ فی الارضِ جانا۔
-فلانًا و به مذاق اڑانا۔
(الجَمْزُ) کھجور کے درخت کی پکی ہوئی شاخیں (ج) اَجمازٌ و جُموزٌ۔
(الجَمْزَةُ) نبات کا خول جس میں دانہ ہوتا ہے (۲) کھجور یا پنیر کا ڈھیر (ج) جُمَزٌ۔
(الجَمَّازُ) من الدوابّ کودنے اور تیز چلنے والا جانور۔
(الجَمَّازَةُ) تنگ آستینوں والا اون کا جبہ۔ حدیث میں ہے (ان النبی صلی الله علیه وسلم توضأ فضاق عن یدیه كُمَّا جَمَّازَةٍ كانت علیه)
(الجَمَّازَةُ) رکشہ جیسی ایک گاڑی (مو)۔
(الجُمَّیزُ) ایک درخت جس کا پھل انجیر کے مشابہ ہوتا ہے۔
(الجُمَّیزَی) الجُمَّیزُ۔
(جَمَسَ) السمنُ و نحوه ـُ جَمْسًا و

خمُوسًا گھی کا جمنا۔
-النبتُ پودے کا خشک اور سخت ہونا۔
هو حامسٌ حدیث عمر رضی اللہ عنہ میں ہے: (لَمّا سُئلَ عن فارۃٍ وقعت فی سمنٍ: ان کان جَلِسًا القِی ماحولہ واُکل و ان کان مائعا اریق کلّہٗ)۔
(جَمَسَ) السَّمنُ و نحوُہ ـُ جموسۃً گھی کا جمنا۔ ھو جمیسٌ۔
(الجاموس) بھینس (یہ فصیلہ بقریہ سے ہے) (ج) جوامیس۔
(الجُماسِیَّۃُ) لیلۃٌ جُماسیَّۃٌ: ایسی ٹھنڈی رات جس میں پانی جم جائے۔
(الجَمسَۃُ) آگ۔
(الجُمسَۃُ) چھوارا، خشک کھجور۔ (۲) وہ کھجور جو پکنے کے باوجود سخت رہے (۳) اونٹوں کا گلہ (ج) جُمَسٌ۔
(جَمَشَ) نبات الارضِ ـُ جَمشًا کٹائی کرنا۔
-راسَہ، حلق کروانا (جَمَشَ شعرَہٗ بھی کہا جاتا ہے)۔
-النُّورَۃُ الشَّعرَ بال صفا پاؤڈر کا بالوں کا صاف کر دینا۔
الجسمَ بدن کا جاڑ ڈالنا۔
الضَّرعَ انگلیوں کے پوروں کے ذریعہ دودھ دوہنا۔
-المرأۃَ بیوی سے چٹکیاں لے کر یا گدگدی اٹھا کر عشق و محبت کرنا۔ ھو جامِشٌ و جَمّاشٌ (جمشتہ المرأۃ بھی کہا جاتا ہے)۔
(جَمَّشَ) المرأۃ جَمَشَھا۔
(الجُموشُ) بال صفا پاؤڈر۔
-سَنَۃٌ جَموشٌ ایسا سال جس میں نباتات ختم ہو جائیں۔
(الجَمِیشُ) بال صفا پاؤڈر (۲) بے نبات جگہ۔
(جَمَعَ) المُتفرِّقَ ـَ جَمعًا متفرق چیزوں کو اکٹھا کرنا۔ کہاوت ہے (تجمعین خلابۃً و صدودًا) ایسے شخص کے بارے میں جس میں دو بری عادتیں ہوں۔
-اللہُ القلوبَ دلوں کو ملا دینا۔
ھو جامعٌ و جَمُوعٌ و مِجمعٌ و جَمّاعٌ اور مفعول یہ ہے مجموعٌ و جمیعٌ۔
-القومُ لاعدائھم دشمنوں کے مقابلہ میں جمع ہونا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَکُمْ فَاخْشَوْھُمْ﴾
-لامرہٖ پختہ ارادہ کرنا۔
-علیہ ثیابَہٗ کپڑے پہننا۔
-الجاریۃُ الثِّیابَ لڑکی کا جوان لڑکیوں والا لباس پہننا۔
-مَاجَعْتُ بامرأۃٍ و عن امرأۃٍ میں نے عورت کے ساتھ جماع نہیں کیا۔
(اَجمَعَ) القومُ متفق ہونا۔
-الارضُ زمین کا بنجر ہونا۔
القِدرُ ہانڈی کا جوش مارنا۔
-المتفرقَ منتشر چیزوں کو اکٹھا کرنا۔
-الامرَ مضبوط کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَاَجْمِعُوْا کَیْدَکُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا﴾۔
-الامرَ و علیہ پختہ ارادہ کرنا۔ حدیث میں (مَنْ لَمْ یُجمِعِ الصِّیامَ من اللیل فَلا صِیامَ لہٗ)۔
-الشیئَ تیار کرنا (۲) سکھانا، خشک کرنا۔
-فلانًا مانوس کرنا۔
-الابلَ اونٹوں کو ایک ساتھ ہنکانا۔
-المطرُ الارضَ بارش کا زمین کے ہر حصہ پر پھیل جانا۔
(جَامَعَ) المرأۃَ جماع کرنا۔
-فلانًا علی امرِ کذا کسی معاملہ میں کسی کے ساتھ ہونا۔
(جَمَّعَ) الناسُ جمعہ کی نماز ادا کرنا۔
-الدجاجۃُ مرغی کا انڈوں کو پیٹ میں جمع کرنا۔
-المتفرقَ اکٹھا کرنا۔
(اجتَمَعَ) لازم جَمعَہٗ۔
-الرجُلُ داڑھی کا برابر ہونا اور پوری حد کو پہنچنا۔
-الماشی تیز چلنا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی رفتار کے بارے میں حدیث ہے (کان اذا مشی مشی مُجتمعًا)۔
(تَجَمَّعَ) سمٹنا، اکٹھا ہونا۔
(استَجمَعَ) سمٹنا، اکٹھا ہونا۔
-القومُ لوگوں کا ہر طرف سے آنا۔
-السَّیلُ سیلاب کا ہر جگہ سے اکٹھا ہونا۔
-الوادی وادی کے ہر طرف سے پانی بہنا۔
-البقلُ و نحوہ سبزی وغیرہ کا خشک ہو جانا۔
-للجری او الوثوب دوڑنے یا کودنے کے لئے تیار ہونا۔
-الرّجلُ جوان اور مکمل ہونا۔
لَہٗ امورُہٗ پسندیدہ اشیاء کا کسی کے پاس جمع ہونا۔
(اَجمَعُ) اسم تاکید بمعنی سب سارے کے سارے۔ جیسے جاء القومُ اجمعھم و باجمعھم (لوگ سارے کے سارے آئے) نلت حقی أجمعَہٗ و باجمعہ (میں نے پورا پورا حق حاصل کر لیا) (ج) اجمعون۔
(الاجماعُ) اتفاق رائے، عوام یا خواص کا کسی مسئلہ پر ایسا اتفاق ہوتا ہے جسے اس کی صحت کی دلیل سمجھا جائے (۲) فقہائے اسلام کے نزدیک اجماع اس اتفاق رائے کو کہتے ہیں جو کسی دینی معاملہ میں کسی زمانہ کے مجتہدین کی جانب سے ہو اور یہ اصول شرع میں سے ایک ہے (مج)۔
(الاجتماع) علم الاجتماع۔ علم معاشرت، عمرانیات۔ وہ علم جس میں انسانی جماعتوں کے نشوونما، ان کے مزاج ان کے قوانین اور نظام ہائے حیات سے بحث کی جائے۔
رجلٌ اجتماعیٌّ وہ آدمی جو لوگوں سے زیادہ ملتا جلتا ہو اور معاشرتی زندگی کے آداب سے واقف ہو (مج)
(الجامعُ) اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام (۲) جامع مسجد اسے مسجد الجامع بھی کہتے ہیں۔
-اَمرٌ جامعٌ ایسا اہم معاملہ جس کی وجہ سے

جب جمع ہوں۔ قرآن مجید میں ہے۔ ﴿وَاِذَا كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰى اَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ﴾

-کلامٌ جامعٌ جس کلام کے الفاظ کم اور معانی زیادہ ہوں۔

-قِدرٌ جامعٌ بڑی ہانڈی دیگ۔

اَتانٌ جامعٌ پہلے حمل والی گدھی (ج) جوامع۔

(الجامعَةُ) ہتھکڑی جس کے ذریعہ دونوں ہاتھ گردن تک باندھیں جائیں (۲) یونیورسٹی (محدث)۔

-قِدرٌ جامِعَةٌ بڑی دیگچی۔

-جمعتهُم جامعةٌ انہیں کسی اہم کام نے جمع کر دیا۔

-کلمةٌ جامعةٌ معنی خیز لفظ (ج) جوامع حدیث میں ہے (اوتیتُ جَوامعَ الکَلِم)۔

(الجِمَاعُ) جماعُ کلِّ شئٍ ہر چیز کی اصل اور بنیاد (۲) میزان۔ جیسے الخمرُ جماعُ الاثم شراب گناہوں کی جڑ ہے۔ هٰذه البابُ جماعُ عدة الابواب یہ باب ان تمام ابواب کا جامع ہے۔

-فلانٌ جِماعٌ لبنی فلان فلاں شخص فلاں قبیلہ کی پناہ گاہ ہے اور وہ اس کی رائے پر اعتماد کرتا ہے۔

-قِدرٌ جماعٌ ایک بڑا دیگچہ۔

کہا جاتا ہے (استاجرَ الاجیرَ جماعًا و مجامعةً) مزدور کو جمعہ کے دن مزدوری دی جائے گی۔

(الجماعَةُ) لوگوں کی جماعت اور درختوں کا جھنڈ (۲) انسانوں کا ایک گروہ جو کسی ایک مقصد پر اکٹھا ہو۔

(الجماعيّة) اشتراکیت۔ ایک اقتصادی نظام جو انفرادی دولت اور شخصی ملکیت کی بجائے جماعت کی ملکیت قرار دیتا ہے۔ ہر فرد کی ملکیت اس حد تک تسلیم کرتا ہے جس حد تک اسے جماعت کی ضرورت ہے (۲) بین الاقوامی ... (المعاهدة الجماعية) وہ معاہدہ جو دو یا دو سے زیادہ حکومتوں کے درمیان ہو (ج)۔

(الجَمْعُ): مجمع (۲) گروہ جماعت (۳) لشکر (۴) کھجور کا درخت جو ایسی گٹھلی سے پیدا ہو جس کی قسم معلوم نہ ہو۔ (۵) مختلف اقسام کی ملی جلی کھجوریں (۲) لاکھ جسے پگھلا کر مہر لگائی جاتی ہے (۷) (علم ریاضی کے مطابق) جمع (ج) (ج) جُموع۔

-یوم الجمع قیامت کا دن۔

-یوم جمع عرفہ کا دن۔

-ایام جمع منیٰ کے دن۔

(الجُمْعُ) کل' پورا جیسے ضَرَبَهُ بجُمْعِ يَدِهٖ (اسے پورے ہاتھ سے مارا) اور کہا جاتا ہے (اعطاه من الدراهم جُمْعَ الكف) اس نے اسے مٹی بھر درہم دیئے اور (اَخَذَ بجُمْعِ ثيابه) اس کے تمام کپڑے کھینچ لئے۔

-امرُهُم بجُمْعٍ ان کا معاملہ مستور اور پوشیدہ ہے۔

-ذهب الشَّهرُ بجُمْعٍ پورا مہینہ گزر گیا۔

(الجَمْعَاءُ) من البهائم: صحیح وسالم جانور۔ من النوق بوڑھی اونٹنی (ج) جُمْعٌ۔

(۲) جمعاء الفاظ تاکید میں سے بھی ہے۔ مؤنث کے لئے جاءَ تِ القبيلةُ جمعاءُ (ج)۔ جُمَعُ جیسے جاءَ تِ القبائل جُمَعُ۔

(الجُمْعَةُ) مجموعہ۔

(۲) جمعةٌ من تمرٍ: کھجور کی ایک مٹھی۔ (۳) محبت والفت۔

(اَدَامَ اللهُ جُمْعَةَ مابينكما) اللہ تم دونوں کی محبت قائم رکھے (۴) جمعہ کا دن۔

(الجُمُعَةُ. الجُمْعَةُ) جمعہ کا دن (ج) جُمَعٌ۔

(الجُمّاعُ) من كلِّ شئٍ اصل (۲) مجموعہ (۳) مختلف قبائل کے ملے جلے لوگ۔

جُمّاعُ الجَسَدِ سر۔

جُمّاعُ الثُّرَيَّا کہکشاں کے ستارے۔

(الجمعيّة) جماعت جو مخصوص اغراض و مقاصد لی حامل ہو۔

(الجَمِيعُ): سب' کل۔ سارے کے سارے۔ (۳) لشکر۔

-حَيٌّ جميعٌ پورا محلہ۔

-قوم جميعٌ پوری قوم۔

-رجلٌ جميعٌ مکمل آدمی' کامل الخلقت۔

-جميع الرأى صاحب الرائے آدمی۔

-جميع السِّلاح مکمل ہتھیاروں والا۔

-ناقةٌ جميعٌ وہ اونٹنی جس کے پیٹ میں بچہ ہو۔

-جميعٌ یہ الفاظ تاکید میں سے ہے جیسے اَخَذتُ حَقِّي جميعَه (میں نے اپنا پورا حق لیا)

(المُجتَمَعُ) اجتماع کی جگہ (۲) لوگوں کی جماعت۔

(المَجمَعُ) اجتماع کی جگہ (۲) مجمع (۳) ملاقات کی جگہ (۴) تحقیقی علمی ادارہ' اکیڈمی (ج) مجامع (محدث)

(المَجمَعَةُ): اجتماع کی جگہ (ج) مجامع۔

(المُجَمَّعَةُ) صاف ستھری تقریر۔

(المَجمُوعُ) ٹوٹل' میزان' حاصل۔ (ج)

(جَمَلَ) الشئَ ـُ جَمْلاً اکٹھا کرنا۔

الشَّحْمَ چربی پگھلانا۔

(جَمُلَ) ـُ جَمالاً خوبصورت ہونا۔

(۲) اخلاق کا اچھا ہونا هو جميلٌ (ج) جُمَلاءُ وهي جميلةٌ (ج) جَمائِل۔

(اَجْمَلَ) زیادہ اونٹوں والا ہونا۔

-فی الطَّلَب اعتدال کے ساتھ مانگنا۔ حدیث میں ہے (اَجمِلوا في طلب الرِّزقِ فاِنَّ كُلاًّ ميسَّرٌ لما خلق لهٗ)۔

-الشَّحْمَ چربی پگھلانا۔

-الشئَ اکٹھا کرنا۔

-الحساب اعداد جمع کرنا' حساب لگانا۔

-الكلامَ و فيه کلام کو اجمالاً ذکر کرنا۔

-الصَّنِيعَةَ عمدگی کے ساتھ کام کرنا' اچھی طرح انجام دینا۔

(جَامَلَه) حسن سلوک کرنا (۲) ظاہراً اچھی طرح پیش آنا' اظہار تعلق کرنا۔

(جَمَّلَه) عمدہ اور خوبصورت ہونا۔
دعا کے موقع پر کہا جاتا ہے (جَمَّلَ اللهُ علیكَ) اللہ تجھے خوبصورت اور عمدہ بنائے۔
-الامیرُ الجیشَ فوج کو روکے رکھنا۔
(اِجْتَمَلَ) پگھلی ہوئی چربی کھانا (۲) پگھلی ہوئی چربی ملنا۔
-الشحمَ چربی پگھلانا۔
(تَجَمَّلَ) لازم جَمَّلَه (۲) جتکلف حسین و جمیل بننا (۲) اظہارِ حسن کرنا۔ (۴) فقر پر صبر کرنا (۵) پگھلی ہوئی چربی کھانا۔
(اِسْتَجْمَلَ) البعیرُ اونٹ کا جوان ہونا۔
-الشئَ خوبصورت سمجھنا۔
(الجَامِلُ) اونٹوں کا گلہ (چرواہوں اور مالکوں سمیت)۔
-رجلٌ جَامِلٌ اونٹوں والا آدمی۔
(الجَمَالُ): حسن، خوبصورتی، خوش اخلاق (۲) صبر و تحمل کہا جاتا ہے۔ (جَمَالَكَ) صبر کر برداشت سے کام لے اور (جَمَالَكَ الّا تَفْعَلَ هٰذَا) تمہارے لئے بہتر ہے کہ یہ کام نہ کرو۔
(الجُمَّالُ) بہت زیادہ خوبصورت۔
(الجُمَالِيُّ) من الاہل والناس: موٹے اعضاء والا کامل الخلقت (۲) لمبا۔
(الجَمَلُ): بڑا اونٹ (۲) دو کوہان والا اونٹ۔ کہاوت ہے (مَا اسْتَتَرَ مَنْ قَادَ الجَمَلَ) اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو ایسا کام کرے جس کا چھپنا ممکن نہ ہو (ج) جُمْلٌ و اَجمالٌ و جِمَالٌ و اَجْمُلٌ و جِمَالَةٌ (جج) جُمَالات و جَمَائلُ (۲) موٹی رسی (۳) سمندری مچھلی۔
(الجُمْلُ) موٹی رسی۔
(الجُمَّلُ) موٹی رسی (۲) لوگوں کی جماعت۔
(الجُمْلَانَةُ) بلبل۔
(الجُمْلَةُ) ہر چیز کا مجموعہ، کل (۲) رقم (۳) مقدار۔
-اخذ الشئَ جُمْلَةً اس نے پوری چیز لے لی۔
-باعَهٗ جُمْلَةً اس نے تھوک میں فروخت کر لیا۔
-اہل بلاغت اور نحاۃ کے نزدیک ہر وہ کلام جو مسند اور مسند الیہ پر مشتمل ہو (ج) جُمَلٌ۔
(الجَمَلُوْن) کوہان نما چھت (د)۔
(الجَمَّالُ): اونٹوں والا (۲) اونٹوں کا نگران (ج) جَمَّالَةٌ۔
(الجُمَّالُ) بہت زیادہ خوبصورت۔
(الجُمَّلُ) موٹی رسی۔
(حساب الجُمَّلِ) حساب ابجد یعنی وہ حساب جس میں حروف ابجد میں ہر حرف کے لئے ایک ہزار تک مخصوص ترتیب کے ساتھ اعداد مقرر کئے جاتے ہیں۔
(الجُمَيْلُ) بلبل۔
(الجَمُوْلُ) موٹی عورت (۲) چربی پگھلانے والا (ج) جُمُلٌ۔
(الجَمِيْلُ) پگھلا کر جمائی ہوئی چربی۔
(الجُمَيْلُ) بلبل (ج) جِمْلان۔
(المُجْمَلُ) من الکلام مختصر کلام۔
(۲) تصویر کا دھندلا خاکہ جس میں مختلف کیفیات ملحوظ رکھی گئی ہوں۔ (مج)
(جَمَّ) ـُ جَمًّا و جُمُوْمًا اکٹھے اور زیادہ ہونا۔ ھو جَمٌّ۔
-البئرُ کنویں سے پانی نکالنے کے بعد پھر زیادہ ہو جانا۔
-الفرسُ وغیرہ جمًّا و جَمَامًا گھوڑے کا آرام کر کے تازہ دم ہونا۔
-العظمُ ہڈی پر گوشت چڑھنا۔ ھو جَامٌّ۔
-الفرسُ جَمَامًا جفتی کو چھوڑنا اور طاقت جمع کرنا۔
-الامرُ قریب ہونا، وقت آنا۔
-الماءَ و نحوَہ پانی کو چھوڑ دینا تاکہ بڑھ جائے۔
-الاناءَ والمِکیالَ و نحوھما برتن یا پیمانہ کو لبالب کرنا۔ فالمکیال جَمَّامٌ وَجَمَّانٌ وھی جَمّٰی۔
-قَصْعَةٌ جَمّٰی چھلکتا ہوا پیالہ۔
(جَمَّ) العَظْمُ ـَ جَمَمًا ہڈی پر گوشت چڑھنا۔
-الرجلُ والمراۃُ مرد و عورت کا زیادہ گوشت والا ہونا۔
-الکبشُ والنَّعجۃُ و نحوھما مینڈھے اور مینڈھی کا بے سینگ ہونا۔ کہاوت ہے (عند النّطاح یُغلبُ الکبش الاجَمّ) ایسے شخص کے بارے میں جو اپنے مقابل پر اپنی تیاری سے قابو پالیتا ہے۔
-الرجلُ بغیر ہتھیار کے لڑائی میں کود پڑنا۔
-البناءُ عمارت کا بالکنی کے بغیر ہونا۔
-السطحُ چھت کا بلا رکاوٹ ہونا۔ ھُوَ اَجَمُّ وھی جَمَّاءُ (ج) جُمٌّ۔
(اَجَمَّ) الانسانُ والفرسُ ونحوھما آرام کر کے تھکن دور کرنا۔
-الامرُ قریب ہونا اور وقت آنا۔ کہا جاتا ہے (اَجَمَّتِ الحاجۃُ و اَجَمَّ الفِراقُ)۔
-الماءَ و نحوہ پانی کو جمع کرنے کے لئے چھوڑ دینا۔
-الاناءَ والمکیالَ و نحوھما لبالب بھرنا۔
-الانسانَ والفرسَ و غیرھما آرام کرانا کہا جاتا ہے (اَجِمَّ نفسكَ و اَجِمَّهَا)
فلانٌ لِسانَهٗ من الکلام زبان کو ترک کلام کے ذریعہ آرام دینا۔
(جَمَّمَ) النباتُ پودوں کا کھڑا ہونا اور زیادہ ہونا۔
-المراۃُ عورت کا مردوں کی طرح زلفیں بنانا۔
-شَعْرَہٗ بالوں کا گچھا بنانا۔ حدیث میں ہے (لعن اللہ المجمّمات من النساء)۔
الاناءَ والمکیالَ و نحوھما لبالب بھرنا۔
(تَجَمَّمَ) النبتُ پودوں کا کھڑا اور گھنا ہونا
(اِسْتَجَمَّ) اکٹھا ہونا اور زیادہ ہونا۔
-الارضُ زمین کا پیداوار نکالنا۔
-الانسانُ والفرسُ و غیرھما آرام کرنا،

ستنا۔
-الشیئَ: کسی چیز کو چھوڑنا تا کہ وہ اپنی حالت پر لوٹ آئے۔
-البئرَ: کنویں کو پانی سے بھرنے دینا۔
-الفرسَ: گھوڑے کو آرام دینا۔
-نفسَه: آرام کرنا۔
(الجَمَامُ): راحت' آرام۔
(الجُمَامُ): برتن کا بھرنا۔
-من الاناء والمکیال ونحوهما: وہ برتن یا پیانہ جو لبالب بھرا ہو۔
(الجَمَامَةُ): راحت' آرام۔
(الجَمُّ): ہر چیز کی زیادتی۔ قرآن مجید میں ہے۔ ﴿وَتُحِبُّونَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا﴾۔
-من الشیئِ: ہر چیز کا بڑا حصہ۔ (ج) جِمَامٌ و جُمُومٌ۔
-جاءُوا جَمًّا غَفِيرًا و جَمَّ الغفیرِ والجَمَّ الغفیرَ: وہ سب اکٹھے ایک ساتھ آئے۔
(الجَمَّةُ): ہر چیز کا اکٹھا پن اور زیادہ (۲) من الاناء والمکیال: لبالب۔ (۳) سینہ۔
(الجَمَّاءُ): خود سر پر پہننے کا ہتھیار (۲) بڑی تعداد جیسے جاءُوا الجَمَّاءَ الغفیرَ وجماءَ الغفیرِ: وہ سب بڑی تعداد میں آئے۔
(الجُمَّانِيُّ): بڑی بڑی زلفوں والا آدمی۔
(الجَمَّةُ): مؤنث الجَمِّ۔
-جَمَّةُ البئرِ و نحوها: وہ کنواں جس میں پانی کم نہ ہو۔
-جَمَّةُ السفینۃِ: کشتی کا وہ حصہ جس میں درزوں سے آنے والا پانی جمع ہو جائے۔
-جاءُوا فی جَمَّةٍ: وہ دیت لینے کے لئے اکٹھے ہو کر آئے (ج) جِمَامٌ۔
(الجُمَّةُ) من الانسان: پیشانی کے گھنے بال (۲) مونڈھوں تک لٹکے ہوئے بال (۳) پانی کی بڑی مقدار (ج) جُمَمٌ و جِمَامٌ۔
جاءُوا فی جُمَّةٍ: وہ دیت طلب کرنے کے لئے جماعت کی صورت میں آئے۔
(الجَمُومُ): بڑی تعداد والی شے۔
بئرٌ جَمُومٌ: زیادہ پانی والا کنواں۔

فَرَسٌ جَمُومُ العَدْوِ: ہمیشہ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
(الجَمِيمُ): بڑی مقدار والی شے۔ (۲) بہت زیادہ پودے جو زمین کو ڈھانپ لیں۔
(المَجَمُّ): پانی ٹھہرنے کی جگہ (۲) سینہ کہا جاتا ہے (فلانٌ واسع المجمّ) کشادہ دست' فراخ دل اور (فلانٌ ضیقُ المجم): تنگ دل' تنگ دست (ج) مَجَامُّ۔
(المَجَمَّةُ): راحت کا سبب حدیث تلبینہ میں ہے (فإنّها مجمّةٌ)۔
(الجُمَانُ): موتی (۲) موتی کی شکل میں ڈھالا ہوا چاندی کا دانہ (۳) ایک چمڑہ جس پر موتی جڑے ہوں' عورتیں اسے زیبائش کے لئے استعمال کرتی ہیں۔ (مع)
(جَمْهَرَ) الشیئَ: اکٹھا کرنا۔
-القبرَ: قبر پر مٹی ڈالنا۔
-الکلامَ: مختصر اور مجمل کلام کرنا۔
-لہ الخبر و إليه و عليه: بات کا اکثر حصہ بتا دینا (۲) تھوڑی بات بتانا اور مطلب کو چھپا دینا۔
(تَجَمْهَرَ) عليه: بڑا بنانا۔
الناسُ: لوگوں کا جمع ہونا (مو)۔
(الجُمَاهِرُ): موٹا بھاری بھرکم۔
(الجُمْهُرَةُ) من کل شیئ: ہر چیز کا بڑا حصہ۔ (ج) جماهِرُ۔
(الجُمْهُورُ) من کل شیئ: ہر چیز کا بڑا حصہ۔
-من الرّمل و نحوہ: ریت کا ٹیلہ۔
-من الناس: اکثر لوگ (ج) جَمَاهِيرُ۔
-جَمَاهِيرُ الناس: معزز لوگ۔
(الجُمْهُورَةُ) من الرمل: ریت کا ٹیلہ۔ (ج) جماهِيرُ۔
(الجمهوری): نسبت ہے جمہور کی طرف یعنی عوامی (۲) نشہ آور شراب۔
-الحکمُ الجمهوریُّ: جمہوری حکومت۔
(الجمهوریۃُ): عوامی حکومت جو ان لوگوں کے ہاتھوں میں ہوتی ہے جن کو عوام منتخب کرتے ہیں اور وہ مقررہ نظام کے مطابق محدود

وقت کے لئے ہوتی ہے۔
(المُجَمْهَرُ): پیدائشی طور پر مضبوط و محکم۔
-مُجَمْهَرَاتُ العَرَبِ: وہ سات قصائد جن کا درجہ معلقات سبعہ کے بعد ہے۔
(تَجَمَّى): اکٹھے ہونا۔ جیسے (تجمّوا علیه)۔
(الجَمَا) من کل شیئ: ہر چیز کی ذات (۲) جسم (۳) مقدار (۴) ابھار (۵) پشت (۶) زمین پر ابھرا ہوا پتھر (۷) بدن پر ہونے والا ورم۔
(الجَمَاءُ والجَمَاءَةُ): الجما۔

ج ...... ن

(جَنَأَ) ـَ جُنُوءًا: جھکا ہوا ہونا' کبڑا ہونا۔
-عليه: کسی پر اوندھا ہونا۔
جَنَأَ فی عَدْوِہ: تیزی سے چل کر اوندھا ہونا۔
(جَنِئَ) ـَ جَنَأً: پیدائشی کبڑا ہونا۔
علیه: اوندھا ہونا۔
- الکَبْشُ و نحوہ: مینڈھے وغیرہ کے سینگوں کا پیچھے مڑا ہوا ہونا۔ هو أجْنَأُ وهی جَنْآءُ (ج) جُنْءٌ۔
(أجْنَأَ) علیه: اوندھا ہونا۔
الشیئَ: موڑنا' ٹیڑھا کرنا۔
(جَانَأَ) علیه: اوندھا ہونا۔
(اِجْتَنَأَ) علیه: اوندھا ہونا۔
(تَجَانَأَ) علیه: اوندھا ہونا۔
(الأجْنَاءُ): کبڑا (۲) جس کا مونڈھا سینہ پر جھکا ہوا ہو۔
(المُجْنَاءُ): ڈھال۔
(المُجْنَاةُ): قبر کا گڑھا۔
(جَنَبَ) فلانٌ فی بنی فلانٍ ـُ جَنَابَةً: کسی کے پاس مسافر بن کر ٹھہرنا۔
-الریحُ جنوبًا: ہوا کا جنوب کی طرف سے آنا یا جنوب کی طرف جانا۔ کہا جاتا ہے (جَنَبَتْ ریحُهما) دونوں باہم متفق اور مخلص ہیں۔
-الیه جَنَبًا: مشتاق ہونا۔
الشیئَ: دور ہونا (۲) دور کرنا (۳) دینا۔ (۴) پہلو میں رکھنا (۵) دھکا دینا۔

-البعیرَ اونٹ کے پہلو پر داغ لگانا۔
البیتَ ونحوہٗ گھر پر پردہ ڈالنا۔
- الفرسَ او الاسیرَ جَنباً گھوڑے یا قیدی کو برابر لے کر چلنا۔
-فلاناً الشیَٔ جَنباً و جُنُوباً و جَنابَةً ہٹانا بچانا قرآن مجید میں ہے ﴿وَاجْنُبْنِیْ وَبَنِیَّ اَنْ نَعْبُدَ الْاَصْنَامَ﴾۔
(جَنِبَ) ۔ جَنَباً دور ہونا (۲) پہلو میں درد ہونا (۳) پہلو کی طرف مائل ہونا (۴) لنگڑا ہونا (۵) پیاس کی شدت سے تڑپنا۔
-الیه مشتاق ہونا حسرت کرنا ھو جَنِبٌ۔
الریحُ جنوب سے یا جنوب کی طرف ہوا چلنا۔
فلانٌ جنبی ہونا۔
(جَنُبَ) ۔ جَنابَةً دور ہونا (۲) قریب ہونا ھو جنیبٌ (۳) جنبی ہونا۔
(جُنِبَ) پہلو میں درد ہونا (۲) نمونیا میں مبتلا ہونا (۳) جنوبی ہوا لگنا۔
-الریحُ جَنَبَتْ۔
-فلاناً الشیَٔ ہٹانا بچانا۔
(جَانَبَه) پہلو میں رہنا یا پہلو کی طرف چلنا (۲) دور کرنا۔ کہاوت ہے (قَد جانب الرَّوْضَ و اَهْوَی للجَرَل) اس شخص کے بارے میں جو خیر کو چھوڑ کر شر اختیار کرے۔
(جَنَّبَ) القومُ دودھ کا کم اور خشک ہونا۔
-العامُ قحط سالی ہونا۔
الشیَٔ او الفرسَ پہلو میں لے کر چلنا۔
- فلاناً الشیَٔ دور کرنا۔
(اَجْنَبَ) جنبی ہونا۔
الشیَٔ کنارہ کش ہونا دور ہونا۔
الفرسَ و نحوہ پہلو کی طرف کھینچنا۔
(تَجَانَبَ) الغلامان بچوں کا آنکھ مچولی کھیلنا۔
-الشیَٔ دور ہونا۔
(تَجَنَّبَ) جنبی ہونا۔
الشیَٔ بچنا پہلو تہی کرنا کہا جاتا ہے (ھو مُتَجَنِّبٌ لَه)۔
(اسْتَجْنَبَ) جنبی ہونا۔

(الاَجْنَبُ) اجنبی پرانا غیر (۲) نافرمان (ج) اَجانب۔
(الاَجْنَبِیُّ) اجنبی ناواقف کہا جاتا ہے (ھو اَجْنَبِیٌّ من ھذا الامرِ) وہ اس کام سے ناواقف ہے (۲) غیر ملکی (ج) اجانب۔
(الجانبُ) پہلو (۲) گوشہ کہاوت ہے (اِنْ جانبَ أعیاكَ فالحق بجانب) کسی معاملہ کی تنگی اور مصروف رہنے پر ابھارنے کے لئے کہا جاتا ہے (۳) محلہ یا گھر کا صحن (ج) جوانب کہا جاتا ہے (انّه لمنتفخ الجوانب) وہ متکبر ہے (۴) پردیسی (۵) حقیر جس سے گریز کیا جائے (۶) سرکش نافرمان (ج) جُنّابٌ۔
(الجَنَابُ) کونہ گوشہ کہا جاتا ہے (مَرُّوا یسیرُونَ جَنَابَیْه) وہ اس کے دونوں حصوں سے گزرے (۲) گھر یا محلہ کا صحن (۳) حفاظت و کفالت کہا جاتا ہے (انا فی جَنابِ فلانٍ) میں فلاں کی حفاظت و کفالت میں ہوں۔
-فلانٌ رحبُ الجناب و خصیب الجناب سخی (ج) اَجْنِبَة۔
(الجُنَابُ) پہلو کا درد یا پھوڑا (۲) نمونیا (ع)۔
(الجِنَابُ) گھوڑے کا تسمہ یا ڈوری۔
کہا جاتا ہے (لَجَّ فلانٌ فی جِنابٍ قبیحٍ) اپنے اہل و عیال سے قطع تعلق کر لی۔
-فرسٌ طوع الجناب فرماں بردار گھوڑا۔
(الجُنَابَی) بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک بچہ دوسرے سے دور رہتا ہے تاکہ وہ پکڑ نہ لے۔
(الجَنَابَاء) الجُنابَی۔
(الجَنَابَةُ) حالت جنابت۔ جو منی کے نکلنے یا جماع کی وجہ سے ہوتی ہے۔ کہتے ہیں (فلانٌ اغتسل من الجنابة) (۲) گوشہ کہتے ہیں (مَرُّوا یسیرون جنابتیه و قعدوا جنابتیه) وہ اس کے ارد گرد چلے یا بیٹھے۔
(الجَنْبُ) مِن کل شیٔ کونہ گوشہ۔

(۲) پہلو سمت (۳) بدل و مقابلہ کہا جاتا ہے (ھٰذا قلیلٌ فی جَنْبِ مودّتك) یہ تیری محبت کے بنسبت کم ہے اور (ماذا فعلت فی جنب حاجتی) آپ نے میرے کام کا کیا کیا؟ قرآن مجید میں ہے (یَا حَسْرَتَا مَافَرَّطْتُ فی جنب اللّٰهِ) (ج) جُنُوبٌ و اَجْنَابٌ۔
جارُ الجَنْبِ پہلو میں رہنے والا۔
-الصاحب بالجنب سفر و حضر کا ساتھی۔
-اعطاءُ الجنبِ فرماں بردار ہونا۔
-ذو الجنب جس کے پہلو میں درد ہو۔
ذات الجنب نمونیا (اور جس کے پہلو میں اس کی وجہ سے درد ہو)۔
(الجَنَبُ) فی السِّباق گھڑ سوار کا دوڑ کے وقت اپنے پہلو میں دوسرا گھوڑا رکھنا کہ جب پہلا تھک جائے تو دوسرے کو دوڑائے (۲) پست قامت۔
(الجُنُبُ) دور قرآن مجید میں ہے ﴿فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ وَّهُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ﴾ (۲) قریب (۳) پڑوس میں قیام کرنے والا پردیسی (جارُ الجُنُبِ اور جارٌ جُنُبٌ) (۴) سفر کا ساتھی (۵) نافرمان (۶) جنبی (اس میں مفرد جمع وغیرہ سب برابر ہیں) (ج) اَجْنَابٌ۔
(الجَنْبَةُ) من الشیٔ کنارہ گوشہ۔ (۲) پرہیز علیحدگی حدیث میں ہے (علیکم بالجَنْبَةِ فانها عفاف) (۳) وہ درخت جو گرمیوں میں ہرا بھرا رہے۔ (۴) درختوں اور سبزیوں کے درمیان اگنے والی گھاس۔
(الجَنَبَةُ) کنارہ گوشہ۔
(الجُنَبَةُ) بہت زیادہ بچنے والا۔
(الجُنّابُ) پہلو بہ پہلو رہنے والا ساتھی۔
(الجَنُوب) سمت جنوب (۲) جنوبی ہوا کہتے ہیں (ریحهما جنوبٌ) وہ دونوں مخلص دوست ہیں (ج) جنائب۔
(الجَنِیبُ) وہ گھوڑا وغیرہ جو برابر لے جایا جائے (۲) الگ رکھا جانے والا (۳) مخلص

دوست (۴) فرمانبردار (۵) لنگڑا کر چلنے والا
(۶) مسافر، پردیسی (۷) ایک عمدہ قسم کی کھجور
(ج) جُنُبٌ۔
(الجَنِيبَةُ) لگام سے کھینچا جانے والا جانور۔
(۲) وہ اونٹنی جو کسی کو کھانا لانے کے لئے دی
جائے (۳) اونٹ کے پہلو میں لدا ہوا بوجھ اور
یہ دو ہوتے ہیں جیسان (ج) جنائب۔
اطاعت جَنِيبَتَه فرماں برداری کرنا۔
فلانٌ تقاد الجنائب بين يديه. فلان بہت
بڑا آدمی ہے۔
(المَجْنَبُ) بہت زیادہ بھلائی یا برائی (ج)
مجانِبُ۔
(المِجْنَبُ) المَجْنَبُ (۲) کھرپا، کدال
(۳) جس چیز پر چڑھ کر شہد جمع کیا جائے (۴)
ڈھال (۵) پردہ (۶) وہ ممالک کے درمیان
حد بندی (ج) مجانِبُ۔
(المُجَنِّبَةُ) من الجيش لشکر کا ہر اول
دستہ مقدمة الجيش۔
(المُجَنِّبَةُ) فوج یا لشکر کا دایاں یا بایاں دستہ
اور یہ دو ہوتے ہیں۔ حدیث میں ہے۔
(أنّه صلى الله عليه وسلم بعث خالد بن
الوليد يوم الفتح على المُجَنِّبَةِ اليُمنٰى
والزبيرَ على المُجَنِّبَةِ اليُسرٰى)۔
(تَجَنَّثَ) اپنے خاندان کے علاوہ کسی اور کی
طرف منسوب ہونا (۲) کسی چیز کو چھپانے کے
لئے اس پر لیٹ جانا۔
الطائرُ پرندہ کا بازو پھیلا کر بیٹھنا۔
عليه کسی سے محبت وشفقت کرنا۔
(الجِنْثُ) جنس (۲) تلاہٹ (۳) درخت
کا تنہ (ج) اَجناث و جُنوثٌ۔
(الجِنْثِيُّ) لوہار (۲) زرہ ساز
(۳) تلوار (۴) زرہ (۵) عمدہ قسم کا لوہا۔
(ج) اَجناثٌ۔
(الجُنْجُنُ والجِنْجِنُ) سینہ کی ہڈی (ج)
جناجن۔
(الجنجنة والجِنجِنَةُ) سینہ کی ہڈی (ج)
جناجن۔

(الجُنْجُونُ) سینہ کی ہڈی (ج) جَنَاجِين۔
(جَنَحَ) ۔ جَنْحًا و جُنُوحًا: جھکنا۔
-اليه و له مائل ہونا، پیروی کرنا۔
-الانسانُ والبعيرُ: ایک پہلو پر جھکنا۔
-السفينةُ: کشتی کا تھوڑے پانی میں زمین سے
لگنا۔
-الطائرُ اڑتے وقت پرندہ کا بازو ٹوٹ جانا۔
-الرجل فرمانبرداری کرنا۔
-الليل رات کا آنے یا جانے کے قریب ہونا
(جَنَحَ الظلامُ) کہا جاتا ہے۔
-الحيوان في سيره: تیز دوڑتے وقت
جانور کا گردن آگے کی طرف جھکانا۔
-فلانٌ على مِرْفَقَيه: کہنیوں کو زمین یا تکیہ پر
رکھ کر سہارا لینا۔
-على الشيُ: کسی چیز پر ایسا جھکنا کہ ہاتھ اس
میں مصروف ہوں اور سینہ اس کے قریب ہو۔
-أنْ يَأكُلَ كَذَا: کسی چیز کے کھانے کو گناہ
سمجھنا۔
-الطائرَ و غيرَه جَنْحًا پرندہ کے بازو یا پسلی
پر مارنا (۲) بازو توڑ دینا۔
(جُنِحَ) بازو یا پسلی ٹوٹ جانا۔
(اَجْنَحَ) الشيُ جھکانا۔
(جَنَّحَه) دونوں بازوؤں سے کام کرنا۔
-المخالفةُ او الجنايةَ خلاف ورزی اور جرم
کو گناہ سمجھنا۔
(اجْتَنَحَ) الانسانُ: بازو یا پسلی ٹوٹ جانا۔
-السفينةُ کم پانی میں کشتی کا زمین کے ساتھ
لگ جانا۔
-الرجلُ على رَحْله. دونوں ہاتھوں پر
اوندھے ہو کر تکیہ کی طرح سہارا لینا۔ حدیث
میں ہے (مرض رسولُ الله صلى الله
عليه وسلم فوجد خِفّةً فاجْتَنَحَ على
أسامة حتى دخل المسجد)۔
-في السجود سجدہ میں بازوؤں کو کھڑا کر
کے ہتھیلیوں کو زمین پر رکھنا۔
-الحيوانُ في سيره ایک پہلو پر جھکتے
ہوئے چلنا۔

-الشيُ: جھکانا۔
(تَجَنَّحَ) ۔ لازم جَنَّحَه۔
-في السجود: اجْتَنَحَ۔
(استَجنَحَ) الليل رات آ جانا۔
(الجانِحَةُ) پہلو جانب (ج) جوانِحُ۔
(الجَناح) پرندہ کے پر (۲) شانہ (۳) بغل
(۴) جانب، پہلو (۵) عمارت کا حصہ جیسے
جناحُ القصر (۶) مجموعہ، سیٹ (۷) ہر وہ چیز
جو چوڑائی میں ترتیب سے لگائی جائے
(۸) سائیڈ رُفٹ بال کے گیارہ کھلاڑیوں میں
سے ایک۔ یہ دو ہوتے ہیں۔ ایمن اور ایسر۔
(ج) اَجنِحَةٌ و اَجْنُحٌ قرآن مجید میں ہے۔
﴿اُولِي اَجْنِحَةٍ مَثْنٰى و ثُلٰثَ وَرُبٰعَ﴾۔
-جناحا الرَّحى: چکی کے دو پاٹ۔
-جناحا النصل: پھلکے کی دو دھاریں۔
-جناحا العسكر لشکر کے دو بازو۔
-جناحا الوادي: وادی کے دو نالے۔
-فلانٌ في جناح فلانٍ وہ فلاں کی حفاظت
وہ کفالت میں ہے۔
-وهو على جناح سفر. وہ سفر کا ارادہ
کرنے والا ہے۔
-ركب جناحَي طائرٍ وطن سے دور ہونا۔
-ركب جناحَي نعامةٍ کسی کام کی کوشش
اور اہتمام کرنا۔
-هو في جناحَي طائرٍ وہ پریشان اور رنجیدہ
ہے۔
-خفض له جَنَاحَه کسی کے سامنے عاجزی
اور تواضع اختیار کرنا۔ قرآن مجید میں ہے
﴿وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ
الرَّحْمَةِ﴾۔
فلانٌ مقصوص الجناح عاجز۔
(الجُناحُ) جرم اور گناہ (۲) گناہ کی طرف
میلان (۳) غم و تکلیف کا صدمہ (۴) کسی چیز
کا مجموعہ۔
-انا اليك بجُناحٍ میں آپ کا شائق ہوں۔
(الجناحِيَّةُ) غالی شیعوں کا ایک گروہ جو
عبدالله ابن معاویہ ابن عبدالله ابن جعفر

ذوالجناحین کے ساتھی ہیں۔
(الجنحُ) گوشہ (۲) پناہ (۳) کنارہ۔
-من اللیل رات کا ٹکڑا (۲) رات کا اندھیرا۔
-من الطریق و نحوِہ. راستہ کی ایک جانب۔
(الجُنحُ) مِنَ اللیلِ: رات کا ایک ٹکڑا۔
(الجُنحَۃُ) مجرمانہ فعل' قابل سزا جرم۔
(المَجنَحَۃُ) پالان کے اگلے حصہ پر ڈالا جانے والا چمڑہ کا ٹکڑا (ج) مجانح۔
(جَنَّدَ) الجنودَ. فوج کو اکٹھا کرنا۔
-فلاناً فوجی یا سپاہی بنانا (مو)
(تَجَنَّدَ) سپاہی بننا' فوج میں بھرتی ہونا۔
(الجُنَادِیُّ) وہ کپڑے جس سے دیواروں کو پردہ کرایا جائے (۲) غالیچہ کی ایک قسم' حدیث سالم ﷺ میں ہے (سَتَرْنَا البیتَ بِجُنَادِیٍ اَخضَرَ فَدَخَلَ ابوایوب فلمّا رآہ خرج اِنکاراً لہ)۔
(الجُندُ) فوج' لشکر (۲) مددگار۔
(ج) اَجنَادٌ و جُنُودٌ۔
(الجَنَدُ) موٹی سخت زمین (۲) ٹھیکرا' مٹی جیسا پتھر۔
(الجُندِیّ) سپاہی (۲) فوجی۔
(الجندیَّۃُ) فوجی نظام (مو)
(الجُندُبُ) ٹڈی کی ایک قسم' جو اچھلتی ہے اڑتی ہے اور آواز نکالتی ہے (ج) جنادبُ کہاوت ہے۔ (صَرَّ الجُندُبُ) یعنی معاملہ خطرناک ہو گیا ہے۔
-اُمّ جُندُب دھوکہ' ظلم' مصیبت۔
رکب اُمّ جُندب: اس نے ظلم کیا اور دھوکہ دیا۔
-وقعَ بامّ جندب ظلم کرنا اور غیر قاتل کو قتل کرنا۔
(النَّدبُ) الجُندُب۔
(جَندَرَ) الثوبَ و نحوَہ: کپڑے کی رونق کو لوٹانا۔
الکتاب: کتاب کے مٹے ہوئے حرفوں کو قلم پھیر کر واضح کرنا۔

(الجَندَرَۃُ) لکڑی کی مشین جس سے کپڑوں کو صاف اور سیدھا کیا جاتا ہے (مع)۔
(جندُفلی) (دیکھئے. ج م ف ل)۔
(الجُنَادِلُ) مضبوط و باعظمت آدمی (ج) جنادِلُ۔
(الجَندَلُ) پانی کے بہاؤ کی وہ جگہ جہاں پتھر ہوتے ہیں اور پانی زور سے برستا ہے (مع)۔
کہاوت ہے (جندلتان اصطکّتا): دو ہم پلہ آدمی ٹکرا گئے (ج) جنادِلُ۔
(جَنَزَ) الشیَ - جَنزاً. چھپانا۔
(۲) اکٹھا کرنا۔
-المیتَ: میت کو چار پائی پر رکھنا۔ جنازہ پڑھنا۔
(جَنَّزَ) المیتَ: میت کا جنازہ پڑھنا' چار پائی پر رکھنا۔
(الجنازۃُ) مردہ (۲) مردہ کی چارپائی یا جنازہ (۳) غمناک خبر۔ کہاوت ہے (ضُرِبَ حتّی تُرِکَ جنازۃً وطُعِنَ فی جِنازتِہ) مر جانا (ج) جنائز۔
(الجنائزیّ) جنازہ کے سامنے قرأت کرنے والا۔
-اللحن الجنائزیّ: جنازہ کے سامنے بجائے جانے والی دھن (مو)۔
(الجَنزِیر) زنجیر (مع)۔
(جَنَسَتِ) الرُّطَبۃُ ـُ جَنساً. کھجوروں کا اچھی طرح پک جانا کہ وہ ایک جنس معلوم ہوں۔
(جَانَسَہ) ہم شکل ہونا (۲) ہم جنس ہونا۔
(جَنَّسَ) الاشیاءَ الگ الگ قسمیں بنانا۔
(۲) ہم جنس بنانا۔
(تَجَنَّسَ) لازم جَنَّسَہ۔
(تَجَانَسَا) جنس میں متحد ہونا۔
(التَّجنیسُ) تجنیس الکسور علم ریاضی کے مطابق حسابی کسور کو ایسی کسور میں منتقل کرنا جن کا مقام ایک ہو۔
(الجِنَاسُ): اہل بلاغت کی اصطلاح میں دو کلموں کا اکثر یا تمام حروف میں یکساں اور معنی

کے اعتبار سے مختلف ہونا۔
(الجِنسُ): اصل (۲) صنف' نوع (۳) مناطقہ کی اصطلاح میں جنس وہ کلی ہے جو ایسے بہت سے افراد پر بولی جاتی ہے جن کی نوع مختلف ہو۔ یہ نوع سے زیادہ عام ہے۔ حیوان جنس ہے انسان نوع ہے (۴) علم الاحیاء میں انسان کی دو صنفوں مذکر و مؤنث کو کہا جاتا ہے پس مرد ایک صنف ہے اس کے مقابلہ میں عورت دوسری صنف ہے (۵) نر اور مادہ کا جنسی ملاپ' جفتی (ج) اجناسٌ و جُنُوسٌ۔
(الجنسیُّ). جنسی (۲) قانونی طور پر ایک قانونی تعلق جو کسی شخص کو کسی مملکت کی طرف سے ملتا ہے خواہ اصلی ہو یا حاصل ہوا ہو۔ (مع)
(الجنسیَّۃُ) قومیت' حق شہریت۔
(الجَنِیسُ) سفید و زرد رنگ کی مچھلی۔
(الجَنِیسُ) قدیم شہری' اپنی جنس میں اصل۔
(جَنَفَ) - جُنُوفاً الگ ہونا' ظلم کرنا۔
-علیہ و عنہ الگ ہونا۔
-فیہ ظلم کرنا۔
(جَنِفَ) - جَنَفاً' جَنَفَ قرآن مجید میں ہے ﴿فَمَنْ خَافَ مِنْ مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْمًا فَاَصْلَحَ بَیْنَهُمْ فَلَاۤ اِثْمَ عَلَیْهِ﴾ ھو جَنِفٌ (۲) ایک پہلو کا دوسرے سے ہٹ جانا (۳) کبڑا ہونا۔ ھو اَجنَفُ وھی جَنفاءُ (ج) جُنفٌ۔
(اَجنَفَ) جَنِفَ۔
-فلاناً فیصلہ میں کسی کے ساتھ زیادتی کرنا۔
(جَانَفَ) القومَ لوگوں سے الگ رہنا۔
لَجَّ فی جنافٍ قبیحٍ. اہل و عیال سے قطع تعلق کر لینا۔
(تجانَفَ) مائل ہونا' قرآن مجید میں ہے ﴿فَمَنِ اضْطُرَّ فِیْ مَخْمَصَةٍ غَیْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ﴾۔
-عنہ اعراض کرنا۔
-لہ و الیہ مائل ہونا۔
-فی مشیتہ اکڑ کر اور مٹک کر چلنا۔
(الاَجنَفُ) کبڑا۔

-قَدَحٌ اجنف بڑا پیالہ۔
(الجُنافِیُّ) اکڑ کر اور مٹک کر چلنے والا۔
(المِجنَفُ) حصمٌ مجنفٌ ظالم دشمن۔
(جَنقَه) ۔ جَنقًا منجنیق سے حملہ کرنا۔ هو جانِقٌ۔
(جَنَّقَه) جنقه۔
(الجُنُوقُ) منجنیق چلانے والے (۲) منجنیق کے پتھر۔
(المِنجَنِیقُ) پتھر پھینکنے کی مشین منجنیق (ج) منجنیقات، محانق، مجانیق۔
(الجُنكُ) طنبور ایک قسم کا باجا (مع)
(جَنَّ) ۔ جَنًّا چھپنا۔
-اللیلُ ۔ جَنًّا و جُنُونًا و جِنانًا رات کا تاریک ہونا۔
-الظلامُ اندھیرے کا بڑھنا۔
-الشیٔ و علیه چھپانا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ اللَّيْلُ رَاٰى كَوْكَبًا﴾۔
-المیتَ کفن دینا (۲) قبر میں ڈالنا۔
(جُنَّ) جَنًّا و جُنُونًا و جِنَّةً و مَجَنَّةً مجنون ہونا۔
-جُنونُهٗ انتہائی پاگل ہونا۔
-به و منه بہت زیادہ تعجب کرنا کہ پاگل معلوم ہو۔
(اَجَنَّ) جُنَّ۔
-الشیٔ عنه چھپنا۔
-المرأةُ جنینا عورت کے پیٹ میں بچہ ہونا۔
-الشیٔ چھپانا۔
-المیتَ کفن پہنانا (۲) دفنانا۔ حدیث میں ہے (وَلِیَ دَفنَ رسولِ اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم واِجنانَه عَلیٌّ والعبّاس)۔
-اللّٰه فلانًا پاگل بنادینا۔
-الشیٔ صَدرَه دل میں چھپانا۔
(جَنَّنَه) اَجَنَّه۔
(اجتَنَّ) چھپنا۔
(تَجانَّ و تَجانَنَ) دیوانگی ظاہر کرنا۔
تجانَّ علیه بھی کہا جاتا ہے۔

(تَجَنَّنَ) لازم جَنَّنَه (۲) جُنَّ (۳) دیوانگی ظاہر کرنا تجنَّنَ علیه بھی کہا جاتا ہے۔
(استجَنَّ) چھپنا۔
-به وفیه وعنه و منه چھپنا۔
(التجنینُ) جن کی باتیں۔ هو ینطق بالتجنین وہ عجیب اور وحشت ناک باتیں کرتا۔
(الجَانُّ) جن۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ﴾ (۲) ایک زردی مائل سانپ جو کاٹتا نہیں ہے۔ قرآن مجید میں ہے ﴿فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَانٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا﴾ (ج) جِنّانٌ و جَوانٌّ حدیث میں ہے (اِنَّ فیها جِنّانًا کثیرًا)۔
(الجَنانُ) من کل شیءٍ ہر چیز کا باطن۔ (۲) دل، کہاوت ہے (اِذا قرحَ الجَنانُ بکتِ العینان) (۳) پوشیدہ کام (۴) چھپی ہوئی چیز۔
-جَنانُ الناسِ لوگوں کی جماعت جو کسی کے لئے آڑ بن جائے۔
-جنان اللیل سخت تاریکی۔
(الجِنُّ) جن، واحد جِنّیٌّ وهی جنیّةٌ
-باتَ فلانٌ صف جنٍّ فلاں نے ویران جگہ رات گزاری۔
-من کل شیٔ ہر چیز کی ابتداء شدت اور پستی۔
-جِنُّ الشباب جوانی کی شادابی۔
-جِنُّ النبات پودے کا پھول یا کلی۔
-جِنُّ اللیل رات کی تاریکی۔
-جِنُّ الناسِ لوگوں کی جماعت۔
(الجَنَنُ) پردہ آڑ (۲) قبر (۳) کفن (۴) پوشیدہ چیز (۵) مردہ (ج) اَجنانٌ۔
(الجَنَّةُ) وہ باغ جس میں کھجور اور دیگر درخت ہوں۔ (۲) باغ (۳) جنت (ج) جِنانٌ۔
(الجِنَّةُ) دیوانگی پاگل پن جنون قرآن مجید میں ہے (اَم به جِنَّةٌ) (۲) جن۔ قرآن مجید میں ہے ﴿مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ﴾ (۳) جنوں کی جماعت (۴) ہر شے کا ابتدائی حصہ۔

(الجُنَّةُ) ڈھال (۲) نقاب (۳) حفاظت کا ذریعہ جیسے الصومُ جُنَّةٌ روزہ شہوات سے حفاظت کا ذریعہ ہے (ج) جُنَنٌ۔
(الجُنُونُ) عقل کا ختم یا کم ہونا، دیوانگی۔
(الجَنِینُ) قبر (۲) چھپی ہوئی چیز۔ (۳) پیٹ کا بچہ (۴) اطباء کے نزدیک عمل کا وہ ابتدائی تخم جو آٹھویں ہفتہ تک رہتا ہے پھر اس کے بعد حمل کہلاتا ہے (۵) علم الاحیاء کے مطابق دانہ میں پیدا ہوئی والی پہلی روئیدگی (ج) اَجِنَّةٌ و اَجْنُنٌ۔
(الجَنِینَةُ) عورت کی کوٹ نما پوشاک۔
(الجُنَینَةُ) باغیچہ۔
(المِجَنُّ) ڈھال کہا جاتا ہے (قَلَبَ فلانٌ مِجَنَّه) شرم وحیا کو بالائے طاق رکھ کر من مانی کرنا اور (قَلَبَ له ظَهرَ المِجَنِّ) دوستی کے بعد کسی سے دشمنی کرنا (۲) کمان (ج) مَجانٌّ۔
(المِجَنَّةُ) ڈھال (ج) مَجانٌّ۔
(المَجَنَّةُ) جنون، دیوانگی (۲) چھپنے کی جگہ (۳) زیادہ جنات والی زمین (ج) مَجانٌّ۔
(المجنون) دیوانہ، پاگل، مجنون (ج) مجانین۔
(جَنَی) ۔ جِنایَةً گناہ کرنا، جرم کرنا۔
-علی نفسه اپنے حق میں برا کیا۔
-علی قومه اپنے لوگوں کے حق میں جرم کیا۔
-الذنبَ علی فلانٍ کسی کو گناہ میں ملوث کرنا۔
-الثمرةَ و نحوها جنیً وَجنیًا پھل توڑنا۔
-الثمرةَ لفلانٍ ولثمرة فلانًا کسی کے لئے پھل توڑنا۔
-الذهبَ سونے کو کان سے نکالنا۔
هو جانٍ (ج) جُناةٌ جُنّاءٌ۔
(جَنِیَ) ۔ جَنیً کبڑا ہونا۔ هو اَجنیٰ وهی جنواء۔
(اَجنَی) الثمر پھل توڑنے کا وقت آنا۔
-الشجرُ درخت کا پکے پھل والا ہونا۔
-الارضُ زمین کا زیادہ پھلوں والی ہونا۔

(٢) زمین میں پھل پکنا۔
-اللہُ الماشیةَ. اللہ کا گھاس اگانا۔
-فلاناً الثمرَ کسی کو پھل توڑنے کا موقع دینا۔
(جانَی) علیه. کسی پر جھوٹا الزام لگانا۔
(اجتنَی) الثمرةَ و نحوھا: پھل توڑنا۔
-العسل: شہد اکٹھا کرنا۔
-ماءَ المطرِ: بارش کا پانی آ کر پی لینا۔
(تجنَّی) علیه. جھوٹا الزام لگانا۔
کہتے ہیں (تَجنَّی علیه جنایةً)۔
-الثمرةَ و نحوَھا: پھل وغیرہ توڑنا۔
(الجانِی) کھجور کے درختوں کی قلمیں لگانے والا (٢) مجرم، قصوروار۔
(الجَنٰی): چنا ہوا پھل۔ کہاوت ہے (ھٰذا جَنَایَ و خیارُہ فیه): ایسے شخص کے بارے میں جو اپنے دوست کو اپنی بہتر چیز میں ترجیح دے (٢) گھاس (٣) کھمبی (٤) انگور (۵) تر کھجور (٦) شہد (٧) تسبیح کے دانے (٨) سونا (ج) أجْنٍ و أجناء۔
(الجنایةُ): قابل سزا جرم یا گناہ، بدعنوانی (ج) جنایا۔
(الجَنِیُّ): تازہ توڑا ہوا پھل۔

ج ... ہ ....

(الجَاھِبُ) اتاهُ جاھبةً. وہ کھلے طور پر آیا۔
(الجھبُ) بھاری اور بدنما چہرہ۔
(المجْھَبُ): بے شرم (ج) مجاھِبُ۔
(الجھْبَاذُ) کھرے کھوٹے کو پرکھنے کا ماہر (مع) (ج) جھابذةٌ۔
(الجَھْبَلُ) بڑے سر والا (٢) عمر رسیدہ (٣) بڑا پہاڑی بکرا (ج) جَھَابِلُ۔
(الجَھْبَلَةُ) بدشکل اور بھدی عورت۔
(جَھَتَ) ـَـ جَھْتًا: غصہ یا خوشی کی وجہ سے اچھلنا۔ ھو جاھتٌ و جھتان۔
(جَھْجَهَ) الابطال: میدان جنگ میں سپہ سالاروں کا چیخنا۔
-بالسَّبُعِ. درندہ کو روکنے کے لئے للکارنا۔
حدیث میں ہے (أنَّ رجلاً مِنْ أسْلَمَ عَدَا علیه ذئبٌ فانْتزَعَ شاةً مِنْ غَنَمِه فجھجھه

الوجل) کہا جاتا ہے۔
(جَھْجَهَ الابِلَ): اونٹ کو آواز دینا۔
-الوجلَ: ہر چیز سے روکنا۔
(تَجَھْجَهَ) الابطال: میدان جنگ میں سپہ سالاروں کا چیخنا۔
(جَھَدَ) ـَـ جَھْدًا: کوشش کرنا۔
فی الامْرِ: کسی کام میں کوشش کرنا، محنت کرنا۔
قرآن مجید میں ہے ﴿وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَھْدَ اَیْمَانِھِمْ﴾ (٢) کوشش کر کے مقصد تک پہنچ جانا (٣) مشقت اٹھانا۔
-بفلانٍ: امتحان لینا، آزمانا۔
-فلاناً: مشقت میں ڈالنا۔ (٢) اصرار کے ساتھ سوال کرنا۔
-الدابةَ: طاقت سے زیادہ بوجھ ڈالنا۔
-المرض او التعبُ او الحبُّ فلاناً: بیماری، مشقت یا محبت کا کمزور کر دینا۔
-اللبنَ: دودھ میں پانی ملانا (٢) دودھ سے پورا مکھن نکال لینا۔
-الطعامَ: کھانے کو پسند کرنا (٢) زیادہ کھانا۔
-الماشیةُ المرعٰی: چوپایہ کا خوب چرنا۔ ھو جاھدٌ اور مفعول مجھودٌ و جھیدٌ۔
-المالَ: مال کو ادھر ادھر تقسیم کرنا۔
(جُھِدَ) الناسُ: قحط کا شکار ہونا۔ ھم مجھودون۔
(جَھِدَ) العیشُ ـَـ جَھَدًا: زندگی کا تنگ اور سخت ہونا۔ ھو جَھِدٌ۔
(أجْھَدَ): مشقت اور محنت میں پڑنا۔ (٢) کمزور جانور کا مالک ہونا۔
-الارضُ: زمین کا ابھرا ہوا ہونا۔
-لَه الطریق و الحقُ: حق اور راستہ کا ظاہر اور واضح ہونا۔
-الشیئُ: خلط ملط ہونا۔
-الشیبُ فیه. تیزی سے بڑھاپا آنا۔
-العدوُّ علیه. سخت دشمنی رکھنا۔
-فلانٌ فی الامرِ: محتاط ہونا۔
-لَه الشیئُ و الامرُ: ممکن ہونا۔
-فلاناً: مشقت میں ڈالنا۔

-الدابةَ: طاقت سے زیادہ بوجھ ڈالنا۔
-علی ان یفعل کذا: کسی کام کے کرنے پر مجبور۔
-مالَه: اپنے مال کو برباد اور تقسیم کرنا۔
-الطعامَ: کھانے کی چاہت اور خواہش کرنا۔
(جَاھَدَ) العدوَّ مجاھَدَةً و جھادًا: دشمن سے قتال کرنا۔
(اِجْتَھَدَ): پوری کوشش کرنا۔
(تَجَاھَدَ) اِجْتَھَدَ۔
(الاِجتھاد): اصطلاح فقہاء میں اجتہاد اس آخری کوشش کا نام ہے جو کسی معاملہ میں حکم شرعی کا ظن غالب حاصل کرنے کے لئے کی جائے۔
(الجَھَادُ): ہموار زمین (٢) جنگل (٣) سخت زمین۔ ارضٌ جَھادٌ کہتے ہیں۔
حدیث میں ہے (انه صلی اللہ علیه وسلم نزل بارض جَھادٍ) (٤) جھاد کا پھل (ج) جُھُدٌ۔
(الجِھادُ): شرعی اصطلاح کے اعتبار سے ان کفار سے لڑنا جو ذمی نہ ہوں۔
(الجُھَادَی): زیادہ سے زیادہ جیسے (جُھَادَكَ اَنْ تفعلَ کذا): تم زیادہ سے زیادہ یہ کر سکتے ہو۔
(الجَھْدُ) مشقت (٢) انتہاء (٣) گنجائش، طاقت (جَھْدٌ جاھِدٌ) پوری کوشش۔
-جَھْدُ البلاءِ اہل عیال کی کثرت اور فقر۔
-فلسفہ کی اصطلاح میں ہر وہ عمل جو عاقل انسان جسمانی یا عقلی طور پر کرتا ہے۔ (ج)
(الجُھْدُ) گنجائش، طاقت، قوت قرآن مجید ہے ﴿وَالَّذِیْنَ لَا یَجِدُوْنَ اِلَّا جُھْدَھُمْ﴾ (٢) تھوڑی چیز جس پر کم مایہ آدمی کی زندگی بسر ہو۔
-جَھْدُ المُقِلِّ: کم مایہ آدمی کی طاقت کے بقدر۔ حدیث صدقہ میں ہے (جھدُ المقلِّ)۔
(الجَھْدَانُ) مشقت زدہ۔
(الجھیدَی) الجَھْدُ کہتے ہیں (لابلغَنَّ

جهيدایَ فی هذا الامر)۔
میں اس معاملہ میں پوری کوشش کروں گا۔
(المُجتهِدُ) وہ ماہر فقہ جو حکم شرعی کے ظن کے حصول میں آخری سے آخری کوشش کرے۔
اس کی کچھ شرائط مقرر ہیں۔
(المَجهُودُ) کوشش، طاقت، قوت۔
(جَهَرَ) الشیئُ ـُـ جَهْرًا ظاہر و آشکار ہونا۔
-بالکلام و نحوہٖ جَهْرًا و جهارًا: بلند آواز سے کلام کرنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَإِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَإِنَّهُ يَعْلَمُ السِّرَّ وَأَخْفَى﴾ کہا جاتا ہے (جهر الكلام) فالکلام و نحوہ جهیرٌ وهو جهير الصوت۔
-الشیئَ بغیر رکاوٹ کے دیکھنا (۲) تخمینہ اور اندازہ لگانا۔
-الشمسُ فلانًا سورج کی وجہ سے آنکھیں چندھیا جانا اور اس کو دیکھ نہ سکنا۔
-الارضَ انکل سے زمین پر چلنا۔
-الجیشَ و القومَ لشکر یا لوگوں کا زیادہ معلوم ہونا۔
الشیئُ فلانًا دیکھنے میں عمدہ اور خوبصورت معلوم ہونا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا حلیہ مبارک بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں (لَمْ یکن قصیرًا وَلَا طویلًا وهو اِلی الطُّولِ اقرب مَنْ راٰہ جَهَرَہ)۔
فلانٌ البئرَ کنویں سے کیچڑ نکال کر صاف کرنا (۲) کنویں کا پانی نکالنا (۳) کنویں کو کھودنا یہاں تک کہ پانی نکل آئے۔
السقاۃ دودھ کے مشکیزہ کو بلو کر مکھن نکالنا۔
القومُ اچانک صبح کے وقت آنا۔
(جَهِرَ) الانسانُ وغیرہٗ ـَـ جَهَرًا سورج کی وجہ سے چندھیا جانا اور نہ دیکھ سکنا۔
جَهِرَت العین کہا جاتا ہے۔
فلانٌ آنکھوں کا ابھرا ہوا ہونا (۲) ایسا بھینگا ہونا کہ بھلا معلوم ہو۔
-الفرسُ گھوڑے کی فیدی کا پیشانی تک آنا۔

-الانسانُ جُهُورَةً و جَهَارَةً: کامل الخلقت اور خوش نما ہونا۔ هو اَجْهَرُ وهی جَهْرَاءُ (ج) جُهْرٌ۔
(جَهُرَ) الصوتُ ـُـ جُهُورَةً و جَهَارَةً: بلند ہونا۔
-فلانٌ کامل الخلقت اور خوشنما ہونا۔ هو جهيرٌ۔
(اَجْهَرَ) اعلان کرنا، ظاہر کرنا۔
-بالکلام و نحوہ. کلام یا کوئی بات بلند آواز سے کرنا۔
-فلانٌ بلند آوازی میں مشہور ہونا۔
جَاءَ بِبَنِينَ ذوی جَهَارَةٍ. وہ خوبصورت اولاد کا باپ بنا۔
(جَاهَرَ) بالعداوۃ: کھلم کھلا دشمنی کرنا۔
-بالامرِ کسی کے سامنے کھلم کھلا بات کرنا۔ بغیر لگی لپٹے کہنا۔
کہاوت ہے (مُجَاهرةً اِذا لم اَجِدْ مُخْتَلًا) اگر مجھے دھوکہ دے کر کوئی چیز نہیں ملتی تو میں اسے اعلانا حاصل کرتا ہوں (۳) غالب آنا۔
(جَهْوَرَ) فلانٌ: بلند آواز سے بولنا۔
-الصوتُ آواز کا بلند ہونا۔
-رجلٌ جَهْوَرِيٌّ: بلند آواز آدمی۔
-صوتٌ جَهْوَرِيٌّ. بلند آواز۔
-الحدیث وبہٖ. ظاہر کرنا۔
(تَجَاهَرَ) فلانٌ اپنے کو بھینگا ظاہر کرنا۔
(اِجْتَهَرَ) الشیئَ کسی کو بغیر رکاوٹ کے دیکھنا۔
-الجیشَ و القومَ لشکر یا لوگوں کا زیادہ معلوم ہونا۔
-فلانًا اچھا لگنا، کسی کو باعظمت سمجھنا جیسے احتهرہ الشیئُ۔
-البئرَ کنویں سے کیچڑ نکالنا (۲) کنویں کا پانی نکالنا۔
(الجِهَارُ) کھلے عام۔ جیسے لَقِيَه جهارًا جهارًا اس کو کھلے طور پر ملا۔
(الجَهْرُ) زمانہ کا حصہ (۲) ایک پورا سال۔
(جُهْرُ) الرجل آدمی کا حلیہ اور ہیئت جیسے ما

اَحسنَ جُهْرَہ اور ما اَسوَ اَجْهُرَہ۔
(الجَهْرَاءُ) من الارضِ: ہموار و کھلی زمین جس میں درخت و جھاڑیاں نہ ہوں (۲) ہموار چوڑا ٹیلہ۔
-من القومِ: لوگوں کی جماعت (۲) زائد افراد۔
(الجَهْرَةُ) ظاہر۔
-راٰہ جَهْرَةً اسے صاف اور واضح طور پر دیکھا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿لَنْ نُؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً﴾
(الجَهُورُ) بلند اور قوی آواز والا۔
(الجَهِيرُ) وَجْهٌ جَهِيرٌ: روشن چہرہ (رَجُلٌ جَهِيرٌ للمعروف) بھلائی اور حسن سلوک کے لائق آدمی (ج) جُهَرَاءُ۔
-من اللبنِ: وہ دودھ جس میں پانی نہ ملایا گیا ہو۔
(الجَهِيرَةُ) جهيرة الانسانِ آدمی کا ظاہر (ج) جهائر۔
(الجوهر) (دیکھئے: جوہر)۔
(المِجهارُ) جو عادۃً اونچا بولتا ہو (ج) مجاهير (۲) مائیکروفون لاؤڈ سپیکر (ج)۔
(المِجْهَرُ) مائیکروسکوپ خوردبین (مجاہر)
(المجهورُ) من الاصوات آواز کی ایک قسم جس کے ساتھ صوتی تار حلق میں منظم طور پر حرکت کرتے ہیں حروف مجہورہ انیس ہیں جن کا مجموعہ یہ ہے (ظلّ قوّ ربض اِذ غزا جند مطيع)۔
(جَهَزَ) علی الجريح جلدی سے زخمی کو قتل کر دینا۔
(اَجْهَزَ) علی الجريح جَهَزَ۔
حدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہ میں ہے (اَنَّهُ اَتٰى عَلٰى اَبِي جَهْلٍ وهو صريعٌ فَاَجْهَزَ عليه)۔
(جَهَّزَہ) سامان ضرورت دینا۔ جیسے فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ۔
(تَجَهَّزَ) للامرِ کسی کام کے لئے تیار ہونا۔
(الجِهَازُ) جَهَازُ الراحلة سواری پر لدا ہوا سامان۔
(الجَهَازُ) جهازُ كل شئٍ جس کی طرف

کوئی چیز محتاج ہو۔ سامان ضرورت۔
-جِهازُ العروس جہیز۔
-جِهازُ الجيش فوج کا اسلحہ۔
-جَهاز الميّت. مردہ کا کفن۔
-في الحيوان: جاندار کے مخصوص افعال سرانجام دینے والے اعضاء۔
-جهاز التنفّسِ نظام تنفس۔
-جهاز الهضم نظام ہضم۔
-جهازُ التقطير: عرق کشید کرنے کی مشین۔
-جهاز التبخير: بھاپ بنانے کی مشین۔
-جهاز الدّعاية. پروپیگنڈہ مشین۔
-جهاز الجاسوسية: جاسوسی نظام (ج) اجهزة(مج)۔
(الجَهيزُ) صَوْتٌ جهيزٌ: تیز آواز۔
-فَرَسٌ جَهِيزٌ: پھرتیلا گھوڑا۔
-فَرَسٌ جهيزُ الشَّدِّ. تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
(الجَهِيزَةُ): بھیڑیا کی مادہ (۲) ریچھ کی مادہ (۳) ریچھ کا بچہ (۴) ایک عورت کا نام جس نے قتل کے معاملہ کو اپنے ایک جملہ سے ختم کر دیا تھا۔ واقعہ یہ ہے کہ دو قبیلوں میں سے ایک نے دوسرے کے آدمی کو قتل کر دیا تو لوگ دونوں میں دیت کے ذریعہ صلح کرانے کے لئے جمع ہوئے اس وقت جہیزہ نے کہا "اِنَّ القاتلَ قد ظفر بہٖ بعض اولياء المقتول" یعنی مقتول کے کسی وارث نے قاتل کا کام تمام کر دیا۔ تو بعض لوگوں نے کہا: "قَطَعَتْ جهيزةُ قولَ كل خطيب" یعنی جہیزہ نے ایسی بات کہہ کر فیصلہ کر دیا کہ اب کسی خطیب کی تقریر بھی کام نہ دے گی۔ یہ ایسے شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو کسی معاملہ کو اچانک ختم کر دے۔
(جَهَشَتْ) نَفْسُہ - جَهَشَاناً و جَهْشًا و جُهُوشًا. رونے کے لئے تیار ہونا۔
-الصّبیُّ اِلی اُمِّہٖ: بچہ کا ڈر کر ماں کے پاس بھاگنا اور رونے کے قریب ہونا۔
فلانٌ اِلی فلانٍ. کسی کے پاس روتے ہوئے فریاد لے کر جانا۔ حدیث میں ہے (اَنَّ النبیّ صلی اللہ علیہ وسلم کان بالحديبية فاصاب اصحابَہ عطشٌ قالوا فجهشنا اِلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم)۔
-للشوق وللحزن وللبكاء. آمادہ اور تیار ہونا۔
-الی القومِ: لوگوں کے پاس آنا۔
-فلانٌ من ارضٍ الی ارضٍ ایک جگہ سے دوسری جگہ تیزی سے جانا۔ هو جَهُوْشٌ۔
من الشئِ: بھاگنا۔
-اليه نفسُہ جُهُوْشًا. جی متلانا۔
(جَهِشَ) الصبیُّ اِلی اُمِّہٖ - جَهَشَاناً و جَهْشًا و جُهُوْشًا: بچہ کا ڈر کر ماں کے پاس جانا اور رونے کے قریب ہونا۔
(اَجْهَشَ): رونے کے قریب ہونا۔ جیسے اَجْهَشَ للبكاء و بالبكاء حدیث میں ہے (فَسَاَبَنِي فاجهشت بالبكاء)۔
-اليه نفسُہ: جی متلانا۔
-فلاناً عن الامرِ: جلدی کرنا۔
(الجَهْشَةُ): لوگوں کی جماعت (۲) رونے کے قریب ہونے کا آنسو۔
(جَهَضَ) فلاناً - جَهْضًا: غالب آنا۔
جَهَضَہٗ عن الامرِ: غالب آنا ہٹانا۔
(اَجْهَضَتِ) الحاملُ: اسقاط حمل ہونا۔
(اَجْهَضَتْ جنيناً): حدیث میں ہے (فَاَجْهَضَتْ جنيناً) هی مجهضٌ و مجهضةٌ (ج) مجاهِض و مجاهِيض والولدع مُجْهَضٌ و جهيضٌ۔
-الجارحَ عن صيدہٖ: شکاری کو شکار سے روکنا۔
-عن مكانہٖ جگہ سے ہٹانا۔
عن الامرِ: جلدی سے ہٹانا۔ حدیث میں ہے (فَاَجهضوهم عن اثقالِهم يوم اُحد)۔
(جَاهَضَہ) عنہ مانع بننا، رکاوٹ ڈالنا۔ محمد بن مسلمہ کی حدیث میں ہے (قصد يومَ اُحُدٍ رجلاً قال فجاهضني عنہ ابو سفيان)۔
(الاِجهاض) چار ماہ سے پہلے حمل کا ساقط ہونا (مج)۔
(الجاهضُ): کوہان وغیرہ کا بلند حصہ۔
(الجاهضةُ). گدھے کا ایک سالہ بچہ (ج) جواهِض۔
(الجَهَاضُ) جھاؤ کا پھل۔
(الجِهْضُ) ناتمام بچہ۔
(الجَهَّاضَةُ) بوڑھی اونٹنی۔
(الجَهِيضُ) ناتمام بچہ۔
(المِجهاض) وہ عورت جسے کثرت سے اسقاط حمل ہوتا ہو (ج) مجاهيض۔
(تَجَهْضَمَ) تکبر و غرور کرنا۔
-الفحلُ على اقرانہٖ سانڈ کا اپنے ہم جنسوں پر سینہ کو اوپر کرنا۔
(الجَهْضَمُ): بڑے سر اور گول [illegible] (۲) پھولے ہوئے پہلوؤں [illegible] درمیان والا حصہ موٹا ہو (۴) شیر۔
(جَهَلَتْ) القِدْرُ - جَهْلاً: ہانڈی کا خوب جوش مارنا۔
-فلانٌ على غيرہٖ جَهْلاً و جَهَالَةً بے وقوفی اور اجڈپن دکھانا قرآن مجید میں ہے ﴿قَالُوْا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجَاهِلِيْنَ﴾۔
-الشئَ وَبہٖ ناواقف و لاعلم ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نَادِمِيْنَ﴾۔
-الحقَّ: حق کو نہ پہچاننا۔ هو جاهلٌ (ج) جُهَّالٌ و جَهَلَةٌ و جُهَّلٌ و جُهَلَاءُ و هو جَهُوْلٌ (ج) جُهُلٌ والمفعول مجهولٌ۔
(اَجْهَلَہ). جاہل بنانا (۲) جاہل پانا۔
(جَهَّلَہ): جاہل قرار دینا (۲) جہالت میں رکھنا۔ حدیث میں ہے (انكم لتجهّلون وتُبَخِّلُوْنَ و تجبّنون)۔
(جَاهَلَہ) کسی سے گالی گلوچ کرنا۔
(اجتهلَہ) الغضبُ و الاَنفة غصہ اور برائی کا کسی کو بیوقوف بنا دینا۔ حدیث افک میں ہے (ولكن اجْتَهَلَتْہُ الحَمِيَّةُ)
(تَجَاهَلَ) جان بوجھ کر لاعلم بننا۔
(اِسْتَجْهَلَہ)۔ جاہل سمجھنا (۲) جاہل پانا (۳)

جہل پر محمول کرنا۔ حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہما میں ہے (من استجهل مومناً فعليه اثمه)۔

(۴) ہلکا سمجھنا۔

-الريحُ الغُصنَ ہوا کا ٹہنی کو ہلانا۔

(الجاهل) شیر۔

(الجاهليّةُ) جہالت و گمراہی کی وہ حالت جس پر عرب اسلام سے پہلے تھے۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَقَرْنَ فِي بُيُوتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الجَاهِلِيَّةِ الْأُولَىٰ﴾ (۲) دو رسولوں کا درمیانی وقفہ۔

(الجَهْلُ) اہل کلام کی اصطلاح میں کسی شے کے بارے میں اس کی حقیقت کے برعکس اعتقاد رکھنا۔

-الجهلُ البسيطُ: ایسی شے سے ناواقف رہنا جس کا علم ہونا چاہئے۔

-الجهل المركب خلاف واقع کسی شے کا پختہ اعتقاد رکھنا۔

(الجَيْهَلُ) وہ لکڑی جس سے انگاروں کو حرکت دی جائے (۲) بڑی چٹان۔

(الجَيْهَلَة) انگارے کریدنے کی لکڑی۔

(المِجْهَالُ) من النوق تیز رفتار اونٹنی۔

(المَجْهَلُ) سنسان جنگل۔

ارضٌ مَجْهَلٌ: نامعلوم زمین (ج) مَجاهِل۔

(المِجْهَل) انگاروں کو حرکت دینے کی لکڑی۔

(المَجْهَلَةُ) سبب الحمق سبب جہالت۔ حدیث میں ہے (اَلْوَلَدُ مَبْخَلَةٌ مَجْبَنَةٌ مَجْهَلَةٌ)۔

(المِجْهَلَة) انگاروں کو حرکت دینے کی لکڑی۔

(المجهولة) من النوق غیر حاملہ اونٹنی۔

-من الارض وہ زمین جس پر کوئی نشان یا پہاڑ نہ ہو۔

(جهمه) ـَ جهماً ترش روئی سے پیش آنا (۲) ملامت کرنا۔ کہا جاتا ہے (جَهَمَنِي بما كرهَ) وہ مجھ سے ناگواری کے طریقہ پر ملا۔

(جَهِمَه) ـَ جَهماً: ناگواری سے ملنا۔

(جَهُمَ) ـُ جهالة و جهومةً: ترش رو ہونا۔ ناگواری سے تیوری چڑھانا۔ کہا جاتا ہے۔ جَهُمَ وجهُهُ هو جَهْمٌ وجهيمٌ۔

(أجهمَتِ) السماء آسمان پر بے بارش بادل آنا۔

(اِجْتَهَمَ) رات کے آخری تاریک ایک حصہ میں داخل ہونا (۲) اس حصہ میں چلنا۔

(تجهّمه) وله: جهمه حدیث میں ہے: (الى من تكلني؟ الى عدوّ يتجهّمني؟)

-الامل فلاناً امید پوری نہ ہونا۔

(الجَهام) بغیر پانی کے بادل۔

جاء نى من هذا الامر بجهام: مجھے اس معاملہ میں کوئی چیز نہیں ملی۔

(الجَهْمَةُ) دیگ بڑا دیگچہ۔

(الجُهْمَةُ) آخر رات کی تاریکی۔

(الجهميّةُ) مرجیۂ خوارج کا ایک گروہ جو جہم بن صفوان کی طرف منسوب ہے۔

(الجَهْوَمُ) من الرجال: کمزور عاجز۔

(الجَيْهَانُ) زعفران۔

(جَهَنَ) ـَ جُهوناً: قریب اور نزدیک ہونا۔

(الجُهَانَةُ) نوجوان لڑکی۔

(الجَهْنُ) برے چہرہ والا۔

(الجُهْنَةُ) آخر شب کی تاریکی۔

(جُهَيْنَةُ) قضاعہ کا ایک قبیلہ۔

-فلانٌ جهينةُ الاخبار. فلاں کی خبریں یقینی ہیں۔

(الجهنّامُ) بہت گہرا (۲) بہت گہرا کنواں۔

(جَهَنَّمُ) جہنم دوزخ۔

-بئرٌ جَهَنَّمٌ گہرا کنواں۔

(جَهَنِيَّةٌ) فصیلہ جہنمیہ کا ایک پودا۔ جسے زینت کے لئے گھروں یا باغیچوں میں لگایا جاتا ہے۔

(جَهِيَتِ) السماءُ ـَ جَهْيًا آسمان کا صاف ہونا بادل چھٹ جانا۔

-البيتُ گھر کا اجڑ جانا۔

-فلانٌ گنجا ہونا۔ هو جاهٍ و اَجْهَىٰ۔

(أجْهَتِ) السماءُ آسمان کا صاف ہونا بادل چھٹ جانا۔

-القومُ لوگوں کے لئے آسمان صاف ہونا۔

-الطريقُ راستہ صاف ہو جانا کہتے ہیں (اجهى له الطريق والامرُ)۔

-الخباءُ خیمہ کا بغیر پردہ کے ہونا۔

-فلانٌ عليه: بخیل ہونا۔

-المرأةُ على زوجها: حاملہ نہ ہونا۔

-الطريقَ والبيتَ. نمایاں اور واضح کرنا۔

(جَاهَاهُ): کسی کے مقابلہ میں فخر کرنا۔

(جَهّىٰ) الشَّجّةَ زخم کو زیادہ پھیلانا۔

(الجاهي). اعلانيةً اتاه جاهياً وہ اس کے پاس کھلے طور پر آیا۔

(الجهوةُ): جھاڑی۔

ج .... و

(جَابَ) الطيرُ ـُ جَوْباً پرندہ کا بازو ٹوٹ جانا۔

-فلانٌ الشيء کاٹنا (۲) درمیان سے کاٹنا۔ (۳) پھاڑنا۔

-النعلَ جوتے کو لمبائی میں کاٹنا۔

-الصخرةَ. چٹان کو تراشنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَثَمُودَ الَّذِينَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ﴾۔

-الارضَ والفلاةَ والبلادَ: چل کر طے کرنا۔

الخبرُ البلادَ: کسی خبر کا مشہور ہونا۔

الظلامَ تاریکی میں داخل ہونا۔

(اَجَابَتِ) الارضُ زمین کا پیداوار اگانا۔

-فلانٌ فلاناً: جواب دینا۔ کہا جاتا ہے (اَجَابَ عن السوال)۔

-طلبَهُ درخواست منظور کرنا اور حاجت پوری کرنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ﴾۔

(جَاوَبَهُ) مجاوبةً و جِوَاباً ایک دوسرے کو جواب دینا۔

(جَوَّبَ) القمرُ چاند کو واضح ہونا روشن ہونا (۲) روشن کرنا۔

-على فلانٍ بغرسٍ احوال سے بچانا۔

الشئَ: کھوکھلا کرنا (۲) درمیان سے کاٹنا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے (اَخذتُ اِھابا معطوفاً فجوبتُ وسطه وادخلته فی عنقی)۔
المطرُ الارضَ بارش کا کہیں کہیں ہونا۔
(اجْتَابَ)الشئَ پھاڑنا۔
-البئرَ کنواں کھودنا۔
-الارضَ والفلاةَ والبلادَ طے کرنا۔
-القمیصَ قمیض یا کرتہ پہننا۔ حدیث میں ہے (اتاه قوم مجتابی النّمارِ)۔
-الظَّلامَ اندھیرے میں داخل ہونا۔
(انجابَ) پھٹنا، کٹنا، چرنا۔
-السحابُ بادلوں کا چھٹنا، حدیث میں ہے (فَانْجَابَ السحابُ عن المدینة حتّی صَارَ کالا کلیل)۔
-الظلامُ تاریکی کا دور ہونا۔ جیسے انجاب عنه۔
-الناقةُ: اونٹنی کا دودھ دوہنے کے لئے گردن لمبی کرنا۔
(تَجَاوَبَ) القومُ: ایک دوسرے کو جواب دینا۔
(استجابَه): جواب دینا۔ جیسے استجاب لَه (۲) ماننا، قبول کرنا۔ قرآن مجید میں ہے (فَلْيَسْتَجِيبُوْا لِیْ)۔
-اللّٰهُ فلاناً و منه وله: دعا قبول کرنا، اور ضرورت پوری کرنا۔
(استَجْوَبَه): جواب طلب کرنا۔ (۲) جواب دینا (۳) لبیک کہنا۔
(الجَابَةُ): جوابُ کہتے ہیں (اَساءَ سمعاً و اَساءَ جَابَةً) اس نے غلط سنا اور غلط کہا۔
(الجوابُ) جواب (۲) پیغام، رسالہ۔
(ج) اجوبةٌ (۳) پرندہ کے اڑنے کی آواز۔ بناء کعب کی حدیث میں ہے (فسمعنا جواباً من السماء فاذا بطائر اعظم من النّسر) (۴) موسیقی کا ایک نغمہ۔
(الجَوْبُ) زنانہ قمیض (۲) ڈھال (۳) بڑا ڈول (۴) چولہا (۵) موٹا آدمی (۶) باتیں سننے اور نقل کرنے والا۔ (ج) اجوابٌ (۵) قسم جیسے نی۔
-فلانٌ جوبان من خلق لاثبت علی خلقٍ واحدٍ۔
(الجَوْبَةُ) بادلوں اور پہاڑوں کے درمیان کا خلا (۲) ہر کھلی اور وسیع جگہ جہاں عمارت نہ ہو (۳) کھلا گول گڑھا (۴) دو زمینوں کے درمیان خالی جگہ (۵) گھروں کے درمیان خالی جگہ (۶) آمد و رفت کی جگہ جہاں درخت کم ہوں۔ (۷) ڈھال (ج) جُوَبٌ۔
(الجَوَّاب)من الرّجال سیاح، شہروں کے چکر لگانے والا۔
(المِجْوَابُ) کاٹنے کا آلہ (۲) پیچ، چھیدنے یا سوراخ کرنے کا آلہ۔
(المِجْوَبُ) کاٹنے کا آلہ (۲) ڈھال۔
(۳) زنانہ کرتہ۔
(المَجُوبَةُ) جواب۔
(جَوِثَ) اوپر سے بلند اور نیچے سے ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔ هو اَجْوَثُ وهی جَوْثَاء (ج) جُوْثٌ۔
(جَاحَ)فلانٌ جَوْحاً کسی کے اقرباء کا مال تباہ ہونا (۲) سیدھے راستہ سے ہٹنا۔
-الجائحةُ المالَ آفت کا مال کو تباہ و برباد کر دینا۔
-الجائحةُ الناسَ آفت کا لوگوں کے مال کو تباہ کر دینا۔ حدیث میں ہے (اعاذکم اللہ من جَوْحِ الدّهرِ)۔
(اَجَاحَتْ)الجائحةُ المَالَ آفت کا مال کو ہلاک کر دینا۔
(جَوَّحَ)رِجلَه پاؤں کو ٹیڑھا کرنا۔
(اجتاحَتِ)الجائحةُ المالَ آفت کا مال کو برباد کرنا۔
(الاَجْوَحُ) ہر چیز سے زیادہ کشادہ۔ هی جوحاء (ج) جُوْحٌ۔
(الجائحةُ) وہ مصیبت جو آدمی کے مال کو بالکل ختم کر دے (۲) فقہاء کی اصطلاح میں وہ آفت سماوی جو کل یا بعض پھل کو ضائع کر دے۔
-سنةٌ جائحةٌ خشک سال (ج) جوائح۔
(الجَوْحُ) شامی خربوزہ۔
(الجَوْحَةُ) الجائحة۔
(المِجْوَحُ) بیج سے اکھاڑنے والی چیز (ج) مجاوِحُ۔
(جَاحَ)السیلُ الوادیَ - جَوْحاً سیلاب کا وادی کے کناروں کو کاٹ دینا۔
(جَوَّحَ)السیلُ الوادیَ حافه۔
فلاناً پچھاڑنا۔
(تَجَوَّحَتِ)البئرُ کنویں کا گرجانا۔
-القرحةُ زخم پھٹ کر مواد باہر نکلنا۔
(الجُوْحُ) سیاہ رنگ کی نفیس بانات، اونی کپڑا (د)۔
(الجُوْحَةُ) گڑھا (فارسی معرب)
(جَادَ)- جُوْدَةً عمدہ اور بہتر ہونا۔ کہا جاتا ہے (جادَ المتاعُ جَادَ العملُ) هو جَيِّدٌ (ج) جِيادٌ و جيائدُ۔
-الرجلُ اچھا کام یا اچھی بات کرنا۔ هو مجوادٌ (بطور مبالغہ)۔
-الفرسُ گھوڑے کا اعلیٰ نسل ہونا۔
-فی عَدْوِه تیز دوڑنا۔ هو وهی جوادٌ کہاوت ہے (اِنّ الجواد قد يَعْثُرُ) اس شخص کے بارے میں جو ہمیشہ اچھا کام کرے لیکن کبھی غلطی کر جائے (ج) جیادٌ۔
-فلانٌ جُوداً سخاوت کرنا، خرچ کرنا۔ جیسے جَادَ بماله۔
-بنفسه عند الموت جَوْداً وجُؤُوداً مرنے کے قریب ہونا۔
المطرُ بارش کا زیادہ ہونا۔
-العینُ آنسوؤں کا زیادہ ہونا۔
-المطرُ الارضَ بارش ہونا۔
-المطرُ القومَ سب کی زمین پر بارش ہونا۔ حدیث میں ہے (تركتُ اهل مكّةَ وَقَدْ جِيدُوا)۔
-الهَوٰی فلاناً محبت کا غالب ہونا، ستانا۔

جادۃُ النعاسُ نیند کا غالب آنا۔ ھو جائدٌ (ج) جُوْدٌ والمفعول مجودٌ۔
-فلاناً سخاوت میں بڑھ جانا۔ جیسے جاودہ فجادہٗ ھو جوادٌ (ج) جُوْدٌ و اَجْوادٌ و جُوْدَۃٌ وجُوْدَاءُ واجاوِدُ وھیَ جوادٌ (ج) جُوْدٌ۔
(جِیْدَ) فلانٌ جُوادًا: پیاسا ہونا۔ جیسے جِیْدَ مِنَ العطشِ ھو مجودٌ (۲) ہلاکت کے قریب ہونا۔
-انی لأُجادُ الٰی لقائہٖ: میں اس کی ملاقات کا شائق ہوں۔ انا مَجُوْد۔
(اَجَادَ) اچھا کام یا اچھی بات کرنا۔
-الشیْ و فیہ عمدہ کرنا، عمدہ بنانا۔
-فلانٌ عمدہ گھوڑوں والا ہونا۔ ھُوَ مُجِیْدٌ حدیث میں ہے (بَاعَدَہُ اللّٰہُ مِنَ النار سبعینَ خریفًا للمضمّرِ المجیدِ)۔
-فلانۃٌ عمدہ بچہ جننا۔ کہا جاتا ہے اجادت بہ و اَجادبہ ابواہُ۔
-فلاناً سخی پانا۔
-فلاناً النقدَ و الثیابَ کسی کو عمدہ قسم کے روپے یا کپڑے دینا۔
-الجَوْدُ الاَرْضَ زمین پر زور دار بارش ہونا۔
-فلاناً قتل کرنا۔
(اَجْوَدَ) اچھا کام یا اچھی بات کرنا (۲) عمدہ گھوڑوں والا ہونا۔
الشیْ و فیہ بہتر اور عمدہ بنانا۔
(جَاوَدَہٗ) سخاوت میں غالب آنا۔
(جَوَّدَ) الفرسُ فی عدوہٖ تیز دوڑنا۔
-الشیْ عمدہ بنانا۔
(تَجاوَدُوْا) فی الشیءِ چند چیزوں کو دیکھنا کہ ان میں سے کون سی بہتر ہے۔
-فی المحاورۃِ غور کرنا کہ کس کی دلیل عمدہ ہے۔
فی الحدیث غور کرنا کہ کس کی بات مضبوط ہے۔
(تَجَوَّدَ) فی العملِ کاریگری دکھانا۔

-الشیْ: پسند کرنا اور عمدہ بنانے کی خواہش کرنا۔
(اِسْتَجَادَ) الشیْ تَجَوَّدَہ (۲) عمدہ سمجھنا۔
-الفرسَ: عمدہ نسل کا گھوڑا طلب کرنا (۲) عمدہ پانا۔
-فلاناً: سخاوت طلب کرنا۔
(التجاوید): موسلادھار بارشیں۔
(الجادیّ): زعفران۔
(الجَوَاد): عمدہ گھوڑا (ج) جِیادٌ۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿اِذْ عُرِضَ عَلَیْہِ بِالْعَشِیِّ الصّٰفِنٰتُ الْجِیَادُ﴾۔
(الجُوَاد) اونگھ، نیند۔
(الجَوْدُ): موسلا دھار بارش۔ حدیث میں ہے (ولم یات احدٌ من ناحیۃ الاحدّث بالجَوْدِ)۔
(الجُوْدُ): سخاوت۔
(الجَوْدَۃُ) عمدگی، خوبی، صلاحیت۔
(جَارَ) ـُ جَوْرًا: مدد یا پناہ طلب کرنا۔
-الطریقُ: راستہ نہ پانا۔
-الارضُ گھاس کا زیادہ اور لمبا ہونا۔
-عن القصد والطریقِ: راستہ یا مقصد سے ہٹ جانا۔
-فی حکمہٖ ظلم کرنا، جیسے جَارَ علیہ فی حکمہ ھو جَائِرٌ (ج) جَوَرَۃٌ و جارۃٌ وھو جَوْرٌ۔
(اَجَارَہٗ) پناہ دینا، مدد دینا۔
-من فلانٍ نجات دلوانا۔
قرآن مجید میں ہے ﴿وَھُوَ یُجِیْرُ وَلَا یُجَارُ عَلَیْہِ﴾۔
-اللّٰہ من عذابہٖ اللہ نے اپنے عذاب سے بچایا۔
-المتاعَ سامان کی حفاظت کرنا۔
-فلاناً عن الطریقِ راستہ سے ہٹانا۔
-علی القومِ فلانٌ لوگوں پر فلاں کی حمایت چلی گئی۔
(جَاوَرَہٗ) مجاوَرَۃً و جِوَارًا پڑوس میں رہنا، ساتھ رہنا (۲) پڑوسی بنا کر اس کی حمایت وحفاظت کرنا۔
-المسجدَ: اعتکاف کرنا۔
-المدینۃَ او مکۃَ قریب ہونا۔
-بنی فلانٍ و فیھم: قرب کی وجہ سے فائدہ اٹھانا۔
(جَوَّرَہٗ): ظالم قرار دینا۔
-البناءَ و نحوہٗ عمارت وغیرہ کو منہدم کرنا۔
-فلاناً: پچھاڑنا۔
(اِجْتَوَرَ) القومُ باہم پڑوسی ہونا۔
(تَجَاوَرَ) القومُ باہم پڑوسی ہونا۔
(تَجَوَّرَ) ظالم قرار پانا۔
-علی فراشہٖ بستر پر لیٹنا۔
-خِباءُ اللیل تاریکی چھٹ جانا۔
(اسْتَجَارَ) بفلان: مدد چاہنا، پناہ میں آنا۔
-فلاناً امان اور حفاظت مانگنا۔ قرآن مجید میں ہے۔ ﴿وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ اسْتَجَارَکَ فَاَجِرْہُ﴾ اور کہا جاتا ہے۔
(استجارہٗ من فلانٍ۔
(الجارُ) پڑوسی کہاوت ہے (وقد یوخذ الجار بذنب الجار) مجرم کا دوست جرم میں شریک ہوتا ہے (۲) تجارت یا جائداد میں شریک (۳) پناہ دینے والا (۴) پناہ چاہنے والا (۵) پناہ دیا ہوا (۶) خاوند (۷) بیوی۔
کہاوت ہے (اِیَّاکِ اَعْنِیْ واسمعِی یاجارہ) اس شخص کے بارے میں جو کہے کچھ اور مراد کچھ لے (۸) حلیف (۹) مدد کرنے والا (ج) جیرۃٌ و جیرانٌ و اَجْوَارٌ۔
(الجِوَارُ) گہرا اور زیادہ پانی۔
-من الدارِ گھر کا صحن۔
(الجِوارُ) عہد (۲) امان۔
-معاہدۃ حسن الجوار چند پڑوسی ممالک کے درمیان تعلق کو منظم کرنے کا معاہدہ (ج)۔
(الجَوْرُ) ظالم (ج) جَوَرَۃٌ و جُوَرَۃٌ۔
-عندہٗ من المال الجَوْرُ اس کے پاس بہت زیادہ دولت ہے۔
(الجَوْرُ) ٹھوس اور سخت۔
-بعیرٌ جَوْرٌ بھاری بھرکم اور اونچی آواز والا

اونٹ۔

-سیلٌ جوزٌ زوردار سیلاب۔

-غیثٌ جوزٌ گرجدار اور موسلادھار بارش۔

مالٌ جوزٌ بہت زیادہ مال۔

(الجَوَّارُ) کسان (۲) انگور یا کھجور کے باغ میں کام کرنے والا۔

(جَوْرَبَه) جواب یا موزہ پہنانا۔

(تَجَوْرَبَ) جواب یا موزہ پہننا۔

(الجَوْرَبُ) موزہ جوابُ پائتابہ (ج) جَوَارِبَةٌ و جَوَارِبُ (مع)۔

(جَازَ) القولُ ـُـ جَوْزًا و جَوَازًا و مَجَازًا بات کو قبول کیا جانا بات چل جانا۔

-العقدُ و غیرُہٗ: درست ہونا جائز ہونا۔

-الدرھمُ: سکہ کا چل جانا۔

-الموضعَ و بہٖ: چل کر عبور کرنا۔

-بفلانٍ الموضعَ کسی کو جگہ پار کروانا (۲) کسی کو پیچھے چھوڑ کر آگے بڑھ جانا۔

(أَجَازَ) علی اسمہٖ: نام پر نشان لگانا۔

-الشاعرُ فی القصیدۃِ: شاعر کا اپنے اشعار میں حرف روی کے بعد والے حرف کی حرکت کو مختلف کرنا (۲) حرف روی کے ہجا میں اختلاف کرنا یعنی یکساں نہ کرنا۔

-فی الشِّعرِ بیت بازی میں شعر کے آخری حصہ کی تکمیل کرنا۔

-الشیٔ: جائز قرار دینا۔

-الموضعَ عبور کرنا۔

-فلانًا الموضعَ عبور کرانا۔

-العقدَ وغیرہٗ نافذ کرنا۔

-الرایَ والامرَ: نافذ کرنا۔ برقرار رکھنا۔

حدیث میں ہے (انّی لا اُجیز الیومَ علی نفسی شاھدًا الاّ مِنّی)۔

لفلانٍ ما صَنَعَ درست مان لیا۔

فلانًا کسی کو اتنا پانی دینا جس سے ایک گھاٹ سے دوسرے تک پہنچ جائے (۲) انعام دینا۔

حدیث میں ہے (اَجیزوا الوفد بنحوِمَا کنتُ اُجیزُھُم) جیسے اجازۃ بجائزۃٍ۔

-العالِمُ تلمیذَہٗ روایت علم کی اجازت دینا۔

-الحبلَ: رسی کا مضبوط نہ بٹنا کہ اس کے حصے ایک دوسرے پر چڑھ جائیں۔

(جَاوَزَ) عَنْ ذنبِہٖ گناہ کو معاف کرنا۔

-الطریقَ و نَحْوَہٗ مجاوزۃً و جوازًا راستہ کو عبور کرنا۔

(جَوَّزَ) لَھُم دَوَابَّھُم ایک ایک جانور کو ہانک کر پار کرانا۔

-الدراھمَ درہم کو کھوٹ کے باوجود لے لینا۔

-الرّایَ والامرَ نافذ کرنا۔

-لھم الدوابَّ جانوروں کو پانی پلانا۔

(اجتاز) چلنا گزرنا جیسے اِجْتَازَ الموضعَ۔

-الرجلَ معاف کرنا۔

-عن الذنبِ: معاف کرنا مواخذہ نہ کرنا۔

-فی الشیٔ: حد سے بڑھنا۔

-الموضعَ پار کرنا۔

(تَجَوَّزَ) فی الامرِ برداشت کرنا چشم پوشی کرنا۔

-عن الرجلِ معاف کرنا۔

-فی الصلوۃِ رخصت لینا تخفیف کرنا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے (تَجَوَّزُوْا فی الصلوٰۃ)۔

-فی الکلامِ مجازًا بات کرنا۔

-الدراھمَ کھوٹ کے باوجود لینا۔

(استَجَازَ) اجازت طلب کرنا۔

-المسافرُ فلانًا مسافر کا اتنا پانی طلب کرنا کہ ایک گھاٹ سے دوسرے تک پہنچ سکے۔

(۲) کھیتی کو سیراب کرنے یا جانوروں کو پانی پلانے کی درخواست کرنا۔

-فلانًا روایت کرنے کی اجازت طلب کرنا۔

(الجائز) وہ پیاسا جو لوگوں کے پاس سے گزرے خواہ وہ پانی پلائیں یا نہیں (۲) شہتیر جس پر چھت کی کڑیاں رکھی جائیں (ج) اَجْوِزَۃٌ و جِیْرَانٌ و جُوْزَانٌ و جَوَائِزُ۔

(الجائزۃ) پانی کی اتنی مقدار جو ایک گھاٹ سے دوسرے تک کافی ہو (۲) ایک گھونٹ (۳) انعام عطیہ (ج) جوائز۔

-جوائز الاشعارِ والامثالِ وہ کہاوتیں یا اشعار جو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوں۔

(الجوازُ) وہ پانی جس سے کھیتی کو سیراب کیا جائے یا جانور کو پلایا جائے (۲) وہ پانی جو مسافر کو دیا جائے۔

-جوازُ السفرِ پاسپورٹ (ع) (ج) اَجْوِزَۃٌ۔

(الجَوْزُ) من کلّ شیٔ ہر چیز کا درمیان۔

حدیث علی رضی اللہ عنہ میں ہے (انّہ قام من جوزِ اللیل یصلی) (۲) بڑا حصہ (۳) اخروٹ (۴) ایک خوبصورت نرم لکڑی جو فرنیچر بنانے میں استعمال ہوتی ہے۔(ع)

(جوزُ الھند) ناریل (ج) اجواز۔

(الجَوْزَاءُ) ایک برج کا نام۔

(الجَوزۃُ) الجوز کا واحد (۲) پانی کا ایک گھونٹ (۳) پانی کی اتنی مقدار جو مسافر کے لئے ایک گھاٹ سے دوسرے تک کافی ہو (۴) چھوٹے انگوروں کی ایک قسم (۵) حقہ تمباکو نوشی کا ایک پائپ۔

(الجِیْزُ) وادی کا کنارہ (۲) محلہ جیسے نزلنا جِیزَ بنی فلان۔

(الجِیْزَۃُ) پانی کی اتنی مقدار جو مسافر کے لئے ایک چشمے سے دوسرے تک کافی ہو (۲) گوشہ (۳) وادی کا کنارہ (ج) جِیَزٌ و جِیْزٌ۔

(المَجَازُ) گزرگاہ (۲) پار کرنے کی جگہ۔

من الکلام جس کا حقیقی معنی چھوڑ دیا گیا ہو مجاز۔

(المَجازۃُ) گزرگاہ۔

-مجازۃ النھر پل۔

-ارضٌ مجازۃٌ وہ زمین جس میں اخروٹ کے درخت بکثرت ہوں۔

(المُجِیْزُ) دوسروں کے کاموں کا منتظم جیسے ولی یا وصی۔

(جَاسَ) آمد و رفت رکھنا گھومنا۔

-جاسوا خلالَ الدیار وہ شرافیوں کے لئے شہروں میں گھومے۔ قرآن مجید میں ہے ﴿فَجَاسُوْا خِلَالَ الدِّیَارِ﴾۔

-الحارسُ وغیرہ پہرہ دار کا رات کو چکر لگانا۔
- لشئیَ ٹوہ لگا کے حاب کرنا (۲) پاؤں سے روندنا (۳) چھان بین کرنا سراغ لگانا جیسے (جاءَ یجوس الناسَ)۔
(اجتاسَ) جاسوسی کرنا۔
(الجَوسَقُ) چھوٹا محل (مع) (۲) قلعہ (ج) جواسِق۔
(جَاشَ)ُ- جَوْشًا پوری رات چلنا۔
(تَجَوَّشَ) اللیلُ رات کا کچھ حصہ گزر جانا۔
-فلانٌ کچھ کمزور ہو جانا۔
(الجَوْشُ) سینہ (۲) درمیان (۳) رات کا بڑا حصہ۔
(بخَوْشُ) سینہ۔
(الجَوْشَنُ) سینہ (۲) زرہ (ج) جواشِنُ۔
(جَاعَ)ُ- جَوْعًا و جَوْعَةً و مَجَاعَةً بھوکا ہونا۔ کہاوت ہے (تَجُوعُ الحُرَّةُ ولا تاکل بثَدْیَیْهَا) اس شخص کے بارے میں جو خود کو گھٹیا ذرائع آمدنی سے محفوظ رکھتا ہو۔
-الحیُّ قبیلہ کا مفلس ہونا۔
-الیه شوق رکھنا چاہت ہونا۔
-هو جائع کہاوت ہے (بطنٌ جائعٌ ووَجْهٌ مدهُونٌ) مفلس اور جھوٹے شخص کے بارے میں بولا جاتا ہے۔
-هو جائع القدر مفلس لاچار (ج) جیاعٌ و جُوَّعٌ و جُیَّعٌ۔
جائعة الوشاح پتلے پیٹ والی
(ن) جوائع هو جَوعانُ وهی جَوْعَی (ن) جِیَاعٌ و جَیَاعَی۔
(اجاعَه) بھوکا رکھنا (۲) کھانے پینے سے ....
قدرہ پورا نہ کرنا۔
(جوّعَه) بھوکا رکھنا کہاوت ہے (جَوِّعْ کلبك یتْبعكَ) کمینوں کے ساتھ حقارت کا ..... ورنہ وہ تمہارے سے ساتھ رہیں گے۔
(تجوّع) بھوکا رہنا
تجوّع للدواء لیا نا کم کھانا

(استجاعَ) بے وقت کچھ نہ کچھ کھاتے رہنا۔
(الجُوْعُ) بھوک۔ کہاوت ہے (رُبَّ جوعٍ مری) ظلم نہ کرو ورنہ انجام خراب ہو جائے گا۔
(المَجَاعُ) بھوک لگا دینے والا فاصلہ جیسے هو من موضع کذا علی قدر مجاع الشبعان وہ اتنی دور سے آیا کہ وہاں سے چل کر شکم سیر کو بھوک لگ جاتی ہے۔
(المَجَاعَةُ) قحط سالی (ج) مجائع۔
(المَجْوَعَةُ) قحط سالی (ج) مجاوِع۔
(المَجُوْعَةُ) قحط سالی۔
(جافَهُ)ُ- جَوْفًا پیٹ پر مارنا۔
-الصیدَ شکار کے پیٹ میں نیزہ گھسانا کہ وہ آر پار نہ ہو۔
-فلانًا بطعنةٍ کسی کے پیٹ میں نیزہ مارنا۔
-جافَت الطعنةُ فلانًا: کسی کے پیٹ میں نیزہ لگنا۔ هی جائفةٌ حدیث میں ہے (فی الجائفة ثُلُثُ الدِّیَة)۔
-الدواءُ فلانًا پیٹ میں دوائی لگانا۔
(جَوِفَ)َ- جَوَفًا کھوکھلا ہونا (۲) پیٹ کا خالی ہونا (۲) پیٹ کا بڑا ہونا هو أَجْوَفُ حدیث عمران میں ہے (کانَ عُمَرُ اَجْوَفَ جلیدًا) (ج) جُوْفٌ وجُوْفَانٌ وهی جوفاء (ج) جُوْفٌ۔
(اجافَه) الطعنةَ وبها پیٹ میں نیزہ مارنا۔
-الباب دروازہ بند کرنا۔ حدیث حج میں ہے (انّه دَخَلَ البیت و اَجَافَ البابَ)
(جَوَّفَ) الشئیَ کھوکھلا کرنا۔
-الصیدَ شکار کے پیٹ میں نیزہ مارنا۔
(اجتافَه) پیٹ میں داخل ہونا۔
(تَجَوَّفَ) لازم جَوَّفَه۔
الشئیَ پیٹ میں داخل ہونا۔
(استجافَ) کشادہ ہونا۔
الشئیَ کھوکھلا پانا کشادہ پانا۔
التجویف البریتونی پیٹ کا وہ خلا جو اس آبی جھلی سے ہوتا ہے جو پیٹ کے اندرونی حصہ کو گھیرتا ہے اور پیٹ کی دیوار کو ڈھانپتا ہے۔ اسے "Peritoneum Hollow" بھی کہتے ہیں۔
-وعاءٌ مستجافٌ کشادہ برتن۔
(استجْوَفَ) استجاف۔
(الأَجْوَفَانِ) پیٹ اور شرمگاہ۔
(التجویفُ) کھوکھلا حصہ۔
(الجائف) ایک رگ جو شانہ سے مونڈھے تک جاتی ہے (ج) جوائفُ۔
(الجائفَةُ) بڑا عیب۔
(الجُوَافُ) دستوں کی بیماری جو عام طور پر بڑھاپے میں ہوتی ہے (مع)۔
(الجُوَافَةُ) ایک عام سی مچھلی (ج) جُوَافٌ حضرت مالک بن دینار کی حدیث میں ہے (اکلتُ رغیفًا و راسَ جوافةٍ فعلی الدنیا العفاء) (۲) امرود جیسا ایک پھل (د) عوام الناس اسے جَوَافہ پڑھتے ہیں۔
(الجَوْفُ) من کل شئیٍ ہر چیز کا اندرونی یا کھوکھلا حصہ (ج) اجوافٌ۔
-من اللیلِ رات کا آخری تہائی حصہ۔ حدیث میں ہے (قیلَ لَه ایُّ اللیل اَسمعُ؟ قال جوف اللیل الآخر)۔
-من الارض کشادہ نشیبی زمین (۲) وادی (ج) اجوافٌ۔
(المَجْوُفُ) بڑے پیٹ والا (۲) بزدل آدمی کو بھی کہا جاتا ہے گویا اس کے اندر دل نہیں ہے۔
(المُجَوَّفُ) کھوکھلا (۲) رجلٌ مُجَوَّفٌ بزدل جس کے اندر دل نہ ہو۔
(جَوِقَ)َ- جَوَقًا موٹی گردن والا ہونا۔
-الوجهُ ٹیڑھے منہ والا ہونا هو اَجْوَقُ و هی جَوْقَاءُ (ج) جُوْقٌ و هو جَوِقٌ۔
(جَوَّقَ) القومُ علیه کسی پر لوگوں کی آوازیں اٹھنا۔
-القومَ لوگوں کو جمع کرنا۔
(تَجَوَّقَ) لازم جَوَّقَه۔
- فلانٌ مختلف لوگوں کو اکٹھا کرنا۔
(الجَوْقُ) لوگوں کی جماعت (۲) مجمع

بھیڑ۔(ج) اَجْوَاقٌ۔
(الحَوْقَةُ) الحَوْقُ۔
(المُجَوَّقُ) ٹیڑھے جبڑوں والا۔
(جَالَ) التراب ُ جَوْلاً و جَوْلَةً و جَوَلَاناً و جُئُولاً۔ ابھرنا' بلند ہونا۔کہاوت ہے (للباطلِ جولةٌ ثم يضمحلّ)۔
-الطاقُ و نحوه مٹی یا چکے کا ڈھیلا ہو کر ادھر اُدھر ہونا۔
-في الارض گھومنا پھرنا' چکر لگانا۔
-القومُ في الحرب جولةً لوٹ لوٹ کر حملہ کرنا۔
-بسيفه تلوار گھمانا' پٹا کھیلنا۔هو جائلٌ و جوّالٌ۔
-الامرُ في نفسه مترددہونا۔
-الشئ مِن غيره. چھانٹنا۔
(اَجَالَه) وبه چکرلگوانا (۲) گھمانا۔
-القومُ الرايَ فيما بينهم: لوگوں کا باہم تبادلہ خیال کرنا۔
-اَجِلْ جائلتك: اپنا کام کرتے رہو اور شک نہ کرو۔
(جَاوَلَه) دھتکارنا' دھکے دے کر نکالنا۔
(جَوَّلَ) البلادَ و فيها تجويلاً و تجوالاً کسی ملک میں چکرلگانا۔
(اجْتَالَ) في البلاد جَوَّلَ۔
-من الشئ چھانٹنا۔
-القومَ ارادہ سے باز رکھنا۔
-الشيطانُ فلاناً شیطان کا کسی کو اپنے جال میں پھنسانا اور گمراہ کرنا۔حدیث میں ہے (ان الله تعالٰی قال: اني خلقت عبادي حنفاءَ فاجتالهم الشيطانُ)۔
-الماشيةَ چوپائے کو ہنکا کرلے جانا۔
(انْجَالَ) الترابُ مٹی کا اڑنا۔
-في البلاد گھومنا۔
(تَجَاوَلُوا) في الحرب: ایک دوسرے پر حملہ کر کے پیچھے دھکیلنا۔
(استجالَه) الشيطانُ شیطان کو اپنے جال میں پھنسا کر گمراہ کرنا۔

-الماشيةَ جانور کو ہنکا کر لے جانا۔
-الريحُ السحابَ. ہوا کا بادلوں کو منتشر کر دینا۔
-فلانٌ السحابَ بادلوں کو دیکھنا کہ ہوا بادلوں کو ادھر اُدھر لے جارہی ہے۔
(الجالُ)من البئر والوادي ونحوهما کنویں یا وادی کا کنارہ (۲) پختہ ارادہ (ج) اجوالٌ۔
(جُوَالٌ) نیند میں چلنے کی بیماری (مج)
(الجَوْلُ) زمین پر اٹھنے والی مٹی (۲) جانوروں کا بڑا گلہ (۳) بڑی جماعت بھاری دستہ (ج) جُوُولٌ و اَجْوَالٌ۔
(الجُوْلُ) کنویں یا وادی کا کنارہ (۲) زمین پر اڑنے والی مٹی یا کنکریاں (۳) جانوروں کا بڑا گلہ (۴) کنویں کے نیچے کی چٹان (۵) کھیت' میدان (ج) اجوالٌ۔
(الجَوَلَانُ) زمین پر اڑنے والی مٹی یا کنکریاں۔
(الجولانيُّ) يومٌ جولانيٌّ: بہت گرد و غبار والا دن۔ رجلٌ جولانيٌّ: سب کا خیر خواہ اپنے اور پرائے ہر ایک کا ہمدرد۔
(الجَوَّالَةُ) ورزشی کھیلوں کی ٹیم جو شہروں میں گھومتی ہو۔
(الجَوِيلُ) ہوا سے اڑنے والا کوڑا کرکٹ۔
(المَجَالُ) جولان گاہ (۲) گنجائش جیسے لم يبق له مجالٌ في هذا الامر۔
(المِجْوَلُ): گھر میں پہننے کا کرتہ' حدیث عائشہ k میں ہے (كان النبي صلى الله عليه وسلم اذا دخل علينا لَبِسَ مجولاً)۔ (۲) سفید کپڑا جسے وہ شخص ہاتھ میں لیتا ہے جس کے پاس جوا کھیلنے والے اپنا تیر اکٹھا کرتے ہیں۔ (۳) ڈھال (۴) کھرا سکہ (۵) چاندی (۶) چاندی کا بنا ہوا چاند جو ہار کے درمیان میں ہوتا ہے۔ (۷) وحشی گدھا (ج) مَجَاوِلُ۔
(الجُوالق) بوری' بڑا تھیلہ (ج) جَوَالِق و جَوَالِيق عوام الناس اسے شوال کہتے ہیں

(مع)۔
(جَامَ) ـُ جَوْماً کوئی چیز مانگنا اچھی ہو یا بری۔
(الجَامُ) چاندی کا بنا ہوا کھانے پینے کا برتن (یہ مؤنث ہے) (مع) یہ جام شراب کے معنی میں زیادہ مستعمل ہے۔
-صَبَّ عليه جَامَه. غصہ اتارنا' عتاب نازل کرنا (ج) جَامَاتٌ و اجوامٌ و جُوُومٌ۔
(الجامَةُ): ہم مشرب پہرہ دار یا چرواہے۔
(ج) جامٌ و جاماتٌ۔
(الجُوْمُ) ہم مشرب پہرہ دار یا چرواہے۔
(جَانَ) ـُ جَوْناً و جُوْنَةً سیاہ ہونا۔
(الجَوْنُ). کالا (۲) سفید (۳) روشن (۴) اندھیرا (۵) سرخی مائل سیاہی (ج) جُوْنٌ (۶) کمان کا کنارہ۔هما جونان۔
(الجَوْناء). سورج (۲) ہانڈی (۳) سیاہ اونٹنی۔
(الجَوْنَةُ) سورج (۲) پانی کا برتن جس پر روغن ملا ہوا ہو۔
الشمسُ جَوْنَةٌ سورج تیز روشنی والا ہے۔
(الجُوْنَةُ) کالا (۲) جھاڑی (۳) عطر کے عطر رکھنے کی کپی۔ نبی کریم ﷺ کی صفت کی حدیث میں ہے (فوجدت ليده بردًا و ريحًا كانّما اخرجها من جونة عطّارٍ) (ج) جُوَنٌ۔
(الجَوَّاني) (دیکھئے جوو)
(الجُوْنِيُّ) کالا (۲) سیاہ پیٹ والا ایک پرندہ قطا۔
(جَاهَ) فلاناً بمكروه ـَ جَوْهاً برے طریقہ سے ملنا۔
(تَجَوَّهَ) فلانٌ جاہ پسند ہونا۔
(الجَاهُ) قدر و منزلت
(الجاهة) قدر و منزلت۔
(الجَوْهَرُ) جوهرُ الشئ کسی شئ کی حقیقت ذات۔
(۲) من الاحجار قیمتی پتھر جس سے [illegible] بنائے جاتے ہیں۔

(۳) فلسفہ کی اصطلاح میں وہ شے جو قائم بالذات ہو۔عرض کے قابل ہے یعنی وہ جو کسی دوسرے کے ساتھ قائم ہو (اس کا واحد جوھرۃٌ ہے)(ج)جواھِرُ۔
(الجوھریّ) نگینہ بنانے والا یا بیچنے والا۔
(جَوِیَ)فلانٌ - جَوًی. سینہ میں تکلیف ہونا (۲) دل تنگ ہونا (۳) مرض کا لمبا ہونا (۴) غم یا عشق میں مبتلا ہونا۔ ھو جَوٍ مصدر بطور صفت بھی استعمال ہوتا ہے جیسے ھو وھی وھما و ھم وھنّ جَوًی۔
-الماءُ پانی کا بدبودار ہو جانا۔ حدیث یاجوج ماجوج میں ہے (فتجوی الارض من نتنھم)۔
-البَلَدَ منه و عنه موافقت نہ ہونے پر ناپسند کرنا۔کہا جاتا ہے (جَوِیَ الشیُ)۔
(جاوَی)الابلَ وبها اونٹ کو پانی کی طرف بلانا۔
(جَوَّی)السِّقاءَ و نحوَہٗ: مشک وغیرہ کو پیوند لگانا۔
(اجتوی)الطّعامَ کھانا پسند نہ آنا۔
-البلدَ شہر میں رہنے کو ناپسند کرنا۔حدیث عرینہ میں ہے (قَدِمُوْا المدنیۃ فاجتوَوْھا)۔
-القومَ دشمنی رکھنا۔
(استَجْوَی)البلدَ شہر میں قیام ناپسند کرنا۔
(الجِوَاءُ) کشادہ وادی (۲) گھروں کے درمیان کھلی جگہ (۳) وہ چمڑہ یا کپڑا جس پر ہنڈیا رکھی جائے تاکہ تلی سے دوسری چیز خراب نہ ہو۔
(الجَوُّ) فضا خلا قرآن مجید میں ہے ﴿اَلَمْ یَرَوْا اِلَی الطَّیْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِیْ جَوِّ السَّمَآءِ﴾ (۲) کشادہ اور نشیبی زمین۔
-جَوُّ کلّ شیءٍ ہر چیز کا اندرونی حصہ (ج) جِوَاءٌ و اَجْوَاءٌ۔
(الجُوَّۃُ) ہر چیز کا اندرونی حصہ خلا (۲) زمین کا کشادہ اور نشیبی حصہ (۳) زمین کا ٹھوس ٹکڑا۔
(الجُوَّۃُ) مشک وغیرہ کا پیوند (۲) پہاڑ کے اندر کا گڑھا۔


(جَوَّانی) الشیُ: ہر چیز کا اندرونی حصہ۔ حدیث سلمان میں ہے (اِنَّ لِکُلِّ امْرِیٍٔ جَوَّانِیًّا و بَرَّانِیًّا فَمَنْ اَصْلَحَ جَوَّانِیَّہٗ اَصْلَحَ اللّٰہُ بَرَّانِیَّتَہٗ)۔

ج.........ی

(جَاءَ)- جَیْئًا و مجیئًا و جَیْئَۃً: آنا۔
-الغیثُ: بارش برسنا۔
-الامرُ: پیش آنا ھو جاءٍ و جَیّاءٌ۔
-الامرَ: کوئی کام کرنا۔
-جَایَأَ فلانًا فَجَاءَہٗ: آنے میں مقابلہ کرنا اور غالب آنا۔
(اَجاءَ)فلانًا لانا۔
-فلانًا اِلٰی کذا: ٹھکانہ پکڑنا۔قرآن مجید میں ہے: ﴿فَاَجَآءَ ھَا الْمَخَاضُ اِلٰی جِذْعِ النَّخْلَۃِ﴾ کہاوت ہے (شَرٌّ مَا اَجَاءَکَ اِلٰی مُخَّۃِ عرقوب) ایسے شخص کے بارے میں جو بہت مجبور ہو۔
-المرأۃُ ثوبَھَا علٰی خَدَّیْھَا: عورت کا اپنے رخساروں پر کپڑا ڈالنا۔
-النعلَ: جوتا گانٹھنا۔
(جَایَأَہٗ) مجایاۃً و جِیَاءً: کثرت سے آنے میں غالب آنا (۲) کسی کے آنے کے ساتھ آنا۔
-فُلانًا ملاقات کر کے گزر جانا۔
(جَیَّأَ) القِربۃَ و نحوھا: مشک میں پیوند لگانا۔
(الجَائِیَۃُ) زخم سے نکلنے والا خون یا پیپ۔
(الجِیَاءُ) وہ کپڑا یا چمڑا جس پر ہنڈیا رکھی جائے تاکہ نچلا فرش خراب نہ ہو۔
(الجِیَاءَۃُ) الجِیاءُ۔
(الجَیْئَۃُ) زخم یا پھوڑے سے نکلنے والا خون یا پیپ (۲) پیوند چمڑہ کا وہ ٹکڑا جس سے جوتا گانٹھا جائے (۳) چمڑے کا تسمہ جس کے ذریعہ سلائی کی جائے۔
-جِیْئَۃُ البطنِ ناف سے پیڑو تک کا حصہ۔
(الجِیْئَۃُ) آنے کی حالت و نوعیت جیسے جِئتُ جِیئۃً مبارکۃً۔

(جَابَ)القمیصَ و نحوہٗ - جَیْبًا کرتے میں گریبان لگانا۔
(جَیَّبَ)القمیصَ و نحوَہٗ گریبان لگانا۔
(الجَیْبُ)القمیص و نحوہٖ گریبان (ج) جُیُوْبٌ و اَجْیَابٌ۔قرآن مجید میں ہے: ﴿وَلْیَضْرِبْنَ بِخُمُرِھِنَّ عَلٰی جُیُوْبِھِنَّ﴾۔
-فلانٌ ناصِحُ الجیب: دیانتدار۔
-جَیْبُ الْاَرْضِ: زمین کے اندر جانے کا راستہ۔
-جیبُ الثوب: جیب پاکٹ (مو)۔
(جَیِدَ)- (یَجْیَدُ و یَجَادُ) جَیَدًا گردن کا لمبا اور خوبصورت ہونا۔ ھو اَجْیَدُ وھی جَیْدَاءُ (ج) جُوْدٌ۔
(الجِیْدُ) گردن (۲) گردن کا اگلا حصہ (۳) ہار باندھنے کی جگہ (۴) چھوٹا کوٹ۔
(ج) اَجْیَادٌ و جُیُوْدٌ۔
(جَیِرَ) - (یَجْیَرُ) جَیَرًا: پست قد اور موٹا ہونا۔
(جَیَّرَہٗ): چونا کرنا۔
-الحوضَ: حوض کو گہرا کرنا۔
(الجائِرُ) حلق یا سینہ کی سوزش جو بھوک کی وجہ سے پیدا ہو۔
(جَیْرِ) حرف جواب بمعنی نعم۔
(۲) قسم جیسے جَیْرِ لاافعلُ۔
(جَیْرَ) حرف جواب بمعنی نعم۔
(الجِیْرُ) بغیر بجھا چونا گچ (مع)۔
(الجَیَّارُ) حلق یا سینہ کی سوزش۔
(۲) چونہ بنانے یا بیچنے والا۔
(الجِیزُ و الجِیْزَۃُ) (دیکھئے ج وز)
(جَاشَ) الماءُ - جَیْشًا و جُیُوْشًا و جَیَشَانًا پانی کا کود کر بہنا۔
-البحرُ سمندر کا جوش میں آنا اور سمندر میں طوفان آنا جیسے جاشَ بالامواج۔
-الوادی وادی کا پانی دور تک پھیلنا۔
-المیزابُ پرنالہ کا زور سے بہنا۔
-العینُ آنکھوں سے آنسو بہنا۔
-الفرسُ گھوڑے کا بدکنا ہاتھ لگانے سے

ایڑیوں کے بل کھڑا ہونا۔
القِدرُ ہنڈیا میں ابال آنا۔ حدیث میں ہے:
(ستکون فتنۃٌ لایھدأ منھا جانبٌ اِلاَّ
حاش جانبٌ)۔
-نَفْسُہ. قے ہونا (۲) خوف یا غم کی وجہ سے
پریشان ہونا۔ حدیث میں ہے (وَکانَ نفسِی
حاشت)۔
-نفسُ الجبانِ: بزدل کا بھاگنے کے لئے تیار
ہونا۔
-الصدرُ: غصہ سے سینہ کھولنا۔ جیسے جاش
الھمُّ فی صدرِہ۔
-الیہ نفسہ: کسی چیز کے لئے دل دھڑکنا۔
(جَیَّشَ) فوجیں تیار کرنا۔
(تَجَیَّشَتْ) نَفْسُہ. جی متلانا۔ حدیث میں
ہے (جَاءُ وْا بلحمٍ فَتَجَیَّشَتْ انفس
اصحابہ)۔
(اِسْتَجَاشَتِ) القدرُ: ہانڈی کا ابل کر جوش
مارنا۔
-فلاناً فوج مانگنا۔ حدیث عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہ
میں ہے (فَاسْتَجَاشَ علیھم عامرُ بنُ
الطفیل)
(الجیشُ) لشکر (۲) فوج (ج) جیوشٌ۔
(الجَیْشَانُ) قوت اور جوانی۔
(جَاضَ)- جَیْضًا: اکڑ کر اِترا کر چلنا جیسے
جَاضَ فی مشیتِہٖ۔
-عن الشئِ: بچنا' الگ رہنا۔
-فی القتالِ: لڑائی سے بھاگنا' ھو جائضٌ و
جَیَّاضٌ۔
(جَایَضَھُمْ) فخر کرنا' شان وشوکت میں مقابلہ
کرنا۔
(جَیَّضَ) عن الشئِ: جَاضَ۔
(الجیَضَی) متکبرانہ چال۔
(جَافَتِ) المَیْتَۃُ - جَیْفًا: مردہ کا بدبودار
ہونا۔
(جَیَّفَتِ) المَیْتَۃُ: مردہ کا بدبودار ہونا۔
حدیث بدر میں ہے (اَتُکَلِّمُ اُناسًا جَیَّفُوْا؟)۔
-فلانٌ: ڈرنا۔
-فلاناً: مارنا۔
(اِجْتَافَتِ) المیتۃُ: مردہ کا بدبودار ہونا۔
(انجافَتِ) المَیْتَۃُ: مردہ کا بدبودار ہونا۔
(الجِیْفَۃُ) بدبودار مردہ لاش۔ حدیث ابن
مسعود میں ہے (لا اعرفنّ احدکم جیفۃ
لیلٍ قطربَ نھار)۔
میں تم میں کسی کو اس شخص کی طرح نہ پاؤں جو
دن بھر دنیا کمانے کے لئے دوڑ دھوپ کرتا ہو
اور رات بھر لاشہ بے جان کی طرح محوِ خواب
رہتا ہو اور آخرت کی کوئی فکر نہ کرتا ہو (ج)
جِیَفٌ (جج) اَجْیَافٌ۔
(الجِیْلُ) امت (۲) نسل جیسے عربی' ترکی'
رومی (۳) ایک صدی (۴) تہائی صدی جس
میں لوگ باہم مل جل کر رہیں۔ (ج) اَجْیَالٌ۔
(الجیلاتین) Gelatin وہ نرم لیس دار مادہ
جو پانی میں حل نہیں ہوتا۔ یہ مادہ حیوانات کی
ہڈیوں اور ان کے Texture کو پانی میں دیر
تک اُبالنے سے حاصل کیا جاتا ہے۔
(جَیَّمَ) جیمًا: جیم بنانا۔
(الجِیْمُ) حروف ہجائیہ کا پانچواں حرف۔
(۲) بدمست اونٹ (ج) اَجْیَامٌ و حیماتٌ
(الجیولوجیا) جیالوجی' علم طبقات الارض
(ع)۔



(الحاء) چھٹا حرف تہجی۔ اس میں صفت همس اور رخوت پائی جاتی ہے۔ اس کا مخرج درمیان حلق ہے۔

(حَأْحَأْ) بالحِمار گدھے کو حاحا کہہ کر تیز چلانا۔ (عوام الناس ہمزہ کو ساکت پڑھتے ہیں)۔

ح ..... ب

(حَبَّ) الإنسانُ والشيُّ ـُ حُبًّا: محبوب و دل پسند ہونا۔ جیسے حَبَّت الیہ۔

-فلاناً محبت کرنا۔

(حَبَّ) الانسانُ والشیُّ ـُ حُبًّا محبوب و پسندیدہ ہونا۔ جیسے حَبُبْتَ إلَيَّ۔

-حُبَّ بہ اُسے اس سے محبت ہوگئی۔

-ما احبَّ الی وہ مجھے کتنا محبوب ہے۔

- فلاناً محبت کرنا' متعدی معنی اَحَبَّ باب افعل سے زیادہ استعمال ہوتا ہے۔

(أحَبَّ) الزرعُ کھیتی میں دانہ پڑنا۔

-الزرعُ والکَّ کھیتی کا دانوں والی ہونا۔

- فلاناً مائل ہونا' چاہنا' محبت کرنا هو مُحِبٌّ و هی مُحِبٌّ و مُحِبَّةٌ۔

(حَابَّہ) مُحَابَّةً وحِبَابًا محبت رکھنا' دوستی رکھنا۔

(حَبَّبَ) الزرعُ کھیتی میں بیج پڑنا۔

الشیَّ الیہ پسندیدہ محبوب بنانا۔

قرآن مجید میں ہے ﴿ولٰکنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ الیکمُ الایمانَ﴾

السقاء نحوہ مشکیزہ بھرنا۔

الماءُ و نحوہٗ پانی میں بلبلے اٹھنا۔

(تحابُّوا) باہم محبت کرنا۔ حدیث میں ہے (تَهَادَوا تحابُّوا)۔

(تَحَبَّبَ) الیہ: محبوب ہونا۔ (۲) اظہار محبت کرنا۔

-الماءُ و نحوہٗ: پانی میں بلبلے اٹھنا۔

-السقاءُ و نحوہٗ: مشکیزہ کا بھرنا۔

(اِسْتَحَبَّہٗ) پسند کرنا (۲) ترجیح دینا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿اِسْتَحَبُّوْا الْکُفْرَ عَلَی الاِیْمَانِ﴾۔

(الحابُّ): نشان کے قریب پہنچنے والی چیز۔ جیسے سَهْمٌ حَابٌّ اور کُرَةٌ حابَّةٌ (ج) حوابّ۔

(الحَبَابُ) پانی کی سطح پر ہوا کی وجہ سے پیدا ہونے والی چھوٹی لہریں (۲) بلبلے کہا جاتا ہے (طفا الحباب علی الشراب) (۳) شبنم جیسے شاعر کا قول ؎

تخالُ الحبابَ المرتقی فوق نورها
اِلٰی سُوقِ اعلاها جمانًا مُسَرَّدًا

(۴) غایت انتہا، جیسے حبابك ان تفعل كذا و ان یکون کذا زیادہ سے زیادہ تم یہ کر سکتے ہو یا زیادہ سے زیادہ یہ ہو سکتا ہے۔

(الحَبُّ) بیج' دانہ (۲) جو (۳) گولی جیسی (۴) جو شکل میں بیج کے مشابہ ہو۔

حَبَّاتُ العقد تسبیح یا ہار کے دانے۔

حَبُّ الغمام اولے۔

حبُّ قُرٍّ اولے۔

واحد حَبَّةٌ (ج) حُبُوبٌ۔

(الحُبُّ) محبت (۲) فلاسفہ کی اصطلاح میں اشخاص یا قیمتی' پرکشش اور فائدہ مند چیزوں کی طرف میلان کا نام محبت ہے (ج) (۳) پانی کا برتن جیسے مٹکا وغیرہ (ج) أُحْبَابٌ و حِبَبَةٌ و حِبَابٌ۔

خیر مقدم کرتے ہوئے کہا جاتا ہے: حُبًّا و کرامةً یعنی بسر و چشم۔

بطیب خاطر' دل و جان سے۔

(الحِبُّ) محبوب (۲) محبت کرنے والا۔ (ج) أَحْبَابٌ و حِبَّان و حِبَبَةٌ (۳) گھاس کا بیج (۴) جنگلی سبزیاں (۵) کان کی بالی۔

(الحَبَبُ) بلبلہ' چھوٹی لہر (۲) ہموار لگے ہوئے دانت۔ طرفہ بن عبد کا شعر

"واذا تضحكُ تُبدی حَبَبًا"

(الحَبَّةُ) حَبٌّ کا واحد۔

-من الشیٔ کسی چیز کا حصہ۔

-من الاوزان ایک رتی یا دو جو کے برابر وزن۔

حَبَّةُ القلب سودائے دل' روح قلب۔

(حبّة البركة) (دیکھئے بَرَكَ)

(الحِبَّةُ) گھاس اور جنگلی سبزیوں کا بیج۔ حدیث میں ہے (فَيَنْبُتُوْنَ كَمَا تَنْبُتُ الحِبَّةُ فِی حَمِيْلِ السَّيْلِ) (۲) مختلف قسم کے دانے اور بیج۔

(الحَبِيْبُ) محبوب (۲) محبت کرنے والا۔ مُخبّل کا شعر ؎

اتهجر ليلَى بالفراق حبيبها
وما كان نفسا بالفراق تطيبُ

(ج) أَحِبَّاءُ و أَحِبَّةٌ وهی حَبِيبَةٌ (ج)

حَبائبُ۔
(المَحَبَّةُ) تعلق، دوستی، چاہت۔
(المستحبُّ) وہ چیز کہ شارع نے اس کی ترغیب دی ہو لیکن لازم نہ کیا ہو۔
(حَبَّذَا) الامرُ (دیکھئے حَبذ)
(حَبَتَرَ) الجسمُ نحیف و کمزور ہونا۔
(الحُبَائِرُ و الحَبْتَرُ) پست قد (ج) حبائِرُ۔
(تَحَبْحَبَ) الامعاءُ آنتوں کا پیچیدہ ہونا۔
(حَبْحَبَ) خراب غذا کی وجہ سے کمزور رہنا۔
-الماءُ تھوڑا تھوڑا لینا۔
(الحُبَاحِبُ) جگنو۔
-نارُ الحباحب. آگ کی چنگاریاں جو پتھر کو رگڑنے سے نکلتی ہیں۔ نابغہ کا شعر ہے۔
تَقُدُّ السَّلُوقِيَّ المضاعَفَ نَسجُه
و توقد بالصَّفاح نارَ الحُباحب
اُمُّ حباحب جگنو۔
(الحَبْحَبُ) پست قد (۲) تربوز۔ یہ فیصلہ قرعیہ سے ہے۔ اس کا واحد حبحبةٌ ہے۔
(حَبَّذَا) الامرُ: کلمہ تعریف، بہت خوب، بہت اچھا۔ جیسے حَبَّذَا الرجلُ والرجلان والرجال والمراۃ والمرتان والنساءَ۔
(حَبَّذَ) فلاناً کسی کو حَبَّذَا کہنا۔
الامرَ سراہنا، پسند کرنا (محدثہ)۔
(حَبَرَہ)۔ حُبُوراً۔ خوش کرنا، فرحت و سرور بخشنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿اُدْخُلُوا الجَنَّةَ اَنْتُم و اَزْوَاجُکُمْ تُحْبَرُوْنَ﴾۔
-البُرْدَ حَبْراً چادر کو ڈھنا اور مزین کرنا۔
(حَبِرَ)۔ حَبَراً خوش و خرم ہونا۔
-الارضُ زمین کی پیداوار کا زیادہ ہونا۔
-الجُرْحُ زخم کا ٹھیک ہونا اور نشان باقی رہنا۔
-الاَسْنَانُ دانتوں کا زرد ہونا۔ ھو حَبِرٌ وھی حَبِرَةٌ۔
(اَحْبَرَتِ) الارضُ زمین کی پیداوار کا زیادہ ہونا۔
-فلاناً خوش کرنا (۲) آراستہ کرنا۔
-الضربةُ جلدَہ وبہ چوٹ کا جلد پر نشان ڈالنا۔

(حَبَّرَہ) خوش کرنا (۲) آراستہ کرنا۔
-الشئَ: مزین کرنا جیسے حَبَّرَ الشِّعْرَ والکلامَ والخطَّ۔ ابوموسیٰ اشعری کی حدیث میں ہے (لو علمت انك تسمع لقراتی لحَبَّرتُ لك تحبیراً)۔
الدواۃ. دوات کو سیاہی سے بھرنا۔
الکتاب لکھنا۔
الوسمَ نقش کو سیاہی سے پختہ کرنا (محدثہ)
(الحَابُورُ) محفل سردر (ج) حوابیرُ۔
(الحِبَارُ) کام کاج کی وجہ سے ہاتھوں کی خشکی (۲) جلد پر رگڑ کا اثر، خراش (ج) حُبُرٌ۔
(الحُبَارَی) سرخاب، ایک پرندہ۔
(الحَبْرُ) عالم، پوپ، یہودیوں کا عالم (ج) اَحبارٌ و حُبُورٌ۔
-سِفْرُ الاَحْبَارِ (دیکھئے: سفر)۔
(الحِبْرُ) الحَبْرُ (۲) سیاہی (ج) اَحْبَارٌ و حُبُورٌ۔
(الحَبَرَۃُ) دھاری دار یمنی چادر (۲) ریشمی چادر جیسے مصری عورتیں پہن کر باہر نکلتی ہیں (ج) حِبَرٌ۔
(الحُبْرَۃُ) دانتوں کی زردی۔
(الحَبِیرُ) نقش و نگار والا ملائم کپڑا جیسے شاخ کا شعر ہے۔
اذا سقط الانداء صِینَتْ واُشْعِرت
حبیراً ولم تدرج علیها المعاوز
(۲) رنگ برنگ بادل۔
(المِحْبَرُ) دوات (ج) محابِرُ۔
(الحَبَرْکَی) لمبی کمر اور چھوٹی ٹانگوں والا۔
(حَبَسَہ)۔ حَبْساً روکنا، بند کرنا۔
(۲) قید کرنا۔
-الشئَ وقف کرنا یعنی کسی شی کی منفعت تو حاصل کرنے کا حق ہو لیکن نہ اس کی بیع کی جا سکے اور نہ اس میں وراثت جاری ہو سکے۔
-حَبَسَ نفسه علی کذا خود کو کسی کام کے لئے وقف کرنا۔
-الشئَ بالشئِ ڈھانپنا، چھپانا۔ ھو محبوسٌ و حَبِیسٌ۔

(اَحْبَسَہ) حَبَسَہ۔
(حَبَّسَہ) حَبَسَہ۔
(اِحْتَبَسَ)۔ قید ہونا، رکنا جیسے حَبَسَہ فاحتبس۔
-الانسانَ و غیرہ روکنا، قید کرنا۔
فلانٌ الشئَ چیز کو اپنے لئے خاص کرنا۔
(تَحَبَّسَ) فی الکلام اٹک کر بولنا۔
علی کذا: کسی کام کے لئے وقف ہونا۔
(الحَابِسُ) حوض نما گڑھا جس میں پانی روکا گیا۔
-زِقٌّ حَابِسٌ پانی روکنے والی مشک۔
کَلَأٌ حَابِسٌ بہت زیادہ گھاس جس کی وجہ سے مویشی جمع رہیں۔ (ج) حوابِسُ۔
(الحُبَاسَةُ) حوض، پانی جمع کرنے کی جگہ (ج) حبائس۔
(الحُبْسُ) پیرہ فون۔
(الحَبْسُ) رکاوٹ (۲) قید خانہ (ج) حُبُوسٌ۔
(الحِبْسُ) پانی روکنے کی ذات یا دروازہ۔
الماءُ الحِبْسُ جس پانی کا کوئی سہارا نہ ہو۔
(ج) اَحْبَاسٌ۔
(الحُبْسَةُ) زبان کے ثقل جس کی وجہ سے کھل کر بات نہ ہو سکے۔
(الحَبِیسُ) قیدی (ج) حُبُسٌ وھی حبیسةٌ (ج) حبائسُ۔
(المَحْبِسُ) مویشیوں کے چارہ کا کنڈ (ج) محابسُ۔
(المِحْبَسُ) چارہ کا کنڈ (۲) پلنگ پوش۔
-مِحْبَسُ الماءِ و نحوہ پانی کا ذات یا ٹونٹی (مع) (ج) محابس۔
(حَبَشَ) لَه۔ حَبْشاً جمع کرنا۔
-لاهلہ اہل و عیال کے لئے گزر بسر کا سامان کمانا۔
(اَحْبَشَتْ) المراۃُ بولدھا حبشی جیسا بچہ جننا۔
(حَبَّشَ) لَه حَبَشَ۔
-الاشیاءَ و نحوها جمع کرنا۔

(اِحْتَبَشَ)الشیَٔ جمع کرنا۔
(تَحَبَّشَ) القومُ جمع ہونا جیسے تَحَبَّشُوْا علیہ۔
(الاَحْبَشُ) حبشی (ج)اُحابِیْش۔
(الاُحْبُوْشُ والاُحْبُوْشَۃُ) مختلف نسلوں کے لوگ (ج) اَحابِیْش۔
-احابیش قریش قبیلہ قریش' کنانہ اور خزاعہ کے وہ لوگ جنہوں نے مکہ کے حبشی نامی پہاڑ کے نزدیک اکٹھے ہوکر عہدو پیمان کیا تھا۔
(الحُبَاشَۃُ) جمع کردہ چیزیں (۲) مختلف النسل لوگ۔
(الحُبَاشِیَّۃُ) عقاب۔
(الحَبَشُ) حبشی سوڈانی ایک نسل (۲) حبشہ کے رہنے والے واحد حَبَشِیٌّ۔
(ج) حُبْشَان۔
(الحَبَشَۃُ) مثل حَبَشَہ۔
- بلاد الحُبْشانِ ایتھوپیا (مشرقی افریقہ کا ایک ملک)۔
(الحَبَشِیَّۃُ) حبشی کی مونث۔
- روضۃٌ حبشیّۃٌ ایسا سرسبز باغیچہ جس کا رنگ پودوں کی زیادتی وجہ سے سیاہی مائل ہو۔
(حَبَصَ) الوترُ ـِ حبصًا تانت کا زور کی حرکت سے آواز نکالنا۔
بالوترِ کمان کے تانت کو زور سے کھینچ کر چھوڑنا جس سے آواز پیدا ہو۔
- القلبُ والعرقُ دل یا رگ کا زور سے حرکت کر کے رک جانا۔
-الشیُٔ حُبُوْصًا کم ہونا۔
- السہمُ تیر کا نشانہ پر نہ لگنا' قریب ہی گر جانا۔
-الامرُ باطل ہونا۔حق ساقط ہونا جیسے حَبَصَ حقّہ۔
فلانٌ حسن ظن کے برخلاف ہونا (۲) بخیل ہونا۔
(حَبِصَ) الشیُٔ او السہمُ او العرقُ ـَ حبصًا حَبَص۔
(اَحْبَصَ) الرامی السہمَ تیر کو نشانہ سے ہٹانا۔
-البئرَ کنویں کا پانی ختم کردینا۔
-الحقَّ حق ضائع کردینا۔
(الحُبَاضُ) کمزوری۔
- فلانًا الٰی کذا: مجبور کرنا۔
(حَرَّجَ) حرام قرار دینا۔ حدیث میں
ہے (اللّٰهُمَّ اِنِّیْ اُحَرِّجُ حَقَّ الضَّعِيفِ
اليتيم و المرأة)۔
- علیه: تنگی کرنا پریشان کرنا۔
- فی الامر: کسی بات پر اڑے رہنا۔
- الحیوانَ: جانور کے گلے میں قلادہ ڈالنا۔
(تَحَرَّجَ) تنگی اور پریشانی سے بچنا اور تنگی اور
پریشانی سے بچانے والا کام کرنا۔ کہا جاتا ہے"
تَحَرَّجَ اَنْ يَفْعَلَ كذا و تحرّج منه" تنگی

اور مشقت سے بچانے والا کام کرنا۔
(الحارِجُ): گنہگار۔
(الحَرَجُ): گھنے درختوں والی جگہ جس سے پار
ہونا دشوار ہو (۲) دبلی اونٹنی (۳) گھٹے ہوئے
بھاری جسم والی اونٹنی (۴) انتہائی تنگ اور
سخت۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿يَجْعَلْ صَدْرَهٗ
ضَيِّقًا حَرَجًا﴾ (۵) گناہ۔ قرآن مجید میں
ہے: ﴿لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ﴾۔
- حَدِّث عنه لا حَرَجَ: تم اس کے متعلق بے
خوف بات کہو۔
(الحَرِجُ): تنگی اور پریشانی میں ہونے والا۔
(الحِرْجُ): شکاری کا جال (۲) کوڑی (۳)
جانور کا قلادہ (۴) بکریوں کا ریوڑ (ج)
حِراجٌ و اَحْراجٌ و حِرَجَةٌ۔
(الحَرَجَةُ): گھنے درختوں کا جھنڈ جس سے
پار ہونا دشوار ہو (۲) دو درختوں کے درمیان کا
درخت جس پر دیمک نہ پہنچے (ج) حَرَجٌ و
حِراجٌ۔
(الحَرْجُوجُ) من النوق: بھاری بھرکم اونٹنی۔
(المِحْراجُ) لیلةٌ مِحْراجٌ: انتہائی سرد
رات۔
(المُحْرَجَةُ) من الایمان: پختہ قسم جس سے
مفر ممکن نہ ہو۔
(الحُرْجُوجُ): جسیم اور لمبی اونٹنی (۲) ہوشیار
اور باحوصلہ اونٹنی (۳) سخت ٹھنڈی ہوا۔ (ج)
حَراجيجُ۔
(الحَرْجَفُ) من الرِّياح: خشک و تیز ٹھنڈی
ہوا۔
- لَیلةٌ حرجفٌ: ٹھنڈی ہوا والی رات۔
(حَرْجَلَ) دائیں بائیں دوڑنا (۲) نماز
وغیرہ میں صف کو پورا کرنا۔
(الحَرْجَلَةُ) گھوڑوں کا گلہ (ج) حراجلُ۔
- جاء وا حراجلةً وہ اپنے گھوڑوں پر
آئے۔
(حَرْجَمَ) الدوابَّ: جانوروں کو ایک
دوسرے پر گرتے ہوئے اکٹھا کرنا۔
(اِحْرَنْجَمَ) القومُ والدوابُّ: لوگوں اور

جانوروں کا جمع ہونا۔
-فلانٌ کسی کام کا ارادہ کرنے کے بعد نہ کرنا۔
(حَرَدَهٗ)- حَرْدًا ارادہ کرنا' اور آیت اسکی ہی تفسیر کی گئی ہے (وَغَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قَادِرِيْنَ)۔
فلانٌ عن قومه حرودًا. الگ ہو جانا' تنہا رہ جانا۔
(حَرِدَ)عليه - حَرْدًا: غصہ ہونا (۲) ناراض ہو کر ناراض کرنے والے پر دانت پیسنا۔ هو حَرِدٌ و حاردٌ و حَرْدانٌ۔
-الدَّابةُ: پیدائش طور پر یا کسی بیماری کی وجہ سے جانور کے پٹھوں کا کمزور ہونا اور لڑکھڑا کر چلنا۔ هي حرداءُ۔
-فلانٌ: زیادہ بوجھ کی وجہ سے چلنے کی طاقت نہ رکھنا۔
(أَحْرَدَ)في السير: تیز چلنا۔
-فلانًا: کسی کو الگ اور ایک طرف کرنا۔
(حَارَدَتِ)الابلُ: اونٹ کے دودھ کا کم یا ختم ہو جانا۔
-السنةُ: خشک سالی ہونا۔
-حال فلان: بدحال ہونا۔
-حارَدَ الرجلُ: سخاوت کے بعد بخیل ہونا۔
(حَرَّدَ)فلانٌ: جھونپڑی میں پناہ لینا۔
-الشئَ: ٹیڑھا کرنا۔
-الكوخَ: جھونپڑی یا چھپر کو کوہان دار بنانا۔
-الشئَ: پورے پر پالش کرنا۔
(انْحَرَدَ) اکیلا رہنا' الگ تھلگ رہنا۔
-النجمُ: ستارہ کا ٹوٹنا۔
(تَحَرَّدَ) ہٹ جانا۔
(الأَحْرَدُ): وہ اونٹ کہ کسی بیماری کی وجہ سے اس کے پٹھے خشک ہو گئے ہوں اور لڑکھڑا کر چلتا ہو۔
-رجلٌ أَحْرَدُ کمینہ اور بخیل۔
-احردُ اليَدَيْنِ کمینہ اور بخیل۔
(الحارِدُ) ناقةٌ حاردٌ: کم دودھ دینے والی اونٹنی۔
(الحُرُودُ) رجلٌ حَرْدٌ. الگ تھلگ رہنے والا آدمی (ج) حِرَادٌ۔
(الحَرَدُ). وہ بیماری جو اونٹ کے پٹھوں میں پیدا ہوتی ہے جس کی وجہ سے اس کی چال یکساں نہیں رہتی۔
(الحَرُودُ) من النوق: کم دودھ دینے والی اونٹنی یا وہ اونٹنی جس کا دودھ نہ اترتا ہو (ج) حُرُدٌ۔
(الحَرِيدُ) گوشہ نشین۔
-رجلٌ حَرِيدٌ اکیلا آدمی۔
-حَيٌّ حَرِيدٌ و مكانٌ حَرِيدٌ: الگ تھلگ اور کنارے پر واقع ہونے والا مکان یا محلہ (۲) پارچے بنا کر سکھائی ہوئی مچھلی (ج) حِرَادٌ' حُرَدَاءُ۔
(حَرْدَبَ) حَرْدَبَةً: پھرتیلا ہونا۔
(حَرَّ) الماءُ والهواءُ وغيرهما - حَرَارَةً: گرم ہونا۔ هو حَارٌّ۔
-القتلُ: سخت خونریزی ہونا۔
-فلانٌ حَرًّا. حریرہ پکانا۔
-الشئَ - حَرًّا: گرم کرنا۔
(حَرَّ) الرجل - حِرَّةً و حَرَارَةً: پیاسا ہونا۔ هو حَرَّانٌ وهي حَرَّى۔
-كبدُه: پیاس یا غم کی وجہ سے جگر میں خشکی آنا۔
هي حَرَّى (ج) حِرَارٌ و حَرَارَى۔
-العبدُ حَرَارًا: غلام کا آزاد ہونا۔
-فلانٌ حَرِيَّةً: آزاد نسل ہونا۔
(أَحَرَّ): گرم ہونا۔
-الشئَ: گرم کرنا۔
-اللهُ صدرَهٗ. پیاسا کرنا۔
(حَرَّرَهٗ): آزاد کرنا کہا جاتا ہے "حَرَّرَ رَقَبَتَه"۔
-الولدَ. اللہ کی عبادت اور مسجد کی خدمت کے لئے خاص کرنا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿رَبِّ اِنِّىْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِىْ بَطْنِىْ مُحَرَّرًا﴾
-الكتابَ و غيرَه اصلاح کرنا اور اس کی کتابت کو عمدہ بنانا۔
-الوزنَ وزن ٹھیک کرنا۔
-الرميَ نشانہ پختہ کرنا۔
(استَحَرَّ) گرم یا سخت ہونا۔
-القتلُ سخت خونریزی ہونا۔
-فلانةً کسی عورت سے حریرہ (آٹے کا حلوہ) بنوانا۔
(الاحَرُّ): هو احرُّ منه حُسْنًا وہ اس سے زیادہ حسین اور نازک ہے۔
(الحارُّ) گرم۔
-من العملِ مشکل اور دشوار کام۔ کہاوت ہے (وَلِّ حَارَّهَا من تولّى قارَّها) جو آدمی حکومت کی آسائشوں سے مزہ اٹھائے مشکلات بھی اسی کے سپرد کرو۔
(الحرارةُ) گرمائش' تپش (۲) کوئی چیز کھانے سے منہ کی جلن (۳) درد کی وجہ سے دل کی جلن۔ (مج)
(الحَرَارِيُّ)الطوب الحراريّ گرمی سے بچاؤ کے لئے بنائی گئی خاص قسم کی بلاک یا کھپریل۔ (مج)
(الحراريّاتُ) گرمی روکنے والے اجزاء اور سطح پر لگائے جانے والا مسالہ جو گرمی کا مقابلہ کرتا ہے (مج)
(الحُرُّ)الحرارة (ج) حرورٌ۔
(الحُرُّ) خالص آمیزش سے پاک۔
-ذَهَبٌ حُرٌّ خالص سونا۔
-فرسٌ حُرٌّ: اصیل گھوڑا (۲) آزاد' (۳) شریف' معزز (ج) أحْرَارٌ وهي حُرَّةٌ (ج) حرائرُ (۴) ہر شے کا عمدہ اور افضل حصہ۔ (۵) کچی کھائی جانے والی سبزی' (۶) چہرہ کا ظاہر جیسے "لطم حُرَّ وَجْهِهٖ" (۷) عمدہ قول یا فعل جیسے "هذا من حُرِّ الكلام" یہ بڑی عمدہ بات ہے اور "مَا هٰذا مِنْكَ بِحُرٍّ" تمہاری یہ بات اچھی نہیں۔
(الحَرَّارُ) ریشم فروش (۲) ریشم بنانے والا۔
(الحَرَّةُ) کالے پتھروں والی زمین جو جلائی ہوئی معلوم ہو (ج) حِرَارٌ (۲) چھوٹا کنواں (۳) مدینہ منورہ کے باہر ایک زمین کا نام۔

یزید بن معاویہؓ کے دور میں اس جگہ لڑائی ہوئی تھی۔
(الحُرَّۃُ) آزاد عورت۔
-سحابۃٌ حُرَّۃٌ زیادہ برسنے والا بادل۔
(الحُرِیَّۃُ) آزادی، چھوٹ، رہائی، ہر قسم کی رذیل صفات سے پاک ہونے کی حالت۔ خواہ ایک فرد کی ہو یا پوری قوم کی (۲) علم اقتصادیات کے مطابق وہ ملک جس کی رو سے بین الاقوامی تجارت ہر قسم کی پابندیوں اور کسٹم وغیرہ سے آزاد ہوتی ہے (ج)
(الحَرُوْرُ) سورج کی گرمی۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ﴾ (۲) ہمیشہ گرم رہنے والی چیز (۳) آگ (ج) حرائر۔
(الحَرُوْرِیَّۃُ) خوارج کا ایک فرقہ جو کوفہ کے قریب مقام حروراء کی طرف منسوب ہے۔ اسی مقام پر حضرت علیؓ کی مخالفت میں ان کا پہلا اجتماع ہوا تھا۔ یہ فرقہ دین میں بے انتہا متشدد تھا بعد میں دین سے الگ ہو گیا۔
(الحریرُ) ریشم، ریشمی کپڑا۔
(الحریرُ الصناعیُّ) مصنوعی ریشم۔
(الحَرِیرۃ) ریشم کا ٹکڑا (۲) آٹے گھی اور دودھ سے بنا ہوا حلوہ۔
(الحریری) ریشم ساز (۲) ریشم فروش۔
(المِحَرُّ) پڑا، جتے ہوئی کھیت کو ہموار کرنے کا آلہ جسے دو بیل کھینچتے ہیں (ج) محارّ۔
(المَحْرُوْرُ) انتہائی غضبناک۔
(حرزَہٗ) ـُ حَرزًا حفاظت کرنا۔
(حرز) ـَ حَرزًا محتاط ہونا، بچنا۔
(حَرُزَ) ـُ حَرَازۃً محفوظ ہونا اور مضبوط ہونا۔
(أحرزَہٗ) حفاظت کرنا (۲) جمع کرنا۔
-أحرز قصبَ السبق کسی کام میں سبقت لے جانا۔
- مالہ وقتِ ضرورت کے لئے مال جمع کرنا۔
المکانَ المتاعَ کسی جگہ سامان رکھنا۔
(حَرَّزَ) الشئَ خوب حفاظت کرنا (اور اسی سے پولیس والوں کی اصطلاح ہے "حرز جسم الجریمۃ أو أداتھا" جرم کے ثبوت اور ہتھیار قابو میں کر لئے گئے۔
(إحترز) منہ: بچنا۔
(تَحَرَّزَ) منہ: بچنا۔
(استحرز): حفاظت میں آنا۔
(الحارزُ) حِرزٌ حارزٌ: مضبوط جگہ جہاں پہنچنا دشوار ہو۔ حدیث میں ہے: (اللّٰھم اجعلنا فی حِرزٍ حارزٍ)۔
(الحِرزُ): مضبوط برتن جس میں شے کی حفاظت کی جائے (۲) محفوظ مقام، قلعہ (۳) تعویذ۔
(الحَرزُ): حفاظت کی جانے والی چیز۔
(الحَرزۃ): بہترین اور منتخب مال۔
(الحریزُ): قلعہ "حرزٌ حریزٌ" مضبوط قلعہ۔
(الحریزۃُ): نفیس شے جس کو بچایا نہ جائے (ج) حرائز۔
(حَرَسَہ) ـُ حَرسًا و حِراسۃً: حفاظت کرنا، پہرہ دینا (۲) کبھی بطور طنز چوری کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے کہاوت ہے (محترسٌ من مثلہ وھو حارسٌ) اس شخص کے بارے میں جو خود بہت برا ہو اور دوسروں میں عیب نکالتا ہو۔
(حَرِسَ) ـَ حَرَسًا: لمبے عرصہ تک زندہ رہنا۔ ھو حرِسٌ وھی حَرِساء (ج) حُرُسٌ۔
(أحرَسَ) بالمکان: زیادہ عرصہ قیام کرنا (۲) کسی جگہ محفوظ ہونا۔
(احترسَ) منہ: بچنا، محفوظ رہنا۔
(تَحَرَّسَ) منہ بچنا، محفوظ رہنا۔
(الاحتراسُ) علم معانی میں اس لفظ کو کہتے ہیں جو کسی کلام سے خلاف مراد مفہوم کے وہم کا ازالہ کرے۔
(الحِراسۃُ) پہرہ، حفاظت، کہا جاتا ہے "وُضِعَ فلانًا تحت الحراسۃ" فلاں کو مال وغیرہ میں تصرف سے روک دیا گیا۔ (محدثہ)
(الأحرَسُ) من الأبنیۃ ٹھوس عمارت (۲) قدیم چیز جس پر عرصہ دراز گزر گیا ہو۔
(الحَرسُ): زمانہ (۲) لمبا عرصہ کہا جاتا ہے "مضٰی علیہ حرسٌ من الدھرِ" (ج) أحْرُس۔
(الحَرَس) پہرہ دار۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَّاَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ فَوَجَدْنٰهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيْدًا وَّشُهُبًا﴾ (۲) حفاظتی دستہ۔
(الحَرَسِیُّ) محافظ (واحد الحَرَس)۔
(الحریسۃُ) زیر حفاظت علاقہ (۲) جانوروں کا باڑہ (ج) حَرائِسُ۔
(المحروسۃُ) وصف غالب کے طور پر قاہرہ کا نام (جو مصر کا دار الحکومت ہے)۔
(حَرَشَہ) ـِ حَرشًا: خراش لگانا، رگڑ لگانا۔
-الدابۃَ: لاٹھی وغیرہ سے جانور کو دوڑانے کے لئے چرکا لگانا۔
-الصیدَ شکار کو پکڑنے کے لئے اکسانا، جیسے کہاوت ہے (أتعلّمُنی بِضَبٍّ أنا حرشتُہ؟) ایسے شخص کے بارے میں جو کسی کو ایسی بات کی خبر دینا چاہے کہ وہ خود اس سے واقف ہو۔
- الانسانَ والحیوانَ انسان یا جانور کو اکسانا۔
-بین القومِ لڑائی ڈلوانا۔
(حَرِشَ) الشئُ ـَ حَرَشًا: کھردرا ہونا۔ ھو أحرَشُ وھی حرشاء (ج) حُرشٌ و ھو حَرِشٌ ایضًا۔
(حَرُشَ) ـُ حُرُوشۃً: کھردرا ہونا۔
(أحرَشَ) الصیدَ شکار کو اکسانا۔
(حارشَہ) قتال کرنا۔
(حرَّشَ) بینھُم پھوٹ ڈالنا۔
- الانسانَ والحیوانَ انسان یا جانور کو اکسانا۔
(احترش) الصید جانور کو اکسانا۔
-فلانًا دھوکہ دینا۔
- الشئَ جمع کرنا۔
لعیالہ گھر والوں کے ضرورت کا سامان کمانا۔
(تحَرَّشَ) بہ بھڑکانے اور اکسانے کے لئے

سامنے آنا۔
(الحارِش)۔ایک بیماری جوگائے کے منہ میں پیدا ہوتی ہے جس سے اس کے منہ میں زخم و ورم ہوجاتا ہے۔
(الحَرْشُ) اثر، نشان (۲) زخم کا نشان جس پر ٹھیک ہونے کے بعد بھی بال نہ اگتے ہوں (۳) دھوکہ، فریب (ج) حِراشٌ۔
(الحَرْشاءُ): (۱) ناقةٌ حَرشاءُ: خارش زدہ اونٹنی۔(۲) نقبةٌ حرشاءُ: وہ خارش جو قطران سے ٹھیک نہ ہو۔(۳) ایک قسم کی گھاس جسے جانور شوق سے کھاتے ہیں۔(۴) خشکی کے جانور کا گوشت کا پارچہ (ج) حُرْشٌ۔
(الحرِیشُ): کنکھجورا، کسلائی۔ عوام الناس اسے "اُم اربعة واربعین" کہتے ہیں۔
(الحریشةُ): مملوکہ چیز۔ کہا جاتا ہے۔ "اخرجتُ له حریشتی" میں نے اپنی ہر مملوکہ چیز اس کے سامنے کردی۔
(المِحْراش): ٹیڑھے سروالا ڈنڈا (ج) محاریش۔
(الحَرْشَفُ): مچھلی کے کھپے (۲) ہتھیار کو چاندی وغیرہ سے دی جانے والی زینت۔ (۳) پرندوں یا جانوروں کے چھوٹے بچے (۴) وہ ٹڈی جس کے پر نہ نکلے ہوں (۵) بوڑھے کمزور لوگ (۶) پیادہ فوج (۷) فصیلہ مرکبہ کی ایک کھردری گھاس (دیکھئے: خرشوف) (ج) حراشِفُ۔
(الحُرْشُفُ): سخت زمین۔
(حَرَصَ)۔ حَرْصًا: لالچی ہونا۔
-علی الشیءِ: کسی چیز میں رغبت کا زیادہ ہونا۔
-علی الرجل: کسی آدمی کے فائدہ اور ہدایت کی کوشش کرنا اور شفیق ہونا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿ لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ مِنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَاعَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ﴾
-بالشیءِ: پھاڑنا جیسے "حَرَصَتِ الشجةُ الجلدَ" اور "حرص القصارُ الثوبَ"۔
-الجلدَ و نحوہٗ: چھیلنا، صاف کردینا جیسے "حرص المطرُ وجهَ الارضِ" اور "حرصَتِ الماشیةُ المرعٰی" ھو حارِصٌ۔
(حَرَّصَه): کسی چیز کا انتہائی خواہش مند بنا دینا۔
-الشیءَ: خراش لگانا، رگڑنا۔
(احترَصَ) الرجلُ: کسی چیز کے حصول میں کوشش کرنا۔
(تَحَرَّصَ) الشیءَ: مناسب وقت کا انتظار کرنا۔ جیسے یَتَحَرَّصُ غَدَاءَ و عَشَاءَ ھم۔
(الحارصته): معمولی زخم جو تھوڑا سا کھال کو چیر دے۔
(الحَرَصَةُ)۔ کپڑے کی پھٹن (۲) معمولی زخم جو تھوڑا سا کھال کو چیر دے۔
(الحِرصِیان): کھال کا اندرونی رخ (۲) وہ جھلی جو کھال اتارنے کے بعد گوشت کے اوپر رہتی ہے۔
(الحریصَةُ): وہ زخم جو کھال کو پھاڑ دے۔
(حَرَضَ)۔ حُرُوضًا: تھک کر چور ہوجانا۔ (۲) ہلاکت کے قریب ہو جانا (۳) اخلاق، عقل یا مسلک خراب ہوجانا۔
(حَرِضَ) الثوبُ۔ حَرَضًا: کپڑے کے نقش ونگار پرانے ہوجانا۔
فلانٌ: معدہ خراب ہونا (۲) رنج وغم سے گھل جانا (۳) عصفر جمع کرنا۔
(حَرُضَ)۔ حَرَاضَةً: حَرَضٌ، ھو حَرِیضٌ۔
(اَحْرَضَ) فلانٌ: کسی کے ہاں بری اولاد پیدا ہونا۔
-الحبُّ و نحوہٗ فلانًا: محبت وغیرہ کا بدحال کردینا۔
(حَارَضَ) علی العمل: ہمیشگی اختیار کرنا۔
(حَرَّضَ) فلانًا علی الشیءِ: ابھارنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ﴾۔
-الثوب: کپڑے کو عصفر سے رنگنا۔
(الاَحْرَضُ) من الرجال: وہ شخص جس کی آنکھ کے کنارے ٹوٹے ہوئے ہوں۔
(الاِحْرِیض)، عصفر (۲) گرا ہوا آدمی جس میں اٹھنے کی طاقت (۳) وہ آدمی جس کوئی خیر نہ ہو (ج) احاریض۔
(الحارِضَةُ) بیمار وخراب آدمی (۲) جس میں کوئی خیر نہ ہو۔ (الحَرَّاضُ) اشنان بنانے والا۔
(۲) اشنان کا کاروبار کرنے والا۔
(الحرَّاضَةُ): مونث الحرّاض (۲) اشنان جلانے اور مسالہ بنانے کی جگہ۔ (۳) اشنان کا بازار یا مارکیٹ۔
(الحَرَضُ): انتہائی بیمار۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا﴾ (۲) وہ کمزور جو لڑائی پر قادر نہ ہو (۳) وہ آدمی جس کی بھلائی کی امید نہ ہو اور اس کے شر کا خوف نہ ہو (۴) کپڑے کا کنارہ اور اس کے نقش ونگار (ج) احراضٌ و حرضان، حِرَضَةٌ۔
(الحَرِضُ) من الرجال: الحَرَض۔ (ج) احراضٌ۔
(الحُرُضُ) اشنان (۲) اشنان کا پاؤڈر جسے بطور صابن استعمال کیا جاتا ہے۔ (۳) چونا بنانے کا پتھر۔
(الحِرْضَةُ) من الرجال: خراب چھوڑا ہوا آدمی (ج) حِرَضٌ۔
(الحُرْضَةُ): جو خود نہ گوشت خریدے نہ کھائے لیکن دوسرے کے پاس ضرور کھائے۔
(المِحْرَضَةُ) اشنان رکھنے کا برتن۔
(حَرَفَ) عنه ۔ حَرْفًا ٹیڑھا ہونا (۲) الگ ہونا۔
-لعیالِه: ہر پیشہ سے اہل وعیال کے لئے روزی کمانا۔
-الشیءَ عن وجهه ۔ حَرْفًا ہٹانا۔
(حَرُفَ) الشیءُ ۔ حَرَافَةً منہ اور زبان کو کاٹنے والا ہونا۔
(حُرِفَ) فلانٌ فی مالِه: کسی کا کچھ مال ضائع ہوجانا۔

(اَحْرَفَ) فقر کے بعد مالدار ہونا (۲) اہل و عیال کے لئے کدوکاوش کرنا۔
(۳) بھلائی یا برائی کا بدلہ دینا۔
-الناقةَ و نحوھَا اونٹنی وغیرہ کو کمزور کرنا۔
(حَارَفَ) الجرحَ زخم کو پیمانے سے ناپنا۔
-فلاناً کسی کے ساتھ اس کے پیشہ میں سلوک کرنا (۲) بدلہ دینا' انعام دینا (۳) کسی کے ساتھ فخر میں مقابلہ کرنا۔
(حُورِفَ) فلانٌ رزق تنگ ہونا۔
کَسْبُهُ کمانے میں تنگی ہونا۔
(حَرَّفَ) الشئَ ٹیڑھا کرنا۔
-القلمَ ٹیڑھا خط لگانا۔
- الکلامَ کلام کو اصل معنی سے بدلنا' جیسے قرآن مجید میں ہے ﴿يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِه﴾۔
(اِحْتَرَفَ) پیشہ اختیار کرنا۔
لاهله اہل و عیال کے لئے کمانا۔ ھو محترفٌ۔
(انحَرَفَ) جھکنا' ٹیڑھا ہونا۔
-مزاجُه طبیعت کا اعتدال سے ہٹنا۔
-الی فلانٍ کسی کی طرف مائل ہونا۔
-عن فلانٍ کسی سے الگ ہونا۔
(تَحَرَّفَ) عنه الگ ہونا۔
-لعیالِه اہل وعیال کے لئے کمائی کرنا۔
(الحَرَافَةُ) کھانے کی ترشی اور تیزی جو زبان کو کاٹے جیسے "فیه حَرَافَةٌ"۔
(الحِرِّیف) ترشی دار۔
بَصَلٌ حِرِّیفٌ جھلی والا پیاز۔
(الحَرْفُ) کنارہ نوک۔
فلانٌ علی حرفٍ من امرِهٖ: وہ معاملہ کی ایسی سطح پر ہے کہ اگر وہ اسے پسند نہ آیا تو بہت جلد اس سے الگ ہو جائے گا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے ﴿وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللهَ عَلٰى حَرْفٍ﴾ یعنی سرور میں تو اللہ کی عبادت کرتے ہیں مگر تنگی میں نہیں (۲) دبلے اور سخت چوپائے (۳) حروف ہجائیہ میں سے ایک جن سے مل کر کلمہ بنتا ہے۔ (۴) حروف معانی میں سے ایک یعنی وہ حرف جو اجزائے کلام مربوط کرتا ہے اور یہ حرف کلمہ کی تین قسموں اسم' فعل اور حرف میں سے ایک ہے (۵) کلمہ جیسے "ھذا الحرف لیسَ فی لسان العرب"۔
(۶) زبان' لہجہ۔ جیسے حدیث میں ہے: (نزل القُرانُ علی سبعة احرُفٍ) (۷) طریقہ (۸) چہرہ۔
(الحُرْفُ): تلخی' ترشی (۲) رائی۔
(الحِرْفَةُ): پیشہ' ہنر (۲) عادت۔ جیسے حِرفَتُهٗ اَنْ یَفْعَلَ كَذَا (ج) حِرَفٌ۔
(الحِرْفِیُّ): پیشہ ور۔ وہ شخص جو اپنی روزی کسی مسلسل اور دائمی کام سے کماتا ہو۔
(الحَرِیفُ). ہم پیشہ (ج) حُرَفَاء۔
(المحارَفُ). وہ آدمی جو طلب رزق میں محروم اور ناکام ہو۔ مقابل ہے مبارک کے۔
(المِحْرَافُ): زخم کی گہرائی ماپنے کا آلہ۔ (ج) مَحَارِیفُ و مَحَارِفُ۔
(المِحْرَفُ) المِحْرَاف۔
(المُنْحَرِفُ): علم ریاضی میں ایک چہار گوشہ شکل جس میں دو متوازی ضلع نہ پائے جائیں۔
-شبهُ المُنْحَرِفِ وہ چہار گوشہ شکل جس میں دو متوازی اضلاع پائے جائیں۔ (ع)۔
(حَرَقَ) الحدیدَ ـُ حَرْقاً: رگڑنا۔
-بالمِبْرَدِ ریتی رگڑنا۔
- انیابَه دانت پیسنا' دانتوں کو رگڑانا۔ حَرَقَ بانیَابِه بھی کہا جاتا ہے۔
-ھو یحرق علیه الأرَّم وہ اس پر دانت پیستا ہے۔
- القصّار الثوبَ. دھوبی کا کپڑے پر کوٹنے کا نشان ڈالنا۔
- النارُ الشئَ جلنے کا نشان ڈالنا۔ جیسے حَرَقَه بالنار۔ الفاعلُ حارقٌ و حَرِیقٌ والمفعول محروقٌ و حَرِیقٌ۔
(حَرِقَ) ـَ حَرَقاً. کولہے کے پٹھے کا کٹ جانا۔
- الثوبُ. کوٹنے کی وجہ سے کپڑے کا پھٹ جانا۔
-الشَّعْرُ والریشُ بال یا پر کا ٹوٹ کر گرنا۔
- اللحیة: داڑھی کے بیچ کے بال چھوٹے ہونا۔
-فلانٌ: اطراف جسم کا پھٹ جانا' ھو حَرِقٌ۔
(حُرِقَ): کولہے کے پٹھے کا پھٹ جانا۔ ھو محروقٌ۔
(اَحْرَقَتِ) النار بالشئِ آگ کا کسی چیز کو جلانا۔ اَحْرَقَه بالنار بھی کہتے ہیں۔
-الشئَ: ہلاک کرنا۔
-الحریقةَ. گاڑھا سوپ تیار کرنا۔
-فلاناً تکلیف دینا۔
- باللسان عیب و نقص نکالنا۔ کہا جاتا ہے "اَحْرِقْ لنا من ھذه القصبة نارًا" ہمیں آگ کے انگارے دو۔
(حَرَّقَتِ) النارُ الشئَ. آگ کا جلانا۔ حَرَّقَه بالنار بھی کہا جاتا ہے۔
-المرعَی الابلَ. چراگاہ کا اونٹوں کو پیاسا کر دینا۔
(اِحْتَرَقَ) الشئُ: ہلاک ہونا۔
(تَحَرَّقَ) الشئُ جلنا۔
-النارُ: آگ کا بھڑکنا اور دہکنا۔
(الحارِقُ): درندہ کا دانت۔
(الحَارِقَةُ): درندہ (۲) آگ (۳) وہ پٹھا جو کولہے اور ران کے سرے کو ملاتا ہے۔
-امراۃٌ حارقةٌ: پڑوسی عورتوں کو گالیاں دینے والی عورت۔
(الحارُوقَةُ). تیز تلوار۔
(الحِرَاقُ) وہ آلہ جس سے کھجور کے درخت کا قلم لگایا جاتا ہے (۲) ہر چیز کو خراب کرنے والا۔
-نارٌ حِرَاقٌ: صفایا کر دینے والی آگ۔
-رمیٌ حِرَاقٌ سخت قسم کی تیراندازی۔
(الحُرَاقُ). کھجور کی پیوندکاری کا آلہ (۲) وہ چیز جس نے آگ پکڑ لی ہو جیسے کپڑے کا ٹکڑا وغیرہ (۳) مفسد مزاج (۴) انتہائی کھارا پانی (۵) تیز رفتار گھوڑا۔
نارٌ حُرَاقٌ. صفایا کر دینے والی آگ۔

(اَلْحُرَّاقَةُ) آگ پکڑنے والی چیز جیسے کپڑے کا ٹکڑا وغیرہ۔

(اَلْحُرَّاقُ) الحراقة (۲) تیز رفتار گھوڑا (۳) سخت کھارا پانی۔

(الحَرَّاقَةُ) وہ چیز جو جلد پر صفائی کی غرض سے رکھی جائے (۲) جنگی جہاز جس سے دشمن پر بم برسائے جاتے ہیں۔ (۳) سبک رفتار کشتی (ج) حَرَّاقات۔

الحرّاقات: کوئلے کی بھٹیاں۔

(الحَرْقُ) جلنے کا نشان (ج) حُرُوْق۔

(الحُرَقُ). آگ (۲) آگ کا شعلہ (۳) وہ نشان جو کپڑے پر آگ یا دھوبی کے کوٹنے سے پڑ جائے۔

(اَلْحُرْقَانُ): چلتے وقت دونوں رانوں کا ٹکرانا۔

(الحُرْقَةُ): گرمی، سوزش (۲) غم یا محبت کی تپش۔

(الحَرْقُوَةُ): حلق میں تالو کے اوپر کا حصہ۔

(الحَرِيقُ): آگ، جلتی ہوئی آگ (۲) آگ کا شعلہ (۳) آگ زنی (۴) ایسی آگ جو بطور آفت نباتات کو جلا ڈالے۔

(الحريقةُ): گرمی، سوزش، تپش (۲) گاڑھے شوربے (سوپ) کی ایک قسم (ج) حَرَائِقُ۔

(الحَرْقَدَةُ): نرخرہ کی گرہ۔

(الحِرْقِدَةُ): زبان کی جڑ (۲) اعلیٰ نسل کے اونٹ (ج) حَرَاقِدُ۔

(حَرْقَصَ) فی مشیہ و کلامِہ: بات کرنے یا چلنے میں میانہ روی اختیار کرنا۔

-النَّسجَ: ہلکی ہوئی بنائی کرنا۔

(اَلْحُرْقُوصُ): پسو جیسا ایک کیڑا (۲) کوڑے کا سرا (۳) خام کھجور کی گٹھلی (ج) حَرَاقِيص۔

(الحَرْقَفَةُ): سرین کی ہڈی کا سرا۔ (ج) حَرَاقِفُ۔

(الحُرْقُوفُ): لاغر جانور۔

(حَرَكَ)ـُ حَرْكاً: کاندھے کے بالائی حصہ میں تکلیف ہونا (۲) ادائیگی حق سے انکار کرنا (۳) سوال کرنے میں ضد کرنا۔

-الحيوانَ او الانسانَ: جانور یا آدمی کے مونڈھے کے سرے پر مارنا۔

-الحارِكَ: مونڈھے کے سرے کو کاٹنا۔

-فلاناً بالسيف: تلوار کسی کی گردن پر یا کسی اور عضو پر مارنا۔

-صيدُ البحرِ ـِ حَرْكاً: سمندری شکار کا کم ہونا۔

(حَرِكَ)ـَ حَرَكاً: عورتوں کے کام کا نہ ہونا، یعنی نامرد ہونا۔ هو حَرِيكٌ۔

(حَرُكَ)ـُ حَرَكاً و حَرَكَةً: متحرک کرنا، ہلنا، حرکت کرنا۔

(حَرَّكَه): حرکت دینا، ہلانا۔

(تَحَرَّكَ): حرکت کرنا، زور سے ہلنا۔

(الحارِكُ): مونڈھے کا بالائی حصہ۔

(الحَرَاكُ): حرکت جیسے "مابه الحَرَاكُ"۔

(الحَرِكُ) غلامٌ حَرِكٌ: پھرتیلا و چالاک لڑکا۔

(الحَرَكَةُ): حرکت، جنبش (۲) علم الصوت کے مطابق آواز پر طاری ہونے والی کیفیت اور وہ ضمہ، فتحہ، کسرہ ہیں اور ان کے مقابلہ میں سکون ہے۔

(المِحْرَاكُ): آگ کو حرکت دینے کا آلہ۔

-هو مِحْرَكٌ: وہ فتنہ انگیز آدمی ہے۔

(المَحْرَكُ): سر کی جڑ سے ملا ہوا گردن کا بالائی حصہ (۲) گردن کی جڑ۔

(الحَرْكَكَةُ): کولہے کا وہ حصہ جو بیٹھتے وقت زمین سے لگتا ہے (ج) حراكِك و حَرَاكِيكُ۔

(الحُرْكُوكُ): کندھا (۲) طاقتور آدمی۔

(حَرَمَ) فلاناً الشيءَ ـِ حِرْماناً: محروم کرنا، روکنا۔

(حَرُمَ) الشيءُ ـُ حُرْمَةً: ممنوع ہونا۔ جیسے حَرُمَ عليه كذا۔

-الصلوٰة حُرْماً: نماز کا ممنوع ہونا۔

(اَحْرَمَ) الرجلُ: حرم میں داخل ہونا۔ (۲) مکہ میں داخل ہونا (۳) شہر حرام میں داخل ہونا (۴) کسی عہد و پیمان کا پابند ہونا۔

-بفلانٍ حفاظت کے لئے کسی کی پناہ گاہ میں جانا۔

-بالصلوةِ: نماز شروع کرنا۔

-عن الشيِ: رکنا۔

-بالحجِ او العمرةِ احرام باندھنا۔

(حَرَّمَ) الشيَّ عليه او على غيرہٖ حرام کرنا۔

(اِحْتَرَمَه) عزت کرنا۔

(تَحَرَّمَ) منه بحُرْمَةٍ: کسی کی پناہ میں آکر محفوظ ہونا۔

-فلانٌ بفلانٍ: مل جل کر رہنا، باہمی احترام کا پختہ ہونا۔

-بطعامِہ و مجالستِہ کسی کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے اور کھانے پینے کی بنا پر کسی ایسی چیز کا بینا ممنوع ہو جانا جس کا پہلے لینا جائز تھا۔

(اِسْتَحْرَمَ) الشيَّ: حرام سمجھنا۔

(الحرامُ): ناجائز، حرام، ممنوع۔

-البيت الحرام: خانہ کعبہ۔

-المسجد الحرام: وہ مسجد جس میں خانہ کعبہ ہے۔

-الشهرُ الحرامُ: ماہ حرام، ان چار مہینوں میں سے ایک جن میں عرب جنگ و جدال کو حرام قرار دیتے تھے یہ چار مہینے ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب ہیں۔ قران مجید میں ہے ﴿اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِي كِتَابِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَا اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ﴾۔

-حَرَامُ اللّٰهِ لا افعلُ كذا: اللہ کی قسم میں ایسا نہیں کروں گا۔

(الحرامِيُّ): حرام کام کرنے والا (مو)۔

(الحَرَمُ). حرم مکہ۔

-الحَرَمَانِ: مکہ و مدینہ۔

-حَرَمُ الرجلِ: قابل حفاظت شے جس کا دفاع کیا جائے۔ مجازاً بیوی (ج) اَحْرَامٌ۔

(الحُرْمَةُ): واجب الرعایت حق صحبت یا عہدہ و ذمہ داری جس کو پامال کرنا درست نہ ہو (۲) عورت (۳) بیوی (۴) دبدبہ، رعب (ج)

حُرَمٌ۔
(الحِرْمِیُّ) منسوب ہے حرم کی طرف لوگوں میں سے خلاف قیاس ہے اور لوگوں کے علاوہ میں یہ موافق قیاس ہے جیسے ثَوْبٌ حَرَمِیٌّ۔
(الحَرِیْمُ) قابل احترام جس کی بے حرمتی نہ کی جائے۔ (۲) متعلقات جیسے گھر یا مسجد کی متعلقہ جگہیں۔
-حریمُ الدار گھر کا وہ احاطہ جس میں اس کی ضروریات ہوں اور جس میں دروازہ لگایا جائے۔
-حریم المسجد: مسجد کا احاطہ۔
حریم البئر کنوئیں کی منڈیر (ج) احرامٌ۔
(الحَرِیْمَۃُ) ہر وہ مرغوب شے جس سے محرومی ہو۔
(المُحْرَمُ) قابل احترام (۲) سرکش اونٹ جس پر سواری مشکل ہو (۳) محرّم پہلا عربی مہینہ (۴) وہ کھال جس کو دباغت نہ دی گئی ہو یا جس کی دباغت مکمل نہ ہوئی ہو (۵) وہ کوڑا جو ابھی نرم نہ ہوا ہو۔ (۶) اجڈ و اکھڑ آدمی۔
(المَحْرَمُ) ناجائز کام (۲) قابل حرمت و عزت والی چیز (۳) وہ مرد و عورت جو ایک دوسرے کے لئے محرم ہوں (۴) اللہ تعالیٰ کی طرف سے حرام کی ہوئی چیز (ج) مَحَارِمُ۔
-محارِمُ اللَّیْلِ رات کے خطرات و خدشات
(المِحْرَمُ) احرام کے کپڑے۔
(المَحْرَمَۃُ المَحْرُمَۃُ) وہ عہد و پیمان یا حق جس کی پامالی جائز نہ ہو (۲) بیوی اہل و عیال (ج) محارِمُ۔
(المَحْرُومُ) وہ بدنصیب جو مطلوبہ چیز سے محروم رہے۔
حَرْمَدَ) فی الامرِ اصرار اور ضد کرنا۔
حَرْمَزَہٗ) لعنت کرنا۔
(تحرمَزَ) ہوشیار ہونا۔
(الحِرْمَاسُ) چکنا (۲) سخت اور ٹھوس (ج) حَرامِیس۔
(الحِرْمِسُ) الحِرماسُ (۲) سنۃٌ حِرمِسٌ خشک سالی (ج) حَرامِس۔

(الحَرْمَلُ) اسپند ایک بوٹی جو بطور دوا کے استعمال ہوتی ہے۔ یہ فصیلہ رطریطیہ سے ہے۔
(الحَرْمَلَۃُ) ایک ڈھیلی اور چھوٹی پوشاک جسے گلے کے چاروں طرف مونڈھوں اور کمر پر پہنتے ہیں آگے سے کھلی ہوتی ہے۔ (د)۔
(حَرُنَتِ) الدَّابَۃُ ـُـ حِرَانًا و حُرُوْنًا۔ چوپائے کا چلتے وقت رک جانا اور ہٹ جانا۔
-فلانٌ بالمکان: کسی جگہ مقیم ہونا اور نہ ہٹنا۔
- العسلُ فی الخلیۃ: شہد کا چھتے سے یوں چمٹنا کہ نکالنا مشکل ہو۔
- فلانٌ فی البیع: فروخت میں قیمت پر اڑ جانا۔ ہو و ہی حَرُوْنٌ (ج) حُرُنٌ۔
(المِحْرَانُ) وہ مکھی جو شہد کو نہ چھوڑتی ہو۔ (۲) جو شہد میں مرجائے (ج) محارین۔
(احرَنبَی)۔ (دیکھئے ح ر ب)
(حَرًا) بہ ـَـ حَرًا لائق و مناسب ہونا۔ ہو حَرِیٌّ (ج) اَحْرِیَاءُ وہی حَرِیَّۃٌ (ج) حَرَایَا۔
(حَرَی) الشیئ ـِـ حَرْیًا: کم ہونا۔
-علیہ غصہ ہونا۔
-الشیئ کسی چیز کی طرف رخ کرنا اور کہا جاتا ہے "حَرَی ان یکون ذلک" ممکن ہے کہ یہ بات ہو۔
(اَحْرَاہُ) کم کرنا۔
(تَحَرَّی) بالمکان ٹھہرے رہنا۔
-فی الامور زیادہ بہتر کام کا ارادہ کرنا۔
- الشیئ رخ کرنا (۲) طلب کرنا چاہنا۔ (۳) تحقیق و جستجو کرنا۔ جیسے تَحَرَّی عنہ۔
(الْاَحْرَی) افضل (۲) لائق مناسب۔
(الحَرَا) مصدر بمعنی حری۔
ہم حَرًا ان یفعلوا کذا وہ ایسا کرنے کے لائق ہیں۔
(الحَرَی) الحَرَا (۲) کونہ گوشہ (۳) ہرنوں کا مسکن (ج) اَحْرَاء۔
(الحَرَاوَۃُ) چپشہ۔
(الحَرْوَۃُ) چپشہ (۲) حلق کی سوزش (۳) سینہ یا سر میں درد یا غصہ کی بنا پر گھٹن و سوزش (۴) انتہائی بدبو۔

ح.........ز

(حَزَأ) الابلَ و نحوھا ـَـ حَزْءًا اونٹوں کو جمع کرنا اور ہنکانا۔
-السّرابُ الشَّخصَ: نمایاں کرنا۔
(احزَوْزَأ) جمع ہونا۔
-الطائرُ پرندہ کا پروں کو سمیٹ کر انڈوں سے الگ ہونا۔
(حَزَبَ) الامرُ ـُـ حَزْبًا: معاملہ کا سنگین ہونا۔
-الامرُ فلانًا در پیش ہونا مصیبت میں ڈالنا۔ حدیث میں ہے (کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا حزبہٗ امرٌ صلّٰی) اور حضور ﷺ کی دعاؤں میں سے ایک یہ ہے (اللّٰھُمَّ انت عُدَّتی اِنْ حُزِبْتُ) ھو حازِبٌ (ج) حزبٌ وھی حازِبَۃٌ۔ (ج) حوازِبُ وھو حزیبٌ ایضا (ج) حُزُبٌ۔
(حَازَبَ) فلانًا: مدد کرنا (۲) ہم جماعت ہونا۔
(حَزَّبَھُم) گروہ بنانا۔
-القرآنَ: قرآن کے حصہ مقرر کرنا جن میں سے کسی ایک کی روزانہ تلاوت کرنا۔
(تَحَازَبَ) القومُ گروہ در گروہ ہونا۔
-علیہ کسی کے خلاف باہم تعاون کرنا۔
(تَحَزَّبَ) القومُ مختلف گروہ بننا۔
(الحِزْبُ) سخت ٹھوس زمین (۲) طاقتور جماعت و گروہ (۳) ایسی جماعت جس میں یکساں اغراض و مقاصد کے لوگ شامل ہوں قرآن مجید میں ہے ﴿کُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَیْھِمْ فَرِحُوْنَ﴾۔
-حِزبُ الرجلِ مددگار۔ قرآن مجید میں ہے ﴿اُولٰئِکَ حِزْبُ اللّٰہِ﴾ (۲) حصہ (۳) ورد وظیفہ۔ وہ نماز تلاوت یا دعا جس کو معمول بنایا جائے (ج) اَحْزَابٌ۔
(الحِزْبَاءَۃُ) ٹھوس اور سخت زمین (ج) حزابی۔

(حَزْحَزَ)الشئَ ہلانا۔
-القومَ صف بندی کے وقت لوگوں کو آگے پیچھے کرنا۔
(تَحَزْحَزَ)الشئُ ہٹنا' الگ ہونا۔
(الحَزْحَزَۃُ) درد' خوف یا غصہ کی وجہ سے دل میں ہونے والی دھکن۔
(حَزَرَ) اللبنُ و نحوہٗ ـِ حُزورًا: دودھ وغیرہ کا کھٹا ہونا۔
-الوجہُ: تیوری چڑھانا۔
-الشئَ حزرًا: تخمینہ لگانا ھو حازِرٌ۔
(الحزراءُ) کھٹا دودھ وغیرہ۔
(الحَزْرَۃُ) حزرۃ المال: مال کا بہترین حصہ۔
ھذا حزرۃ نفسي: میری چیزوں میں سے بہترین' حدیث میں ہے' (لاتاخذوا من حزراتِ انفس الناس شیئًا)
(الحزوّر): سخت جگہ (۲) طاقتور نوجوان لڑکا۔
(الحزوّر): طاقتور لڑکا (۲) طاقتور آدمی۔
(حَزیران): نواں سریانی مہینہ جس کا مقابل رومی مہینہ جون ہے۔
(الحزیرۃ) من المال: بہترین مال (ج) حزائر۔
(حَزّہٗ)ـُ حَزًّا: کاٹنا مگر الگ نہ کرنا۔
-الشئُ فی صدرہٖ او قلبہٖ: دل پر اثر کرنا۔
(اَحَزَّ) علی کرم فلانٍ و شرفہٖ: عزت و شرافت میں اضافہ کرنا۔
(حَازّہٗ) محازّۃً و حِزازًا: جائزہ لینا۔
- بینھما شرکۃ حزاز: ان میں سے کوئی دوسرے پر اعتماد نہیں کرتا۔
(حَزَّزَہٗ): زیادہ کاٹنا۔
- اسنانَہ دانت تیز کرنا۔
(احتزّہٗ). کاٹنا' شگاف ڈالنا۔ "اِحتزّ السیّافُ راسَہ" کہا جاتا ہے۔
(التحزیز) نوکیلا پن۔ جیسے "فی اَسنانہٖ تحزیزٌ"۔
(الحَزازُ) دل کی ٹیس یا درد جو غصہ یا غم کی وجہ سے ہو (۲) کھانے کی وجہ سے معدہ کا درد (۳) سر کی بھوسی جو خشکی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے اور سر کو تکلیف دیتی ہے (۴) کام کاج' قتال اور ہانکنے میں سختی دکھانے والا آدمی۔
(الحزازیُّ): تکلیف دہ کھانا (۲) سخت آدمی۔
(الحَزَز) سختی۔
(الحَزُّ) لکڑی وغیرہ کا شگاف۔ (۲) دو سخت زمینوں کے درمیان کا نشیب۔ (۳) سخت کلام آدمی (۴) وقت' زمانہ۔
(الحَزّازُ) دل کا درد (۲) سخت آدمی۔
(الحُزّۃُ): گوشت کا پارچہ۔ (۲) قاش (۳) نیفہ ازار باندھنے کی جگہ۔ (ج) حُزَزٌ۔
(الحزیز) من الرجال: سخت آدمی۔
-من الارض: دو سخت زمینوں کے درمیان کا نشیب (۲) نوکیلے پتھروں والی زمین (ج) اَحِزّۃٌ۔
(المَحَزُّ): کاٹنے اور شگاف رہنے کی جگہ۔
کہاوت ہے (تکلّم فاصابَ المَحَزَّ) اس نے گفتگو کی اور مخاطب کو قائل کر دیا۔
(المِحَزُّ). کاٹنے اور شگاف دینے کا آلہ۔
-رجلٌ مِحَزٌّ: سخت و تیز طرار آدمی۔
(حَزَقَ) القومُ و بِہٖ ـِ حَزْقًا: کسی کے گرد جمع ہونا۔
-الشئَ: دبا کر نچوڑنا۔
-الخُفُّ رجلَہ: جوتے یا موزے کا پیر کو دبانا (۲) تنگ کرنا۔
-فلانًا: تنگی میں ڈالنا۔
-الاسیرَ: قیدی کے ہاتھ پاؤں کو مضبوطی سے باندھنا۔
- الرباطَ و نحوَہ: پٹی وغیرہ کو زور سے باندھنا۔
(اَحزَقَہٗ) منع کرنا' روکنا۔
(تَحَزَّقَ): سمٹنا' سکڑنا۔
-فلانٌ: بخل کی وجہ سے کسی کو کچھ نہ دینا۔
(الحَازِقُ) وہ شخص جس کا جوتا تنگ ہو اور پیر کو دباتا ہو۔ جیسے کہاوت ہے (لَا راَیَ لحاقن ولا لحازق)۔
(الحازقۃ) موت' الحازق (۲) ہر چیز کی جماعت (ج) حَوَازِق۔
(الحِزَاقُ). پٹی (۲) موٹا کنگن۔
(الحَزِقُ) رجلٌ حَزِقٌ کنجوس آدمی۔
(الحِزْقَۃُ). ہر چیز کی جماعت (ج) حِزَق کہا جاتا ہے تتابعوا کانھم حِزَقُ الجراد۔
(الحُزُقُّ) من الرجل پست قد چھوٹے قدموں والا آدمی (۲) بد اخلاق (۳) بخیل۔
(الحُزُقَّۃُ) الحُزُقّ۔
(احتزَکَ) بالثوب کپڑے میں پٹنا۔
(حَزَمَہٗ)ـِ حَزْمًا باندھنا' بنڈل بنانا۔
-الدابّۃَ: جانور کی پیٹی کسنا۔
-الشئَ: کسی چیز کا ایک یا کئی بنڈل بنانا۔
-رایَہٗ او اَمرَہٗ و فیہ پختگی پیدا کرنا۔ محتاط رائے رکھنا' ھو حازِمٌ (ج) حَزَمَۃٌ۔
(حَزِمَ)ـَ حَزَمًا سینہ میں کوئی چیز پھنس جانا (۲) پیٹ کا بڑا ہونا۔ ھو اَحزَمُ وھی حزماءُ (ج) حُزْمٌ۔
(حَزُمَ)ـُ حَزَامۃً محتاط' دور اندیش' مستقل مزاج ہونا۔ ھو حزیمٌ (ج) حُزَمَاءُ۔
(اَحزَمَہٗ) پٹی لگانا' پٹی کسنا۔
-فلانًا کسی کو محتاط و مستقل مزاج بنانا۔
(حَزَّمَہٗ) مضبوط باندھنا۔
(احتزَمَ) الرجلُ کمر پر پٹی باندھنا۔
(تحزَّمَ) کمر پر پٹی باندھنا۔
-للامر: تیار ہونا۔
-فی امرہٖ احتیاط سے کام لینا۔
(الاحزم) من الارض. سخت و ٹھوس بلند زمین۔
(الحِزامُ) پٹی' پیکنگ کی رسی۔
-شدَّ للأمرِ حِزامَہ: تیار کرنا۔
-حِزامُ الطریق راستہ کا بیچ اور سیدھا راستہ۔
-اَخذ فلانٌ حِزامَ الطریق سیدھے راستہ پر چلنا۔
(الحَزْمُ) من الارض سخت و ٹھوس بلند زمین۔

(الحَزمُ) حلق کا اچھو۔
(الحُزمَةُ) گٹھری' بنڈل (ج) حُزَمٌ۔
(الحُزُمَّةُ) پست قد بھرے ہوئے بدن والا۔
(الحزِيمُ) پٹی باندھنے کی جگہ (۲) سینہ یا سینہ کا درمیان۔
-شَدَّ لِهٰذا الامر حزيمَه وہ اس کام کے لئے تیار ہو گیا۔ (ج) حُزُمٌ و أحزِمَةٌ۔
(الحَيزُومُ) من الارض: ٹھوس وسخت بلند زمین (۲) سینہ یا اس کا درمیان (ج) حَيَازِمُ۔
-اشْدُدْ للامر حيازيمكَ: اس کام کے لئے تیار ہو جا۔
(المِحزَمُ - المِحزَمَةُ): پٹی (ج) محازِمُ۔
(حَزَنَ) الامرُ فلاناً ـُ حُزناً: غمگین کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿يٰاَيُّهَا الرَّسُولُ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُونَ فِي الْكُفْرِ﴾ ھو محزونٌ و حَزِينٌ۔
(حَزِنَ) المكانُ ـَ حَزَناً: کھردرا اور سخت ہونا۔
-الرجلُ حَزَناً و حُزناً غمگین ہونا جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ﴾ اور ﴿وَابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ﴾ ھو حَزِنٌ و حزينٌ (ج) حُزَنَاءُ و ھو حزنانٌ (ج) حَزَانَى۔
(حَزُنَ) المكانُ ـُ حزونةً: حَزِنَ ھو حَزْنٌ۔
(أحزَنَ) المكانُ حَزُنَ۔
-بهم المنزلُ: مکان کا موافق نہ آنا۔
-فلانٌ: سخت جگہ میں ہونا (۲) سرکش جانور پر سوار ہونا۔
-الامرُ فلاناً: غمگین کرنا۔
(حَزَّنَ) القارئُ في قِرَاءَتِه: باریک آواز سے پڑھنا۔
-الامرُ فلاناً: غمگین کرنا۔
(تَحَازَنَ) حزِنَ (۲) غم کا اظہار کرنا۔
(تَحَزَّنَ) عليه وَلَهٌ دردمند ہونا۔

(الحُزَانَةُ) اہل وعیال' متعلق وماتحت لوگ جن کی تکلیف سے رنج ہو (۲) باعث غم چیز۔
(الحَزنُ) من الارض: سخت جگہ (۲) قابو میں نہ آنے والا جانور (۳) اکھڑ مزاج آدمی (ج) حُزُونٌ۔
(حَزَا) ـُ حَزْواً: پیشین گوئی کرنا۔
-الشئَ: تخمینہ لگانا۔
-الطيرَ: پرندہ کو اڑانا۔
(أحزَى) بالشئِ: جاننا۔
-عليه في السلعةِ: کسی کے لئے سامان کی قیمت بڑھانا۔
(تَحَزَّى): اندازہ لگانا۔
(الحازِي): اندازہ لگانے والا۔
-على الحازي هَبَطتَ: تم ایک باخبر کے پاس آئے ہو۔
(الحَزّاءُ): کاہن' پیشین گوئی کرنے والا۔

ح .... س

(حَسَبَ) المالَ و نحوَه ـُ حِساباً و حُسْباناً مال وغیرہ کا حساب لگانا' شمار کرنا (۲) اندازہ لگانا ھو حاسبٌ والمفعول محسوبٌ و حَسَبٌ۔
(حَسِبَ) ـَ حَسَباً: بیماری کی وجہ سے جلد کا سفید ہو جانا۔ ھو أحسَبُ وھی حَسْبَاءُ (ج) حُسْبٌ۔
-الشئَ كذا ـَ حِسباناً: گمان کرنا۔
(حَسُبَ) الانسانُ ـُ حَسَباً: شریف النسب ہونا' خاندانی شرافت والا ہونا ھو حسيبٌ (ج) حُسَبَاءُ۔
(أحسَبَ) حسبی کہنا۔
-الشئُ کافی ہونا جیسے أحسَبَ الشئُ فلاناً۔
-فلانٌ فلاناً اتنا کھلانا یا پلانا کہ وہ حسبی کہے
بنی قشیر کی عورت کا شعر

ونقلي وليدَ الحيّ ان كان جائعًا
ونحسبه ان كان ليس بجائع

-أعطاه فأحسَبَ: اس نے خوب دیا۔
(حَاسَبَه) محاسبةً و حِساباً: حساب کتاب کرنا (۲) انعام دینا۔
(حَسَّبَه): کسی کے نسبی شرف کو مشہور کرنا اور اوصاف ومناقب بیان کرنا۔
-فلانٌ فلاناً کسی کو اتنا کھلانا پلانا کہ وہ حسبی کہے۔
(احتَسَبَ) بكذا اکتفا کرنا۔
-على فلانٍ الامرَ: کسی کی کوئی بات ناپسند کرنا۔
-الامرَ: گمان کرنا' خیال کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ﴾ (۲) اہمیت دینا۔
-الاجرَ على اللهِ: اللہ سے ثواب کی امید رکھنا۔
-بكذا اجراً على اللهِ: کسی عمل کے ذریعہ اللہ سے ثواب کی امید رکھنا۔
-فلانٌ وَلَدَه: اولاد کی وفات پر صبر کرنا اور ثواب کی امید رکھنا۔
-ماعند فلانٍ: آزمانا' امتحان لینا۔
شاعر کا قول

تقول نساءٌ يحتسبن مودّتي
ليعلمن ما اخفي ويعلمن ما ابدي

(تحاسَبا): ایک کا دوسرے سے حساب لینا۔
(تحسَّبَ) الامرَ: جاننے کی کوشش کرنا۔
(الحسابُ): حساب' شمار (۲) بہت اور کافی' قرآن مجید میں ہے: ﴿جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا﴾۔
(يوم الحساب): قیامت کا دن۔
(علم الحساب): علم اعداد وحساب۔
(الحساب الجاري): کرنٹ اکاؤنٹ' دو فریقوں کے درمیان دائمی معاملات میں ہونے والا معاہدہ (ج)۔
(حَسْبُ). اسم بمعنی کافی۔ جیسے مررتُ برجلٍ حسبكَ مِن رَجُلٍ (۲) اسم فعل جیسے حسبُكَ هذا تیرے لئے یہ کافی ہے [illegible] حسبك من شرٍ سماعُه۔
(الحَسَبُ) حَسَبُ الشئِ: کسی چیز کی مقدار یا تعداد۔ جیسے الاجر بحسب العمل (

شرافت خاندانی۔
(الحُسْبان) شمار' اندازه (۲) تدبیر دقیق' جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ﴾ (۳) کڑک (۴) اولے۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِنَ السَّمَاءِ فَتُصْبِحَ صَعِيدًا زَلَقًا﴾۔
(الحِسْبَةُ) حساب (۲) تدبیر جیسے فلانٌ حسنُ الحِسْبة فی الامر (۳) اللہ سے اجر کی اُمید رکھتے ہوئے عمل کرنا۔ جیسے فَعَلَه حِسْبَةً (۴) ایک احتسابی منصب جو اسلامی حکومتوں میں زندگی کے معاملات وآداب کی نگرانی کے لئے ہوتا ہے۔
(الحسیبُ): اللہ تعالیٰ کا ایک نام (۲) محاسب۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿كفى بِاللهِ حسيبًا﴾ (۳) کافی (۴) صاحب حسب و نسب۔
(المُحْتَسِبُ): نظام حسبہ کا ذمہ دار' عوام کی زندگی کے معاملات کی نگرانی کرنے والا۔
(حَسْبَلَ): حسبیَ اللہ کہنا۔
(حَسْحَسَ) للشیْ: درد مند ہونا' ہمدردی کرنا۔
-اللحمَ و نحوَهُ: گوشت وغیرہ کو سینکنے کے لئے انگاروں پر رکھنا۔
(تَحَسْحَسَ) للقیام: کھڑا ہونے کے لئے تیار ہونا۔
(الحَسْحَاسُ) من الرجال: پھرتیلا آدمی۔
(حَسَدَہ)ُ حَسَدًا: حسد کرنا' اس بات کی تمنا کرنا کہ کسی کی نعمت دور ہو جائے یا چھن جائے۔ کہا جاتا ہے' حسدهٗ النعمة و حسدَهٗ علیها اور عرب کہا کرتے تھے "حَسَدَنِیَ اللهُ اذا کنتُ احسدك" اگر میں تجھ سے حسد کروں تو خدا مجھے عذاب دے۔
(أحْسَدَهٗ): حاسد پانا۔
(تَحَاسَدَا): ایک دوسرے سے حسد کرنا۔
حدیث میں ہے (لاتحاسدوا ولا تباغضوا ولا تدابروا وَكُونُوا عباد الله اخوانًا)۔
(الحَسُوْدُ): انتہائی حاسد (مرد ہو یا عورت)

(ج) حُسُدٌ۔
(المحسدةُ): جس چیز پر حسد کیا جائے۔ جیسے مال و جاه (۲) حسد کا سبب جیسے "المحسدة مفسدةٌ"۔
(الحَسْدَلُ): چیچڑی۔
(حَسَرَ) الشیُ ـُ حُسُوْرًا: منکشف ہونا' کھل جانا۔
-الغُصْنَ حَسْرًا: ٹہنی چھیلنا۔
-القومُ فلانًا لوگوں نے فلاں سے مانگ مانگ کر خالی ہاتھ کر دیا۔
-الدابّةَ و نحوها جانور وغیرہ کو تھکا کر دبلا کر دینا۔
-الشیْ عن الشیءِ: ایک چیز کو دوسری سے الگ کر کے کھول دینا۔ جیسے حَسَر کمَّهٗ عن زراعه" اس نے آستین سے کہنی کو ہٹایا تو آستین کھل گئی۔ اور "حَسَرَتِ الجاریةُ خمارَها عن وجهِهَا" لڑکی نے چہرے سے اوڑھنی ہٹائی۔ چہرہ کھل گیا۔
(حَسِرَ) فلانٌ ـَ حَسَرًا: حسرت و افسوس کرنا۔
-علی الشیْ: حسرت کرنا' پچھتانا' ہو حَسْرَانُ وهی حَسْرٰی۔
(حَسُرَ) البصرُ والبَصَرُ ـُ حَسارةً تھک جانا' ہو حسیرٌ قرآن مجید میں ہے ﴿يَنْقَلِبْ اليك البَصَرُ خَاسِئًا و هُوَ حَسِيرٌ﴾۔
(أحْسَرَ) الدابّةَ: جانور کو ہنکا کر تھکا دینا۔
(حَسَّرَ) الطیرُ: پرندہ کے پر ٹوٹنا۔ (۲) پرندہ کے پر توڑنا۔
-الحیوانَ: جانور کو تھکانا' کہا جاتا ہے حَسَّرَهٗ السیرُ۔
-فلانًا: حسرت میں مبتلا کرنا (۲) تحقیر کرنا (۳) تکلیف دینا۔
(انْحَسَرَ): کھلنا' منکشف ہونا۔
-الماءُ عن الساحل: پانی کا ساحل سے ہٹنا کہ زمین نظر آنے لگے۔
الطَّیرُ: پرندے کے پرانے پر گر کر نئے پر نکل

آنا۔
(تَحَسَّرَ) الشعرُ بال گرنا۔
-الطیرُ پر توڑنا۔
-فلانةُ چہرہ کھولنا۔
-علی الشیْ افسوس کرنا' پچھتانا' حسرت کرنا۔
(استحْسَرَ) تھکنا' اکتا جانا۔
قرآن مجید میں ہے ﴿لَا يَسْتَكْبِرُ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ﴾۔
(الحَاسِرُ) من الجُنُوْدِ: بے زرہ و بے ڈھال سپاہی (۲) برہنہ سر (۳) کھلے ہوئے سر اور بازوؤں والی عورت (۴) برہنہ عورت (ج) حُسَّرٌ و حَوَاسِرُ۔
(الحَسَارُ) مویشیوں کے کھانے کا ایک گھاس' یہ فصیلہ صلیبیہ سے ہے۔
(الحَسْرةُ) انتہائی افسوس' پچھتاوا' حسرت۔ قرآن مجید میں ہے ﴿يَاحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ مَا يَاتِيهِمْ مِنْ رَسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ﴾ (۲) بطور افسوس کے واحسرتا اور یا حسرتا بھی کہا جاتا ہے جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿يَاحَسْرَتَا عَلٰى مَافَرَّطْتُ فِيْ جَنْبِ اللهِ﴾۔
(المَحْسَرُ) عورت کا کھلا ہوا جاذب حصہ بدن جیسے چہرہ وغیرہ (۲) طبیعت' مزاج کہا جاتا ہے "فُلانٌ کریمُ المَحْسَر" (ج) مَحَاسِرُ۔
-ارضٌ عاریةُ المحاسر۔ وہ زمین جس پر گھاس نہ ہو۔
(حَسَّ) الشیْ ـُ حَسًّا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔
-البردُ الزرعَ اولوں کا کھیتی کو تباہ کر دینا۔
-الجرادُ الارضَ: ٹڈیوں کا زمین کو چٹیل کر دینا۔
-راسَ الذبیحة: مذبوحہ جانور کے سر کو آگ پر رکھ کر اس کے بال صاف کرنا۔
-عنهُ الغبار۔ کھریرے کے ذریعہ گرد و غبار صاف کرنا۔
-فلانًا ـُ قتل کرنا' مار ڈالنا' قرآن مجید میں

ہے ﴿ وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ﴾
-الشئَ وبه حَسًّا و حَسِيْسًا محسوس کرنا۔
-النُّفَسَاءُ زچگی والی عورت کا ولادت کے درد میں مبتلا ہونا۔
-لَه - حَسًّا کسی کے ساتھ ہمدردی کرنا۔
(اَحَسَّ) الشئَ و به معلوم کرلینا۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿فَلَمَّآ اَحَسَّ عِيْسٰى مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ﴾
(۲) حواس خمسہ کے ذریعہ جاننا' محسوس کرنا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ اَحَدًا﴾۔
(انحسّ) کٹ جانا۔
-شعرُهٗ بال گرنا۔
-اَسنانه دانت ٹوٹ جانا۔
(تَحَسَّسَ) الخبرَ: دریافت کرنا' ٹوہ لگانا۔
-من القوم خبریں پتہ کرنا' جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ﴾
-للقوم لوگوں کے حالات اور خبریں معلوم کرنے کی کوشش کرنا۔
(الحاسّة) کھیتی وغیرہ پر آنے والی آفت۔
-سنةٌ حاسّةٌ خشک سال (۲) حاسۃ انسان یا حیوان میں محسوس یا دریافت کرنے کی فطرتی قوت جس کے ذریعہ وہ اپنے جسم پر پیدا ہونے والے تغیرات کا ادراک کرتا ہے یہ پانچ قوتیں ہیں۔ حاسہ بصر (دیکھنے کی قوت) حاسہ سمع (سننے کی قوت) حاسہ شم (سونگھنے کی قوت) حاسہ ذوق (چکھنے کی قوت) حاسہ لمس (چھوکر دیکھنے کی قوت) ان پانچوں قوتوں کو حواس ظاہرہ کہا جاتا ہے (ج) حَوَاسّ۔
(حَسَّاس) کسی چیز کو طلب کرنے پر نہ ملنے کی صورت میں کہا جانے والا کلمہ۔
(الحَسَاسُ) معمولی حرکت' آہٹ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ فلانٌ فَلا حَسَاسَ به" اس کے جانے کا پتہ بھی نہیں چلا اور "اِنّه ليجد حساس الحمّٰی" اسے بخار کا ابتدائی اثر پہنچ گیا۔
(الحُسَاسُ) ریزے (۲) پتھر کے چھوٹے ٹکڑے (۳) بحرین کی چھوٹی مچھلیاں جن کو سکھایا جاتا ہے۔
-رجُلٌ ذو حُساسٍ: بداخلاق یا منحوس آدمی۔
(حَسِّ): اچانک ہونے والے درد کے وقت بولا جانے والا لفظ۔ جیسے ضُرِبَ فلانٌ فما قال حَسِّ (اسے کبھی حَسِّ بھی پڑھتے ہیں۔
(الحَسُّ) "جِئْ بهٰذا الشئ مِنْ حَسِّكَ و بَسِّكَ" جس طرح اور جہاں سے چاہو اس چیز کو لاؤ اور "لَآخُذَنَّ هٰذَا الشَّئَ بِحَسٍّ اَوْ بَسٍّ" میں یہ چیز سختی یا نرمی سے لے کر رہوں گا۔
(الحِسُّ): حواس خمسہ کے ذریعہ ادراک (مو) (۲) شعور' احساس (مو) (۳) ہلکی آواز' آہٹ (۴) کھیتی کو تباہ کر دینے والی سردی (۵) زچہ عورت کو ہونے والا درد (۶) بخار کا ابتدائی اثر۔
(الحِسِّيُّ): حواس خمسہ میں سے ایک کے ذریعہ معلوم کی جانے والی چیز (مو) یہ معنوی کے مقابلہ میں ہے۔
(الحَسِيْسُ) الحِسُّ' قرآن مجید میں ہے: ﴿لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا وَهُمْ فِيْمَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ﴾ (۲) مقتول (۳) مضبوط احساس والا (مو)۔
(المَحَسَّةُ) سبب ہلاکت و بربادی۔ جیسے البردُ مَحَسَّةُ النباتِ والكلاءِ۔
(المِحَسَّةُ) کھریرا جسے گھوڑے وغیرہ کے بدن پر پھیر کر گرد و غبار صاف کیا جاتا ہے۔
(المَحْسُوْسُ) حواس خمسہ میں کسی ایک کے ذریعہ محسوس کی جانے والی چیز (ج) محسوساتٌ۔
(حَسَفَ) الشئَ - حَسْفًا چھیلنا' کھرچنا۔
-التمرَ و نحوَهٗ کھجور وغیرہ کو صاف کرنا۔
(حَسِفَ) علیه - حَسَفًا کسی سے بغض و کینہ رکھنا۔
(حُسِفَ) فلانٌ ذلیل اور گھٹیا ہونا۔
(اَحْسَفَه) اچھی چیز کو خراب میں ملانا۔
(حَسَّفَه) صاف کرنا' چھانٹنا۔
-شاربَه مونچھیں کاٹنا۔
(انحسَفَ) ریزہ ریزہ ہو جانا جیسے اِنْحَسَفَ الشئُ فی يَدَيَّ۔
(تَحَسَّفَ): لازم حَسَّفَ (۲) چھل جانا۔
-فلانٌ سب کچھ کھا جانا۔
(الحُسَافُ): ہر چیز کا بقایا حصہ جو پھینک دیا جائے۔
-من المائدة: دسترخوان پر بکھرے ہوئے ٹکڑے۔
(الحُسَافَةُ) ہر چیز کا پھینکا جانے والا حصہ (۲) کھجوروں کے چھلکے (۳) خراب کھجوریں (۴) ذلیل لوگ (۵) تھوڑا سا پانی (۶) غصہ (۷) دشمنی۔
(الحَسَفُ): کانٹا۔
(الحَسِيْفَةُ): غصہ (۲) کینہ (۳) دشمنی۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ بحَسِيْفَةِ نفسِه" وہ نامراد لوٹا۔ (ج) حَسَائِفُ۔
(حَسِكَ) المكانُ - حَسَكًا جگہ کا کانٹے دار ہونا۔
-راسُه: سر کا گھنگھریالے بالوں والا ہونا۔
-الدابّةُ جانور کا چارہ چبانا۔
-علیه. کینہ رکھنا' ناراض ہونا۔ هو حَسِكٌ۔
(اَحْسَكَ) النباتُ پودوں میں کانٹے پیدا ہونا۔
-الدابّةَ جانور کو چارہ کھلانا۔
(حَسَّكَ) فلانٌ بخیل ہونا کہا جاتا ہے "فلانٌ مُصَرَّدٌ مُحَسَّكٌ" فلاں آدمی دست کش اور بخیل ہے۔
(الحَسَاكَةُ) کینہ' بغض (۲) دشمنی۔
(الحَسَكُ) ایک پودا جس کے ساتھ خاردار پھل لگتا ہے۔ یہ بکریوں اور بھیڑوں کی کھال کے ساتھ چمٹ جاتا ہے' اسی سے کہا جاتا ہے "حَسَكُ السعدان" اور "كَاَنَّ خَلْقَه عَلٰى حَسَكِ السَّعْدَانِ" وہ بے چین اور مضطرب

ہے(۲) نوکیلا لوہا۔
(الحَسَکَۃُ). واحد الحَسَك (۲) کینہ' بغض' دشمنی۔
(الحَسِیکَۃُ). کینہ' بغض' دشمنی (۲) دانتوں سے چبایا جانے والا چارا جیسے جو وغیرہ۔ (ج) حسائك۔
(حَسَلَ) من الشیئ ـُ حَسْلاً. خراب حصہ چھوڑ دینا۔
-بفلان: کسی کا حصہ کم کرنا۔ حُسِلَ بہٖ بھی کہا جاتا ہے۔
(حَسَّلَ) بنفسِہٖ. خود کو رذالت میں ڈالنا۔
(احْتَسَلَ): گوہ کا بچہ کا شکار کرنا۔
(الحُسَالَۃُ): ہر چیز کا بچا کھچا خراب حصہ (۲) جو وغیرہ کی بھوسی (۳) چاندی کا برادہ۔
-حُسَالَۃُ الناس: گرے پڑے لوگ۔
(الحَسْلُ): ہرا بیر۔
(الحِسْلُ). گوہ کا بچہ ابھی انڈے سے نکلا ہو۔ (ج) اَحْسَالٌ و حسولٌ و حِسْلَۃٌ و حِسْلَان۔ کہاوت ہے '' لَا اٰتِیكَ سِنَّ الحِسْلِ '' میں تمہارے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔
(الحَسِیلُ). ہر چیز کا گھٹیا چیز (۲) پالتو گائے کے بچے (اس کا اطلاق واحد پر بھی ہوتا) جیسے کہا جاتا ہے۔ '' اشتریٰ بقرۃً بحسیلھا '' (ج) حُسُلٌ۔
(الحَسِیلَۃُ): واحدۃ الحَسِیلُ (۲) بقایا خراب حصہ (۳) گھٹیا آدمی۔
(حَسَمَ) فلانٌ ـِ حَسْمًا: کام کا عادی بننا۔
-الشیئَ: کاٹنا۔
-الدّاءَ دوا سے بیماری دور کرنا۔
-العِرْقَ: رگ کو کاٹ کر خون روکنے کے لئے داغ دینا۔
-عنہُ الامرَ دور کرنا۔
-علی فلانٍ غَرَضَہ: کسی کو مقصد تک پہنچنے نہ دینا۔
حَسَمَتِ الاُمُّ طفلھا. ماں کا بچہ کو دودھ پینے سے روکنا۔

(الأَحْسَمُ) من الرجال: معاملات کو سوچ سمجھ کر طے کرنے والا۔
(الحَاسِمُ) رایٌ حَاسِمٌ: آخری اور قطعی رائے۔
(الحُسام): تیز تلوار۔ '' حُسَامُ السیف '' تلوار کی دھار۔
(الحُسُوْمُ). نحوست۔
-اَیَّامٌ حُسُوْمٌ وَلَیَالٍ حُسُوْمٌ. نامبارک دن یا راتیں۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ سَخَّرَھَا عَلَیْھِمْ سَبْعَ لَیَالٍ وَّثَمَانِیَۃَ اَیَّامٍ حُسُوْمًا ﴾۔
(المَحْسَمَۃُ) کاٹنے کا ذریعہ یا سبب۔
ھٰذا محسمۃ للدّاء. یہ بیماری ختم کرنے کا ذریعہ ہے۔
(المحسُوْمُ): وہ بچہ جس کا دودھ چھڑا دیا گیا' یا جس کی غذا خراب ہو گئی ہو۔
(حَسُنَ) ـُ حُسْنًا: حسین و خوبصورت ہونا۔
ھو حَسَنٌ وھی حَسْنَاءُ (ج) حِسَانٌ۔ (مذکر و مونث کے لئے)۔
(اَحْسَنَ). اچھا کام کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِکُمْ﴾۔
- الشیئَ. عمدہ بنانا۔ قرآن مجید میں ہے۔ ﴿وَصَوَّرَکُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَکُمْ﴾ (۲) پختہ کرنا۔
-الیہ و بہٖ: کسی کے ساتھ حسن سلوک کرنا۔
(حاسَنَہٗ): اچھا معاملہ کرنا۔
-بہ الناسَ: لوگوں کے مقابلہ میں حسن و جمال پر فخر کرنا۔
(حَسَّنَ) الشیئَ. خوبصورت و مزین کرنا۔
(۲) ترقی دینا' حالت سدھارنا۔
(تَحَسَّنَ). خوبصورت و مزین ہونا۔
(استحْسَنَہ). پسند کرنا۔
(الاحسَنُ). سب سے بہتر افضل۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿ اَلَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَہٗ﴾ (ج) اَحَاسِنُ حدیث میں ہے (اِنَّ اقربکم مِنّی مجالسَ یوم القیامۃ احاسنکم اخلاقًا)۔

(الاستحسانُ). اصطلاحاً قیاس کو ترک کر کے لوگوں کے لئے آسان تر حکم کو اپنانا۔
(التحاسِینُ): زیب و زینت۔ جیسے مَا ابدع تحاسین الطاؤس اس کا واحد تحسینٌ۔
(الحُسَانُ) رجُلٌ حُسَانٌ بہت حسین جمیل۔
(الحُسَّانُ) بہت حسین و جمیل۔
(الحَسَنُ). اصطلاح محدثین میں وہ حدیث جس کا تخریج کنندہ معلوم ہو اور اس کے راوی مشہور ہو۔
(الحُسْنُ) خوبصورتی (۲) ہر پرکشش اور پسندیدہ چیز (ج) مَحَاسن (خلاف قیاس) (۳) کہنی سے متصل ہڈی۔
(ستّ الحسن): ایک قسم کا پودا۔
(الحُسْنٰی): مونث الاحسن قرآن مجید میں ہے: ﴿وَلِلّٰہِ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰی﴾ (۲) اچھا انجام جیسے قرآن مجید میں ہے ﴿فَلَہٗ جَزَاءَ الْحُسْنٰی﴾۔
(الحُسْنَیَان). کامیابی اور اللہ کے راستہ کی شہادت۔ قرآن مجید میں ہے ﴿ قُلْ ھَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَا اِلَّا اِحْدَی الْحُسْنَیَیْنِ﴾
(ج) الحُسَن کہا جاتا ہے '' حُسنیاہ و حُسنیاؤہ اَن یفعلَ کذا '' اس کی کوشش اور مقصد یہ ہے کہ ایسا کرے۔
(الحَسَنَۃُ). نیکی' قولاً ہو یا فعلاً ضد ہے سَیِّئَۃٌ کی۔ قرآن مجید میں ہے ﴿ مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَۃِ فَلَہٗ عَشْرُ اَمْثَالِھَا﴾ (۲) نعمت قرآن مجید میں ہے: ﴿ فَاِذَا جَاءَتْھُمُ الْحَسَنَۃُ قَالُوْا لَنَا ھٰذِہٖ﴾ (۳) صدقہ (۴) جلد کا ایک نشان جو اسے خوشنمائی عطا کرتا ہے۔
(المَحْسَنَۃُ) ذریعہ خوشنمائی' جیسے ھذا الطعام محسنۃٌ لِلْجِسْم۔
(حَسَا) الطائرُ الماءَ ـُ حَسْوًا. چونچ سے پانی لینا۔
-الرجلُ الحَسَاءَ و نَحْوَہٗ شوربا وغیرہ تھوڑا تھوڑا پینا۔

(حَاسَاہ) الشراب کسی کو اپنے ساتھ پینے میں شریک کرنا۔ جیسے کہا جاتا ہے "حَاسَیْتہ کَاْسًا مُرَّۃً" میں اس کا شریک دار رہا۔
(حَسَّاہ) الحَسَاءَ و نحوَہٗ: شوربہ گھونٹ گھونٹ کرکے پلانا۔
(احتسَی) الحساءَ شوربہ وغیرہ کو تھوڑا تھوڑا پینا۔
-انفاسَ النوم محوِ خواب ہونا۔
-مافی نفسہٖ آزمانا امتحان لینا۔
- سیر الفرسِ والجمل والناقۃ: رفتار کی آخری حد کا اندازہ لگانا۔
(تحاسیا) ایک دوسرے کو شوربا پلانا۔
کہا جاتا ہے "تحاسَوْا کئوسَ الصنایا" ان دونوں نے اکٹھا جام فنا نوش کیا۔
(تَحَسّٰی) الحساءَ چسکیاں لے کر شوربا پینا۔
(الحَسَا): شوربا وغیرہ (۲) وہ پتلا کھانا جو آٹے اور پانی سے بنایا جائے (ج) اَحْسَاءٌ و اَحسِیَۃٌ۔
(الحَسَاءُ) الحَسَا۔
(الحَسْوُ) الحَسَا (۲) یومٌ کحسو الطیر بہت چھوٹا دن۔
-نوم کحسو الطیرِ کم اور غیر مسلسل نیند۔
(الحُسْوَۃُ) گھونٹ منہ بھر پینے کی چیز (۲) تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "سَقَانِیَ مِثل حسوۃ الطائر" اس نے مجھے تھوڑا سا پلایا اور "لم یبق فی الاناء الا حسوۃٌ" (ج) حُسًا۔
(الحَسِیَّۃُ) گھوڑے کی پسلی۔
(حَسِیَ) الحِسْیَ ـ حَسْیًا نرم زمین کو پانی نکالنے کے لئے کھودنا۔
مافی نفسہٖ آزمانا۔
(حَسَّی) الحِسیَ نرم زمین کو پانی کے لئے کھودنا۔
(احتسَی) الحِسیَ نرم زمین کو پانی نکالنے کے لئے کھودنا۔
(الحِسیُ) نرم زمین جہاں پانی جمع رہتا ہو (۲) جما ہوا وہ ریت جس کے نیچے سخت زمین ہو جب بارش ہوتی ہے تو ریت پانی کو خشک نہیں ہونے دیتی اور اس کی نیچے والی ٹھوس سطح پانی کو زمین میں جذب نہیں ہونے دیتی۔ جزیرۃ العرب کے مشرق میں سعودیہ کے صوبہ "احساء" میں ایسا ہی ہے (ج) حِسَاءٌ و اَحْسَاءٌ۔
(الحِسیُ): الحَسیٰ۔

ح......ش

(حَشَأہ) بالعصا او السوط ـ حَشْأً: پیٹ یا کولہے پر ڈنڈا یا کوڑا مارنا۔
-بسَھْم: پیٹ پر تیر مارنا۔
-النارَ آگ جلانا۔
(المِحشَأۃُ): چھوٹی سفید چادر جس کو بطور ازار استعمال کیا جاتا ہے۔
(اَحْشَبَہ) غصہ دلانا۔
(احتَشبُوا): جمع ہونا۔
(الحَشِیْبُ) من الثیاب: موٹا کپڑا (۲) سم کے اندر کی ہڈی۔
(حَشْحَشُوْا) اٹھنے کے لئے حرکت کرنا۔ (۲) گتھم گتھا ہو کر حرکت کرنا (۳) منتشر ہونا۔
-النارُ الشیئَ آگ کا کسی چیز کو جلانا۔
(تَحَشْحَشُوْا) حَشْحَشُوْا۔
(حَشَدَ) الزرعُ ـ حَشْدًا: کھیتی کا مکمل طور پر اگ جانا۔
-الناقۃُ و نحوھا: تھنوں میں دودھ کا زیادہ ہونا۔
- القومُ او الجند حُشودًا: لوگوں اور سپاہیوں کا اکٹھا ہونا اور آپس کے تعاون کے لئے چاق و چوبند ہونا۔
- القومَ ـ حَشْدًا جمع کرنا۔ کہا جاتا ہے "حَشَدَ لھذا الامرِ جمیعَ قواہٗ" اس نے اس کام کے لئے اپنی تمام توانائیاں صرف کر دیں اور "بتُّ فی لیلۃ تحشد علی الھموم" مجھ پر ایسی رات گزری جس میں مجھ پر غموں کا ہجوم تھا۔
(اَحْشَدُوْا) کسی مقصد کے لئے جمع ہونا۔
(احتشدوا) کسی کام کے لئے جمع ہونا۔
-احتَشَدَ فلانٌ فی کذا: کسی کام کی بہترین تیاری کرنا۔ کہا جاتا ہے "جاءَ فلانٌ محتفلاً محتشدًا" وہ پوری طرح تیار ہو کر آیا۔
-القومُ علی الامرِ ایک دوسرے کی مدد کرتے ہوئے جمع ہونا۔
(تحاشَدُوْا، تحشَّدُوا) اِحْتَشَدُوْا۔
(الحاشدُ): فلانٌ حَافِدٌ حاشِدٌ: فلاں خدمت وضیافت میں انتہائی مستعد ہے۔
-عِذقٌ حاشِدٌ: پھل یا دانتوں سے بھرا ہوا خوشہ اور گچھا (ج) حُشُدٌ و حُشَدٌ۔
(الحَشَادُ) مِن الامکِنَۃِ ایسی نشیبی جگہ جہاں تھوڑی سی بارش سے پانی بہنے لگے۔ وادٍ حشادٌ اور ارضٌ حشادٌ بھی کہا جاتا ہے۔
(الحَشْدُ) من الناس: گروہ، جماعت (ج) حُشُوْدٌ۔
(الحَشَدُ) جماعت۔
(الحَشِدُ) من الرجال کسی مدد میں بے دریغ خرچ کرنے والا۔
-من الامکنۃ الحَشَاد۔
-من العیون: جاری چشمہ۔
(الحَشُوْدُ): وہ اونٹنی جس کے تھنوں میں دودھ جلدی جمع ہو جاتا ہو (۲) وہ اونٹنی جو پہلی جفتی میں حاملہ ہو جاتی ہو۔
(المحشودُ): فلانٌ محفودٌ محشودٌ: وہ اپنی قوم میں قابل احترام واطاعت ہے جس کی خدمت کے لئے سب تیار رہتے ہیں۔
(حَشَرَھُمْ) ـُ حَشْرًا: جمع کرنا اور لے کر چلنا۔
- اللہُ الخلق حَشْرًا: قبروں سے اٹھانا اور لے کر چلنا۔
- الجَدْبُ الناسَ قحط کا لوگوں کو شہروں کی طرف لے کر چلنا۔
-الجدبُ الماشۃ و نحوھا قحط کا جانوروں کو ہلاک کر دینا۔
(حَشِرَ) الشیُ ـَ حَشَرًا پھینکنا (۲) میلا

ہوناھو حَشِرٌ۔
(حُشِرَ) حُشِرَ فی راسِہٖ و نحوہٖ: بڑے سر والا ہونا۔
(حَشَّرَہٗ) اکٹھا کرنا اور ایک دوسرے کو ترتیب وتدقیق کے ساتھ ملا دینا۔
(احتَشَرَ) فی احد اعضائہٖ: کسی عضو کا بھاری اور بڑا ہونا۔
(انحشَرَ). لازم حَشَرَہٗ۔
(تحَشَّرَ): جمع ہونا۔
(الحاشِرُ): حضور ﷺ کے ناموں میں سے ایک نام (۲) لوگوں کو جمع کرنے والا قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاَرْسَلَ فِی الْمَدَآئِنِ حَاشِرِیْنَ﴾ (۲) ٹیکس وصول کرنے والا۔
(الحَشرُ): اجتماع، ہجوم (۲) قیامت کے دن لوگوں کا اجتماع (۳) جماعت۔
-من الآذان: چھوٹے اور نازک کان۔
-من ریش سہامٍ: تیر کے پروں کی برابری۔
(اس میں مذکر، مونث اور مفرد و تثنیہ جمع سب برابر ہیں کیونکہ یہ اصل مصدر ہے) جیسے اذنٌ حَشرٌ اور آذانٌ حَشرٌ اور سَہمٌ حَشرٌ اور سِہامٌ حَشرٌ)۔
- من السّلاح: نازک اور دھاردار ہتھیار (ج) حشورٌ۔
(یوم الحشر) قیامت کا دن۔
(الحَشرُ، الحُشرُ): بھوسی (ج) اَحشارٌ (لغت یمانی)
(الحَشَرَۃُ). حشرات، کیڑا مکوڑا، چھوٹا جانور جیسے بچھو، چوہا اور گوہ وغیرہ۔
(۲) علم الحیوانات کے مطابق وہ مخلوق جو تین مراحل سے گزرتی ہو (پہلے انڈہ پھر چھوٹا کیڑا پھر پروانہ) (ج) حَشَرٌ۔
(المَحشَرُ). جمع ہونے کی جگہ (۲) وہ جگہ جہاں قیامت کے دن لوگوں کو جمع کیا جائے گا (۳) صدری نما لباس (ج) مَحَاشِرُ۔
(المَحْشَرَۃُ) وہ گھاس جو کھیتی کے کاٹنے کے بعد زمین پر اگتا ہے (۲) سبزہ زار۔
کہا جاتا ہے " اَرسَلُوا دوابَّھُم اِلَی المَحشَرَۃ" (ج) مَحَاشِرُ۔
(حَشرَجَ) آواز کا حلق میں اٹکنا۔
کہا جاتا ہے " حَشرَجَ المحتضرُ عندالموت" اور حَشرَجت رُوْحُہٗ فی صدرہٖ" وہ مرنے کے قریب ہوگیا۔
(الحَشرَجُ) پہاڑ کا وہ گڑھا جس میں پانی رک جائے اور صاف ہو (۲) کنکریلی زمین کا پانی جو دکھائی نہ دیتا ہو لیکن تھوڑا کھودنے سے نکل آتا ہو (۳) آبخورہ جس میں پانی ٹھنڈا کیا جائے (۴) ناریل (ج) حَشَارِجُ۔
(حَشَّ) الشّیُٔ ـِ حَشًّا: خشک ہونا، سوکھ جانا۔
-الجنینُ: بچہ کا پیٹ میں سوکھ جانا۔
-الیدُ و نحوھا: ہاتھ کا سوکھ جانا، شل ہو جانا (۲) ہاتھ کا پتلا ہو جانا۔
-الحشیش و نحوہٗ ـُ حَشًّا: گھاس کاٹنا اور جمع کرنا۔
-الماشیۃَ: چوپائے کو گھاس ڈالنا، جیسے کہاوت ہے (احُشُّکَ و تروثُنی) میں تجھے گھاس ڈالتا ہوں اور تو مجھے مینگنیاں دیتا ہے۔ اس شخص کے لئے جو بھلائی کا بدلہ برائی کے ساتھ دے۔
- النارَ: آگ جلانے کے لئے ایندھن اکٹھا کرنا۔ (۲) آگ کو حرکت دینا تا کہ وہ جل جائے۔
-الحربَ: جنگ کی آگ بھڑکانا۔
-شیئاً بشیئٍ: ایک شے کو دوسری کے ذریعہ مضبوط کرنا۔ جیسے حَشَّ النار بالحطب، حَشَّ الحرب بالسلاح اور حش السھم بالریش۔
- مالَ فلان بمال غیرہٖ: ایک کے مال کو دوسرے کے مال کے ذریعہ بڑھانا۔
(اَحَشَّ) المکانُ کسی جگہ گھاس اُگنا۔
(۲) گھاس زیادہ ہونا۔
-الشّیُٔ: خشک ہونا، سوکھ جانا۔
-الکلاءُ: گھاس کاٹنے کا وقت آنا۔
-فلاناً: گھاس کاٹنے اور اس کو جمع کرنے کے لئے کسی کی مدد کرنا (۲) آگ جلانے کے لئے کسی کی مدد کرنا۔
-اللہُ یَدَہٗ: ہاتھ خشک اور شل کردے۔
-الحاملُ الجنینَ: حاملہ عورت کے بطن سے سوکھا بچہ پیدا ہونا۔
(احتَشَّ) الحشیشَ: گھاس کاٹ کر اکٹھا کرنا۔
-للنار: آگ کے لئے ایندھن اکٹھا کرنا۔
(استحَشَّ). پتلا و کمزور ہونا۔
-استحشَّتْ یدُہٗ: ہاتھ کا خشک و شل ہونا۔
-استحشَّ الجنینُ فی الرّحمِ: بچہ کا پیٹ میں سوکھ جانا۔
-فلانٌ: پیاسا ہونا اور تھوک خشک ہونا۔
(الاُحشُوشُ) وہ بچہ جو ماں کے پیٹ میں خشک ہوگیا ہو (ج) اَحَاشِیش۔
(الحِشَاشُ): گھاس کی گون (۲) ہر شے کا کنارہ، جانب، یہ دو ہوتے ہیں ان کو حشاشان کہتے ہیں (ج) حُشُشٌ و اَحِشَّۃٌ۔
(الحُشَاشَی) حُشاشک ان تفعَلَ کذا تم زیادہ سے زیادہ یہ کرسکتے ہو۔
(الحُشَاشَۃُ): بیماری کے آخری سانس۔ کہا جاتا ہے: "مَابَقِیَ من الشمس الاحشاشۃ نازع" سورج کی صرف اتنی روشنی باقی ہے جتنا مرنے والے کا سانس ہوتا ہے اور "مابقی من المروءَۃِ الاحُشَاشَۃُ محتضِرٍ" صرف اتنی مروت باقی رہ گئی ہے جتنا مرنے والے کا سانس ہوتا ہے (یہ بطور تشبیہ کے استعمال ہوتا ہے)۔
(الحُشُّ) وہ بچہ جو ماں کے پیٹ میں خشک ہو گیا (۲) باغ (۳) کھجور کے درختوں کا جھرمٹ (۴) بیت الخلاء (۵) وضو خانہ (ج) حُشُوشٌ و حَشَّانٌ۔
(الحُشَّۃُ) پہاڑ کی زبردست چوٹی جس پر گھاس اُگتی ہے اور سفید ہو جاتی ہے۔ (ج) حُشَشٌ۔
(الحَشَّاشُ). گھاس کاٹنے والا (۲) گھاس جمع کرنے والا (۳) گھاس بیچنے والا (۴) بھنگ پینے والا (مو)۔

(الحُشَّاشُ) گھاس کاٹنے کا آلہ درانتی وغیرہ۔
(الحَشَّاشُونَ) سات اماموں کو ماننے والا اسماعیلی شیعوں کا فرقہ جس کی بنیاد حسن بن صباح نے ڈالی۔
(الحشیشُ) خشک گھاس جس کو کاٹنا اور جمع کرنا ممکن ہو۔ واحد۔ حشیشۃٌ اور جمع حشائش (۲) بھنگ (مو)۔
(الحُشَیشَۃُ) گھاس کا گچھا۔
حشیشۃ الدینار فصیلہ قنبیک کا ایک پودا۔
(المِحَشُّ) گھاس کاٹنے کی درانتی (۲) گھاس کریدنی (۳) اون کا بنا ہوا بورا یا تھیلا جس میں گھاس بھری جائے (ج) مَحاشّ۔
- فلانٌ مِحَشُّ حَربٍ فلاں جنگ کی آگ بھڑکانے کا ماہر ہے۔
- مِحَشُّ الکتیبۃ بہادر آدمی۔
(المَحَشَّۃُ) المِحَشُّ (۲) وہ ڈنڈا جو پتے جھاڑنے کے لئے شاخوں پر مارا جائے۔ (ج) مَحاشّ۔
(حَشَفَ)- حَشفًا خشک ہو کر سکڑنا۔
- الضرعُ تھن کا خشک ہو جانا۔ ہو حَشِیفٌ و خَشِیفٌ۔
(اَحشَفَ) حشف۔
- النخلُ کھجور کے درخت پر خراب پھل آنا اور پکنے سے پہلے سوکھ جانا۔
(خَشَّفَ) عَینَیہِ آنکھیں بند کر کے پلکوں کے بیچ میں سے دیکھنا۔
(تَحَشَّفَ) حَشَفَ۔
- فلانٌ پرانا کپڑا پہننا۔
- اوبارُ الابل اونٹوں کی اون کا اڑ کر بکھر جانا۔
(استَحشَفَ) حَشَفَ (۲) تَحَشَّفَ۔
- الانفُ ناک کی نرم ہڈی کا سوکھ جانا جس سے ناک کی طبعی حرکت ختم ہو جاتی ہے۔
(الحُشافۃُ) تھوڑا سا پانی۔
(الحَشَفُ) من التمر خراب کھجوریں جو پکنے سے پہلے سوکھ جاتی ہیں ان میں نہ گٹھلی ہوتی ہے نہ گودا نہ مٹھاس۔ کہاوت ہے (اَحَشَفًا وَسُوءَ کِیلَۃٍ) ایسے شخص کے بارے میں جس میں دو بری خصلتیں ہوں۔ (۲) خشک تھن (۳) سوکھی روٹی۔
(الحِشفُ) تَمرٌ حَشِفٌ: بہت زیادہ خراب کھجوریں۔
- هو شجاعٌ حاقَّةُ الشجاع: وہ بہادری میں کامل ہے۔ (اس کی تثنیہ جمع نہیں آتی)۔
(الحَقُّ) اسم باری تعالیٰ (۲) حق ثابت شدہ بات۔ قرآن مجید میں ہے۔ ﴿اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ﴾ (۲) سچا، صحیح بطور صفت استعمال ہوتا ہے جیسے قَولٌ حَقٌّ (۳) جماعت یا فرد کا حصہ (ج) حقوقٌ و حِقَاقٌ۔
-حقوقُ الله اللہ تعالیٰ کے حقوق۔
- حقوقُ الدار مکان کے متعلقہ وہ عمارتیں جن سے انسانی ضروریات وابستہ ہوں۔
-هُوَ العالِم حَقُّ العالم وہ بہترین عالم ہے۔
-هو حَقٌّ بكذا وہی اک چیز کے لائق ہے۔
(الحِقُّ) من الابل وہ اونٹ جو چوتھے سال میں آ گئے ہوں اور ان پر سوار ہونا اور سامان لادنا ممکن ہو (ج) اَحُقٌّ و حِقَاقٌ (جج) حُقُق۔
(الحُقُّ) برتن (۲) سوراخ، بل (۳) وہ گڑھا جس میں ران کا سرا ہوتا ہے۔ (۴) کولہے کا وہ سرا جس میں ران کی ہڈی ہوتی ہے۔ (۵) بازو کا سرا (۶) سرین کا سرا (۷) ہموار زمین (۸) ہر چیز کا درمیان (ج) اَحْقَاق و حِقَاقٌ و حُقُوقٌ۔
(الحَقَّانی) حق پرست۔
(الحَقَّةُ): حصہ جیسے هذه حَقَّتِي۔
(۲) معاملہ کی حقیقت (۳) مصیبت۔
(الحِقَّةُ): حصہ جیسے هذه حِقَّتِي۔ (۲) من الابل: الحِقُّ یا اس کی مؤنث۔ (۳) چھوٹا درخت (ج) حِقَقٌ و حِقَاقٌ۔
(الحُقَّةُ) الحُقُّ (ج) حُقَقٌ و حِقَاقٌ۔
(الحَقِيقُ) بالامرِ کسی کام کے لائق ہونا۔
-هو حقيقٌ ان يفعل كذا: اس کے لئے ایسا کرنا مناسب ہے۔ و حقيقٌ به ان يَفْعَلَ كذا۔
- عليه كذا اس پر ایسا کرنا واجب ہے۔ قرآن مجید میں ہے ﴿حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ لَّآ اَقُوْلَ عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ﴾۔
-حقيقٌ على كذا: حریص ہونا۔
(الحَقِيقَةُ): یقینی ثابت شدہ بات۔
(۲) اہل لغت کے نزدیک وہ لفظ جو معنی اصلی میں مستعمل ہو (۳) جھنڈا (ج) حَقَائِقُ۔
-حقيقةُ الشيِ وہ بات جس کا یقین ضروری ہو۔
- حقيقةُ الرَّجُلِ: وہ چیز جس کا دفاع کرنا ضروری ہو۔ جیسے فلانٌ يَحْمِي الْحَقِيقَةَ۔
(المَحْقُوقُ) لائق، موزوں۔ جیسے هو محقوقٌ ان يفعَلَ كذا (۲) وہ آدمی جس پر کسی کا حق واجب ہو۔
(حَقَلَ)۔ حَقْلًا کھیتی باڑی کرنا۔
(حَقِلَتِ) الماشيةُ۔ حَقَلًا (مٹی ملا پانی پینے یا مٹی ملی سبزی کھانے سے) چوپائے کا پیٹ کے درد میں مبتلا ہونا۔
(اَحْقَلَ) الزرعُ کھیتی میں شاخیں نکلنا۔
-الارضُ زمین کا کھیت بن جانا۔
(حَاقَلَه) پکنے سے پہلے کھڑی کھیتی فروخت کر دینا (۲) زمین کو بٹائی پر دینا۔
(احْتَقَلَ) اپنا کھیت بنانا۔
(الحَاقِلُ) کاشتکار۔

(الحُقَالُ) چوپایوں کی بیماری جو مٹی ملا پانی پینے یا چارہ کھانے سے ہوتی ہے۔
(الحَقل) قابل کاشت زمین (۲) ہری بھری کھیتی (ج) حُقُولٌ۔
-حَقلُ البترول وہ زمین جہاں سے پٹرول نکالا جائے (مج)۔
-حَقلُ التجارِب تجربہ گاہ (مج)۔
(الحَقلِیُّ) کھیت سے متعلق چیز۔
-المحصولات الحقلیّۃُ زمینی پیداوار۔
(الحَقلَۃُ) کھیت کا ایک حصہ (۲) حُقَال (ج) اَحقَالٌ۔
(المَحقَلَۃُ) کھیت (ج) مَحَاقِلُ۔
(الحِقلِدُ) بداخلاق اور اجڈ آدمی۔
(الحَقلَدُ) بخیل (۲) کمزور (۳) گناہ گار (۴) کینہ ودشمنی۔
(الحَقِیمُ) گوشہ چشم جو کنپٹی سے ملا ہوا ہو اور یہ دو ہوتے ہیں (ج) اَحقِمَۃٌ۔
(حَقَنَ) الماءَ واللبنَ فی القربۃ ـُ -حَقناً دودھ یا پانی وغیرہ کو مشکیزہ میں جمع کرنا۔
-الاناءَ بالماء وغیرہ: برتن کو پانی وغیرہ سے بھرنا۔
بَولَہ: پیشاب روکنا۔
دَمَ فلانٍ خون بہانے سے روکنا۔
مَاءَ وَجھِہٖ: سوال کی ذلت سے بچانا۔
اللّبنَ فی القِربَۃِ: مکھن نکالنے کے لئے دودھ کو مشکیزہ میں ڈالنا۔ ہو محقونٌ و حقینٌ
فلاناً سرنج یا کسی آلہ سے جسم میں دوا داخل کرنا۔
(اِحتَقَنَ) جمع ہونا اکٹھے ہونا۔
-الدمُ خون کا منجمد ہونا۔
-البولُ پیشاب کا رک جانا۔
-الماءُ و اللبنُ جمع ہونا۔
-العضوُ کسی عضو کا پانی یا خون جمع ہونے کی وجہ سے رک جانا۔
-الکَبِدُ جگر بڑھ جانا۔
-الضرعُ تھن پھول جانا۔

-العریضُ: مریض کا پیشاب بند ہونا اور اس کی وجہ سے سلائی وغیرہ کا علاج کرانا۔
-اِحتَقَنَتِ الکُلیۃُ گردہ کا پھول جانا۔
(الحاقِنُ) وہ شخص جس کا پیشاب بند ہو گیا ہو۔ کہا جاتا ہے "لَارَاْیَ لِحَاقِنٍ" (۲) پچکاری، انجکشن وغیرہ سے علاج کرنے والا۔
(الحاقِنَۃُ) مؤنث الحاقن (۲) معدہ (۳) دونوں ہنسلیوں کا درمیانی گڑھا (۴) تہدید کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ "لَاُلحِقَنَّ حَوَاقِنَکَ بِذَوَاقِنِکَ"۔
(الحُقنَۃُ) جماؤ، بندش (۲) وہ دوا جو بذریعہ سرنج مریض کے جسم میں داخل کی جائے (۳) سرنج یا پچکاری (ج) حُقَنٌ۔
(الحَقنَۃُ) درد شکم (ج) اَحقَانٌ۔
(المِحقَانُ) جو پیشاب کو روکے اور پھر زیادہ پیشاب کرے (ج) مَحَاقِین۔
(المِحقَنُ) پچکاری، سرنج (۲) وہ برتن جس میں دودھ وغیرہ اکٹھا کیا جائے (ج) مَحَاقِنُ۔
(المِحقَنَۃُ) سرنج یا پچکاری (ج) مَحَاقِنُ۔
(حَقَاہُ) ـُ حَقواً کمر پر مارنا ہے جیسے ضَرَبَہٗ فَحَقَاہُ۔
-الشئُ فلاناً کمر یا کوکھ پر لگنا۔
-نزل فی الماءِ حتی حَقَاہُ وہ کمر تک پانی میں اترا۔ ہو مَحقُوٌّ و مَحقِیٌّ۔
(حَقِیَ) ـَ حَقًا کمر میں درد محسوس کرنا۔ ہو حَقٍ۔
(حُقِیَ) کمر میں درد محسوس کرنا (۲) خالی گوشت کھانے کی وجہ سے پیٹ میں درد ہونا۔ ہو محقُوٌّ و مَحقِیٌّ۔
(تَحَقّی) حَقِیَ۔
(الحِقَاءُ) ازار (۲) ازار باندھنے کی جگہ (۳) خالی گوشت کھانے سے ہونے والا پیٹ کا درد (۴) گھوڑے کی جھول کا تسمہ (ج) اَحقِیَۃٌ۔
(الحَقوُ) کمر، کوکھ۔ اَخَذَ بِحَقوِہٖ و عَاذَ بِحَقوِہٖ "پناہ میں آنا"۔

-حَقوَا الثَّنِیَّۃِ سامنے کے دونوں دانتوں کے کنارے (۲) ازار بند۔
-حَقوُ الجبل دامن کوہ۔
-رمٰی بحقوِہٖ = بند اتار دینا۔ (ج) اَحقَاءُ۔

ح ...... ک

(حَکَأَ) العُقدَۃَ ـَ حَکئاً مضبوط گرہ باندھنا۔ حکاھا بھی کہا جاتا ہے۔
(اَحکَأَھَا) حَکَأَھَا اَحکَأھا بھی کہتے ہیں۔
(اِحتَکَأَ) اِحتَکَأَتِ العقدَۃُ گرہ کا سخت ہونا۔
-الامرُ فی صدرہٖ او نفسہ کسی بات کا دل میں قرار پکڑنا۔ کہا جاتا ہے "لو احتکأَ امری لَفَعَلتُ کذا" (اگر مجھے شروع ہی میں یہ بات معلوم ہو جاتی تو میں ایسا کرتا)۔
-العقدۃَ گرہ کو سخت کرنا۔
(الحُکَأۃُ) موٹی چھپکلی (ج) حُکَأٌ و حُکَاً۔
(الحُکَا) الحُکَأۃُ (ج) حُکَاءٌ۔
(حَکَرَہُ) ـِ حَکرًا ظلم کرنا (۲) مذمت کرنا (۳) بدسلوکی کرنا ہو حَکِرٌ۔
-السِّلَعَ: سامان کو بلاشرکت غیر سے اپنے لئے خاص کرنا۔
(حَکِرَ) فلانٌ ـَ حَکَرًا ضدی اور جھگڑالو ہونا۔
-برایہ: خودسر ہونا۔
-السّلعۃَ حَکرَھا ہو حَکِرٌ۔
(حَاکَرَہُ) باہم جھگڑنا۔
(احتَکَرَ) السِّلعَۃَ ذخیرہ اندوزی کرنا۔
(تَحَکَّرَ) فلانٌ علی الشئ افسوس کرنا۔
-السِّلعَۃَ حَکرھا۔
(الحاکُورَۃُ) وہ زمین جو گھروں کے قریب درخت اگانے کے لئے مخصوص کی جائے۔
(الحُکرُ) تھوڑی چیز (ج) اُحکارٌ۔ (م)
(الحِکرُ) روکی ہوئی جاگیر یا زمین (ج) اَحکَارٌ (م)۔
(الحُکرُ) ذخیرہ کی ہوئی چیز (۲) تھوڑی چیز۔ جیسے مَاءٌ حَکَرٌ و طعَامٌ حَکَرٌ

(الحُكْرَةُ) ذخیرہ اندوزی۔
(حَكِشَ) ـُ حَكْشًا سکڑنا' سمٹنا۔
-الشيَ جمع کرنا۔
-فلاناً ظلم کرنا۔
(حَكِشَ) ـَ حَكَشًا: ضدی ہونا۔ هو حَكِشٌ۔
(الحُكْشَةُ) بائی (محدثہ)۔
(حَكَّ) الشيَ بالشيَ و عَلَى الشيَ ـُ حَكًّا رگڑنا' گھسنا جیسے حَكَّ الحَجَرَ بالحَجَرِ و حَكَّ جِسمَه بيدِهِ۔
- فلاناً جسمُه: کسی کے بدن میں خارش اٹھنا۔ هو محكوكٌ و حكيكٌ۔
-الامرُ في صدرِهِ دل میں بیٹھ جانا۔
-ماحكَّ هذا الامرُ في صدري اس کام سے میرا دل مطمئن نہیں ہوا۔
-في صدرِهِ من الامرِ شيٌ اس کے دل میں وسوسے پیدا ہوئے۔
-الشيَ چھپانا۔
(أحَكَّ) فلاناً جسمُه بدن میں کھجلی اٹھنا۔
-الامرُ في صدرِهِ دل میں کھٹکنا۔
(حَاكَّه) مُحَاكَّةً و حِكَاكًا رگڑنے میں مقابلہ کرنا۔
(حَكَّكَه) حَكَّه۔
- الجذلُ المُحَكَّكُ وہ لکڑی وغیرہ جو اونٹوں کے باڑے میں خارش زدہ اونٹ کے لئے نصب کی جاتی ہے جس سے وہ اپنا جسم رگڑتا ہے۔
(إحتَكَّ) الجسمُ خارش ہونا۔
-بالشيَ رگڑ کھانا۔
-الامرُ في صدرِهِ او في صدرِهِ من الامرِ شيٌ حَكَّ۔
(تَحَاكَّا) ایک دوسرے سے رگڑ کھانا۔
(تَحَكَّكَ) بالشيَ رگڑ کھانا۔
هو يتحكَّكُ بي وہ مجھ سے مقابلہ کرتا ہے
تَحَكَّكَ العقربُ بالأفعى اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو اپنے سے بڑے
کے مقابلہ میں آئے۔
(إستَحَكَّ) فلاناً جِسمُه: کسی کے جسم میں خارش ہونا۔
(الاحتكاكُ) رگڑ کھا کر حرکت کرنے والے جسم سے پیدا ہونے والی طاقت (مج)۔
(الحاكُّ) کسی کام کا دھنی (۲) شر پسند جھگڑالو (ج) حُكُكٌ۔
(الحاكَّةُ) دانت' کہا جاتا ہے (مَا بَقِيَتْ في فيهِ حَاكَّةٌ) (ج) حَوَاكُّ۔
(الحِكَاكُ) هو حِكَاكُ شَرٍّ شر پسند اور شر انگیز ہے۔
(الحُكَاكُ) خارش (ایک بیماری)
(الحُكَاكَةُ) برادہ' کسی شی کو گھسنے سے گرنے والے ذرات۔
(الحِكُّ) شک (۲) "هو حِكُّ شَرٍّ" وہ شر انگیز ہے۔
(الحُكُكُ) چاک۔
(الحَكَّاكَةُ) شک' وسوسہ (ج) حَكَّاكَات۔
(الحِكَّةُ) مذہب وغیرہ میں شک (۲) خارش' کھجلی۔
(الحَكْحَكَةُ) ایک چاک (۲) وہ زمین جہاں کھریا مٹی پیدا ہوتی ہو۔
(الحُكَيْكَةُ) پہیلی چیستان۔
(المِحَكُّ) کھریا وغیرہ۔
(حَكَلَ) عليه الامرُ ـُ حَكْلًا کام کا غیر واضح اور مشتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے حَكَلَتْ عليه الاخبارُ۔
-في مَشيِه بھاری قدموں سے چلنا' آہستہ چلنا۔
-فلانٌ الريحَ تیز ہوا کے آگے ایک پیر پر کھڑا کرنا۔
-فلاناً بالعصا لاٹھی مارنا۔
(أحكَلَ) عليه الامرُ مشتبہ ہونا۔
عليهم کسی کے خلاف شرانگیزی کرنا۔
(إحتَكَلَ) فلانٌ عربی زبان کے بعد عجمی زبان سیکھنا۔
عليه الامرُ مشتبہ ہونا۔
(تَحَكَّلَ) جہالت کی وجہ سے ضد کرنا۔
(الأحكَلُ) بے زبان پرندہ یا چوپایہ (۲) وہ جانور جن کی آواز سنائی نہ دے جیسے چیونٹی وغیرہ۔ هي حَكْلَاءُ (ج) حُكْلٌ۔
(الحَاكِلُ) اندازہ لگانے والا (ج) حُكَّلٌ و حُكَّالٌ۔
(الحُكْلَةُ) کلام کا ابہام (۲) نادانی کی بنا پر ضد (۳) لکنت (ج) حُكَلٌ۔
(الحَكِيلَةُ) لکنت' تتلاہٹ (ج) حَكَائِلُ۔
(حَكَمَ) بالامرِ ـُ حُكْمًا فیصلہ کرنا۔ جیسے حكم لَهُ' حكم عليه' حكم بينهم۔
-الفرسَ: گھوڑے کے لگام میں لوہے کا حلقہ لگانا۔
-فلاناً: روکنا' منع کرنا۔
(حَكُمَ) ـُ حُكْمًا حکیم و دانشمند ہونا۔ هو حكيمٌ۔
(أحكَمَ) الفرسَ حَكَمَه۔
-فلاناً عن الامرِ روکنا۔
التجاربُ فلاناً تجربات کا کسی کو عقلمند بنا دینا۔
الشيَ والامرَ مضبوط و مستحکم بنانا۔
(حَاكَمَه) الى الله تعالى والى الكتاب -و الى الحاكم کسی حاکم کے پاس مقدمہ لے جانا یا فیصلہ کے لئے اللہ تعالیٰ اور قرآن کی طرف رجوع کرنا۔
المُذنِبَ مجرم سے جرم کے متعلق بیان لینا۔
(حَكَّمَه) حاکم و ثالث بنانا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے ﴿فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتَّى يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ﴾ (۲) فیصلہ کرنا۔
عَمَّا يريدُ روکنا' منع کرنا۔
(إحتكَمَ) الشيُ والأمرُ مضبوط ہونا۔
الخصمان الى الحاكم حاکم کے سامنے فریقین کا مقدمہ لے کر جانا۔
في الشيِ والامرِ کسی کام میں تصرف کرنا' من مانی کرنا' کہا جاتا ہے إحتكمَ في مالِ فلانٍ و احتكمَ في امرِهِ۔

(تَحَاكَمَا). فریقین کا کسی کے پاس مقدمہ لے کر جانا۔
(تَحَكَّمَ) فی الامرِ. مضبوط ہونا (۲) خود رائے ہونا۔
الحَرُوْرِيَّةُ من الحوارج: خوارج کے فرقہ حروریہ کا لاحکم الا للّٰہ کا نعرہ لگانا۔
(اِسْتَحْكَمَ) الشئُ و الاَمْرُ: مضبوط ہونا۔
-فلانٌ: سمجھدار ہو کر نقصان دہ چیز سے رکنا۔
- علیه الشئُ: مشتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے استحکم علیه الکلامُ۔
(الحاكِمُ) حکمران (۲) قاضی، جج (ج) حُكَّامٌ۔
(اَلْحُكْمُ): علم وفہم (۲) حکمت جیسے الصَّمْتُ حُكْمٌ (۳) فیصلہ۔
(الحَكَمُ): اسم باری تعالیٰ (۲) حاکم قرآن مجید میں ہے: ﴿اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِي حَكَمًا﴾ (۳) ثالث، سرپنچ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِنْ اَهْلِهِ وَحَكَمًا مِنْ اَهْلِهَا﴾۔
رَجُلٌ حَكَمٌ: ادھیڑ عمر ہم حَكَمَةٌ۔
(الحِكْمَةُ): اعلیٰ علوم کے ذریعہ اعلیٰ اشیاء کا علم (۲) علم وفہم۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمَانَ الْحِكْمَةَ﴾ (۳) عدل وانصاف (۴) علت، فلسفہ جیسے حکمة التشریع اور مَا الحکمةُ فی ذٰلك؟ (۵) ایسا کلام جس کا معنی واضح اور الفاظ تھوڑے ہوں (ج) حِكَمٌ۔
(علم الحِكْمَة): کیمیاء وطب۔
(الحَكَمَةُ): حَكَمَةُ اللجام لگام میں لگا ہوا لوہے کا وہ حلقہ جو گھوڑے کے دونوں جبڑوں کی طرف منہ میں رہتا ہے۔ (۲) بکری وغیرہ کی ٹھوڑی (۳) انسان کے چہرہ کے سامنے یا نیچے کا حصہ۔
-رَفَعَ اللّٰهُ حَكَمَتَه اللہ نے اس کے مرتبہ کو بلند کردیا (ج) حَكَمٌ۔ (الحَكِيْمُ) اسم باری تعالیٰ (۲) حکمت والا، دانشمند (۳) فلسفی (مو)۔
(۴) طبیب (مو) (ج) حکماءُ۔

-الذکرُ الحکیمُ: قرآن مجید کیونکہ وہ ایسا عاقلانہ کلام ہے کہ اس میں نہ لفظی خامیاں ہیں نہ معنوی اور وہی لوگوں کی زندگی کے بارے میں صحیح فیصلہ کرتا ہے۔
(المُحَكِّمُ): خارجی۔
(المُحْكَمُ): مضبوط و مستحکم۔
-من القرآن: وہ آیات قرآنیہ جو ظاہر اور واضح ہوں اور ان میں تاویل کی ضرورت نہ ہو۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿مِنْهُ اٰيَاتٌ مُحْكَمَاتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتَابِ وَ اُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ﴾۔
(المَحْكَمَةُ): عدالت (۲) کمرہ عدالت، کچہری (ج)۔
(حَكَى) الشئَ ـِ حکایةً: نقل اتارنا۔ (۲) مشابہ ہونا، کہا جاتا ہے هِیَ تحکی الشمسَ حُسْنًا۔
-عنه الحدیثَ: کلام یا بات نقل کرنا۔
هو حاكٍ (ج) حُكَاةٌ۔
(حَاكَاهُ): قول وفعل وغیرہ میں کسی کے مشابہ ہونا۔
(الحِكَايَةُ): واقعہ، کہانی، قصہ۔ (واقعی ہو یا فرضی) (۲) لہجہ، عرب کہتے ہیں "هذه حكايتنا"۔
(الحَكَّاءُ): بہت حکایتیں بیان کرنے والا (۲) لوگوں کے مجمع میں قصے سنانے والا۔
(الحَكِيُّ) من النساء: بیہودہ گو اور چغل خور عورت۔

ح......ل

(حَلَأَ) الجلدَ ـُ حَلْأً: چھیلنا۔
-فلانًا مارنا جیسے حَلَأَهُ بالسَّوْطِ و حَلَأَهُ بالسَّيْفِ۔
-به الارضَ: پچھاڑنا۔
(حَلِئَ) الادیمُ ـَ حَلَأً: چمڑے پر خراش لگنا۔
-الشَّفَةُ: ہونٹ پر بیماری کے بعد پھنسیاں نکل آنا۔
(اَحْلَأَهُ): دکھتی آنکھ میں جست لگانا۔
الطعامَ کھانے کو میٹھا کرنا۔

(حَلَّأَهُ) عن الشئِ تحلیئاً و تحلِئةً روکنا، منع کرنا۔
- الطعامَ کھانے کو میٹھا کرنا۔
(التِّحْلِئُ) چمڑے کے اوپر کے بال اور اس کا میل وسیاہی۔
(التِّحْلِئَةُ). التِّحْلِئُ۔
(الحُلَاءَةُ): جھلی، چمڑے کا وہ باریک چھلکا جو گوشت کے اوپر لگا ہوتا ہے (۲) جست ایک سفید نرم پتھر کا برادہ جو دکھتی آنکھ میں لگایا جاتا ہے (۳) وہ چیز جو دو پتھروں سے رگڑ کر آنکھ میں بطور سرمہ لگائی جائے۔
(الحَلَأُ): بیماری کے بعد ظاہر ہونے والے دانے۔
(الحَلُوْءُ) جست۔
(المِحْلَأَةُ). چمڑا صاف کرنے کی چھری۔ (ج) مَحَالِئُ۔
(حَلَبَ) القومُ ـُ حَلْبًا و حُلُوْبًا ہر طرف سے آ کر جمع ہو جانا۔
-الشاةَ و نحوها ـِ حَلْبًا دودھ دوہنا۔
-فلانًا: کسی کے لئے دودھ نکالنا۔ کہا جاتا ہے "اُحْلُبْنِی" مجھے دوہنے کی مشقت سے بچا کر تم دودھ نکال لو۔
- فلانًا الشَّاةَ: کسی کو دوہنے کے لئے بکری دینا۔
- الدهرُ اَشْطُرَهُ زمانہ کے برے بھلے کو آزمانا۔ هو حالِبٌ (ج) حَلَبَةٌ هو حَلُوْبٌ (ج) حُلُبٌ۔
(اَحْلَبَ) فلانٌ کسی کے اونٹوں میں مادہ بچے پیدا ہونا۔
-القومُ: ہر طرف سے آ کر لڑائی وغیرہ کے لئے جمع ہونا۔
-فلانًا دوہنے میں مدد کرنا (۲) مدد کرنا۔
- اهلَهُ: چراگاہ سے دودھ دوہ کر اہل خانہ کو بھیجنا۔
-فلانًا الشاةَ و نحوها کسی کو دودھ نکالنے کے لئے بکری دینا۔
-اَحْلَبُوْا معهم مددگار بن کر آنا۔

(حَالَبَهُ) دودھ نکالنے میں مقابلہ کرنا۔ (۲) باہم مدد و تعاون کرنا۔
(تَحَلَّبَ) المائعُ مائع چیز کا بہنا۔ کہا جاتا ہے: "تحلّبَ العرقُ و تحلّبتْ عینُه و تحلّبَ فمُه"۔
(اِحْتَلَبَ) الشّاة و نحوها: بکری وغیرہ کا دودھ نکالنا۔
(اِسْتَحْلَبَ) القومُ مدد کے لئے جمع ہونا۔
-الشّئَ کسی چیز کا رس (جوہر) نکالنا۔
-الدّواءَ و نحوَهُ دوائی وغیرہ کا چوسنا۔
-اللبنَ دودھ نکالنا۔
-دمعَه آنسو نکالنا۔
-الصَّبِيْرَ بادل سے پانی لینا' بادل کے برسنے کی خواہش کرنا۔ حدیث میں ہے۔ (و نستحلِبُ الصَّبِيْرَ)۔
(اَلْاِحْلَابَةُ) وہ دودھ جو چراگاہ میں نکال کر اہل خانہ کی طرف بھیجا گیا ہو۔
(الحالِبُ) الحالبان وہ دو رگیں جو گردوں سے پیشاب کو مثانہ میں لاتی ہیں (ج) حَوَالِبُ۔
- حوالبُ البئرِ کنویں میں پانی کے دھارے۔
حوالب العیون الفوّارة ابلتے ہوئے دھارے۔
(الحِلَابُ) دودھ (۲) دودھ نکالنے کا برتن (ج) حُلُبٌ۔
(الحَلَبُ) دودھ۔
حَلَبُ العصیرِ شراب (۲) غیر متعینہ ٹیکس جیسے صدقہ وغیرہ جیسے هذا فی المسلمین وَحَلَبُ أَسْيَابِهِم۔
-داق فلانٌ حَلَبَ أمرِه اس نے اپنے کیے کا مزہ چکھ لیا۔
(اَلْحَلْبَاةُ) دودھ والی مادہ۔
نَاقَةٌ حلباةٌ رَكْبَاةٌ وہ اونٹنی جس کا دودھ دوہا جائے اور اس پر سوار ہوا جائے۔
(اَلْحَلْبَةُ) وہ گھوڑے جو دوڑ کے لئے مختلف اطراف سے جمع کئے جائیں (۲) گھوڑ دوڑ کا میدان (۳) کشتی یا کسی بازی کا اکھاڑہ (ج) حَلَائِبُ۔
-الحَلْبَتَان: صبح و شام۔
(اَلْحُلْبَةُ): ایک سبزی جو بطور سالن اور دوا استعمال ہوتی ہے' میتھی (ج) حُلَبٌ۔
(اَلْحَلَّابُ) گوالا' دودھ دوہنے والا۔
-یومٌ حَلَّابٌ نمناک دن۔
(الحَلُوبُ): دودھ والی مادہ (۲) جس کا دودھ نکال لیا گیا ہو۔
-هاجرةٌ حَلُوبٌ: پسینہ نکالنے والی دوپہر کی گرمی (ج) حُلُبٌ و حَلَائِبُ۔
(الحَلُوبَةُ) الحَلُوبُ (واحد جمع دونوں کے لئے ہے) (ج) حَلَائِبُ' حُلُبٌ۔
(اَلْحَلِيْبُ) دوہا ہوا دودھ (۲) کھجور کی شراب۔
-دمٌ حلیبٌ تازہ خون۔
(المَحْلَبُ) ایک پودا جس سے خوشبو تیار کی جاتی ہے (۲) شہد۔
(المِحْلَبُ) دودھ نکالنے کا برتن۔ (ج) مَحَالِبُ۔
(الحُلَابِسُ) شیر (۲) بہادر۔
(الحُلْبُسُ) الحُلَابِسُ (۲) کسی شے کا حریص جو اس سے جدا نہ ہوتا ہو۔
(حَلَتَ) الجلیدُ ـِ حَلْتًا برف گرنا۔
-الصوفَ چمڑے سے اون اکھاڑنا۔
-دَینَهُ قرض اتارنا۔
فلانًا کذا سَوْطًا کوڑے مارنا۔
(الحُلَاتَةُ) کھال سے چونٹتے ہوئے گری ہوئی اون۔
(الحَلْتِيْتُ) ہینگ' خاص قسم کا خوشبودار گوند جو دوا اور کھانے میں استعمال ہوتا ہے۔
(الحَلِيْتُ) پالا' رات کو گرنے والی شبنم جو جم جاتی ہے۔
(حَلَجَ) السّحابُ ـُ حَلْجًا بارش برسانا۔
القطنَ حَلْجًا و حِلَاجَةً روئی دھنکنا۔ هو محلوجٌ و حلیجٌ۔
الخُبْزَةَ روئی کو بیلن وغیرہ سے گول کرنا۔
(الحِلَاجَةُ): روئی دھنکنے کا پیشہ۔
(الحَلَّاجُ): روئی دھنکنے والا' کپڑوں میں روئی بھرنے والا' پنبہ۔
(الحَلُوجُ): چمکتا ہوا بادل۔
(المِحْلَاجُ): روئی دھنکنے کا آلہ (۲) بیلن جس سے روئی کو گول کیا جاتا ہے (۳) پھرتیلا گدھا (ج) مَحَالِجُ۔
(حَلْحَلَ) الشّئَ ہلانا' حرکت دے کر سرکانا۔
(تَحَلْحَلَ) ہلنا' سرکنا۔
(الحُلَاحِلُ) مکمل' حَوْلٌ حلاحلٌ (پورا سال) (۲) کنبہ کا سرپرست (۳) بہادر اور باوقار نشست والا (عورتوں کے لئے نہیں بولا جاتا) (ج) حَلَاحِلُ۔
(المُحَلْحَلُ) الحُلَاحِلُ۔
(حَلَزَ) الادیمَ وغیرہ ـُ حَلْزًا چھیلنا۔
(حَلِزَ) ـَ حَلَزًا دردمند ہونا۔
(اِحْتَلَزَ) حقَّه اپنا حق لینا۔
(تَحَلَّزَ) الشّئُ باقی رہنا۔
-القلبُ عند الحزنِ غم سے دل کا بے قرار ہو جانا۔
-فلانٌ للامرِ تیار ہونا۔
(الحَالِزُ) دردمند' کہا جاتا ہے 'قلبٌ حالزٌ و رَجلٌ حالزٌ'۔
(الحَلْزُ) بخل۔
(اَلْحَلِزُ) قَلْبٌ حَلِزٌ و کبدٌ حَلِزٌ زخمی دل یا زخمی جگر۔
(الحِلِزُّ) الو (واحد حِلِزَّةٌ) (۲) کوتاہ قد (۳) بخیل (۴) بداخلاق۔
(الحَلَزُوْنُ) سنکھ' گھونگا' ایک دریائی کیڑے کا سیپ نما سخت خول (۲) چوڑی دار سوراخ جس میں پیچ دار کیل گھومتی ہے۔
(اَلْحَلَزُوْنِيُّ) حلزون نما' پیچ دار (ج)
(حَلَسَتِ) السماءُ ـِ حَلْسًا مسلسل ہلکی بارش ہونا۔
-الدّابّةَ چوپائے پر ٹاٹ یا کوئی ٹاٹ نما چیز ڈالنا۔
(حَلِسَ) بالمکان و فیه ـَ حَلَسًا کسی جگہ کو

لازم پکڑنا۔
-فلانٌ مقابل کے سامنے ڈٹ جانا۔
-بالشیٔ دل دادہ ہونا۔ ہو حَلِسٌ وَحَلِسَۃٌ
ہو اَحلسُ وھی حلساءُ (ج) حُلْسٌ۔
(اَحْلَسَتِ) السماءُ حَلَسَتْ۔
- الارضُ: زمین کی پیداوار کا زمین کو چھپا دینا۔
-الدابّۃَ ٹاٹ وغیرہ سے ڈھانپنا۔
-فلاناً: کسی سے پکا وعدہ کرنا۔
-فلاناً فی البیعِ بیع میں کسی کو دھوکہ دینا۔
- فلاناً علی الامرِ: کسی کو کسی کام کے لئے تیار کرنا۔
(حَالَسَہ) کسی کے ساتھ لگے رہنا۔ کہا جاتا ہے ہو یحالسہ و یحالسُہ۔
(تَحَلَّسَ) لہ: چکر لگانا۔
-بالمکان: قیام پذیر ہونا۔
(استحلَسَتِ) الارضُ: سبزہ پوش ہونا۔ استحلس النبت بھی کہا جاتا ہے۔
-السنام: کوہان کی چربی کا تہ بہ تہ ہونا۔
-اللیلُ بالظلام: سخت تاریک ہونا۔
-الشیُٔ فلاناً: ساتھ لگے رہنا۔ کہا جاتا ہے "استحلسہ الخوف"۔
(الحَلْسُ) پکا وعدہ۔
(الحِلْسُ): وہ ٹاٹ یا دری وغیرہ جو اونٹ کے کجاوہ یا گھوڑے کی زین کے نیچے کمر۔ تک ہوئی ہو (۲) ٹاٹ یا دری یا بوریا وغیرہ جو زمین پر بچھانے کے بعد اس پر عمدہ سامان رکھا جاتا ہے۔
-ہو حلسُ بیتہ: وہ گھر سے نہیں نکلتا۔
-ہو من اَحلاس البلادِ: وہ کبھی ملک سے نہیں نکلتا۔
-ہو من اَحلاس الخیل: وہ ہمیشہ گھوڑوں میں مشغول رہتا ہے۔
-رَفَضْتُ کذا و نفضتُ اَحلاسَہ: میں نے اسے چھوڑ دیا اور فراموش کر دیا (۲) جوے کے تیروں سے میں چوتھا تیر جس کے نام پر چار حصے ہوتے ہیں۔ (۳) پختہ عہد (ج) اَحلاسٌ و حُلُوسٌ و حِلَسَۃٌ۔
-ھذا لیس من احلاس فلان: وہ اس کا ہم پایہ نہیں۔
-ام حِلْس: گدھی کی کنیت۔
(الحَلُوسُ) کسی چیز کا لالچی اور اس سے لگے رہنے والا (ج) حُلُسٌ۔
(الحُلَیْسُ) ام حُلَیس: گدھی کی کنیت۔
(حَلَطَ) ـُـ حَلْطًا: غصہ ہونا (۲) اصرار کے ساتھ قسم کھانا۔
-فی الامر: جلدی کرنا۔
(اَحْلَطَ): حَلَطَ (۲) ہلاکت گاہ میں اترنا۔
-بالمکان: مقیم ہونا۔
-فُلانًا: ناراض کرنا۔
(احتلطَ) علیہ: ناراض کرنا۔
-منہ: تنگ آ جانا۔
(حَلَفَ) ـِـ حَلِفًا و حَلْفًا و مَحْلُوفًا و مَحْلُوفَۃً: قسم کھانا، حلف اٹھانا۔ ہو حالفٌ وحلّافٌ و حَلّافَۃٌ وھی حالفۃ وحلّافۃ۔
(حَلُفَ) الشیُٔ ـُـ حَلافَۃً: تیز اور دھار دار ہونا۔
حَلُفَ السیفُ والنصلُ اور حلُف اللسانُ بھی کہا جاتا ہے ہو حَلِیْفٌ۔
(اَحْلَفَتِ) الْاَرضُ: زمین میں ایک نوکیلی بوٹی کا اگنا۔
-الحلفاءُ: بوٹی کا پک جانا۔
-الشیُٔ: کسی شی کا مشکوک یا مختلف فیہ ہونے کی بنا پر قابل حلف ہونا۔
-فُلانًا: کسی سے قسم اٹھوانا۔
(حَالَفَہ) مُحالَفَۃً و حِلافًا: معاہدہ کرنا۔
-حالف بینھما اتفاق کرنا۔
(حَلَّفَہ) قسم اٹھوانا۔
(تَحَالَفُوا) باہم معاہدہ کرنا۔
(اِسْتَحْلَفَہٗ) حلف اٹھوانا۔
(اَلْحَلَفُ): نوک دار پتوں والی بوٹی جیسے کھجور کے پتوں کی نوک ہوتی ہے۔
(الحِلْفُ) باہمی اتحاد و تعاون کا معاہدہ (ج) اَحلافٌ (۲) اتفاق۔
(الحَلْفَاءُ) ایک نوک دار پتوں والی بوٹی (واحد جمع دونوں کے لئے آتا ہے) واحد حَلْفَاۃٌ (۲) بہت شور مچانے والی باندی۔ (ج) حُلُفٌ و حُلُفٌ۔
(الحَلِیفَۃُ) وہ زمین جس میں حلفاء بوٹی پیدا ہوتی ہے (۲) بہت حلفاء والی زمین۔
(الحلّافُ) بہت قسمیں کھانے والا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِينٍ﴾۔
(الْحَلِیْفُ) مدد کا معاہدہ کرنے والا۔ (ج) اَحلاف، حُلَفاء- ساتھ ساتھ رہنے والا (۳) لازم پکڑنے والا۔
کہا جاتا ہے فلانٌ حلیف الجود و حلیفُ الفصَاحۃ، ہو حلیف اللسان۔ تیز زبان۔
(الْحُلْفُق) ریلنگ۔
(حَلَقَ) الضَّرعُ ـُـ حُلُوقًا دودھ کی کمی سے تھنوں کا سکڑ جانا۔
-حلَق لبنُ الضَّرعِ دودھ تھن میں ختم ہو گیا یا کم ہو گیا۔
-فلانًا ـُـ حَلْقًا: گلے پر لگانا یا گلے پر مارنا۔
-حلقہ الداءُ: حلق میں تکلیف ہونا۔
-الاناءَ و نحوہ برتن وغیرہ کو لبالب کر دینا۔
-الشیَٔ ـِـ حَلْقًا و تحلاقًا و حِلاقًا و حِلاقَۃ: چھیلنا، چھلکا اتارنا۔
-راسَہ: سر کے بال اتارنا سر مونڈنا۔ ہو محلوق و حلیق۔
-حلقت الماشیۃُ النباتَ: نبات کو کھا جانا صفایا کر دینا۔
-حَلَقَ القومُ اَعْدَاءَ ہم فنا کر ڈالنا۔
-حَلَقَتْہم حَلاقِ مصیبت نے ان کو ہلاک کر ڈالا۔
(اَحْلَقَ) الاناءَ و نحوہ برتن کو لبالب بھر دینا۔
(حَلَّقَ) القمرُ چاند کے گرد ہالہ بننا۔
-حَلَّقَ علی اسم فلان اس کے گرد حلقہ بنا لیا یوں اس کے رزق کو ختم کر دیا۔

-الاناءُ و نحوه: برتن کا لبالب بھرنا۔
-البُسْرُ: کھجور کے دوتہائی حصہ کا پک جانا۔
-الضَّرعُ: تھن کا دودھ سے بھر کر پھول جانا۔
-الطائرُ: پرندے کا منڈلانا۔
-النجمُ: ستارہ کا بلند ہونا۔
-حَلَّق ببصره الى كذا: نگاہ گھما کر دیکھنا۔
- بالشیٔ الی فلان: کسی کے پاس کوئی چیز پھینکنا۔
- ماءُ البئر: کنویں کا پانی کم ہو جانا یا ختم ہو جانا۔
-عینُ البَعِیر: اونٹ کی آنکھ کا دھنس جانا۔
-الشَّعْرَ: بالوں کو اچھی طرح مونڈنا۔
-الشیٔ: گول یا دائرہ نما بنانا۔
-حلقة: دائرہ گھمانا۔
-الدّابة: چوپائے پر بطور نشان حلقہ ڈالنا۔
(احتلق) الرّجلُ: بال صاف کرنا۔
-الشیٔ: دائرہ بنانا۔
-السَّنَةُ المَاشِيَةَ: قحط کا مویشی کو ہلاک کرنا۔
(تَحلَّق) القومُ: حلقہ بنا کر بیٹھنا۔
-القمرُ: چاند کے گرد دائرہ بنانا۔
(تَحلاقِ) يومُ تَحلاقِ اللِّمَمِ: حرب بسوس میں بنی بکر پر تغلب کے غلبہ کا دن (ان لوگوں کا شعار سروں کو مونڈنا تھا)
(الحَالِقُ) بلند و بالا جگہ (۲) زمین و آسمان کے درمیان کا خلا (ج) حُلَّق و حوالِق۔
-هوىٰ من حالقٍ: وہ ہلاک ہو گیا۔ (۳) انگور وغیرہ کی بیل کی شاخیں جو سلاخوں پر لٹکی ہوئی ہوں (۴) تیز و پھرتیلا اور ہلکا۔
من الرِّجال: منحوس آدمی۔
من السُّیوف و نحوها: تیز دھار دار۔
(الحالِقَةُ) قطع رحم (۲) باہمی ظلم (۳) بری بات (۴) عام قحط جو ہر چیز کو تباہ کر ڈالے (۵) موت۔
(الحَالُوقُ) موت۔
(الحَالُوقة) منحوس آدمی یا تیز تلوار۔
(حَلاقِ) موت کا علم ہے (اور حالقہ سے معدول ہے)۔

(الحُلاقُ): حلق کا درد۔
(الحِلاق) حجامت۔
-رأسٌ جيدُ الحلاق بھی کہا جاتا ہے (۲) حلقہ کی جمع ہے۔
(الحُلاقَةُ): سر کے اُترتے ہوئے بال۔
(الحِلاقَةُ): نائی کا پیشہ۔
(الحَلْقُ): وہ نالی جس سے کھانا پانی نیچے اترتا ہے۔ (ج) أحلاقٌ و حُلوقٌ، حُلُق۔
-حُروفُ الحلق: وہ حروف جو تلفظ کے وقت حلق سے نکلتے ہیں۔ وہ ہمزہ، ہا، عین، حاء، غین اور خاء ہیں (۲) پانی بہنے کی نالی۔ (۳) برتن کی نالی (۴) تنگ راستہ (۵) وادی۔
(الحَلَقُ): وہ اونٹ جن پر بطور علامت حلقہ نما داغ لگائے گئے ہوں (۲) کان کی بالیاں۔ (محدثة)۔
(الحَلْقَةُ): دائرہ، چھلا جیسے: حَلْقَةُ الباب والذّهب والفضة (۲) لوگوں کی جماعت (۳) مجلس علم۔
-تلقّى العلمَ فى حَلْقَةِ فلان: فلاں کی مجلس میں علم حاصل کیا۔
-حَلْقَتَا الرَّحِم: رحم کے دو سوراخ۔
-حَلْقَةُ الماشِيَةِ: حلقہ نما داغ کا نشان۔
حلقة الباب: دروازہ کھٹکھٹانے کی زنجیر یا کڑا۔
-وَفَيْتُ حَلْقَةَ الحَوضِ: حوض کو بھرنے کی حد تک پہنچا دیا۔
انتزع حَلْقَةَ فلان: کسی پر سبقت لے جانا (ج) حَلَقٌ، حِلَقٌ و حِلاقٌ۔
بَنَوْا بيوتَهم حِلاقًا: انہوں نے اس طرح لائن میں مکان بنائے کہ وہ حلقہ دکھائی دینے لگے۔
(الحَلْقَةُ) عام ہتھیار (۲) زرہ۔
(الحَلاّقُ) حجام۔ بہت زیادہ بال کاٹنے والا۔
(المِحلاق) من الكرم و نحوه: انگور وغیرہ کی بیل جو بانس کی ڈنڈیوں پر لٹکی ہو۔ (ج) مَحَالِقُ، مَحاليقُ۔

(المِحلَقُ): استرہ (۲) کھردری چادر یا کمبل۔ گویا کہ اپنے کھردرے پن سے سر کے بال اتار رہی ہے۔
(المَحْلَقُ): منیٰ میں حج کے ایام میں بال اتارنے کی جگہ۔
(المُحلِقُ): دبلی بکری۔
(حَلْقَمَ) البُسْرُ: کھجور کا دوتہائی پک جانا۔
(الحیوانَ): ذبح کرنا۔
(الحُلْقامةُ): وہ کھجور جو پکنا شروع ہو گئی ہو۔
-البُسْرةُ: کھجور کا دو تہائی پک جانا۔ (ج) حُلْقَام۔
(الحُلْقُومُ): گلا، کھانا پانی نگلنے کی نالی۔ (ج) حَلاقِمُ و حلاقیم۔
-حلاقيم البلاد: اطراف و جوانب۔
(حُلْقِنَ) البُسْرُ: گدر کھجور کا پک جانا۔
(الحُلْقانَةُ): الحُلْقامة (ج) حُلْقانٌ۔
(حَلِكَ) - حَلَكًا و حُلُكَةً: بے حد سیاہ ہونا۔ هو حَلِكٌ و حالِكٌ وهى حَلِكَةٌ و حالِكَةٌ۔
(اسْتَحْلَكَ): کوئلہ جیسا کالا ہونا۔
(احلولَكَ) استَحلَكَ۔
(الحَلَكُ): گھٹا ٹوپ اندھیرا۔
(الحُلْكَةُ): الحَلَكُ۔
(حَلَّ) الشیٔ - حَلالًا: جائز و مباح ہونا هو حِلٌّ و حَلالٌ۔
-المرأةُ: عورت سے شادی جائز ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: ﴿فَإِن طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِن بَعْدُ حَتَّىٰ تَنكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ﴾۔
-المُحْرِمُ: محرم کے لئے بحالت احرام حرام ہونے والی چیزوں کا جائز ہو جانا۔ قرآن حمید میں ہے ﴿وَإِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوا﴾۔
-الدَّيْنُ حُلُولًا: قرض کا واجب الاداء ہونا۔
-غَضَبُ اللهِ على الناس: الله کا غضب نازل ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبِي وَمَن يَحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِي فَقَدْ هَوَىٰ﴾۔
- العقدةَ - حَلًّا: گرہ کھولنا اور حَلَّ

-المشکِلة و نحوها بھی کہا جاتا ہے۔
-الجامدَ: منجمد شئی کو پگھلانا۔
-الکلامَ المَنْظُومَ: منظوم کلام کو نثر میں تبدیل کرنا۔
المکانَ و بہ ۔ حُلُولاً: قیام کرنا۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿اَوْ تَحُلُّ قَرِیبًا مِّنْ دَارِهِمْ﴾ اور کہا جاتا ہے "حَلَلْتُ القومَ و حللتُ بھم اور حللتُ علیھم۔
-البَیْتَ: رہائش اختیار کرنا۔ ھو حالٌّ (ج) حَلول، حُلاَّل، حُلَّلٌ۔
(حَلَّ) البَعیرُ ۔ حَلَلاً: ڈھیلا اور سست ہونا۔ ھو اَحَلُّ وھی حَلاَّءُ (ج) حُلٌّ۔
(اَحَلَّ): احرام سے باہر ہونا اور ممنوعات احرام کا جائز ہونا (۲) بری الذمہ ہونا۔
- فلانٌ: حرم کو تجاوز کرنا۔
-فلاناً المَکانَ و بہ: مقیم کرانا۔
قرآن پاک میں ہے: ﴿الَّذِی اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ﴾۔
-(حالّہ): کسی کے ساتھ مقیم ہونا۔
(حلَّل) العُقْدَةَ: گرہ کھولنا۔
-الشئیَ: تجزیہ کرنا۔ کسی شئی کو اصل کی طرف لوٹانا۔ حَلَّلَ الدَّمَ اور حَلَّلَ البولَ بھی کہا جاتا ہے۔
-حَلَّلَ نَفْسِیَّةَ فُلانٍ: کسی کے احساسات کا جائزہ لینا (محدثة)۔
-الیَمِیْنَ تحلیلاً، تِحِلَّةً و تَحِلاًّ: قسم کو کفارہ دیکر درست کرنا یا الفاظ قسم میں استثناء فعل استعمال کر کے قسم کو حلال کرنا۔ جیسے یوں کہے: واللہ لَاَفعَلَنَّ ذٰلِكَ اِلاَّ اَنْ یکونَ کذا۔
- فعل کذا تحلیلاً: جب اس نے زیادہ مبالغہ آرائی نہ کی ہو۔
-الشئیَ: حلال کرنا۔
(احتَلَّ) المکانَ و بہ: مقیم ہونا۔
-احتَلَّ القومَ و بھم بھی کہا جاتا ہے۔
-دولةٌ بلادَ اُخری (محدثة)۔ ایک ملک کا دوسرے پر زبردستی قبضہ کرنا۔
(انحَلَّتِ) العُقدةُ: گرہ کا ڈھیلا ہونا۔

(تَحَلَّلَ) من یمینه و فیھا: قسم پوری کرنا۔
-تحلَّلَ من التبعة: بری الذمہ ہونا۔
(اسْتَحَلَّ) الشئیَ: کوئی چیز حلال سمجھنا۔
-فُلاناً الشئیَ: کسی سے کوئی چیز حلال کرانا۔
(الاِحْتِلاَلُ): بالجبر قبضہ۔ فوجی قبضہ (محدثة)۔
(الإحلیل): پیشاب نکلنے کا سوراخ۔ (۲) تھن یا پستان سے دودھ نکلنے کا سوراخ (ج) اَحالیل۔
(التَّحِلَّةُ): قسم کا کفارہ۔ فرقان حمید میں ہے: ﴿قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ اَیْمَانِكُمْ﴾۔
(التَّحْلِیْلُ): کلام یا جملہ کے اجزاء ترکیب اصلیہ کی وضاحت۔
-تحلیلُ الجملة: جملہ کی ترکیب۔
(التَّحْلِیْلُ النَّفْسَانِیُّ): علم النفس میں عقل باطن کی خواہشات و کیفیات کو برائے علاج جاننا۔
(الحَلاَلُ): جائز۔
(الحِلاَلُ): عورتوں کی ایک سواری۔
(الحَلَلُ): چوپائے کے پیروں کا ڈھیلا پن اور پٹھوں کی کمزوری (۲) گھٹنوں کا درد۔
(الحِلُّ) جائز (۲) حرم کے اردگرد کی زمین (۳) نشانہ (۴) مقیم۔ قرآن عزیز میں ہے: ﴿لَا اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ وَاَنْتَ حِلٌّ بِهٰذَا الْبَلَدِ﴾ (۵) ممنوعات احرام سے حلال ہونا یا جو محرم نہ ہو۔
(الحَلُّ): تلوں کا تیل۔
(الحُلاَّنُ): بکری کا بچہ (۲) ہر وہ شئی جس کو اس کی اصل پھاڑ کر نکالا جائے۔
-حُلاَّنَ الیَمِیْنِ: کفارہ قسم۔
-دَمٌ حُلاَّنٌ: خراب خون۔
(الحَلَّةُ): بانس وغیرہ کی ٹوکری جس میں اشیاء خوردونوش رکھی جاتی ہیں (۲) دیگچی جس میں کھانا پکایا جاتا ہے۔ (محدثة) (۳) گھٹنوں کا درد (ج) حِلَلٌ۔
(الحِلَّةُ): محلہ (۲) لوگوں کی نشست گاہ (۳) لوگوں کی قیام گاہ (۴) ایک خاردار درخت جسے اونٹ کھا لے تو اس کا دودھ آسانی سے نکلتا ہے (ج) حِلالٌ و اَحِلَّة۔
(الحُلَّةُ): موٹے یا پتلے نئے اور اچھے کپڑے۔ (۲) استر لگا ہوا جوڑا (۳) ایک ہی قسم کے دو کپڑے (۳) تین کپڑوں کا مجموعہ۔ کبھی اس کا اطلاق قمیص، ازار اور چادر پر بھی ہوتا ہے۔ (۴) عورت (۵) ہتھیار (ج) حُلَلٌ، حِلاَلٌ۔
(الحُلُوْلُ) دو جسموں کا اس طرح ایک ہو جانا کہ اگر ایک کی طرف اشارہ کیا جائے تو دوسرے کی طرف بھی ہو جائے۔
(مذھب الحُلول): قول صوفیاء" کہ اللہ ہر چیز میں حلول کئے ہوئے ہے۔"
(الحُلُولِیَّہ) صوفیا کی ایک جماعت جو حلول کا عقیدہ رکھتی ہے (برخلاف اہل سنت)۔
(الحَلِیْلُ): حرام کی ضد (حلال) (۲) پڑوسی۔
-حلیل الرَّجُلِ: بیوی۔
-حلیل المراۃِ: خاوند۔
(الحَلِیْلَةُ): بیوی (۲) پڑوسن (ج) حَلاَئِلُ۔
(المِحْلاَلُ) مکان مِحْلاَلٌ: بہت آمدورفت کی جگہ۔
(المَحَلُّ): مصدر میمی (۲) جہاں قیام کیا جائے (ج) مَحَالُّ۔
-مَحَلُّ الاِعْرَاب (علم نحو میں) وہ اعراب جس کا لفظ معرب ہونے کی صورت میں مستحق ہوتا ہے۔
(المَحِلُّ) وہ جگہ جہاں قیام کیا جائے۔
-مَحِلُّ الدَّیْنِ: قرض کی میعاد۔
مَحِلُّ الهَدْیِ: منیٰ میں یوم نحر۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿لَا تَحْلِقُوا رُءُوسَكُمْ حَتّٰی یَبْلُغَ الْهَدْیُ مَحِلَّهٗ﴾۔
(المُحَلَّلُ) تھوڑی چیز (۲) وہ جگہ جہاں لوگ بکثرت قیام کرتے ہیں۔
-مکانٌ مُحَلَّلٌ: بکثرت آمدورفت کی جگہ۔
(المحلِّلُ): تین طلاق والی عورت کو پہلے خاوند کے لئے حلال کرنے کے لئے شادی

کرنا' حلالہ کرنے والا حدیث میں ہے: (لَعَنَ اللهُ المُحَلِّلَ و المُحَلَّلَ لَه)۔

(المَحَلَّةُ) محلہ جہاں بہت سے لوگ رہائش پذیر ہوں (ج) مَحَالٌ۔

(المُحِلَّةُ) تَلْعَةٌ مُحِلَّة وہ ٹیلہ جہاں ایک یا دو مکان ہوں۔

(المُحِلاَّتُ) دیگچی (۲) چکی (۳) ڈول (۴) مشکیزہ (۵) بادیہ بڑا پیالہ (۶) چھری (۷) کلہاڑی (۸) چقماق۔ ان کو محلات اس لئے کہا جاتا تھا کیونکہ یہ آدمی کو لوگوں سے مستغنی بنا کر قیام کراتی تھیں۔

(حَلَم)۔ُ حُلْمًا و حُلُمًا خواب دیکھنا۔

-الصَّبِیُّ بچہ کا بالغ ہونا۔

-به و عنه: کسی کے بارے میں خواب دیکھنا۔

-الشیٔ وبه نیند میں کوئی چیز دیکھنا۔

-الجِلْدَ حَلْمًا چمڑے سے چیچڑی الگ کرنا۔

(حَلِمَ) البعیرُ ـَ حَلَمًا: اونٹ کے جسم پر چیچڑیوں کی کثرت ہونا۔

-الجلدُ چمڑے میں کیڑے پڑ کر خراب ہونا۔

(حَلُمَ)۔ُ حِلْمًا بردبار ہونا یعنی ناگواری اور غصہ کے اظہار پر قدرت کے باوجود ہونا (۲) دوراندیش ہونا (۳) دانش مند ہونا۔

(أَحْلَمَ) بردبار دانش مند اولاد والا ہونا۔

(حَلَّمَه) الرضاعُ و الأكلُ دودھ و کھانے کا بچہ کو موٹا کر دینا۔

-حَلَّمَ القِرْبَةَ مشکیزہ کو پانی سے بھرنا۔

-فُلاَنًا بردبار بنانا۔

-الحَیْوانَ جانور کے جسم سے چیچڑیاں نوچنا۔

(اِحْتَلَمَ) بردبار ہونا۔

الصبیُّ بالغ ہونا۔

(تَحَالَمَ) ایک دوسرے کے لئے تحمل کا اظہار کرنا۔

(تَحَلَّمَ) بردبار بننا یا کوشش کرنا (۲) خواب گھڑ کر بیان کرنا۔

(التِّحْلِمَةُ) شاةٌ تِحْلِمَةٌ بہت چیچڑیوں والی بکری (ج) تَحَالِمُ۔

(الحَالُوْمُ) تازہ پنیر کی طرح گاڑھا دودھ۔

(الحُلاَّمُ): چھوٹی بھیڑ بکری۔

-دَمٌ حُلاَّمٌ: بے کار خون جس کا بدلہ نہ لیا جائے۔

(الحَلَمُ): چیچڑی بڑی یا چھوٹی۔

(الحُلُمُ): خواب (ج) أَحْلاَمٌ۔

(الحِلْمُ): صبر و تحمل (۲) عقل و خرد۔ کتاب اللہ میں ہے: ﴿أَمْ تَأْمُرُهُمْ أَحْلاَمُهُمْ بِهٰذَا﴾۔

-نصیحت سے عبرت حاصل کرنے والے اور تنبیہ پر متنبہ ہونے والے کے لئے کہا جاتا ہے "إِنَّ العَصَا قُرِعَتْ لِذِي الحِلْمِ"۔

-بے حقیقت امیدوں کے لئے کہا جاتا ہے" أَحْلاَمُ نَائِمٍ"

(الحَلَمَةُ): چھوٹی یا بڑی چیچڑی (۲) چمڑے کو لگنے والا کیڑا جس سے دباغت کے وقت چمڑا پھٹ جاتا ہے (۳) سرپستان بھٹنی کی نوک جس سے دودھ نکلتا ہے (۴) خاص قسم کا پودا (ج) حَلَمٌ۔

(حَلاَ) الشیٔ ـُ حَلاَوَةً: میٹھا شیریں ہونا۔

-حَلَتِ الفاكهةُ: پھل کا پک جانا یا میٹھا ہو جانا۔

-الشیٔ فی عَيْنِه: بھلا لگنا' اچھا معلوم ہونا۔ هو حُلْوٌ۔

-من فُلان بخَيْرٍ: کسی سے اچھی چیز پانا۔

-المرأةَ حُلْوًا زیور دینا۔

-فلانًا الشیٔ وبالشیٔ حَلْوًا کوئی چیز دینا۔

(حَلِيَ) من فُلانٍ بِخَيْرٍ ـَ حَلًى: اچھی چیز پانا۔

الشیٔ میٹھا سمجھنا۔

(أَحْلَى) الشیٔ میٹھا بنانا (۲) میٹھا پانا۔

-المکان کسی جگہ کو اچھا پا کر قیام کرنا۔

(حَالاَهُ) خوش طبعی کرنا۔

(حَلَّى) الطعامَ وغیرہ مزیدار یا میٹھا بنانا۔

حَلَّى الشیٔ فی عینه بھی کہتے ہیں۔

(تَحَالَى) خوش طبعی یا مٹھاس کا اظہار کرنا۔

(تَحَلَّى) بما لیس فیه کسی بات کا اظہار دعویٰ کرنا۔

-الشیٔ میٹھا پانا یا سمجھنا۔

(اِسْتَحْلَى) الشیٔ میٹھا محسوس کرنا۔

(اِحْلَوْلَى) الشیٔ میٹھا اور اچھا ہونا۔

-الجاريةُ کنیز کا اچھا لگنا۔

-احلَوْلَى فلانٌ الجاريةَ کنیز کو پسند کرنا۔

-الشیٔ: پسند کرنا لطف اندوز ہونا۔

(الحَلَى) بچوں کے منہ میں نکلنے والے دانے۔

حَلاَوَةُ القَفَا گدی کا بیچ۔

(الحَلْوَاءُ) مٹھائی (ج) حلاوی۔

(الحَلْوَى) ہر وہ چیز جو شکر اور گھی میں پکائی جائے (۲) میٹھا پھل۔

(الحُلْوَانُ) دلال کی اجرت (۲) نذرانہ یا رشوت۔

(الحَلْوَانِيُّ) مٹھائی فروش۔

(الحُلْوُ): میٹھا لذیذ۔

(الحَلِيُّ) من الأشياءِ: بہت عمدہ و میٹھی شے۔

(المَحْلَى): مٹھائی کا کارخانہ یا دوکان۔

(حَلَى) المرأةَ ـِ حَلْيًا: عورت کے لئے زیور بنانا۔

-المرأةَ والسيفَ و غيرهما. زیور سے سجانا۔

(حَلِيَتِ) الجاريةُ ـَ حَلْيًا زیور والی ہونا (۲) زیور پہننا (۳) زیور کو کام میں لانا هی حَالٍ (ج) حَوَالٍ هی حالية (ج) حَوَالٍ و حاليات۔

-لم يَحْلَ مِنه بِطائِلٍ ج: اس نے اس سے کوئی فائدہ نہ اٹھایا۔

-الشجرةُ بار آور پتوں والا ہونا۔

(حَلَّى) الجاريةَ لڑکی کے پہننے کے لئے زیور بنانا۔ (۲) زیور پہنانا۔ قرآن پاک میں ہے ﴿يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ﴾۔

-السيفَ تلوار کو آراستہ کرنا۔

-فلانًا کسی کی خوبیوں کو بیان کرنا۔

-الشیٔ فی عین فلان کسی کی نگاہ میں کسی شی کو خوبصورت بنانا۔

(تَحَلَّى) آراستہ و مزین ہونا۔

-الجاريةُ زیور پہننا۔

-بِالفَضِیْلَةِ اعلیٰ کردار کا حامل ہونا۔
(الحَلَی) بچے کے منہ میں نکلنے والی پھنسیاں۔
(الحَلَدَۃُ) حَلدةُ السَّیفِ تلوار کا زیور۔
(الْحَلْیُ) سجاوٹ کا سامان معدنیات اور پتھر کے لئے۔
-مِنَ السیفِ تلوار کو زیب و زینت۔ (ج) حُلِیٌّ: قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰی مِنْ بَعْدِهٖ مِنْ حُلِیِّهِمْ عِجْلاً جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ﴾۔
(الحِلْیَةُ): الحَلْی: (۲) زیور۔
-من السیف: تلوار کی زیبائش۔
- من الرجل: آدمی کا حلیہ شکل و صورت (ج) حِلًی۔

ح .... م

(حَمَأَ) البئرَ ـَ حَمْئًا: کنویں سے کیچڑ نکالنا۔
(حَمِئَ) الماءُ ـَ حَمَأً: کنویں میں کیچڑ زیادہ ہونا اور پانی کا گدلا اور بدبودار ہونا۔
-فلانٌ علی فُلانٍ: ناراض ہونا۔ (ھو حَمِیٌّ والعَیْنُ حَمِئَةٌ) قرآن مجید میں ہے ﴿حَتّٰی إِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِی عَیْنٍ حَمِئَةٍ﴾۔
(أَحْمَأَ) البئرَ: کنواں صاف کرنا (۲) کنویں میں کیچڑ ڈالنا (ضد)۔
(الْحَمَأُ): کالی بدبودار مٹی گاد۔ قرآن پاک میں ہے: ﴿وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِنْ حَمَإٍ مَسْنُونٍ﴾۔
(الحَمْأَةُ): سڑی ہوئی کالی مٹی۔
(الحَمِیُّ): کہا جاتا ہے رجلٌ حمیُّ العین: وہ آدمی جس کی آنکھ میں سخت تکلیف ہو۔
(حَمَتَہٗ) اللّٰہُ علیه ـِ حَمْتًا: کسی پر کوئی چیز مسلط کرنا یا ڈالنا۔
(حَمِتَ) الجَوْزُ وغیرہ ـَ حَمْتًا: اخروٹ وغیرہ کا خراب ہونا۔
-التمرُ: کھجور کا خوب میٹھا ہونا ھو حَمِتٌ۔
(حَمُتَ) الیومُ ـُ حُمُوتَةً: دن کا انتہائی گرم ہونا۔ حَمُتَ غَضَبُهٗ بھی کہا جاتا ہے۔

-التمرُ: کھجور کا خوب میٹھا ہونا۔
-الشیُٔ: عمدہ ہونا اور پختہ ہونا۔ ھو حَمْتٌ حَمِیتٌ و حامِتٌ۔
(تَحَمَّتَ) لونُه: رنگ کا خالص ہونا۔
(الحَمِیتُ). ہر وہ چیز جس میں صفت شدت ہو۔ (۲) وہ مشکی جس میں شہد گھی یا تیل رکھا جائے' مرتبان۔ (ج) حُمُتٌ۔
(حَمْحَمَ) الفرسُ والبِرْذَوْنُ. گھوڑے کا درمیانی آواز سے ہنہنانا۔
(تَحَمْحَمَ) الفرسُ والبرذَوْنُ: ہنہنانا۔
-الشیُٔ: سیاہ ہونا۔
(الحَمَاحِمُ). چوڑے پتے کا پودینہ۔
(الحُمَاحِمُ): سیاہ رنگ۔
لونُه حُماحِمیٌّ بھی کہا جاتا ہے۔
(الحِمْحِمُ): ہر سیاہ چیز (۲) ایک پھول دار پودا۔
(حَمِدَہٗ) ـَ حَمْدًا: تعریف کرنا۔
-فلانًا: شکریہ ادا کرنا۔
-الشیَٔ: دل خوش ہونا' راضی ہونا۔
أَحْمَدُ إِلَیْكَ اللّٰہَ: میں تمہارے ساتھ اللہ کی نعمت کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔
(أَحْمَدَ) الرجلُ وغیرہ: قابل تعریف ہونا (۲) قابل تعریف کام کرنا۔
- الرَّجُلَ وغیرَہٗ: قابل تعریف پانا' خوش ہونا۔
-فلانًا: کسی کے فعل یا طریقے سے خوش یا راضی ہونا۔
(حَمَّدَ) فُلانًا: بار بار تعریف کرنا۔
(تَحَمَّدَ): ظاہری تعریف کرنا۔
-علی فُلانٍ بکذا: کسی پر کسی بات کا احسان جتانا۔
- فُلانٌ النَّاسَ و إلیهم بصَنِیعِهٖ: کسی کا لوگوں پر ظاہر کرنا کہ وہ اپنے فعل پر مستحق تعریف ہے۔
(تَحَامَدُوْا): ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔
تَحَامَدُوا الشیَٔ: ایک دوسرے سے کسی شی کے قابل تعریف ہونے کو بیان کرنا۔

(اِسْتَحْمَدَ) إلی النَّاسِ بإحسانِہٖ إلیهم لوگوں سے ان پر اپنے احسان کی تعریف کرانا۔
(حَمَادِ) لَه: "مبنی علی الکسرۃ"۔ اس کا شکریہ ہے۔
(حُمَادَی). حُمَاداكَ أَنْ تَفعَلَ كَذا تمہاری انتہائی قابل ستائش کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔
(الحَمْدُ). حسن فعل کی تعریف۔ بطور صفت بھی استعمال ہوتا ہے جیسے رجُلٌ حَمْدٌ' امْرَأةٌ حَمْدٌ و حَمْدَةٌ و مَنْزِلٌ وَ مَنْزِلَةٌ حَمْدٌ (حَمْدٌ بمعنی محمود اور حمدةٌ بمعنی محمودة ہے)۔
-حَمْدُكَ أن تَفْعَلَ كَذا: تم زیادہ سے زیادہ قابل ستائش یہ کام کر سکتے ہو۔
(الحُمَدَۃُ): مبالغہ آمیز تعریف کرنا۔
-رَجُلٌ حُمَدَةٌ وہ آدمی جو اشیاء کی حد سے زیادہ تعریف کرتا ہو۔
(الْمَحْمَدَۃُ). قابل تعریف کام' کارنامہ (ج) مَحَامِد۔
(حَمْدَلَ) الحمد للہ کہنا۔ (منحوت من الجُمْلَةِ)۔
(حَمَرَ) الشیَٔ ـُ حَمْرًا. کھال یا چھلکا اتارنا۔ ھو مَحْمُورٌ و حَمِیرٌ۔
کہا جاتا ہے "حَمَرَ الْأَرْضَ اور حَمَرَ السَّیْرَ مِنَ الجِلْدِ"۔
-الرأسَ والشَّعْرَ و الصُّوفَ والوَبَرَ بال یا اون اتارنا' مونڈنا۔
- الشاۃَ وَ نَحْوَهَا: بکری وغیرہ کی کھال اتارنا۔
(حَمِرَ) الفَرَسُ و نَحْوُہٗ ـَ حَمَرًا. گھوڑے وغیرہ کو زیادہ جو کھانے سے بدہضمی ہونا' (۲) بدبودار منہ والا ہونا۔
-الدَّابَّةُ: چوپائے کا موٹاپے سے ناسمجھی میں گدھے جیسا ہو جانا۔
-فُلانٌ: غصہ سے آگ بگولا ہو جانا۔
حَمِرَ علیه بھی کہا جاتا ہے ھو حَمِرٌ۔
(أَحْمَرَ) الرجلُ سرخ بچوں والا ہونا۔
-الدَّابَّةَ: اتنا چارہ کھلانا کہ منہ میں بدبو پیدا ہو

جائے۔
(حَمَّرَ) حمیری زبان بولنا (حمیری زبان عربی زبان سے بہت سے الفاظ میں مختلف ہے) (۲) مخلوط النسل گھوڑے (ٹٹو) پر سوار ہونا۔
-فلاناً کسی کو گدھا کہہ کر پکارنا۔
-اللَّحْمَ گھی یا تیل میں گوشت کو تل کر سرخ کر دینا۔(محدثة)۔
(احمارَّ) الشیئُ: بتدریج سرخ ہوجانا۔
کہا جاتا ہے ''جَعَلَه یَحْمَارُّ تَارَةً وَیَصْفَارُّ اُخْرٰی''۔
(احْمَرَّ) سرخ ہوجانا۔
(۲) غصہ سخت ہوجانا۔
(الأحْمَرُ) سرخ رنگ کا (۲) سونا (۳) زعفران۔ (ج) حُمْرٌ، حُمْرَانٌ، اَحَامِرُ، احامِرۃ۔
اتانی کُلُّ اسودَ مِنهُمْ واحْمَرَ میرے پاس عرب وعجم سب لوگ آئے۔
الموت الاحْمَرُ قتل (۲) سخت قسم کی موت۔
(الأحمران) سونا اور زعفران (۲) گوشت، شراب (۳) روٹی، گوشت۔
(الاُحَیْمِرُ) احمرَ کی تصغیر۔تھوڑا سا سرخ (۲) سخت ہوا جو کشتیوں کو غرق کردے۔
(الحامِرُ) گدھے، گدھوں والا (علی النسب)۔(۲) مچھلیوں کی ایک قسم کا نام۔
(الحَامِرَۃ) گدھوں والے۔
(الحِمَارُ) گدھا (۲) وہ لکڑی جس پر پالان رکھا جاتا ہے (۳) کجاوہ میں اگلی طرف لگی ہوئی پکڑنے کی لکڑی (۴) لوہا تیز کرنے کی لکڑی (۵) دوستونوں پر رکھی ہوئی ورزشی لکڑی جس پر چھلانگ لگائی جائے۔(محدثة)۔
(حِمَارُ الزَّرَّادِ) زیبرا۔
-حِمَارُ الوحش جنگلی گدھا۔
-حِمَارُ قَبَّان بہت سے پیروں والا زمین پر رینگنے والا بھونرا جو چھونے سے سکڑ جاتا ہے۔
(اُذُنُ الحمار) انظر (اذن)۔

(الحِمَارَۃُ) گدھی (۲) بڑی چٹان جس سے حوض کا پانی روکا جاسکے یا جسے شکاری کے گھر کے سامنے نصب کیا جائے (۳) کجاوہ کی وہ لکڑی جسے سوار پکڑتا ہے (۴) پیر کا وہ حصہ جو جوڑ سے انگلیوں کے بالائی حصہ تک ہوتا ہے۔
(ج) حَمَائِرُ۔
(الحَمَارَۃُ - الحَمَارَّۃُ): حَمَارَۃُ القَیْظِ و حَمَارَّتُه: گرمی کی شدت (ج) حَمَارٌ و حَمَارٌّ۔
(الحُمَّرُ): اللی (۲) ایک قسم کی چڑیا (۳) رال، نفت، قیر۔
(الحَمَرُ): بدہضمی جو جانور کو چارہ کھانے سے ہوتی ہے یا منہ کی بدبو۔
(الحَمْرَاءُ): خالص رنگ کی بکری بھیڑ وغیرہ۔ (۲) سفید فام عورت (۳) عجم کے لوگ (چونکہ ان کا رنگ اکثر بھورا سرخی مائل ہوتا ہے)(۴) شہر غرناطہ کا مشہور قلعہ جو مسلمانوں کے دورِ حکومت کی یادگار ہے۔
-ابن الحمراء: عجمی باندی زادہ (ج) حُمْرٌ
(۵) دوپہر کی گرمی کی شدت۔
(۶) سخت سال، قحط کا سال۔
(حَمْرَاءُ الشِّدْقَیْنِ): بوڑھی عورت جس کے تمام دانت گر گئے ہوں۔
-حَمْرَاءُ النَّعَمِ و غیرھا اصیل وقیمتی اونٹ یا دیگر ایسے جانور۔
-حَمْرَاءُ العِجَانِ یہ لفظ عرب لوگ کسی قوم کی مذمت اور اہانت کے لئے استعمال کرتے ہیں (ج) حُمْرٌ۔
-جَاءَ بِغَنَمِه حُمْرَ الکُلٰی سُوْدَ البُطُوْنِ وہ اپنی دبلی بکریاں لے کر آیا۔
(الحُمْرَۃُ) سرخی (۲) سرخ رنگ جس سے رنگائی کی جاتی ہے (۳) ہونٹوں وغیرہ پر لگائے جانے والی سرخی (۴) اینٹیں کوٹ کر بنائی جانے والی سرخی (جو چنائی کے کام آتی ہے)(۵) ایک جلدی بیماری جس میں جائے مرض کے سرخ ہونے کے علاوہ بخار تیز ہوتا ہے (خسرہ)۔

(الحِمِرُّ) بارش کی سخت ترین قسم۔
-رَجُلٌ حِمِرٌّ: بہت برا آدمی۔
-غَیْثٌ حِمِرٌّ: شدید ترین بارش جو زمین کو چھیل ڈالے۔
(الحَمَّارُ) گدھے والا (۲) گدھے کی دیکھ بھال کرنے والا۔(ج) حَمَّارَۃ۔
(الحَمَّارَۃ) گدھوں کی طرح دوڑنے والے گھوڑے۔(۲) مخلوط النسل گھوڑا (ٹٹو)۔
(الحُمَّرُ): چڑیوں کی ایک قسم (۲) چنڈول ایک پرندے کا نام۔
(الحُمَیْرَاءُ): حمراء کی تصغیر (۲) حضرت عائشہ صدیقہ k کا ایک توصیفی نام ہے نبی کریم ﷺ نے اس قول میں ذکر فرمایا: ''خُذُوا نِصْفَ دِیْنِکُمْ عَنْ هذه الحُمَیْرَاء'' (۳) وبائی بخار (۴) کبوتر کی خوراک (۵) ایک پودے کا نام۔(محدثة)۔
(المِحْمَرُ): کھال اتارنے کی چھری، بال یا اون صاف کرنے کا آلہ (۲) کمینہ آدمی (۳) وہ گھوڑا جو دوڑتے وقت گدھا معلوم ہوتا ہو۔
(۴) دوغلا گھوڑا (ج) مَحَامِرُ و مَحَامِیرُ۔
(المُحَمِّرَۃُ) خرمی قبیلہ کا ایک فرقہ جن کا شعار سرخی ہے وہ اپنے جھنڈوں اور پگڑیوں کو سرخ رنگتے ہیں (ان کے برخلاف المُسَوِّدَۃُ اور المُبَیِّضَۃُ ہیں۔ واحد: مُحَمِّرٌ۔
(الیَحْمُوْرُ) سرخ (۲) گورخر، جنگلی گدھا۔
(۳) جنگلی گدھا۔(ج) یحامیر۔
(الحُمَارِسُ) شیر (۲) سخت آدمی (۳) دلیر باہمت۔
(حَمَزَ) الشرابُ ۔ حَمْزًا مشروب کا تیز ہونا۔
-اللَّبَنُ و الرُّمَّانُ: ترش ہونا۔
-الهَمُّ غم کا سخت ہونا۔
-الفُؤَادُ دل کا مضبوط ہونا۔
-الشَّیْئَ مٹھی میں لینا۔
-النَّصْلَ تیز کرنا، دھار بنانا۔
- الشرابُ اللِّسانَ شراب یا مشروب کا تیزی کی بناء پر زبان پر لگنا۔

- الكلمةُ فؤادَه: کسی بات سے کسی کا دل دکھانا۔
- الدّواءُ الجرحَ: دوا کا زخم کی سوزش کو کم کرنا۔
- الفاعلُ حامزٌ و حَمُوزٌ ولمفعول محموزٌ وحميزٌ۔
(الحَمزةُ): شیر (سختی کی بناپر)۔
(الحَمُوزُ): إنه لَحَمُوزٌ بمَا حَمَزَه: جو چیز اس کے قبضہ میں ہے اس کی خوب حفاظت کرتا ہے۔
(الحَمِيزُ): انتہائی ہوشیاری (۲) چالاک و خوش طبع۔
(المَحْمُوزُ): سخت آدمی۔ (ج) مَحامِيزُ۔
(حَمَسَ) اللَّحْمَ و نحوَه ـُ حَمْسًا: گوشت کو تلنا۔
-فلانًا: ناراض کرنا، جوش دلانا۔
(حَمِسَ)-َ حَمَسًا: سخت اور مضبوط ہونا۔
-حَمِسَتِ الارضُ: زمین کا ٹھوس ہونا۔
-حَمِسَ الشرُّ والوَغَى: لڑائی جھگڑے کا تیز ہونا۔
-حَمِسَ الرَّجُلَ في الدِّينِ: مذہب کے معاملہ میں سخت ہونا۔
-بالشيءِ: دل دادہ ہونا۔ هو أَحْمَسُ، هي حَمْسَاءُ (ج) حُمْسٌ۔
(حَمُسَ)-ُ حَمَاسَةً: پر جوش ہونا۔
هو حَمِيسٌ (ج) حُمَسَاءُ۔
(أَحْمَسَهُ): غصہ دلانا۔
(حَمَّسَ) الحِمَّصَ و نحوه: چنے بھوننا۔
-حَمَّسَ الدواءَ: دوا کو ہلکا گرم کرنا۔
-فلانًا: جوش دلانا۔
(احْتَمَسَ) الدِّيكان او القِرنان: دو مرغوں کا جوش میں آکر لڑنا (۲) دو ہم پلہ آدمیوں کا خون ریز لڑائی لڑنا۔
(تحَامَسَ) القومُ: شدید خونریزی کرنا۔
(تَحَمَّسَ): جوش میں آنا (۲) نافرمان ہونا (۳) سخت ہونا۔
-الأمرُ وغیرہ سنگین ہونا۔

-فلانٌ: اپنا بچاؤ کرنا، پناہ لینا۔
-فلانٌ للامرِ: کسی معاملہ میں پر جوش ہونا اور لوگوں میں اس کی تحریک کرنا۔
(الحَمَاسُ والحَمَاسَةُ): دلیری، سختی۔
(۲) حفاظت (۳) جنگ وجدال۔
(الحُمْسَةُ): حرمت وعزیمت۔
(الحَمَسَةُ): ایک سمندری کچھوا (ج) حَمَسٌ۔
(الحَمِيسَةُ): حَمِيس کی تانیث (۲) تلنے کا برتن، بھوننے کی کڑاہی وغیرہ (۳) پکے ہوئے گوشت کا ٹکڑا (ج) حَمَائِس۔
(حَمَشَ) النَّاسَ و غيرَهُم ـُ حَمْشًا: اکٹھا کرنا۔
-فلانًا حَمْشًا و حَمْشَةً: برانگیختہ کرنا۔
-القومَ: لوگوں کو غصہ کے ساتھ چلانا۔
(حَمِشَ) الرَّجُلُ ـَ حَمَشًا: پتلی پنڈلیوں والا۔ هُو أَحْمَشُ السَّاقَيْنِ و حَمْشُهُمَا- حَمِشَ عَظْمُ سَاقِهِ بھی کہا جاتا ہے اور حَمِشَ الوتَرُ۔
-حَمِشَ اللِّثَةُ: مسوڑھے پر گوشت کم ہونا۔
(۲) حسین و نازک ہونا۔ هي حَمِشَةٌ
-فلانٌ حَمْشًا و حُمْشَةً: غصہ ہونا۔
-الشرُّ: فتنہ فساد یا ہنگامہ کا سخت ہونا۔
(حَمُشَتْ) قوائمُ الدَّابَّةِ ـُ حَمَاشَةً حُمُوشَةً: چوپائے کی ٹانگوں کا پتلا ہونا۔
کہا جاتا ہے (حَمُشَتْ ساقُه، حَمُشَ الوَتَرُ) هو حَمْشٌ سُوقٌ حِمَاشٌ کہا جاتا ہے۔
(أَحْمَشَ) النارَ: ایندھن ڈال کر آگ کو تیز کرنا۔
-الشحمَ نحوه چربی وغیرہ کو آگ پر اتنا پگھلانا کہ وہ جلنے لگے۔
-فلانًا: غصہ دلانا۔
-الشرَّ: ہنگامہ برپا کرنا۔
-القومَ: لوگوں کو قتل وقتال پر آمادہ کرنا۔
(حَمَّشَ) الشَّحْمَ والنارَ: چربی کو خوب پگھلانا اور آگ کو خوب دہکانا۔

-فلانًا: لڑائی پر آمادہ کرنا۔
-الناسَ و غيرهم: لوگوں کو لڑائی پر ابھارنا۔
(تَحَمَّشَ): خوب پگھلانا، لوگوں کا آمادہ جنگ ہونا۔
فلانٌ: غضبناک ہونا۔
-بَنُو فُلانٍ لِفُلانٍ: لوگوں کا کسی کے خلاف بھڑک اٹھنا۔
(اسْتَحْمَشَ) غضبناک ہونا۔
اِسْتَحمشَ عليه غضبًا: وہ اس پر غصہ سے بھڑک اٹھا۔
-الوَتَرُ: تانت کا باریک ہونا۔
(حَمَصَ) الوَرَمُ ـُ حَمْصًا و حُمُوصًا: ورم اتر جانا۔
-حَمَصَ الجُرْحُ: زخم کی سوجن ختم ہو جانا، مواد نکل جانا۔ هو حَمِيصٌ۔
-الأُرجُوحَةُ: جھولے کی حرکت کم ہو جانا۔
-الغلامُ: لڑکے کا جھولے میں بیٹھ کر خود جھولے لینا۔
-العَرَقُ عن الجِسْمِ: بدن کا پسینہ خشک ہونا۔
-الدَّواءُ الجُرحَ: دوا کا زخم کے ورم کو ختم کر دینا اور مواد نکال دینا۔
-القَذَاةَ: آنکھ سے تنکے کو آہستہ سے نکالنا۔
(حَمَّصَ) دوپہر کے وقت ہرن کا شکار کرنا۔
-الحَبَّ و نَحوَهُ: بھوننا۔
(إنحَمَصَ) الوَرَمُ: ورم اتر جانا۔
إنحَمَصَ الجرحُ: بھی کہا جاتا ہے۔
-الإنسانُ والحيوانُ: انسان یا حیوان کا ہونا۔
-الجرادةُ: سلم کے پتے کھا کر ٹڈی کا سرخ ہو جانا۔
-منهُ: انقباض ہونا (۲) کمزور ہو جانا۔
(تَحَمَّصَ) اللحمُ و نحوُه: گوشت کا خشک ہو کر سکڑ جانا۔
(الحِمَّصُ، الحِمِّصُ) چنا، ایک سبزی۔
(الحِمَّصَانِيُّ) چنا بیچنے والا۔
(المِحْمَصَةُ) بھنا ہوا، سینکا ہوا۔

(حَمَضَتِ) الماشيةُ ـُ حَمْضًا: ترش پودے کھاناھی حامِضَةٌ (ج) حَوَامِضُ۔
-عنه نفرت کرنا۔
-به پسند کرنا' خواہش ظاہر کرنا۔
(حَمُضَ) اللَّبَنُ والفاكِهَةُ و غيرُهُمَا ـُ حُمُوْضَةً کھٹاہونا' ترش ہونا۔
(أَحْمَضَ) المكانُ: کھٹے پودے کا بکثرت کسی جگہ ہونا۔
-القومُ باہم دل بستگی کی باتیں کرنا۔
-الماشيةَ مویشی کو ترش پتے چرانا۔
-الشيْئَ کھٹا کرنا۔
(حَمَّضَ) فلانٌ في الشيْئِ کمی کرنا۔
-الشيْئَ ترش کرنا۔
- الصُّورَةَ: فوٹو کو کیمیاوی محلول (سوڈا یا تیزاب) میں صاف کرنے کے لئے رکھنا (محدثة)۔
(تَحَمَّضَ) الرَّاعِي چرواہے کا مویشی کو ترش گھاس کی طرف منتقل کرنا میٹھی گھاس سے۔
- فلانٌ ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلنا۔
(إِسْتَحْمَضَ) اللبنُ دودھ کا دیر میں دہی بننا' بتدریج جمنا۔
(الحامِضُ) وہ کھانا جو زبان کو لگے جیسے سرکہ' ترش دودھ۔
(الحُمَاضُ) ایک تیزابی کیمیاوی مادہ جس میں کھٹاس ہوتی ہے۔(مع)۔
(الحَمْضُ) نمکین یا ترش پودا جو ایک ٹہنی پر کھڑا ہوتا ہے اور وہ مویشی کے لئے ایسا ہی خوشگوار چارہ ہے جیسے انسان کے لئے پھل (ج) حُمُوْضٌ۔
فُؤَادٌ حَمِضٌ اور نَفْسٌ حَمْضَةٌ ایسا دل یا طبیعت جو کسی بات کو سنتے ہی متنفر ہو جائے۔
(في الكيميا) ایک تیز و تلخ مادہ جس کا اثر کسی محلول میں فوراً ظاہر ہو۔
(الحَمضِيّ) حمض مادہ سے متعلق (اسم منسوب)۔
ارض حمضية وہ زمین جہاں ترش پودے بکثرت ہوں۔
-معدة حَمضِيَّة: تیزابیت والا معدہ۔
(الحُمَّاضُ): کاسنی کے پتوں سے مشابہ ایک ترش و تلخ پودا اس کی بعض انواع سبزیوں میں شمار کئے جاتے ہیں۔ کھٹا میٹھا پودا (۲) اترج کا گودا۔
(الحَمِيضُ) وہ جگہ جہاں بکثرت ترش پودے ہوں (ج) حُمُضٌ ھی حَمِيضَةٌ (ج) حَمَائِضُ۔
(المَحْمَضُ - والمُحْمَضُ): ترش پودوں کی چراگاہ (ج) مَحَامِضُ۔
(حَمَطَ) الكرْمُ: انگور کی بیل پر درخت کا سایہ کرنا۔
(الحَمَاطُ): انجیر کے درخت جیسا ایک درخت جسے سانپ پسند کرتے ہیں (۲) پہاڑی انجیر کا درخت شَيْطَانُ الحَمَاطِ شجر حماط پر رہنے والا سانپ۔
(الحَمَاطَةُ): حماط کا مفرد (۲) حلق کی خراش۔
(حَمِقَ) فُلَانٌ ـَ حَمَقًا: ہلکی داڑھی والا ہونا۔ هو حَمِقٌ (۲) بے وقوف ہونا۔ هو أَحْمَقُ هي حمقاءُ (ج) حُمْقٌ۔
(حَمُقَ) ـُ حُمْقًا و حَمَاقَةً: بے وقوف ہونا۔ (۲) کم عقلی کا کام کرنا۔
- السُّوقُ: بازار کا نہ چلنا۔ هو احمقُ هي حمقاء (ج) حُمْق۔
-حَمُقَتْ تجارتُهُ تجارت کا نا کام ہونا۔
(أَحْمَقَ) بے وقوف اولاد والا ہونا۔
-به کسی کو بیوقوف کہنا۔
-فُلانًا بے وقوف پانا۔
(حامَقَهُ) کسی کے ساتھ خود بھی بیوقوف بن جانا۔
(حَمَّقَه) بے وقوف ٹھہرانا۔
(إِنْحَمَقَ) بے وقوف ہونا۔(۲) بے سوچے چلے جانا۔
-الثَّوبُ پرانا اور بوسیدہ ہونا۔
(تَحَامَقَ) خود کو بے وقوف ظاہر کرنا۔
(تَحَمَّقَ): بے وقوف بننے کی کوشش کرنا۔
(إِسْتَحْمَقَ) حَمُقَ۔ بے وقوف ہونا۔
-فلانًا: بیوقوف پانا۔
(الأُحْمُوقَةُ): بے وقوفی کا کام یا بیوقوفی کی بات (۲) انتہائی بیوقوف آدمی۔
(الحَمَاقُ - والحُمَاقُ). چیچک یا خسرہ۔
(الحَمْقَاءُ). احمق کی مونث۔
-البَقْلَةُ الحَمْقَاءُ خرفے کا ساگ۔
-بَقْلَةُ الحَمْقاءِ بھی کہا جاتا ہے۔
(الحَمُّوقَةُ). انتہائی بیوقوف۔
(المِحْمَاقُ): بے وقوف بچے جننے والی عورت (ج) مَحَامِيقُ۔
(المُحْمِقَاتُ): وہ روشن راتیں جن میں چاند نکلا رہتا ہے۔
(حَمَكَ) الدَّلِيلُ ـِ حَمْكًا: راہبر کا بہتر رہنمائی کرنا۔
(الحَمَكُ): وہ راہبر لوگ جو جنگلوں میں گھستے چلے جائیں (۲) ہر چھوٹی اور معمولی چیز واحدته (حَمَكَةٌ) (۳) ہرشی کی اصل اور فطرت۔
(حَمَلَتِ) المراةُ ـِ حَمْلًا۔ حاملہ ہونا۔
-المرأةُ جنينَها و به ـِ حَمْلًا: بچہ کا عورت کے پیٹ میں ہونا۔ هي حامل و حامِلَةٌ۔
-الشَّجرةُ درخت پر پھل آنا۔
-على نَفْسِهِ في السَّيْرِ: چل چل کے خود کو تھکا دینا۔
-على بني فلان: ہنگامہ کرنا۔
- عنه. کسی کی بات کو برداشت کرنا۔ هو حَمُولٌ۔
-به عنه حَمَالَةً ذمہ دار ہونا۔ هو حامِلٌ و حميلٌ۔
-عليه في الحَرْبِ و غيرها کسی پر حملہ کرنا۔
- الحِمْلَ على ظَهْرِ الدَّابَّةِ حَمْلًا و حُمْلَانًا لادنا' بوجھ لادنا۔ هو مَحْمُولٌ و حَمِيلٌ۔
الشيَ على الشيْئِ کسی حکم میں ایک شی کو

دوسری شے کے ساتھ ملانا۔
-فلاناً علی الأمر: آمادہ کرنا۔
-علیه الحِقْدَ کسی کے خلاف دل میں کینہ رکھنا۔
-الغَضَبَ: غصہ کا اظہار کرنا۔
-علیه ذَنْبهٗ گنہگار ٹھہرانا۔
-فُلاناً کسی کو سواری کا جانور دینا۔ قرآن عزیز میں ہے: ﴿وَلَا عَلَى الَّذِينَ إِذَا مَا أَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَا أَجِدُ مَا أَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ﴾۔
-القُرانَ و نَحْوَهٗ: یاد کرنا (۲) حامل قرآن ہونا، عمل کرنا قرآن مجید میں ہے: ﴿مَثَلُ الَّذِينَ حُمِّلُوا التَّوْرَاةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ أَسْفَارًا﴾۔
(أحْمَلَتِ) المرأة و النَاقَةُ: عورت یا اونٹنی کے بغیر حمل کے دودھ اترنا (۲) بکثرت ولادت ہونا۔
-فُلاناً الحِمْلَ: کسی کو بوجھ اٹھانے میں مدد دینا۔
(حَمَّلَهٗ) الشیْ و الأمرَ: کسی پر کوئی چیز لادنا یا ذمہ داری ڈالنا۔
(احتَمَلَ) القومُ: لوگوں کا روانہ ہونا۔
-الأمْرَانِ یَکُونَ کذا: کسی بات میں کوئی احتمال یا جواز ہونا۔
-الشیْ و الأمرَ: برداشت کرنا۔
احْتَمَلَ ما کَانَ مِنه: اس کی بات سے چشم پوشی کی اور معاف کردیا۔
-فلانٌ الصَّنِیْعَةَ: کسی اچھے فعل پر شکریہ ادا کرنا۔
-الغضبُ فلاناً: غصہ کا کسی کو آپے سے باہر کر دینا۔
(احْتُمِلَ) غصہ سے رنگ بدل جانا (۲) قریب اور ممکن ہونا۔
(تحامَلَ) علی فلان ظلم کرنا، انصاف نہ کرنا (۲) ناقابل برداشت کا پابند بنانا۔ ''تحاملتُ علی نفسی بھی کہا جاتا ہے''۔
-الشیْ و فیه وبه کسی بات کو صعوبت و مشقت کے باوجود اپنے ذمہ لینا'' کہا جاتا ہے تَحَامَلَ فی مشیته''۔
-الزَّمانُ علی فلان زمانہ کا ساتھ نہ دینا۔
-الرَّجُلان الشیْ: بوجھ اٹھانے میں ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
(تَحَمَّلَ) القومُ کوچ کرنا۔
-فُلانٌ: برداشت اور ہمت سے کام لینا۔
-بفُلان علیه فی الشَّفَاعَة والحَاجَة سفارش یا ضرورت میں کسی پر اعتماد کرنا۔
-الحَمَالَةَ کسی کی طرف سے دیت یا جرمانہ کا ضامن ہونا۔
-الأمرَ: کسی کام کی ذمہ داری لینا۔
-شهادَةَ فلان کسی کی طرف سے گواہی دینا۔
(اِسْتَحْمَلَ) البعیرُ و غیرُہ: بوجھ اٹھانے کے لئے کہنا۔
فلانٌ: برداشت کرنا۔
فلاناً: کسی سے بوجھ اٹھوانا۔
-فُلاناً نفسَه: کسی کو اس کے معاملات کا ذمہ دار بنانا۔
(الحَامِلَة) حامل کی تانیث (۲) انگور وغیرہ رکھنے کی زنبیل یا ٹوکری (۳) جولاہے کے کرگہ کی وہ لکڑی جس پر دھاگے اٹکے ہوئے ہوتے ہیں۔
-حاملةُ الطائرات: طیارہ بردار بحری جہاز جس پر بہت سے جہاز کھڑے ہوتے ہیں اور اس سے اڑتے ہیں (ج) حَوامِلُ۔
-الحوامل: پائے، ٹانگیں (۲) پیروں اور ہاتھوں کے پٹھے۔
(الحَمَالُ) اپنے ذمہ لیا ہوا تاوان یا خون بہا (ج) حُمُل۔
(الحَمَالَةُ) الحَمَالُ۔
(الحِمالَةُ): تلوار وغیرہ کا پٹہ یا پٹی (پرتلہ) (ج) حمائِلُ (۲) قلی گری حَمّال کا پیشہ۔
(الحُمَالَةُ): قلی یا حمال کی مزدوری۔
(الحَمْلُ) جوائی طویل بیماری کے باعث اہل خانہ پر بوجھ ہو (۲) حمل یا درخت کا پھل (۳) اونٹ پر عورت کے بیٹھنے کا ہودج (۴) وہ اونٹ جس پر ہودج لگا ہوا ہو (ج) أحمال و حُمُول و حِمَال۔
(الحِمْلُ) بوجھ (۲) ہودج (۳) پانی ... (۴) علم ریاضیات میں وہ بھاری وزن یا جسم جسے مشینوں سے کھینچا جائے (ٹ)۔ (ج) أحْمَال و حُمُول۔
(الحَمَلُ) بکری کا بچہ (ج) حُمْلان و أحْمَال (۲) آسمان کا ایک برج (بارہ برجوں میں سے)۔
(الحُمْلان) وہ چوپایہ جس پر ہدایا دیے جائیں (۲) قلی یا حمال کی مزدوری۔
(الحِمْلَةُ - الحُمْلَةُ) برداشت کرنا (۲) ایک جگہ سے دوسری جگہ کوچ۔
(الحَمَّالُ) قلی، باربردار۔
(الحمُوْلُ): بہت بردبار، صابر و جفاکش۔
(الحَمِیلُ) لاوارث بچہ جسے اٹھا کر لوگ پرورش کریں (۲) وہ قیدی جو بار بار ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا جائے (۳) اجنبی (۴) اٹھائی ہوئی چیز (۵) لے پالک (۶) سیلاب کا کوڑا کرکٹ۔
(الحَمِیلَةُ) حمیل کی تانیث (۲) تلوار لٹکانے کا پٹہ یا پرتلہ (ج) حَمائل۔
-هو حمیلة علینا: وہ ہمارے اوپر بوجھ ہے۔
(المَحْمِلُ) پالکی (۲) چوپائے کے دونوں طرف لٹکے ہوئے تھیلے جن میں سامان رکھا جاتا ہے (۳) وہ زنبیل یا ٹوکری جس میں انگور رکھے جاتے ہیں (ج) مَحامِلُ۔
-ما علی البعیر مَحْمِلٌ اونٹ پر سامان لادنے کی جگہ نہیں ہے۔
-ما علی فُلانٍ مَحْمِلٌ فلاں قابل اعتماد نہیں ہے۔
(المَحْمُولُ) عند المناطقه قضیہ کے اس جز کو کہتے ہیں جو نحویوں کے نزدیک جملہ میں مسند کہلاتا ہے۔
(حَمْلَجَ) الحبلَ رسی کو مضبوط بٹنا۔
(الحِمْلاجُ) مضبوط بٹی ہوئی رسی (۲) سنار

کی پھونکی (۳) بیل یا ہرن کا سینگ (ج) حَمَالِیجُ۔
(حَمْلَقَ) دونوں آنکھیں کھولنا (۲) گھور کر دیکھنا (کہا جاتا ہے حَمْلَقَ علیه)۔
(حِمْلاقُ) العین و حِمْلَقُهَا و حُمْلُوقُهَا: پپوٹوں کا اندرونی حصہ جہاں سرمہ لگایا جاتا ہے (ج) حَمَالِیقُ۔
(حَمَّ) التنورَ و نحوه ـُ حَمًّا: تنور وغیرہ کو گرم کرنا۔
-الشیُ سیاہ ہونا۔
-الحرّةُ گھڑے وغیرہ کا جل کا کالا ہو جانا۔
-الماءَ و نحوہ پانی وغیرہ گرم کرنا۔
-الشَّحْمَ و نَحوَہ پگھلانا۔
-الأمرُ فلاناً فکر میں ڈالنا۔
-(حَامّ) حَمَّةً کسی کی طرح قصد کرنا۔
-اللهُ کذا مقدر کرنا۔
(حَمَّ) الماءُ و نحوہ ـَ حَمَمًا پانی وغیرہ گرم کرنا۔
-ھو أحَمُّ و ھی حَمَّاءُ (ج) حُمٌّ۔
(حُمَّ) حُمامًا بخار میں مبتلا ہونا۔
-الأمرُ حَمًّا کسی بات کا مقدر کیا جانا۔
-الشیُ قریب ہونا۔
-لفلانٍ کذا کسی بات کا مقدر ہونا۔
-احَمَّتِ الأرضُ کسی علاقہ میں بخار پھیلنا۔
-الشیُ قریب ہونا' موجود ہونا۔
-الماءَ و نحوہ گرم کرنا۔
-الطِّفلَ و نحوہ گرم پانی سے نہلانا۔
-اللهُ فلاناً بخار میں ڈالنا۔
-الأمرُ فلاناً غم میں ڈالنا۔
-اللهُ کذا قسمت میں لکھنا۔
حَامَّ فلاناً کسی کے قریب ہونا۔
(حَمَّمَتِ) الارضُ زمین کی روئیدگی کا سبزہ سیاہ ہونا۔
-حَمَّمَ الغلامُ لڑکے کی داڑھی نکلنا۔
- حَمَّمَ الرأسُ سر مونڈانے کے بعد بال اگنا۔
حَمَّمَ الفرخُ چوزے کے پر نکلنا۔
-الماءَ و نحوہ: گرم کرنا۔
-الرَّجُلَ: کوئلہ سے منہ کا کالا ہونا۔
(احتَمَّ): بے قرار ہونا' مغموم ہونا۔
-عینُه: (بے خوابی کی تکلیف) نیند نہ آنا۔
-لفلانٍ: کسی پر غصہ ہونا' تیز ہونا۔
(تحَمَّمَ): کالا ہونا۔
(استَحَمَّ): حمام میں جانا (۲) غسل کرنا۔
(الحَامَّةُ): گھر کے خاص افراد (۲) عمدہ اونٹ (ج) حَوَامّ۔
(الحَمَامُ): کبوتر (ج) حمائم۔
-حَمَامُ الزَّاجِلِ (دیکھئے: زجل)۔
(الحِمَامُ): موت کا فیصلہ۔
(الحُمَامُ): تمام جانوروں کا بخار۔
(الحَمَامَةُ): حَمَام کا واحد ایک کبوتر۔
(نر اور مادہ دونوں کے لئے) (ج) حَمَائِم۔
(الحُمُّ): پگھلائی ہوئی چربی (۲) پگھلی ہوئی چربی کا بچا ہوا حصہ (۳) عمدہ نسل کا اونٹ۔
-حَمُّ الظَّهِيرةِ دوپہر کی سخت گرمی۔
-حَمُّ الشیءِ اکثر یا بڑا حصہ۔
-مالَه حَمٌّ وَلاَ رَمٌّ اس کے لئے تھوڑا یا بہت کچھ نہیں ہے۔
- مالَكَ عَنْ ذٰلِكَ حَمٌّ وَلاَرَمٌّ: آپ کے لئے اس کے سوا کوئی چارہ کار نہیں۔
- مالَه حَمٌّ ولا سَمٌّ غیرُكَ آپ کے علاوہ کسی سے اس کو کوئی دلچسپی نہیں۔
(الحُمَمُ) کوئلہ (۲) راکھ (۳) آگ سے جلی ہوئی ہر شے "وحُمَمَةٌ" اس کی واحد ہے۔
(الحُمّٰی) بخار (۲) ٹائیفائیڈ (۲) محرقہ دماغی (۳) ٹی بی (۴) زرد بخار (۵) وہ بخار جو جسم کو سرخ کر دے۔
(الحَمَّام) غسل خانہ (ج) حَمَّامات۔
(الحَمَّامِیُّ) حمام کا مالک جو اجرت لے کر غسل کراتا ہے (۲) حمام کا ملازم۔
(الحَمَّةُ) گرم پانی کا چشمہ جس سے برائے صحت یابی غسل کیا جائے (ج) حَمٌّ و حِمَام۔
(الحُمَّةُ) بخار (۲) سیاہی اور سرخی کے بین بین رنگ۔
(الحِمَّةُ): موت (ج) حِمَمٌ۔
(الحَمِيمُ): انگارے جن سے دھونی دی جائے۔ (۲) وہ بارش جو شدید گرمی کے بعد ہوتی ہے (۴) کھولتا ہوا گرم پانی۔ قرآن مجید مجید میں ہے: ﴿لَا يَذُوقُونَ فِيهَا بَرْدًا وَلَا شَرَابًا إِلَّا حَمِيمًا وَ غَسَّاقًا﴾ (۵) پسینہ (۶) رشتہ (۷) گہرا دوست۔
الحَمِيمُ بالحاجَةِ اپنی ضرورت کا دھنی (ج) احِمَّاءُ۔
(الحَمِيمَةُ): حمیم کا مونث (۲) گرم پانی (۳) گرم کیا ہوا دودھ (۴) عمدہ نسل کا اونٹ (ج) حَمَائِم۔
(المَحَمُّ): پیتل وغیرہ کا برتن جس میں پانی یا اور کوئی چیز گرم کی جائے (ج) مَحَامّ۔
(المَحَمَّةُ) وہ زمین یا علاقہ جہاں بخار پھیلا ہوا ہو۔
طَعَامٌ مَحَمَّةٌ وہ کھانا جسے کھا کر بخار ہو جائے (ج) مَحَامّ۔
(المُسْتَحَمُّ): غسل خانہ۔ حمام۔
(اليَحْمُومُ): بہت گرم۔ قرآن مجید میں ہے۔ ﴿وَظِلٍّ مِن يَحْمُومٍ لَّا بَارِدٍ وَلَا كَرِيمٍ﴾ (۲) ہر کالی سیاہ شے (۳) گرم کالا دھواں (۴) کبوتر کی ایک قسم جس کا پیٹ' گردن' سر اور سینہ سیاہ ہوتا ہے چھوٹی چونچ اور چھوٹے پیر ہوتے ہیں۔ (ج) يَحَامِيمُ۔
-نَبْتٌ يَحْمُومٌ ہرا سیاہی مائل تر پودا۔
(الحُمْنَانُ) چھوٹی چیچڑیاں (۲) طائف کے انگوروں کی ایک قسم جو سیاہ سرخی مائل ہوتی ہے اور دانے کم اور چھوٹے ہوتے ہیں (۳) بڑے دانوں کے درمیان چھوٹے دانے۔
(المَحْمَنَةُ) وہ زمین جہاں انگوروں کی مذکورہ قسم پیدا ہوتی ہے۔
(حَمَتِ) الشَّمسُ او النَّارُ ـُ حُمُوًّا دھوپ یا آگ کا تیز ہونا۔
-المَرِيضَ حِمْوَةً بیمار کا پرہیز کرانا۔
(حَمَى) الشیءَ فلاناً ـِ حَمْيًا و حِمَايَةً حفاظت کرنا' بچانا۔ کہا جاتا ہے حَمَاه من

الشیٔ محفوظ رکھنا۔
کہا جاتا ہے حَمَی المَرِیضَ مَا یَضُرُّہٗ۔
(حَمِیت) الشَّمسُ و النَّارُ والحدیدۃُ و غَیرُھَا ۔ حَمْیًا و حَمِیًّا و حُمُوًّا: تیز اور گرم کرنا۔
-حَمِیَ الوَطِیسُ: جنگ کے شعلے بھڑکنا۔
-الفَرَسُ گھوڑے کا گرم ہو کر پسینہ آ جانا۔
-علیہ: غصہ ہونا۔
-من الشَّیِٔ حَمِیَّۃً: کسی بات پر غیرت آنا اور اس کے لئے تیار نہ ہونا۔
(اَحْمَی) الشَّیٔ: گرم کرنا۔
- المکانَ: جگہ کو محفوظ یا ممنوعہ علاقہ قرار دینا (۲) محفوظ یا قابل حفاظت پانا۔
(حَامَی) عنہ مُحَامَاۃً و حِمَاءً: دفاع کرنا۔
- علی ضَیفِہٖ: مہمان کی اچھی طرح خاطر کرنا۔
(احْتَمَی) فی الحروب: لڑائی میں پُر جوش ہونا۔
-المَرِیضُ عَمَّا یضرُّہٗ: بیماری میں نقصان دہ چیزوں سے بچنا۔
-من فُلَانٍ: بچ کر رہنا۔
-بہٖ: حفاظت میں آنا۔
(تَحَامَاہُ): کنارہ کش ہونا۔
(الحَامِیْ) من الابِلِ: وہ اونٹ جو لمبے عرصہ تک مالکان کے پاس رہے اور اس سے دس حمل قرار پائے ہوں ایسے اونٹ کو عرب لوگ بتوں کے نام پر آزاد کر دیتے تھے کہ جہاں چاہے چرتا پھرے۔ قرآن پاک میں ہے: ﴿مَا جَعَلَ اللّٰہُ من بَحِیرَۃٍ ولا سَائِبَۃٍ وَّلَا وَصِیلَۃٍ وَّلَا حَامٍ﴾۔
(الحَامِیَۃ): الحامی کا مونث (۲) پہرے دار جو جنگ میں اپنے لوگوں کی حفاظت کرے۔ (۳) محافظ دستہ جو جنگ میں اپنے لوگوں یا شہر کی حفاظت پر مامور ہو۔
- فُلَانٌ علی حامیۃِ القوم: وہ آخری آدمی جو بوقت شکست لوگوں کی حفاظت کا انجام دے۔
(حَمًا) المرأۃِ: سسر خاوند کی طرف سے رشتہ دار۔
-حَمَا الرَّجُلِ: مرد کے سسر۔ بیوی کے باپ اور دوسرے مرد رشتہ دار۔
(ج) أحْمَاء۔
(الحِمَی): محفوظ جگہ (۲) وہ چراگاہ جس میں دوسرے لوگوں کو چرانے کی اجازت نہ ہو (۲) حفاظت گاہ۔
-حِمَی اللہ: اللہ تعالیٰ کے وہ احکام وہ حدود جن کی پاس داری ضروری اور خلاف ورزی جرم ہو۔
(الحَمَاۃُ): الحما کی مونث (۲) پنڈلی کا عضلہ۔
(الحُمَۃُ): بچھو وغیرہ کا ڈنگ (۲) ڈنگ مارنے والے جانور کا زہر۔
-حُمۃ البَرْدِ: سردی کی شدت (ج) حُمًی و حُمَاتٌ۔
(حَمْوُ) الشَّمسِ: سورج کی گرمی۔
-حَمُو المرأۃ: بیوی کا سسر۔
-حَمُو الرجل: خاوند کا سسر۔
(حُمُوَّۃ) الألَمِ: درد کی شدت۔
(حَمْیُ) الشَّمسِ: سورج کی گرمی۔
(الحِمیَۃُ): وہ کھانا جس سے بیمار کا پرہیز کرایا جائے (۲) محفوظ چیز۔
(الحَمِیُّ) وہ مریض جس کو مضر چیز سے پرہیز کرایا جائے (۲) وہ شخص جو ظلم گوارا نہ کرے (فعیل بمعنی مفعول) (۳) وہ شخص جو ظلم گوارا کرے (فعیل بمعنی فاعل)۔
کہا جاتا ہے: ''حَمِیُّ الأنف وانفٌ حَمِیٌّ''۔
(حُمَیَّا): ہر شئی کی شدت اور سختی۔
-من الشباب: جوانی کا جوش۔
-من الخمر: شراب کی تیزی۔
(۲) شراب۔
(الحَمِیَّۃُ): غیرت قرآن مجید میں ہے: ﴿اِذْ جَعَلَ الَّذِینَ کَفَرُوْا فِی قُلُوبِھِمُ الحَمِیَّۃَ حَمِیَّۃَ الجَاھِلِیَّۃِ﴾ (۲) عزت و دین کی حفاظت اور دفاع کا جذبہ۔
(المُحَامِی) فی القضاء کسی ایک فریق کا وکیل۔
(المحاماۃ): پیشہ وکالت۔
(المَحْمِیُّ): شیر۔
(تَحَمیَرَ): حمیری زبان بولنا (۲) بدمزاج ہونا۔

ح ن

(حَنَّ) المکانُ ۔ حَنًّا: سرسبز ہونا گھنا ہونا۔
(حَنَّا) لِحیَتَہٗ اوراسہ: داڑھی یا سر کو مہندی سے خضاب کرنا۔ کہا جاتا ہے حَنَّأ فلانًا۔
(تَحَنَّا): مہندی سے رنگا ہوا ہونا۔
(الحِنَّاءُ) مہندی کے پتے واحد حِنَّاۃٌ۔
(حَنِبَ) الفَرَسُ ۔ حَنَبًا گھوڑے کی پنڈلیوں کا ٹیڑھا ہونا۔
-الکِبَرُ فُلَانًا بڑھاپے کا کسی کو جھکا دینا۔
(تَحَنَّبَ): کمان کی طرح مڑا ہوا ہونا۔
-علیہ: مہربان ہونا۔
(حَنْبَلَ): لوبیا کھانا (۲) پرانی پوستین یا پرانا موزہ پہننا۔
(تَحَنْبَلَ) سر جھکانا (۲) حنبلی مذہب کا پیروکار ہونا۔
(الحُنَابِلُ) وَتَرٌ حُنَابِلٌ: مضبوط تانت۔
(الحَنْبَلُ): پست قد (۲) بڑے پیٹ والا (۳) پرانی پوستین۔
(الحُنْبُلُ): لوبیا۔
(الحَنْبَلِیُّ): امام احمد ابن حنبل (رحمۃ اللہ علیہ) کے مذہب کا پیروکار (ج) حَنَابِلَۃ۔
(الحَانُوتُ): شراب کی بھٹی (۲) تجارتی دوکان (ج) حوانیتُ۔
(الحَنْتَفُ) پکانے کے لئے صاف کی ہوئی ہنڈی وغیرہ۔
(اُلحُنْتُوفُ): خارش یا سوزش کی وجہ سے داڑھی نوچنے والا۔
(الحَنْتَمُ) ہر سیاہ یا سبز چیز (۲) سیاہ ٹھیکرا (۳) ہرے رنگ کا گھڑا جس میں نبیذ تیار کی جاتی ہے (۴) کالے بادل (۵) حنظل کا درخت (ج) حَنَاتِم۔

(حَنِثَ) فی یَمِینِہٖ ۔ حِنثًا قسم توڑنا اور گناہ
گار ہونا۔ قرآن مجید میں ہے۔ ﴿وَخُذْ بِيَدِكَ
ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِهٖ وَلَا تَحْنَثْ﴾ ھو
حانث (۲) حق چھوڑ کر باطل اختیار کرنے
والا۔
(اَحنَثَہ) قسم توڑنا۔
(تَحَنَّثَ) عبادت کرنا (۲) قسم توڑنے کے
گناہ سے بچنے کا کام کرنا۔
(اَلحِنثُ) گناہ۔ قرآن مجید میں ہے
﴿وَكَانُوا يُصِرُّونَ عَلَى الْحِنْثِ
الْعَظِيمِ﴾ (۲) شرک۔
(اَلمَحَانِثُ) گناہوں کے مواقع 'واحد
مَحنَثٌ۔
(حَنَجَ) لَہٗ حَاجَۃٌ ۔ حَنجًا: حاجت پیش
آنا۔
-الشئَ منہ کے بل جھکانا۔
-الحبلَ مضبوط بٹنا۔
حَنَجَ کلامَہ بات کو گھمانا کہ صاف نہ سمجھی
جائے۔
(اَحنَجَ) الشئُ ہلنا۔
فلانٌ چلتے ہوئے مڑ کر پیچھے کی طرف دیکھنا
(۲) پر سکون ہونا ٹھہرنا۔
- الفرسُ چھریرے بدن والا ہونا۔
- فلانٌ فی کلامہ کلام میں جلد بازی سے
کام لینا۔
-الشئَ جھکانا۔
-کلامَہ کلام گھما پھرا کر کرنا۔
-الخبرَ وغیرہ چھپانا۔
(اِحتَنَجَ) الشئُ ہلنا۔
(الحِنجُ) اصل جڑ (ج) اَحناج۔
(انحَنَجَت) عَینُہٗ آنکھ کا اندر دھنس جانا۔
-الحیوانَ ذبح کرنا۔
(الحَنجَرَۃُ) گلا (۲) سانس کی نالی۔
(الحُنجُورُ) گلا (۲) چھوٹی ٹوکری (۳) [illegible] وغیرہ کی شیشی
(الحَناجِل) [illegible] بدن کا پستہ قد
شخص۔

(الحِنجِلُ) من النساء: شور مچانے والی بد
زبان موٹی عورت (ج) حَنَاجِلُ۔
(الحُنذُرَۃُ و الحُنذُورَۃُ): آنکھ کی پتلی۔
(تَحَندَسَ) الرَّجُلُ: کمزور ہونا اور گر جانا۔
(الحِندِسُ) تاریکی (۲) انتہائی تاریک
رات۔
-اَسوَدُ حِندِسٌ گہرا سیاہ (ج) حَنَادِسُ۔
-الحنادس: آخر ماہ کی ۳/تین راتیں۔
(الحَندَقُوقُ): لمبا اور غیر متوازن آدمی۔
(۲) بے وقوف (۳) کنول ایک پھول اس
کے لئے عربی لفظ ذُرق ہے (مع)۔
(حَنَذَ) الحرُّ ۔ حَنذًا گرمی کا سخت ہونا۔
لہٗ پانی کم اور شراب زیادہ ہونا۔
- العجلَ وغیرہ حَنذًا و تَحناذًا: گائے
وغیرہ کے بچے کو آگ یا گرم پتھروں پر رکھ کر
بھوننا۔ ھو محنوذٌ و حَنِیذٌ و حُنُذٌ۔
-الشمسُ الشئَ جھلس دینا' پگھلا دینا۔
-الفرسَ حَنذًا و حِناذًا: ایڑ لگانا اور ایک یا
دو دفعہ دوڑا کر اس پر جھول ڈالنا تاکہ اسے پسینہ
آجائے۔ ھو محنوذٌ و حنیذٌ
(اَحنَذَ) کم پانی اور زیادہ شراب پینا۔
(استَحنَذَ) دھوپ میں لیٹ کر بدن پر کپڑا
ڈالنا تاکہ پسینہ آجائے۔
(حَنَاذِ) سورج۔
(الحُنذَۃُ) سخت گرمی۔
(الحِنذِیان) شریر اور بدزبان۔
(الحَنِیذُ) گرم پانی (۲) نچلی وغیرہ جس کے
ذریعے دھلائی کی جائے (۳) خوشبودار مرہم
(۴) روغن دار شے قرآن مجید میں ہے ﴿قَالَ
سَلَامٌ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَاءَ بِعِجْلٍ حَنِيذٍ﴾۔
(حَنَرَ) الحَنِیرَۃَ ۔ حَنرًا کمان بنانا (۲)
کمان کو موڑنا۔
(الحَنِیرۃُ) کمان (۲) بغیر تانت کے کمان۔
(۳) دیوار کی محراب (۴) محراب نما طاق
(۵) روئی دھننے کی مشین یا آلہ (۶) ہر قوس نما
چیز (ج) حَنَائِرُ حضرت ابوذرؓ سے روایت
ہے "لَو صَلَّیتُم حَتّٰی تَصِیرُوا کَالحَنَائِرِ

مَا نَفَعَکُم ذٰلِکَ حَتّٰی تُحِبُّوا آلَ رَسُولِ
اللّٰہِ")۔
(حَنِسَ) ۔ حَنَسًا: گھمسان کی جنگ میں
ڈٹے رہنا۔ ھو حَنِسٌ۔
(الحُنُسُ): خدا ترس پرہیزگار لوگ۔
(الحَونَسُ): سنجیدہ اور دلیر آدمی جس کے
ساتھ نہ کوئی زیادتی کر سکے نہ اس کو اپنی جگہ
سے ہٹا سکے۔
(حَنَشَہ) الحَنَشُ ۔ حَنشًا حنش۔
(سانپ کا) کسی کو کاٹنا۔
-فُلانًا: ورغلانا' اکسانا۔
حَنَشَ الصَّیدَ شکار کرنا۔
(حُنِشَ) کسی کے نسب کو مجروح کرنا۔
ھو مَحنُوشٌ۔
(اَحنَشَہ) عن الاَمرِ: جلدی کرانا۔
(الحَنَشُ): ایک سیاہ رنگ کا بڑا سانپ جو
زہریلا نہیں ہوتا (۲) گرگٹ یا چھپکلی جس کا سر
سانپ کے سر کے مشابہ ہوتا ہے۔ (ج)
اَحناش۔
(المِحنَشُ) رجُلٌ مِحنَشٌ: محنتی اور کمائی
کرنے والا۔
(حَنَطَ) الزَّرعُ و نحوُہ ۔ حُنُوطًا کھیتی کا
پک جانا۔
-الاَدِیمُ ۔ حَنطًا جلد کا سرخ ہو جانا۔
ھو حانِطٌ۔
(حَنِطَ) الرجل ۔ حَنَطًا بڑی اور گھنی
داڑھی والا ہونا ھو اَحنَطُ۔
(اَحنَطَ) الزَّرعُ و نحوُہ کھیتی وغیرہ کا پک
جانا۔ فھو مُحنِطٌ و حانِطٌ۔
-المیّتَ مردہ کو حنوط لگانا۔
(حَنَّطَ) المیّتَ مردہ کو خوشبو وغیرہ لگانا۔
(تَحَنَّطَ) مِنَ الحِنطَۃِ گیہوں کھانا۔
(استَحنَطَ) فُلانٌ کسی کا موت سے نہ ڈرنا
اور دنیا کا اس کی نظر میں حقیر ہو جانا۔
(الحَانِطُ) جھاؤ کے درخت کا پھل (۲)
گیہوں والا (۳) بہت گیہوں والا۔
-رجُلٌ حانِطٌ وہ آدمی جس کی کھیتی کاٹنے کا

وقت آ گیا ہو۔(علی النسب)۔
-أَحْمَرُ حَانِطٌ گہرا سرخ۔
(الحِنَاطُ) وہ خوشبوئیں جو مردہ کے کفن اور بطور خاص مردہ کے جسم پر لگائی جاتی ہیں جیسے مشک' عنبر' صندل اور کافور وغیرہ۔
(الحِنَاطَةُ) گیہوں فروشی۔
(الحِنْطَةُ) گیہوں (ج) حِنَطٌ۔
(الحِنْطِيُّ) بہت گیہوں کھانے والا شخص (۲) گندمی رنگ والا شخص۔
(الحَنَّاطُ) گیہوں فروش (۲) مردوں کو حنوط لگانے والا۔
(الحَنُوطُ) الحناط۔
(الحَنُوطِيُّ) حنوط بیچنے والا (۲) مردوں کو تیار کرنے والا' تجہیز کرنے والا (محدثہ)۔
(التَّحْنِيطُ) عند قدماء المصريين: انسانی لاش کی آلائش صاف کر کے مختلف مسالوں کے ذریعے محفوظ رکھنے کا طریقہ۔
(حَنْظَلَتِ) الشَّجَرَةُ درخت کے پھل کا حنظل کی طرح انتہائی تلخ اور کڑوا ہونا۔
(الحَنْظَلُ) اندرائن' حنظل' ایک انتہائی کڑوا پھل۔
(حَنَفَ) عن الشيءِ ـِ حَنْفًا: ایک طرف جھکنا۔
(حَنِفَ) الرَّجلُ ـَ حَنَفًا: ٹیڑھے پاؤں والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَنِفَت رِجلُه' هو أَحْنَفُ و رِجلٌ وَيَدٌ حُنَفَاءُ (ج) حُنُفٌ۔
(حَنَّفَهُ) ٹیڑھے پاؤں والا کر دینا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُ فُلَانًا علی رِجْلِه فَحَنَّفْتُها" هو أَحْنَفُ و هي حَنْفَاءُ۔
(تَحَنَّفَ) بتوں کی پرستش سے الگ ہو جانا اور خدا پر ایمان لا کر اس کی عبادت کرنا' ملت اسلامیہ (حنفیہ) کا پیرو ہونا (۲) امام ابوحنیفہ کے مذہب کا پیرو ہونا۔
-الی الشيءِ: مائل ہونا۔
(الحَنْفَاءُ) کمان (۲) استرا (۳) گرگٹ (۴) ٹیڑھا پیر (۵) کنیز جو کبھی ست ہو کبھی چست ہو (۶) آبی کچھوا (۷) ایک سمندری مچھلی جسے أطوم کہتے ہیں۔
(الحَنَفِيُّ): حنفی مذہب کا مقلد (ج) أحْنَاف۔
(الحَنَفِيَّةُ): امام ابوحنیفہ کے پیروکار۔
(الحَنِيفُ) برائی چھوڑ کر اچھائی کی طرف آنے والا۔ (۲) ہر مذہب سے ہٹ کر اسلام کو ماننے والا اور اس پر ثابت قدم رہنے والا (۳) حاجی (۴) عبادت گزار۔ (وفي الكليات لأبي البقاء) اگر حنیف کی صفت مسلم لائی جائے تو حاجی مراد ہوتا ہے۔ قرآن مجید میں ہے۔ ﴿وَلٰكِنْ كَانَ حَنِيفًا مُّسْلِمًا﴾ اگر صفت مسلم نہ ہو تو مراد مسلمان ہوگا جیسے ﴿فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ حَنِيفًا﴾ (ج) حُنَفَاءُ۔
(الحُنَفَاءُ): عربوں کی ایک جماعت جو بت پرستی کا عقیدہ نہیں رکھتی تھی ان ہی میں سے امیہ بن ابی الصَّلْت ہے (۲) وہ شخص جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دین پر تھا زمانہ جاہلیت میں (یعنی حج کرتا تھا' ختنہ کراتا تھا اور بتوں سے الگ رہتا تھا)۔
-الدِّينُ الحَنِيفُ وہ سیدھا مذہب جس میں کوئی کجی نہیں اور وہ اسلام ہے۔
-الحَنِيفِيَّةُ ملت اسلام (۲) اس کو صفت بناتے ہوئے کہا جاتا ہے ملّة حنيفيّة (۳) تلواروں کی ایک قسم جو حنف بن قیس کی طرف منسوب ہے کیونکہ اسی نے اسے سب سے پہلے بنایا۔
(حَنِقَ) عَلَيْهِ ـَ حَنَقًا کسی پر انتہائی غضبناک ہونا۔ هو حَنِقٌ و حَنِيقٌ۔
(أَحْنَقَ) دل میں دشمنی چھپائے رکھنا (۲) پیٹھ کا پیٹ سے لگ جانا۔
-السَّنَامُ کوہان کا پتلا چھریرا ہونا۔
-البعيرُ بہت چربی والا ہونا۔
-الزَّرْعُ کھیتی کے ریشے پھیل جانا۔
-فُلَانًا غصہ دلانا۔ هو مُحْنَقٌ و حَنِيقٌ۔
(الحَنِيقُ) موٹا (ج) حُنُقٌ۔
(حَنَكَ) الأمُّ الصبيَّ ـُ حَنْكًا کوئی چیز چبا کر بچے کے تالو کو لگانا۔
-فُلَانٌ الدَّابَّةَ چوپائے کو لگام دینا۔
-التَّجَارِبُ الرَّجُلَ حَنْكًا و حَنَكًا تجربہ کار بنانا۔ هو مَحْنُوكٌ و حُنُكٌ۔
-الشَّيءَ سمجھنا' پختہ کرنا۔
(أَحْنَكَتْهُ) التَّجَارِبُ: سمجھدار بنانا۔
-فُلَانًا عن الأمرِ باز رکھنا۔
(حَنَّكَتِ) الأمُّ الصَّبِيَّ: چبائی ہوئی چیز بچے کے تالو کو ملنا۔
- فُلَانٌ الدَّابَّةَ چوپائے کے تالو کے اوپر برائے علاج کوئی سلائی وغیرہ لگا کر خون نکالنا۔
- السِّنُّ والتَّجَارِبُ الرَّجُلَ بڑھاپے یا تجربات کا کسی کو دانا بنانا۔
(احْتَنَكَ) الدَّابَّةَ چوپائے کے نچلے جبڑے میں کھینچنے کے لئے رسی باندھنا۔
-التَّجَارِبُ الرَّجُلَ حَنَّكَتْهُ۔
-الرَّجُلُ عقلمند اور شائستہ ہونا۔
- الشَّيءَ جڑ سے اکھاڑنا۔ کہا جاتا ہے "احْتَنَكَ الجَرَادُ الأرضَ" اور احْتَنَكَ مَا عِندَ فُلَانٍ۔
-فُلَانًا غالب آنا اور اپنی طرف مائل کرنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿لَأَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهُ إِلَّا قَلِيلًا﴾۔
(اسْتَحْنَكَ) تھوڑی خوراک کے بعد زیادہ خوراک والا ہو جانا۔
-الشَّجَرُ جڑ سے اکھڑ جانا۔
(الحَانِكُ) أَسْوَدُ حَانِكٌ کالا سیاہ۔
(الحِنَاكُ) وہ رسہ جو گھوڑے وغیرہ کی ٹھوڑی اور سر پر باندھا جائے (ج) حُنُكٌ۔
(الحَنَكُ) تالو (۲) منہ کے اندر کا بالائی حصہ (۳) ٹھوڑی (۴) نیچے کا جبڑا' هُمَا حَنَكَان ہے (۵) چونچ (۶) راہ گیروں کی وہ جماعت جو کسی جگہ یا شہر سے آب و دانہ حاصل کرے (ج) أحْنَاك۔
(الحُنْك) تجربہ و معاملات کی بصیرت (ج) احْنَاك۔
(الحُنُكُ) رجلٌ حُنُكٌ وہ دانا اور بابصیرت آدمی جسے تجربات نے پختہ کار بنا دیا ہو۔ امْرَأَةٌ

حُنْكٌ و حُنكةٌ۔
(الحُنُكةُ) الحُنك۔
(الحَنِيكُ) یہ تجربہ کار بزرگ (۲) بسیار خور۔
(ج) حُنُكٌ۔
(المحنكُ) الحِناك (ج) مَحَانِك۔
(حَنكَلَ) في المَشْيِ: بھاری قدموں سے آہستہ آہستہ چلنا۔
(الحُنكُلُ) پست قد (۲) بدمزاج (۳) کمینہ۔ (ج) حَنَاكِلُ۔
(الحَنكلةُ) من النساءِ: کالی بدشکل عورت (۲) بدمزاج عورت (ج) حَنَاكِلُ۔
(حَنَّ)۔ حَنِيناً: آواز نکالنا۔
-حَنَّتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا اپنے بچہ کے اشتیاق میں آواز نکالنا۔
-حَنَّتِ الرِّيَاحُ: ہواؤں کا اونٹ کی سی آواز نکالنا۔
-حَنَّتِ القَوسُ: تانت کھینچتے وقت کمان سے آواز نکلنا۔
حَنَّ العُودُ: بربط (ایک باجا) بجاتے وقت آواز نکالنا۔
-حَنَّ الرَّجُلُ: خوشی یا تکلیف کی وجہ سے آواز نکالنا۔
-إليه مشتاق ہونا۔
-عليه شفقت کرنا۔
(أحَنَّ) فلانٌ القَوسَ: کمان سے آواز نکالنا۔
(حَنَّنَ) القومُ باہم مشتاق ہونا۔
(حَنَّنَ) الشجرُ درخت پر کلیاں نکلنا۔
-مَا حَنَّنَ عَنِّي وہ مجھ سے نہ الگ ہوا نہ کوتاہی کی۔
(تحانّ) باہم ایک دوسرے کا مشتاق ہونا۔
(تَحَنَّنَ) عليه کسی پر ترس آنا۔
(استحَنّ) إلى الشَّيءِ مشتاق ہونا۔
الشوقُ فلاناً شوق کا کسی کو خوشی میں مست کر دینا۔
(التَّحْنَانُ) انتہائی مہربانی یا شوق۔
(الحانّةُ) اونٹنی۔
مالَه حانَّةٌ ولا آنَّةٌ اس کے پاس نہ اونٹنی ہے نہ بکری۔
(الحَنَانُ): دل کی نرمی (۲) رحم دلی۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿وَحَنَانًا مِنْ لَدُنَّا﴾۔
-حَنَانَكَ و حَنَانَيْكَ میں تیری رحمت و مہربانی چاہتا ہوں (۲) رزق اور خیر و برکت جو مہربانی اور رحمت کا نتیجہ ہو۔
-حَنَانَ اللهِ: اللہ کی پناہ۔
(الحَنَّانُ) رحیم و بے حد مہربان اللہ کی صفات میں سے ایک صفت (۲) خواہشمند (۳) فراخ دل جو اپنے سے کنارہ کرنے والے پر متوجہ ہو (۴) وہ تیر جو انگلیوں سے گھماتے وقت آواز دے (۵) واضح راستہ۔
-عُودٌ حَنَّانٌ: مست بنانے والا بربط (باجا)۔
(الحَنُونَةُ) وہ عورت جو اپنے بچے کے لئے تڑپتی ہو۔ یا اپنے پہلے خاوند کو یاد کر کے رنجیدہ ہو۔ (۲) آواز نکالنے والی کمان (صفة غالبة)۔
(الحَنَّةُ) حَنَّةُ الرَّجُلِ: بیوی (۲) اونٹ کی بلبلاہٹ یا گرج۔
(الحِنَّةُ) رحم دلی۔
(الحَنُونُ): مہربانی (۲) وہ عورت جو اپنے چھوٹے بچوں کی پرورش کی خاطر دوسرا نکاح کرے (۳) وہ ہوا جس کے چلنے کی آواز اونٹ کی آواز کے مشابہ ہو (۴) آواز نکالنے والی کمان۔
(الحَنِينُ): حد سے بڑھا ہوا شوق۔
(حَنَا) عليه - حُنُوًّا: شفقت کرنا۔
-المرأةُ على وَلَدِهَا: بیوہ عورت کا اپنی بچوں پر اس درجہ شفیق ہونا کہ وہ ان کی وجہ سے دوسری شادی نہ کرے اور ان پر پوری طرح توجہ دے۔
-الشَّيْءَ جھکانا۔
(حَنَى) العُودَ و غيرَه - حَنْيًا و حِنَايَةً موڑنا (۲) پھیلانا۔
-يَدَ الرَّجُلِ آدمی کا ہاتھ موڑنا۔
- القَوسَ کمان بنانا (۲) کمان میں تانت باندھ کر موڑنا (الفاعلُ حَانٍ والمفعولُ مَحْنُوٌّ و مَحْنِيٌّ)۔
(أحْنَى) عليه: مائل ہونا۔
(انحنَى): کبڑا ہونا، مڑنا۔
(تَحَنَّى) انحنَى۔
-على فُلانٍ: مہربانی، احسان کرنا۔
(الأحْنَى): کوزپشت، کبڑا ھی حَنْوَاء (ج) حُنْوٌ۔
(الحَانَاةُ) شراب کی دوکان یا کارخانہ۔
-حانويٌّ: شراب کی دوکان یا اسکا متعلق۔
(الحَانَةُ) شراب خانہ۔
-الحانِيُّ: شراب کی دوکان والا۔
(الحَانُوتُ): دوکان، شراب کی دوکان (ج) حَوَانِيت۔
(الحانيةُ): الحانِماة (۲) وہ اونٹ اور بکریاں جو گردنیں موڑ لیتی ہیں۔ (ج) حَوَانٍ۔
(الحَانِيُّ) شراب خانہ والا۔
(الحَانِيَّةُ) حانی کی تانیث (۲) شراب (۳) شراب بنانے یا بیچنے یا پینے والا۔
(الحِنْوُ): ہر ٹیڑھی چیز جیسے پسلی اور کجاوہ کی لکڑی (۲) وادی کا موڑ (۳) جانب طرف (۴) ابرو کے نیچے کی ہڈی (ج) أحْنَاءٌ حُنِيٌّ۔
(الحِنْوان) دو مڑی ہوئی لکڑیاں جو گیہوں کی منتقلی کے لئے جال میں لگی ہوتی ہیں۔
- أحْنَاءُ الأمورِ: پیچیدہ معاملات (۲) معاملات کے گوشے۔
(الحَنْوَاءُ) مِنَ الغَنَمِ: گردن موڑنے والی بکریاں۔
-من النوقِ: کوزہ پشت اونٹنی۔
(الحَنِيَّةُ) کمان (ج) حَنِيٌّ و حَنَايَا۔ کہا جاتا ہے (خَرَجُوا بِالحَنَايَا يَبْتَغُونَ الرَّمَايَا)۔
-ابنُ الحَنِيَّةِ کمان۔
(الحَوَانِي) تمام پسلیوں میں سب سے لمبی پسلی (ہر انسان کے ہر دو جانب دو دو پسلیاں ہوتی ہیں) واحد حَانِيَة۔
(المَحْنِيَةُ) وادی کا موڑ۔

-المُنحنَى وادی یا راستے کا موڑ۔

ح ۔۔۔۔ و

(حَابَ) ـُ حَوبًا گنہگار ہونا۔
کہا جاتا ہے حاب بکذا۔
(أحْوَبَ) إحْوَابًا گناہ کی طرف مائل ہونا۔
(حَوَّبَ) فُلانٌ کسی کا مال ضائع ہو کر پھر مل جانا۔
-بالإبلِ حوب حوب کہہ کر اونٹوں کو ڈانٹنا۔
تَحَوَّبَ گناہ چھوڑنا (۲) کفارِ سیئات کے لئے عبادت گزار ہونا۔
-مِنَ القَبِيحِ بری بات یا فعل سے بچنا۔
- من الشَّئِ کسی بات پر پچھتانا یا تکلیف محسوس کرنا۔
-فِي دُعائِه دعا میں عاجزی کرنا۔
-الأمّ علی وَلَدِها شفقت کرنا۔
(الحَوبُ) وحشت (۲) ضرورت مسکنت۔
(الحُوبُ) گناہ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَلَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَهُمْ إِلَى أَمْوَالِكُمْ إِنَّهُ كَانَ حُوبًا كَبِيرًا﴾ (۲) ہلاکت۔
(الحَوْبَاءُ) جان (ج) حَوْبَاوات۔
(الحَوْبَةُ) وہ رشتہ دار جس کی نافرمانی سے آدمی گنہگار ہو۔ جیسے والدین (۲) گناہ (۳) ضرورت (۴) غم (۵) حالت۔
(الحُوبَةُ) گناہ (۲) ماں کی طرف سے رشتہ دار (۳) کمزور مرد یا عورت (ج) حُوَبٌ۔
(حَاتَ) الطائرُ علی الشَّئِ وبه ـُ حَوَتَانًا و حَوْتًا: اردگرد چکر لگانا۔
(حَاوَتَهُ) دھوکہ دینا دھوکہ دے کر نکلنے کی کوشش کرنا (۳) مشورہ کرنا۔
(الحَائِتُ) بہت ملامت کرنے والا۔
(الحُوتُ) مچھلی چھوٹی یا بڑی (۲) مچھلیوں کی طرح کا پستان والا جانور (ایک جنس) (ج) حِيتَان و أحْوَات (۳) آسمان کا ایک برج۔
(الحَوْتَاءُ) ڈھیلے گوشت اور بڑی کوکھ والی عورت۔
(حَوْتَكَ) الرَّجُلُ ٹھگنے آدمی کی طرح چلنا۔
(الحَوْتَكُ) دبلا پست قد آدمی۔
(أحَاثَهُ) حرکت دینا منتشر کرنا۔
-الخَيلُ الأرضَ گھوڑوں کا زمین پر پیر مارنا اور کوٹنا۔
-فُلانٌ الأرضَ زمین کرید کر اس میں کوئی چیز تلاش کرنا۔
(حَاثَ بَاثَ) کہتے ہیں اس نے انہیں منتشر و متفرق حالت میں چھوڑا۔
تَرَكتُ الأرضَ حَاثَ بَاثَ: زمین کو اس حال میں چھوڑا کہ گھوڑوں نے اسے کرید ڈالا تھا۔
(حَوثُ) بمعنی حیث (ایک لغت)۔
(الحُوثُ) جگر اور اردگرد کا حصہ (۲) جگر کی رگ۔
(حَوثَ بَوثَ) کہتے ہیں: میں نے منتشر اور بکھرا ہوا چھوڑا۔
(الحُوثَاءُ) جگر اور اس کے اردگرد کا حصہ۔
(الحَوْثَمُ) متوسط لمبائی والا آدمی یا جانور۔
(حَاجَ) ـُ حَوْجًا ضرورت مند ہونا۔
حَاجَ إليه کہا جاتا ہے۔
(أحْوَجَ) إحْوَاجًا: حاج کہا جاتا ہے أحْوَجَ إليه۔
-فُلانًا الی کذا: کسی چیز کا محتاج بنانا۔
(حَوَّجَ) به عن الطريق: راستہ سے ہٹا دینا۔
(احْتَاجَ) حاج۔
إحْتَاجَ اليه بھی کہا جاتا ہے۔
إليه: کسی کی طرف مائل ہونا اور شفقت کرنا۔
(تَحَوَّجَ): اشیاء ضرورت تلاش کرنا۔
-خَرَجَ يَتَحَوَّجُ: فلاں تلاش معاش میں نکلا (۲) یکے بعد دیگرے ضرورت کی چیز تلاش کرنا (۳) محتاج ہونا۔
(الحَائِجُ): غریب ہونا۔
(الحَائِجَةُ) حائج کی مونث (۲) ضرورت کی شی جسے انسان تلاش کرتا ہے۔ (ج) حَوائج۔
(الحَاجَةُ): ضرورت (ج) حاجٌ و حَاجَاتٌ۔
(الحَوْجُ) غریب (۲) سلامتی۔
یقال للعاثر: حَوْجًا لَكَ ٹھوکر کھا کر گرنے والے کو کہتے ہیں تم بچو خدا تم کو سلامت رکھے۔
(الحَوْجَاءُ) ضرورت۔
كَلَّمَه فَمَا رَدَّ عَلَيه حَوجَاءَ وَلَا لَوجَاءَ اس نے اسے نہ اچھا جواب دیا اور نہ برا۔
مَافِي صَدْرِي حَوْجَاءُ وَلَا لَوجَاءُ میرے دل میں نہ کوئی شک ہے اور نہ شبہ۔
(المُحَوْجَبُ) بڑی بڑی ابرو والا۔
(الحَوْجَلَةُ) موٹے پیندے والی شیشی یا چوڑے منہ والی شیشی (ج) حَوَاجِلُ۔
(حَاذَ) عنه ـُ حَوْذًا ایک طرف ہونا۔
(حَاوَذَتْهُ) الحُمّى مُحَاوَذَةً بخار کا لوٹ لوٹ کر آنا۔
هُوَ يُحَاوِذُنَا بِالزِّيَارَةِ وہ وقفہ وقفہ سے ہم سے ملاقات کرتا ہے۔
-في الأمر غور و فکر کرنا۔
(حَاذَ) عَلَيهِ ـُ حَوْذًا حفاظت کرنا۔
-الشَّئَ گھیرنا (۲) غلبہ پانا۔
-الدَّوَابَّ تیز ہنکانا۔
(أحْوَذَ) تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے أحْوَذَ السَّيرَ
-الدَّوَابَّ تیز ہنکانا۔
-الشَّئَ جمع کرنا اور سمیٹنا۔
-القَصِيدَةَ نظم کو قاعدہ کے مطابق بنانا۔
(اسْتَحْوَذَ) عَلَی الشَّئِ قابض ہونا۔
- علی فُلانٍ غالب ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿اسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ فَأَنْسَاهُمْ ذِكْرَ اللَّهِ﴾
(الأحْوَذِيُّ): تمام معاملات میں چاق و چوبند اور قابو یافتہ (کہ کوئی چیز اس کی صلاحیت و قدرت سے باہر نہ ہو) (۲) ہر کام میں چست و پھرتیلا (۳) واقف کرنا۔
(الحَاذُ): پیٹھ۔
فُلانٌ خَفِيفُ الحَاذِ: کم مال اور کم افرادی کنبہ والا (۲) ایک ترش پودا جو ریتلی اور ہموار زمین میں پیدا ہوتا ہے اور اونٹ کی خوشگوار غذا ہے (ج) أحْوَازٌ۔

(الحِوَارُ) بُعد' دوری۔
(الحَودَانُ) ایک خوش مزہ پودا جس کا پھول سرخ رنگ کا ہوتا ہے۔
(الحُوذِیُّ) دوڑانے والا (۲) کوچ وان۔
(الحَوِیذُ) الأحْوَزِیُّ۔
(حَارَ) ـُ حَوْرًا و حُئُورًا۔ واپس ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿إِنَّهُ ظَنَّ أَنْ لَّن يَّحُوْرَ﴾ حار إلیہ بھی کہتے ہیں۔
-الشَّیُ کم ہونا۔
-حَارَ بَعْدَ مَا كَارَ: زیادتی کے بعد کمی ہوگئی۔ اسی سے ہے "أعُوْذُ باللهِ من الحَوْرِ بَعْدَ الكَوْرِ"۔
-الغُصَّةُ گلے میں پھنسے ہوئے لقمہ کا نیچے اُتر جانا۔
-الماءُ فی الغَدِیْرِ: تالاب میں پانی کا متحرک رہنا۔ (حَارَ فی أمْرِہٖ بھی کہا جاتا ہے)۔
-الثَّوبَ کپڑے کو دھوکر سفید کر دینا۔
(حَوِرَت) العینُ ـَ حَوَرًا آنکھ کی سفیدی کا زیادہ سفید اور سیاہی کا زیادہ سیاہ ہونا اور پتلی کا گول اور پلکوں کا باریک اور اس کے آس پاس کا سفید ہونا (۲) پوری آنکھ سیاہ ہونا (جیسے گائے اور ہرن کی آنکھیں ہوتی ہیں) کہا جاتا ہے "حَوِرَت المرأۃُ و حَوِرَ الظَّبیُ ھو أحْوَرُ وھی حوْراءُ (ج) حُوْرٌ۔
(أحارت) النَّاقَةُ اونٹنی کا بچہ والی ہونا۔
-الجوابَ جواب دینا۔
کہا جاتا ہے "سالہ فلم یُحِرْ جوابًا"۔
-الغُصَّةَ اٹکے ہوئے لقمہ کا نیچے اُترنا۔
(حَاوَرَہٗ) مُحاورۃ و حِوارًا گفتگو سوال و جواب کرنا (۲) مباحثہ کرنا۔
قرآن پاک میں ہے ﴿قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗ﴾۔
(حَوَّرَ) الدقیقَ أوْ الثَّوبَ سفید کرنا۔
-الأدِیمَ چمڑے کو سرخ رنگنا۔
-القُرْصَ ٹکیا یا روٹی کو بیلن سے پھیلا کر گول کرنا۔
الدَّابَّةَ و نحوَها جانور کو گول داغ لگانا۔
-الخُفَّ و نحوہٗ چمڑے کے موزے یا جوتے میں سرخ تلا لگانا۔
-الخُبْزَةَ و نحوَھا روٹی وغیرہ کو گول کرنا۔
-الشَّیَ کمی کرنا یا محروم کرنا۔
حَوَّرَ اللهُ فُلانًا۔ خدا کا کسی کو محروم کرنا۔ اور مال میں کمی کر دینا۔
حَومرَ فُلانُ الکلامَ: بدل دینا (محدثہ)
(تحاوروُا) باہم بات چیت کرنا۔ (۲) مباحثہ کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا﴾۔
(احْوَرَّ) گول ہو جانا (۲) آنکھ کا انتہائی سفید یا کالا ہونا۔
احْوَرَّتْ عینُہٗ بھی کہتے ہیں۔
(اسْتحارَہٗ) بولنے کے لئے کہنا۔
(الأحْوَرِیُّ) سفید اور ملائم یا نازک۔
(الحَائرُ) حیران و متردد (۲) دبلا کمزور۔
(الحَائرۃُ) حائر کی تانیث۔
مَا ھُوَ إلاّ حائرۃٌ مِن الحَوَائرِ: اس میں کوئی خیر نہیں۔
(الحُوَارُ) اونٹنی کا بچہ وقت ولادت سے دودھ چھڑانے تک (ج) أحْوِرَۃٌ۔
(الحِوارُ) گفتگو بات چیت بحث مباحثہ (۲) خاص موضوع پر مکالمہ۔
(الحَوارِیُّ) دھوبی کپڑے دھوکر سفید کرنے والا (۲) ساتھی اور حامی مددگار (ج) حَوارِیُّونَ۔
-الحَوارِیُّون حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے صحابی (مددگار ساتھی)۔
(الحُوْرُ) کمی و ہلاکت۔
-إنَّهُ فی حُوْرٍ و بُورٍ اسے کوئی اچھا کام نہیں آتا۔ وہ گمراہی میں ہے۔
-الباطِلُ فِی حُورٍ باطل ہمیشہ نقصان میں رہتا (۳) حَوْار کی جمع (۴) ایک سفید لکڑی (الأبلكاش) (ع)۔
(الحَوَرُ) آنکھ کی سفیدی اور سیاہی کی شدت (۲) بنات نعش (قطب شمالی میں نظر آنے والی سات ستاروں میں سے تیسرا) (۳) ایک پاؤڈر جو سیسہ کو جلا کر بنایا جاتا ہے اور عورتیں زیب و زینت کے لئے چہرے پر ملتی ہیں (۴) گائے (ج) أحْوَار (۵) چمڑا جو لال رنگ میں رنگ کر ٹوکریوں پر چڑھایا جاتا ہے (۶) سفید باریک چمڑے جن کے جامہ دان بنائے جاتے ہیں۔
(الحَوْراءُ)۔ گورے رنگ کی عورت (۲) جانور کی آنکھ میں چاروں طرف لگایا ہوا داغ (ج) حُوْرٌ۔
(الحُوْرِيَّةُ) پری (ایک خیالی اور افسانوی خوبصورت لڑکی جو سمندروں' نہروں اور جنگلات میں نظر آتی ہے) (۲) خوبصورت عورت (۳) ناتمام کیڑا جو بیضہ سے کیڑے کے پہلے مرحلے میں آیا (مج)۔
(الحُوَّارَی) میدہ' سفید آٹا' ہر وہ کھانا جو سفید کیا گیا ہو۔
(الحَوِیرُ) دشمنی' کشاکش' جیسے بَیْنَهُمَا حَوِیرٌ۔
كَلَّمْتُهُ فَمَا رَدَّ إلَیَّ حَوِیرًا میں نے اس سے بات کی تو اس نے کوئی جواب نہ دیا۔
(المَحَارُ) مرجع لوٹنے کی جگہ۔
(المَحَارَۃُ) واپسی کی جگہ (۲) سیپی وغیرہ۔
-من الأذُنِ کان کا اندرونی حصہ۔
(۳) اونٹ کے کھر کا کنارہ (۴) کولہے کا وہ گڑھا جس میں ران کا سرا گھومتا ہے (۵) مونڈھے کا وہ گڑھا جس میں بازو کا سرا گھومتا ہے (۶) سانس کی نالی (۷) معمار کا ایک اوزار جس سے مسالہ لگایا جاتا ہے اور پلاسٹر کیا جاتا ہے' کرنی۔
(المِحْوَرُ) دھرا' لوہے کی وہ موٹی سلاخ یا لاٹ جس پر پہیا یا چرخی گھومتی ہے۔ (۲) نان بائی کے لوہے کی وہ چھڑی جس کے ذریعہ تنور سے روٹی نکالتا ہے (۳) بیلن جس سے آٹے کے پیڑے کو پھیلا کر روٹی بنائی جاتی ہے۔ (۴) قطب' مدار' مرکز (۵) (فی الھندسہ) وہ خط مستقیم جو کرۂ ارض کے دونوں قطبوں کو ملاتا ہے۔ مِحْوَرُ الأرْضِ اسی سے ہے۔

- مِحْوَرُ الْأَبْزِيمِ بکسوے کا محور۔ (ج) مَحَاوِر کہتے ہیں قَلِقَتْ مَحَاوِرُہ اس کے معاملات دگرگوں ہو گئے۔
(المَحُورَةُ) جواب۔ "کہتے ہیں: کَلَّمْتُهُ فَمَارَدَّ إِلَيَّ مَحُورَةً"۔
(المَحُورَةُ) جواب۔
(حَازَ) فُلَانٌ ـُ حَوْزًا خراماں چلنا۔
- الشَّيْءَ ـُ حِيَازَةً اکٹھا کرنا' قبضہ میں لینا۔ (کہتے ہیں حَازَ الْمَالَ وَالْعَقَارَ حَازَہ الیه)۔
- الدَّوَابَّ حَوْزًا: نرمی سے ہانکنا (۲) نرمی سے پانی کی طرف لے جانا۔
(حَوَّزَ) الدَّوَابَّ الی الماءِ: چوپاؤں کو پانی کی طرف ہانکنا۔
(احْتَازَهُ) اپنا نا' مالک ہونا۔ "اِحْتَازَہ الی نفسه بھی کہتے ہیں"۔
(انْحَازَ) مطاوع حَازَ سمٹ کر آنا' یکجا ہونا۔ "انْحَازَ الیه بھی کہا جاتا ہے"۔
- القَوْمُ جانب دار ہونا' کسی کو اپنا مرکز و مرجع بنا لینا۔
- علی الشیئ: متوجہ ہونا۔
- عنه: الگ ہونا۔
(تَحَاوَزُوْا) فی الحَرْبِ: جنگ میں ہر ایک پارٹی کا دوسری سے الگ ہو جانا۔
(تَحَوَّزَ) چوپاؤں کا پانی کی طرف مائل ہونا۔
(۲) کام کا پختہ ہونا۔
- الرَّجُلُ ارادہ کے وقت اٹھنا بھاری ہونا۔
(۲) ٹھہرنا' توقف کرنا (۳) پیچ و تاب میں آنا
- عَنْهُ ایک طرف ہونا۔
(اسْتَحَازَهُ) مالک ہونا' قبضہ میں لینا۔
(الأَحْوَزُ) پھرتیلا ڈرائیور۔
(الأَحْوَزِيُّ) الأَحْوَزُ (۲) سیاہ (۳) کاموں میں پھرتیلا اور اچھے طریقے پر کام انجام دینے والا (۴) سنجیدہ کار ٹھوس کام کرنے والا۔
(الانْحِيَازُ) ملنا (۲) سیاسة عدمِ الإنْحِيَازِ: جدید اصطلاح کے مطابق غیر جانبداری' عدم شمولیت' کسی بھی پارٹی کے ساتھ نہ ملنا۔
(الحَوْزُ) آہستہ یا تیز چلانا (۲) ملکیت قبضہ (۳) احاطہ کی ہوئی زمین جس میں دوسرے کا کوئی دخل اور حق نہ ہو (۴) اچھی یا بری فطرت۔
(الحَوْزَاءُ) سب افراد کو متحد کرنے والی لڑائی۔
(الحَوْزَةُ) کونہ' گوشہ۔
- حَوْزَةُ الرَّجُلِ ملکیت و قبضہ۔
- حَوْزَةُ الإسْلَامِ اسلامی حدود اور اس کے گوشے (۲) بغیر گٹھلی کے انگور۔
(الحُوزِيُّ) لوگوں سے الگ تھلگ فروکش ہونے والا (۲) مدبر جو کاموں کو ہوشیاری سے ادا کرے (۳) سنجیدہ کار۔
(الحُوَيْزَاءُ): اپنے ساتھی سے چھپایا ہوا ذخیرہ۔
(الحِيَازَةُ): قبضہ' ملک (۲) کاشت والی زمین۔
(الحَيِّزُ) متحد جمع (۲) جگہ (۳) دائرہ۔
(۴) وہ جگہ جسے جسم گھیرے ہوئے ہو۔ (۵) حفاظت۔
هو فی حَيِّزِ فُلَانٍ: فلاں کی حفاظت میں رہے۔
(حَاسَتِ) الغارةُ ـُ حَوْسًا: حملہ کا بکھر جانا۔
- الرَّجُلُ بہادر اور ثابت قدم رہنے والا۔
هو حائسٌ و حَوَّاسٌ۔
- الأَمْرُ فُلَانًا کسی پر کسی بات کا غلبہ ہو جانا۔
حضرت عمر فاروق h کی حدیث میں ہے کہ انہوں نے ابو عدبس سے کہا "بَلْ تَحُوسُكَ فِتْنَةٌ"۔
- القَوْمُ البَلَدَ فساد پھیلانا۔
- الذِّئْبُ الغَنَمَ بھیڑیے کا بکریوں میں گھس کر ان کو منتشر کر دینا۔
حَمَلَ عَلَى القَوْمِ فَحَاسَهُمْ اس نے لوگوں پر حملہ کر کے ان کو بھگا دیا یا ان کی توہین کی۔
حَاسَهُمْ خَطْبٌ كَرِيهٌ بڑی مصیبت کا آ گھیرنا۔
- الفِتْنَةُ فُلَانًا جذبہ فساد کا دل میں پیدا ہونا اور آمادہ بہ فساد ہونا۔ (کہا جاتا ہے حاسه علی الفتنة)۔
حاسُوا العدوَّ ضربًا حتّی أجهضوهُ عن أثقاله دشمن پر ضرب کاری لگانا۔
- المرأةُ ذَيْلَهَا عورت کا دامن کو کھینچتے اور گھسیٹتے ہوئے چلنا۔
هُمْ يَحُوسُونَ ثِيَابَهُمْ وہ کپڑوں کا زیادہ استعمال کر کے خراب کرتے ہیں۔
(حَوِسَ) ـَ حَوَسًا دلیر اور بہادر ہونا۔ (۲) اپنی جگہ کامیابی تک ڈٹے رہنا (۳) خوراک بڑھنا اور پیٹ نہ بھرنا۔
هو أحوسُ وهی حَوْسَاءُ (ج) حُوسٌ۔
(حَاوَسَتِ) المرأةُ الرِّجَالَ عورتوں کا مردوں سے اختلاط کرنا۔
(تَحَوَّسَ) فی الکلام تیاری اور جرأت سے بات کرنا (۲) سستی کرنا اور دیر لگانا۔
(اسْتَحْوَسَ) سستی کرنا اور دیر کرنا اور رکنا۔
(الأَحْوَسِيُّ) برقرار۔
- غَيْثٌ أَحْوَسِيٌّ مسلسل بارش۔
(الحائس) بارش (ج) حُوَّسٌ۔
حَاسَتْهُمُ الخُطُوبُ الحُوَّسُ ان کو مصیبتوں نے گھیر لیا۔
(الحُوَاسَةُ) خون کا مطالبہ کرنے والی قرابت (۲) غارت' یورش (۳) غنیمت (۴) حاجت و ضرورت (۵) مختلف لوگوں کی جماعت۔
(الحَوَّاسُ) جنگ میں لوگوں کے نام لے کر پکارنے والا۔
- إِنَّهُ لَحَوَّاسٌ عَوَّاسٌ وہ رات میں خوب بلاتا اور مطالبہ کرتا ہے۔
(حَاشَ) الدَّوَابَّ ـُ حَوْشًا چوپاؤں کو اکٹھا کر کے ہنکانا۔
- القَوْمُ الصَّيْدَ شکار کو پکڑنے کے لئے ہر طرف سے گھیرنا (کہا جاتا ہے أَحَاشَ الصیدَ علیه)۔
- اللِّصَّ و نَحْوَهُ چور وغیرہ کو پکڑ لینا اور ... ی سے باز رکھنا (محدثہ)۔

(حَاشَ) الصیدَ شکار کرنے میں مدد دینا۔
(حَاوَشَهُ) علی الأمرِ کسی کام کے لئے برانگیختہ کرنا۔
-الرّجُلُ البَرقَ و المطَرَ بجلی اور بارش سے جہاں کہیں ہو وہاں رہنا۔
(حَوَّشَ) المالَ و نحوَهُ مال جمع یا ذخیرہ کرنا
(حَتَوَّشَ القَوْمُ الصَّیْدَ) لوگوں کا شکار کو پکڑنے کے لئے ہر طرف سے گھیرنا۔
-الشیَ و علیه چاروں طرف سے گھیر کر بیچ میں کر لینا۔
(تَحَاشَ) تنگ ہونا۔
-عنه و منه الگ ہونا بچنا۔
فُلانٌ لا یتحاشی من شیءٍ فلاں کسی بات کی پرواہ نہیں کرتا۔
(تَحَاوَشُوا) الشیءَ بینهم کسی شیء کو اپنے بیچ میں لے لینا۔
(تَحَوَّشَ) منه شرم کرنا۔
-عنه دور ہونا۔
-فلانةٌ من زوجها عورت کا بیوہ ہو جانا۔
(الحَائِشُ) درختوں کا جھنڈ خاص کر کھجور کے درختوں کا جھنڈ (۲) پیر کے تلوے کے قریب ایک پھنسی۔
(الحُوَاشَةُ) ضرورت (۲) گناہ اور ہر قابل شرم فعل۔
(الحَوْشُ) گھر کا صحن (۲) جانوروں کی باڑہ نما جگہ جہاں جانوروں اور دیگر اشیاء کو محفوظ کیا جاتا ہے۔ (محدثة)۔
(الحُوشُ) جنگلی اونٹ۔
رجلٌ حُوشُ الفؤاد تیز فہم اور مضبوط دل کا آدمی۔
(الحُوشِيُّ) من الكلام نامانوس اور عجیب کلام۔
-من اللیالی خوفناک تاریک رات۔
رَجُلٌ حُوشِيٌّ وحشی قسم کا آدمی جو لوگوں سے ملتا جلتا نہ ہو۔
(المَحَاشُ) گھر کا سامان (۲) گھر کے لئے جمع کیا ہوا سامان۔

(الحَوْشَبُ) وہ ہڈی جو جانور کے کھر میں پنڈلی اور پٹھے کے درمیان ہوتی ہے (۳) کلائی کی ہڈی (۲) سم کے اندر کا حصہ (۴) نر خرگوش (۵) گائے وغیرہ کا بچہ (۶) پتلے پیٹ والا (۷) بڑے پیٹ والا جس کے دونوں پہلو پھولے ہوئے ہوں (۸) لوگوں کا گروہ۔
(الحَوْشَبَةُ) لوگوں کی ایک جماعت۔
(الحَوْشَكَةُ) گھر وغیرہ کی طرف سے آنے والا شور مختلف اور غیر مفہوم آوازیں۔
(حَاصَ) الثَّوبَ و نحوه ــُ حَوْصًا سلائی کرنا۔
-بین الشیئین تنگ کرنا۔
-حَوْلَهُ چاروں طرف گھومنا۔
(حَوِصَ) الرَّجُلُ ــَ حَوَصًا گوشۂ چشم کا اتنا تنگ ہونا کہ سلا ہوا معلوم ہو (۲) ایسا ہونا کہ ایک آنکھ تنگ اور دوسری ٹھیک ہو۔ هو احْوَصُ هي حوصاءُ (ج) حُوصٌ۔
(حَاوَصَهُ) چوری سے آنکھ کے ایک گوشے سے دیکھنا۔
(احْتَاصَ) فی الأمر محتاط ہونا۔
(المِحْوَاصُ) لکڑی کی سوئی سینے کا آلہ۔
(الحَوْصُ) سلی ہوئی چیز (۲) مروڑ۔
-لَأَطْعَنَنَّ فی حَوْصِهِ میں اس کے سیے ہوئے کو ادھیڑ ڈالوں گا اور اس نے جو ٹھیک کیا ہے میں اسے خراب کر ڈالوں گا۔
-ما طعنتُ فی حَوْصِهِ میں اس کا ارادہ کرنے میں کامیاب نہیں ہوا۔
(الحِیَاصَةُ) جانور کا تنگ، وہ تسمہ جو گھوڑے کے سرین کے گرد گاڑی کھینچنے کے لئے باندھا جاتا ہے۔
(حَوْصَلَ) پرندے کا اپنے پوٹے (معدے) کو بھرنا۔
-الأنسانُ و غیرہ آدمی وغیرہ کے پیٹ کے نچلے حصہ کا باہر نکل آنا۔
(الحَوْصَلُ) پوٹا جو پرندہ کے لئے انسان کے معدہ کی جگہ ہوتا ہے (۲) گھر کا اسٹور وہ کمرہ جس میں خورد و نوش وغیرہ کا سامان رکھا جاتا ہے (۳) حوض کی نچلی سطح جس میں پانی رہتا ہے (۴) وہ بکری جس کے پیٹ کا وہ حصہ بڑا ہو جو ناف سے اوپر ہوتا ہے (ج) حَوَاصِلُ۔
(الحَوْصَلَةُ) الحَوْصَل۔
-من الأنسان و غیرہ انسان وغیرہ کا مثانہ تک پیٹ کا زیریں حصہ۔
-من الحَوْضِ حوض کی نچلی سطح۔
(۲) وہ بکری جس کا پیٹ بڑا ہو۔
ناقَةٌ ضَخمَةُ الحَوْصَلَةِ بڑے پیٹ والی اونٹنی (۲) روپے وغیرہ رکھنے کا ڈبہ نما ظرف (دیکھئے ح ص ل) (ج) حَوَاصِل۔
(حَاضَ) الماءَ ــُ حَوْضًا پانی جمع کرنا۔
(حَوَّضَ) حوض بنانا۔
-الماءَ پانی جمع کرنا۔
-حوله چکر لگانا۔
(احْتَاضَ) حوض بنانا۔
(اسْتَحْوَضَ) فُلانٌ حوض بنانا۔
-الماءُ پانی جمع ہو جانا۔
(الحَوْضُ) پانی جمع ہونے کی جگہ۔
-من الأذن کان کا اندرونی حصہ۔
(۲) زمین یا کھیتی کا مخصوص و محدود حصہ۔
-حَوْضُ البَحْرِ سمندر کے ساحل پر واقع ممالک یا شہر۔
-حَوْضُ النَّهْرِ نہر کے آس پاس کا علاقہ جس میں نہر کا پانی چلتا اور سیراب کرتا ہے۔
الحوضُ الجافُّ وہ سمندری مستقل حصہ جس کا پانی نکال دیا گیا ہو اور اس میں جہازوں کی مرمت ہوتی ہو، بحری جہازوں کا یارڈ۔
(ج) أحواض و حِیَاض و حِیضَان۔
(المُحَوَّضُ) حوض (۲) کھجور کے گرد وہ گڑھا جس میں پانی بھرا جائے۔
(حَاطَ) القومُ بالبَلَدِ ــُ حَوْطًا و حِیْطَةً و حِیطَةً و حِیَاطَةً گھیراؤ کرنا۔
(حاطت به الحبل کہا جاتا ہے)۔
-الصبیَّ بچے کے پیٹ پر نظر بد سے بچانے

کے ئے پڑھا ہوا ڈورا باندھنا۔
-الشَّیْءَ حفاظت کرنا' دیکھ بھال کرنا۔
(أحاطَ) الحائطَ دیوار بنانا۔
-القومُ بالبلد لوگوں کا شہر کے گرد گھیرا ڈالنا۔
أحاطت به الخیلُ بھی کہا جاتا ہے۔
-بالأمرِ کسی بات کا پورا علم رکھنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿أَحَطْتُ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهِ﴾ اور "واللهُ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ"۔
-الشَّیْءَ ہر طرف سے گھیرنا۔
-بالقوم. روکنا قرآن پاک میں ہے۔ ﴿إِلاَّ أَنْ يُحَاطَ بِكُمْ﴾۔
-الخطیئةُ بفلان گناہ کا کسی پر مسلط ہو جانا اس سے بچ نہ سکنا۔
(أُحِیطَ) بفلانٍ ہلاکت کے قریب ہونا (۲) ہلاک ہو جانا۔ قرآن عزیز میں ہے: ﴿وَأُحِيطَ بِثَمَرِهِ﴾۔
(حاوَطَه): کسی سے ایسے معاملہ پر مصر ہونا جس سے وہ انکار کرتا ہو (کسی کام کے لئے کسی کو) گھیرنے کی کوشش کرنا۔
(حَوَّطَ) حائطًا دیوار بنانا۔
-کَرْمَه انگوری بیل کو دیوار سے گھیرنا۔
-الصَّبِیَّ بچہ کے پیٹ پر حفاظت کے لئے پڑھا ہوا دھاگا باندھنا۔
-حَوَّلَ الشَّیْءَ مٹی ڈال کر ہر طرف سے گھیرنا۔
-حَوَّلَ الأمرِ چکر لگانا۔
-الشَّیْءَ حفاظت کرنا' دیکھ بھال کرنا۔
(احتاطَ) لِلأمرِ: مصلحت اندیشی سے کام لینا۔ کہا جاتا ہے (إحتاطَ لنفسه و للشیءِ)۔
-به الخَیْلُ گھوڑوں کا کسی قوم وغیرہ کو گھیر لینا۔
(تَحَوَّطَه) حفاظت کرنا۔
(استَحاطَ) فی الأمرِ: انتہائی احتیاط سے کام لینا۔
(التَّحْوِیطَة) الحوطةُ تعویذ۔
(الحَائِطُ) دیوار (۲) باغ (ج) حِیطَانٌ و حَوَائِطُ۔

(الحُوَاطَةُ). غلہ وغیرہ محفوظ کرنے کی کوٹھری۔
(الحَوْطُ) وہ دھاگہ جس میں سیپ یا چاندی وغیرہ کے مہرے پڑے ہوتے ہیں اور وہ دو رنگ کا بنا ہوا ہوتا ہے۔ نظر بد سے بچے کو بچانے کے لئے بچہ کے پیٹ اور کمر پر باندھا جاتا ہے۔
(الحِوَطُ) فرائض کے دراہم کی کمی کو پورا کرنے والی چیزیں۔
(الحَوْطَةُ) احتیاط۔
(الحُوطَةُ) ایک کھیل جس میں کھلاڑی ایک دوسرے کے گرد گھومتے ہیں۔
(الحُوَّاطُ) حُوَّاطُ الأمرِ: کسی کام کی بنیادی چیزیں جن پر اس کا مدار ہو۔
(الحَیْطَةُ، الحِیطَةُ) احتیاط۔
-لَدَی فُلان حَیْطَةٌ لَکَ: تمہارے لئے فلاں کے دل میں شفقت ہے۔
(الحَیِّطُ) رجلٌ حَیِّطٌ. اپنے اہل وعیال کی دیکھ بھال کرنے والا۔
(المَحَاطُ). حفاظت گاہ جہاں مال یا لوگوں کی حفاظت کی جائے۔
(المُحِیطُ). بڑا سمندر جو خشکی کو گھیرے ہو (ج)۔
(حافَ) فُلانٌ الشیءَ ـُ حَوْفًا کسی شی کے کنارہ پر ہونا۔
(حَوَّفَه) کنارہ پر کرنا۔
-النَّبَاتُ المکانَ: کسی جگہ کے چاروں طرف گھاس اگنا۔
(تَحَوَّفَ) کنارہ پر آنا یا ہونا۔
-الشَّیْءَ کسی شی کو اس کے کناروں سے لینا (۲) کنارہ لینا (۳) کم کرنا۔
(الحَافَةُ) طرف' کنارہ' پہلو۔
- من الشیءِ کنارہ طرف جانب (۲) ضرورت (۳) زندگی کی سختی۔
(الحَوْفُ) گوشہ' جانب (۲) بچی کے پہننے کی فراک (ج) أحْوَافٌ۔
(حَوْفَزَ) الصَّبِیَّ بچہ کو دونوں ٹانگوں کے کناروں پر بٹھا کر اوپر اٹھانا۔

(حَاقَ) البَیْتَ و نحوَه ـُ حَوْقًا گھر میں جھاڑو دینا۔
(حَوَّقَ) علیه کسی سے غیر واضح اور بے ربط گفتگو کرنا۔
حَوَّقَ علیه کلامَه بھی کہا جاتا ہے۔
-رأسَه سر کو بیچ سے مونڈنا۔
(احتَاقَ) مالَه من ورائه مال اڑا دینا۔
(الحُوَاقَةُ) جھاڑو سے نکالا ہوا کوڑا۔
(الحَوْقُ) بڑا مجمع۔
(الحَوْقَةُ) بڑا مجمع۔
(الحُوْقُ) گول چوکھٹا۔
(المِحْوَقَةُ) جھاڑو (ج) مَحَاوِقُ۔
(حَوْقَلَ) حَوْقَلَةً و حِیقَالاً دونوں کوکھ پر دونوں ہاتھ رکھنا (بڑھاپے وغیرہ کی وجہ سے سہارے کے لئے) قدم مدکر تیز چلنا (۲) تھک کر کمزور ہو جانا۔
-فُلانٌ لاحَوْلَ وَلا قُوَّةَ إِلاَّ باللهِ کہنا۔
-الشَّیْءَ أو فُلانًا دھکیلنا' دھکا دینا۔
(الحَوْقَلُ) کمزور عمر رسیدہ آدمی۔
(الحَوْقَلَةُ) لمبی گردن کی بوتل (جو پانی پلانے کے لئے ہوتی ہے (۲) لا حول ولا قوة الا بالله کہنا۔ (ج) حَوَاقِلُ۔
(حَاكَ) الشیءُ فی صَدْرِه أو قلبه ـُ حَوْكًا دل میں بیٹھنا۔ اسی سے ہے "الإثْمُ مَا حَاكَ فِي صَدْرِكَ وَكَرِهْتَ أَنْ يَطَّلِعَ عَلَيْهِ النَّاسُ"۔
-الثوبَ حِیاكَةً بننا۔
-المَطَرُ الرَّوْضَ بارش کا باغ کے پودوں اور پھولوں کو بڑھانا۔ هو حَائِكٌ (ج) حَاكَةٌ۔
(أحَاكَ) مَا أحَاكَ سَیْفُه تلوار کاٹ نہیں سکی۔
- ما أحاكَتْه أسنانِی وما أحاكَتْ فیه اسے میرے دانتوں نے نہیں کاٹا' میرے دانتوں نے اس پر اثر نہیں کیا۔
(تَحَوَّكَ) بالثوب کپڑے کا بوجھ بنا یعنی کمر اور پنڈلیوں سے سہارے کے لئے باندھ کر اکڑوں بیٹھنا۔
(الحَوْكُ). شکل نمونہ هذا علی حَوْكِ ذاكَ

یہ شکل یا عمر میں اس جیسا ہے (۲) بنا ہوا کپڑا۔
(الحَوْكَةُ) شباہت۔
- هُمْ نَاسٌ لَيْسَ عَلَيْهِمْ حَوْكَةُ هٰؤُلَاءِ الْقَوْمِ وہ ایسے لوگ ہیں کہ ان سے ان لوگوں کو کوئی مشابہت نہیں۔
(الحِيَاكَةُ) پارچہ بنانے کی صنعت۔
(المَحْوَكَةُ) لڑائی۔
- تَرَكَهُمْ فِيْ مَحْوَكَةٍ میں نے ان کو لڑتے ہوئے چھوڑا۔
(حَالَ) الشَّيْءُ ـُ حَوْلاً کسی شی پر ایک سال گزرنا۔
- الحَوْلُ سال مکمل ہونا۔
- الشَّيْءُ بدل جانا (ایک حال سے دوسرے حال میں)۔
- فِي ظَهْرِ دَابَّتِهٖ و عَلَيْهِ جانور پر کود کر سوار ہونا (حَالَ على الفرس) بھی کہتے ہیں۔
- عن ظَهْرِ دابّتِهٖ گر جانا۔
حال عن العَهْدِ عہد و پیمان سے پھر جانا۔
- الشَّيْءُ بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ حَوْلاً و حَيْلُوْلَةً حائل ہو جانا، دو چیزوں کو الگ الگ کرنا۔
- النَّخْلَةُ حُئُوْلاً کھجور کے درخت پر ایک سال چھوڑ کر پھل آنا۔
- النَّاقَةُ نر کا اونٹنی سے جفتی کرنا اور اس کا حاملہ ہونا۔
(حَوِلَتْ) عَيْنُهٗ او طرفه ـَ (تَحْوَلُ)۔
حَوَلاً آنکھ کا ترچھا ہونا، بھینگا ہونا۔ هو أحْوَلُ وهي حَوْلاءُ (ج) حُوْلٌ۔
(أحْوَلَ) الشَّيْءُ کسی شی پر ایک سال گزر جانا۔
أحْوَلَ الصَّبِيُّ بچہ ایک سال کی عمر کا ہو گیا۔
- الدَّارُ گھر کا بدل جانا کئی سال گزر جانا۔
- بالمكان کسی جگہ ایک سال قیام کرنا۔
- المَرْأةُ او النَّاقَةُ مادہ کے بعد نر جننا یا اس کا عکس۔ هي مُحْوِلٌ۔
- عَيْنَهٗ آنکھ کو بھینگا کرنا۔
(أحَالَ) کسی چیز پر پورا سال گزر جانا۔
الدَّارُ گھر کا بدل جانا اور اس پر کئی سال گزر جانا۔ (۲) گھر والوں کا ایک سال قبل گھر سے غائب ہونا (هي مُحِيْلَةٌ)۔
- عليه الحَوْلُ سال گزر جانا۔
- الشَّيْءُ أو الرجلُ ایک حال سے دوسرے حال میں آ جانا۔
- المَرْأةُ و النَّاقَةُ اونٹنی کا حاملہ ہونا۔
- بالمكان ایک سال قیام کرنا۔
- الرَّجُلُ کسی کی اونٹنیوں کا غیر حاملہ رہنا۔
(۲) اپنے کلام میں دو متضاد باتیں جمع کرنا۔
- النَّاقَةُ اونٹنی کا حاملہ نہ ہونا۔
- عليه بالكلامِ بات چیت کے لئے متوجہ ہونا۔
- عليه بالسَّوْطِ کوڑا لے کر مارنے کے لئے کسی کی طرف متوجہ ہونا۔
- عليه کمزور سمجھنا۔
- في ظَهْرِ دابَّتِهٖ و عليه سواری کے جانور پر کود کر سوار ہونا۔
- الغَرِيْمَ قرض خواہ کو اپنے بجائے دوسرے شخص کے سپرد کرنا کہ وہ قرض ادا کرے۔
- الشَّيْءَ منتقل کرنا۔
- العَمَلَ الى فُلانٍ کسی کے کوئی کام سپرد کرنا۔
- القَاضِيُ القَضِيَّةَ الى مَحْكَمَةِ الجِنَايَاتِ قاضی یا مجسٹریٹ کا کسی مقدمہ کو عدالت فوجداری میں بھیجنا۔
- الماءَ في الجَدْوَلِ پانی گول یا چھوٹی معاون نہر میں پھینکنا یا چھوڑنا۔
- عليه الماءَ کسی پر پانی انڈیلنا۔
(حَاوَلَ) الأمْرَ مُحَاوَلَةً و حِوَالاً کوشش کر کے دیکھنا (۲) دھوکہ یا حیلہ سے لینے کی کوشش کرنا۔
(حَوَّلَ) الشَّيْءَ بدلنا یا ایک جگہ یا حالت سے دوسری جگہ یا حالت میں منتقل ہونا۔
- فُلانٌ الشَّيْءَ الى غيره دوسرے کی طرف منتقل کرنا۔
- الأرْضَ زمین کو ایک سال چھوڑنا تاکہ وہ طاقتور ہو جائے۔
- الشَّيْءَ ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلنا۔
- الأمْرَ محال بنانا۔
(احْتَوَلَه) القومُ اپنے بیچ میں لینا۔
(احْتَالَ) الشَّيْءُ کسی چیز پر ایک سال گزرنا۔
- فُلانٌ کوئی چیز چال اور حیلہ سے لینا۔
- الأرْضُ زمین پر بارش نہ ہونا۔
- عليه بالدَّيْنِ قرض کسی کے ذمہ کر دینا۔
(تَحَوَّلَ) منتقل ہونا (ایک جگہ سے یا ایک حالت سے)۔
- عن الشَّيْءِ پھر جانا (۲) کسی کی طرف سے رخ پھیر کر دوسرے کی طرف کر لینا۔
- فُلاناً بالنَّصِيْحَةِ والوَصِيَّةِ والموعِظَةِ کسی کے پند و نصیحت قبول کرنے کی توقع رکھنا۔ اسی سے ہے ''(كَانَ الرَّسُوْلُ صلى الله عليه وسلم يَتَحَوَّلُنَا بِالْمَوْعِظَةِ) (ایک دوسری روایت میں يتخوّلنا خاء کے ساتھ ہے)۔
(اسْتَحَالَ) الشَّيْءُ بدل جانا (۲) سیدھا ہونے کے بعد ٹیڑھا ہونا (۳) ایک حالت یا صفت سے دوسری حالت یا صفت میں منتقل ہونا۔
- الشَّيْءُ ناممکن بنانا۔
(الاحْتِيَالُ) (في القانون) دھوکہ دہی، مکر حیلہ گری سے مال دبانا۔
(التَّحَاوِيْلُ) وقفہ جاتی مال۔
هذه امرأةٌ لا تَلِدُ إلاّ تَحَاوِيْلَ یہ عورت ایک سال جنتی ہے دوسرے سال نہیں۔
ارض لاتزرع إلا تحاويلَ یہ زمین ایک سال بوئی ہے دوسرے سال نہیں۔
(الحَائِلُ) تغیر پذیر (۲) اونٹنی کا فوری پیدا شدہ بچہ (۳) حاملہ نہ ہونے والی ہر مادہ کہا جاتا ہے'' (امرأةٌ حائلٌ، ناقةٌ حائلٌ و نخلةٌ حائلٌ) (ج) حُوْلٌ حِوَلٌ حِيَالٌ۔
(الحَالُ) موجودہ وقت (جس میں تم موجود ہو) (۲) وہ کپڑا جس میں گھاس کو اکٹھا کیا جائے (۳) دودھ۔

حالُ الدّهر انقلاب۔
حالُ الشّیٔ صفت' کیفیت وحالت۔
حالُ الأنسان انسان کے مختلف احوال و کیفیات (۲) بچوں کے دو پہیے کی گاڑی جس سے وہ چلنا سیکھتے ہیں۔
والحالُ (فی الطبیعة) سائنس وحرارت میں برودت اور یبوست و برودت کی کیفیت کے سریع ازوال ہونے کا نام ہے (مج)۔
(فی علم النفس): اس کیفیت طاریٔ کا نام جو ابھی پختہ نہ ہوئی ہو (مج)۔
(فی النحو) زمانہ حاضر۔
(۲) فاعل کی حالت بوقت وقوعِ فعل۔
فاعل اور مفعول میں سے جس کی حالت بیان کی جائے وہ ذوالحال ہے۔
(وفی البلاغة) اس امر کو کہتے ہیں جو کلام فصیح اور مخصوص طریقہ اور کیفیت کے مطابق لانے کا داعی اور سبب ہو۔ اسی کو مقتضائے حال کہتے ہیں۔ (ج) أحوالٌ و أحْوِلَةٌ۔
(الحالَةُ): الحال حالت' کیفیت۔
(الحَوال) اردگرد۔
قَعَدَ حوالَ الشّیٔ چاروں اطراف۔
رأیتُ النَّاسَ حَوَالَیهِ: میں نے لوگوں کو اس کے چاروں طرف گھومتے ہوئے دیکھا۔
حَوَالُ الدَّهرِ انقلاب۔
(الحِوالُ) دو چیزوں کے درمیان رکاوٹ۔
(الحَوالَةُ) مقروض کی اپنے غیر کی طرف منتقلی (۲) ایک نہر سے دوسری نہر میں پانی کی منتقلی (۳) گواہی (۴) ضمانت (۵) وہ رقعہ جس کے ذریعہ مال ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیا جائے۔
(الحَوالِیُّ - الحُوَالِیُّ) انتہائی مکار۔
(الحَوْلُ) حرکت تغیر (۲) سال (ج) أحْوَال۔ (۴) مہارت' دور بینی (۵) صلاحیت کار۔ صحیح طور پر انجام دہی کی قدرت۔
-من الشّیٔ اطراف چہار جانب۔ کہتے ہیں (رأیتُ النّاسَ حَوْلَه و حَوْلَیه و أحْوالَه)۔
(الحَوْلُ) دو چیزوں کے درمیان حائل چیز (۲) انتہائی چال باز۔
(الحَوْلُ) صلاحیت کار (۲) زمین میں وہ لمبا شگاف یا گڑھا جس میں ایک لائن سے کھجور کے درخت لگائے جاتے ہیں (۳) ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقلی۔
-هذا من حَوْلِ الدَّهرِ: یہ عجائبات زمانہ میں سے ہے۔
(الحَوْلیُّ) حائل چیز دو چیزوں کے درمیان (۲) نجیبگاپن۔
(الحولاءُ) اونٹنی کی وہ ریزش جو بوقت پیدائش بچہ کے ساتھ باہر آتی ہے اور اسے کاٹ دیا جاتا ہے (۲) بوقت پیدائش بچہ کے سر پر نکلنے والا پانی۔
(الحُوَلاءُ) حُولاء الدَّهرِ عجائبات زمانہ۔
(الحَوْلانُ) الحُولاءُ۔
(الحُوَلَةُ) من الرّجال: مکار آدمی (۲) عجیب وغریب شیٔ (کہا جاتا ہے "هَذا مِنْ حُولَةِ الدَّهرِ)۔
(الحُوَلَةُ) من الرّجال الحُوَلَةُ۔
(الحَوْلیُّ) سم والا یا غیر سم والا جانور جس پر ایک سال گزر گیا ہو (کہا جاتا ہے "مُهرٌ حَوْلِیٌّ و نَبْتٌ حَوْلیٌّ) (ج) حَوَالِیٌّ و حَوَالِيَّةٌ۔
(الحَوّال) وہ چھوٹی نہر جس کے ذریعے پانی ایک طرف سے دوسری طرف جائے۔
(الحُوَّلُ) تلون مزاج آدمی جو ایک حالت پر قائم نہ رہتا ہو (۲) زبردست حیلہ گر۔
(الحِيالُ) وہ ڈوری جو اونٹ کی اگلی پٹی سے پچھلی تک بندھی ہوئی ہو (۲) سامنا۔
- کذا: کسی چیز کے سامنے۔
(الحِيلَةُ) صلاحیت کار (۲) ایسا ماہرانہ طریقہ جو ظاہر سے ہٹ کر مقصد تک پہنچنے کی سمت میں بنی ہو (۳) دھوکہ۔ (ج) حِوَلٌ و حِيَلٌ۔
(الحَيّالُ) حیلہ گر۔
(المُحالُ): وہ آدمی جس پر کام منتقل کیا جائے (۲) جس کے لئے منتقلی کی جائے۔
(المِحَالُ) صلاحیت' مہارت۔ قرآن عزیز میں ہے (وهُوَ شَدِيدُ المِحَالِ)
(المُحَالُ) ہر وہ چیز جس کا نتیجہ فساد اور بگاڑ ہو جیسے کسی جسم میں حرکت و سکون کا جمع ہونا سبب فساد ہے۔
-من الأشياء جس کا وجود ناممکن ہو۔
-من الکلام وہ کلام جو اصل چھوڑ کر دوسری ہیئت اختیار کر گیا ہو یا بگڑا ہوا کلام۔
(المَحَالَةُ) چال (۲) رہٹ نما ایک آلہ سیرابی (۳) روئی (جس کے ذریعے گھاس کاٹی جاتی ہے) (ج) مَحَالٌ و مَحَاوِلُ۔
-لا مَحَالَةَ من ذلك یہ ناگزیر ہے۔
(المِحْوَالُ) کلام کو اصل سے بہت بدلنے والا یا بگاڑنے والا۔
(المُحَوِّلُ) بجلی کا وولٹیج گھٹانے اور بڑھانے کا سوئچ (المُفَلْطِيَّة) (مج)۔
(المُحِيلُ) بے اولاد شخص۔
(المُستَحِيلُ) باطل (۲) ناممکن۔
(حَوْلَقَ) حولقةً لاحول و لا قوّة إلا بالله کہنا (منحوتة)۔
(حَامَ) حولَ الشّیٔ و علیه ـُ حَوْمًا و حَوَمَانًا منڈلانا۔ (حدیث میں ہے "مَنْ حَامَ حَوْلَ لِحِمَی يُوشِكُ أنْ يَقَعَ فِيه)۔ جو شخص گناہوں کے قریب ہوگا تو وہ ان کے ارتکاب کے نزدیک پہنچ گا۔
-الشّیٔ مقصد بنانا و چاہنا۔
-علی قَرابَتِه رشتہ داری کا خیال رکھنا۔
- الحیوانُ حَوْمًا پیاسا ہونا۔ هو حائمٌ (ج) حَوَائِم و حُوَّمٌ وهی حائمَةٌ (ج) حَوَائِم۔
(حَوَّمَ) فی الأمر مسلسل نظر رکھنا۔
(الحَوْمُ) لاتعداد اونٹوں کا گلہ۔
(الحُومُ) سر چکرا دینے والی پرانی شراب۔
(الحَوْمَةُ) پانی ریت یا سمندر کا بڑا حصہ (۲) لڑائی کی سخت جگہ۔
(الحُومَةُ): بلور۔
(الحَوْمَانَةُ) سخت زمین (ج) حَوْمانٌ و

حَوَامِینُ۔
(الحَومَلُ)من کلّ شیءٍ ہرشئ کا اول حصہ (۲) سیلاب جس میں کوڑا نہ ہو(۳) پانی سے بھرا ہوا سیاہ بادل (ج)حَوَامِلُ۔
(تَحوَّنَ) ذلیل ہونا(۲)ہلاک ہونا۔
(الحَانَةُ) شراب خانہ(مع)۔
(حَوَی)الشیءَ ۔ حَوَایةً قبضہ کرنا' مالک ہونا۔
حَوَی الحیّةَ سانپ کومنتر وغیرہ کے ذریعے سے قبضہ میں کرنا۔
(حَوِیَ) لشیءُ ۔ حَوًی و حُوَّةً سبزی مائل سیاہ ہونا(۲)یاسیاہی مائل سرخ ہونا یا ہوجانا۔
-شَفَةُ الرَّجُلِ ہونٹ سرخ سیاہی مائل ہونا۔
-النّبَاتُ گہرے سبز رنگ کی وجہ سے سیاہ ہو جانا۔ ھو اَحوَی ھی حَوّاء (ج) حُوٌّ۔
قرآن مجید میں ہے ﴿ فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰی ﴾۔
(حَوَّی)الشیءَ سمٹنا۔
-الشیءَ قبضہ کرنا(لازم ومتعدی)۔
- حَوِیَّةً ایندوا بنانا(بوجھ اٹھانے کے لئے کپڑا لپیٹ کر سرپر رکھنا)۔
(اِحتَوَی)الشیءَ و علیہ حاوی ہونا۔
حَوِیًّا ایندوا بنانا۔
(تَحَوَّی) سکڑکر گول ہونا(۲) سمٹنا۔
(کہا جاتا ہے تحوّت الحیّةُ)۔
(الحَاوِی) سپیرا(۲) مداری ۔(محدثة) (ج)حُوَاةٌ۔
(الحَاوِیَاءُ) حَاوِیَاءُ البَطنِ آنتیں (ج) حَوَایَا۔
(الحَاوِیَةُ) حاوی کی مؤنث (۲) آنتیں (ج)حَوَایَا۔
(الحِوَاءُ) جو چیز کسی شئ کو اپنی احاطے میں لئے ہو (۲) پاس پاس گھروں کا مجموعہ (ج) اَحوِیَة۔
(الحُوّ) سرخ چیونٹی جسے نمل سلیمانؑ کہا جاتا ہے۔
(حَوّاءُ) تمام انسانوں کی ماں۔حضرت حوّا۔

(الحُوَاءَةُ)من الرجال گھر میں پڑا رہنے والا آدمی۔
(الحُوَّةُ) سبزی مائل یا سرخی مائل سیاہی۔
-حُوَّةُ الوادی وادی کا کنارہ۔
(الحَوِیُّ) ہرشئ کی گولائی (۲)اونٹوں کے پانی پینے کا چھوٹا حوض یا جوہڑ(۳) استحقاقی مالک۔
(الحَوِیَّةُ) وہ کمبل یا کمبل نما کپڑا جس میں گھاس بھر کر اونٹوں کی کوہان پر عورتوں کی سواری کے لئے رکھا جائے(۲)ایندوا۔(۳) وہ ٹھوس چکنی زمین جس کو پانی جمع کرنے کے لئے مٹی اور پتھروں سے گھیر دیا جاتا ہے۔
-حویة البطن آنتیں(ج)حَوَایَا۔
قرآن عزیز میں ہے ﴿وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَیْهِمْ شُحُوْمَهُمَآ اِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَآ اَوِ الْحَوَایَآ﴾۔
-کہاوت ہے المَنَا علی الحَوَایا: اس آدمی کے بارے میں جو خود اپنی ہلاکت کا سامان کرے۔
(الحَیَّةُ) سانپ جس کی بہت سی قسمیں ہیں۔ (ج) حَیَّات۔ جیسے ثعبان' أفعی اور صل وغیرہ۔
(المُحتَوَی) پانی کے قریب بنے ہوئے اون کے خیمے۔
(المَحوَی) المُحتَوَی۔
(المَحوَاةُ)أرضٌ مَحوَاةٌ بہت سانپوں والی زمین۔
(المَحوَی) المُحتَوَی: المسمار المَحوی پیچ' کابلا۔

ح ی

(حَیثُ) ظرف مکان جملوں کی طرف مضاف ہوکر استعمال ہوتا ہے معنی جہاں' جس جگہ۔ چونکہ اس کے ساتھ ما کا ذیل جائے تو یہ شرط کے معنی میں ہوتا ہے اور دونوں فعلوں کو جزم دیتا ہے۔
جیسا کہ اس شعر میں ہے۔
حَیثُمَا تستقم یقدرلَکَ اللہ
مه نجاحًا فی غابِرِ الأزمانِ
اور کہا گیا ہے کہ اس سے ظرف زمان بھی مراد لیا جاتا ہے(جیسا کہ شعر مذکورہ میں)۔
(حَاجَ)- حَیجًا ضرورت مند ہونا۔
(أحَاجَتِ)الأرضُ زمین کا کانٹے دار پودا (حاج)اگانا۔
(الحَاج)ایک کانٹے دار پودا۔
(حَیجَمَ) الرجلُ اپنے سے سرگوشی کرنا۔ (۲) کان میں کچھ کہنا آہستگی کے ساتھ۔
(حَادَ)عن الشیءِ ۔ حَیدًا' وَحَیدَانًا ہٹنا (کہا جاتا ہے حادبه عن الطَّریق)۔
(أحَادَهُ)عن الشیءِ علیحدہ کرنا۔
(حَایَدَهُ)مُحَایَدَةً و حِیَادًا کنارہ کشی (۲) کسی سے جھگڑا بند کرنا۔
(حِیَاد) کہتے ہیں حِیدِی حَیَادِ بازرہ(اس آدمی سے کہا جاتا ہے جو فرار اختیار کررہا ہو یا اپنی رائے پر جما ہوا ہو)۔
(الحِیدُ) غیر جانب دار۔
الحِیدُ الایجابیُّ مثبت غیر جانبداری یعنی یہ کہ کوئی ملک برسر پیکار ممالک میں سے کسی ایک کی حمایت نہ کرے'امن عامہ کے لئے تمام ممالک سے تعاون کی راہ پر گامزن ہو(مج)۔
(الحَیدُ) کسی شئ کا ابھرا ہوا گوشہ۔ (کہا جاتا ہے حَیدُ الجَبَلِ و حیدُ الرَّأسِ) (۲)مثل اور نظیر(۳) بہت ٹیڑھی پسلی۔(ج) أحیاد' و حُیُود۔
(الحَیدُ) بوقت ولادت جنین کا پیٹ سے بمشکل نکلنا۔
(الحِیدُ) مثل ونظیر۔
(الحَیدَی) متکبرانہ چال۔
حِمَارٌ حَیدَی جلد بدکنے اور بھڑکنے والا گدھا۔ (جو اپنے سایہ سے بھی دور بھاگتا ہو)۔
(الحَیدَانُ) جانوروں کے چلنے سے اڑنے والی کنکریاں۔
(الحَیدَةُ) نظر بد (کہتے ہیں مَا نَظَرَ اِلَیَّ اِلا نَظَرَ الحَیدَةِ) (۲) پہاڑی بکرے کے سینگ

کی گرہ۔
کہا جاتا ہے "ضربَه علی حَیْدَةِ رأسِه او حَیْدِه و علی حَیْدَتَی رَأسِه۔ اسے اس کے سر کے اطراف کی دو گرہوں پر مارا (ج) حِیَدٌ۔
(الحَیِدُ) حِمارٌ حَیِدٌ: پھرتیلا ہونے کی بنا پر اپنے سائے سے بہت بدکنے والا۔
(المَحِیدُ): کہا جاتا ہے۔ مالَکَ مَحِیدٌ عن هٰذا تم کو اس سے مفر نہیں۔تم اس سے بچ نہیں سکتے۔
(حَارَ) بَصَرُهُ ۔ حَیْرًا و حَیْرَةً و حَیَرَانًا: نگاہ کا چکا چوند ہونا (یعنی جس شئ کو دیکھا جائے وہ نہ دیکھی جا سکے اور نگاہ لوٹ آئے۔
-فُلانٌ: راستہ بھول جانا۔ "حار فی الأمر" بھی کہتے ہیں۔
-الماءُ: پانی کا جمع ہو کر چکر لگانا۔ هو حائرٌ حَیْرانٌ هی حَیْرَی (ج) حَیارَی۔
(حَیَّرَهُ): حیرت میں ڈالنا۔
(تَحَیَّرَ): حیران ہونا۔
تَحَیَّرَ السَّحابُ: بادل کا ایک جگہ رک کر خوب برسنا۔
-الماءُ: پانی کا زور سے چکر لگانا۔
-المکانُ والإناءُ بالماءِ و نحوِه: پانی سے بھر جانا۔
(اِستَحارَ) الرَّجُلُ أو الماءُ فی المکان کسی جگہ پر چکر لگانا اور وہیں رہنا۔
-المکانُ والإناءُ بالماءِ و نَحوِه پانی وغیرہ سے بھر جانا۔
-مکانَ کذا و بمکانِ کذا: چند روز کسی جگہ قیام کرنا۔
(استَحیَرَ) الشَّرابُ وغیرُه: پینے کی چیز کا آسانی سے حلق سے اتر جانا۔
(الحائِرُ) پریشان مضطرب آدمی (۲) ہموار جگہ جس کے کنارے ابھرے ہوئے ہوں اور اس میں پانی جمع رہتا ہو (۳) باغ (ج) حِیرانٌ و حُوْرانٌ۔
(الحَارَةُ): محلہ۔

(الحاریّ) کہا جاتا ہے۔ لا آتیه حارَ الدهر۔ أو حاریّ دهرٍ: میں اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔
(الحَیْرُ) باغ غار مین یا باڑہ نما جگہ ممنوعہ علاقہ۔
(الحِیَرُ) بہت مال واولاد والا۔ لا آتیه حِیَرَ الدَّهرِ: میں اس کے پاس کبھی نہ آؤں گا۔
(الحِیرَةُ) شک و بے چینی۔
- أصبحت الأرض حِیرَةً زمین سبز اور سبزی والی ہوگئی۔
(الحَیِّرُ) آسمان پر چھائی ہوئی گھٹا۔
(المَحارَةُ): سیپی (۲) پانی جمع ہونے کی جگہ۔ (دیکھئے: ح و ر)۔
(المُستَحِیرُ) طریقٌ مُستَحِیرٌ گم کر دینے والا راستہ جس سے کسی جہت میں نکلنا دشوار ہو۔
(المُستَحِیرَةُ): جَفْنَةٌ مُستَحِیرَةٌ: بہت مرغن بادیہ پیالہ۔
(حَازَ) - حَیْزًا و حیازَةً: (دیکھئے: ح و ز)۔
(تَحَیَّزَ) الرَّجُلُ کھڑا ہونے میں دیر لگا دینا۔
-إلیهم طرف دار ہونا ہم نوا ہونا۔
قرآن پاک میں ہے ﴿وَمَنْ یُوَلِّهِمْ یَوْمَئِذٍ دُبُرَهُ إِلَّا مُتَحَرِّفًا لِقِتَالٍ أَوْ مُتَحَیِّزًا إِلَىٰ فِئَةٍ فَقَدْ بَاءَ بِغَضَبٍ مِنَ اللَّهِ﴾۔
-هو متحیّزٌ لفلان حمایتی ہم خیال۔
(الحِیازَةُ) (دیکھئے ح و ز)۔
(الحَیِّزُ) (دیکھئے ح و ز)۔
(حَاسَ) الحَیْسَ ۔ حَیْسًا۔ کھجور پنیر اور گھی کا حلوا بنانا۔
-الشَّیْ ایک چیز کو دوسری چیز سے ملانا۔
-الحبلَ ڈھیلا بٹنا۔
(حَیَّسَ) الحَیْسَ: حاسه۔
(الحَیْسُ) کھجور پنیر (یا ستو) اور گھی ملا کر بنایا ہوا کھانا۔
شاعر کا شعر ہے
وإذا تکون کَریهَةٌ أُدعَی لها
وإذ یُحاسُ الحَیْسُ یُدعَی جُندَبُ
جب مصیبت اور لڑائی کا وقت آجاتا ہے تو بلایا

جاتا ہے اور خوشحالی میں فراموش کر دیا جاتا ہو
(۲) خراب کام۔
(حَاشَ) ۔ حَیْشًا گھبرانا (۲) پیچھے کو ہٹنا۔
-الوادی پھیلاؤ ہونا۔
-فلانًا کسی کو خوفزدہ کرنا۔
(تَحَیَّشَت) نفسُه پیچھے کو ہٹنا۔
(الحَیْشُ) گروہ، جماعت۔
(الحَیْشانُ) سہما ہوا (۲) خوف زدہ۔
(حَاصَ) عنه ۔ حَیْصًا و حَیَصانًا و مَحِیصًا الگ ہونا، فرار ہونا۔
-القَومُ لوگوں کا فرار ہونے کے لئے ایک چکر کاٹنا۔
(حَایَصَه) دھوکہ سے پکڑنا (۲) غالب آنا۔
حایصَ الموتَ موت سے بھاگنے کی کوشش کرنا۔
(انحَاصَ) الگ تھلگ ہونا۔
(تحایَصَ) عنه کنارہ کش ہونا۔
(حَاصِ) وَقَعَ القَومُ فی حاصِ باصِ تنگی و پریشانی میں پڑنا۔
(الخَشَبُ) لکڑی، شہتیر۔ کہاوت ہے "لِسانٌ من رَطبٍ ویدٌ من خَشَبٍ" اس شخص کے بارے میں جس کی زبان میٹھی اور کلام مضبوط ہو (۲) ایک ٹھوس قسم کا پودا۔ پودوں اور درختوں کی جڑوں اور تنوں میں پایا جانے والا ٹھوس مادہ۔ (ج) خُشُبٌ و خُشْبٌ و خُشْبانٌ۔ حدیث میں ہے (خُشُبٌ باللیلِ صُخُبٌ بالنهارِ) واحد: خَشَبَةٌ۔
(الخَشَّابُ): لکڑی کا تاجر (۲) لاٹھی سے لڑنے والا۔ کہتے ہیں "خَرَجَتْ الیهم الخَشَّابَةُ یدقُّونَهم" (ج) خَشَّابَةٌ۔
(الخَشِیبُ) من کل شئٍ: ٹھوس اور کھردرا۔ (۲) خشک۔
- من الرجال والجمال: لمبا سخت مزاج آدمی، لمبا اور سخت طبیعت والا موٹا اونٹ (ج) خُشُبٌ و خَشَائِبُ۔
(الخَشِیبَةُ) فطرت، عادت، مزاج۔
(المُخَشَّبُ): لکڑی کا بنا ہوا۔
-بیتٌ مخشَّبٌ: لکڑی کا بنا ہوا مکان۔
(خَشْخَشَ) السِّلاحُ و غیرُہ: ہتھیار کی جھنکار۔
-الثوبُ الجدیدُ: نئے کپڑے کا آواز نکالنا۔
-فی الشئِ: اندر گھس کر غائب ہونا۔
-السِّلاحَ و غیرَہ: ہتھیار ہلا کر آواز نکالنا۔
- الشئَ فی الشئِ: ایک چیز کو دوسری میں داخل کرنا۔
(تَخَشْخَشَ): آواز نکالنا۔
-فی الشئِ: داخل ہو کر غائب ہو جانا۔
"تخشخش فی الشجر" بھی کہا جاتا ہے۔
(الخَشْخَاشُ): ہتھیاروں اور زروں سے لیس جماعت (۲) بہت سے لوگوں کا گروہ (۳) ہر وہ خشک چیز جس کو باہم رگڑنے سے آواز پیدا ہو (۴) فصیلہ خشخاشیہ کا ایک پودا۔ پوست جس سے افیون نکالی جاتی ہے۔ واحد: خشخاشةٌ۔

(خَشَرَ) فلانٌ ِ- خَشْرًا: کھانے کا حریص ہونا (۲) دستر خوان پر غیر مفید چیزوں کو چھوڑ دینا۔
-الشئَ: کسی چیز کے خراب حصہ کو ہٹا دینا (۲) ردی اور بیکار کر دینا۔ هو مخشورٌ۔
(خَشِرَ) َ- خَشَرًا: کھانے کا حریص ہونا (۲) بزدلی کی وجہ سے بھاگ جانا۔
(الخُشَارُ) من الناس: گرے پڑے گھٹیا لوگ۔(۲)-من البحر: سمندر کا جھاگ۔
(۳)-من الشعیر: وہ جو جس کے اندر دانہ نہ ہو۔ حدیث میں ہے (اذا ذهب الخیار و بقیت خشارةٌ کخشارة الشعیر لایبالی بهم الله بالةً)۔(۴)-خشار المائدة: دستر خوان پر بچی ہوئی معمولی چیزیں۔(۵) ہر شے کا ردی اور خراب حصہ۔
(الخُشَارَةُ) الخُشَارُ۔
(مَخَاشِرُ) المِنْجَلِ: درانتی کے دندانے۔
(خَشْرَمَتِ) الضَّبُعُ: بجو کا کھاتے وقت آواز نکالنا۔
(الخَشْرَمُ) شہد کی مکھیوں اور بھڑوں کا دل۔ واحد: خَشْرَمةٌ (۲) شہد کی مکھیوں کی ملکہ (یعسوب)۔
(۳) شہد کا چھتہ۔ حدیث میں ہے (لترکبن سَنَنَ مَنْ کان قبلکم ذراعا بذراع حتی لو سلکوا اخشرمَ دبرٍ لسلکتمُوهُ) (۴) ناک کی ہڈی کا نرم حصہ (۵) نرم پتھر جس سے چونا بنایا جاتا ہے (۶) پہاڑی (ج) خَشَارِمُ۔
(خَشَّ) السحابُ ُ- خشًّا: بادل کا تھوڑا سا برسنا۔
-الرجلُ: گزر جانا، آر پار ہو جانا۔
-فی الشئِ: کسی چیز میں داخل ہو جانا۔ کہا جاتا ہے "خشَّ فی القوم و خشَّ فی الدار"۔
-البعیرَ: اونٹ کی ناک میں خشاش ڈالنا۔
-فلانًا: نیزہ مارنا۔
(اَخَشَّ) البعیرَ: خَشَّ۔
(اِخْتَشَّ) من الارض: زمین کے کیڑے مکوڑے کھانا۔

(اِنْخَشَّ)فی الشئ کسی چیز میں داخل ہونا۔
"اِنْخَشَّ فی القوم وفی الشجر"۔
(اَلْخَشَاشُ) زمین کے حشرات (۲) پرندہ وغیرہ۔واحد۔خَشَاشَۃٌ (۳) عمدہ اور ہلکی چادر (۴) ذکی اور چست آدمی (۵) ہر نرم اور باریک چیز۔حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اپنے والد کی صفات بیان کرتے ہوئے فرماتی ہیں (خشاش المرآۃ والمخبر)۔
(الخِشَاشُ) وہ لکڑی جسے اونٹ کی ناک میں ڈال کر اس کے ذریعہ لگام کو باندھا جاتا ہے (۲) پہاڑی سانپ (۳) بڑا خوفناک اژدھا (۴) زمینی حشرات (۵) پرندہ وغیرہ۔واحد: خِشَاشَۃٌ۔
(۶) ہر چیز کا خراب حصہ (۷) ذکی' چست' نافذ الامور آدمی (۸) اون وغیرہ کا بنا ہوا بوری نما تھیلا (ج) اَخِشَّۃٌ۔
(الخُشَاشُ) زمینی کیڑے مکوڑے۔ (۲) پرندہ وغیرہ (۳) شہوت والے اونٹ۔ (۴) بہادر (۵) خراب چیز۔(ج) اَخِشَّۃٌ۔
(الخِشَاشَۃُ) وہ لکڑی جو اونٹ کی ناک میں ڈالی جاتی ہے۔
(الخَشُّ) پاپیادہ لوگ۔
واحد خَاشٌّ (خلاف قیاس) (۲) کالا سانپ (۳) کمزور چیز (۴) تھوڑی سی بارش۔
(الخُشُّ) نیلہ (ج) اَخْشَاشٌ۔
(الخَشَّاءُ) شہد کی مکھیوں اور بھڑوں کا چھتا۔ (۲) کنکریوں اور ٹھیکروں والی زمین (ج) خَشَّاوَاتٌ و خَشَاشِیُّ۔
(الخُشَّاءُ) کان کے پیچھے ابھری ہوئی بالوں سے خالی ابھری ہوئی ہڈی۔
(الخُشَیْشُ) چھوٹا ہرن (۲) نیلہ۔
(المِخَشُّ)من الرجال رات کی تاریکی میں نہ ڈرنے والا۔کہا جاتا ہے 'هو مِخَشُّ لیلٍ' وہ رات کی تاریکیوں سے نہ ڈرنے والا ہے (۲) جو لوگوں سے میل جول رکھے ان کے ساتھ کھائے اور ان سے باتیں کرے۔ (۳) لیہ گھوڑے۔

(خَشَعَ)- خُشُوْعًا: عاجزی کرنا' خود کو چھوٹا اور بے حیثیت بنانا (۲) پست ہونا۔ (۳) ڈرنا۔حدیث جابر رضی اللہ عنہ میں ہے (اَنَّه اَقْبَلَ علینا فقال: ایکم یحب ان یُعْرِضَ اللہ عنه؟ قال: فخشعنا) (۴) آواز پست کرنا (۵) نگاہ کو زمین کی طرف کر کے بند کر لینا۔
-ببصرہ: نگاہ کو جھکانا۔
-لربّه: جھکنا' هو خَاشِعٌ (ج) خُشَّعٌ وهو خَشُوْعٌ (ج) خُشُعٌ۔
-صوته: آواز کا پست ہونا۔قرآن مجید میں ہے: ﴿وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا﴾۔
-بصرہ: نگاہ نیچی ہو جانا۔
-الشئ: ٹھہر جانا۔
-الورقُ و نحوہٗ: پتوں وغیرہ کا مرجھانا۔
-الارضُ: بارش نہ ہونے سے زمین کا خشک ہونا۔قرآن مجید میں ہے: ﴿وَمِنْ آيَاتِهِ أَنَّكَ تَرَى الْأَرْضَ خَاشِعَةً فَإِذَا أَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ﴾۔
-الکوکبُ: ڈوبنے کے قریب ہونا۔
-الشمسُ: سورج کو گرہن لگنا۔
-السنام: کوہان کی چربی کم ہونا۔
(اَخْشَعَ) عاجزی کا اظہار کرنا۔ (۲) نگاہ نیچی کرنا (۳) آواز پست کرنا۔
(تَخَشَّعَ) حقیر بننا (۲) گڑگڑانا' عاجزی دکھانا (۳) بتکلف خاشع بننا (۴) نگاہ جھکانا (۵) آواز پست کرنا۔
(الخاشعُ) جھکنے والا۔
-من الامکنۃ وہ جگہ جس کی مٹی نرم ہونے کی بنا پر اڑ جائے اور نشانات مٹ جائیں (۲) وہ جگہ جس کا کوئی راستہ نہ مل سکے (۳) وہ جگہ جہاں گرد و غبار کے باعث کوئی قیام کی جگہ نہ ہو۔
(الخِشْعَۃُ) مردہ ماں کے پیٹ سے نکالا ہوا زندہ بچہ (ج) خِشَعٌ۔
(الخُشْعَۃُ) سخت زمین کا ٹکڑا (۲) زمین سے تھوڑا ابھرا ہوا ٹیلہ۔

(خَشَفَ)- خشفًا و خشوفًا و خشفانًا: آواز نکالنا (۲) زمین میں غائب ہونا (۳) رات میں گھومنا۔
-فی الارض: کسی جگہ جانا۔
-فی الشئ: کسی چیز میں داخل ہونا۔
-فی السیر: تیز تیز چلنا۔
-البردُ: سردی کا سخت ہونا۔
-الماءُ: پانی کا جم جانا۔
-الثلجُ: سخت سردی میں برف پر چلتے وقت برف کی حرکت کی آواز سنائی دینا۔
-الدلیلُ بالقوم' خَشَافَۃً: رہبر کا لوگوں کو لے کر چلنا اور راہ نمائی کرنا۔
-المرأۃ بالولد خشفا: عورت کا بچہ کو پھینک دینا۔
-راسه بالحجر: پتھر مار کر سر پھوڑنا۔
(خَشِفَ) البعیرُ - خَشَفًا: اونٹ کے پورے جسم پر خارش ہونا (۲) خارش کی وجہ سے جلد خشک ہونا۔
-الشئُ: خشک ہونا۔ هو اَخْشَف (ج) خُشْفٌ۔
(اَخْشَفَتِ)الظبیۃُ: ہرنی کا بچہ والی ہونا۔ هی مُخْشِفٌ۔
(خَاشَفَ)السهمُ تیر کے نشانہ پر لگنے سے آواز نکلنا۔
-الی کذا: جلدی کرنا' سبقت کرنا۔
-فی ذمته: عہد توڑنے میں جلدی کرنا۔
(خَشَّفَ)الدلیلُ بالقوم خَشَفَ۔
(الخُشَافُ) منقی' انجیر وغیرہ دیگر پھلوں سے تیار کردہ شربت (پانی میں بھگو کر یا جوش دے کر) (یہ خوش آب کا معرب ہے)۔
(الخَشْفُ) حرکت (۲) آواز (ج) اَخْشَافٌ و خُشُوْفٌ۔
(الخِشْفُ) ہرنی کا نوزائیدہ بچہ۔ (نر ہو یا مادہ) (ج) خُشُوْفٌ و خِشَفَۃٌ۔
(الخَشْفُ) کمزور برف۔
(الخَشَفَۃُ) حرکت (۲) آواز حدیث میں ہے (قال لبلال: ماعملك؟ فاني لا اراني

ادخل الجنة فاسمع الخشفة إِلَّا رأيتُك)
(۲) بجو کی آواز (۳) سانپوں کے رینگنے کی
آواز۔
(الخَشُوفُ) بے دھڑک معاملات میں دخل
اندازی کرنے والا (۲) رات کو بے خوف سفر
کرنے والا (۳) تیز تلوار (ج) خُشُفٌ۔
(الخَشِيفُ): جما ہوا (۲) نرم (۳) کھردری
برف اور یہ سخت سردی میں ہوتی ہے کہ اس پر
چلنے سے آواز پیدا ہوتی ہے (۴) خشک
زعفران (۵) تیز تلوار۔
-من الماء: کنکریلی زمین میں کنکریوں کے
نیچے دو چار روز چل کر غائب ہو جانے والا پانی
(ج) خُشُفٌ۔
(المِخْشَفُ): ماہر رہبر (۲) شیر۔ (۳)
رات کو بہادری سے چلنے والا (۴) بے دھڑک
امور میں دخل دینے والا (ج) مَخَاشِفُ۔
(الخُشکار): بھورے رنگ کی غیر صاف
شدہ آٹے کی روٹی (فارسی)۔
(الخُشْکُنَانُ): میٹھی کچوری یا ٹکیہ' شیر مال
خالص گیہوں کے آٹے کی ڈبل ٹکیہ جس میں
گھی' شکر' بادام' پستہ وغیرہ بھر کر تیار کیا جاتا ہے
(فارسی)۔
(خَشَلَهُ) ـُ خَشْلاً: ذلیل و رسوا کرنا۔
-الشَّرابَ و نحوَهُ: شربت وغیرہ کو صاف
کرنا۔
(خَشِلَ) الثوبُ ـَ خَشَلاً: کپڑے کا پرانا
ہونا۔
-الرجلُ: لڑائی کے وقت کمزور ثابت ہونا۔
ہو خَشِلٌ کہتے ہیں' رجُلٌ خَشِلٌ فَشِلٌ۔
(خَشَّلَهُ): ذلیل کرنا (۲) ہاتھوں میں کنگن اور
پیروں میں پازیب پہنانا۔
(تَخَشَّلَ): ذلیل ہونا' تواضع کرنا' سرنگوں
ہونا۔
(الخَشَلُ): گھٹیا اور خراب چیز (۲) انڈے کا
خول (۳) کنگن اور پازیب کی سرے یا ان کے
ٹوٹے ہوئے کنارے (۴) گوگل کا پھول' ردی
گوگل یا خشک گوگل یا تر یا چھوٹا' گوگل کی
گٹھلیاں۔
(الخَشِيلُ): خشک کوڑا کرکٹ۔
(المِخْشَلَةُ): چھلنی (ج) مَخَاشِلُ۔
(خَشَمَهُ) ـِ خَشْمًا: ناک کا بانسا توڑنا۔
(خَشِمَ) الانسانُ ـَ خَشَمًا: ناک میں
بیماری کا خراب کر کے سونگھنے کے قابل نہ
چھوڑنا۔ (۲) بدبودار ناک والا ہونا۔
-الانفُ: بیماری کی وجہ سے ناک کا بدبودار ہو
جانا۔
-اللحمُ وغیرُہ: گوشت کا بدبودار ہونا۔
-فلانٌ خَشَمًا و خُشُومًا: ناک کے بانسہ کا
چوڑا ہونا۔
-خَشَمًا و خُشَامًا: ناک کے نتھنوں کا ختم
ہونا اور اس کا راستہ بند ہو جانا۔ ہو اَخْشَمُ و
ہی خَشْمَاءُ (ج) خُشْمٌ۔
(خُشِمَ): ناک کی ایسی بیماری لاحق ہونا جس
کی وجہ سے سونگھنے کی طاقت ختم ہو جائے۔ ہو
مخشوم۔
(اَخْشَمَ): بدبودار ہونا۔
(خَشَّمَ) الحمرُ و نحوَهُ: گوشت وغیرہ کا
بدبودار ہونا۔
-خَيْشُومَهُ: ناک کا بانسا توڑنا۔
-الشرابُ فلانًا: شراب کا کسی کو ناک سے
دماغ تک سرایت کرنے کی بنا پر نشہ میں لانا۔
(تَخَشَّمَ) فلانٌ: شراب کے نشہ میں ہونا (اس
بنا پر کہ اس کی تیزی ناک سے دماغ تک
سرایت کر گئی۔ ،
-اللحمُ: گوشت کا خراب ہونے کی وجہ سے
بدبودار ہونا۔
(الخُشَامُ): ناک کے اندر کی بیماری جس کی
وجہ سے سونگھنے کی صلاحیت ختم ہو جاتی ہے (۲)
بڑی ناک (۳) بڑا پہاڑ (۴) بڑی ناک والا
آدمی (۵) شیر۔
(الخَشَمُ): ناک کی ایک بیماری (۲) ناک
(۳) ناک کی ریزش جو نتھنوں سے بہتی ہے۔
(الخیشومُ): ناک کا بانسا۔
(خَشُنَ) ـُ خُشُونَةً و خَشْنًا و خَشَانَةً و
خُشْنَةً و مَخْشَنَةً: کھردرا اور ٹھوس ہونا۔
ہو خَشِنٌ (ج) خُشْنٌ و ہو خَشِنٌ (ج)
خُشْنٌ و خِشَان- و ہو اَخْشَنُ و ہی
خَشْنَاءُ (ج) خُشْنٌ۔
-صدرُہ علیہ: ناراض ہونا۔
(خَاشَنَهُ) سخت برتاؤ کرنا (لایَنَهُ کی ضد
ہے) (۲) قول یا عمل میں کسی پر سختی کرنا۔
(خَشَّنَهُ): کھردرا کرنا۔
-صدرَہُ: غصہ دلانا۔
(تَخَاشَنُوا) قول و عمل میں سختی دکھانا۔
(تَخَشَّنَ) کھردرے پن میں اضافہ ہونا
کرختگی کا بڑھنا (۲) کھردرا اور سخت کپڑا پہننا
(۳) کرختگی سے بولنا (۴) سخت کھانا کھانا
(۵) سادہ اور سختی والی زندگی گزارنا۔
(استَخْشَنَهُ): سخت اور کھردرا پانا۔
(اخْشَوْشَنَ) تَخَشَّنَ۔
(الخَشِنُ) فلانٌ خَشِنُ الجانب ایسا سخت
آدمی جس پر قابو نہ پایا جا سکے۔
(الخَشْنَاءُ) کتیبةٌ خَشْنَاءُ: زیادہ ہتھیاروں
والا دستہ۔ غزوہ احد سے متعلق ایک حدیث میں
ہے (فاذا بکتیبةٍ خشناء) (۲) ایک ریشہ
دار کھردری سبزی جو باقلہ کی ایک قسم ہے (ج)
خُشْنٌ۔
(خَشَتِ) النخلةُ ـُ خَشْوًا: کھجور پر ردی
اور خراب پھل آنا۔
(الخَشَا): پالا پڑنے سے سیاہ ہونے والی
کھیتی۔
(الخَشْاءُ): سخت زمین جس پر کچھ نہ اگتا ہو۔
(الخَشْوُ) ردی کھجوریں۔
(الخَشِيُّ): سڑی ہوئی سوکھی گھاس۔ (۲)
سوکھا گوشت۔
(خَشَاهُ) ـِ خشیًا: کسی کے مقابلہ میں زیادہ
ڈرنا۔
(خَشِيَ) ـَ خشيةً: ڈرنا۔
-فلانًا ومنه خَشْيًا و خَشْيَةً و خَشَاةً
ڈرنا۔ کہاوت ہے (إنما أخشى سَيْلَ
تلعتي) اعزہ و اقرباء کی شکایت میں کہی جاتی

ہے یعنی میں اپنے رشتہ داروں سے ڈرتا ہوں (۲) تعظیم اور ہیبت کی وجہ سے ڈرنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿إِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ﴾ کبھی باء کا اضافہ کر کی یوں کہتے ہیں" خَشِي بان يموت— هو خَاشٍ و خَشٍ وهو خشيانُ وهى خَشْيا (ج) خَشَايا۔ (۳) اُمید رکھنا۔ حدیث میں ہے (قال لهٗ ابن عباس: لقد اكثرت من الدعاء بالموت حتّى خشيت ان يكون ذلك اسهل لك عند نزوله)۔ (۴) ناپسند کرنا۔

(خَاشَاه) ایک دوسرے پر ٹالنا (۲) ڈرتے ہوئے مقابلہ کرنا۔

(خَشَّاهُ) ڈرانا۔ کہاوت ہے (لقد كنت وما اُخَشِّى بالذئب)۔

(تَخَشّٰى) فلانٌ ڈرنا۔

-فلانًا ڈرانا۔

(الْاَخْشٰى) هذا المكان اَخْشٰى من غيره یہ بہت خطرناک ہے۔

خ ...... ص

(خصِبَ)ـَ خِصبًا سرسبز شاداب ہونا۔ هو خَصِبٌ و خَصِيبٌ وهو وهى مِخصابٌ

(اَخصَبَ) المكانُ سرسبز ہونا۔

-القومُ لوگوں کا خوشحال ہونا اور خوراک کی کثرت ہونا۔

-جنابُ فلان کسی کا فیض اور نفع زیادہ ہونا۔

-فُلانٌ سرسبز جگہ پانا اور اس کی طرف منتقل ہونا۔

-اللّٰهُ الموضعَ اللہ تعالیٰ کا جگہ کو سرسبز و شاداب کرنا۔

(اختَصَبَ) المكانُ جگہ کا سرسبز و شاداب ہونا۔ زرخیز ہونا۔

(الاِخصابُ) (علم الاحیاء کے مطابق) نرخلیہ کا مادہ خلیہ میں مل جانا (ج)۔

(الخِصَابُ) کھجور کا بہت پھلدار درخت۔

(الخَصْبُ) الخِصابُ (۲) کھجور کا شگوفہ یا پھل۔

(الخِصْبُ) بڑھوتری زرخیزی (۲) خوشحالی (ج) اَخصابٌ۔

(الخَصِيبُ) رَجُلٌ خَصِيبٌ: بہت مالدار اور فیاض آدمی۔

(المُخصِبُ) زمین کو نشوونما دینے والی چیز جیسے کھاد وغیرہ۔

(المُخصِبُ) کھاد فطری یا مصنوعی جو کیمیائی طریقہ پر بنا کر کھیتی میں ڈالا جائے (مج)۔

(خَصَرَهٗ)ـُ خَصْرًا: کوکھ پر مارنا۔

(خَصِرَ)ـَ خَصَرًا: ٹھنڈا ہونا یا ٹھنڈک کا بڑھ جانا (۲) سردی کی وجہ سے اعضاء میں تکلیف ہونا۔

(خُصِرَ): کوکھ میں تکلیف ہونا۔ هو مخصُورٌ۔

(اَخصَرَهٗ) ٹھنڈا کرنا۔

(خَاصَرَهٗ) ہاتھ کوکھ پر رکھنا (۲) ایک دوسرے کی کوکھ پر ہاتھ رکھ کر ساتھ ساتھ چلنا (۳) ہر ایک کا الگ الگ راستے پر چل کر ایک جگہ مل جانا۔

(خَصَّرَ) الثوبَ او النعلَ کپڑے یا جوتے کے کنارے کو باریک کرنا۔

(اختَصَرَ) فلانٌ ہاتھ کو لہے پر رکھنا۔ (۲) لاٹھی پکڑنا۔

-بها لاٹھی پر ٹیک لگانا۔

-المِخصرةَ لاٹھی پکڑنا۔

-قطعَ الشيَ وفيه جڑ سے اکھیڑنا۔

-الطريقَ قریب ترین راستہ پر چلنا۔

-الشيَ والكلامَ فضول چیز یا کلام کو حذف کرنا۔

(تَخَاصَرَ) ہاتھ کوکھ پر رکھنا۔

-الشخصانِ ہاتھ ایک دوسرے کی کوکھ پر رکھ کر چلنا۔

(تَخَصَّرَ) ہاتھ کوکھ پر رکھنا۔

-بالازارِ پہلو پر تہبند باندھنا۔

-بالمخصرةِ لاٹھی پکڑنا۔

(الاَخصَرُ) مختصر "هذا اخصَر من ذاك واقصر"۔

(الخاصِرَةُ) من الانسان کوکھ پہلو "وهما خاصرتان"۔

(الخِصَارُ) تہبند ازار (ج) خُصُرٌ۔

(الخَصْرُ) من الانسان والحيوان کمر کوکھ۔

-خَصْرُ الرملِ ریت کا درمیانی حصہ۔

-خَصْرُ القدمِ پاؤں کے تلوے کا گہرا حصہ۔

-خَصْرُ السهمِ تیر کا درمیانی حصہ (ج) خُصُورٌ۔

(الخُصَيرٰى) اختصار حذف (۲) کسی چیز سے زائد کو حذف کرنا۔

(المِخصَرَةُ) ہر وہ چیز جس سے ٹیک لگائی جائے جیسے لاٹھی وغیرہ (۲) وہ چھڑی جس سے خطبہ اور کلام کے درمیان اشارہ کیا جائے یہ اکثر بادشاہ اور خطباء پکڑتے ہیں (۳) بینڈ ماسٹر کی چھڑی جس کے اشارے سے وہ باجا بجنے کے وقت ہدایات دیتا ہے (محدثہ)۔ (ج) مَخَاصِرُ۔

-مخاصِرُ الطريق قریب ترین راستہ۔

(المُخَصَّرَةُ) قدم مخصّرةٌ ایسا پاؤں جس کا پنجہ اور ایڑی زمین پر لگے لیکن تلوا زمین پر نہ لگے۔

(المَخصُورُ) رجلٌ مخصور البطن: لاغر پیٹ والا۔

-مخصور القدم چھوٹے پاؤں والا۔

(خَصَّ) الشيَ ـُ خصوصًا خاص کرنا۔ (عام کی ضد)۔

-فلانًا: کسی کو بہت کچھ دینا۔

-فلانًا بكذا: خصًّا و خصوصًا و خصوصيةً و خصّيصي کسی کو دوسرے پر ترجیح دینا۔

- كذا لنفسه اپنے لئے پسند کرنا۔ هو خاصٌّ (ج) خَوَاصُّ و خصّانٌ وهى خاصّةٌ (ج) خَوَاصُّ۔

(خَصَّ)ـَ خَصَاصًا و خَصَاصَةً فقیر محتاج ہونا۔

(اَخَصَّهٗ) بہ خاص کرنا۔

-فلانٌ فلانًا وبه کسی کا کسی کے ساتھ خاص ہو جانا۔

(خَصَّصَ) فلاناً بالشیٔ کسی کو کسی چیز کے ساتھ خاص کرنا۔
(اختصّ) الشیٔ خاص ہونا۔
-فلانٌ فقیر ہونا۔
-بہ منفرد اور علیحدہ ہونا۔
-الشیٔ چننا پسند کرنا اختیار کرنا۔
-فلاناً بکذا کسی کو کسی چیز کے ساتھ خاص کرنا۔
الشیٔ لنفسہ: کسی چیز کو اپنے لئے پسند کرنا۔
(تَخَصَّصَ): منفرد و خاص ہونا۔ کہتے ہیں ''خَصَّصَہ فَتَخَصَّصَ''۔
-بہ و لہٗ: منفرد ہونا انفرادیت حاصل کرنا۔
-فی علم کذا: کسی علم کا خصوصی ماہر ہونا۔
(استخصّہ): خاص سمجھنا (۲) چننا اختیار کرنا۔
(الاختِصَاصُ): عدالتی اختیارات (۲) اختیارات دائرہ اختیار (ج) اختِصَاصَات۔
(الخَاصَّۃ): خواص خاص لوگ۔
ضد: العامّۃ (۲) اپنے لئے خاص کی ہوئی چیز۔
-خَاصَّۃُ الشیٔ: جو اس چیز کے ساتھ خاص ہو (ج) خَوَاصّ۔
-خواصّ العقاقیر: جڑی بوٹیوں کی قوت و تاثیر۔ کہا جاتا ہے ''بخاصّۃ فلان'' یعنی خاص طور پر فلاں۔
(الخاصِّیَّۃ): خصوصیت خاصیت (المنسوب الی الخاصّۃ)۔
(الخَصَاصَۃُ): تنگ دستی بدحالی۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿ یُؤْثِرُوْنَ عَلٰی اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ﴾۔
(۲) شگاف رخنہ سوراخ جو دروازہ وغیرہ میں ہو۔ حدیث میں ہے (ان اعرابیا اتی باب النبیّ صلی اللہ علیہ وسلم فالقم عینہ خصاصۃ الباب) (ج) خصائص و خصاص۔
(الخُصَاصَۃ): انگور کی وہ شاخ جس کے دانے پانی نہ پہنچنے کی وجہ سے چھوٹے اور کمزور نکلے ہوں (۲) انگور کی بیل پر باقی رہنے والے چھوٹے چھوٹے گچھے (ج) خصاصٌ۔
(الخُصُّ): لکڑی یا بانس کا گھر (۲) وہ گھر جس کی چھت لکڑی کی ہو (۳) شراب بیچنے والے کے دکان خواہ بانس کی نہ ہو (ج) اَخصاص و خِصاص و خصوص۔
(الخِصّیصُ): اخص الخاص انتہائی خاص
(الخصّیۃ): خاصہ (۲) خاصیت خصوصیت
(الخُصُوْصُ): خصوص ضد: عموم۔
(۲) لاسیما کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے جیسے ''یعجبنی فلانٌ خصوصًا علمہ وادبہٗ''۔
(خَصَفَتِ) النَاقۃُ ـِ خَصْفًا و خِصَافًا: اونٹنی کا نو ماہ بعد سال کے پورا ہونے کے بعد یا تیرہ مہینے بعد بچہ دینا ھی خصوفٌ (ج) خَصَائِفُ۔
-النَّعْلَ: جوتے میں پیوند لگانا۔ حدیث میں ہے (انّہ کان صلی اللہ علیہ وسلم یخصفُ نَعْلَہ)۔
-العُریانُ الوَرَقَ علی بَدَنِہ: ننگے کا پتوں سے بدن ڈھانکنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿ وَطَفِقَا يَخْصِفَانِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ﴾۔
-علی نفسہ ثوبًا: دھاگے یا لکڑی کے ذریعہ اپنے کپڑے کے کناروں کو ملانا۔
-الشیٔ الی الشیٔ: ایک چیز کو دوسری کے ساتھ ملانا۔
-الکَتِیبۃَ: لشکر میں اضافہ کرنا۔ ھُوَ خاصِفٌ و خَصَّافٌ وھی مخصوفۃٌ و خصیفٌ۔
(خَصِفَ) ـَ خَصَفًا: خیالے رنگ کا ہونا۔
-الشاۃُ والفرسُ. بکری یا گھوڑے کی کوکھ کا سفید ہونا۔ ھوَ اَخصفُ و ھی خصفاء (ج) خُصفٌ۔
(اَخْصَفَ) العُریانُ الوَرَقَ علی بَدَنِہ: پتوں سے بدن ڈھانپنا۔
(خَصَّفَ): بدمزاج اور بدخلق ہونا۔ (۲) تکلف میں مقدور سے زیادہ کے لئے کوشش کرنا۔
-فلاناً: برا بھلا کہنا۔
-الشَّیْبُ فلاناً بڑھاپے کا نصف بال سفید کر دینا۔
-العُریانُ الورقَ علی بدنہ پتوں سے بدن چھپانا۔
(اِخْتَصَفَتِ) الناقۃُ اونٹنی کا خصوف ہو جانا (خصوف اس اونٹنی کو کہتے ہیں جو نویں مہینے میں یا سال پورا ہونے پر یا اس کے ایک ماہ بعد بچہ دے دے)۔
-العریانُ بالورقِ علی بدنہ: خَصَفَہٗ۔
(تَخَصَّفَ) العُریانُ الورقَ علی بدنہ: خَصَفَہ۔
(خِصَاف): ایک مشہور گھوڑے کا نام۔
(الخَصَّافُ): موچی (۲) کذاب جھوٹا۔
(الخَصَفَۃُ): چمڑے کا ٹکڑے جس سے جوتے کو پیوند لگایا جاتا ہے (۲) جوتے کے تلے کی ہرتہ (ج) خِصافٌ۔
(الخُصْفَۃُ): جوتے کا سوراخ (ج) خُصَفٌ۔
(الخَصَفَۃُ): کھجور رکھنے کی کھجور کے پتوں سے بنی ہوئی ٹوکری (۲) بہت موٹا کپڑا (ج) خَصَفٌ و خِصَافٌ۔
(الخصیفُ): راکھ (۲) راکھ جیسا رنگ۔ (۳) ہر وہ چیز جس میں دو رنگ ملے ہوں سیاہ و سفید رنگ کا سلیٹی رنگ کا۔ کہا جاتا ہے حَبْلٌ خصیفٌ و رمادٌ خصیفٌ و کتیبۃ خصیفٌ (۴) تازہ دودھ ملا ہوا دہی (۵) سلا ہوا جوتا۔
(الخَصِیفَۃُ) دو ملے ہوئی رنگوں والی چیز۔ جیسے ''کتیبۃٌ خصیفۃٌ'' (۲) جوتے کے تلے کی ہرتہ (۳) تازہ دودھ ملا ہوا دہی (ج) خصیفٌ و خصائفُ۔
(المِخْصَفُ) موچی کی ستالی (۲) موچی (ج) مخاصِفُ۔
(خَصَلَ) السھمُ ـُ خَصْلاً و خِصَالاً و خُصْلَۃً تیر کا نشانہ کے قریب گرنا۔
-الھدفَ او الغرضَ او القرطاسَ نشانہ پر

لگنا۔
-الشیءُ کاٹنا۔
-غیرہ تیراندازی میں غالب آنا۔
(اَخصَلَ) نشانہ پر مارنا۔ کہا جاتا ہے "رَمٰی فَاَخصَلَ" یعنی دو بار مسلسل نشانہ پر مارا۔
(خاصَلَه) خِصالاً و مخاصلةً: تیراندازی میں مقابلہ کرنا۔
(خَصَّلَ) الشیءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
-الشَّجَرَ و نحوہ درخت کو چھانٹنا' شاخیں تراشنا۔
-البعیرَ و نحوہ: اونٹ کے لئے درخت کی لگی ہوئی شاخوں کا گچھا بنانا۔
(تَخاصَلَ) القومُ: باہم مقابلہ کرنا۔ (۲) شرط لگا کر تیراندازی کرنا۔
(الخَصَلُ) فی النِّضال: وہ شرط جو تیراندازی میں لگائی جائے۔
(الخَصْلَةُ) عادت (اچھی ہو یا بری)۔ حدیث میں ہے (کانت فیه خصلة من خصال النفاق) (۲) گچھ (۳) کانٹے دار لکڑی (۴) نرم اور تر لکڑی کا کنارہ (ج) خِصالٌ۔
(الخُصْلَةُ) بالوں کا گچھا (۲) گچھا (۳) کانٹے دار لکڑی (۴) نرم شاخ (۵) لٹکے ہوئی درخت کا کنارہ (۶) گوشت کا ٹکڑا (ج) خُصَلٌ۔
(الخَصَلَةُ) تر شاخ کا کنارہ (۲) کانٹے دار لکڑی۔ (ج) خَصَلٌ۔
(الخَصِیلُ) نرم۔
(الخَصِیلَةُ) گوشت کا ٹکڑا (بڑا ہو یا چھوٹا (ج) خَصِیلٌ و خَصائِلُ۔
(المِخْصالُ) درانتی (ج) مخاصیل۔
(المِخْصَلُ) تیز دھار تلوار وغیرہ (ج) مَخاصِلُ۔
(خَصَمَهُ) ــ خَصْمًا و خِصامًا و خُصومةً جھگڑے میں غالب آنا۔
(خَصِمَ) ــ خَصَمًا و خِصامًا جھگڑے میں ماہر ہونا (۲) لڑنا جھگڑنا۔ ھو خَصِمٌ۔
(اَخصَمَ) فلانًا کسی کو دلیل سمجھانا۔ تا کہ جھگڑے میں مخالف پر غالب آسکے۔
(خاصَمَهُ) مخاصمةً و خِصامًا: باہم لڑائی جھگڑا کرنا' ھو مخاصِمٌ و خصیمٌ (ج) خُصَمَاءُ و خُصمان۔
(اختصَمَ) القومُ: لوگوں کا ایک دوسری سے لڑنا۔
(تخاصَمُوا): باہم لڑائی جھگڑا کرنا۔
(الاُخصُومُ): بوری یا تھیلے کا قبضہ (ج) اَخاصِیمُ۔
(الخَصْمُ): مقابل' مخالف (اس میں مذکر و مفرد وغیرہ برابر ہیں) قرآن مجید میں ہے ﴿وَهَلْ اَتَاكَ نَبَأُ الْخَصْمِ اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ﴾ اور کبھی کبھی تثنیہ و جمع بھی آتا ہے جیسے قرآن مجید میں ہے۔
(هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِیْ رَبِّهِمْ)۔
(ج) خُصُومٌ (۲) (علم الحساب کی مطابق ڈسکاؤنٹ' کمیشن' قیمت میں کمی (مو)۔
(الخُصْمُ) کونہ' گوشہ' کنارہ (۲) ہر چیز کا کنارہ (۳) تھیلے وغیرہ کا کونہ (۴) سوراخ' کشادگی (۵) وادی کا دہانہ۔ جب معاملہ سنگین ہو جائے تو کہتے ہیں "لا یسدّ منهُ خصمٌ الا انفتح منهُ خصمٌ" سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے۔ (هذا امرٌ لایسدّ منه خصمٌ الا انفتح علینا منهُ خصمٌ) (ج) خصوم و اَخصَام۔
-اَخصَامُ العینِ: آنکھ کے کنارے جن سے پلکیں ملتی ہیں۔
(الخَصِمُ) جھگڑے کا ماہر چاہے جھگڑا نہ کرے (۲) جھگڑالو۔ قرآن مجید میں ہے ﴿بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ﴾ (ج) اَخصام۔
(الخَصِیْنُ) کلہاڑی (مذکر و مونث)۔ (ج) خُصُنٌ و اَخْصُنٌ۔
(خَصَاهُ) ــ خَصْیًا و خِصاءً ج فوطے نکال دینا۔ ھو خاصٍ و ذاك مَخصِیٌّ و خَصِیٌّ (۲) ذکر کاٹ دینا۔
(خَصِیَ) فوطوں میں درد ہونا' کہا جاتا ہے "کانَ جواداً فخُصِیَ" وہ مالدار تھا پھر نادار ہو گیا۔
(اختصاه) خصی کرنا۔
(الخُصْیُ) فوطہ' خصیہ (۲) وہ کھال جس میں خصیہ ہوتا ہے "هما خصیان"۔
(الخِصْیُ) (یا کی تخفیف کے ساتھ) جس کے فوطوں میں درد ہو۔
(الخُصْیَةُ) فوطہ' خصیہ' هما خصیتان (ج) خُصًی۔
-خُصَی الثعلب: سیٹائیرین (ایک پودا)۔
-خُصَی الکلب: آرچس (ایک پودا)۔
(المَخْصٰی): خصی کا وہ حصہ جہاں سے کاٹا جائے۔

خ ...... ض

(خَضَبَ) ــ خَضْبًا و خُضُوبًا: رنگین ہونا۔
-الشَّجَرُ: سرسبز ہونا۔
-الارضُ: زمین پر سبز کونپلوں کا نکلنا۔
-الماشیةُ چارہ کھانا۔
-الشیءَ خَضْبًا و خِضَابًا رنگنا' خضاب کرنا ھو خاضِبٌ و الشیءُ مخضوبٌ و خَضِیبٌ۔
(خَضِبَ) الشجر و نحوہ ــ خَضْبًا و خُضُوبًا: سرسبز ہونا۔
(اَخْضَبَ) الارضُ: زمین سے سبز پودے نکلنا۔
(خَضَّبَه) رنگنا۔
(اختَضَبَ) خضاب لگانا۔
(تَخَضَّبَ) مہندی وغیرہ سے رنگنا۔
-بالدماءِ: خون میں لت پت ہونا۔
-الارضُ: زمین کا سرسبز ہونا۔
(اخضَوضَبَ) خَضَبَ۔
(الخاضِبُ) من البهائم سبز چارہ کھانے والا جانور۔ هی خاضبةٌ (ج) خواضِبُ۔
(الخِضابُ) وہ چیز جس سے خضاب کیا جائے' مہندی' رنگ وغیرہ۔
(الخَضْبُ) درخت کی سرسبزی (۲) بارش کے بعد نیا اگا ہوا پودا (ج) خُضُوبٌ۔
(الخُضَبَةُ) بہت زیادہ خضاب کرنے والی عورت۔

(الخَضُوبُ) بارش کے بعد تازہ اگا ہوا سبزہ۔
(الخضیبُ) رنگا ہو۔ "کفٌّ خضیبٌ" رنگی ہوئی ہتھیلی۔
(المِخضَبُ) کپڑے دھونے کا برتن۔ (ج) مخاضبُ۔ حدیث میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے مرض الوفات میں فرمایا۔ (اَجلسونی فی مِخضبۃ فاغسلونی)۔
(المِخضَبۃُ): المخضب (ج) مَخاضِبُ' المخاضبُ: خضاب اور حیض کے چیتھڑے۔
(خَضخَضَ) الشیَ: حرکت دینا' ہچکولے دینا۔
-الارضَ: زمین کو الٹ پلٹ کرنا تاکہ نرم ہو جائے اور پانی تہہ تک پہنچے تو پودا اگائے۔
(تَخَضخَضَ): خضخضہ کا لازم ہلنا۔ الٹ پلٹ ہونا۔
(الخُضَاخِضُ): زیادہ پانی اور درختوں والی جگہ (۲) بڑے پیٹ والا موٹا آدمی یا اونٹ (ج) خضاخِضُ۔
(الخَضخَاضُ): ایک قسم کا سیاہ اور سیال تارکول جس سے خارش زدہ اونٹوں کو لیپ کرتے ہیں۔
(الخُضخُضُ): پچھوا اور پُروا کے درمیان کی ہوا (ج) خَضَاخِضُ۔
(الخُضَخِضُ) الخُضخُضُ۔
(خَضَدَ)۔ خَضدًا: کوئی تر چیز کھانا۔
-الشیَ: جدا کئے بغیر توڑنا (۲) کاٹنا (۳) موڑنا۔
-الشَّجَرَ: درخت سے کانٹے اُتارنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَ اَصْحٰبُ الْیَمِیْنِ مَا اَصْحٰبُ الْیَمِیْنِ فِیْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ﴾۔
-الشوكَ: درخت سے کانٹے اُتارنا۔
-شوکۃَ فلانٍ: طاقت ختم کرنا' غرور خاک میں ملانا۔ ھو خَضُوزٌ و خضیرٌ۔
(خَضِدَ)- خَضَدًا۔ نرم ہونا۔
-الثمرُ: پھلوں کا پک کر سکڑ جانا۔ احنف کی حدیث میں [illegible]

میں آیا ہے (تاتیھم ثمارھم لم تخضد)۔
-النبتُ: پودے کا کمزور ہو۔ خَضِدٌ۔
(اَخضَدَ) المُھرُ: گھوڑے کے بچے کا مستی میں لگام کا لوہا کھینچنا۔
(خَضَّدَہُ) خَضَدَہُ۔
(اختَضَدَ) الشيَ: مڑنا۔
-البعیرَ: اونٹ کو نکیل ڈال کر اس پر سوار ہونا۔
(انخَضَدَ): ٹوٹنا (۲) مڑنا۔
-الثمرُ: پھلوں کا پھٹ جانا۔
(تَخَضَّدَ): انخضدَ۔
(الخَضَادُ): ایک نرم درخت جس میں کانٹے نہیں ہوتے (۲) اعضاء کا درد جس میں بدن ٹوٹتا ہے۔
(المِخضَدُ): موڑنے یا توڑنے کا آلہ (ج) مَخَاضِدُ۔
(المَخضُودُ): کمزور جو اٹھنے پر قادر نہ ہو (۲) لاجواب۔ دلیل سے عاجز۔
(خَضَرَ) الرجلُ النَّخلَ ـُـ خَضرًا: کاٹنا۔
-الزرعُ: سرسبز و شاداب ہونا۔ ھو خَضِرٌ و اَخضَرُ وھی خضراءُ (ج) خُضرٌ۔
(اَخضَرَہُ): سبز کرنا۔
-الرِّیُّ الزَّرعَ: پانی کا کھیتی کو سرسبز کر دینا۔
(خَاضَرَہُ): سبز پھل پکنے سے پہلے ہی بیچ دینا۔
(خَضَّرَہُ): سبز کرنا۔
-الارضَ: زمین میں گیہوں یا مکئی کے بیج ڈالنا۔
(اختَضَرَہُ): کسی چیز کو سبز ہونے کی حالت میں کاٹ لینا۔ جیسے اختضر الشجر و اختضر الکلاء اور جب کوئی جوان فوت ہو جائے تو کہتے ہیں "قد اختضر" (۲) کاٹنا جڑ سے اکھیڑنا۔ (۳) سبز ہونے کی حالت میں کھانا جیسے اختضر الفاکھۃ۔
-الحِملَ: بوجھ اٹھانا۔
(اخضَرَّ) الشیءُ: سبز ہونا۔
-الکلاءُ: گھاس کا سبز ہونے کی حالت میں کٹ جانا [illegible]

-اللیلُ: رات کا تاریک ہونا۔ کہا جاتا ہے "احضرّت الظّلمۃُ" یعنی تاریکی سخت ہو گئی۔
(اخضَارَّ) آہستہ آہستہ سبز ہونا۔
(اخضَوضَرَ) اخضَرَّ۔
(الاخاضِرُ): سونا (۲) گوشت (۳) شراب۔
(الاَخضَرُ) سبز ہرا (۲) کچا۔
-ماءٌ اَخضَرُ: ایسا پانی جو شفاف ہونے کی بنا پر سبز معلوم ہو۔
-شابٌ اَخضَرُ: وہ نوجوان جس کی داڑھی نکل چکی ہو۔
-الامرُ بیننا اخضرُ: ہمارا معاملہ نیا ہے۔
-اخضَر الجناحین: رات جیسے کہا جاتا ہے جَنَّ علیہ اخضر الجناحین و طارعنّا اخضر الجناحین۔
-فلانٌ اَخضَرُ: زیادہ خیر والا۔
-اخضَر القفا: کالی عورت کا لڑکا۔
-اخضَر البطن: جولاہا (کیونکہ بنتے ہوئے کرگہ کی لکڑی سے اس کا پیٹ کالا ہو جاتا ہے۔
-اخضَر النواجذ: کاشتکار کیونکہ وہ سبزیاں کھاتا ہے (ج) خُضرٌ کہا جاتا ہے "ھُم خُضرُ المناکِبِ" وہ انتہائی خوشحالی و شادابی سے بہرہ ور ہیں۔
(الاُخَیضِرُ) سبز مکھی (۲) آنکھ کی بیماری۔
(الخَضَارُ) نئی سبزی (۲) دودھ جو بہت زیادہ پانی ملنے کی وجہ سے سبز ہو جائے۔ واحد خضارۃٌ۔
(خُضارۃٌ) (بغیر الف لام کے) سمندر کیونکہ اس کا پانی سبز ہوتا ہے۔
(الخُضَارَۃُ) سبز ترکاریاں۔
(الخُضَارِیُّ) جنگلی مرغابی۔ اسے "القاریَۃ" بھی کہتے ہیں (۲) کوے کی قسم کا سبزی مائل پرندہ اسے "الاخیل" بھی کہتے ہیں۔
(المَخضُورُ) سبز ہونے کی حالت میں کاٹی ہوئی چیز۔ کہتے ہیں "خضرًا للفہ و مضرًا" یعنی

آپ کے لئے سیرابی و شادابی ہو۔

(الخِضْرُ) ضائع، رائیگاں کہتے ہیں ''ذھبَ دمُہٗ خِضرًا مِضرًا'' اس کا خون رائیگاں گیا اور ''اخذَ خِضرًا مِضرًا'' اس کو بغیر کسی مشقت کے لے لیا۔

(الخَضَرُ) کھجور کے درخت کی سبز ٹہنی۔

(الخَضِرُ) تازہ سبز کھیتی (۲) سرسبز جگہ (۳) کھجور کا درخت۔ دنیا کو ''حُلوۃٌ خَضِرۃٌ'' یعنی شیریں اور سرسبز کہا جاتا ہے۔

- ذھب دمُہٗ خَضِرًا مَضِرًا: اس کا خون رائیگاں گیا۔

- اَخذہٗ خَضِرًا مَضِرًا: اسے تازہ اور نرم ہونے کی حالت میں یا بلا قیمت لے لیا۔

- وھو لک خَضِرًا مَضِرًا: وہ تمہارے لئے شادابی کا ذریعہ ہے۔

(الخَضراءُ) سبز ترکاری (ج) خَضراوات حدیث میں ہے (لیس فی الخضراوات صدقۃٌ)۔

- اباد اللّٰہُ خضراءَ ھُم: خدا ان کی اصل مٹا دے (۲) کالی عورت۔ حدیث میں ہے (اَنَّہٗ تزوج امراۃ فرآھا خضراء فطلّقھا) (۳) قوم کا بڑا حصہ، اکثریت، فتح مکہ کی حدیث میں ہے (اُبِیدَتْ خَضراءُ قریشٍ) (۴) آسمان، کیونکہ اس کا رنگ نیگوں ہے۔ حدیث میں ہے (ما اظلّت الخضراءُ ولا اَقلّتِ الغبراءُ اصدق لھجۃً من ابی ذرٍّ) (۵) بڑا لشکر۔ فتح مکہ کی حدیث میں ہے (مَرَّ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فی کتیبتہ الخضراء) (۶) ڈول۔ جو کثرتِ استعمال سے سبز ہو گیا ہو۔

-المودّۃُ بیننا خضراءُ ہمارا گہرا تعلق ہے۔

- خضراء الدِّمَن: سبزہ جو کوڑے پر اگتا ہے یہ لفظ ایسی چیز کے لئے بطور کنایہ کے استعمال ہوتا ہے جس کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو۔ حدیث میں ہے (ایّاکم و خضراء الدِّمن قیل وما ذاک یا رسول اللّٰہ؟ فقال المرأۃ الحسناء فی المنبت السُّوْءِ)۔

(الخُضْرَۃُ): سبز رنگ (ج) خُضَر و خُضْر (۲) سبز ترکاری۔

-فی الوان الناس: گندمی رنگ۔

-فی الوان الخیل: خیالا رنگ جس میں سیاہی ملی ہوئی ہو۔

(الخُضّارُ): فصیلہ خضاریہ کا مرغابی کی قسم کا ایک پرندہ۔

(الخُضَارِیُّ): کھیتی (۲) ایک جنگلی درخت۔

(الخُضُورُ): سبزہ۔

(الخَضِیرُ): سبزہ (۲) سبز ترکاری (۳) سمندر۔

(الخَضِیرَۃُ): کھجور کا ایک ناپختہ درخت جس کی ناپختہ کھجوریں سبز ہونے کی حالت میں گر جاتی ہیں (ج) خضائِرُ (۲) ایسی عورت جس کا حمل پورا ہونے سے پہلے ساقط ہو جائے۔

(الخُضَیْرِیّ) فصیلہ شرشوریات کی ایک چڑیا جس کے پر سنہری اور سبز ہوتے ہیں۔

(المِخْضارُ) الخضیرۃ (ج) مَخاضیر۔

(المُخْضَرُّ): بچہ (ج) مخاضِرُ۔

(المخضرۃُ): انتہائی سرسبز جگہ۔

-ارضٌ مخضرۃٌ سرسبز زمین۔

(الیَخْضُورُ): پودوں اور پتوں کو سبز رنگ دینے والا مادہ، کلوروفل (مج)۔

(اللایخضوریّ) کلوروفل مادہ سے خالی نبات (مج)۔

(خَضْرَبَ) الماءُ و نَحْوُہٗ: پانی کا موج مارنا۔

(الخُضَارِبُ) لہر لینے والا پانی (ج) خَضَارِبُ۔

(المُخَضْرَبُ) فصیح بلیغ اسلوب بدل بدل کر گفتگو کرنے والا آدمی۔

(الخِضْرِیجُ): ایسی جگہ جہاں خربوزہ کثرت سے ہوتا ہو (ج) خضاریجُ۔

(خَضْرَعَ) البخیلُ بخیل کا سخاوت ظاہر کرنا۔

(تَخَضْرَعَ) البخیلُ خَضْرَعَ۔

(الخُضَارِعُ) وہ بخیل جو بتکلف سخی بنتا ہو۔

(خَضْرَفَ) بہت بوڑھا ہونا اور کھال کا لٹک جانا۔

(خَضْرَمَ) الاُذُنَ: کان کا کنارہ یا آدھا کان کاٹ کر الگ کر دینا یا اس کو لٹکتا ہوا چھوڑ دینا'' خضرمَ الحیوانَ'' بھی کہتے ہیں۔ ھو مخضرِمٌ و المفعول مخضَرمٌ حدیث میں ہے (انہٗ خطب الناس یوم النحر علی ناقۃ مخضرمۃ)۔

-الشیءَ گڈمڈ کرنا، خلط ملط کرنا۔

(تخضرمَ) الزُّبْدُ: مکھن کا ٹھنڈک کی وجہ سے بکھر جانا اور نہ جمنا۔

(الخِضْرِمُ). بہت زیادہ پانی (۲) فیض رساں، سخی، مصیبتیں جھیلنے والے سردار (ج) خَضَارِمُ۔

(الخَضَارِمَۃُ): ایک قوم جو ایران سے آ کر شام میں آباد ہوگئی۔ واحد: خضرمیّ۔

(الخِضْرِمُ): بہت زیادہ اور کشادہ چیز۔ (ج) خَضَارِمُ و خَضَارِمَۃٌ۔

(الخُضْرُمُ): میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی (۲) گویا اس کا بچہ (ج) خَضَارِمُ۔

(المُخَضْرَمُ): غیر مختون (۲) جس نے زمانہ جاہلیت اور اسلام کو پایا ہو (۳) جس نے مطلقًا دو عہد دیکھے ہوں (مو) (۴) وہ سیاہ فام جس کا باپ گورا ہو۔ (۵) مشکوک النسب (۶) گھٹیا خاندان کا آدمی (۷) مخلوط النسل۔

- من اللحم: جس گوشت کے بارے میں معلوم نہ ہو کہ نر کا ہے یا مادہ کا۔

-من الطعام وہ کھانا جو نہ میٹھا ہو نہ کڑوا۔

(المُخَضْرِمُ) جس نے زمانہ جاہلیت اور اسلام کو پایا ہو (۲) جس نے مطلقًا دو عہدوں کو پایا ہو (مو)۔

(خاضَّہٗ): کوئی چیز دے کر کوئی چیز خریدنا بیع بالعوض کرنا۔

(خَضْخَضَ) الاَمَۃَ باندی کو چھوٹے سفید مہروں سے آراستہ کرنا۔

(الخَضَاضُ) بے وقوف (۲) معمولی زیور۔ کہا جاتا ہے ''ما علیھا خضاضٌ'' یعنی اس

کے جسم پر زیور نہیں ہے (۳) ہرن یا بلّی کا پٹہ (۴) قیدی کی بیڑی (۵) روشنائی' سیاہی۔
(الخِضَاضُ) روشنائی۔
(الخَضَاضَۃُ) بے وقوف۔
(الخَضَضُ) چھوٹے چھوٹے سفید مہرے جو باندھیاں پہنتی ہیں (۲) کھانے کی مختلف قسمیں (۳) فضول و بے ہودہ کلام۔
(الخَضِیضُ) غبار آلود اور پانی سے تر جگہ (۲) ایسی جگہ جہاں پانی اور درخت کثرت سے ہوں۔
(خَضَعَ)- خَضعًا و خُضوعًا و خُضعَانًا. جھکنا' تواضع کرنا' مائل ہونا (۲) مطیع و تابع ہونا۔
-لَہٗ: نرم بات کرنا۔
-فی سیرہٖ: گردن اُٹھا کر تیز چلنا۔
-الکلامَ لَہٗ: کسی سے نرم بات کرنا۔ حضرت عمر ؓ کی حدیث میں ہے: (اَنَّ رَجُلاً فی زمانہٖ مَرّ برجل و امراۃ قد خضعا بینھما حدیث فضربہ حتی شجّہٗ)۔
-الشیئَ خضعًا: جھکانا (۲) جھکا ہوا بنانا۔
کہا جاتا ہے "خَضَعَۃُ الکِبَرُ" بڑھاپے نے اس کی کمر جھکا دی۔
(خَضِعَ)- خَضَعًا جھکا ہوا ہونا۔ حضرت زبیر کی حدیث میں ہے (اَنَّہٗ کان اَخضع)۔
(۲)-عنقُہٗ: گردن کا پیدائشی طور پر جھکا ہوا ہونا (۳) ذلت و پستی پر راضی ہو جانا۔ ھو اخضعُ و ھی خضعاءُ (ج) خُضْعٌ۔
(اَخْضَعَ) فلانٌ عورت کے لئے کلام کو نرم کرنا۔
-الشیئَ: خَضَعَہٗ۔
(خَاضَعَہٗ) کسی سے نرم بات کرنا۔
(خَضَّعَ) گوشت کے ٹکڑے کرنا۔
(اِختَضَعَ) خَضَعَ۔
- الصقرُ و نحوہٗ باز کا حملہ کے لئے سر جھکانا۔
(تَخضَّعَ): بتکلف عاجزی کرنا (۲) گڑگڑانا۔

(الخَضْعَۃُ) کوڑے پڑنے کی آواز' کہا جاتا ہے "سمعتُ للسیاط خَضْعَۃً وللسیوف بَضْعَۃً" یعنی میں نے کوڑا پڑنے کی اور تلوار کے کاٹنے کی آواز سنی۔
(الخُضَعَۃُ): جو ہر ایک سے عاجزی کرے۔
(۲) دوسرے کو مغلوب و تابع کرنے والا۔
(۳) کھجور کا وہ درخت جو گٹھلی سے اگا ہو (ج) خُضَعٌ۔
(الخَضُوعُ) تابع' فرماں بردار (۲) بہت زیادہ جھکنے والا (ج) خُضُعٌ۔
(الخَضِیعَۃُ) وہ آواز جو جانور کے پیٹ میں سے آئے (۲) بہاؤ وغیرہ کی آواز (ج) خضائع۔
(الخَیْضَعَۃُ) لڑائی وغیرہ کا شور (۲) جنگ' معرکہ (۳) غبار (۴) جنگی خود' آہنی ٹوپ' ہیلمٹ۔
(خَضَفَ) الطعامَ- خَضْفًا: کھانا کھانا۔ ھو خاضِفٌ و خضوفٌ و مِخضفٌ۔
(الخَضَفُ): خربوزہ۔
(خَضِلَ)- خَضَلاً: تر ہونا' نم ہونا۔ (۲) خوشگوار ہونا' ھو خَضِلٌ و خاضلٌ و اَخضَلُ و ھی خضلاءُ (ج) خُضْلٌ۔
-الدُّرَّۃُ: موتی کا پانی کے قطرہ کی طرح صاف ہونا۔
(اَخضَلَ) خَضِلَ۔
-الشیئَ: تر کرنا' بھگونا۔ حدیث انصار میں ہے (فبکوا حتی اَخضلوا لحاھم)۔
(خَضَّلَہٗ): اَخْضَلَہٗ حدیث سُلیم میں ہے (قال: خضّلی قنازِعَك) یعنی اپنے بالوں کو پانی اور تیل سے تر کر۔
(اخضَلَّ). خَضِلَ حضرت عمر ؓ کی حدیث میں ہے (فبکی حتی اخضلّت لحیتُہٗ)۔
-اللیلُ. رات کا تاریک ہونا (۲) رات کا سرد و خوشگوار ہونا۔
(اِخضَالَّ) خَضِلَ۔
-الشجرُ درخت کی ٹہنیوں اور پتوں کا زیادہ ہونا۔

(اِخضَوضَلَ) خَضِلَ حدیث قس میں ہے (مخضوضِلَۃ اغصانُھا)۔
(الخَضْلُ) عمدہ موتی (۲) ایسا صاف موتی جو پانی کے قطرہ کی طرح ہو۔ ایک عورت حجاج کے پاس ایک آدمی کو لائی اور کہنے لگی (تزوجنی ھذا علی ان یعطینی خَضْلاً نبیلا) (۳) ایک قسم کے مہرے۔
(الخُضُلَّۃُ) سرسبزی و شادابی (۲) خوشگواری و آسودگی (۳) ناز انداز والی عورت (۴) بیوی (۵) قوس قزح (ج) خُضُلاّت کہتے ہیں "دَعنی من خُضُلاّتك" یعنی اپنی فضول باتیں اپنے پاس رکھو۔
(الخَضِیلَۃُ): شبنم آلودہ باغیچہ' ہرا بھرا باغیچہ (ج) خَضَائِلُ۔
(خَضَمَہٗ)- خَضمًا. کاٹنا (۲) پورے منہ کے ساتھ یا نیچے کی داڑھوں کے ساتھ کھانا۔
-خَضَمَ لَہٗ من مالہ. مال عطا کرنا۔
(خَضِمَہٗ)- خَضَمًا خَضِمَہٗ حدیث علی ؓ میں ہے (فقام الیہ بنو امیّہ یخضمون مالَ اللہ خضم الابل نبتۃ الربیع)۔
(اَخضَمَ) پانی کا کھارا ہونا۔
-لَہٗ من العطاءِ خوب عطا کرنا۔
-فلانًا: کسی کا رزق وسیع کرنا۔
(خَضَّمَہٗ) کسی کا رزق وسیع کرنا۔
(اِختَضَمَہٗ) خَضَمَہٗ۔
(الخُضَامُ) وہ چیز جو داڑھ کے کنارے سے کھائی جائے۔
(الخُضَامَۃُ) الخُضَامُ۔
(الخُضَمَۃُ) بہت کھانے والا (مذکر و مؤنث کے لئے) حضرت مغیرہ ؓ کی حدیث میں ہے (بئس لعمر اللہ زوجُ المرأۃِ المسلمۃ خُضَمَۃٌ حُطَمَۃٌ)۔
(الخِضَمُّ) وسیع، سمندر (۲) بڑا مجمع (۳) تیز تلوار (۴) بھاری بھرکم گھوڑا۔
(الخُضُمَّۃُ) ہر چیز کا بڑا حصہ (۲) کہنی کی ہڈی (۳) درمیان' وسط۔ کہتے ہیں 'فلانٌ فی

خُضْمَةَ قومِهٖ "وہ قوم کے درمیانے لوگوں میں ہے۔

(الخَضِيْمَةُ). سبز اور تر گھاس (۲) سرسبز زمین (۳) وہ گندم جو بغیر بھوسی کے ابال کر دودھ لونگ اور شکر وغیرہ ملا کر کھاتے ہیں۔ دلیا (ج) خضائم۔

(خَضَنَ) الحَمَلَ و نحوَہ ـُ خَضْنًا بوجھ لادنا (۲) تابع فرماں کرنا۔

-الشئَ. پھیرنا موڑنا۔

(خَاضَنَ) القومُ مخاضَنَةً و خِضَانًا: ایک دوسرے پر لعن طعن کرنا۔

-المرأةَ. عشقیہ باتیں کرنا۔

(المِخْضَنُ) جانوروں کو سدھانے والا (ج) مَخَاضِنُ۔

خ .... ط

(خَطِئَ) ـَ خَطَأً و خِطأً: غلطی ہونا گناہ ہونا (۲) گناہ کرنا جان بوجھ کر غلطی کرنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿ قَالُوْا يَا اَبَانَا اسْتَغْفِرْلَنَا ذُنُوْبَنَا اِنَّا كُنَّا خَاطِئِيْنَ ﴾۔

-السهمُ الهدفَ تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔ هو خَطِئٌ و خاطِئٌ وهی خاطئةٌ (ج) خَوَاطِئ

۔کہاوت ہے (من الخواطی سهمٌ صائب) اس شخص کے بارے میں جو بار بار غلطی کرے اور ایک بار ٹھیک کام کرے۔

(اَخْطَأَ) غلطی کرنا چوک جانا راہ صواب سے ہٹ جانا۔ حدیث میں ہے (من اجتهد فاخطأ فلهٗ اجرٌ)۔

-فلانٌ قصداً یا بھول کر گناہ کرنا۔

-الهدفَ و نحوَہٗ تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔

عربوں کا قول (اَخْطَأَ نَوْءُكَ) اس شخص کے بارے میں جو کوشش کرے لیکن حاصل نہ کر سکے۔

(خَطَّأَهٗ) تَخْطِئَةً و تخطيئًا غلط قرار دینا (۲) کسی سے "اَخْطَأْتَ" (تو نے غلطی کی) کہنا۔

(تَخَاطَأَ) لَهٗ غلطی ظاہر کرنا۔

الشئَ غلطی کرنا تخاطأهُ النَّبْلُ (تیر کا نشانہ سے تجاوز کر جانا)۔

(تَخَطَّأَهٗ): غلطی کرنا (۲) غلط قرار دینا۔

"تَخَطَّأَلَهٗ" بھی کہتے ہیں۔

(اِسْتَخطأتِ) الانثی: مادہ کا حاملہ نہ ہونا۔

(الخِطْءُ): گناہ ارادۃً کیا ہوا گناہ۔ قرآن مجید میں ہے۔ ﴿ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْئًا كَبِيْرًا ﴾ (ج) اَخْطَاءٌ۔

(الخَطَاءُ): غلطی چوک (۲) غلط (ضد: صواب) (ج) اَخْطِئَةٌ۔

(الخَطَأُ): الخطاء حدیث میں ہے (رُفِعَ عن امتی الخطأُ و النسیان) (ج) اَخْطَاءٌ۔

(الخَطَّاءُ): بہت غلطی کرنے والا (۲) بہت گناہ کرنے والا۔

(خَطَبَ) النَّاسَ وفيهم و عليهم ـُ خَطَابَةً و خُطْبَةً: خطبہ کہنا تقریر کرنا لیکچر دینا۔

-فُلَانَةً خَطْبًا و خِطْبَةً: نکاح کا پیغام بھجوانا۔

کہا جاتا ہے "خطبها الی اهلها" عورت کے گھر والوں سے رشتہ مانگنا۔

-کذا. مانگنا طلب کرنا کہتے ہیں "خَطَبَ وُدَّهٗ" هو خاطِبٌ (ج) خُطَّابٌ۔ کہاوت ہے (ذَهَبَ خاطِبًا فتزوّج)۔

(خَطِبَ) ـَ خَطَبًا و خُطْبَةً: مٹیالے یا زرد رنگ کا ہونا جس میں سبز یا سرخ رنگ کی آمیزش ہو۔ هُوَ اَخْطَبُ و هی خَطْبَاءُ (ج) خُطْبٌ۔

(خَطُبَ) ـُ خَطَابَةً خطیب ہونا مقرر ہونا۔

(اَخْطَبَ) خَطِبَ۔

-فُلانًا پیغام نکاح قبول کرنا۔

-الشئُ فلانًا کسی چیز کا کسی سے قریب ہونا کہتے ہیں "اَخْطَبَهُ الصَّيْدُ" شکار اس کی زد میں آ گیا۔

(خَاطَبَهٗ) مُخاطَبَةً و خِطَابًا باہم گفتگو کرنا (۲) مخاطب کرنا "خَاطَبَهٗ فی الامر" کسی سے کسی سلسلہ میں گفتگو کرنا۔

(خَطَّبَهٗ) پیغام نکاح قبول کرنا۔ حدیث میں ہے (انه لَحَرِیٌّ ان خطب ان يُخَطَّب)۔

(اِخْتَطَبَ) المرأةَ پیغام نکاح بھجوانا۔

-فُلانًا: کسی کو کسی عورت سے شادی کی دعوت دینا۔

(تَخَاطَبَا): باہم گفت و شنید کرنا۔

(الخِطَابُ). کلام۔ قرآن مجید میں ہے ﴿فَقَالَ اَكْفِلْنِيْهَا وَ عَزَّنِيْ فِي الْخِطَابِ﴾ (۲) پیغام (ج) (۳) خط۔

-فصلُ الخطاب: قطعی اور فیصلہ کن گفتگو۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاٰتَيْنَاهُ الْحِكْمَةَ وَ فَصْلَ الْخِطَابِ﴾۔

-فصل الخطاب وہ حکم یا فیصلہ جو دلیل یا قسم کی بنیاد پر دیا جائے (۲) قوت فیصلہ عدالتی سمجھ فیصلہ کرنے میں مہارت (۳) امّا بعد کہنا (۴) حق و باطل کے درمیان گفتگو (۵) ایسی گفتگو جو نہ زیادہ مختصر ہو نہ زیادہ طویل۔

-تاءُ الخطاب: تائے خطاب جیسے "اَنْتَ" کی تاء۔

-کافُ الخطاب: کاف خطاب جیسے "لكَ" کا کاف۔

-الخطابُ المفتوحُ: کھلا خط جو حکام اور ارباب اقتدار کے نام علانیہ طور پر لکھا جائے (محدثہ)۔

(الخَطَابَةُ) (مناطقہ کے ہاں) وہ قیاس جو مقبول اور مظنون باتوں سے مرکب ہو۔

(الخَطْبُ) حالت و شان۔ قرآن مجید میں ہے (قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ) (۲) پریشانی تکلیف حادثہ (ج) خُطُوْبٌ۔

(الخِطْبُ) منگیتر (لڑکا ہو یا لڑکی) (ج) اَخْطَابٌ۔

(خِطْبٌ). اس لفظ کے ذریعہ اہل عرب زمانہ جاہلیت میں شادی کرتے تھے مرد کہتا ہے کہ خِطْبٌ تو اس سے کہا جاتا ہے نِكْحٌ۔

(الخَطْبَاءُ) يَدٌ خَطْبَاءُ ایسا ہاتھ جس کا خضاب زائل ہو گیا ہو (ج) خُطْبٌ۔

(الخُطْبَةُ) مٹیالا یا پیلا رنگ جس میں سبز یا سرخ رنگ کی آمیزش ہو (۲) تقریر وعظ خطبہ لیکچر (۳) کتاب کا ابتدائی حصہ (ج)

خُطَبٌ۔
(الخِطْبَةُ): پیغامِ نکاح (۲) منگیتر لڑکی۔
(الخَطَّابُ). بہت تقریر کرنے والا۔
(الخَطَّابِيَّةُ) روافض کا ایک فرقہ جو ابو الخطاب الاسدی کی طرف منسوب ہے۔ یہ لوگ اپنے ہم مذہب کے حق میں اپنے مخالف کے خلاف جھوٹی گواہی دینے کو جائز قرار دیتے ہیں۔
(الخَطِيبُ). عمدہ مقرر' خوش الحان (۲) خطیب' واعظ جو مسجد وغیرہ میں خطبہ کی خدمت انجام دیتا ہے (۳) قوم کا ترجمان (۴) شادی کا طالب (مج) (ج) خُطَبَاءُ۔
(الخَطِيبَةُ): منگیتر (لڑکی) (مج)۔
(خَطَرَ) في مَشْيِهِ ـِ خَطْرًا و خَطَرَانًا: ہلنا (۲) جھومنا (۳) ڈانواڈول ہو۔
- بِذَنَبِهِ: دم ہلانا' دم کو بار بار اٹھانا اور گرانا یا دائیں بائیں حرکت دینا۔ هو خَاطِرٌ (ج) خواطِرُ وهو خَطَّارٌ۔
- ببالِهِ و فيه و عليه خَطْرًا و خطورًا: دل میں آنا۔
- الشيطانُ بين الانسانِ و قلبه: شیطان کا دل میں وسوسہ ڈالنا۔ سجدہ سہو کی حدیث ہے (حتّى يخطرَ الشيطانُ بين المرءِ و قلبه)
(خَطُرَ) ـُ خَطَرًا و خُطُورًا و خُطُورةً: عالی مرتبہ ہونا' اہم ہونا' سنگین ہونا۔ هو خطيرٌ
(أَخْطَرَ): خود کو کسی کے برابر سمجھ کر مقابلہ کے لئے نکلنا اور لڑنا۔
- اخطرَ فلانٌ لِي واخطرتُ لَهُ: ہم نے باہم شرط رکھی' بازی لگائی۔
- فُلانًا: باخبر کرنا' متنبہ کرنا۔
- المَرَضُ و نحوُهُ فُلانًا: زندگی اور موت کی کشمکش میں ڈالنا۔ ''بادیۃٌ مخطرۃٌ'' بھی کہا جاتا ہے۔
- الشيءَ: کسی چیز کو شرط پر رکھنا۔
- ببالِهِ و عليه و فيه: یاد دلانا (۲) اکڑ کر چلنے والا بنانا۔
(خَاطَرَ) بِهِ: خطرہ میں ڈالنا' خطرہ مول لینا۔
- فلانًا: شرط لگانا ''خَاطَرَهُ عليه'' بھی کہا جاتا ہے۔
(خَطَّرَ): شرط کا مال لینا۔
- الشَّعْرَ: بالوں کو خِطْر گھاس سے خضاب لگانا۔
(تَخَاطَرُوا). باہم شرط لگانا۔ کہتے ہیں ''تخاطروا على كذا''۔
- الفُحُولُ باذنابها: سانڈوں کا ایک دوسرے پر حملہ کرنے کے لئے دم ہلانا۔
(الخَاطِرُ) ہر وہ خیال جو دل میں آئے' تصور' رائے وغیرہ (۲) دل' طبیعت (ج) خواطِرُ۔
(الخاطِرَةُ): الخَاطِرُ (ج) خواطِرُ۔
(الخَطْرُ): متحرک بادل جو سامنے ظاہر ہو جائیں (۲) بہت سے اونٹ (۳) اونٹ کی سرین پر پیشاب اور مینگنیوں کا جما ہوا میل (۲) اہل شام کا ایک بڑا پیمانہ (ج) خُطُورٌ و اَخطارٌ۔
(الخِطْرُ): ایک گھاس جس کے ذریعہ خضاب کیا جاتا ہے (۲) وہ دودھ جس میں بہت سا پانی ملا ہوا ہو (۳) شاخ' ٹہنی (۴) بہت سے اونٹ (۵) اونٹ کی سرین پر مینگنیوں اور پیشاب کا جما ہوا میل (ج) اَخطار۔
(الخَطَرُ): خطرہ (۲) شرط کا روپیہ (۳) بدلہ' عوض (۴) حصہ۔ وادی قری کے بارے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے (مكان لعثمان فيه خَطَرٌ و لعبد الرحمن خَطَرٌ) (۵) ہمسر' ہم مرتبہ (ج) اَخطارٌ۔
(الخَطِرُ): اترا کر چلنے والا۔
(الخَطْرَةُ): خیال' کھٹکا۔ کہتے ہیں ''ما القاهُ الاخطرةً بعد خطرة'' میں اسے کبھی کبھی ملتا ہوں۔
(الخَطَّارُ) گوپیا (۲) منجنیق (۳) گھڑی کا پنڈولم (۴) شیر (۵) عطر فروش (۶) نیزہ (۷) نیزہ مارنے والا (۸) زیتون سے بنا ہوا خوشبودار تیل۔
- مِسْكٌ خَطَّارٌ: خوشبودار مشک۔
(الخَطَّارَةُ). اونٹوں کا باڑا۔
(الخَطِيرُ) شرف اور رفعت میں ہم مرتبہ ہونا (۲) لگام (۳) رسی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے (انّهُ اَشارَ لعمّار و قال جرّوا لهُ الخطير ما انجرّ لكم) (۳) لعاب آفتاب۔ لکڑی کے جالے جیسی چیز جو چلچلاتی دھوپ میں فضا میں ناچتی ہوئی معلوم ہوتی ہے (۴) رات کی تاریکی (ج) خُطُرٌ۔
(خَطَّ) الوَجهُ ـُ خَطًّا: چہرہ کا دھاری دار ہونا (۲) چہرہ پر بال نکلنا۔
- الغلامُ: لڑکے کے چہرے پر بال نکلنا۔
- على الشيءِ: نشان لگانا۔
- الخِطَّةَ: اپنے لئے مخصوص کرنے کے لئے نشان لگانا۔
- الشيءَ: لکیر کھینچنا' خط ڈالنا۔
- ما خَطَّ غُبَارَهُ: اس کی گرد کو بھی نہ پہنچا۔
- فُلانٌ يخطُّ في الارض. وہ اپنے معاملہ میں غور و فکر اور تدبر کر رہا ہے۔
- الكتابَ: سطریں بنا کر لکھنا۔
- خَطَّهُ بقلمهِ او بيدِهِ. لکھنا۔
- الرياحُ في الارض او في الرمْلِ ہوا کا زمین یا ریت میں دھاری ڈالنا۔
(خَطَّطَهُ) خَطَّهُ۔
- الارضَ و البلادَ حد بندی کرنا۔
- المكانَ: خاکہ بنانا' نقشہ بنانا (مو)۔
- الحواجبَ و نحوَهَا. طلاء سے ابروؤں کو خم دار بنانا (۲) ابروؤں کو رنگنا۔
(اختطَّ) الوجهُ خطَّ۔
- الشيءَ: لکیر کھینچنا۔
(التخطيط) مصوری اور نقاشی کی ایک اصطلاح (۲) ملک کی تعمیر' اقتصادی اور پیداواری ترقی کے لئے لائحہ عمل تجویز کرنا۔ (محدثہ)۔
(الخَطُّ) سطر (۲) کتابت' تحریر' لکھائی (۳) ہر وہ جگہ جسے آدمی نشان لگا کر اپنے لئے خاص کرے (۴) لمبا راستہ (۵) ہر لمبی چیز (۶)

حکماء کے نزدیک ہر وہ چیز جو طول میں تقسیم کو قبول کرے (نہ کہ عرض اور عمق میں) اور اس کا آخری درجہ نقطہ ہے۔

الخطُّ البیانی علم ریاضی اور ہندسہ کے مطابق وہ خط جو کم از کم دو اشیاء کے درمیان نسبت واضح کرے گراف ترسیم۔

-خطُّ الاستواء علم جغرافیہ کی اصطلاح کے مطابق وہ فرضی خط جو کرہ ارض کو شمالی اور جنوبی دو حصوں میں تقسیم کرتا ہے (ع)۔

-خطُّ الرجعةِ وہ راستہ جو فوج کو مرکز تک پہنچاتا ہے۔ کہا جاتا ہے ''قُطِعَ علیه خطُّ الرجعة'' (محدثہ)۔

-خَطُّ النارِ میدان جنگ کے سامنے کا حصہ فائرنگ لائن (محدثہ)۔

-فنّ الخطّ. فن خوشنویسی خطاطی۔

-علمُ الخطّ علم رمل (ج) خطوط۔

(الخطوطُ البرّیّة) زمینی راستے (محدثہ)

(الخطوط الجوّیّة): فضائی راستے (محدثہ)

(الخطوط المائیّة). سمندری راستے (محدثہ)

(الخُطُّ) لمبا راستہ شاہراہ (۲) محلہ (ج) خطوطٌ و اخطاطٌ۔

(الخِطُّ) زمین وغیرہ وہ ٹکڑا جو انسان اپنے لئے خاص کرے (۲) وہ جگہ جو تعمیر کے لئے مخصوص کی گئی ہو (ج) اَخطَاطٌ۔

(الخَطّاطُ) خطاط ماہر خطاطی۔

(الخُطّةُ) کام یا حالت خیال۔ کہاوت ہے (جَاءَ فلانٌ وفی راسهِ خُطّةٌ) وہ آیا اس حال میں کہ اس کے ذہن میں ایک منصوبہ ہے۔ حدیث میں ہے (اِنّهٗ قد عرض علیکم خطّة رُشد فاقبلوها) اس نے تمہارے سامنے عمدہ لائحہ عمل رکھا ہے۔ اسے قبول کرلو (ج) خُطَطٌ۔

(الخِطّةُ) الخِطُّ (ج) خِطَطٌ۔ حدیث میں ہے (انّهٗ اعطی النساءَ خِططًا یسکنّها فی المدینة)۔

(الخَطّیُّ) مقام ''خط'' کا نیزہ (خط بحرین کے ایک شہر کا نام ہے جہاں نیزے کی فروخت ہوتی ہے)۔

(الخَطُوطُ): زمین پر ہلکے نشان چھوڑنے والا (۲) وہ پالش یا طلاء جو ہونٹوں پر لگایا جائے۔

(الخَطِیطَةُ) زمین کا ریتیلا حصہ جس پر ماہر علم رمل آئندہ کے حالات جاننے کے لئے لکیریں کھینچتا ہے (۲) وہ زمین جس کے کچھ حصہ پر بارش ہوئی ہو۔ کچھ پر نہ ہوئی ہو۔

(المِخْطَاطُ): لکیروں کو برابر کرنے کا آلہ (ج) مَخَاطِیطُ۔

(المِخَطُّ). ہر وہ چیز جس سے لائنیں لگائی جائیں (۲) کپڑے پر دھاری ڈالنے کی لکڑی (ج) مَخَاطٌّ۔

(المخطوط): ہاتھ سے لکھا ہوا مخطوطہ غیر مطبوعہ (ج) مخطوطاتٌ۔

(المخطوطةُ): قلمی نسخہ مخطوطہ۔

(خَطَفَ)۔ خطْفًا و خَطَفَانًا تیز تیز چلنا۔

- الشیْ خطْفًا: اچک لینا کھینچ لینا۔ (۲) غصب کرنا چھین لینا۔

-البرقُ البَصَرَ بجلی سے نگاہ کا چندھیا جانا۔

-السَّمْعَ چوری سے سننا۔

(خَطِفَ)۔ خَطْفًا خَطَفَ۔

-الشیَ خَطِفَهٗ قرآن مجید میں ہے ﴿اِلَّا مَنْ خَطِفَ الخَطْفَةَ فَاَتْبَعَه شِهَابٌ ثَاقِبٌ﴾۔

(خَطِفَ). لاغر ہونا۔ هو مخطوفٌ۔

(اَخْطَفَ) تھوڑا سا بیمار ہونا پھر جلدی سے صحت یاب ہو جانا۔

-السهمُ تیر کا نشانہ سے چونک جانا۔

-الحُمّی المریضَ و عنهُ بخار اتر جانا۔

-المَرَضُ فلانًا بیماری کا ہلکا ہو جانا۔

-- الشیْ غلطی کرنا۔

-لِی مِن حدیثه شیئًا اس نے مجھ سے اپنی بات کا کچھ حصہ بیان کیا پھر خاموش ہو گیا۔

(اخْتَطَفَه) خَطِفَهٗ حدیث میں ہے (اِن رایتمونا تختطفنا الطیرُ فلا تبرحوا)۔

-من حدیثه شیئًا اَخْطَفَهٗ۔

(تَخَطَّفَهٗ) خَطِفَه قرآن مجید میں ہے ﴿وَيُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ﴾ لوگوں کو ان کے اردگرد قتل کر دیا جاتا اور لوٹ لیا جاتا تھا۔

(الاَخْطَفُ). لاغر دبلے پیٹ والا۔

(الخَاطِفُ) وہ تیر جو نشانہ سے چونک جائے۔

-خاطِفُ ظِلّهِ ایک پرندہ جو اپنے سایہ کو شکار سمجھ کر اس پر جھپٹ پڑتا ہے۔ وھی خاطِفَةٌ (ج) خواطِفُ۔

(الخَاطُوفُ) آنکڑا اچکنے کا اوزار (ج) خواطیف۔

(الخَطّافُ). بہت اچکنے والا۔ ''لِصٌّ خَطّافٌ'' بھی کہا جاتا ہے۔

(الخُطّافُ): الخاطوف (۲) ہر ٹیڑھا لوہا (۳) پنجہ (۴) ابابیل پرندہ (۵) ابابیل کی قسم کا ایک پرندہ (ج) خطاطیف۔

(الخَطْفَةُ): وہ عضو جس کو زندہ جانور سے جھپٹا مار کر اتارا جائے۔ حدیث میں ہے (انهٗ صلی الله علیه وسلم نَهٰی عن الخطفة) (۲) شیر خوار بچہ کا ایک بار چھاتی چوسنا۔ حدیث رضاعت میں ہے (لاتحرّم الخطفة والخطفتان)۔

-ما من مرضِ الاوّلهٗ خطفةٌ ہر بیماری ایک نہ ایک دن کم یا دور ہوتی ہے۔

(الخَطَفٰی) تیز رفتاری۔

(الخَطِیفَةُ) چھینی ہوئی چیز مغصوبہ (۲) ایک قسم کا کھانا جو آٹے میں دودھ ملا کر پکاتے ہیں اور پھر چمچہ سے جلدی جلدی کھاتے ہیں (ج) خَطائف۔

(المِخْطَفُ) الخاطِفُ (۲) کانٹا آنکڑا لوہے کا ہک (ج) مَخَاطِفُ۔

(خَطِلَ)۔ خَطَلًا ڈھیلا ڈھالا بے ڈھنگا ہونا (۲) جلدی کرنا اور غلطی کر بیٹھنا (۳) بیوقوف ہونا (۴) بدگوئی اور فحش گوئی کرنا ''خَطِلَ کلامُهٗ'' کہا جاتا ہے۔

-فی مشیه اکڑ کر اور اترا کر چلنا۔ هو خَطِلٌ و اَخطلُ وھی خَطْلاء (ج) خُطْلٌ۔

(اَخْطَلَ) فی کلامه بدگوئی کرنا۔

(تَخَطَّلَ) نازانداز سے اکڑ کر چلنا۔
(الخَطَّالُ) بہت بدگوئی اور فحش کلام کرنے والا (۲) بدنام زمانہ۔
(الخَطَلُ) لغو و مہمل کلام۔ حضرت علی ﷺ کی حدیث یں ہے (فرکب بھم الزللَ وزیّن لھم الخطل)۔
(الخَطِلُ): بے وقوف (۲) تیزی سے نیزہ چلانے والا۔
(خَطَمَهُ)ـِ خَطْمًا: ناک پر مارنا (۲) نکیل ڈالنا۔ خطَمَهُ بالخطام بھی کہا جاتا ہے۔
-خطَمَ انفَه نکیل چڑھانا۔
-انف فلان ظاہری عیب کا سبب بننا۔
-فلاناً بالکلامِ مغلوب کر دینا' خاموش کر دینا۔
-الجلدَ و نحوَهُ کناروں سے سینا۔
-القوسَ بالوتر کمان پر تار چڑھانا۔
(خَطَّمَهُ) خطَمَهُ۔
(الأخطَمُ): لمبی ناک والا (۲) کالا (ج) خُطْمٌ۔
(الخَاطِمُ) فلانٌ خاطمُ بنی فلانٍ: وہ ان کا رہنما وقائد ہے۔
-خاطِمُ امرِھم: وہ ان کے معاملات کی تدبیر کرنے والا ہے۔
(الخِطامُ): لگام (۲) اونٹ کی نکیل (۳) کمان کا تار۔ (ج) خُطُمٌ و اَخطِمَةٌ۔
-وضع الخطام علی انف فلانٍ: اس کو قابو میں کرلیا۔
- منع خطامَهُ اطاعت اور تابعداری سے رکے رہنا۔
(الخَطَّامُ) مِسْكٌ خَطَّامٌ ایسی مشک جو خوشبو سے ناک بھر دے۔
(الخَطْمُ) ناک (۲) ناک کا اگلا حصہ (۳) چونچ (ج) خطوم و اَخطام۔
(الخَطْمِيُّ) فصیلہ خبازیہ کی ایک نفع بخش بوٹی جو دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔ اس کے خشک پتوں کو پانی میں کوٹ کر ان کے پانی سے سر دھویا جاتا ہے اور سر بالکل صاف ہو جاتا ہے۔
(المُخَطَّمُ) لگام ڈالنے کی جگہ (۲) ایسا گھوڑا جس کی ناک سے لے کر ٹھوڑی کے نیچے تک کا حصہ سفید ہو۔
(المَخطِمُ): الخَطْم (ج) مخاطم۔
(المِخطَمُ): الخَطْم (ج) مخاطم۔
(خَطَا)ـُ خطوًا چلنا۔
(اَخطَاهُ) چلانا (۲) قدم اٹھوانا (۳) چلنے پر ابھارنا۔
(خطَّاهُ) اخطَاهُ۔
-عنهُ الشيَ: دور کرنا' زائل کرنا' ہٹانا۔
(اختطیٰ): چلنا۔
-الشيَ: تجاوز کرنا' عبور کرنا۔
(تَخطَّاهُ) و الیه: اختطاه۔
(الخَطْوَةُ) دو قدموں کا درمیانی فاصلہ تقریباً ۱۳ انچ (ج) خِطاءٌ۔
(الخُطْوَةُ): الخَطْوَةُ (ج) خُطیً۔
-بین القولین خُطیً یسیرةٌ دو باتیں قریب قریب ہیں۔
-اتبع خطاه نقش قدم پر چلنا۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ﴾۔

خ ...... ظ

(اَخظَّ) الرجلُ پیٹ کا ڈھیلا ہونا۔
(خَظَاهُ) لحمُهُ ـُ خُظُوًا: گوشت کا گٹھا ہوا ہونا۔
(اَخظیٰ) الرجلُ: موٹا ہونا۔
-الحیوانَ جانور کو موٹا کرنا۔
(خَظَّاهٗ) موٹا اور بڑا کرنا۔
(الخاظِيُ) سخت اور ٹھوس۔ کہا جاتا ہے "قَدَحٌ خاظٍ" موٹا پیالہ۔
(الخظَاةُ) کوئی گٹھی ہوئی ٹھوس چیز۔
(الخَظَوَانُ) رجلٌ خَظَوَانٌ: زیادہ گوشت والا آدمی۔
(الخَظِيُ) گٹھے ہوئے جسم کا۔ کہا جاتا ہے "فرسٌ خظٍ بظٍ و امرأةٌ خظيةٌ بظيةٌ"۔

خ ...... ف

(خَفَتَ)ـِ خَفتًا و خُفُوتًا و خُفاتًا سکون پذیر ہونا' خاموش ہونا' کمزور ہونا۔
- المریضُ مریض کا خاموش ہونا (۲) مریض کا اچانک مر جانا۔
-صوتُهُ آواز کا پست ہونا۔
-بصوتِهِ: آواز پست کرنا' پوشیدہ رکھنا' خفیہ بات کرنا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں ہے۔ (قالت: ربّما خفت رسول الله صلی الله علیه وسلم بقرائته و ربما جھر) ھو خفیتٌ۔
(خَافَتَ) بصوتِهِ آواز کو پست کرنا' قرآن مجید میں ہے: ﴿وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا﴾۔
(تَخَافَتَا) باہم سرگوشی کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿يَتَخَافَتُونَ بَيْنَهُمْ إِنْ لَبِثْتُمْ﴾۔
-فلانٌ: بہ تکلف آہستہ بولنا یا کمزور بننا۔
(الخَافِتُ) بے آب بادل (۲) پودا جو لمبا نہ ہو (ج) خوافتُ۔
(الخَفُوتُ): من النساءِ کمزور عورت۔
(خَفِجَ)ـَ خَفَجًا ٹانگوں میں لڑکھڑاہٹ کی بیماری لاحق ہونا (۲) قیام کی حالت میں چلتے وقت ٹانگیں کانپنا۔
-خَفِجَت رجلُه پاؤں ٹیڑھا ہونا ھو اَخفَجُ وھی خَفجاءُ (ج) خُفْجٌ۔
(تَخفَّجَ) ٹیڑھا ہونا۔
(الخَفَجُ) اونٹ کی ٹانگوں میں لڑکھڑاہٹ کی بیماری (۲) فصیلہ مرکبہ کا بہار میں اگنے والا پودا جس کے پتے چوڑے ہوتے ہیں۔
(الخَفِيجُ) کمزور (۲) کمزور ٹانگوں والا (۳) پانی جو شیریں نہ ہو۔
(خَفْخَفَ) آواز نکالنا۔
-الشيُ حرکت دینے سے آواز نکلنا۔
(الخفخاف) جس کی آواز ناک سے نکلتی ہو۔ ھو خفخاف الصوت۔
(خَفَدَ)ـِ خَفْدًا و خَفَدانًا تیز چلنا۔
(اَخفَدَتِ) الناقةُ و نحوھا اونٹنی وغیرہ کا یہ

خبر کرنا کہ وہ حاملہ ہے حالانکہ وہ حاملہ نہ ہو۔
-الحاملُ ناتمام بچہ جننا (۲) مشکل سے بچہ جننا (۳) سخت دردزہ کے بعد بچہ جننا۔ ھی محفدٌ و خفودٌ (خلاف قیاس) (ج) خُفُدٌ و خفائِدُ۔
(خفَرَ) وبہ و علیہ ـِ خَفرًا و خِفَارَۃً: حفاظت کرنا' پہرہ دینا۔ ھو خافِرٌ و خَفِیرٌ والمفعول محفورٌ و خفیرٌ۔
-بالعھدِ وعدہ پورا کرنا۔
-العھدَ و نحوہٗ اوبہ خَفرًا و خفورًا وعدہ توڑنا۔
-بفلان وعدہ توڑنا اور دھوکہ دینا۔
(خفّرَہٗ) خفرَہٗ (۲) چہار دیواری بنانا۔
(تخفّرَ) خفِرَ۔
-بہ پناہ لینا' پناہ مانگنا۔
(استخفرہ) وبہ پناہ مانگنا (۲) اپنا پہرہ دار بننے کی درخواست کرنا۔
(الخفَارَۃُ) ضمانت' ذمہ (۲) عہد (۳) امان (۴) پہرہ داری۔
(الخُفارَۃُ) الخفارَۃُ (۲) پہرہ دار کی اجرت۔
(الخِفارَۃُ) الخفارۃ (۲) چوکیداری' پہرہ داری کا پیشہ۔
(الخفیرُ) پہرہ دار (ج) خفراء۔
(المَخفِرُ) چوکی' پہرہ کی جگہ (ج) مَخافِرُ۔
(خفَسَ) ـِ خفسًا بدگوئی کرنا۔
-الشرابَ زیادہ پانی ملانا۔
-البناءَ عمارت گرانا۔
-فلانًا پچھاڑنا (۲) مذاق اڑانا۔
(أخفسَ) خفسَ۔
الشرابُ جلدی نشہ چڑھانا۔
(انخفسَ) لازم خفسَہٗ۔
-الماءُ پانی کا متغیر ہو جانا۔
(تخفّسَ) لازم خفسہ (۲) پہلو کے بل بیٹھنا' چت لیٹنا۔
(خفَشَہٗ) اوبہ خفشًا پھینکنا۔
الانسان و غیرہ پچھاڑنا۔

(خفِشَ) ـَ خفَشًا: دن میں کم نظر آنا۔ (۲) نگاہ کمزور ہونا "خفشت عینہ" ھو اخفش ھی خفشاءُ (ج) خُفشٌ۔
(خفَّشَ) کمزور ہونا۔
-بالارضِ زمین سے چمٹ جانا۔
-البناءَ عمارت گرا دینا۔
-الانسانَ وغیرہ پچھاڑنا۔
(الخفَشُ): تیز روشنی میں نظر کی کمزوری ہونا (ج)۔
(الخُفّاشُ) چمگادڑ۔
(خفَضَ) العیشُ والشیءُ ـِ خفضًا: نرم و ہموار ہونا۔
-بالمکان قیام پذیر ہونا۔
-الشیءَ بلندی سے اتارنا (۲) کم کرنا۔
-الطائرُ جناحَہ: پرندہ کا پرواز کم کرنے کے لئے بازو سمیٹنا۔
-المرأۃُ صوتَھا عورت کا آواز پست کرنا۔
-فلانٌ جناحَہ للناس: لوگوں سے تواضع اور نرم خوئی کے ساتھ پیش آنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَاخفِض لَھُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحمَۃِ﴾۔
-الصّبیّۃَ خِفاضًا لڑکی کا ختنہ کرنا۔
حدیث میں ہے (قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لامّ عطیۃ اذا خفضتِ فاشِمّی)۔
-الکلمۃَ زیر لگانا۔
(خفُضَ) العیشُ ـُ خفضًا زندگی کا آسودہ اور کشادہ ہونا۔ ھو خَفضٌ و خفیضٌ و خافِضٌ و مخفوضٌ۔
(خفّضَ) الشیءَ کم کرنا۔ کہا جاتا ہے "خفّض علیک امرک" فکر نہ کرو۔ حدیث افک میں ہے۔ حضرت ابوبکرؓ نے حضرت عائشہؓ سے فرمایا (خفّضی علیک) "خفّض علیک جاشک" اطمینان رکھو۔
(اختفضَ) الشیءُ پست ہونا' نیچا ہونا۔
-الصبیّۃُ لڑکی کا ختنہ ہو جانا۔
(انخفضَ) الشیءُ اختفضَ۔
(تخفّضَ) الشیءُ انخفضَ۔

(الخافِضُ) آسان' آرام دہ۔ کہتے ہیں ھو خافضُ الجناحِ و خافضُ الطیر وہ باوقار اور ٹھنڈے مزاج کا آدمی ہے۔
(الخافِضَۃُ) لڑکیوں کا ختنہ کرنے والی (۲) زمین کا پست حصہ۔
-ارضٌ خافضۃُ السُّقیا وہ زمین جس کو سیراب کرنا آسان ہو۔
-لیلۃٌ خافضۃٌ وہ رات جس میں چلنا آسان ہو۔
(الخفضُ) آسودہ حالی' خوشحالی (۲) نشیبی زمین (ج) خفوضٌ (۳) (نحویوں کے نزدیک) جر۔
(خفَعَ) فلانٌ ـَ خَفعًا و خفوعًا: بھوک یا بیماری کی وجہ سے کمزوری ہونا یا بے ہوشی طاری ہونا۔
-علی فراشہ بھوک یا بیماری کی وجہ سے بستر پر پڑے رہنا۔
-مفاصلُہ جوڑ ڈھیلے ہونا۔
(خفِعَ) ـَ خفَعًا بیماری یا بھوک کی وجہ سے پیٹ کا پیٹھ سے لگ جانا (۲) کمزور و لاغر ہونا۔ ھو اخفع و ھی خفعاء (ج) خُفعٌ۔
(اَخفَعَہ) الجوعُ او المرضُ بیماری یا بھوک کا پچھاڑ دینا' عاجز کر دینا۔
(انخفعتِ) النخلۃُ درخت کا جڑ سے اکھڑ جانا۔
-فلانٌ کمزور ناتواں ہونا۔
-علی فراشہ بیماری یا بھوک کی وجہ سے بستر پر پڑے رہنا۔
-کَبِدُہٗ بھوک کی وجہ سے جگر میں بل پڑنا یا جگر کا ڈھیلا ہونا۔
-رئتُہٗ بیماری کی وجہ سے پھیپھڑا پھٹ جانا۔
(الخُفاعُ) ایک بیماری جس کی وجہ سے پھیپھڑا پھٹ جاتا ہے۔
(خفَّ) الشیءُ ـِ خِفًّا و خِفّۃً ہلکا ہونا۔
-المیزانُ ترازو کے پلڑے کا اوپر اٹھنا۔
-المطرُ و نحوہ بارش کا کم ہونا۔
-القومُ خفوفًا لوگوں کا تھوڑا ہونا۔

-فلانٌ علي القلوبِ: دلوں کا کسی سے مانوس ہونا اور اسے قبول کرنا۔
-عَقلُهٗ: کم عقل و بیوقوف ہونا۔
-حالُه: بدحال ہونا۔
-الیه خَفًّا و خفةً و خُفُوفًا: جلدی کرنا' لپکنا۔
-عن المکان: جلدی سے کوچ کرنا' تیزی سے سرک جانا۔ ھو خِفٌّ و خفیفٌ۔
-فلانٌ خِفٌّ: وہ طاقتور اور پھرتیلا ہے۔
(اَخَفَّ) الرجلُ (سفر یا حضر میں) کم سامان والا ہونا (۲) خستہ حال ہونا (۳) ہلکے مویشیوں والا ہونا۔
-فلانًا: غصہ دلانا' طیش دلانا' ضبط کا دامن چھڑا کر طیش پر ابھارنا۔
(تَخافَّ). پھرتی سے کام کرنا۔
(خَفَّفَ) الشئَ: ہلکا کرنا۔
-الثوبَ: کپڑے کی باریک بنائی کرنا۔
-عنهٗ: ڈھارس بندھانا' غمخواری کرنا۔
-عنهُ: مشقت دور کرنا۔ آرام پہنچانا۔
(تَخَفَّفَ) الشئُ: ہلکا ہونا۔
-من الشئِ: کسی چیز کے کچھ حصہ کو ختم کرنا تاکہ وہ ہلکی ہو جائے۔
-خُفًّا: موزہ پہننا۔
(استَخَفَّهٗ) ہلکا کروانا (۲) ہلکا خیال کرنا (۳) بھڑکانا' مشتعل کرنا۔
(دِیْسَمْبر) دسمبر بارہواں عیسوی مہینہ سریانی زبان میں اس مہینہ کو کانون الاول کہتے ہیں (د)۔
(دَاصَ)۔ دَیْصًا و دَیَصَانًا۔ ٹیڑھا ہونا۔

ایک طرف ہونا (۲) لڑائی سے بھاگنا۔ (۳) فرار ہونا بھاگنا (۴) چست وپھرتیلا ہونا (۵) کسی چیز کے گرد گھومنا (۶) افسروں کے پیچھے رہنا (۷) بلندی کے بعد پستی میں جانا۔
-ماتحت یدہ ہاتھ کے نیچے کی چیز کا حرکت کرنا۔
-عن الطریقِ راستہ سے ہٹنا۔
-السَّمَکَةُ فی الماء مچھلی کا پانی میں ڈبکی لگانا۔
(انداصَ) الشیُ ہاتھ سے نکل جانا۔ انداصَ الشیُ من یدہٖ بھی کہتے ہیں۔
- بالشَّرِّ کسی پر اچانک کوئی مصیبت لانا۔ انداص علیه بالشَّرِّ بھی کہتے ہیں۔
(الدَّائِصُ) ایسا موٹا آدمی جسے موٹاپے کی وجہ سے قبضہ میں نہ لیا جا سکے (۲) ایسے مضبوط پٹھوں والا آدمی جس پر قابو نہ پایا جا سکے۔
(الدَّیّاصةُ) پر گوشت عورت (۲) کوتاہ قد عورت۔
(الدَّیقوعُ) (دیکھئے دقع)
(الدِّیکُ) مرغا (ج) دیوک و اَدیاك و دِیَکة (۲) موسم بہار (۳) گھوڑے کے کان کے پیچھے ابھری ہوئی ہڈی۔
(المُداکَةُ) ارضٌ مُداکَةٌ بہت مرغوں والی زمین۔
(المَدیکَةُ) ارضٌ مَدیکَةٌ بہت مرغوں والی زمین۔
(الدَّیلعُ) (دیکھئے دلع)
(الدِّیماسُ) (دیکھئے دس)
(الدِّیمَةُ) (دیکھئے دوم)
(الدِّیمُوقراطیَّةُ) جمہوریت' ڈیموکریسی' سیاسی طور پر ایسا نظام جس میں اقتدار اعلیٰ عوام کے ہاتھ میں ہوتا ہے (۲) اجتماعی طور پر وہ نظام زندگی جو مساوات و آزادی رائے و فکر کی بنا پر قائم ہو (ج)
(دَانَ)۔ دِینًا و دِیانَةً تابع و ذلیل ہونا جھکنا (۲) اطاعت کرنا۔ دان لَه بھی کہتے ہیں۔
-لَه مِنه انتقام لینا' قصاص لینا۔

-بکذا مذہب بنانا' قابل عبادت سمجھنا۔ ھو دَیِّنٌ۔
-فلانٌ دَینًا قرض لینا۔ ھو دائنٌ و مَدِینٌ (۲) قرضہ زیادہ ہونا (۳) کسی خیر و شر کا عادی ہونا۔
-فلانًا دِینًا و دَینًا ذلیل و تابع کرنا۔ کہتے ہیں دان فلانٌ نفسَه فلاں نے خود کو ذلیل کر لیا (۲) ناپسندیدہ بات پر کسی کو مجبور کرنا (۳) حساب کرنا' حساب لینا (۴) قیادت و رہنمائی کرنا (۵) انعام دینا۔ جیسے دانه بفعله (۶) خدمت کرنا (۷) اچھا سلوک کرنا (۸) قرضہ دینا (۹) قرضہ لینا۔
-الشیَٔ کسی چیز کا مالک بننا۔
(اَدَانَ) قرض لینا (۲) قرض دینا۔
-فلانًا قرض دینا (۲) قرض لینا۔
(دَایَنَه) مداینة و دِیانًا کسی سے قرض کا معاملہ کرنا (۲) انعام دینا (۳) کسی سے فیصلہ کروانا۔
(دَیَّنَه) قرض دینا (۲) کسی کو اس کے عقیدہ پر چھوڑ دینا (۳) تصدیق کرنا۔
-فلانًا الشیَٔ کسی کو کسی کا مالک بنانا۔
-فلانًا القومَ فلاں کو قوم کا قائد و رہنما بنانا۔
(اِدَّانَ) قرض لینا (۲) قرضہ کا زیادہ ہونا۔
-القومُ لوگوں کا باہم قرض کا لین دین کرنا یا ادھار پر تجارت کرنا۔
(تَدَایَنَ) ایک دوسرے سے ادھار کا معاملہ کرنا' دینا اور لینا۔
(تَدَیَّنَ) قرض لینا۔
-بکذا مذہب بنانا' قابل عبادت سمجھنا۔
(الدیوانُ) (دیکھئے دون)
(اِستَدَانَ) قرض لینا (۲) قرض طلب کرنا۔
-استدان فلانًا بھی کہتے ہیں۔
(الدِّیانَةُ) مذہب۔
(الدَّینُ) وہ قرض جو معینہ مدت کے ساتھ ہو۔ بغیر مدت کے "قرض" کہیں ہیں (۲) مطلق قرض ادھار (۲) فروخت شدہ چیز کی قیمت (۳) ہر غیر حاضر چیز (۴) موت (ج) اَدیُن

و دُیونٌ۔

(الدِّینُ) مذہب (۲) ہر وہ طریقہ جس کے ذریعہ اللہ کی عبادت کی جائے۔ (۳) ملت' شریعت (۴) اسلام (۵) دل سے اعتقاد' زبان سے اقرار اور اعضاء سے ارکان پر عمل (۶) طرزِ زندگی' سیرت (۷) عادت (۸) حالت (۹) شان (۹) تقویٰ' پرہیزگاری (۱) حساب (۱۱) بادشاہت (۱۲) بادشاہ (۱۳) حکم (۱۴) فیصلہ (۱۵) تدبیر۔ (ج) اَدْیُنٌ و دیونٌ و اَدیان۔

–قومٌ دِینٌ مقروض یا قرض خواہ لوگ۔

(الدِّینَۃُ) قرضہ (۲) دین (۳) عبادت (۴) اطاعت (ج) دِیَنٌ۔

–رأی فلانٌ بفلانٍ دِینَۃً فلاں نے فلاں میں لوٹ کا سبب دیکھا۔

(الدَّیَّانُ) اللہ تعالیٰ کا ایک نام (۲) قاضی (۳) حاکم (۴) اچھا یا برا بدلہ دینے والا (۵) حساب لینے والا (۶) قہار قہر و غضب والا۔

(المِدْیَانُ): بہت قرض لینے والا (۲) بہت قرض دینے والا۔ امرأۃٌ مِدْیانٌ بھی کہتے ہیں (ج) مَدَایین۔


(المَدِیْنُ) بندہ' غلام' قرضدار۔

(دَیْ دَیْ) اونٹ کو ہانکنے کی آواز۔

(الدایۃ) (دیکھئے دوی)

(الدِّینامیکا) حرکت سے بحث کرنے والا علم۔

(الدَّیُّومُ) (دیکھئے دوم)۔



ذ .... أ

(اَلذَّالُ) ذال حروف تہجی اس کا مخرج زبان کی نوک اور ثنایا علیا کی اطراف کے درمیان ہے۔ اس میں جہر اور رخوت پائی جاتی ہے۔

(ذا) اسم اشارہ مفرد و مذکر۔ اس کے آخر میں کاف خطاب (حرفی) مل جاتا ہے اور وہ مخاطب کے احوال کے مطابق بدلتا رہتا ہے۔ جیسے ذاکَ ذالِکَ ذاکُم ذاکُن اور کبھی کبھی اس کے شروع میں ھا التنبیہ بڑھائی جاتی ہے اور کبھی اس کے ساتھ ساتھ آخر میں کاف خطاب بھی آ جاتا ہے جیسے ھذا، ھذاک اور کبھی ہائے تنبیہ اور کاف خطاب کے درمیان لام بعد لایا جاتا ہے جیسے ذٰلک اس صورت میں ہائے تنبیہ شروع میں نہیں لائی جاتی (۲) ذا بمعنی صاحب بھی مستعمل ہے (دیکھئے ذو)

(ذات) ذو کی مونث بمعنی صاحب، مالک، والی جیسے ذات مالٍ مال والی ذات افنان شاخوں والی اس کی تثنیہ ذواتا ہے۔ جیسے قرآن مجید میں ہے ﴿ولِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّه جَنَّتَانِ فَبِأَيِّ الآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ذَوَاتَا أَفْنَانٍ﴾ (ج) ذوات۔

-جَنَّاتٌ ذَاتُ افنانٍ شاخ دار باغات۔

-لقیتہ ذات یومٍ میں اسے ایک دن ملا۔

-لقیتہ ذات مرّةٍ میں اسے ایک مرتبہ ملا۔

-مَاکلمتُ فلاناً ذات شفةٍ میں نے اسے ایک لفظ نہیں کہا۔

-وضعت المرأةُ ذات بطنها. عورت نے بچہ جن دیا۔

-قَلَّت ذاتُ یدہ ا

-اصلح ذات بینھم ان سے اس کا باہمی تعلق درست کر دیا۔

-جلس ذات الشمال و ذات الیمین وہ اس کے دائیں اور بائیں طرف بیٹھا۔

-ذات الشيِ حقیقت و خاصیت۔

-عیبٌ ذاتِیٌّ پیدائشی و فطرتی عیب۔

(الذّاتُ). ذات شخصیت وجود نفس۔

-جاءَ فلان بذاته فلاں خود آیا۔

-عَرَفَه مِنْ ذات نفسه. اس نے اس کی سیرت اور باطنی حالت کو جان لیا۔

-جَاءَ مِنْ ذات نَفْسِه وہ اپنی خوشی سے آیا۔

(ذات الصدر) راز بھید۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَاللهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ﴾۔

(ذاتُ الرِّئَة) نمونیہ پھیپھڑوں کی سوزش (ج)

(ذات الجَنْبِ). سینہ کی جھلی میں سوزش جس کے ساتھ اکثر بخار اور سانس کی بیماری ہوتی ہے (ج)۔

(ذَأَبَ) فلانٌ ۔ ذَأْباً بھیڑیے والی حرکت کرنا (کہ جب ایک طرف سے ڈر ہو تو وہ دوسری طرف سے آتا ہے)

-فی السیرِ تیز چلنا۔

-الریحُ الشئَ ہوا کا کسی چیز کو ہر طرف سے گھیرنا۔

-الشئَ جمع کرنا (۲) برابر کرنا۔

-الدّابةَ جانور کو ہانکنا۔

-فلاناً حقیر و گھٹیا سمجھنا (۲) ہٹانا، دھتکارنا (۳) ڈرانا خوف زدہ کرنا۔

-الغلامَ لڑکے کی زلفیں بنانا۔

(ذُئِبَ) بھیڑیے سے ڈرنا (۲) کسی کی بکریوں پر بھیڑیے کا حملہ کر دینا۔

(ذَئِبَ) خباثت و مکاری میں بھیڑیے جیسا ہونا۔

(أَذْأَبَتِ) الارضُ کسی علاقہ میں بھیڑیے ہونا (۲) کسی بھی چیز سے ڈرنا۔

-فی السیرِ تیز چلنا۔

-الغلامَ لڑکے کی زلفیں بنانا۔

(ذَأَّبَهُ) زلفوں دار بنانا (۲) خوفزدہ کرنا۔

(تَذَاءَبتِ) الریحُ ہوا کا ترچھا چلنا۔

-الریحُ الشئَ ہوا کا کسی چیز کو ادھر سے ادھر لے جانا۔

(تَذَأَّبَ) بھیڑیے کی طرح ہونا۔

-الریحُ الشئَ ہوا کا کسی چیز کو ہر طرف سے آکر ادھر ادھر لے جانا۔

-فلاناً ڈرانا خوفزدہ کرنا۔

(اِسْتَذْأَبَ) بھیڑیے کی طرح ہونا۔

(اَلذُّؤابَةُ) من کل شئٍ ہر چیز کا بلند حصہ۔ فلانٌ ذؤابةُ قومه فلاں اپنی قوم کا نمایاں اور بلند آدمی ہے (۲) کنارہ جیسے ذؤابة السوط و ذؤابة العمامة (۳) سر کے اگلے حصہ (پیشانی) کے بال۔ جاءَ فلانٌ وقد فُتِنَتْ ذؤابته فلاں اس حال میں آیا کہ اس کی کوئی رائے باقی نہ رہی۔

-من السیفِ تلوار کو لٹکانے کا حلقہ۔ (ج) ذوائب۔

(الذِئبُ) بھیڑیا۔ اسے ''کلب البر'' بھی کہتے ہیں (ج) اَذْءُ بٌ و ذئابٌ و ذُؤبان کہاوت ہے (الذِّئبُ خالیًا اسدٌ) اس شخص کے بارے میں جو اپنی رائے مذہب اور سفر کے بارے میں یکتا ہو۔ ایک اور کہاوت ہے (من استرعی الذئبَ فقد ظلم) جو بھیڑیئے کو نگران بنائے گا وہ ظلم کرے گا۔ اس شخص کے بارے میں جو کسی بددیانت کو کسی کا نگران بنائے۔

-اکَلَھُمُ الذئبُ ان پر خشک سالی آئی۔

-فلان من ذؤبان العرب: فلاں عرب کے قاتل ڈاکوؤں میں سے ہے۔

(المَذْأَبَۃُ) ارضٌ مَذْئَبَۃٌ: بہت زیادہ بھیڑیوں والی جگہ۔

(ذَئِرَ)۔ ذَأَرًا غصہ ہونا' ناک چڑھانا (۲) ہاتھاپائی کے لئے تیار ہونا۔

-بالامرِ کسی کام کا شوقین و عادی ہونا۔

-الشیئَ برا سمجھنا اور الگ ہو جانا' ھو وھی ذائِرٌ و ذَئِرٌ۔

-علیہ جرأت کرنا' نافرمانی کرنا۔ جیسے ذئرت المرأۃ علی بَعْلِھا' ھی ذئر و ذائر حدیث میں (ذَئِرْنَ علی ازواجھنّ)

(اَذْأَرَہٗ) الیہ ٹھکانہ پکڑنا۔

-عَلٰی فلان غضبَہٗ ہونا' ناراض ہونا۔

-بہ ا ... نا' بھڑکانا۔

(ذَاءَ رَتِ) الناقۃُ اونٹنی کا اپنے بچے سے بوقت ولادت الگ ہونا۔

-المرأۃُ عورت کا اپنے خاوند کی نافرمانی کرنا اور الگ ہو جانا۔ ھی مذائرٌ۔

(ذَأَفَ)۔ ذَأْفًا و ذُؤافًا مر جانا۔

-الجریحَ و علیہ ذأفًا و ذَأَفَا زخمی کو فوراً مار ڈالنا۔

(الذُّؤافُ) زہر قاتل۔ موتٌ ذُؤافٌ اچانک آنے والی موت۔

(ذَأَلَ)' ذَأْلًا و ذَأَلانًا پھرتی اور تیزی کے ساتھ اتر کر چلنا (۲) دوڑنا۔

فلانًا دھتکارنا' حقیر سمجھنا' ذلیل کرنا۔

(تَذَاءَ لَ) چھوٹا اور حقیر بننا۔

(ذُؤالَۃُ): گیدڑ (۲) بھیڑیا (اسم جنس) (ج) ذُؤْلانٌ و ذِئلانٌ۔

(المَذْأَلُ): پھرتیلا و تیز۔

(ذَأَمَہٗ)۔ ذَأْمًا عیب نکالنا (۲) حقیر سمجھنا (۳) دھتکارنا' ہٹانا۔

(اَذْأَمَہٗ) ڈرانا۔

(الذَّأمُ): عیب۔

(الذَّأْمَۃُ) ما سَمِعْتُ لہ ذأمۃً میں نے اس کا کوئی لفظ نہیں سنا۔

ذ............ب

(ذَبَّ)۔ ذَبًّا: کسی ایک جگہ نہ ٹھہرنا (۲) رنگ بدل جانا۔

-جِسْمُہٗ بدن کا کمزور اور مرجھایا ہوا ہونا۔

-شَفَتُہٗ ذَبًّا و ذَبَبًا و ذُبُوْبًا: پیاس کی شدت یا کسی اور سبب سے ہونٹ کا خشک اور مرجھایا ہوا ہونا۔ ذَبَّ لسانُہٗ بھی کہتے ہیں۔

-الغدیرُ و النَّباتُ ذَبًّا و ذُبُوْبًا: تالاب یا نبات کا سوکھ جانا۔

-الذُّبابَ و غیرَہٗ۔ ذَبًّا: مکھیوں کو اڑانا' ہٹانا۔

-عنہُ دفع کرنا' روکنا' ہٹانا۔ ھو ذَابٌّ و ذَبَّابٌ۔

(ذُبَّ) المکانُ کسی جگہ بہت مکھیاں ہونا۔

-ارضٌ مذبوبۃٌ: بہت مکھیوں والا علاقہ۔

-الحیوانُ: جانور کے ناک میں مکھی داخل ہونا (۲) پاگل ہونا ھو مذبوبٌ وھی مذبوبۃٌ۔

(اَذَبَّ) المکانُ: بہت مکھیوں والا ہونا۔ ھو مُذِبٌّ۔

(ذَبْذَبَ) ذَبَّ (۲) زور سے ہٹانا۔

-فی السَّیْرِ تیز چلنا۔

-النھارُ دن کا صرف تھوڑا سا حصہ باقی رہ جانا۔

الدابَّۃَ جانور کو تیزی سے ہانکنا۔

(الذُّبابُ) مکھی' بھڑ (ہر قسم کی)

ذُبابۃٌ مَنزلیّۃٌ گھروں میں رہنے والی مکھی۔

ذُبابۃُ الخیلِ گھوڑوں پر بیٹھنے والی مکھی۔

-ذُبابۃُ الفاکھۃِ پھل پر بیٹھنے والی مکھی۔

-ذُبابۃُ اللحمِ گوشت پر بیٹھنے والی مکھی۔

(ج) اَذِبَّۃٌ و ذِبَّانٌ۔

-فلانٌ ذُبابٌ فلاں بہت اذیت رساں ہے۔

-اصابَہٗ ذُبابُ ھذا الامرِ وہ اس معاملہ میں نقصان میں مبتلا ہوا۔

-ذُبابُ العینِ آنکھ کی پتلی۔

-ھُوَ اَعَزُّ من ذُبابِ العینِ وہ بہت زیادہ عزیز ہے۔

-ذُبابُ السیفِ تلوار کے دونوں طرف کی دھار۔

(الذُّبابَۃُ) ایک مکھی' ایک بھڑ (۲) ہر چیز کا بقیہ۔ عَلٰی فلانٍ ذُبابَۃٌ من جوعٍ ابھی اس کی بھوک باقی ہے۔ علی فلان ذبابۃُ دَیْنٍ فلاں پر قرض کا بقایا ہے۔ صَدَرَتِ الابلُ وبھا ذُبابَۃٌ مِنْ عَطَشٍ: اونٹ پانی پی کر چلے گئے اور ابھی ان کی پیاس باقی ہے۔

-ذُبابَۃُ الابِلِ ایک قسم کا مچھر جو اونٹ کو رک رک کر آنے والے بخار میں مبتلا کر دیتا ہے (ج)۔

(الذَّبُّ) جنگلی بیل۔

-بعیرٌ ذَبٌّ ایک جگہ نہ ٹھہرنے والا اونٹ۔

(المَذَبَّۃُ) ارضٌ مَذَبَّۃٌ زیادہ مکھیوں والی زمین (ج) مَذَابٌّ۔

(المِذَبَّۃُ) مکھیوں کو دور کرنے کا ذریعہ (ج) مذابٌّ۔

(ذَبَحَہٗ)۔ ذَبْحًا ذبح کرنا۔

-الشیئَ پھاڑنا (۲) سوراخ کرنا۔ جیسے ذَبَحَ الدَّنَّ۔

-ذَبَحَتْہُ العَبْرَۃُ آنسو کا کسی کا گلا گھونٹ دینا۔

-الظماءُ پیاس کا نڈھال کر دینا۔

-فلانًا لحیتہ داڑھی کا ٹھوڑی کے نیچے ٹنا۔

(ذَبَّحَ) خوب اچھی طرح کاٹنا (۲) ذبح کرنا۔

(اِذَّبَحَ) ذبح کرنا۔

(تَذَابَحُوا) ایک دوسرے کو ذبح کرنا۔
(الذَّابِحُ) اونٹ کی گردن میں حلق پر داغ لگانے کا آلہ۔
(الذُّبَاحُ) حلق کی سوزش اور ورم (ج)
(الذِّبْحُ) ذبح کیا جانے والا جانور۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَفَدَيْنَاهُ بِذِبْحٍ عَظِيمٍ﴾۔
(الذُّبْحَةُ) الصدريّةُ سینہ کا درد اور سخت گھٹن جس سے مرجانے کا اندیشہ ہو (ج)
(الذُّبْحَةُ) الذُّباحُ۔
(الذَّبِيحُ) مذبوح، ذبح کردہ جانور (۲) قربانی کا جانور (ج) ذَبْحٰی و ذَبَاحٰی۔
(الذَّبِيحَةُ) ذبح کردہ جانور، مذبوحہ (ج) ذبائح۔
(المَذْبَحُ) مذبح خانہ، ذبح کرنے کی جگہ (۲) غیر مسلموں کی عبادت گاہوں کی قربان گاہ (۳) گلا۔
-مذبح الكنيسة گرجا کی قربان گاہ۔
- مذبحُ السَّيْلِ پانی کی نالی جو بقدر ایک بالشت یا اس سے زائد ہو (ج) مَذَابح۔
(ذَبْذَبَ) الشئُ المعلَّقُ في الهواءِ: ہلنا، لہرانا۔
-فلانٌ: متردد ہونا، دو چیزوں یا دو آدمیوں میں سے کسی ایک سے تعلق ثابت کرنا۔
-الشئَ حرکت دینا۔
-فلانًا. مذبذب کرنا، متردد بنا دینا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿مُذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ لَا اِلٰى هٰؤُلَآءِ وَلَا اِلٰى هٰؤُلَآءِ﴾۔
(تَذَبْذَبَ) حرکت کرنا، مضطرب ہونا۔
-فلانٌ: متردد ہونا۔
(الذَّبْذَبُ) زبان۔
(الذَّبْذَبُ): ہودج یا اونٹ کے گلے میں لٹکایا جانے والا سجاوٹ کا کپڑا وغیرہ (ج) ذَباذِبُ۔
(الذَّبْذَبَةُ) کپڑے کا جھالر (۲) ہودج یا اونٹ کے گلے میں لٹکایا جانے والا زینت کا کپڑا (ج) ذباذبُ (۳) انجینئرنگ اور علم ریاضی کے مطابق وہ مسافت جسے جسم متحرک اضطرابی حرکت کے ساتھ طے کرتا ہے اور نقطہ بعید سے محور کے ایک جانب جاکر دوبارہ اپنی جگہ پر آجاتا ہے (ج)۔
(ذَبَرَ) ـُـ ذَبَارَةً. دیکھنا اور محسوس کر لینا۔
-الخَبَرَ بات کو سمجھ لینا۔
- الكتابَ ذَبْرًا. کتاب لکھنا (۲) کتاب کو آہستہ یا تیز تیز پڑھنا۔
-القراءةَ آہستہ آہستہ پڑھنا۔
(ذَبِرَ) عليه ـَـ ذَبَرًا غصہ ہونا هو ذَبِرٌ وهي ذَبِرَةٌ۔
(ذَبَّرَ) الكتاب ذَبَرَهُ۔
-الثوبَ کپڑے پر نقش و نگار بنانا۔
(الذَّبْرُ) فلانٌ لا ذَبْرَ لَهُ: فلاں آدمی بے زبان ہے یعنی اتنا کمزور ہے کہ اس کی زبان سے لفظ ہی نہیں نکلتے (۲) کتاب (ج) ذِبار۔
(المِذْبَرُ) قلم۔
(ذَبَلَ) النباتُ ـُـ ذَبْلًا و ذُبُولًا: نباتات کا مرجھا جانا۔
-فوهُ پیاس یا تکلیف کی وجہ سے لعاب کا خشک ہو جانا۔
-الانسانُ والحيوانُ کمزور و لاغر ہونا۔
-السراجَ ذَبْلًا: چراغ کی بتی ٹھیک کرنا۔
(أَذْبَلَه) مرجھا دینا۔
-بالشَّيءِ جھکانا۔
(تَذَبَّلَ) پیچ و تاب کھانا۔
-في المَشْيِ. مٹک کر ناز و انداز سے چلنا۔
-فلانٌ ایک کے علاوہ سب کپڑے اتار دینا۔
(الذَّابِلُ) رُمْحٌ ذابلٌ پتلا نیزہ۔ (ج) ذُبَّلٌ و ذُبُلٌ و ذَبْلٌ۔
(الذُّبَالَةُ) فتیلہ، بتی (ج) ذُبال۔
(الذَّبْلُ) بری یا بحری کچھوے کا خول جس سے کنگن اور کنگھیاں بنائی جاتی ہیں۔
(الذَّبْلَةُ) مینگنی (۲) کمھلا دینے والی ہوا۔
(الذَّبِيلُ) اتانا بالذبيل وہ ہمارے پاس ایک ناگہانی مصیبت لے کر آیا۔

ذ ... ح

(ذَحَجَتْهُ) الريحُ ـَـ ذَحْجًا ہوا کا کسی چیز کو ادھر سے ادھر اڑانا۔
-الشئَ چھیلنا۔
-الأَدِيمَ چمڑہ کو رگڑنا، ملنا۔
-المرأةُ بولدها عورت کا بوقت ولادت بچہ کو پھینک دینا۔
(أَذْحَجَتِ) المرأةُ على ولدها عورت کا بچہ کی پرورش کرنا اور اس کے باپ کی وفات کے بعد دوسری شادی نہ کرنا۔
(ذَحَّ) فلانًا ـُـ ذَحًّا طمانچہ مارنا۔
-الشئَ کوٹنا (۲) چیرنا، پھاڑنا۔
(ذَحْذَحَ) چھوٹے قدموں سے تیز چلنا۔
-الرِّيحُ التُّرَابَ ہوا کا مٹی کو اڑانا۔
(الذَّحْذاحُ) کوتاہ قد توندوالا آدمی۔
(الذَّحْلُ) کینہ (۲) بدلہ، انتقام (ج) أَذْحَالٌ و ذُحُولٌ۔
(الذَّحَلُ) الذَّحلُ (ج) أَذْحالٌ۔

ذ ... خ

(ذَخَرَ) الشئَ ـَـ ذَخْرًا و ذُخْرًا ضرورت کے وقت کے لئے ذخیرہ کرنا، اسٹاک کرنا۔
-لنفسه حديثًا حَسَنًا اپنے لئے کسی اچھی بات کو یاد رکھنا۔
(اِذَّخَرَ) الشئَ ذَخَرَهُ، اذخر بھی کہتے ہیں اس کی اصل اِذْتَخَرَ ہے۔
- فلانٌ نصحًا من فلانٍ نصیحت حاصل کرنا۔
(الذَّاخِرُ) موٹا۔
(الذُّخْرُ) ذخیرہ شدہ، جمع شدہ (ج) أَذْخارٌ۔
(الذَّخِيرَةُ) الذُّخْرُ (۲) سامان جنگ، گولہ بارود وغیرہ (محدثہ) (ج) ذَخَائِر۔
(المَذَاخِرُ) آنتیں (۲) جانور کے معدے اور پیٹ کے وہ حصے جہاں چارہ اور پانی جمع ہوتے ہیں۔ مَلَأتِ الدَّابَّةُ مذاخرها جانور نے اپنا پیٹ بھر لیا۔
تملأت مذاخر فلان فلاں شکم سیر ہو گیا۔
جَمَعَ لَهُمْ في مذاخره عداوةً اس نے اپنے دل میں ان کے لئے دشمنی چھپائے رکھی۔

(ذَرَا) شَعْرُہ ـ ذَرْءً ا کنپٹی کے بالوں کا سفید ہونا۔
-اللّٰہُ الخلقَ اللہ تعالیٰ کا مخلوق کو پیدا کرنا۔
قرآن مجید میں ہے ﴿وَھُوَ الَّذِیْ ذَرَأَکُمْ فِی الْاَرْضِ وَاِلَیْہِ تُحْشَرُوْنَ﴾۔
- فلانٌ الشیَٔ زیادہ کرنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿جَعَلَ لَکُمْ مِنْ اَنْفُسِکُمْ اَزْوَاجًا وَّمِنَ الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا یَذْرَؤُکُمْ فِیْہِ﴾
-الارضَ زمین میں بیج ڈالنا۔
(ذَرِئَ) ـ ذَرَءً ا کنپٹی کی سفیدی والا ہونا۔ ذَرِئَ راسُہ بھی کہتے ہیں۔ ھو اَذْرَأُ وھی ذَرْآءُ۔
(اَذْرَأَہٗ) ڈرانا (۲) غضبناک کرنا۔
-الیٰ کذا کسی بات کی طرف مجبور کرنا۔
-فلانًا بالشیٔ دلدادہ بنانا۔
- فلانًا بصاحبہٖ کسی کو اس کے ساتھی کے خلاف اکسانا۔
(الذُّرْاَۃُ) کنپٹی کے بالوں کی سفیدی۔
(الذَّرْءُ) تھوڑی مقدار۔ کہتے ہیں بَلَغَنِیْ ذَرْءٌ مِنْ خَبَرٍ مجھے کچھ پتہ چلا ہے۔
(ذَرْءَ ذَرْءَ) بکریوں کو دوہنے کی آواز۔
(الذُّرْآنِیُّ) مِلحٌ ذُرْآنِیٌّ انتہائی سفید نمک۔
(الذَّرِیْءُ) زَرْعٌ ذَرِیْءٌ وہ کھیتی جس کا حال ہی میں بیج ڈالا گیا ہو۔
(الذُّرِّیَّۃُ) نسل اولاد (اس کی اصل ذریئۃ ہے) ہمزہ کو مخفف کر دیا گیا (ج) ذَرَارِیّ (دیکھئے درر)۔
(ذَرِبَ) السیفُ و نحوہ ـ ذَرَبًا تلوار کی دھار تیز کرنا۔
(ذَرُبَ) السیفُ ـ ذَرَبًا و ذَرَابَۃً تلوار کا تیز اور دھار دار ہونا۔
-لسانُہ زبان کا گندہ اور فحش ہونا۔ منہ پھٹ ہونا۔ حدیث حذیفہ Ra میں ہے (کُنْتُ ذَرِبَ اللسان علی اھلی فقلت یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی لاخشی ان یدخلنی النار فقال صلی اللہ علیہ وسلم فاین انت من الاستغفار؟)
-فلانٌ کسی کا عجز لسانی کے بعد فصیح اللسان ہو جانا۔
-انفُہ ناک بہنا۔
-الجُرْحُ زخم کا بڑھ کر پھیل جانا۔
- معدتہ معدہ کا خراب ہو جانا ھو ذَرِبٌ (ج) ذُرُبٌ و ھی ذَرِبَۃٌ (ج) ذَرِبات۔
(اَذْرَبَ) فلانٌ عجز لسانی کے بعد فصیح ہو جانا (۲) زندگی خراب ہونا۔
(ذَرَّبَ) السیفَ و نحوہٗ تلوار کو تیز اور دھار دار کرنا (۲) تلوار کو زہر آلودہ کر کے تیز کرنا۔
-فلانًا اکسانا بھڑکانا۔
-المرأۃُ طِفلَھا عورت کا بچہ کو اٹھا کر پیشاب پاخانہ کروانا۔
(الذَّرَابُ) زہر۔
(الذَّرَبُ) اسہال دستوں کی بیماری۔
(الذَّرِبُ) تیز طرار زبان دراز آدمی۔
(الذِّرْبُ) زبان دراز آدمی۔ وھی ذِرْبَۃٌ (۲) گردن کا ورم غدود (۳) جگر کی ایک بیماری جو دیر سے ٹھیک ہوتی ہے۔
(الذِّرْبَۃُ) غدود (ج) ذِرَبٌ۔
(المِذْرَبُ) زبان۔
(ذَرَحَ) الطعامَ ـ ذرحًا کھانے میں زہریلے کیڑے کا سفوف ڈالنا۔
-الشیَٔ فی الرِّیح ہوا میں اڑانا۔
(ذَرَّحَ) لبنَہ دودھ میں پانی ملانا۔
-اِداوتَہ مشکیزہ کی بو دور کرنے کے لئے مٹی ملانا۔
-الشیَٔ فی الریح ہوا میں اچھالنا اڑانا۔
- الزعفرانَ و غیرَہ فی الماء زعفران وغیرہ کو تھوڑا تھوڑا پانی میں ملانا۔
(الذَّرَّاحُ) من اللبن پانی ملایا ہوا دودھ۔
(الذَّرّاحُ) مکھی سے بڑا سرخ رنگ کا کیڑا جس پر سیاہ نقطے پڑے ہوتے ہیں۔ اس کی بعض اقسام کو سکھا کر سفوف اور دوائی بنائی جاتی ہے (ج) ذراریح۔
(الذَّرِیْحَۃُ) ٹیلہ (۲) پھیلا ہوا پہاڑ (ج) ذرائح۔
(الذَّرِیْحِیُّ) اَحْمَرُ ذریحیٌّ تیز سرخ۔
(ذَرَّتِ) الشمسُ ـ ذُرُوْرًا سورج کی پہلی کرن کا آنا۔
-النَّبتُ روئیدگی نکلنا۔
-لحمُہ کمزور ہونا، کم ہونا۔
-فلانٌ ـ ذُرُوْرًا پیشانی کے بالوں کا سفید ہونا۔
-الشیَٔ ـ ذَرًّا پھیلانا، منتشر کرنا۔
-الذَّرُوْرَ پاؤڈر چھڑکنا۔
-اللّٰہُ عبادَہٗ فِی الْاَرْضِ اللہ کا بندوں کو زمین میں پھیلانا۔
- اَلْحَبَّ فِی الْاَرْضِ زمین میں بیج ڈالنا۔
-الارضُ النباتَ زمین کا شگوفے اگانا۔
-عَیْنَہٗ بالذَّرُوْرِ آنکھ میں سرمہ لگانا۔
-الجُرْحَ زخم پر پاؤڈر چھڑکنا۔
(الذُّرَارَۃُ) چھڑکی ہوئی چیز کا برادہ۔
(الذَّرُّ) نسل اولاد (۲) چھوٹی چیونٹیاں (۳) سورج کی شعاع میں نظر آنے والے ذرات۔
(الذَّرَّۃُ) کسی بھی عنصر کا سب سے چھوٹا جز جو کیمیائی ترکیب پا سکے۔ ایٹم۔ ناقابل تقسیم جز۔ ریزہ۔ (ج)
(الذَّرُوْرُ) آنکھ میں ڈالا جانے والا سفوف (۲) زخم پر چھڑکی جانے والی دوا (۳) کھانے پر چھڑکا جانے والا نمک وغیرہ (ج) اَذِرَّۃٌ۔
(الذَّرِیْرَۃُ) الذَّرُوْرُ۔
(الذُّرِّیَّۃُ) اولاد، نسل (۲) عورتیں اور بچے۔ حدیث میں ہے (انّہ صلی اللہ علیہ وسلم رأی امرأۃً مقتولۃً فقال کانت ھذہ تقاتل الحق خالدا فقل لہ: لاتقتل ذریّۃً ولا عسیفًا)
(المِذَرَّۃُ) چھڑکنے کا آلہ (۲) غلہ ہوا میں اڑانے کی مشین یا آلہ۔
(ذَرَعَ) فلانٌ ـ ذَرْعًا بازو پھیلانا۔
- الفرسُ او البعیرُ فی سَیرِہ گھوڑے یا اونٹ کا چلنے میں اگلی ٹانگوں کو لمبا کرنا۔ ذَرَعَ یَدَہٗ بھی کہتے ہیں۔

-لَه عندَه سفارش کرنا۔
- البَعِيرَ سوار ہونے کے لئے اونٹ کے بازو پر ہاتھ مارنا (۲) آگ کا داغ لگانا۔
-فلاناً پیچھے سے ہاتھ ڈال کر گلا گھونٹنا۔
- الثوبَ وغَيْرَه کپڑے وغیرہ کو ہاتھ یا گز سے ناپنا۔ ذَرَعَهُ بذراعه بھی کہتے ہیں۔
- البَعِيرَ سوار ہونے کے لئے اونٹ کی اگلی ٹانگ پر مارنا۔
-الطَّرِيقَ راستہ کو تیزی سے طے کرنا۔
- ذَرَعَتِ الناقةُ الفلاةَ اونٹنی کا جنگل کو تیزی سے قطع کرنا۔
-القيُ فُلاناً قے کا غالب آنا۔ حدیث میں ہے (من ذرعه القيُ فلا قضاءَ عليه)
- الدابَّةُ الدَّابةَ ـُ ذَرْعًا: تیز چلنے میں ایک جانور کا دوسرے پر غالب آ جانا۔ کہتے ہیں. ذَارَعْتُها فَذَرَعْتُهَا۔
(ذَرِعَ) ـَ ذَرَعًا. دن رات چلنا۔ هو ذَرِعٌ (۲) شر میں زبان دراز ہو (۳) لالچ کرنا۔
-رِجْلَاهُ. پاؤں کا تھک جانا۔
-اليه کسی کے پاس سفارشی ہونا۔
(ذَرُعَ) ـُ ذَرَاعَةً کھلے قدموں والا ہونا۔
- الموتُ موت کا پھیل جانا' کثرت سے ہونا۔ هو ذَرِيْعٌ۔
-المَرْأةُ. کام میں عورت کے ہاتھوں کا پھرتیلا ہونا۔ هي ذَرَاعٌ و ذِراعٌ۔
(أَذْرَعَ) ہاتھ سے پکڑنا (۲) کسی چیز کو ہاتھ سے گھیر کر پکڑنا۔
- فلانٌ: زیادہ بولنا' مسلسل بولنا اذرع في الكلام بھی کہتے ہیں۔
-القيُ. قے کرنا۔
-ذِرَاعَيهِ جبہ وغیرہ سے بازوؤں کو نکالنا۔
(ذَارَعَتِ) الدَّابَّةُ و غيرُها الطَّرِيقَ چوپائے وغیرہ کا راستہ طے کرنے کے لئے اپنے بازو پھیلا دینا۔
-صَاحِبَهُ کسی سے چلنے میں مقابلہ کرنا۔
-فلاناً کسی سے میل جول رکھنا۔
-فلاناً الشئَ کسی چیز کو گز (ذراع) سے ناپ کر فروخت کرنا (نہ تو گن کر نہ اندازہ سے)
(ذَرَّعَ) المَطَرُ: بارش کا زمین میں بقدر ذراع اترنا۔
- فلانٌ خوشخبری سنانے یا ڈرانے کے لئے اپنے ہاتھوں کو اوپر اٹھانا۔
-في مشيه چلتے ہوئے دونوں ہاتھوں سے مدد لینا اور ان کو حرکت دینا۔
-في السِّبَاحَةِ تیراکی میں ہاتھوں کو پھیلانا اور لمبا کرنا۔
- البعيرَ و لَه اونٹ کی زائد نکیل کو بازوؤں سے باندھ کر قید کرنا۔
- فلاناً: پیچھے سے ہاتھ لا کر کسی کا گلا دبا دینا (۲) قتل کرنا' مار ڈالنا۔
-لي شيئاً من خبره. اس نے اپنی کوئی بات بتائی۔
-فلانٌ بيننا هذا: فلاں ہمارے درمیان اس بات کا سبب بنا۔
(انْذَرَعَ) آگے بڑھنا' بڑھتے چلے جانا۔
-في السيرِ پھیل کر چلنا۔
(تَذَارَعُوْا) الطريقَ: راستہ کو تیزی سے طے کرنے میں آپس میں مقابلہ کرنا۔
(تَذَرَّعَ) البَعِيرُ: اونٹ کا چلتے ہوئے بازو پھیلانا۔ تَذَرَّعَ في السير بھی کہتے ہیں۔
- فلانٌ: زیادہ کلام کرنا' تَذَرَّعَ في الكلامِ بھی کہتے ہیں۔
-بذريعةٍ ذریعہ اور واسطہ بنانا۔
(استَذْرَعَ) بالشئِ: کسی چیز کو آڑ اور ذریعہ بنانا۔
(الأَذْرَعُ) فصیح اللسان شخص۔ هو اذرعُ منه: وہ اس سے زیادہ فصیح اللسان ہے۔ قتلوهم اذرَعَ قتل انہوں نے ان کو تیزی سے قتل کیا۔
هي اذرعهنّ للمغزل: وہ چرخہ چلانے میں ان سب عورتوں سے زیادہ پھرتیلی اور ماہر ہے۔
(الذِّرَاعُ): ہر جانور کا ہاتھ۔ لیکن انسان کا ذراع کہنی کے سرے سے درمیانی انگلی کے سرے تک ہوتا ہے۔ (۲) من البقرِ والغنمِ گائے اور بکری کا ذراع پنڈلی سے اوپر کا حصہ ہوتا ہے۔ (۳) - من الابل و ذوات الحافر اونٹ اور دوسرے سم والے جانوروں کا ذراع پنڈلی کے پتلے حصہ کے اوپر سے شروع ہوتا ہے۔ کہاوت ہے (لاتطعمِ العَبد الكراع فيطمع في الذراع) غلام کو پنڈلی کا گوشت نہ کھلاؤ ورنہ وہ ذراع کے گوشت کی خواہش کرے گا یعنی اس کو حد سے آگے نہ بڑھنے دو۔
(۴) ذراع ایک پیمانہ کا نام ہے اس کی سب سے مشہور قسم الذراع الهاشمية ہے جو ۳۲ انگلیوں کے برابر یا ۶۴ سینٹی میٹر ہوتا ہے (۵) ناپی ہوئی چیز جیسے ذِرَاعٌ من الثوبِ والارضِ (۶) ذراع کی شکل کا ایک ستارہ۔
- ذراع القناة: نہر کا بالائی حصہ۔ (۷) انجینئرنگ اور میکانک کی اصطلاح میں "ذراع التوصيل" ایک ایسا آلہ جس سے حرکت ترددیہ کو حرکت دورانیہ کی طرف پھیرا جاتا ہے یا اس کے برعکس کیا جاتا ہے (مج)
-هو على حبل الذّراع وہ تیار ہے۔
-ضَاق بالامرِ ذِراعًا وہ اس کی طاقت نہیں رکھتا۔
-فلانٌ واسع الذّراع وہ وسیع الظرف آدمی ہے۔
-مالي به ذراعٌ طاقت (لفظ ذراع مونث ہے لیکن کبھی مذکر بھی ہوتا ہے) (ج) اَذْرُعٌ۔
(الذَّرْعُ). مقدار (۲) طول۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا﴾ (۳) طاقت و قوت۔ جیسے ضاق به زرعي – هو واسعُ الذرع وہ وسیع الظرف ہے۔ اَبْطَرْتُ فلاناً زرعَه میں نے اس کو اس کی طاقت سے زیادہ کا پابند بنایا ہے۔
(الذَّرَعُ). وہ آڑ جس کے پیچھے شکاری چھپتا ہے۔
(الذُّرْعَةُ) کسی چیز کا سبب و وسیلہ۔
(الذُّرُوْعُ) تیز رفتار کشادہ قدم گھوڑے اور اونٹ۔

(الذَّرِيعُ) الذَّرُوعُ – موتٌ ذريعٌ پھیلی
ہوئی جلد آنے والی موت۔ امرٌ ذريعٌ وسیع
کام۔ انا ذريعٌ له عنده میں اس کا سفارشی
ہوں۔
(الذَّرِيعَةُ) وہ دائرہ جس میں تیز اندازی کی
مشق کی جاتی ہے (۲) شکاری کی آڑ (۳)
ذریعہ، سبب، وسیلہ (ج) ذرائع۔
(المِذْرَاعُ) من الدابّة چوپائے کی ٹانگ
(۲) آگے بڑھنے والا گھوڑا (۳) وادی کا
کنارہ (۴) شہر سے متصل چھوٹے گاؤں
(ج) مذارِعُ و مَذَارِيعُ۔
(المُذَرَّعُ) وہ آدمی جس کی ماں عربی اور
باپ غیر عربی ہو (۲) جس کی ماں باپ سے
زیادہ معزز اور اعلیٰ نسب ہو۔
(المِذْرَعُ) من الدابّة جانور کے گھٹنوں سے
بغلوں تک کا حصہ (ج) مذارع۔
(ذَرَفَ) الدّمعُ ـِ ذَرْفًا و ذُرُوْفًا و ذَرِيْفًا
آنسو بہنا۔
-العينُ آنسو بہنا۔
- العينُ دَمْعَهَا آنسو بہانا هو مذروفٌ
وَذَرِيفٌ۔
(ذَرِفَ) الدّمعُ ـَ ذَرَفًا آنسو بہنا۔
(ذَرَّفَتِ) العينُ دَمْعَهَا تذريفًا و تذرافًا و
تَذْرِفَةً آنکھ کا آنسو بہانا۔
- على الخمسين من السنين و غيرها
پچاس سال وغیرہ سے زائد ہونا۔
-فلانًا الشئَ مطلع و باخبر کرنا۔
-ذَرَّفَه الموتَ موت کو کسی کے قریب لانا۔
(تَذَارَفَ) دَمْعُه آنسو بہنا۔ رَأَيْتُ في يده
قدحًا يتذارف میں نے اس کے ہاتھ میں
ایک پیالہ دیکھا جو بہہ رہا تھا۔
(اِسْتَذْرَفَ) الضَّرْعُ دودھ نکالنے کا تقاضا
ہونا اور دودھ ٹپکنا۔
-الشئُ ٹپکانا۔
(الذَّرَّافُ) تیز رفتار۔
(المَذْرَفُ) آنسو نکلنے کی جگہ (ج) مَذَارِفُ

(ذَرَقَ) الطائرُ ـُ ذَرْقًا و ذُرَاقًا بیٹ کرنا۔
ذرق بَسلحِه بھی کہتے ہیں۔
-كلامٌ يُذْرَقُ عليه قابل نفرت کلام۔
- على الناس لوگوں سے بدگوئی اور فحش
باتیں کرنا۔
(أَذْرَقَ) الطائرُ بیٹ کرنا۔
-الارضُ زمین کا ذرق نامی گھاس اگانا۔
(ذَرَّقَ) اللبنَ دودھ میں پانی ملانا۔
(الذَّرَّاقُ) پرندہ کی بیٹ۔
(الذَّرْقُ) پرندہ کی بیٹ۔
(الذُّرَقُ) ایک قسم کی گھاس یا پودا۔
(ذَرَا) ـُ ذَرْوًا ہوا میں اڑ کر بکھر جانا۔
-فلانٌ تیز تیز چلنا۔
-الشئُ گر جانا۔
-فوهُ دانت گر جانا۔
-نابُه دانت کی نوک ٹوٹ جانا۔
-حدُّ نابه دانت کی نوک کا کمزور اور گھسا ہوا
ہونا۔
-اليه قصد کرنا اوپر اٹھانا۔
-الريحُ الترابَ ـُ ذَرْوًا و ذَرْيًا ہوا کا مٹی
کو اڑانا۔
-الحَبَّ بیج کو ہوا میں اڑانا۔
- اللهُ الخلقَ ذَرْوًا اللہ تعالیٰ کا مخلوق کو پیدا
کرنا۔
(أَذْرَتِ) الريحُ الترابَ ہوا کا مٹی کو اڑانا۔
-العينُ دَمْعَها آنکھ کا آنسو بہانا۔
- الشئَ ڈالنا گرانا۔ جیسے أَذْرَتِ الدابّةُ
راكبَها۔
-الشئَ عن الشئِ الگ کرنا۔
-رأسَه بالسيف تلوار سے سر اڑا دینا۔
(ذَرَّتِ) الريحُ الترابَ ہوا کا مٹی اڑانا۔
- ترابَ المعدنِ دھات میں سونا تلاش
کرنا۔
-الحَبَّ غلہ کو ہوا میں اڑانا۔
- فلانًا کسی کی حمایت و حفاظت کرنا۔ (۲)
تعریف کرنا۔
(تَذَرَّى) القطيعُ ریوڑ کا اکٹھے ہو کر ایک

دوسرے کی یا درخت کی آڑ لینا۔
- بالشئِ آڑ لینا چھپنا جیسے تذرّى فلانٌ
بالحائط و غیرہ من البرد و الريح۔
-بفلانٍ حفاظت اور پناہ میں آنا۔
-الذِّرْوَةَ چوٹی پر چڑھنا۔
-بني فلانٍ و فيهم قبیلہ کے اعلیٰ خاندان
میں شادی کرنا۔
(استذرى) تذرّى۔
(الذَّرَا) آڑ چھپنے کا ذریعہ۔ انا في ذَرا
فلانٍ میں فلاں کی حفاظت میں ہوں (۲) بہا
ہوا آنسو (۳) ہوا میں اڑی ہوئی چیز۔
-انّه لكريم الذّرا وہ شریف الطبع ہے۔
(الذُّرى) ہوا میں اڑائی ہوئی چیز۔ (۲) بہا
ہوا آنسو۔
(الذُّرَاوَةُ) ہوا میں اڑ کر گرا ہوا بھوسا یا کوئی
اور چیز۔
(الذِّرْوُ) بلغني عنه ذرْوٌ من قولٍ مجھے اس
کی بات کا کچھ حصہ پہنچا۔ اخذ في ذرو من
الحديث اس نے کنایۃً بات کی۔
(الذُّرَةُ) مکئی (۲) مکئی کا دانہ۔ یہ فصیلہ نجیلیہ
سے ہے۔
(الذِّرْوَةُ) چوٹی بلندی (ج) ذُرًا۔ هو في
ذِرْوَةِ النسبِ وہ اعلیٰ نسب کا آدمی ہے۔
علا ذِرْوَةَ الشَّرَفِ وہ عزت کے اعلیٰ مقام پر
پہنچ گیا۔ أَقْبَلْتُ ذرا الليل رات کا آغاز ہو
گیا۔
(الذَّرِيُّ) بہا ہوا آنسو۔
(المِذْرى) شاخ دار لکڑی جس سے غلہ ہوا
میں اڑاتے اور کریدتے ہیں۔
- المِذْرَوان ہر چیز کے دو کنارے۔ جاءَ
ينفض مِذْرَوَيْه وہ اپنے مونڈھوں کو ہلاتا ہوا
آیا۔ یعنی اکڑتا ہوا یا دھمکی دیتا ہوا آیا۔ قَنَعَ
الشَّيْبُ مذرويه بڑھاپے نے اس کی کنپٹیوں
کو سفید کر دیا۔
(المِذْرَاةُ) المِذْرى۔

ذ ع

(ذَعْذَعَتِ) الريحُ الشجرَ ہوا کا درخت کو

زوردار حرکت دینا۔
-التراب مٹی کو ہوا میں اُڑا کر بکھیرنا۔
-فلانٌ المالَ و غَیرَہٗ مال وغیرہ کو مٹانا' برباد کرنا۔
- ذعذعهم الدهرُ: زمانہ نے اس کو جھنجھوڑ ڈالا۔ذَعْذَعَتْهُمُ النَّوَائِبُ مصیبتوں نے ان کو ہلا کر رکھ دیا۔
-السِّرَّ والخَبَرَ: راز یا خبر کو چھپانا۔
(تَذَعْذَعَ) المالُ وغیرُہٗ مال وغیرہ کا تباہ و برباد ہونا۔
-البناءُ: عمارت کا گر جانا' ہل جانا۔
-الشعرُ بالوں کا جھڑنا' گرنا۔
(الذَّعاذِعُ) کھجور کے منتشر درخت۔
-تفرقوا ذعاذع وہ اِدھر اُدھر بکھر گئے۔
(الذَّعْذاعُ): راز فشاں کرنے والا' چغل خور۔
(ذَعَرَہٗ)- ذَعْرًا ڈرانا' خوفزدہ کرنا۔
(ذَعِرَ)- ذَعَرًا: سہم جانا' ڈر جانا هو ذَعِرٌ۔
(اَذْعَرَہٗ): ذَعَرَہٗ۔
(تَذَعَّرَ): ڈر جانا۔
(انذعَرَ) ڈر جانا' گھبرا جانا۔
(الذَّعِرُ) خوفزدہ' گھبرایا ہوا شخص۔حدیث میں ہے (لایزال الشیطان ذاعرًا من المؤمن)
-رجلٌ ذاعِرٌ: عیب دار آدمی (ج) ذُعَّارٌ۔
(الذُّعْرُ): خوف و گھبراہٹ۔
(الذُّعَرَۃُ): ایک چھوٹا پرندہ جو ہر وقت اپنی دم ہلاتا رہتا ہے اور ہمیشہ خوفزدہ رہتا ہے۔مصر میں ابو فصادہ کے نام سے معروف ہے شام میں ام سکعکع کے نام سے اور عراق میں زیطه اور زطراطة کے نام سے۔
(الذَّعُوْرُ) خوفزدہ اور سہا ہوا (۲) وہ عورت جسے تہمت اور قبیح کلام سے ڈرایا جائے۔
(ذَعَفَ)- ذَعْفًانا مر جانا۔
-فُلاناً زہر پلانا۔
- الطعامَ کھانے کو زہر آلود کرنا۔ هو مذعوفٌ۔
(اَذْعَفَہٗ) جلدی سے مار ڈالنا۔
(انذَعَفَ) ہکا بکا اور ششدر رہ جانا (۲) دل ٹوٹ جانا۔
(الذُّعَافُ) زہر قاتل (ج) ذُعُفٌ۔
-موتٌ ذُعَافٌ جلد آنے والی موت۔
(الذُّعْفُ) زہر قاتل۔
- حیّةٌ ذَعْفُ اللعاب انتہائی زہریلا سانپ۔
(ذَعِنَ) - ذَعَنًا: تابعدار اور فرماں بردار ہونا۔
(اَذْعَنَ) فرماں بردار ہونا۔ماتحتی تسلیم کرنا۔
-بالحق: حق کا اقرار کرنا۔
(المِذْعانُ) من الابل و الناس: فرماں بردار اور مسکین طبع انسان یا اونٹ۔

ذ..........ف

(ذَفْذَفَ) اکڑ کر چلنا۔
-الجریحَ و علیه زخمی پر حملہ کرنا اور اسے فوراً قتل کر دینا۔
(ذَفِرَ) النبتُ - ذَفَرًا نباتات وغیرہ کی بہتات ہونا۔
-الشئُ: کسی چیز کی خوشبو یا بدبو کا تیز ہونا۔
هو ذَفِرٌ وهی ذَفِرَۃٌ وهو اَذْفَرُ وهی ذَفْراءُ (ج) ذُفْرٌ۔
-مِسْكٌ اَذْفَرُ و ذَفِرٌ انتہائی تیز مشک۔
-رجلٌ اَذْفَرُ و ذَفِرٌ بدبودار آدمی۔
-روضةٌ ذَفِرَۃٌ مہکتا ہوا باغ۔
(استذفَرَ) بالامرِ: کسی کام کا پختہ عزم کرنا اور اس میں سخت ہونا۔
(الذِّفْرٰی) کان کے پیچھے کی ابھری ہوئی ہڈی (ج) ذَفَارٰی و هما ذِفْرَیان
(ذَفَّ) الطائرُ - ذَفًّا و ذَفِیفًا و ذَفافةً پرندہ کا تیز اڑنا۔
-الامرُ ذَفِیفًا کسی چیز کا ممکن ہونا۔آسان ہونا
-علی الجریح - ذَفًّا وَ ذَفْفًا و ذِفافًا زخمی پر حملہ کر کے اس کو ہلاک کر دینا۔
(اَذَفَّ) الجریحَ زخمی پر حملہ کر کے مار ڈالنا۔
(ذافّ) الجریح وعلیه ولَه مُذافّةً و ذِفافًا اَذَفَّہٗ۔
(ذَفَّفَ) بهم الدَّوابُّ چوپایوں کا تیز تیز چلنا۔
-فلانٌ جهاز راحلته سواری کے سامان کو ہلکا کرنا۔
- فلاناً و علیه زخمی کو فوراً ہلاک کر دینا۔
حضرت عبداللہ بن مسعود h کی حدیث میں ہے۔
(فَذَفَّفْتُ علی ابی جهل) دَفَّفَ بالسیفِ بھی کہتے ہیں۔
(استذَفَّ) الامرُ ممکن ہونا' قابو میں آنا۔
(الذَّفافُ) ماذاق ذَفَافًا اس نے کچھ بھی نہیں چکھا۔
(الذُّفافُ): زہر قاتل (۲) تھوڑی چیز۔
-ماءٌ ذُفَافٌ تھوڑا پانی 'ماذاق ذِفافًا اس نے کچھ نہیں چکھا (ج) اَذِفَّةٌ و ذُفُفٌ۔
(الذُّفافُ) تیز اور پھرتیلا (۲) زہر قاتل (۳) تھوڑا پانی (ج) ذُفُفٌ۔
(الذَّفُّ) سمعتُ ذَفَّ نعله میں نے زمین پر جوتے کی آواز سنی۔
(الذُّفُّ) تھوڑا جیسے ماءٌ ذُفٌّ۔
(الذَّفَفُ) تھوڑا' قلیل۔
(الذَّفِیفُ) تھوڑا (۲) تیز اور پھرتیلا۔
-موتٌ ذَفِیفٌ جلدی آنے والی موت۔
-سیفٌ ذَفِیفٌ تیز کاٹنے والی تلوار۔وهی ذفیفةٌ۔
-صلاۃٌ ذفیفةٌ ہلکی نماز (۲) سیہی (جانور) کا نر۔
(المُذَفَّفُ) تیز اور ہلکا جیسے سهمٌ مُذَفَّفٌ۔

ذ.........ق

(ذَقَنَ) الدابةُ - ذَقْنًا جانور کا چلتے ہوئے تھوڑی کو نیچے کر لینا۔هی ذاقنةٌ و ذقونٌ۔
-فلانٌ علی یدہٖ او علی عصاہٗ تھوڑی کو ہاتھ یا لاٹھی پر رکھ کر سہارا لینا۔
-فُلاناً کسی کی تھوڑی پر مارنا۔
(ذَقِنَ)- ذَقَنًا کسی کی تھوڑی کا لمبا ہونا۔
-الدَّلْوُ ڈول کا کنارہ لمبا ہونا هو ذَقِنٌ وهی ذَقِنَةٌ۔

(ذَقَّنَ) علی یدہٖ اَوْعَلٰی عصاہ: ذَقَّنَ۔
(الذَّاقِنَۃُ) گلے کا ابھرا ہوا کنارہ (۲) ٹھوڑی کے نیچے کا حصہ (۳) پیٹ کے نیچے ناف تک کا حصہ (۴) گلے کا گڑھا (۵) فن موسیقی میں ستار کا وہ ٹکڑا جس پر باجا بجاتے وقت ٹھوڑی رکھی جاتی ہے (مُ) (ج) ذواقن۔
(الذَّقَنُ) ٹھوڑی کہاوت ہے (مُثْقَلٌ استعان بذقنہٖ) ایسے شخص کے بارے میں جو اپنے سے زیادہ کمزور آدمی سے مدد طلب کرے (ج) اَذْقَان و ذُقُونٌ۔
(الذَّقُوْنُ) دلو ذَقُوْنٌ: وہ ڈول جس کا کنارہ قدرے مڑا ہوا ہو۔

ذ ۔ ۔ ۔ ک

(ذَکَرَ) الشیئَ ـُ ذِکْرًا و ذُکْرًا و ذِکْرٰی و تَذکارًا یاد کرنا (۲) مستحضر کرنا (۳) بولنے کے بعد زبان پر لانا۔
- فلانۃَ نکاح کا پیغام بھجوانا۔ حدیث علی میں ہے (اِنَّ علیًّا یذکر فاطمۃ) (۲) کنایۃً منگنی کا کہنا۔
- اللّٰہ اللہ کا ذکر کرنا' تعریف کرنا۔
- النعمۃ نعمت کا شکر ادا کرنا۔
- الناسَ لوگوں کی غیبت کرنا اور ان کے عیب نکالنا۔
- الشیئَ کسی چیز میں عیب نکالنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿ھٰذَا الَّذِیْ یَذْکُرُ اٰلِھَتَکُمْ﴾۔
- الشیئَ لہ کسی کو کوئی بات بتانا۔
- حَقَّہٗ حق کا محفوظ رکھنا ضائع نہ کرنا۔
(ذَکِرَ) ـَ ذَکَرًا اچھی یاد اور اچھے حافظہ والا ہونا۔ ھو ذَکِرٌ وھی ذَکِرَۃٌ۔
(اَذْکَرَتِ) المراۃُ و غیرھا عورت کا (نر) بچہ جننا۔ ھی مذکِرٌ۔
- فلانۃٌ عورت کا عادات و خصائل میں مرد کے مشابہ ہونا۔
- الحقَّ علیہ اظہار حق کرنا (۲) اعلان حق کرنا۔
فلانًا الشیئَ یاد دلانا۔
(ذَاکَرَہٗ) فی الاَمْرِ مذاکرہ کرنا' کسی معاملہ کے بارے میں گفت وشنید کرنا۔
(ذَکَّرَ) السیفَ والفأسَ و نحوھما. تلوار اور کلہاڑی وغیرہ کی نوک پر فولاد کا ٹکڑا لگانا۔
- الکلمۃَ لفظ کو مذکر رکھنا یا بنانا (ضد: اَنَّثَھَا)۔
- النَّاسَ نصیحت کرنا' وعظ دینا۔
- فلانًا الشیئَ وبہٖ: یاد دلانا۔
(اِذَّکَرَہٗ): یاد کرنا۔ اذدکرہ اور ادَّکَرَہٗ بھی مستعمل ہے۔
(تَذَاکَرُوْا) فِی الْاَمْرِ: کسی مسئلہ پر باہم گفتگو کرنا۔
- الشیئَ: کسی چیز کو یاد کرنا۔
(تَذَکَّرَتْ) فلانۃٌ: عادات و خصائل میں مرد کے مشابہ ہونا۔
- الشیئَ یاد کرنا۔
(اِسْتَذْکَرَ) فلانًا: کسی کی انگلیوں پر یاد دہانی کا ڈوری باندھنا۔
- الشیئَ یاد کرنا۔
- الکتابَ کتاب کو یاد کرنے کے لئے پڑھنا۔
(الذَّاکِرَۃُ) حافظہ' یادداشت' ذہن' معلومات و تجربات کو یاد رکھنے کی قوت و قدرت نفس (مُ)۔
(التَّذْکِرَۃُ) یاد دہانی۔ یاد دہانی کا ذریعہ۔ قرآن مجید میں ہے ﴿کَلَّا اِنَّھَا تَذْکِرَۃٌ فَمَنْ شَاءَ ذَکَرَہٗ﴾ (۲) ٹکٹ' پاس کارڈ (ج) تذاکر (محدثۃ)۔
(الذِّکْرُ) ذکر' تذکرہ (۲) شہرت (۳) اللہ کی یاد (۴) نماز دعا (۵) قرآن۔
- ذِکْرُ الدَّیْنِ قرض کا وثیقہ (ج) ذکورٌ و اَذْکَارٌ۔
(الذُّکْرَۃُ) کلہاڑی یا تلوار وغیرہ کی دھاری پر لگایا جانے والا فولاد کا ٹکڑا (۲) شہرت (۳) آدمی یا تلوار کی تیزی۔
(الذَّکَرُ) نر' مرد' خلاف الانثی (۲) مرد کا عضو تناسل (۳) عمدہ اور مضبوط لوہا۔
- رَجُلٌ ذَکَرٌ بہادر' طاقتور اور خوددار آدمی۔
- مطرٌ ذَکَرٌ شدید موسلا دھار بارش۔
- قولٌ ذَکَرٌ پختہ اور ٹھوس بات۔
- شِعْرٌ ذَکَرٌ جاندار شعر (ج) ذُکُورٌ ذُکُورَۃٌ و ذِکَارٌ و ذِکَارَۃٌ و ذُکْرَان۔
(الذُّکُوْرَۃُ): مردانگی' مرد ہونے کی صفت' خلاف الانوثۃ۔
(الذِّکِّیْرُ) رجلٌ ذِکِّیْرٌ: عمدہ یاد اور حفظ والا آدمی (۲) عمدہ مضبوط لوہا۔
(المِذْکَارُ) من الاناث و الذکور' وہ عورت یا مرد جس کے ہاں نرینہ اولاد ہوتی ہے۔
- ارضٌ مِذْکَارٌ: نر پودے اگانے والی زمین۔
- فلاۃٌ مِذْکَارٌ: ہولناک جنگل جس میں صرف مرد ہی چل سکے۔
(المُذْکِرُ) داھیۃٌ مُذْکِرٌ. ایک سخت مصیبت جس کا مقابلہ صرف مرد ہی کر سکیں۔
- طریقٌ مذکِرٌ پرخطر راستہ۔
(المُذَکَّرُ) نر' مذکر۔ ضد مؤنث۔
- یومٌ مذکَّرٌ سخت دن۔
- طریقٌ مذکَّرٌ پرخطر راستہ۔
- سیفٌ مذکَّرٌ تیز و چمکدار تلوار۔
(المُذَکَّرَۃُ). عادت و شمائل میں مردوں کی مشابہت رکھنے والی عورت۔
(المُذَکِّرَۃُ) یادداشت' نوٹ (یاد دلانے والی چیز (۲) میمورنڈم (مسائل پر مشتمل بیان جو کسی قاضی وغیرہ کو پیش کیا جائے) گشتی مراسلہ۔
- المُذَکِّرَۃُ التَّفْسِیرِیَّۃُ کسی قانون کا مقدمہ اور تمہید جس میں کسی قانون کی وجہ تحریر کی گئی ہو۔
(المُذَکِّرَۃُ الشَّفَوِیَّۃُ) زبانی نوٹ' غیر دستخط شدہ تحریری نوٹ۔
(المذکورُ) مشہور زبان زد۔
(ذَکَتِ) النارُ ـُ ذُکُوًّا و ذکًا و ذَکَاءً آگ بھڑکنا' شعلوں کا تیز ہونا۔
- الشمسُ سورج کی تپش کا بڑھنا۔
- الحربُ جنگ کے شعلے بھڑکنا۔
- الریحُ بو کا تیز ہونا (اچھی ہو یا بری)
- المسکُ مشک کا مہکنا۔ ھو ذاکٍ و ذکیٌّ۔
- فلانٌ ذکاءً ذہین اور ہوشیار ہونا' ذکی ہونا۔

-عقلُه عقل کا تیز ہونا۔
-الشاةَ و نحوھَا بکری وغیرہ کو ذبح کرنا۔
ھی ذکیٌّ۔
(ذَکِیَ)فلانٌ ـَ ذکًا ذکًا' ھو ذَکِیٌّ (ج) اَذْکِیاء۔
(ذَکُوَ)فلانٌ ـُ ذکاءً و ذَکَاوۃً ذَکِیَ۔
-قلبُه دل کا مردہ ہونے کے بعد زندہ ہونا۔
ھی ذکیٌّ (ج) اَذکیاءُ۔
(اَذْکَتِ) السحابةُ بادل کا وقفہ وقفہ سے برسنا۔
-النارَ: آگ جلانا۔
-الحربَ لڑائی بھڑکانا۔
-علیھم العیُونَ جاسوس بھیجنا۔
(ذَکّی)فلانٌ تجربات اور مشق کی بنا پر ہوشیار ہونا (٢) عمر رسیدہ ہونا (٣) بھاری بدن کا ہونا۔
-الفرسُ: گھوڑے کے زخموں پر ایک یا دو سال گزرے ہوئے ہونا (٢) چھلانگ لگا کر دوڑنا' بند ہو جانا' پختہ کار ہو جانا' کہاوت ہے (جریُ المذکّیات غِلابٌ) ایسے شخص کے بارے میں جو اپنے ہم عمروں پر فوقیت لے جانے میں ممتاز سمجھا جاتا ہو۔
-النارَ: آگ بھڑکانا۔
-الشّاةَ و نحوھَا: بکری وغیرہ کو ذبح کرنا۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿وَمَا اَکل السبُعُ الاَّ مَاذکّیتم وَمَا ذُبِحَ علی النُّصُب﴾۔
(استَذْکَتِ)النارُ آگ بھڑکنا۔
(الذّکا) دھکتا ہوا انگارہ۔
(الذّکاءُ) آگ کی لپٹ (٢) دھکتا ہوا انگارہ (٣) ذہانت وہوشیاری۔ ایک ایسی قوت جس کے ذریعہ انسان تحلیل وتجزیہ فرق وامتیاز کرنے کے علاوہ مختلف احوال وکوائف میں اپنے کو ڈھالنے پر قادر ہو (مج)
(ذُکاءُ): سورج ابن ذکاء۔ صبح۔
(الذّکاۃُ) ذبح یا نحر (ذکّی کا اسم مصدر ہے) حدیث میں ہے (ذکاۃ الجنین ذکاۃ اُمِّه) (٢) ہر شے کا تکملہ۔

(الذَّکْوَۃُ) ہر وہ چیز جس سے آگ جلائی جائے (٢) جلتا ہوا انگارہ۔
(الذَّکِیّۃُ) ہر وہ چیز جس سے آگ جلائی جائے۔
(الذَّکِیَّۃُ): دھکتی ہوئی آگ۔

ذ ...... ل

(ذَلِفَ)ـَ ذَلَفًا ناک کا چھوٹا ہونا' ناک کی نوک کا برابر ہونا (٢) چھوٹا اور باریک ہونا (٣) چھوٹا اور موٹا ہونا۔ ھو اَذْلَفُ' ذَلَفَ الرجلُ بھی کہا جاتا ہے۔ ھو اَذْلَفُ وھی ذَلْفَاءُ (ج) ذُلْفٌ۔
(ذَلَقَ)اللسانُ ـُ ذَلاقَۃً: زبان کا تیز طرار ہونا۔
-السّکِینَ و نحوَہ چھری وغیرہ کو تیز کرنا۔
-الصَّومُ وغیرُہ روزہ وغیرہ کا کمزور کر دینا۔
(ذَلِقَ) السِّنَانُ والِلّسَانُ ـَ ذَلَقًا زبان یا نیزہ کا تیز ہونا۔ ھو اَذْلَقَ (ج) ذُلْقٌ۔
-السِّراجُ: چراغ جلنا۔
-فلانٌ: بے چین ہونا۔
-من العطشِ: پیاس کی وجہ سے لب دم ہونا۔ حدیث میں ہے (اِنَّهٗ ذَلِقَ یوم احد من العطش)ھو ذَلِقٌ وھی ذَلِقَۃٌ۔
(ذَلُقَ)اللسانُ ـُ ذَلاقَۃً زبان کا تیز ہونا۔ ھو ذَلِقٌ و ذَلْقٌ۔
(اَذْلَقَ) فی الرَّمْیِ تیزی سے تیر اندازی کرنا۔
-السکینَ و نحوَہ چھری وغیرہ کو تیز کرنا۔
-الصومُ وغیرُہ فلانًا روزہ وغیرہ کا کسی کو کمزور کر دینا۔ اَذْلَقَنِیْ قولُه۔ اس کی بات نے مجھے اتنا دکھ پہنچایا کہ میں تڑپ اٹھا۔
-فلانًا: بے چین مضطرب کرنا۔
-السراجَ: چراغ جلانا' روشن کرنا۔
-الضَّبَّ: گوہ کے بل میں پانی ڈال کر باہر نکالنا۔
(ذَلَّقَ)السکینَ و نحوَہٗ: چھری وغیرہ کو تیز کرنا۔
-الفرَسَ: گھوڑے کو کمزور کرنا۔

-اللبَنَ: دودھ میں پانی ملانا۔
-الضَّبَّ. گوہ کے بل میں پانی ڈال کر اسے باہر نکالنا۔
(اِنْذَلَقَ) دھاردار ہونا۔ حدیث جابر h میں ہے (فکسرتُ حجرًا و حسرتُه فانْذَلَقَ)
(الذَّلْقُ): تیز اور بلیغ زبان (٢) ہر چیز کی تیزی' دھار (٣) چرخی کے محور کے گھومنے کی جگہ۔
(الذَّلَقُ): فصیح اور تیز زبان۔ حدیث میں ہے (اذا کان یوم القیمة جاءَ ت الرحمُ فتکلّمت بلسان طَلِقٍ ذَلِقٍ تقول اللھم صِلْ من وصَلَنِیْ و اقطع من قَطَعِی).
(الذَّلْقَۃُ): ہر چیز کی تیزی۔
(الذَّوْلَقُ) ہر چیز کی دھار' تیزی۔
-ذولقُ اللسانِ والسنانِ: زبان اور نیزہ کی دھار' نوک' پھل وغیرہ۔
(تَذَلْذَلَ). ڈھیلا پڑنا' ڈانواڈول ہونا۔
(الذُّلْذُلُ) لمبے کرتہ کا نچلا حصہ (ج) ذلاذِلُ
- شمر ذلاذلك لھذا الامر تم اس کام کے لئے تیار ہو جاؤ۔ فرسٌ خفیفُ الذّلاذِلِ: ہلکی دم والا گھوڑا۔ لحقنا ذلاذلَ من الناس: لوگوں میں جو پیچھے تھے ہم ان سے جا ملے۔
(ذَلَّ)ـِ ذُلًّا و ذِلَّۃً و مَذَلَّۃً کمزور و ذلیل ہونا۔ ھو ذلیل وھی ذلیلۃٌ (ج) اَذلاَّءُ و اَذِلَّۃٌ و ذِلاَلٌ۔
-لَه. کسی کا تابع ہونا' کسی کے سامنے جھکنا۔
-الدابّةُ جانور کا سدھایا ہوا ہونا۔
ذَلَّتْ له القوافی قافیے اس کے لئے آسان ہو گئے ہو وھی ذَلُوْلٌ (ج) ذُلُلٌ۔
-سقاھم اللّٰهُ ذُلُلَ السحاب اللہ تعالی ان پر ایسی بارش برسائے جس میں گرج اور کڑک نہ ہو۔ حدیث میں ہے (اللھم اسقنا ذُلُلَ السحاب)
(اَذَلَّ)فلانٌ ذلیل ساتھیوں والا ہونا۔
-فلانًا ذلیل کرنا (٢) ذلیل پانا۔
(ذَلَّلَه) زیر کرنا' قابو پانا' تابع کرنا (٢) نرم و

ہموار کرنا۔ ذُلِّلَ الکرمُ: انگور کے خوشے نیچے لٹکا دیئے گئے۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَذُلِّلَتْ قُطُوفُهَا تَذْلِيلاً﴾
(تَذَلَّلَ) لازم ذَلَّلَه۔
-لَه تابع ہونا' جھکنا۔
(اِستَذَلَّه) اَذَلَّه۔
(الذُّلُّ) ضعف' ذلت' بے عزتی' نرمی۔
(الذِّلُّ) الذُّلُّ (۲) کثرت آمد و رفت سے ہموار ہونے والا راستہ (ج) اَذْلَالٌ — دَعْه علی اذلالِه وہ جیسا ہے ویسا ہی رہنے دو۔ وھو من اذلالِ النّاسِ: حقیر و گھٹیا لوگ۔
(الذَّلُوْلُ) مسکین و فرمانبردار' تابع' قابو میں آیا ہوا۔ رکبُوْا کل صعب و ذلولٍ من الامرِ انہوں نے اپنی ہر معاملہ میں دشواری کا سامنا کیا اور اس پر قابو پالیا (۲) ہموار راستہ۔ قرآن مجید میں ہے ﴿فَاسْلُكِيْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلاً﴾۔
(الذَّلِيْلُ) ذلیل' گھٹیا' کمزور' بے وقعت۔
-بیتٌ ذَلِيْلٌ نیچی چھت والا گھر (ج) اَذِلَّةٌ۔
(المُذَلَّلُ) ہموار جیسے طریق مُذَلَّلٌ شجرةٌ مدلّلةٌ سب کے کام آنے والا درخت۔

ذ م

(ذَمَرَ) الْاَسَدُ ــُ ذَمْرًا شیر کا دھاڑنا۔
فلانٌ غصہ ہونا۔ حدیث میں ہے (فجاء عمرُ ذامرًا)۔
-النارُ آگ روشن ہونا۔
-النارَ آگ جلانا۔
- فلانًا علی الاَمْرِ کسی کام میں محنت کی ترغیب دینا۔
(ذَمَّرَهُ) ہمت دلانا' اکسانا' حوصلہ افزائی کرنا۔ حضرت علی کی حدیث میں ہے (الا وان الشیطان قد ذَمَّرَ حزبَه)۔
الامرَ ق ...
(تَذَامَرُوْا) ایک دوسرے کو قتال پر آمادہ کرنا۔ (۲) باہم ملامت کرنا۔ صلاۃ الخوف کی حدیث میں ہے (فَتَذَامَرَ المشرکون و قالوا هلّا كنّا حملنا علیهم وهم فی الصلوة)۔
(تَذَمَّرَ): خود کو کسی گذشتہ بات پر ملامت کرنا (۲) غضبناک ہونا۔
-علیه کسی کے ساتھ برا سلوک کرنا اور دھمکی دینا۔
(الذِّمارُ) قابل حفاظت شے جس کا دفاع لازم ہو جیسے بیوی یا اپنی آبرو وغیرہ' حامی الذمار وہ اپنے گھر یا آبرو کا محافظ ہے۔
(الذَّمَارَةُ) بہادری۔
(الذِّمْرُ) بہادر (۲) خوش مزاج و دانشمند (۳) چالاک (ج) اَذْمَارٌ۔
(الذِّمِرَّةُ) آواز۔
(الذِّمِيْرُ): الذِّمْرُ (ج) اَذْمَارٌ۔
(المُذَمَّرُ): کندھا' گردن اور اس کے آس پاس کا حصہ۔ بلغ الامرُ المُذَمَّرَ: معاملہ شدت کو پہنچ گیا۔
(المُذَمِّرُ) حاملہ اونٹنی کو ہاتھ لگا کر یہ جاننے والا کہ نر ہے یا مادہ۔
(ذَمَلَ) البعيرُ ــُ ذَمُوْلاً و ذَمِيْلاً و ذَمَلاَنًا اونٹ کا تیز و سبک چلنا۔ ھو ذَامِلٌ وھی ذاملةٌ (ج) ذَوَامِلُ وھو وھی ذَمُوْلٌ (ج) ذُمُلٌ و ذُمَّلٌ۔
(ذَمَّلَه) تیز و سبک رفتاری سے چلنا۔
(ذَمَّ) الانفُ ــِ ذَمِيْمًا ناک بہنا۔
-الوجهُ چہرہ پر گرمی وغیرہ سے سیاہ دانے پیدا ہونا۔
-فلانًا ــُ ذَمًّا و مَذَمَّةً عیب نکالنا۔ ملامت کرنا۔ ھو مذمومٌ و ذَمٌّ و ذَمِيْمٌ۔
(اَذَمَّ) قابل مذمت کام کرنا۔
-البئرُ کنویں کا پانی تھوڑا ہونا۔
-الدَّابَّةُ چوپائے کا تھک کر کھڑے ہو جانا یا پیچھے رہ جانا۔
اَذَمَّتِ الدوابُّ بالرَّكبِ چوپایوں نے قافلوں کو پیچھے کر دیا۔ حلیمہ سعدیہ کی حدیث میں ہے (فَخَرَجْتُ علی اتانی تلك فلقد اذمّت بالركب)
- المكانُ و نحوُهٗ قحط زدہ ہونا۔
-بکذا: حقیر و قابل مذمت سمجھنا۔
-بِفلانٍ کسی کو قابل مذمت بنا کر چھوڑ دینا۔
-لفلانٍ علی فلانٍ کسی کے لئے کسی سے عہد لینا۔
- فلانًا: پناہ دینا (۲) مذموم پانا۔ کہتے ہیں بلوتُه فَاَذْمَمْتُهٗ میں نے اس کو آزمایا تو برا پایا۔
(ذَمَّمَهٗ) خوب مذمت کرنا۔
(تَذَامُّوا) ایک دوسرے کی مذمت کرنا۔
(تَذَمَّمَ) بچنا' شرم کرنا۔
-لصاحبِه: ساتھی سے کئے ہوئے وعدہ کا پابند رہنا۔ حدیث میں ہے (خلال المکارم والتذمّم لصاحبِه)
-بفلانٍ کسی کو عہد و امان کا ذریعہ بنانا۔
(استذمَّ) الیه کسی کے ساتھ ایسا فعل کرنا جس پر وہ اس کی مذمت کرے۔
-بفلانٍ کسی کو عہد و امان کا ذریعہ بنا کرنا۔
(الاَذَمُّ) تھک کر کھڑا ہو جانے والا اور جانور پہ سست اور پیچھے رہ جانے والا جانور۔
(الذَّامُّ) عیب۔
(الذِّمَامُ) عہد و امان (۲) کفالت (۳) حق و احترام (ج) اَذِمَّةٌ۔
(الذِّمَامَةُ) الذِّمام (۲) شرم و حیا (۳) خوف ملامت و ندامت۔ حدیث موسیٰ و خضر علیہما السلام میں ہے (اخذته من صاحبه ذمامةٌ)۔
(الذُّمَامَةُ) باقی ماندہ' بقیہ۔
(الذَّمَامَةُ) الذِّمَام۔
(الذَّمُّ) رَجُلٌ ذَمٌّ برا آدمی (ج) ذُمُوْمٌ۔
(الذَّمَّةُ) قابل مذمت عورت۔ بئرٌ ذَمَّةٌ تھوڑے پانی والا کنواں۔ حدیث براء میں ہے (فاتينا على بئر ذَمَّةٍ فنزلنا فيها) (ج) اَذِمٌّ و ذِمَامٌ۔
(الذِّمَّةُ) عہد و امان' کفالت' حدیث میں ہے (المسلمون تتكافأ دماء هم ويسعى بذمتهم ادناهم) (۲) حق و احترام' حرمت و عزت۔ حدیث میں ہے (فانّ من ترك

صلوةً مکتوبةً متعمدا فقد برئت منه ذمّةُ الله) (۳) فقہاء کے نزدیک وہ مفہوم جس کے ذریعہ انسان کسی حق کا مستحق یا اس کی ادائیگی کا ذمہ دار ہوتا ہے' ذمہ کہلاتا ہے جیسے فی ذِمّتی لك كذا (ج) ذِمَمٌ۔

-اهلُ الذِّمّةِ اہل کتاب یا ان کے قائم مقام وہ لوگ جنہوں نے مسلمانوں سے معاہدہ کیا ہو۔

(الذِّمّيُّ) وہ شخص جس سے معاہدہ کرکے اس کے جان و مال عزت آبرو کی حفاظت کا ذمہ لیا گیا ہو۔

(الذَّمِيمُ) تھوڑے پانی والا کنواں (۲) ناک کی ریزش (۳) گرمی یا خارش سے نکلنے والے سیاہ دانے یا چھوٹی پھنسیاں (واحد محدثہ) (۴) رات کو درختوں پر گرنے والی شبنم جس پر مٹی لگ گئی ہو (ج) ذِمَام۔

(الذَّمِيمَةُ) تھوڑے پانی والا کنواں (۲) دائمی بیماری جو باہر نکلنے سے مانع ہو (ج) ذِمَامٌ۔

(المُذِمُّ) بے حس و حرکت آدمی۔ امرٌ مذمٌّ عیب دار کام۔

(المَذِمّةُ) حرمت و عزت' حق۔

-قفى مَذِمّتَه اس نے اس کے ساتھ اچھا سلوک کیا تاکہ وہ اس کی مذمت نہ کرے۔

-اَخذتنی منه مَذِمّةٌ مجھے اس کے قابل مذمت عمل سے حیا آئی۔

-رجلٌ ذومَذِمّةٍ لوگوں پر بوجھ بننے والا آدمی۔

(المُذَمَّمُ) مکانٌ مُذَمَّمٌ: عزت و حرمت والی جگہ۔

(ذَمِهَ) اليومُ ــَـ ذَمَهًا: دن کا سخت گرم ہونا۔

-الحرُّ گرمی کا شدید ہونا۔

-الرجلُ بالحرّ: گرمی کی شدت کی وجہ سے بوکھلا جانا۔

(اَذْمَهَتْهُ) الشمسُ: سورج کی تپش کا کسی کو بوکھلا دینا۔

(ذَمَى) المذبوحُ ــِـ ذَمْيًا و ذَماءً و ذَمَيانًا مذبوحہ میں حرکت باقی رہنا۔

-المريضُ. بیمار کا حالت نزع میں ہونا اور اس کا لمبا ہونا۔

-الشئُ کسی چیز سے بدبو آنا۔

-الرائحةُ الكريهةُ فلانًا بدبو کا کسی کو تکلیف دینا۔

-لفلانٍ من كذا شئٌ: حاصل ہونا۔ کہتے ہیں خُذْ منه مَاذَمَی لَكَ۔

(اَذْمَاه) مار کر مرنے کے قریب کر دینا۔

(استذمى) الشئَ طلب کرنا۔

-مَا عند فلانٍ کسی کے پاس کوئی چیز تلاش کر کے لینا۔

(الذَّمَى): بدبو۔

(الذَّمَاءُ): مذبوح وغیرہ میں باقی ماندہ زندگی کہاوت ہے (اطولُ ذماءً من الضّبِّ) وہ بہت سخت جان ہے (۲) دل کی قوت۔

(المَذْمَاةُ): شکار جس میں تیر لگنے کے بعد بھی جان باقی رہے۔

ذ............ن

(ذَنَبَه) ــُـ ذَنْبًا: دم پر مارنا (۲) پیچھے چلنا' نشان قدم نہ چھوڑنا جیسے السحابُ يذنب بعضُه بعضًا: بادل ایک دوسرے کے پیچھے چلتے ہیں۔

-الارضَ. زمین میں نالیاں کھودنا۔

(اَذْنَبَ): گناہ کا مرتکب ہونا۔

(ذَنَّبَ) دم پھیلانا۔

-الضَّبُّ. گوہ کا شکار کے لئے دم بل سے باہر نکالنا اور چہرہ چھپا لینا۔

-البُسْرُ: نیم پختہ کھجور کا نچلا حصہ پک جانا۔

-الجرادُ. ٹڈی کا انڈے دینے کے لئے اپنی دم کو زمین میں گاڑنا۔

-الحارشُ الضَّبَّ شکاری کا گوہ کی دم پکڑنا۔

-الدابّةَ: جانور کی دم پکڑنا۔

-الشئَ. دم دار کرنا' دم لگانا۔

-عمامتَه. عمامہ کا شملہ چھوڑنا۔

-الكتابَ: کتاب میں تتمہ یا ضمیمہ لگانا۔

(تَذَانَبَ) السحابُ وغيره. بادلوں کا ایک دوسرے کے پیچھے چلنا۔

(تَذَنَّبَ) المعمّمُ عمامہ باندھنے والے کا شملہ چھوڑنا۔

-عليه کسی کے ساتھ زیادتی و بدسلوکی کرنا۔

-الطريقَ و نحوَه. پچھلی حصہ سے آنا۔

(استذنَبَ) الأمرُ پورا ہو جانا' قائم ہو جانا۔

-الدابّةَ جانور کے چلتے وقت اس کی دم کے پاس رہنا۔

-فلانًا و غيرَهُ کسی کے پیچھے چلنا اس کے نشان نہ چھوڑنا۔

-فلانًا کسی کو مجرم یا گناہ گار پانا یا ٹھہرانا۔

(الاَذْنَبُ) لمبی دم والا۔

(الذِّنَابُ): ہر چیز کا پچھلا حصہ۔ کہتے ہیں نظر اليه بذناب عينه (۲) اونٹ کی دم پر باندھی جانے والی رسی جس کی وجہ سے وہ سوار کو آلودہ نہیں کرتا (۳) زمین میں پانی اترنے کا راستہ۔

(الذُّنَابَى) دُم۔ هم ذُنابى فلانٍ وہ فلاں کے دم چھلے ہیں۔

(الذِّنَابَةُ) تابع (۲) ہر چیز کا پچھلا حصہ (۳) وادی کا آخری سرا جہاں جا کر پانی رک جاتا ہو (ج) ذنائبُ۔

(الذَّنْبُ): گناہ' جرم' غلطی' غیر مشروع امر کا ارتکاب۔

(الذَّنَبُ). دم (۲) ہر چیز کا پچھلا حصہ۔ جیسے نظر اليه بذنب عينه: اس نے گوشہ چشم سے دیکھا (۳) کوڑے کا سرا۔

-ضربَ فلانٌ بذَنَبِه قائم ہونا' ثابت قدم ہونا۔

-رَكِبَ ذَنَبَ الريحِ اتنا تیز دوڑنا کہ پکڑنا ممکن نہ ہو۔

-ركب ذَنَبَ البعير معمولی چیز پر قناعت کر لینا۔

-اتبع ذَنَبَ اَمرٍ فائتٍ. گزشتہ بات پر افسوس کرنا۔

- بينهما ذَنَبُ الضَّبِّ ان دونوں کے درمیان عداوت ہے۔

-حديثُه طول الذّنَب اس کی بات بہت لمبی

ہے۔
-وَلّتهُ الخمسونَ ذَنبها و ولّی الخمسین ذَنباً پچاس سال کی عمر سے تجاوز کرنا۔
-هو ذَنَبُ فلان وہ فلاں کا تابع ہے (ج) اذنابٌ و ذِنابٌ هو من اذناب الناس: وہ حقیر اور گھٹیا درجہ کا آدمی ہے۔
-ذَنَبُ الخیل. گھوڑے کی دم کی شکل کا پودا جو تر زمین میں پیدا ہوتا ہے۔ یہ فصیلہ کنبائیہ سے ہے (مج)
(الذَّنَبَةُ) وادی کا پچھلا سرا۔
(الذَّنُوبُ) گھنی اور لمبی دم والا (۲) بڑا ڈول۔ یوم ذَنوبٌ: پرفتن دن۔
-لہ ذنوبٌ من کذا اس کا فلاں چیز میں بڑا حصہ ہے۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَاِنَّ لِلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحٰبِهِمْ﴾ (ج) اَذْنِبَةٌ و ذَنائِبُ۔
(الذُّنَیْباءُ) ایک قسم کی گھاس جو چاول کے ساتھ اُگتی ہے۔
(الذُّنَیْبَةُ) فصیلہ زنبقیہ کی پھولوں کی ایک قسم۔
(المِذْنَبُ) لمبی دم (۲) بڑا چمچا' کف گیر (۳) پانی کی نالی (ج) مذانب۔
(المُذَنَّبُ) دم دار ستارا (مج)
(ذَنَّ) الشئُ ـِ ذَنِیناً بہنا جیسے ذَنَّتِ العینُ و ذَنَّ الاذنُ۔
-البردُ سردی کا سخت ہونا۔
-فی مشیه کمزوری سے چلنا۔ مازال یذن فی حاجته وہ برابر آہستگی کے ساتھ اپنی ضرورت میں لگا رہا۔
(ذَنَّ) ـَ ذَنناً بہتی ہوئی ناک والا ہونا۔
هو اَذَنُّ وهی ذَنّاءُ (ج) ذُنٌّ — امرأة ذَنّاءُ وہ عورت جس کا حیض بند نہ ہوتا ہو۔
قَرحَةٌ ذَنّاءُ وہ زخم جو بھرتا نہ ہو۔
(دانَّ) فلاناً علی حاجته ضرورت پوری کرنے کا سوال کرنا۔
(ذَنَّنَ) ناک بہنا۔
(الذُّنانُ) ناک کی ریزش۔

(الذُّنانَةُ): حاجت' ضرورت (۲) باقی ماندہ۔
-علیه من دَینِه ذُنانَةٌ: اس پر کچھ قرضہ باقی ہے۔
(الذَّنَنُ): گندگی (۲) گاد۔
(الذَّنِینُ): ناک کی ریزش' رینٹ۔

ذ .... ہ

(ذِهْ): اسم اشارہ مفرد مونث۔
(ذَهَبَ) ـَ ذَهَاباً و ذُهُوباً و مَذْهَباً: جانا (۲) گزرنا (۳) مرجانا۔
-الاثرُ: نشان مٹ جانا۔
-بہ: کسی کے ساتھ جانا (۲) لے جانا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِیْ ظُلُمٰتٍ لَّا یُبْصِرُوْنَ﴾ ذَهَبَتْ بہ غرور نے اس کا وقار ختم کر دیا۔
-عنه: چھوڑ دینا۔
-علیه کذا: بھول جانا۔
-الیه: توجہ کرنا' مناسب سمجھنا۔
-الی قول فلان: کسی کی اتباع کرنا۔
-فی الدین مذهباً: مذہب میں کوئی رائے یا بدعت قائم کرنا۔
-الشئُ فی الشئِ: خلط ملط ہونا' مل جانا ہو ذاهبٌ و ذَهوبٌ۔
(اَذْهَبَه): زائل کرنا' لے جانا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ﴾ (۲) روانہ کرنا' چلانا (۳) سونے کا ملمع کرنا۔
(اَذْهَبَ) فلانٌ حسن و جمال میں کامل ہونا۔
(ذَهَّبَه) سونے کا ملمع کرنا۔
(الذَّهَبُ) سونا (ج) اَذْهاب و ذُهُوبٌ۔
(الذَّهَبَةُ) سونے کا ٹکڑا۔
(الذَّهَبِیَّةُ) وہ جہاز جس کے لنگر مستقل طور پر قیام کے لئے ڈال دیئے گئے ہوں۔
(المَذْهَبُ) طریقہ (۲) عقیدہ۔ جیسے ذَهَبَ مذهباً حسناً (۳) اصل جیسے مایدری لہ' مذهبٌ (۴) علماء کے نزدیک مذہب علمی اور فلسفی افکار و نظریات کا وہ مجموعہ جو باہم مربوط ہو کر ایک منظم اکائی کی شکل اختیار کر لیتا (مج)

(ج) مَذاهِبُ۔
(المُذْهَبُ) سونے کا پانی چڑھا ہوا۔
- فرسٌ مذهبٌ. وہ گھوڑا جس کی سرخی پر زردی نمایاں ہو (ج) مذاهِبُ۔
(ذَهَلَه) وعنه ـَ ذَهْلاً و ذُهُولاً بھولنا' غافل ہونا۔
(ذَهِلَ) ـَ ذُهولاً. ہکا بکا ہو جانا' حواس باختہ ہو جانا۔
-الشئَ و عنه: بھول جانا' غافل ہونا۔
(اَذْهَلَه) عنه: غافل کر دینا' ذہن ہٹا دینا۔
(الذُّهْلُ) من اللیل رات کا کچھ حصہ۔
(المَذْهَلُ): غفلت و بھول کا سبب (ج) مذاهلُ کہتے ہیں لی مشاغل و مذاهل میری مصروفیات بھی ہیں اور غافل رکھنے والی چیزیں بھی۔
(ذَهَنَ) قِرنَه ـُ ذَهْناً: اپنے ساتھی پر ذہن کی عمدگی میں غالب آنا' فوقیت لے جانا۔
(ذَهِنَ) ـَ ذَهَناً ذہین ہونا۔
-الشئَ سمجھنا۔ هو ذَهِنٌ وهی ذَهِنَةٌ۔
(ذُهِنَ) فلانٌ کند ذہن ہونا۔ هو مذهونٌ۔
(ذَهُنَ) ـُ ذَهانَةً ذہین و سمجھدار ہونا۔
(ذاهَنَه) ذہن کی عمدگی میں کسی سے مقابلہ کرنا اور فوقیت لے جانا۔
(اِسْتَذْهَنَه) حبُّ الدنیا دنیا کی محبت کا کسی کے ذہن کو خراب کر دینا۔
(الذِّهْنُ) عقل' ذہن' سمجھ (ج) اَذْهان بطور صفت بھی استعمال ہوتا ہے جیسے فلانٌ ذهنٌ فلاں ذہین و سمجھدار ہے (۲) قوت و طاقت۔ جیسے مابرجلی ذهنٌ میرے پاؤں میں طاقت نہیں (۳) علمی اصطلاح کے مطابق ذہن مختلف احوال کو محسوس کرنے والی طاقت کا نام ہے نیز ذہن کا اطلاق تفسیر اور اس کے ضوابط پر بھی ہوتا ہے اور اس طرح ادراک اشیاء کی استعداد محض کا نام بھی ذہن ہے۔ (مج)

ذ ... و

(ذو) والا' صاحب' مالک۔ یہ لفظ مضاف ہو

کر مستعمل ہوتا ہے اور یہ اضافت اسم ظاہر کی طرف ہوتی ہے جو عموماً جنس ہوتا ہے اور ذو کے ذریعہ اس اسم جنس کو صفت بنایا جاتا ہے جیسے فلانٌ ذُومالٍ و ذوفضلٍ۔

-اَتیتُه ذاصباحٍ و ذَامساءٍ میں اس کے پاس صبح یا شام کے وقت آیا۔ جَاءَ مِنْ ذی نفسه: یہ کام اس نے خوشی سے کیا۔ طعنه فَخَرَجَ ذو بطنه اس نے نیزہ مار کر اس کی آنتیں نکال دیں۔ سمعت ذافیه: میں نے اس کی بات سنی (اس کی تثنیہ ذوا ہے) (ج) ذَوُوْن ہے۔ کبھی موصول کے معنی میں آتا ہے (اور یہ قبیلہ طے کی لغت ہے) جیسے وبئری ذو حفرت و ذو طویت۔

یمن کے قدیم بادشاہوں کے القاب میں بھی اس کو استعمال کیا جاتا ہے جیسے ذویزن اور ذوالکلاع (ج) اَذْواء و ذَوُون۔

(ذَابَ) الشَّحْمُ والثلجُ و نحوهما ـُ ذَوْبًا و ذَوَبَانًا: پگھلنا۔

-الجسمُ: جسم کا کمزور ہونا۔

-فلانٌ: عقلمندی کے بعد بے وقوف ہونا۔

-الشمسُ سورج کی تپش کا بڑھنا۔

-لی علیه حقٌّ: اس پر میرا حق ثابت ہے۔

(اَذَابَ) علیهم العدوُّ: حملہ کرنا۔

-المالَ: دولت لٹانا۔

-الشیَٔ: پگھلانا۔ کہتے ہیں اَذَابَهُ الهمُّ والغمُّ۔ غم اور پریشانی نے اسے گھلا دیا۔

-حاجتَهٗ ضرورت پوری کرنا۔

-اَمْرَه معاملہ کو ٹھیک کرنا۔ کہتے ہیں فلانٌ مَا یَدْرِی اَیُخْثِرُ اَمْ یُذِیْبُ اسے نہیں پتہ معاملہ کو بگاڑ رہا ہے یا ٹھیک کر رہا ہے۔

(ذَوَّبَه) پگھلانا، گھلنا۔

(اِسْتَذَابَ) الشیَٔ: پگھلوانا (۲) ضرورت پوری کرنا (۳) باقی رکھنا۔

-حاجتَه ضرورت پوری کرنا۔

(الاِذْوَابُ) وہ مکھن جس کا گھی بنایا جا رہا ہو جب برتن میں آگ سے اتار کر رکھ دیا جائے گا تو مکھن کہلائے گا۔

(الاِذْوَابَةُ): الاذواب۔

(الذَّائِبُ) هو ذائبُ النَّفْس: وہ بھاری ہے۔

(الذَّوْبُ) پگھلی ہوئی چیز۔

(الذَّوْبَةُ) ایک دفعہ کا پگھلانا (۲) حماقت کہتے ہیں بِه ذَوْبَةٌ اس پر حماقت طاری ہے (۳) مال کو وہ حصہ جو آدمی بچا کر رکھتا ہے۔ حدیث میں ہے (مَنْ اَسلم علی ذوبة او ماثرة فهی له)

(المِذْوَبُ): پگھلانے کا برتن (ج) مذاوب۔

(المِذْوَبَةُ): پگھلانے کا برتن (۲) بڑا چمچہ کفگیر (ج) مذاوب۔

(ذَاحَ) ـُ ذَوْحًا: تیز چلنا یا سختی سے چلنا۔

-الابلَ و نحوها: اونٹوں وغیرہ کو سختی سے ہانکنا۔

-الشیَٔ: منتشر کرنا، برباد کرنا۔

(ذَوَّحَ) الشیَٔ: منتشر و برباد کرنا۔

(المِذْوَحُ): سختی برتنے والا۔

(ذَادَه) ـُ ذَوْدًا و ذِیادًا: ہٹانا، دور کرنا، کہتے ہیں ذَادَ عَنْ حُرَمِه وَ وَطَنِه: اس نے اپنی عزت و آبرو اور اپنے وطن کا دفاع کیا۔ ذاد عنه الهمَّ اپنے غم کو دور کر دیا۔ ذَادَ الدَّوابَّ عن الموارِدِ چوپاؤں کو پانی کے گھاٹ سے اتار دیا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَوَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَیْنِ تَذُوْدَانِ﴾

-الدابَّةَ: ہانکنا هو ذائدٌ (ج) ذودٌ و ذُوَّادٌ و ذادةٌ۔ حدیث میں ہے (وَاَمَّا اخوانُنا بنو اُمَیَّة فقادةٌ ذادةٌ)۔

(اَذَادَه) دفاع کرنے میں مدد کرنا۔

(ذَوَّدَ) الدَّابَّةَ: چوپائے کو زور سے ہٹانا۔

(الذَّوْدُ) تین سے دس تک کی اونٹوں کی قطار (مونث) کہتے ہیں خَمْسُ ذَوْدٍ حدیث میں ہے (لیس فیما دون خمس ذود من الابل صدقة) کہاوت ہے (الذَّوْدُ اِلی الذَّوْدِ اِبِلٌ) ایسی صورت میں کہا جاتا ہے جب تھوڑی چیز کو دوسری تھوڑی چیز کے ساتھ ملا دیا جائے اور وہ زیادہ ہو جائے۔ (ج) اَذْوادٌ۔

(المَذَادُ) چراگاہ۔

(المِذْوَدُ) دفع کرنے کا ذریعہ یا آلہ (۲) زبان (۳) بیل کا سینگ۔ رَجُلٌ مِذْوَدٌ وہ شخص جو آبرو کا زبردست محافظ ہو (۴) جانوروں کا برتن جس میں چارہ ڈالا جاتا ہے (ج) مَذَاوِدُ و مَذَاوِیْدُ۔

(الرَّزَّام) سخت و مضبوط آدمی۔
(الرَّکَازِم) وہ سخت بارش جس کی گرج ختم نہ ہو۔
(الرُّزَّمُ) پڑاؤ ڈالنے والا آدمی (۲) شیر۔
(الرَّزْمَةُ). ایک وقت کا کھانا۔
(الرِّزْمَةُ): گٹھڑی، بنڈل، پیکٹ، پارسل، پوٹلی، پڑیا وغیرہ (ج) رِزَم۔
-رِزْمَةُ ثیاب: کپڑوں کی گانٹھ۔
-رزمةُ ورقٍ: کاغذ کا رم۔
(الرَّزْمَةُ): آواز (۲) سخت آواز (۳) بچہ کی آواز (۴) اونٹنی کی اپنے بچہ سے محبت کی آواز۔ کہاوت ہے (لاخیر فی رزمةٍ لا دِرَّةَ معها) یعنی وہ دوست جو کوئی فائدہ نہ پہنچا سکے۔ اس کی دوستی بیکار ہے۔
(الرَّزِیْمُ): شیر کی دھاڑ۔
(المِرْزَام): چھوٹی لاٹھی (ج) مَرَازِیْم۔
(المِرْزَمُ): چند مشہور ستاروں کے مجموعہ کا نام جن میں مشہور دو ہیں۔ العبور اور الغمیصاء
-اُمّ مِرْزَمٍ: ہوا، شمال کی ٹھنڈی ہوا جس کے ساتھ بارش اور سردی ہوتی ہے۔
(رَزَنَ) بالمکان ــُ رُزُوْنًا: ٹھہرنا۔
-الشَّیْءَ رَزْنًا: کسی چیز کو ہاتھ میں اٹھا کر اس کا وزن معلوم کرنا، ہلکے اور بھاری پن کا اندازہ کرنا۔
(رَزُنَ) ــُ رَزَانَةً و رُزُوْنًا: سنجیدہ اور باوقار ہونا۔
-فلانٌ: باوقار، حلیم الطبع اور خاموش طبیعت والا ہونا۔
(رَازَنَهُ). کسی سے دوستی کرنا۔
(تَرَازَنَ) الجبلان و نحوهما: ایک دوسرے کا مقابل ہونا۔
(تَرَزَّنَ) فی مجلسه: باوقار ہو کر بیٹھنا۔
(الأَرْزَنُ). ایک درخت جس کی لکڑی مضبوط ہوتی ہے اس سے لاٹھیاں بنائی جاتی ہیں۔

(الرَّزَان): باوقار عورت۔
-امرأةٌ رزانٌ باوقار سنجیدہ عورت جس کی نشست سنجیدہ اور باوقار ہے۔
(الرَّزَانَةُ). وقار و سنجیدگی۔ کہتے ہیں فیه رزانةٌ۔
(الرَّزْنُ). وہ بلند جگہ جس میں کہیں نشیب یا گڑھا ہو جس میں پانی اکٹھا ہو جاتا ہو۔ (ج) رزون و رِزان (۲) علم کیمیاء کے مطابق کسی آمیزہ کے اندر موجود مادہ کی مقدار اور اس کی صفائی کو جاننا (۳) معدنیات کی جانچ (مج)
(الرِّزْنُ): کونہ، گوشہ (۲) چٹان وغیرہ کا وہ گڑھا جس میں پانی اکٹھا ہو جاتا ہو (ج) اَرْزَانٌ۔
(الرِّزْنَةُ). پانی کا اکٹھا ہونے کی جگہ (ج) رِزَانٌ۔
(الرَّزِیْنُ). ہر بھاری چیز، وزن دار چیز (۲) باوقار، سنجیدہ، خاموش طبیعت والا، بردبار۔
-رزین الرَّأیِ: صاحب الرأی۔ هی رزینةٌ (ج) رِزَانٌ۔
(الرَّوْزَنَةُ). دیوار میں بنا ہوا طاق۔
(الرُّوْزْنَامَةُ): جنتری (۲) وزارت۔ خزانہ کا دفتر جہاں سے تنخواہیں دی جاتی ہیں۔ (د)۔

ر......س

(رَسَبَ) فی الماءِ ــُ رَسْبًا و رُسُوْبًا. پانی میں تہہ تک غوطہ لگانا۔
-التلمیذ: طالب علم کا امتحان میں فیل ہونا (محدثہ)
-عیناهُ آنکھوں کا دھنس جانا۔
(أَرْسَبَ) فلانٌ: بھوک کی وجہ سے کسی کی آنکھوں کا اندر کو ہو جانا۔
-فلانًا: فیل کرنا (۲) پانی کی تہہ تک غوطہ لگوانا۔ حضرت حسن کی حدیث میں (دوزخ کے حالات کے بارے میں) ہے (اذا طَلَقَتْ بهم النارُ أَرْسَبَتْهُمُ الأغلالُ)
(الرَّاسِبُ). بردبار۔
-جبلٌ راسبٌ: راسخ و مضبوط پہاڑ۔
(الرُّسَابَةُ): گاد، برتن، نہر یا نالی میں جما ہوا کیچڑ وغیرہ۔
(الرَّسُوْبُ). اندر تک گھس جانے والی تیز تلوار (۲) بردبار آدمی (ج) رُسُبٌ۔
(المَرَاسِبُ): سہارے کی لکڑیاں، ستون وغیرہ (۲) مضبوط عمارتیں۔
(المِرْسَبُ) تیز اور اندر تک گھس جانے والی تلوار (ج) مَرَاسِبُ۔
(رَسْت). موسیقی کے سات اصل مقامات کا پہلا (فارسی)
(الرُّسْتَاقُ). الرُّزْدَاق (ج) رساتیق۔
(رَسِحَ) ــَ رَسَحًا. سرین اور رانوں کا گوشت کم ہونا۔ هو أَرْسَحُ وهی رَسْحاء به رَسَحٌ بھی کہتے ہیں۔
(أَرْسَحَه). دبلے کولہے اور ران والا کرنا، کمزور کرنا۔
(الأَرْسَحُ). بھیڑیا (ج) رُسْحٌ۔
(الرَّسْحَاءُ): ہلکے کولہے والی عورت (ج) رُسْحٌ۔
(رَسَخَ) ــُ رُسُوْخًا: جم جانا، پیوست ہو جانا، راسخ ہونا۔
-الغدیرُ تالاب کا خشک ہو جانا۔
-المطرُ. بارش کے پانی کا زمین میں جذب ہو جانا۔
العلمُ فی قلبه علم کا دل میں اتر جانا۔ کہتے ہیں هو من الراسخین فی العلم۔
-لَه فیه قدم راسخة اس کو علم پر عبور حاصل ہے۔
(أَرْسَخَه). مضبوط و پختہ کرنا، گاڑنا، جمانا۔
(رَسْرَسَ) البعیرُ اونٹ کا اٹھنے پر قادر ہونا۔
(رَسَّتِ) الجرادةُ ــُ رَسًّا و رَسِیْسًا ٹڈی کا انڈے دینے کے لئے زمین میں دم گاڑنا۔
-الشیءَ فی الشیءِ: ایک چیز کو دوسری میں داخل کرنا، پیوست کرنا۔
-الغرامُ فی قلبه: عشق کا دل میں راسخ ہو جانا۔
-السُّقْمُ فی جسده بیماری کا قرار پکڑنا۔
-بین القوم رَسًّا: صلح کروانا۔

- الشيءَ رَسًّا: کسی بات کو پرانا ہونے کی وجہ سے بھول جانا۔
- البئرَ کنواں کھودنا۔
- خبَرَ القوم لوگوں کی خبر گیری کرنا۔
- لَهٗ القوم لوگوں سے ملنا اوران کے حالات سے باخبر رہنا۔
- الميتَ مردہ کو دفنانا۔
- الشيءَ مٹی ڈالنا۔
- الحديثَ في نفسه: بات کو ذہن نشین کرنا۔ حدیث نخعی میں ہے (انّه قال: انی لاسمع الحديث فاحدّث به الخادم أرُسّه في نفسي)

(أرَسّ). داخل ہونا' جم جانا۔ کہتے ہیں أرَسّ السقمُ في جسده۔
- الشّيءَ کسی چیز کی علامت مقرر کرنا۔

(رَسْرَسَ) البعيرُ اونٹ کا اٹھنے لگنا۔

(ارتَسَّ) الخبرُ خبر کا مشہور ہونا' پھیل جانا۔

(ترَاسّوْا) الخبَرَ آپس میں خفیہ طور پر بات بتانا۔

(الأرْسُوسَةُ) ٹوپی (ج) اراسيسُ

(الرَّسُّ) دھات' کان (۲) پرانا کنواں (۳) قوم ثمود کا کنواں (۴) کسی چیز کی ابتداء۔
- به رَسُّ الحُمّٰی اسے بخار شروع ہوا ہے۔
- رَسُّ الحُبِّ محبت کا اثر۔
- رَسٌّ من الخبَرِ خبر کا ایک حصہ یا ابتدائی حصہ (ج) رِسَاسٌ۔

(الرَّسَّةُ) مضبوط ستون (۲) خبر کا ایک حصہ۔ کہتے ہیں وقعت في الناس رَسَّةٌ من الخبر لوگوں تک خبر کا ایک حصہ پہنچا۔

(الرُّسَّةُ) ٹوپی۔

(الرَّسِيْسُ) ابتداء' آغاز (۲) بقیۂ اثر' نشان۔
- به رسيسُ الحُمّٰی اس پر بخار کا اثر ہے (۳) اپنی جگہ جمی ہوئی چیز (۴) ذہین و سمجھدار۔
- ريحٌ رسيسُ المَسّ خوش گوار ہلکی ہوا۔

(رَسَعَتِ) العَيْنُ ـَ رَسْعًا آنکھ خراب ہو جانا' دونوں پلکوں کا ال جانا۔
- العضوُ عضو کا خراب اور ڈھیلا ہونا۔
- الصّبيَّ و غيرَهٗ: نظر بد سے محفوظ کرنے کے لئے بچہ کے ہاتھ یا پاؤں میں مہرے باندھنا۔

(رَسِعت) العينُ ـَ رَسَعًا رَسَعَتْ۔
- فلانٌ آنکھ خراب ہونا۔
- بِهِ الشّيُ چپک جانا' چمٹ جانا۔ هو أرْسَعُ وهي رسعاءُ (ج) رُسْعٌ۔

(رَسَّعَتْ) عينُه: آنکھ خراب ہونا۔ دونوں پلکوں کا ال جانا۔ رَسَّعَ فلانٌ بھی کہتے ہیں۔
- فلانٌ. فلاں اپنی جگہ رہا اور نہ ہلا۔
- الصّبيَّ رَسَعَهٗ۔
- الشّيَ چپکانا' چمٹانا۔

(الرِّسَاعَةُ). تلوار کے پرتلہ کا گوندھا ہوا تسمہ۔

(الرَّسِيْعُ): چپکایا ہوا (ج) رُسْعٌ۔

(المُرَسَّعُ) وہ شخص جس کی آنکھیں جاگنے کی وجہ سے پھول گئی ہوں۔

(المُرَسِّعُ). جس کی آنکھوں میں پلکیں چپکنے کی بیماری ہو۔

(المُرَسِّعَةُ) المرسِّعُ (۲) گھر میں پڑا رہنے والا آدمی۔

(المُرَسَّعَةُ). نظر بد سے بچانے کے لئے بچہ کی کلائی پر باندھا جانے والا تعویذ۔

(رَسَغَ) المطرُ ـَ رَسْغًا: بارش کا پانی ٹخنہ تک ہونا۔
- البعيرَ اونٹ کے گٹے میں رسی باندھنا۔

(رَاسَغَهٗ) مُرَاسَغَةً و رِسَاغًا کشتی میں ایک دوسرے کی کلائی پکڑنا۔

(رَسَّغَ) کشادگی کرنا۔ کہتے ہیں رَسَّغَ عليه في العيش اس کی زندگی میں آسودگی پیدا کی۔
- في الكلام ظاہری طور پر کلام کو پرکشش بنانا۔
- المطرُ ٹخنوں ٹخنوں پانی برسنا۔

(ارْتَسَغَ) على عياله اپنے اہل وعیال پر خرچ کرنے میں کشادگی کرنا۔

(الرِّسَاغُ). اونٹ یا دوسرے جانور کی اگلی ٹانگ کے گٹے میں باندھی جانے والی رسی جس کا دوسرا سرا کھونٹے سے باندھ دیا جاتا ہے۔

(الرُّسْغُ) الرّساغ (۲) کلائی (۳) ٹخنہ (ج) أرْسَاغٌ و أرْسُغٌ۔

(الرَّسَغُ) اونٹ کی ٹانگوں کا ڈھیلا پن۔

(الرَّسِيْغُ) عيشٌ رَسِيْغٌ: فراخ و آسودہ زندگی۔
- طعامٌ رسيغٌ: زیادہ کھانا۔

(المُرَسَّغُ) رأيٌ مُرَاسَغٌ: کمزور رائے' ناپختہ رائے۔

(رَسَفَ) في القيدِ ـِ رَسْفًا و رَسِيْفًا و رَسَفَانًا: بندھے ہوئے پیروں کے ساتھ آہستہ آہستہ چلنا۔

(أرْسَفَ) الإبلَ پیر باندھے ہوئے اونٹ کو ہانکنا۔

(رَسِلَ) البعيرُ ـَ رَسَلًا وَرَسَالَةً: اونٹ کا تیز رفتار ہونا۔
- الشّعرُ رَسَلًا بالوں کا گھنا اور لٹکا ہوا ہونا۔

(أرْسَلَ) الشّيَ چھوڑنا' کہتے ہیں ارسلتُ الطائرَ من يدي۔
- الكلامَ کلام کو مطلق رکھنا۔
- الرَّسُوْلَ قاصد بنا کر بھیجنا۔
- عليه مسلط کرنا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿ اَلَمْ تَرَ اَنَّآ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ تَؤُزُّهُمْ اَزًّا ﴾ أرسلَ الكلاب على الصيد کتوں کو شکار پر چھوڑنا۔

(رَاسَلَه) في عمله کسی کے کام میں ساتھ رہنا۔ جیسے رَاسَلَهٗ الغناءَ (۲) کسی کے پاس قاصد بھیجنا (۳) کسی سے خط وکتابت کرنا۔

(رَسَّلَ) في القراءة اچھی آواز اور حروف کی صحیح ادائیگی کے ساتھ پڑھنا۔ حدیث میں ہے (كان في كلامه ترسيلٌ)

(ترَاسَلَ) القومُ ایک دوسرے کی طرف قاصد یا پیغام بھیجنا۔

(ترَسَّلَ) نرمی برتنا' ٹھہر ٹھہر کر کرنا۔

-في كلامِهِ و قراءتهِ و مشيهِ: ٹھہر ٹھہر کر بولنا' پڑھنا' آہستہ آہستہ چلنا۔
-الكاتبُ مضمون نگار کا سجع بندی وغیرہ سے آزاد ہو کر لکھنا۔
-في الرّكوب. سواری پر ٹانگیں پھیلا کر بیٹھنا اور اس پر اپنا کپڑا ڈال دینا۔
-في القعود چارزانوں بیٹھ کر ٹانگوں پر اپنا کرتا وغیرہ ڈالنا۔
(اِسْتَرْسَلَ) الشَّعْرُ بالوں کا سیدھا اور لٹکا ہوا ہونا۔
-الشَّيْءُ نرم و سہل ہونا۔
-اليه، کسی سے مانوس و بے تکلف ہونا۔
-به: کسی پر اعتماد کرنا۔
(الرَّاسِلَان): دونوں مونڈھے یا ان کی رگیں۔
(الرِّسَال). اونٹ کی ٹانگیں۔ واحد: رِسْلٌ۔
(الرِّسَالَةُ). ہر بھیجی جانے والی چیز (۲) خط' پیغام (۳) کسی ایک موضوع کے متعدد مسائل پر مشتمل رسالہ یا مختصر کتاب۔ (۴) کسی فاضل یا گریجویٹ کا اعلیٰ ڈگری حاصل کرنے کے لئے تحقیقی مقالہ (محدثہ) (۵) اللہ تعالیٰ کا پیغام جو پیغمبر کے ذریعہ بندوں تک پہنچایا جائے (ج) رسائل۔
-رسالةُ الرسول: پیغام خداوندی اور وہ مجموعہ تعلیمات جس کی لوگوں کو تبلیغ کا پیغمبر کو حکم دیا جائے۔
-رسالةُ المصلح: مصلح (ریفارمر) کا مشن اور اصلاحی پیغام۔
-اُمّ رِسَالَةٍ: گدھ۔
(الرَّسْلُ): نرم اور ڈھیلی چیز۔
-شَعْرٌ رَسْلٌ: لٹکے ہوئے بال۔
-بعيرٌ رَسْلٌ: سبک رفتار اونٹنی۔
-سيرٌ رَسْلٌ. آہستہ اور ڈھیلی چال۔
(الرِّسْلُ). نرمی' توقف جیسے افعل كذا على رسلك: اس کام کو آہستگی اور توقف سے کرو جلدی نہ کرو (۲) دودھ۔
(الرَّسَلُ) اونٹوں اور بکریوں کی قطار' ریوڑ (۲) لوگوں کی جماعت۔ (ج) اَرْسَالٌ - جاءَت الخيلُ والابل ارسالاً اونٹ اور گھوڑے گروہ در گروہ آئے۔
- جَاءَ القومُ أَرْسَالاً لوگ گروہ در گروہ آئے۔
(الرُّسُلُ) چھوٹی لڑکی جو اپنی اوڑھنی نہ لیتی ہو۔
(الرَّسْلَةُ) رَسْلٌ کی تانیث (۲) نرمی و فراخی جیسے۔ هم في رسلةٍ من العيش (۳) کاہلی و سستی (۴) وہ عورت جس کی پنڈلیوں پر لمبے بال ہوں۔
(الرِّسْلَةُ): نرمی۔ صبر و توقف کہتے ہیں: افعل كذا على رسلتك - جاءُوا رِسلةً رِسلةً: وہ گروہ در گروہ آئے۔
(الرَّسُوْلُ): قاصد' پیغمبر (مذکر' مونث' واحد' جمع کے لئے) قرآن مجید میں ہے: ﴿إِنَّا رَسُوْلُ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾ اس کی جمع رُسُلٌ اور اَرْسُلٌ بھی آتی ہے (۲) پیغام (۳) وہ فرشتہ جو اللہ کی طرف سے پیغام لے کر آئے (۴) وہ شخص جو اللہ کی طرف سے شریعت لے کر آئے اور خود اس پر عمل پیرا ہو کر دوسرے کو اس کی تبلیغ و تلقین کرے۔
(الرَّسِيْلُ): الرّسول (۲) المُرَاسِل (۳) کشادہ (۴) آسان' سہل (۵) معمولی چیز (۶) میٹھا پانی۔
(الرُّسَيْلَةُ): القى الكلامَ على رُسَيْلاته: بے سوچے سمجھے کلام کرنا۔
(المُرَاسِلُ): وہ عورت جو پیغام نکاح دینے والوں سے خط و کتابت کرے (۲) وہ عورت جسے اس کے خاوند نے طلاق وغیرہ کے ذریعہ چھوڑ دیا ہو۔ (۳) وہ عورت جس کی پنڈلیوں پر لمبے بال ہو۔ (۴) ایسی عمر رسیدہ عورت جس میں جوانی کے آثار باقی ہوں!
- مراسل الصحيفة: اخبار کا نامہ نگار۔ (محدثة)
(المِرْسَالُ): الرّسول (۲) تیز رو اور سبک رفتار اونٹنی (ج) مَرَاسِيْلُ۔
(المُرْسَلُ) اصطلاح محدثین میں وہ حدیث جس کی سند سے اس صحابی کو حذف کر دیا گیا ہو جس سے حدیث لی گئی ہو مثلاً کوئی تابعی یوں کہے۔ قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اور اس صحابی کا نام ذکر نہ کرے جس سے روایت لی گئی ہو۔
-نَثْرٌ مُرْسَلٌ وہ آزاد نثر جس میں سجع و قافیہ کی پابندی نہ ہو۔
-شِعْرٌ مُرْسَلٌ: وہ شعر جس میں ایک قافیہ کی پابندی نہ ہو۔
(المُرْسلات) (في القرآن) فرشتے (۲) ہوائیں (۳) گھوڑے۔
(المُرْسَلَةُ): تانیث المرسل (۲) سینہ پر پڑا ہو لمبا ہار۔
(رَسَمَتِ) الناقةُ اونٹنی کا تیز دوڑنا (۲) تیز دوڑنے کی وجہ سے زمین پر نشان ڈالنا۔
-فلانٌ ـُ رَسْمًا و رَسَمَانًا خوبصورت چال چلنا۔
-نَحْوَهُ رَسْمًا. کسی کی طرف لپک کر جانا۔
-في الارض زمین میں غائب ہو جانا۔
-على الورق: کاغذ پر نقشہ بنانا۔
-للبناءِ عمارت کا نقشہ بنانا' علامت لگانا۔
-الكتاب. لکھنا۔
-الحَبَّ بالرَّوْسَمِ غلہ وغیرہ کی بوریوں پر کٹے ہوئے ٹین کے ذریعہ نام چھاپنا۔
-له كذا. حکم دینا۔
-له بكذا: کسی کے لئے کوئی فرمان جاری کرنا (مو)
-الغيثُ الدِّيارَ. بارش کا مکانات یا بستیوں کو مٹا کر ان کے نشانات چھوڑ دینا۔
-الاسقفُ فلانًا: پادری کا کسی کو کنیسہ کے درجات میں سے کوئی درجہ دینا۔
(اَرْسَمَ) الناقةَ اونٹنی کو تیز چلنے پر اکسانا۔
(رَسَّمَ) الثوبَ: کپڑے پر ہلکی دھاریاں ڈالنا۔
(ارْتَسَمَ) تعمیل حکم کرنا۔ ارتسمُ مراسمك میں تیرے حکم کی تعمیل کروں گا۔

-فلانٌ اللہ اکبر کہہ کر تعوذ پڑھنا اور دعا کرنا۔
-المسیحیُّ: عیسائی کا کہنوت کے درجہ میں ترقی پانا۔
(تَرَسَّمَ) تعمیر کا نقشہ سوچنا کہ کہاں کھدائی کی جائے اور کہاں چنائی کی جائے۔
-الرَّسْمَ نشان یا نقشہ کو دیکھنا۔
-المنزلَ مکان کے ڈیزائن پر غور کرنا۔
- القصیدۃَ نظم یا قصیدہ کی ساخت پر غور کرنا کہ وہ کیسا ہے' کس طرح ہے۔
-الشیئَ نامکمل طور پر کسی چیز کو یاد کرنا۔
(الرَّاسِمُ) جاری پانی (ج) رواسِمُ۔
(الرَّاسُوْمُ) وہ مہر جو مٹکے کے اوپر لگائی جاتی ہے (ج) رواسِیْمُ۔
(الرِسَامَۃُ) نقشہ سازی (مج)
(الرَّسَّامُ) نقشہ نویس' مصور' نقاش۔
(الرَّسْمُ): نشان' آثار۔ شاعر کہتا ہے:
رسم دار وقفت فی طللہ
کدت اقضی الحیاۃ من جللہ
(۲) علم منطق کے مطابق کسی چیز کی وہ تعریف جو اس کے خصائص کے ساتھ کی جائے (۳) ٹیکس' محصول' فیس جیسے رسم البرید ڈاک کی فیس۔
- رسم القضایا مقدمات کی فیس (محدثہ)
(۴) کسی شے کا قلمی خاکہ یا تصویر۔
-الرسم البیانی دو یا زیادہ متغیر چیزوں کے درمیان ربط پیدا کرنے والا خط۔
-الرسم التقریبی کسی چیز کی وہ اجمالی شکل یا خاکہ جس میں اس کی کچھ علامات واضح کی گئی ہوں' مکمل تصویر نہ ہو (ج) اَرْسُمٌ وَرُسُوْمٌ (مج)
(الرَّسَمُ) خوبصورت چال۔
(الرَّسْمِیُّ) سرکاری' ضابطہ کا' قانونی۔
-رجلٌ رسمیٌّ سرکاری نمائندہ۔
-الورقۃ الرسمیۃُ سرکاری رپورٹ جس میں افسر متعلقہ اپنے حدود و اختیارات میں انجام پذیر ہونے والے کاموں کی تفصیل لکھتا ہے۔
العقود الرَّسمیۃُ سرکاری معاہدات و معاملات جو افسران متعلقہ اپنے حدود اختیار میں طے کرتے ہیں (مج)۔
(الرَّسُوْمُ): ایک دن اور ایک رات چلتے رہنے والا شخص (۲) وہ اونٹنی جس کے سخت قدموں کے نشان پڑ جائیں (ج) رُسُمٌ۔
(الرَّوْسَمُ): مصیبت (۲) سکوں کو چمکانے کا مسالا (۳) وہ تختی جس میں حروف کاٹ کر تھیلوں وغیرہ پر رکھ کر رنگ کا برش پھیر دیتے ہیں جس سے کٹے ہوئے حروف کی جگہ رنگین نقوش نیچے آ جاتے ہیں اور ایک قسم کی لہر لگ جاتی ہے (ج) رَوَاسِمُ۔
(المَرْسَمُ): اسکولوں میں ڈرائنگ کا کمرہ' کمرہ نقاشی۔
(المَرْسُوْمُ): سرکاری حکم' فرمان حکومت سرکلر۔
-المرسومُ بقانون: قانونی فرمان' آرڈیننس (ج) مَرَاسِیْمُ و مَرَاسِمُ (مج)۔
(رَسَنَ) الدابۃَ ـُـ رَسْنًا: جانور کے سر پر اس کی لگام یا نکیل کو باندھ دینا (۲) جانور کو چرنے کے لئے آزاد چھوڑ دینا۔
(اَرْسَنَ) الدابۃُ جانور کا فرماں بردار اور قابو میں ہونا۔
-فلانٌ بعد الطِماح: کسی کا دماغ دار ہونے کے بعد زیر ہو جانا۔
-الدابّۃَ جانور کے گلے میں رسی ڈالنا (۲) چرنے کے لئے آزاد چھوڑنا۔
(الاَرْسانُ) من الارضِ: سخت ٹھوس زمین۔
(الرَّاسَنُ) ناک سے بندھی ہوئی لگام۔
-رُمِیَ بِرَسَنِہٖ علی غاربِہٖ: اس کی رسی اس کے کندھے پر ڈال دی گئی یعنی اسے آزاد چھوڑ دیا گیا (ج) اَرْسَانٌ و اَرْسُنٌ۔
(المَرْسِنُ) ناک (۲) ناک کا وہ حصہ جس میں رسی باندھی جاتی ہے۔ فعلتُ ذٰلک عَلٰی رَغْمِ مَرْسَنِہٖ: میں نے یہ بات اسے قابو کر کے کی۔
سَلِسُ مَرْسِنُہٗ: وہ فرماں بردار ہے (ج) مَرَاسِیْنُ۔
(رَسَا) الشیُٔ ـُـ رَسْوًا و رُسُوًّا جم جانا' مضبوطی سے قائم رہنا۔
-الجبلُ: پہاڑ کا زمین میں گڑا ہوا ہونا۔
-رَسَتْ قَدَمُہٗ لڑائی وغیرہ میں پیر جمنا۔
-رَسَتِ السفینۃُ کشتی یا جہاز کا لنگر انداز ہونا۔
-بین القومِ رَسْوًا: صلح کروانا۔
-لَہٗ رسوًا من الحدیث: بات کا ایک ٹکڑا ذکر کرنا۔
-عنہُ الحدیثَ: کسی سے روایت کرنا' حدیث نقل کرنا۔
- الحدیثَ فی نفسِہٖ: دل میں کوئی بات آنا۔
(اَرْسَی) الشیُٔ: جمنا' ٹھہرنا' ثابت ہونا۔ کہتے ہیں اَرْسَتِ السفینۃُ: کشتی کا لنگر انداز ہونا۔
-الشیَٔ: ثابت کرنا' جمانا' ٹھہرانا۔ کہتے ہیں "اَرْسَیْتُ السفینۃَ"۔
-الوتد فی الارضِ: زمین میں میخ یا کھونٹی گاڑنا۔
(الرَّاسِی) جما ہوا' راسخ' ثابت۔ (ج) رواسی۔
(الرَّاسِیَۃُ) تانیث الراسی (۲) ایک جگہ گڑی ہوئی دیگ جس کو منتقل کرنا آسان نہ ہو۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَجِفَانٍ کَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِیٰتٍ﴾
(الرَّسْوُ) بات کا حصہ' ٹکڑا۔
(الرَّسْوَۃُ) ہاتھ میں پہننے کا کھلا ہوا کنگن جسے بند نہ کیا جاتا ہو (۲) مہروں کا بنا ہوا کنگن (ج) رَسَوَاتٌ۔
(الرَّسِیُّ) خیمہ کے بیچ میں گڑا ہوا ستون (۲) خیر و شر میں ثابت قدم۔
(المُرْسَی) ساحل پر کشتی یا جہاز کے لنگر انداز ہونے کی جگہ' بندرگاہ (ج) مَرَاسٍ۔
(مُرْسَی المزادِ) نیلامی میں جس پر بولی ختم ہو جائے اور وہ خریداری کا مستحق قرار پائے۔
(المِرْسَاۃُ) لنگر جس سے جہاز یا کشتی کو ساحل

پر روک کو کھڑا کیا جائے (ج) مَراسٍ۔
-اَلْقَى القوم مراسِيَهم: لوگوں نے قیام کر لیا۔
-اَلْقَى السحابُ مراسِيَهُ: بادلوں نے ایک جگہ خوب جم کر برسا۔

ر......ش

(رَشَأَت) الظبيةُ ـَ رَشْئًا. ہرنی کا بچہ جننا۔
(الرَّشَأُ) ہرن کا بچہ جب وہ اس کے ساتھ چلنے پھرنے کے قابل ہو جائے۔ (ج) اَرْشاء (۲) قد آدم سے اونچا ایک درخت جس کے پتے ارنڈ جیسے ہوتے ہیں اس پر نہ پھل آتا ہے نہ اسے کھایا جاتا ہے (۳) ایک قسم کی گھاس جس کے ذریعہ چمڑے کو دباغت دی جاتی ہے۔ واحد: رَشَاةٌ۔
(الرُّشْتَةُ): دودھ وغیرہ میں پکی ہوئی روغن دار آٹے کی سوکھی پٹیاں۔
(رَشَحَ) العرقُ ـَ رَشْحًا و رَشَحَانًا: پسینہ بہنا، پسینہ ٹپکنا۔
-الجسدُ: جسم پر پسینہ آنا۔ رشح الجسدُ عرقًا بھی کہتے ہیں۔
-رَشَحَتِ القربةُ بالماء: مشکیزہ سے پانی ٹپکا۔
-لم يَرْشَحْ له بشيءٍ: اس نے کچھ نہیں دیا۔
-الظبيُ و نحوُه رَشْحًا و رشوحًا: ہرنی کے بچہ کا پہلی بار اس کے ساتھ چلنا (۲) طاقتور ہو کر چلنا (۳) اچھلنا کودنا۔
(اَرْشَحَ): رَشَحَ۔
-الاُمُّ ماں کے ساتھ بچہ کا چلنا۔
(رَشَّحَه): پرورش کرنا، نشو ونما دینا۔
-لِلشّيءِ: تیار کرنا، اہل و لائق بنانا۔ حدیث خالد بن ولید رضی اللہ عنہ میں ہے (انّه رَشَّحَ ولدَهُ لولاية العهد)
-فلانًا للوظيفةِ او لعضويةِ كذا: کسی کو ملازمت یا رکنیت کا امیدوار بنوانا۔
-الاُمُّ ولدها ماں کا بچہ کو چلنا سکھانا۔
-الاُمُّ الرضيعَ باللبن: دودھ پیتے بچہ کو چلنے کے قابل اور طاقتور بنانا۔
-الدابةُ المولود جانور کا پیدائش کے بعد نو مولود بچہ کے جسم کی آلائش چاٹنا۔
-الماشيةَ و نحوَها: مویشیوں کی اچھی نگرانی کرنا۔
-السائلَ: فلٹر وغیرہ کے ذریعہ سیال چیزوں کو صاف کرنا (محدثہ)
(تَرَشَّحَ) العرقُ: پسینہ بہنا۔
-ولدُ الظبية ہرن کے بچہ کا ماں کے ساتھ چلنے کے قابل ہونا۔
-فلانٌ لكذا. کسی چیز کا اہل و لائق ہونا۔
(اِسْتَرْشَحَ) النبتُ: پودے یا روئیدگی کا بڑھنا۔
-الصغيرَ و النباتَ: پرورش کر کے بڑا کرنا۔
-النبتَ: پودے کی حفاظت و پرورش کے لئے اس کے بڑے ہونے کا انتظار کرنا۔
(التَّرْشِيحُ): علم بیان کی اصطلاح میں استعارہ ترشیحیہ وہ ہے جس میں مشبہ بہ کے ساتھ اس کے مناسب (خاص وصف) کا ذکر کیا جائے (۲) پانی وغیرہ کو صاف کرنا (ج) (۳) علم کیمیا میں سیال چیزوں میں ملے ہوئے ٹھوس اجسامی مادوں کو الگ کرنے کا عمل ہے۔
-ورقةُ الترشيح: مساماتی کاغذ، جس پر پالش نہ کی گئی ہو۔ جسے پانی یا عرق کو ٹپکا کر صاف کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہو (مج)
(الارتشاحُ): (الارتشاح النَّشْوَانِيّ) کمزور یا بیمار نسیج میں نیم نشہ آور مادہ کا جم جانا (مج)
(الرَّاشِحُ): ہر ٹپکنے والی چیز (ج) رَوَاشِحُ (۲) زمین پر چلنے اور رینگنے والا کیڑا مکوڑا (۳) علم کیمیاء میں وہ صاف شفاف سائل جو عمل ترشح کے بعد حاصل ہو (مج)
(الرَّشْحُ): پسینہ یا پسینہ کی طرح ٹپکنے والی چیز۔ حدیث قیامت میں ہے (حتى يبلغَ الرَّشْحُ اذانهم)
(الرَّشُوحُ) بِئْرٌ رَشُوحٌ چلتا ہوا کنواں جاری کنواں۔
(الرَّشِيحُ): پسینہ وغیرہ (۲) زمین کی روئیدگی پودے یا گھاس وغیرہ۔
(المِرْشَحُ) زمین کے نیچے ڈالا جانے والا نمدہ (۲) کرتہ یا بنیان جو کرتے کے نیچے پسینہ جذب کرنے کے لئے پہنا جائے (ج) مَرَاشِحُ۔
(المِرْشَحَةُ) المِرْشَحُ (ج) مَرَاشِحُ۔
(المُرَشِّحُ) قطرے قطرے ٹپکا کر صاف کرنے کا آلہ۔
(رَشَدَ) ـُ رُشْدًا ہدایت پانا۔ هو راشِدٌ۔
(رَشِدَ) ـَ رَشَدًا و رَشَادًا ہدایت پانا۔ هو رَشِيدٌ۔
-امرُهُ: معاملہ درست ہونا، اس میں کامیاب ہونا۔
(اَرْشَدَهُ) راستہ دکھانا، رہنمائی کرنا، ہدایت دینا۔
-القاضي الصبيَّ: قاضی کا بچہ کو شرعاً بالغ و مکلف قرار دینا۔
(اِسْتَرْشَدَ) له. راہنمائی حاصل ہونا، راستہ پانا۔
-فلانًا: کسی سے راہنمائی حاصل کرنا، ہدایت چاہنا۔
(الترشيدُ) قاضی کا بچہ کو بالغ قرار دینے کا فیصلہ۔
(الرَّاشِدُ): راہ حق پر سختی سے قائم رہنے والا۔ جیسے الخلفاء الرَّاشدون۔
(الرَّشَادُ) کاہو کا درخت جس کا روغن استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ فصیلہ صلیبیہ میں سے ہے۔
(الرَّشَادَةُ) ہاتھ میں آ جانے کے بقدر پتھر (ج) الرَّشَادُ۔
(الرُّشْدُ) (فقہائے اسلام کے نزدیک) دین میں راست روی کے ساتھ حد تکلیف کو پہنچنا اور دینے مال کو انتظام و انصراف کرنے کے لائق ہونا (۲) (قانون کی اصطلاح میں) سن بلوغ کو پہنچنا اور اپنے کاموں کو خود انجام دینے کے لائق ہونا۔
(الرِّشْدَةُ) هو ولد رِشدةٍ و لِرِشْدةٍ وہ صحیح

النسب ہے یا صحیح نکاح سے پیدا ہوا ہے۔
حدیث میں ہے (من ادّعٰی ولدً الغیر
رَشدَۃٍ فلا یرث ولا یورثُ)
(الرَّشیدُ) اللہ تعالیٰ کا نام (۲) صحیح اندازہ
کرنے والا (۳) ہدایت یافتہ (۴) عاقل و
بالغ (مو) وھی رشیدۃ۔
(الرَّشیدیۃُ) الرشتۃ (دیکھئے الرشتۃ)
(المَراشِدُ) مقاصد ومطالب (۲) سیدھے
راستے (۳) راہنما سپاہی (محدثۃ)
(رَشْرَشَ) ڈھیلا ہونا۔
- البعیرُ اونٹ کا اچھی طرح بیٹھنے کے لئے
سینہ سے زمین کوٹٹولنا۔
(ترَشْرَشَ) ٹپکنا' بہنا' بکھرنا۔
-الشِّواءُ بھنے ہوئے گوشت کی چکنائی ٹپکنا۔
(الرَّشْرَاشُ) نرم وملائم خستہ۔
-خبزٌ رَشْرَاشٌ خستہ روٹی۔
-عَظْمٌ رراشٌ نرم ہڈی۔
-شِواءٌ رَشْرَاشٌ بھنا ہوا فربہ گوشت جس
سے پانی یا چربی ٹپک رہی ہو۔ کہتے ہیں خبزۃٌ
رشراشۃ۔
(الرَّشْرَشُ) خستہ روٹی۔وھی رَشرشۃٌ۔
واحد خبزۃ رشرشۃٌ۔
(رَشَّتِ) السماءُ ـُ رَشًّا آسمان سے پانی
برسنا یا بوندیں آنا۔ جاءت بالرشِّ بھی کہتے
ہیں۔
- العینُ آنکھ سے آنسو بہنا۔ اَرْضٌ
مَرْشوشۃٌ بارش سے تر زمین۔
- البیتَ والثّوبَ پانی چھڑکنا۔ رَشَّ علیہ
الماءَ بھی کہتے ہیں۔
-الطریقَ پانی چھڑکنا۔
(اَرَشَّتِ) السماءُ رَشَّتْ۔
- الطعنۃُ و نحوُھا نیزہ وغیرہ کا خون بہانا
اور پھیلا دینا۔
- الفرسَ و نحوہٗ گھوڑے وغیرہ کو دوڑا کر
پسینہ نکال دینا۔
- الفصیلَ اونٹ کے بچہ کی دم کو ملنا تا کہ وہ
۵۰۱۱۱ پیشہ۔

(ترَشَّشَ) السائلُ سیال چیز کے چھینٹے اڑنا۔
(استرَشَّ) الفصیلُ للرّضاعِ اونٹ کے
بچہ کا اپنی ماں کی دونوں رانوں کے درمیان
دودھ پینے کے لئے گردن لمبی کرنا۔
(الرَّشاشُ) چھینٹیں۔واحد رشاشۃٌ۔
(الرَّشُّ) چھینٹیں (۲) پھوار (ج) رِشاش۔
(الرَّشَّاشُ): المِدفعُ الرشّاشُ: مشین گن
(جو لگا تار گولیاں برسائے)(ج)
(المُرِشُّ) شواءٌ مُرِشٌّ: بھنا ہوا گوشت جس
سے چربی یا روغن ٹپک رہا ہو۔
(المِرَشَّۃُ) پانی وغیرہ چھڑکنے کا آلہ (ج)
مَرَاشُّ۔
(رَشَفَ) الماءَ و نحوَہٗ ـُ رَشْفًا و رَشِیفًا:
پانی وغیرہ کو ہونٹوں سے چوسنا۔ کہاوت ہے:
(الجَرْعُ اَرْوٰی و الرَّشْفُ اَنْقَعُ) گھونٹ
بھرنے سے سیرابی ہوتی ہے اور چسکی سے
صرف تری ہوتی ہے۔
-الإناءَ برتن کا پورا پانی پی لینا۔
(رَشِفَہ) ـَ رَشْفًا و رَشَفَانًا رَشَفَہ۔
(اَرْشَفَ) الماءَ رَشَفَہ۔
(ارتَشَفَہ) چوسنا' چسکی لینا۔
(ترَشَّفَہ) خوب چوسنا' مزے لے لے کر
چوسنا۔
(الرُّشْفۃُ) کسی سیال چیز کی تھوڑی سی مقدار
جسے ہونٹوں سے چوس لیا جائے۔
-حوضٌ رَشْفٌ خالی حوض۔
(الرَّشَفُ) الرَّشْفُ۔
(الرَّشُوفُ) امراۃٌ رَشوفٌ خوشبودار منہ
والی عورت۔
- ریقٌ رَشُوفٌ خوشبودار لعاب۔
(الرَّشِیفُ) حوضٌ رَشِیفٌ خالی حوض۔
(المَرْشَفُ) چوسنے کی جگہ (ج) مَرَاشِفُ۔
(رَشَقَہ) ـُ رَشْقًا تیر مارنا۔
-ببصرہٖ کسی کو گھور کر دیکھنا۔
-بلسانہٖ زبان درازی کرنا۔
-بالقلمِ قلم کا لکھتے وقت آواز لکالنا۔
(رَشُقَ) ـُ رَشَاقۃً خوش قامت ہونا۔

خوبصورت ہونا' خوش نما قد و قامت والا ہونا۔
-فی عملہٖ چاق وچوبند اور پھرتیلا ہونا۔
ھو رَشِیقٌ رجلٌ رَشِیقٌ خوش طبع آدمی۔
خطٌّ رشیقٌ خوش نما لکھائی (ج) رَشُقٌ
وھی رَشیقۃٌ۔
-فتاۃٌ رشیقۃُ القوامِ نازو اندام والی لڑکی۔
-قوسٌ رشیقۃٌ تیز تیر پھینکنے والی کمان (ج)
رِشاقٌ۔
(اَرْشَقَ) نگاہ اٹھا کر گھورنا۔
-الرّامیُ تیر انداز کا ایک بار تیر چلانا۔
- الظبیۃُ ہرنی کا گردن کو لمبا کرنا۔ ھی
مُرْشِقٌ۔
-الشیَٔ تیر مارنا' پتھر مارنا۔
-الیہ النَّظَرَ گھور کر دیکھنا۔
(رَاشَقَہ) ساتھ ساتھ چلنا۔
کہتے ہیں: رَاشَقَنِی مَقْصَدِیْ: اس نے میری
منزل تک چل کر جانے میں میرا مقابلہ کیا۔
(ترَاشَقَ) القومُ لوگوں کا ایک دوسرے کو تیر
مارنا۔
- تراشقوا بالسنتھم ایک دوسرے پر لعن
طعن کرنا۔
-تراشقوہُ باعینھم ان سب نے اسے گھور
کر دیکھا۔
(ترَشَّقَ) فی الامرِ کسی کام میں تیز اور پھرتیلا
ہونا۔
(الأَرْشَقُ) جِیدٌ اَرْشَقُ سیدھی کھڑی
گردن۔
(الرَّشْقُ) تیز تیر پھینکنے والی کھڑی کمان۔
(الرِّشْقُ) تیراندازی کا ایک راؤنڈ (۲) تیر
پھینکنے کا آلہ کمان وغیرہ (۳) لکھتے وقت قلم
چلنے کی آواز (ج) ارشاقٌ۔
(رَشَمَہ) ـُ رَشْمًا لکھنا' نقش بنانا۔
-الیہ و علیہ لکھنا۔
- الحبوبَ المجموعۃَ غلہ کے ڈھیر پر
حفاظت کا نشان لگانا' مہر لگانا۔
(رَشِمَ) ـَ رَشَمًا نشان دار اور دھار دار ہونا۔
ھو اَرْشَمُ وھی رَشْماءُ (ج) رُشْمٌ۔

(أَرْشَمَ) الشجرُ درخت کا پتے اگانا۔
-الارضُ زمین پر روئیدگی ابھرنا۔
- المهاةُ جنگلی گائے کا ہریالی دیکھ کر اسے چرنا۔
-البرقُ ہلکی بجلی چمکنا۔
(ارتَشَمَ) برتن پر مہر لگانا۔
(الارشَمُ). داغ دار' دھبوں والا (۲) کتا (۳) ناگوار' تھوڑی بارش (۴) طفیلی جو کھانے کی خوشبو سونگھنے اور اسے کھانے کا حریص ہو (ج) رُشْمٌ۔
-غَيْثٌ أَرْشَمُ: ناکافی اور غیر مفید بارش۔
-عامٌ أَرْشَمُ: کم پیداوار کا سال۔
(الرَّاشُومُ) مہر' چھاپا (ج) رواشیمُ۔
(الرَّشَمُ). اثر' نشان (۲) زمین پر نمودار ہونے والی ابتدائی روئیدگی (ج) أَرْشَامٌ۔
(الرَّوْشَمُ) ابتدائی روئیدگی (۲) غلہ وغیرہ پر لگانے کی مہر یا وہ تختی جس میں حروف کو کاٹ کر رنگ سے نشان ڈالا جائے۔ جیسے غلہ کی بوریوں وغیرہ پر لگاتے ہیں (ج) رواشم۔ (دیکھئے: الرَّوسَمُ)
(المِرْشَمُ) الارشَمُ (ج) مَرَاشِمُ۔
(رَشَنَ)- رَشْنًا و رُشُونًا. ہر برے کام میں گھسنا (۲) طفیلی بننا' بن بلائے مہمان بننا (۳) کتے وغیرہ کا منہ یا سر برتن میں داخل کرنا تا کہ برتن میں موجود شے کھا سکے۔
(الرَّاشِنُ) کھانے کی خوشبو سونگھنے والا اور کھانا کھانے کی تاک میں رہنے والا (۲) کاریگر کے شاگرد کو دیا جانے والا وظیفہ۔
(الرَّوْشَنُ) پانی نکلنے کا دہانہ یا سوراخ نہر کا وہ حصہ جہاں سے پانی سیرابی کے لئے لیا جائے۔
(الرَّوْشَنُ) دیوار میں لگی ہوئی الماری (۲) طاق (۳) گیلری' مچان' بالکنی (ج) رَوَاشِنُ۔
(رَشَا) الفرخُ - رَشْوًا چوزہ کا اپنی ماں کی طرف سر بڑھانا۔
-فلانًا. رشوت دینا۔
(أَرْشَى) الشجرُ والحنظلُ. حنظل وغیرہ کے درختوں پر رسی کے مانند لمبی شاخیں نکلنا۔
- القومُ فی دمِ فلانٍ کسی کے خون میں شریک ہونا۔
-بسلاحِهم فيه لوگوں کا کسی پر ہتھیار اٹھانا۔
- الدَّلْوَ و نحوَها: ڈول وغیرہ میں رسی باندھنا۔
-الفصيلَ اونٹ کے بچہ کو دودھ پلانا۔
(رَاشَاهُ) مدد کرنا (۲) پشت پناہی کرنا۔ میل جول رکھنا (۳) نرمی اور دلداری کرنا۔
(ارتشي). رشوت لینا۔
-منه رشوةً: رشوت لینا۔
(تَرَشَّاهُ): نرم بنانا' ہمدردی حاصل کرنا۔ جیسے حاکم کو رشوت دے کر حاصل کی جاتی ہے۔
(استَرْشَي): رشوت مانگنا۔
-فی حُكْمِهِ: اپنے کسی فیصلہ پر رشوت طلب کرنا۔
-لَه کسی کی مرضی کے مطابق چلنا۔ اطاعت کرنا۔
- الفصيلُ: اونٹ کے بچہ کا دودھ کی خواہش کرنا۔
-مافی الضَّرعِ تھن میں موجود دودھ کو نکالنا۔
(الرِّشاءُ) رسی' ڈول کی رسی (۲) حنظل اور یقطین کا دھاگا (۳) چاند کی منزلوں میں سے آخری منزل' حوت میں ایک روشن ستارہ۔ اسے بطن حوت بھی کہتے ہیں (ج) أَرْشِيَةٌ۔
(الرَّشَاةُ) ایک دست آور بوٹی (ج) رَشًا۔
(الرِّشْوَةُ): رشوت' وہ رقم جو ابطال حق یا احقاق باطل یا اپنے مفاد کو پورا کرنے کے لئے کسی کو دی جائے (ج) رُشًا۔

ر.........ص

(الرَّصَبُ) بیچ کی انگلی اور شہادت کی انگلی کے درمیان کی جڑ۔
(رَصَدَهُ)- رَصْدًا و رَصَدًا. کسی کی تاک میں لگنا' نگاہ رکھنا۔
-النجمَ ستاروں کو دیکھنا' تاکنا۔
(رُصِدَتِ) الارضُ رَصْدًا زمین پر بارش کا ڈونگرہ پڑنا۔ ـهی مرصودةٌ۔
(أَرْصَدَتِ) الارضُ. زمین میں معمولی گھاس اور نمی ہونا جس سے مزید آئندہ اگنے کی امید ہو۔ یعنی زمین کا متوقع روئیدگی والا ہونا۔
- الشئَ لَه. تیار کرنا۔ جیسے أَرْصَدَ الجيشَ للقتالِ و الفرسَ للطِّرادِ۔
- لَه بالخيرِ و الشَّرِّ. اچھائی یا برائی کا بدلہ دینا۔
-الحِسَابَ: حساب پیش کرنا۔
(رَاصَدَهُ) نگرانی کرنا' تاک لگانا۔
(ارتَصَدَهُ). انتظار میں رہنا' نگاہ رکھنا۔
(تَرَاصَدَا): ایک دوسرے پر نگاہ رکھنا۔
(تَرَصَّدَهُ) ولَه: تاک میں رہنا' گھات میں لگنا' نگرانی کرنا۔
(الرَّاصِدُ): نگہبان' محافظ' رقیب (۲) ماہر موسمیات' ستاروں کو دیکھنے والا (۳) شیر (ج) رَصَدٌ و رُصَّادٌ وهی راصدةٌ۔
-حَيَّةٌ راصِدَةٌ تاک میں رہنے والا سانپ
(الرَّصْدُ). بارش کے بعد ہونے والی بارش۔ واحد رَصدَةٌ۔
(الرَّصَدُ). راستہ (۲) تھوڑی سی گھاس۔ (۳) تھوڑی سے بارش یا بارش کے بعد ہونے والی بارش (۴) نگاہ رکھنے والا' نگہبان۔ قرآن مجید میں ہے ﴿فَمَنْ يَسْتَمِعِ الْآنَ يَجِدْ لَهُ شِهَابًا رَّصَدًا﴾ و ﴿فَإِنَّهُ يَسْلُكُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ رَصَدًا﴾ اس میں واحد تثنیہ جمع اور مذکر مونث برابر ہیں۔ لیکن کبھی اس کی جمع أَرْصَادٌ بھی آتی ہے (۵) ماہرین فلکیات کی اصطلاح میں رَصَد اس مقام کو کہتے ہیں۔ جہاں کواکب کی حرکات کا تعین کیا جاتا ہے (ج) أَرْصادٌ۔
(الرَّصْدَةُ) ایک دفعہ کی بارش (ج) رِصادٌ۔
(الرُّصْدَةُ). تلوار کے پرتلہ کا چاندی وغیرہ کا حلقہ (۲) ٹیلہ' اونچی جگہ۔ (ج) رُصَدٌ۔
(الرَّصَدِيُّ) لٹیرا جو لوٹ کھسوٹ کے لئے راہ گیروں کی گھات میں بیٹھا رہے۔
(الرَّصِيدُ) گھات لگانے والا سبعٌ رَصيدٌ حملہ کے لئے داؤ لگانے والا درندہ۔

-حیَّۃٌ رصیدٌ راہ گیروں کی تاک میں رہنے والا سانپ (۲) محفوظ سرمایہ (بیلنس یعنی بنک میں امانتدار کا باقی ماندہ سرمایہ) (مو)
(۳) اقتصادیات کی اصطلاح میں وہ سونا جو جاری کردہ نوٹوں کے زرِ ضمانت کے طور پر سرکاری خزانہ میں موجود ہو (مج)
(المِرْصَادُ) نگرانی کا راستہ یا جگہ تاک یا گھات لگانے کا راستہ یا جگہ۔ قرآن مجید میں ہے۔ ﴿ اِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ﴾ هولك بالمرصاد: وہ تمہاری تاک میں ہے (ج) مَرَاصِید۔
(المَرْصَدُ) انتظار، نگرانی، گھات کی جگہ یا راستہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ﴾ (۲) رصدگاہ، ستاروں کی گردش دیکھنے کی جگہ (ج) مَرَاصِدُ۔
(رَصْرَصَ) في المكان: کسی جگہ جمے رہنا۔
-الشيءَ: ایک چیز کو دوسری میں ملا کر مضبوط کرنا۔
(الرَّصْرَاصَةُ) سخت زمین (۲) جاری چشمہ کے اردگرد جمے ہوئے پتھر۔
(رَصَّہ) - رَصًّا ایک دوسرے سے ملانا۔
هو مرصوصٌ و رصیصٌ۔ قرآن مجید میں ہے ﴿ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ﴾
(۲) سیسہ پلانا یا سیسہ کی پالش کرنا۔
(رَصَّ) - رَصَصًا ایک دوسرے سے ملنا، قریب ہونا۔
-الاسنانُ دانتوں کا ترتیب کے ساتھ ملا ہوا ہونا۔ هو أرَصُّ وهي رَصَّاءُ (ج) رُصٌّ۔
(رَصَّصَ) سوال میں اصرار کرنا۔
-المرأةُ نقاب یا پردہ ڈال کر صرف آنکھیں کھلی رکھنا۔
-النقابَ عورت کا نقاب کو اتنا قریب کرنا کہ صرف آنکھیں دکھائی دیں۔
-الشيءَ سیسہ چڑھانا یا سیسہ کا بنانا (۳) برتن وغیرہ پر قلعی کرنا۔

(اِرتَصَّتِ) الاشیاءُ: چیزوں کا باہم ملنا۔
(تَرَاصَّتِ) الاشیاءُ: اِرتَصَّتْ۔
-القومُ لوگوں کا لڑائی یا نماز میں ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کھڑے ہونا۔
(تَرَصَّصَتِ) الاشیاءُ: اِرتَصَّتْ۔
(الأرْصُوصَةُ): ایک قسم کی ٹوپی (ج) اراصیص۔
(الرَّصَاصُ): سیسہ (ایک دھات) (ج) (۲) بندوق کی گولی وغیرہ۔
-اطلق علیه الرصاص: گولی چلانا (محدثہ)
-قلمِ الرصاص: پنسل (محدثہ)
(الرَّصَاصِيُّ): سیسہ کے رنگ کا (سلیٹی رنگ کا) سیسہ کا، سیسہ جیسا۔
-المغص الرصاصي: قبض کے ساتھ ہونے والا پیٹ میں شدید درد (مج)
(الرَّصَّاصُ): سیسہ کا کام کرنے والا، بندوقوں کی گولیاں بنانے والا۔
(الرَّصَّاصَةُ): پتھر (۲) جاری چشمہ کے گرد لگے ہوئے پتھر (۳) بخیل۔
(الرَّصِيصُ): عورت کا وہ نقاب جو آنکھوں کے قریب ہو۔
(رَصَعَ) بالمكان - رَصْعًا: کسی جگہ ٹھہرنا۔
-الرجُلَ و نحوَہ ہاتھ سے مارنا (۲) زور سے نیزہ مارنا۔
-الحَبَّ دو پتھروں کو ملا کر غلہ کوٹنا۔
(رَصِعَ) فلانٌ - رَصَعًا و رُصُوْعًا: پتلے کولہے والا ہونا۔ سرین اور ران کے کم گوشت والا ہونا۔ هو أرْصَعُ وهي رَصْعَاءُ (ج) رُصْعٌ۔
-الشيءُ بفمِه منہ سے چپک جانا۔
-بالطِّيبِ خوشبو سے مہکنا، هو راصِعٌ۔
(أرْصَعَه) بالرُّمحِ زور سے نیزہ مارنا۔
(رَصَّعَه) جواہرات سے آراستہ کرنا۔ جیسے رَصَّعَ التاجَ او السيفَ بالجواهر۔
-الطائرُ عُشَّهُ پرندہ کا گھونسلا بنانا۔
-السيرَ تسمہ میں تہری گرہ لگانا۔
(ارتَصَعَ) چمٹنا، چپکنا۔

-الانسانُ وغیرہ دانتوں وغیرہ کا ایک دوسرے کے قریب ہونا۔
-الحَبَّ غلہ کو دو پتھروں سے کوٹنا۔
(التَّرْصِيعُ): علم بدیع میں ترصیع یہ ہے کہ الفاظ کے اوزان برابر اور ان کے آخری حروف یکساں ہوں جیسے قرآن مجید میں ہے ﴿اِنَّ اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ﴾
(الرَّصِيعُ) قرآن مجید کے غلاف کا بٹن۔
(الرَّصِيعَةُ) ہر وہ زیور جس سے کوئی آراستہ کی جائے۔ تاج وغیرہ پر جڑنے کا گول زیور (۲) لگام وغیرہ کی گرہ (۳) دلیا (۴) زین یا تلوار کا پرتلہ (ج) رصائع۔
(المِرْصَاعُ): بچوں کے کھیلنے کی لکڑی (۲) بچوں کے چلانے کا لٹو (ج) مَرَاصِيعُ۔
(المِرْصَعَانِ): خوشبو کوٹنے کی پتھر کی بڑی موسلی۔
(رَصَفَ) بِهِ الأمرُ - رَصْفًا: لائق و مناسب ہونا۔ جیسے کہا جاتا ہے۔ هذا الامر لا يرصُفُ بك - هو را صفٌ بفلان۔
-الشيءَ مضبوط کرنا، ملانا۔
-الحجارةَ في البناء پتھر کو عمارت میں لگانا۔
-قدميه دونوں پیروں کو ملانا۔
-السهمَ تیر کے پھل کو داخل کرنے کی جگہ تانت باندھنا۔ هو مرصوفٌ و رَصِيفٌ۔
(رَصِفَ) - رَصَفًا ایک دوسرے سے ملنا۔
-الاسنانُ: دانتوں کا ہموار ہونا۔ هو رَصِفٌ وهي رَصِفَةٌ۔
(رَصُفَ) - رَصَافَةً مضبوط ہونا۔
-الجوابُ جواب کا مضبوط اور ناقابل انکار ہونا۔
(أرْصَفَ) فلانٌ چشمہ کا پانی ملی ہوئی شراب والا ہونا۔
(رَصَّفَه) رَصَفَه۔
(ارتَصَفَ) رَصِفَ، هو مُرْتَصِفُ الأسنانِ۔ وہ شخص جس کے دانت ہموار اور قریب ہوں۔

(تَرَاصَفَ) رَصِفَ - تراصفوا فِي الصَّفِّ قطار میں ایک دوسرے سے بالکل مل کر کھڑے ہونا۔
(الرِّصَافُ) جڑے ہوئے پتھر۔ واحد رَصَفَةٌ۔
(الرُّصَافَةُ) وہ تانت جو تیر کے پھل کے داخل کرنے کی جگہ باندھی جاتی ہے (۲) بغداد کا ایک محلہ۔علی بن جھم کا شعر ہے:
عیون المهابين الرُّصافة والجسر
جلبن الهوى من حيث أدري ولاأدري
(ج) رصائفُ۔
(الرَّصَفُ) جڑے ہوئے پتھر۔واحد رَصَفَةٌ (۲) پانی روکنے کا بند، پشتہ (۳) تالاب کے پانی کا راستہ۔
- ماءُ الرصف پہاڑ سے چٹان پر صاف ہو کر گرنے والا پانی۔
(الرَّصَفَةُ) رصاف یا رصف کا واحد۔حدیث مغیرہ میں ہے (لحديثٌ من عاقلٍ أحبّ اليّ من الشُّهد بماء الرَّصَفَةِ) (۲) تیر کے پھل کو داخل کرنے کی جگہ بندھی ہوئی تانت (۳) گھٹنے کی ہڈی کا پٹھا اور وہ دو ہوتے ہیں (ج) رَصَفٌ (جج) اَرْصافٌ۔
(الرَّصِيفُ) مضبوط و مستحکم۔
-عملٌ رَصيفٌ پختہ کار آدمی۔
- جوابٌ رصيفٌ یقینی اور ناقابل انکار جواب۔
-هو رصيف فلانٍ ہر کام کا ساتھی دوست
وهي رصيفةٌ (۲) رِصاف یا رصف کا واحد (۳) بمعنی المرصوف۔پختہ مضبوط (۴) اسٹیشن کا پلیٹ فارم (مج) (۵) فٹ پاتھ۔سڑک کے دونوں طرف پیدل چلنے کا پختہ راستہ (محدثہ) (ج) رُصُفٌ و اَرْصِفَةٌ۔
(المِرْصَافَةُ) ہتھوڑا۔حدیث معاذ رضی اللہ عنہ میں عذاب قبر کے بارے میں ہے (ضربه بمرصافه وسط رأسه) (ج) مَرَاصِيف۔
(اَرْصَفَهُ) بہ چمٹانا، جوڑنا۔
-جوزٌ مُرْصَفٌ ناریل کی گری جو چھلکے سے چپکی ہوئی ہو۔
(ارتصق) بہ چپکنا، چمٹنا۔
- جوزٌ مرتصقٌ وہ ناریل جس کی گری چھلکے سے چپکی ہوئی ہو۔
(رَصَنَهُ)ُ رَصْناً کامل و مضبوط کرنا۔
-الدَّابَّةَ لوہے کو تپا کر داغ دینا۔
-بلسانه گالی دینا۔
(رَصُنَ)ُ رَصَانَةً مضبوط و مستحکم ہونا جیسے رَصُنَ البناء (۲) سنجیدہ اور مستقل مزاج ہونا۔
-كلامٌ رصينٌ و رأيٌ رصينٌ پختہ کلام، پختہ رائے۔
(اَرْصَنَهُ) ثابت و مضبوط کرنا۔
(رَصَّنَ) الشيئ معرفةً معلوم کرنا، جاننا۔
-لي هذا الخبرَ تحقیق کرنا۔
(الرَّاصِنُ) مضبوط و مستحکم (ج) رواصين۔
(الرَّصِينُ) فلانٌ رصينٌ بحاجتك فلاں کو تمہاری ضرورت کا بڑا ہی خیال ہے۔
-رَصِينُ الجوف پیٹ میں درد کی جگہ۔
وهي رصينةٌ۔
-الرصينان گھٹنے کی ہڈیوں کے دو کنارے۔
(المِرْصَنُ) داغ لگانے کو لوہا۔
(رَصَاهُ)ُ رَصْواً مضبوط و پختہ کرنا۔
(اَرْصَى) بالمكان جمے رہنا، قیام کرنا اور نہ ٹلنا۔

ر.........ض

(رَضَبَ) المطرُ ُ رَضْباً بارش کا مسلسل اور لگاتار ہونا۔
-الرِّيقَ تھوک نگلنا۔
(تَرَضَّبَ) الرِّيقَ تھوک کو آہستہ آہستہ نگلنا۔
(الرَّاضِبُ) بیر کے درخت کی ایک قسم۔ واحد راضبة۔
(الرُّضَابُ) لعاب منہ میں گھمایا ہوا تھوک (۲) شہد کا جھاگ (۳) درختوں پر پڑی ہوئی شبنم کی بوندیں (۴) اولے (۵) مشک کا چورا (۶) شکر (چینی) کے دانے، ٹکڑے۔
-مَاءٌ رُضَابٌ میٹھا پانی۔
(المَرْضَبُ) میٹھا لعاب (ج) مَرَاضِبُ۔
(رَضَخَهُ)َ رَضْخاً پتھر سے کوٹنا اور توڑنا۔
هو مرضوخٌ و رَضِيخٌ۔
-الحَصَى والنَّوَى سنگ ریزوں اور گٹھلیوں کو توڑنا۔
-رأسه سر کو کچلنا۔
(ارتضخ) منهُ عذر کرنا، معذرت کرنا۔
(تَرَضَّخَ) الخُبْزَ و نَحْوَهُ روٹی وغیرہ کو توڑنا۔
(الرَّضْخُ) معمولی عطیہ (۲) کٹی ہوئی گٹھلی کا گرا ہوا ریزہ۔
-بَلَغَنَا رَضْخٌ مِنَ الخَبَرِ ہمیں تھوڑی سی خبر معلوم ہوئی۔
(الرُّضَخُ) کوٹی ہوئی گٹھلیاں یا کوٹتے ہوئے گرنے والے ریزے۔
(الرَّضْخَةُ) کوٹتے ہوئی اچھلنے والی گٹھلی۔
(المِرْضَاخُ) گٹھلیاں کوٹنے کا پتھر (ج) مَرَاضِيخ۔
(المِرْضَخَةُ) المِرْضَاخ (ج) مَرَاضِخُ۔
(رَضَخَتِ) التُّيُوسُ َ رَضْخاً بکروں کا آپس میں لڑتے ہوئے ایک دوسرے کو سینگ مارنا۔
-به الارضَ زمین پر پٹخنا۔
-لَهُ من مَالِهِ تھوڑا سا مال دینا۔
-الشيئَ اليابسَ سوکھی چیز کو توڑنا۔
(اَرْضَخَ) لَهُ بہت میں سے تھوڑا سا دینا۔
(رَاضَخَ) فلانٌ شيئاً کسی کو مجبوراً کچھ دینا۔
-منهُ شيئاً پانا، حاصل کرنا۔
-فلاناً کسی کو مسلسل پتھر مارنا۔
(ارتضخ) هو يرتضخ لكنةً اعجميةً اس کی زبان کی عجمیت کا اثر ہے یعنی عربی کے ساتھ غیر عربی ملی ہوتی ہے۔
(تَرَاضَخُوا) بالسهام ایک دوسرے کو تیر مارنا۔
(تَرَضَّخَ) الخُبْزَ و نَحْوَهُ روٹی توڑنا اور کھانا۔
-الخبرَ بات سنا لیکن یقین نہ کرنا۔
(الرُّضَاخَةُ) معمولی عطیہ۔

(الرَّضْحُ) معمولی عطیہ (۲) تھوڑی چیز (۳) غیر یقینی خبر۔
(الرُّضْحَةُ) الرَّضْحُ۔
(الرَّضِیخَةُ) معمولی عطیہ (ج) رَضَائِخُ۔
(المِرْضَاخُ): توڑنے کا پتھر (ج) مَرَاضِیخ۔
(المِرْضَخَةُ): توڑنے کا پتھر (ج) مَرَاضِخ۔
(رَضْرَضَهُ) ہلکا ہلکا کوٹنا' توڑنا' چورہ کرنا۔
(تَرَضْرَضَ) چورہ ہونا' ریزہ ریزہ ہونا (۲) ہلنا' تھوکنا۔
(الرَّضْرَاضُ): پانی کی نالی میں پڑی ہوئی چھوٹی کنکریاں (۲) بارش بوندیں (۳) پر گوشت آدمی۔ رجلٌ رضراضٌ بھی کہتے ہیں۔
-رِدفٌ رضراضٌ پر گوشت سرین والا۔
(الرَّضْرَاضَةُ) تانیث الرضراض۔
(۲) زمین پر چمکتی ہوئی اور تھرکتی ہوئی کنکریاں۔
(الرَّضْرَضُ) نالی میں پڑی ہوئی چھوٹی کنکریاں۔
(رَضَّه)ُ- رَضًّا کوٹنا' دلنا' دردرا کرنا۔
هو مَرْضوضٌ و رَضِیضٌ۔
(أَرَضَّ) بوجھل وسست ہونا۔
-فی الارض جانا۔
- التعبُ وغیرُه العرقَ تھکاوٹ وغیرہ کا پسینہ نکال دینا۔
(ارتَضَّ) الشئُ ٹوٹ جانا۔
(الارَضُّ) جم کر بیٹھنے والا (ج) رُضٌّ۔
(الرُّضَاضُ) کٹے ہوئے ٹکڑے' ریزے۔
(الرَّضُّ) گٹھلی نکالی ہوئی اور توڑ کر دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجور (۲) مکھن ملی ہوئی کھجور۔
(المَرِضَّةُ) کھانے پینے کی وہ چیزیں جن سے پسینہ آجائے (۲) دہی۔
(المِرَضَّةُ) الرَّضُّ (۲) دہی (۳) توڑنے اور کوٹنے کا آلہ (ج) مَرَاضُّ۔
(رَضُعَ)- رَضَاعَةً کمینہ ہونا۔ هو راضعٌ و رَضَّاعٌ۔
-امَّه -َ رَضْعًا و رَضَاعًا و رِضَاعَةً: ماں کا دودھ پینا۔ رضع الثدیَ او الضرعَ: پستان یا تھن سے دودھ پینا۔
- هو یرضع الدنیا ویذمّها: وہ دنیا سے فائدہ اٹھاتا ہے اور اسی کی مذمت بیان کرتا ہے۔
(رَضِعَهَا)- رَضَعًا: رَضَعَهَا - هو رَضِعٌ وهي رَضِعَةٌ۔
(رَضُعَ)- رَضَاعَةً کمینہ وبدذات ہونا۔ هو رَضِیعٌ۔
-لُؤمَ ورَضُعَ اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو تھن سے منہ لگا کر دودھ پیئے اس ڈر سے کہ اگر ہاتھ سے نکالا تو اس کی آواز سن کر کوئی مانگ لے گا۔
(أَرْضَعَتِ) الامُّ دودھ پیتے بچہ والی ہونا۔
- الولَدَ بچہ کو دودھ پلانا۔ هی مرضعٌ و مُرْضِعَةٌ (ج) مَرَاضِع۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ﴾
(رَاضَعَه) مُرَاضَعَةً و رِضَاعًا کسی کے ساتھ دودھ پینا (۲) دودھ پلانے کے لئے دایا کے حوالہ کرنا۔
-الطفلُ بچہ کا ایسی حالت میں ماں کا دودھ پینا جبکہ اس کے پیٹ میں بچہ ہو۔
(ارتَضَعَهَا) رَضَعَهَا: کہتے ہیں اِرْتَضَعَ الثدیَ او الضَّرْعَ۔
-العنزُ بکری کا خود اپنا دودھ پی لینا۔
(تَرَاضَعَا) ایک ساتھ دودھ پینا۔
(اسْتَرْضَعَ) بچے کے لئے دایہ تلاش کرنا۔ قرآن مجید میں ہے۔ ﴿وَإِنْ أَرَدْتُمْ أَنْ تَسْتَرْضِعُوا أَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ﴾۔
- المراةُ المولودَ نومولود بچہ کا دودھ پلانے کی خواہش کرنا۔
(الرَّاضِعُ) بھکاری' لوگوں سے بھیک مانگنے والا (۲) کمینہ بدذات (ج) رُضَّعٌ و رُضَّاعٌ (۳) دودھ والی عورت (نسب میں شریک)
(الرَّاضِعَةُ): تانیث الرَّاضع (۲) بچہ کا سامنے والا دانت جس سے وہ دودھ پینے میں مدد لیتا ہے یا وہ ایام رضاعت میں گر جاتا ہے اور یہ دو ہیں راضعتان (ج) رَوَاضِع۔
(الرَّضَاعُ): رضاعی اخوت۔ کہتے ہیں بینهما رضاع اللبن: ان دونوں میں دودھ شریک بھائی ہونے کا رشتہ ہے۔
- بینهما رضاع الکاسِ: ان دونوں میں شراب کی ہم نوشی ہے۔
(الرَّضَاعَةُ): الرَّضاع (۲) پچھوائی اور دکھنی ہواؤں کے درمیان کی ہوا۔
(الرَّضَعُ): شہد کی چھوٹی مکھیاں۔
(الرَّضَعُ). ایک درخت جس کے پتے اونٹ کھاتا ہے۔ واحد رَضعةٌ۔
(الرَّضُوعَةُ): اپنے بچہ کو دودھ پلانے والی۔ جیسے شاۃ رضوعةٌ (ج) رَضَائع۔
(الرَّضِیعُ): دودھ پینے والا بچہ (۲) دودھ شریک بھائی (ج) رُضَعٌ - فلانٌ رَضِیعِی وہ میرا دودھ شریک بھائی ہے۔
- هو رضیعُ اللؤمِ: وہ بڑا کمینہ اور کنجوس ہے (ج) رُضَعَاء - وهی رَضِیعَةٌ (ج) رَضَائع۔
(المِرْضَعَةُ) بچہ کو دودھ پلانے کا آلہ (محدثہ) (ج) مَرَاضِع۔
(رَضَفَه)- رَضْفًا گرم پتھر پر بھوننا' گرم کرنا' پکانا (۲) گرم پتھر کا داغ لگانا۔
- الوسادةَ تکیہ کو موڑنا' دوہرا کرنا۔ هو مرضوفٌ و رَضِیفٌ۔
(رَضَّفَه) رَضْفَةً (۲) غضبناک کرنا' مشتعل کرنا۔
(الرَّضْفَةُ) سورج یا آگ سے گرم کیا ہوا پتھر (ج) رَضْفٌ۔
- هو علی الرَّضفِ وہ مضطرب وبے چین ہے یا غضبناک ہے۔
- مُطفِئَةُ الرَّضفِ وہ بڑی مصیبت جو پہلی مصیبت کو بھلا دے (۲) وہ چربی جو گرم پتھر پر پگھل کر پتھر کو ٹھنڈا کر دے (۳) گھٹنے کے اوپر

کی ہڈی۔
(الرَّضَفَةُ): گھٹنے کے اوپر کی ہڈی۔ (ج) رَضَفٌ۔
(المِرْضَافَةُ) وہ گرم پتھر جس سے داغ دیا جائے (ج) مراضیف۔
(اَرْضَکَ) عینیہ: آنکھوں کو کبھی کھولنا کبھی بند کرنا۔
(رَضَمَ) ـِ رَضْمًا و رَضَمَانًا: بھاری قدموں سے دوڑنا' قدم ملا کر دوڑنا۔
-بالمکان رَضْمًا و رُضُوْمًا: قائم و ثابت ہونا۔ ہو رُضَمَةٌ۔
-البعیرُ و نحوہٗ بنفسہٖ: اونٹ وغیرہ کا خود کو زمین پر ڈال دینا۔
-الشیٔ رَضْمًا: ایک کو دوسرے سے ملانا۔
- البَیْتَ: پتھر کا مکان بنانا۔ رضم علیه الصخر بھی کہتے ہیں ہو مرضومٌ و رضیمٌ۔
-المتاعَ و نحوہٗ: سامان وغیرہ کو ترتیب سے رکھنا' توڑنا۔
-به الارضَ: زمین پر پٹخنا۔
-الارضَ: زمین کو ہل چلا کر بونے کے قابل کرنا۔
(ارْتَضَمَ) الشیٔ: ملنا' جڑنا (۲) ٹوٹنا۔
(الرَّضَامُ) تھوڑی گھاس یا روئیدگی۔
(الرَّضْمُ): سفید پتھر (۲) اوپر نیچے لگی ہوئی بڑی چٹانیں۔
(الرَّضْمَةُ): پتھر (۲) بڑی چٹان (ج) رَضْمٌ و رِضَامٌ۔
(الرِّضَمَةُ): الرَّضْمَةُ (ج) رَضَمٌ و رِضَامٌ۔
(المَرْضُوْمُ) برذون مرضوم العصب: غیر عربی گھوڑا جس کے پٹھے ایک دوسرے پر چڑھے ہوئے ہوں۔
(رَضَنَه) ـِ رَضْنًا: ملانا' ترتیب سے رکھنا۔ ہو مرضونٌ و رَضِینٌ۔
(رَضَاه) ـُ رَضْوًا: رضامندی میں کسی سے آگے بڑھ جانا۔

- راضانی فرضوتُه: اس نے میری خوشی چاہی تو میں اس کی خوشی چاہنے میں اس سے آگے بڑھ گیا۔
(رَضِیَهٗ) وبه عنه و علیه ـَ رِضًا و رِضَاءً و رضوانًا و مَرْضَاةً: راضی ہونا' پسند کرنا' قبول کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاَنْعَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا﴾ رَضِیَه لَه کسی کو کسی بات کا اہل ماننا۔
-رَضِیَ منهُ و کذا: اکتفا کرنا۔ ہو راضٍ (ج) رُضَاة و ہو رَضِیٌّ (ج) اَرْضِیَاء و ہو رِضٍ (ج) رضون' وهی رَضِیَّةٌ والشیٔ مَرْضِیٌّ و رَضِیٌّ۔
(اَرْضَاهُ): راضی کرنا' خوش کرنا۔ جیسے ارضیتُهٗ عنّی۔
(رَاضَاهُ) مُرَاضَاةً و رضاءً: موافقت کرنا' خوش کرنا (۲) رضامندی میں مقابلہ کرنا۔ جیسے راضانی فرضوتُه۔
(رَضَّاه): خوش کرنا' راضی کرنا۔
(ارتضاہ): پسند کرنا' منتخب کرنا۔
- ارتضاہُ لصحبته: اس نے اپنی صحبت کے لئے پسند کیا۔
(تَرَاضَیَا): باہم موافقت کرنا (۲) ایک دوسرے کو راضی کرنا۔
-شیئًا: کسی چیز کو دونوں کا پسند کر لینا۔
(تَرَضَّاه): کسی کی خوشنودی طلب کرنا۔ (۲) خوش کرنے کی کوشش کرنا (۳) کسی کو خوشش کر کے خوش کر دینا۔
(استرضاہ): خوشنودی اور رضامندی چاہنا (۲) کسی سے یہ خواہش کرنا کہ وہ اسے راضی کرے۔
(الرِّضَا) خوشی' رضا (۲) خوش' رضامند۔ جیسے ہو رِضًا وهم رِضًا (مصدر وصفی معنی میں ہے)
(الرِّضَاءُ) الرِّضَا۔
(الرَّضِیُّ): پسندیدہ (۲) مطیع و فرمانبردار (۲) مخلص دوست۔

ر ط

(رَطَأَهٗ) ـَ رَطْئًا: کسی کو نقصان پہنچانا۔
(رَطِئَ) ـَ رَطَأً: بے وقوف ہونا۔ ہو رَطِئٌ وهی رطیئةٌ۔
(اسْتَرْطَأَ) بے وقوف ہونا۔
-فلانًا: بے وقوف سمجھنا۔
(رَطَبَ) البسرُ ـُ رُطُوْبًا: کھجور کا پک جانا۔
-الدابةُ: سبز چارہ کھانا۔
-فلانًا رَطْبًا و رُطُوْبًا: تازہ اور پختہ کھجور کھلانا۔
- الدَّابةَ: جانور کو ہری تازہ گھاس یا بریسم نم گھاس کھلانا۔
(رَطِبَ) ـَ رُطُوْبَةً و رَطَابَةً: تر ہونا' نم ہونا۔ ہو رَطْبٌ وهی رَطْبَةٌ کہتے ہیں رَطِبَ لسانی بذکرك۔
-فلانٌ رَطْبًا: جو دل میں آئے وہ کہہ دینا خواہ غلط ہو یا صحیح۔
(رَطُبَ) ـُ رُطُوْبَةً و رَطَابَةً رَطِبَ (۲) نرم و نازک ہونا۔ ہو رَطْبٌ و رطیبٌ۔
-الهواءُ رُطُوبةً: ہوا کا مرطوب و خوشگوار ہونا (مو)۔
-البسرُ رَطَابةً: نیم پختہ کھجور کا پک جانا۔
(اَرْطَبَ) البُسرُ: نیم پختہ کھجور کا پک جانا' اس میں پختگی شروع ہو جانا۔
-فلانٌ: بہت پختہ کھجوروں والا ہونا۔
- النَّخلُ: کھجور کے پھل کا پک جانا' پکنے کا وقت آ جانا۔
-الارضُ: زمین کا سرسبز ہونا' زمین کا زیادہ ہری گھاس والا ہونا۔
- الثوبَ و غیرہ: کپڑے وغیرہ کو بھگونا' تر کرنا۔
(رَطَّبَ) البسرُ: نیم پختہ کھجور کا پک جانا۔
-الشیٔ: خوب اچھی طرح بھگونا' تر کرنا۔
-فلانًا: پختہ اور تازہ کھجوریں کھلانا۔
(تَرَطَّبَ) بھیگنا' تر ہونا۔ کہتے ہیں ترطّبَ لسانی بذکرك۔
(الرَّطْبُ) نرم و نازک' تر و تازہ۔ (ضد یابس) غلام رطبٌ: نسوانی نزاکت والا لڑکا

(۲) ترچیز (۳) تروتازہ شاخ (ج) رُطُبٌ و رُطْبٌ۔
(الرُّطْبُ). تروتازہ گھاس یا سبزی وغیرہ۔
(الرُّطَبُ). پکی ہوئی تازہ کھجوریں (بسر کے بعد تمر سے پہلے کا درجہ) (ج) ارطابٌ و رطابٌ۔ واحد رطبةٌ۔
(الرُّطْبَةُ) تانیث الرَّطْب، جاریة رطبةٌ نازک یا بدکار لڑکی (۲) بریسم کی طرح کی ایک گھاس (۳) تازہ اور ہری سبزی جو کھائی جائے (ج) رِطابٌ۔
(الرَّطِیبُ) غصنٌ رطیبٌ: ترشاخ۔
- رِیشٌ رطیبٌ: ملائم پر عیشٌ رطیبٌ: خوشحال زندگی۔ وھی رطیبةٌ۔
(المَرْطَبَةُ) بئرٌ مَرْطَبَةٌ: کھارے پانی کے کنوؤں کے درمیان میٹھے پانی کا کنواں۔
(الرَّطْرَاطُ) حوض میں اونٹوں کا بچایا ہوا پانی۔
(رَطَسَه)- رَطْسًا الٹے ہاتھ تھپڑ مارنا۔
(اِرْطَسَّتْ) علیه الحجارةُ کسی پر پے در پے پتھر پڑنا۔
(اَرْطَلَ) بے وقوف ہونا (۲) شوروغل مچانا۔
- فی مقعدہ اپنی جگہ جمے رہنا، جدا نہ ہونا۔
(اسْتَرْطَلَه) بے وقوف سمجھنا۔
(الرَّطِیطُ) شوروغل، چیخ و پکار (۲) بے وقوفی، نادانی (۳) بے وقوف (ج) رِطاطٌ و رطائطُ۔
(رَطَلَ)- رَطْلاً وزن نا۔
- الشیءَ ہاتھ میں کوئی چیز اچھال کر وزن کا اندازہ کرنا۔
(اَرْطَلَ) فلانٌ کمزور اور دبلا ہونا (۲) سست اور ڈھیلا ہونا (۳) لٹکے ہوئے کانوں والا ہونا۔
(رَاطَلَه) کسی کو رطل سے ناپ کر سودا دینا۔
(رَطَّلَ) الشعر بالوں کو تیل سے نرم کرنا۔
حدیث حسن رضی اللہ عنہ میں ہے (لو کشف الغطاء لشغل محسنٌ ماحسابه و مسیئٌ ماسابه عن تحدید ثوب او ترطیل شعرٍ)
الشیءَ تانا، موڑنا (۲) لٹکانا، چھوڑنا۔

(اسْتَرْطَلَه): کسی سے رطل کے ذریعہ ناپ کر سودا دینے کو کہنا۔
(الرِّطْلُ): ایک وزن یا پیمانہ مساوی: ۳۴ تولہ ڈیڑھ ماشہ (۳۹۸ گرام ۳۴ ملی گرام) رطل مختلف ملکوں میں مختلف وزن و مقدار کا ہوتا ہے مصری رطل بارہ اوقیہ کے برابر ہوتا ہے اور ایک اوقیہ بارہ درہم کے برابر ہے ایک درہم تین ماشہ اور ایک رتی سے قدرے زائد (یعنی ۳ گرام اور ۶۲ ملی گرام) (۲) نرم و ملائم (۳) ہر لچک دار چیز (۴) بڑا اور کمزور آدمی (۵) پھرتیلا قریب البلوغ لڑکا (۶) بیوقوف (ج) اَرْطالٌ وھی رَطْلَةٌ (ج) رِطالٌ۔
(رَطَمَه)- رَطْمًا: کیچڑ میں دھنسانا۔
- فی الوحلِ: کیچڑ میں دھنسانا۔
- فی امرٍ: کسی معاملہ میں الجھنا اور نکلنے کی راہ نہ پانا۔ (۲) روکنا، قید کرنا۔
(رُطِمَ) رَطْمًا: قبض ہو جانا، ریاح یا فضلات وغیرہ کا پیٹ میں رک جانا۔
(اَرْطَمَ) خاموش ہونا۔
(ارْتَطَمَ): کیچڑ یا دلدل میں دھنسنا۔
- الشیءُ جمگھٹا ہونا (۲) ڈھیر لگنا۔
- فیه الجھن اور پیچیدگی میں پڑنا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے: (من اتجر قبل ان یتفقّهَ ارتطم فی الربا ثم ارتطم ثم ارتطم)۔
- علیه الامرُ کسی پر معاملات کا ایسا الجھ جانا کہ وہ ان سے چھٹکارا نہ پا سکے۔
(تَرَاطَمَ) ڈھیر لگنا۔
(تَرَطَّمَ) السلحَ پاخانہ روکنا۔
(الرَّاطِمُ) کسی چیز کا پابند۔
(الرُّطَامُ) اونٹ وغیرہ کا قبض۔
(الرُّطْمَةُ) دلدل، پیچیدگی۔ وقع فی رُطْمَةٍ وہ ایسے پیچیدہ معاملہ میں الجھ گیا جس سے نکلنے کی کوئی راہ نہیں پاتا۔
(الرَّطُوْمُ) بے وقوف (۲) وہ عورت جس کے فرج کے بند ہونے کی بنا پر اس سے جماع نہ کیا جا سکے۔

(الرَّطُوْمَةُ) الرُّطْمَةُ۔
(رَطَنَ) الاعجمیُّ ـُ رِطَانَةً: عجمی آدمی کا عجمی زبان میں بات کرنا۔
- فلانٌ: عجمی زبان بولنا۔
- لَه رَطْنًا و رِطانةً کسی سے عجمی یا ایسی زبان میں بات کرنا۔ جس کو سمجھ نہ سکے۔
(رَاطَنَه) مُرَاطَنَةً و رطانًا کسی سے عجمی زبان میں بات کرنا۔
(تَرَاطَنَا): آپس میں عجمی یا غیر مفہوم گفتگو کرنا۔
(الرِّطانةُ) زبان کی اجنبیت، ابہام۔
- کلّمه بالرِّطانة: دو یا چند آدمیوں کا ایسی گفتگو کرنا جسے ان کے علاوہ کوئی نہ سن سکے، عجمی یا غیر مفہوم زبان میں بات کرنا۔
(الرُّطَانَةُ): اونٹوں کا ایسا گلہ جس کے ساتھ مالکان بھی ہوں۔
(اَرْطَتِ) الارضُ زمین میں ارطیٰ نامی گھاس اگنا۔
(الاَرْطیٰ) ایک گھاس جو ریت میں پیدا ہوتی ہے۔ دباغت کے کام آتی ہے۔ واحد ارطاةٌ۔

ر .... ع

(رَعَبَ)- رُعْبًا ڈر جانا، خوفزدہ ہونا، گھبرا جانا، مرعوب ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿سَنُلْقِی فِی قُلُوبِ الَّذِینَ كَفَرُوا الرُّعْبَ﴾
- الوادی. وادی کا پانی سے بھرنا۔
- الحمامةُ کبوتر کا آواز کو تیز اور بلند کرنا۔
رَعَبَتْ فی صوتها اس نے آواز بلند کی۔
- فلانًا ڈرانا، خوفزدہ کرنا، مرعوب کرنا (۲) دھمکی دینا۔
- السنامَ کوہان کو کاٹنا۔
- الحوضَ تالاب کو بھرنا۔
- السهمَ تیر کے پھل کا مدخل توڑنا۔
(اَرْعَبَه) ڈرانا، مرعوب کرنا (۲) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
(رَعَّبَتْ) الحمامةُ ترعیبًا و ترعابًا کبوتر کا

آواز کو بلند کرنا۔
-فلاناً مرعوب کرنا' ڈرانا۔
- السهمَ تیر کے پھل کے مدخل کو درست کرنا۔
(ارتعَبَ) ڈر جانا' گھبرا جانا' مرعوب ہو جانا۔
(الأرعَبُ) چھوٹے قدوالا (ج) رُعبٌ۔
(الرّاعبيّ) کبوتر کی ایک قسم جو آواز کو بہت بلند کرتا ہے۔ کہتے ہیں حمامةٌ راعبيةٌ۔
(الرُّعبُ) وعید' دھمکی (۲) عربوں کا مسجع کلام' جادو منتر۔
(الرُّعبُ) تیر کا وہ سوراخ جس میں پھل لگایا جاتا ہے (ج) رِعَبةٌ۔
(الرّعِيبُ) رعيب العين انتہائی بزدل' جو کسی چیز کو دیکھتے ہی ڈر جائے (۲) کوہان جس کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹے گئے ہوں۔ (۳) فربہ' موٹا' جس سے چکنائی ٹپک رہی ہو۔
سنامٌ رَعِيبٌ: موٹا چربی چڑھا ہوا کوہان (۴) کوتاہ قد (ج) رُعُبٌ۔
(التِرعَابَةُ) سخت خوف و گھبراہٹ۔
(التِرعِيبَةُ) کوہان کا ایک ٹکڑا (ج) ترعيبٌ و تراعيبُ۔
(المَرعَبَةُ) ڈر اور گھبراہٹ کی جگہ (۲) اچانک گھبرا دینے والا حملہ (یعنی کوئی شخص کسی کے پاس ایک دم آ کے بیٹھے اور وہ گھبرا جائے) (ج) مَرَاعِبُ۔
(رَعبَبَ) اتنا موٹا ہونا کہ چربی ٹپکنے لگے۔
(الرّعبَبُ) کھجور کے پودے کی جڑ۔
(الرُّعبُوبُ) کمزور' بزدل (۲) پھرتیلی' بے چین (۳) لمبی اور نازک جسم لڑکی (ج) رعابيب۔
(الرُّعبُوبَةُ) کھجور کے پودے کی جڑ (۲) کوہان کا ٹکڑا (۳) پرشباب خوبصورت لڑکی (ج) رعابيب۔
(الرِّعبيبُ) لمبی و گداز جسم عورت (ج) رعابيب۔
(رَعبَلَ) بے وقوف یا موٹی عورت سے شادی کرنا۔
-الشيئَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا' کوٹنا۔ حدیث میں ہے (ان اهل اليمامة رَعبلوا الفسطاط خالدٍ بالسيوفِ)
-اللحمَ گوشت کے پارچے بنانا تاکہ آگ پر اس کی سکھائی جلدی ہو سکے۔
(ترَعبَلَ) ٹکڑے ٹکڑے ہونا (۲) دھجیاں اڑ جانا۔
(الرَّعبَلُ) بے وقوف عورت (۲) پھٹے پرانے کپڑے پہننے والی عورت (۳) موٹا۔
- جملٌ رعبلٌ لمبا تڑنگا اونٹ (ج) رَعابلُ۔
(الرَّعبَلَةُ) بے وقوف عورت۔
- ريحٌ رعبلةٌ کبھی کسی رخ پر اور کبھی کسی رخ پر چلنے والی ہوا (ج) رعابل۔
(الرِّعبَلَةُ) پھٹا ہوا کپڑا (ج) رعابلُ۔
(الرُّعبُولَةُ): چیتھڑا' پھٹا پرانا کپڑا یا اس کا ٹکڑا (ج) رعابيل' ثوبٌ رعابيل: پھٹا پرانا کپڑا۔
(رَعِثَتِ) العنزُ او الشاةُ بھیڑ اور بکری کے کانوں کی اطراف کا سفید ہونا۔
-الحيّةُ فلاناً سانپ کا کسی کو ہلکا سا کاٹنا۔
(رَعِثَتْ) العنزُ او الشاةُ ـَ رَعَثًا: رَعِثَتْ (۲) کٹے ہوئے کانوں والا ہونا۔
هو أرعَثُ وهي رَعثاء (ج) رُعث۔
(رَعَّثَهَا) عورت کو بالی پہنانا۔
-الصبيَّ بچہ کو بار وغیرہ پہنانا۔
-ديكٌ مُرَعَّثٌ: کلغی والا مرغا۔
-هو دجٌّ مُرَعَّثٌ رنگ برنگ جھالروں سے سجایا ہوا کجاوہ' پالکی۔
(ارتَعَثَتْ) بالی پہننا۔
(ترَعَّثَتْ) بالی پہننا۔
(الأرعُوثَةُ) کنویں کا وہ پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی نکالا جاتا ہے (ج) اراعيثُ۔
(الرّاعُوثَةُ) الأرعوثة (ج) رَوَاعيث۔
(الرَّعثُ) بالی' ہر لٹکنے والا زیور (۲) ہر زینت کی چیز جو کسی چیز پر لٹکائی جائے (ج) رِعاثٌ۔
-رَعثُ الرّمّانِ انار کا شگوفہ یا پھول۔
(الرَّعثاءُ) شاةٌ رعثاءُ نیچے سے کٹے اور لٹکے ہوئے کانوں والی بکری (۲) لمبے دانے والا انگور (ج) رُعثٌ۔
(الرَّعثَةُ) الرَّعثُ۔ حدیث میں ہے (قالت ام زينب بنت نُبَيطٍ: كنت انا و اختاى فى حجر رسول الله صلى الله عليه وسلم فكان يحليبا رِعَاثا من ذهب ولؤلؤ) (۲) کلغی (۳) چونچ پر ابھرا ہوا حصہ جیسے مرغی اور کبوتر کا ہوتا ہے (۴) بکری کے کان کے نیچے کا لٹکا ہوا اور کٹا ہوا حصہ (۵) کھجور کی لکڑی کا پیالہ (ج) رِعَاثٌ و رِعَثَةٌ۔
(الرُّعثَةُ) الرَّعثَةُ (ج) رُعَثٌ۔
(رَعَجَ) البرقُ — و نحوُه ـَ رَعجًا بجلی کوندنا' چمکنا' لگاتار چمکنا۔
-فلاناً کسی کو مالدار بنانا۔
(رَعِجَ) ـَ رَعَجًا زیادہ ہونا۔ مویشیوں کی کثرت ہونا۔
(أرعَجَ) البرقُ و نحوهُ رعَجَ۔
-فلانٌ: مالدار ہونا۔
(ارتَعَجَ) رَعجَ (۲) کانپنا' لرزنا۔
-الوادی وادی کا بھرنا۔
(الرَّعَجُ) بہت بکریاں' بہت مویشی۔
(رَعَدَ) السحابُ ـُ رَعدًا و رُعُودًا بادل گرجنا۔
- رَعَدَتِ السماءُ آسمان میں گرج ہونا۔
-فلانٌ دھمکی دینا۔
-رَعَدَلَه وَ بَرَقَ۔ اس نے اسے ڈرایا اور دھمکی دی۔
- المرأةُ عورت کا زیب و زینت کر کے سامنے آنا۔
(رُعِدَ) رَعدًا مصیبت آنا (۲) لرزہ طاری ہونا۔
(أرعَدَ) گرجنا (۲) کسی پر مصیبت آنا (۳) لرزہ طاری ہونا (۴) گرج سننا۔
-لَه و أبرَقَ دھمکی دینا' ڈرانا۔
- المرأةُ عورت کا زیب و زینت کر کے

سامنے آنا۔
-فلاناً سوال میں اصرار کرنا۔
-فلاناً لرزہ طاری کر دینا' خوف دلانا۔
(اُرْعِدَ) فلانٌ کپکپی یا لرزہ میں مبتلا ہونا یا گھبراہٹ سے کانپ جانا۔
(اِرْتَعَدَ) کانپنا' لرزنا۔
(تَرَعَّدَ) کانپنا' لرزہ (۲) موٹاپے یا ڈھیلے پن کی وجہ سے تھرتھرانا۔
(الرَّاعِدُ) گرجدار' کڑک دار۔ سحابٌ راعِدٌ و سحابٌ راعِدَةٌ کہاوت ہے (رُبَّ صَلَفٍ تحت الراعدة) کبھی پانی سے محروم گرجدار بادل کے نیچے ہوتی ہے اس شخص کے بارے میں جو باتیں زیادہ بناتا ہو اور فائدہ کم پہنچاتا ہو (ج) رواعِدُ۔
-ذوات الرواعد بڑی مصیبت۔
(الرَّعْدُ) گرج' کڑک' بجلی کی چمک کے بعد گونجنے والی آواز۔ جاءَ بذات الرَّعْدِ والصلیل وہ بڑی مصیبت یا لڑائی و قتال کا سبب بنا (ج) رُعُودٌ۔
-فی کتابہ رُعُودٌ و بُرُوقٌ اس کے خط میں بڑی دھمکیاں ہیں۔
(الرِّعْدَةُ) کپکپی' لرزہ' تھرتھراہٹ۔
(الرَّعَّاد) بہت گرجنے والا بادل (۲) زیادہ بولنے والا (۳) مچھلی کی ایک قسم جسے جب ہاتھ لگایا جائے تو کپکپانے لگتی ہے۔ یہ افریقہ کے دریاؤں میں عموماً اور دریائے نیل میں خصوصاً بکثرت ہوتی ہے۔ واحد رَعَّادَةٌ۔
(الرَّعَّادَةُ) مونث الرَّعَّاد سحابةٌ رَعَّادَةٌ بہت گرجنے والا بادل کا ٹکڑا (۲) بہت باتیں کرنے والا۔ رجلٌ رَعَّادَةٌ۔
(رَعْدَدَ) مانگنے میں اصرار کرنا۔
(تَرَعْدَدَ) کپکپی طاری ہونا۔
-الشئُ تھرکنا۔
(الرِّعْدِیدُ) ایسا بزدل آدمی جو لڑائی کے وقت کانپنے اور تھرتھرانے لگے (۲) نازک عورت جس کا جسم گداز پن کی وجہ سے تھرکتا ہو (۳) ملائم پودا' گھاس (ج) رَعادیدُ۔

(الرِّعْدِیدَةُ) لڑائی میں خوف کی وجہ سے تھرتھرانے والا آدمی (۲) گداز پن کی وجہ سے تھرکنے والی عورت (ج) رَعادید۔
(رَعْرَعَ) حرکت دینا' جھنجھوڑنا۔
-اللہُ الغلامَ اللہ تعالیٰ کا لڑکے کو نشوونما دینا' جوان کرنا۔
-الدابةَ جانور کو سدھانے کے لئے اس پر سوار ہونا۔
(تَرَعْرَعَ) الصبیُّ بڑھنا' نشوونما پانا (۲) متحرک ہونا (۳) دس سال کے قریب پہنچنا یا دس سال سے زیادہ ہونا۔
-الأسنان دانتوں کا ہلنا۔
-الماءُ اَوِ السراب پانی یا سراب کا موجزن محسوس ہونا' چمکنا۔
(الرَّعْراعُ) خوش قامت نوجوان (۲) لمبا بانس (۳) بزدل۔
(الرُّعْرُعُ) خوش قامت نوجوان۔ (۲) بزدل (ج) رَعارِعُ۔
(الرُّعْرُوعُ) الرُّعْرُعُ (ج) رَعَارِیعُ۔
(رَاعَزَ) منقبض ہونا' سمٹنا۔
-فلاناً ملامت کرنا' سرزنش کرنا۔
(المَرْعَزُ) و (المِرْعِزاءُ) و (المِرْعِزُّ) و (المِرْعِزّی) بھیڑ کے بالوں کے نیچے کا رواں۔
(المُمَرْعَزُ) ثوبٌ ممرعزٌ باریک بالوں' روئیں سے بنا ہوا کپڑا۔
(رَعَسَ) ۔ رَعْسًا و رَعَسَانًا کانپنا' ہچکولا کھانا (۲) تھکاوٹ وغیرہ کی وجہ سے کمزور کی طرح چلنا (۳) کمزوری یا نیند یا سستی کی وجہ سے سر جھٹکنا۔ ھو راعِسٌ و رَعَّاسٌ وھی راعِسةٌ و رَعَّاسَةٌ وھو رَعُوسٌ و رَعِیسٌ وھی رَعُوسٌ ایضًا۔
(اَرْعَسَہ) جھنجھوڑنا' لرزہ طاری کرنا۔
(اِرْتَعَسَ) کانپنا' تھرتھرانا' ڈگمگانا۔
(تَرَعَّسَ) ارتعس۔
(الرَّعَّاسُ) رُمْحٌ رَعَّاسٌ ہلتا ہوا لہراتا ہوا نیزہ۔

(الرَّعُوسُ) کمزوری یا نیند وغیرہ کی وجہ سے سر ہلانے والا۔
-ناقةٌ رَعُوسٌ تیز رفتار پھرتیلی اونٹنی۔
-رُمْحٌ رَعُوسٌ لچکدار نیزہ۔
(المِرْعَسُ) مانگ مانگ کر زندگی بسر کرنے والا کمینہ آدمی۔
(رَعَشَ) ۔ رَعْشًا و رُعَاشًا کانپنا' لرزنا' بے چین ہونا۔
(رَعِشَ) ۔ رَعَشًا' رَعَشَ: ھو رَعِشٌ و ھی رَعِشَةٌ۔
(رُعِشَ) رعشہ پیدا ہونا' کپکپاہٹ طاری ہونا۔ ھو مرعوشٌ وھی رَعِشَةٌ۔
(اَرْعَشَہ) لرزا دینا' کپکپا دینا۔ (۲) جلدی کروانا' اکسانا جیسے: ارعشہُ الحربُ اُرْعِشَتْ یداہُ اس کے ہاتھوں میں کپکپاہٹ طاری ہوگئی۔
(رَعَّشَہ) اَرْعَشَہ۔
(ارتَعَشَ) رَعِشَ۔
(الرُّعَاشُ) کپکپی (۲) رعشہ۔ ایک بیماری جس کی وجہ سے عضو کو مسلسل حرکت رہتی ہے۔ (۳) بھیڑ یا بکری کو لاحق ہونے والی ایک اعصابی بیماری۔
(الرُّعَاشِیُّ) الشَّلَلُ الرعاشِیُّ ایک اعصابی بیماری جس میں عضلات کی کمزوری کھچاوٹ اور رعشہ پیدا ہوتا ہے (مج)
(الرَّعِشُ) کپکپاتا ہوا' تھراتا ہوا (۲) بزدل۔ ھو رَعِشٌ الی القتال او المعروف لڑائی یا بھلائی میں جلدی کرنے والا۔ ظلیمٌ رَعِشٌ تیز رفتار یا لمبی گردن والا شترمرغ۔ وھی رَعِشَةٌ۔
(الرَّعْشاءُ) دابةٌ رَعْشَاءُ تیز رفتار یا جھوم کر چلنے والی اونٹنی (۲) لمبی گردن والی تیز رفتار اونٹنی (ج) رُعْشٌ۔
(الرَّعْشَةُ) کپکپی' لرزہ۔
(الرِّعْشَةُ) جھرجھری' کپکپی' لرزاہٹ۔ (۲) تیزی' عجلت۔ بہ رعشةٌ الی لقاءِ العدوِّ وہ دشمن کا مقابلہ کرنے کے لئے بے تاب ہے۔

(الرَّعِيْشُ) لرزنے والا' کانپنے والا' دگرگوں۔
(المُرْعَشُ): کبوتر کی ایک قسم جو فضا میں منڈلاتا ہے۔
(الرَّعْشِيْشُ). بہت لرزنے والا (۲) بزدل (ج) رَعَاشِيش۔
(الرَّعْشَنُ). کانپتا ہوا' لرزتا ہوا۔
- جملٌ رَعْشَنٌ: جھوم کر چلنے والا تیز رفتار اونٹ (۲) بزدل ۔وھی رَعْشَنَةٌ۔
(رَعَصَ)- رَعْصًا. کانپنا' متحرک و مضطرب ہونا' انگڑائی لینا' جھٹکنا۔ حدیث ابی ذر رضی اللہ عنہ میں ہے (خرج بفرس له فتمعّك ثم نهض ثم رعص فسكّنه)۔
-البرقُ: بجلی کا رک رک کر چمکنا۔
-علیه جلدهُ: کھال کا پھڑکنا' پھدکنا' سکڑنا۔
-الشئ: حرکت دینا' جھٹکنا' کھینچنا۔
(اَرْعَصَه): رَعَصَه۔
(ارْتَعَصَ): ہلنا' جھٹکا کھانا' انگڑائی لینا۔
-البرقُ: بجلی کا رک رک کر چمکنا۔
-علیه جلدهُ: کھال کا پھڑکنا۔
-السِّعْرُ: بھاؤ بڑھنا۔
-الجدیُ: بکری کے بچہ کا اچھلنا' پھدکنا۔
(تَرَعَّصَ): ارتعص۔
(رَعَضَ)- رَعْضًا. ہلنا' کانپنا' انگڑائی لینا۔
-الشئ: ہلانا' حرکت دینا۔
(اَرْعَضَه): رَعَضَه۔
(ارتعضَ) رَعَضَ۔
(رَعَظَ) السهمَ- رَعْظًا: تیر میں پھل لگانے کی جگہ بنانا (۲) تیر میں پھل لگانے کے سوراخ کو توڑنا۔
- بالعَقَبِ: تیر پر تانت باندھ کر کسنا۔ ھو مرعوظ و رعیظ۔
(اَرْعَظَهُ) تیر میں پھل لگانے کا سوراخ بنانا۔
- فلانًا عن الامرِ: ہمت توڑ دینا' سست بنا دینا۔
(رَعَّظَه). حرکت دینا' ہلانا (۲) سست بنا دینا۔
-الاصبعَ: انگلی کو ہلا کر اس کی طاقت دیکھنا۔
-الوتدَ: میخ کو نکالنے کے لئے اس کو حرکت دینا۔
(تَرَعَّظَ) لازم رَعَّظَهُ (۲) بچ نکلنے کی کوشش کرنا۔
-البعیرُ: اونٹ کا بوجھ لادتے وقت ادھر ادھر ہونا۔
(الرُّعْظُ): تیر میں پھل لگانے کا سوراخ (ج) اَرْعاظٌ۔ کہاوت ہے (انّه لیکسر علیك ارعاظ النبل غضبًا) یعنی وہ تم پر بری طرح غصہ اتارتا ہے۔
(رَعَّ)- رَعًّا: پرسکون ہونا۔
(الرَّعَاعُ) من الناس: معمولی درجہ کے گھٹیا لوگ۔ واحد: رُعاعة کہتے ہیں ھو رُعاعةٌ من الرَّعاع۔
(الرَّعَاعَةُ): بے عقل بے دل آدمی۔
(رَعَفَ) الشئُ- رَعْفًا و رُعافًا: بہنا' آگے بڑھنا۔
- فلانٌ او اَنْفُه: نکسیر پھوٹنا' ناک سے خون جاری ہونا۔
-یَرْعَفُ غضبًا: اس کا غصہ بڑھ گیا۔
- بفلانٍ الباب: دروازہ سے اچانک اندر آ جانا۔
-بہ: آگے بڑھانا۔
-السائرَ: چلنے والے سے آگے نکل جانا۔
ھو راعفٌ و رَعّافٌ وھی راعفةٌ و رَعّافةٌ
-
(اَرْعَفَ) الاناءَ و نحوهُ: برتن وغیرہ کو لبالب بھرنا کہ وہ بہنے لگے۔
(ارتعفَ): آگے بڑھنا' سبقت لے جانا۔
(استَرْعَفَ): آگے بڑھنا' سبقت لے جانا۔
-الشئَ: نکالنا۔
-الشَّحْمَةَ: چربی کو پگھلا کر گھی بنانا۔
-فلانًا: نکسیر جاری کرنا (۲) ناک کو زخمی کر کے خون جاری کرنا۔
(الاُرْعُوفَةُ): کنویں کے کنارہ لگا ہوا پتھر جس پر کھڑے ہو کر آدمی پانی کھینچتا ہے یا کنویں کی تہہ میں لگا ہوا پتھر جس پر بیٹھ کر صفائی کی جاتی ہے یا کنویں کے اندر ناک کی طرح نکلا ہوا پتھر جسے ہٹایا نہ جاسکے (ج) اراعیف۔
(الرَّاعِفُ). ناک (۲) ناک کے بانسہ کا حصہ (۳) پہاڑ کا نکلا ہوا سرا (۴) نیزہ (ج) رَوَاعِفُ۔
-رماحٌ راعفٌ خونی نیزے۔
(الرُّعَافُ) نکسیر (۲) زبردست بارش۔
(الرُّعَافِيُّ). بہت زیادہ عطا کرنے والا سخی۔
(الرُّعُوْفُ). ہلکی بارشیں۔
(الرَّعِيْفُ): وہ بادل جو کسی بادل کے آگے چلے۔
(المَرَاعِفُ): ناک اور اس کے اردگرد کا حصہ۔ مقولہ ہے "ما احسن مراعف اقلامه و مقاطرها" اس کی لکھائی کتنی خوبصورت ہے۔
(رَعَقَتِ) الدَّابَّةُ- رَعْقًا و رُعَاقًا و رَعِيقًا. دوڑتے وقت پیٹ بولنا۔
(الرُّعَاقُ): دوڑتے وقت پیٹ کے بولنے کی آواز۔
(الرَّعِيْقُ). الرُّعاق۔
(رَعَلَه)- رَعْلًا: پھاڑنا' چاک کرنا' پھٹن کو بڑا کرنا' شگاف کو وسیع کرنا (۲) زور سے نیزہ مارنا۔
-بالسیف. کسی کو تلوار سے پکڑ کر مارنا۔
(رَعِلَ)- رَعَلًا و رَعَالَةً لمبا اور ڈھیلا ہونا' لٹکا ہوا ہونا۔
-رَعَالَةً. بے وقوف و ناسمجھ ہونا' کہاوت ہے (کلما ازدتَ مثالةً زادكَ الله رعالةً) اس شخص کے بارے میں جو بے وقوف اور ناسمجھ ہو۔ یعنی تو جتنا مالدار ہوگا اتنا ہی بے وقوف ہو گا۔ ھو اَرْعَلُ وھی رَعْلاءُ۔
(اَرْعَلَتِ) العَوْسَجَةُ عوسجہ (بینگن کی طرح کا خاردار پودا) کی کونپل نکلنا۔
-الرجلَ و نحوهُ زور سے نیزہ مارنا۔
-الطَعْنَةَ نیزہ کی ضرب کو گہرا کرنا۔
(رَعَّلَ) الکرمُ انگور کی بیل کا کنارہ نکلنا۔

(استرعل) لڑائی میں جانے والے اگلے دستہ میں چلنا یا اس کی قیادت کرنا (۲) چھوٹے گروہ والا ہونا۔
-الماشیة و غیرھا: مویشیوں کا گروہ در گروہ ہونا (۲) پے در پے چلنا۔
جاء القوم مستر علین: لوگوں کا دوسروں سے آگے آگے ہو کر آنا۔
(الارعل) ثوبٌ ارْعَلُ: لمبا یا ڈھیلا لباس یا وہ لباس جس کے کنارے لٹکے ہوئے ہوں۔
-عُشْبٌ ارْعَلُ: لمبائی کی وجہ سے مڑ جانے والی گھاس۔
-ضَرْبٌ ارْعَلُ: ایسی چوٹ کہ گوشت کاٹ ڈالے۔
-غلامٌ ارْعَلُ غیر مختون بچہ (ج) رُعْلٌ۔
(الرّاعِلُ) کھجور کی ایک خراب قسم (۲) عمدہ قسم کی کھجور۔
(الرُّعَالُ) ناک سے بہنے والا مادہ (خون یا ریزش)
(الرَّعْلُ) پہاڑ کا نکلا ہوا کنارہ۔ (۲) آدمی کا لباس۔
-مَرّ یجترّع رَعْلَه وہ کپڑوں کو گھسیٹتا ہوا آ گیا (۳) جانور کے کان کی وہ کھال جسے چیر کر پیچھے کی طرف لگا دیا گیا ہو۔
(الرَّعْلُ) انگور کی کونپلیں۔
(الرَّعْلاءُ) لمبے کانوں والی یا ایسی بکری جس کے کان چیر دیے گئے ہوں (ج) رُعْلٌ۔
(الرَّعْلَةُ) ہراول دستہ پیش رو جماعت (۲) ماده شترمرغ (۳) اہل و عیال بڑا کنبہ۔ کہتے ہیں ترک رَعْلَةً و ترک عیالاً رَعْلَةً (۴) بکرے کے کان کی چھوٹی سی کھال جسے چیر کر پیچھے لٹکا دیا گیا ہو (۵) کھجور کا لمبا درخت۔ کہتے ہیں محلة رعلة (۶) ایک قسم کا پودا جس کا پھل بینگن جیسا اور خاردار ہوتا ہے (۷) ختنہ میں کاٹی جانے والی کھال (ج) رِعَالٌ۔
(الرَّعْلَةُ) سر پر لگانے کا پھولوں کا تاج (۲) انگور کی بیل کی کونپل۔
(الرعلة) ابو رعلة بھیڑیے کی کنیت۔

(الرَّغْوَلِیُّ) شواءٌ رَغْوَلِیٌّ: نیم پختہ یا نیم گلا ہوا گوشت۔
(الرَّعِیلُ) تھوڑے افراد کی ٹولی مختصر جماعت (انسانوں کی یا گھوڑوں کی)
-فلانٌ مِنَ الرَّعِیلِ الاوّلِ فلاں صفت اول کا آدمی (ج) رِعالٌ و اَرْعالٌ (جج) اراعیلُ۔
-اَرَاعِیلُ الرِّیاح او السحاب: ابتدائی ہوائیں ابتدائی بادل یا ایک دوسرے کو دھکیلنے والے بادل۔
(المِرْعَلُ) تیز تلوار۔ سیفٌ مِرْعَلٌ بھی کہا جاتا ہے (ج) مَرَاعِلُ۔
(رَعَمَ)- رَعْمًا و رُعَامًا: ناک کی ریزش بہنا۔ ھو وھی رَعُومٌ۔
-المخاط: کمزوری کی وجہ سے ناک بہنا۔
-الشئَ رَعْمًا نگاہ رکھنا خیال رکھنا۔
-الشمسَ: سورج ڈوبنے کا انتظار کرنا۔
(رَعُمَ)- رَعَامَةً رَعَمَ۔
(رَعَّمَه) ریزش صاف کرنا پونچھنا۔
(الرَّعَامُ) نگاہ کی تیزی جو کسی چیز کو تاکنے کے وقت ہوتی ہے۔
(الرُّعَامُ) ریزش سنک رینٹ (۲) ناک بہنے کی بیماری (۳) ایک متعدی مہلک مرض۔
(الرِّعْمُ) چربی (ج) رُعومٌ و ارعامٌ
-امو رعم بجو کی کنیت۔
(الرُّعُومُ) شدید کمزوری (۲) ناک بہنے کا مرض۔
(رَعَنَ)- رُعُونَةً نا سمجھ ہونا۔
-الشمسُ فلاناً دھوپ کا دماغ پر اثر انداز ہونا اور اس کی وجہ سے نڈھال اور بے ہوش ہو جانا۔
(رَعِنَ)- رَعَنًا و رُعونةً رَعَنَ ھو ارْعَنُ وھی رَعْناءُ (ج) رُعْنٌ۔
(رَعُنَ)- رَعْنا و رُعونة رَعَنَ
(رُعِنَ) بے ہوش ہونا۔ ھو مرعونٌ
(الارْعَنُ) کم ظرفی کی باتیں کرنے والا۔
حیش ارعن لشکر جرار (۲) ٹھاٹھیں مارتا ہوا لشکر۔

-جَبَلٌ اَرْعَنُ: ابھرے ہوئے بلند کناروں والا پہاڑ۔
-رَجُلٌ اَرْعَنُ: لمبی ناک والا آدمی (ج) رُعْنٌ۔
(الرَّعْنُ) دھوپ کا اثر (جانور کے دماغ میں دھوپ کی گرمی سے پیدا ہونے والی احساس کی کیفیت) (۲) ناک کی طرح ابھری ہوئی پہاڑ کی زبردست شاخ (ج) رُعُونٌ و رِعانٌ۔
(الرَّعْناءُ) مونث الارعن (ج) رُعْنٌ (۲) طائف کا سفید لمبے دانوں والا انگور (۳) بصرہ شہر کا ایک نام۔
(الرَّعُونُ) سخت (۲) بہت حرکت کرنے والا۔
(الرُّعُونَةُ) (صوفیاء کے نزدیک) خواہشات نفس اور تقاضا طبیعت کا ساتھ دینے کا نام ہے۔
(رَعَا) عنهُ ـُ رَعْوًا و رِعْوًا و رَعْوی رکنا باز رہنا۔
-فلاناً روکنا باز رکھنا ڈانٹنا۔
(ارعوی) عنه رَعا۔
(الاَرْعَاوِیَّةُ) شاہی مویشی جن پر امتیازی نشانات ہوں۔
(الاُرْعُوَةُ) ہل کا جوا جو بیل کے کاندھے پر رکھا جاتا ہے۔
(الرُّعَاوی) لوگوں کے آس پاس چرنے والے اونٹ۔
(الرَّعَاوِیَّةُ) بادشاہ کے چرنے والے خصوصی مویشی اور ان کے ساتھ دوسرے مویشی۔
(رَعَتِ) الماشیةُ ـَ رَعْیًا و مَرْعًی مویشی کا خود چراگاہ میں جانا۔
-علی فلان کسی کے مویشی چرانا۔
-الماشیةَ جانور کو چرانا۔
-الحیوانُ النباتَ جانور کا گھاس چرنا۔
-الشئَ رَعْیًا و رِعایَةً حفاظت کرنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَایَتِهَا﴾ (۲) نگرانی کرنا (۳) ذمہ داری لینا۔

-له عهده او حُرمَته پاس داری کرنا' خیال رکھنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَالَّذِیْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَ عَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ﴾
(اَرْعَتِ) الارضُ زمین کا خوب چارے والی ہونا۔
-علیه باقی رکھنا' محفوظ رکھنا (۲) مہربانی و شفقت کرنا۔
-الیه غور سے سننا۔ کہتے ہیں فلانٌ لایُرْعِیْ اِلٰی قول احدٍ. فلاں کسی کی بات پر کان نہیں دھرتا۔
-الماشیة. جانور کو چرانا۔
-اللهُ الماشیةَ. اللہ کا مویشیوں کے لئے چارہ اگانا۔
-فلاناً المکانَ: کسی کے لئے کسی جگہ کو چراگاہ بنانا۔
-فلاناً سمعهُ: غور سے سننا۔
(رَاعَاهُ) مراعاةً وَ رعاءً: لحاظ رکھنا (۲) نگرانی کرنا۔
-الامرَ. معاملہ پر نظر رکھنا' انجام پر غور کرنا (۲) حفاظت کرنا' باقی رکھنا (۳) کسی کے ساتھ چرنا۔ جیسے راعی الجملُ الخروفَ: اونٹ کا دنبے کے ساتھ چرنا۔
فلاناً سَمْعَهُ: غور و دھیان سے سننا۔ کہتے ہیں فلانٌ لایراعی الیه: وہ اس کی طرف متوجہ نہیں ہوتا۔
(رَعَّاه): کسی کو بطور دعا کے رعاك الله (اللہ تمہاری حفاظت کرے) کہنا۔
(ارتعَتِ) الماشیةُ: جانور کا چرنا۔
-الماشیةُ الرعیَ: چارہ کھانا۔
(تَرَعَّتِ) الماشیةُ جانور کا چرنا۔
-الماشیةُ العشبَ: جانور کا ہری گھاس چرنا۔
(استرعاهُ) الشیئَ کسی سے کسی چیز کی حفاظت کروانا۔ کہاوت ہے (من استرعی الذئب فقدظلم) جو بھیڑیے کو نگران بنائے وہ ظلم کرے گا۔ ایسے شخص کے بارے میں جو بددیانت کو امانت سونپتا ہے۔ هذا مما یسترعی النظرَ او السمعَ یہ قابل توجہ اور قابل التفات بات ہے۔
(التِرْعَایَةُ) آبائی پیشہ ور خاندانی پرپالا۔
(التِرْعِیُّ) صحیح تربیت مصرف کا محافظ۔ کہتے ہیں اِنَّهُ لَتِرْعِیُّ مالٍ اس کے پاس مال محفوظ رہتا ہے اور اونٹوں کی اچھی طرح پرورش کرتا ہے۔
(التِرْعِیَةُ) التِرْعِیُّ۔
(الرَّاعِیُ) چرواہا (۲) نگران' حاکم' ذمہ دار محافظ (۳) جاسوس (ج) رعاةٌ و رُعیانٌ و رِعاءٌ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿حَتّٰی یُصْدِرَ الرِّعَاءُ وَ اَبُوْنَا شَیْخٌ کَبِیْرٌ﴾
-راعی البستان ایک قسم کی ٹڈی جو اچھلتی ہے اور اڑتی پھرتی ہے۔
- راعی الجوزاء وراعی النعائم دو ستارے۔
(الرَّاعِیَةُ): مونث الراعی (ج) رواعٍ
- راعیةُ الشَّیبِ و رواعیه: بڑھاپے کی شروعات۔
(الرِّعَایَةُ): چرانے کا پیشہ۔
(الرَّعَوِیَّةُ) انسان کا کسی کی رعیت ہونا (۲) رعیت کا' ملکی حقوق۔
(الرَّعْیُ) حفاظت' بطور دعا کے کہا جاتا ہے: رعیاًلك. اللہ تعالیٰ آپ کی حفاظت کرے۔
(الرِّعْیُ): چارہ' گھاس وغیرہ (ج) اَرْعَاءٌ۔
(الرِّعْیَةُ): چرانے یا چرنے کی کیفیت و حالت۔ جیسے هو حسن الرِعیةِ او سَیِّئُ الرِعیةِ (۲) وہ زمین جس میں پتھر کی نوکیں ہل چلانے میں رکاوٹ بنتی ہوں (۳) قدرتی چراگاہ۔
(الرَّعِیَّةُ) چرنے والے مویشی (۲) زیر نگرانی مویشی (۳) عوام الناس' رعایا' جو کسی حاکم و منتظم کے تحت ہوں (ج) رعایا۔
(المُراعاةُ) مُراعَاة النظیر: اہل بدیع کے نزدیک کسی شی کو اس کی مناسب چیزوں کے ساتھ جمع کرنا۔ جیسے سوق بیع اور دلال۔
(المَرْعٰی) چارہ' گھاس وغیرہ۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَالَّذِیْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰی﴾ کہاوت ہے (مَرعًی ولا کالسَّعدان) ایک چیز کے بارے میں کہا جاتا ہے جسے ان کے مشابہ چیز پر ترجیح دی جائے۔
(المَرْعَاةُ) المَرْعی۔

ر .... غ

(رَغِبَ) فلانٌ ـَ رَغَبًا و رَغْبَةً و رُغْبَةً خواہش مند ہونا' حریص ہونا۔
-الیه مائل ہونا' پسند' رغبت رکھنا۔
-الیه فی کذا و کذا کسی سے کوئی چیز عاجزی کے ساتھ چاہنا۔
-عن الشیئ: اعراض کرنا' کنارہ کش ہونا' بے توجہی اختیار کرنا۔
-بنفسه عن الشیئ کسی چیز سے خود کو الگ رکھنا۔
-بنفسه عن فلانٍ کسی پر اپنی برتری محسوس کرنا۔
-بفلانٍ عن کذا کسی کو کسی چیز سے الگ رکھنا (۲) اس کے برابر سمجھنا۔
-الشیئ وفیه ارادہ کرنا' چاہنا۔ کہتے ہیں رَغِبَ رایُهُ احسن الرُّغُبِ سخی اور وسیع الرائے ہونا۔
(رَغُبَ) ـُ رَغَبًا و رَغَابَةً وسیع اور بڑا ہونا جیسے رَغُبَ الوادی۔
-فلانٌ پیٹو اور بسیار خور ہونا۔ ہر وقت کھانے کی فکر کرنا۔ هو رغیبٌ و رِغیبٌ وهی رَغیبةٌ۔
-الارضُ: زمین کا نرم و کشادہ ہونا۔
(اَرْغَبَ) فلانٌ مالدار ہونا۔
-فلانٌ فلاناً فی الشیءِ و الیه کسی کو کسی چیز کا خواہش مند بنانا۔
-عنه الگ رکھنا' بچانا (۲) وسیع و کشادہ کرنا۔
ارغبَ الله قدرك اللہ تعالیٰ آپ کی شان دوبالا کرے۔
(رَغَّبَه) فیه خواہشمند بنانا' ترغیب دینا (۲) خواہش پوری کرنا۔
(اِرْتَغَبَ) الحِملُ سامان وغیرہ کا بھاری ہونا۔ هو مرتغبٌ۔

-الشیٔ وفیہ چاہنا' خواہش کرنا۔
(تَرَاغَبَ) کشادہ اور وسیع ہونا۔
-فیہ رغبت کرنا' چاہنا۔ جیسے تراغبوا فی الخیر۔
(الرَّغَابُ) نرم زمین۔
-ارضٌ رَغَابٌ وہ زمین جو زیادہ بارش کے بغیر نہ بہے نرم وسیع زمین (ج) رُغُبٌ۔
(الرُّغُبُ) بہت پانی جذب کرنے والی زمین۔
(الرُّغْبَانَۃُ) چپل یا جوتے کا تسمہ (۲) تسمہ کی جوتے کے نیچے لگنے والی گرہ۔
(الرَّغِیْبُ) وادٍ رَغِیْبٌ پانی بہت جذب کرنے والی وادی۔
-رجلٌ رَغِیْبٌ لمبے لمبے ڈگ بھرنے والا آدمی۔
-حِملٌ رغیبٌ بھاری بوجھ (ج) رِغابٌ و رُغُبٌ (۳) مرغوب و پسندیدہ چیز۔
(الرَّغِیبۃُ) مونث الرَّغیب (۲) مرغوب و پسندیدہ چیز (۳) بڑا عطیہ (ج) رغائب۔
-فلانٌ یفیدا الغرائب ویفیءُ الرغائب فلاں بہت سخی ہے۔
(المَرْغَبُ) خواہش (۲) زندگی کا میدان (ج) مَرَاغِب۔
(المَرْغَبَۃُ) الرغب۔
(رَغَثَ) اُمَّہٗ ـَ رَغْثًا دودھ پلانا۔
-فلانًا مانگ مانگ کر کسی سے سب کچھ لے لینا (۲) بار بار نیزہ مارنا۔
(رُغِثَ) رَغْثًا کسی سے زیادہ مانگے جانے کی وجہ سے اس کا سب کچھ ختم ہو جانا۔ هو مرغوث وهی مرغوثۃٌ - فلانٌ امواله مرغوثۃٌ فمالاحد عندہٗ مَغُوثَۃٌ: اس کا سارا مال مانگ مانگ کر ختم کر دیا گیا اب اس کے پاس کچھ نہیں۔
-المراۃُ عورت کے پستان کی رگ میں تکلیف ہونا۔
(اَرْغَثَتْہُ) دودھ پلانا۔
-فلانًا بار بار مانگنا (۲) بار بار نیزہ مارنا۔

(ارتَغَثَھا): (بچہ کا ماں کا) دودھ پینا۔
(الرُّغَاثُ): زیادہ پانی جذب کرنے والی زمین۔ ارضٌ رغاثٌ: ایسی زمین جس پر زیادہ بارش ہی کی وجہ سے پانی بہے۔
(الرُّغثاءُ): عورت کے پستان میں دودھ کی رگ (یہ لفظ مفرد ہے)
(الرَّغُوثُ): دودھ پلانے والی۔ کہاوت ہے (آکل من برذونۃٍ رَغُوثٍ) فلاں آدمی دودھ پلانے والی عجمی گھوڑی سے بھی زیادہ کھاتا ہے (ج) رِغاثٌ و رغائث۔
(رَغَدَ) العیشُ ـُ رَغْدًا: زندگی کا خوشگوار اور آسودہ حال ہونا' هو رَغْدٌ وراغِدٌ و اَرْغَدُ۔
(رَغُدَ) العیشُ ـُ رَغدًا و رَغَادَۃً: رَغدٌ هو رَغْدٌ و رغیدٌ۔
(اَرْغَدَ): خوشحال ہونا' زندگی کی آسودگی اور فراخی میسر آنا۔
-عَیْشَہٗ زندگی کو خوشحال بنانا۔
-الماشیۃَ مویشی کو چرنے کے لئے آزاد چھوڑ دینا۔
(اِسْتَرْغَدَ) العَیشَ: زندگی کے مزے لینا اور اسے آسودہ حال پانا۔
(اِرْغادَّ) اللبنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا اور پوری طرح نہ جمنا۔
-فلانٌ: بیماری' غصہ' یا نیند کی کمی کی وجہ سے بے چینی اور سستی طاری ہونا' رنگ بدل جانا۔
-النائمُ سونے والے کا جاگنا اور اس پر سستی کا اثر ہونا۔
-فی رَاْیِہٖ رائے میں متردد ہونا' جم کر فیصلہ نہ کرنا۔
-الغضبان سخت غصہ کی وجہ سے جواب نہ دے سکنا۔
(الرَّاغِدُ) خوشحال و آسودہ حال وهی رَاغِدَۃٌ۔
(الرَّغْدُ) پرسکون آسودہ زندگی۔ قرآن مجید میں ہے ﴿فَكُلُوا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا﴾ هو فی رغد من العیش: وہ خوشحال زندگی گزار رہا ہے۔

-عیشۃٌ رَغْدٌ: فراخی و خوشحالی کی زندگی۔
(الرَّغِیْدُ): خوش گوار زندگی۔
(الرَّغِیدَۃُ): مونث الرَّغِید (۲) فرنی کی طرح دودھ اور آٹے کا پتلا حلوہ (۳) مکھن (ج) رَغائِد۔
(المَرْغَدَۃُ): باغیچہ (ج) مَرَاغِدُ۔
(رَغْرَغَ) العیش رَغَدَ۔
-فلانٌ: بھلائی میں ڈوبا ہوا ہونا۔
-الماشیۃ: جانور کا ہر روز جس طرح چاہے پانی پر جانا (۲) ترش گھاس کھا کر پانی پینا۔
-الابلَ: اونٹوں کو زبردستی ترش گھاس کھلانا۔
-الامرَ: چھپانا' پوشیدہ رکھنا۔
(المُرَغْرَغُ): کچا سوت جسے پختہ نہ کیا گیا ہو۔
(رَغَسَتِ) المراۃُ ـَ رَغْسًا: اولاد کی کثرت ہونا۔
-اللّٰہُ القومَ: اللہ تعالیٰ کا لوگوں کو بڑھانا۔
-اللّٰہ المالَ او الولدَ: اللہ تعالیٰ کا مال و اولاد میں برکت عطا کرنا۔
-اللّٰہُ فلانًا مالاً او ولدًا کثیرًا۔ اللہ تعالیٰ کا کسی کو مال و اولاد میں برکت اور کثرت عطا کرنا۔
(اَرْغَسَ) اللّٰہُ المالَ: مال میں برکت دینا۔
-مالاً: کسی کو بہت سا مال دینا۔
-نفسَہٗ: خود کو خوشحال کرنا۔
(رَغَّسَہٗ): اَرْغَسَہٗ۔
(اِسْتَرْغَسَہٗ): کمزور اور نرم سمجھنا یا پانا۔
(الرُّغْسُ) برھوتری' خیر و برکت (ج) اَرْغاس۔
(الرِّغْسُ) ولادت کے وقت بچے کے ساتھ نکلنے والی ریزش جیسی آلودگی (ج) اَرْغاس۔
(المُرْغَسُ) خوشحال زندگی۔
(المَرْغُوسُ) وجہٌ مرغوسٌ کھلا ہوا مبارک چہرہ۔
-رجلٌ مرغوسٌ: صاحب خیر و برکت' خوشحال آدمی۔
(المَرْغُوسَۃُ) الجھن' پیچیدگی۔ جیسے هم فی مرغوسۃ من امرھم (۲) بہت بچے جننے والی

عورت۔
(رَغَشَ) علیه ـ رَغْشًا: کسی کے خلاف ہنگامہ برپا کرنا۔ کہتے ہیں لا ترغش علینا۔
(الرَّغِیغَۃ) ابالے ہوئے دودھ کا جھاگ (۲) گرم کیا ہوا دودھ جس میں تھوڑا سا آٹا ملا دیا گیا ہو (یہ حالت نفاس والی عورت کے بنایا جاتا ہے) (۳) کھجور کے شیرہ سے بنایا ہوا ایک کھانا (۴) پتلا گندھا ہوا آٹا (۵) نرم گھاس (۶) عمدہ زندگی۔
(رَغَفَ) العجینَ گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا یا روٹی بنانا۔
(رَغَّفَ) العجینَ و نحوہٗ رَغَّفَہ
(الرَّغِیفُ): روٹی' آٹے کی ٹکیہ (ج) اَرْغِفَۃٌ و رُغْفَانٌ و رُغُفٌ۔
(رَغَلَ) اُمَّہٗ ـ رَغْلًا و رَغْلَۃً: بچہ کا ماں کے دودھ سے ایک گھونٹ پینا۔
(رَغِلَ): بے ختنہ ہونا۔
(اَرْغَلَ): غلطی کرنا' چیز کو غلط جگہ پر رکھنا۔
-الزرعُ: کھیتی کے خوشوں میں دانے بننا۔
-فلانٌ: بچوں جیسی حرکتیں کرنا (۲) بچوں جیسی باتیں کرنا۔
-الامُّ المولودَ: ماں کا بچہ کو دودھ پلانا۔
-الطائرُ فرخَہ پرندہ کا اپنے چوزہ کو دانہ کھلانا۔
(الاَرْغَلُ): غیر مختون۔
(الاَرْغُولُ): (دیکھئے: ارغول)
(الرُّغْلَۃُ): ماں کی غفلت میں اچانک پیا ہوا دودھ۔
(الرُّغْلَۃُ): وہ کھال جو ختنہ کرتے وقت کاٹی جاتی ہے۔ (ج) رُغَلٌ۔
(الرَّغُولُ) شاۃٌ رَغُولٌ بکری جو بھیڑ کا دودھ پیئے۔
-فلانٌ زُمٌّ رَغُولٌ ہر چیز جو ہاتھ لگے کھا جانے والا (ج) رُغُلٌ۔
(رَغَمَ) ـ رَغْمًا و مَرْغَمًا و مَرْغَمَۃً: ذلیل ہونا (۲) ناپسندیدگی کی بنا پر ذلیل ہونا۔
-رَغَمَ انفُہ: ناپسند کرنا' حدیث میں ہے (وان رغم أنفُ ابی الدرداء)
-الشیئَ کسی چیز کو مٹی کے ساتھ ملا دینا' خاک آلود کرنا۔
-فلانًا مجبور و ذلیل کرنا۔
(رَغِمَ) ـ رَغْمًا مٹی میں ملنا' خاک آلود ہونا (۲) ذلیل و حقیر ہونا۔ حدیث معقل بن یسار میں ہے (رغم انفی لأمر اللہ) (۳) کسی کام پر مجبور کیا جانا۔ ھو رَغِیمٌ (ج) رُغَمَاء و رِغَامٌ وھی رَغِیمَۃٌ (ج) رغائم۔
(اَرْغَمَہٗ): رَغَمَہٗ' اَرْغَمَ انفَہ: ناپسندیدہ ہونا۔
(رَاغَمَ): علیحدگی اختیار کرنا۔
-فلانًا علیحدہ ہو کر دشمنی پر اتر آنا۔
-فلانٌ لا یراغم شیئًا اذا لم یعوزہٗ شیئٌ: اگر اس کی کوئی چیز کم نہ ہو تو وہ قطعاً دشمنی یا علیحدگی نہیں کرتا۔
(رَغَّمَہٗ): رَغَمَہٗ۔ سجدہ سہو کی حدیث جس میں ہے (کانتا ترغیمًا للشیطان) (۲) کسی کو رغمًا کہنا۔ یعنی تم ذلیل ہو جاؤ۔
-فلانٌ انفَہ: ذلیل و خوار ہونا' عاجز ہونا۔
(تَرَغَّمَ) فلانًا: کسی کی مرضی کے خلاف کام کرنا۔
(الرَّاغِمُ): ذلیل' مجبور' مغلوب۔
(الرَّغَامُ): مٹی۔ القاہُ فی الرَّغام: ذلیل و رسوا کرنا۔
(الرُّغَامٰی): ناک (۲) پھیپھڑے کی نالی (۳) جگر بڑھنے کی بیماری۔
(الرُّغَامَۃُ): ضرورت' خواہش۔
(الرَّغْمُ): مٹی (۲) مجبوری۔ جیسے فعلہ علی رغمہ وعلی الرغم منہ وعلی رغم انفہ: یہ کام اس نے مجبوری کی حالت میں کیا۔
(الرُّغْمُ): مجبوری' ذلت' پستی۔
-فَعَلَہٗ علی رُغْمِہٖ: اس نے یہ کام مجبوری کی حالت میں کیا۔
(المُرَاغَمُ): جانے اور بھاگنے کی جگہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَمَنْ یُّهَاجِرْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ یَجِدْ فِی الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِیْرًا وَّسَعَةً﴾ (۲) قلعہ (۴) ٹھکانا۔
(المَرْغَمُ): ناک۔ کہاوت ہے مالی ذلك مرغمٌ مجھے اس سے باز رکھنے والی کوئی چیز نہیں۔
(المَرْغَمَۃُ): ضرورت۔ لی عندہ مَرْغَمَۃٌ مجھے اس کی ضرورت ہے (۲) ذلت و خواری (ج) مَرَاغِمُ۔
(رَغَنَ) الیہ ـ رَغْنًا: مائل ہونا۔ متوجہ ہونا (۲) کسی کی بات کو غور سے سننا اور قبول کرنا۔
-فیہ: لالچ کرنا۔
-فلانٌ: مزے سے کھانا پینا۔
-یومُ رَغْنٍ تفریح کا دن جس میں خوب مزے لے کر کھایا پیا جائے۔
(اَرْغَنَ): فرمانبردار ہونا۔
-الیہ رَغَنَ۔
-فلانًا لالچ دلانا۔
-الامرَ آسان کرنا۔
(الاَرْغُنُ). (دیکھئے: ارغن)
(الاَرْغُونُ) (دیکھئے: ارغن)
(رَغَا) ـ رَغْوًا۔ جھاگ دار ہونا۔
-البعیرُ و نحوہٗ رَغْوًا و رُغَاءً اونٹ وغیرہ کا بلبلانا' شور مچانا۔
-الصَّبیُّ: بچہ کا زور زور سے رونا۔
-الرعدُ: بجلی کڑکنا۔
-فلانٌ: زیادہ باتیں کرنا۔
(اَرْغٰی): جھاگ دار ہونا یا زیادہ جھاگ ہونا۔
-اَرْغٰی فلانٌ و اَزْبَدَ غصہ سے لال پیلا ہونا۔
منہ سے جھاگ نکلنا' دھمکی دینا۔ کہتے ہیں جئتُہ فما ارغی و لا اثغی میں اس کے پاس آیا لیکن اس نے نہ مجھے بکری دی نہ اونٹنی۔ یعنی کچھ نہ دیا۔
-البعیرَ و نحوہٗ اونٹ وغیرہ کو غصہ دلانا۔
-فلانًا غصہ دلانا' مغلوب کرنا' ذلیل کرنا۔
-فلانًا الحدیثَ: کسی سے کم بات کرنا۔
(رَغّی) الشیئُ جھاگ اٹھنا۔
-کلامٌ مُرَغٍّ غیر واضح کلام۔

-العيرَ و نحوهُ اونٹ وغیرہ کو غصہ دلانا۔
-فلاناً غضبناک کرنا۔
(ارتغی) الرّغوۃَ جھاگ پینا۔ کہاوت ہے (یُسِرّ حُسْوًا فی ارْتغاءٍ) ایسے شخص کے بارے میں جو ظاہر کچھ کرتا ہو اور عمل اسکے برخلاف ہو (۲) کفگیر یا چمچہ وغیرہ سے جھاگ اُتارنا۔
(تراغوْا) لوگوں کا مختلف جگہوں سے شور مچانا' کسی کا یہاں سے کسی کا وہاں سے۔ اسی سے ہے تراغت الرکابُ قافلوں میں کوئی یہاں بول رہا ہے کوئی وہاں بول رہا ہے۔
-علیه کسی کے خلاف ایک دوسرے کو چیخ چیخ کر بلانا۔ حدیث میں ہے: (انهم واللّٰه تراغوا علیه فقتلوه)
(الرّاغیة) اونٹنی۔ مالهٗ ثاغیةٌ ولا راغیةٌ اس کے پاس نہ بکری ہے نہ اونٹنی۔ یعنی اس کے پاس کچھ نہیں (۲) اونٹ کی بلبلاہٹ۔ مقولہ ہے کانت علیهم کراغیه البکر: وہ ان لوگوں کے لئے نحوست میں تو جوان اونٹ کی مانند تھی جیسا کہ حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کے نومولود بچہ کی آواز ان کے لئے بدبختی کی علامت تھی (ج) رَوَاغ۔
(الرُّغاءُ) اونٹ کی آواز' بلبلاہٹ (۲) عام آواز جیسے سمعت رغاءَ الرّغدِ۔ اسی سے ہے اتاك حیرٌ له رُغاءٌ تمہارے پاس خوب دولت آئی ہے۔
(الرُّغاوٰی) جھاگ (ج) رَغاوٰی۔
(الرُّغاوۃُ) جھاگ (ج) رَغاوٰی۔
(الرَّغّاءُ) زیادہ بولنے والا یا اونچی آواز سے بولنے جوش سے بولنے والا۔
(الرُّغوۃُ) جھاگ (ج) رُغًی۔
(المِرْغاۃُ) کف گیر یا چمچہ جس سے جھاگ اتارا جائے (ج) مَراغٍ۔

ر ..... ف

(رَفَأ) الثوبَ و نحوهُ ـَ رَفْئًا و رِفاءً کپڑے میں رفو کرنا' پھٹی ہوئی جگہ کو ملا کر سینا۔
بینهم صلح کرانا خرق ثوبَ المودّۃِ بالاساءۃِ و رَفَأهُ بالاحسان: محبت کے رشتہ کو بدسلوکی کر کے توڑنا اور عمدہ سلوک سے جوڑنا۔
- فلاناً تسلی دینا' غم خواری کرنا (۲) دوستی و تعلق قائم رکھنا۔
- السفینةَ جہاز یا کشتی کو بندرگاہ یا ساحل کے قریب لانا۔
(ارْفَأتِ) السفینةُ کشتی کا بندرگاہ یا ساحل کے قریب ہونا۔
- فلانٌ الیه: مائل ہونا' کسی کی طرف رجحان ہونا۔
- السفینةَ کشتی کو بندرگاہ یا ساحل کے قریب لانا۔
- فلاناً ہمدردی کرنا' میل جول رکھنا۔
(رَافَأهُ) مُرافأۃً و رِفاءً باہم موافقت کرنا (۲) ہمدردی کرنا' نرمی برتنا۔
- فی البیع بیع میں کسی کے ساتھ نرمی برتنا۔
(رَفّأهُ) ترفئة و ترفیئاً: کسی کو بالرّفاء والبنین کہنا (یہ دعا شادی کے موقع پر کہی جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ تم دونوں میں محبت اور تعلق قائم رکھے اور اولاد عطا کرے) شادی کی مبارکباد دینا۔
(الرِّفاءُ) اتحاد و اتفاق۔
(الرِّفاءۃُ) رفوگری کا پیشہ۔
(الرَّفّاءُ) کپڑوں کو رفو لگانے والا۔ هی رفّاءۃٌ۔
(المَرْفَأ) کشتیوں اور جہاز کے لنگر انداز ہونے کی جگہ' بندرگاہ (ج) مرافِئُ۔
(الیَرْفَئِیُّ) ڈر کی وجہ سے بے قابو ہو جانے والا (۲) ڈر کر بھاگ جانے والا (۳) شتر مرغ (نر) (۴) ہرن (۵) بکریاں چرانے والا' چرواہا۔
(اِرْفَأنّ) کمزور و ڈھیلا ہونا (۲) جوش کے بعد پُرسکون ہونا۔
- غضبُه غصہ ٹھنڈا ہونا۔
- عیشُه زندگی کا خوش گوار ہونا۔
(الرُّفَأنینةُ) زندگی کی آسودگی و خوشحالی۔
(رَفَتَ) ـُ رَفْتًا ٹوٹنا' ریزہ ریزہ ہونا (۲) کٹنا۔
- فلانٌ الشیءَ: توڑنا' چورہ چورہ کرنا' ریزہ ریزہ کرنا۔
(ترفّتَ) رَفَتَ۔
(الرُّفاتُ) ریزے' چورا' بوسیدہ۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَقَالُوْا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّ رُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا﴾
(الرُّفْتُ) توڑنے اور چورنے والا (۲) بھوسا' بھس۔
(رَفَثَ) فی کلامِهٖ ـُ رَفْثًا و رُفُوثًا فحش گوئی کرنا' گندی باتیں کرنا۔
(رَفِثَ) ـَ رَفَثًا رَفَثَ۔
(رَافَثَه) کسی کے ساتھ فحش باتیں کرنا۔
(ترافَثُوْا) باہم فحش گفتگو کرنا۔
(الرَّفَثُ) جماع' عورت کے ساتھ صحبت خواہی۔ قرآن مجید میں ہے ﴿اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ اِلٰى نِسَآئِكُمْ﴾
(رَفَدَهُ) ـِ رَفْدًا و رِفادۃً سہارا دینا' ٹیک لگانا (۲) تھامنا' روکنا۔
-فلاناً مدد کرنا (۲) دینا' عطیہ دینا۔
(رَافَدَهُ) مدد و تعاون کرنا۔
(رَفَّدَ) قدرے لپک کر چلنا۔
-القومُ فلاناً کسی کو سردار و مالک بنانا اور اس کی تعظیم کرنا۔
(ارْتفدَ) منه کسی سے اپنا حصہ لینا۔
-مالاً مال کمانا۔
(ترافدُوْا) باہم تعاون کرنا۔
(استرْفدَهُ) کسی سے حصہ مانگنا (۲) مدد مانگنا۔
(التّرْفِیدُ) سرین۔
(الرّافِدُ): بادشاہ کا قائم مقام جو اس کی عدم موجودگی میں ملک کا انتظام چلائے (ج) رُفّادٌ و رُفَّدٌ (۲) معاون نہر یا چھوٹی نہر جس کا پانی بڑی نہر میں جائے۔
-الرافدان دریائی دجلہ و فرات۔
(الرّافِدۃُ) ایک چھڑی یا وہ تمام چھڑیں جن کو

جو زکو عمارت کا ڈھانچہ بنایا جائے (ج)
(الرِفَادَةُ) زین یا کجاوہ کے پیچھے رکھ جانے والا زم موٹا کپڑا یا ان (۲) زمانہ جاہلیت میں نادار حاج کی ضیافت کو مال سے قریش کے لوگ اپنے مالوں سے نکال کر غریب حجاج کی ضیافت کے لئے رکھتے تھے) (۳) زخم پر باندھی جانے والی پٹی۔
(الرِّفْدُ) حصہ (۲) بڑا پیالہ۔ (۳) دودھ نکالنے کا برتن۔ کسی کی موت کے وقت کہتے ہیں اربق رفدُ فلان (ج) اَرْفَادٌ و رُفُودٌ۔
(الرِّفْدُ) الرَّفْدُ (۲) عطیہ بخشش انعام۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ﴾ حدیث میں ہے (من اقتراب الساعة ان یکون الفئ رِفدا) (۳) امداد (ج) اَرْفَادٌ و رفودٌ۔
(الرِّفْدَةُ) لوگوں کا گروہ (ج) رِفَدٌ۔
(الرَّفُوْدُ) بہت دودھ دینے والی اونٹنی جو ایک مرتبہ میں برتن کو بھر دے (ج) رُفُدٌ و رَفَائِدُ۔
(الرَّفِيْدَةُ) هو رفیدةُ صدقٍ وہ مددگار ہے (ج) رفائد۔
(الرَّوَافِد): چھت کی کڑیاں۔
(المَرْفَدُ) امداد تعاون۔
(المَرْفَدُ) بڑا پیالہ دودھ نکالنے کا بڑا برتن (ج) مرافِدُ۔
(المِرْفَدُ) وہ کپڑا یا گدی جس سے عورت اپنی سرین کو بڑا کرتی ہے (۲) بڑا پیالہ (۳) دودھ نکالنے کا برتن (ج) مرافِدُ۔
(رَفْرَفَ) الطَّائِرُ: پرندہ کا پروں کو کھولنا اور حرکت دینا (۲) کسی جگہ بیٹھنے کے لئے اس کے گرد پروں کو لہلہانا۔ حدیث میں ہے (رفرفت الرحمة فوق راسه)
-العلمُ پرچم کا لہلہانا۔
-المحمومَ: بخارزدہ شخص کا کانپنا۔ حدیث ام سائب میں ہے (انه مرّبها وهی ترفرف من الحمّی قال: مالك ترفرفين)
-الشئُ آواز نکالنا۔
-علیه شفقت و مہربانی کرنا۔

(الرَّفْرَافُ) پر، بازو (۲) نرشتر مرغ (۳) ایک قسم کی چڑیا۔ جس کی دم ہر وقت ہلتی رہتی ہے اور وہ پانی میں اپنا سایہ دیکھ کر اس پر ٹوٹ پڑتی ہے۔
-ثغرٌ رفرافٌ چمکدار دانت۔
(الرَّفْرَفُ) مچان یا دیوار میں لگا ہوا تختہ وغیرہ جس میں سامان رکھا جاتا ہے (۲) شیڈ یا چھوٹا سائبان جو گھر کے آگے دھوپ سے بچنے کے لئے نکالا جاتا ہے (۳) موٹر کے پہیہ پر نکلا ہوا مڈگارڈ (۴) خیمہ زرہ یا کرتہ کا لٹکا ہوا حصہ (۵) کونا، جانب، کنارہ (۶) پردہ۔
حدیث وفات الرسول ﷺ میں ہے: (فرفع الرفراف فراینا وجهه كانه ورقة تخشخش) (٦) چٹائی (۷) تکیہ۔
- ثوبٌ رَفْرَفٌ: باریک کپڑا۔ (ج) رفارف۔
(الرَّفْرَفَةُ) رفرفٌ کا واحد۔ غالیچہ خوشنما تکیہ۔
قرآن مجید میں ہے ﴿مُتَّكِئِيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ﴾ کہتے ہیں اقعدنی علی رفرفة بین یدیه (ج) رَفَارِفُ۔
(رَفَسَ) ـُ رَفْسًا و رِفَاسًا: ٹانگ مارنا۔
-فلانًا رَفْسًا و رُفُوسًا کسی کے سینہ پر ٹانگ مارنا۔
-الدَّابَّةَ چوپائے کے پیر میں رسی باندھنا۔
-الشئَ کوٹنا۔
(الرِّفَاسُ): وہ رسی جو چوپائے کی اگلی ٹانگ میں اوپر تک باندھی جائے جس کی وجہ سے وہ زمین سے اٹھ جائے۔
(الرَّفَّاسُ): چھوٹی دخانی کشتی (۲) کشتی کو گھمانے کی چرخی۔
(الرَّفُوس) دابّةٌ رفوسٌ: لات مارنے والا جانور (مذکر و مونث کے لئے) (ج) رُفُسٌ (مذکر کے لئے) ورُفُسٌ و رَفَائِسُ (مونث کے لئے)
(المِرْفَسُ) کوٹنے کا آلہ (ج) مرافِسُ۔
(رَفِشَ) فی الامرِ ـَ رُفُوشًا کسی معاملہ میں کشادگی و وسعت سے کام لینا۔

- الحبوبَ رَفْشًا غلہ کو بیلچہ سے اٹھانا یا سرکانا۔
-الطعامَ اچھی طرح کھانا۔
-الشئَ کوٹنا، باریک کرنا۔
(رَفِشَ) ـَ رَفَشًا کانوں کا بڑا اور چوڑا ہونا۔
هو اَرْفَشُ وهی رَفْشَاءُ ارفش الاذنین و رفشاء الاذنین سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے (انه کان ارفش الاذنین) (ج) رُفْشٌ۔
(اَرْفَشَ) کھانے اور مباشرت میں مشغول ہونا۔
-بالمکان ٹھہرے رہنا اور نہ چھوڑنا۔
(رَفَّشَ) لحیتَهُ داڑھی کو پھیلانا۔
(الرَّفْشُ) بے خوفی اور آسودگی کے ساتھ کھانا پینا۔ وَقَعَ فی الرَّفْشِ والقَفْشِ وہ عیش و عشرت اور عورتوں سے لطف اندوزی میں پڑ گیا (۲) وہ بیلچہ جس سے غلہ کو اٹھا کر اڑایا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے من الرَّفْشِ الی العرش ایسے شخص کے بارے میں جو معمولی زندگی سے نکل کر اعلیٰ مقام پر پہنچ جائے (ج) رُفُوشٌ و اَرْفَاشٌ۔
(الرَّفَّاشُ) بیلچہ کو غلہ سے سرکا کر تو لنے والے کو دینے والا۔
(المِرْفَشَةُ) بیلچہ (ج) مَرَافِشُ۔
(ارتفَضَ) السِّعْرُ بھاؤ بڑھنا۔
-ارتفضت السوق بالغلاء بازار میں مہنگائی ہوگئی۔
(تَرَافَضُوْا) الماءَ و غیرہ و علیه پانی وغیرہ کو باری باری لینا۔
(الرُّفْصَةُ): پانی پینے کی باری (۲) مشترکہ پانی (ج) رُفَصٌ۔
(الرَّفِيْصُ) پینے میں شریک۔
(رَفَضَ) الوادی ـِ رَفْضًا و رُفُوضًا وادی کا کشادہ ہونا۔
-النَّخلُ کھجور کے شگوفوں کا پھیلنا اور غلاف کا گر جانا۔
-الماشیةُ مویشی کا چراگاہ میں ادھر ادھر پھرنا

اور تنہا چرنا۔
-الشیئَ چھوڑنا' کنارہ کش ہونا (۲) پھینکنا' ہٹانا (۳) توڑنا۔
-الماشیة ـ فصتاً. جانور کو چرنے کے لئے آزاد چھوڑ دینا۔ھو مرفوضٌ و رفیضٌ۔
(رَفَّضَ) فی القِربة و نحوِها: مشکیزہ میں تھوڑا پانی چھوڑنا۔
(تَرَفَّضَ). متفرق ہونا' بکھرنا' منتشر ہونا' بہنا' پھیلنا۔
(ارفضَّ) ترَفَّضَ۔
-الدمعُ آنسو بہنا۔
-العرقُ: پسینہ بہنا۔ حدیث براق میں ہے (انه استصعب علی (النبی صلی الله علیه وسلم) ثم ارفضَّ عَرقًا وقرّ)
-الوجعُ. درد زائل ہونا۔
(استَرفَضَ) الوادی رَفَضَ۔
(الرَّافِضَةُ): تانیث الرَّافض (۲) سپاہیوں کی ایک جماعت جنہوں نے اپنے افسر کے احکام کو ٹھکرا کر واپسی اختیار کی (۳) شیعوں کا ایک فرقہ جو صحابہ کرام ؓ کی مذمت اور کردار کشی کو جائز سمجھتا ہے۔ان کو رافضہ اس لئے کہتے ہیں کیونکہ انہوں نے زید بن علی رضی اللہ عنہ کی یہ بات ماننے سے انکار کر دیا تھا کہ وہ شیخین (حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما) کو تنقید و ملامت کا نشانہ نہ بنائیں (ج) روافض۔
(الرَّافضیُّ) رافضی' مذہب رافضہ اختیار کرنے والا ھی رافضیَّةٌ۔
(الرُّفَاضُ) من الشیءِ: کسی چیز کا چورا' ٹکڑے۔
(الرِّفَاضُ). دائیں بائیں مڑنے والے راستے۔
(الرَّفَضُ) سیال چیز کی تھوڑی سی مقدار (۲) اتنی خوراک جو بدن کے لئے ضروری ہو۔
(الرَّفَضُ) ہر متفرق و بکھری ہوئی چیز (۲) لوگوں کا گروہ (۳) وہ تھوڑی سیال چیز جو برتن میں باقی ہو (۴) جسم کے لئے ضروری خوراک (۵) کسی چیز کا کنارہ' جانب (ج) رفوضٌ و رِفاضٌ و اَرْفاضٌ۔
-فی ارض کذا رفوضٌ من کلأٍ: زمین میں کسی کسی جگہ بکھری ہوئی گھاس ہے۔
-رفوضُ الارض. غیر مملوکہ یا نا قابل ملکیت زمینیں۔
(الرَّفْضُ): روافض کا عقیدہ۔
(الرَّفَضَةُ). بہت چھوڑنے والا' بہت ٹھکرانے والا۔
-ھو قُبَضَةٌ رُفَضَةٌ: وہ کسی چیز کو پکڑتا ہے پھر چھوڑ دیتا ہے۔
-راعٍ قُبَضَةٌ رُفَضَةٌ: وہ جانور کو ہانکتا ہے اور اس کی نگرانی کرتا ہے اور اس کو چرنے کے لئے آزاد چھوڑ دیتا ہے۔
(الرَّفَّاضُ): غیر مملوکہ زمینوں کی نگرانی کرنے والا۔وھی رَفَّاضَةٌ وھم رَفَّاضَةٌ۔
(الرَّفِیضُ) پسینہ (۲) ٹوٹی ہوئی چیز۔
(المَرْفَضُ): پانی کا راستہ' پانی گرنے کی جگہ (ج) مَرافِضُ۔
(رَفَعَ) القومُ ـ رَفْعًا: لوگوں کا ملک میں بڑھنا۔
-البعیرُ و نحوُهُ فی سیره: اونٹ وغیرہ کا بہت چلنا' تیز چلنا۔
-الشیءَ رَفْعًا و رِفاعًا: بلند کرنا۔قرآن مجید میں ہے: ﴿وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ﴾
-البناءَ عمارت کو اونچا کرنا۔قرآن مجید میں ہے: ﴿وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرَاهِيمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَإِسْمَاعِيلُ﴾
-الشیءَ اٹھانا' منتقل کرنا۔جیسے رفع الزَّرع بعد الحصاد الی الجرن: کھیتی کاٹنے کے بعد کھلیان پر لے جانا۔
- ارفع ھذا اسے ہٹاؤ یا اٹھا کر لے جاؤ۔
-وھو لا یرفع العصا عن عاتقه: وہ اپنے کندھے سے لاٹھی نہیں اٹھاتا۔یعنی وہ بہت سفر کرتا ہے یا اپنے متعلقین کی تربیت میں بہت سخت ہے۔
- یَدَہ عن الشیءِ رَفْعًا: کسی چیز سے ہاتھ روکنا۔
-فلانًا: ذکر خیر کرنا' شہرت دینا۔قرآن مجید میں ہے: ﴿وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ﴾ (۲) رتبہ بڑھانا' عزت دینا' فوقیت عطا کرنا۔قرآن مجید میں ہے: ﴿وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ﴾ کہتے ہیں .ھذا امرٌ یرفع الرأس یہ کام باعث عزت و شرافت ہے (۳) آگے بڑھانا۔ جیسے رفعه علی صاحبه فی المجلس۔
-صوتَه: آواز بلند کرنا۔
-الله عملَه: عمل قبول کرنا۔
-الشیءَ فی خزانته او صندوقه: کسی چیز کو صندوق وغیرہ میں چھپانا۔
-ذاتُ اللبن لبنها: دودھ دینے والے جانور کا دودھ نہ دینا۔
-فلانًا الی الحاکم رَفْعًا و رِفعانًا: حاکم کے سامنے مقدمہ کے لئے پیش کرنا۔
-الشیءَ رَوفعانًا: قریب کرنا۔
-الی السلطان رفیعةً: بادشاہ کے سامنے کوئی معاملہ پیش کرنا۔
-الیه عیونهم رَفْعًا. نگاہیں اٹھا کر دیکھنا۔کہتے ہیں: دخلت علی فلان فلم یرفع لی راسَه: میں فلاں سے ملاقات کے لئے گیا لیکن اس نے نہ مجھے دیکھا نہ میری طرف متوجہ ہوا۔
-فلانًا الی اصله: کسی کے نسب کو اس کی اصل تک لے جانا۔
-الحدیثَ الی قائله: حدیث کی سند کو اس کے اول قائل تک پہنچانا۔جیسے رفع الحدیث الی النبی صلی الله علیه وسلم۔
-الخبرَ پھیلانا' مشہور کرنا۔
-البعیرَ و نحوَه تیز چلنے پر ابھارنا' تیز چلانا۔
-الکلمةَ کلمہ کو رفع دینا یا لفظ کو مرفوع پڑھنا۔
-الحاسبُ الکسرَ حساب کرنے والے کا کسر کو صحیح عدد بنانا۔
-العقوبةَ او الضَّریبةَ سزا یا ٹیکس کو ختم کرنا۔
والشیءُ مرفوعٌ و رفیعٌ۔
-فلانٌ مرفوعٌ عن التکلیف فلاں پر

پابندی ختم کردی گئی ہے۔
(رُفِعَ)لَه الشخص: کسی کو دور سے دیکھنا۔
(رَفُعَ)ـُ رَفَاعَةً اونچی آواز والا ہونا۔
- الثوبُ والخیطُ: کپڑے یا دھاگے کا باریک ہونا۔
-فلانٌ رِفعةً و رِفَاعَةً قدر ومرتبہ کا بڑھنا۔ کہتے ہیں رفع فِي حَسبِهِ و نَسَبِهِ - هو رفیع وهی رفیعة۔
(رَافَعَه) رَفَعَه۔
-الی الحاکم وغیرہ: حاکم کے پاس شکایت لے کر جانا۔ کہا جاتا ہے: رَافَعَه و خَافَضَه ہر طریقہ پر گھمانا۔
(رَفَّعَ). ایسا دوڑنا کہ ایک دوسرے سے زیادہ تیز ہو۔ رَفَّعَ فی عدوِہ بھی کہتے ہیں۔
-الشيءَ: آگے کرنا۔
(اِرْتَفَعَ). بلند ہونا (۲) آگے ہونا (۳) منتقل ہونا (۴) زائل ہونا۔
-الشيءَ: بلند کرنا۔
(تَرَافَعَا)الی الحاکم: حاکم کے پاس فیصلہ کے لئے جانا۔
-المحامی عن المتهم امام القضاء: وکیلؔ کا ملزم کی پیروی کرنا (مو)
(تَرَفَّعَ): اِرْتَفَعَ۔
-عنه: احتراز کرنا' دامن بچانا۔
-الشيءَ: رَفَعَ۔
(استرفَعَ) الشيءُ: اُٹھائے جانے کا وقت آنا۔
-الشيءَ: بلند کروانا' اُٹھوانا۔
(الارتفاعُ). (علم ہندسہ کے مطابق) ستون کے اوپر سے نیچے تک کی لمبائی کو کہا جاتا ہے (مج)
(الرَّافِعُ) اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔
-برقٌ رافِعٌ: چمکنے والی بجلی۔
- ناقة رافعٌ: تھنوں میں دودھ روکنے والی اونٹنی۔
(الرَّافِعَةُ). خبر مشہور کرنے والا اور راز افشاں کرنے والا گروہ (۲) کسی چیز کو اُٹھانے کا آلہ۔
(مج)(ج) روافع۔
(الرِّفَاعُ): کٹی ہوئی کھیتی کی کھلیان کی طرف منتقلی۔ کہتے ہیں هذه ایام رِفَاع۔
(الرُّفَاعَةُ). آواز کی بلندی اور سختی کہتے ہیں: فی صوته رُفاعةٌ۔
(الرَّفْعُ): نحو میں اعراب کی ایک قسم رفع یا جو اس کے قائم مقام ہو (۲) روزہ کی نیت کرنے والے کا فجر سے قبل کھانے پینے سے ہاتھ روکنا (محدثہ)
(الرِّفْعَةُ): بلندی' شرافت' عزت' قدر و منزلت۔
(الرَّفیعةُ) حاکم کے سامنے پیش کیا ہوا مقدمہ' شکایات یا عرضی۔ کہتے ہیں: وَقَّعَ فی الرفیعة کذا: اس نے پیش کردہ معاملہ میں ایسے دستخط کئے (ج) رفائع۔
(المُرَافَعَةُ): دعویٰ دائر کرنے کی قانونی کاروائی' مقدمہ کی اپیل۔
- قانون المرافعات: وہ قانون جو عدالت میں دائر کئے جانے والے دعوؤں کے لئے طریقہ کار کی تعیین کرتا ہے (مج)
(المِرْفَاعُ). اوپر اُٹھانے کا آلہ۔
-المرفاع التُّرْسِیّ او الذِّراعِیُّ: جیک' موٹر کے پہیوں کو اُٹھانے کا آلہ۔
-المرفاع المائیُّ: آبی کرین' وہ آلہ جس کے ذریعہ پانی کے بہاؤ کے ذریعہ وزن اُٹھایا جاتا ہے (مج)
(المَرْفَعُ): کرسی (یمنی اصطلاح) (ج) مَرَافِع۔
-المرافع: عیسائیوں کے نزدیک وہ مقرر ایام جو روزہ سے پہلے ہوتے ہیں۔
(المِرْفَعُ): اُٹھانے کا آلہ (ج) مَرَافِعُ۔
(المرفُوعُ) من الحدیث: وہ حدیث جس کی سند رسول اللہ ﷺ تک پہنچی ہو۔
(رَفِغَ)ـَ رَفَغًا: بدن میں میل ہونے کی جگہ کا کشادہ ہونا (۲) کسی کے گوشت کے اندر تکلیف ہونا۔ هو اَرْفَغُ وهی رفغاء۔
(رَفُغَ)العیشُ ـُ رَفَاغَةً: زندگی کا خوشحال و آسودہ ہونا۔ هو رافِغٌ و رفیغٌ
(اَرْفَغَ) زندگی کا کشادہ خوشحال ہونا۔
-لَه العیشَ: کسی کی زندگی کو خوشحال وفراخ کرنا۔
(تَرَفَّغَ) خوشگوار زندگی والا ہونا۔
(الاَرْفَغُ)مِنَ العَیْشِ خوشگوار وفراخ زندگی۔
(الرَّفَاغَةُ). زندگی کی خوشحالی وآسودگی۔
(الرَّفَاغِیَةُ) زندگی کی فراخی وآسودگی۔
(الرُّفْغُ): سہولت ونرمی (۲) فراخی وخوشحالی (۳) زرخیز وشاداب جگہ (۴) قحط زدہ مقام (۵) بدن کا ہر وہ حصہ جہاں میل جمع ہو جاتا ہو (۶) کمینہ گھٹیا آدمی (ج) اَرْفُغٌ و رُفُوغٌ۔
(الرُّفَغْنِیَةُ) زندگی کی فراخی۔
(المَرَافِغُ): رانوں اور بازوؤں کی جڑیں (اس کا واحد نہیں ہے)
(رَفَّ) ـِ رَفًّا و رَفِیفًا و رَفَّةً پھڑکنا' پھڑپھڑانا۔ جیسے رفَّ الطائرُ پرندہ کا پروں کو پھڑپھڑانا۔
- العینُ او الحاجب آنکھ یا ابروؤں کا پھڑکنا۔ ابو العلاء کا شعر ہے

لم أدر الا الظنَّ ظنَّ الغائب
أبلك ام بالغیث رفَّ حاجبی

-النباتُ: پودوں کا سیرابی وشادابی کی وجہ سے لہلہانا۔
-البرقُ و غیرہُ بجلی وغیرہ کا چمکنا۔
-فلانٌ رَفًّا: زیادہ کھانا۔
-لَه و الیه. خوشی سے جھومنا۔
- رَفَّ فؤادي لحدیثه اس کی بات سے میرا دل خوش ہوا۔
-القومُ به. گھیر ڈالنا۔
-علیه النعمةُ او السّعادةُ: بھرپور خوشحالی وشادمانی حاصل ہونا۔
-لَه ـُ: کسی کے لئے کمانا۔
- لَه: کسی کی باعزت خدمت کے لئے کوشش کرنا۔
-فلانًا ـُ رَفًّا: دینا' کھلانا (۲) اعزاز واکرام کرنا۔ کہاوت ہے. ذهب من کان یحُفُّه

ویرُفه جو شخص اس کے ساتھ اعزاز و اکرام والا برتاؤ کرتا تھا، وہ رخصت ہو گیا۔
ماله حافٌّ ولا رافٌّ: اس کی دیکھ بھال کرنے والا کوئی نہیں۔
-الطعامَ زیادہ کھانا کھانا۔
-البقلَ و نحوہٗ: سبزی وغیرہ کو منہ بھرے بغیر کھانا۔
-الامَّ ماں کا دودھ پینا۔
اللبنَ روزانہ دودھ پینا۔
-الشیَ چوسنا، چسکیاں لینا۔
-المرأۃَ او شَفَتَیْھا: عورت یا اس کے ہونٹ چومنا۔
-الدَّابَّۃَ چوپائے کو بھوسا کھلانا۔
-البَیْتَ و غیرہٗ: گھر وغیرہ کی کارنس نکالنا۔
- الثوبَ وغیرہٗ: کپڑے کو لمبا کرنے کے لئے دوسرے کپڑے کے ساتھ ملا کر سینا۔
(رَفَّ) الثوبُ و نحوہٗ ـِ رَفِفًا: کپڑے کا باریک ہونا۔ ھو رَفِیفٌ۔
(اَرَفَّ) الدجاجۃ و نحوھا علی بیضھا مرغی وغیرہ کا اپنے انڈوں پر پر پھیلانا۔
(ارتفَّ) النباتُ نباتات کا لہلہانا۔
-البرقُ بجلی چمکنا۔
(الرُّفافُ) باریک بھوسا۔
(الرِّفافۃُ) خود کے نیچے لگائی جانے والی گدی وغیرہ (ج) رَفائفُ۔
(الرَّفُّ) کارنس (۲) دیوار سے لگا ہوا تختہ جس پر سامان رکھا جاتا ہے (۳) دیوار سے لگی ہوئی تختوں کی الماری۔ کہتے ہیں وَضَعَ الکتبَ علی الرف (۴) پرندوں کا جھنڈ (۵) نرم کپڑا (۶) چوسا جانے والا لعاب (۷) ذ کا کھانا (ج) رفوف و رِفافٌ۔
(الرِّفُّ) ہر روز کا پینا (۲) ہر روز جیسے اخذته الحُمّٰی رِفًّا۔
(الرُّفُّ) بھوسہ (۲) بھوسے کا چورا۔
(الرَّفّافُ) بہت چمکدار۔
ثغرٌ رَفّافٌ چمکدار دانت۔ وھی رَفّافَۃٌ۔
رَوْضَۃٌ رَفّافَۃٌ شاداب باغیچہ۔

(الرَّفَّۃُ) ایک دفعہ کی چمک (۲) عمدہ کھانا (۳) آنکھ یا ابرو کی پھڑ پھڑاہٹ ھو یتفاء ل من رفَّۃِ عینه الیمنٰی و یتشاءَ م من رفۃ الیسرٰی: وہ دائیں آنکھ کے پھڑکنے سے اچھی اور بائیں آنکھ کے پھڑکنے سے بری فال لیتا ہے۔
(الرُّفَّۃُ) الرُّفُّ۔
(الرَّفیفُ) چمک۔ کہتے ہیں: لثغرها رفیفٌ (۲) باریک کپڑا کہتے ہیں: ثوبٌ رفیفٌ (۳) تازہ اور شاداب درخت۔ کہتے ہیں: شَجَرٌ رَفیفٌ (۴) شادابی۔ کہتے ہیں: ارضٌ ذات رفیفٍ (۵) خیمہ کی چست یا لٹکا ہوا جھالر وغیرہ۔
- ذاتُ الرَّفیفِ: وہ درخت جن کے پودے اور درخت شادابی کی وجہ سے جھومتے ہوں (۲) وہ کشتیاں جن کو جوڑ کر پل بنایا گیا ہو۔
-شجرۃٌ رفیفۃٌ: شبنم آلودہ درخت۔
-(رَفَقَ) بہ ولہٗ و علیه ـُ رِفْقًا و مَرْفِقًا: نرمی و ہمدردی کا برتاؤ کرنا۔
-فی السیر: درمیانی چال چلنا۔
-فلانًا کسی کو کہنی مارنا۔
- البعیرَ اونٹ کو رفاق نامی رسی سے باندھنا۔
ھو رافقٌ و رفیقٌ۔
(رَفُقَ) فلانٌ ـُ رفاقۃً: ساتھی بننا۔ کہتے ہیں: کنتُ فی رفاقۃِ فلانٍ: میں فلاں آدمی کے ساتھ تھا۔ ھو رفیقٌ (ج) رُفَقاء وھی رفیقۃٌ (ج) رَفائقُ۔
-به ولهٗ و علیه رِفقًا نرمی کرنا۔
- رِفقًا لهٗ اس سے نرمی کرو۔
(اَرْفَقه) نرمی کرنا (۲) فائدہ پہنچانا۔
(رَافَقه) مُرافَقَۃً و رِفاقًا: کسی کا رفیق و ساتھی بننا، مرافقت اختیار کرنا۔ جیسے: رافَقَهٗ فی السفر و رافَقَتْهُ السَّلامَۃُ۔
- شیٌ مُرافِقٌ لکذا یہ چیز اس کے ساتھ ملی ہوئی ہے۔ ھی مُرافِقَۃٌ۔
(ارتفق) به نفع حاصل کرنا، مدد حاصل کرنا۔
-علیه: ٹیک لگانا۔ بِتُّ مرتفقًا میں نے اپنی کہنی پر ٹیک لگا کر رات گزاری۔
ارتفق علی عطفه و ساعدته و جاهه میں اس کی نرمی، کوشش اور عظمت پر بھروسہ کرتا ہوں۔
-القومُ: باہم دوست بن جانا۔
(ترافقا) ایک دوسرے کا ساتھی یا دوست بننا۔
(ترفَّقَ) به: رفق۔
-علیه: ٹیک لگانا۔
-به. فائدہ اٹھانا، مدد لینا۔
(استَرْفَقه) رفاقت اور ساتھ چاہنا۔ کہتے ہیں: استرفقته فأرْفَقَنی۔
(الأرْفَقُ) ھذا الامرُ اَرْفَقُ بك و علیك۔ یہ کام آپ کے لئے نفع بخش ہے۔
(الرّافِقُ) ھذا الامرُ رافقٌ بك و علیك یہ کام آپ کے لئے نفع بخش ہے۔
(الرّافِقَۃُ) نرمی، مہربانی۔ اولاہ رافقۃً وہ اس کے ساتھ نرمی سے پیش آیا۔
(الرِّفاقُ) اونٹ کے جاگنے کے خوف سے اس کی ٹانگ میں باندھی جانے والی رسی۔ (ج) رُفُقٌ و اَرْفِقَۃٌ۔
(الرُّفاقَۃُ) ساتھیوں کی جماعت۔
(الرَّفْقُ) ماءٌ رَفْقٌ: آسانی سے دستیاب پانی۔
- مرتعٌ رَفْقٌ عام چراگاہ جہاں سب جانوروں کا چرنا ممکن ہو۔
-حاجۃٌ رَفْقُ البُغْیَۃِ آسانی سے پورا ہونے والی ضرورت۔
(الرُّفْقَۃُ) ساتھیوں کی جماعت (ج) رُفَقٌ و رِفاقٌ (جج) اَرْفاقٌ۔
(الرُّفْقَۃُ) صحبت، معیت، رفاقت۔ کہتے ہیں: جَمَعَتْنِی و ایاہُ رُفقۃٌ واحدۃٌ ہم دونوں ایک ہی صحبت میں رہے۔
(الرَّفیقُ) مہربان، نرمی کرنے والا۔ کہتے ہیں ھو رفیقٌ به (۲) ساتھی، دوست، ہم نشین، ہم پیشہ (مفرد و جمع کے لئے) (۳) خاوند (۴)

کمیونسٹ معاشرہ کا ساتھی (محدثہ) (ج) رفقاء و رِفَاقٌ۔
-مَرْتَعٌ رفیقٌ ہلکی چراگاہ۔
-ھذا الامرُ رفیق بك و علیك: یہ کام آپ کے لئے نفع بخش ہے۔
(الرَّفیقةُ): تانیث الرَّفیق (۲) بیوی (ج) رفائق۔
(المُرافِقُ) ہم رکاب' مصاحب' کسی افسر یا قائد کا اردلی (محدثہ)
(المُرْتفَقُ) ہر نفع رساں چیز۔
(المَرْفِقُ) ہر وہ چیز جس کے فائدہ اٹھایا جائے' مدد لی جائے' ضرورت پوری کی جائے۔
-مرافق المدینة. شہری ضروریات جیسے بجلی' پانی' ذرائع آمدورفت۔
(۲) سہارا' تکیہ (۳) کہنہ (ج) مَرَافِق۔
(المِرْفَقُ): المَرْفِقُ۔
-مِرْفق الدار و نحوھا: گھر کی ضروریات جیسے غسل خانہ باورچی خانہ وغیرہ (ج) مَرَافِق۔
(المِرْفَقَةُ) تکیہ گدا' بستر۔ کہتے ہیں: توَکَّأ علی المِرْفقة وارتفق علیھا۔
- بتُّ مُرْتفقًا والرَّملُ مرفقتی: میں اس حال میں رات گزاری کہ کہنی میرا تکیہ اور ریت میرا بستر تھی (ج) مرافق۔
(رَفَلَ) ـُ رَفْلاً و رُفُولاً وَرَفَلاناً: دامن گھسیٹ کر اور متکبرانہ انداز میں چلنا۔
- البئرَ و نحوھا: کنویں وغیرہ کو پانی سے بھرنا۔
(أرْفَلَ): رفل۔
-فی ثیابہ. لباس کو دراز کر کے اتراتے ہوئے چلنا۔
-ثوبَہ او إزارہ او ذیلہ: کپڑے وغیرہ کو دراز کرنا' ڈھیلا کرنا' لٹکانا۔
-القومُ فلاناً لوگوں کا کسی کو سردار بنا کر اس کی تعظیم کرنا۔
(رَفَّلَ) فی ثیابہ او فی اشیتہ رَفَلَ۔
ثوبَہ او ازارہُ او ذَیْلَہ: ناز و انداز سے اکڑ کر چلنا۔
- القومُ فلاناً سردار بنانا' تعظیم کرنا۔
-الملكُ فلاناً بادشاہ کا کسی کو حاکم یا افسر بنانا (۲) تعظیم کرنا (۳) مالک بنانا' بادشاہ بنانا۔
کہتے ہیں: حکَّمَ فلاناً و رَفَّلَه. کسی کو حاکم بنانا' بڑا اور چیدہ دینا۔
- البئرَ و نحوھا: کنویں وغیرہ کو پانی سے بھرنا۔
(ترَفَّلَ) فلانٌ ترفُّلاً. اکڑ کر چلنا' اترا کر چلنا۔
(ترَفَّلَ) رَفَلَ۔
-فی ثیابہ او مشیہ: متکبرانہ انداز میں چلنا۔
-علیھم: امیر یا حاکم بننا۔
(التَّرفیلُ): (علم عروض کے مطابق) سبب قافیہ میں زیادتی کو کہتے ہیں۔ جیسے: متفاعلن پر تن کا اضافہ کر کے متفاعلاتن کہا جائے۔
(الرِّفَالُ): لمبا طویل۔ جیسے شعرٌ رِفالٌ و ثوبٌ رِفالٌ (ج) رُفُل۔
(الرِّفْلُ): دامن (ج) رُفُولٌ و أرْفالٌ۔
(الرِّفْلُ) من البئرِ و نحوھا: کنویں کے پانی کی بڑی مقدار (ج) ارفالٌ۔
(الرِّفَلُّ): لمبے دامن والا کپڑا (۲) لمبی دم والا چوپایہ (۳) ڈھیلی کھال والا (۴) خوشحال اور فراخ زندگی (۵) زیادہ گوشت والا۔ وھی رِفَلَّة۔
-عیشةٌ رِفَلَّةٌ خوشگوار زندگی۔
(المِرْفالُ) بہت زیادہ اکڑنے اور اترانے والا۔ کہتے ہیں۔ رجلٌ مِرْفالٌ و امرأةٌ مرفالٌ (ج) مرافیل۔
(المِرْفَلَةُ) فراخ و ڈھیلا لباس جسے گھسیٹ کر اکڑتے ہوئے چلا جائے (ج) مرافل۔
(رَفَهَ) ـَ رَفْهًا و رُفُوھًا خوشحال و آسودہ ہونا۔ ھو رافِہٌ وھی رافِھةٌ۔
-عیشُہ: زندگی کا آسودہ اور خوشگوار ہونا۔
-فلاناً کسی پر مہربانی و نرمی کرنا۔
(رَفُہَ)ـُ رَفَاھَةً و رفاھِیَةً: رَفَہَ — ھو رَفِیہٌ و رَافِہٌ۔
(أرْفَہَ): رَفَہَ۔
- فلانٌ. کھانے' پینے اور لباس کی وسعت والا ہونا' (۲) مطمئن و بے فکر ہونا۔ کہتے ہیں أرْفِہْ عندی میرے پاس ٹھہرو اور آرام کرو (۲) بالوں میں ہر روز کنگھی کرنا اور تیل لگانا۔
-فلاناً. خوشحال بنانا۔
(رَفَّہَ) أرْفَہَ۔
-نفسَہ: راحت پہنچانا' دل جمعی کرنا۔
کہتے ہیں رَفِّہْ عندی تم میرے پاس دلجمعی سے رہو۔
- عنہ: کلفت دور کرنا' بار خاطر ہلکا کرنا (۲) آرام پہنچانا' تھکاوٹ اور دل کی گھٹن دور کرنا۔
-رَفَّہَ عن انفاسہ و رفَّہَ من حماقہ کلفت دور کرنا۔
-علیہ ڈھیل دینا' مہلت دینا۔
(ترَفَّہَ) رَفَّہَ۔
(اسْتَرْفَہَ) تَرَفَّہَ کہتے ہیں اسْتَرْفِہْ عندی میرے پاس راحت و آرام سے رہو۔
(الرَّفاھَةُ) و (الرَّفاھِیَةُ) خوشحالی آسودگی۔
(الرُّفَھَةُ) رحم و شفقت۔
(الرُّفَھْنِیَةُ): رحم و شفقت' مہربانی۔
-ھو فی رُفَھْنِیَةٍ فی العیش وہ مزے کی زندگی گزار رہا ہے۔
(رَفَا) ـُ رَفْوًا شادی کرنا۔
- الثوبَ و نحوَہُ من کل منسوج کپڑے کو رفو کرنا۔
-الخرقَ. کپڑے کی پھٹن کو سینا۔
-فلاناً: دلاسا دے کر خوف دور کرنا۔
(أرْفَتِ) السفینةَ: کشتی کا بندرگاہ سے قریب ہونا۔
-الیہ مائل ہونا (۲) پناہ لینا۔
-السفینةَ. کشتی کو ساحل کے قریب کرنا۔
-فلاناً. دل جوئی کرنا۔
(رَافَاہُ) مُرافاۃً و رِفَاءً موافقت کرنا (۲) دلجوئی کرنا' ہمدردی کرنا۔
(رَفَّی) المتزوِّجَ شادی شدہ کو "بالرفاء والبنین" (میل ملاپ اور اولاد) کی دعا دینا۔

(ترافقوا) علی الأمرِ: کسی بات پر سب کا متفق ہونا۔
(الرِفَاءُ) شادی شدہ کو بطور دعا کے "بالرِّفاءِ والبنین" "(میل ملاپ اور اولاد) کی دعا دینا۔
(الرِّفَةُ) بھوسا۔ کہاوت ہے: (اغنی من التُّفَةِ عن الرِّفَةِ) پیٹ بھرے ہوئے کمینہ کے بارے میں کہا جاتا ہے۔
(الرَّفَاءُ) رفوگر۔ ھی رَفَّاءَۃٌ۔

ر.......ق

(رَقَأَ) الدَّمْعُ والدَّمُ و نَحوُهُمَا - رَقْئاً و رُقُوءً ا آنسو یا خون کا بند ہو جانا، خشک ہو جانا۔
-دمُ القاتِلِ خون بہا دیئے جانے سے قاتل کا خون معاف ہو جانا۔
-بینهم او مابینهم۔ صلح کرانا۔ کہتے ہیں: ارقأ عَلٰی ظَلْعِكَ: تم اپنی آپ پر رحم کرو اور طاقت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالو۔ یا پہلے اپنی اصلاح کرو۔
(اَرْقَأَه) خون بند کرنا۔
-العرقَ رگ سے خون بہنے کو روکنا۔
-الدمعَ و نحوہٗ آنسو وغیرہ کو روکنا۔ کہتے ہیں لا اَرْقَأَ اللّٰہُ دَمْعَتَه ولا اَرْقَأَ عینَه: خدا کرے اس کے آنسو کبھی خشک نہ ہوں (بطور بد دعا کے کہا جاتا ہے)
-دمَ فلانٍ کسی کے خون کو محفوظ کرنا۔
(الرَّقُوءُ) لوگوں کے درمیان صلح کروانے والا (۲) خون روکنے کی دوا یا ذریعہ۔ کہتے ہیں سکن النَّزفُ بالرقوءِ دوا سے اس کا خون بند ہو گیا۔ الذِّبَةُ رَقُوءُ الدَّمِ دیت خون روکنے کا ذریعہ ہے۔ قیس بن عاصم نے اپنے بیٹے کو نصیحت کی تھی (لاتسبّوا الابلَ فان فیها رَقُوءَ الدَّمِ ومَهرَ الکریمة)
(رَقَبه) - رَقْباً و رُقُوباً و رَقَابَةً نظر رکھنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿إِنِّي خَشِيتُ أَنْ تَقُولَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِي﴾ (۲) حفاظت کرنا، نگرانی کرنا۔ کہتے ہیں اَرْقُبْ فلاناً فی اھلهٖ حدیث میں ہے (ارقُبوا محمداً فی اهل بیته) (۳) بچنا، محتاط رہنا۔
-النجمَ۔ ستاروں کو تاکنا۔
-فلاناً رَقْباً: کسی کی گردن پر مارنا (۲) گلے میں رسی وغیرہ ڈالنا۔
(رَقِبَ) - رَقَباً: گردن کا موٹا ہونا۔ ھو اَرْقَبُ وھی رَقْبَاءُ (ج) رُقْبٌ۔
(اَرْقَبَه) داراً او اَرْضاً: کسی کو گھر یا زمین بطور رقبیٰ دینا (دیکھئے رُقبیٰ)
(رَاقَبَه) مراقبةً و رِقَاباً: نگرانی و حفاظت کرنا۔ کہتے ہیں: رَاقَبَ اللّٰہَ او ضمیرہ فی امرہٖ: اس نے اپنے معاملہ میں اللہ کا خوف دل میں رکھا یا اپنے ضمیر کو ملحوظ خاطر رکھا۔
-فلانٌ لا یُرَاقِبُ اللّٰہَ فی امرہٖ: فلاں اپنے معاملہ میں خوف خدا نہیں رکھتا۔
(ارتَقَبَ): بلند ہونا، بلندی پر چڑھنا۔
-الشیْ: منتظر رہنا، نگاہ رکھنا۔
(ترَقَّبَه): ارتقبه۔
(الرِّقَابَةُ) نگرانی، حفاظت، دیکھ بھال (۲) کتابوں یا اخبارات وغیرہ کی چھان بین، سنسر شپ (محدثہ) (۲) اقتصادیات کے مطابق اشیاء صرف کی قیمتوں میں حکومت یا مرکزی بنک کی مداخلت۔ اسے رقابة الصرف کہتے ہیں (مج)
(الرُّقْبیٰ) نگرانی، حفاظت (۲) ایک شخص کا دوسرے کو مکان اور زمین اس شرط پر دینا کہ دونوں میں سے جو پہلے مر جائے وہ مکان اور زمین زندہ رہنے والے کی ہوگی (اگر لینے والا پہلے مر گیا تو وہ زمین پھر دینے والے کی ہو جائے گی اسی بنیاد پر ہر ایک دوسرے کی موت کا منتظر رہتا ہے)
(الرِّقْبَةُ) نگرانی کی کیفیت۔ جیسے ھو حسن الرِّقْبَة او متّقی الرِّقبة (۲) تحفظ، بچاؤ (۳) گھبراہٹ۔
-وَرِثَ مالاً مِنْ رِقْبَهٖ اسے آباء و اجداد سے مال وراثت میں نہیں ملا بلکہ بنا پر قرابت اس شخص کا مال ملا جس کے وارث نہ تھے۔
-وَرِثَ مجداً عن رِقْبَةٍ اسے عظمت اہل قرابت سے ملی اس کے آباؤ اجداد اہل عظمت نہ تھے۔
(الرُّقْبَةُ): وہ گڑھا جس میں چیتے کا شکار کیا جائے (ج) رُقَبٌ۔
(الرَّقَبَةُ): گردن، اس کا اطلاق پورے بدن انسانی پر بھی ہوتا ہے (تسمیة الشئ باسم بعضه) (۲) غلام، مکاتب جیسے اعتق رقبةً اور اعتق اللّٰہُ رَقَبَتَهٗ اللہ تعالیٰ نے اسے چھٹکارا دلایا (۳) موسیقی میں عدد کے بکس کا بالائی حصہ (مج) (ج) رِقَابٌ و رَقَبٌ۔
(الرَّقَّابَةُ)۔ سامان وغیرہ کا پہرے دار، محافظ۔
(الرَّقُوبُ): جس مرد کا کوئی بچہ باقی نہ رہتا ہو (۲) جس عورت کا بچہ نہ بچتا ہو (۳) بے روزگار، کسب معاش سے معذور مرد یا عورت (۴) وہ عورت جو وراثت کے حصول یا دوسرے شخص سے شادی کے لئے خاوند کی موت کا انتظار کرے۔
-اُمُّ الرَّقُوبِ مصیبت۔
(الرَّقِیبُ) اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام۔ یعنی ایسا نگہبان جس سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں (۲) جو کسی بھی کام کی نگرانی کرے (۳) پہریدار (۴) محافظ (۵) لشکر کا ہراول دستہ (۶) جوا کھیلنے والوں کا محافظ جو کھیلنے والوں کی حدود کی حفاظت کرتا ہے (۷) جوئے کے تیروں میں سے تیسرا تیر (۸) سنسر کرنے والا۔ کتب، اخبارات، لٹریچر کی اشاعت سے پہلے جانچ پڑتال کرنے والا تاکہ اس میں اگر حکومت یا اخلاقیات کے خلاف کوئی بات ہو تو اسے حذف کر دے اور داخلہ و اشاعت سے روک دے (محدثہ) (ج) رُقَبَاءُ۔
(المُرَاقِبُ) نگران، سپروائزر، مشاہد، کنٹرولر، اتالیق، سپرنٹنڈنٹ اور سیر۔
(المُرَاقَبُ) زیر حراست (ایسا مجرم جسے پولیس امن و امان کی حفاظت کے لئے اپنی نگرانی میں رکھے) (محدثہ)
(المَرْقَبُ)۔ نگرانی کرنے کی جگہ (ج)

مراقب۔
(المَرْقَبَةُ) نگرانی کرنے کی جگہ (ج) مراقب۔
(رَقَحَ)۔َ رَقْحًا و رَقَاحَةً: مال کمانا' کہتے ہیں ھو راقحۃٌ لاھلھم وہ اپنے اہل وعیال کے لئے مال کماتا ہے۔
-الشئَ: کسی شے کا انتظام واصلاح کرنا۔ ھو مرقوحٌ و رقیحٌ۔
(رَقَّحَ) مَالَه او عَیْشَه: مال یا زندگی کا بہترین نظام بنانا۔
(ارتَقَحَ) راسُ المال: تجارت وغیرہ کا بذریعہ سرمایہ بڑھنا۔
(تَرَقَّحَ): کمائی کرنا' روزی کمانے کی تدبیر کرنا۔ ترَقَّحَ لعیالہ۔
(الرَّقَاحِيُّ): مال کو صحیح مصرف میں لگانے والا تاجر۔ ھو رقاحیُّ مالٍ: وہ مال کمانے والا اور اس کا اچھا منتظم ہے۔ ھِیَ رَقَاحِیَّۃٌ
(رَقَدَ)۔ُ رَقْدًا و رُقُوْدًا و رُقَادًا: سونا۔
-عن الامرِ: سستی کرنا' پست ہمت ہونا' تاخیر کرنا' غفلت برتنا۔
-عن الضَیف: مہمان کا اکرام نہ کرنا۔
-الحرُّ و نحوہُ: گرمی وغیرہ کا کم ہوجانا۔ ھو راقدٌ (ج) رُقودٌ و رُقَّدٌ۔
(أرْقَدَہ): سلانا۔
-الدَّواءُ: دوا وغیرہ کا کسی کو سلا دینا۔
-المکانَ وبہٖ: رہائش پذیر ہونا۔
(رَقَّدَہ): سلانا۔
(تَرَاقَدَ): سویا ہوا ظاہر کرنا۔
(ارقَدَّ): تیز تیز چلنا۔
-فی امورہٖ: معاملات میں جلدی کرنا۔
(استرقَدَ) کسی پر نیند کا غلبہ ہونا۔
(الرَّاقودُ) گہرا بڑا مٹکا۔
(الرَّقْدَۃُ) آدھا مہینہ یا اس سے کم رہنے والی گرمی۔ کہتے ہیں اصابتنا رَقدۃٌ من حَرٍّ: ہم سخت گرمی میں مبتلا ہوئے۔
(الرَّقُوْدُ). امراۃٌ رقودُ الضُّحی: عیش و عشرت والی عورت۔ (جو دن چڑھے تک سوئی رہے) (ج) رُقُدٌ۔
(المَرْقَدُ) خواب گاہ' آرام گاہ' ہونے کی جگہ (۲) قبر۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿قَالُوا یَاوَیْلَنَا مَنْ بَعَثَنَا مِنْ مَرْقَدِنَا﴾ (۳) نیند (ج) مَرَاقِدُ۔
(المُرْقِدُ) خواب آور دوا جیسے افیون وغیرہ۔
(رَقْرَقَ) الماءَ وغیرَہ: پتلی دھار سے پانی وغیرہ ڈالنا۔
-عینَہ: آنسو بہانا۔
-الشرابَ: شراب میں پانی ملانا۔ کہتے ہیں رقرق الخمرَ بالماءِ۔
-الثریدَ بالدسم: ثرید میں روغن ملانا۔
-الطیبَ فی الثوب وغیرہ: کپڑے وغیرہ پر خوشبو لگانا۔ رقرق الثوبَ بالطیب بھی کہا جاتا ہے۔
(تَرَقْرَقَ) الماءُ وغیرُہ: پانی میں ہلکی لہریں اٹھنا' آہستہ آہستہ بہنا۔
-الدمُ فی العین: آنکھ میں آنسو ڈگمگانا۔
-عینُہ: آنکھ کا آنسو بہانا۔
-السرابُ و نحوہُ: سراب وغیرہ کا چمکنا۔
-الشمسُ فی طلوعِھا و نحوہٖ: سورج کا بوقت طلوع گھومتا ہوا دکھائی دینا۔
-الحیوان للسِّمَنِ او الھُزال: جانور میں موٹاپے یا کمزوری کے آثار دکھائی دینا۔
(الرُّقَارِقُ): چمکدار لہراتا ہوا (۲) تھوڑا پانی (۳) پتلا کپڑا یا شراب (۴) چمکدار تلوار۔
(الرِقْرَاقُ): الرُّقارِقُ (۲) چمکدار چیزیں (۳) آنکھ میں ابھرا ہوا آنسو (۴) آنے جانے والا بادل (۵) چمکدار متحرک سراب۔ وھی رقراقۃ۔
-جاریۃٌ رقراقۃٌ: آبدار چہرے والی لڑکی۔
-رقراقۃُ البشرۃ: سفید و چمکدار جسم والی۔
(رَقَشَہ)۔ُ رَقْشًا: بیل بوٹے بنانا' سجانا' مزین کرنا۔
-الکتابَ اَوِ الکلامَ: لکھنا' نقطہ لگانا' سطر لگانا۔
-النَّمامُ کلامَہ و المعاتبُ عتابَہ: چغل خور اور ملامت گر کا اپنی چغل خوری اور ملامت سے مراد برآری کے لئے حسین انداز میں پیش کرنا۔
(رَقِشَ)۔َ رَقَشًا و رُقْشَۃً رنگ برنگ کا ہونا' چتکبرا ہونا۔ ھو اَرقَشُ وھی رَقْشَاءُ۔ (ج) رُقْشٌ۔
(رَقَّشَہ) رَقَشَہ۔
-فلانًا ملامت کرنا۔
(ارتَقَشُوا) مخلوط ہونا' خلط ملط ہونا۔
کہتے ہیں: ارتَقَشُوا فی القتال وہ لڑائی میں گتھم گتھا ہوگئے۔
-فلانٌ: زیب و زینت کا اظہار کرنا۔
(ترَقَّشَ): مزین ہونا' سجنا۔ کہتے ہیں ھو یترقَّشُ للناس ترَقَّشَتِ المراۃُ۔
(الرَّقْشُ): خوبصورت لکھائی (ج) رقوشٌ۔
(الرَّقَاشُ): سانپ۔
(الرَّقْشَاءُ) سانپ (۲) گھاس میں پیدا ہونے والا چتی دار پودا۔
(الرَّقْشَۃُ) چتی دار رنگ (۲) وہ رنگ جس میں مختلف رنگوں کی آمیزش ہو۔
(رَقَصَ)۔ُ رَقْصًا: ناچنا' رقص کرنا۔ ڈانس کرنا (۲) آوارہ پھرنا۔
-النبیذ: نبیذ کا جوش مارنا۔
-فی الکلام: بولنے میں جلدی کرنا۔
-الجملُ رقصًا و رَقَصًا و رَقَصَانًا اچھل اچھل کر چلنا' دوڑنا۔
(اَرْقَصَ) فی سیرہٖ: تیز اور اچھل اچھل کر چلنا۔
- فلانًا: نچانا' ناچنے پر اکسانا۔ اَرقَصَتِ المراۃُ ولدَھا۔ عورت نے اپنے بچے کو نچایا۔
- فلان الدابۃَ: جانور کو تیز چلانا۔ کہتے ہیں فلاۃٌ مرقصۃ۔ تیز چلانے والا جنگل۔
ھذا کلامٌ مُرقِصٌ و قصیدۃٌ مُرقِصَۃٌ وجد آفرین کلام یا نظم۔
(رَقَّصَہ) اَرْقَصَہ۔
(ترَقَّصَ) رَقَصَ۔
-ترَقَّصَتِ المفازۃُ صحرا کا ریت چمکانا۔

(الرَّاقِصَةُ) ناچنے والی، رقاصہ۔
- لیلةٌ راقِصَةٌ و حفلةٌ راقِصَةٌ. وہ رات یا محفل جس میں ناچ ہو۔
(الرَّقْصُ) ناچ، ڈانس (ساز وغیرہ کے ساتھ مخصوص جذبات و احساسات کے اظہار کے لئے جسم کے کسی ایک یا تمام حصہ کو حرکت دینا) (مج)
(الرَّقَصُ) بد کلامی۔ کہتے ہیں: سمعتُ رَقَصَ الناسِ علینا۔
-لَه رَقَصٌ فی کلامِهِ اس کے کلام میں تیزی ہے۔
(الرَّقَّاصُ) بہت ناچنے والا (۲) ناچنے کا پیشہ کرنے والا (۳) گھڑی کا پنڈولم۔
(الرَّقَّاصَةُ) رقاصہ، ناچنے والی (۲) وہ زمین جو سیرابی کے باوجود کچھ نہ اگائے۔
(المَرْقَصُ) ناچنے کی جگہ (ج) مَرَاقِصُ۔
(المَرْقَصَةُ) ناچنے کی جگہ (ج) مَرَاقِصُ۔
(رَقَطَه)ـُ رَقْطًا سفید و سیاہ نقطے ڈالنا، چتکبرا کرنا۔
(رَقِطَ)ـَ رَقَطًا سفید و سیاہ نقطوں والا ہونا۔ چتکبرا ہونا۔ هو اَرْقَطُ وهی رقطاءُ (ج) رُقْطٌ۔
(رَقَّطَه) رَقَطه۔
- علی ثوبه کپڑے پر دھبے ڈالنا، سفید و سیاہ نشان ڈالنا۔
(تَرَقَّطَ) دھبے پڑنا، چھینٹے پڑنا۔
(ارقَطَّ) تَرَقَّطَ۔
- العَرْفَجُ وغیرُه عرفج نامی درخت کی سیاہی میں دھبے ہونا یا اس کی لکڑیوں میں ناخن جیسے ریشے ہونا۔
(ارقاطَّ) ارقَطَّ۔
(الأَرْقَطُ) چیتا (۲) وہ جانور جس کا رنگ چتکبرا ہو (ج) رُقْطٌ۔
(الرَّقَطُ) دھبے، چتکبرا پن۔ (ج) اَرْقاط۔
(الرَّقْطاءُ) تانیث الأَرْقَطِ (۲) ایک قسم کا سانپ، چتکبرا سانپ (۳) وہ ثرید یا سالن جس پر روغن کے دھبے دکھائی دیں (ج)
رُقْطٌ۔
(الرُّقْطَةُ) دھبا، چتی، بندکی (سیاہ و سفید یا سرخ و زرد رنگ کا داغ) (ج) رُقَطٌ۔
(رَقَعَ) الشَّيْخُ و نحوهُ ـَ رَقْعًا: بوڑھے یا کمزور آدمی کا کھڑے ہوتے وقت ہتھیلیوں کا سہارا لینا۔
-فی سیرہ. تیز چلنا۔ مَا رَقَعَ فلانٌ مَرْقَعًا: اس نے کچھ نہیں کیا۔
- الثوبَ والحذاءَ و نحوهما رَقْعًا و رُقْعَةً: کپڑے یا جوتے وغیرہ پر پیوند لگانا۔
-البناءَ و نحوهُ. عمارت وغیرہ کو سہارا دے کر مضبوط کرنا۔
- امورَهُ و حالَه. معاملات و حالات کی اصلاح کرنا۔
- فلانًا. مارنا۔ کہتے ہیں: رَقَعَه بکفٍّ او بسوطٍ ہاتھ یا کوڑے سے مارنا۔
- رَقَعَه کفًّا ہاتھ سے مارنا۔
- رَقَعَ الهدفَ بسهمٍ. نشانہ پر تیر مارنا۔
- رَقَعَ الارضَ برجلهِ. زمین پر پاؤں مارنا۔
(۲) ہجو کرنا، گالی دینا۔ هو مرقوعٌ و رقیعٌ۔
(رَقُعَ)ـُ رَقَاعَةً بے وقوف ہونا۔ هو رَقِيعٌ (ج) رُقَعَاءُ، وهی رَقِيعَةٌ (ج) رقائع۔
(اَرْقَعَ) الثوبُ وغیرُه کپڑے وغیرہ کا قابل مرمت ہونا۔
-فلانٌ بے وقوفی کرنا۔
(رَاقَعَ) الخمرَ شراب کا عادی ہونا۔
(رَقَّعَه) اَرْقَعه۔
-البناءَ و نَحْوَهُ عمارت وغیرہ کو مضبوط کرنا۔
- امواله او معیشتَه مال و معیشت کا بہترین انتظام کرنا۔
- الحدیثَ و نحوهُ کلام میں حذف و اضافہ کرنا، اصلاح کرنا۔
(ارْتَقَعَ) ما ارْتَقِعُ لَه او بِه میں اس کی کوئی پرواہ نہیں کرتا۔ ما ترتقعُ منی بِرِقَاعٍ تم میری نصیحت نہیں مانتے۔
(تَرَقَّعَ) مال لانا، کمائی کرنا (۲) مضبوط ہونا (۳) درست ہونا۔ کہتے ہیں اری فیه
مترقَّعًا: وہ قابل مذمت ہے، فیه مترقَّعٌ وہ قابل اصلاح ہے۔
(استَرْقَعَ): پیوند لگانے یا مرمت کے قابل ہونا۔ کہتے ہیں. استرقع الثوب اور استرقعت حالُه۔
(الارْقَعُ). بے وقوف (۲) آسمان دنیا (نچلا آسمان) (ج) رُقْعٌ۔
(التَّرْقِيعُ). (ترقیعُ الجروح) جلدی پیوند کاری (زخم پر آپریشن کے بعد بدن کے کسی حصہ کی کھال کاٹ کر لگانا) (مج)
(الرَّقَاعَةُ). کم عقلی، نادانی (۲) بے حیائی۔
(الرَّقَاعِيُّ): مال کا بہترین منتظم۔ هو رَقَاعِيُّ مالٍ، وهی رقاعِيَّةٌ۔
(الرُّقْعُ) ساتواں آسمان۔
(الرَّقْعَاءُ) بے وقوف عورت (۲) رنگ برنگی (۳) پتلی پنڈلیوں والی عورت (ج) رُقْعٌ۔
(الرُّقْعَةُ). پیوند، کہاوت ہے (الصاحب کالرقعةِ فی الثوب ان لم تکن منه شانَته فاطلبه مُشاکِلًا) (۲) پرچہ، کاغذ، جلد وغیرہ کا ٹکڑا جس پر لکھا جائے (۳) زمین کا ٹکڑا کہتے ہیں هذه رقعةٌ من الکلاءِ والعُشبِ گھاس کا ایک حصہ۔ اصاب رقعة الهدفِ او الغرضِ نشانہ پر لگنا۔
-رُقعة الشطرنج شطرنج کی تختی۔
-خطُّ الرُّقعةِ مراسلات کا خط (مو)
(الرُّقَعَةُ) ایک قسم کا بڑا درخت (ج) رُقَعٌ۔
(الرَّقِيعُ) بے وقوف (۲) آسمان۔
(المَرْقَعَانُ) بے وقوف۔ وهی مَرْقَعَانَةٌ۔
(المَرْقَعُ) پیوند لگانے کی جگہ (۲) ساتواں آسمان۔ کہتے ہیں لا اجدُ فیه مرقعًا للکلام اسے کچھ کہنے کی ضرورت نہیں (ج) مَرَاقِعُ۔
(المِرْقَعُ) پیوند کار، اصلاح کنندہ۔
-خطیبٌ مِرْقَعٌ پرزور مقرر (ج) مرافع۔
(المُرَقَّعُ) آزمودہ آدمی۔ وهی مرقَّعَةٌ۔
(المُرَقَّعَةُ) صوفیاء کا لباس۔
(رَقَّه)ـُ رَقًّا باریک کرنا۔ هو مرقوقٌ و

رفيقٌ وهي مرفوقةٌ و رفيقةٌ۔
(رَقَّ)۔ِ رِقًّا و رِقَّةً باریک ہونا۔(۲)نرم اورآسان ہونا۔
-عَظمُه کمزور ہونا'بوڑھا ہونا'عمر رسیدہ ہونا۔
-عددُه عمر کم ہونا'طاقت گھٹ جانا۔
-حالُه. بدحال ہونا'مال کم ہونا۔
-جانبُه نرم مزاج ہونا۔
-لَه شفقت ومہربانی کرنا(۲)کسی کے سامنے عاجز وحقیر ہونا (۳) شرمانا۔ رَقَّ وجهُه. اسے شرم آگئی۔
-الحرُّ آزاد شخص کا غلام بن جانا'یا غلامی میں داخل ہو جانا۔ هو وهي وهم رقيقٌ (ج) اَرِقَّاءُ وهي رقيقةٌ (ج) رقائقُ
(اَرَقَّ) رَقَّ۔
- الفرسُ و نحوهُ: گھوڑے وغیرہ کا پتلے سم والا ہونا۔
-فلانٌ حالت خراب ہونا' مال کم ہو جانا۔
-به اخلاقُه. بخیل ہونا' بے فیض ہونا۔
-شيئًا پتلا کرنا' باریک کرنا۔
-الحُرَّ. غلام بنانا۔
-قلبَه: وعظ ونصیحت کے ذریعہ دل نرم کرنا۔
(رَقَّقَ)قَلْبَه دل نرم کرنا۔
- كلامَه کلام کو خوبصورت'نرم اور مزین کرنا۔
-مَشيَه سبک رفتاری سے چلنا۔
-بينهما او مَا بينهما. بگاڑ پیدا کرنا' پھوٹ ڈالنا۔
(تَرَاقَّ)هَرِمُه انتہائی تجربہ کار اور پختہ رائے ہونا۔
(تَرَقَّقَ) رَقَّ (۲) سبک رفتاری سے چلنا۔
-لَه مہربانی وشفقت کرنا (۲) کمزور وذلیل بنا دینا جیسے تَرَقَّقَتِ الحسناءُ فلانًا حسین عورت نے فلاں کو اپنا غلام بنالیا۔
(استَرَقَّ) الماءُ و نحوُه. پانی کا تھوڑا سا حصہ باقی رہنا اور باقی خشک ہو جانا۔
-الليلُ و غيرهُ رات کا اکثر حصہ گزر جانا۔
-الاسيرَ قیدی کا مالک بن جانا۔
-الحُرَّ آزاد سے غلاموں والا سلوک کرنا۔

(الرَّقَاقُ): نرم مٹی والی پھیلی ہوئی ہموار اور کشادہ زمین (۲) وہ جگہ جہاں سے پانی ہٹ گیا یا خشک ہو گیا ہو۔ ارضٌ رقاقٌ. نرم مٹی والی زمین۔يومٌ رقاق. سخت گرم دن۔
(الرُّقَاقُ). پتلا' باریک (۲) پتلی روٹی۔ خبزٌ رُقاقٌ بھی کہتے ہیں۔مَشَى مَشيًا رقاقًا. سبک رفتاری سے چلنا (اس کا واحد رقاقة ہے)
(الرَّقُّ) پتلا چمڑا جس پر لکھا جائے۔ (۲) سفید کاغذ (۳) وادی یا دریا کا ہلکا اور پتلا پانی (۴) بڑا کچھوا (۵) نر کچھوا (۶) مگرمچھ جیسا آبی جانور (ج) رقوقٌ۔
(الرِّقُّ) باریک یا پتلی چیز (۲) بجانے کا ڈھپڑا' دف (۳) غلامی (۴) کشادہ اور نرم زمین۔ ارضٌ دِقٌّ بھی کہتے ہیں (۵) جانوروں کو آسانی سے حاصل ہونے والی آسانی سے کھائی جانے والی نرم شاخیں (ج) رُقُوق۔
(الرُّقُّ). پتلا پانی' وادی یا دریا کا ہلکا یا تھوڑا پانی (۲) نرم کشادہ زمین (ج) رُقُوقٌ۔
(الرِّقَّةُ) ہلکا پن' پتلا پن۔ کہتے ہیں: في حافِرِه رِقَّةٌ: اس کے سم میں پتلا پن ہے (۲) کھانے کا پتلا پن (۳) نرم اور کشادہ زمین (۴) کمزور۔رجلٌ فيه رقّةٌ. کمزور آدمی۔
- في عظامِه رِقَّةٌ اس کی ہڈیوں میں کمزوری ہے (۵) قلت۔ کہتے ہیں في مالِه رِقَّةٌ۔
(الرِّقَّةُ) الرَّقَاق (۲) کھادر۔ وادی سے ملحق نشیبی زمین جہاں سیلاب یا بہاؤ کے وقت پانی بھرا رہے پھر وہاں سے ہٹ جائے یا خشک ہو جائے اور اس جگہ کاشت کی جائے (ج) رِقاق۔
(الرَّقِيقُ) باریک' نرم و نازک' پتلا (۲) غلام۔
(المَرَقُّ). ہر چیز کا نرم وباریک حصہ۔
-مَرَقُّ الانفِ ناک کا نرم حصہ (ج) مَرَاقٌّ۔
-مَرَاقُّ البطن پیٹ کے نیچے کا نرم حصہ۔
-مَرَاقُّ الابِلِ میل جمع ہونے کی جگہ۔
(المِرْقَاقُ) بیلن (روٹی باریک کرنے کا آلہ)(ج) مراقيق۔
(المُرَقَّقُ) پتلی بڑی روٹی۔وهي مرقّقةٌ۔
(المُسْتَرَقُّ)من الشيءِ ہر شے کا نرم حصہ۔
(اَرْقَلَ)في سيرِه تیز چلنا۔
-الي كذا و فيه کوشش اور جلدی کرنا۔
- النخلةُ کھجور کے درخت کا لمبا ہونا۔ هو مُرْقِلٌ وهي مُرْقِلَةٌ و مُرْقِلٌ (ج) مَرَاقِلُ۔
(الرَّاقُولُ) وہ رسّی جس کے ذریعہ کھجور پر چڑھا جائے۔ (ج) رواقيل۔
(الرَّقْلَةُ) لمبا کھجور کا درخت (ج) رِقالٌ و رَقْلٌ کہاوت ہے
ترى الفِتيانَ كالرَّقْلِ ☆ ما يدريك بالدَّخلِ
(المِرْقَالُ) تیز چلنے والا تیز گام۔ کہتے ہیں جملٌ مرقالٌ و ناقةٌ مرقالٌ تیز کہتے ہیں هو مرقال في النوازل والحروب وغيرهما وہ آفات اور جنگوں میں ثابت قدم رہتا ہے (ج) مراقيل۔
-ابو المراقيل کوے کی کنیت۔
(رَقَمَ) الكتابَ و عليه وفيه ـُ رَقْمًا لکھنا۔هو يرقُمُ على الماء وہ پانی پر لکھتا ہے۔یعنی وہ اپنی ذہانت اور فطانت کی وجہ سے ایسا کام کرتا ہے جو دوسرا کوئی نہ کر سکے۔ یا وہ بیکار کام کرتا ہے (۲) نقطے لگانا' حروف کو واضح کرنا۔
- الشيَّ منقش کرنا (۲) مزین کرنا۔ بیل بوٹے بنانا (۳) نمبر ڈالنا۔
-السّلعةَ: سامان پر نشان لگانا۔ قیمت یا نوع معلوم کرنے کی علامت لگانا (۲) مہر لگانا۔
-البعيرَ: اونٹ وغیرہ کو داغ لگانا۔
(رَقِمَ)ـَ رَقَمًا و رُقْمَةً دھاری دار ہونا۔ دھبوں والا ہونا۔
(رَقَّمَ)الكتابَ او الثوبَ کتاب یا کپڑے پر نقش بنانا۔ دھاریاں ڈالنا۔نمبر لگانا۔ نشان ڈالنا۔
(الاَرْقَمُ) نر سانپ (۲) انتہائی خطرناک سانپ (ج) اراقيم۔
(التَّرْقِيمُ) نمبر نگ' علامت کاری (بوقت

لکھائی کسی عبارت میں مخصوص علامات لگانا جن سے مفردات و مرکبات میں باہمی ربط اور اجزاء عبارت میں باہمی امتیاز معلوم ہو جائے۔ جیسے کاما' بریکٹ' قوسین' علامت استفہام وغیرہ)(مج)

(الرَّقْمُ). نمبر (۲) علامت (۳) مہر (۴) کپڑے وغیرہ پر لگی ہوئی قیمت کی چٹ (۵) پھولدار منقش کپڑا (۶) نقش و نگار' موٹی دھاری۔ (۷) زیادہ۔ جیسے جاءَ بالرقم (۸) (علم حساب کے مطابق) عدد۔ جیسے ایک دو تین چار پانچ چھ سات آٹھ صفر (مج) (۹) فن موسیقی میں سارنگی کے ۔۔ پر لگایا جانے والا چمڑا (مج)

- الرَّقْمُ القیاسیُّ: امتیازی نمبر۔ یعنی وہ نمبر جس کے ذریعہ کوئی شخص اپنے مقابل پر فوقیت لے جائے اور ریکارڈ قائم کرے۔ مثلاً اس نے دس منٹ میں ایک ہزار میٹر کا فاصلہ طے کیا۔ جبکہ اس سے پہلے والے نے یہی فاصلہ پندرہ منٹ میں طے کیا تھا۔ اس طرح دس نمبر قیاسی ہوگا (مج) (ج) ارقام۔

- الارقامُ القیاسیّۃُ (علم اقتصادیات کے مطابق) وہ اعداد و نمبرات جن کے ذریعہ ان تغیرات کا تقابل کیا جاتا ہے جو اقتصادیات پر رونما ہوتے ہیں (مج)

(الرَّقْمَۃُ) باغیچہ (۲) وادی کا کنارہ یا وادی کا نشیبی حصہ جہاں پانی کھڑا ہوتا ہو۔ (۳) خبازی (۴) چوپائے کی کہنی کے اندر پیدا ہونے والی ایک بیماری' سیاہ داغ (۴) فن موسیقی میں آلۂ موسیقی قانون کا چوبی فریم (مج)

(الرُّقْمَۃُ) داغ' دھبا' چتی' نقطہ۔

(الرَّقِیْمُ) کتاب' نوشتہ' کتبہ (۲) فلک (۳) اصحاب کہف کی بستی یا ان کے رہنے کا پہاڑ یا ان کا کتبہ یا وادی یا چٹان یا وہ سیسے کی تختی جس پر ان کے نام نسب' مذہب اور اس جگہ کا نام کندہ تھا جہاں سے وہ بھاگ کر آئے تھے یا دوات یا تختی کا نام۔ قرآن مجید میں ہے۔ ﴿ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْکَھْفِ وَالرَّقِیْمِ کَانُوْا مِنْ اٰیٰتِنَا عَجَبًا﴾

(المُرَقِّمُ): لکھنے والا' کاتب۔

(المِرْقَمُ): قلم' کہتے ہیں۔ طاح مِرقَمُكَ او طفا۔ تمہارے قلم نے خطا کی یا وہ حد سے تجاوز کر گیا (۲) روئی وغیرہ پر نقش بنانے کا آلہ (۳) داغ دینے کا آلہ (۴) نقش و نگار یا تصویر کشی کی رنگین موٹی پنسل جس میں موم جیسی آمیزش ہوتی ہے اور اس سے کھردرے کاغذ پر رنگ پھیرے جاتے ہیں (مج) (ج) مَرَاقِمُ۔

(رَقَنَ) المراۃُ ـُ رَقْنًا: عورت کا مہندی یا زعفران کا خضاب لگانا۔

- الشَّعْرَ: بالوں پر مہندی یا زعفران کا خضاب لگانا۔

- الشیَّ: نقش و نگار بنانا' مزین کرنا' ھو مرقونٌ و رقینٌ۔

(اَرْقَنَ): زعفران کا لیپ کرنا یا خضاب کرنا۔

- شعرہٗ و غیرہٗ: بالوں وغیرہ کو زعفران یا مہندی وغیرہ سے رنگنا۔

- الطعامَ و غَیْرَہٗ: کھانے میں خوب روغن ڈالنا۔

(رَقَّنَ) المراۃُ: رَقَنَتْ۔

- الشیَّ: مزین کرنا' نشان لگانا۔

- الکتابَ: اچھے طریقہ سے لکھنا (۲) بین السطور کم کرنا۔

- الخطَّ: نقطے لگانا' حروف کو واضح کرنا۔

- الثوبَ بالزعفران: کپڑے کو زعفران سے رنگنا' مزین کرنا۔

(ارتقَنَ) و (ترقَّنَ) اَرْقَنَ۔

(الاِرْقَانُ) خوبصورت رنگ والا۔ وھی راقنۃٌ (ج) رواقِن۔

(الرِّقَانُ): مہندی' زعفران۔

(الرُّقُنُ) گدھے کے انڈے۔ واحد۔ رقنۃٌ۔

(الرُّقُوْنُ) مہندی (۲) زعفران۔

(الرَّقِیْنُ) الرَّقِیْمُ (۲) درہم وغیرہ۔

کہاوت ہے (وجدان الرَّقِیْن یغطی اَفَنَ الافین) مال کا حصول نادان کی نادانی کو بھی دور کرتا ہے۔

(رَقَا) الطائرُ ـُ رَقْوًا: اونچا ہوا' بلند ہونا۔

(رَقَی) المریضَ و نحوہٗ ـِ رَقْیًا و رُقِیًّا و رُقْیَۃً: اللہ کی پناہ میں دینا' تعویذ گنڈے سے علاج کرنا' دم کرنا۔ کہتے ہیں: باسم اللہ ارقیك و اللہ یشفیك -- رقیتُ فلانًا: میں نے اس کی خوشامد کی۔

رقاہٗ: اس کے کینہ کو آہستہ سے نکال دیا۔

(رَقِیَ) ـَ رَقْیًا و رُقِیًّا و رَقْیَۃً: چڑھنا۔

- فی السلّم: سیڑھی چڑھنا۔

- الی القِمَّۃِ: چوٹی پر چڑھنا۔

- الجبلَ و نحوہٗ: پہاڑ وغیرہ پر چڑھنا۔

کہتے ہیں۔ اِرْقَ عَلٰی ظَلْعِكَ: اپنی طاقت کے بقدر اوپر اٹھو۔

(رَقَّاہٗ): چڑھانا' بلند کرنا' ترقی دینا۔ بطور دعا کے کہتے ہیں: رقّاك اللہ اعلی المراتب۔

- العَامِلَ: کارکن کا درجہ بڑھانا' ترقی دینا۔

- فی الحدیث: بات میں اپنی طرف سے اضافہ کرنا۔

- علیہ الباطلَ: کسی کے متعلق ایسی بات کہنا جو اس نے نہ کہی ہو۔

(اِرْتَقٰی): بلند ہونا' چڑھنا۔ کہتے ہیں ارتقی فلانٌ مُرْتَقًی صعبًا فلاں دشوار جگہ پر چڑھ گیا۔

- شیئًا و فیہ و الیہ و علیہ: چڑھنا۔

- العرشَ: تخت سلطنت پر بیٹھنا' بادشاہ بننا۔

- فی السلّم: سیڑھی چڑھنا۔

- اِلَی المَجْدِ: عظمت و بزرگی حاصل کرنا۔

- بطنُہٗ: پیٹ کا خوب بھر جانا۔

(تَرَقّٰی): بلند ہونا' ترقی حاصل کرنا۔

- فلانٌ: ایک حالت سے دوسری کی طرف منتقل ہونا۔ کہتے ہیں: ما زال یترقّٰی بہ الاَمْرُ حتّٰی بَلَغَ غایتَہٗ اس کی بات آگے بڑھتی گئی یہاں تک کہ وہ مقصد تک پہنچ گیا۔

- العامِلُ: کارکن کا گریڈ بڑھانا۔

- فی العلمِ و نحوِہٖ: علم وغیرہ میں درجہ بدرجہ آگے بڑھنا۔

-شيئاً و فيه و اليه و عليه چڑھنا۔
(استرقٰى) فلاناً تعویذ لینا' دم کروانا۔ کہتے ہیں. استرقيته فرقاني۔
-له تعویز گنڈے والے کو کسی کے لئے بلانا۔
(الرَّاقِي) عامل' تعویذوں سے علاج کرنے والا (۲) منتر سے علاج کرنے والا (۳) تعویذوں والا (ج) رُقَاةٌ وهي رَاقِيَةٌ (ج) رواقٍ۔
وهو راقية (تاء مبالغه کے لئے ہے)
(الرَّقَّاءُ). الراقي (۲) پہاڑ وغیرہ پر چڑھنے والا۔ وهي رَقَّاءَةٌ۔
(الرَّقْوُ): ریت یا مٹی کا ڈھیر۔
(الرَّقْوَةُ): ریت یا مٹی کا ڈھیر (۲) درجہ' سیڑھی (ج) رُقًا۔
(الرُّقْيَةُ): تعویز (۲) منتر (۳) موثر کلام جسے پڑھ کر دم کیا جائے (ج) رُقًى۔
(المَرْقَى): ترقی' چڑھنے کی جگہ' ترقی کا مقام (ج) مَرَاقٍ۔
(المِرْقَاةُ): سیڑھی' زینہ (۲) سیڑھی کا ڈنڈا (۳) ذریعہ ترقی۔ جیسے الجودُ مرقاةُ الشرفِ: سخاوت عظمت کا ذریعہ ہے (ج) مراقٍ۔
- المجد صعبُ المراقِي: عظمت مشکل سے حاصل ہوتی ہے۔

ر.........ک

(رَكَبَ)- ـُ رَكْبًا: کسی کے گھٹنے پر مارنا (۲) کسی کو گھٹنے مارنا۔
(رَكِبَ)- ـَ رَكَبًا: دونوں یا ایک گھٹنے کا بڑا ہونا۔ هو اركبُ وهي ركباء (ج) رُكْبٌ۔
-الشئَ و عليه وفيه ركوباً و مَرْكَباً: کسی چیز پر چڑھنا۔ سوار ہونا۔ کہتے ہیں: رَكِبَ في السفينةِ وہ کشتی میں سوار ہو گیا۔ ركب الدابةَ و عليها وہ جانور پر سوار ہو گیا۔
-رَكِبَه بالمكروه کسی کو نقصان پہنچانا۔
- الدَّينُ فلاناً مقروض ہونا' قرض کا زیادہ ہونا۔
-فلانٌ رأسه بغیر سوچے سمجھے چلنا۔

-الذَّنْبَ او القبيحَ: گناہ کرنا' برا کام کرنا۔
-فلاناً او اَثَرَهُ و طريقَه: کسی کا پیچھا کرنا' کسی کا پیچھا کر کے اسے پا لینا۔ حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ میں ہے (فاذا عمرُ قد رَكِبَنِي) هو راكبٌ (ج) رُكَّابٌ رُكُوبٌ و رُكبانٌ۔
(أَرْكَبَ) المهرُ و نحوهُ: گھوڑے کے بچے کا سواری کے قابل ہونا۔ کہتے ہیں: دابةٌ مركبةٌ: سواری کے قابل جانور۔
- فلاناً: سوار کرنا۔ جیسے اركَبَنِي خَلْفَهُ (۲) کسی کے لئے سواری کا انتظام کرنا۔
(رَكَّبَه): سوار کرنا۔
-الشئَ: اجزاء کو ایک دوسرے سے ملانا۔
-الفصَّ في الخاتم: نگینہ کو انگوٹھی میں جڑنا۔
-السنانَ في الرُّمح: نیزہ میں پھلکا لگانا۔
-الكلمة او الجملةَ: ترکیب کرنا لفظ یا جملہ کو خاص ترتیب سے رکھنا۔ کہتے ہیں هذا تركيبٌ يَدُلُّ على كذا: اس ترکیب یا ترتیب سے فلاں بات سمجھی جاتی ہے۔
-الدَّواءَ و نحوهُ: دواؤں کا آمیزہ بنانا۔
(ارتكبَ) ذنباً او قبيحًا: جرم یا گناہ کا ارتکاب کرنا۔
-دَيْناً او ارتكبَه الدَّيْنُ: قرض تلے دبنا۔
(تَرَكَّبَ) الشئُ: ڈھیر لگنا' تہ بہ تہ ہونا۔
(تَرَاكَبَ) الشئُ من كذا و كذا: مرکب ہونا' جڑنا' باہم ملنا۔
(استركَبَهُ): کسی سے سوار کرنے کی درخواست کرنا۔ جیسے استركبتُه فأركبَنِي
(التَّرَاكُبُ). (علم نباتات میں) مادہ تغلیظ کے تہ بہ تہ ہونے کی بنا پر خلیہ نباتیہ میں دیوار کا اضافہ (مج)
(التركيبُ). (علم فلسفہ میں) اجزاء بسیطہ سے کسی شے کو مرکب بنانا۔ اس کا متقابل تحلیل ہے (مج)
(الرَّاكِبُ): کھجور کی چھوٹی شاخ جو چوٹی پر نیچے کو لگی ہوتی ہے۔ یا جسے بونے کے لئے الگ کیا گیا ہو (۲) پہاڑ کی چوٹی۔

(الرَّاكِبَةُ) تانيث الراكب (ج) رواكِبُ۔
- رواكبُ الشحمِ کوہان میں چربی کی لائنیں (۲) کھجور کی چھوٹی شاخ' کھجور کا قلم۔
(الرَّاكوبُ) من النخل الراكب (ج) رواكيب۔
- رواكيب الشَّحمِ کوہان میں چربی کی لائنیں۔
(الرِّكابُ) للسَّرج: رکاب' زین میں لگا ہوا لوہے کا حلقہ جس میں پیر رکھا جاتا ہے۔ وہ دو ہوتے ہیں جمع رکابان (۲) سواری کا اونٹ (۳) وہ اونٹ جس پر بوجھ لدا ہوا ہو (ج) و رکائب۔
(الرَّكْبُ) دس زیادہ سواروں کا قافلہ (ج) أَرْكُبٌ و ركوبٌ۔
(الرَّكَبُ) عانہ' پیڑو (۲) ران کی جڑ جس پر فرج کا گوشت ہوتا ہے (۳) گھٹنے کی سفیدی (ج) رِكابٌ (جج) اراكيبُ۔
(الرُّكْبَانُ) ركبانُ السُّنْبُلِ خوشوں کی ابتدائی نوکیں۔
(الرُّكْبَةُ): گھٹنا' زانو (ج) رُكَبٌ۔ کہتے ہیں هما كركبتي البعير وہ دونوں برابر ہیں۔
(الرَّكِيبُ). کثرت سے اور بہترین سواری کرنے والا۔
(الرَّكُوبُ). سواری' سواری کا جانور۔
-جَمَلٌ ركوبٌ و ناقةٌ ركوبٌ. وہ اونٹ یا اونٹنی جس پر پالان وغیرہ کے نشان پڑے ہوئے ہوں۔
- طريقٌ رَكُوبٌ ہموار اور چلتا ہوا راستہ (ج) رُكُبٌ۔
(الرَّكُوبَةُ) من الدوابّ سواری کا جانور (۲) وہ جانور جو سواری کے لئے خاص ہو (ج) ركائب۔
(الرَّكِيبُ) دوسرے کے ساتھ سوار ہونے والا۔ کہتے ہیں هو ركيبُ فلان (۲) جڑی ہوئی چیز' جیسے انگوٹھی کا نگینہ وغیرہ (۳) کھیت (۴) وہ کھجور وغیرہ کے درخت جن کو لائن میں

پانی کی گول وغیرہ کے کنارہ لگایا گیا ہے (۵) بڑی کیاری (زمین کا ایک ٹکڑا جس کے کنارے بلند کر دیئے گئے ہوں تاکہ اس میں پانی بھرا رہے) (۶) دو کیاریوں کے درمیان پانی کی گول بڑی نالی۔
(المَرْكَبُ) سواری۔ غالب استعمال کشتی اور بحری جہاز کے لئے ہے (ج) مراکب۔
-يومُ المركب شاہی سواری کا دن جس دن بادشاہ سیر وتفریح کے لئے نکلتا ہے۔
(المُرَكَّبُ) اصل نسب۔
- كريم المركب شریف النسب۔
- الجهل المركبُ جہل مرکب' ایک چیز سے ناواقف ہو اور اس کی ناواقفیت سے بھی ناواقف ہو (۳) مرکب' مجموعہ اجزاء۔ ضد بسیط (۴) علم کیمیاء میں اس جسم متماثل کو کہتے ہیں جو مستقل خواص کے ساتھ ترکیب پا کر دو یا زیادہ ایسے عنصروں سے پیدا ہو جو کیمیاوی عمل سے ایک شے بن گئے ہوں۔
(۵) (علم منطق میں) اس ترکیب کو کہتے ہیں جس کا جز معنی کے جز پر دلالت کرے جیسے رامي الحجارة۔
- المركبات السلسلية (علم کیمیاء کے مطابق) ان مرکبات کے مجموعہ کو کہتے ہیں جو کاربن جیسے چھوٹے ذرات سے مل کر بنتے ہیں اور جو زنجیر کی طرح ایک دوسرے سے جڑے ہوتے ہیں۔
(المركوبُ) سواری (۲) جوتے کی ایک قسم (محدثہ) (ج) مراكيب۔
(رَكَحَ) اليه - رَكْحًا و رُكُوحًا مائل ہونا' ٹیک لگانا' سہارا لگانا۔ حدیث عمر میں ہے (قال لعمرو ابن العاص: ما احبّ ان اجعل لك علّة تركح اليها) ركح الساقي على الدّلوِ پانی نکالنے والے ڈول کو کھینچتے وقت اس پر ٹیک لگانا۔
(أرْكَحَ) اليه ركح۔
- شيئًا اليه جھکانا' لگانا' سہارا دینا' جیسے اركح ظهرهُ الى كذا۔

(ارتكح) الاناءُ برتن کا ثرید سے بھر جانا۔
-الى الشيء سہارا لگانا' مائل ہونا۔
(ترَكَّحَ) بالمكان کسی جگہ ٹھہرنا (۲) پھیلنا' وسیع ہونا (۳) رہائش وغیرہ کے اقدامات کرنا۔
(الرُّكْحُ) کونہ' گوشہ' کنارہ (۲) صحن (۳) میدان' لان (۴) بنیاد (۵) راہب کا گھر (ج) اركاحٌ و رُكُوحٌ۔
(الرُّكْحَاءُ) موٹی بلند زمین (ج) رُكَحٌ۔
(الرُّكْحَةُ) میدان' صحن' لان (۳) برتن میں بچا ہوا ثرید کا ٹکڑا (ج) رُكَحٌ و رُكَحٌ
(المِرْكَاحُ) چوپائے کی پیٹھ سے پیچھے کو سرک جانے والا۔ رجلٌ مِركاحٌ وسرجٌ مِركاحٌ وهي مركاحٌ (ج) مراكيح
(رَكَدَ) - رُكُودًا ساکن ہونا' ٹھہرنا' جمنا۔
-السوقُ بازار میں خرید وفروخت رک جانا۔
-الميزان ترازو کا برابر ہونا۔
- ريحُهُم دولت واقتدار ختم ہو جانا' ہوا اکھڑ جانا۔ هو راكدٌ وهي راكدةٌ۔
(أرْكَدَه) ٹھہرانا۔
(تراكَدَ) رَكَدَ۔
(الرَّاكِدَةُ) چولہے کی دیوار (ج) رواكد۔
-رياحٌ رواكِدُ ٹھہری ہوئی ہوائیں۔
(الرَّكُودُ) ہمیشہ دودھ دینے والا جانور (۲) بھرا ہوا بڑا پیالہ وغیرہ۔
(رَكَّكَ) کمزور ہونا (۲) بزدل ہونا۔
(ترَكْرَكَ) السقاءُ و نحوُهُ مکھن نکالنا۔
(رَكَزَ) شيئاً في شيءٍ - رَكْزًا جمانا' گاڑنا۔ جیسے ركز السهم في الارض (۲) پیدا کرنا ركز الله المعان في الارض و الجبال اللہ تعالیٰ نے زمین میں دھاتوں کو پیدا کیا' هذا شيءٌ مكروزٌ في العقول یہ چیز دماغ میں راسخ ہے۔
(أرْكَزَ) المنجمُ و نحوُهُ کان وغیرہ میں معدنیات کا ذخیرہ ہونا۔
-فلانٌ خزانہ پالینا۔
-صاحبُ المعدن کان کے مالک کو چاندی وغیرہ کا زیادہ ذخیرہ ملنا (۲) ہلکی آواز والا ہونا۔

(رَكَّزَهُ) رَكَزَهُ۔
- المحلولَ (کیمیا میں) گھلنے والی چیز کا گھلانے والی چیز سے تناسب اس حد تک زیادہ کرنا کہ اس میں تھچاوٹ پیدا نہ ہو۔
-اللبنَ دودھ کو گاڑھا کرنا۔
- فكرة في كذا اپنے خیال کو کسی چیز میں منحصر کرنا (مح)
(ارتكزَ) ثابت ہونا' ٹھہرنا' جمنا۔
-عليه اعتماد کرنا' سہارا لینا۔
(ترَكَّزَ) راسخ ہونا' ٹھہرنا۔
(الارتكاز) رسوخ' جماؤ۔
- نقطة الارْتِكازُ پایہ ثبوت (۲) مرکز عمل (۳) مورچہ۔ کہتے ہیں اتّخذ الجيش مدينه كذا نقطة ارتكازٍ (محدثہ)
(الرِّكَازُ) خدا تعالیٰ کا زمین میں پیدا کیا ہوا معدنیات کا خزانہ (۲) دفن کیا ہوا خزانہ (۳) ماقبل اسلام مدفون خزانہ۔
(الرِّكْزُ) ہلکی آواز۔ قرآن مجید میں ہے ﴿هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِنْ أَحَدٍ أَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا﴾ (ج) ركوزٌ و اركازٌ۔
(الرِّكْزَةُ) ایک ذخیرہ یا ایک خزانہ (۲) کھجور کا درخت جو دوسرے درخت کی جڑ میں پیدا ہو پھر اسے الگ کر کے دوسری جگہ لگایا جائے (۳) عقل کی پختگی۔ ما رأيتُ له رِكزةَ او ركزة عقلٍ (ج) رِكزٌ و رِكازٌ۔
(الرَّكِيزَةُ) بنیاد (۲) زمین میں مدفون جواہرات کا ایک حصہ (ج) ركازٌ و ركائز۔
(۳) فن موسیقی میں باجا کا ٹیڑھی شکل کا ایک ٹکڑا (مح)
(المرتكزة) خشک پودے کا تنا جس سے پتے اور شاخیں الگ ہو گئی ہوں۔
(المَرْكَزُ) محور' دائرہ کے بیچ کا نقطہ۔
-مركزُ الحدِّ فوجی چوکی۔
-مركز الرجل آدمی کا مرتبہ ومقام۔
- مركز الدائرة بنیادی نقطہ جہاں سے

مساوی خطوط پیدا ہوکر دائرہ محیط تک پہنچیں۔
-المرکز البیضی: دماغ کے نصف حصہ میں سفید بیضوی مادہ (ج)
(المرکزِیُّ) مرکزی، جس کے ماتحت متعدد امور اور شاخیں ہوں (محدثہ)
(المرکزیۃُ) مرکزیت، ایسا نظام جس میں پورا ملک (اپنے تمام صوبوں اور علاقوں کے ساتھ) ایک حکمران کے ماتحت ہو۔ اس کی ضد "اللامرکزیۃ" ہے یعنی ایسا نظام جس میں ملک کے مختلف صوبوں کو اندرونی طور پر نیم خود مختاری حاصل ہو۔
(رَکَسَہ) ـُ رَکْسًا: لوٹانا، پچھلی حالت پر پھیرنا۔
-البعیرَ: اونٹ کی ناک میں رسی ڈال کر کہنی سے باندھنا۔ رَکَسَہ بہ بھی کہتے ہیں۔
(اَرْکَسَتِ) الجاریۃُ: لڑکی کا ابھرے ہوئی پستانوں والی ہونا۔
-فلانٌ: لوٹانا، پلٹنا۔ کہتے ہیں: ارکسَہُ فی الشرِّ اسے شر میں پھنسا دیا اور ارکس اللّٰہُ العدوَّ: اللہ تعالیٰ نے دشمن کو پلٹ دیا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاللّٰہُ اَرْکَسَھُمْ بِمَا کَسَبُوْا﴾
-الثوبَ و نحوَہُ فی الصِّبْغِ: کپڑے کو رنگ میں بار بار ڈبونا۔
(ارتکسَ): اوندھا ہونا، پٹ جانا۔
-فی امرٍ: کسی معاملہ میں اس طرح الجھنا کہ اس سے چھٹکارا نہ ہو (۲) بھیڑ میں پھنس جانا۔
-الجاریۃُ: لڑکی کا ابھرے ہوئے پستانوں والی ہونا۔
(تَرَاکَسَ): تہ بہ تہ ہونا۔ شَعْرٌ متراکسٌ گتھے ہوئے بال۔
(الرِّکَاسُ) وہ رسی جو اونٹ کی ناک میں ڈال کر اس کی کہنی سے باندھ دیتے ہیں تاکہ وہ قابو میں رہے (ج) رُکُسٌ و اَرْکِسَۃٌ۔
(الرُّکَاسَۃُ) میخ یا زمین میں گاڑا ہوا رسی کا پھندا جس میں جانور باندھے جاتے ہیں (ج) رَکَائِسُ۔

(الرِّکْسُ) لوگوں کی جماعت (۲) گندگی (۳) پل (۴) شکستہ عمارت جس کی مرمت کی گئی ہو۔ بناءٌ رِکْسٌ بھی کہا جاتا ہے (ج) اَرْکَاسٌ۔
(الرَّکُوسِیَّۃُ) نصاریٰ اور صابئین کے عقائد سے ملتا جلتا مذہب اور مسلک رکھنے والا فرقہ۔ عدی بن حاتم کی حدیث میں ہے (انّہ اتی النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم فقال لہ اِنّک من اھل دین یقال لھم الرَّکوسیَّۃ)
(الرَّکِیسُ) اوندھا (۲) کمزور (۳) گندا (۴) گوبر، لید (۵) لوٹایا ہوا۔
(المرکوسُ) واپس کیا ہوا، پلٹا ہوا، اوندھا، پیٹھ پھیرنے والا۔
(رَکَضَ) ـُ رَکْضًا و رَکْضَۃً: تیز چلنا۔ اَتَیتُہ رَکْضًا (۲) ٹھوکر مارنا، پیر مارنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿اُرْکُضْ بِرِجْلِکَ ھٰذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ﴾
-منہ: فرار ہونا، شکست کھانا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿اِذَا ھُمْ مِّنْھَا یَرْکُضُوْنَ﴾
-الطائرُ: پرندہ کا تیز اڑنا۔
-النجومُ والکوکبُ: ستاروں کا چلنا۔
-الخیلُ: گھوڑوں کا زمین پر ٹھوکر مارنا۔
-شیئًا: لات مارنا۔
-الدَّابَّۃَ: دوڑانے کے جانور کو ایڑ لگانا۔
-الارضَ برجلہٖ: زمین پر ٹھوکر مارنا۔
-الطائرُ جناحیہِ: پرندہ کا پھڑ پھڑانا۔ کہتے ہیں: ھو لا یرکض المِحْجَنَ۔ وہ اپنا دفاع نہیں کرتا۔
-النارَ: آگ کو لوہے کی سلاخ سے کریدنا۔
-القوسُ السَّھْمَ: کمان کا تیر کو پھینکنا۔
-النارَ بالمِرْکَضِ: آگ کو لوہے کی سلاخ سے کریدنا ھو راکضٌ و رکَّاضٌ۔
(اَرْکَضَتِ) الحاملُ: حاملہ کے پیٹ میں بچہ کا حرکت کرنا۔ ھی مرکضۃٌ و مُرْکِضٌ (ج) مَرَاکِضُ۔
(رَاکَضَہ) گھڑ دوڑ میں کسی سے مقابلہ کرنا راکضَہُ الخیلُ بھی کہتے ہیں۔

(ارتکضَ) رَکَضَ کہتے ہیں ارتکضُوا فی حَلْبَۃِ السِّبَاقِ دوڑ کے میدان میں دوڑنا۔
(۲) حرکت کرنا، تڑپنا، دھڑکنا۔ ارتکضَ الجنینُ فی بطن امّہٖ وارتکضَ قلبُہ فزعًا۔
-فلانٌ فی شُئُوْنِہٖ: کسی کا اپنے معاملات میں غلطاں و پیچاں ہونا۔
-الماءُ فی البئرِ و نحوھا: کنویں وغیرہ میں پانی کا کھڑا ہو کر لہریں مارنا۔
(تَرَاکَضُوْا) ایک ساتھ دوڑنا (۲) گھوڑوں کو ایک ساتھ دوڑانا۔
-الخَیلَ: گھوڑوں کو دوڑانا۔ کہتے ہیں خرجوا یتراکضون الخیلَ وہ گھوڑے دوڑاتے ہوئے نکلے۔ تراکضوا الیھم خَیْلَھُمْ وہ ان کے پاس گھوڑے دوڑاتے ہوئے گئے۔
(الرَّکُوْضُ) و (الرَّکَّاضُ) انتہائی تیز دوڑنے والا۔ ھو رکوضٌ وھی رکوضٌ۔
-قوسٌ رکوضٌ: تیزی کے ساتھ تیر پھینکنے والی کمان۔
(المَرْکَضُ) دوڑنے کی جگہ (۲) جانور کے پہلو کی وہ جگہ جہاں ایڑ لگائی جاتی ہے (ج) مراکِضُ۔ – قَعَدْنَا علٰی مراکض الحوض حوض کے ان کناروں پر بیٹھے جب پانی ٹکراتا ہے۔
(المِرْکَضُ) حرکت دینے والی چیز (۲) آگ سلگانے کی چیز (۳) کمان کا کنارہ اور یہ دو کنارے ہوتے ہیں (ج) مراکضُ۔
(المِرْکَضَۃُ) بہت دوڑنے والا (۲) گھوڑا جو زمین پر بہت پیر مارتا ہو (۳) کمان کا کنارہ۔ وہ دو ہوتے ہیں۔ مِرْکَضَتَانِ (ج) مراکض۔
(رَکَعَ) ـَ رَکْعًا و رکوعًا: جھکنا، سر اور بدن کا جھکنا (گھٹنا زمین سے لگے یا نہ لگے)
-الھَرِمُ وغیرہُ: بوڑھے وغیرہ کا بڑھاپے یا کمزوری کی وجہ سے جھکنا۔
-المصلّی: نمازی کا قیام کے بعد اتنا جھکنا کہ

اس کی ہتھیلیاں گھٹنوں پر آ جائیں اور کمر سیدھی ہو جائے۔ رکوع کرنا (۲) عاجزی و انکساری کرنا۔

- الی اللّٰہِ: اللہ تعالیٰ کے سامنے عاجزی کے ساتھ جھکنا۔

- فلانٌ امیری کے بعد فقیر ہو جانا۔ شاعر کہتا ہے ؎

لاتُهِين الفقير علّكَ ان تر
كعَ يوماً والدهر قد رفعه

(اَرْكَعَه) رکوع کروانا۔

(تَرَكَّعَ) نماز پڑھنا۔

(الرَّكْعَةُ) ایک کا جھکنا (۲) نماز کا قومہ جس کے بعد رکوع اور دو سجدے ہوں، رکعت۔ کہتے ہیں الصبحُ رکعتان والظهرُ اربع رکعاتٍ۔

(الرُّكُوعُ) فی الصلوة: رکوع۔ قیام کے بعد نمازی کا اتنا جھکنا کہ اس کی ہتھیلیاں گھٹنوں پر آ جائیں اور کمر برابر اور سیدھی ہو جائے۔

(اِرْتَكَفَ) الثَّلْجُ: زمین پر برف کا گر کر جم جانا۔

(الرَّكَفَةُ) ایک درخت کی جڑ جس سے دھونی دی جاتی ہے۔

(رَكَّ) الشئُ ـِ رَكّاً و رَكَاكَةً: کمزور اور پھسپھسا ہونا۔ کہتے ہیں: اقطعه من حيث رَكَّ: اس جگہ سے کاٹو جو حصہ نرم ہو۔

- الغُلَّ فی عنقه ـُ رَكّاً: ہاتھ کو گردن سے باندھ دینا۔

- الامرَ فی عنقه: کسی پر کسی کام کا بوجھ ڈال دینا۔

- الشئَ بیده: کسی چیز کو اس کا حجم دیکھنے کے لئے دبا کر دیکھنا۔

- الامرَ: کسی معاملہ کو دوسرے کے ساتھ ملانا۔

- السقاءَ: مشکیزہ کی مرمت کرنا۔

(اَرَكَّتِ) السماءُ: آسمان کا ہلکی بارش برسانا۔

- الارضُ: زمین کا ہلکی بارش برسانا۔ ھی مُرِكَّةٌ - اُرِكَّتِ الارضُ: وہ زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔ ھی مُرَكَّةٌ۔

(رَكَّكَتِ) السماءُ: آسمان کا ہلکی بارش برسانا۔

(اِرْتَكَّ): کم ہونا، کمزور ہونا (۲) تھرتھرانا، کانپنا (۳) صاف بات نہ کرنا۔

(استرکّهٗ): کمزور سمجھنا۔

(الاَرَكُّ): بے حیثیت اور بے عقل۔

(الرُّكَاكُ): الارکُّ۔

(الرُّكَاكَةُ): وہ نکما آدمی جسے عورتیں کمزور اور ناتواں سمجھتی ہوں (۲) وہ شخص جسے اپنی اہل و عیال پر غیرت نہ آتی ہو۔

(الرَّكُّ): ہلکی بارش (ج) اَرْكَاكٌ و رِكَاكٌ۔

(الرُّكّي) ھو شحمةُ الرُّكّي: وہ جلد پگھلنے والی چربی ہے یعنی اس سے کسی کو نفع نہیں پہنچتا۔

(الرَّكِيكُ): کمزور۔

- رکیکُ العِلْمِ: کم علم، بے علم۔

- رکیکُ العقلِ: کم عقل، بے وقوف۔

- ثوبٌ رکیکُ النَّسجِ: کمزور بناوٹ والا کپڑا (ج) رِكَاكٌ و رَكَكَةٌ۔

(الرَّكِيكَةُ): تانیث الرکیک (۲) ہلکی بارش (۳) وہ زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو (ج) رِكَاكٌ۔

(المُرْتَكُّ) بظاہر بلیغ الکلام اور بوقت مقابلہ بے زبان۔

- سکرانُ مرتكٌّ: ایسا نشہ میں مدہوش آدمی جس کی بات سمجھ میں نہ آتی ہو۔

(رَكَلَه) ـُ رَكْلاً: لات مارنا، ایڑ مارنا۔

(رَاكَلَه) ایک دوسرے کو لات مارنا۔

(تَرَاكَلُوْا) ایک دوسرے کو لات مارنا۔

(تَرَكَّلَ) بمجرفته: کدال کو پیر مار کر زمین میں گھسانا۔

(المَرْكَلُ): راستہ (۲) جانور کو ایڑ لگانے کی جگہ (ج) مَرَاكِلُ۔

- فرسٌ نَهْدُ المراكل: بڑے پیٹ والا گھوڑا۔

(رَكَمَه) ـُ رَكْماً: ڈھیر لگانا، تہ بہ تہ اکٹھا کرنا۔

(اِرْتَكَمَ): جمع ہونا، ڈھیر لگنا۔

(تَرَاكَمَ): ڈھیر لگنا، جمع ہونا۔

- الاشغالُ: کاموں کا ہجوم ہونا۔

(الرُّكَامُ): کسی چیز کا ڈھیر یا انبار۔ جیسے رُكَامٌ من رَمْلٍ: ریت کا ڈھیر۔

- رُكَامٌ مِن سحابٍ: گھنے بادل۔

- قطيعٌ رُكَامٌ: بڑا ریوڑ۔

(الرُّكْمُ) تہ بہ تہ بادل۔

(الرُّكْمَةُ) کیچڑ اور مٹی کا ڈھیر۔

(مُرْتَكَمُ) الطريقِ: سیدھا راستہ، شاہراہ۔

(رَكَنَ) الیه ـَ رَكْناً و رُكُوناً: مائل ہونا، مطمئن ہونا (۲) بھروسہ کرنا، سہارا لینا۔

(رَكِنَ) الیه ـَ رَكَناً و رکوناً: مائل ہونا، مطمئن ہونا (۲) بھروسہ کرنا، سہارا لینا۔

(رَكَنَ) الیه ـَ رَكْناً و رکوناً: رکنا۔

- فی المنزل رَكْناً: کسی جگہ ٹھہرنا اور وہاں سے الگ نہ ہونا۔

(رَكُنَ) ـُ رَكَانَةً و رَكَانِيَةً و رُكُوْنَةً: سنجیدہ اور باوقار ہونا۔ ھو رَكِينٌ وھی رکینةٌ۔

(تَرَكَّنَ): مضبوط اور صاحب حیثیت ہونا۔

(الارْكُون): گاؤں کا چودھری، سردار (مع)

(الرُّكْنُ): کسی چیز کا وہ پہلو یا حصہ جس پر وہ قائم ہو اور وہ اس کے لئے سہارا ہو (۲) کسی شے کی حقیقت کے اجزاء میں سے ایک جزء۔ جیسے رکن الصلوة و رکن الوضوء (مو) (۳) اہم معاملہ (۴) ملک و قوم و فوج کی طاقت۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿لَوْ اَنَّ لِيْ بِكُمْ قُوَّةً اَوْ آوِيْ اِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ﴾ کہتے ہیں فلانٌ رکنٌ من ارکان قومه۔ فلاں اپنی قوم کے سرداروں میں سے ہے (۵) کسی موضوع کے ساتھ مخصوص ریڈیو پروگرام۔

- رکن الریف و رکن العمال: دیہاتی پروگرام، لیبر پروگرام۔ (۶) فوجی امور کا ماہر اعلیٰ لیاقت کا فوجی افسر (ج) اَرْكَانٌ و اَرْكُنٌ۔

(المِرْكَنُ): ٹب جس میں کپڑے دھوئے

جاتے ہیں (۲) چھوٹا حوض (ج) مَرَاکِیُّ۔
(رَکَا) علی فلانٍ ـُ رَکْوًا: کسی کو برا بھلا کہنا' گالی دینا۔
- بالمکان بقیةَ یومِهِ. کسی جگہ باقی دن گزارنا۔
-فلانٌ. لمبا حوض کھودنا۔
-الارضَ: زمین کو کھودنا۔
-الحَوْضَ: حوض کو ہموار کرنا۔
-الامرَ: کسی کام کو مضبوط و پختہ کرنا۔
-علیه الحِمْلَ: بوجھ ڈالنا۔ بوجھ کو دوگنا کرنا۔
(اَرْکٰی) علی فلانٍ: رَکَا۔
-علیه الحِمْلَ: بوجھ لادنا۔
-الیه: کسی کی پناہ لینا۔
-لهم جنداً: کسی کے حوض تیار کرنا۔
-فی الامرِ: پیچھے ہٹنا۔
-الامرَ: موخر کرنا۔
(ارتکی) علیه: بھروسہ کرنا' سہارا کرنا۔
(الرِّکْوَةُ): چمڑے کا پانی پینے کا ڈونگا وغیرہ (۲) چھوٹا ڈول (ج) رِکَاءٌ۔
(الرَّکِیَّةُ): کنواں (ج) رکایا و رکیٌّ۔
(المَرْکُوُّ): حوض' تالاب۔

ر .... م

(رَمَأَ) بالمکان ـَ رُمُوءًا: کسی جگہ ٹھہرنا۔
-الشیءُ علی کذا: زیادہ ہونا۔
-الخبرَ: خبر کا اندازہ کرنا' گمان کرنا۔ کہتے ہیں: هل رَمَأَ الیك خبرٌ؟۔
(اَرْمَأَ) الیه: قریب ہونا۔
-الشیءُ عَلی کذا: زیادہ ہونا۔
(مُرَمَّات) الاخبارِ: افسانے' گھڑے ہوئے واقعات۔
(رَمَثَه) ـُ رَمْثًا: ہاتھ سے پونچھنا (۲) ہاتھ سے درست کرنا۔
-الشیءَ بالشیءِ: ملانا' گڈمڈ کرنا۔
-الشیءَ ـِ رَمْثًا: چوری کرنا۔
(رَمِثَ) اَمرُهُم ـَ رَمَثًا: خلط ملط ہونا۔
-الابلُ: اونٹ کا رمث نامی پتے کھا کر پیٹ کے درد میں مبتلا ہونا۔ هو رَمِثٌ وهی رَمِثَةٌ۔

(اَرْمَثَ) فی مالِهِ: مال کو باقی رکھنا۔
-الشیءَ: بڑھانا (۲) نرم کرنا۔
(رَمَّثَ) علی کذا: بڑھانا۔
-عن الخمسین: پچاس سے زیادہ کرنا۔
-غَنَمُهُ علی المائةِ: بکریوں کا سو سے زیادہ ہونا۔
-الشیءَ: درست کرنا۔
(اِسْتَرْمَثَ) فی مالِهِ: باقی رکھنا۔
(الرِّمْثُ): پھٹے پرانے کپڑے پہننے والا (۲) کمزور پیٹھ والا (۳) ایک ترش بری گھاس جو شام کے جنگلات میں زیادہ ہوتی ہے۔
(الرَّمَثُ): دریا کو پار کرنے کے لئے چند لکڑیوں کو جوڑ کر بنایا ہوا تختہ (۲) پرانی رسی۔
(۳) دوہنے کے بعد تھن میں بچا ہوا دودھ۔
(ج) اَرماثٌ و رِماثٌ کہتے ہیں: حَبْلٌ اَرْماثٌ: پرانی رسی۔
(المَرْمَثَةُ) ارضٌ مَرْمَثَةٌ: وہ زمین جس میں رِمْث نامی ترش گھاس پیدا ہوتی ہے۔
(رَمَجَ) الطائرُ ـُ رَمْجًا: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
(رَمَّجَ) مَا کتب من السطور: لکھے ہوئے کو خراب کر دینا۔
(الرَّامِجُ) وہ الو جس کا پیر شکار کے جال سے باندھ دیا جاتا ہے (اور اس کے ذریعہ جانور کا شکار کیا جاتا ہے)
(الرَّمَاجُ) نیزہ کی گرہیں اور پورے۔
(رَمَحَ) البرقُ ـَ رَمْحًا: بجلی کا ہلکا ہلکا چمکنا۔
-فلانًا: نیزہ مارنا۔
-الدّابة فلانًا رَمْحًا ورِمَاحًا. چوپائے کا کسی کو لات مارنا۔
(رَامَحَه) نیزہ بازی میں کسی سے مقابلہ کرنا۔
(تَرَامَحُوا): ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔
(الرَّامِحُ): نیزہ والا۔
-ثَوْرٌ رامِحٌ: دو سینگوں والا بیل۔
-السِّمَاكُ الرامحُ: ایک ستارہ کا نام جس کے آگے ایک لمبی شعاع والا ستارہ ہوتا ہے۔
(الرِّمَاحُ) رماحُ الجنّ: طاعون۔
-رِمَاحُ العقربِ: بچھو کا ڈنگ۔

(الرِّمَاحَةُ): نیزہ سازی۔
(الرُّمْحُ): نیزہ (۲) ہل (مو) (ج) رِمَاحٌ و اَرْمَاحٌ۔ کہاوت ہے: کسروا بینهم رُمْحًا ان کے درمیان لڑائی ہوگئی۔ وهم علی بنی فلان رمحٌ واحدٌ: وہ فلاں قبیلہ کے مقابلہ میں متحد ہیں۔ اَخذتِ الابلُ رِمَاحَهَا اونٹ اپنا حسن دکھا کر ذبح کئے جانے سے بچ گئے۔
(الرَّمَّاحُ) نیزہ ساز (۲) نیزہ بردار۔
(الرَّمَّاحَةُ) قوسٌ رَمَّاحَةٌ مضبوط کمان جو زور سے پھینکے (۲) کٹ کھنا جانور۔
(الرَّمُوحُ) من الدوابِّ: کٹ کھنا جانور۔
(الرُّمَیْحُ) لاٹھی' عصا۔ کہتے ہیں اَخذ رُمَیْحَ ابی سعد وہ بوڑھا ہو گیا۔
(اَرْمَخَ) النخلُ: کھجور کے درخت پر بسر کھجور آنا۔
-فلانٌ: نرم پڑنا' حقیر ہونا۔
-الدابةُ: چوپائے کا عمر رسیدہ یا موٹا ہونا۔
(الرِّمْخُ): درختوں کا جھنڈ۔
(الرِّمْخ): نئی اور تازی کھجور۔ واحد رِمْخَةٌ۔
(رَمَدَ) ـِ رَمْدًا و رَمَادَةً ہلاک ہو جانا۔ راکھ ہو جانا۔
-الشیءَ ـُ: ہلاک و برباد کرنا' تہس نہس کرنا۔
(رَمِدَ) ـَ رَمَدًا رُمْدَةً راکھ جیسے رنگ کا ہونا۔
-العینُ رَمَدًا: آنکھ دکھنا' آشوب چشم ہونا۔
-فلانٌ: آشوب چشم ہونا۔ هو اَرْمَدُ وهی رَمْدَاءُ (ج) رُمْدٌ وهو رَمِدٌ وهی رَمِدَةٌ۔
(اَرْمَدَ): ہلاک (۲) فقیر ہونا۔
-القومُ: لوگوں کا قحط' خشک سالی سے دوچار ہونا۔
-البکاءُ عینَه: رونے سے آنکھ کا پھول جانا۔
-الشیءَ: ہلاک کرنا (۲) راکھ جیسا کرنا۔
(رَمَّدَ) الشیءَ: راکھ میں دبانا (۳) ہلاک کرنا۔
-الشِّواءَ: بکری کے بچہ کو انگاروں پر سینکنا (۲) راکھ میں دبانا۔ کہاوت ہے (شوی اخوك حتّٰی اذا انضج رَمَّدَ) ایسے شخص سے بارے

میں جو سارے کئے کرائے پر پانی پھیر دے۔
(اِرْمَدَّ) شتر مرغ کی طرح دوڑنا۔
-وجهُه چہرہ کا راکھ کے رنگ کا ہو جانا۔
-العینُ آنکھ کا پھول جانا۔
(الاَرْمَدُ) مَیلا یا میلا رنگ۔
-رَمادٌ اَرْمَدُ بہت باریک راکھ (ج) رُمْدٌ۔
(الرَّامِدُ) پرانا انتہائی بوسیدہ۔
(الرَّمادُ) راکھ (ج) ارمدۃٌ۔
-وھو کثیر الرَّماد وہ بہت سخی ہے۔
-سُفِیَ الرَّمادُ فی وجهِه: اس کا چہرہ بدل گیا۔
(الرَّمادَۃُ) راکھ کی ایک مقدار (۲) ہلاکت۔
-عام الرمادۃ قحط کا سال جو ۱۸ ہجری میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں آیا تھا اور اس میں بہت ہلاکت ہوئی تھی۔
(الرَّمادِیُّ) خاکی راکھ جیسے رنگ والا۔
(الرَّمَدُ) آشوب چشم (ع)
-علم الرمد علم معالجہ چشم۔
(الرَّمِدُ) مچھر (۲) شتر مرغ۔
(الرَّمَدِیُّ) آنکھوں کا معالج۔
(رَمْرَمَ) الرجلُ و غیرہ گرا پڑا کھانا کھانا اور کھانے کی گندگی سے نہ بچنا۔ حدیث ہرہ میں ہے (حَبَسْتَهَا فلا اطعمتها و لا ارسلتها ترمرم من حشاش الارض)
(ترَمْرَمَ) بات کرنے کے لئے منہ ہلانا لیکن بات نہ سکنا۔ کہتے ہیں کلمتُه فما ترمرم بحرفٍ۔
-الشیُ جدا جدا ہونا۔
(الرَّمْرامُ) موسم بہار کی گھاس۔ مصر کے عوام الناس اسے "فساء الکلاب" کہتے ہیں۔
(رَمَزَ) الیه ـُ رَمْزًا ہونٹوں، آنکھوں، ابروؤں یا کسی اور چیز سے اشارہ کرنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿قَالَ آيَتُكَ أَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ إِلَّا رَمْزًا﴾
-الظبیُ رَمْزًا ہرن کا اچھلنا کودنا۔
الی الشیءِ بکذا کسی چیز کے ذریعہ کسی چیز کا پتہ بتانا۔

-فلاناً بکذا ابھارنا اکسانا۔
(رَمُزَ) ـُ رَمَازَۃً سکڑنا منقبض ہونا (۲) حرکت کا زیادہ ہونا (۳) سنجیدہ اور باوقار ہونا (۴) قابل تعظیم و تکریم ہونا (۵) شریف النسب ہونا۔
-فُوادہ دل تنگ ہونا۔ ھو رَمِیزٌ۔
(تَرَامَزُوا) ایک دوسرے کی طرف اشارہ کرنا۔
(تَرَمَّزَ) متحرک ہونا۔ بے چین ہونا۔ کہتے ہیں: ترمَّزَ مِنَ الضَّرِبَةِ و ترمَّزُوا: وہ لوگ جھگڑے یا قیام کے لئے حرکت میں آئے (۲) تیاری کرنا۔
(ارتمزَ) ترمَّزَ۔
(الرَّامِزۃُ) گھٹنے کے اندر کی چربی۔ وھُمَا رامزتان۔
(الرَّاموزُ) سمندر (۲) اصل (۳) نمونہ (ج) رواميز۔
(الرَّمْزُ) اشارہ (۲) علامت (۳) علم بیان میں خفی کنایہ (ج) رموزٌ۔
(الرُّمَزُ) و (الرَّمَزُ) اشارہ۔
(الرَّمْزِیَّۃُ): الطریقة الرمزیّةُ فن شعر و ادب کا ایک خاص طریقہ جس میں افکار و جذبات کی اشاراتی تعبیر باذوق افراد کے لئے برائے تکمیل ادھوری چھوڑ دی جاتی ہے (ع)
(الرَّمَّازَۃُ) فاحشہ و پیشہ ور عورت۔
-کتیبةٌ رَمَّازَۃٌ بہت بڑا لشکر۔
(رَمَسَ) المیتَ ـُ رَمْسًا دفن کر کے مٹی برابر کرنا۔
-الشیُ نشان مٹا دینا۔ کہتے ہیں الریحُ ترمُسُ الآثار بما تثیرہٗ ہوا مٹی اڑا کر نشانات کو مٹا دیتی ہے۔
-القبرَ قبر کو زمین کے برابر کرنا۔
-علیه الخبرَ بات چھپانا۔
-فلاناً بحجرٍ پتھر مارنا ھو مرموس و رَمِیسٌ۔
(اَرْمَسَ) المیتَ میت کو دفنا کے مٹی برابر کرنا۔

(ارتمَسَ) فی الماءِ پانی میں غوطہ لگانا۔
(الرَّاموسُ) قبر (ج) رواميس۔
(الرَّامِسُ) اڑنے والے جانور (۲) رات کو نکلنے والے جانور (ج) روامِسُ۔
(الرَّامِسَۃُ) وہ ہوا جو مٹی اڑائے اور نشانات کو مٹا ڈالے (ج) روامس۔
(الرَّمْسُ) زمین کے برابر کی ہوئی قبر (۲) وہ مٹی جو قبر پر ڈالی جائے۔ (ج) رُمُوسٌ و ارماسٌ۔
(المِرْمَسُ) قبر کی جگہ۔
(المَرْمُوسَۃُ) وقعوا فی مرموسة من امرهم: ان کا معاملہ خلط ملط ہو گیا۔
(رَمَشَ) الشیَ ـِ رَمْشًا: کسی چیز کو انگلیوں کے سروں سے پکڑنا۔
-بیدہ ہاتھ سے چھونا۔
-فلاناً بحجرٍ و غیرہ پتھر مارنا۔
(رَمِشَتْ) عینه ـَ رَمَشًا آنکھ کے پپوٹوں کا سرخ ہو کر پانی جاری ہونا اور پلکوں کا چپک جانا۔ رَمِشَ فلانٌ بھی کہتے ہیں ھو اَرْمَشُ وھی رَمْشاءُ (ج) رُمْشٌ۔
(اَرْمَشَ) الشجرُ درخت پر پتے نکلنا۔
-فلانٌ رَمَشَ (۲) آنکھوں کی کمزوری کی وجہ سے بار بار جھپکانا (۲) آنکھ کی خرابی کی وجہ سے پلکوں کا ٹھیک نہ ہونا۔
(الرَّمْشُ) گلدستہ۔
(المِرْماشُ) دیکھتے وقت آنکھوں کو بار بار حرکت دینے والا (ج) مَرَامِیشُ۔
(المُرَمَّشُ) خراب آنکھوں والا جس کی پلکیں ٹھیک نہ ہوں۔
(رَمَصَتِ) الدجاجةُ ـُ رَمْصًا مرغی کا بیٹ کرنا۔
-فلانٌ لاھله کمائی کرنا۔
-بین القوم صلح کروانا۔
-اللّٰہُ مُصِیبَتَهٗ اللہ کا کسی کی مصیبت کو دور کرنا۔
-الشیُ طاب کرنا (۲) چھونا۔
(رَمِصَتِ) العینُ ـَ رَمَصًا آنکھ کے گوشہ

میں سفید میل آنا۔ رَمِصَ فلانٌ بھی کہتے ہیں هو اَرْمَصُ وهی رَمْصَاءُ (ج) رُمْصٌ۔
(اَرْمَصَه) الرَّمَدُ آشوب چشم کی وجہ سے آنکھ سے سفید میل نکلنا۔
(الرَّمَصُ) وہ سفید میل جو آنکھ کے گوشہ میں جمع ہوتا ہے۔
(الرُّمَيصاءُ) الشِعْرَى الرميصاءُ ایک ستارے کا نام۔
(رَمَضَ) النَّصْلَ ـُ رَمْضًا. نیزے کے پھل کو تیز کرنا۔
-الشاةَ: بکری کو چاک کر کے اس کی کھال کو باقی رکھ کر بھوننے کے لئے گرم پتھروں پر ڈال دینا اور اوپر سے آگ ڈال دینا۔
-الراعی مواشِيَهُ: چرواہے کا مویشیوں کو گرم جگہ میں یا سخت گرمی میں چرانا۔
(رَمُضَ) فلانٌ گرم زمین کا کسی کے قدموں کو جلا دینا۔
(رَمِضَ)ـَ رَمَضًا تپتی ہوئی زمین یا پتھروں پر چلنا۔
-الشیُ کسی چیز کی حرارت بڑھنا۔
-الارضُ. زمین پر دھوپ کا سخت ہونا۔
-الیومُ دن کا سخت گرم ہونا۔
-الصائمُ: پیاس کی سختی کی وجہ سے پیٹ جلنا۔
-قدمُه. گرم زمین کی وجہ سے قدم جلنا۔
-الغنمُ: بکریوں کا گرم زمین میں چرنے کی وجہ سے ان کے جگر کا زخم آلود ہونا۔
-للامرِ کسی بات پر آگ بگولا ہونا هو رَمِضٌ وهی رَمِضَةٌ۔
(اَرْمَضَهُ) الحرُّ: گرمی کا کسی کو جلا ڈالنا۔
-الشیُ فلانًا: کسی چیز کا کسی کو تکلیف دینا۔
-النَّصْلَ: نیزہ کے پھل کو تیز کرنا۔
-الراعی مواشِيَهُ. چرواہے کا اپنے جانوروں کو گرم جگہ میں چرانا۔
(رَمَّضَه) تھوڑا انتظار کر کے چل پڑنا۔
-الراعی مواشيهُ. چرواہے کا اپنے جانوروں کو گرم زمین میں چرانا۔
-الصومَ روزہ کی نیت کرنا۔

(اِرْتَمَضَ) من کذا کسی چیز کا کسی کے لئے سخت ہونا اور اسے بے چین کر دینا۔
-لَه غمگین ہونا۔
-کبدُہ جگر کا خراب ہونا۔
-الفرسُ بہ گھوڑے کا کسی کو لے کر کودنا۔
(تَرَمَّضَتْ) نَفْسُه. جی متلانا۔
-الصید گرم زمین میں شکار کرنا (یعنی شکار کے پیچھے اتنا دوڑنا کہ اس کے پیر گرمی کی شدت سے پھٹنے لگیں اور وہ آسانی سے قبضہ میں آ جائے)
(الرَّمْضاءُ). سخت گرمی (۲) وہ پتھریا زمین جو سخت دھوپ کی وجہ سے گرم ہو گئی ہو۔ کہاوت ہے (کالمستجیر من الرمضاء بالنار) ایسے شخص کے بارے میں جس میں دو بری خراب عادتیں پائی جائیں ایک سے بچو تو دوسری اس سے زیادہ خطرناک ہو۔
(رَمَضَان): رمضان المبارک۔ ہجری سال کا نواں مہینہ (ج) رَمَضاناتٌ و رماضينُ۔
(الرَّمَضُ): موسم خزاں سے قبل ہونے والی بارش جبکہ زمین گرم ہوتی ہے۔
(الرَّمَضِيُّ): وہ بارش یا بادل جو گرمی کے آخر اور خزاں کے آغاز میں ہوں۔
(المَرْمَضُ): بکریوں کو بھوننے کی جگہ۔
(رَمَطَه)ـِ رَمْطًا عیب نکالنا، طعنہ دینا۔
(رَمَعَ)ـَ رَمْعًا و رَمَعَانًا: حرکت کرنا، پھڑکنا۔
-انفه من الغضب: غصہ کی وجہ سے ناک کو حرکت ہونا۔
(۲) تیز چلنا۔
-الامّ بولدها ماں کا ناتمام بچہ جننا۔
-براسه او بیده. سوال کے جواب میں نفی میں سر یا ہاتھ ہلانا۔
(رَمِعَ) ساقی کی پیٹھ میں ایسا درد ہونا جو اسے اپنے کام سے روک دے۔ (۲) پیٹ کی بیماری لاحق ہونا۔
(رَمِعَ)ـَ رَمَعًا رُمِعَ۔
(اُرْمِعَ) رَمِعَ۔

(رَمَّعَتِ) السِّبَاعُ درندہ کا ناتمام بچے دینا۔
(رُمِّعَ) رُمِعَ۔
(تَرَمَّعَ) حرکت کرنا، پھڑکنا۔ جیسے تَرَمَّعَ اَنْفُه من الغضب۔
(الرُّمَاعُ) ساقی کی پیٹھ کو لاحق ہونے والا درد جو اس کو کام سے روک دے (۲) پیٹ کی بیماری جس سے چہرہ زرد ہو جاتا ہے۔
(الرُّمْعَةُ) گھاس وغیرہ کا ایک ٹکڑا۔
(الرَّمَّاعَةُ) بچہ کا تالو۔
(الیَرْمَعُ) پھرکی، لٹو (۲) سفید کنکریں جو دھوپ میں چمکتی ہیں۔ واحد یرمعةٌ۔ مغموم کے بارے میں کہتے ہیں ترکتُه یفتُّ الیَرْمَعَ. میں نے اسے کنکریاں توڑتے ہوا چھوڑا۔
(اِرْمَعَلَّ) بہتا یا رستا رہنا۔
-الدَّمعُ: آنسو بہتے رہنا۔
-الصبیُّ بچہ کی رال ٹپکتی رہنا۔
-الشِّوَاءُ تلے ہوئے گوشت سے روغن ٹپکتا رہا۔
-الثوبُ. کپڑے کا بھیگنا۔
-الادیمُ چمڑے کا خوب تر ہونا۔
-الابلُ اونٹوں کا منتشر ہونا۔
-فلانٌ جلدی کرنا، تیز چلنا (۲) اندر کی طرف سانس لینا۔
(رَمَغَه)ـَ رَمْغًا ہاتھ سے ملنا، رگڑنا، چمڑے کو رگڑنا۔
(رَمَّغَ) الطعامَ کھانے کو سالن سے تر کرنا۔
-راسَه سر میں خوب تیل ڈالنا۔
-الکلامَ چکنی چپڑی باتیں کرنا۔
(رَمَقَه)ـُ رَمْقًا دیکھنا، نگاہ ڈالنا۔
-رَمَقَه ببصرِه. ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔
(رَامَقَه) مُرَامَقةً و رِمَاقًا رَمَقَه (۲) ترچھی نگاہ سے دیکھنا (۳) دشمنی کی نگاہ سے دیکھنا (۴) منافقت برتنا (۵) کسی کے شر سے بچنے کے لئے اس سے ہمدردی کرنا۔
-الامرَ کسی کام کو ناتمام چھوڑنا، ناقابل اصلاح چھوڑنا۔ کہتے ہیں نحلةٌ ترامِقُ بعرقٍ کھجور کا

یہ درخت نہ بڑھتا ہے نہ ختم ہوتا ہے۔
(رَمَّقَه) تکنکی باندھ کر دیکھنا۔
- فلاناً بشيءٍ: کسی کے آخری سانس کو کسی شے کے ذریعہ باقی رکھنا۔
- في الشيءِ: کسی چیز کو اچھی طرح نہ بنانا' اس میں پوری کوشش نہ کرنا۔
- الکلامَ: غلط بات کو حسین انداز میں پیش کرنا۔
(ارمَقَّ) کمزور ہونا (۲) خراب ہونا۔
الجلدُ: کھال کا باریک ہونا۔
- الطریقُ: راستہ کا لمبا ہونا۔
(ترَمَّقَ) الشرابَ: تھوڑا تھوڑا پینا۔
(الأرْمَاقُ) حَبلٌ ارماقٌ: کمزور پرانی رسی۔
(الرَّمَاقُ) بقدر رسد رمق گزارا۔
(الرَّمَقُ) بقیہ سانس رمق (۲) سانس باقی رکھنے کے بقدر گزارہ (ج) ارماقٌ۔
(الرَّمِقُ) عیش رَمِقٌ: رمق باقی رکھنے والی چیز۔
(الرُّمْقَةُ) الرِّماقُ۔
(الرُّمُقُ) حاسدین (۲) وہ غریب لوگ جو معمولی سا گزارہ پا کر زندہ رہتے ہیں۔ واحد رامق و رَمُوق۔
(الرُّمَّقُ) کمزور آدمی۔
(المُرَامِقُ) آخری سانس لینے والا۔
(۲) بے مروت (۳) بدمزاج' بداخلاق۔
- رهنٌ مرامِقٌ: ناقابل اعتبار رہن۔
(المُرْمَقُ) و (المُرَمَّقُ) من العیش: گھٹیا اور معمولی زندگی۔
(رَمَكَ) في المکان وبه ـُ رُموکاً: کسی جگہ ٹھہرنا اور وہاں سے جدا نہ ہونا۔
- في الطعام: کھانا پسند کرنا۔
(أرْمَكَهُ) ٹھہرانا۔
(ارْمَكَّ) نازک ہونا' باریک ہونا۔
- الجملُ: اونٹ کا خاکستری رنگ کا ہونا (۲) کمزور اور لاغر ہونا۔
(استرْمَكَ) القومُ: لوگوں کے نسب میں عیب نکالا جانا۔

(الرَّامِكُ) کسی جگہ جم کر ٹھہرنے والا (۲) خیالے رنگ کی ایک خوشبو۔
(الرَّمَكَةُ): کمزور (۲) نسل چلانے کے لئے محفوظ رکھی جانے والی غیر عربی مضبوط گھوڑی (مو) (ج) رَمَكٌ و رِماكٌ (جج) ارماكٌ۔
(الرُّمْكَةُ): خیالا رنگ' خاکی رنگ' سیاہی مائل خاکی رنگ۔
(رَمَلَ) ـُ رَمَلاً و رَمَلاناً: کندھے ہلاتے ہوئے تیز چلنا۔
- النَّسجَ رَمْلاً: کپڑے کو باریک بننا۔
- السریرَ: تخت کو جواہرات وغیرہ سے آراستہ کرنا۔
- الحصیرَ: چٹائی بننا (۲) جواہرات سے آراستہ کرنا۔
(أرْمَلَ) المکانُ: جگہ کا ریتیلا ہونا۔
- فلانٌ: بے توشہ غریب و مفلس ہونا۔ حدیث ام معبد میں ہے (کان القومُ مرمِلینَ مُسْنِتِینَ)
- المرأةُ: عورت کا بیوہ ہو جانا۔
- الحبلَ: رسی کو لمبا کرنا۔
- الحصیرَ: چٹائی بننا۔
- الزَّادَ: توشہ کو ختم کر دینا۔
(رَمَّلَ) الطعامَ: کھانے کو خراب کرنے کے لئے اس میں ریت ڈالنا۔ حدیث الحمر الوحشیۃ میں ہے (امر ان تکفأ القدورُ و أنْ یرمّلَ اللحم بالتراب)
- الثوبَ: کپڑے کو خون میں لت پت کرنا۔
- النسیجَ: بنائی کو باریک کرنا۔
- الکلامَ: بے بنیاد باتیں کرنا۔
- الکاتبُ خطَّه: لکھی ہوئی تحریر پر روشنائی خشک کرنے کے لئے سیاہی چوس پاؤڈر چھڑکنا (مو)
(ارتَمَلَ) بالدم: خون سے لت پت ہونا۔
(ترَمَّلَ): ارتَمَلَ۔
(الأرْمَلُ): ضرورت مند' محتاج (۲) کنوارا (۲) رنڈوا۔ جس کی بیوی مر گئی ہو۔ هي ارملةٌ (ج) اراملُ و اراملةٌ (۳) بے نفع و خشک سال (۵) وہ بکری جس کا سارا جسم سفید ہو اور پاؤں کالے ہوں (ج) رُمْلٌ۔
(الرَّمَّالُ) بنی ہوئی چیز۔
(امُّ رِمالٍ): بجو۔
(الرَّمْلُ): ریت' بجری وغیرہ (ج) رِمالٌ ایک ریزہ: رَملةٌ۔
- علم الرَّمْلِ: ایک خرافی علم جس میں نامعلوم باتوں کے بارے میں بحث کی جاتی ہے۔
(الرَّمَلُ) ہلکی بارش (ج) اَرْمالٌ۔ (۲) شعر کی ایک بحر جس کا استعمال موجودہ دور میں بکثرت ہوتا ہے اس میں ایک مصرع کا وزن حسب ذیل ہوتا ہے: فاعلاتن' فاعلاتن' فاعلن (۳) کسی چیز کی زیادتی۔
(الرَّمْلاءُ) من السنین: کم نفع اور کم بارش والا سال (۲) سفید بکری جس کے پیر سیاہ ہوں۔
(الرَّمْلِيُّ): ریتیلے پودے (مج)
(الرَّمَّالُ): علم رمل جاننے والا یا اس کا پیشہ کرنے والا۔
(المِرْمَلُ): چھوٹی بیڑی۔
(المَرْمَلَةُ): سیاہی چوس پاؤڈر ڈالنے کی ڈبیا (مو)
(رَمَّ) العظمُ ـِ رَمّاً و رِمَّةً و رمیماً: پرانا اور بوسیدہ ہونا۔
- المَیّتُ: میت کا گل سڑ جانا۔
- الحبلُ: رسی کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔
- الشيءَ ـُ رَمّاً و مَرَمَّةً: مرمت کرنا' ٹھیک کرنا (۲) کھانا۔
- المنزلَ: گھر کی مرمت کرنا۔
- رَمَّتِ الشاةُ الحشیشَ: بکری کا ہونٹوں سے گھاس کھانا۔
(أرَمَّ) العَظْمُ والمیتُ رَمَّ۔
- العَظْمُ: ہڈی میں گودا آنا۔ کمزور بکری کے بارے میں کہتے ہیں 'ما یُرِمُّ مِنها مَضْرِبٌ' بکری کی ہڈی توڑ دی جائے تو اس میں گودا نہ نکلے۔
- فلانٌ الی اللهوِ: کھیل تفریح میں لگنا (۲) خاموش ہونا۔ حدیث میں ہے (اٰیکم

المتکلم بکذا و کذا؟ فأرمّ القومُ)
(رَمّمَه) رَمّمَه۔
(ارتَمّتِ) الشاۃُ الحشیشَ: بکری کا ہونٹوں سے گھاس کھانا۔
-ما علی الخوانِ: دسترخوان کا کھانا صاف کر دینا۔
(ترَمّمَ) العظمَ: ہڈی کے اوپر کا گوشت کھانا۔
-الشیئَ: ٹھیک کرنے کی کوشش کرنا۔
(استرَمّ) الشیئُ: قابل مرمت ہو جانا جیسے استرم الجدارُ۔
(الأرْمَامُ) حبلٌ ارمامٌ: پرانی اور بوسیدہ رسی۔
(التَرْمِیمُ): فن تصویر کشی میں کسی پھول وغیرہ کے اوپر باریک شفاف کاغذ رکھ کر پنسل پھیرنا تاکہ نیچے کا پھول اس شفاف کاغذ پر اتر آئے پھول وغیرہ کی نقل کرنا (۲) پھول وغیرہ کی وہ نقل جو شفاف کاغذ پر اتر آئے (ج)
(الرِّمَامُ) حَبْلٌ رِمامٌ: پرانی اور بوسیدہ رسی۔
(الرُّمَامُ): خستہ اور بوسیدہ چیز (۲) تازہ اگی ہوئی سبزی۔
(الرُّمَامَۃُ): بقدر ضرورت گزارہ۔
(الرِّمُّ): ترمٹی (۲) ہڈی کا گودا (۳) ہوا کے ساتھ اڑ کر یا پانی کے ساتھ آنے والی چیز۔
(الرَّمُّ): غم۔
(الرَّمَّاءُ) نَعجۃٌ رَمّاءُ: بے داغ بکری یا بھیڑ۔
(الرَّمَّامُ): گری پڑی ہر قسم کی چیز کھا جانے والا آدمی۔
(الرُّمَّۃُ): پرانی بوسیدہ رسی کا ٹکڑا (ج) رُمَمٌ و رِمَمٌ و رِمَامٌ (۲) اونٹ کی گردن پر باندھی جانے والی رسی۔ کہتے ہیں: اعطاہُ الشیئَ برُمّتِہِ: کوئی چیز ساری کی ساری دے دینا۔
(الرِّمَّۃُ): الرُمّۃُ (۲) بوسیدہ ہڈیاں (۳) دیمک (۴) پروں والی چیونٹیاں (ج) رِمَمٌ و رِمَامٌ۔
(الرَّمِیمُ): ہر پرانی اور بوسیدہ چیز۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿مَا تَذَرُ مِنْ شَیْءٍ اَتَتْ عَلَیْہِ اِلَّا جَعَلَتْہُ کَالرَّمِیْمِ﴾ کہتے ہیں: عظمٌ رمیمٌ و عظامٌ رمیمٌ و رمائمُ: بوسیدہ ہڈیاں۔

قرآن مجید میں ہے: ﴿یُحْیِ الْعِظَامَ وَھِیَ رَمِیْمٌ﴾
(المِرَمَّۃُ): ہر کھر دار جانور کا ہونٹ۔
(المَرَمَّۃُ): گھر کا سامان (۲) مرمت کی جگہ۔
(الرُّمَّانُ) انار۔ یہ فصیلہ آسیہ سے ہے۔ واحد رُمّانۃٌ۔
-رُمّانۃُ القبّانِ: نمبری ترازو پر لگا ہوا انار نما گولہ جس کے ذریعہ وزن کا نمبر معلوم کیا جاتا ہے۔
-رُمّانُ الانھارِ: ایک بوٹی جس کے ذریعہ جوڑوں کے درد کا علاج کیا جاتا ہے۔
-رُمّانۃُ الدابۃ: جانور کے پیٹ میں چارہ کی جگہ۔
(المَرْمَنَۃُ): ارضٌ مَرْمَنَۃٌ: زیادہ اناروں والی زمین۔
(رَمَہَ) الیومُ ـَ رَمْھًا: دن کا سخت گرم ہونا۔
(رَمَی) الشیئُ ـِ رَمَاءً: بڑھنا، زیادہ ہونا۔
-المالُ: مال کا بڑھنا۔
-علی الخمسین من عمرہ: عمر کا پچاس سال سے زیادہ ہونا۔ کہتے ہیں: وھو یرمی علی صاحبہ وہ اپنے ساتھی سے بڑھا ہوا ہے۔
-الشیئَ وبہ من یَدِہِ رَمْیًا و رمایۃً: ہاتھ سے ڈالنا، پھینکنا۔
-اللّٰہُ لہ: (دعا) خدا اس کی مدد کرے اور کام بنائے۔
-اللّٰہُ فی یدہ و غیرھا من الاعضاء: (بددعا) خدا اسے بیکار کرے۔
-فلانًا بامرٍ قبیحٍ: کسی پر الزام و تہمت لگانا۔
-بحبلہ علی غاربہ: کسی کو آزاد چھوڑ دینا۔
-بہ علی البَلَدِ: کسی کو کسی ملک پر مسلط کرنا۔
-البلدَ: کسی شہر یا ملک کا قصد کرنا۔
-الصیدَ رَمْیًا و رَمْیَۃً: شکار کو تیر وغیرہ مارنا۔
-عن القوس و علیھا رَمْیًا و رمایۃً: کمان سے تیر چلانا۔
(أرْمَی) الشیئُ: کسی چیز کا زیادہ ہونا، بڑھنا۔
-علی الخمسین من عُمُرِہِ: رَمَی۔ کہتے

ہیں سابّہ فارمی علیہ: اس کے ساتھ گالی گلوچ ہوئی تو اس سے آگے بڑھ گیا۔
-فلانٌ الشیئَ: پھینکنا۔ جیسے ارماہٗ من یدہ ہاتھ سے پھینکنا۔ ارماہٗ عن فرسہٖ گھوڑے سے نیچے پھینکنا۔
-بہ البلادُ: ملک نے اسے باہر نکال دیا۔
(رَامَاہُ) مُرَاماۃً و رِمَاءً: ایک دوسرے کو اٹھ پھینکنا، تیر مارنا۔ کہاوت ہے (قبل الرِّماءِ تُملأ الکنائن) تیر اندازی سے پہلے ترکش بھرے جاتے ہیں یعنی کسی کام سے پہلے اس کی تیاری کی جاتی ہے۔
-عن قومہٖ: لڑنا، دفاع کرنا۔
(ارتَمَی) المتناضِلانِ: تیر اندازوں کا باہم مقابلہ کرنا۔
-بہ البلادُ: ملک کا کسی کو باہر نکال دینا۔
-الشیئُ: زیادہ ہونا۔
-الصیدَ: شکار کو تیر مارنا۔
(تَرَامَی) القومُ: ایک دوسرے کو تیر مارنا۔
-الی کذا: کسی چیز تک پہنچنا۔ جیسے تَرَامَی امرُہٗ الی الظفر او الی الخذلان اس کا معاملہ کامیابی یا رسوائی پر ختم ہوا۔
-الجرحُ الی الفساد: زخم کا خراب ہونا۔
-الخبرُ الیَّ: مجھے خبر ملی۔
-الشیئُ: برقرار رہنا، بڑھتے رہنا۔
-بینھم الشرُّ: ان میں برائی بڑھتی گئی۔
-السحابُ: بادلوں کا تہ بہ تہ ہونا۔
-بہ البلادُ: شہر کا کسی کو پھینک دینا۔
(الرَّمَاءُ): زیادتی، سود۔
(الرِّمَایَۃُ): تیر اندازی کا پیشہ۔
(الرَّمْیُ): عمر میں اضافہ۔
(الرَّمِیُّ): اضافہ، زیادتی۔ کہتے ہیں فی ھذا رَمِیٌّ علی ما سمعتُ: اس خبر میں میرے سنے ہوئے سے کچھ زائد بات ہے (۲) موسم خزاں کا موٹے موٹے قطروں والا بادل (ج) اَرْمَاءٌ و اَرْمِیَۃٌ و رَمَایَا۔
(الرَّمْیَۃُ): ایک مرتبہ کی تیر اندازی۔ کہاوت ہے (رُبَّ رَمْیَۃٍ من غیرِ رامٍ) اتفاقی طور پر

کامیاب ہونے والے کے بارے میں کہا جاتا ہے۔
(الرِّمِیَّا) کانت بین القوم رِمِیّا ثم صاروا الی حِجِیْزیٰ لوگوں میں تیراندازی ہوئی پھر وہ باہم مل گئے یا منتشر ہو گئے۔
(الرَّمِیَّةُ) تیر پھینک کر شکار کیا ہوا جانور (مذکر ومونث کے لئے) (ج) رَمایا۔
- صاحب رمیّة. بات کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنے والا۔
(المُرْتَمِی) ھو مرتمیٌ لنا و مُرْتَمٍ: وہ ہمارا پیش رو ہے۔
(المَرْمی. تیر پھینکنے کی جگہ (۲) مقصد (۳) (فٹ بال کے کھیل میں) گول۔ (ج) مَرَامٍ
- ھذا کلامٌ بعید المرامی: بلند مقصد کلام۔
(المِرْمَاةُ) چھوٹا کمزور تیر یا وہ تیر جس کے ذریعہ تیراندازی سیکھی جائے (۲) جانور کا کھر (ج) مَرَامٍ۔

ر . . . . ن

(الارنَبُ) خرگوش (نر اور مادہ کے لئے) لیکن زیادہ فصیح استعمال مونث کے لئے ہے مذکر کے لئے خُزَز کہا جاتا ہے۔ ذلیل آدمی کو بھی ارنب کہتے ہیں (ج) ارانب وأران۔
(الاربانی) (دیکھئے ارنب) فی باب الهمزة۔
(المُؤَرْنَبُ) کساءٌ مؤرنبٌ وہ کمبل وغیرہ جس کی بناوٹ میں خرگوش کی اون ملائی گئی ہو۔
(المُؤَرْنَبَةُ) ارضٌ مؤرْنَبَةٌ زیادہ خرگوشوں والی زمین۔
(الرِّونَحَةُ) مچھلی کی ایک قسم جسے نمک لگا کر کھایا جاتا ہے اور سینک کر کھایا جاتا ہے (د)
(رَنَحَ) فلانٌ نشہ وغیرہ کی وجہ سے جھومنا۔
- الشرابُ فلاناً شراب کا کسی کو ہچکولے دینا۔
الربحُ الغصن ہوا کا شاخوں کو دائیں بائیں ہلانا۔
(رُنِّحَ) فلانٌ و علیہ بیہوشی طاری ہونا نشہ

گھبراہٹ یا مار کھانے کی وجہ سے جسم میں نقاہت اور کمزوری ہونا۔
(ترنّحَ) فلانٌ رُنِّحَ۔
- للشیءِ کسی شے کو طلب کرنا اور اس کے لئے حرکت کرنا۔
- علی فلانٍ کسی پر مہربانی کی غرض سے جھکنا یا حملہ کی غرض سے متوجہ ہونا۔
(الرُّنَّحُ) چکر، دوران سر (۲) بھیجہ سے الگ دماغ کا پچھلا حصہ (ج)
(المُرَنَّحَةُ) کشتی یا بحری جہاز کا اگلا حصہ۔
(رَنَخَ) ـُ رُنوخاً: سست ہونا۔
(رَنَّخَه) ذلیل و حقیر کرنا۔
(ترنّخَ) بِه: کسی چیز سے چمٹنا۔
(الرَّنْدُ): فصیلۂ غاریہ کا شام کے ساحلوں اور ساحلی پہاڑوں پر اگنے والا ایک خوشبودار پودا (۲) عود (۳) آس (۴) کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی گون کے مشابہ ایک گون۔
(رَنَعَ) الزرعُ ـَ رُنوعاً: کھیتی کا پانی نہ ملنے کی وجہ سے مرجھا جانا۔
- لونُه رنگ بدل جانا، پھیکا پڑ جانا۔
- الدابةُ چوپائے کا مکھی کو سر ہلا کر اڑانا۔
- فلانٌ کھیلنا (۲) سوال کے جواب میں نفی میں سر ہلانا۔
(رَنَّعَ) رأسَه سر کو حرکت دینا۔
(المَرْنَعَةُ): کھیل کود کی آوازیں (۳) آسودگی۔ خوشحالی (۳) باغیچہ (۴) کھانے یا شکار کا ایک ٹکڑا۔
(اَرْنَفَتِ) الدابةُ باذُنَیْھا جانور کا تھکاوٹ کی وجہ سے کانوں کو ڈھیلا چھوڑ دینا۔
- البعیرُ اونٹ کا سر کو ہلا کر چلنا (۲) تیز چلنا۔
(الرَّانِفُ) رانِفُ کلِّ شیءٍ گوشہ کنارہ کونہ۔
(الرَّانِفَةُ) کان کی نرم ہڈی کا کنارہ (۲) ناک کی پھنگل (۳) آستین کا کنارہ (۴) ہاتھ کا گوشت (۵) کولہے کا نچلا حصہ اور وہ کنارہ جو بیٹھتے وقت زمین سے لگتا ہے (ج) روانِفُ کہتے ہیں عَلَوْا روانف الاکام وہ

ٹیلوں کی چوٹیوں پر چڑھے۔
(رَنَقَ) الماءُ ـُ رَنْقاً و رُنُوقاً: پانی کا میلا ہونا۔
- عیشُه: زندگی کا بے کیف ہونا۔ ھو رَنْقٌ و رَنَقٌ و ھی رَنِقَةٌ۔
(اَرْنَقَ) الماءَ پانی کو میلا کرنا۔
(رَنَّقَ): حیران ہونا (۲) یہ سمجھ میں نہ آئے کہ کہاں جائے کیا کرے۔
- السفینةُ کشتی کا اپنی جگہ گھومنا اور نہ چلنا۔
- الرایةُ پرچم کا سروں پر لہلہانا۔
- الطائرُ پرندہ کا پھڑ پھڑانا لیکن نہ اُڑنا۔
- المنیّةُ: موت کا قریب ہونا۔
- الشمسُ: سورج کا غروب کے قریب ہونا۔
- الطائرُ: تیر یا بیماری کی وجہ سے پرندہ کا پر ٹوٹ کر گر جانا۔
- عینُه: بھوک وغیرہ کی وجہ سے آنکھ کا کمزور ہو جانا یا بند ہو جانا۔
- القومُ بالمکانِ: لوگوں کا کسی جگہ ٹھہرنا اور قید ہو جانا۔
- النومُ عینیه. نیند آنا لیکن نہ سونا۔
- الماءَ پانی کو میلا کرنا۔
- النظرُ کسی کو مخفی طور پر دیکھنا (۲) مسلسل دیکھنا۔
(ترنّقَ) الماءُ پانی کا میلا ہونا۔
(الرَّنْقُ) گار، گدلا پن (۲) گدلا پانی (۳) جھوٹ۔
(الرَّنْقَاءُ) انڈوں پر بیٹھنے والا پرندہ (۲) بنجر اور پرانی زمین۔
(الرَّنْقَةُ) تھوڑا پانی جو حوض میں باقی رہے۔ کہتے ہیں صار الماءُ رَنْقَةً جب پانی پر مٹی اور گارو وغیرہ غالب آ جائے۔
(الرَّوْنَقُ) رونق السیف تلوار کی چمک اور آب و حسن۔
- رونق الضحیٰ چاشت کا اول وقت۔
- رونق الشباب جوانی کی ابتداء۔ جوانی کا جوبن۔
(الرَّنْکُ) ترک بادشاہوں شہزادوں امراء

اورمصر کے ممالیک کا شعار (فارسی)
(رَنَمَ) المُغَنِّی ـ رَنَمًا: گویے کا گانا، راگ الاپنا۔ ھو رَنِمٌ وھی رَنِمَۃٌ۔
-عودٌ رَنِمٌ ترنم خیز سارنگی۔
(رَنَّمَ) رَنِمَ۔
-الحمامُ کبوتر کا خوبصورت آواز نکالنا۔
- القوسُ والحندبُ والعودُ: خوش آواز ہونا۔
(ترَنَّمَ) رَنَّمَ۔
(الرَّنَمُ). آواز۔
(الرَّنَمَۃُ). ترنم خیز آواز، راگ۔
(الرَّنِیمُ): ترنم، راگ۔
(رَنَّ) ـ رَنِینًا: آواز نکالنا، چیخنا۔
-الیہ. کان لگانا، دھیان دینا۔
(اَرَنَّ) رَنَّ جیسے اَرَنَّتِ القوسُ فی اِنباضھا و ارنت المراۃُ فی نوحھا و ارنت الحمامۃ فی سجعھا وارنت السحابۃُ فی رعدھا و ارن الماءُ فی خریرہ: سب مثالوں میں زور سے آواز نکالنے کے معنی ہیں۔
(رَنَّتِ) المراۃ ترنینًا و ترنیۃً. عورت کا زور سے آواز نکالنا۔
-القوسَ و نحوھا. کمان وغیرہ کو آواز دار بنانا۔
(رِنٌّ): طب کی ایک اصطلاح (مج)
(الرُّنُّ) تھوڑا اپانی۔
(الرُّنِّیُّ). ساری مخلوق۔ کہتے ہیں ما فی الرُّنِّیِّ مثلہ اس جیسا کوئی نہیں۔
(الرَّنَّۃُ) ہرن کے مشابہ ایک جانور (۲) سخت اور زوردار چیخ (۳) رونے یا گانے کے وقت کی غمگین آواز۔
(المِرْنَانُ). کمان قوسٌ مرنانٌ و سحابٌ مرنانٌ گونجدار کمان اور گرجدار بادل۔
(رَنَا) ـ رَنْوًا و رُنُوًّا ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا کہتے ہیں رناہُ ورنا الیہ ورنالہٗ: ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔
-الی حدیثہ کسی کی بات کو غور سے سننا۔

-عنہ غفلت برتنا۔
-فلانٌ عشق ومحبت میں بے خود ہو کر جھومنا۔
(اَرْنَاہُ) حسنُ المنظرِ. خوبصورت چیز کا اپنی طرف متوجہ کرنا۔
-الی الطّاعۃ فرمانبرداری کی طرف مائل کرنا اور اس کا عادی بنانا۔
(رانَاہُ) بلندی و عظمت میں آگے بڑھنا۔ کہتے ہیں لہ شَرَفٌ یُرَانِی الکواکبَ: اس میں ایسی بلندی و شرافت ہے جس میں وہ ستاروں سے بھی بلند ہے۔
-فلانًا: دل داری کرنا۔
- الشیءَ: سجانا' آراستہ کرنا۔

(زَیَّنَہٗ) سجانا' آراستہ کرنا۔
(ازدَانَ): حسین و خوبصورت ہونا۔
(تَزَیَّنَ) اِزْدَانَ۔
(اِزَّیَّنَ) اِزْدَانَ۔
(الزَّائِنُ) آراستہ' سجا ہوا' خوبصورت۔
- امرأۃٌ زَائِنٌ: بناؤ سنگار کی ہوئی عورت۔
(الزِّیَانُ) سجاوٹ اور زینت کی ہر چیز۔
(الزَّیْنُ) ہر سجانے اور زینت دینے والی چیز
(ج) اَزْیَانٌ (۲) اچھا' خوبصورت وھی زَیْنَۃٌ
- امرأۃٌ زینۃٌ: بناؤ سنگار کی ہوئی عورت۔
(الزِّیْنَۃُ) سامانِ زینت و سجاوٹ۔
- یومُ الزِّیْنَۃِ: عید کا دن (۲) مصر میں خلیج کا بند
توڑنے کا دن (ج) زِیَنٌ۔
(المُزَیِّنُ) حجام (۲) عورتوں کی مانگ نکالنے
والا (بالوں کی پٹی جمانے والا) وھی مزیّنۃٌ۔
(الزَّیْنُوْنُ) کیمیا میں ایک نامعروف عنصر جو
ہوا میں معمولی مقدار میں پایا جاتا ہے اسے
روشنی کے ٹیوب میں استعمال کیا جاتا ہے۔
(زَیَّاہُ) تَزْیِیَۃً کوئی روپ دینا (۲) لباس
پہنانا۔
- بہ: کسی کو کوئی ہیئت شکل یا روپ عطا کرنا۔
- الحرف حرف کو زاء پڑھنا یا لکھنا۔
(تَزَیَّا) بکذا کوئی روپ شکل وضع قطع' یا فیشن
اختیار کرنا (۲) لباس پہننا۔ کہتے ہیں تَزَیَّا
بِزِیِّ غیرہٖ: اس نے دوسروں کی وضع قطع
اپنالی۔
(الزِّیُّ) ہیئت۔ شکل' روپ' فیشن' وضع قطع
(۲) لباس کہتے ہیں: اَقْبَلَ بِزِیِّ العرب وہ
عربوں کے لباس میں آیا (ج) اَزْیَاءٌ۔



(السِّیْنُ) حروفِ تہجی کا بارھواں حرف۔ اس کا مخرج نوکِ زبان اور ثنایا علیا کے قدرے اوپر کا حصہ ہے سین مفتوح فعل مضارع پر داخل ہو کر مستقبل کے لئے خاص کرتا ہے اور وقوعِ فعل کے قریب پر دلالت کرتا ہے اس کو سینِ تنفیس بھی کہتے ہیں۔ قرآن مجید میں ہے ﴿فَسَیَکْفِیْکَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ﴾

س..........أ

(سَأْ) اسم صوت، گدھے کو باندھنے یا پانی کے لئے بلانے کے وقت بولا جاتا ہے۔
(سَأَبَهُ) - سَأْبًا گلا گھونٹنا۔ حدیث میں ہے (فأخذ جبریل بحلقی فسأبنی حتی اجهشت بالبکاء)
- السقاءَ مشک کو بڑا کرنا۔
(سَئِبَ) مِنَ الشراب - سَأَبًا سیراب ہونا
(السَّأْبُ) مٹکا، بڑی مشک (ج) (سُؤُوْبٌ)
(السُّؤْبَانُ) هو سُؤْبَانُ مالٍ: وہ مال کا بہترین انتظام اور رعایت کرنے والا ہے۔
(المِسْأَبُ) مٹکا، بڑی مشک (ج) مَسَائِبُ۔
(سَأَدَهُ) - سَأْدًا گلا گھونٹنا۔
(سَئِدَ) کھارا پانی پینے سے بیمار ہو جانا۔
(سَئِدَ) الجرحُ - سَأَدًا زخم کا پھٹ جانا، هو سَئِدٌ۔
(أَسْأَدَ) السَّیْرَ مسلسل چلنا، چلنے کا عادی ہونا۔ اس کا اکثر استعمال رات کے چلنے کے بارے میں ہے۔

(السُّؤَادُ): کھارا پانی پینے سے ہونے والی بیماری۔
(السُّؤْدَةُ): بقیہ جوانی۔
(المِسْأَدُ): مشکیزہ، بڑی مشک۔
(سَأَرَ) مِنَ الطعامِ وَالشراب - سَأْرًا: کھانا یا پانی بچا دینا۔ هو سَآرٌ۔
(سَئِرَ) - سَأَرًا: بچا، باقی رہنا۔
(أَسْأَرَ): بچانا، باقی چھوڑنا، حدیث میں ہے (اذا شربتم فاسئروا)
- مِنْ حِسَابِهِ حساب میں سے کچھ چھوڑ دینا۔ هو سَآرٌ۔
(تَسَأَّرَ) الشرابَ: بچا ہوا پانی یا مشروب پینا۔
(السائر): باقی ماندہ بچا ہوا۔
(السُّؤْرُ): جھوٹا، چیز کا بقیہ۔ فضل بن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث میں (لا اوثر بسؤرك احدًا)
- اِنَّهُ سُؤْرُ شَرٍّ وہ صاحب شر ہے (ج) أَسْآرٌ۔
(السُّؤْرَةُ): بقیہ، بچی ہوئی چیز۔ وہ عورت جس کی جوانی ڈھل چکی ہو اور کچھ باقی ہو اس کے بارے میں کہا جاتا ہے ان فیها لسؤرة (۲) عمدہ مال (ج) سُؤَرٌ۔
(سَأْسَأَ) بالحمار سَأْسَأَةً و سَأْسَاءً و سِیْسَاءً گدھے کو سَأْسَا کہہ کر پانی کے لئے بلانا (۲) گدھے کو ساسا کہہ کر چلنے یا روکنے کے لئے ڈانٹنا۔
(تَسَأْسَأَتِ) الامورُ معاملات کا خلط ملط ہونا۔
- فلانٌ بحقی فلاں نے انکار کے بعد میرے حق کو مان لیا۔
(سَأَفَتْ) یَدُهُ - سَأْفًا: ہاتھ کے ناخن پھٹنا (۲) ہاتھ کے ناخنوں کے اردگرد کا حصہ پھٹنا۔
(سَئِفَتْ) یَدُهُ - سَأَفًا سَأِفَتْ هی سَئِفَةٌ۔
- شفتُه: ہونٹ پر پپڑی جمنا۔
- لِیْفُ النَّخْلَةِ: کھجور کے پتوں کا پھٹ کر خراب ہو جانا۔
(سُؤِفَتْ) ابلُه - سَأْفَةً: اونٹ کا مہلک بیماری میں مبتلا ہونا۔
(انْسَأَفَ) سَأِفَ۔
(السُّؤَافُ): ایک بیماری جو اونٹوں کو ہلاک کر دیتی ہے۔
(السَّأَفُ): دم کے بال (۲) پلک۔
(سَأَلَهُ) عن كذا و بكذا - سؤالاً و تَسْآلاً و مَسْأَلَةً پوچھنا، سوال کرنا، دریافت کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ لَا تَسْئَلُوْا عَنْ اَشْیَاءَ اِنْ تُبْدَلَكُمْ تَسُؤْكُمْ﴾ اور ﴿فَاسْأَلْ بِهٖ خَبِیْرًا﴾
- المحتاجُ الناسَ: ضرورت مند کا لوگوں سے خیرات مانگنا۔
- فلانًا الشیءَ: کوئی چیز مانگنا۔ جیسے سألت زیدًا درهمًا اور قرآن مجید میں ہے ﴿لَا نَسْأَلُكَ رِزْقًا نَحْنُ نَرْزُقُكَ﴾
(أَسْأَلَهُ) سُؤْلَهُ و مَسْأَلَتَهُ کسی کی ضرورت پوری کرنا۔
(ساءَلَهُ) سَأَلَهُ۔
(تَسَاءَلُوْا) ایک دوسرے سے سوال کرنا۔
(السَّائِلُ) فقیر، بھکاری۔ قرآن مجید میں ہے

﴿وَاَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ﴾

(السَّآلُ) بہت بوچھنے والا زیادہ سوال کرنے والا۔

(السُّؤَالُ). خیرات طلب کرنا' حدیث میں ہے (نَهٰی عن کثرۃ السُّؤَال) (۲) امتحان کا سوال (طالب علم سے جس کا جواب لیا جائے) (ج) اَسئلۃ۔

(السُّؤْلُ والسُّوْلُ): سوال' درخواست' فرمائش۔

(السُّؤْلَۃُ). السُّوْلُ۔

(السُّؤْلَۃُ) بہت سوال کرنے والا۔

(السُّؤُوْلُ) بہت سوال کرنے والا۔

(المَسْاَلَۃُ) مصدر بمعنی اسم مفعول۔ قابل دریافت بات' حل طلب مسئلہ۔ اصطلاح علمی میں وہ قضیہ جس پر دلیل قائم کی جائے (ج) مسائل۔

(المَسْئُوْلُ). ارکان حکومت میں سے وہ شخص جس پر کوئی ذمہ داری عائد ہوتی ہے (محدثہ)

(المَسْئُولِیَّۃُ). ذمہ داری' جواب دہ امر۔ کہتے ہیں. انا برئٌ من مسئولیۃ هذا العمل۔

(سَئِمَ) الشئ و مِنہ ۔ سَاَمًا و سَآمَۃً: اکتانا' طبیعت گھبرانا' دل اچاٹ ہونا۔ هو سئِمٌ وهی سئِمَۃٌ۔

(اَسْاَمَہُ): دل اُچاٹ کر دینا۔

(السَّؤُوْمُ): بہت زیادہ اکتا جانے والا کہاوت ہے: (ظئر رءوم خیر من ام سؤوم)

(سَاَ) ۔ سَاْوًا: دوڑنا۔

- بین القومِ لوگوں میں پھوٹ ڈالنا۔

- الثوبَ اَوِ الجلدَ: کپڑے یا کھال کو کھینچ کر پھاڑنا۔

- الشئَ: کسی چیز کا ارادہ کرنا۔

(سَاٰی) بین القومِ ۔ سَاْیًا. لوگوں میں پھوٹ ڈالنا۔

- الثوبَ او الجلدَ: اتنا کھینچا کہ وہ پھٹ جائے۔

(السَّاْو). وطن (۲) ہمت' حوصلہ۔

- فلانٌ ذُوْسَاْوٍ: فلاں باہمت آدمی ہے (۲) وہ جہت جس کا قصد کیا جائے۔

س .... ب

(سَبَأَ) علی یمینٍ کاذبۃٍ ۔ سَبْئًا و سِبَاءً و مَسْبَأً لاپرواہی کے ساتھ جھوٹی قسم کھانا۔

- الخَمْرَ پینے کے لئے شراب خریدنا۔

- فلانا کوڑے مارنا۔

- الحرارۃُ او السوطُ الجلدَ: گرمی یا کوڑے کا جلد کو بدل دینا۔

- الجلدَ: کھال کو جلانا (۲) کھال اتارنا کھینچنا۔

(اَسْبَأَ) لِاَمْرِ اللّٰہِ اللہ کے حکم کے آگے سر تسلیم خم کرنا۔

- علی الشیءِ کسی چیز پر دل نرم ہونا۔

(اِسْتَبَأَ) الخَمْرَ پینے کے لئے شراب خریدنا۔

(اِنْسَبَأَ) الجلدُ: کھال چھلنا' اتر جانا۔

(سَبَا): ایک شخص کا نام جس سے عام یمنی قبائل وابستہ تھے وہ ان کا جد امجد تھا (منصرف اور غیر منصرف ایسے ہی ممدودہ و غیر ممدودہ دونوں طرح پڑھا جاتا ہے) (۲) یمن کی ایک قدیم قوم کا نام۔ کہاوت ہے (تفرّقوا ایدی سبا و ایادی سبا) وہ قوم سبا کی طرح تتر بتر ہو گئے ان قبائل کی زمین جب عذاب الٰہی سے غرق کر دی گئی اور ان کے باغات فنا ہو گئے تو یہ مختلف ملکوں میں پھیل کر منتشر ہو گئے اور ہر ایک گروہ نے الگ الگ راہ اپنا لی۔

(السِّبَاءُ) شراب۔

(السُّبْاَۃُ) دور دراز کا سفر۔

(السَّبَئِیَّۃُ): سبائیہ شیعوں کا ایک فرقہ جو عبداللہ بن سبا کی طرف منسوب ہے۔

(السَّبَّاءُ) شراب فروش۔

(السِّبیءُ) سِبیءُ الحیۃ: سانپ کی کھال۔

(السَّبِیْئَۃُ). شراب۔

(المَسْبَأُ) پہاڑی راستہ۔

(سَبَّہُ) ۔ سَبًّا: گالی دینا۔

- الشیَ کاٹنا۔

- الدَّابَّۃَ چوپائے کی ٹانگیں کاٹنا۔

(سَابَّہُ) مُسَابَّۃً و سِبَابًا. باہم گالی گلوچ کرنا۔

(سَبَّبَہُ): کسی کو خوب گالیاں دینا۔

- الأَسْبَابَ: اسباب پیدا کرنا۔

- لِلْمَاءِ مجرًی: پانی کے لئے راستہ بنانا۔

- الحُکْمَ و نَحْوَہٗ کسی فیصلہ کے اسباب و وجوہ بیان کرنا۔

(اِسْتَبُّوْا) ایک دوسرے کو گالی دینا۔

(تَسَابُّوْا) باہم گالی گلوچ کرنا (۲) باہم مقاطعہ کرنا۔

(تَسَبَّبَ) الیہ کسی تک پہنچنے کا ذریعہ بننا۔

(اِسْتَسَبَّ) لہ کسی کے لئے گالی یا برائی اور بے عزتی کا سبب بننا۔ کہتے ہیں اِستَسبَّ لِاَبِیْہِ وہ اپنے باپ کی بے عزتی کا سبب بن گیا' اس طرح کہ اس نے دوسرے کے باپ کو گالی دی تو اس نے جواباً اس کے باپ کو گالی دی۔

(الاُسْبُوْبَۃُ) گالی' بدکلامی' ہر وہ بات جس کے ذریعہ دوسرے کی بے حرمتی کی جائے اور اسے برا کہا جائے یا گالی دی جائے (ج) اسابیبُ۔

(السِّبُّ). بہت گالی دینے والا (۲) اوڑھنی' ڈوپٹہ (۳) عمامہ' پگڑی (۴) رسی (۵) میخ (۶) باریک کپڑا۔

- سِبُّ الشخصِ. کسی کا گالی دینے میں مقابل (ج) سُبُوْبٌ۔

(السَّبَبُ): رسی (۲) سبب' ذریعہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَآتَیْنَاہُ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ سَبَبًا فَاَتْبَعَ سَبَبًا﴾ (۳) رشتہ' تعلق و قرابت کہتے ہیں: مَالِیْ اِلَیْکَ سببٌ (۵) علم عروض میں ان دو حرفوں کو کہتے ہیں جن میں ایک متحرک ہو دوسرا ساکن یا دونوں متحرک ہوں پہلے کو سبب خفیف اور دوسرے کو سبب ثقیل کہتے ہیں (۶) شرعاً وہ چیز جو دوسری چیز تک پہنچائے مگر اس میں موثر نہ ہو جیسے وقت نماز (ج) اَسبابٌ۔

- اَسْبَابُ السَّمَآءِ: آسمان کے کنارے یا اس کے زینے۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿لَعَلِّیْ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ﴾

تقطعت بهم الاسباب: ان کی تدبیریں بیکار ہو گئیں۔

- اسباب الحکمِ (فی القضاء). عدالتی

فیصلہ کے قانونی اسباب و وجوہ اور قطعی دلائل (ج)
(السَّبَّابَۃُ) انگوٹھے سے ملی ہوئی انگلی۔
(السَّبَّۃُ) زمانہ کا کچھ حصہ، عرصہ کہتے ہیں: مَضَتْ سَبَّۃٌ من الدَّھْرِ۔
- الدَّھْرُ سَبَّاتٌ: زمانہ کے مختلف حالات ہوتے ہیں۔کوئی کیسا کوئی کیسا۔اصابتنا سَبَّۃٌ من بَرْدٍ اَوْحَرٍّ: ہم پر سردی یا گرمی کی لہر آئی۔
(السُّبَّۃُ) عار،عیب، داغ (۲) وہ شخص جو اکثر لوگوں کی گالیوں کا نشانہ بنتا ہو۔
(السُّبَبَۃُ) بہت گالیاں دینے والا۔
(السَّبِیْبَۃُ) سب اور سبب کا درمیانی تعلق، سببیت۔
(السَّبِیْبُ) سبیب الشخص گالی کا مقابل۔
- سبیبُ الفرس گھوڑے کی پیشانی اور دم کے بال۔
(السَّبِیْبَۃُ) باریک کپڑا (۲) بالوں کا گچھا (۳) نسر کا باریک ٹکڑا (ج) سَبائبُ۔
- امراۃٌ طویلۃُ السَّبائِبِ لمبی زلفوں والی عورت۔
- سَبائبُ الدَّمِ خون دوڑنے کے راستے۔
(المِسَبُّ) بہت گالی گفتار کرنے والا۔
(المِسَبَّۃُ) شہادت کی انگلی۔
(سَبَتَ) ۔ سَبْتًا سونا، آرام کرنا۔ٹھہرنا، پرسکون ہونا۔
- فلانٌ ۔ سَبْتًا ہفتہ کے دن میں داخل ہونا۔
- الیھودُ یہودیوں کا سبت منانا یعنی ہفتہ کے دن معاشی کاموں کو چھوڑنا اور مذہبی رسومات ادا کرنا۔قرآن مجید میں ہے ﴿وَیَوْمَ لَا یَسْبِتُوْنَ لَا تَاْتِیْھِمْ﴾
- الشیئُ ڈھیلا چھوڑنا،لٹکانا۔
- شَعْرَۃَ بالوں کو چوٹی کی شکل میں لٹکانا (۲) کاٹنا۔
عِلَاوَتَہٗ گردن پر مارنا۔
شَعْرَہٗ اَوْ رَاْسَہٗ بال یا سر مونڈنا۔
(اَسْبَتَ)الحیَّۃُ سانپ کا سر کو جھکا کر بے حس و حرکت ہو جانا۔
- فلانٌ ہفتہ کے دن میں داخل ہونا۔
- الیھودُ یہود کا یوم سبت منانا۔
(سَبَّتَ)الشیئَ کاٹنا۔
(انْسَبَتَ)الجلدُ دباغت سے چمڑے کا نرم ہو جانا۔
- الرُّطَبُ کھجور کا پوری طرح پک جانا۔
- الشیئُ لمبا ہونا،لچک کے ساتھ بڑھنا۔کہتے ہیں فی وجھہ انسباتٌ: اس کی چہرہ میں لمبائی اور پھیلاؤ ہے۔
(السُّبَاتُ) راحت و اطمینان، آرام کا ذریعہ۔قرآن مجید میں ہے: ﴿وَھُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الَّیْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا﴾ (۲) نیند (۳) اونگھ ہلکی نیند جیسے بیمار یا بوڑھے کی ہوتی ہے حدیث عمرو بن مسعود رضی اللہ عنہ میں ہے: (قال لمعاویۃ ما تسال عن شیخ نومہ سُباتٌ و لیلۃ ھباتٌ) (۴) زمانہ (۵) طبی اصطلاح میں ایسی بے ہوشی جو کسی اثر انگیز دوا سے بھی زائل نہ ہو بخلاف الاغماء (ج)
- اِبناسباتٍ: دن رات۔
(السَّبْتُ): ہفتہ، سنیچر، شنبہ (۲) زمانہ یا اس کا کچھ حصہ، عرصہ۔کہتے ہیں۔اَقَمْنَا سَبْتًا: ہم نے کچھ عرصہ قیام کیا (۳) آرام (۴) نیند (۵) بہت سونے والا (۶) دلیر لڑکا (۷) تیز رفتار گھوڑا (ج) سُبُوتٌ و اَسْبُتٌ۔
(السِّبْتُ) دباغت دی ہوئی کھال۔رنگی ہوئی یا صاف کی ہوئی کھال۔
- النِّعالُ السِّبْتِیَّۃُ صاف رنگے ہوئی چمڑے کے جوتے۔
(السَّبْتَۃُ) عرصہ زمانہ کا ایک حصہ مدت، وقت۔
(المَسْبُوْتُ) بے ہوش پڑا ہوا بیمار جو سوتا ہوا دکھائی دے اور اکثر آنکھیں بند رکھے (۲) بے ہوش (۳) مردہ۔
(سِبْتَمْبَر) نواں عیسوی مہینہ تمبز سریانی مہینوں میں اس کے مقابل ایلول ہے۔
(تَسْبَّحَ) گھریلو کام کاج کے لئے چھوٹی آستین کا کرتا پہننا۔
(السَّبَجُ) سیاہ کوڑیاں (مع)
(السُّبْجَۃُ): چھوٹی آستین کا کرتہ (جو عورتیں گھروں میں استعمال کرتی ہیں) (مع)
- سُبْجَۃُ القمیصِ کرتے کا گھیرا۔
(السَّبِیْجَۃُ) السُّبْجَۃُ۔
(سَبَحَ) بِالنَّھْرِ و فیہ ۔ سَبْحًا و سِبَاحَۃً تیرنا۔
- الفرسُ گھوڑے کا دوڑنے کے لئے اگلی ٹانگیں پھیلانا۔ھو سابحٌ و سَبُوْحٌ۔
- النجومُ ستاروں کا آسمان میں چلنا۔قرآن مجید میں ہے: ﴿کُلٌّ فِیْ فَلَکٍ یَّسْبَحُوْنَ﴾
- فلانٌ فی الاَرْضِ: دور نکل جانا (۲) کھدائی کرنا (۳) روزی کی تلاش میں گھومنا۔قرآن مجید میں ہے ﴿اِنَّ لَکَ فِی النَّھَارِ سَبْحًا طَوِیْلًا﴾
- فی الکلامِ زیادہ بولنا۔
(سَبَّحَ) سبحان اللہ کہنا۔
- اللہ و لہ خدا تعالیٰ کی پاکی بیان کرنا۔قرآن مجید میں ہے ﴿سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ﴾ و ﴿کَیْ نُسَبِّحَکَ کَثِیْرًا﴾
(السَّابِحَاتُ) کشتیاں (۲) فرشتے (۳) ستارے۔
(السِّبَاحَۃُ) تیراکی۔
(السَّبَّاحُ) ماہر تیراک، تیراک۔
(السَّبَّاحَۃُ) شہادت کی انگلی۔حدیث وضو میں ہے (فادخل اصبعیہ السَّبَّاحتین فی اذنیہ)
(السُّبُّوْحُ) پاک و برتر (اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ایک)
(سُبْحَانَ) سبحان اللہ کلمہ تنزیہ اللہ ہر عیب سے پاک ہے۔
- سبحان مِنْ کَذَا بوقت تعجب کہا جاتا ہے۔یہ بہت ہی عجیب ہے۔
(السَّبْحُ) فراغ، خلا۔
(السُّبْحَۃُ) چمڑے کا لباس یا کپڑا (ج)

سِباخٌ۔(مو)
(السُّبْحَةُ): تسبیح (مو) (۲) دعا (۳) نفل نماز (ج) سُبَحٌ۔
-السُّبُحات سجدہ کی جگہیں۔
-سبحاتُ اللہ اللہ تعالیٰ کا جلال وعظمت اور انوار وتجلیات۔
(السوابحُ) گھوڑے (صفت غالبه)
(المُسَبَّحُ) مضبوط وطاقتور۔
-کِساءٌ مُسَبَّحٌ مضبوط کمبل۔
(المُسَبِّحَةُ) شہادت کی انگلی۔
(المِسْبَحَةُ) تسبیح۔
(سَبْحَلَ) فلانٌ سبحان اللہ کہنا۔
(سَبَخَ) - سَبْخًا: ہلکا ہونا' سست ہونا (۲) دور ہونا۔
-الحرُّ: گرمی کا کم ہونا۔
-القُطْنَ و نَحْوَهُ: لپیٹنا' سمیٹنا۔
(سَبِخَتِ) الارضُ - سَبَخًا: زمین کا شورے والی ہونا۔ ھی سَبِخَةٌ۔
(اَسْبَخَتِ) الارضُ سَبِخَتْ۔
-فی حَفْرِ الارضِ. زمین کی کھدائی کرتے ہوئے شورے والے طبقے تک پہنچنا۔
(سَبَّخَ) سونا' نیند کرنا۔
-الشئُ ہلکا ہونا' ٹھہرنا' رکنا۔
-العرقُ رگ کا خون بند ہو جانا۔
-الحَرُّ: گرمی میں کمی ہو جانا۔
-عنه الشِدَّةَ: کسی کی سختی یا تکلیف میں کمی کرنا۔ حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا میں ہے: (انه صلی اللہ علیه وسلم سمعها تدعو علی سارق سرقها فقال لاتُسَبِّخِي عنه بدعائك علیه)
(القُطْنَ) روئی دھنکنا اور پھیلانا۔
(تَسَبَّخَ) ہلکا اور کم وزن ہونا' زور کم ہونا۔
(السِّباخُ) سَبْخَةٌ کی جمع (۲) شور زمین جو شوریت کی وجہ سے زراعت کے قابل نہ ہو (۳) کھاد (مصری لغت)۔
(السَّبَخُ) شور زمین جس میں پاؤں دھنس جائیں۔

(السَّبْخَةُ): نمکین اور دلدلی زمین (۲) پانی کی کائی (ج) سِباخٌ۔
(السَّبِخَةُ) ارضٌ سَبِخَةٌ شور زمین۔
(السَّبِيخَةُ) روئی کا ٹکڑا جو دوا میں ڈبو کر زخم پر رکھا جاتا ہے (۲) دھنی ہوئی اون (۳) پرندہ کے بکھرے ہوئے پر (ج) سَبِيخٌ و سَبائخُ۔
(سَبَدَ) شَعْرَهُ - سَبْدًا. بالوں کو مونڈنا۔
(اَسْبَدَ) سَبَدَ۔
(سَبَّدَ) الشَّعْرُ: مونڈنے کے بعد بالوں کا اگنا اور ان کی سیاہی ظاہر ہونا۔
-الفَرْخُ چوزہ کے پر نکلنا اور نوکیلے ہونا۔
-شَعْرَهُ اچھی طرح مونڈنا اتنا صاف کرنا کہ کھال صاف ہو جائے (۲) بالوں کو بھگو کر کنگھا کر کے چھوڑ دینا۔
- راسَهُ: بالوں کو دھو کر تیل لگا کر چھوڑ دینا حدیث خوارج میں ہے (سیماهم التحلیق والتسبید)
(السَّبَدُ) پودوں کی روئیدگی کے وقت کی نوکیں (۲) گھاس کاٹنے کے بعد کا بقیہ (۳) تھوڑے سے بال۔ کہتے ہیں: ماله لَبَدٌ وَلَا سَبَدٌ: اس کے پاس تھوڑا بہت کچھ نہیں یا اس کے پاس نہ بکریاں ہیں نہ اونٹ (ج) اَسْبادٌ۔
(السُّبَدُ) جنگلی ابابیل (ج) سِبْدانٌ۔
(۲) حوض کا راستہ بند کرنے کا کپڑا یا ڈاٹ اس کے ذریعہ اونٹوں کے پانی پیتے وقت پانی کو گدلا ہونے سے بچایا جاتا ہے۔
(سَبَرَهُ) - سَبْرًا زخم یا کنویں کی گہرائی جاننا' ماپنا' اندازہ کرنا۔
- الجُرْحَ: سلائی ڈال کر زخم کی گہرائی معلوم کرنا۔
-فلانًا حقیقت معلوم کرنا' جانچ پڑتال کرنا۔ گہرائی جاننا' تلاشی لے کر دیکھنا کہ اس کے پاس کیا ہے۔
(اَسْبَرَهُ) و (استَبَرَهُ) سَبَرَهُ۔
(السّابِرِيُّ) عمدہ اور باریک کپڑا (۲) مضبوط بنی ہوئی زرہ۔
(السِّبارُ): زخم یا پانی ناپنے کا آلہ' سلائی (ج) سُبُرٌ۔

(السُّبْرُورُ) غریب آدمی۔
(السَّبُّورَةُ) تختہ سیاہ' بلیک بورڈ۔
(السَّبْرُ) اصل (۲) رنگ (۳) ہیئت' شکل (ج) اَسْبارٌ (۴) اصولیوں کی اصطلاح میں سبر اور تقسیم کا معنی ہے اوصاف کو اصل مقیس علیه میں محدود کرنا اور ان میں سے بعض کو برائے علت چھوڑ دینا۔
(السِّبْرُ) اصل (۲) رنگ (۳) ہیئت' شکل۔
(السُّبَرُ) لمبے بازوؤں والا شکاری پرندہ۔
(السَّبْرَةُ) ٹھنڈی صبح۔
(المِسْبارُ) ناپنے کا آلہ' سلائی (ج) مَسابِيرُ۔
(المَسْبُرَةُ) مَسْبُرَةُ الجُرحِ زخم کی انتہاء۔
(المَسْبُورُ) خوش منظر' خوبصورت۔
(سَبْرَتَ) قناعت کرنا' مزید نہ مانگنا۔
(السِّبْراتُ) غریب و مسکین۔ وھی سِبْراتَةٌ (ج) سَبارِيتُ۔
(السُّبْرُوتُ) معمولی اور تھوڑی چیز (۲) غریب و مسکین (۳) بے ریش لڑکا (۴) بنجر زمین۔ وھی سُبْرُوتَةٌ (ج) سباریت - ارضٌ سباریت بنجر زمین۔
(السِّبْرِيتُ) غریب و مسکین۔ وھی سبریتَةٌ (ج) سَبارِيتُ۔
(سَبْرَجَ) عَلَيَّ الأَمْرَ کسی سے کوئی بات مخفی رکھنا۔
(سَبْرَدَ) شَعْرَهُ بالوں کو مونڈنا۔
(سَبْسَبَ) الرَّجُلُ. ہلکے ہلکے چلنا۔
-الماءَ والبولَ: پانی اور پیشاب بہانا۔
(تَسَبْسَبَ) الماءُ پانی بہنا۔
(السَّبْسَبُ) جنگل' بیابان (ج) سَباسِبُ۔
-بَلَدٌ سَباسِبُ وسیع شہر۔
(سَبِطَ) - سَبَطًا بالوں کا لمبا اور گھنا ہونا۔ ھو سَبْطٌ و سَبِطٌ۔
(سُبِطَ) فلانٌ بخار زدہ ہونا۔ ھو مسبوطٌ۔
(سَبُطَ) - سُبُوطًا و سُبُوطاً و سُبُوطَةً و سَباطَةً بالوں کا لمبا اور گھنا ہونا۔

(اَسْبَطَ) خوف کی وجہ سے خاموش ہونا (۲) بدن ڈھیلا کرکے سر نیچے لٹکانا۔

-بالارْضِ زمین سے چمٹنا اور ضرب یا بیماری کی وجہاں پر پھیل جانا۔

-فی النَّوْمِ نیند میں آنکھیں بند کرنا۔

-عَنْہ. غفلت برتنا۔

(سَبَطَتْ) بوَلَدِھَا: تمام بچہ ڈال دینا۔

(السَّابَاطُ) دو دیواروں کے درمیان چھپی ہوئی گزرگاہ (ج) سَوَابِیْطُ، سَابَاطات۔

(سَبَاطِ) بخار (مؤنث)

(السُّبَاطَۃُ) کوڑے کرکٹ کا ڈھیر، گندگی کا ڈھیر، کوڑا خانہ (۲) کنگھا کرنے سے گرنے والے بال (۳) کھجور کے پھل کا خوشہ۔

(السَّبِطُ) لمبا آدمی (۲) سیدھے بال (غیر گھونگھریالے) (۳) مسلسل بارش۔

-سَبِطُ الْیَدَین فیاض و سخی۔

- سَبِطُ الْاَصَابِعِ لمبی انگلیوں والا (ج) سِبَاطٌ۔

- سَبِطُ الجِسْمِ قدو قامت والا، خوش قامت۔ وھی سَبِطَۃٌ۔

-اِمْرَاَۃٌ سَبِطَۃُ الْخَلْقِ نرم اور نازک عورت۔

(اَلسَّبَطُ) بہت شاخوں والا درخت جس کی جڑ ایک ہی ہو۔

(اَلسِّبْطُ) پوتا، نواسہ۔

-من الیھود عربوں کے قبیلہ کی طرح یہود کے ایک قبیلہ کا نام (ج) اَسباطٌ۔ قرآن مجید میں ہے ﴿ وَقَطَّعْنَاھُمُ اثْنَتَیْ عَشْرَۃَ اَسْبَاطاً اُمَمًا ﴾

(السَّبَطَانَۃ) پرندوں کے شکار کی بندوق۔

(اِسْبَطَرَّ) لیٹنا، دراز ہونا، ہاتھ پیر پھیلانا۔ کہتے ہیں اسبَطَرَّتِ الذَّبِیْحَۃُ ذبح کے بعد جانور کا زمین پر پھیل جانا۔

-فی السَّیْرِ: تیز چلنا۔

- البلادُ ملک کا ٹھیک حالت میں ہونا۔

(السِّبَطْرُ) ذہین و سمجھدار (۲) لمبا اور سیدھا۔ جیسے شَعْرٌ سِبَطْرٌ (۳) تیز رفتار جیسے جَمَلٌ سِبَطْرٌ۔

- اَسَدٌ سِبَطْرٌ حملہ کے وقت ہاتھ پیر دراز کرنے والا شیر۔

(السِّبَطْرَۃُ): بھاری بھرکم عورت۔

(السِّبَطْرٰی): اتراہٹ کی چال، مغرورانہ چال۔

(السِّبِیْطَرُ): لمبا۔

(سَبَعَ) القومَ ـَ سبعًا: لوگوں کا سات عدد پورا کرنا۔ کہتے ہیں. ھو سَابِعُ سِتَّۃٍ: وہ چھ کے ساتھ مل کر ساتواں ہوا (۲) لوگوں کے مال کا ساتواں حصہ لینا۔

-الحَبْلَ: رسی کو سات بل دینا۔

- الذِّئْبُ الغَنَمَ. بھیڑیے کا بکری کو پکڑ کر کھا جانا۔

-فُلاناً. ڈرانا، خوفزدہ کرنا (۲) گالی دینا، عیب نکالنا۔

(سَبَّعَ) المولودَ: ساتویں دن بچہ کا سر مونڈنا اور اس کی طرف سے قربانی کرنا۔

-البَقَرَۃُ الوَحْشِیَّۃُ جنگلی گائے کے بچہ کو درندہ کا پھاڑ کھانا۔

(اَسْبَعَ) القومُ: لوگوں کا سات کی تعداد میں ہونا (۲) لوگوں کی بکریوں پر درندہ کا حملہ آور ہونا۔

-الحامِلُ حاملہ کا ساتویں مہینہ بچہ جننا۔ ھی مُسْبِعٌ والولد مُسْبَعٌ۔

- الطَّرِیقُ: کسی راستہ کا زیادہ درندوں والا ہونا۔

-الشئ کسی چیز کو سات کرنا۔

-ابنَہ بیٹے کو دایہ کے حوالہ کرنا۔

(سَبَّعَ) الشئَ سات کرنا (۲) سات اجزاء والا بنانا۔

- العَمَلَ کسی کام کو سات مرتبہ کرنا (۲) چند مرتبہ کرنا۔

-الاناءَ برتن کو سات مرتبہ دھونا۔

-اللہُ لکم الاجرَ اللہ تعالٰی کا اجر کو دوگنا کرنا۔

-عِندَ امْرَأَتِہِ سات راتیں قیام کرنا۔

-الحامِلُ حاملہ کا ساتویں مہینہ بچہ جننا۔

-القومُ لوگوں کا سات سو ہونا۔ حدیث میں ہے (سَبَّعَتْ سلیمٌ یوم الفتح)

(استَبَعُوا). سات ہونا۔

(الاُسْبُوْعُ) سات دن، ہفتہ (۲) طواف کے سات چکر (ج) اسابیع۔

(السابِعُ): ساتواں۔ سابعُ سَبْعَۃٍ سات میں سے ایک۔

(السُّبَاعِیُّ) سات گوشوں والا، سات رکنی۔

-رَجُلٌ سباعِیُّ البَدَنِ کامل الجسم آدمی۔

- ثَوْبٌ سُبَاعِیٌّ: سات گز یا سات بالشت کپڑا۔

(السَّبْعُ) سات (مونث کے لئے)

(السَّبُعُ): درندہ، پھاڑ کر کھانے والا جانور (دانتوں والا جانور جو پھاڑ کر کھاتا ہو جیسے شیر، بھیڑیا، چیتا وغیرہ) (۲) ہر پنجہ والا جانور۔ ھی سَبُعَۃٌ (ج) سِبَاعٌ و اَسْبُعٌ و سُبُوْعٌ۔

(السُّبُعُ) ساتواں حصہ (ج) اَسباع

(السَّبْعَۃُ) سات (مذکر کے لئے) ھذا الشئُ وَزْنُ سَبْعَۃٍ یہ چیز سات مثقال ہے۔

(السَّبُعَۃُ). شیرنی۔

(السُّبُوْعُ) الاُسْبُوْعُ۔

(السَّبِیْعُ) ساتواں حصہ (ج) اَسْبَاعٌ۔

(المُسَبَّعُ) علم ہندسہ کی ایک مشکل جس کے اضلاع کی تعداد سات ہوتی ہے (ج)

(المَسْبَعُ): درندوں کا مسکن (ج) مَسَابِعُ۔

(المُسْبَعُ): عیش و عشرت (۲) وہ بچہ جس کی ماں مر جائے اور اسے کوئی اور عورت دودھ پلائے (۳) ولد الزنا، حرامی (۴) لے پالک، متبنّیٰ، منہ بولا بیٹا (۵) ساتویں مہینہ پیدا ہونے والا بچہ۔

(المَسْبَعَۃُ). وہ علاقہ جہاں کثرت سے درندے پائے جائیں (ج) مَسَابِعُ۔

(سَبَغَ) الشئُ ـُ سُبُوْغًا کسی چیز کا تمام ہونا (۲) لمبا ہونا (۳) کشادہ ہونا۔

-الدرعُ زرہ کشادہ ہونا۔

-المَطَرُ خوب بارش ہونا۔

-النِّعْمَۃُ نعمت کا بھرپور ہونا۔ ھو سَابِغٌ وھی سَابِغَۃٌ (ج) سَوَابِغُ۔

(اَسْبَغَ) الفَارِسُ: گھڑسوار کا لمبی زرہ پہننا۔
-الشیَٔ: مکمل کرنا۔
-ثَوْبَهٗ: کپڑے کو کشادہ کرنا۔
-الوضوءَ: اعضاء کو اچھی طرح دھونا۔
-له فِی النَّفقة: کسی کے خرچہ میں فراخی کرنا۔
-اللّٰهُ علیكَ النِّعْمَةَ: اللہ تعالیٰ تمہاری نعمت و خوشحالی کو پورا کرے۔
(التَّسْبِغَةُ) تَسْبِغَةُ الخُوْذَةِ: زرہ کا وہ حصہ جو زرہ کو خود سے ملاتا ہے اور گردن کو چھپالیتا ہے (ج) تَسَابِغُ۔
(سَبَقَه) اِلَی الشیٔءِ ـِـ سَبْقًا: کسی چیز کی طرف بڑھنا۔
- الفرسُ فِی الحَلْبَةِ: گھڑ دوڑ کے میدان میں گھوڑے کا سب سے آگے نکل جانا۔
-عَلٰی قَوْمِهٖ: کرم وسخاوت میں سب آگے نکل جانا۔
(سُبِقَ) علی الامرِ: کسی کام پر غلبہ پالیا گیا۔
(اَسْبَقَ) القومُ اِلَی الْاَمْرِ: کسی کام کی طرف دوڑنا، جلدی کرنا۔
-الرَّایَ و نَحْوَهٗ: رائے کو (بحث ومباحثہ سے قبل) پختہ کرنا۔ الرایُ مُسْبَقٌ۔
(سَابَقَ) اِلَی الشیٔءِ مُسَابَقَةً و سِبَاقًا: کسی چیز کی طرف دوڑنا۔
جلدی سے آنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿سَابِقُوْا اِلٰی مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ﴾
-بینَ الخیلِ: گھوڑوں کی دوڑ کرانا۔
-فلانًا: کسی سے مقابلہ کرنا (۲) کسی کے قریب لگنا۔
(سَبَّقَ): شرط کی ہوئی چیز لینا۔
-بینَ الخیلِ: گھوڑوں میں دوڑ لگوانا۔
-الشَّاۃُ و نحوها: بکری وغیرہ کا نا تمام بچہ گرانا۔
-الطیرَ الجارحَ: شکاری پرندہ کے پاؤں میں بندھن باندھنا۔
(استبَقُوْا) اِلٰی کَذَا: کسی شے کی طرف پہنچنے کے لئے ایک دوسرے سے آگے بڑھنا۔
-الطریقَ: راستہ کو پار کرنا۔

(تَسَابَقُوْا): ایک دوسرے سے آگے بڑھنا (۲) ایک دوسرے سے لڑنا (۳) باہم خطرہ میں پڑنا۔
(السَّابِقُ): خیر میں آگے بڑھنے والا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَالسَّابِقُوْنَ السَّابِقُوْنَ اُوْلٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ﴾
(السَّابِقَةُ): دوڑ وغیرہ میں سبقت، جیت کہتے ہیں له فِی هٰذَا الامرِ سَابِقَةٌ: اس معاملہ میں اس کی پہل ہوچکی ہے (۲) (قانونی اصطلاح میں) کسی عاقل بالغ کا وہ جرم جو اس کے ریکارڈ میں آگیا ہو سابقہ جرم (۳) سابقہ قابل تقلید عمل (ج) سوابقُ۔
-السَّابقات: گھوڑے۔
(السِّبَاقُ): پائے بند، باندھنے کی پٹی، بندش۔
-السِّباقان: شکاری پرندہ کے پیر میں ڈالی جانے والی چمڑے وغیرہ کی دو بندشیں۔
-سِبَاقُ الخَیْلِ: گھڑ دوڑ۔
(السَّبَّاقُ): سب سے آگے رہنے والا۔
(السَّبُوْقُ): آگے بڑھنے والا۔
(السَّبَقُ): دوڑ میں لگی ہوئی شرط بازی (۲) گھر دوڑ کا میدان (ج) اَسْبَاقٌ۔
(سَبَكَ) المَعْدِنَ ـِـ سَبْكًا: معدنیات کو پگھلا کر صاف کر کے سانچہ میں ڈالنا۔
-سَبَكَتِ التَّجارِبُ فُلَانًا: تجربات کا کسی کو باخبر اور مہذب بنانا۔ هو مسبوكٌ و سبيكٌ۔
(سَبَّكَ) المعدنَ سَبْكَهٗ۔
(اِنْسَبَكَ): ڈھلنا، پگھلنا۔
(السِّبَاكَةُ): پگھلانے، ڈھالنے کا پیشہ۔
(السَّبَّاكُ): سونا، چاندی اور معدنیات کی ڈھلائی کرنے والا (مج) (۲) گھروں وغیرہ نلوں وغیرہ (پائپ) کی فٹنگ اور مرمت وغیرہ میں کرنے والا پلمبر (مج)
(السَّبِیْکَةُ): چاندی سونے یا دھات کا کسی شکل میں ڈھالا ہوا ٹکڑا (مج) (۲) دھات کا لمبا ٹکڑا (ج) سَبَائِكُ۔
(المَسْبَكُ): ڈھلائی کا کارخانہ (ج) مَسَابِكُ (مج)

(المِسْبَكَةُ) وہ برتن یا بھٹی جس میں دھات پگھلائی جائے۔
(اَسْبَکَرَّ) الشیٔ: لمبا اور پھیلا ہوا ہونا کہتے ہیں اسبکرَّ النبتُ واسبکرَّ الشَّعْرُ (۲) سیدھا، معتدل اور کامل ہونا۔ جیسے اسکرَّ الشبابُ واسبکرَّتِ الجاریةُ۔
-فلانٌ: لیٹنا، زمین وغیرہ پر دراز ہونا۔
-النَّهْرُ: نہر جاری ہونا۔
(اَسْبَلَتِ) الطریقُ: راستہ کا بہت آمد و رفت والا ہونا۔
-الزَّرْعُ: کھیتی میں خوشے نکلنا۔
-السماءُ: بارش برسنا۔
-العینُ: آنسو بہنا۔
-علیه: کسی کے خلاف بہت بولنا۔
-الشیَٔ: چھوڑنا، لٹکانا، جیسے اَسْبَلَ الثَّوْبَ والسِّتْرَ۔
-الفَرَسُ ذَنَبَهٗ: گھوڑے کا دم کو نیچے لٹکانا۔
(سَبَّلَ) الشیَٔ: مباح کرنا، فی سبیل اللہ دینا۔
(الاَسْبَلُ) لمبے خوشے والا (۲) اوپر کے ہونٹ پر بچ کے لمبے دائرے والا (ج) سُبْلٌ۔
(السَّابِلُ) طریق سَابِلٌ: جاری، چلتا ہوا راستہ۔
(السابلةُ) چلتا ہوا راستہ کہتے ہیں سبیل سابلةٌ (۲) راہ گیر، راستہ پر چلنے والا (ج) سوابلُ۔
(السَّبَلُ): برستی ہوئی بارش (۲) خوشۂ گندم وغیرہ کی بالی (۳) آنکھ کا موتیا (۴) ناک (۵) لٹکا ہوا کپڑا۔
(السَّبْلَاءُ): وہ عورت جس کے اوپر والے ہونٹ پر بال ہو (۲) لمبی پلکوں والی آنکھ (ج) سُبْلٌ۔
(السَّبَلَةُ) سَبَلَةُ الزَّرعِ: خوشہ، بالی۔
-سَبَلَةُ الرَّجُلِ: اوپر کے ہونٹ کے درمیان کا دائرہ (۲) مونچھ کے بالوں کا کنارہ (۳) داڑھی کا اگلا حصہ۔
-سَبَلَةُ الاِنَاءِ: برتن کا اوپری حصہ کہتے ہیں مَلَأَ الاناءَ اِلٰی سَبَلَتِهٖ۔

-جَرَّ فُلَانٌ سَبَلَتَهٗ کپڑے کے لٹکے ہوئے حصہ کو کھینچنا۔
-جَاءَ وَقَدْ نَشَرَ سَبَلَتَهٗ وہ دھمکیاں دیتا ہوا آیا۔
-هو اَصْهَبُ السَّبَلَةِ دشمن۔ وهم صُهْبُ السِّبَالِ (ج) سِبالٌ۔
(السَّبِيْلُ) راستہ کھلی سڑک (مذکر و مونث) (۲) سبب ذریعہ تعلق۔ قرآن مجید میں ہے ﴿يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا﴾ (۳) حیلہ تدبیر (ج) سُبُلٌ و اَسْبِلَةٌ (۴) دلیل و حجت۔ کہتے ہیں لیس لك عَلَيَّ سَبِيْلٌ۔
-سَبِيْلُ اللّٰهِ جہاد (۲) حج (۳) طلب علم (۴) ہر بھلائی اور نیکی جس کا اللہ نے مامور کیا ہو بمعنی جہاد زیادہ مستعمل ہے (۵) حرج، قصور جیسے لیس عَلَيَّ فی کذا سبیل۔
-اِبْنُ السَّبِيْلِ وہ مسافر پردیسی جس کے پاس وطن واپسی کا ذریعہ نہ ہو۔
(السَّبَنْجُوْنَةُ) لومڑی کی کھال کا پوستین (فارسی معرب) روایت ہے (روی ان الحسن بن علی کانت له سبنجونة من جلود الثعالب کان اذا صلی لم یلبسها)
(السِّبِنْسَةُ) ریل گاڑی کا آخری ڈبہ (د)
(سَنَهَ) سَنَهًا و سُبَاهًا بڑھاپے کی وجہ سے عقل زائل ہونا۔ هو مَسْبُوْهٌ۔
(سَبِهَ) سَبَهًا (۲) زبان چلنا۔
(السَّبَاهِيُّ) رَجُلٌ سَبَاهٍ بڑھاپے کی وجہ سے زائل العقل آدمی۔
(السُّبَهُ) و (السَّبَاهِيَةُ) مغرور و متکبر۔
(السَّبَهْلَلُ) خالی فارغ۔ کہتے ہیں جَاءَ سَبَهْلَلًا وہ خالی آیا (۲) چاک و چوبند خوش و خرم۔
-هُوَ يَمْشِي سَبَهْلَلًا وہ بیکار آتا جاتا ہے (۲) بے نتیجہ شے یا عمل۔ کہتے ہیں ذَهَبَ اَمْرُهٗ سَبَهْلَلًا اس کا معاملہ بے نتیجہ رہا۔
(السَّبَهْلَى) اترانے غرور و تکبر۔
(سبی) اعدوَّہ سَبْیًا و سِبَاءً دشمن کو پکڑنا، قید کرنا۔ کہتے ہیں سَبَتْهُ الغانیۃ حسین عورت کا کسی کو حسن و جمال کا اسیر بنالینا۔
-الخَمْرَ شراب کو ایک شہر سے دوسرے شہر میں لے جانا۔
-الماءَ کھدائی کرنا یہاں تک کہ پانی مل جائے۔
-سباه اللّٰهُ و اَبْعَدَهٗ اس پر خدا کی لعنت ہو (بددعا)
(استباه) سَبَاهُ۔
(تَسَابَى) القومُ لوگوں کا ایک دوسرے کو قید کرنا۔
(تَسَبَّى) له کسی سے اظہار محبت کر کے اسے اپنا بنالیا۔
(السَّابِيَاءُ) بچے کی پیدائش کے وقت اس کے ساتھ نکلنے والی جھلی (۲) مویشی، مویشیوں کا ریوڑ، مویشیوں کے بچے (۳) کثرت مال و کثرت اشخاص (ج) سَوَابِي۔
(السَّبَاءُ) وہ لکڑی جسے سیلاب ایک جگہ سے بہا کر دوسرے جگہ لے جائے۔
(السَّبْيُ) قیدی (مصدر بمعنی صفت)
-قَوْمٌ سَبْيٌ گرفتار قوم (۲) عورتیں (ج) سُبِيٌّ۔
(السَّبِيُّ) قیدی مرد و عورت۔ هی سبیۃ بھی کہتے ہیں (۲) گلی (۳) وہ لکڑی جسے سیلاب ایک جگہ سے بہا کر لے جائے (۲) سانپ کی کینچلی (ج) سَبَايَا۔
(السَّبِيَّةُ) وہ موتی جسے غوطہ زن سمندر سے نکالتا ہے (ج) سَبَايَا۔

س ... ت

(السَّاتُّ) چھٹا جیسے جاء فلانٌ ساتًّا۔
(السِّتُّ) چھ (مونث کے لئے) (۲) خاتون (ج) سِتَّاتٌ (مو)
(السِّتَّةُ) چھ (مذکر کے لئے)
(السِّتُّوْنَ) ساٹھ (مذکر و مونث کے لئے جیسے ستون رَجُلًا و ستون امراۃً
(سَتَرَهٗ) سَتْرًا چھپانا۔
(سَاتَرَهٗ) العداوۃَ کسی سے دشمنی چھپائے رکھنا۔
(سَتَّرَهٗ) چھپانا۔
(استَتَرَ) ڈھک جانا، چھپنا، پوشیدہ ہونا۔
(اِنْسَتَرَ) استَتَرَ۔
(تَسَتَّرَ) چھپنا، پوشیدہ ہونا۔
-عَلَيْهِ چھپانا (مو)
(الاِسْتَارُ) چار (۲) ساڑھے چار مثقال کا وزن (۳) پردہ آڑ (ج) اَساتیر۔
-اَسْتَارُ القومِ قوم کا چوتھا آدمی (ج) اَسَاتِيْرُ۔
(السِّتَارُ) پردہ (۲) چق، چلمن، آڑ، دیوار (ج) سُتُرٌ۔
(السِّتَارَةُ) السِّتَارُ (ج) سَتَائِرُ
(السِّتْرُ) پردہ، آڑ، رکاوٹ (۲) شرم و حیاء (۳) عقل (ج) اَسْتَارٌ و سُتُوْرٌ و سُتُرٌ۔
(السُّتْرَةُ) پردہ آڑ۔
(السَّتِيْرُ) حیادار (۲) پاکدامن (۳) بہت شاخوں والا درخت۔
(المُسَتَّرَةُ) جاریۃٌ مُسَتَّرَةٌ پردہ نشین لڑکی یا باندی۔
(المَسْتُوْرُ) پاکدامن (۲) جس کی حالت معلوم نہ ہو۔
(السُّتُّوْقُ) کھوٹا درہم وغیرہ جس کی کوئی قیمت نہ ہو (مع)
(المُسْتَقَةُ) چنگ وغیرہ بجانے کا آلہ۔
(سَتَلَ) القومُ ـُ سَتْلًا لوگوں کا یکے بعد دیگرے مسلسل نکلنا۔
-الدَّمْعُ آنسو ٹپکنا۔
-اللؤلؤ موتیوں کا لڑی سے گرنا۔
(سَتَلَهٗ) ـُ سَتْلًا کسی کے پیچھے چلنا، پیروی کرنا۔
(سَاتَلَ) مسلسل کسی کے ساتھ رہنا۔
(تَسَاتَلَ) سَتَلَ۔
-الدمعُ و اللؤلؤ آنسو ٹپکنا، موتی بکھرنا۔
-تَسَاتَلَتْ علیه القوافِیُ اس کے ذہن میں مسلسل قافیے آئے۔
(سُتَالَةُ) الشیءِ کسی چیز کا گھٹیا حصہ۔

(السَّتَل) عقاب اور گدھ کے مشابہ ایک
بڑے جسم کا جانور جو اڑنے والے جانوروں میں
سب سے بڑے جسم کا ہوتا ہے اس کے بازوؤں
کا پھیلاؤ تین میٹر کے قریب ہوتا ہے اور
پہاڑی علاقوں میں رہتا ہے (مج) (ج)
سِتْلانٌ۔
(المَسْتَلُ) تنگ راستہ (ج) مَسَاتِلُ
(سَتِهَ)۔ سَتهًا مسلسل کسی کے پیچھے چلنا۔
(سَتِهَ)۔ سَتهًا مسلسل کسی کے پیچھے چلنا۔
(سَتِهَ)۔ سَتهًا بڑی سرین والا ہونا۔ ھو
اَستَهُ وھی سَتهاءُ (ج) سُتْهٌ۔
(الإستُ) سرین (۲) دبر کا حلقہ (کبھی مراد
لیا جاتا ہے) مونث ہے اور اس کی اصل السَّتَهُ
ہے (ج) اَستاهٌ۔ اس میں مختلف لغات ہیں:
السَّهُ والسَّتُ گھٹیا درجہ کے لوگوں کے لئے
اَستاهٌ بولا جاتا ہے کان ھذا علی اَستِ
الدَّھرِ یہ ابتدائی زمانہ میں تھا۔ ما زال فلانٌ
علی استِ الدَّھرِ مجنونًا وہ دیوانہ مشہور
رہا۔ ابن استھا: کنیز زادہ، حرام زادہ۔

س .... ج

(سَجَّ) بَطنُه ۔ سَجًّا: پتلا پاخانہ کرنا۔ سَجَّ
فلانٌ بھی کہتے ہیں۔
-الطائرُ و سَجَّ بسَلحِه: پتلی بیٹ کرنا۔
-سَطحَهُ: چھت پر پتلے گارے کا لیپ کرنا۔
سَجَّ الحائطَ بھی کہتے ہیں۔
(السَّجاجُ) پانی جیسا پتلا دودھ۔
(السَّجُّ) اخذَهُ فی بطنِه سَجٌّ: اس کا پیٹ
نرم ہوگیا۔
(المِسَجَّةُ) پلاستر کرنے کا اوزار (کرنی،
مجھولا، گرمالی) (ج) مَسَاجُّ۔
(سَجَحَ) لَه بشیءٍ من الکلامِ ۔ سَبهًا:
اشارۃً کوئی بات کرنا۔
(سَجِحَ) الخدُّ والوَجهُ ۔ سَجَحًا و
سَجَاحَةً گال اور چہرہ کا مناسب لمبائی کے
ساتھ گداز ہونا۔ وَجهٌ و خدٌّ اَسجَحُ و
وَجنةٌ سَجحاءُ (ج) سُجحٌ۔
(اَسجَحَ) نرم و ملائم کرنا۔ کہتے ہیں:
(مَلَکتَ فَاَسجِحْ) تم کو خدا نے ملکیت دی
ہے نرمی اور درگزر سے کام لو۔ اذا سَاَلتَ
فَاَسجِحْ جب سوال کرو تو لہجہ نرم کرو۔
(سَجَّحَ) لہ بِشَیءٍ مِنَ الکلامِ: نرم گفتگو
کرنا۔
(سَجَاحِ) قبیلہ تمیم کی ایک عورت جس نے
نبوت کا دعویٰ کیا اور مسیلمہ کذاب کے ساتھیوں
میں سے تھی۔
(السِّجَاحُ) رخ، جہت۔ کہتے ہیں دارِی
سِجَاحَ دارِہ۔
(السُّجُحُ) من الطریقِ: راستہ کا بیچ، درمیانی
حصہ۔ کہتے ہیں: بَنَوا بُیُوتَھُم علی سُجحٍ
واحدٍ ان کے گھر ایک ہی انداز پر بنے ہوئے
ہیں۔
(السَّجحَةُ): عادت، مزاج، انداز۔
(السَّجِیحُ): نرم و آسان۔
(السَّجِیحَةُ) عادت، مزاج، انداز۔
- رکبَ سَجِیحَةَ رَاْسِه۔ اس نے اپنے لئے
رائے منتخب کر لی۔ بنوا بُیُوتَھُم علی
سجیحةٍ واحدةٍ انہوں نے ایک ہی انداز پر
مکانات بنائے۔
(سَجَدَ): عاجزی اور انکساری کے طور پر جھکنا
(۲) سجدہ کرنا، پیشانی کو زمین پر رکھنا، ھو
ساجدٌ (ج) سُجَّدٌ و سُجُودٌ۔
-السفینةُ للرِّیحِ: کشتی کا ہوا کے تابع ہونا۔
(سَجِدَتْ) رِجلُه ۔ سَجَدًا: پاؤں کا پھول
جانا ھی سَجداءُ و ھو اَسجَدُ (ج)
سُجدٌ۔
(اَسجَدَ). سر جھکانا، جھکنا۔ اَسجَدَ الرجلُ
بھی کہتے ہیں (۲) چیز کی طرف نیچی نگاہوں
سے دیکھتے رہنا۔
(السَّاجِدُ) فلانٌ ساجدُ المنخرِ فلاں
ذلیل و رسوا ہے۔
(السَّاجِدَةُ) مونث السَّاجِد۔
-عَینٌ ساجدةٌ: جھکی ہوئی آنکھ۔
-نخلةٌ ساجدةٌ: جھکا ہوا کھجور کا درخت (ج)
سَوَاجِدُ۔
(السَّجَّادُ) بہت سجدے کرنے والا۔
(السَّجَّادَةُ) قالین (۲) جائے نماز (۳)
پیشانی پر سجدوں کا نشان۔
(المَسجَدُ). پیشانی کی وہ جگہ جس پر نشان
سجدہ ہوتا ہے (ج) مَسَاجِدُ۔
-المساجدُ من بدنِ الانسانِ وہ اعضاء
انسانی جن پر سجدہ کیا جاتا ہے وہ پانچ ہیں
پیشانی، ناک، ہاتھ، گھٹنے، پاؤں۔
(المَسجِدُ) مسجد، باجماعت نماز کی جگہ۔
-المسجدُ الحرامُ خانہ کعبہ۔
- المسجدُ الاَقصٰی: مسجد بیت المقدس
قرآن مجید میں ہے ﴿ سُبحٰنَ الَّذِی
اَسرٰی بِعَبدِہ لَیلًا مِنَ المَسجِدِ الحَرَامِ
اِلَی المَسجِدِ الاَقصٰی ﴾ (ج) مساجدُ۔
(المِسجَدَةُ) السَّجَّادَةُ۔
(سَجَرَ)۔ سَجرًا و سُجُورًا۔ بھر جانا۔
-الاناءَ و نحوَہٗ برتن وغیرہ کو بھرنا۔
-الماءَ فی حلقِه گلے میں پانی بہانا۔
-التَّنُّورَ تنور کو گرم کرنا۔
-الرَّجُلَ کتے کے گلے میں پٹہ ڈالنا۔
(سَجِرَتْ) عَینُه ۔ سَجَرًا و سُجرَةً آنکھ
کی سفیدی میں معمولی سرخی ہونا۔ ھی سَجراءُ
وھو اَسجَرُ (ج) سُجرٌ۔ نبی کریم ﷺ کی
صفت میں ہے (انّه کان اسجر العین)
(سَاجَرَه) کسی کا مخلص دوست ہونا، خالص
تعلق رکھنا۔
(سَجَّرَ) الاناءَ و نحوَہٗ برتن کو بھرنا۔
-الماءَ پانی جاری کرنا۔
-الشَّعرَ بالوں میں کنگھی کرنا (۲) بالوں کو کھلا
چھوڑنا، لٹکانا۔
-الکَلبَ کتے کے گلے میں پٹہ ڈالنا۔
(انسَجَرَ) بھر جانا۔
-الشَّعرُ و غیرُہ بال وغیرہ تننا۔
-فی السَّیرِ مسلسل چلنا۔
(الاَسجَرُ) گدلا۔
-غدیرٌ اَسجَرُ گدلا تالاب جس کا پانی سرخی
مائل ہو (ج) سُجرٌ۔

(السَّاحُوُ) بہاؤ' سیلاب۔
(السَّاجُورُ) کتے کے گلے میں ڈالا جانے والا پٹہ۔
(السَّجْرُ) گرج۔
- بئرٌ سَجْرٌ: بھرا ہوا کنواں۔
(السَّجُورُ) ایندھن' ہر وہ چیز جس سے آگ جلائی جائے۔
(السَّجِيْرُ) مخلص دوست (ج) سُجَرَاءُ۔
(المِسْجَرُ) تنور میں ایندھن کو ہٹانے والی لکڑی (ج) مَسَاجِرُ۔
(المِسْجَرَةُ) المِسْجَرُ (ج) مَسَاجِرُ۔
(المَسْجُوْرُ) بھرا ہوا (۲) روشن' چلتا ہوا۔
(سَجِسَ) ـَ سَجَسًا. گدلا ہونا' بدل جانا۔
- الماءُ. پانی کا گدلا ہو جانا۔ هو سَجِسٌ و سَجِيسٌ - وبئرٌ سَجِسَةٌ و سجيسةٌ۔
(سَجَّسَ) الأبطُ والماءُ. بدبودار ہونا۔
- الماءُ پانی کو گدلا کرنا۔
(السَّاجِسِيُّ) كبشٌ سَاجِسِيٌّ: بہت سفید اون والا دنبہ۔
(السَّجِيسُ) کہتے ہیں لا افعله سجيس اللّيالي او سجيس الليالي والايام او سجيس الدّهر میں یہ کام کبھی نہیں کروں گا۔
(السَّجْسَجُ) يومٌ سَجْسَجٌ: معتدل دن جس میں نہ گرمی ہو اور نہ سردی۔
- هواءٌ السَّجْسَجُ معتدل ہوا' نہ زیادہ گرم نہ زیادہ سرد۔
- ظِلٌّ سَجْسَجٌ معتدل سایہ۔
- ارضٌ سَجْسَجٌ ایسی زمین جو نہ زیادہ سخت ہو' نہ زیادہ نرم (۲) کشادہ زمین (ج) سَجَاسِجُ۔
(سَجَفَ) البيتَ ـُ سَجْفًا گھر پر پردہ لٹکانا۔
(سَجِفَتِ) المرأةُ ـَ سَجَفًا عورت کا پتلی کمر اور پتلے پیٹ والی ہونا۔
(اَسْجَفَ) اللَّيلُ رات کا تاریک ہونا۔
البيتَ گھر پر پردہ لٹکانا۔
السِّتر پردہ لٹکانا۔

(سَجَّفَ) البَيْتَ: گھر کو پردہ والا بنانا۔
(السِّجَافُ): پردہ (۲) کپڑے کے کناروں کی گوٹ (محدثہ) (ج) سُجُفٌ
(السِّجَافَةُ): پردہ۔
(السِّجْفُ) دو ملے ہوئے پردے' جن کے درمیان خلا ہو (ج) اَسْجَافٌ و سُجُوْفٌ۔
(السُّجْفَةُ): رات کا ایک حصہ (ج) سُجَفٌ۔
(السُّجُقُ) گوشت کی بوٹیاں ابھری ہوئی آنت (مع)
(سَجَلَ) بِهِ ـُ سَجْلًا. اوپر سے پھینکنا۔
-الشيئَ مسلسل چھوڑنا' ڈالنا۔
-السُّوْرَةَ و القَصِيْدَةَ: ملا ملا کر پڑھنا۔
(اَسْجَلَ) فلانٌ: انتہائی فیض رساں ہونا۔
-الحوضَ و نَحْوَهُ: برتن وغیرہ کو بھرنا۔
- فلانًا کسی کو ایک ڈول یا دو ڈول یا اس سے دینا۔
-لهٗ: کسی کے نام خط لکھنا۔
- الشيئَ چھوڑنا' بھیجنا۔ کہتے ہیں اَرْسَلَ البهمة مع امّها: بکری کے بچے کو اس کی ماں کے ساتھ چھوڑنا۔
-الكلامَ کلام کو آزاد اور غیر مقید رکھنا۔
-لهُ الامرَ کسی کے لئے کوئی کام روا اور مباح رکھنا۔ هٰذا الامرُ مُسْجَلٌ یہ کام یا بات سب کے لئے عام ہے۔
-الناسَ لوگوں کو چھوڑ دینا۔
(سَاجَلَهٗ) کسی سے مقابلہ کرنا' فوقیت لے جانے کی کوشش کرنا۔
(سَجَّلَ) رجسٹر میں لکھنا۔
-القاضِيْ. قاضی کا فیصلہ کو رجسٹر میں درج کرنا' محفوظ کرانا۔
العَقْدَ و نَحْوَهُ کسی معاہدہ کو رجسٹر میں درج کرانا' رجسٹری کرانا۔
-الخطابَ و نحوهُ في البَرِيْدِ خط وغیرہ کی رجسٹری کرانا یا کرنا۔ (ڈاک کے خاص رجسٹر میں درج کروا کے روانہ کرنا تاکہ ضائع ہونے کا خوف نہ رہے)

-عليه بكذا. کسی کے بارے میں کوئی بات مشہور کرنا۔
(انْسَجَلَ) الماءُ و الدَّمْعُ: پانی یا آنسو گرنا۔
(تَسَاجَلُوْا) باہم مقابلہ کرنا' کسی پر اپنی فوقیت ثابت کرنا۔
(السَّاجُوْلُ) شیشی کا کور (ج) سَوَاجِيْلُ۔
(السِّجِّيْلُ) سخت مٹی' کنکر' کھنکتی ہوئی مٹی۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ﴾ (۲) وہ رجسٹر جس میں کفار کو دیا جانے والا عذاب درج ہے (۳) جہنم کی ایک وادی۔
(السَّجْلُ) بڑا ڈول' بھرا ہوا ڈول' وہ ڈول جس میں تھوڑا یا زیادہ پانی ہو (مذکر) (۲) بڑا تھن (۳) کسی چیز کا کوئی حصہ (ج) سُجُوْلٌ و سِجَالٌ
-الحَرْبُ بَيْنَهُمْ سِجَالٌ: لڑائی میں کامیابی کبھی اس فریق کو حاصل ہوتی ہے' کبھی اس فریق کو۔
(السِّجِلُّ): رجسٹر' وہ کتاب یا کاپی جس میں کوئی چیز بطور حفاظت کے لکھی جائے۔ (ج) سِجِلَّاتٌ (۲) کاتب' لکھنے والا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ﴾
(السَّجِيْلَةُ) مِنَ الدِّلَاءِ بڑا ڈول۔
(المُسَجَّلُ) عَقْدٌ مُسَجَّلٌ رجسٹری کیا ہوا معاملہ۔
- خطابٌ مُسَجَّلٌ رجسٹری کیا ہوا خط (محدثہ)
(المُسْحَلُ) فعلنا ذٰلك والدَّهرُ مُسْحَلٌ یہ کام ہم نے اس وقت کیا جب کوئی کسی سے نہ ڈرتا تھا۔
(سَجَمَ) الدَّمْعُ و المَطَرُ ـُ سُجُوْمًا و سِجَامًا و تَسْجَامًا تھوڑا یا زیادہ بہنا۔
-عَنِ الْاَمْرِ کسی کام میں انقباض کی بنا پر دیر کرنا۔
-العَيْنُ الدَّمْعَ سَجْمًا و سُجُوْمًا آنکھ کا آنسو بہانا۔ سَجَمَتِ السحابةُ الماءَ بادل کا پانی برسانا۔

(اَسْجَمَتِ)السحابَةُ مسلسل بارش ہونا۔
-العينُ الدَّمْعَ آنکھ کا آنسو بہانا۔
-السَّحَابَةُ الماءَ بادل کا بارش برسانا۔
(انْسَجَمَ) بہنا۔
(السَّجَمُ) پانی (۲) آنسو۔
(السَّجُوْمُ) بہت بہنے یا بہانے والا۔
-عَيْنٌ سَجُوْمٌ بہت آنسو بہانے والی آنکھ۔
-نَاقَةٌ سَجُوْمٌ بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔
(المِسْجَام): السَّجُوْمُ (ج) مَسَاجِيمُ۔
(سَجَنَهُ)ــُـ سَجْنًا قید کرنا۔ هو مسجونٌ و سجينٌ (ج) سُجَنَاء و سَجْنٰى وهى مسجونٌ و سَجِيْنَةٌ (ج) سَجْنٰى و سَجَائِن۔
-لِسَانَهٗ: زبان بند رکھنا۔ حدیث میں ہے: (ليس شيءٍ احقُّ بطول سجن من لسان)
-الهمّ: غم یا مصیبت کا اظہار نہ کرنا۔
(سَجَّنَهُ): سَجَنَهُ۔
-النَّخْلَ کھجور کے درختوں کی جڑوں میں پانی جذب کرنے کے لئے کیاریاں بنانا۔
(السَّاجُوْنُ): زمین سے نکلا ہوا لوہا۔
(السَّجَّانُ): جیلر، داروغہ جیل۔
(السِّجِّيْنُ): جیل، قید خانہ۔ (۲) جہنم کی ایک وادی (۳) وہ جگہ جہاں بدکاروں کے اعمال لکھے ہوئے ہیں۔ (۴) بہت سخت، ٹھوس (۵) دائمی، ہمیشہ رہنے والا (۶) اعلانیہ ہونے والی چیز (۷) وہ کھجور کے درخت جن کی جڑوں میں پانی کے لئے کیاریاں بنائی گئی ہوں۔
-ضَرْبٌ سِجِّيْنٌ: ایسی ضرب جو مضروب کو وہیں بٹھا دے ملنے نہ دے۔
-فَعَلَ ذٰلكَ سِجِّيْنًا۔ اس نے یہ کام علی الاعلان کیا۔
(السِّجْنُ) قید خانہ، جیل (ج) سُجُوْنٌ قرآن مجید میں ہے: ﴿رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ﴾
(السَّجَنْجَلُ) آئینہ (۲) سونا (۳) چاندی کے ڈھلے ہوئے ٹکڑے (۴) زعفران (رومی لفظ معرب)۔
(سَجَا)الشيءُ ــُـ سَجْوًا و سُجُوًّا: پرسکون ہونا، سنسان رہنا، جیسے سجا الليل و سجا البَحْرُ و سَجَتِ الرِّيْحُ و سَجَتِ الحلوبةُ للحالِبِ (۲) برقرار رہنا۔ جیسے سَجَا طبعُهٗ على كذا۔
-الشيَ سَجْوًا ڈھانپنا۔
(اَسْجَى) البَحْرُ و غَيْرُهٗ سمندر کا پرسکون ہونا۔
-البِئْرُ کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔
-الحلوبةُ: دودھ دینے والی اونٹنی کا بہت دودھ والا ہونا۔
-الشيَّ ڈھانپنا۔
(سَاجَاهُ). ہاتھ لگانا، چھونا۔ کہتے ہیں: اتانا بطعام فماسا جيناهُ۔
(سَجَّى)المَيِّتَ میت کو ڈھانپنا۔
(تَسَجَّى): ڈھک جانا، لپٹ جانا۔
(السَّاجِيْ) طَرْفٌ سَاجٍ خمار آلود نگاہ۔
-عَيْنٌ سَاجِيَةٌ: نشیلی آنکھ۔
امرأةٌ سَاجِيَةُ الطَّرْفِ: ست یا خمار آلود نگاہ والی عورت۔
-ليلةٌ سَاجِيَةٌ: پرسکون رات جس میں نہ سردی ہو نہ گرمی۔
(السَّجْوَاءُ) امرأةٌ سَجْوَاءُ: ست یا خمار آلود نگاہ والی عورت۔ ناقةٌ سجواءُ: پرسکون دودھ دینے والی اونٹنی۔
-رِيْحٌ سجواءُ: نرم ہوا۔ بِئْرٌ سَجْوَاءُ: بہت پانی والا کنواں۔
(السَّجِيَّةُ) طبیعت، اخلاق، مزاج (ج) سَجَايا۔

س ... ح

(سَحَبَ)الشيءَ ــَـ سَحْبًا کسی چیز کو زمین پر گھسیٹنا۔ سَحَبَتِ الرِّيْحُ التُّرابَ ہوا کا مٹی اڑانا۔
-ذَيْلَهٗ دامن گھسیٹنا۔ سَحَبَتِ الرِّيْحُ اَذْيَالَهَا ہوا خوب زور و شور سے چلی۔
-اسحَبْ ذيلكَ على ماكان مني میری بات سے صرف نظر کر کے معاف کیجئے۔
-جاءَ فلانٌ يَسْحَبُ ذيلَهٗ وہ تکبر کی وجہ سے دامن گھسیٹتے ہوئے آیا۔
-سَحَبَ وَدِيْعَتَهٗ امانت واپس کرنا۔
(اَسْحَبَهُ) الشيَّ کسی سے کوئی چیز واپس کرانا۔
(انْسَحَبَ) گھسٹنا، کھنچنا۔
-فلانٌ مِنَ المجلس کسی وجہ سے مجلس سے نکل جانا (محدثہ)
-الجَيْشُ مِنَ الميدانِ میدان سے لشکر کا ہٹ جانا۔
(تَسَحَّبَ) فی حَقِّ فُلَانٍ کسی کے حق کو چھین کر اپنے حق میں ملا لینا۔
-فلانٌ: کسی پر ناز کرنا جیسے هو يتسحّبُ عَلَيْنا۔
(السَّحَابُ). بادل (پانی سے بھرا یا خالی) (ج) سُحُبٌ۔
-السحابَةُ بادل کا ایک ٹکڑا (ج) سَحَائب۔
-ظَلَّ يفعل كذا سَحَابَةَ يومِهٖ وہ پورا دن کام کرتا رہا۔
(السُّحَابَةُ) تالاب میں بچا ہوا پانی۔
(سَحْبَانُ) سحبان بن وائل۔ قبیلہ وائل کا مشہور فصیح و بلیغ آدمی۔
(السَّحْبَانُ) ہر شے کو بہا کر لے جانے والا۔
(السُّحْبَةُ). تالاب میں بچا ہوا پانی (۲) پردہ، ڈھانپنے والی چیز۔
(المَسْحَبُ) کھینچنے اور گھسیٹنے کی جگہ۔ (ج) مَسَاحِبُ۔
(سَحَتَ)الشيَّ ــَـ سَحْتًا جڑ سے اکھیڑنا۔
-رأسَهٗ مونڈ کر بالوں کی جڑیں تک صاف کر دینا۔
-البَرَكَةَ برکت زائل کر دینا۔
-الشَّحْمَ عن اللحمِ گوشت سے چربی اتارنا۔
-وَجْهَ الارضِ زمین کی سطح کو کھرچنا۔

-في تجارته خراب یا حرام مال کمانا۔
(اَسْحَتَ) خراب اور حرام کمائی میں پڑنا۔
-التجارةُ تجارت کا خراب اور حرام طریقہ پر ہونا۔
-في تجارته سَحَتَ۔
-الشئَ جڑ سے اکھیڑنا۔ قرآن مجید میں ہے:
﴿لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ﴾
- راسَهٗ سر کو مونڈ کر بالوں کو جڑوں سے اکھیڑنا۔
-مالَه مال کو مکمل طور پر برباد کر دینا۔
(سَحَتَ) خراب یا حرام مال کمانا۔
-الشئَ جڑ سے اکھیڑنا۔
(الاَسْحَتُ) عامٌ اَسْحَتُ خشک سال۔ ھي سَحْتَاءُ۔
-سَنَةٌ سحتاءُ خشک سال۔
-اَرْضٌ سحتاءُ بنجر زمین (ج) سُحْتٌ۔
(السُّحْتُ) ناجائز اور حرام آمدنی جیسے رشوت وغیرہ۔ قرآن مجید میں ہے
﴿سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ﴾
حدیث ابن رواحہ میں ہے جبکہ ان کو خیبر کے یہود نے رشوت دینی چاہی (اطعمونی السحت) (۲) تھوڑی چیز (ج) اَسْحَاتٌ۔
(السُّحْتُ) من النَّاسِ وہ حریص پیٹو جس کا پیٹ کبھی نہ بھرتا ہو۔
(السَّحْتُ) پرانا کپڑا (۲) کھانے پینے کی زیادتی (۳) عذاب۔
-بردٌ سَحْتٌ سخت سردی۔
-مالٌ و دَمٌ سَحْتٌ ایسا مال یا خون جس کے ضائع کرنے والے پر تاوان نہ آئے۔
(السَّحْتُوتُ) کم چکنائی والا ستو (۲) نرم مٹی والا جنگل (۳) پرانا کپڑا (ج) سَحَاتِيتُ۔
(السَّحْتِيتُ) کم چکنائی والا ستو (ج) سحاتيت۔
(السَّحِيْتُ) پیٹو جس کا پیٹ نہ بھرتا ہو۔
(السَّحِيْتَةُ) من السحاب وہ بادل جو اپنے راستے کی ہر چیز کو صاف کرتا چلے۔

(المَسْحُوْتُ): السَّحِيْتُ۔
-مسحوتُ المِعْدَةِ: پیٹو جس کا پیٹ نہ بھرتا ہو۔
(سَحَجَه) -ـَ سَحْجًا: چھیلنا، رگڑنا۔ ھو مَسْحُوْجٌ و سَحِيْجٌ۔
-العودَ بالمِبْرَدِ: لکڑی وغیرہ کو ریتی وغیرہ سے گھسنا اور سلائی کرنا۔
-سَحَجَتِ الريحُ الارضَ: ہوا کا زمین کی سطح کو صاف کرنا۔
-شَعْرَهٗ بالمُشْطِ: بالوں کو کنگھے سے صاف کرنا۔
- في سَيْرِه: ہلکا دوڑنا۔ مَرَّ يَسْحَجُ: وہ دوڑتے ہوئے گزر گیا۔
(سَحَّجَهٗ): چھیلنا، رگڑنا (۲) دانتوں سے کاٹ کر نشان ڈال دینا۔
(انْسَحَجَ): چھیلنا، صاف ہونا، گھس جانا۔
(تَسَحَّجَ): چھل جانا، چھلکا اتر جانا۔
(السَّحُوْجُ): بہت قسمیں کھانے والی عورت۔
(المِسْحَاجُ): بہت قسمیں کھانے والی عورت (۲) کٹ کھنا جانور (ج) مَسَاحِيْجُ
(المِسْحَجُ): کٹ کھنا جانور (۲) رندہ، لکڑی صاف کرنے کا آلہ (ج) مَسَاحِجُ
(سَحَّ) الانسانُ والحيوانُ -ـُ سَحًّا وَسُحُوْحًا: بہت موٹا ہونا۔ ھو سَاحٌّ وھي سَاحَّةٌ۔
-الماءُ و نحوُهٗ: پانی وغیرہ کا اوپر سے نیچے کی طرف بہنا۔
-الماءَ و نحوَهٗ -ـُ سَحًّا: پانی وغیرہ کو لگاتار خوب برسانا، بہانا، ڈالنا۔ کہتے ہیں استنشدته قصيدةً فَسَحَّها عَلَيَّ سَحًّا: میں نے اسے نظم سنانے کا کہا تو اس نے بڑی خوشی سے مجھے پوری نظم سنائی۔
-فلانًا مارنا (۲) کوڑے مارنا۔
-سَحَّهٗ مائةَ سوطٍ اس کو سو کوڑے مارے۔
(سَحْسَحَ) الماءُ و نحوُهٗ سَحَّ۔
(السَّحُّ) پانی کا بہنا۔

(تَسَحْسَحَ) سَحْسَحَ۔
(السَّحَّاءُ): ہمیشہ بہنے یا بہانے والی (اسم تفضیل مذکر اس سے نہیں آتا)
-يمينةٌ سَحَّاءُ: اس کا ہاتھ عطا کرنے کے لئے ہر وقت کھلا رہتا ہے۔
-غارةٌ سَحَّاءُ: ہر طرف پھیلا ہوا حملہ (ج) سُحٌّ۔
(السَّحَّاحَةُ): کیمیائی تحلیل کے لئے استعمال کیا جانے والا ایک کانچ کا آلہ (جونک کی شکل کا ہوتا ہے اور اس میں مختلف درجے ہوتے ہیں) (مج)
(سَحَرَ) فلانٌ -ـَ سُحُوْرًا: سحری کھانا (۲) سحری کے وقت میں داخل ہونا۔
-عَنِ الشيءِ سَحْرًا: دور ہونا۔
-فُلانًا بالشيءِ: کسی کو کسی چیز سے دھوکا دینا۔
-بالطعامِ: کھانا کھلانا، غذا دینا۔
-بالشرابِ: بار بار پلانا۔
-الشيءَ عَنْ وَجْهِه: کسی چیز کو پلٹ دینا۔
-عن الشيءِ: کسی چیز سے پھیرنا۔
-بكذا: کسی چیز کے ذریعہ اپنی طرف مائل کرنا۔
-فلانًا: جادو کرنا، مسحور کرنا (۲) پھیپھڑے پر مارنا۔
-الشئَ خراب کرنا۔
-المطرُ الارضَ: زیادہ بارش کی وجہ سے زمین خراب ہو جانا۔
(سَحِرَ) -ـَ سَحَرًا: صبح سویرے آنا (۲) کسی چیز کو کھینچنے کی وجہ سے پھیپھڑا کٹ جانا ھو سَحِرٌ و سَحِرٌ۔
(اَسْحَرَ) القومُ وقت سحر میں داخل ہونا (۲) سحر کے وقت چلنا۔
(سَحَّرَ) فُلانًا کسی پر بار بار جادو کرنا۔ یہاں تک کہ اس کا ذہنی توازن بگڑ جائے۔ (۲) کسی کو سحری کھلانا۔
(اسْتَحَرَ) القومُ اَسْحَرُوْا۔
-الطائرُ: پرندہ کا صبح کے وقت چہچہانا۔
(تَسَحَّرَ) سحری کھانا۔

-السُحُوْرَ سحری کھانا۔

(السُّحَارَةُ) گلے سے ملا ہوا دل اور پھیپھڑے کا حصہ۔

(السِّحْرُ) جادو ہر وہ چیز جس کا کوئی مخفی سبب ہو اور وہ اپنی حقیقت کے خلاف ظاہر ہو (۲) ہر وہ چیز جس کے حصول میں شیطانی ذرائع سے مدد لی جائے جس کا ماخذ انتہائی لطیف اور دقیق ہو (ج) اَسْحَارٌ و سُحُوْرٌ۔

(السُّحْرَ) پھیپھڑا (ج) اَسْحَارٌ و سُحُوْرٌ۔ اِنْتَفَخَ سُحْرُهُ: اپنی حیثیت سے بڑھنا (۲) بزدلی کی وجہ سے ڈر جانا۔ انقَطَعَ مِنْكَ سَحْرِیْ: میں اس سے نا اُمید ہو گیا۔

(السَّحَرُ و السَّحْرُ): رات کا اخیر اور فجر سے کچھ پہلے کا حصہ تڑکا (۲) کسی چیز کا کنارہ (۳) سیاہی پر نمودار ہونے والی سفید (ج) اَسْحَارٌ۔ کہتے ہیں لَقِیْتُه فِی اَعْلَی السَّحَرَیْنِ. میں اسے پو پھوٹنے سے پہلے ملا۔ یعنی صبح کاذب کے وقت ملا۔ سَحَرَین سے صبح صادق اور صبح کاذب دونوں مراد ہیں۔

(السُّحْرَةُ) رات کا اخیر صبح سے کچھ پہلے کا وقت (۲) تاریکی میں پھوٹنے والی سفیدی۔

(السَّحَرِیُّ) سحری کا وقت اخیر رات فجر سے کچھ پہلے۔ صبح کاذب کا وقت۔

(السَّحَرِیَّةُ) السَّحَرِیُّ۔

(السَّحُوْرُ) سحری کا کھانا پینا۔

(السَّوْحَرُ) بید کا درخت یا اسی کی طرح کا درخت۔

(المَسَاحِرُ) انتَفَخَتْ مَسَاحِرُهُ اس نے اپنی حیثیت سے تجاوز کیا۔ (خلاف قیاس سَحْرٌ کی جمع ہے)

(المَسْحُوْرَةُ) من الارضِ: نہ اُگانے والی بنجر زمین (۲) تھوڑا دودھ دینے والی اونٹنی۔

(تَسَحْسَحَ) الماءُ و نحوُهُ پانی بہنا۔

(السَّحْسَا) شدید بارش۔

(السَّحْسَاحَةُ) سخت بارش۔

-عینٌ سَحْسَاحَةٌ. بہت آنسو بہانے والی آنکھ۔

(السَّحْسَحَةُ) گھر کا صحن۔

(سَحَطَهُ)۔ سَحْطًا: تیزی سے ذبح کرنا۔ حدیث وحشی میں ہے (فبرك علیه فسحطه سحط الشاةِ)

-الطَّعَامُ فلانًا حلق میں اٹکنا اچھولگنا۔

-الشَّرَابَ. شراب یا شربت میں پانی ملانا۔

(انسَحَطَ) الشیُ مِنْ یَدِهِ ہاتھ سے کوئی چیز چھوٹ جانا۔

-فلانٌ عن النَّخلةِ کھجور کے درخت سے لٹکنا اور بغیر پکڑے نیچے اُترنا۔

(المَسْحَطُ). حلق (ج) مَسَاحِطُ۔

(سَحَفَ) الشیْ ۔ سَحْفًا. چھیلنا، کھرچنا۔

-الشَّحْمَ عَنْ ظَهْرِ الشَّاةِ. بکری کی پیٹھ کی چربی زیادہ ہونے کی وجہ سے چھیلنا۔

-اللهُ فُلَانًا اللہ تعالیٰ کا کسی کو مرض سل میں مبتلا کرنا۔

(اُسْحِفَتِ) الرِّیْحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادلوں کو لے جانا۔

-فلانٌ: پیٹھ کی چربی فروخت کرنا۔

(السُّحَافُ) مرض سل۔

(السَّحْفَةُ) کھال سے چمٹی ہوئی کمر کی چربی (جو مونڈھوں اور کولہوں کے درمیان ہوتی ہے) (ج) سَحْفٌ و سِحَافٌ۔

(السُّحْفَةُ) رَجُلٌ سُحَفَةٌ. مونڈے ہوئے سر والا۔

(السَّحُوْفُ). وہ موٹی اونٹنی جس کی کمر سے چربی اتاری جائے (ج) سُحُفٌ (۲) چکی کی آواز (۳) دودھ دوہتے وقت دودھ کی آواز۔

(السَّحِیْفُ). چکی کی آواز۔

(السَّحِیْفَةُ): السَّحْفَةُ (۲) سخت طوفانی بارش جو ہر چیز کو بہا کر لے جائے (ج) سَحَائِفُ۔

(المَسْحَفُ) مَسْحَفُ الحَیَّةِ زمین پر سانپ کے رینگنے کا نشان۔

(المَسْحَفَةُ): پتلی اور باریک گھاس والی زمین (ج) مَسَاحِفُ۔

(المِسْحَفَةُ) گوشت یا چمڑا وغیرہ چھیلنے یا اُتارنے کا اوزار (ج) مَسَاحِفُ۔

(سَحَقَهُ)۔ سَحْقًا کسی چیز کو اچھی طرح کوٹنا، سفوف بنانا۔ جیسے سَحَقَ الدَّوَاءَ۔

-الشیْ الشَّدِیدَ سخت چیز کو نرم کرنا۔

-الشیْ تباہ و برباد کرنا، ہلاک کرنا (۲) پرانا اور بوسیدہ کرنا۔ کہتے ہیں سَحَقَ فلانًا و سَحَقَ الحشرةَ و سَحَقَ الثوبَ۔

-رَاسَه سر مونڈنا۔

-العَیْنُ الدَّمْعَ آنکھ سے آنسو ڈھلکنا۔

-اللهُ فلانًا. اللہ اسے برباد کرے۔

(سَحِقَ)۔ سُحُقًا: بہت زیادہ دور ہونا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿فسحقًا لاصحب السعیر﴾ ہو سحیقٌ و هی سَحِیْقَةٌ۔

(سَحُقَ) الشیْ ۔ سَحَاقَةً و سُحُوْقَةً پرانا و بوسیدہ ہونا۔

-الشیْ سُحْقًا: بہت دور ہونا۔ هو سحیقٌ و هی سحیقةٌ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَتَخطَفُهُ الطَّیْرُ اَوْتَهْوِیْ بِهِ الرِّیْحُ فِیْ مَکَانٍ سَحِیْقٍ﴾

-النَّخلَةَ. کھجور کے درخت کا لمبا ہونا۔

(اَسْحَقَ) پرانا و بوسیدہ ہونا جیسے اَسْحَقَ الثوبُ (۲) بہت دور ہونا۔

-الضَّرْعُ تھن کا خشک ہو کر پیٹ سے لگ جانا۔

-اللهُ فلانًا اللہ کا کسی کو ہلاک و برباد کر دینا۔

(انْسَحَقَ) الدَّوَاءُ دوا کا پستا باریک ہونا۔

-الثوبُ کپڑے کا پرانا ہونا۔

-فلانٌ دور ہونا۔

-الدَّمْعُ: آنکھ سے آنسو ڈھلکنا۔

-الشیْ وسیع و کشادہ ہونا۔

(السَّحْقُ) من الثیاب: پرانا کپڑا کبھی اضافت بیانیہ کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے جیسے سَحْقُ ثوبٍ و سَحْقُ عِمَامَةٍ (۲) اونٹ کی پیٹھ کے پھوڑے کا نشان (۳) باریک بادل (ج) سُحُوْقٌ۔

(السُّحْقُ) بہت دوری، ہلاکت۔

-سُحْقًا له و سُحْقًا سُحْقًا (بددعا کے

ے) وہ برباد ہو خدا کی رحمت سے بہت دور ہو۔
(السَّحُوقُ) لمبا لمبی۔ کہتے ہیں عُودٌ سَحُوقٌ و نَخلَةٌ سَحُوقٌ و امرأةٌ سَحُوقٌ (ج) سُحُقٌ۔
(السَّحِيقَةُ) زوردار بارش جو سب کچھ بہا کر لے جائے (ج) سَحَائِقُ۔
(المَسْحُوقُ) پسی ہوئی چیز (۲) سفوف پوڈر (ج) مَسَاحِيقُ۔
(سَحَلَتِ) العينُ ۔ سَحلاً و سُحُولاً آنکھ سے آنسو بہنا۔
-السماءُ آسمان کا پانی برسانا۔
-الحمارُ سَحِيلاً و سُحَالاً گدھے کا زور سے چیخنا۔
-الحَبْلَ سَحلاً رسی کو بل پر بٹنا۔
-الدَّراهِمَ روپیہ پیسا نقد دینا۔
-فلاناً كذا دِرهَمًا کسی کو کوئی رقم فوری طور پر دینا۔
-السُّورَةَ و القصيدةَ ملا ملا کر پڑھنا۔
-الشئَ کوٹنا پیسنا گھسنا رگڑنا۔ جیسے سَحَلَ الذَّهَبَ و الفِضَّةَ کہتے ہیں سَحَلَتِ الرِّيحُ الارضَ آندھی نے زمین کو کھرچ ڈالا۔
فلان ملسابه کسی کو گالی دینا مذمت کرنا۔
(اَسْحَلَ) الحَبْلَ رسی کو ایک بل دینا۔
(ساحَلُوا) ساحل اور کنارہ دریا پر آنا یا اس پر چلنا۔
- فلاناً مُسَاحلةً و سِحَالاً کسی کے ساتھ مقابلہ کرنا۔
(انسحلَ) پھلانا پینا۔
(۲) تیز چلنا۔ تیزی سے گزر جانا۔ جیسے انسحلت الناقةُ و انسحل الخطيبُ۔
(الاسحلُ) ایک درخت جس کی مسواک بنائی جاتی ہے۔
(السَّاحِلُ) سمندر کا کنارہ ساحل وہ علاقہ زمین جہاں تک سمندر کی موجیں اثر انداز ہوتی ہیں (مُ) (ج) سَوَاحِلُ۔
(السِّحَالُ) لگام۔

(السُّحَالَةُ) سونے چاندی وغیرہ کا برادہ (۲) گندم اور جو وغیرہ کا چھلکا بھوسہ۔
-سُحَالَةُ القومِ گرے پڑے گھٹیا درجے کے لوگ۔
(السَّحْلُ) کچے سوت کا بنا ہوا کپڑا (۲) ایک لڑی کی بٹی ہوئی رسی (۳) سفید باریک کپڑا (ج) اَسْحَالٌ و سُحُولٌ و سُحُلٌ
(السَّحِيلُ) کچے سوت کا بنا ہوا کپڑا (۲) ایک لڑی پر بٹی ہوئی رسی۔
(المِسْحَلَةُ) سوت کا گولہ۔
(المِسْحَلُ) لگام (۲) لگام کے دونوں طرف کے حلقوں میں سے ایک حلقہ (۳) داڑھی کا ایک کنارہ اور وہ دو ہوتے ہیں مِسْحَلانِ (۴) چھینی (تراشنے کا اوزار) (۵) زبان۔ کہتے ہیں رَكِبَ الخطيبُ مِسْحَلَهُ خطیب نے تقریر جاری رکھی (۶) ریتی چھلنی (۷) رندا (ج) مَسَاحِلُ۔
(المَسْحُولُ) حقیر اور معمولی (۲) وسیع و ہموار جگہ۔
(سَحِمَ) ۔ سَحَمًا و سُحَامًا و سُحْمَةً کالا ہونا سیاہ ہونا ہو اَسْحَمُ و هي سَحْمَاءُ (ج) سُحْمٌ۔
(اَسْحَمَتِ) السماءُ آسمان کا بارش برسانا۔
(سَحَّمَ) الشئَ کالا کرنا سیاہ کرنا۔
(الأسْحَمَانُ) ہر کالی چیز۔
(السُّحْمُ) لوہار کے ہتھوڑے۔
(السُّحْمَةُ) لوہے کا ٹکڑا (ج) سُحَمٌ۔
(سَحَنَ) الشئَ ۔ سَحْنًا کوٹنا توڑنا پیسنا۔
- الخشبةَ لکڑی کو رگڑ رگڑ کر نرم کرنا (اس کا کچھ حصہ ضائع کیے بغیر)
(سَاحَنَهُ) کسی سے اچھی طرح ملنا۔
الشئَ کسی کے ساتھ کسی چیز میں شریک ہونا بات چیت کرنا۔
(السَّحْنَاءُ) حالت ہیئت (۲) رنگ (۳) رنگ روپ (۴) کھال کی نرمی (۵) نعمت و آسائش۔
(السَّحْنُ) يَومُ سَحْنٍ بڑے اجتماع کا دن۔

(السِّحْنُ) گوند حفاظت هو فِي سِحْنِهِ وہ اس کی حفاظت میں ہے۔
(السَّحْنَةُ) السَّحْنَاءُ۔
(المِسْحَنُ) رندا لکڑی کو نرم اور چکنا کرنے کا آلہ (ج) مَسَاحِنُ۔
(المِسْحَنَةُ) رندا (۲) لوہے کی دھار بنانے کا باریک پتھر (ج) مَسَاحِنُ۔
(سَحَا) الشئَ ۔ سَحْوًا چھیلنا کھرچنا۔ کہتے ہیں سَحَا الطِّينَ عَنْ وَجهِ الارضِ وسحا الشحمَ۔
-القِرطَاسَ کاغذ کو صاف کرنا۔
-مِنَ القِرطَاسِ کاغذ کو تراشنا۔
-الشَّعرَ بالوں کو مونڈنا۔
-الكتابَ کتاب کی باریک چمڑے سے جلد بنانا۔
(سَحَى) الطينَ ۔ سَحْيًا مٹی کو کھرچنا۔
(اَسْحَى) الكتابَ کتاب کی باریک چمڑے سے جلد بنانا۔
(سَحَّاهُ) سَحَاهُ۔
(اسْتَحَى) الشئَ چھیلنا رگڑنا۔
-الشَّعرَ بال مونڈنا۔
(انسَحَى) چھل جانا کھرچ جانا۔
(الأسْحُوَانُ) خوبصورت اور لمبا (۲) زیادہ کھانے والا۔
(الأسْحِيَةُ) گوشت پر چڑھی ہوئی جھلی (ج) اَسَاحِيّ۔
(السَّاحِيَةُ) طوفانی بارش جو زمین کی مٹی کو چھیل ڈالے۔ سَيلٌ سَاحِيَةٌ (تاء مبالغہ کیلئے) زبردست سیلاب جو ہر چیز کو بہا کر لے جائے۔
(السِّحَا) مِن كُلِّ شئٍ ہر چیز کا چھلکا۔
(السِّحَاءَةُ) ہر چیز کا چھلکا۔ واحد سِحَاءَةٌ و سِحَايَةٌ کہتے ہیں مافي السماء سِحَاءَةٌ مِنَ السحابِ آسمان میں ہلکا سا بھی بادل نہیں۔
(السِّحَايَةُ) وہ اوزار بنانے کا پیشہ جن سے زمین کی مٹی صاف کی جاتی ہے (۲) دماغ کا غلاف جھلی۔

(المِسْحَاةُ) چھیلنے اور کھرچنے کا اوزار (۲) بیلچہ پھاوڑا وغیرہ (ج) مَسَاحٍ۔

س خ

(السِّخَابُ) موتیوں کے علاوہ دیگر معمولی چیزوں (مونگ وغیرہ) سے بنایا ہوا ہار جو بچے استعمال کرتے ہیں۔ کہتے ہیں: وَجَدْتُهُ مَارِثَ السِّخَابِ: میں نے اسے بچوں کی طرح نا سمجھ پایا۔ (ج) سُخُبٌ۔

(السَّخْبَرُ) ایک درخت جس کی جڑ میں سانپ رہتے ہیں اور لمبا ہونے کے بعد اس کے سرے نیچے کی طرف لٹک جاتے ہیں۔ واحد سَخْبَرَةٌ۔

- رَكِبَ فلانٌ السَّخْبَرَ. دھوکہ دینا' غداری کرنا۔

(السَّخْتُ). شدید سخت۔ جیسے حَرٌّ سَخْتٌ و بَرْدٌ سَخْتٌ (۲) ٹھوس اور باریک۔

(السِّخْتِيتُ) السَّخْتُ (۲) ٹھوس اور خالص سفید۔

(السِّخْتِيان) بکری کی دباغت دی ہوئی کھال (مع)

(المَسْخُوتُ) چکنا۔

(سَخَتَ) الجرادةُ ۔ سَخْتًا. ٹڈی کا زمین میں دم گاڑنا۔

- فِي السَّيْرِ والحَفْرِ چلنے یا کودنے میں دور نکل جانا۔

(السَّخَاخُ) نرم اور عمدہ زمین جس میں ریت نہ ہو۔

(سُخِدَ) وَرَقُ الشَّجَرِ. درخت کے پتوں کا تہہ کر ایک دوسرے پر چڑھ جانا۔

(السُّخْدُ) گرم۔

-(السُّخْدُ) بچے کی پیدائش کے وقت نکلنے والا زرد گاڑھا پانی (۲) چہرہ کی زردی (۳) رحم کی دیوار سے ملا ہوا عضو جو رحم میں بچے کی غذا کا ذریعہ ہوتا ہے۔

- السُّخْدُ الطُّبطابی ولادت کے وقت بچے کے ساتھ نکلنے والی وہ جھلی جس میں "الحبل السّری" (Umbilical Cord) کنارے کے ساتھ جڑی ہوئی ہے (ج)

(السَّخْوَدُ) شَبَابٌ سَخْوَدٌ. چڑھتی جوانی۔

(المُسَخَّدُ) ورم آلود زرد رنگ کا بوجھل آدمی۔

(سَخَرَتِ) السَّفِينَةُ ۔ سَخْرًا کشتی کا موافق اور خوش گوار ہوا میں چلنا۔

- فلانًا سُخْرِيًّا کسی سے جبراً کوئی کام لینا۔

(السِّفَارَۃُ): عہدہ سفارت' پیشہ سفارت۔ ایک ملک کی طرف سے دوسرے ملک میں دائمی اور مکمل نمائندگی (۲) سفارت خانہ (مج)
(السُّفَارَۃُ): جھاڑن' کوڑا کرکٹ جو جھاڑو سے اکٹھا کیا گیا ہو۔
(السَّفَرُ) قطع مسافت' سفر (۲) دور۔ کہتے ہیں: ھو مِنّی سَفَرٌ وہ مجھ سے دور ہے (۳) غروب آفتاب کے بعد دن کی بقایا روشنی۔
(السَّفْرُ) مسافر (واحد و جمع) (۲) جلد پر پڑا ہوا نشان (ج) سُفُوْرٌ۔
(السِّفْرُ) کتاب' بڑی کتاب۔ قرآن مجید میں ہے ﴿ کَمَثَلِ الْحِمَارِ یَحْمِلُ اَسْفَارًا﴾ (۲) توریت کے اجزاء میں سے ایک جز (ج) اَسفارٌ۔
(السُّفْرَۃُ) مسافر کے لئے تیار کردہ کھانا (۲) توشہ دان (۳) کھانا لگا ہوا دستر خوان (مج) (ج) سُفَرٌ۔
(السَّفِیْرُ) قاصد' ایلچی' مصلح (۲) ایک ملک کا دوسرے ملک میں سفیر' نمائندہ (۳) دلال (۴) آوازوں کا ماہر اور واقف کار (۵) ہوشیار و باکمال شخص (ج) سُفَرَاءُ (۶) گرے ہوئے بال یا پتے (۷) بھیتی کا نچلا حصہ۔
(السَّفِیْرَۃُ) تانیث السفیر۔
(المَسَافِرُ) مَسَافِرُ الوَجْہِ چہرہ کے ظاہری

حے۔ واحد مَسْفِرٌ۔
(المِسْفَارُ): سفر پر قادر (۲) بہت سفر کرنے والا (ج) مَسَافِيرُ۔
(المِسْفَرُ) المسفار (ج) مَسَافِرُ۔
(المِسْفَرَةُ) مونث المِسْفَر (۲) جھاڑو (ج) مَسَافِرُ۔
(المُسْفَرَةُ) دھاگوں یا سوت کا گولا۔
(السَّفَرْجَلَ) بہی' ناشپاتی کی طرح کا ایک پھل (ج) سَفَارِجُ۔
(سَفْسَطَ): مغالطہ دینا' مغالطہ آمیز۔ حکمت بیان کرنا (یونانی لغت)
(السَّفْسَطَةُ): منطقی مغالطہ۔ وہ قیاس جو وہمیات سے مرکب ہو یا وہ طریقہ استدلال جس کی بنیاد مغالطہ پر ہو اور مقابل کو خاموش کرنا مقصود ہو (یونانی لغت)
(السَّفْسَطِيُّ): سفسطہ کی طرف منسوب۔ مغالطہ آمیز قیاس سے استدلال کرنے والا۔
(السُّوفِسْطَائِيَّةُ): ایک فرقہ جو حسیات اور بدیہیات کا منکر اور وہمیات کا قائل ہے۔ واحد: سوفسطائیٌ۔
(سَفْسَفَ) العَمَلَ: کام کو سرسری طور پر کرنا۔ صحیح طرح انجام نہ دینا۔
-الدَّقِيقَ و نحوَهُ: آٹا وغیرہ چھاننا۔
- سفسفةُ المنخلِ آٹا چھاننے کی آواز۔
-الرِّيحُ التراب: ہوا کا مٹی کو اڑانا۔
(السَّفْسَافُ): باریک مٹی جو ہوا میں اڑ جائے (۲) آٹا چھانتے وقت اڑنے والا غبار (۳) ہر ردی اور خراب چیز یا کام (ج) سَفَاسِفُ۔
(السَّفْسَافَةُ): مٹی اڑانے والی اور سطح زمین سے قریب چلنے والی ہوا (ج) سَفَاسِيفُ۔
(المُسَفْسِفُ): کمینی خصلت والا (۲) خسیس عطیہ والا۔
(سَفْسَقَ) الطائرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
(سِفْسِقَةُ) السَّيفِ تلوار کی چمک (ج) سَفَاسِقُ۔
(سَفُطَ) ـُـ سَفَاطَةً: نیک دل اور سخی ہونا۔ ھو سفيطٌ۔
(سَفَّطَ) الحَوْضَ: حوض کو ٹھیک اور پختہ کرنا۔
(اسْتَفَطَ) مافي الاناءِ: برتن میں موجود سب کچھ پی لینا۔
(تَسَفَّطَ) مافي الاناءِ: استفطَ۔
(السَّفَاطَةُ): کرارہ پن' ایک ہڈی کی بیماری۔
(السُّفَاطَةُ): گھر کا سامان۔
(السَّفَطُ): عورتوں کا سنگھاردان (۲) ٹوکری (۳) مچھلی کا چھلکا (ج) اَسفاطٌ۔
(السَّفَّاطُ): ٹوکریاں بنانے والا یا بیچنے والا۔
(السَّفِيطُ): درخت سے گری ہوئی ہری کھجوریں۔
(سَفَعَ) بعضوٍ من اعضائهِ ـَـ سَفْعًا: کسی عضو کو پکڑ کر زور سے کھینچنا۔ سَفَعَ بناصيتهِ اس کی پیشانی کو پکڑ کر زور سے کھینچا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿كَلَّا لَئِن لَّمْ يَنتَهِ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ﴾ کہا جاتا ہے 'سفع بناصيتهِ الفرس ليركبه: اس نے گھوڑے پر سوار ہونے کے لئے اس کی پیشانی کو زور سے پکڑا۔
- السَّمومُ والنارُ و الشمسُ وجهَهُ: چہرے کو جھلسنا۔
-الشيْءَ: علامت لگانا' نشان ڈالنا۔
(سَفِعَ) ـَـ سَفَعًا و سُفْعَةً: سرخی مائل سیاہ ہونا۔ ھو اَسْفَعُ وھی سفعاءُ (ج) سُفْعٌ۔
(سَافَعَهُ) سافَعَةً و سِفَاعًا: لڑنا' جنگ کرنا' پیچھا کرنا۔
(سَفَّعَتِ) النارُ وجهَهُ: چہرہ کو جھلس دینا۔
(استفعَ) لِبَاسَهُ: کپڑے پہننا (یہ اکثر رنگین کپڑے پہننے کے لئے استعمال ہوتا ہے)
(استفعَ) لونُهُ: خوف وغیرہ سے رنگ کا بدل جانا۔
(تَسَفَّعَ) بالنَّار: آگ تاپنا' آگ سے جھلسنا۔
(السِّفْعُ): کسی بھی قسم کا کپڑا (ج) سُفُوعٌ۔
(السُّفْعَاءُ): چولہے کا ایک پتھر (۲) کبوتری جس کے گلے میں چھلا پڑا ہوا ہو (ج) سُفْعٌ۔
(السوافِعُ): گرم ہوا کے جھونکے۔ واحد: سافِعَةٌ۔
(سَفَّ) الطائرُ ـِـ سَفِيفًا: پرندہ کا زمین کے قریب ہو کر اڑنا۔
- الخُوْصَ والحَصِيرَ ـُـ سَفًّا کھجور کے پتوں سے چٹائی کا بننا۔
- الدَّواءَ ـَـ سَفًّا: دوا کا سفوف پھانکنا۔ سَفِفْتُ الدواءَ۔
(اَسَفَّ) الطائرُ سَفَّ۔
-السحابُ: بادل کا زمین کے قریب ہونا۔
-فلانٌ: معمولی باتوں میں الجھنا۔
-الاَمْرَ: کسی کام کے قریب ہونا۔
-النَّظرَ اليهِ: کسی کی طرف گھورنا۔
-البعيرَ: اونٹ کو سوکھی گھاس چرانا۔
-فلاناً السَّفُوفَ: کسی کو سفوف کھلانا۔
-الجُرْحَ دواءً: زخم پر دوا چھڑکنا۔ زخم میں دوا ڈالنا۔
-الفَرسَ اللجامَ: گھوڑے کے منہ میں لگام ڈالنا۔
-الخُوْصَ والحَصِيرَ: چٹائی بننا۔
-الوَشْمَ: گودے ہوئے حصہ میں کاجل بھرنا۔
-مَا اَسَفَّ منه بِتافِهٍ: اس نے اس سے کچھ حاصل نہیں کیا۔
(اُسِفَّ) وَجْهُهُ: چہرہ کے رنگ کا بدل جانا۔
(اسْتَفَّ) السَّوِيقَ والدَّوَاءَ: ستو اور دوا پھانکنا۔
(السَّفَّةُ): میٹھی سفوف یا پھکی وغیرہ۔ (۲) ٹوکری بنانے کے بقدر کھجور کے پتوں کا گٹھا (ج) سُفَفٌ۔
(السَّفُوفُ) سفوف' پھکی' پاؤڈر۔
(السَّفِيفَةُ) کھجور کے پتوں سے بنی ہوئی چیز (ج) سَفَائِفُ۔
(سَفَقَ): بمعنی صَفَقَ۔
(سَفَكَهُ) ـِـ سَفْكًا بہانا' گرانا۔ جیسے سفك الدَّمَ والماءَ والدَّمْعَ والمفعول مسفوكٌ وَ سفيكٌ بمعنی مسفوكٌ۔
(انْسَفَكَ) بہنا' گرنا۔
(السُّفْكَةُ): ناشتہ سے پہلے بطور لذت کے کھائے جانے والی چیز (ج) سُفَكٌ۔

(السَّفُوْكُ) بہت جھوٹ بولنے والا (۲) نفس کا ایک نام۔
(سَفَلَ)۔ سُفُوْلاً و سَفَالاً و سُفَالَةً: پست ہونا' نیچے ہونا' نچلا ہونا (ضد علا)
-فی الشیءِ اوپر سے نیچے آنا۔
-فی عِلْمِهٖ و خُلُقِهٖ علم واخلاق میں پست ہونا۔ هو سَافِلٌ (ج) سُفَّلٌ و سُفَّالٌ و سَفَلَةٌ۔
(سَفُلَ)۔ سَفَالَةً: ذلیل اور کمینہ ہونا۔ گھٹیا اور پست ہونا۔
(سَفَّلَه) نیچے اتارنا' نیچے کرنا۔
(استَفَلَ) سَفَلَ۔
(تَسَفَّلَ) پست ہونا' گھٹیا اور نیچا ہو جانا۔
(الأَسْفَلُ) پست ترین' گھٹیا ترین' بہت نیچا (ضد اعلیٰ)(ج) اَسَافِلُ وهی سُفْلٰی۔
(السَّافِلَةُ) مونث السافل (۲) نچلا حصہ۔
-سَافِلَةُ الرُّمْحِ نیزہ کا نصف نچلا حصہ۔
-سَافِلَةُ النَّهْرِ نہر وغیرہ کا زیریں حصہ۔
(السُّفَالَةُ) نچلا حصہ۔
-سُفَالَةُ الرِّیْحِ ہوا چلنے کی جگہ کی بالمقابل سمت۔
(السَّفِلَةُ) من الناس نیچی ذات کے لوگ۔
(السِّفْلَةُ) من الناس گھٹیا درجہ کے لوگ۔
(المَسْفَلَةُ) مَسْفَلَةُ الشیءِ نچلا حصہ۔ کہتے ہیں هو یَسْكُنُ مَعْلَاةَ المدينة وانا اَسْكُنُ مَسْفَلَتَهَا وہ شہر کے بالائی حصہ میں رہتا ہے اور میں زیریں حصہ میں رہتا ہوں (ج) مَسَافِلُ۔
(سَفَنَتِ) الرِّیْحُ ۔ سُفُوْنًا: ہوا کا زمین پر چلنا۔ هی سَافِنَةٌ (ج) سَوَافِنُ وهی سَفُوْنٌ (ج) سُفُنٌ۔
-الشیءَ ۔ سَفْنًا چھیلنا' تراشنا۔
(سَفَّنَ) الشیءَ سَفَنَ۔
(السَّافِنُ) کمر کے اندر ایک لمبی رگ جس کا تعلق دل سے بھی رہتا ہے اس کو ''الاکحل'' بھی کہتے ہیں۔
(السِّفَانَةُ) کشتی سازی' جہاز سازی۔

(السَّفَّانُ) کشتی ساز (۲) کشتی کا ملاح۔ جہاز کا کپتان۔
(السَّفَّانَةُ) موتی۔
(السَّفَنُ) تراشنے' گھسنے اور نرم کرنے کا آلہ جیسے کلہاڑی' بسولہ' چھری' کھردرا چمڑہ وغیرہ۔
(السَّفِيْنَةُ) کشتی (ج) سُفُنٌ و سَفَائِنُ و سَفِيْنٌ۔
-سَفَائِنُ البَرِّ: اونٹ۔
(السوافِنُ): ہوائیں۔ واحد: سافِنَةٌ۔
(المِسْفَنُ) تراشنے یا گھسنے اور نرم کرنے کا اوزار وغیرہ (ج) مَسَافِنُ۔
(سَفِهَ) نَفْسَه و رأيَه ۔ سَفَهًا و سَفَاهًا و سفاهةً: نادانی اور بے وقوفی کا مرتکب ہونا (۲) خود کو نادان و بیوقوف کہنا۔ (۳) اپنے آپ کو ہلاک کرنا۔
-صَاحِبَه ۔ سَفْهًا اپنے ساتھی سے بیوقوفی میں بڑھ جانا۔
(سَفِهَ)۔ سَفَهًا و سَفَاهًا و سفاهةً بے وقوف ہونا' کم عقل و ناسمجھ ہونا۔ سَفِهَ علینا: وہ ہم سے ناواقف ہے۔
-الحقَّ و علیه: حق شناس نہ ہونا۔
-نَفْسَه و رأيَه: بیوقوفی کرنا' خود کو بیوقوف قرار دینا' اپنے آپ کو ہلاک کرنا۔
-فُلاناً سَفْهًا و سَفَاهًا: بے وقوف ٹھہرانا۔
-الشرابَ سَفَاهًا و سفاهَةً: خوب پی کر بھی سیراب نہ ہونا۔
-نَصِیْبَهٗ اپنا حصہ بھول جانا۔
(سَفُهَ) فلانٌ ۔ سَفَاهَةً و سَفَاهًا بیوقوف و ناسمجھ ہونا۔ کہتے ہیں: سَفُهَ علینا: وہ ہم سے ناواقف ہے۔
(سَافَهَهٗ) کسی کے ساتھ گالی گلوچ کرنا۔
-الشَّرابَ حد سے زیادہ پینا۔
-الطَّرِیْقَ راستہ پر تیزی کے ساتھ چلتے رہنا۔
(سَفَّهَهٗ) بے وقوف ٹھہرانا۔
-الجَهْلُ حِلْمَه: جہالت نے اس کی عقل کو کھو دیا۔
-فلاناً بے وقوف قرار دینا۔

(تَسَافَهَ) علیهم ناواقف ہونا۔
(تَسَفَّهَتِ) الرياحُ ہواؤں کا ترچھا چلنا۔
-فلانٌ بے وقوف بننا' بے وقوفی ظاہر کرنا۔
-علیه رسوا کرنا' مذمت کرنا۔
-الرِّیْحُ الشیءَ: ہوا کا کسی چیز کو لے کر اڑنا۔
-فلاناً عَنِ الشیءِ دھوکہ دے کر کسی چیز سے ہٹانا۔
(السَّافِهُ) بے وقوف (۲) سخت پیاسا۔
(السَّفِيْهُ): غیر مناسب جگہ مال خرچ کرنے والا (۲) ناواقف' جاہل۔ (ج) سُفَهَاءُ و سِفَاهٌ وهی سَفِيْهَةٌ (ج) سَفَائِهُ و سُفَّهٌ و سِفَاهٌ۔
-ثَوْبٌ سَفِيْهٌ: خراب بنا ہوا کپڑا۔
-زِمَامٌ سَفِيْهٌ: ناہموار لگام۔
-ناقةٌ سفیهةُ الزِّمَامِ: کم رفتار اونٹنی۔
(المَسْفَهَةُ) طعامٌ مَسْفَهَةٌ پیاس لگانے والا کھانا۔
(سَفَا)۔ سُفُوًّا: تیز چلنا۔
-فی مَشْیِهٖ و طَیَرَانِه: تیز چلنا' تیز اڑنا۔
-فلانٌ: عبادت گزار ہونا (۲) اللہ کے سامنے عاجزی کرنا (۳) کم بالوں والا اور گنجا ہونا (۴) کم عقل ہونا۔
-الرِّیْحُ التُّرَابَ و نحوَهٗ ۔ سَفْيًا ہوا کا مٹی اڑانا۔ الریحُ سَافِیَةٌ (ج) سَوَافٍ و التراب مَسْفِيٌّ و سَافٍ و سَفِيٌّ۔
(سَفِيَ) الشیءُ ۔ سَفًى: سبک اور ہلکا ہونا۔
-شَعْرُ الناصیةِ پیشانی کے بالوں کا کم ہونا۔
-الحیوانُ اَوِ الانسانُ کمزور ہونا۔ هو اَسْفٰی وهی سفواءُ۔
-سَفِیَتِ البَغْلَةُ خچری کا تیز رفتار اور سبک ہونا۔
(اَسْفٰی) فلانٌ مٹی ڈھونا (۲) کمزور ہونا۔
-بصاحبه برا سلوک کرنا (۲) چغلی کھانا۔
-الزَّرْعُ غلہ کی بالیوں کے کناروں کا سخت ہونا۔
-فلاناً: کسی کو بیوقوفی پر آمادہ کرنا۔ کہتے ہیں: اَسْفَاهُ الامرَ۔

-الرِيحُ التراب ہوا کا مٹی اڑانا۔
(السَّافِياء) گرد و غبار (۲) بہت مٹی اڑانے والی ہوا۔
(السَّفَا) مٹی (۲) کانٹے دار درخت۔ (۳) کانٹا۔ واحد سَفَاۃٌ۔
(السِّفَاءُ) دوا۔
(السُّفَيَّۃ) (علم احیاء کے مطابق) ایک باریک نوک جس پر نباتات کے پتوں کا سرا ختم ہوتا ہے جیسے سنا کی (ایک دوا) کا پتا (مج)

س ....ق

(سَقِبَ)- سَقَبًا و سُقُوبًا: قریب ہونا۔ ھو سَاقِبٌ و سَقِيبٌ۔
(اَسْقَبَ) قریب ہونا۔ نزدیک ہونا۔
-الشیئَ قریب کرنا۔ نزدیک کرنا۔
(سَاقَبَہ) قریب ہونا۔
(تَسَاقَبَا): ایک دوسرے کے قریب ہونا۔
(السِّقَابُ): خون میں بھگویا ہوا روئی کا ٹکڑا جیسے زمانہ جاہلیت میں عورتیں اپنے شوہر یا رشتہ دار کی موت کی علامت کے طور پر سر پر رکھ لیا کرتی تھیں اور اس کا ایک کنارہ نقاب سے باہر نکال لیتی تھیں تاکہ لوگوں کو علم ہو سکے (ج) سُقُبٌ۔
(السَّقْبُ) اونٹنی کا نوزائیدہ نر بچہ۔ (۲) لمبے اور بھرپور جسم والی چیز (۳) خیمہ کا ستون (ج) اَسْقُبٌ و سُقُوبٌ و سِقَابٌ و سُقْبَانٌ۔
(السَّقَبُ): قرب، نزدیکی منزلٌ سَقَبٌ قریبی گھر۔ حدیث میں ہے (الجارُ احقُّ بِسَقَبِہٖ)
(السَّقِيبَۃُ) خیمہ کے ستون (ج) سَقَائِبُ۔
(سَقَدَ) فرسَہٗ ۔ سَقْدًا گھوڑے کو کمزور کرنا۔
(السُّقُدُ) دبلا گھوڑا (ج) اَسْقَادٌ۔
(السُّقْدُدُ) ایک خوبصورت پرندہ چھوٹا جسم کالی سخت چونچ جس سے کیڑے کھاتا ہے کمر خاکی پروں کے سرے عنابی۔ پیٹ سفید سینہ پچھلا حصہ دم اور پیر سرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔ یورپ اور سائبیریا اس کا مولد و مسکن ہے

(مج) (ج) سُقُدٌ۔
(سَقَرَ)- سَقْرًا دور ہونا۔
-النّارُ اَوِ الشَّمسُ فلانًا: کھال کو جھلس دینا، رنگ بدل دینا (۲) گرمی کی تکلیف پہنچانا۔
(اَسْقَرَتِ) النَّخْلَۃُ کھجور کے درخت سے شیرہ بہنا (۲) درخت کا شیرہ والا ہونا۔
(السَّاقُورُ): گرمی (۲) آگ میں تپایا ہوا لوہا جس سے داغ دیا جائے (ج) سواقیرُ۔
(السَّقْرُ): سورج یا آگ کی تپش یا تکلیف (۲) پختہ کھجور کا شیرہ (ج) سُقُورٌ۔
(سَقَرُ) جہنم کا ایک نام۔
(السَّقْرَۃُ) دھوپ کی تیزی (ج) سَقَرَاتٌ۔
(السَّقَّارُ) کافر (۲) ایسے شخص پر انتہائی لعنت کرنے والا جو لعنت کا مستحق نہ ہو (۳) بہت جھوٹ بولنے والا (ج) سقَّارۃٌ۔
(المِسْقَارُ) وہ گھوڑا جس کی رال بہت بہتی ہو (ج) مَسَاقِيرُ۔
(سَقْسَقَ) الطائرُ: پرندہ کا کمزور آواز نکالنا (۲) بیٹ کرنا۔
(المُسَقْسِقُ) چبوترے پر کھڑا ہو کر شعر پڑھنے والا جس کے بالمقابل دوسرے چبوترے پر دوسرا شخص شعر پڑھ رہا ہو (مو)
(سَقَطَ)- سُقُوطًا و سَقْطًا گرنا، اوپر آ پڑنا۔ کہتے ہیں سَقَطَ من کذا فی کذا او الیہ و علیہ کہاوت ہے (سَقَطَ العَشاءُ بِہٖ عَلٰی سِرحَانٍ) رات کے کھانے نے اسے بھیڑیئے کے پاس پہنچا دیا ایسے شخص کے بارے میں جو اچھی چیز کی خواہش کرے لیکن مصیبت میں پھنس جائے۔
-الجنینُ مِن بطنِ امِّہٖ: نا تمام بچہ ساقط ہو جانا۔
-الکوکبُ: ستارہ کا غائب ہو جانا۔
-الحَرُّ اَوِ البَردُ گرمی یا سردی کا آنا۔
-الحرّ او البردُ عنی: گرمی یا سردی کا ختم ہونا زائل ہونا۔
-فی کلامِہٖ وبہٖ: غلطی کرنا، لغزش کرنا۔
-مِن عَينِي اَو مِن مَنزلتِہٖ۔ بے وقعت و بے

حیثیت ہونا، نظروں سے گر جانا۔ ھو سَاقِطٌ و سَقُوطٌ وھی سَاقِطۃٌ و سَقُوطٌ
(سُقِطَ) فی یَدِہٖ: نادم و پشیمان ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَلَمَّا سُقِطَ فِيْ ایدھم﴾
(اَسْقَطَ) فِی قولِہٖ او فعلِہٖ غلطی کرنا۔ ٹھوکر کھانا۔ کہتے ہیں تکلّمَ فَمَا اَسْقَطَ بکلمۃٍ اس نے بات کی اور ایک لفظ بھی غلط نہیں بولا۔
-لہٗ: نازیبا کلام سے مخاطب کرنا۔
-الحامِلُ الجنینَ: حاملہ نے نا تمام بچہ جنا۔ ھی مُسْقِطٌ۔
-الشیئَ گرانا، نیچے ڈالنا۔
-فلانًا حیثیت گھٹانا (۲) غلطی کرانا، جھوٹ بلوانا جس سے وہ حقیر ہو جائے۔
-کذا من کذا کم کرنا، وضع کرنا، کاٹنا۔
(اُسْقِطَ) فی یدِہٖ نادم و پریشان ہونا۔
(سَاقَطَ) الشیئَ مُسَاقَطَۃً و سِقَاطًا گرانا (۲) گراتے رہنا۔
-فلانٌ فلانًا الحدیثَ: ایک کا دوسرے سے باری باری گفتگو کرنا کہ ایک بولے تو دوسرا خاموش رہے دوسرا بولے تو پہلا خاموش رہے۔
-الفرسُ العَدوَ: گھوڑے کا ہلکا ہلکا دوڑنا۔
-الحصانُ الخَيلَ و غیرھا گھوڑے کا دوسرے گھوڑوں وغیرہ سے آگے بڑھ جانا۔
(تَسَاقَطَ) گرنا، لگاتار گرنا۔
-علیہ کسی پر پڑ جانا۔ اسَّاقَطَ بھی کہا جاتا ہے۔
(تَسَقَّطَ) فلانًا: کسی سے اس کی غلطی کا خواہش مند ہونا (۲) کسی سے غلطی کروانا یا جھوٹ بلوانا جس سے اس کی حیثیت کم ہو جائے۔
-الخَبَرَ و نَحوَہٗ خبر کو تھوڑا تھوڑا کر کے معلوم کرنا۔
(اِسْتَسْقَطَہ) تَسَقَّطَہٗ۔
(الاِسْقَاطُ): (علم طب کے مطابق) چار اور سات ماہ کے درمیان عورت کے بچہ کا ضیاع (مج)

(السَّاقِطُ): کمینہ کمینی ذات والا (۲) اچھے کاموں میں دوسروں سے پیچھے رہنے والا (ج) سُقَّاطٌ وھی سَاقِطَةٌ (ج) سَوَاقِطُ۔ مقولہ ہے (لکلّ سَاقِطَةٍ لا قِطَةٌ) ہر گری پڑی چیز کو کوئی اٹھانے والا ہے یعنی ہر منہ سے نکلی ہوئی بات کو کوئی پھیلانے والا ہے یا یہ کہ ہر خراب چیز کا بھی کوئی طالب ہے بطور مبالغہ ساقط کو ساقطۃ بھی کہتے ہیں (۲) (علم طب کے مطابق رحم کے اس اندرونی پردہ کو کہا جاتا ہے جس پر بیضۂ رحم کو قبول کرنے کے لئے تغیرات پیدا ہوتے ہیں (مج)

(السِّقَاطُ) پکی گری ہوئی کھجوریں (۲) غلطی لغزش ٹھوکر (۳) پرندہ کا بازو یا وہ حصہ جو زمین پر گھسیٹا جائے۔

-مِنَ الشيءِ: کنارہ کونا گوشہ۔

- سِقَاطَا اللیل: رات کی تاریکی کے دو سرے۔

(السُّقَاطُ) گری پڑی چیز۔

(السُّقَاطَةُ) گری پڑی چیز۔

(السُّقْطُ) ہر گرنے والی چیز (۲) نا تمام بچہ جو ساقط ہو جائے (نر ہو یا مادہ) (۳) چقماق سے نکلنے والی چنگاری ابو العلاء معرّی کے دیوان کو "سِقْطُ الزَّنْدِ" کہتے ہیں (۴) ریگستان کا پتلا سرا یا کنارہ (ج) اَسْقَاطٌ۔

(السَّقْطُ) گری ہوئی شبنم (۲) برف (۳) گھٹیا اور ردیہ درجہ کے لوگ۔

(السِّقْطُ). ہر چیز کا کنارہ (۲) پرندہ کا بازو، بازو کا وہ حصہ جو زمین سے لگا ہوا چلے (ج) اَسْقَاطٌ۔

- سِقْطَا اللَّیلِ رات کا تاریکی کے دو کنارے۔

(السَّقَطُ) ہر گری ہوئی چیز (۲) ردی اور خراب چیز۔ بیکار سامان یا کھانا، ذبیحہ کے اوجھ کو بھی کہا جاتا ہے (۳) قول و فعل کی لغزش (ج) اَسْقَاطٌ۔

- اَسْقَاطُ النَّاسِ اوباش لوگ، گرے پڑے لوگ۔

(السَّقْطَةُ): ایک مرتبہ کا گرنا (مصدر مرہ) (۲) سخت چوٹ یا اثر (۳) لغزش (ج) سِقَاطٌ۔

(السَّقَطِيُّ) و (السَّقَّاطُ): ردی اور خراب چیزیں بیچنے والا۔

(السَّقَّاطَةُ): دروازہ بند کرنے کی چٹخنی وغیرہ۔

(السُّقُوطُ) سقوطُ الذراع. ولادت کے وقت سر سے پہلے ہاتھ کا نکل آنا۔

-سقوط الخصومة: پیروی نہ کرنے کی وجہ سے ایک مدت کے بعد مقدمہ خارج ہو جانا (ج)

(السَّقِيطُ): السَّاقِطُ (۲) گری ہوئی شبنم (۳) اولے (۴) برف (ج) سُقُطٌ (۵) بے وقوف (ج) سَقَائِطُ۔

(السَّقِيطَةُ): مونث السَّقِيط (۲) کمینی عورت۔

(المِسْقَاطُ): اکثر حمل ضائع کرنے والی عورت (ج) مَسَاقِيطُ۔

(المَسْقَطُ): گرنے کی جگہ۔

-مَسْقَطُ الرَّأسِ: وطن جائے ولادت کہتے ہیں فلانٌ يَحِنُّ إلى مسقطه۔

-مسقط النجم: ستارے کے نکلنے کی جگہ۔

-مسقط الغيث. بارش ہونے کی جگہ. کہتے ہیں هم يتجعون مساقطَ الغيثِ. وہ ہریالی اور گھاس تلاش کرتے ہیں۔

- مسقط النور في البيت: روشن دان (محدثہ) (ج) مَسَاقِطُ۔

(المَسْقِطُ): پر یا وہ حصہ جو زمین پر کھینچا جائے (ج) مَسَاقِطُ۔

(المَسْقَطَةُ) گرنے کا سبب (ج) مَسَاقِطُ۔

(السُّقُطْرِيُّ) ہندوستان کے ایک جزیرہ سُقُطْرٰی (سکترا) کی طرف منسوب۔ جیسے الصَّبِرُ السُّقُطْرِيُّ سکتری ایلوا۔

(سَقَعَ)- سَقْعًا جانا۔

-الدِّيكُ مرغ کا بانگ دینا۔

-الشيءَ الصُّلْبَ سخت چیز پر سخت چیز مارنا۔

(سَقَعَ)- سَقْعًا جانا۔

-الشيءَ الصُّلبَ: سخت چیز پر سخت چیز مارنا۔

(الأَسْقَعُ): حاسدوں اور دشمنوں سے دور رہنے والا (۲) کوا (۳) چڑیا جیسا ایک چھوٹا پرندہ جس کے پروں میں ہرا پن اور سر سفید ہوتا ہے یہ اکثر تالابوں وغیرہ کے پاس ملتا ہے (ج) أَسَاقِعُ۔

(سَقَفَ) البيتَ و نحوهُ - سَقْفًا. چھت بنانا، چھت دار بنانا۔

(سَقِفَ): لمبا اور خم دار ہونا (۲) مضبوط ہڈیوں والا ہونا۔

-الرَّجُلُ پاؤں کا مڑا ہوا ہونا۔

-الظَّلِيمُ: شتر مرغ کا ٹیڑھی گردن والا ہونا۔

هو أَسْقَفُ وهي سقفاءُ (ج) سُقْفٌ۔

(أَسْقَفَ) النَّصارى فلانًا عیسائیوں کا کسی کو بڑا پادری بنانا۔

(سَقَّفَهُ): أَسْقَفَهُ۔

(تَسَقَّفَ): بشپ (بڑا پادری) بننا۔

(الأُسْقُفُ) و (الأُسْقُفُّ): بشپ۔ بڑا پادری، قسیس سے اوپر اور مطران سے کم درجہ کا عیسائی مذہبی عالم (ج) أَسَاقِفَةٌ و أَسَاقِفُ

(الأُسْقُفِيَّةُ): بشپ کا عہدہ (۲) بشپ کی رعیت (۳) بشپ کے عہدہ پر کام کرنے کی جگہ (محدثہ)

(السَّقْفُ) چھت (۲) آسمان (ج) سُقُوفٌ و أَسْقُفٌ و سُقُفٌ۔

(السَّقَّافُ) چھتیں ڈالنے اور بنانے والا۔

(السَّقِيفُ) چھت (ج) سُقُفٌ۔

(السَّقِيفَةُ) سائبان چھپر جس سے سایہ حاصل کیا جائے۔

-سَقِيفَةُ بني ساعدةَ. قبیلہ بنی ساعدہ کا چھپر جس کے نیچے مسلمانوں نے خلیفہ اول ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے بیعت کی تھی (۲) گڑھے وغیرہ کو پاٹنے کا چوڑا پتھر (۳) کشتی کا تختہ (۴) سونے چاندی اور جواہرات کا پتر (۵) وہ لکڑی کی پٹی جو ہڈی جوڑنے کے لئے باندھی جائے (ج) سَقَائِفُ و سُقُفٌ۔

(المُسَقَّفُ) لمبا۔

(سَقِلَتِ)الیدُ او الرّجلُ ـ سَقَلاً: ہاتھ یا پاؤں کا ٹیڑھا ہونا۔ ھو اَسْقَلُ وھی سَقْلَاءُ (ج)سُقْلٌ

(الإسْقَالُ)و(الإسْقِيْلُ): جنگلی پیاز۔

(السِّقَالَةُ) (دیکھئے اِسقالۃٌ فی باب الھمزہ (ج)سَقَائِلُ۔

(السُّقْلُ) کمر کوکھ۔

(السَّقِلُ) پتلی کوکھ والا۔

(سَقِمَ)ـ سَقَمًا و سَقَامًا: بیماری کا لمبا ہونا ھو سَقِمٌ۔

(سَقُمَ)ـ سُقْمًا و سَقَامًا و سَقَامَةً:سَقِمَ ۔ ھو سقیمٌ۔

(اَسْقَمَ)فلانٌ: مسلسل بیمار رہنا۔

- اللهُ فلانًا: بیمار کرنا کہتے ہیں: اَسْقَمَهُ العشقُ و اَضْنَاهُ عشق نے اسے دکھی کر کے پگھلا دیا۔

(سَقَّمَه) اَسْقَمَه۔

(السَّقِيْمُ): بیمار دکھی۔ سقیمُ الصدرِ علی اَخیہ اپنے بھائی سے بغض رکھنے والا۔

- فهمٌ سقيمٌ: ناقص فہم۔

- کلامٌ سقيمٌ بے ہودہ اور ناقص کلام۔

(ج)سُقْمٌ وھی سَقِیْمَةٌ(ج)سَقَائِمُ۔

(المِسْقَامُ): بہت بیمار رہنے والا (مذکر و مونث دونوں کے لئے)

(المَسْقَمَةُ)ارضٌ مَسْقَمَةٌ: زیادہ بیماریوں والی زمین (ج)مَسَاقِمُ۔

(السَّقَمُوْنِيَا): ایک بوٹی جو مسہل دینے کے لئے استعمال کی جاتی ہے سقمونیا (د)

(سَقِيَ) بطنُه ـَ سَقْيًا: پیٹ میں پانی جمع رہنا۔

- العِرْقُ: رگ کا مسلسل بہنا بند ہونا۔

- الحيوانَ و النباتَ: سیراب کرنا کہتے ہیں: سقاهُ غَيْثًا اس کو بارش سے سیراب کیا۔

- الثوبَ و نحوَهُ کپڑے وغیرہ کو رنگ میں تر کرنا۔ سقاهُ صبغًا بھی کہتے ہیں۔ ھو سَاقٍ (ج)سُقَاةٌ و سقاء و سُقًّى و سُقِيٌّ۔

(سُقِيَ)بطنُه سَقْيًا۔ سقیٌ ھو مسقیٌّ۔

- قَلْبُه عداوةً: دل میں دشمنی رچ بس جانا۔

(اَسْقَاهُ): پلانا، سیراب کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَأَسْقَيْنَاكُمْ مَاءً فُرَاتًا﴾

کسی کو پانی دینا، پانی کی باری دینا۔ کہتے ہیں: اَسقاهُ جَدْوَلاً من نهرِه: اپنی نہر سے ایک گول (آبپاشی کی نہر) پانی کی دے دی۔

- فلانًا: پانی کی جگہ بتانا (۲) بطور دعا کے سَقَاكَ اللهُ یا سُقْيًا لك کہنا۔

(سَاقَى)فلانًا ماءً او شرابًا او کاسًا پلانا، سیراب کرنا۔

- فلانًا شَجَرَه او ارضَه و فیها: کسی کو درخت یا زمین بٹائی پر دینا کہ وہ اسے سیراب کر کے قابل انتفاع بنائے اور اس میں اس کا ایک حصہ مقرر ہو۔

(سَقَّاهُ) خوب سیراب کرنا۔ خوب پلانا۔

- الثوبَ کذا مِنَ الصِّبْغِ: کسی رنگ میں کپڑے کو خوب ڈبونا۔

- فلانًا: کسی کو سقاك اللهُ یا سُقْيًا لك کہنا۔

(اسْتَقَى) فلانًا و مِنْه: پانی یا سیرابی طلب کرنا۔

- من النهرِ او البئرِ او الساقيةِ و نحوِها پانی لینا۔

- المعارفَ او الأخبارَ و نحوَها من کذا: کہیں سے علوم و معارف اور خبریں وغیرہ حاصل کرنا۔

(تَسَاقَى)القومُ: ایک دوسرے کو پانی پلانا۔ کہتے ہیں: تَسَاقَوْا كؤوسَ المَنِيَّةِ: ایک دوسرے کو جام ہلاکت پلانا۔ باہم قتال کرنا۔

(تَسَقَّى) پانی قبول کرنا، سیراب ہونا۔

- الشَّائِلَ: سیال چیز کو جذب کرنا جیسے تَسَقَّى الجلدُ الدَّمَ۔

(اسْتَسْقَى)بَطْنُه: سَقِيَ۔

- فلانًا و منه سیرابی طلب کرنا، پانی مانگنا۔

(الاِسْتِسْقَاءُ): پانی و سیرابی کی طلب و کوشش۔ اسی سے ہے دعاءُ الاستسقاء صلوۃ الاستسقاء (۲) پیٹ کی ایک بیماری جس میں پیٹ کی تجویف پانی سے بھر جاتی ہے اور پیٹ پھول جاتا ہے۔

- الاسْتِسْقَاءُ الدِّمَاغِيُّ: ایک خلقی دماغی بیماری جس سے دماغ میں رطوبات کی کثرت ہو جاتی ہے اور رقیق ہو کر نکلتی ہے (مج)

(السَّاقِي) پلانے والا (ج)سُقَاةٌ۔

(السَّاقِيَةُ) آبپاشی کی نہر (۲) رہٹ جس کے ذریعہ کنویں سے آبپاشی کی جاتی ہے (مو) (ج)سَوَاقٍ۔

(السِّقَاءُ): پانی یا دودھ کا مشکیزہ (۲) پانی وغیرہ رکھنے کا برتن۔ (ج) اَسْقِيَةٌ (مج) اَسَاقٍ۔

(السِّقَايَةُ) پانی پلانے کی جگہ (۲) پانی پلانے کا برتن۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿جَعَلَ السِّقَايَةَ فِي رَحْلِ أَخِيهِ﴾ (۳) آب رسانی کا پیشہ سقا گری۔

- سقاية الحاجّ: زمانہ جاہلیت میں حجاج کو نبیذ ملا پانی پلانے کا کام جو قریش مکہ کا مستحسن کام اور خادمانہ منصب تھا۔

(السَّقَّاءُ): سقا جو لوگوں کے گھروں میں پانی پہنچانے کا کام کرتا ہو۔ پانی فراہم کرنے والا۔ ھی سَقَّاءَةٌ و سَقَّايَةٌ کہاوت ہے (اِسْقِ رَقَاشِ إِنَّهَا سَقَّايَةٌ) رقاشہ کو پانی پلاؤ کیونکہ وہ سب کو پانی پلاتی ہے یعنی اپنے محسن کو ساتھ اچھا سلوک کرو۔

(السَّقْيُ): سیرابی آبپاشی (۲) بطور دعا کے سَقْيًا لَه و رَعْيًا کہا جاتا ہے۔

(السِّقْيُ): سیراب کی جانے والی زمین یا کھیتی۔ زَرْعٌ سِقْيٌ: وہ زمین جو بلا بارش سیراب کی جاتی ہو (۲) آبپاشی کا حق یا حصہ۔ کہتے ہیں: کم سِقْيُ اَرْضِكَ آبپاشی میں تمہارا کتنا حصہ ہے (۳) وہ جھلی جس میں بوقت ولادت بچہ لپٹا ہوتا ہے (۴) وہ زرد پانی جو اس جھلی کے اندر سے نکلتا ہے (ج)اَسْقِيَةٌ۔

(السُّقْيَا) سیرابی آبپاشی۔ کہتے ہیں سُقْيَا رَحْمَةٍ لا سُقْيَا عَذَابٍ ایسی بارش برسا جو نفع رساں اور بے ضرر ہو۔

(السَّقِيُّ) سیراب کیا ہوا (۲) پانی کا محتاج۔

پیا سا جیسے زَرْعٌ سَقِیٌّ و نخلٌ سَقِیٌّ (۳) وہ کھجور کا باغ جسے رہٹ وغیرہ کے ذریعہ سیراب کیا جائے (۴) گل تسبیح ۔ واحد سَقِیَّۃٌ (۵) بڑی بڑی بوندوں والا زبردست بادل۔

(المَسْقَاۃُ) آب پاشی کی جگہ (۲) آب پاشی کی نہر (ج) المَسَاقِیْ۔

(المِسْقَاۃُ) المَسْقَاۃُ (۲) آلۂ آب پاشی (ج) المَسَاقِیْ۔

(المَسْقَوِیُّ) دریا کے پانی سے سیراب کی جانے والی زمین۔ مصر کے عوام الناس اسے "مِسْقَاوِی" کہتے ہیں۔

س ..... ک

(سَکَبَ) الماءُ و نحوُہ ـُ سَکْبًا و سُکُوْبًا پانی وغیرہ بہنا' اوپر سے نیچے گرنا۔ ھو سَاکِبٌ و سَکْبٌ و سَکُوْبٌ۔

- الماءَ و نَحْوَہٗ سَکْبًا و تَسْکَابًا پانی گرانا' بہانا' ڈالنا۔ ھو مسکوبٌ۔

(اِنْسَکَبَ) گرنا' بہنا۔

(الإِسْکَابَۃُ) مشک کے شگاف بند کرنے کی لکڑی کی ذات (۲) تیف میں گول جالی یا چمڑے وغیرہ کا گول ٹکڑا جس کے اوپر تیل وغیرہ کو چھاننے کے لئے چھوڑا جاتا ہے۔

(الأُسْکُوْبُ) مسلسل ہونے والی بارش (۲) زمین کی طرف دراز ہونے والی بجلی (۳) کھجور کے درختوں کی قطار (ج) اَسَاکِیْبُ۔

(السَّکْبُ) لگاتار بارش (۲) لگاتار برسنے والا (۳) تیز رو جیسے مَاءٌ سکبٌ و فرسٌ سَکْبٌ (۴) پھرتیلا اور سبک (۵) ضروری کام۔ امرٌ سَکْبٌ بھی کہتے ہیں (۶) لمبا آدمی (۷) تانبا یا پیتل (۸) سیسہ۔

(السَّکَبُ) سیسہ۔ (۲) خوشبودار درخت۔

(السَّکْبَۃُ) سر باندھنے کا کپڑا (۲) پیدائش کے وقت بچہ کے ساتھ نکلنے والا پانی (ج) سِکَابٌ۔

(السَّکَبَۃُ) سر سے گرنے والی بھوسی' میل کی پپڑیاں (ج) سَکَبٌ وسِکَابٌ۔

(المِسْکَبَۃُ) پانی ڈالنے کا برتن' پانی پہنچانے کا برتن۔ کہتے ہیں: اَرْسَلَ الماءَ فی المِسْکَبَۃِ (ج) مَسَاکِبُ۔

(سَکْبَجَ) گوشت اور سرکہ سے بنا ہوا کھانا تیار کرنا۔

(السِّکْبَاجُ) گوشت اور سرکہ سے تیار کیا ہوا کھانا' ایک ٹکڑے کا نام سِکْبَاجَۃٌ ہے (مع)

(سَکَتَ) ـُ سُکُوتًا و سُکَاتًا: خاموش ہونا (۲) بولتے ہوئے رک جانا (۳) متحرک چیز کا پرسکون ہو جانا (۴) مر جانا۔

- الغَضَبُ عَنْہُ غصہ ٹھنڈا ہونا' یا کم ہو جانا۔

- الرِّیْحُ ہوا کا رک جانا' بند ہو جانا۔

- الحَرُّ ہوا رکنے سے گرمی بڑھ جانا۔

- الفَرَسُ گھوڑے کا دوڑ میں آخری ہونا۔

(اَسْکَتَہ): خاموش کرنا۔ بطور دعا کہتے ہیں (لا اَسْکَتَ اللّٰہُ لک حِسًّا) خدا تم کو زندہ و سلامت رکھے۔

(سَکَّتَہ) اَسْکَتَہ۔

(الأَسْکَاتُ) ہر چیز کا باقی ماندہ حصہ (۲) انسانوں یا جانوروں کے متفرق گروہ (۳) اوباش لوگ (۴) موسم گرما کے آخری معتدل ایام۔

(الإِسْکَاتَۃُ) مختصر وقفہ سکوت جس کے بعد کسی کلام یا قرأت کا انتظار ہو۔

(السَّاکُوْتُ) بہت خاموش۔

(السَّاکُوْتَۃُ) بہت خاموش (۲) خاموش عورت (۳) سکتہ جو بظاہر موت معلوم ہو۔

(السُّکَاتُ) خاموش رہنے کی بیماری جو بولنے سے مانع ہو (۲) مسلسل خاموش رہنے والا (۳) خاموش کرنے والی چیز (۴) موت کا سکتہ (۵) بے خبری میں ڈسنے والا سانپ۔ ھُوَ عَلٰی سُکَاتِ الأَمْرِ وہ فلاں کام کی انجام دہی کے قریب ہے۔

(السَّکْتُ) گانے یا پڑھنے میں سانس کا سکون (۲) دو نغموں کے درمیان کا فصل جو بغیر سانس لئے ہو (۳) خاموش رہنے کا عادی' خاموشی پسند۔

- ھاءُ السَّکْتِ وہ ہا جو حرکت بتانے (قصیرہ یا طویلہ) کو بتانے کے لئے اسم کے آخر میں بڑھائی جاتی ہے جیسے "مَاھِیَہ؟" اور "وازیداہ!"۔

(السَّکْتَۃُ) ایک دفعہ کی خاموشی (۲) سکتہ صلوۃ یہ ہے کہ افتتاح صلوۃ کے بعد یا قرأۃ فاتحہ سے فارغ ہو کر خاموش ہو جائے (۳) ناگہانی موت۔

(السُّکْتَۃُ): بچہ وغیرہ کو چپ کرنے اور بہلانے والی چیز یا لوری (۲) برتن میں بچی ہوئی چیز (ج) سُکَتٌ۔

(السِّکْتَۃُ): بچہ کی خاموشی کی نوعیت یا ہیئت (۲) بچہ وغیرہ کو چپ کرنے والی چیز۔

(السِّکُّوْتُ): (مبالغہ برائے مذکر و مؤنث) انتہائی خاموش' خاموش رہنے کا عادی (۲) وہ اونٹ جن کے منہ سے پالان رکھتے وقت جھاگ نہ نکلتے ہوں۔ (۳) بے خبری میں ڈسنے والا سانپ (ج) سُکُتٌ۔

(السِّکِّیْتُ) خاموش طبیعت' کم گو۔

(السُّکَّیْتُ والسُّکَیْتُ) خاموش طبیعت' کم گو (۲) گھڑ دوڑ کے میدان میں اخیر میں آنے والا گھوڑا' فلانٌ سُکَیْتُ الحَلْبَۃِ یعنی فلاں اپنے کام یا ہنر میں غیر ماہر ہے۔

(المُسَکِّتُ) جوئے کے کھیل کا آخری تیر۔

(سَکَرَ) ـُ سُکُوْرًا و سَکَرَانًا کم اور ہلکا ہونا' ٹھہرنا' پرسکون ہونا۔ جیسے سَکَرَتِ الرِّیْحُ و سکر الحرُّ۔

- عَیْنُہ آنکھ کا دیکھنا۔

- الاناءَ و نَحْوَہٗ سَکْرًا بھرنا۔

- النَّھْرَ وَ نَحْوَہٗ نہر وغیرہ کا پشتہ باندھنا' روکنا۔

(سَکِرَ) الحوضُ و نحوہٗ ـَ سَکَرًا حوض وغیرہ کا بھرنا۔

- مِنَ الغَضَبِ طیش میں آنا' مشتعل ہونا' غضبناک ہونا۔

- فلانٌ مِنَ الشَّرابِ سُکْرًا و سُکُرًا و سَکَرَانًا شراب سے مدہوش ہونا' نشہ میں چور ہونا۔ ھو سَکِرٌ و سَکْرَانُ وھی سَکِرَۃٌ و

سَکرٰی و سکرانۃٌ۔
(سُکِرَ)البحرُ و نحوہٗ دریا وغیرہ کا ٹھہرا ہوا ہونا۔
-بَصَرُہٗ نگاہ خراب ہونا۔
(اَسْکَرَہٗ) الشرابُ: شراب کا مدہوش کر دینا۔
-فلانٌ کسی کو ایسی چیز دینا جو اسے مدہوش کر دے۔
(سَکَّرَہٗ) زیادہ نشہ چڑھانا' بالکل بے ہوش کر دینا۔
-سَکَّرَ بَصَرَہٗ: بے ہوشی طاری کرنا (۲) نگاہ کا خیرہ کرنا' قرآن مجید میں ہے ﴿لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُکِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ﴾
-الماءَ و نحوَہٗ: پانی وغیرہ کو شکر سے میٹھا بنانا (مو)
(تَساکَرَ)فلانٌ: مصنوعی نشہ ظاہر کرنا۔
(السَّکارین): سکرین' ایک مصنوعی مٹھاس' شکر سے متعلق یا اس کی خاصیت کی شکر سے جن کا پرہیز ہوتا ہے ان کے استعمال کے لئے ہوتی ہے۔
(السُّکْرُ) نشہ' مدہوشی' بے ہوشی۔ سُکْرُ الشَّبابِ او القوّۃِ او السُّلْطانِ: جوانی طاقت یا اقتدار کا گھمنڈ۔
-سُکْرُ النَّومِ: نیند کی بے ہوشی۔
(السِّکْرُ) دریا وغیرہ کا پشتہ' بند (۲) بند کیا جانے والا شگاف (ج) سُکُورٌ۔
(السَّکَرُ) شراب یا کوئی نشہ آور چیز (۲) کھجور کا عرق جسے آگ پر نہ پکایا گیا ہو یعنی سرکہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا﴾
(السَّکْرَۃُ) ایک دفعہ کا نشہ' مدہوشی' مستی۔ کہتے ہیں ذَھَبَ بَیْنَ الصَّحْوَۃِ والسَّکْرَۃِ: وہ ہوش اور بے ہوشی کے درمیان گیا (۲) غصہ' جوش (۳) جوانی' مستی (۴) موت یا غم یا نیند کی سختی' شدت۔

(السُّکَرَۃُ) گیہوں ملا ہوا کالا دانہ۔
(السَّکّارُ) شراب فروش' نشہ آور چیزیں بنانے یا بیچنے والا۔
(السُّکَّرُ) شکر' چینی (گنے سے بنی ہوئی مٹھاس) (۲) سفید رنگ کے میٹھے انگور (۳) عمدہ قسم کی پختہ و تر کھجور۔ واحد سُکَّرَۃٌ (یہ لفظ فارسی کا معرب ہے)
-سُکَّرُ الشَّعِیرِ: جو کی شکر۔
(السُّکَّرِیُّ)البولُ السُّکَّرِیُّ: پیشاب میں شکر آنے کی بیماری جس کے اہم اسباب میں سے ایک سبب ہارمون انسولین کی کمی ہے جس سے جسم کے خلیات میں شکر کا توازن و تناسب قائم رہتا ہے (مج)
(السِّکِّیرُ): بہت نشہ کرنے والا (ج) سِکِّیرَۃٌ۔
(السُّکَّرِیَّۃُ): شکر دان (محدثہ)
(السَّکُورُ): بہت نشہ والا (ج) سُکُرٌ
(السَّکْرانُ)، ایک سدا بہار پودا جو فصیلہ باذنجانیہ سے ہے یہ مصر اور ہندوستان کے صحراؤں میں پایا جاتا ہے اس کی بہت سی شاخیں ایک ہی تنے پر قائم ہوتی ہیں اس کے پتے میں رس ہوتا ہے اور پھول بنفشی ہوتے ہیں اور دوائی کے طور پر مستعمل ہے (مج)
(المُسَکَّرُ): شکر' چینی سے میٹھا کیا ہوا (۲) نشہ میں مست۔ وھی سکرۃٌ۔
(السُّکُرُّجَۃُ): طشتری' چھوٹی رکابی' چینی وغیرہ کی طشتری (مع) (ج) سَکارِجُ۔
(السُّکُرْکَۃُ) مکی کی شراب (مع)
(سَکَعَ) - سَکْعًا: بے مقصد گھومنا' مارے مارے پھرنا (۲) حیران و سرگرداں ہونا۔
-فلانًا کسی کے سر پر مارنا۔
(سَکِعَ) سَکَعَ۔
-فلانًا: آوارہ و سرگرداں پھرانا' بے مقصد پھرانا۔
(تَسَکَّعَ). سَکَعَ (۲) باطل میں حد سے بڑھنا۔
- فی الظلام وفی الضلال: گمراہی اور تاریکی میں حیران و سرگرداں پھرنا۔
-فی اَمْرِہٖ کسی معاملہ میں حیران و پریشان ہونا۔
(السَّاکِعُ) اجنبی' پردیسی۔ ھی ساکعۃٌ۔
(السَّکِعُ) اجنبی' پردیسی ھی سَکِعَۃٌ
(السُّکَعُ)۔ در بدر پھرنے والا' تاریکی میں ٹھوکر میں کھانے والا۔
(المَسْکَعَۃُ) ٹھوکریں کھانے اور مارے مارے پھرنے کی جگہ (۲) حیرانی و پریشانی کا سبب (ج) مَسَاکِعُ۔
(المُسْکِعَۃُ) من الاَرْضِ بھٹکانے والی زمین جس میں کوئی راہ نہ ملے۔
(سَکَفَ)البابَ او البَیْتَ - سَکْفًا دہلیز لگانا' چوکھٹ لگانا۔ کہتے ہیں. مَا سَکَفْتُ البابَ: میں نے دروازہ میں چوکھٹ نہیں لگائی۔ یا میں نے دروازہ میں قدم نہیں رکھا۔
(اَسْکَفَ)فلانٌ موچی بنا۔
(تَسَکَّفَ)البابَ او البَیْتَ:سَکَفَہٗ۔
(الإسْکافُ). موچی (۲) جوتوں کی مرمت کرنے والا' جوتے بنانے والا (۳) چمڑے کی سلائی کرنے والا (ج) اَسَاکِفَۃٌ
(الاُسْکُفُ) من العَیْنِ پلکوں کے اگنے کی جگہ (۲) آنکھ کا نچلا پپوٹا (۳) آنکھ کے بال۔
(الاُسْکُفَّۃُ). دروازہ کی دہلیز (۲) آنکھ کا نچلا پپوٹا۔ کہتے ہیں: وقعت الدَّمْعَۃُ عَلٰی اُسْکُفَّۃِ عَیْنِہٖ۔
(السَّاکِفُ). چوکھٹ کی بالائی لکڑی جو دہلیز کے بالمقابل ہوتی ہے (ج) سَوَاکِفُ
(السِّکافَۃُ) موچی گری' جوتوں کی مرمت کا پیشہ۔
(سَکَّ)الشیءَ - سَکًّا بند کرنا۔
-البابَ اَوِ الخَشَبَ و غَیْرَھُمَا لوہے کی پتی لگانا یا کیلیں ٹھونکنا۔
- الکلامُ السَّمْعَ: سخت کلامی یا شور و غل کا کان پھاڑنا۔ کہتے ہیں. مَا سَکَّ سمعی مثلُ ذٰلکَ: اس جیسی بات میرے کان میں نہیں پڑی۔

-الباَبَ دروازہ بند کرنا (مو)
-مَافی بطنہ مِنْ غَائطٍ و نحوہٖ: پتلا پاخانہ یا پتلی بیٹ کرنا۔
-اُذُنَیْہِ کانوں کو جڑ سے اُکھاڑنا۔
-البئرَ: کنویں کو تنگ کھودنا۔
-النُقُوْدَ: سکے ڈھالنا، کرنسی بنانا۔
(سَلِكَ) ۔ سَكَكًا: چھوٹے اور سر سے چپکے ہوئے کانوں والا ہونا (۲) بہرا ہونا۔ ھو اَسَكُّ وھی سَكَّاءُ (ج) سُكٌّ۔
-الاُذُنُ: کان کے سوراخ کا چھوٹا ہونا۔
(اسْتَكَّ) بند ہونا۔
-مَسَامِعُہ. کانوں کا بہرا ہونا یا بند ہونا۔ کہتے ہیں مَا اسْتَكَّ فِیْ مَسَامِعِیْ مِثْلُہ: میں نے اس جیسی بات نہیں سنی (۲) کانوں کا چھوٹا ہونا، تنگ ہونا۔
-الشَّجَرُ و النَّبَاتُ. گھنا اور بھرا ہوا ہونا۔
(انْسَكَّ) سیدھے رخ پر چلنا۔
-الطیرُ. پرندہ کا سیدھا اڑنا۔
(تَسَكَّكَ) آہ و زاری کرنا، گڑگڑاہٹ و عاجزی کرنا۔
(السُّكَاكُ) زمین و آسمان کے درمیان کی ہوا۔ کہتے ہیں لَا اَفْعَلُ ذٰلك ولو صَعِدْتَ فی السُّكَاكِ میں یہ کام ہرگز نہ کروں گا۔ چاہے تم آسمان پر چڑھ جاؤ (۲) تیر میں پر لگنے کی جگہ۔
(السُّكَاكَۃُ) السُّكَاكُ (۲) چھوٹے کانوں والا (۳) خودرائے انسان جو کسی کی نہ سنتا ہو (ج) سَكَائِكُ۔
(السُّكُّ) کمینہ پن، گراوٹ طبع (۲) کیل میخ (۲) چھوٹا اور تنگ کنواں (۴) چھوٹے حلقوں والی زرہ (۵) دیوار کی طرح سیدھی عمارت یا سیدھا گڑھا (ج) سُكُوْكٌ و سِكَاكٌ کہتے ہیں ضَرَبُوْا بیوتھم سِكَاكًا: انہوں نے اپنے مکانات ایک لائن میں بنائے۔
-دَارُ السُّكِّ سکے ڈھالنے کا کارخانہ (مج)
(السُّكُّ) تنگ اور بند راستہ (۲) بچھو یا مکڑی کا بل (۳) تنگ حلقوں والی زرہ (۴) تنگ کھودا ہوا کنواں (۵) کمینہ پن، گراوٹ طبع کہتے ہیں: ھو یفعَلُ ذٰلك بسُكِّ طَبْعِہ: (۶) ایک قسم کی مشک ملی ہوئی خوشبو (ج) سُكُوْكٌ و سِكَاكٌ۔
(السَّكَّاءُ): تانیث الاسكّ (۲) تنگ حلقوں والی زرہ (ج) سُكٌّ۔
(السَّكَّاكُ): سکے ڈھالنے والا (ج) سَكَّاكَۃٌ۔
(السَّكَّاكَۃُ): مونث السَّكَّاكِ (۲) مسافر راہ گیر۔
(السِّكَّۃُ): کھجور اور دیگر درختوں کی قطار (۲) تنگ راستہ، گلی (۳) سونے چاندی وغیرہ کا ڈھلا ہوا سکہ (۴) ہل کی پھال، وہ لوہا جو سڑک اور زمین کو کھودتا ہے۔
-اَخَذَ الاَمْرَ بِسِكَّتِہٖ: اس نے اس کام کا بیڑا اس کے امکان کے وقت اٹھایا۔
-فلانٌ صعبُ السِّكَّۃِ: فلاں کو اپنی کم عقلی کی بنا پر قرار نہیں (ج) سِكَكٌ۔
- اصحابُ السِّكَكِ: ڈاک لے جانے والے لوگ، نامہ بردار لوگ۔
(السَّكِّيُّ). کیل میخ (۲) دینار۔
(السِّكِّيُّ): سکہ سے متعلق (۲) قاصد، ڈاکیا نامہ بر۔
(السِّكْلُ): سیاہ رنگ کی لمبی اور موٹی مچھلی (ج) اَسْكَالٌ و سِكْلَۃٌ۔
(الإسْكِلَۃُ) بانس وغیرہ کی بنی ہوئی سیڑھی جو منتقل کی جا سکے (۲) بندرگاہ (د)
(الإِسْكِيمُ) (دیکھئے إسْكِيمُ)
(الإسْكِيمُوْ) إسْكِمُوْ۔
(الأَسْكِيمُوْ): (دیکھئے اسکیمو)
(السُّكُمُ) کمزوری کی وجہ سے چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنے والا۔
(سَكَنَ) المتحرِّكُ ۔ سُكُوْنًا: پرسکون ہونا، ہلتی ہوئی چیز کا ٹھہر جانا۔
- المتكلِّمُ خاموش ہونا۔
-المَطَرُ بارش رکنا، تھم جانا۔
-الرِّيحُ ہوا کا رک جانا۔
-النَّفْسُ بَعْدَ الاِضْطِرَابِ بے قراری کے بعد سکون آنا۔
- الیہ: کسی سے مانوس ہونا، کسی کے پاس راحت محسوس کرنا۔
-الحرفُ: حرف کا ساکن ہونا، بغیر حرکت کے ہونا۔
- المكانَ وبہٖ سَكَنًا و سُكْنٰى: رہائش اختیار کرنا، آباد ہونا۔
(سَكُنَ) فلانٌ ۔ سُكُوْنَۃً و سَكَانَۃً: مسکین ہونا، غریب و بیچارا ہونا۔
(اَسْكَنَ) فلانٌ: سَكُنَ۔
- المتحركَ. متحرک کو ساکن کرنا، حرکت ختم کرنا۔
-فلانًا المكانَ و فیہ: آباد کرنا، رہنے کی جگہ دینا۔
-المكانَ فلانًا. کسی کو رہائش کی جگہ دینا۔
- اللّٰہُ فلانًا: اللہ تعالیٰ کا کسی کو محتاج و نادار بنا دینا۔
-الفَقْرُ فلانًا: غربت کا کسی کی نقل و حرکت کو کم کر دینا۔
(سَاكَنَہٗ): کسی کے ساتھ ایک ہی مکان میں رہنا۔
(سَكَّنَ) المُتَحَرِّكَ و نَحْوَہٗ: حرکت ختم کرنا، پرسکون بنانا۔
-فلانًا المَنْزِلَ. کسی کو گھر میں بسانا۔
-القَنَاۃَ و نَحْوَھَا. تیر کو آگ میں تپا کر سیدھا کرنا۔
-الكلمۃَ. لفظ کو ساکن کرنا، جزم لگانا۔
(اسْتَكَنَ) فلانٌ: عاجز و ذلیل ہونا۔
(تَسَاكَنُوا) فی الدَّارِ: گھر میں مل جل کر رہنا۔
(تَسَكَّنَ) غریب و نادار ہونا (۲) غریبوں کی مشابہت اختیار کرنا (۳) مطمئن اور باوقار ہونا۔
(تَمَسْكَنَ) تَسَكَّنَ۔
(السَّاكِنُ) ساکن، ٹھہرا ہوا (خلاف المتحرک) (۲) علم طبیعت کے مطابق وہ جز کہ

کسی بھی آلہ کے گھومنے والے حصہ کی نسبت اس کی طرف ہو (ج) سُکّان (مع)
(السَّاکِنَةُ): تانیث الساکن (ج) سَوَاکِنُ (۲) اہل خانہ۔
(السَّکَّاکِیْنِیُّ): چاقو اور چھری بنانے والا۔
(السَّکَّانُ): چاقو اور چھری بنانے والا۔
(السُّکَّانُ): کشتی کھیلنے کا پتوار (۲) باشندے۔
(السِّکِّیْنُ): چاقو، چھری (مذکر و مونث) (ج) سَکَاکِیْنُ۔
(السِّکِّیْنَةُ): چھری، چاقو۔
(السَّکْنُ): اہل خانہ گھر میں رہائش پذیر لوگ۔
(السُّکْنُ): رہائش گاہ (۲) روزی، خوراک غذا (۳) کسی کی طرف سے مفت رہائش (ج) أَسْکَانٌ۔
(السَّکَنُ): رہائش گاہ (۲) ہر وہ چیز جس سے اُنسیت اور راحت حاصل ہو (۳) بیوی (۴) آگ (۵) رحمت (۶) برکت (۷) خوراک (ج) اَسکانٌ۔
(السُّکْنٰی): رہائش، آبادی (۲) بلا معاوضہ رہائش، مکان (۳) مسکن، رہائش گاہ۔
(السُّکْنَةُ): رہائش وسکون (ج) سُکَنٌ۔
(السَّکِنَةُ): رہائش گاہ (۲) سر کی جڑ جو گردن سے ملی ہوئی ہوتی ہے کہتے ہیں: ترکتھم علٰی سَکِناتِھم: میں نے ان کو ان کے بہتر حال میں چھوڑا۔
(السُّکَیْنَةُ): پھرتیلی، شوخ اور خوش مزاج لڑکی۔
(السَّکِیْنَةُ): اطمینان، سکون، سنجیدگی اور وقار۔
(المَسْکَنُ): رہائش گاہ، مکان، کوارٹر (ج) مَسَاکِنُ۔
(المَسْکَنَةُ): غربت و ناداری، عاجزی بدحالی۔
(المِسْکِیْنُ): وہ شخص جس کے پاس اہل و عیال کی ضرورت اور کفالت کا سامان بھی نہ ہو (۲) کمزور و عاجز، ذلیل و حقیر۔ ھی مسکینة
(ج) مَسَاکِیْنُ۔
(السَّکَنْجَبِیْنُ): مٹھاس اور ترشی سے بنا ہوا شربت (مع) (اس کی فارسی اصل سرکا انگبین ہے)

س .... ل

(سَلَأَ) الزُّبْدَ او الدُّھْنَ ۔ سَلْأً و سِلَاءً: گرمی سے پگھلانا۔
- السِّمْسِمَ وغیرہ: تلوں وغیرہ کا تیل نکالنا۔
- فلانًا: مارنا۔ جیسے سَلَأَہٗ مائة سَوْطٍ
- الدَّرَاھِمَ و نحوھا: نقد ادا کرنا۔
- فلانًا کذا دِرْھَمًا: کسی کو کچھ درہم نقد دینا۔
- النَّخْلَةَ: کھجور کے درخت سے کانٹے اتارنا۔
(اِسْتَلَأَ) الزُّبْدَ او الدُّھْنَ: پگھلانا، صاف کرنا۔
(السِّلَاءُ): خالص گھی یا روغن (ج) اَسْلِئَةٌ۔
(السُّلَّاءُ): کھجور کے کانٹے۔ واحد: سُلَّاءَةٌ۔ (۲) کھجور کے کانٹے جیسا نیزہ کا پھل (۳) لمبی ٹانگوں والا بھورے رنگ کا ایک پرندہ۔
(المَسْلُوْءُ): گھی۔
(سَلَبَ) الشَّیْءَ ۔ سَلْبًا: زبردستی چھیننا۔
- فلانة فؤادہٗ او عقلَہٗ: عورت کا کسی کے دل و دماغ پر قبضہ کر لینا۔
- فلانًا: کسی کا سامان چھین کر لباس و ہتھیار سے خالی کر دینا۔
- الشَّجَرَ و النَّبَاتَ: درخت وغیرہ کے پتے اتارنا، چھلائی کرنا۔
- القَضِیَّةَ: قضیہ کو سالبہ بنانا، قضیہ پر حرف نفی داخل کر کے اس کی نسبت کو سالبہ بنانا۔
(سَلِبَتِ) المَرْأَةُ: عورت کا ماتمی لباس پہننا۔
(اَسْلَبَ) الشَّجَرُ و نَحْوُہٗ: درخت وغیرہ کے پتے اتارنا، چھلائی کرنا۔
- الثُّمَامُ: ثمام نامی گھاس کا پتے نکالنا۔
- الحَامِلُ: حاملہ کو اسقاط حمل ہونا (۲) مرے ہوئے بچے والی ہونا۔ ھی مُسْلِبٌ و سَلُوْبٌ (ج) سُلُبٌ و سَلَائِبُ۔
(سَلَّبَتْ) سَلِبَتْ۔
- الحامِلُ: عورت کا حمل گرنا۔ ھی مُسَلِّبٌ۔
(اِسْتَلَبَہٗ) لوٹنا، چھیننا۔ کہتے ہیں اِسْتَلَبَہٗ اِیَّاہ اس نے اسے چھین لیا۔
(تَسَلَّبَتْ) فلانة: سَلِبَتْ۔
(الاُسْلُوْبُ): راستہ، طریقہ، طرز۔ کہتے ہیں سَلَکْتُ اُسْلُوْبَ فلانٍ فی کذا (۲) طرزِ نگارش، طرز بیان (۳) فن کہتے ہیں اَخَذْنَا فِی اَسَالِیْبَ مِنَ الْقَوْلِ: ہم نے بیان کے مختلف انداز پیش کئے (۴) کھجور وغیرہ کے درختوں کی قطار (ج) اَسَالِیْبُ
(السَّالِبُ): ادھورا بچہ ڈالنے والی عورت (۲) بچہ چھینی گئی عورت (۳) علم ریاضی اور علم طبیعات میں مثبت رجحان کے برخلاف منفی رجحان (۴) علم البصریات میں بائیں طرف گھومنے کا اشارہ (۵) علم التصویر میں کسی شے کی اصلی سایہ اور اس کی روشنی کی عکسی شکل میں پڑنے والا کسی شے کا سایہ اور روشنی۔ (۲) بیکٹیریا کی وہ قسم جس میں جراثیم کا وجود یقینی نہ ہو۔
- کَھْرَبِیَّةٌ سَالِبَةٌ: مادہ کی سطح پر الیکٹرون کی تعداد کا پروٹون کی تعداد سے زیادہ ہونا۔
(السِّلَابُ): وہ سیاہ یا سفید کپڑا جسے عورت رنج و غم کی حالت میں پہنتی ہے۔ ماتمی لباس (ج) سُلُبٌ۔
(السَّلَبُ): سبک و تیز رفتاری۔
(السِّلْبُ ج): ہل میں لگی ہوئی لکڑی، ہل کا ہتھا (ج) سُلُوْبٌ و اَسْلَابٌ۔
(السَّلَبُ): چھینی ہوئی چیز، لوٹا ہوا مال۔ (۲) درخت کی چھال جس سے کنڈیاں، ٹوکرے اور رسیاں بنائی جاتی ہیں (۳) بانس یا درخت کا ریشہ یا چھلکا (۴) کھجور کے درخت کی چھال (۵) مذبوحہ جانور کی کھال، پیٹ اور پیر (ج) اَسْلَابٌ۔
- سَلَبُ القتیلِ: مقتول کا چھینا ہوا مال۔
(السَّلِبُ) لمبا (۲) پھرتیلا۔ ھی سَلِبَةٌ۔
(السُّلْبَةُ) برہنگی، ننگاپن۔
(السَّلَبَةُ) ایک قسم کی رسی (ج) سَلَبٌ و سِلَابٌ۔

(السَّلْبُوْتُ): بہت لوٹ ڈالنے والا' لوٹ کا عادی (مذکر و مونث)

(السَّلْبِيَّةُ) ایک منفی رجحان جو عدم تعاون ور کام نہ کرنے کے اصول و ذہنیت پر قائم ہو' فلاسفہ کے نزدیک ایک ذہنی کیفیت کا نام جس کے نتیجہ میں سست کاری اور نقل و حرکت میں پس وپیش لاحق ہو۔

(السَّلَّابُ) ریشہ اور چھال کی رسیاں وغیرہ بنانے اور بیچنے والا۔

(السَّلَّابَةُ) بہت لوٹ کھسوٹ کرنے والا۔

-امرأةٌ سلَّابَةٌ لٹیری عورت۔

(السَّلِيبُ) لوٹا ہوا' چھینا ہوا (د)

-رَجلٌ سليبُ العقل: بے عقل (ج) سُلُبٌ و سَلْبیٰ۔

(سَلَتَه) ــِـ سَلْتًا سونتنا' کھینچنا (۲) کسی کے اندر سے سب کچھ لے لینا صاف کر دینا (۲) کسی کے اوپر سے سب کچھ لے لینا صاف کر دینا۔

- المِعٰی آنت کو ہاتھ سے باہر نکالنا (۲) آنت کے اندر کی چیز بہانا۔

-المَرْاۃُ عورت کا مہندی وغیرہ کو صاف کرنا۔

-الشَّعْرَ او الرَّاسَ مونڈنا۔

-الانفَ ناک کاٹنا۔

-فلانًا مارنا۔

(انْسَلَتَ) چپکے سے نکل جانا' کھسک جانا۔

(الأسْلَتُ) ناک کٹا (ج) سُلْتٌ۔

(السُّلَاتَةُ) ہر وہ چیز جو نکالی یا کھینچی گئی ہو (۲) پیالہ کے کنارہ سے صاف کی گئی چیز۔

(السُّلْتُ) حجاز وغیرہ میں پیدا ہونے والی ایسی جو جو گیہوں کے مشابہ ہوتی ہے اور اس پر چھلکا نہیں ہوتا۔

(السَّلْتَاءُ) مونث الأسْلَت (۲) خضاب نہ لگانے والی عورت (ج) سُلْتٌ

(السَّلْتَةُ) کہتے ہیں ذَهَبَ مِنِّي سَلْتَةً وہ مجھ سے آگے نکل گیا اور مجھ سے ضائع ہو گیا۔

(سَلَجَتِ) الإبِلُ ــُـ سُلُوْجًا سلج نامی گھاس کھانے سے اونٹوں کا پیٹ چل جانا۔

-الفصيلُ الناقةَ: اونٹ کے بچہ کا دودھ پینا۔

-اللقمةَ: لقمہ نگلنا۔

(اسْتَلَجَ) الشَّرابَ: شدت کے ساتھ پینا کہ گلا بھر جائے۔

(تَسَلَّجَ) الطعامَ وغيرَهٗ: نگلنا۔

-الشَّرابَ غٹا غٹ پینا۔

(السُّلَّجُ): ایک قسم کی نرم گھاس یا درخت جسے اونٹ کھاتے ہیں۔

(السُّلْجَانُ): السُّلَّجُ یا اس کی کوئی قسم۔

(السِّلْجَانُ) گلا' حلق' حلقوم۔

(السَّلِيجُ) مِنَ الطَّعَامِ: مزیدار کھانا جو بآسانی اور سہولت کے ساتھ حلق سے اتر جائے۔

(السَّلِيجَةُ): ساگوان کی لکڑی جس سے دروازے وغیرہ بنائے جاتے ہیں (ج) سَلَائِجُ۔

(السُّلَاجِمُ) لمبا آدمی (۲) لمبا نیزہ (ج) سلاجِمُ۔

(السَّلْجَمُ) السُّلَاجِمُ (۲) گھنی ڈاڑھی' لمبے جبڑوں والا سر (ج) سلاجم (۳) شلغم (ایک ترکاری) واحد: سلجمةٌ (مع)

(سَلَحَ) ــَـ سَلْحًا و سُلَاحًا: پرندہ کا بیٹ کرنا' جانور کا گوبر یا لید کرنا۔ ھو سَالِحٌ

(اَسْلَحَهُ) الدَّوَاءُ: دوا کا کسی کو گوبر یا لید کروانا۔

(سَلَّحَهُ) اَسْلَحَهُ جیسے سَلَّحَ العشبُ الماشيةَ۔

-فلانًا مسلح کرنا' ہتھیار بند کرنا۔

-اناءَ السمنِ گھی کے برتن کو شیرہ ملنا۔

(تَسَلَّحَ) ہتھیاروں سے لیس ہونا' مسلح ہونا۔

-الابلُ و غيرها باَسْلِحَتِهَا مالک کی نظر میں اونٹوں وغیرہ کا موٹا اور خوبصورت ہونا۔

(الإسْلِيحُ) ایک قسم کی گھاس جسے کھانے سے اونٹنی کا دودھ زیادہ ہو جاتا ہے۔

(السَّالِحُ) مسلح' ہتھیاروں سے لیس ہتھیار بند۔

(السِّلَاحُ) اسلحہ ہتھیار' بحری' بری اور فضائی لڑائی میں کام آنے والے آلات (ج) اَسْلِحَةٌ (مذکر و مونث) کہتے ہیں: اَخَذَتِ الإبِلُ سِلاَحَهَا: مالک کی نظر میں اونٹوں کا موٹا اور عمدہ ہونا۔

- ذُو السِّلَاحِ مِنَ النُّجُومِ سماک رامح ستاروں کے ایک جھمکے کا روشن ترین ستارہ۔

(السُّلَاحُ) پیٹ سے نکلنے والے فضلات۔

(السَّلْحُ): السُّلَاحُ (ج) سُلُوْحٌ و سلحانٌ۔

(السُّلْحُ) گھی کے برتن کو ملا جانے والا گودا۔

(السَّلَحُ): تالاب وغیرہ میں جمع شدہ بارش کا پانی۔

(السُّلَحُ): چکور کا بچہ (ج) سِلْحَانٌ۔

(السُّلَاحُ): جس کو بہت دست آتے ہوں۔

(المَسْلَحُ): ہتھیار خانہ (۲) ہتھیاروں سے لیس سپاہیوں کی پہرا چوکی (۳) سرحدی حفاظتی پولیس (ج) مَسَالِحُ۔

(المَسْلَحَةُ): المَسْلَحُ (ج) مَسَالِحُ

(السُّلَحْفَاةُ) کچھوا (ج) سَلَاحِفُ

(سَلَخَتِ) الحَيَّةُ ــُـ سُلُوْخًا سانپ کا اپنی کینچلی اتارنا۔

-الشَّهْرُ و نَحْوُهٗ: مہینہ گزر جانا۔

-النباتُ: نبات کا سوکھنے کے بعد ہرا ہونا۔

-الجلدَ سَلْخًا کھال اتارنا' کھینچنا کہتے ہیں۔ سَلَخَ الحَرُّ الجلدَ گرمی نے کھال کو جھلس دیا۔ سَلَخَ الجَرَبُ الجلدَ خارش کا کھال کو چھیل دینا۔

-ثيابَهٗ: کپڑے اتارنا۔

-اللهُ النَّهَارَ من الليلِ او اللَّيْلَ من النَّهَارِ اللہ کا رات کو دن سے اور دن کو رات سے جدا کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَ اٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ﴾

-فلانًا کسی کو اپنی بات سے تکلیف دینا۔

- فلانٌ شَهْرَهٗ و نَحْوَهٗ مہینہ وغیرہ گزارنا یعنی اس کے اخیر تک پہنچنا۔

-الرِّيحُ مَا مَرَّتْ بِهٖ ہوا کا گزرگاہ کی چیزوں کو اڑا لے جانا۔

-الکلامَ کلام کے کسی حصہ کو حذف کر کے اس کا مترادف لانا۔
-مَوْضِعَ الماءِ. پانی کی جگہ کھودنا۔
- الشَّاةَ و نَحْوَهَا بکری وغیرہ کی کھال اتارنا۔
(سَلُخَ)الطعامُ والشّرابُ ـُـ سَلَاخَةً: بے مزہ ہونا۔ هُوَ سَلِيْخٌ۔
(سَلَّخَه):سَلَخَه۔
(انْسَلَخَ). کھال کا اترنا' الگ ہونا' بدن سے کپڑا اترنا۔
(تَسَلَّخَ). انْسَلَخَ۔
(الْأَسْلَخُ) گنجا(۲) بہت سرخ (ج) سُلْخٌ۔
(السَّالِخُ): بہت کالا سانپ۔ اسودُ سَالِخٌ بھی کہتے ہیں (مادہ کے لئے سَالِخة مستعمل نہیں بلکہ اَسودة کہا جاتا ہے) (ج) سَوَالِخُ و سُلَّخٌ(۲)اونٹوں کو لگنے والی خارش جوان کی جلد کو چھیل دیتی ہے۔
(السِّلَاخَةُ): کھال اتارنے کا پیشہ۔
(السَّلْخُ): اتری ہوئی کھال (۲) مہینہ کا آخر۔
(السَّلَخُ): لکلے پر چڑھا ہوا دھاگا۔
(السُّلْخَةُ): ایک دفعہ نکالنا یا کھینچنا (۲) کسی چیز سے نکالا ہوا یا الگ کیا ہوا حصہ (۳) چھپا ہوا پروف جو طباعت سے پہلے اُٹھایا جاتا ہے۔ (محدثة)
(السِّلْخَةُ): کھینچنے یا نکالنے کی ہیئت۔
(السَّلَّاخُ): بہت کھال کھینچنے والا (۲) کھال اتارنے کا کام کرنے والا۔
(السَّلِيْخُ). جس کی کھال اتار لی گئی ہو (۲) کھینچا ہوا یا نکالا ہوا (۳) بے مزہ۔
-سليخٌ مليخٌ. پھیکا بے مزہ۔
(السَّلِيْخَةُ) نومولود بچہ (۲) عطر وغیرہ کا پھاہا(۳) بان کے پھل کا تیل (جس کا ابھی مربانہ بنایا گیا ہو)
(المِسْلَاخُ): کھجور کا وہ درخت جس کی ہری کھجوریں گر جائیں (۲) کھال' تعریف کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ هو ملكٌ في مِسْلاخ الانسان اور مذمت کے موقع پر کہا جاتا ہے هو حِمارٌ فِيْ مِسْلاخِ الانسان (ج) مَسَالِيْخُ۔
(المَسْلَخُ). مذبح' وہ جگہ جہاں جانوروں کی کھال اتاری جائے' بوچڑ خانہ (ج) مَسَالِخُ۔
(المَسْلَخَةُ). المَسْلَخُ۔
(سَلِسَ)الشئُ ـَـ سَلَسًا: نرم اور آسان ہونا (۲) تابعدار ہونا۔ هو سَلِسٌ - شرابٌ سَلِسٌ. آسانی سے پیا جانے والا مشروب۔
-البولُ و نَحْوُه: پیشاب کا جاری رہنا۔
-لَه بِحَقِّه: کسی کو اس کا حق آسانی سے دینا۔
- النَّخْلَةُ: کھجور کے درخت کی شاخوں کی جڑوں کا گر جانا۔
- الخَشَبَةُ لکڑی کا بوسیدہ اور کرم خوردہ ہو جانا۔ هو سَلِسٌ و سَلِيْسٌ و سالِسٌ۔
(سُلِسَ) سَلْسًا. بے عقل و مجنون ہونا۔ هو مَسْلُوْسٌ۔
(أَسْلَسَتِ) النَّخْلَةُ: کھجور کے درخت کی شاخوں کی جڑوں کا گر جانا (۲) ہری بھری کھجوروں کا گر جانا۔
-النَّاقَةُ و نحوُهَا: اونٹنی وغیرہ کا قبل از وقت بچہ دینا۔ هي مُسْلِسٌ و مِسْلاسٌ
-الشئَ: آسان اور نرم اور تابع بنانا۔
-قِيادَةَ لَه: تابعدار اور مطیع بنانا۔
(سَلَّسَ) الحُليَّ و نَحْوَهَا: زیورات پر جواہرات جڑنا۔
(السَّلَاسُ). بے عقلی' دیوانگی۔
(السَّلَاسَةُ) سَلَاسَة اللفظِ: روانی' ربط الفاظ' سہولت و نرمی۔
(السَّلْسُ). موتیوں کی لڑی' دھاگا جس میں خرمہرہ وغیرہ پروئے ہوئے ہوں (۲) ہار میں پروئے جانے والے سفید دانے (۳) اوڑھنی (۴) کان کی بالی (ج) سُلُوْسٌ۔
(السَّلَسُ). سلس بول' پیشاب بند ہونے کی بیماری۔
(السَّلِيْسَةُ): ایک قسم کی گھاس۔
(السَّلْسَبِيْلُ): آسانی سے حلق میں اتر جانے والا شراب (۲) شراب (۳) جنت کے ایک چشمہ کا نام' تیز رو اور شیریں چشم کی صفت۔ قرآن مجید میں ہے۔ ﴿عَيْنًا فِيْهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا﴾ (ج) سلاسب و سلاسيبُ۔
(سَلْسَلَ) الأشياءَ. ترتیب وار یا سلسلہ وار لگانا۔ جیسے سَلْسَلَ الْأَعْدَادَ۔
-الماءَ و نَحْوَهُ پانی کو مسلسل نیچے گرانا۔
-الحيوانَ و غَيْرَهُ جانور وغیرہ کو زنجیر سے باندھنا۔
-الثَّوْبَ و نَحْوَهُ کپڑے وغیرہ پر زنجیر جیسے نقوش بنانا۔
(تَسَلْسَلَ): لگاتار ہونا' ترتیب وار ہونا' مسلسل ہونا۔
-الماءُ: پانی کا بہنا یا زنجیر کی شکل میں بہنا۔
-فِرِنْدُ السَّيْفِ. تلوار کی زنجیر کا چمکنا۔
-الشئُ: تھرکنا' متحرک و مضطرب ہونا۔
- الثوبُ. کپڑے کو اتنا پہننا کہ وہ پتلا ہو جائے۔
(السَّلَاسِلُ): ریت کی لہریں (۲) چمک دار بجلی یا بادل۔ برقٌ ذو سلاسِلَ و رَمْلٌ ذو سلاسِلَ۔
-من الكتاب: کتاب کی سطریں۔
(السُّلَاسِلُ). خوشگوار اور شیریں پانی جو آسانی کے ساتھ حلق سے نیچے اتر جائے۔
(السَّلْسَالُ) السُّلَاسِلُ - ماءٌ سَلْسَالٌ شیریں اور صاف و شفاف پانی (۲) عمدہ شراب۔
(السَّلْسَلُ) السُّلَاسِلُ کہتے ہیں شرابٌ و خمرٌ سَلْسَلٌ: وہ شراب یا مشروب جس کی سطح پر ہوا سے لہریں اٹھ رہی ہوں۔
(السُّلْسُلُ): چست و پھرتیلا لڑکا۔
(السِّلْسِلَةُ): زنجیر (۲) سلسلہ جیسے سلسلةٌ من المقالات او المؤلفاتِ مَا اَشْبَهَ (محدثة) (۳) افق میں پھیلی ہوئی بجلی کی لہر (ج) سَلَاسِلُ۔
-سلسلةُ الجَبَلِ: پہاڑی سلسلہ
(المُسَلْسَلُ) ثوبٌ مُسَلْسَلٌ پرانا جھنجھنا

کپڑا (۲) زنجیر جیسے نقوش والا کپڑا۔
-من الاحادیث: وہ حدیث جس میں راویوں کا سلسلہ نبی کریم ﷺ تک ایک ہی حالت پر قائم ہو جیسے گویا کہ ہر راوی یہ کہے: "حَدَّثَنِی فلانٌ وهو يَتَبَسَّمُ"۔
(سَلِطَ) الطَّعَامُ ۔ سَلَطًا: کھانے کا روغن دار ہونا۔ ھو سَلِطٌ۔
-فلانٌ سَلَاطَةً وَ سُلُوطَةً: زبان دراز ہونا۔
(سَلُطَ) فلانٌ ۔ سَلَاطَةً و سُلوطَةً: زبان دراز ہونا۔ ھو سليطٌ (ج) سلطاء وهي سليطةٌ (ج) سَلَائِطُ ۔ سَلُطَ لسانُه بھی کہتے ہیں۔
(سَلَّطَهُ) اختیار و اقتدار دینا۔
- علیه۔ مسلط کرنا' کسی کے بارے میں اختیارات دینا۔
(تَسَلَّطَ) علیه۔ مسلط ہونا' کسی پر اختیار اور قابو پانا' حاکم بننا۔
(السَّلَائِطُ) بڑی روٹیاں۔ واحد: سَلِيطَةٌ۔
(السَّلُطُ) سخت (۲) لمبی تیز زبان (۳) زبان دراز آدمی۔
(السَّلِطُ) نیزہ جس کے بیچ میں ابھار نہ ہو (ج) سِلَاطٌ۔
(السُّلْطَةُ) قبضہ' غلبہ' اختیار' اقتدار۔
(السِّلْطَةُ) لمبا اور پتلا تیر (۲) گھاس اور بھس وغیرہ ڈالنے کا بورا وغیرہ (ج) سِلَطٌ و سِلَاطٌ۔
(السَّلْطَةُ) سلاد (کچی کٹی ہوئی سبزیوں کا مجموعہ جو کھانے کے ساتھ کھاتے ہیں) (۲) نمک لیموں یا سرکہ وغیرہ سے پیس کر بنائی ہوئی چٹنی۔ (مع)
(السَّلِيطُ) کسی بھی غلہ سے نکالا ہوا تیل (۲) شیرہ (ج) سُلُطَانٌ۔
(المِسْلَاطُ) جاہلی کے دندانے (ج) مَسَالِطُ۔
(المَسْلُوطُ) رجلٌ مسلوطُ اللِّحْيَةِ ہلکی ڈاڑھی والا آدمی۔
(اسْلَنْطَحَ) الوادِی وادی کا وسیع اور کشادہ ہونا۔
-الشیئُ: لمبا چوڑا ہونا۔
-الرجلُ آدمی کا پھیل جانا۔ لیٹ جانا (۲) منہ یا پیٹھ کے بل زمین پر لیٹ جانا۔
(سَلْطَنَهُ): بادشاہ بنانا۔
(تَسَلْطَنَ): بادشاہ بننا۔
(السُّلْطَانُ) حکمران' بادشاہ' سلطان (ج) سلاطِينُ ۔ ھی سلطانةٌ (۲) غلبہ و اقتدار (۳) دلیل و برہان۔
(السُّلْطَانِيَّةُ): پیالہ (مع)
(السَّلْطَنَةُ): حکومت' بادشاہ کی عمل داری (مو)
(سَلَعَ) رأسَه ۔ سَلْعًا: سر پھاڑنا۔
-الطَّرِيقَ: راستہ نکالنا۔
(سَلِعَ) جلدُه ۔ سَلَعًا: کھال کا پھٹنا (۲) خون کی خرابی سے سفید دھبوں کا پڑنا۔
-الرجلُ: کبڑا ہونا۔ ھو اسلعُ وهي سلعاءُ (ج) سُلْعٌ۔
(أَسْلَعَ) فلانٌ: زخمی سر والا ہونا (۲) سامان والا ہونا۔
(سَلَّعَ) الجلدَ: کھال کو پھاڑنا۔
(تَسَلَّعَ) جلدُهُ: کھال کا پھٹنا۔
(انْسَلَعَ): پھٹنا۔
(الأَسْلَعُ) پھٹی ہوئی کھال والا (۲) داغ دار کھال والا۔ برص کا مریض (۳) کبڑا (ج) سُلْعٌ۔
(السَّلْعُ) کھال کی پھٹن (۲) پہاڑ وغیرہ کا شگاف (ج) سُلُعٌ۔
(السِّلْعُ) کھال کی پھٹن (۲) پہاڑ وغیرہ کا شگاف (ج) سُلُوعٌ و أَسْلَاعٌ۔
(السِّلْعُ) پہاڑ کا شگاف (۲) کسی چیز کی مثل اور مشابہ چیز (ج) سُلُوعٌ و أَسْلَاعٌ۔
(السَّلَعُ) ملک یمن میں پیدا ہونے والا ایک درخت جس کا پھل کڑوا ہوتا ہے۔
(السَّلْعَةُ) سر کا کسی بھی قسم کا زخم (ج) سِلَاعٌ۔
(السِّلْعَةُ) سامان تجارت (۲) سامان (۳) کھال کے ساتھ لگا ہوا زائد گوشت (۴) کھال میں ابھری ہوئی گوشت کی گرہ (۵) جونک (ج) سِلَعٌ۔
(السَّوْلَعُ) کڑوا ایلوا۔
(المِسْلَعُ) راہبر' گائیڈ (ج) مَسَالِعُ۔
(سَلَغَ) ذو الحافر ۔ سَلْغًا و سُلُوغًا: سم والے جانور کا زخمی ہونا۔
-وَلَدُ الشَّاةِ او البقرة: بکری یا گائے کے بچے کے دانت نکلنا' پورے دانتوں والا ہونا (۲) دودھ کے دانت گرنا ھو وهی سالغٌ (ج) سُلْغٌ و سَوَالِغُ۔
(سَلِغَ) ۔ سَلَغًا: برص کا مریض ہونا' کھال کا داغ دار ہونا (۲) تیز سرخی والا ہونا۔
-اللحمُ: گوشت کا پختہ ہونا۔
-فلانٌ کمینہ ہونا۔ ھو اَسْلَغُ وهی سَلْغَاءُ (ج) سُلْغٌ۔
(سَلَفَ) ۔ سُلُوفًا وَ سَلَفًا: گزرا ہوا ہونا۔ ھو سَالِفٌ (ج) سُلَّافٌ و سَلَفٌ وهی سَالِفَةٌ (ج) سَوَالِفُ (۲) ختم ہو جانا' گزر جانا۔
-السائرَ سَلْفًا: چلنے والے سے آگے نکل جانا جیسے سَلَفَ القومَ۔
-الارضَ زمین کو ہموار کرنا۔
(أَسْلَفَتِ) المرأةُ: عورت کا پچاس کی عمر تک پہنچ جانا۔ ھی مُسْلِفٌ۔
-الارضَ زمین کو ہموار کرنا۔
-فُلانًا کسی کو بطور قرض کے مال دینا۔
-اليه فِي الشيئ. کسی کو بیع سلم میں کوئی چیز دینا۔
(سَالَفَ) آگے نکل جانا۔
- سَائِرًا فِي الارضِ: چلنے والے کے ساتھ آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
-فلانًا فِي امرٍ کسی معاملہ میں کسی کا مقابلہ کرنا۔
(سَلَّفَ) فلانٌ ناشتہ سے پہلے پیش کی ہوئی چیز کھانا۔
-الضَّيْفَ کھانے سے پہلے مہمان کو معمولی

کھانے کی چیز کھلانا۔
-الشیئ: آگے بڑھانا (۲) پیشگی دینا۔
-فلانا مالاً: کسی کو مال قرض دینا۔
-الیہ فی کذا بیع مسلم میں کوئی چیز دینا۔
(اسْتَلَفَ) قرض لینا۔
(تَسَالَفَ) الرَّجُلَان: دو آدمیوں کا دو بہنوں سے شادی کرنا۔ ایک دوسرے کا ہم زلف ہونا۔
(تَسَلَّفَ) لازم سَلَّفَهُ (۲) ناشتہ کرنا۔
-منه قرض لینا۔
(استَسْلَفَ) منه مالاً: قرض لینا۔
(الاُسْلُوفَةُ): داماد (۲) رشتہ دامادی' سسرالی رشتہ (ج) اَسَالِیفُ۔
(السَّالِفَةُ) گردن کا حصہ جو کان کی لو سے متصل ہوتا ہے (۲) گھوڑے وغیرہ کی گردن کا اگلا حصہ (۳) گردن (ج) سَوَالِفُ۔
(السُّلَافُ): خالص عمدہ شراب (۲) ہر چیز کا خالص حصہ۔
(السُّلَافَةُ): السُّلَافُ۔
(السَّلْفُ): ناکمل دباغت والا چمڑہ (۲) بڑا چمڑے کا تھیلا (ج) اَسْلُفُ و سُلُوفٌ
(السِّلْفُ): ہم زلف' بیوی کی بہن کا خاوند ھی سلفان (۲) دیور' جیٹھ (۳) داماد' سسرال۔ (ج) اَسْلَافٌ۔
(السَّلَفُ): سَالِف کی جمع (۲) گزرے ہوئے لوگ آباؤ اجداد (۳) فضل و کمال یا عمر میں بڑھا ہوا (۴) گذشتہ نیک عمل (۵) بیعانہ' بیع سے پہلے دی ہوئی کچھ قیمت (۶) قرض حسن جس میں قرض دینے والی کی کوئی منفعت نہ ہو (۷) بیع سلم (ج) اَسْلَافٌ و سُلَّافٌ۔
(السَّلَفُ) السِّلْفُ (۲) چکور کا بچہ (ج) اَسْلَافٌ۔
(السُّلَفُ) طائر قطا کا چوزہ (۲) چکور کا چوزہ (ج) سُلْفَانٌ۔
(السُّلْفَةُ) کھانے سے پہلے کی ہلکی غذا' ناشتہ (۲) عورتوں کی طرف سے بالخصوص اور دوسرے لوگوں کی طرف سے بالعموم ملاقاتیوں کو دیا جانے والا تحفہ (۳) گذشتہ لوگ۔ کہتے ہیں جاءَ واسْلِفَةً سُلْفَةً: وہ آگے پیچھے آئے۔ (۴) کاشت وغیرہ کے لئے ہموار کی ہوئی زمین (۵) جوتوں کے استر کا پتلا چمڑا (۶) بچہ کا غلاف' حشفہ (۷) قرض (ج) سُلَفٌ
(السِّلْفَةُ) لِلْمَرْأَةِ: دیورانی' جٹھانی (خاوند کے بھائی کی بیوی) هما سِلفتان (ج) سلائف۔
(السَّلِفَةُ) تھوڑے درختوں والی زمین۔
(السَّلَفِيُّ) جو احکام شریعت میں صرف قرآن وسنت سے رجوع کرے اور اس کے سوا کسی چیز کو قابل اعتبار نہ سمجھے۔
(السُّلَّافُ) لشکر کا اگلا حصہ۔
(السَّلِيفُ) گذشتہ' اگلا (۲) اگلے لوگ (ج) سُلُفٌ۔
(المِسْلَفَةُ): زمین ہموار کرنے کا آلہ' ہنگا (ج) مَسَالِفُ۔
(سَلَقَ) ـُ سَلْقًا: دوڑنا (۲) چیخنا' شور وغل کرنا۔
- اللحمَ او الخُضَرَ بالماءِ الحارِّ وفیهِ: گوشت یا سبزی وغیرہ کو ابالنا' جوش دینا۔
- فلاناً بكلامِهِ او بِلِسانِهِ: کسی کو تکلیف پہنچانا' پھبتیاں کسنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿فَإِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوكُم بِأَلْسِنَةٍ حِدَادٍ﴾ (۲) مارنا (۳) نیزہ مار کر پہلو کے بل گرانا (۴) گدی کے بل زمین پر گرانا۔
- الطبیبُ فُلَانًا: طبیب کا کسی کو پیٹھ کے بل لٹانا۔
- الذَّبِیحَةَ بالماءِ الحارِّ: ذبح کئے ہوئے جانور کی کھال سے اون یا بال صاف کرنا۔
-اللحمَ عن العظمِ ہڈی سے گوشت اتارنا۔
کہتے ہیں رکِبَ الدَّابَّةَ فَسَلَقَتْ بَاطِنَ فَخِذَیْهِ او اَلْیَتِیهِ وہ جانور پر سوار ہوا تو اس نے اس کی ران یا کولہے کو چھیل دیا۔
- بالسَّوْطِ وغیرِہ کوڑا وغیرہ مار کر کھال ادھیڑنا۔
-ظَهْرَ الدَّابَّةِ چوپائے کی کمر کی کھال اتارنا۔
- البَرْدُ او الحَرُّ النَّبَاتَ سردی یا گرمی کا نباتات کو تباہ کر دینا۔
-الجلدَ: تیل لگانا۔
-الحائطَ و غیرَہُ: دیوار وغیرہ پر چڑھنا۔
-العُوْدَ و نحوَهُ فِي العُرْوَةِ برتن یا تھیلے کے دستہ میں لکڑی وغیرہ لگانا۔
-الجُوَالِقَ و نَحْوَهُ تھیلے کے ایک دستے کو دوسرے میں داخل کرنا۔ هو مَسْلُوقٌ و سَلِیقٌ۔
(سُلِقَ) فلانٌ عَلٰى هٰذِهِ السَّلِیقَةِ و سَلِقَهَا فلاں کا یہ مزاج ہے' اس کی طبیعت ایسی ہے۔
(اَسْلَقَ) الرَّجُلُ سلقه (انڈوں سے فارغ ہونے والی نڈی) کا شکار کرنا۔
-العُوْدَ فِي العُرْوَةِ دستہ یا کڑے میں لکڑی داخل کرنا۔
(انْسَلَقَ) لازم اسَلَقَهُ۔
-اللِّسَانُ: زبان کا چھل جانا' چھالے پڑ جانا۔
(السَّيْرُ) مِنَ الجلْدِ و نحوه: لمبا تراشا ہوا چمڑے وغیرہ کا ٹکڑا، تسمہ (ج) سُيُورٌ و أَسْيَارٌ و سُيُورَةٌ۔
(السِّيَرَاءُ): زر در یشم کی دھاری دار چادر (۲) وہ کپڑا جس پر تسموں کی طرح ریشم کی لکیریں پڑی ہوئی ہوں (۳) صاف اور خالص سونا (۴) گٹھلی کی جھلی۔
(السِّيْرَةُ): طریقہ، عادت، سنت (۲) سوانح عمری، طرز زندگی۔
- السِّيْرَةُ النَّبَوِيَّةُ: نبی کریم ﷺ کی حیات مبارکہ کی تفصیل، واقعات اور غزوات (ج) سِيَرٌ۔
(السَّيِّرَةُ): بہت چلنے والا (مذکر و مؤنث)
(السَّيَّارُ): بہت چلنے والا (۲) آفتاب کے گرد گھومنے والے ستاروں میں سے ایک۔
(السَّيَّارَةُ): قافلہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَجَاءَتْ سَيَّارَةٌ فَأَرْسَلُوا وَارِدَهُمْ﴾ (۲) پٹرول یا ڈیزل سے چلنے والی موٹر گاڑی (محدثہ)
(المُسَيَّرُ): دھاری دار ریشم کی آمیزش والا کپڑا۔
(سَيِسَ) الحَبُّ و غَيْرُهُ ـ سَيَسًا: غلہ وغیرہ کو کیڑا لگنا۔
(السِّيْسَاءُ): ریڑھ کی ہڈی۔ کمر کی ہڈیوں کی زنجیر (۲) کمر کی ہڈی کا مہرہ یا ریڑھ کی ہڈی کا جوڑ حَمَلَهُ عَلَى سِيْسَاءِ الحقِّ: اسے حق

کے قائم کرنے پر اُبھارا (ج) سَیاسِیّ۔
(السِّیساءَۃُ): نرم زمین۔
(المِسْیاطُ) (دیکھئے سوط)
(سَیْطَرَ) علیه مسلط ہونا' قبضہ کرنا (۲) نگرانی کرنا' کنٹرول کرنا' قابو میں کرنا۔
(تَسَیْطَرَ) علیه سَیْطَرَ۔
(سَاعَ) ـِ سَیْعًا و سُیُوْعًا: ضائع ہونا (۲) ہلاک و برباد ہونا۔
-الماءُ او السَّرابُ. زمین پر پانی یا سراب کا تھرکنا۔
(أَسَاعَهُ) ضائع کرنا' ہلاک و برباد کرنا۔
(سَیَّعَ) الحائطَ و نَحْوَهُ: گارے کا پلاسٹر کرنا' لپائی کرنا (۲) چونے کا پلاسٹر کرنا۔
- الزِّقَّ والسَّفِینَۃَ: مشکے یا کشتی پر ہلکا ہلکا تارکول پھیرنا۔
-الجِلْدَ و نَحْوَهُ چمڑے وغیرہ پر چربی ملنا۔
(انْسَاعَ) الماءُ او السَّرابُ. پانی یا سراب کا چمکنا۔
-الجَمَدُ. پگھلنا اور بہنا۔
(تَسَیَّعَ) ضائع ہونا' ہلاک ہونا۔
-البَقْلُ و نَحْوُهُ ترکاری وغیرہ خوب پک جانا۔
(الأَسْیَعُ) تھرکتا ہوا پانی یا سراب۔
(السَّیَاعُ) سرو کا درخت۔ واحد سَیَاعَۃٌ (۲) بھس ملا ہوا گارا (۳) تارکول جو کشتیوں پر ملا جاتا ہے (۴) چربی جو مشکیزہ پر ملی جاتی ہے۔
(السِّیَاعُ) بھس ملا ہوا گارا (۲) سیاہ روغن تارکول جو کشتیوں پر ملا جاتا تھا (۳) چربی یا روغن (۴) معمار کی کرنی جس سے لپائی کی جاتی ہے۔
(السَّیْعُ) سطح زمین پر بہنے والا پانی۔
(السَّیْعَاءُ) و (السِّیْعَاءُ) رات کا ایک ٹکڑا۔
(المِسْیَاعُ) (دیکھئے سوع)
(المِسْیَعَۃُ) معمار کی کرنی جس سے لپائی کی جاتی ہے (ج) مَسَایِعُ۔
(سَاغَ) ـِ سَیْغًا خوش گوار و مزیدار ہونا۔
-الطَّعَامُ والشَّرابُ فی الحَلْقِ: حلق میں آسانی سے اترنا۔
-الشَّیْءُ: جائز و مباح ہونا۔ هو سَائِغٌ و سَیِّغٌ۔
-الطَّعَامَ والشَّرابَ: مزے لے کر کھانا پینا' بآسانی نگلنا۔
(أَسَاغَهُ). خوشگوار بنانا (۲) آسانی سے حلق سے اترنے والا بنانا۔
(السَّیْغُ) هذا سَیْغُ هذا: یہ اس کے مثل ہے۔
(سَافَتْ) یَدُهُ ـِ سَیْفًا: ہاتھ کی کھال کا پھٹنا (۲) ناخن کے اردگرد سے پھٹنا۔
-فُلانًا و غَیْرَهُ: تلوار مارنا۔
(سَیِفَتِ) النَّخْلَۃُ ـَ سَیَفًا: کھجور کی شاخ میں پتہ نکلنا۔
(أَسَافَ) فلانٌ تلوار گلے میں لٹکانا (۲) تلوار خریدنا (۳) ساحل پہ آنا۔
-الولدانِ: لڑکا مر جانا۔
-فلانٌ فقیر و مفلس ہونا۔
- الخَرَّازُ سلائی کا کام کرنے والا کا ٹانکے ادھیڑنا۔
-الخَرْزَ سلائی خراب کرنا (دیکھئے سوف)
(سَایَفَهُ). شمشیر زنی میں مقابلہ کرنا (۲) کسی کے ساتھ تلوار سے کھیلنا۔
(سَیَّفَ). تلوار سے نقش و نگار بنانا۔
(اسْتَافُوْا) ایک دوسرے کو تلوار مارنا (۲) ایک ساتھ تلواریں لینا۔
(تَسَایَفُوْا) استافُوْا۔
(تَسَیَّفَهُ). تلوار مارنا۔
(السَّائِفُ) تلوار والا۔
(السَّائِفَۃُ) ریت اور سخت زمین کے درمیان والی زمین (ج) سَوَائِفُ (دیکھئے سوف)
(السَّیْفُ) تلوار۔ کہتے ہیں بین فکّی فلانٍ سَیْفٌ صارِمٌ وہ آدمی تیز زبان ہے (۲) تلوار جیسی ایک مچھلی (ج) سُیُوْفٌ و أَسْیَافٌ۔
-سَیْفُ الغُرابِ ایک پھول جس کی پتیاں تلوار کی مانند باریک ہوتی ہیں۔
(السِّیْفُ). تلوار نما مچھلی (۲) دریا کا ساحل (۳) وادی کا کنارہ (ج) أَسْیَافٌ (۴) کھجور کی شاخ کی جڑ سے ملا ہوا پتے کا باریک حصہ۔
-سِیْفُ القارَّۃِ: سمندر سے متصل خشکی کا پھیلا ہوا علاقہ (ج)
(السَّیْفَانُ) لمبا اور پتلا آدمی هی سَیْفَانَۃٌ۔
(السَّیِّفَۃُ) (دیکھئے سوف)
(السَّیَّافُ) تلوار ساز (۲) شمشیر زن (۳) جلاد (سرکاری حکم سے گردن اڑانے والا) (ج) سَیَّافَۃٌ۔
-السَّیَّافَۃُ. فوج کا شمشیر زن دستہ۔
(المَسَایِفُ): قحط کے سال۔
(المُسَایَفَۃُ). شمشیر زنی' تلواروں سے ایک دوسرے پر وار کر کے کھیلنا۔ شمشیر زنی کی مشق کرنا۔
(المُسِیْفُ): تلوار لٹکانے والا۔
(المُسَیَّفُ). تلواروں کی طرح نقوش والا دھاری دار کپڑا۔
-من الدَّراهِمِ و نَحْوِهَا وہ درہم جس کا کنارہ سپاٹ اور بے نقش ہو۔ هی مُسَیَّفَۃٌ۔
(السِّیْفُوْنُ) سیفن' وہ بکس جس سے پانی دباؤ کے ساتھ نکل کر بیت الخلاء کی غلاظت کو بہاتا اور صاف کرتا ہے (د)
(سَالَ) ـِ سَیْلًا و سَیَلانًا و مَسِیْلًا و مَسَالًا: بہنا (۲) اُمنڈ آنا (۳) رواں ہونا (۴) پگھلنا (۵) ٹپکنا۔
-سَالَتِ الارضُ و نَحْوُهَا زمین میں موجود ہر چیز کا بہہ پڑنا۔
-علیه الخیلُ و غیرُهَا گھوڑوں کا چاروں طرف سے ٹوٹ پڑنا۔
- سَالَ بهم السیلُ و جَاشَ بنا البَحْرُ وہ سخت مشکل میں پھنسے اور ہم ان سے بھی سخت مصیبت میں گھر گئے۔
- الغُرَّۃُ گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا لمبا ہونا اور پیشانی اور ناک پر پھیلنا۔ هو سَائِلٌ و سَیَّالٌ۔
(أَسَالَهُ) بہانا' جاری کرنا' پگھلانا۔

-المعدِنَ: دھات کو پگھلانا۔
-جَدَّ النَّصْلِ: نیزے کے پھل کے دھار کو تیز کرنا۔
-الغازَ: گیس کو سیال نما کرنا۔ (مج)
(سَیَّلَه): بہانا، جاری کرنا۔
(تَسَايَلَ): سَالَ۔
-الكتائبُ و نحوها: فوجی دستوں کا چاروں طرف سے ٹوٹ پڑنا۔
(السَّائِلُ): بہنے والی چیز، علم کیمیاء کی اصطلاح میں مادہ کی تین حالتوں میں سے درمیانی حالت پر قائم شے جو نہ بالکل ٹھوس ہو نہ گیس کی شکل میں (ج) سَوَائِل۔ کہتے ہیں: الزَّیْتُ نوعٌ مِنَ السَّوَائِلِ۔
(السَّائِلَةُ): مونث السائِلِ (۲) رش، ازدحام۔ رأیتُ سَائِلَةً من الناس (ج) سَوَائِل۔
(السَّيَالُ): کانٹے دار درخت جس کی چھال دباغت کے لئے استعمال ہوتی ہے (۲) بہت برسنے والا بادل۔
(السَّيْلُ): سیلاب، پانی کی بہتی ہوئی بڑی مقدار (۲) بارش کی رو (ج) سُيُولٌ۔
(السَّيَلَانُ): بہاؤ (۲) اعضاء تناسلیہ کی ایک بیماری جس سے رقیق مادہ منویہ خارج ہوتا ہے اور کمزوری ہو جاتی ہے، جریان (مج)
(السِّيْلَانُ): تلوار یا چھری کا وہ سرا جو دستہ میں داخل کیا جائے۔
(المَسِيْلُ): پانی بہنے کی جگہ، نالی۔ (ج) مَسَايِلُ وَمُسُلٌ وَ مُسْلَانَ۔
(السِّيْمَافُوْرُ): ریلوے سگنل۔
(السِّيْمِيَاءُ): جادو (دیکھئے سوم)
(السِّيَةُ) من القوسِ: کمان کے مڑے ہوئے دو کناروں میں سے ایک۔ وھما سِيَتَانِ۔



(الشِّينُ). حروف تہجی کا تیرہواں حرف اس میں صفت ہمس اور رخوت پائی جاتی ہے اس کا مخرج وسط لسان ہے اور یہ حروف شجریہ میں سے ہے۔

ش ....أ

(الشُّؤْبُوبُ). ایک دفعہ کی بارش (۲) ہر چیز کی تیزی' سختی۔
-شُؤْبُوبُ الشَّمْسِ دھوپ کی تیزی۔
- شُؤْبُوبُ الفرسِ. گھوڑے کی تیز رفتاری (ج) شآبِيبُ۔
(شَئِزَ) المكانُ - شَأَزًا: بلند ہونا' سخت اور ٹھوس ہونا۔
-فلانٌ. غمگین و پریشان ہونا۔ هو شَئِزٌ
(أَشْأَزَهُ) غمگین اور پریشان کرنا۔
(إِشْتَأَزَ) بدکنا' جاگنا۔
(شَأْشَأَ) النخلة شَأْشَأَةً و شِئْشَاءً کھجور کے درخت کا بارآور ہونا۔
-فلانٌ بالحُمُرِ والغنمِ. شأشا کہہ کر بکریوں اور گدھوں کو آگے بڑھانا۔
(تَشَأْشَأَ) القومُ منتشر ہونا' بکھرنا۔
-امرُهُم آسان ہونا' کھل کر سامنے آنا۔
(شَئِفَتْ) رِجْلُهُ. پاؤں میں آبلہ پڑ جانا' هو مشؤوف۔
(شَئِفَتْ) رِجلُه - شأفًا: پاؤں میں آبلہ پڑنا۔
- الأصابعُ. انگلیوں کے ناخن کے اردگرد کا پھٹنا۔
- جسمُه بدن پر آبلہ پڑنا یا زخم ہونا۔ هو شَئِف۔
-فلانًا وله و منه شأفًا و شآفةً: کسی سے بغض رکھنا اور اس کو منحوس سمجھنا۔
(اِسْتَشْأَفَتِ) القرحةُ: زخم کا بگڑنا اور جڑ پکڑنا۔
(شَأْفُ) الجرحِ: زخم جو مندمل نہ ہو سکے۔
(الشَّأْفَةُ): وہ زخم جس کی جڑ داغ دے کر نکالی جائے (۲) بغض' دشمنی اور عداوت۔ کہتے ہیں: استاصلَ اللهُ شَأْفَتَهُ. اللہ نے اسے جڑ سے مٹا دیا۔
(شَأَمَهُم) - شَأْمًا: لوگوں کے لئے نحوست کا سبب بننا۔ شَأَمَ عليهم بھی کہتے ہیں۔
(شُئِمَ) عليهم: باعث نحوست بننا۔ هو مَشْؤُومٌ عليهم (ج) مشائِيمُ
(أَشْأَمَ): ملک شام میں جانا۔
(شَاءَمَ) بہ: کسی کو اپنی بائیں طرف لینا۔
(تَشَاءَمَ). فال لینا۔
-بہ. منحوس سمجھنا' بری فال لینا۔
(تَشَأَّمَ). ملک شام کا باشندہ بننا (۲) بائیں طرف لینا۔
-بہ فال لینا' منحوس سمجھنا۔
(الأَشْأَمُ) منحوس' نامبارک (ج) أشائِمُ۔ کہتے ہیں: أَشْأَمُ كُلِّ امرئٍ بينَ لَحْيَيْهِ: ہر آدمی کی منحوس چیز اس کی زبان ہے۔
(الشَّأْمُ) ملک شام۔
(الشُّؤْمُ) نحوست' بدشگونی۔
(الشُّؤْمَى). تانیث الأشأم۔ (۲) بائیں جیسے اليدُ الشُّؤمى۔
(الشَّأْمَةُ) بائیں جہت کہتے ہیں: نظرَ يُمْنَةً و شَأْمَةً۔
(المَشْأَمَةُ): بدشگونی' نحوست (۲) بائیں جانب' قرآن مجید میں ہے: ﴿هُمْ أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ﴾
(المُتَشَائِمُ) زندگی سے ناامید (محدثہ) (۲) بری فال لینے والا۔
(شَأَنَ) - شَأْنًا: صاحب شان و شوکت ہونا۔
-شَأْنَ فلانٍ: کسی کی پیروی و اتباع کرنا۔
(اشْتَأَنَ) شأنَهُ: کسی کی پیروی و اتباع کرنا۔
(الشَّأْنُ): حالت و کیفیت۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَمَا تَكُونُ فِي شَأْنٍ﴾ (۲) قدر و منزلت کہتے ہیں رجلٌ مِنْ ذَوِي الشَّأْنِ (۳) اہم معاملہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَإِذَا اسْتَأْذَنُوكَ لِبَعْضِ شَأْنِهِمْ فَأْذَنْ لِمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ﴾ (ج) شُؤُون۔
-شُؤُون العين: آنسوؤں کے بہنے کی جگہ۔ اس کا اطلاق ان حالات پر بھی ہوتا ہے جن کا خصوصی اہتمام کیا جائے جیسے شؤون الطلبة و شؤون العاملين۔
- وزارة الشؤون الاجتماعية: وہ وزارت جو اجتماعی احوال کی نگرانی و اہتمام کرے۔
(شَأَى) القومَ - شَأْوًا: آگے نکل جانا۔
-الشيءُ فلانًا: پسند آنا (۲) رنج پہنچانا۔
(شَاءَاهُ) آگے نکلنے میں مقابلہ کرنا۔
(تَشَاءَى) ما بينهم: آپس میں نفرت پیدا ہونا۔
-القومُ بکھر جانا' متفرق ہونا۔

(الشَّأوُ): چکر پھیرا امراؤالقیس کا شعر ہے:
اذا ما جرى شاوين و ابتلّ عِطفُهُ
تقول هزيزُ الريح مرّت باثْأَب
(۲) حوصلہ ہمت۔ کہتے ہیں: انّه بعيد الشّأوِ: وہ بلند ہمت ہے۔

ش ....ب

(شُباط): پانچواں سریانی مہینہ بمقابل فروری۔
(شَبَّ) الغُلامُ - شَبابًا: لڑکے کا جوان ہونا۔
-النّارُ - شُبُوبًا: آگ جلنا۔
-الفَرَسُ شِبابًا و شُبُوبًا: گھوڑے کا مست ہوکر اگلی ٹانگیں اٹھانا۔
-النّارَ - شَبًّا: آگ جلانا۔
-الخِمارُ والشَّعرُ لونَ المَرْأةِ: دوپٹے اور بالوں کا عورت کے حسن کو دوبالا کرنا۔
(شُبَّ) له كَذا: کسی چیز کا مہیا و میسر ہونا۔
(أشَبَّ) الغُلامُ: لڑکے کا جوان ہونا۔
-فُلانٌ: کسی کا جوان اولاد ہونا۔
-الحَيَوانُ: جانور کی نشو و نما کا پورا ہونا۔
-اللهُ الصَّبِيَّ: جوان کر دینا۔
-الفَرَسَ و نَحْوَهُ: گھوڑے وغیرہ کو ہچکانا، اکسانا۔
(شَبَّبَ) الشّاعِرُ: جوانی اور کھیل کود کو ایام کو اشعار میں یاد کرنا۔
-بفُلانةٍ: عشقیہ اشعار میں کسی عورت کے حسن و خوبصورت کو بیان کرنا۔
(اسْتَشَبَّ) على ساقَيْهِ: دونوں پنڈلیوں کو پکڑ کر اٹھنے کے لئے تیار ہونا (۲) کسی کام کے لئے جوانوں کو منتخب کرنا۔
(الشّابُّ): جوان لڑکا (ج) شُبّانٌ وهي شابَّةٌ (ج) شَوابُّ۔
(الشَّبابُ): جوانی (من بلوغ سے تیس سال تک کی عمر) (۲) ہر شے کا اولیں حصہ کہتے ہیں: لقيتُهُ في شبابِ النّهارِ (۳) التشبيب (اشعار میں عورتوں کے محاسن کا ذکر) کہتے ہیں: كان جريرٌ أرَقَّ النّاسِ شَبابًا۔
(الشِّبابُ): جس سے آگ روشن کی جائے۔

(الشَّبُّ): جوان بیل یا بھیڑ بکری۔
(الشَّبُّ): جوان (۲) ایک کیمیائی نمک (مج)
(الشَّبَّةُ): جوان لڑکی (ج) شَبائِبُ۔
-شَبَّةُ النّارِ: آگ کا شعلہ۔
(الشَّبُوبُ): جس کے ذریعہ آگ جلائی جائے (۲) زینت اور خوبصورتی کا ذریعہ۔ کہتے ہیں: هذا شَبُوبٌ لكذا: (۲) جوان بیل یا بکری۔
(الشَّبِيبَةُ): جوانی۔
(المَشْبُوبُ) رَجُلٌ مَشْبُوبٌ: ہوشیار بہادر آدمی (۲) خوبصورت (۳) خوش رنگ (ج) مشابيبُ۔
-مَشْبُوبُ الأظافِرِ: تیز ناخنوں والا۔
(الشِّبِتُّ): خوشبودار پتے جو کھانے میں ڈالے جاتے ہیں (تیج پات)
(شَبِثَ) الشّيْ و بالشّيْ - شَبَثًا: چمٹنا، لٹکنا، وابستہ ہونا۔ هو شَبِثٌ۔
(شابَثَ) الشّيْءَ: کسی چیز کے ساتھ الجھ جانا، گتھم گتھا ہو جانا۔
(تَشَبَّثَ) بالشيءِ: چمٹ جانا، لٹکنا۔
-برَأْيِهِ: رائے کو ماننا، اس پر عمل کرنا۔
(الشَّبَثُ): ایک قسم کی مکڑی (ج) أشْباثٌ و شِبْثانٌ۔
(الشَّبِثُ) رَجُلٌ شَبِثٌ: رائے پر جمے رہنے والا آدمی۔
(الشَّبِثَةُ): ہم جولی کے ساتھ ہمہ وقت رہنے والا۔
(شَبَحَ) الشّيْ - شَبْحًا: دھندلا اور ناصاف نظر آنا۔
-الجِلْدَ و غيرَهُ: چمڑے وغیرہ کو کھونٹیوں پر ٹانگنا۔
-الشَّخصَ: کوڑے مارنے کے لئے سیدھا کرنا یا زمین پر سولی دیئے ہوئے کی طرح کھڑا کرنا۔
-العُودَ: لکڑی کو برابر اور چوڑا کرنا۔
-الرَّجُلُ: دعا کے لئے ہاتھ اٹھانا، پھیلانا۔
(شَبُحَ) الرجُلُ - شَباحَةً: چوڑے سینے اور

بھرے ہوئے بازوؤں والا ہونا۔ هو مشبوح الذراعين۔
(شَبَّحَ) فلانٌ: عمر رسیدہ ہونے کی وجہ سے نگاہ کی کمزوری سے ایک چیز کا دو نظر آنا (۲) بہت دھندلا نظر آنا (۳) مانگنے پر اصرار کرنا (۴) خوب پھیلانا، خوب پھیرنا (شَبَحَ کا مبالغہ)
-الشّيْءَ: پھیلانا (۲) چوڑائی کو بڑھانا۔
(الشَّبَحُ): دور سے نظر آنے والا جسم، وجود۔
(۲) کسی چیز پر چھائیں، سایہ۔
-شَبَحُ الموت: موت کا سایہ۔
-شَبَحُ الحَرْبِ: جنگ کا نقشہ۔ (ج) أشْباحٌ و شبوحٌ کہتے ہیں: هُمْ اشباحٌ بلا ارواحٍ: وہ چلتے پھرتے بے جان سائے ہیں۔
(شَبَرَ) الثَّوْبَ و غيرَهُ - شَبْرًا: بالشت سے ماپنا۔
(شَبِرَ) - شَبَرًا: اکڑنا، اترانا۔
(شَبَّرَ) الثَّوْبَ و غيرَهُ: بالشت سے ماپنا۔
(تَشابَرَ) الفَرِيقانِ: لڑائی میں ایک دوسرے کے قریب آنا۔
(الشِّبْرُ): بالشت (ج) أشْبارٌ۔
(المَشابِرُ): نشیبی نالے جن میں ادھر ادھر سے پانی سمٹ آئے۔ واحد مَشْبَرٌ و مَشْبَرَةٌ۔
(الشَّبُّورُ): بغل (مع)
(الشَّبُّورَةُ): دوپہر کے وقت کا کہر (محدثة)
(شَبْرَقَ) شَبْرَقَةً و شِبْراقًا: ٹکڑے کر ڈالنا، دھجیاں بکھیر دینا۔ کہتے ہیں: شَبْرَقَ الثوبَ واللَّحْمَ و شَبْرَقَ البازي الصَّيْدَ
(شُبارِقٌ) ثَوْبٌ شُبارِقٌ: پھٹا پرانا کپڑا۔
لحمٌ شُبارِقٌ: مختلف طریقوں پر پکایا گیا گوشت۔
(شَبارِقُ): شُبارِقٌ۔
(الشَّبارِيقُ) ثوبٌ شباريق: پھٹا پرانا کپڑا۔
(الشِّبْرِقَةُ): کپڑا کا ٹکڑا (۲) بکھری ہوئی معمولی روئیدگی۔
(الشَّبُّوطُ): دریائے دجلہ میں پیدا ہونے والی ایک مچھلی جو درمیان سے چوڑی ہوتی ہے اس کی دم باریک اور جسم ملائم اور چکنا ہوتا

ہے (ج) شبابیط۔
(شَبِعَ)۔ شِبَعًا شکم سیر ہونا۔ کہتے ہیں: شَبِعَ طعاماً و شَبِعَ مِنَ الطّعامِ۔
-الجِسْمُ موٹا اور بھرا ہوا ہونا۔
-مِنَ الْأَمْرِ۔ اکتا جانا' طبیعت اچاٹ ہو جانا۔
هو شَبْعَان (ج) شِبَاعٌ و شَبَاعٰى وهى شَبْعٰى و شَبْعَانَةٌ (ج) شِبَاعٌ کہتے ہیں: هِىَ شَبْعَى الوشاحِ: بھرے ہوئی بھاری پیٹ والی۔
(اَشْبَعَه): پیٹ بھر دینا' شکم سیر کر دینا۔
-الثَّوْبَ وَغَيْرَهٗ: کپڑے کو خوب رنگنا۔
-السَّائِلَ: (علم کیمیاء میں) سیال شے کو مکمل طور پر حل کرنا (یعنی اس میں موجود کسی بھی چیز کو مکمل طور پر حل کر دینا) (مج)
-الشَّیْءَ: مکمل کرنا۔ جیسے اَشْبَعَ البَحْثَ و نَحْوَهٗ۔
(تَشَبَّعَ): شکم سیری کا اظہار کرنا۔
-الماءُ بِالملحِ: پانی میں نمک بالکل گھل گیا (مج)
(الشُّبَاعَةُ): شکم سیری کے بعد بچنے والی چیز۔
(الشِّبْعُ) مِن الطعامِ: سیر کرنے والا چیز' آسودگی۔
(الشُّبْعَةُ) مِنَ الطَّعَامِ: ایک دفعہ سیر کر دینے کے بقدر چیز (ج) شُبَع۔
(الشَّبِيعُ) بھرا ہوا (۲) تر (۳) پیوست۔
(شَبِقَ) الذَّكَرُ مِنَ الحيوانِ ــ شَبَقًا: نر کا کثیر الشہوت ہونا۔
(شَبَكَ) الشَّیْءُ ــِ شَبْكًا: الجھنا' جال بننا' پیچیدہ ہونا۔
-الشَّیْءَ: الجھانا' پیچیدہ بنانا۔
-اَصَابِعَهٗ: انگلیوں میں انگلیاں ڈالنا۔
(شَبَّكَ): خوب الجھانا' انتہائی پیچیدہ بنانا۔
(تَشَابَكَ) الشَّیْءُ: الجھنا' پیچیدہ ہونا۔ جیسے تَشَابَكَتِ الْأُمُوْرُ۔
(اشتبك) الجھنا' گتھم ہونا۔ جیسے اشتبك الجيشان۔ ہے
(تَشَبَّكَ) اشتبك۔

(الشَّابِكُ) طريقٌ شَابِكٌ: پیچیدہ راستہ۔ امْرٌ شابِكٌ: پر پیچ معاملہ۔
(الشَّبَّاكُ): جال سے شکار کرنے والا۔
(الشُّبَّاكُ): کھڑکی (۲) سوراخ دار کھڑکی' جنگلہ۔ (۳) سامان اٹھانے کا جال (ج) شبابیک۔
(الشَّبَكُ): کنگھے کے دندانے۔ واحد: شَبَكَةٌ۔
(الشُّبُكُ): سگریٹ پائپ (وہ پائپ جس میں تمباکو رکھ کر کش لگاتے ہیں)۔ (سگار) (د)
(الشَّبَكَةُ): شکاری کا جال' پھندا (۲) چند چیزوں کا باہم گتھم ہو جانا' سلسلۂ اشیاء جیسے شبكة المواصلات و شَبَكَةُ الكهرباء (ج) شَبَكٌ و شِبَاكٌ۔
(الشَّبْكَةُ): منگنی کا تحفہ جو لڑکے کی طرف سے لڑکی کو پیش کیا جاتا ہے (محدثہ)
(الشَّبَكِيَّةُ): آنکھ کی تلی کا عصبی پردہ جو مرئیات کو اخذ کرتا ہے (مج)
(الشَّبِيكَةُ) جالی دار کپڑا (مو)
(المُشَبَّكُ) جلیبی (مو)
(المِشْبَكُ): کپڑے وغیرہ لگانے کی چٹکی' کلپ' ہنگر (ج) (۲) سینے یا سر کا زیور (ج) مشابك (محدثہ)
(شَبَلَ) الغلامُ ــُ شُبُوْلًا: بچہ کا نعمت میں پرورش پا کر بڑا ہونا۔ هو شَابِلٌ۔
(اَشْبَلَتِ) اللَّبُوَةُ: شیرنی کا بچہ جننا۔
-المرأةُ عَلَى اَوْلَادِهَا: خاوند کے مرنے کے بعد بچوں پر شفقت کرنا اور دوسری شادی نہ کرنا۔ هى مُشْبِلٌ۔
(الشِّبْلُ): شیر کا بچہ (ج) اَشْبَالٌ۔
(شَبَمَهٗ)۔ ــُ شَبْمًا: بکری کے منہ میں لکڑی کا لمبا ٹکڑا اٹکانا تاکہ دودھ نہ پی سکے۔
(شَبِمَ) ــَ شَبَمًا: ٹھنڈا ہونا (۲) بھوک اور ٹھنڈا محسوس کرنا هو شَبِمٌ ــ مَاءٌ شَبِمٌ: ٹھنڈا پانی۔
-غَدَاةٌ شَبِمَةٌ: ٹھنڈی صبح۔ قَلْبٌ شَبِمٌ: بے حس دل۔
(الشِّبَامُ): دودھ پیتے بچے کے منہ میں ڈالی جانے والی لکڑی وغیرہ جو بچہ کو دودھ پینے سے روکتی ہے۔
-الشِّبَامَانِ برقع کے دو بند جو باندھنے کے کام آتے ہیں۔
(شَبَنَ) الغلامُ ــُ شَبْنًا: لڑکے کا پر گوشت اور جوان ہونا۔
-الشَّیْءُ: قریب ہونا۔ هُوَ شَابِنٌ۔
(الشَّبِيْنُ) (عیسائیوں کے نزدیک) دولہا یا دولہن کا خدمتگار' ہم راہی۔ مونث: شبينة (ج) شبائن و اَشَابِنَةٌ (د)
(اَشْبَهَ) الشَّیْءُ الشَّیْءَ: مشابہ ہونا' ہم شکل ہونا۔
(شَابَهَهٗ): مشابہ ہونا' ہم شکل ہونا۔
(شَبَّهَ) عليه الأمْرَ: کسی کے لئے کسی بات کو ناقابل فہم یا ناقابل حل بنا دینا۔ مبہم کر دینا۔
-الشَّیْءَ بالشیءِ: مشابہ بنانا' ہم شکل کرنا (۲) ایک چیز کا وصف دوسری چیز کے لئے ثابت کرنا۔
(شُبِّهَ) عليه ولده و كذا: غیر واضح اور مشتبہ ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿مَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ﴾
(اِشْتَبَهَ) الْأَمْرُ عليه: غیر واضح اور مشابہ ہونا۔
-فِى المَسْاَلَةِ: مسئلہ کی صحت میں شک کرنا۔
(تَشَابَهَ) الشَّيْئَانِ: دو چیزوں کا ہم شکل اور ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿اِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ عَلَيْنَا﴾
(تَشَبَّهَ) بغيره: دوسرے کی شکل وصفت اختیار کرنا' مشابہ ہونا۔
(التَّشْبِيْهُ): مشابہت' علم بیان کی اصطلاح میں ایک شے کو دوسری کے ساتھ دونوں میں مشترکہ صفت کی بنا پر لاحق کرنا۔ جیسے بہادری کی بنا پر کسی شخص کو شیر کہنا۔
- تَشْبِيْهُ المَسْجُوْنِيْنَ: قیدیوں کا حلیہ اور نشان انگوٹھا' شناخت نامہ (مج)
(الشِّبْهُ): مثل' مانند۔
(الشَّبَهُ): مثل (ج) اَشْبَاهٌ۔
(الشُّبْهَةُ): شكٌّ' التباس (۲) شریعت کی

اصلاح میں غیر واضح الحکم چیز جس کی حلت و
حرمت واضح نہ ہو (ج) شُبَہٌ۔
(الشِّبْہُ) مثل' مانند' مشابہ۔ (ج) شِبَاہٌ و
اَشْبَاہٌ۔
(المُتَشَابِہُ): وہ لفظ قرآنی جو مختلف معانی کا
احتمال رکھے۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿مِنْهُ
آيَاتٌ مُحْكَمَاتٌ هُنَّ أُمُّ الْكِتَابِ وَأُخَرُ
مُتَشَابِهَاتٌ﴾۔
(المَشَابِہُ): ملتے جلتے اوصاف۔ کہتے ہیں:
فیہ مُشَابِہُ مِنْ فلانٍ خلاف قیاس شَبَہٌ کی جمع
ہے)
(المُشَبِّهَةُ): ایک مذہبی فرقہ جو خالق کو مخلوق
سے تشبیہ دیتا ہے۔
(شَبَا) الشَّیْءُ ـُ شُبُوًّا: بلند ہونا۔
-الفَرَسُ: گھوڑے کا دو ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔
-وَجْهُهُ: چہرہ کا کسی تغیر کے بعد چمک اٹھنا۔
-النَّارَ: آگ جلانا۔
(اَشْبَی) الشَّجَرُ: درخت کا لمبا اور گھنا ہونا۔
-عَلٰی فلانٍ: مہربان ہونا' مدد کرنا۔
-فلانٌ: محتاط اور ذہین اولاد والا ہونا۔
-فلانًا: اکرام و اعزاز کرنا۔
-الاولادُ اَبَاهُمْ: اولاد کا اپنے باپ کے مشابہ
ہونا۔
(الشَّبَا): کالی (۲) اولے۔
(شَبَاةُ) الشَّیْءِ: دھار جیسے شَبَاةُ السیفِ۔
-شَبَاةُ العَقْرَبِ: بچھو کا ڈنگ (ج) شَبًا۔
(شَبْوَةُ): (غیر منصرف): بچھو کا اسم علم (کبھی
اسے الشَّبْوَةُ بھی کہتے ہیں) جاریۃ شبوۃٌ
پھرتیلی اور بہادر لڑکی یا کنیز۔

ش .... ت

(شَتِتَ) الأَشْیَاءُ: چیزوں کا بکھرنا' منتشر
ہونا۔
-الدِّیَارُ بفلانٍ: فلاں وطن سے دور ہو گیا۔
-شَتَّ بقلبِهِ الوَجْدُ: غم نے اس کے دل کو
بے چین کر دیا۔ هُوَ شَتِیْتٌ
-الاشیاءَ: بکھیرنا' منتشر کرنا۔
(اَشَتَّ) القومَ: شیرازہ بکھیرنا۔ کہتے ہیں:
اَشَتَّ بِیْ قَوْمِیْ: میری قوم نے مجھے اپنے
معاملہ میں پریشان کر دیا۔
(شَتَّتَ) الاشیاءَ: منتشر کرنا' بکھیرنا۔
(تَشَتَّتُوْا): منتشر ہونا' الگ الگ ہو جانا۔
کہتے ہیں: تَشَتَّتَ شَمْلُهُمْ: ان کا شیرازہ بکھر
گیا۔
(الشَّتَاتُ): پھوٹ' جدائی' انتشار۔
- امْرٌ شتاتٌ: بگڑا ہوا معاملہ۔ جاءَ القومُ
شَتَاتَ شَتَاتَ: لوگ الگ الگ آئے۔
(الشَّتُّ) اَمْرٌ شَتٌّ: بکھرا ہوا' بگڑا ہوا
معاملہ۔ ذَهَبُوْا اَشْتَاتًا: وہ منتشر ہو کر گئے۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿يَوْمَئِذٍ يَصْدُرُ النَّاسُ
أَشْتَاتًا لِيُرَوْا أَعْمَالَهُمْ﴾
(شَتَّانَ). اسم فعل بمعنی بَعُدَ – شَتَّانَ مَا
بینهما: ان میں بڑا فرق۔ شَتَّان بينهما اور
شتّان بینهما بھی کہتے ہیں۔
(الشُّتُوْتُ) من الناسِ: مختلف قبائل
اور خاندانوں کے لوگ۔
(الشَّتِیْتُ): متفرق' منتشر' مختلف۔
-ثَغْرٌ شَتِیْتٌ: چھدرے دانت (ج) شَتّٰی۔
- اشیاءُ شَتّٰی: مختلف اور بے جوڑ چیزیں'
قرآن مجید میں ہے: ﴿إِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى﴾
و﴿تَحْسَبُهُمْ جَمِيعًا وَقُلُوبُهُمْ شَتّٰى﴾
(شَتَرَهُ)ـِ شَتْرًا: کاٹنا۔
-ثَوْبَهُ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
-فُلانًا: زخمی کرنا۔
-الدَّاءُ عَیْنَهُ: بیماری کا پلک کو پلٹ دینا۔
(شَتِرَ)ـَ شَتَرًا: کاٹنا۔
-فلانٌ: کسی کے نچلے ہونٹ کا کٹنا (۲) آنکھ کی
پلک کا پلٹ جانا۔ شَتِرَتْ عَیْنُهُ: بھی کہتے
ہیں۔ هُوَ اَشْتَرُ وهِیَ شَتْرَاءُ (ج) شُتْرٌ۔
(شَتَّرَ) بفلانٍ: گالی دینا' برا بھلا کہنا۔
(الشِّتِّیْرُ): بہت عیب نکالنے والا بد اخلاق۔
(الشُّتْرَةُ): دو انگلیوں کے درمیان کا خلا۔
(شَتَلَ) الزَّرْعَ ـِ شَتْلًا: کسی چیز کی پود لگانا
یعنی ایک جگہ بیج ڈال کر اگانا اور پھر پودے کو
اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا (محدثہ)
(الشَّتْلَةُ): پود یا پودا جو پہلے ایک جگہ اگایا گیا
ہو اور پھر دوسری جگہ بویا جائے' نرسری پودا
(محدثہ)
(المَشْتَلُ) نرسری' پودے اگانے کی جگہ
(محدثہ)
(شَتَمَہُ)ـُ شَتْمًا: گالی دینا' برا بھلا کہنا۔
(شَتُمَ)ـُ شَتَامَةً: بدشکل ہونا۔ هو شَتِیْمٌ۔
(شَاتَمَہُ): باہم گالی گلوچ کرنا۔
(تَشَاتَمَا) ایک دوسرے کو گالی دینا۔
(الشُّتَامُ) و (الشُّتَامَةُ) بدشکل (۲) بد
اخلاق۔
(الشَّتِیْمَةُ): گالی (ج) شَتَائِمُ۔
(شَتَنَ) الثوبَ ـُ شَتْنًا: کپڑا بننا۔
هو شاتِنٌ و شُتُوْنٌ۔
(شَتَّانَ) (دیکھئے شتت)
(شَتَا) بالمکانِ ـُ شَتْوًا: کسی جگہ سردیاں
گزارنا۔
-الشِّتَاءُ: موسم سرما کا ٹھنڈا ہونا یا سخت ٹھنڈا
ہونا۔
-الیومُ: دن کا بہت ٹھنڈا ہونا۔
-السماءُ: بارش برسانا' هو شاتٍ۔
(اَشْتٰی) فلانٌ: موسم سرما میں داخل ہونا۔
-القومُ: قحط و خشک سالی آنا۔
(شَاتَاهُ) مُشَاتَاةً و شِتَاءً: کسی کے ساتھ موسم
سرما تک کا معاملہ کرنا۔ جیسے کہتے ہیں. شَاهَرَهُ
(من الشهر) ویَاوَمَهُ (من الیوم)۔
(شَتّٰی) بالمکانِ: کسی جگہ سردیاں گزارنا۔
-الشَّیْءُ فلانًا: کسی چیز کا کسی کے لئے موسم
سرما تک کافی ہونا۔
(الشِّتَاءُ): سردی' موسم سرما جغرافیائی نقطہ نظر
سے 22 دسمبر کو شروع ہو کر 21 مارچ تک رہتا
ہے۔ (۲) قحط و خشک سالی (ج) اَشْتِیَةٌ۔
(الشَّتْوَةُ): سردی' موسم سرما۔
(الشَّتَوِیُّ): موسم سرما کی بارش۔
(الشَّتِیُّ): موسم سرما کی بارش۔
(المَشْتَی) گرم مقام' سردیاں گزارنے کی
جگہ (۲) سردی کا زمانہ (ج) مَشَاتٍ۔

(المَشْتَاةُ) المَشْتی (۲) سردی کا موسم۔

ش .... ث

(شَثِنَتْ) كفُّه: ہتھیلیوں یا ہاتھوں کا موٹا اور کھردرا ہونا۔
(الشَّثْنُ) موٹا' کھردرا۔ کہتے ہیں: رَجُلٌ شثنُ الاصابع: موٹی اور کھردری انگلیوں والا آدمی۔ امرؤ القیس کا شعر:

وتعطو برخصٍ غیر شثن کانّه
اساریع ظبی او مَساویك اِسْحِلِ

ش .... ج

(شَجَبَ) فلانٌ ـُ شُجُوْبًا: ہلاک ہونا (۲) غمگین ہونا۔
-العرابُ شَجِيبًا: کوے کا اپنی آواز نکال کر جدائی کی خبر دینا۔
-فلانًا شَجْبًا: ہلاک کرنا۔
-الصَّيْدَ: شکار کو تیر مار کر گرا دینا اور حرکت کے قابل نہ چھوڑنا۔
-فلانًا غمگین کرنا۔
-الشیئُ فلانًا مشغول کر دینا۔
-الشیئَ کھینچنا۔
-اللجامَ لگام کھینچنا۔
-فلانًا عن حاجتهٖ روکنا باز رکھنا۔
-القَارُوْرَةَ بِالشِّجَابِ بوتل یا شیشی کو ڈھکن لگانا۔
-الرّأیَ والموقفَ رائے یا موقف کی مذمت کرنا۔
(شَجِبَ) ـَ شَجَبًا ہلاک ہونا (۲) غمگین ہونا۔
(اَشْجَبَه) غمگین کرنا۔
(تَشَاجَبَتِ) الامورُ امور کا گڈمڈ اور مشابہ ہونا۔
(الشَّاجِبُ) فضول اور بے تکی باتیں کرنے والا (۲) بہت کائیں کائیں کرنے والا کوا۔
(الشِّجَابُ) بوتل کا ڈھکن (۲) ہینگر' کپڑے لٹکانے کا ہینگر۔
(الشَّجَبُ) ضرورت (۲) رنج وغم (ج) شُجُوْبٌ۔
(الشَّجَبُ): بیماری وغیرہ کی تکلیف وصدمہ (ج) شُجُوْبٌ۔
(الشَّجُوْبُ) امراۃٌ شَجُوْبٌ: غمگین و پریشان عورت (ج) شُجُبٌ۔
(المِشْجَبُ): کپڑے لٹکانے کا سٹینڈ' ہینگر' کھونٹی وغیرہ (ج) مَشَاجِبُ
(شَجَّه) ـُ شَجًّا: سر یا چہرہ کو زخمی کرنا کہتے ہیں: شَجَّ راسَه و شَجَّه فی راسِهٖ او وجهِهٖ۔
-السفینةُ البَحْرَ' السابِحُ الماءَ: سمندر کے پانی کو چیرنا' طے کرنا۔
-الشَّرابَ بالماءِ: شراب میں پانی ملانا۔ کہاوت ہے (فلانٌ يَشُجُّ بيدٍ و يَاسُوْ بِاُخرٰی) ایسے شخص کے بارے میں جو برائی کے ساتھ بھلائی بھی کرتا ہو۔
(شَجَّ) ـَ شَجَجًا: زخمی پیشانی والا ہونا۔ هو اَشَجُّ وهی شَجَّاءُ (ج) شُجٌّ۔
(شَاجَّه) شِجَاجًا و مُشَاجَّةً: کسی کے ساتھ سرکوبی میں مقابلہ کرنا' ایک دوسرے کا سر توڑنا۔
(الشَّجَجُ): پیشانی پر چوٹ کا اثر۔
(الشَّجَّةُ): سر' پیشانی یا چہرہ کا زخم (ج) شِجَاجٌ۔
(الشَّجِيْجُ): پیشانی' چہرہ یا سر کے زخم والا۔
(شَجَرَ) الأمرُ بَيْنَهُمْ ـُ شُجُوْرًا: باہم کسی معاملہ کا متنازع ہونا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ﴾
-الشَّجَرَ والنَّبَاتَ شَجْرًا: درخت یا پودے کی لٹکی ہوئی شاخوں کو اوپر اٹھانا۔
-الشَّيْ باندھنا (۲) الٹی وغیرہ پر ڈالنا۔
-فُلانًا عَنِ الأمْرِ باز رکھنا' رکنا۔
(اَشْجَرَتِ) الأرْضُ: زمین کا بہت درختوں والی ہونا۔
(شَاجَرَهٗ): کسی کے ساتھ جھگڑا کرنا۔
(شَجَّرَ) النباتُ: پودے کا درخت بن جانا۔
-الأرْضَ درخت لگانا (مو)
-الثَّوْبَ ونَحْوَهٗ کپڑے وغیرہ پر بیل بوٹے لگانا۔
-النَّسَبَ و نَحْوَهٗ: شجرۂ نسب بنانا۔ نسب کو درخت کی شکل میں لگانا۔
-النَّخلَ: کھجور کے خوشہ کو ٹوٹنے کے ڈر سے شاخ پر رکھنا۔
(اشْتَجَرَ): ایک دوسرے میں گھس جانا' جیسے: اِشْتَجَرَتِ الاصَابِعُ و الرِّمَاحُ۔
-القومُ لوگوں کا باہم جھگڑنا۔
-فلانٌ: ہاتھ پر چہرہ رکھ کر کہنی کا سہارا لینا۔
(تَشَاجَرَ) الشیئُ: ایک دوسرے میں گھسنا۔ جیسے تَشَاجَرَتِ الرِّمَاحُ۔
-القومُ: باہم جھگڑنا۔
(الشِّجَارُ): چھوٹی پالکی (۲) دروازے کے پیچھے لگانے کی لکڑی جو چٹخنی کے بجائے استعمال ہوتی ہے (۳) حیوان کے منہ میں رکھی جانے والی لکڑی تاکہ اس کو دودھ پینے سے روکا جاسکے (ج) شُجُرٌ۔
(الشَّجْرُ): اختلافی بات (۲) منہ کا وہ حصہ جو زبان اور تالو کے درمیان دکھائی دے (۲) ٹھوڑی (ج) شُجُوْرٌ و اَشْجَارٌ۔
(الشَّجَرُ): درخت یعنی ایسا پودا جو مضبوط تنے پر قائم ہو لیکن کبھی اس کا اطلاق غیر مستحکم پودے پر بھی ہوتا ہے۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَ اَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ﴾ علم نباتات کے ماننے والے شجر اس پودے کو کہتے ہیں جو کافی عمر رسیدہ اور مضبوط تنے پر قائم ہو واحد' شَجَرَةٌ کہتے ہیں: هو من شَجَرٍ طيّبةٍ: وہ اچھی نسل کا ہے۔
-شَجَرَةُ النَّسَبِ: نسب نامہ۔
(الشَّجْرَاءُ): گھنا درخت (۲) گھنے درختوں والی زمین۔
(الشَّجْرِيُّ): وہ حرف جو تالو اور زبان کے ملانے سے نکلتا ہے۔ حروف شجریہ چار ہیں۔ ش' ض' ج' ی۔
(الشَّجِيْرُ) وادٍ شَجِيْرٌ: کثیر درختوں والی زمین۔ ارض شجیر بھی کہتے ہیں۔
(الشَّوَاجِرُ) موانع' رکاوٹیں۔ کہتے ہیں فلانٌ

شَجَرَتْنِی عنهُ الشَّوَاجِرُ۔
-رِمَاحٌ شَوَاجِرُ: ایک دوسرے میں گھسے ہوئے مختلف نیزے۔
(المُشَجَّرُ): بیل دار' پھولدار جیسے ثوبٌ مُشَجَّرٌ۔
(المَشْجَرُ): درختوں کے اگنے کی جگہ (٢) وہ جگہ جسے درخت گھیرے ہوئے ہوں (ج) مَشَاجِرُ۔
(المَشْجَرَةُ): المَشْجَرُ۔
(المِشْجَرُ): کپڑے لٹکانے کا لکڑی کا سٹینڈ' ہینگر۔
(شَجُعَ) ـُ شَجَاعَةً: دلیر و بہادر ہونا۔ ھو شجیعٌ (ج) شُجَعَاءُ و شِجَاعٌ وھی شجیعة (ج) شجائعُ و شِجاعٌ۔
(شَاجَعَهُ): بہادری میں مقابلہ کرنا۔
(تَشَجَّعَ): دلیر بننا' ہمت کرنا' حوصلہ کرنا۔
(الأَشْجَعُ): ہتھیلی کے اوپر کی رگ۔
(الشُّجَاعُ): بہادر' دلیر' باہمت (ج) شُجْعَانٌ و شِجْعَةٌ و ھی شُجَاعَةٌ (٢) سانپ (ج) شِجْعَانٌ۔
(الشُّجَعَةُ): انتہائی دلیر و فتح یاب۔
(الشَّجِعَةُ): امرأةٌ شَجِعَةٌ و شَجْعَاءُ زبان دراز اور مردوں پر غالب آنے والی عورت۔
(الشَّجِيعُ) رَجُلٌ شَجِيعٌ: دلیر و بہادر آدمی۔ (ج) شُجَعَاءُ و شِجَاعٌ وھی شجیعة (ج) شجائعُ و شِجَاعٌ۔
(شَجَنَتِ) الحمامةُ ـُ شجُوْنًا: کبوتری کا درد بھری آواز نکالنا۔
- الأَمْرُ فلانًا شَجْنًا: مغموم کرنا' غمناک کرنا۔
(شَجِنَ) ـَ شَجَنًا: غمگین ہونا۔ ھو شَجِنٌ۔
(أَشْجَنَ) الكَرْمُ و نَحْوُهُ انگور وغیرہ کی بیل کا شاخ در شاخ ہونا۔
-الأَمْرُ فُلانًا: غمگین کرنا۔
(تَشَجَّنَ): غمگین ہونا (٢) ماضی کی یاد سے دل گرفتہ ہونا۔

-الشَّجَرُ: درخت کا گنجان ہونا۔
(الشَّاجِنُ): گنجان درختوں والی وادی (٢) وادی کا راستہ (ج) شَوَاجِنُ۔
(الشَّجَنُ): الجھی ہوئی یا گتھی ہوئی ٹہنی (٢) حصہ' شعبہ' شاخ۔ کہاوت ہے (الحديثُ ذُوْ شُجُوْنٍ): بات لمبی اور مختلف قسم کی تفصیلات پر مشتمل ہے (٣) غم و حزن (٤) کسی بات کی دھن (ج) أَشْجَانٌ و شُجُوْنٌ۔
(الشِّجْنَةُ): گھنی ٹہنی' الجھی ہوئی شاخ (٢) گھنا درخت (٣) حصہ' شعبہ۔
(شَجَاهُ) الأَمْرُ ـُ شَجْوًا: غمگین کرنا۔
-الحَدِيثُ و نَحْوُهُ فلانًا: خوش کرنا' صدمہ پہنچانا۔
-تَذَكُّرُ الإِلْفِ: محبوب کی یاد کا کسی تڑپا دینا۔
(شَجِيَ) ـَ شَجًا: گلے میں ہڈی وغیرہ اٹکنے سے تکلیف میں مبتلا ہونا (٢) رنجیدہ و غمگین ہونا (٣) کسی کی یاد میں تڑپنا۔
-بالهَمِّ: غم میں مبتلا رہنا۔
-بِقِرْنِهِ: اپنی مقابل یا جوڑی دار سے مغلوب ہونا۔ ھو شجٍ و شَجِيَةٌ۔
(أَشْجَاهُ): مغموم کرنا' رنجیدہ کرنا (٢) زیر کرنا' مغلوب کرنا۔
-بكذا: کسی چیز کا حلق میں پھنسنا۔
(الشَّجَا): حلق میں پھنس جانے والی ہڈی وغیرہ۔
(الشَّجْوُ) غم و پریشانی (٢) ضرورت۔ کہتے ہیں: بكى فلانٌ شَجْوَهُ: اس نے گریہ زاری کی۔
(الشَّجِيُّ): غمگین' فکرمند۔ کہاوت ہے۔ (وَيْلٌ لِلشَّجِيِّ مِنَ الخَلِيِّ)

ش.........ح

(شَحَبَ) جِسْمُهُ ـُ شُحُوْبًا: بدن کا ہلکا اور بدلا ہوا ہونا' لاغر ہونا۔
-اللَّوْنُ: رنگ بدل جانا' رنگ کا پھیکا پڑ جانا ھو شَاحِبٌ۔
(شَحَثَ): مانگنا اور مانگنے میں اصرار کرنا۔
(الشَّحَّاثُ): ضدی بھکاری' فقیر۔

(شَحَجَ) البَغْلُ و الحِمَارُ ـَ شَحِيْجًا خچر اور گدھے کا آواز نکالنا۔
-الغُرَابُ: کوے کی آواز کا کرخت ہونا۔ ھو شَاحِجٌ و شَحَّاجٌ۔
(تَشَحَّجَ) صَوْتُه آواز کا کرخت و موٹا ہونا۔
(الشَّاحِجُ). خچر (٢) گدھا۔
(شَحَّ) الماءُ و نَحْوُه ـِ شَحًّا پانی وغیرہ کا کم ہونا۔
-الزَّنْدُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔
-فلانٌ بالشَّيءِ. کوئی چیز دینے میں بخل کرنا۔
-على الشيءِ: حریص ہونا ھو شحيحٌ و شَحَاحٌ۔
(شَاحَّ) فُلانًا: کسی سے لڑائی جھگڑا کرنا۔ علماء لغت کا قول ہے: (لَا مُشَاحَّةَ فِي الاصطلاح) اصطلاح میں اختلاف و اعتراض کی گنجائش نہیں ہے۔
(تَشَاحُّوا) فِي الأَمْرِ و عَلَيْهِ: کسی معاملہ میں ایک دوسرے پر فوقیت یا سبقت لے جانے کی کوشش کرنا۔
- الخَصْمَانِ: دو مقابل آدمیوں کا ایک دوسرے پر غالب آنے کی شدید خواہش رکھنا۔
(الشُّحُّ): بخل' خودغرضی' قرآن مجید میں ہے: ﴿وَأُحْضِرَتِ الْأَنْفُسُ الشُّحَّ﴾
(الشَّحَّةُ): نَفْسٌ شَحَّةٌ: انتہائی لالچی طبیعت۔
(الشَّحِيحُ): بخیل (ج) شِحَاحٌ و أَشِحَّةٌ و أَشِحَّاءُ قرآن مجید میں ہے: ﴿سَلَقُوكُمْ بِأَلْسِنَةٍ حِدَادٍ أَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ﴾ ھی شحيحةٌ (ج) شحائحُ۔
-إِبِلٌ شَحَائِحُ' کم دودھ دینے والی اونٹنیاں۔
(شَحَذَ) السَّيْفَ و نحوهُ ـَ شَحْذًا. تلوار کی دھار بنانا۔ فالسَّيْفُ شَحِيذٌ و مَشْحُوْذٌ۔
-ذِهْنَهُ: ذہن کو تیز کرنا۔
- النَّاسَ: بھیک مانگنا' اصرار اور ضد کر کے مانگنا۔
(أَشْحَذَ) السَّيْفَ و نَحْوَهُ تلوار کو تیز کرنا

(الشَّحَاذُ) بھکاری' اصرار کے ساتھ مانگنے والا۔

(المِشْحَذُ) سامان رکھنے کا پتھر یا مشین (ج) مشاحِذُ۔

(المَشْحَذَةُ) هٰذَا الكلامُ مَشْحَذَةٌ لِلفَهمِ۔ اس کلام سے سمجھ بوجھ بڑھتی ہے۔

(الشَّحْرُ) وادی کا نشیب (۲) پانی کی نالی۔

(الشُّحْرُوْرُ) طوطے جیسا ایک پرندہ جو اپنی خوبصورت آواز کی وجہ سے پنجرہ میں پالا جاتا ہے۔اس کا نرسیاہ اور مادہ کا اوپر کا حصہ گدلا اور سبز سرخی مائل ہوتا ہے۔

(شَحَطَ) المکانُ ۔ شُحُوْطاً دور ہونا۔

-فِي المُسَاوَمَةِ سودا کرنے میں حد سے گزر جانا۔

-النَّاقَةُ اونٹنی کا سینہ کی مہلک بیماری میں مبتلا ہونا۔

-الآلَةُ مشین کا تیل وغیرہ ختم ہونے کے باعث رک جانا یا رک جانے کے قریب ہو جانا۔

-القَتِيْلُ فِي الدَّمِ ج مقتول کا خون میں تڑپنا۔

-فُلَاناً شَحطاً دوڑ یا خوبی میں کسی پر فوقیت حاصل کرنا۔

-الكَرْمَةَ و غَيْرَهَا انگور وغیرہ کی بیل کو لکڑی وغیرہ کا سہارا دے کر سیدھا کرنا۔

-الإِنَاءَ برتن کو بھرنا۔

-الشَّرَابَ شراب کو پتلا کرنے کے لئے پانی اور کوئی دوسری سیال چیز ملانا۔

-اللَّبَنَ دودھ میں زیادہ پانی ملانا۔

(اَشْحَطَه) دور کرنا۔

(شَحَّطَ) فِي دَمِه و بِدَمِه خون میں تڑپانا' لت پت کرنا۔

(الشَّحْطُ) وہ لکڑی جس میں انگور کی بیل یا درخت کی ٹہنی ڈالی شاخوں کو سہارا دے کر سیدھا کیا جائے (۲) پرندے کی بیٹ (۳) خون میں آلودگی۔

(شَحَمَ) الطَّعَامَ و الخُبزَ ۔ شَحْماً چربی یا روغن ملانا۔

-القَوْمَ: چربی کھلانا۔

(شَحِمَ) ۔ شَحَماً: موٹا ہونا' چربی دار ہونا۔

-العِنَبُ: انگور کا رس کم اور چھلکا موٹا ہونا۔

-الرُّمَّانُ: انار کے دانوں کی جھلی کا موٹا ہونا۔

-إلَى الشَّحْمِ: چربی کا خواہش مند ہونا۔

(اَشْحَمَ): کسی پر چربی چڑھنا۔

-القَوْمَ: چربی کھلانا۔

(شَحَّمَ): خوب چربی ملانا (۲) موٹا کرنا۔

-الآلَةَ: مشین میں گریس ڈالنا (محدثہ)

(الشَّحْمُ) چربی (۲) گریس' مشین میں ڈالنے کا گاڑھا تیل (ج) شُحُوْمٌ۔

(الشَّحْمَةُ) چربی کا ٹکڑا۔

-شَحْمَةُ العَيْنِ آنکھ کا ڈھیلا۔

-شَحْمَةُ الأُذُنِ کان کی لو۔

-شَحْمَةُ الرُّمَّانَةِ انار کے اندر کا باریک چھلکا۔

(الشَّحِيْمُ) چربی دار' موٹا۔ رَجُلٌ شَحِيْمٌ موٹا تازہ آدمی۔

(شَحَنَ) السَّفِيْنَةَ و غَيْرَهَا ۔ شَحْناً: کشتی یا جہاز وغیرہ پر سامان لادنا۔ کہتے ہیں شَحَنَ البَلَدَ بالخيلِ شہر کو گھوڑوں سے بھر دیا۔

-فُلَاناً دھتکارنا' دور کرنا۔

(شَحِنَ) علیه ۔ شَحَناً کینہ رکھنا

(اَشْحَنَ) له بِسَهْمٍ کسی پر تیر مارنے کے لئے تیار ہونا۔

(شَاحَنَه) دشمنی کرنا' بغض رکھنا۔

(تَشَاحَنُوْا) باہم بغض وعداوت رکھنا۔

(الشَّاحِنُ) مَرْكَبٌ شَاحِنٌ لدی ہوئی سواری۔

(الشَّحْنَاءُ) کینہ' عداوت' بغض۔ (۲) کشتی یا جہاز وغیرہ میں لادا جانے والا سامان۔ (۳) وقت معین کے لئے تیار کی ہوئی خوراک۔ (۴) گھڑ سوار دستہ (۵) شہر کی پولیس (ج) شِحَنٌ۔

الشِّحْنَةُ الكهربِيَّةُ چارج کی ہوئی بیٹری (مع)

(شَحَا) فلانٌ ۔ شَحْواً: لمبے قدموں سے چلنا (۲) ٹانگیں چوڑی کرنا۔

-فِي الفِتْنَةِ: فساد پھیلانا۔

-فَمَه: منہ کھولنا۔

(شَحِيَ) فَمَه ۔ شَحْياً: منہ کھولنا۔

(تَشَحَّى) فِي الشيءِ پھیلانا' وسیع کرنا۔

-فِي السَّوْمِ قیمت زیادہ کرنا۔

-عَلَى فلانٍ کسی کے خلاف زبان کھولنا۔

(الشَّحْوَةُ) قدم' ڈگ کہتے ہیں فَرَسٌ رَغِيْبُ الشَّحْوَةِ مناسب رفتار گھوڑا۔ فَرَسٌ بَعِيْدُ الشَّحْوَةِ دراز قدم یا تیز رفتار گھوڑا۔ فلانٌ بعيدُ الشَّحْوَةِ فِي مقاصِدِه فلاں کے مقاصد بلند ہیں۔ اناءٌ واسِعُ الشَّحْوَةِ: گہرے یا چوڑے پیٹ کا برتن۔

ش.........خ

(شَخَبَ) اللَّبَنُ ۔ شَخْباً: دودھ کا تھن سے آواز کے ساتھ نکلنا۔

-الدَّمُ مِنَ الجُرْحِ زخم سے خون بہنا۔ کہتے ہیں: شَخَبَتْ اَوْداجُ القَتِيْلِ دَماً۔ مقتول کی رگوں سے خون ابل پڑنا۔

(اِنْشَخَبَ) اللَّبَنُ دودھ کا خوب نکلنا۔

-العِرْقُ دَماً رگ سے بہت خون نکلنا۔

(الأُشْخُوْبُ) دودھ دوہنے کی آواز۔

(الشَّخْبُ و الشُّخْبُ) دودھ نکالتے وقت دودھ کی ایک دھار۔ کہاوت ہے (شَخْبٌ فِي الاَنَاءِ شَخْبٌ فِي الأَرْضِ) ایک دھار برتن میں اور ایک دھار زمین پر۔ ایسے شخص کے بارے میں جو کبھی صحیح اور کبھی غلط کام کرتا ہو۔

(الشُّخْبَةُ) الشُّخْبُ (ج) شِخَابٌ۔

(شَخُتَ) ۔ شُخُوْنَةً پیدائشی طور پر پتلے جسم والا ہونا۔ هو شَخْتٌ و شَخِيْتٌ (ج) شِخَاتٌ۔

(الشَّخْتُ) پیدائشی کمزور کہتے ہیں فلانٌ شَخْتٌ (ج) شِخَاتٌ۔

-شَخْتُ العطاءِ کم فیض آدمی۔

(شَخَّ) فِي نَوْمِه ۔ شَخّاً خراٹے لینا۔

-ببوله زور کے ساتھ پیشاب کی دھار مارنا۔

(شَخَرَ)۔ شَخرًا و شَخِیرًا۔ حلق میں آواز گھمانا اور نہ بولنا۔
-الفَرَسُ گھوڑے کا ہنہنانا۔
-الحمارُ گدھے کا ڈھینچوں ڈھینچوں کرنا۔
(شَخَسَ) الامرُ ۔ شَخْسًا معاملہ کا غلط رخ اختیار کرنا۔ هو شخیسٌ۔
(تَشَاخَسَتْ) اسنانُه دانتوں کا بے ترتیب اور بے ڈھنگا ہونا۔
- مابینَ القَومِ. لوگوں میں بگاڑ و فساد پیدا ہونا۔
(شَخْشَخَ) القَشُّ و نَحْوُهٗ. پھونس وغیرہ کی آواز پیدا ہونا۔
(شَخَصَ) الشیٔ ۔ شُخُوصًا: بلند ہونا (۲) دور سے ظاہر ہونا۔
-السهمُ تیر کا نشانہ کے اوپر سے گزر جانا۔
-مِنْ بَلَدِهٖ و عنه شہر سے نکلنا۔
-الیه: لوٹنا۔
-اَمَامَهٗ: کسی کے سامنے حاضر ہونا (۲) کسی کے سامنے تصویر بن کر آنا۔
-فلانٌ بَصَرَهٗ و بِبَصَرِهٖ: ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ نگاہ کا اٹھی کی اٹھی رہ جانا۔ قرآن مجید میں ہے۔
﴿اِنَّمَا یُؤَخِّرُهُمْ لِیَوْمٍ تَشْخَصُ فِیْهِ الْاَبْصَارُ﴾۔
(شَخُصَ) فلانٌ ۔ شَخَاصَةً: بھاری بدن والا اور موٹا ہونا۔ هو شَخِیصٌ وهی شخیصةٌ۔
(اَشْخَصَ) فلانٌ: روانگی کا وقت آ جانا۔
-الرَّامِی: تیر انداز کے تیر کا نشانہ کے اوپر سے گزر جانا۔ کہتے ہیں: اَشْخَصَ سهمَه وبه۔
-فلانًا مِنْ بَلَدِهٖ. شہر یا ملک سے نکالنا۔
-فلانًا الیه کسی کو کسی کے پاس بھیجنا۔
(شَخَّصَ) الشیٔ متعین کرنا، ماسوا سے ممتاز اور جدا کرنا۔
(تَشَخَّصَ) الامرُ: متعین و ممتاز ہونا۔
(الشَّاخِصُ): نظر آنے والی شے۔ سامنے آنے والا (۲) مقرر حد کی علامت۔
(الشَّخْصُ): ہر نمایاں اور بلند جسم۔ (۲) شخص انسانی فرد فلاسفر کے نزدیک وہ ذات جو اپنا شعور رکھتی ہو اور اپنے ارادے میں مختار ہو
(ج) أشخاصٌ و شخوصٌ۔
(الشَّخْصِیُّ): ذاتی، انفرادی، ایک ذات انسانی سے متعلق۔
(الشَّخْصِیَّةُ): ممتاز ہستی، شخصیت (Personality) کہتے ہیں: فلانٌ ذُوشخصیةٍ قویةٍ ممتاز صفات، قوت ارادی کا مالک۔
-الاحوالُ الشَّخْصِیَّةُ: خاندان سے متعلق شرعی مسائل و احکام جیسے نکاح و طلاق اور میراث کے مسائل۔
-البِطَاقةُ الشَّخْصِیَّةُ: (دیکھئے: بطاقة)
(شَخِمَ) الطعامُ ۔ شَخَمًا بدبودار ہونا، خراب ہو جانا۔
-فَمُ فلانٍ منہ سے بدبو آنا۔ هو شَخِمٌ۔
(اَشْخَمَ): شَخِمَ۔
(الاَشْخَمُ) فلانٌ اَشْخَمُ الرَّأْسِ: شخص جس کے سر پر سفید بال غالب ہو۔
-شَعْرٌ اَشْخَمُ: سفید بال۔
- عامٌ اَشْخَمُ. خشک سال، بے آب و گیاہ سال۔
- روضٌ اَشْخَمُ. بے رونق باغ جس میں پودے نہ ہوں۔

ش ....د

(شَدَخَ) الغُرَّةُ. پیشانی کا سفید نشان پھیلنا۔
- الشیٔ شَدْخًا. توڑنا۔ کہتے ہیں: شَدَخَ الرَّأْسَ والحَنْظَلَ۔
-دَمَ فلانٍ کسی کا خون رائیگاں کرنا۔
(شَدَّخَهٗ) ریزہ ریزہ کرنا۔
(انْشَدَخَ) ٹوٹنا۔
(تَشَدَّخَ) ٹوٹ پھوٹ جانا۔
(الشَّدْخَةُ) ایک ضرب (۲) نرم و نازک کونپل۔
(المِشْدَخُ و المِشْدَخَةُ) توڑنے کا آلہ۔
(ج) مَشَادِخُ۔
(شَدَّ) الشیٔ ۔ شِدَّةً: سخت ہونا، مضبوط ہونا، طاقتور ہونا (۲) بھاری ہونا۔
-فلانٌ شَدًّا. دوڑنا۔
-النهارُ. دن چڑھنا۔
-علیه فِی الحَرْبِ زوردار حملہ کرنا۔
-عَلٰی قلبِهٖ ۔ شَدًّا مہر لگانا، راستہ بند کرنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَاشْدُدْ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ فَلَا یُؤْمِنُوْا حَتّٰی یَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِیْمَ﴾
-فُلَانًا: مضبوط باندھنا۔
-عَضُدَهٗ بازو باندھنا۔
-عَلٰی یَدِهٖ: ہاتھ مضبوط کرنا، مدد کرنا۔
-العُقْدَةَ گرہ مضبوط کرنا۔
-رِحَالَهٗ سفر کے لئے تیار ہونا۔
-مِئْزَرَهٗ: کوشش کرنا، محنت سے کام کرنا۔
-الحَبْلَ و نَحْوَهٗ. رسی وغیرہ کو پھیلانا، کھینچنا۔
-لَشَدَّ مَاجَنٰی و شَدَّ مَاجَنٰی اس نے بڑا سنگین جرم کیا۔ (بطور تعجب کے مستعمل ہے)
(اَشَدَّ) الفَتٰی: عقل و عمر میں کمال کو پہنچنا (۲) طاقتور سواری والا ہونا۔ حدیث میں ہے (لَن یشادَّ الدین احد الّا غلبه)
(یَرُدُّ مُشِدُّهُمْ عَلٰی مُضْعِفِهِمْ)۔
(شَادَّهٗ) مُشَادَّةً و شِدَادًا غالب آنا۔
- فی الأمرِ مبالغہ کرنا، تخفیف نہ کرنا۔ حدیث میں ہے (لَنْ یُشَادَّ الدّین احد الّا غلبهٗ)
(شَدَّدَ): بہت مضبوط کرنا (۲) زور سے باندھنا۔
-الشیٔ. مضبوط و مستحکم کرنا۔
-الحرفَ. مشدد کرنا، حرف کو حرف میں ملانا۔
(اِشْتَدَّ): مضبوط اور زیادہ ہونا، سخت ہونا۔ جیسے اشْتَدَّ مرضُه واشْتَدَّ به المرضُ واشتدَّ علیه فِی الأمْرِ۔
-فِی عَدْوِهٖ: تیز دوڑنا۔
-النَّهارُ. دن چڑھنا۔
-السِّعْرُ نرخ بڑھنا۔
-اللَّبَنُ و نَحْوُهٗ دودھ وغیرہ کا جم جانا، پنیر بن جانا۔
(تَشَادَّا). باہم زور آزمائی کرنا۔

(تَشَدَّدَ)فِي الْأَمْرِ تشدد کرنا' سختی برتنا' نرمی نہ کرنا (۲) بخل کرنا۔
(الْأَشُدُّ) بلوغ۔ عمر وعقل کی پختگی۔ کہتے ہیں بَلَغَ أَشُدَّهُ مرد کامل ہونا۔قرآن مجید میں ہے ﴿وَلَمَّا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَ اسْتَوٰى اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّ عِلْمًا﴾ و ﴿وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ أَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ أَشُدَّهُ﴾ یہ لفظ صرف جمع ہی مستعمل ہے۔
(الشِّدَادُ) رسی وغیرہ جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔
(الشَّدُّ) کشش' بندش' کہتے ہیں: لا يقوى على شدٍ ولا إرخاءٍ وہ کچھ نہیں کرسکتا۔
- اتا نَاشَدَّ النَّهَارِ و شَدَّ الضُّحٰى وہ ہمارے پاس دن چڑھے آیا۔
(الشَّدَّةُ) زوردار حملہ (۲) تشدید' شین کے سرے جیسی ایک علامت جو تضعیف حرف پر دلالت کرتی ہے۔
(الشِّدَّةُ) سختی' دباؤ' مصیبت و پریشانی۔
-شِدَّةُ الْعَيْشِ زندگی کی تنگی۔
(الشَّدِيْدُ) طاقتور' مضبوط (۲) سخت' بہادر۔
-شديدُ القُوٰى عظیم قدرت والا۔قرآن مجید میں ہے ﴿عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى﴾
-عِطْرٌ شَدِيْدُ الرَّائِحَةِ تیز خوشبو کا عطر۔
-شديدُ العين بہت بیدار شخص جسے نیند نہ آتی ہو (ج) شِدَادٌ و أَشِدَّاءُ و هُنَّ شِدَادٌ و شدائد۔
-الشديدُ فِي الْأَصْوَاتِ وہ آواز جو مخرج پر تھوڑے وقفہ کے لئے بند ہو جاتی ہے جیسے دال اور تا وغیرہ کی آواز۔
(المِشَدُّ) عورت کا کمر پر باندھنے کا کپڑا (مو)
(شَدْلَه)۔ شَدْلًا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
(شَدِفَ) ـَ شَدَفًا حد سے زیادہ خوش ہونا' جھومنا (۲) غرور سے منہ ٹیڑھا کرنا۔ هو أَشْدَفُ وهي شَدْفَاءُ (ج) شُدْفٌ۔
(تَشَادَفَ) مڑنا' بل کھانا۔

(الْأَشْدَفُ): بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا (Left Hander)۔
(الشَّادُوْفُ) آب پاشی کا بڑا ڈول جو بڑی بلی میں بندھا ہوتا ہے اور اس کے ذریعہ نہر وغیرہ سے پانی اٹھا کر سیراب کیا جاتا ہے۔
(الشُّدْفَةُ) ٹکڑا' حصہ' قطعہ (ج) شُدَفٌ۔
(شَدِقَ) ـَ شَدَقًا: چوڑی باچھوں والا ہونا' بڑے جبڑے والا ہونا۔ هو أَشْدَقُ وهي شَدْقَاءُ (ج) شُدْقٌ۔
(تَشَدَّقَ) چبانے کے لئے جبڑے ہلانا (۲) عمدہ گفتگو کے لئے باچھوں کو موڑنا۔
(الأَشْدَقُ) خطيبٌ أَشْدَقُ: بلند آواز پرزور خطیب۔
-شفة شدقاءُ چوڑی باچھوں والا ہونٹ۔
(الشِّدْقُ): گوشہ دھن' باچھ' جبڑا (ج) أَشْدَاقٌ و شُدُوْقٌ۔
(الشَّدْقَمُ) چوڑی باچھوں والا۔
(شَدَنَ) الظَّبْيُ ـُ شُدُوْنًا: ہرن کا بڑا ہو کر ماں سے الگ ہو جانا۔ هو شادِنٌ۔
(أَشْدَنَتِ) الظَّبْيَةُ و نَحْوُهَا: ہرنی کا جوان بچے والی ہونا۔ هي مُشْدِنٌ (ج) مَشَادِنُ۔
(الشَّادِنُ) ہرنی کا جوان بچہ (ج) شَوَادِنُ۔
(شَدَهَ) فُلَانًا ـَ شَدْهًا حیران کر دینا۔
(شُدِهَ) حیران و پریشان رہ جانا۔
(أَشْدَهَهُ) حیرت میں ڈالنا۔
(انْشَدَهُ) حیران ہونا' متحیر ہونا۔
(الشُّدَاهُ) حیرت' حواس باختگی۔
(المَشَادِهُ) حیران کن امور' مشاغل۔ واحد مَشْدَهَةٌ۔
(شَدَا)ـُ شَدْوًا گانا' سر نکالنا۔
-بالشِّعْرِ ترنم سے شعر پڑھنا۔
-من الادب و العلم علم و ادب حاصل کرنا۔
-شَدْوَ فلانٍ نقل اتارنا' کسی کی مشابہت اختیار کرنا۔
(الشَّادِي) گویا' حدی خواں' گانا گانے والا (۲) علم و ادب کا طالب (ج) شُدَاةٌ۔
(الشَّدَا) قدرے طاقت۔ کہتے ہیں: لَمْ يَبْقَ

مِنْ قُوَّتِهِ إِلَّا شَدًا اس میں معمولی رمق رہ گئی ہے (۲) ہر چیز کی حد' کنارہ۔
(الشَّدْوُ): بہت تھوڑی سی مقدار کہتے ہیں أَخَذَ شَدْوًا مِنَ المالِ۔

ش.........ذ

(شَذَبَ) اللِّحَاءَ ـِ شَذْبًا چھال اتارنا۔
-العُوْدَ: شاخ کی ٹہنیاں صاف کرنا تاکہ اس کی چھال اُتاری جاسکے۔
-عَنْ فلانٍ دفاع کرنا' شر دور کرنا۔
(شَذَّبَ) اللحاءَ والعُوْدَ والشَّجَرَ کاٹنا' تراشنا' چھلنا۔ کاٹ تراش کر عمدہ بنانا۔
- الشيئَ: بکھیرنا' منتشر کرنا۔ شَذَّبَ المالَ مال کو تباہ و برباد کرنا۔
-فُلَانًا عَنِ الشَّيْءِ ہٹانا' دھتکارنا۔
(تَشَذَّبَ) القومُ منتشر ہونا۔
(الشَّاذِبُ) پردیسی' مسافر (۲) مایوس' ناامید۔
(الشَّذَبُ) کاٹ تراش کر پھینکی جانے والی چیز (۲) ہر شے کا باقی ماندہ حصہ۔ کہتے ہیں فِي الارضِ شَذَبٌ مِنَ الكَلَأِ زمین میں کچی گھاس ہے (ج) أَشْذَابٌ۔
(الشَّذِبُ) رَجُلٌ شَذِبُ العُرُوْقِ نمایاں اور اُبھری ہوئی رگوں والا آدمی۔
(المِشْذَبُ) کاٹ تراش کا آلہ' بڑی قینچی (ج) مَشَاذِبُ۔
(شَذَّ) ـِ شُذُوْذًا: الگ تھلگ ہونا' تنہا رہ جانا۔
-عن الجماعةِ جماعت سے الگ ہو جانا۔
- الكلامُ کلام کا قاعدہ اور قیاس کے مخالف ہونا۔ یعنی شاذ ہونا۔
(أَشَذَّ) فلانٌ نئی اور نامانوس بات کرنا۔
-الشَّيْءَ دور کرنا۔
-القَوْلَ نئی اور نامانوس بات کہنا۔
(الشَّاذُّ): خلاف قیاس' خلاف اصول' خلاف معمول (۲) اجنبی' منفرد و علیحدہ معمولی (۳) کم یاب' نادر الوجود (۳) نامناسب طرز عمل (۴) نامانوس طرز (ج) شَوَاذُّ۔

(شَذَّرَ)العِقدَ و نَحوَہٗ ہار وغیرہ میں موتیوں کے درمیان سونے وغیرہ کے ٹکڑے لگانا۔
-الأدیبُ کلامَہٗ بالشِّعرِ ادیب کا کلام میں شعر لانا۔
(تَشَذَّرَ)القومُ باہم اختلاف کرنا اور ہر ایک کا اپنی اپنی راہ لینا۔
-فلانٌ لڑائی یا فساد کے لئے تیار رہنا۔
-الرجُلُ غصہ ہونا (۲) مستعد ہونا۔
(الشَّذْرُ) کان (معدن) سے چنے جانے سونے کے ٹکڑے (۲) وہ مہرے یا منکے جو فاصلہ کے لئے ہار کے موتیوں کے بیچ میں پروئے جائیں (۳) چھوٹے موتی۔ واحد شَذْرَۃٌ (ج)شُذُورٌ و شَذَراتٌ۔
(شَذَرَمَذَرَ) تفرَّقوا شَذَرَ مَذَرَ وہ الگ الگ سمتوں میں منتشر ہوگئے، تتر بتر ہوگئے۔
(شَذَا)المِسکُ ـُ شَذْواً: مشک کا تیز خوشبو اور مہکنا۔
-فُلانٌ: مشک بطور خوشبو استعمال کرنا۔
(أشذاہُ)عنہ ہٹانا، دور کرنا۔
(الشَّذْوُ): مشک (۲) مشک کی خوشبو (۳) مشک کا رنگ۔
(الشَّذا) تیز مہک (۲) عود کے ریزے جن سے خوشبو حاصل کی جائے۔
(الشَّذاۃُ) طاقت وسختی کا بقیہ۔

ش ...... ر

(اِشْرَأَبَّ)الیه وله اشرئباباً و شُرَئْبِبَۃً گردن لمبی کرنا یا بلند کرنا تاکہ کسی چیز کو دیکھ سکے۔
(شَرِبَ)الماءَ و نحوَہٗ ـَ شُرْباً: پینا، ہو شارِبٌ (ج)شاربون و شَرَبَۃٌ۔
-السُّنبُلُ الدَّقیقَ: گندم کے دانوں کا سخت اور پکنے کے قریب ہوجانا۔
(أشْرَبَ)الرَّجُلُ: کسی کے اونٹوں کے پانی پینے یا کھیتی کے سیراب ہونے کا وقت آنا (۲) سیراب ہونا۔
- فُلاناً: سیراب کرنا، پلانا کہتے ہیں: (أشْرَبَنِي مَا لَمْ أشْرَبْ): اس نے میرے متعلق وہ باتیں کیں جو میں نے نہیں کیں۔
-اللّونَ رنگ کو گہرا کرنا۔
-اللّونَ و غیرَہٗ رنگ میں دوسرا رنگ ملانا جیسے أشرَبَ البَیاضَ حُمْرَۃً۔
(۲) بھرنا، راسخ کرنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَأُشْرِبُوا فِي قُلُوبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ﴾
(شارَبَہٗ)مُشارَبَۃً و شِراباً کسی کے ساتھ پینا۔
(شَرَّبَ) قَصَبُ الزَّرْعِ گنے میں پانی دوڑنا۔
-فلاناً پلانا۔
(تَشَرَّبَ) الماءَ و نَحوَہٗ: آہستہ آہستہ چوسنا۔ کہتے ہیں تَشَرَّبَ الثَّوبُ العَرَقَ والصِّبغَ کپڑے کا پسینہ یا رنگ کو جذب کرنا۔
(استَشرَبَ)اللّونُ رنگ کا تیز کرنا۔
(اِشْرَأَبَّ) الیه وله اشرئباباً: (دیکھئے اشرأب)
(الشَّارِبُ): پینے والا (ج)شُرّابٌ
(۲) مونچھ اس کی دونوں طرفوں کو "شاربان" کہتے ہیں۔ (ج)شَوارِبُ۔
(الشّارِبَۃُ): تانیث الشّارب (۲) دریا کے کنارے بسنے والی قوم جو پانی میں تصرف کرتی ہو۔
(الشَّرابُ): پینے کی چیز، مشروب (ج) أشرِبَۃٌ۔
(الشَّرْبُ): ساتھ مل کر پینے والے لوگ۔
(الشِّربُ): پینے کا پانی (۲) پانی کا حصہ (۳) پانی پینے کا وقت۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿لَهَا شِرْبٌ وَلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَعْلُومٍ﴾
(۴) دریا کا گھاٹ (ج)أشراب۔
(الشَّرْبَۃُ): ایک دفعہ کا پینا (۲) ایک گھونٹ۔
(الشُّرْبَۃُ): چہرے کی سرخی۔ (۲) سیرابی کے بقدر پانی (۳) سوپ یخنی (مو) (ج)شُرَبٌ
(الشَّرَبَۃُ): پینے کی زیادتی (۲) پیاس۔ کہتے ہیں: لَم تَزَلْ بہ شَرَبَۃٌ هٰذا الیَومَ: آج وہ پیاسا رہا۔ یَومٌ ذُو شَرَبَۃٍ: سخت گرمی اور پیاس کا دن جس میں کثرت سے پانی پیا جائے (۳) درخت کے اردگرد کا گڑھا جس میں پانی بھرا جائے (ج)شَرَبٌ۔
(الشَّرِبَۃُ) بہت پینے والا۔
(الشِّرِّیبُ) پینے کا شوقین۔
(الشَّرُوبُ) بہت پینے والا (۲) وہ پانی جو شیریں نہ ہونے کی بنا پر مجبوراً پیا جائے (ج) شُرُبٌ۔
(الشَّرِیبُ) الشَّرُوبُ (۲) پینے کا ساتھی، ہم نوش۔
(المَشْرَبُ): پانی پینے کی جگہ۔ قرآن مجید میں ہے۔ ﴿قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَشْرَبَهُمْ﴾
(۲) مشروب۔ مَشْرَبُ الرَّجُلِ دل کا میلان و خواہش۔ کہتے ہیں هم قومٌ اختلفت مشاربهم ان لوگوں کے رجحانات و خواہشات الگ الگ ہیں۔
(المَشْرَبَۃُ) پانی پینے کی جگہ (۲) سدا بہار زمین۔ طَعامٌ مَشْرَبَۃٌ بہت پیاس لگانے والا کھانا (ج)مَشارِبُ۔
(المِشْرَبَۃُ) پینے کا برتن (ج)مَشارِبُ۔
(شَرِتَتْ)یَدُہٗ او رجلُہٗ ـَ شَرَتاً کھال کا موٹا ہوا اور پھٹ جانا۔
-النَّعلُ جوتا ٹوٹ جانا۔ ہو شَرِتٌ۔
(انْشَرَتَتْ)یَدُہٗ کھال کا کھردرا ہونا، پھٹ جانا۔
(الشَّرِتُ) دھاردار تلوار وغیرہ۔
(شَرَجَ)الشیءَ ـُ شَرْجاً اجزاء کو باہم ملانا۔
-اللَّبِنَ و نحوَہٗ اینٹوں کو تہ بہ تہ لگانا۔
-العَیْبَۃَ بکس وغیرہ کی جالی یا تھیلے کے منہ کو ڈورے سے کس کر باندھنا۔
-الشَّرابَ بالماءِ شراب یا شربت میں پانی ملانا۔
(شَرِجَ)الجسمُ ـَ شَرَجاً جسم کا موٹا اور گٹھا ہوا ہونا۔
(أشْرَجَ)العَیبَۃَ و الخِباءَ تھیلے یا خیمے کے تسمے باندھنا۔
- صَدْرَہٗ علی کذا. دل میں کوئی بات چھپانا۔

(شَرَّجَ) اچھی طرح جوڑنا خوب ملانا۔
-الثَّوْبَ دور دور ٹانکے لگانا۔ بڑی سلائی لگانا
(انْشَرَجَ) دو ٹکڑے ہونا۔
(تَشَرَّجَ) اللَّحْمُ بالشَّحْمِ: ایک دوسرے میں داخل ہو جانا۔
(الشَّرْجُ) اوپر سے بہہ کر آنے والا نالہ (۲) گروہ فرقہ جماعت۔ کہتے ہیں أصبحوا في هذا الأمرِ شَرْجَيْنِ اس معاملہ میں دو گروہ ہو گئے (ج) شِراجٌ۔
(الشَّرَجُ) خیمہ یا بڑے تھیلے کا کاج نما پھندا جس میں ڈوری ڈال کر باندھتے ہیں (۲) دبر کا حلقہ۔
-شَرَجُ الوادی وادی کا کشادہ حصہ (ج) أَشْراجٌ۔
(الشَّرِيجُ) چیری ہوئی لکڑی کا ایک حصہ۔
-الشَّرِيجَانِ ہر شے کے دو مختلف رنگ۔
(الشَّرِيجَةُ) کھجور کے پتوں کا بنا ہوا بڑا ٹوکرا (۲) کبوتروں کا بڑا پنجرا (ج) شرائجُ۔
(شَرْجَعَ) الخَشَبَةَ المُرَبَّعَةَ حروف کند کرنا۔
(الشَّرْجَعُ) لمبا (۲) میت جنازہ۔
(المُشَرْجَعُ) بہت لمبا۔
(شَرَحَ) اللحمَ - شَرْحًا گوشت کی بوٹیاں بنانا۔
-الشئَ پھیلانا وسعت دینا۔
-صدرَہُ بالأمرِ دل مطمئن ہونا۔
-لہ کسی چیز کے لئے شرح صدر کروانا۔ قرآن مجید میں ہے
﴿فَمَنْ يُرِدِ اللَّهُ أَنْ يَهْدِيَهُ يَشْرَحْ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ﴾
-الکلامَ کلام کو واضح کرنا کلام کی تفسیر کرنا۔
(شَرَّحَ) اللحمَ گوشت کی بوٹیاں بنانا۔
-الجثَّةَ پوسٹ مارٹم کرنا علم طب میں تحقیق کے لئے لاش کی چیر پھاڑ کرنا۔
(انْشَرَحَ) لازم شرح کھلنا واضح ہونا۔ کہتے ہیں انشرحَ صَدْرُہُ لکذا اس کا دل اس بات سے کھل گیا۔

(التَّشْرِيحُ) عِلْمُ التَّشْرِيحِ: وہ علم جس کے ذریعہ اعضاء والے اجسام کو چیر پھاڑ کر ان کے گوشت کی طبی تحقیق اور معائنہ کیا جاتا ہے۔
(الشَّرِيحَةُ): باریک لمبا ٹکڑا پارچہ (ج) شَرائِحُ۔
(المَشْرَحَةُ): چیر پھاڑ یا پوسٹ مارٹم کی میز (۲) پوسٹ مارٹم کا کمرہ (محدثہ)
(شَرَخَ) الصبيُّ - شُرُوخًا: بچہ کا جوان ہو جانا۔
-نابُ البعيرِ شَرْخًا: اونٹ کا دانت نکلنا۔ هُوَ شارِخٌ (ج) شَرْخٌ و شُرَّخٌ۔
(الشَّرْخُ) اصل (۲) رگ (۳) ہڈی کی ترخ کریک (۴) دیوار کا شگاف (محدثہ)
(شَرَدَ) البعيرُ وغيرُہ - شُرُودًا و شِرادًا: اونٹ کا بھاگ جانا اور قابو میں نہ آنا۔
- عَنِ الطَّرِيقِ: راستہ سے ہٹ جانا۔ هو شارِدٌ و شَرُودٌ۔
-فلانٌ آوارہ ہو جانا۔
(أَشْرَدَہُ) آواز کرنا (۲) شہر بدر کرنا۔
(شَرَّدَہُ) آوارہ کرنا۔
- القَوْمَ منتشر کرنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿فَشَرِّدْ بِهِمْ مَنْ خَلْفَهُمْ﴾
(تَشَرَّدُوا) جدا ہونا منتشر ہونا۔ کہتے ہیں تَشَرَّدُوا فِي الأرضِ وہ زمین میں پھیل گئے۔
(الشَّارِدُ) رجلٌ شاردُ العينِ بدنظر آدمی جو دوسروں کی چیزوں میں کھویا رہتا ہو۔ هي شارِدَةٌ۔
-قصيدةٌ شاردةٌ مشہور و معروف نظم (ج) شَوارِدُ۔
-شواردُ اللغةِ اجنبی و نامانوس الفاظ۔
(الشُّرُودُ) شُرُودُ الذِّهْنِ آنے والے حالات و معاملات سے بے توجہی کی کیفیت ذہنی انتشار (محدثہ)
(الشَّرِيدُ) آوارہ جس کا ٹھکانہ کوئی نہ ہو۔
(المتشرِّدُ) آوارہ ٹھوکریں کھاتا پھرنے والا (محدثہ)

(الشِّرْذِمَةُ). ٹکڑا حصہ قطعہ کہتے ہیں شِرْذِمَةٌ مِنَ النَّاسِ: لوگوں کی چھوٹی جماعت۔ قرآن مجید میں ہے۔ ﴿إِنَّ هَؤُلَاءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيلُونَ﴾ (ج) شَرَاذِمُ کہتے ہیں۔ ثوبٌ شَرَاذِمُ و ثيابٌ شراذِمُ پھٹے پرانے کپڑے۔
(شَرَّ) فلانٌ ـُ شَرًّا و شِرَّةً شر کی طرف مائل ہونا (۲) فساد مچانا۔
-فلانًا ـُ شَرًّا: بدنام کرنا عیب لگانا۔
-الثَّوْبَ او اللَّحْمَ و نحوهما. کپڑے یا گوشت کو سکھانے کے لئے پھیلانا۔
(أَشَرَّ) الشئَ: پھیلانا ظاہر کرنا۔ کہتے ہیں أَشَرَّ الثَّوْبَ او اللحمَ و نحوهما کپڑے یا گوشت وغیرہ کو سکھانے کے لئے پھیلانا اسی سے ہے:
"وحتىٰ أُشِرَّتْ بالأكفِّ المصاحفُ"
-فلانًا کسی کو برا قرار دینا۔
(شَارَّ) فُلانًا کسی سے جھگڑا کرنا۔
(الإِشْرَارَةُ) گوشت وغیرہ سکھانے کا کپڑا یا چٹائی (۲) سوکھے گوشت کا ٹکڑا (ج) أَشارِيرُ۔
(الشَّرَارُ) چنگاریاں (۲) بجلی کا سوئچ وغیرہ دبانے سے نکلنے والی چنگاری۔ واحد: شرارةٌ (ج)
(الشَّرَرُ) الشَّرارُ۔ واحد شَرَرَةٌ۔ قرآن مجید میں ہے ﴿إِنَّهَا تَرْمِي بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ﴾
(الشَّرُّ) برائی اور خرابی فساد (ج) شُرُورٌ
- رَجُلٌ شَرٌّ برا اور شرارتی آدمی (ج) شِرارٌ و أَشرارٌ کہتے ہیں هو شرُّ الناسِ و هي شرُّ الناسِ و شَرَّةُ الناسِ و شُرّاهُنَّ۔
(الشِّرَّةُ) تیزی۔ کہتے ہیں اعوذ باللہ من شرّةِ الغضب (۲) پھرتی چستی۔ کہتے ہیں للشباب شِرَّةٌ۔
(الشِّرِّيرُ) بہت زیادہ شر والا۔
(شَرَزَ) الشئَ ـِ شَرْزًا کاٹنا۔
(أَشْرَزَہُ) اللہُ مصیبت میں پھنسانا۔
(شَارَزَہُ) دشمنی رکھنا جھگڑا کرنا۔

(شَرَّزَهُ): سزا دینا (۲) گالی دینا۔
-الشَّیْءَ اجزاء کو جوڑنا۔
(الشَّرْزُ): برائی، شر (۲) موٹاپا (۳) سختی و قوت (۴) سخت و مضبوط۔ کہتے ہیں عَذَّبَهُ اللهُ عذاباً شرزاً۔
(المُشَارِزُ): بد اخلاق (۲) سخت مزاج، لڑاکا۔
(شَرَسَ) الجلدَ ـُ شَرْسًا: رگڑنا، ملنا۔
-صاحبَهُ: اپنی ساتھی سے سخت کلامی کرنا۔
-الدَّابَّةَ: جانور کو سدھانا۔
(شَرِسَ) ـَ شَرَسًا و شَرَاسَةً: بد اخلاق اور جھگڑالو ہونا۔ کہتے ہیں: شَرِسَ خُلُقُهُ و شَرِسَتْ نفسُه هو شَرِسٌ و اشرسُ وهی شَرِسَةٌ و شَرْساءُ (ج) شُرُسٌ۔
(شَرُسَ) ـُ شَرَاسَةً: شَرُسَ هو شَرِيْسٌ و هی شرِيسَةٌ۔
(شَارَسَه) مُشَارَسَةً و شِرَاسًا: تنگ کرنا، بد سلوکی کرنا۔
(تَشَارَسَ) القومُ: باہم دشمنی اور مخالفت رکھنا۔
(الإِشْرَاسُ): گوند، سریس، چپکانے کا مادہ۔
(الشِّرَاسُ): سریس، چپکانے کا مادہ۔
(الشَّرِيْسُ): بد اخلاق (۲) جھگڑالو، لڑاکا (۳) بے مزہ چیز۔
(الشُّرْسُوْفُ): پیٹ سے ملا ہوا پسلیوں کا کنارہ (ج) شَرَاسِيفُ۔
(شَرْشَرَ) الماءُ نَحْوُهُ: پانی وغیرہ کا ٹپکنا۔
- السكّينَ و نحوَها: دھار دار بنانا (۲) دندانے بنانا (محدثہ)
-الشیَ: منہ سے کاٹ کر پھینک دینا۔
(الشَّرَاشِرُ): بازوؤں کے کنارے (۲) پورا بدن۔ واحد شُرْشُرَةٌ۔ کہتے ہیں: القی علیه شَرَاشِرَهُ کسی پر اپنا سارا بوجھ اور سارے غم ڈال دینا۔
(الشَّرْشَرُ) شِوَاءٌ شَرْشَرٌ: ایسا بھنا ہوا گوشت جس سے روغن ٹپکتا ہو۔
(الشُّرْشُرَةُ): چھوٹی درانتی (مو)

(الشُّرْشُرَةُ): ٹکڑا، حصہ، قطعہ (ج) شَرَاشِرُ۔
(الشُّرْشُوْرُ): چڑیا جیسا ایک چھوٹا پرندہ۔
(شَرَطَ) الجلدَ و نحوَهُ ـِ شَرْطًا: پھاڑنا، چیرنا، نشتر لگانا۔
-له امراً: شرط کا پابند ہونا۔
-علیه امراً: لازم کرنا، شرط کا پابند کرنا۔
(شَرِطَ) فلانٌ ـَ شَرَطًا: کسی اہم کام میں پڑنا۔
(أَشْرَطَه): نشانی یا علامت لگانا۔
-نفسَه لِکذا: خود کو کسی کام کے لئے مقرر و تیار کرنا۔
-نفسَه و مالَه فِي کذا: کسی کام کے لئے اپنا جان و مال پیش کرنا۔
-الرَّسُوْلَ اِلٰی فلانٍ: کسی طرف بعجلت قاصد بھیجنا۔
- فلاناً لعملٍ کذا: کام مہیا کر کے اس پر لگانا۔
(شَارَطَه) عَلٰی کذا: کسی سے کسی بات کی شرط لگانا۔
(اشْتَرَطَ) علیه کذا: کسی سے شرط لگانا۔
-القومُ کذا: لوگوں کا باہم کوئی علامت مقرر کرنا۔
(تَشَارَطَا) عَلٰی کذا: باہم شرط لگانا۔
(تَشَرَّطَ) فِي عَمَلِهِ: کام میں مہارت اور عبور دکھانا۔
(الشَّرْطُ): بیع وغیرہ میں لزوم و پابندی کی لگائی جانے والی قید جس کی پابندی ضروری ہو ۲) فقہ اسلامی کی روشنی میں وہ قید جس کے بغیر کوئی چیز مکمل نہ ہو لیکن اس کی حقیقت سے خارج ہو (۳) نحویوں کے نزدیک ایک بات کا بذریعہ حرف شرط دوسری بات پر موقوف و مبنی ہونا۔ أَدَوَاتُ الشَّرْطِ: وہ الفاظ جو کلام عرب میں شرط کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ جیسے اِنْ و مَنْ و مهما وغیرہ (ج) شروطٌ۔
(الشَّرَطُ): علامت نشانی (ج) أَشْرَاطٌ قرآن مجید میں ہے۔ ﴿فقد جاءَ اشراطها﴾

-الشَّرَطَانِ: دو ستارے جن کو قَرْنَا الحَمَل کہا جاتا ہے اور بہار کے شروع میں ظاہر ہوتے ہیں۔
(الشُّرْطَةُ): پولیس۔ واحد: شُرْطِيٌّ و شُرَطِيٌّ۔
- صاحبُ الشُّرْطَةِ پولیس افسر۔
(الشَّرِيْطُ): تسمہ، ٹیپ، فیتا۔ (۲) چراغ وغیرہ کا فتیلہ (مو) (۳) مضبوط بٹی ہوئی رسی (۴) زنانہ پرس جس میں وہ خوشبو وغیرہ رکھتی ہیں۔
-شریطُ القیاس: پیمائش کا گز یا فیتہ۔
(الشَّرِيْطَةُ) الشَّرْطُ (ج) شَرَائِطُ۔
(المِشْرَطُ) و (المِشْرَطَةُ) نشتر، کھال چیرنے کا اوزار (ج) مَشَارِطُ۔
(شَرَعَ) الوَارِدُ ـَ شَرْعًا: منہ لگا کر پانی پینا۔
- المَنْزِلُ: گھر کا راستہ کے قریب ہونا، لب سڑک مکان بنانا۔
- فلانٌ یفعلُ کذا کسی کام کو شروع کر دینا۔
-الشیَ: بلند کرنا، ظاہر کرنا۔
-الدِّیْنَ: مذہب کا طریقہ بتلانا، وضاحت کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿شَرَعَ لَکُمْ مِنَ الدِّیْنِ مَا وَصّٰی بِهٖ نُوْحًا﴾
-الأَمْرَ: قانونی شکل دینا۔
-الطَّرِیْقَ: راستہ ہموار کرنا۔
-البَابَ: کھلے راستہ پر دروازہ بنانا۔
(أَشْرَعَ) الشیَ: بلند اور واضح کرنا۔
-نَحْوَهُ الرُّمْحَ: کسی کی طرف نیزہ تاننا۔
(اصطَهَرَ) الشَّحْمَ: چربی پگھلا کر کھانا۔

(انْصَهَرَ): پگھلنا۔

(تَصَاهَرَا) ایک دوسرے کو بہنوئی بنانا، رشتہ ازدواج قائم کرنا۔

(الاِنْصِهَار) کیفیت تحلیل، علم کیمیا میں مادہ کا ٹھوس پن سے سیالی کیفیت میں تبدیل ہونا۔

(الصُّهَارَةُ) پگھلا ہوا مادہ (۲) چربی (۳) گودا، مغز۔

(الصَّهْرُ) علم کیمیاء میں مادہ کی ٹھوس پن سے سیالی کیفیت میں تبدیلی (ج)

(الصِّهْرُ) داماد (۲) بہنوئی۔ ھو صِھْرِیْ: وہ میرا داماد یا بہنوئی ہے (ج) أَصْهَارٌ (۲) ازدواجی رشتہ و قرابت۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّ صِهْرًا﴾

(الصَّهُوْرُ): گوشت بھوننے والا۔ (۲) چربی پگھلانے والا (ج) صُهُرٌ۔

(الصَّهِيْرُ): پگھلا ہوا، بھونا ہوا۔

(الْمَصْهَرُ): ڈھلائی کا کارخانہ، فاؤنڈری (ج) مَصَاهِرُ۔

(صَهْرَجَ) صِهْرِيْجًا: پانی کا حوض یا ٹینکی بنانا۔

- الحوضَ و نحوَهٗ: حوض وغیرہ پر چونے کا پلاسٹر کرنا۔

(الصِّهْرِيْجُ) پانی کا بڑا حوض، ٹینکی (ج) صَهَارِيْجُ۔

(صَهٍ) بمعنی اسکت. خاموش رہ (اسم فعل واحد مخاطب وغیرہ کے لئے) اس پر تنوین بھی آتی ہے اور وہ نکرہ کے لئے ہوتی ہے۔ اگر بغیر تنوین کے ہو تو معنی ہوں گے: دَعْ حدیثك هٰذا لاتمض فیه اپنی بات چھوڑ اور آگے نہ بڑھ۔

(صَهْصَهَ) بالقوم: چپ کرانے کے لئے اٹھنا۔

(صَهَلَ) الفرسُ ـِ صَهِيْلًا و صُهَالًا: گھوڑے کا ہنہنانا۔

(تَصَاهَلَتِ) الخَيْلُ: گھوڑوں کا ایک دوسرے کو دیکھ کر ہنہنانا۔

(الصَّاهِلُ) گھوڑا (ج) صَوَاهِلُ۔

(صَهِيَ) ـَ صَهًا: بہتے ہوئے زخم والا ہونا۔

- الجُرْحُ: زخم کا پیپ دار ہونا، رستا۔

- یَدُهٗ: ہاتھ کا زخمی ہونا۔

(أَصْهَى) الفرسُ و نحوُهٗ: گھوڑے کا پیٹھ کے درد میں مبتلا ہونا۔

- المَرِيْضَ: بدن کو تیل مل کر اور دھوپ دے کر علاج کرنا۔

(صَاهَى) الفرسَ: گھوڑے کی پیٹھ میں سوار ہونا۔

(الصَّهْوَةُ): گھوڑے کی پشت پر زین رکھنے کی جگہ (۲) ہر چیز کا بلند حصہ (۳) پہاڑی کی چوٹی پر بنا ہوا برج (۴) زمین کا ہموار حصہ جہاں بھٹکنے والے اونٹ پناہ لیتے ہیں (۵) پہاڑ میں پانی کا چشمہ (ج) صِهَاءٌ و صُهًا۔

(الصَّهْيُوْنِيَّةُ): صیہون کی طرف منسوب (جو کہ یروشلم کے نزدیک ایک پہاڑ کا نام ہے) یہ ایک تحریک کا نام ہے جس کا مقصد فلسطین میں مستقل طور پر ایک یہودی برادری اور نوآبادی کا قیام ہے۔

ص......و

(صَابَ) المَطَرُ ـُ صَوْبًا و صَيْبُوْبَةً: بارش ہونا۔

- السحابُ بالمطرِ: بارش برسانا۔ کہاوت ہے: (صَابَتْ بِقُرٍّ) آفت اپنی جگہ آئی اور اس نے تکلیف پہنچائی۔

- المَطَرُ الارضَ: بارش کا زمین پر خوب برسنا۔

- السَّهْمُ و نحوُهٗ الهَدَفَ و نَحْوَهٗ: تیر وغیرہ کا نشان پر لگنا۔

- بہ لگنا، واقع ہونا۔

(أَصَابَ) درست اور ٹھیک ہونا، غلطی سے پاک ہونا۔

- الشيءَ: پالینا۔

- الخَطْبُ فُلَانًا: کسی پر مصیبت آنا۔

- بعينِه: کسی سے حسد کرنا، جلنا۔

- السَّهْمُ الرَّمِيَّةَ: تیر کا نشانہ پر لگنا۔

- الرَّامِيْ: نشانہ پر مارنا۔

- من المالِ و نحوِهٖ: مال وغیرہ حاصل کرنا۔

(صَوَّبَ) السَّهْمَ: تیر کو نشانہ کے لئے سیدھا کرنا۔

- الفَرَسَ و نَحْوَهٗ: گھوڑے کو دوڑ کے لئے چھوڑنا۔

- قَوْلَهٗ اَوْ فِعْلَهٗ: درست قرار دینا، تصدیق کرنا۔

- الخَطأَ: غلطی کو درست کرنا۔

- فلانًا: تصدیق و تصویب کرنا، مقولہ ہے (ان اخطئتُ فخطِّئنی و ان اصبتُ فصوِّبْنی)

- الشيءَ: جھکانا، نیچا کرنا۔

- الطعامَ او الحَبَّ: ڈھیر لگانا۔

(انْصَابَ) الماءُ: پانی بہنا۔

(تَصَوَّبَ) لازم صَوَّبَهٗ (۲) کبھی "انْحَدَرَ" (بہنا، ڈھلوان ہونا) کے معنی میں بھی بولا جاتا ہے جیسے صنوبری کا شعر ہے:

وكان محمرّ الشقيـ
ـق اذا تصوّب او تصعّد
اعلام ياقوت نُشِرْ
نَ علٰی رِمَاحٍ من زبرجد

(اسْتَصَابَ) قَوْلَهٗ او فِعْلَهٗ او رَأْيَهٗ: درست سمجھنا، درست اور صحیح قرار دینا۔

(اسْتَصْوَبَهٗ): اسْتَصَابَهٗ۔

(الصَّابُ): اندرائن حنظل (ایک انتہائی کڑوا پودا)

(الصَّوَابُ): درستگی، صحت (۲) حق، درست۔

(الصَّوْبُ): جہت، جانب، طرف۔ اتَّجَهَ صَوْبَهٗ: اس نے اپنا رخ کیا۔

- فلانٌ مستقيمُ الصَّوْبِ: صحیح راہ چلنے والا (۲) ضروری اور فائدہ مند بارش۔

(الصُّوْبَةُ): غلہ اور مٹی وغیرہ کا ڈھیر (۲) بعض اقسام کے پودوں کی نگہداشت کے لئے کانچ کا بنا ہوا کمرہ (محدثہ)

(الصُّوَّابَةُ) صُوَّابَةُ القومِ: قوم کے بہترین لوگ۔

(الصَّوِيْبُ): درست، ٹھیک۔

(الصَّيِّبُ): بارش والا بادل (۲) بارش۔

قرآن مجید میں ہے: ﴿أَوْ كَصَيِّبٍ مِنَ السَّمَآءِ﴾
(الصَّيُّوبُ) الصَّيِّبُ۔
(المُصَابُ): درستگی (۲) سخت آفت و مصیبت (۳) مصیبت زدہ۔
(المُصِيبَةُ) آفت، مصیبت (ج) مَصَائِبُ۔
(الصَّوْبَجُ) روٹی بنانے کا بیلن (ج) صَوَابِجُ (مع)
(الصُّوْبَجُ) الصَّوْبَجُ (مع)
(صَاتَ)۔ صَوْتًا و صواتًا: آواز نکالنا۔
(أَصَاتَ) صَاتَ۔
-بفلان: مشہور کرنا۔
-فُلانًا: آواز نکلوانا۔
(صَوَّتَ) مبالغة في صَاتَ۔
-بِهٖ: بلانا، آواز دینا۔
-لَهٗ: الیکشن میں کسی کو ووٹ دینا (محدثہ)
-الطَّسْتُ و نَحْوُهٗ: طشت وغیرہ کی آواز نکالنا۔
(انْصَاتَ): بات ماننا، اطاعت کرنا۔ جیسے: انصَاتَ فلانٌ للأمرِ (۲) ٹیڑھا ہونے کے بعد سیدھا ہو جانا جیسے انصَاتَ المعوّجُ۔
-بِهِ الزمانُ: مشہور ہونا۔
(الصَّاتُ): نیک نامی اچھائی میں مشہور (۲) سخت آواز والا۔
(الصَّوْتُ): آواز (۲) نغمہ گیت جیسے: غَنّٰی صَوْتًا (یہ مذکر ہے لیکن بعض نے مؤنث کیا ہے) (۳) اچھی شہرت، نیک نامی (۴) ووٹ (محدثہ) (ج) اصواتٌ۔
-اسمُ الصَّوْتِ: نحاۃ کے نزدیک ہر وہ لفظ جس کے ذریعہ آواز دی جائے یا ڈانٹ ڈپٹ دعا، تعجب اور افسوس کے اظہار کے لئے آواز نکالی جائے۔
(الصِّيْتُ): نیک نامی اچھی شہرت کہتے ہیں: ذَهَبَ صِيتُهٗ بين النَّاسِ: وہ لوگوں میں مشہور ہو گیا۔
(الصِّيتَةُ): الصِّيتُ۔

(الصَّيِّتُ): سخت آواز والا (۲) سخت اور اونچی آواز۔
(صَاحَه)۔ صَوْحًا: پھاڑنا۔
(صَوَّحَ) النبتُ و غيرُهٗ: پودے کا خشک ہو کر پھٹ جانا۔
-النَّخْلُ و نَحْوُهٗ: کھجور کے درخت وغیرہ کے اچھے برے کا ظاہر ہونا۔
-الحَرُّ او الرِيحُ الشيءَ: گرمی یا ہوا کا کسی چیز کو خشک کر کے بکھیرنا۔
(انصاحَ): پھٹنا۔
-النبتُ و نحوُهٗ: خشک ہو کر پھٹنا۔ (۲) کلیاں ظاہر ہونا۔
-الفجرُ او البرقُ او القمرُ: روشن ہونا، چمکنا۔
(تَصَوَّحَ) النَّبتُ: خشک ہو کر پھٹنا۔
-الارضُ: زمین کا خشک ہو کر شگاف پڑنا۔
-الشَّعْرُ: بالوں کا پھٹ کر بکھرنا۔
(الصَّاحَةُ): بنجر زمین (ج) صَاحٌ و صُوْحٌ۔
(الصُّوَاحُ): کھجور کا خشک شگوفہ (۲) چونا سرخی ملایا ہوا مسالا۔
(الصُّوحَانُ): خشک۔ هي صوحانةٌ
(الصُّوَّاحَةُ): بال یا اون جو سوکھ کر بکھر جائیں۔
(أَصَاخَ) لَه و الیه: کان لگا کر سننا۔
-عن الأمرِ: چھوڑنا، رجوع کرنا۔
-على حقِّ فلانٍ: کسی کے حق کو نظرانداز کرنا۔
(الصَّاخَةُ): مصیبت (۲) علم طب کے مطابق ہڈی کا ورم جو چوٹ وغیرہ کی وجہ سے ہوتا ہے (ج) صَاخٌ۔
(الصودیوم): ایک ہلکا اور چمکدار سبک عنصر جس سے سوڈا بنایا جاتا ہے (ج)
(صَارَ)۔ صَوْرًا: آواز نکالنا۔
-الشيءَ الیه: جھکانا، قریب کرنا، اسی سے ہے (فَصُرْهُنَّ إِلَيْكَ)
(صَوِرَ)۔ صَوَرًا: جھکنا، ٹیڑھا ہونا۔ هو أَصْوَرُ وهي صَوْرَاءُ (ج) صُوْرٌ

(أَصَارَهٗ) الیه: جھکانا، ٹیڑھا کرنا۔
(صَوَّرَهٗ): جسمانی شکل وصورت بنانا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿هُوَ الَّذِي يُصَوِّرُكُمْ فِي الْأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ﴾
-الشيءَ او الشَّخْصَ: تصویر کھینچنا، تصویر بنانا، نقشہ کھینچنا۔
-الأمرَ: کسی معاملہ کا پوری طرح نقشہ کھینچنا۔
(تَصَوَّرَ): شکل وصورت بننا۔
-الشيءَ: تصور کرنا، دل میں خیال لانا۔
(التَّصَوُّرُ): علم نفسیات میں کسی محسوس چیز کو کوئی تصرف کیے بغیر عقل میں متحضر کرنے کا نام ہے (۲) مناطقہ کے نزدیک نفی واثبات کا حکم لگائے بغیر مفرد کے ادراک کو تصور کہتے ہیں (ج)
(التَّصَوُّرِيَّةُ): فلسفہ کا ایک نظریہ جس کے مطابق کلیات کا وجود صرف ذہن میں ہوتا ہے اس کے بالمقابل نظریہ واقعیت اور نظریہ اسمیت ہے (ج)
(التَّصْوِيرُ): فوٹو، تصویر (۲) کسی بھی جاندار یا غیر جاندار کی تصویر جو قلم وغیرہ سے کاغذ یا دیوار وغیرہ پر بنائی گئی ہو یا کیمرے سے لی گئی ہو۔
-التصويرُ الشمسيُّ: کسی کیمرے سے لیا گیا فوٹو۔
(الصَّارَةُ): پہاڑ کی چوٹی۔
(الصُّوَارُ): گایوں کا گلہ، جماعت (ج) أَصْوِرَةٌ و صِيرَانٌ۔
(الصَّوْرُ) گردن کی سطح (۲) دریا کا کنارہ (ج) صِيرانٌ۔
(الصُّوْرُ): بگل، صور (ج) اصوارٌ۔
(الصُّوْرَةُ): شکل، حلیہ، تصویر، مجسمہ، قرآن مجید میں ہے: ﴿الَّذِي خَلَقَكَ فَسَوّٰكَ فَعَدَلَكَ فِي أَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ﴾
-صورةُ المسألةِ او الأمرِ: مسئلہ یا معاملہ کی نوعیت، تفصیل۔ جیسے هٰذا الأمرُ على ثلاثِ صوَرٍ۔
-صورةُ الشيءِ: ماہیت مجردہ (۲) ذہن یا عقل میں آیا ہوا خیال۔

- صورةُ الحکم التنفیذیة: عدالتی فیصلہ کا اصل مسودہ جس پر عدالت کی مہر ثبت ہوتی ہے اور عمل درآمد کئے جانے کا حکم تحریر ہوتا ہے (ج)

(الصَّیِّرُ): خوبصورت۔

(المُصَوِّرُ): آرٹسٹ، مصور، فوٹوگرافر۔

(المُصَوِّرَةُ): تانیث المُصَوِّر (۲) کیمرہ، آلہ تصویر کشی (ج)

(صَاعَتِ)النَّحلُ ـُ صَوْعًا: شہد کی مکھیوں کا منتشر ہو کر ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔

-الاشیاءَ: بکھیرنا، منتشر کرنا۔

-الأقرانَ: ہم عمروں کو ڈرا کر منتشر کرنا۔

-الحَبَّ: صاع سے غلہ کا وزن کرنا۔

(صَوَّعَ)الاشیاءَ: بکھیرنا، جدا جدا کرنا۔

- المَوْضِعَ: چلنے یا کسی اور مقصد کے لئے زمین کو ہموار کرنا۔

(انْصَاعَ): لازم صَاعَهُ (۲) تیزی سے آنا یا گزرنا۔

(تَصَوَّعَ)القومُ: منتشر ہونا، جدا جدا ہونا۔

(الصَّاعُ): غلہ ناپنے کا ایک پیمانہ، صاعٌ جو اہل حجاز کے حساب سے ۲سیر (۴ پونڈ) یعنی گیارہ سو بیس درہم کے وزن کے بقدر ہوتا ہے اور اہل عراق کے حساب عراق کے حساب کے مطابق آٹھ رطل کے برابر یا دو سیر چودہ چھٹانک چار تولہ کے برابر (۲) پانی پینے کا پیالہ (۳) گیند کھیلنے کا بلا (ج) أَصْوُعٌ و صُوعَانٌ و صِیعَانٌ۔

(الصَّاعَةُ): چلنے یا کسی اور مقصد کے لئے تیار کی گئی زمین (۲) روئی دھنکنے کے لئے تیار کردہ جگہ۔

(الصُّوَاعُ) الصاعُ پانی پینے کا برتن، غلہ ناپنے کا پیمانہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿قَالُوا نَفْقِدُ صُوَاعَ المَلِكِ﴾ (ج) صِیعَانٌ۔

(صَاغَهُ) ـُ صَوْغًا و صِیَاغَةً: صحیح نمونہ پر کوئی چیز تیار کرنا۔

-المعدنَ: دھات کو پگھلا کر ڈھالنا۔

-الکلامَ: کلام کو مرتب اور مزین کرنا۔

(انْصَاغَ)الشیئُ: لازم صَاغَهُ۔

(الصَّائغُ): سنار، زیورات بنانے والا (ج) صَاغَةٌ و صُوَّاغٌ و صُیَّاغٌ۔

-فلانٌ مِنْ صَاغَةِ الکَلَامِ: وہ عمدہ کلام کا ماہر ہے۔ هُنَّ صَوَائغُ۔

(الصَّوَّاغُ): ماہر کلام جو کلام کو مختلف طریقوں پر مرتب و منظم کر کے پیش کرتا ہو۔ جیسے کہا جاتا ہے: هذه کلمة صاغها صَوَّاغٌ۔

(الصِّیَاغَةُ): زیور سازی، سنار کا پیشہ۔

-کلامٌ حَسَنُ الصِّیَاغَةِ: مرتب و عمدہ کلام۔

(الصِّیغَةُ): ڈھلی ہوئی چیز۔ اس کا اکثر استعمال زیورات کے بارے میں ہے (۲) اصل خاندان۔ جیسے: هو مِنْ صِیغةٍ کریمةٍ (۳) طریقہ، عمل، نوعیت جیسے صیغةُ الامرِ کَذَا و کَذَا۔

-صِیغةُ الکَلِمَةِ: لفظ کی مخصوص شکل جو حرکات اور حروف کی ترتیب سے حاصل ہوتی ہے (ج) صِیَغٌ کہتے ہیں: اختلفت صِیَغُ الکلام: کلام کی تراکیب اور عبارتیں مختلف ہیں۔

- الصیغةُ التنفیذیةُ: (عدالت کی اصطلاح میں) مخصوص عبارت یا مضمون جو حکم کی صورت کے متعلق ہوتا ہے اور اس کا نفاذ جبراً کیا جاتا ہے (ج)

(الصَّیَّاغُ)، الصَّوَّاغُ۔

(الصَّیِّغُ): بات کو بنا سنوار کر پیش کرنے والا (۲) جھوٹا (۳) سنار۔

(الصَّیِّغَةُ): مؤنث الصَّیِّغ (۲) سختی، مصیبت۔

(المَصَاغُ): ڈھلائی (۲) ڈھلی ہوئی چیز (۳) زیور۔

(المَصُوغُ): زیور۔

(صَافَ)الکَبْشُ ـُ صَوْفًا: اون نکل آنا۔ هو صَائِفٌ (۲) اون کا زیادہ ہونا هو أَصْوَفُ وهی صَوْفَاءُ۔

(صَوَّفَ)النَّبَاتُ: پودوں پر اون جیسا رواں نمودار ہونا۔

-فلانًا: صوفی بنانا۔

(تَصَوَّفَ)فلانٌ: صوفی بن جانا۔

(التَّصَوُّفُ): تصوف، ایک سلوکی طریقہ جس کا مدار زندگی کی سادگی، چال چلن اور اخلاقی و روحانی ترقی پر ہوتا ہے۔

-علم التصوّف: مخصوص اصولوں کا مجموعہ جن پر اہل تصوف یقین رکھتے ہیں اور وہ مخصوص آداب حیات جن کے وہ اپنی خلوت و جلوت میں حامل ہوتے ہیں۔

(الصُّوفُ): اون (ج) اصوافٌ۔

-صُوفُ البَحْرِ: سمندر کے اوپر اون کی طرح ابھری ہوئی جھاگ (ج) اصواف

(الصُّوفَانُ): ایک پودا جس پر اون نما روئیں ہوتے ہیں۔

(الصُّوفَانِیُّ): اونی (نسبت خلاف قیاس صوف کی طرح ہے) (۲) زیادہ اون والا۔

(الصُّوفَةُ): اون کا ٹکڑا۔

(الصُّوفِیُّ): صوفی، تصوف کی راہ پر چلنے والا، سادگی اور مخصوص آداب و اصول کا پابند جن سے قرب الٰہی اور اخلاق و روحانی ترقی حاصل ہوتی ہے۔

(الصُّوفِیَّةُ): تصوف۔

(الصَّوَّافُ): اون بیچنے والا۔

(الصَّیِّفُ) ثوبٌ صَیِّفٌ: وہ کپڑا جس میں اون غالب ہو۔

(صَاكَ) به المسكُ و نحوهُ ـُ صَوْكًا: مشک کا چپکنا۔

-الطیبُ و نحوهُ: خوشبو کا مہکنا۔

(تَصَوَّكَ) بالمسكِ و نحوِهِ: مشک کی خوشبو لگانا۔

(صَالَ) علیه ـُ صَوْلًا و صَوَلَانًا: حملہ کرنا، مغلوب کرنے کے لئے کسی پر جھپٹنا۔

-الجَمَلُ و نحوهُ: کاٹنا۔

(صَاوَلَهُ) مُصَاوَلَةً و صِوَالًا و صِیَالَةً: حملہ آوری میں کسی سے مقابلہ کرنا۔

(صَوَّلَ) البَیْدَرَ و نحوهُ: غلہ کے کھلیان کو چاروں طرف سے صاف کرنا۔

-الحِنطَةَ و نحوَھا: گندم کو پانی میں ڈال کر صاف کرنا۔

(تَصَاوَلاً) حملہ کرنے میں باہم مقابلہ کرنا۔

(الصَّوُوْلُ) زبردست حملہ آور۔

(الصَّوْلَةُ) حملہ، جست (۲) طاقت، بہادری۔ جیسے ھُوَ ذُوْ صَوْلَةٍ۔

(الصُّوْلَةُ). پانی ڈال کر صاف کیا ہوا گندم وغیرہ (ج) صُوَلٌ۔

(المِصْوَلُ): گندم کو کاٹنے کے بعد صاف کرنے کا آلہ (۲) وہ برتن جس میں کڑواہٹ دور کرنے کے لئے حنظل کو بھگویا جائے (ج) مَصَاوِلُ۔

(المِصْوَلَةُ): کھیت کے کناروں کو صاف کرنے کی جھاڑو (ج) مَصَاوِلُ۔

(الصَّوْلَجُ و الصَّوْلَجَةُ): (دیکھئے: صلج)۔

(الصَّوْلَجَانُ و الصَّوْلَجَانَةُ): دیکھئے: صلج)۔

(صَامَ) ـُ صَوْمًا صِیاماً: رکنا (۲) شرعی اعتبار سے طلوع فجر سے لے کر غروب شمس تک نیت کے ساتھ کھانے پینے اور جماع سے رکنا۔ (۲) خاموش رہنا۔

-الفَرَسُ: گھوڑے کا کھڑا رہنا اور چارہ نہ کھانا۔

-الماءُ والریحُ و نحوُھا: رک جانا، تھمنا۔

-الشمسُ: زوال کے وقت سورج کا آسمان کے درمیان میں پہنچنا۔

-النَّعَمُ و نَحْوُهُ: رک کر بیٹ کرنا۔

(صَوَّمَهُ): روزہ رکھوانا۔

(اصطَامَ): مکمل طور پر رکنا، یا بہت روزے رکھنا۔

(الصَّائِمُ): روزہ دار (ج) صُوَّمٌ و صُیَّمٌ و صُوَّامٌ و صُیَّامٌ و صِیَامٌ۔

(الصَّوَامُ): خشک بے آب زمین۔

(الصَّوْمُ) کسی بھی بات یا عمل سے رکنا (۲) اصطلاح شرع میں صبح صادق سے غروب آفتاب تک نیت کے ساتھ کھانے پینے، جماع سے رکنا (۲) خاموشی۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿إنّي نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا﴾

(الصَّوَّامُ): بہت روزے رکھنے والا، بہت خاموش رہنے والا۔

(الصِّیَامُ): الصَّوْمُ (۲) جمع صائم۔

(المَصَامُ): الصَّوْمُ (۲) جمع صائم۔

(المَصَامُ): مَصَامُ الفَرَسِ و نحوِہ: گھوڑے وغیرہ کے کھڑے ہونے کی جگہ۔

-مَصَامُ النَّجمِ: ستاروں کے اٹکنے کا مقام۔

-مَصَامُ الشمسِ: وسطِ آسمان جیسے جئتُه والشَّمسُ فی مَصَامِھا: میں اس کے پاس نصف نہار کے وقت آیا۔

(صَوْمَعَ) الشيءَ: (دیکھئے: صمع)

(الصَّوْمَعُ). (دیکھئے: صمع)

(الصَّوْمَعَةُ): (دیکھئے: صمع)

(صَانَ) الفَرَسُ ـُ صَوْنًا: گھوڑے کا سم کے کنارے پر کھڑا ہونا (۲) سم میں درد کی وجہ سے چلنے سے کترانا۔

-الشيءَ صَوْنًا و صِیَانَةً: محفوظ جگہ میں رکھنا۔

-عِرْضَهُ: عزت و آبرو کی حفاظت کرنا۔

(اصْطَانَهُ): خوب حفاظت کرنا۔

(تَصَاوَنَ) و (تَصَوَّنَ): خود کو محفوظ رکھنے کی کوشش کرنا۔

(الصِّوَانُ): کتابوں یا کپڑوں وغیرہ کی الماری، بکس (ج) اَصْوِنَةٌ۔

(الصَّوَّانُ): ایک پتھر جس کو رگڑنے سے چنگاریاں نکلتی ہیں۔ واحد: صَوَّانَةٌ۔

(الصِّیْنَةُ): حفاظت۔ ھذا ثوبُ صِیْنَةٍ یہ عام استعمال کا معمولی کپڑا نہیں بلکہ خاص کپڑا ہے۔

(صَوِیَ) ـَ صَوًی: خشک اور کمزور ہونا۔

-الضَّرْعُ: تھن میں دودھ نہ رہنا۔

(اَصْوَی) القَوْمُ: اونچی سخت جگہ پر قیام کرنا۔

-فلانٌ: کسی کے جانوروں کا لاغر ہونا۔

(صَوَّی) الصُّوَی فی الطَّرِیْقِ: راستہ میں راہ نمائی کے پتھر گاڑنا۔

-النَّاقَةَ و نحوَھا: اونٹنی کو موٹا کرنے کے لئے اس کا دودھ نہ نکالنا۔

-الدابَّةَ: جانور کو طاقتور اور پھرتیلا بنانے کے لئے آزاد چھوڑ دینا۔

(الصُّوَّةُ): بلند اور سخت زمین (۲) راستہ میں راہ نمائی کے لئے نصب کیا پتھر یا بورڈ جس سے مختلف سمتیں معلوم ہوتی ہیں (ج) صُوًی و اَصْوَاءٌ حدیث میں ہے: (إنّ لِلدّینِ صُوًی و مَنَارًا کمنارِ الطریق)

ص .... ی

(صَیَّحَ) النَّخلُ: کھجور کے پھل رنگ نمودار ہونا۔

-راسَه: سر کو تھوڑا دھونا، بالکل صاف نہ رکھنا۔

(الصَّاءُ): رحم سے بوقت ولادت نکلنے والی نالی کا پانی (۲) ولادت کے بعد نکلنے والی گندگی۔

(الصِّیَاءَةُ): الصَّاءُ۔

(الصَّیُوْبُ): ٹھیک، درست، بالکل ٹھیک، بہت درست۔

(الصَّیِّبُ): (دیکھئے: صوب)

(الصِّیَابَةُ): سردار، قائد۔ جیسے: ھُوَ صِیَابَةُ قومِہ۔

(صَاحَ) ـِ صَیْحًا و صِیَاحًا: چیخ مارنا۔

-بِہ: بلانا، آواز دینا۔

-علیہ: ڈانٹنا، جھڑکنا، دھمکانا۔

-الشجرةُ و نحوُھا: لمبا ہونا۔

-العُنْقُوْدُ: خوشہ کا لمبا ہو کر غلاف سے باہر آنا۔ ھو صَائِحٌ۔

(صِیْحَ) بِہ: گھبرا جانا۔

-الشيءَ: اس طرح پھاڑنا کہ آواز نکلے۔

(انْصَاحَ): کسی چیز کا اس طرح پھٹنا کہ اس کی آواز سنائی دے۔

-الارضُ: زمین کی اوپر جزوی روئیدگی ہونا۔

(الصَّائِحَةُ): نوحہ کا شور (۲) ڈر، گھبراہٹ (ج) صَوَائِحُ۔

(الصَّیْحَةُ): چیخ، شور (۲) قیامت کے دن نفخ صور کی آواز۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿یَوْمَ یَسْمَعُوْنَ الصَّیْحَةَ بِالْحَقِّ ذٰلِكَ یَوْمُ الْخُرُوْجِ﴾ (۳) اچانک کیا جانے والا حملہ (۴) عذاب۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَأَخَذَ الَّذِیْنَ ظَلَمُوا الصَّیْحَةُ﴾

(الصَّيَّاحُ) بہت چیخنے اور شور مچانے والا۔
(صَادَ) الطَّيْرَ والوحْشَ و نحوَهما ـِ صَيْدًا شکار کرنا (۲) جال یا پھندہ لگا کر پکڑنا۔
-النَّاسَ بالمعروفِ: لوگوں پر احسان کر کے اپنا بنانا۔
- فلانًا طيرًا و نحوَهُ: کسی کے لئے پرندہ شکار کرنا۔
(صَيِدَ)- صَيَدًا ٹیڑھی گردن والا ہونا۔
(أَصَادَ) فلانًا و نَحْوَهُ: کسی کو شکار پر اکسانا (۲) گردن کے ٹیڑھ پن کا علاج کرنا۔
(اصْطَادَهُ) مشکل سے شکار کرنا۔
(تَصَيَّدَهُ) شکار کے لئے چال چلنا۔
-خَرَجَ يتصيَّدُ: شکار کے لئے نکلا۔
(اصْيَدَّ): صَيِدَ۔
(الأَصْيَدُ) جس کی گردن بیماری کی وجہ ٹیڑھی ہوگئی ہو اور وہ ادھر اُدھر دیکھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو (۲) مغرور و خود پسند (۳) طاقت و اقتدار کا مالک۔ هي صيداءُ (ج) صِيدٌ
(الصادُ): صاد (ایک حرف تہجی) (۲) شکار۔
(الصَّيْدُ): شکار۔ قران مجید میں ہے: ﴿أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ﴾
(الصَّيَدُ): گردن کا ٹیڑھا پن (۲) تکبر و غرور۔
(الصَّيُودُ) ماہر شکاری۔ جیسے: كلبٌ صَيُودٌ و صقرٌ صَيُودٌ۔
(الصَّيَّادُ) شکاری۔
(الصَّيُّودُ) نشانہ پر لگنے والا تیر۔
(المَصَادُ) شکار کرنے کی جگہ (۲) پہاڑ کی چوٹی (ج) مَصَايِدُ۔
(المُصْطَادُ) شکار (۲) شکار کیا ہوا جانور۔
(المِصْيَدُ، المِصْيَدَةُ) شکار کرنے کا ذریعہ (ج) مَصَايِد۔
(صَيْدَلَ) دوا فروشی کا پیشہ اختیار کرنا۔
(الصَّيْدَلُ) چاندی کی اینٹ (جڑی بوٹی کے ٹکڑوں واسی سے تشبیہ دی گئی ہے)
(الصَّيْدَلَةُ) دوا سازی، دوا فروشی (۲) وہ علم جس میں جڑی بوٹیوں کے خواص اور ان سے دوا بنانے کے طریقوں سے بحث کی جاتی ہے۔
(الصَّيْدَلانيُّ): دوا ساز، دوا فروش (۲) دواؤں کے خواص کا جاننے والا (ج) صَيَادِلَةٌ۔
(الصَّيْدَليُّ): الصَّيْدَلانيُّ۔
(الصَّيْدَلِيَّةُ): میڈیکل سٹور، فارمیسی، دواخانہ۔
(الصَّيْدَانُ): وہ پتھر جس کی ہانڈیاں بنائی جاتی ہیں (۲) تانبا۔
(الصَّيْدَانَةُ): بھوت پریت (۲) بداخلاق اور زیادہ باتیں کرنے والی عورت۔
(الصَّيْدَنُ): چاندی کی اینٹ (۲) ایک کیڑا جو اپنا بھٹ زمین میں بنا کر چھپائے رکھتا ہے (۳) مضبوط عمارت (۴) کیمیا۔
(صَارَ) الشيءُ كذا ـِ صَيْرًا و صَيْرُورَةً و مَصِيرًا: ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل ہونا۔
-اليه لوٹنا، پہنچنا۔
(أَصَارَهُ) كذا و إلى كذا: کسی شے کو دوسری شے بنا دینا۔
(صَيَّرَهُ) كذا و إلى كذا: کسی شے کو دوسری شے بنا دینا۔
(تَصَيَّرَ) أباهُ و نحوَهُ: باپ وغیرہ کے ہم شکل ہونا۔
(الصَّائِرَةُ): سوکھی گھاس جو ہری ہونے کے بعد کھائی جائے۔
(الصِّيَارَةُ): جانوروں کا باڑا۔
(الصِّيرُ) انجام، انتہا، نتیجہ۔ (۲) طرف، کونہ، گوشہ۔ هو عَلَى صِيرِ حَاجَةِ اخيه: وہ اپنے بھائی کی ضرورت پوری کرنے کے قریب ہے۔
هو عَلَى صِيرِ الأَمْرِ: وہ کام کو پورا کرنے ہی والا ہے (۲) پانی جہاں لوگ پڑاؤ ڈالیں (۴) دروازہ کی درز، جھری۔ حدیث میں: (من نظر من صير باب فَفُقِئَتْ عينه فهي هدرٌ) (۲) یہودیوں کا پادری۔
(الصِّيرَةُ): جانوروں کا باڑہ (ج) صِيَرٌ۔
(الصَّيُّورُ): انجام، آخری حد (۲) پختہ رائے۔
(المَصِيرُ) انجام، نتیجہ، انتہاء (۲) پانی کے لوٹ جانے کی جگہ۔
-مصيرُ الخلقِ: مخلوق کے واپس لوٹنے کی جگہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ﴾
(صَاصَتِ) النَّخلَةُ ـِ صَيْصًا: کھجور کے درختوں پر کھجور کا خراب ہونا۔
(أَصَاصَتْ) و (صَيَّصَتِ) النَّخلَةُ: صَاصَتْ۔
(الصِّيصُ): خراب کھجور۔
(الصِّيصَاءُ) مونث الصِّيصِ (۲) اندرائن کی گٹھلی جس میں دانہ نہ ہو۔
(الصِّيصَةُ): کاتنے کا تکلا (۲) تانا بانا وغیرہ صاف کرنے کا برش (۳) گائے وغیرہ کا سینگ (ج) صَيَاصٍ۔
(الصِّيصِيَةُ): الصِّيصَةُ (۲) مرغ کا پنجہ جو پنڈلی میں ہوتا ہے (۳) اچھی نگرانی کرنے والا چرواہا (۴) قلعہ (ج) صَيَاصٍ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَأَنْزَلَ الَّذِينَ ظَاهَرُوهُمْ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مِنْ صَيَاصِيهِمْ﴾
(صَاعَ) الغَنَمَ و نحوَها ـِ صَيْعًا: بکریوں وغیرہ کو جدا جدا کرنا۔
- القَوْمَ: لوگوں کا شیرازہ بکھیرنا، انتشار پیدا کرنا۔
(أَصَاعَهُ): صَاعَهُ۔
(انصَاعَ) فلانٌ: تیزی سے لوٹنا۔
(صَيَّعَ) الطعامَ: روٹی وغیرہ کو سالن میں خوب تر کرنا۔
(صَافَ) اليومُ و نحوُهُ ـِ صَيْفًا: دن کا سخت گرم ہونا۔
-بالمكان: گرمیاں گزارنا۔
-عنه: ہٹنا، الگ ہو جانا۔ جیسے صَافَ السَّهْمُ عن الهدفِ: نشانہ خطا کرنا۔
-المطرُ الارضَ او النَّاسَ گرمی میں بارش ہونا۔
(أَصَافَ) گرمی کے موسم میں داخل ہونا (۲) بڑھاپے میں باپ بننا۔
-النَّاقةُ و نحوُها: اونٹنی وغیرہ کا گرمی میں بچہ دینا۔

-الرَّجُلُ النِّسَاءَ عورتوں کو جوانی میں چھوڑ کر بڑھاپے میں شادی کرنا۔
-الشیُٔ عنه الگ کرنا ہٹانا۔
-اللهُ عَنهُ الشَّرَّ. اللہ تعالیٰ کا کسی سے شر کو دور کرنا۔
(صَايَفَهُ) مُصَافَةً و صِيَافًا: کسی سے گرمی سے گرمی تک معاہدہ کرنا۔
(صَيَّفَ) بالمكان: گرمیاں گزارنا۔
-الشیُٔ فلانًا: کسی چیز کا کسی شخص کو موسم سرما سے موسم گرما تک کافی ہونا۔
-المطرُ الارضَ او النَّاسَ: زمین یا لوگوں پر گرمیوں میں بارش پڑنا۔
(إصْطَافَ) بالمكان: موسم گرما گزارنا۔
(تَصَيَّفَ) بالمكان: موسم گرما گزارنا۔
(الصَّائِفُ): گرم۔
(الصَّائِفَةُ): موسم گرما۔ (۲) موسم گرما کا حملہ' رومیوں کے حملہ کو بھی صائفہ اسی لئے کہتے ہیں کہ وہ برف اور سردی سے بچنے کے لئے گرمی میں حملہ کرتے تھے۔
-صَائِفَةُ القومِ: موسم گرما کی خوراک (ج) صَوَائِفُ۔
(الصَّافُ): گرم۔ يومٌ صَافٌ: گرم دن۔
(الصَّيْفُ): گرمی کا موسم (ج) أصْيَافٌ و صُيُوفٌ۔
(الصَّيْفِيُّ): گرم کا موسم گرمی سے متعلق۔
- نبتٌ صيفيٌّ: گرمی میں پیدا ہونے والا پودا (۲) بڑھاپے کی اولاد۔
(الصَّيِّفُ): ہر وہ چیز جو گرمی کے موسم میں پیدا ہو۔
(المِصْيَافُ): بڑھاپے میں شادی کرنے والا (۲) گرمی کے موسم میں بچے دینے والی اونٹنی (۳) وہ زمین جس پر صرف گرمی میں گھاس اُگتی ہو (ج) مَصَايِيفُ۔
(المُصْطَافُ): گرمی کا موسم گزارنے کی جگہ۔
(المَصِيفُ): گرمی کا موسم گزارنے کی جگہ (ج) مَصَايِفُ۔
(صَاقَ) به كذا ـِ صيقًا: چپکنا۔
(الصِّيقُ): زبردست گرد و غبار (۲) پسینہ (ج) صِيَقٌ و صِيقَانٌ۔
(صَاكَ) به كذا ـِ صَيْكًا: چپکنا۔
-الدَّمُ و نحوُهُ: خون کا خشک ہونا۔
(صَالَ) عليه ـِ صَيْلاً و صِيَالاً و صَيَلاَنًا: (دیکھیے صول)
(صِيلَ) له كذا: کسی کو کوئی چیز مہیا اور دستیاب ہونا۔
(الصِّينِيُّ): چینی' چین کا باشندہ۔
(الصِّينِيَّةُ): چینی (مٹی) کی ٹرے (ج) صِينِيَّاتٌ۔

ض

(الضَّادُ) پندرھواں حرف تہجی۔ اس میں صفت جہر پائی جاتی ہے' بعض عرب ممالک میں اس کی شدت اپنی آخری حد کو پہنچتی ہے تو دال معجم کی آواز بن جاتی ہے اور بعض ممالک میں اس کے اندر نرمی و رخاوت اپنی انتہاء کو پہنچ جاتی ہے تو اس کا تلفظ زاء معجم کی آواز سے ہوتا ہے' سیبویہ کے نزدیک قدیم ضاد کا مخرج زبان کے کنارے کے شروع اور اُس کے پاس کی ڈاڑھوں کے درمیان ہے۔

ض .... أ

(الضِّئْبُ) ایک سمندری جانور (۲) موتی۔

(الضُّوْبَانُ) مضبوط و موٹا اونٹ۔

(ضَأَزَه) ۔ ضَأْزاً ظلم و زیادتی کرنا۔

-حَقَّه حق تلفی کرنا۔

(الضِّئْزٰی) قسمةٌ ضِئْزٰی. ظالمانہ تقسیم۔

(ضَأْضَأَ) ضَأْضَأَةً و ضَاضَاةً شور و غل کرنا۔

(الضُّؤْضُؤُ) شور و غل' چیخ و پکار۔

(الضِّئْضِیءُ) اصل' نسب هُوَ مِنْ ضِئْضِیءِ کریم وہ اچھے خاندان کا ہے (ج) ضَآضِیءُ۔

(ضَئِطَ) ۔ ضَأَطاً بدن اور شانوں کو ہلاتے ہوئے چلنا۔

(ضَؤُلَ) الرَّجُلُ ۔ ضَآلَةً و ضُؤُوْلَةً چھوٹے جسم کا ہونا (۲) دبلا ہونا (۳) حقیر و معمولی ہونا۔

- رأیُه: نا پختہ رائے ہونا۔ هو ضَئِیْلٌ (ج) ضُؤَلاءُ وَضِئَالٌ وهی ضَئِیْلَةٌ (ج) ضِئَالٌ کہتے ہیں: مَا ضَؤُلَتْ فِی ذٰلِکَ ضُؤُوْلَةً: اس سلسلہ میں تمہاری کوئی غلطی نہیں ہے۔

(ضَاءَلَ) شَخْصَه: خود کو چھوٹا اور حقیر بنانا۔

(تَضَاءَلَ): کمزور و دبلا ہونا (۲) ناقص اور حقیر ہونا (۳) سکڑنا (۴) چھوٹا اور حقیر بن جانا۔

(الضُّؤْلَانُ) بوجھ۔ جیسے: هُوَ عَلَیْهِ ضُؤْلَانٌ: وہ شخص اس کے لئے بوجھ بنا ہوا ہے۔

-حسبُه عَلَیْهِ ضُؤْلَانٌ اس کا نسب اس کے لئے عیب کا باعث ہے۔

(أَضْأَنَ) فلانٌ: بہت بھیڑوں والا ہونا۔

(الضَّائِنُ): اون والی بکری (بھیڑ' دنبی)

(۲) کمزور و نازک (۳) خوش اندام' غیر فربہ

(ج) ضَأْنٌ و ضَئِیْنٌ و هُنَّ ضوائنُ۔

(الضَّأْنُ) اون والی بکری' دنبی۔

-لَحْمُ ضَأنٍ و لَحْمٌ ضَأْنٌ: بھیڑ کا گوشت (اضافت اور وصف کے ساتھ)

(الضِّئْنِیُّ) دودھ اُبالنے کی بڑی مشک۔

-مِعزٰی ضِئْنِیَّةٌ بھیڑ سے اُنسیت رکھنے والی بکریاں۔

(ضَأَی) ۔ ضَأْیاً کمزور و لاغر ہونا۔ هو ضَاءٍ۔

ض .... ب

(ضَبَأَ) بالأَرْضِ و فِیْهَا ۔ ضَبْأً و ضُبُوْءً ا زمین سے چمٹنا یا زمین میں چھپنا۔ جیسے: ضَبَأَ الصَّائِدُ هو ضَابِیءٌ و ضَبِیءٌ۔

-منه: شرمانا۔

-الیه: کسی کی پناہ لینا۔

-علیه: کسی کے سامنے آنا۔

-به الأَرْضَ: زمین سے چمٹانا۔

(أَضْبَأَ) عَلَی الشیءِ: کسی چیز پر خاموشی اختیار کرنا۔

-عَلٰی مَا فِیْ نفسِه: دل کی بات چھپانا۔

-عَلٰی مَا فی یدَیه: ہاتھ کی چیز کو تھامنا۔

(الضَّابِیءُ): راکھ۔

(الضَّابِئَةُ): بھاری سامان جسے زمین سے اُٹھانا دشوار ہو۔

-غِرارَةٌ ضَابِئَةٌ: وزنی بوجھ جس کا اُٹھانا مشکل ہو (ج) ضَوَابِیءُ۔

(المَضْبَأُ): چھپنے کی جگہ (ج) مَضَابِیءُ

(ضَبَّ) الماءُ و نحوُه ۔ ضَبّاً و ضُبُوْباً تھوڑا تھوڑا بہنا۔

-الدَّمُ و العَرَقُ و الرِّیْقُ: بہنا۔

-بکذا او علیه: کسی چیز کی خواہش بڑھنا۔

-الرَّجُلُ: غصہ کرنا (۲) کینہ رکھنا۔

-عَلٰی مَا فِیْ نَفْسِه دل کی بات چھپانا۔

(أَضَبَّ) الیومُ دن کا کہر آلود ہونا' دھندلا ہونا۔ أَضَبَّ المکانُ و اضبّتِ السماءُ جگہ یا آسمان کا کہر آلود ہونا۔

-الأَرْضُ: زمین کا بہت سبزہ والی ہونا (۲) بہت گوہ والی ہونا۔ هی مُضِبَّةٌ۔

-القَوْمُ کسی کام میں سب کا لگ جانا۔

-فِی الحَدِیْثِ شور مچا کر بات کرنا۔

-فلانٌ: دل میں کینہ رکھنا۔

-عَلٰی مَا فِیْ نفسِه: غصہ کی وجہ سے دل کی بات دل میں رکھنا۔

-عَلٰی مَا فِیْ یدِه: ہاتھ کی چیز کو مضبوطی سے پکڑنا۔

(ضَبَّ) الخشبَ و نحوَهُ: لکڑی وغیرہ پر لوہا جڑ دینا۔
- البابَ و نحوَهُ: دروازہ کو بند کرنے کے لئے چٹخنی لگانا (۲) ایک کو دوسرے میں داخل کرنا (۳) ٹھیک کرنا' الگ الگ کرنا۔
(الضَّبُّ) گوہ کو پکڑنے کے لئے چال چلن کر کے باہر نکلنے پر اکسانا۔
- الشیُٔ مضبوطی سے تھامنا کہ وہ چھوٹ نہ جائے۔
(تَضَبَّبَ): موٹاپا آنے لگنا۔
(الضَّبابُ): کہر' دھند۔
(الضَّبُّ): گوہ' ایک جانور (۲) کینہ' دل میں چھپا ہوا غیظ و غضب (۳) ہونٹ کی ایک بیماری جس سے ورم آجاتا ہے۔
- رَجُلٌ خَبٌّ ضَبٌّ: چالاک آدمی جو بچ نکلنا چاہتا ہو (ج) اَضُبٌّ و ضِبابٌ و ضُبّانٌ۔
(الضَّبِیبُ): وہ جگہ جہاں کثرت سے گوہ پائی جاتی ہوں۔
(الضَّبَّةُ): گوہ (مادہ) (۲) چالاک عورت (۳) گوہ کی دباغت دی ہوئی کھال جس میں گھی رکھا جاتا ہے (۴) دروازوں میں کواڑوں کے پیچھے لگایا جانے والا لکڑی کا دستہ (مو) (۵) لوہے کی چٹخنی (ج) ضِبابٌ۔
(الضَّبُوبُ): وہ جانور جو چلتے ہوئے پیشاب کرتا ہو (۲) وہ بکری جس کے پیشاب کا راستہ تنگ ہوتا (ج) ضَبائبُ۔
(الضَّبِیبُ) من السیفِ: تلوار کی دھار۔
(الضَّبِیبَةُ): ایک قسم کا حلوا جو کھجور اور گھی ملا کر بنایا جاتا تھا اور اسے بچوں کے لئے چمڑے کے برتن میں محفوظ کیا جاتا تھا۔
(ضَبَثَ) الشیَٔ و بِهِ و علیهِ ــِ ضَبْثًا: زور سے پکڑنا۔
- بِهِ: گرفت میں لینا۔
- فلانًا: مارنا۔
(الضُّباثُ): شیر (۲) شیر کے پنجے (ج) اَضْبِثَةٌ۔
(ضَبَجَ) ــُ ضَبْجًا: مار کھا کر یا سستی و تھکان کی وجہ سے خود کو زمین پر ڈالنا۔
(ضَبَحَ) الثعلبُ ــَ ضَبْحًا و ضُباحًا: لومڑی کا آواز نکالنا۔ حدیث ابن زبیر رضی اللہ عنہ میں ہے (قاتل اللہ فلانًا ضَبَحَ ضَبْحَةَ الثعلب و قبع قبعة القنفذ) نیز ضَبَحَ الانسانُ و البُومُ و القَوسُ بھی کہا جاتا ہے۔
- الخیلُ: گھوڑے کا دوڑتے وقت اندر سے سانس کی آواز نکالنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَالْعَادِيَاتِ ضَبْحًا﴾
- النارُ او الشمسُ الشیَٔ: آگ یا دھوپ کا کسی چیز کو جھلس دینا۔
- العُودَ بِالنَّارِ: لکڑی کے اوپر کے سروں کو جلانا۔ هو مضبوحٌ و ضبیحٌ۔
(ضابَحَهُ) مُضابَحَةً: برا بھلا کہنا۔
(انْضَبَحَ): لازم ضَبَحَهُ۔
- لونُهُ: رنگ کا سیاہی مائل ہو جانا۔
(الضُّباحُ): گھوڑوں کے سانس کی آواز (۲) لومڑی کی آواز۔
(الضِّبْحُ): راکھ۔
(الضَّبْحاءُ) آگ کے نشان و اثر والی کمان۔
(المَضابِحُ) بھوننے اور تلنے کے برتن۔
(المَضْبُوحَةُ): چقماق کے پتھر۔
(ضَبَرَ) ــِ ضَبْرًا و ضَبَرانًا: اچھل کود کرنا۔
- الفرسُ و نحوُهُ: گھوڑے کا پاؤں ملا کر کودنا۔
- المقیّدُ: پیر بندھے ہوئے کا کودنا۔
- الوَجْهُ: چہرہ بدلنا۔
- الشیَٔ ضَبْرًا: اکٹھا کر کے باندھنا۔
- الکُتُبَ و غیرَها: کتابوں یا اخباروں کا بنڈل بنانا۔
(اَضْبَرَ): ضَبَرَ۔
(ضَبِرَ) اللَّحْمُ: گوشت کا گٹھا ہوا اور بھرپور ہونا۔
- الشیُٔ: جمع کرنا۔
(الإضْبارَةُ): اخبارات یا کاغذوں وغیرہ کا بنڈل (ج) اَضابِیرُ۔
(الضِّبارَةُ) فائل' بنڈل (۲) جمع شدہ قوتیں (۳) لوگوں کی جماعت (ج) ضَبائرُ۔
(الضَّبارَةُ) مخلوق کا جمع ہونا۔
(الضُّبارِمُ) اَسَدٌ ضُبارِمٌ مضبوط جسم و ہیبت کا شیر۔
(الضُّبارِمَةُ) الضُّبارِمُ۔
(الضُّبّارُ) ایک عمدہ لکڑی والا درخت۔
(الضَّبْرُ) ہڈیوں کی مضبوطی اور گوشت کا گٹھاو۔ فرسٌ ضَبْرٌ گٹھے ہوئے بدن کا گھوڑا (۲) لکڑی کا بنا ہوا قدیم جنگی ٹینک جس پر چمڑہ چڑھا ہوا ہوتا ہے اور سپاہی اس میں چھپ کر قلعہ کی طرف بڑھ کر اس کی دیواروں کو توڑتے تھے (۳) جماعت' گروہ (۴) جنگلی اخروٹ کا درخت (ج) ضُبُورٌ۔
(الضَّبْرَةُ) قدیم جنگی ٹینک۔
(الضِّبْرُ) سخت و مضبوط (۲) بہت کودنے والا گھوڑا یا انسان۔
(الضَّبِیرُ) سخت و مضبوط۔
(المُضَبَّرُ) فرسٌ مُضَبَّرُ الخَلْقِ مضبوط بدن کا گھوڑا۔
(المَضْبُورُ) مضبوط بدن کا گھوڑا (۲) درانتی۔
(ضَبَسَهُ) ــُ ضَبْسًا اصرار کرنا۔
(ضَبِسَ) الرَّجُلُ ــَ ضَبَسًا بدباطن اور بد اخلاق ہونا۔ ضَبِسَتْ نَفْسُهُ بھی کہتے ہیں (۲) حریص و بخیل ہونا۔ هو ضَبِسٌ و ضَبِیسٌ۔
(الضَّبِسُ) بخیل' کنجوس۔
(الضِّبْسُ) کمزور اور بے وقوف آدمی۔
- ضِبْسُ شَرٍّ: شریر آدمی۔
(ضَبَطَه) ــِ ضَبْطًا احتیاط اور توجہ کے ساتھ محفوظ رکھنا یا درکھنا (۲) مضبوط اور پختہ کرنا۔
- البلادَ و غیرَها: ملک پر کنٹرول کرنا' نظام درست کرنا۔
- الکتابَ و نحوَهُ اصلاح کرنا' تصحیح کرنا' اعراب لگانا۔
- المُتَّهَمَ: ملزم کو گرفتار کرنا (محدثہ)

(ضَبِطَ)۔ ضَبطاً دائیں ہاتھ کی طرح بائیں
ہاتھ سے کام کرنا۔ھو اَضْبَطُ وھی ضَبطاءُ
(ج)ضُبْطٌ۔
(اِنْضَبَطَ) لازم ضَبَطَهٗ۔
(تَضَبَّطَ) فلاناً زبردستی پکڑنا' گرفتار کرنا۔
(الضَّابِطُ) وہ حکم کلی جواپنی جزئیات پر منطبق
ہوتا ہو (ج) ضَوَابِطُ (۲) فوجی افسر' پولیس
افسر (ج) ضُبَّاطٌ۔
-رَجُلٌ ضَابِطٌ مضبوط وطاقتور آدمی۔
(الضَّابِطَةُ) بریک (ج) ضَوَابِطُ۔
(المَضْبَطَةُ): رجسٹر کاروائی' روائداد (ج)
مَضَابِطُ (محدثہ)
(ضَبَعَ) الفرسُ - ضَبْعًا و ضُبُوْعًا و
ضَبَعَانًا بازو ہلا کر تیز چلنا۔
-فلانٌ ضَبعًا ظلم کرنا۔
-فلاناً اپنے بازو کسی کی طرف مارنے کے
لئے بڑھانا۔
-الیه یدَهٗ بالسَّیفِ و نَحْوِہٖ: تلوار کھینچنا۔
-علی فلانٍ وغیرہٖ بددعا کے لئے دونوں
ہاتھ پھیلانا۔
-الضَّبُعُ الحَیْوَانَ لکڑ بگڑ کا جانور کو کھا جانا۔
(ضَبِعَتِ) الدَّابَّةُ - ضَبَعًا جانور کا جنسی
شہوت کی وجہ سے نر کو تلاش کرنا ھی ضَبِعَةٌ و
ضَبعی (ج)ضِبَاعٌ و ضَبَاعَی۔
(اَضْبَعَتِ)الدَّابَّةُ ضَبِعَتْ۔
(ضَابَعَهٗ)بالسَّیفِ مُضَابَعَةً و ضِبَاعًا باہم
تلوار کا ہاتھ بڑھانا۔
(ضَبَّعَ)فلانٌ بزدل ہونا (۲) بجو جیسا ہونا۔
(اِضْطَبَعَ)بالثَّوبِ و نحوِہٖ دائیں بغل سے
چادر وغیرہ نکال کر بائیں کندھے پر ڈالنا۔
(اِسْتَضْبَعَتِ)الدابَّةُ ضَبِعَتْ۔
(الضَّبْعُ) بغل سے بازو کے آدھے حصہ
تک۔ھما ضَبْعَانِ۔
(الضَّبُعُ) لکڑ بھگو (ایک جانور) (ج) اَضْبُعٌ
(۲) سخت قحط کا سال۔
(الضُّبْعُ) گوشہ' کنارہ۔
(الضِّبْعَانُ) نر بجو یا لکڑ بھگو (ج) ضَبَاعِینُ۔

(المَضْبَعَةُ): بجوؤں یا لکڑ بھگوؤں کا گروہ
(۲) بغل کے نیچے سامنے والا گوشت۔
(ضَبَنَه)۔ ضَبْنًا: بغل اور پہلو کے درمیان
کوئی چیز اٹھانا۔
-الشئیَ عنه: ہٹانا' روکنا۔
(ضَبِنَ)۔ ضَبَنًا۔ بڑھاپے یا بیماری کی وجہ
سے کمزور ہونا۔
-المکانُ: تنگ ہونا۔ھو ضَبِنٌ۔
-مَاءٌ ضَبِنٌ: پورا پایا ہوا پانی۔
(اَضْبَنَ)الشئیَ: بغل میں دبانا۔
-الداءُ فلاناً وغیرہٗ: کسی کو دائمی مرض لاحق
ہوجانا۔
(اِضْطَبَنَ) الشئیَ گود میں اٹھانا' ہاتھ میں
اٹھانا' بغل میں دبانا۔
(الضَّبَانَةُ) تنگی (۲) دائمی بیماری۔
(الضَّبْنُ) کمی (۲) درندوں کا مسکن (ج)
اَضْبَانٌ۔
(الضِّبْنُ) بغل اور پہلو کے درمیان کی جگہ۔
- فلانٌ فِی ضِبْنِ فلانٍ: فلاں فلاں کی
حفاظت میں ہے (۲) کونہ' گوشہ۔ اَخَذَ فِی
ضِبْنٍ مِنَ الطَّرِیْقِ اس نے راستہ کا گوشہ
اختیار کرلیا (ج) اَضْبَانٌ۔
(الضَّبْنَةُ) دائمی مرض۔
(الضِّبْنَةُ) مصاحبین (۲) بے نفع دوست یا
بے نفع خدام۔
(الضَّبِینَةُ) ھُوَ فِیْ ضَبِیْنَةِ فُلَانٍ: وہ فلاں کی
حفاظت میں ہے۔
(ضَبَا)الیه - ضَبْوًا و ضُبُوًّا: پناہ لینا۔
-النارُ والشمسُ الشئیَ ضَبْوًا جھلسنا (۲)
جلاڈالنا۔
(اَضْبیٰ) کمزور اور دبلا ہونا۔
-السَّفَرُ بالقومِ سفر کا قوم کی تجارتی توقعات
میں ناکام کرنا۔
(الضَّابِی) راکھ۔

ض ج ج

(ضَجَّ) ضَجًّا و ضَجِیْجًا تکالیف یا
دہشت کی وجہ سے شوروغل کرنا۔

(اَضَجَّ)القومُ لوگوں کا ہنگامہ برپا کرنا۔
(ضَاجَّهٗ)مُضَاجَّةً و ضِجَاجًا ہنگامہ آرائی
کرنا' شرارت کرنا۔
(الضَّجَاجُ) زبردستی' جبروقہر۔
(الضَّجَّةُ) شوروغل' ہنگامہ۔
(الضَّجُوْجُ) انتہائی شوروشغب۔
(ضَجِرَ)بالأمرِ و مِنْه - ضَجَرًا تنگ آنا'
پریشان ہونا۔ھو ضَجِرٌ۔
- المکانُ جگہ کا لوگوں کی وجہ سے تنگ ہو
جانا۔
(اَضْجَرَهٗ): تنگ کرنا' پریشان کرنا' دل میں
گھٹن پیدا کرنا۔
(تَضَجَّرَ): تنگ دل ہونا' پریشان ہونا۔
(الضَّجُوْرُ) بہت تنگ' بہت پریشان۔بہت
اُچاٹ (مذکرومؤنث) (ج)ضُجُرٌ
(ضَجَعَ)۔ ضَجْعًا و ضُجُوْعًا پہلو کے
بل لیٹنا۔
-الیه مائل ہونا' جھکنا۔
- الشَّمسُ او النجمُ غروب کے قریب
ہونا۔
-فِی الأمرِ کسی کام میں پختگی نہ رکھنا۔
(اَضْجَعَ) ضَجَعَ (۲) حروف کے تلفظ میں
امالہ کرنا (جیسے الف کی طرف مائل کرنا)
-فلاناً و نَحْوَهٗ لٹانا' پہلو کے بل سلانا۔
-المَرَضُ و نَحْوُهٗ فلاناً بیماری کا کسی کو بستر
پر لٹادینا۔
-الشئیَ جھکانا' نیچا کرنا۔
(ضَاجَعَهٗ)مُضَاجَعَةً و ضِجَاعًا کسی کے
ساتھ لیٹنا۔
-الھَمُّ و غیرُہٗ فلاناً غم طاری ہونا۔
(ضَجَّعَ)فی الامرِ کوتاہی کرنا۔
-الشمسُ غروب ہونے کے قریب ہونا۔
(اِضْطَجَعَ) پہلو کے بل لیٹنا۔ بعض عرب
اِضْجَعَ بھی بولتے ہیں۔
(انضجع) لازم اَضْجَعَهٗ۔
(تَضَاجَعَ)عَنْ کَذَا غفلت برتنا۔
(تَضَجَّعَ) ضَجَعَ۔

-فِي الْأَمْرِ کسی معاملہ میں سستی سے کام کرنا۔
(الْأَضْجَعُ) مائل جھکا ہوا۔
-أَضْجَعُ الثنايا. ٹیڑھے دانتوں والا (ج) ضُجْعٌ۔
(الضَّاجِعُ) سست اور اڑیل آدمی جو اپنی جگہ سے نہ ہٹتا ہو (۲) قریب الغروب ستارہ (۳) وادی وغیرہ کا موڑ (ج) ضَوَاجِعُ۔
(الضَّجْعَةُ). زندگی کی خوشحالی (۲) رائے کی کمزوری۔
(الضِّجْعَةُ) لیٹنے کا انداز (۲) سستی۔
(الضُّجَعَةُ): بہت سست و کاہل (۲) ہروقت گھر میں پڑا رہنے والا۔
(الضُّجَعِيُّ) الضُّجَعَةُ۔
(الضَّجُوعُ): کمزور رائے والا (۲) ایک گوشہ میں چرنے والی اونٹنی (۳) مشک جو بوجھ کی وجہ سے پانی بھرنے والے کو جھکا دے (۴) پانی سے بھرا ہوا سست رفتار بادل۔
(الضَّجِيعُ): ساتھ لیٹنے والا ہم بستر۔
- بِئْسَ الضَّجِيعُ الجُوْعُ: بھوک بدترین ہے۔
(المَضْجَعُ): بستر' چارپائی' خوابگاہ۔
- مَضَاجِعُ الغَيْثِ: بہت بارش والے مقامات۔
(المَضْجُوعُ): ناپختہ رائے۔
(ضَجِمَ) الشيءُ - ضَجَمًا: جھکنا اور ٹیڑھا ہونا۔ هو أَضْجَم وهي ضَجْمَاءُ (ج) ضُجْمٌ۔
(تَضَاجَمَ) ضَجِمَ۔
-الأَمْرُ بَيْنَهُمْ اختلاف پیدا ہونا۔
(الضَّجِمُ): بہت کھانے والا۔

ض ...... ح

(الضِّحُّ). سورج' سورج کی روشنی' دھوپ لگی ہوئی چیز (۲) کھلی جگہ۔ جَاءَ بالضِّحِّ والرِّيحِ وہ دھوپ و ہوا والی جگہ آیا' یعنی بہت چیزیں لایا۔
(ضَحْضَحَ) السَّرَابُ. سراب کا حرکت کرنا۔

(تَضَحْضَحَ) السَّرَابُ سراب کا حرکت کرنا۔
(الضَّحْضَاحُ) تھوڑا' کم ماءٌ ضَحْضَاحٌ. کم گہرائی والا پانی۔
(الضَّحْضَحُ). کم گہرا تھوڑا پانی (۲) سمندر یا دریا میں سطح آب قریب اکٹھا ہونے والی ریت یا چٹان جس سے جہاز رانی یا کشتی رانی کو خطرہ ہو۔
(ضَحِكَ)- ضَحْكًا و ضِحِكًا. ہنسنا۔
-منه و به: مذاق کرنا' ٹھٹھا کرنا (۲) گھبرانا' متعجب ہونا۔
-طَلْعُ النَّخْلَةِ. کھجور کا شگوفہ کھلنا۔
-النَّخْلَةُ کھجور کے درخت کا شگوفہ نکلنا۔
-الأَرْضُ عَنِ النَّبَاتِ: زمین پر روئیدگی نمودار ہونا۔
-السَّحَابُ. بادل میں بجلی چمکنا۔
- الطَّرِيقُ: راستہ کا نمایاں ہونا۔ هو ضَاحِكٌ۔
(أَضْحَكَتِ) النَّخْلَةُ ضَحِكَتْ
(أَضْحَكَ) الشيءُ الانسانَ: ہنسانا۔
-الحَوضَ: تالاب کو لبالب بھرنا۔
(ضَاحَكَه): کسی کے ساتھ ہنسی مذاق کرنا۔
مقولہ ہے: (رَأْيُكَ يُضَاحِكُ المُشْكِلات) تمہاری رائے مسائل کا حل نکالتی ہے۔
(ضَحَّكَه): ہنسانا۔
(تَضَاحَكَ): ہنسنا (۲) ہنسی کا اظہار کرنا۔
(تَضَاحَكَ): ہنسنا (۲) ہنسی کا اظہار کرنا۔
(تَضَحَّكَ): ہنسنا۔
(اسْتَضْحَكَ): ہنسنا (۲) ہنسی کو ظاہر کرنا۔
(الأُضْحُوكَةُ): ہر ہنسانے والی بات (ج) أَضَاحِيكُ۔
(الضَّاحِكَةُ). ہنستے وقت دکھائی دینے والا دانت (۲) اگلے دانت کے قریب والی داڑھ (ج) ضَوَاحِكُ۔
(الضَّحَّاكُ) بہت ہنسنے والا (۲) کھجور کا شگوفہ جو غلاف سے باہر آجائے (۳) واضح راستہ۔

(الضَّحْكُ) تعجب (۲) کھجور کا شگوفہ جو غلاف سے باہر آجائے (۳) روشنی۔
(الضُّحْكَةُ) بہت ہنسانے والا' جسے دیکھ کر بہت ہنسی آتی ہو۔
(الضُّحَكَةُ) بہت ہنسنے والا۔
(الضَّحُوكُ) بہت ہنسنے والا۔
-طَرِيقٌ ضَحُوكٌ بہت واضح راستہ۔
(المَضْحَكَةُ). ہنسی کی بات' لطیفہ (ج) مَضْحَكَاتٌ۔
(ضَحَلَ) الغديرُ - ضَحْلًا تالاب کا پانی کم ہو جانا۔
(الضَّحْلُ) زمین پر کم گہرا پانی (ج) أَضْحَالٌ و ضِحَالٌ و ضُحُولٌ۔
-أَتَانُ الضَّحْلِ کنویں کے دہانے پر لگا ہوا پتھر جو کائی کی وجہ سے چکنا ہو جاتا ہے۔
(ضَحَا) ضَحْوًا و ضُحُوًّا و ضُحِيًّا دھوپ میں آنا۔
-الطَّرِيقُ: راستہ کا واضح اور ظاہر ہونا۔
-ظِلُّ فلان مرجانا۔
(ضَحَا) - ضَحْوًا و ضُحُوًّا و ضُحِيًّا گرمی کی تپش لگنا۔
(ضَحِيَ)- ضَحْوًا و ضُحُوًّا و ضُحِيًّا و ضَحًا: دھوپ کی تپش لگنا۔ قرآن مجید میں ہے۔ ﴿وَأَنَّكَ لَا تَظْمَأُ فِيهَا وَلَا تَضْحَى﴾ (۲) پسینہ آنا (۳) سورج چڑھتے وقت کھانا۔ هو ضَحٍ و ضَحْيَان وهو اضحى وهي ضَحْيَاءُ (ج) ضُحْي۔
(أَضْحَى): چاشت کے وقت آنا (۲) چاشت کی نماز پڑھنا۔ اضحى يفعل كذا وہ ایسا کرنے لگا۔
-عنه دور ہونا۔
-الشيءَ: ظاہر کرنا۔
-لا اضحى اللهُ لنا ظِلَّكَ اللہ تمہیں سلامت رکھے (بطور دعا کے کہا جاتا ہے)
(ضَاحَتِ) البلادُ کسی ملک میں دھوپ کی وجہ سے پودوں کا خشک ہو جانا۔
-فلانًا: کسی کے پاس چاشت کے وقت میں

جانا۔
(ضَحّٰی) بالشَّاۃِ و نحوِھَا: عیدالاضحیٰ میں چاشت کی وقت قربانی کرنا۔
-الحاجُّ: حج کرنے والے کا ایام تشریق میں سے کسی دن قربانی کرنا۔
-بنفسہٖ او بعملہٖ او بمالہٖ: بلا معاوضہ اپنی رضا سے جان، محنت اور مال پیش کرنا (محدثہ)
-الأضحَاۃَ: عیدالاضحیٰ میں قربانی کرنا۔
-عَنِ الشیءِ: کسی کام میں آہستگی کرنا، کہتے ہیں۔ ضَحِّ رویدًا: آہستہ ذبح کرو۔
-الحیوانَ: جانور کو چاشت کے وقت کھلانا (۲) دوپہر کو کھلانا۔
-الماشیۃَ: چاشت کے وقت چرانا۔
(تَضَحّٰی): چاشت کے وقت کھانا (۲) دوپہر کا کھانا۔
(استضحی): تَضَحّٰی۔
(الأضحی) مِنَ الخَیلِ: سفید سیاہی مائل گھوڑا (۲) اضحَاۃ کی جمع۔
(الأضحَاۃُ) عید الاضحیٰ کے دن قربانی کی جانے والی بکری یا گائے وغیرہ (ج) أضحًی۔
(الإضحِیَانُ) من الأیّامِ: بے ابر دن۔
(الأُضحِیَّۃُ): الأضحَاۃ (ج) أضَاحِیُّ۔
(الضَّاحِیَۃُ) فَعَلَہ ضَاحِیَۃً: اس نے یہ کام سر عام کیا۔
-مَفَازَۃٌ ضَاحِیَۃُ الظِّلَالِ: وہ بیابان جس میں درخت نہ ہو۔
-من الماشیۃِ: چاشت کے وقت پانی پینے والے مویشی۔
-من النَّخلِ و نحوھا: احاطہ سے باہر نکلا ہوا کھجور کا درخت۔
-من البلدِ: شہر کا بیرونی کنارہ (ج) ضَوَاحٍ۔
-الضواحِیْ: آسمان۔
-ضَوَاحِی الرُّومِ: روم کے بیرونی حصے
-قُرَیشُ الضَّوَاحِیْ: مکہ کے باہر مقیم قریش کے لوگ۔
(الضُّحٰی) سورج کی روشنی (۲) دن کا چڑھاؤ، چاشت۔
-ما لکلامِہٖ ضُحًی: اس کا کلام واضح نہیں ہے۔
(الضَّحَاءُ): الضُّحٰی (۲) نصف النھار کا قریبی وقت (۳) دوپہر کا کھانا۔
(الضَّحْوُ): الضُّحٰی۔
(الضَّحْوَۃُ): الضَّحَاءُ۔
(الضَّحِیَّۃُ): الضُّحٰی (۲) قربانی کا جانور (ج) ضَحَایَا۔
(المَضْحَاۃُ): ایسی سرزمین جہاں سورج نہ چھپتا ہو۔

ض .... خ

(ضَخَّ) الماءُ ـُ ضَخًّا: پانی گرنا۔
-العَینُ: آنسو بہانا۔
-الماءَ و نَحوَہٗ ـُ ضَخًّا: پانی چھڑکنا، بہانا۔
(انضَخَّ): لازم ضَخَّ، پانی بہنا، چھڑکا جانا۔
(المِضَخَّۃُ): آب پاش، پچکاری کا آلہ (۲) ہینڈ پمپ (زمین سے پانی نکالنے کی دستی مشین) (مج) (ج) مَضَاخُّ۔
(ضَخُمَ) ـُ ضَخَامَۃً: کسی چیز کا موٹا اور بڑا ہونا۔ ھو ضَخْمٌ و ضَخِیمٌ (ج) ضِخَامٌ۔
(ضَخَّمَہٗ): موٹا اور بڑا کرنا۔
(الأُضخُومَۃُ): وہ گدی جس سے عورت سرین موٹا کرتی ہے (ج) أضَاخِیمُ۔
(التَّضَخُّمُ): (اقتصادیات میں) افراط زر (۲) سکوں اور دیگر ذرائع ادائیگی کا معاملاتی ضرورت سے زیادہ ہو جانا (مج)
(الضُّخَامُ) ہر موٹی اور لمبی چیز۔
(الضَّخْمُ): بڑا، موٹا (۲) کشادہ راستہ (۳) بوجھل پانی (ج) ضِخَامٌ۔

ض .... د

(ضَدَّہٗ) فی الخُصُومَۃِ و نحوِھا ـُ ضَدًّا: غالب آنا۔
-عنہ: نرمی یا آہستگی سے ہٹانا۔
(أضَدَّ): غصہ ہونا۔
-فُلانًا و غیرَہٗ: مخالف بنانا۔
-الإناءَ و نحوَہٗ: بھرنا۔
(ضَادَّہٗ): مخالفت کرنا (۲) مقابل بننا۔
-بین الشیئین: ایک دوسری کی ضد ماننا۔
(تَضَادَّ) الأمْرَان: ایک دوسرے کی ضد ہونا۔
(الضِّدُّ): منافی، مخالف، خلاف (۲) مثل، ہم رتبہ (ج) أضْدَادٌ — ھٰذا اللفظ مِنَ الاضدادِ: یہ لفظ دو متضاد معنی والے الفاظ میں ہے جیسے لفظ جَوْن کالے اور سفیدی دونوں کو کہتے ہیں۔
(الضَّدِیدُ): الضِّدُّ (ج) أضْدَادٌ
(المُتَضَادَّان): (اصطلاح منطق میں) وہ دو چیزیں جو ایک ساتھ جمع نہ ہو سکیں لیکن ان کا ارتفاع ہو سکے۔
(ضَدِیَ) ـَ ضَدًّی: غصہ سے بھرنا۔
(أضْدَی) الإنَاءَ و نَحْوَہٗ: برتن کو پورا بھر دینا۔
(ضَادَاہٗ): مخالفت کرنا۔
(الضَّوَادِیْ) مِنَ الکلامِ: بے ہودہ اور فحش بات (۲) دل لگی کی باتیں۔

ض .... ر

(ضَرَبَ) الشیُ ـِ ضَرْبًا و ضَرَبَانًا: حرکت کرنا۔
-القَلبُ: دھڑکنا۔
-العِرْقُ: رگ پھڑکنا، رگ میں خون کا جوش مارنا۔
-الضِّرْسُ او نَحْوُہٗ: داڑھ میں سخت درد ہونا۔
-الرَّجُلُ فی الارضِ: زمین میں گھومنا، سفر کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَآخَرُونَ یَضْرِبُونَ فِی الْأَرْضِ یَبْتَغُونَ مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ﴾ (۲) اٹھ کر تیز چلنا۔
-فِی الماءِ: تیرنا۔
-فِی الأمرِ بِسَہْمٍ و نحوِہٖ: حصہ لینا۔
-عَنِ الأمرِ: رکنا، باز رہنا۔
-اللونُ إلَی اللَّوْنِ: ایک رنگ کا دوسرے کی طرف مائل ہونا۔
-بیدہٖ إلی کذا: ہاتھ جھکانا۔

-الیه اشارہ کرنا۔
-علی المکتوب وغیرہ: مہر لگانا۔
-النومُ علٰی اُذُنِہٖ نیند غالب آنا۔
-فلانٌ علٰی یَدِ فُلانٍ ہاتھ پکڑنا' ہاتھ میں ہاتھ لینا۔
-علٰی فلانٍ: کسی کے کام کو بگاڑنا کہتے ہیں: ضَرَبَ القَاضِیُ عَلٰی یَدِ فلانٍ: قاضی نے پابندی لگادی۔
-بالسیف وغیرہ: تلوار کا وار کرنا۔
-الدَّھْرُ بَیْنَ القومِ: زمانہ کا لوگوں کو منتشر کرنا' شیرازہ بکھیرنا۔
-الشَّیُٔ ضَرْبًا و تَضْرَابًا: چوٹ لگانا۔
-بِہٖ الارضَ: زمین پر پٹخنا۔
-بہٖ عُرْضَ الحَائِطِ: بنظر حقارت ٹھکرانا۔
-فلانًا و غَیْرَہٗ بکذا: کسی چیز سے مارنا (۲) کوڑے مارنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِهِ وَلَا تَحْنَثْ﴾
- العقربُ فلانًا و غیرَہٗ بِاِبْرتِھا: ڈنگ مارنا۔
- الخاتَمَ و نَحْوَہٗ من الحلیّ و المعادن انگوٹھی وغیرہ میں ڈالنا۔
-الدّرھمَ و نحوَہٗ: سکہ کو ڈھالنا۔
-لہ مَثَلًا: مثال بیان کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَثَلًا أَصْحَابَ الْقَرْيَةِ﴾
- الحاسِبُ عَدَدًا فِی آخرَ: ایک عدد کو دوسرے سے ضرب دینا۔
-لہ اَجَلًا او مَوْعِدًا: وقت مقرر کرنا۔
-لہ فِیْ مَالِہٖ او غیرہٖ سَھْمًا او نصیبًا: مال وغیرہ میں حصہ مقرر کرنا (۲) لازم کرنا۔
- الخَیْمَۃَ و نحوھا: خیمہ گاڑنا۔ ضَرَبَ اللَّیْلُ بظلامِہٖ: رات نے ڈیرے ڈال دیا۔
-علیہ الحِصَارَ او النطاقَ: گھیرنا' ناکہ بندی کرنا ضَرَبَ علیہ الذِّلَّۃَ و نحوَھا: ذلت و رسوائی میں مبتلا کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ﴾
-الشَّیْ علیہ: کسی پر کوئی چیز لازم کرنا۔

-علیہ خَرَاجًا و نَحْوَہٗ کسی پر خراج عائد کرنا۔
-الشَّیَٔ بالشَّیْءِ خلط ملط کرنا۔
-الرُّزَّ: چاول کا چھلکا اتارنا (محدثہ)
-بذقنِہٖ الارضَ: ڈر یا شرم سے سر جھکانا۔
-لہ الْاَرْضَ کلّھا: کسی چیز کو ہر جگہ تلاش کرنا۔
-الرَّقْمَ القیاسیّ: ریکارڈ قائم کرنا۔ (محدثہ) (دیکھئے رقم)
(ضَرِبَ)۔َ ضَرَبًا: سردی سے ٹھٹھر جانا۔
-الارضُ و غیرُھَا: زمین پر پالا پڑنا۔
-الحیوانُ: جانور کا بڑے پیٹ والا ہونا۔
(ضَرُبَتْ) یَدُہٗ ۔ُ ضَرَابَۃً: ہاتھ کا بہت مارنے والا ہونا۔
(اَضْرَبَ) فِی المَکَانِ: کسی جگہ سے نہ ہٹنا (۲) پرسکون وغیر متحرک ہونا (۳) سر جھکانا۔
-العُمَّالُ و نَحْوُھُمْ: ہڑتال کرنا (مطالبات کی منظوری تک کام نہ کرنا) (محدثہ)
-عنہ: اعراض کرنا' منہ پھیرنا۔
-الخُبْزُ: روٹی کا پک جانا (اس حد پر آجانا کہ اس کی راکھ وغیرہ جھٹک دی جائے)
-القومُ و غیرُھُمْ: لوگوں پر پالا پڑنا۔
-البَرْدُ او الرِّیْحُ النَّبَاتَ و غیرَہٗ: نباتات وغیرہ پر سردی یا ہوا کا سخت حملہ ہونا۔
(ضَارَبَہٗ) مُضَارَبَۃً و ضِرَابًا: کسی کے ساتھ مار پیٹ کرنا (۲) مار پیٹ میں مقابلہ کرنا۔
-لفلانٍ فِیْ مَالِہٖ: کسی کے لئے اس کے مال سے تجارت کرنا یا نفع میں اپنا حصہ مقرر کر کے اس کے لئے تجارت کرنا۔
-فِی السُّوْقِ: ارزانی کے وقت کوئی چیز خرید کر بھاؤ بڑھنے کے وقت منافع سے بیچنا اور کبھی بھاؤ گرنے کی صورت میں نقصان اٹھانا۔ (محدثہ)
(ضَرَّبَ): مبالغہ ضَرَبَ۔
- فلانٌ: مختلف اونٹنیوں یا جانوروں کا ملا ہوا دودھ پینا (۲) پالے کی زد میں آنا۔ سخت سردی میں آنا۔

-عینُہٗ آنکھ کا دھنس جانا۔
-الشَّیَٔ بالشَّیْءِ: خلط ملط کرنا۔
-بَیْنَ القَوْمِ: باہم لڑائی کرانا۔
-المُضَرَّبَۃَ لحاف یا رضائی میں نگندے ڈالنا۔
(اِضْطَرَبَ) مضطرب ہونا' تڑپنا' تھرکنا۔
-البَحْرُ و نَحْوُہٗ دریا میں جوش آنا۔
-الاَمْرُ معاملہ بگڑ جانا۔
-الشَّیُٔ لہرانا۔
-الحبلُ بینَھُمْ: آپس میں پھوٹ پڑنا۔
-القَوْمُ: باہم مار کٹائی کرنا۔
(تَضَارَبَا) ایک دوسرے کو مارنا۔
-الآراءُ و نحوُھَا: خیالات کا مختلف و متضاد ہونا۔
(تَضَرَّبَ) حرکت کرنا' موجیں مارنا۔
(اِسْتَضْرَبَ) العَسَلُ: شہد کا گاڑھا ہونا۔
(الاِضْرَابُ) اَضْرَبَ کا مصدر۔
-فِی العُرْفِ: ہڑتال' سٹرائیک وغیرہ (کسی بھی عمل کا مقاطعہ)
(الضَّرْبُ) مثل' مانند' جیسا (۲) قسم' نوع (۳) ایک عدد کو دوسرے سے ضرب دینا (حساب کی اصطلاح) (ج) (۴) (علم عروض کی اصطلاح میں) شعر کے دوسرے مصرعہ کا آخری جز (ج) اَضْرَابٌ و اَضْرُبٌ و ضُرُوْبٌ۔
- رَجُلٌ ضَرْبٌ چھریرے بدن کا قد آور آدمی۔ کاموں میں چاق و چوبند اور پھرتیلا۔
-مَطَرٌ ضَرْبٌ: ہلکی بارش۔
-دِرْھَمٌ ضَرْبٌ ڈھالا ہوا سکہ۔
(الضَّرَبُ) گاڑھا سفید شہد۔
-الضَّرَبَۃُ تھوڑا سا شہد۔
(الضَّرُوبُ) مار پیٹ کا ماہر۔
(الضَّرْبَۃُ) ایک ضرب' ایک دفعہ کی مار۔
- ضَرْبَۃُ الشمسِ: دھوپ کا سخت اثر جو خطرناک حد تک پہنچ جائے (ج)
(الضَّرُوْبُ) بہت زیادہ اور سخت مارنے والا۔
(الضَّرِیْبُ): بہت مارنے والا (۲) مارنے

میں مقابلہ کرنے والا (۳) جوئے کے تیروں کو مارنے کا ذمہ دار (۴) مثل نظیر مشابہ (ج) ضُرَبَاءُ و أَضْرَابٌ (۵) مختلف جانوروں کا ایک برتن میں نکالا ہوا دودھ (۶) حصہ۔

(الضَّرِيبَةُ) مؤنث الضَّرِيب (۲) تلوار کا وار کھایا ہوا (۳) روئی اون یا بالوں کی پونی جس سے چرخہ پر دھاگا نکالا جائے (۴) مزاج طبیعت (۵) ٹیکس و مال کی مقررہ مقدار جو آمدنی وغیرہ پر حکومت کو قانوناً دی جاتی ہے (۶) سات اردب کا ایک پیمانہ (اردب: خشک چیزیں ماپنے کا بڑا پیمانہ) (مو) (ج) ضَرَائِبُ۔

(المُضَارَبَةُ) شرعاً نفع تجارت میں معاہدہ شرکت کو کہتے ہیں جس میں ایک شخص کا مال ہوتا ہے اور دوسرے کی محنت (۲) اقتصادیات میں خرید و فروخت کا وہ عمل جسے بازار کے نرخوں کے فروق کے انتفاع کے ماہرین انجام دیتے ہیں (مج)

(المِضْرَابُ) مارنے کی چیز (۲) زیادہ اور سخت ضربیں لگانے والا (ج) مَضَارِيبُ۔

(المِضْرَبُ) المِضْرَابُ (۲) بڑا خیمہ پنڈال (ج) مَضَارِبُ۔

(المَضْرِبُ) مارنے کا وقت یا جگہ۔

-مَضْرِبُ السَّيْفِ تلوار کی دھار۔

-مَضْرِبُ الرُّزِّ چاول کا چھلکا اُتارنے کی جگہ۔ رائس مل (ج) مَضَارِبُ۔

(المُضَرَّبَةُ) وہ گدا وغیرہ جس پر بہت ٹانکے لگائے گئے ہوں (۲) نگندے پڑا ہوا لحاف یا رضائی۔

(ضَرَحَهُ)ـُ ضَرْحًا پھاڑنا۔

-النارَ آگ کے لئے راستہ بنانا۔

-الثوبَ و نَحْوَهُ ہلکا لال رنگنا۔

-الشيْ بکذا لت پت کرنا تھیڑنا۔

(ضَرَّحَهُ) مبالغہ ضَرَجَهُ

-الکلامَ مزین و آراستہ کرنا۔

-الدَّابَّةَ ایڑ لگانا۔

(انضَرَجَ) پھٹنا۔

-النَّوْرُ کلی کھلنا۔

-الشَّجَرُ درخت کے پتوں کا کھل جانا اور نوکیں نکل آنا۔

-الطَّرِيقُ کشادہ ہونا۔

-ما بينهُم نفرت پیدا ہونا۔

(تَضَرَّجَ) لازم ضَرَّجَهُ۔

-الخَدُّ گال کا سرخ ہونا۔

-المرأةُ بناؤ سنگھار کرنا۔

-بالدَّمِ خون میں لت پت ہونا۔

-الشيْ پھٹنا۔

-عَنِ البقلِ لفائفهُ سبزی کا غلاف سے نکلنا۔

-الزَّهْرُ کلی کھلنا۔

(الإِضْرِيجُ) لال گوند (۲) سرخ رنگا ہوا کپڑا (۳) سرخ ریشمی چادر (۴) دوڑنے والا طاقتور گھوڑا (ج) أَضَارِيجُ۔

(الضَّرِيجُ) المَضْرُوجُ۔

-عَدْوٌ ضَرِيجٌ تیز دوڑ۔

(المِضْرَجُ) ثوبٌ مِضْرَجٌ پھٹا پرانا کپڑا (ج) مَضَارِجُ۔

(المَضْرُوجَةُ) عَيْنٌ مَضْرُوجَةٌ بڑی اور کشادہ آنکھ۔

(ضَرَحَتِ)السُّوقُ ـُ ضُرُوحًا بازار میں مندا ہونا۔

-الدَّابَّةُ ضِرَاحًا دولتی مارنا۔

-الشيْ ـَ ضَرْحًا: پھاڑنا۔

-القَبرَ قبر کھودنا۔

-الشيْ پھاڑنا (۲) ایک طرف کرنا۔

-شَهَادَةَ فلانٍ گواہی تسلیم نہ کرنا۔

(أَضْرَحَهُ) دور کرنا ہٹانا (۲) بگاڑنا خراب کرنا۔

-السُّوقَ بازار کو مندا کرنا۔

(ضَارَحَهُ) گالی گلوچ کرنا برا بھلا کہنا۔

(۲) مقابلہ کرنا (۳) مشابہ ہونا۔

(اضطَرَحَهُ) ایک طرف ڈالنا۔

(انضَرَحَ) لازم ضَرَحَهُ۔

(ضَرَاحِ) اسم فعل بمعنی امر یعنی اضْرَحْ۔

(الضَّرَحُ) نِيَّةٌ ضَرَحٌ لمبا ارادہ۔

(الضَّرُوحُ) مبالغۃ ضارح بہت دولتی مارنے والا جانور جیسے فَرَسٌ ضَرُوحٌ

-قَوْسٌ ضَرُوحٌ بہت قوت کے ساتھ تیر پھینکنے والی کمان۔

(الضَّرِيحُ) المَضْرُوحُ (۲) قبر (۳) قبر کے بیچ کی تنگ جگہ (ج) ضَرَائِحُ

(الضَّرِيحَةُ) الضَّرِيحُ (ج) ضَرَائِحُ۔

(المَضْرَحُ) شکرا (۲) لمبے بازوؤں والا گدھ۔

(المَضْرَحِيُّ) المَضْرَحُ (۲) وسیع الظرف سردار یا شریف النسل آدمی۔

(ضَرَّهُ) وبہ ـُ ضُرًّا و ضَرَرًا: تکلیف پہنچانا نقصان دینا۔

-فلاناً إلى كَذَا: پناہ دینا۔

(أَضَرَّتِ) المرأةُ عورت کی سوکن بننا۔

-فلانٌ عَلَى السَّيْرِ الشَّدِيدِ و نحوِهِ سخت رفتار وغیرہ کو برداشت کرنا۔

-عَلَى فلانٍ وغيرِهِ کسی کو مجبور کرنا اصرار کرنا۔

-الشيْ و بِهِ بہت زیادہ قریب ہو کر تنگی پیدا کرنا۔

-فلاناً و بِهِ نقصان پہنچانا۔

-فلاناً على الأمرِ مجبور کرنا۔

(ضَارَّهُ) مُضَارَّةً و ضِرَارًا: نقصان پہنچانا (۲) مخالفت کرنا (۳) پریشان کرنا (۴) زیادتی کرنا۔

(اضطَرَّهُ) اليه مجبور کرنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ﴾

(تَضَارَّا) ایک دوسرے کو نقصان دینا (۲) دونوں کا نقصان اُٹھانا۔

(تَضَرَّرَ) بِهِ او مِنهُ کسی کی وجہ سے یا کسی سے نقصان اُٹھانا۔

(اسْتَضَرَّ) بِهِ تَضَرَّرَ۔

(التَّضِرَّةُ) الضرُّ۔

(الضَّرَّارَةُ) الضَّرَرُ (۲) جانی و مالی نقصان (۳) نابینا پن۔

(الضُّرُّ) نقصان بدحالی تکلیف۔ قرآن مجید
میں ہے ﴿مَسَّنَا وَ اَهْلَنَا الضُّرُّ﴾ و
﴿وَاَيُّوْبَ اِذْنَادٰى رَبَّهٗ اَنِّىْ مَسَّنِىَ الضُّرُّ
وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ﴾
-تَزَوَّجَ عَلٰى ضُرٍّ: کسی ایک یا زیادہ بیویوں
پر شادی کرنا۔
(الضِّرُّ) الضُّرُّ۔
-هُوَ ضِرُّ اَضْرَارٍ: وہ بڑا کڑیل چالاک اور
ہوشیار ہے۔
(الضَّرَرُ) تنگی (۲) ایسی بیماری جو جہاد وغیرہ
سے مانع ہو۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿غَيْرُ
اُولِى الضَّرَرِ﴾
(الضَّرَّاءُ) سختی مصیبت (۲) تکلیف کی
حالت فقر وفاقہ (۲) دائمی بیماری۔
(الضَّرَّةُ): الضَّرَّاءُ (۲) سوکن (ج) ضَرَائِرُ
- بينهم داءُ الضَّرائر: ان میں حسد کی بیماری
ہے (۳) پستان کی جڑ (۴) بہت دولت (۵)
پیر کے تلوے کا اگلا حصہ۔
(الضَّرُوْرَةُ): حاجت ضرورت (۳) ناقابل
ازالہ سختی (۳) مشقت (۴) اصطلاح شعر میں
ایسی حالت جس کے تحت ایسا تصرف کیا جا سکے
جو نثر میں نہ کیا جاتا ہو (ج) ضَرَائِرُ۔
(الضَّرُوْرِىُّ) ضروری لازمی جس کے بغیر
چارہ کار نہ ہو۔ ضد: الكمالىُّ۔
(الضَّرِيْرُ) نابینا اندھا (۲) نقصان رسیدہ
(۳) غیرت وحمیت جیسے: مَا اَشَدَّ ضريرَهٗ
على زوجته (ج) اَضِرَّاءُ۔
(المِضْرَارُ) ذرا سی بات پر خاوند سے روٹھ
جانے والی عورت (۲) بدکنے والی اونٹنی یا
گھوڑا۔
(المَضَرَّةُ) نقصان تکلیف (ج) مَضَارُّ۔
(ضَرِسَ) الشئُ ـِ ضَرَسًا: داڑھوں سے
کاٹنا چھپانا جیسے ضَرَسَ العودَ۔
-الزَّمَانُ فلانًا: زمانہ کا کسی پر مصیبت ڈالنا۔
-البِئْرَ: کنویں کو پتھروں سے پختہ کرنا۔
-الدَّابَّةَ: جانور کو قابو میں کرنے کے لئے نکیل
ڈالنا۔

(ضَرِسَتْ) اَسْنَانُهٗ ـَ ضَرَسًا: ترش چیز کے
استعمال سے دانتوں کا کھٹا ہو جانا۔
-الرجلُ: کھٹے دانتوں والا ہونا۔ کہاوت ہے
(الآباءُ يأكلون الحِصْرِمَ والابناءُ
يضرسُوْنَ)
- فلانٌ: بد اخلاق او ر بدمزاج ہونا۔ هو
ضَرِسٌ۔
(اَضْرَسَه) الحامِضُ: ترشی کا دانتوں کو کھٹا کر
دینا۔
-بالكلامِ: چپ کرانا۔
-الأمرُ فلانًا: پریشانی میں ڈالنا۔
(ضَارَسَ) الأُمُوْرَ: معاملات میں تجربہ اور
واقفیت حاصل کرنا۔
(ضَرَّسَهٗ) مبالغةٌ في ضَرَسَه (۲) داڑھ
جیسی نوکوں والا بنانا۔
- الثوبَ: کپڑے پر داڑھ کی شکل کے نقوش
بنانا۔
-الحُرُوْبُ والخُطُوْبُ فلانًا: حوادثات اور
لڑائیوں کا کسی کو تجربہ کار اور ماہر بنا دینا۔
(تَضَارَسَ) البناءُ: عمارت کا ناہموار اور داڑھ
کی طرح کے ابھار والا ہونا۔
-القومُ: باہم دشمنی رکھنا لڑائی جھگڑا کرنا۔
(تَضَرَّسَ) البناءُ: تَضَارَسَ۔
(التَّضْرِيْسُ): داڑھ کی طرح کسی چیز میں
اونچ نیچ (ج) تَضَارِيْسُ۔
-تَضَارِيْسُ الارضِ: زمین کے نشیب وفراز
(ج)
(الضِّرْسُ): داڑھ (مذکر و مؤنث) (ج)
اَضْرَاسٌ و ضُرُوْسٌ۔ کہتے ہیں ضِرْسُ
العقلِ: عقل داڑھ (دانتوں کے بعد پیچھے کی
چار داڑھوں میں سے ایک داڑھ۔
- هُوَ لا يَعَضُّ فِى العلمِ بضرسٍ قاطعٍ: وہ
علم میں ناپختہ ہے (۲) کنویں کی منڈیر کے پتھر
یا کنویں کو پاٹنے کے پتھر (۳) ناہموار اور ابھار
والا ٹیلہ (۴) ہلکی اور معمولی بارش۔
-رجلٌ ضِرْسٌ: بداخلاق آدمی۔
(الضَّرُوْسُ): کٹ کھنا جانور (جو قریب آنے
والے کو کاٹتا ہو)
-ناقةٌ ضروسٌ دودھ دوہنے والے کو لات
مارنے والی اونٹنی۔
-حَرْبٌ ضَرُوْسٌ تباہ کن لڑائی۔
(الضَّرِيْسُ): پتھروں کی منڈیر والا کنواں
(۲) وہ عمارت جس پر پتھر لگائے ہوں (۳)
داڑھ کی طرح ناہموار پتھر۔
(المَضْرُوْسَةُ) ارضٌ مَضْرُوْسَةٌ: نوکیلے
پتھروں والی زمین۔

(ضَرَطَ) ـِ ضَرْطًا و ضُرَاطًا گوز نکالنا
آواز کے ساتھ ہوا خارج کرنا هو ضَرُوْطٌ و
ضَرَّاطٌ: کہاوت ہے (قد يضرط العَيْرُ
والمِكواةُ فِى النَّارِ)
(ضَرِطَ) ـَ ضَرِطًا ضَرَطًا هو ضَرِطٌ۔
(اَضْرَطَهٗ) گوز نکلوانا۔
-بِهٖ: کسی کے سامنے مذاقاً منہ سے گوز کی آواز
نکالنا (۲) کسی کے قول وعمل کی تحقیر و تردید
کرنا۔
(ضَرَّطَ) ضَرَطَ۔
-فلانًا و غيرَهٗ گوز نکلوانا۔
-بِهٖ اَضْرَطَ عمرو بن ہند کو اس کی سختی اور قوت
(مضرطُ الحجارة) کہا جاتا تھا۔
(الضُّرَاطُ): گوز سرین سے آواز کے ساتھ
خارج ہونے والی ہوا۔
(الضَّرُوْطُ) گوز مارنے والا۔
(ضَرَعَ) الرَّضِيْعُ ـَ ضُرُوْعًا: شیر خوار بچہ کا
ماں کا دودھ پینا۔
-الشمسُ و نحوها قريب الغروب ہونا۔
ضَرَعَ مِنَ المغيب بھی کہتے ہیں۔
-الحيوانُ کمزور و لاغر ہونا۔
-إليهِ: عاجزی و انکساری کرنا تابع ہونا۔ (۲)
عاجزی کے ساتھ مدد مانگنا۔
(ضَرِعَ) ـَ ضَرَعًا و ضَرَاعَةً: کمزور اور
نحیف ہونا۔
-إليهِ و لَهٗ ضَرَعَ هو ضَرِعٌ و اَضْرَعُ
وهي ضَرِعَةٌ و ضَرْعَاءُ۔
(اَضْرَعَتِ) الأُنْثٰى مادہ جانور کا تھن نمودار

ہونا۔
-الحاملُ: حاملہ کے تھن کا ولادت سے پہلے موٹا ہو جانا۔
-فلاناً و الیہ اولہ: کسی کو عاجز کرنا' تابع کرنا (۲) کمزور کرنا۔ جیسے اَضْرَعَتْهُ الحُمّٰی۔
-اللّٰہُ خَدَّهٗ اللہ تعالیٰ کا کسی کو ذلیل و رسوا کرنا۔
-لفلان مَالاً و نحوہ: مال خرچ کرنا۔
(ضَارَعَهٗ) مشابہ ہونا۔
(تَضَارَعَا) باہم مشابہ ہونا۔
(تَضَرَّعَ) الیہ و لہ: عاجزی و انکساری کرنا' تابع ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا﴾
-الی اللہ: اللہ سے رو رو کر مانگنا۔
-منہ چپکے چپکے قریب ہونا۔
(الضَّارِعُ) کم عمر۔ خَدٌّ ضَارِعٌ: عاجزی سے جھکا ہوا رخسار۔ جَنْبٌ ضَارِعٌ: نرم پہلو۔ جِسْمٌ ضَارِعٌ کمزور اور دبلا بدن۔
(الضَّرْعُ) تھن (ج) ضُرُوْعٌ
-مَالَه زَرْعٌ ولا ضَرْعٌ اس کے پاس کچھ نہیں۔
(الضِّرْعُ) مشابہ' مثل (ج) ضُرُوْعٌ۔
(الضَّرَعُ) کم عمر (۲) بزدل۔
(الضَّرْعَاءُ) بڑے تھنوں والی (ج) ضُرْعٌ۔
(الضَّرُوْعُ) الضَّرْعَاءُ (ج) ضُرُعٌ۔
(الضَّرِيْعُ) شَاةٌ ضَرِيْعٌ خوبصورت پستانوں والی بکری (۲) خاردار گھاس (۳) دوزخ کا ایک خاردار اور کڑوا درخت جو انتہائی بدبودار ہو گا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ لَا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ﴾
(المُضَارِعُ) (نحاۃ کے نزدیک) وہ فعل جو حروف مضارع زوائد یعنی (اتین) میں سے کسی حرف سے شروع ہو اور حال اور استقبال پر دلالت کرے۔ فعل مضارع (۲) علم عروض کی اصطلاح میں ایک بحر کا نام جس کا وزن مفاعیلن فاعلاتن دو مرتبہ ہے' اس کو مضارع اس لئے کہتے ہیں کیونکہ یہ بحر مُجتَث کے

مشابہ ہوتی ہے۔
(ضَرْغَمَتِ) الْأَبْطَالُ و نَحْوُهُمْ: شیروں کی طرح بہادری اور جرأت سے کام کرنا۔
(تَضَرْغَمَتِ) الْأَبْطَالُ و نحوهُمْ: ضَرْغَمَتْ۔
(الضِّرْغَامُ) خونخوار طاقتور شیر (۲) بہادر آدمی (ج) ضَرَاغِمُ و ضَرَاغِمَةٌ۔
(الضِّرْغَامَةُ) الضِّرْغَامُ۔
(الضَّرْغَمُ) الضِّرْغَامُ۔
(ضَرُكَ)ـُ ضَرَاكَةً: مضبوط و قوی الاعصاب ہونا (۲) بے وقوف ہونا (۳) محتاج ہونا۔
(الضُّرَاكُ) مضبوط اور سخت اعضاء والا
(الضَّرِيْكُ) فقیر و محتاج (۲) بے وقوف هُمْ ضُرَكَاءُ و ضَرَائِكُ و هُنَّ ضَرَائِكُ۔
(ضَرِمَتِ) النَّارُ: آگ سلگنا' بھڑکنا۔
-فلانٌ: سخت غضبناک ہونا (۲) بہت بھوکا ہونا۔
الشيءُ: بہت گرم ہونا۔
-فلانٌ فِي الأمْرِ: کسی کام میں جلدی کرنا۔
-فی عدوہ و فی اکلہ: تیز دوڑنا یا تیز کھانا۔ هو ضَرِمٌ و ضَارِمٌ۔
(أَضْرَمَ) النَّارَ: آگ جلانا' بھڑکانا۔
-الشيءَ: آگ لگانا (۲) تیز گرم کرنا۔
(ضَرَّمَ) النَّارَ و نحوَهَا: آگ کو خوب جلانا' دھکانا۔
(اضْطَرَمَتِ) النَّارُ: آگ سلگنا' بھڑکنا۔
-الشَّرُّ و الحربُ بينهُمْ: لوگوں میں لڑائی کے شعلے بھڑکنا۔
-الشَّيْبُ فِي الرَّأسِ: بڑھاپا آ جانا۔
(تَضَرَّمَتِ) النَّارُ و غيرُهَا آگ سلگنا' دھکنا۔
-علیہ غَضَباً سخت غصہ ہونا۔
(اسْتَضْرَمَ) الحَبُّ و نَحْوُهٗ: غلہ کے دانوں کا موٹا ہو کر بھوننے کے قابل ہو جانا۔
(الضِّرَامُ) آگ کی دھک' بھڑک (۲) ایندھن (لکڑی وغیرہ) (۳) جلد شعلہ دینے والی چیز جس کا انگارہ نہ ہو۔ واحد ضِرَامَةٌ۔

(الضُّرْمُ): ایک خوشبودار بوٹی۔ اس کا دھواں بھی خوشبودار ہوتا ہے اور یہ لبنان کے علاقوں میں پائی جاتی ہے۔
(الضَّرَمُ) الضِّرَامُ۔
(الضَّرَمَةُ): انگارہ (۲) آگ (۳) کھجور کی شاخ جس کے کنارے پر آگ جلتی ہوئی ہو۔ کہاوت ہے (مابها نافخُ ضَرَمَةٍ) گھر میں کوئی نہیں۔
(الضَّرِيْمُ) جلتی ہوئی آگ (۲) جلتی ہوئی چیز۔
(ضَرَا) العِرْقُ و الجُرْحُ ـُ ضَرْواً و ضُرُوّاً: رگ یا زخم سے مسلسل خون نکلنا۔
-الاناءُ و نحوهٗ: برتن وغیرہ سے لگاتار کوئی چیز بہنا۔
-فلانٌ و غیرہٗ: پوشیدہ ہو جانا۔ هو ضارٍ و ضَرِيٌّ۔
(ضَرَى) العِرْقُ و غیرہٗ ـِ ضَرْياً: ضَرَا۔
(ضَرِيَ)ـَ ضَرًا و ضَرَاءً و ضَرَاوَةً: سخت ہونا۔
-بہٖ اَوْ علیہ: کسی چیز سے لگے رہنا (۲) عاشق و دلدادہ ہونا (۳) عادی ہونا اور اس پر دلیر ہونا۔
(ضَرَّاهُ) مبالغہ اضراه۔
ضَرَّاهُ بہ و علیہ بھی کہتے ہیں۔
(اسْتَضْرَى) الصَّيْدَ و نحوهٗ شکار کو اچانک بے خبری میں پکڑ لینا۔
-لِلصَّيْدِ: داؤ لگانا۔
(الضَّارِي) من الجَوَارِحِ و الكِلَابِ: شکاری کتا یا پرندہ (۲) خونخوار درندہ جو گوشت کا عادی ہو (۳) لوگوں کے کھیت چرنے کے عادی مویشی (ج) ضَوَارٍ۔
(الضَّرَاءُ) کھلی جگہ' کشادہ میدان (۲) درندوں کی پناہ گاہ (۳) ہموار درختوں والی زمین۔
-هُوَ يَدِبُّ لَهُ الضَّرَاءَ اَوْ يَمْشِي لَهُ الضَّرَاءَ: وہ اسے دھوکہ دیتا ہے اور اس کے ساتھ چال چلتا ہے۔

(الضِرْوُ) شکاری کتوں کے پلّے (ج) اَضْرٍ و ضِرَاءٌ۔
(الضَّرِیُّ) الضَّارِیْ۔

ض ..... ز

(ضَزَنَہ) ـُ ضَزْنًا کسی سے کوئی چیز چھین لینا۔
(تَضَازَنَا) ایک دوسرے سے لینے میں زبردستی اور مقابلہ کرنا۔
(الضَّیْزَنُ): کسی معاملہ میں مزاحمت کرنے والا' اپنے باپ کی بیوی اور بہو سے شادی کرنے والے مجوسی کو کہا جاتا تھا: لہ ضَیْزَنٌ لذلك (۲) چرخی کا سوراخ کشادہ ہونے پر اسے ٹھیک کرنے کا چمڑے یا لوہے وغیرہ کا ٹکڑا (۳) قابل اعتماد آدمی۔

ض ..... ع

(ضَعْضَعَ) البناءَ: عمارت زمین تک گرادینا۔
- الرَّجُلَ: کمزور کرنا (۲) تابع کرنا (۳) ذلیل کرنا۔
(تَضَعْضَعَ) جِسْمُہ: بیماری یا غم وغیرہ کی وجہ سے کمزور دبلا ہو جانا۔
-مَالُہ: دولت کم ہوجانا۔
-بِہِ الدَّھْرُ: ذلیل کردینا۔
(الضَّعْضَاعُ): ہر کمزور چیز (۲) بے رائے شخص۔
(الضُّعْضُعُ): الضَّعْضَاعُ۔
(ضَعَّ) الجَمَلَ وَ نَحْوَہٗ ـُ ضَعًّا: اونٹ کو سدھانا یا اسے ضَع کہنا۔
(ضَعْ): ایک آواز جو اونٹ کو سدھانے اور قابو میں کرنے کے لئے نکالی جاتی تھی۔
(ضَعَفَ) الشئَ ـِ ضَعْفًا: دوگنا کرنا۔
-القومَ: تعداد بڑھانا۔
(ضَعُفَ) ـُ ضَعْفًا: کمزور و بیمار ہونا۔
- الشئُ: زیادہ ہونا۔ حدیث میں ہے: (تضعف صلاۃُ الجماعۃ علٰی صلوۃِ الفذِّ خمسًا و عشرین درجۃً)
(أَضْعَفَ) الرَّجُلُ: مال میں خوب اضافہ ہونا (۲) کسی کے جانور وغیرہ کا کمزور ہونا۔
-الشئَ: زیادہ کرنا۔
-لہ الوُدَّ: کسی سے تعلق بڑھانا۔
-القَومَ و غَیرَھُم: کئی گناہ زیادہ دینا۔
-الرَّجُلَ و نحوَہٗ: کمزور کرنا۔
(ضَاعَفَہٗ) ضَعَّفَہ - ضَاعَفَ لہ العطاءَ و غیرہٗ: کئی گنا زیادہ عطا کرنا۔
(ضَعَّفَہ) أضعفہ۔
- الحَدِیْثَ او الرَّأْیَ: حدیث یا رائے کو ضعیف قرار دینا۔
- الشئَ: کسی چیز کو تہ لگانے کے لئے دوگنا کرنا۔
(تَضَاعَفَ): لازم ضَاعَفَہ (۲) دوگنا ہونا۔
(اِسْتَضْعَفَہ): کمزور سمجھنا' کمزور پانا (۲) تابع کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَجَعَلَ أَھْلَھَا شِیَعًا یَسْتَضْعِفُ طَائِفَۃً مِّنْھُمْ﴾
(التَّضَاعِیْفُ) تَضَاعِیفُ الشئِ اضافے' بڑھنے کی کیفیت۔
-تَضَاعِیفُ الکتابِ: کتاب کے حاشیے اور بین السطور۔
(الضِّعْفُ): گنا' مثل۔ ضعفُ الشئ: دوگنا چیز۔
لفظ ضِعف کے بارے میں قاعدہ یہ ہے کہ جس عدد کی طرف اس کی اضافت ہوگی وہ عدد اپنے اسی جیسی عدد کے ساتھ مل کر دوگنا ہو جائے گا جیسے ایک کا ضعف دو اور دس کا ضعف بیس۔ ایک عدد یا ایک چیز کبھی ایک سے زائد بھی ہوتی ہے جیسے ضعفا الشئِ او العَدَدِ: اس صورت میں چیز تین گنا ہوگی ایک وہ خود اور دو اس کی مثلیں۔ اگر کہا جائے أعطِہ ضعفَیْ واحدٍ: تو معنی ہوگا اسے تین دو۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ربَّنَا اٰتِھِمْ ضِعْفَیْنِ مِنَ الْعَذَابِ﴾ کی تفسیر بعض مفسرین نے تین عذابوں سے کی ہے۔ لفظ جمع اضعاف کی اضافت جس عدد کی طرف ہوگی تو وہ چہار گنا ہو جائے گا۔ کبھی ضعف کا معنی ایک چند (گنا) کے ہوتے ہیں اور کبھی کئی گنا پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے چنانچہ اگر کہا جائے ھٰذا ضِعْفُ ذٰلِكَ تو معنی یہ ہوگا کہ یہ چیز اس کی دوگنی ہے یا کئی گنی ہے (تین گنی ہے)
-من الشئِ: کسی چیز کی تہ یا درمیانی حصہ۔ اسی قبیل سے ہے أضعاف الکتاب کتاب کے حواشی و بین السطور۔ أضعافُ الجَسَدِ بدن کے اعضاء اور ہڈیاں۔
(الضِّعْفَانُ): کمزور (ج) ضَعَافٰی۔
(الضَّعْفَۃُ) دل کی کمزوری (۲) ناسمجھی' بے عقلی۔
(الضَّعُوْفُ) بہت کمزور (ج) ضُعُفٌ۔
(الضَّعِیفُ) عورت' غلام۔ حدیث میں ہے (اتقوا اللہ فی الضَّعِیْفَیْنِ) (ج) ضِعافٌ و ضُعَفَاءُ و ضَعْفٰی و ضَعَفَۃٌ (۲) حدیث کی اصطلاح میں جو کسی بھی سبب سے حسن کے مقابلہ میں کم درجہ ہو (ج) ضِعَافٌ۔
(المُضَاعَفُ): دوگنا' ڈبل' دہرا۔
-مُضَاعَفُ الثُّلَاثِیْ وہ فعل جس کا عین اور لام کلمہ ایک جنس کا ہو جیسے شَدَّ۔
-مُضَاعَفُ الرُّبَاعِیْ وہ فعل جس کا فاء کلمہ اور لام کلمہ اول ایک جنس اور عین کلمہ و لام کلمہ ثانی ایک جنس کے ہوں۔ جیسے زَلْزَلَ قَھْقَہَ۔
-فی الحساب: المضاعف البسیط اس سب سے چھوٹے عدد کو کہتے ہیں جو دو عدد یا زیادہ پر تقسیم قبول کرے۔
(المُضَاعَفَۃُ) دوہرے حلقوں والی زرہ۔
-الا ضعاف المُضَاعَفَۃُ: گنا در گنا' چند در چند۔ قرآن مجید میں ہے۔
﴿لَا تَأْکُلُوا الرِّبٰوا أَضْعَافًا مُّضَاعَفَۃً﴾
(المُضَعَّفُ) المضاعف (صرفیوں کی اصطلاح)
(المُضْعَفَۃُ) أَرْضٌ مُضْعَفَۃٌ وہ زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔

ض غ

(الضُّغْبُوْسُ) چھوٹا کھیرا (۲) لومڑی کا بچہ (۳) کمزور حقیر (ج) ضَغَابِیْسُ۔
(ضَغَثَ) الحَشِیشَ وَ غیرَہٗ ـَ ضَغْثًا

گھاس اکٹھی کرنا' مٹھا باندھنا۔
-الاشیاءَ خلط ملط کرنا۔
-الحدیثَ: گفتگو کو الجھا دینا۔
-المرأۃُ شعرَھا: بال دھوتے وقت ان میں ہاتھ گھمانا تاکہ پانی جڑوں تک پہنچ جائے۔
-الشیَٔ: ٹٹول کر دیکھنا۔
(أضغَثَ) الشیَٔ سمیٹ کر گٹھا بنانا۔
-الحالِمُ الرُّؤیا: خواب کو غیر واضح طور پر بیان کرنا۔
(ضَغثه) مبالغہ ضَغَثَه۔
(الضَّغاثَةُ) بچی کھچی ردی مال۔
(الضِغثُ) المضغوثُ (۲) ہر چیز کا مٹھا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِهِ وَلَا تَحْنَثْ﴾ (ج) أَضْغَاثٌ۔
- أتانا بأضغاثٍ من اخبارٍ وہ ہمارے پاس مختلف قسم کی ملی جلی خبریں لایا۔
-أضغَاثُ الأحلامِ ناقابل تعبیر الجھے ہوئے خواب۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿قَالُوٓا أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ﴾
- ضِغثٌ علٰی إبّالَةٍ مصیبت بالائے مصیبت۔
(ضَغضَغ) الأدرَدُ اللُّقمَةَ و نحوَھا. پوپلے آدمی کا لقمہ وغیرہ چبانا جس سے آواز سنی جائے۔
-اللحمَ فی فیه گوشت کو ہلکا سا چبانا۔
-الکلامَ چبا چبا کر بولنا۔
(ضَغطه) - ضَغطًا دیوار وغیرہ سے لگا کر دبانا۔
-الکلامَ کلام میں اختصار کرنا۔
-علیه فی غُرمٍ و نحوِہ. کسی پر تاوان وغیرہ کے لئے دباؤ ڈالنا (۲) تنگ کرنا' مجبور کرنا۔
(ضاغطه) مُضاغطَةً و ضِغاطًا مزاحمت کرنا۔
(تضاغطا) ایک دوسرے کو دبانا' باہم مزاحمت کرنا۔
(الضَّاغِطُ) نگہبان' محافظ (ج) ضَوَاغِطُ۔

(الضَّاغِطَةُ): روئی وغیرہ دبانے کی مشین (محدثہ)
(الضَّغطُ) ضَغطُ الدَّمِ: خون کا دباؤ' بلڈ پریشر (۲) فضائی دباؤ' اس دباؤ کو کہتے ہیں جو ایک خاص نقطہ پر مرکوز ہوتا ہے اور یہ اس ثقل کی بنا پر ہوتا ہے جو اس نقطہ پر ہوا کے ستون سے پیدا ہوتا ہے (مج)
(الضَّغطَةُ): تنگی (۲) زبردستی' مجبوری۔
(الضُّغطَةُ): سختی' تنگی (۲) قرض خواہ اور قرض دار کے درمیان آویزش جس میں قرض دار ٹال مٹول کر کے قرض کے کچھ حصہ کو کم کرانے کا خواہش مند ہوتا ہے۔
(الضَّغِیطُ): رَجُلٌ ضَغِیطٌ: کمزور رائے والا آدمی۔
بئرٌ ضَغِیطٌ: وہ کنواں جس کا پانی خراب ہو کر رستا ہوا برابر والے کنویں تک پہنچ کر اس کے پانی کو بھی خراب کر دے یا وہ کنواں جس کا پانی اس کے قریب کنواں کھودنے کی وجہ سے کم ہو گیا ہو (ج) ضَغطٰی۔
(المَضغَطُ) نشیبی زمین جہاں پانی رک جاتا ہو (ج) مَضَاغِطُ۔
(ضَغَمه) و به - ضَغمًا: پورا منہ لگا کر زور سے کاٹنا۔
-الفقرُ: غربت کا کسی کو ستانا۔
(أضغَمَ) الفَمُ منہ کا بہت لعاب والا ہونا۔
(الضُّغَامَةُ): دانتوں سے کاٹ کر پھینکی ہوئی چیز۔
(الضَّیغَمُ) بڑی باچھوں والا شیر (ج) ضَیَاغِمُ و ضَیَاغِمَةٌ۔
(ضَغِنَ) العُودُ و نحوُہُ - ضَغَنًا ٹیڑھا اور پیچ دار ہونا۔
-الدَّابَّةُ: جانور کا سرکش ہونا' قابو میں نہ آنا۔
-الیه چاہت رکھنا' مشتاق ہونا۔
-علیه کینہ رکھنا' کسی سے دل میں سخت دشمنی رکھنا۔
-صَدرُہُ دل میں کینہ رکھنا۔ ھُوَ ضَغِنٌ و ضَاغِنٌ۔

(أضغَنَ) علیه ضَغِینَةً: دل میں دشمنی چھپائے رکھنا۔
(ضَاغَنَه) دشمنی رکھنا' بغض کا بدلہ بغض سے دینا۔
(اضطغَنَ) القومُ باہم کینہ رکھنا۔
-فلانٌ علٰی فلانٍ: کینہ و بغض رکھنا۔
-بالثّوبِ کپڑا اوڑھنا۔
(تضاغَنَا): باہم کینہ رکھنا' حسد کرنا۔
(الضَّاغِنُ) من الخیلِ و نحوِھا: وہ گھوڑا وغیرہ جو بغیر پٹائی کے نہ چلتا ہو۔
(الضِّغنُ): زبردست کینہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَلَا يَسْأَلْكُمْ أَمْوَالَكُمْ إِن يَسْأَلْكُمُوهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوا وَيُخْرِجْ أَضْغَانَكُمْ﴾ مقولہ ہے: سَلَّ ضِغنَ فلانٍ کسی کو راضی کرنا (۲) جھکاؤ' میلان' اشتیاق۔
ناقَةٌ ذاتُ ضِغنٍ: اپنے وطن کی مشتاق اونٹنی (ج) اضغانٌ۔
-مجامعُ الاضغانِ دل۔
(الضَّغُونُ). اس طرح دوڑنے والا کہ پیچھے مڑتا ہوا معلوم ہو (ج) ضُغُنٌ۔
(الضَّغِینَةُ) شدید بغض و عداوت (ج) ضغائِنُ۔
(ضَغَا) القِطُّ و نحوُہُ - ضَغوًا و ضُغَاءً: لومڑی' بلی' بھیڑیے کتے اور سانپ کا کسی تکلیف کی وجہ سے چیخنا' اس کا استعمال انسان کے لئے ہوتا ہے جبکہ وہ کسی درد و تکلیف کی وجہ سے کسی سے فریاد کرے۔
-المَقهُورُ مظلوم آدمی کا شور مچانا اور بے بس ہو جانا۔
(أضغَاہُ) بلی وغیرہ کو ایسی تکلیف دینا کہ وہ شور مچائے۔
(ضَغَّاہُ) أضغَاہُ۔
(تَضَاغَی) القِطُّ و غیرُہُ ضَغَا
-من الجُوعِ و الالَمِ بھوک یا تکلیف کی وجہ سے چلانا' بلبلانا۔
-الشَّرِبدَۃُ و نحوُھا: ثرید سے گھی ملاتے وقت آواز نکالنا۔

(الصَّاغِيَةُ) چیخنے چلانے والی (۲) بلی وغیرہ کی درد و طلب (ج) صَوَاغِ۔

ض ......ف

(ضَفْدَعَ) الماءُ او المكانُ: زیادہ مینڈکوں والا ہونا۔
(الضُّفْدُعُ): مینڈک (مذکر و مؤنث) (ج) ضَفَادِعُ۔
نَقَّتْ ضَفَادِعُ بطنه بہت زیادہ بھوک لگنا۔
(الضِّفْدَعُ) مینڈک۔
(ضَفَرَ)۔ ضَفْرًا کودنا، دوڑنا۔
-الشَّعْرَ و غَیْرَہٗ چوٹی بنانا، گوندنا۔
-الحَبْلَ او الخَیْطَ: رسی یا دھاگے کو بٹنا، بل دینا۔
-البناءَ و نحوَہٗ: چونے اور مسالے کے بغیر پتھروں کی عمارت بنانا (۲) پتھروں کو چوٹی کی طرح ایک دوسرے میں گھسا کر چھوڑنا۔
(ضَافَرَہٗ) عَلَیْہِ: مدد کرنا، پشت پناہی کرنا۔
(ضَفَّرَہٗ) مبالغہ فی ضَفَرَہٗ۔
(انْضَفَرَ) الحَبْلَانِ و نَحْوُهُمَا: دو رسیوں وغیرہ کا گندھ جانا یا گوندھا ہوا ہونا۔
(تَضَافَرُوْا) علیہ: کسی معاملہ میں ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
(الضِّفَارُ) بالوں کی رسی سے جس سے اونٹ وغیرہ کو باندھا جاتا ہے (ج) ضُفُرٌ
(الضَّفْرُ) الضِّفَارُ (۲) کمر وغیرہ پر باندھنے کی پٹی (۳) بالوں کی الگ گندھی ہوئی لٹ (۴) ریت کا بڑا ٹیلہ (ج) ضُفُوْرٌ و أَضْفَارٌ۔
(الضَّفِیْرُ) گندھے ہوئے بال وغیرہ۔
-ضَفِیْرُ البحرِ سمندر کا کنارہ ساحل۔
(الضَّفِیْرَۃُ) چوٹی (بالوں کی ایک ایک لٹ جسے گوندھا جائے) (۲) پانی کی روک والی دیوار (ج) ضَفَائِرُ و أَضْفَارٌ۔
(ضَفَزَ)۔ ضَفْزًا کودنا، دوڑنا۔
-الشَّیْءَ: دھکا دینا، دھکیلنا۔
-اللجامَ او العَلَفَ فی فَمِ الفرسِ: منہ میں لگام یا چارہ ڈالنا۔
-الحیوانَ: چارے میں جو ملا کر کھلانا (۲) زبردستی کھلانا۔
(اضْطَفَزَ) الشیءَ مجبوراً منہ میں لینا۔
(الضَّفَزُ): کٹے ہوئے اور تر کئے ہوئے جو وغیرہ کا چارہ۔
(الضَّفَّازُ): چغل خور۔
(الضَّفِیْزَۃُ) الضَّفَزُ (۲) بڑا لقمہ۔
(ضَفَّ) القومُ علی الشیءِ ۔ ضَفًّا: اکٹھا ہونا، بھیڑ لگانا۔
-المُصْطَلِیْ: آگ تاپنے والے کا انگلیاں ملا کر آگ کے قریب کرنا۔
-الشیءَ اکٹھا کرنا۔
(تَضَافُّوْا) عَلَی الشَّیْءِ: کسی چیز کے لئے بھیڑ لگانا، سب کا اکٹھا ہونا (۲) لوگوں کا مال کم ہو جانا۔
(الضَّفُّ) رَجُلٌ ضَفُّ الحَالِ: تنگدست آدمی۔
(الضُّفُّ) مٹیالے رنگ کا ایک کیڑا جس کے کاٹنے سے ڈھیری پڑ جاتی ہے (ج) ضِفَفَةٌ۔
(الضَّفَفُ) بدحالی، تنگدستی (۲) تھوڑا سا کھانا (۳) قلت خوراک کے ساتھ کھانے والوں کی کثرت (۴) اہل وعیال کی کثرت (۵) پانی وغیرہ پر لوگوں کی بھیڑ (۵) اوچھا پیمانہ (۶) ڈھیری ہوئی چیز (۷) رائے کی کمزوری (۸) جلدی، عجلت۔
(الضَّفَّۃُ) کنارہ، ساحل۔ هُمَا ضَفَّتَان (۲) پانی کا پہلا اچھال (۳) لوگوں کی جماعت (ج) ضِفَافٌ۔
(الضِّفَّۃُ) الضَّفَّۃُ (ج) ضِفَفٌ
(الضَّفُوْفُ) من العیونِ بہت پانی والا چشمہ۔
-من الشاۃِ و الابلِ زیادہ دودھ والی بکری یا اونٹنی (ج) ضُفُفٌ۔
(الضَّفِیْفُ) فلانٌ مِنْ لَفِیْفِنَا و ضَفِیْفِنَا بوقت مصیبت وہ اور ہم ساتھ ہو جاتے ہیں۔
(الضَّفِیْفَۃُ): کمزور پودا یا سبزی۔
(المَضْفُوْفُ): وہ چیز جس پر بھیڑ لگی ہو (۲) خالی ہو جانے والا آدمی۔
(ضَفَنَ) بِالشَّیْءِ ۔ ضَفْنًا پھینکنا۔
-الدَّابَّۃُ بِرِجْلِهَا لات مارنا۔
-الیہ: کسی کے پاس بیٹھنے کے لئے جانا۔
-مَعَ الضَّیْفِ مہمان کی ساتھ چلنا۔
-الشَّیْءَ عَلَی الدَّابَّۃِ کوئی چیز جانور پر لادنا۔
(ضَافَنَہٗ) علیہ: مدد کرنا۔
(تَضَافَنُوْا) باہم ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
(الضِّفَنُّ) پست قد (۲) موٹا اور بیوقوف۔
(ضَفَا) الشیءُ ۔ ضَفْوًا او ضُفُوًّا بڑھنا، زیادہ ہونا۔
-الثوبُ: کپڑے کا پورا ہونا۔
-رَأْسُہٗ: سر کا زیادہ بالوں والا ہونا۔
-الحَوْضُ و نَحْوُہٗ حوض وغیرہ کا کناروں تک بھرا ہوا ہونا۔
-فلانٌ ضَافِی الفضلِ و نحوہ فلاں بہت زیادہ سخی ہے۔
(الضَّفَا) کنارہ، جانب، پہلو۔
(الضَّفْوَۃُ) ضَفْوَۃُ العَیْشِ خوشحالی، آسودگی۔

ض ...... ک

(ضَکْضَکَ): تیز چلنا۔
-الشَّیْءَ دبانا، بھینچنا۔
-المطرُ و الأَرْضَ بارش کا زمین کو دھو دینا۔
(تَضَکْضَکَ) دبنا، بھینچنا (۲) زمین کا بارش سے دھل جانا (۳) خوش ہونا، بےتکلف ہونا۔
(الضُّکَاضِکُ) گٹھے ہوئے بدن کا ٹھگنا آدمی۔
(الضَّکْضَاکُ) الضُّکَاضِکُ۔
(ضَکَّہٗ) ۔ ضَکًّا دبانا، بھینچنا (۲) زور سے چٹکی بھرنا۔
-الأَمْرُ فلانًا پریشان کرنا، تڑپانا۔
-فلانًا بِالحُجَّۃِ دلیل سے مغلوب کرنا۔

ض ل

(ضَلَعَ) ۔ ضَلْعًا پسلی کی طرح ٹیڑھا ہونا۔
-عن الحق حق سے اعراض کرنا۔ اسی سے کہتے ہیں۔ ضَلْعُكَ مَعَ فلانٍ تو فلان سے

محبت رکھتا ہے۔
-علیه ظلم وزیادتی کرنا۔
-الحیوانَ پسلی توڑنا۔
(ضَلِعَ)- ضَلَعًا ٹیڑھا ہونا۔
-مَعَ فُلانٍ کسی کی طرف مائل ہونا اور اس کی مدد ومعاونت کرنا (۲) شکم سیر ہونا' پانی سے سیر ہونا (۳) طاقتور ہونا۔
(ضَلُعَ) ـُ ضَلَاعَةً مضبوط وقوی ہونا (۲) مضبوط پسلیوں والا ہونا۔
-فَمُه چوڑے منہ والا ہونا (۲) ملے ہوئے دانتوں والا ہونا۔
(اَضْلَعَتِ) الدَّابَّةُ بوجھ اُٹھانے کے قابل نہ ہونا۔
-للشئِ و علیه قابو پانا' قادر ہونا۔
-الشئَ جھکانا' ٹیڑھا کرنا۔
-الحِمْلُ الدَّابَّةَ و نَحْوَهَا سامان کا جانور کو بوجھل کر دینا۔
-فلاناً الخُطُوبُ مصائب کا سختی اور تنگی پیدا کرنا۔
(ضَلَّعَهٗ) پسلیوں جیسے نقش ونگار بنانا۔ جیسے ضَلَّعَ الثوبَ اوِ النَّسِیْجَ۔
-شیٔ او شکلٌ او رَسْمٌ مُضَلَّعٌ پسلی جیسی شکل یا نقش وغیرہ۔
(اضْطَلَعَ) للأمْرِ و علیه قابو پانا' قادر ہونا۔
-به کسی چیز پر قابو پانا (۲) کسی چیز کو لے کر اٹھنا۔
(تَضَلَّعَ) کھانے یا پانی سے سیر ہونا۔
-من العلومِ و نحوِهَا علوم میں ماہر اور پختہ ہونا۔
(اسْتَضْلَعَ) تَضَلَّعَ۔
(الأضْلَعُ) سخت اور مضبوط پسلیوں والا (۲) پسلیوں کی طرح چوڑے دانتوں والا (ج) ضُلْعٌ۔
(الضَّالِعُ) ٹیڑھا (ج) ضَوَالِعُ۔
(الضِّلَعُ) پسلی (۲) ٹیڑھی شاخ (۳) علم ہندسہ کے مطابق) مثلث کا احاطہ کرنے والا ایک خط یا ایک خط جو زمین پر کھینچا جائے اور پھر دوسرا خط کھینچ کر دونوں کے درمیان چھوٹے چھوٹے خطوط کھینچیں جائیں۔ (ج) اَضْلُعٌ و ضُلُوْعٌ و أَضْلَاعٌ۔
(الضُّلُوْعُ) ڈھلواں زمین۔
(الضَّلِیْعُ) طاقتور (۲) مضبوط پسلیوں والا (۳) بھاری سینہ اور بڑے پہلوؤں والا (۴) کشادہ دہن اور بڑے دانتوں والا (۵) خم دار ٹیڑھی کمان (ج) ضُلُعٌ و هُنَّ ضَلَائِعُ
(ضَلَّ)- ضَلًّا و ضَلَالًا و ضَلَالَةً پوشیدہ ہونا (۲) غائب ہونا۔ جیسے: ضَلَّ الشئُ فِی الشئِ (۳) ضائع ہونا (۴) ہلاک و برباد ہونا (۵) باطل و بے اثر ہونا (۶) چلا جانا' گمراہ ہو جانا' بیانہ چلنا۔
-سعیُه کوشش کا بیکار اور ضائع ہو جانا۔
-المَیِّتُ فِی الأرْضِ مردہ کا زمین میں گل سڑ کر معدوم ہو جانا۔
-النَّاسِیْ یادداشت ختم ہو جانا۔
-الشئَ و عنه و فیه: بھول جانا (۲) گم کرنا' نہ پانا۔
-الطَّرِیْقَ راستہ بھولنا' بھٹکنا۔
-الشئُ فلاناً کسی چیز کا قابو میں نہ آنا' قبضہ سے نکل جانا۔
(ضَلَّ) - ضَلًّا و ضَلَالَةً بمعنی ضَلَّ یَضِلُّ۔
(أضَلَّه) متعدی ضَلَّ (۲) پوشیدہ رکھنا' چھپانا (۲) غائب کرنا (۲) دفن کرنا (۳) ہلاک و برباد کرنا (۵) گمراہ پانا یا سمجھنا۔
-الشئُ فلاناً قبضہ وقدرت سے باہر ہونا۔
-اللّٰهُ أعْمَالَهُمْ اللہ تعالیٰ کا اعمال کو ضائع کرنا' اجر وثواب نہ دینا۔
(ضَلَّلَه) تَضْلِیْلًا و تَضْلَالًا گمراہ کرنا (۲) گمراہ قرار دینا۔
-الماءَ چٹانوں یا درختوں میں پانی چھوڑنا۔
(تَضَالَّ) فلانٌ گمراہ ہونے کا دعویٰ کرنا (۲) گمراہی کو ظاہر کرنا۔
(تَضَلَّلَ) الماءُ مِنْ تحتِ الحَجَرِ زیر چٹان پانی جاری ہونا۔

(اسْتَضَلَّ) ضَلَالَةً کسی کی گمراہی چاہنا۔
(الأُضْلُوْلَةُ) گمراہی (ج) اَضَالِیْلُ۔
(الضَّالُّ) گمراہ ہر وہ شخص جو اللہ کے دین حق سے اعراض کرے (ج) ضُلَّالٌ۔
(الضَّالَّةُ) کھوئی ہوئی چیز' تلاش کی جانے والی گمشدہ چیز خواہ محسوسات میں سے ہو یا معنویات میں ہے۔ خاص طور پر حسی چیزوں میں جانور پر اس کا اطلاق ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے (الحکمةُ ضَالَّةُ المؤمن) (ج) ضَوَالٌّ۔
(الضَّلَالُ) غیبوبت (۲) ہلاکت (۳) باطل (۴) بھول (۵) بے راہ روی۔ قصداً ہو یا سہواً' تھوڑی ہو یا زیادہ' گمراہی۔ مقولہ ہے: هو الضَّلَالُ ابن التَّلَالِ: وہ نا جانے کس کی اولاد ہے اور کون ہے۔
(الضَّلَالَةُ) الضَّلَالُ (۲) ایسا راستہ جو مقصود نہ پہنچائے۔
-ضَلَالَةُ العَمَلِ عمل کا ضیاع۔
(الضِّلُّ) الضَّلَالُ۔
(الضِّلُّ) هُوَ ضِلُّ بْنُ ضِلٍّ: وہ مجہول النسب ہے یا انتہائی گمراہ ہے اور نہ جانے وہ کون ہے اور کس سے ہے یا وہ فضول یا نکما ہے۔
(الضَّلَلُ) وہ پانی جو زیر چٹان یا درختوں کے درمیان چلتا ہو اور اس پر دھوپ نہ پڑتی ہو۔
(الضَّلَّةُ) حیرانگی۔
(الضُّلَّةُ) سفر میں راہنمائی کی واقفیت و مہارت۔ هُوَ دَلِیْلٌ ذُوْضُلَّةٍ وہ ماہر رہبر ہے۔
(الضِّلَّةُ) ذَهَبَ دَمُه ضِلَّةً اس کا خون رائیگاں ہوا۔ هُوَ ابْنُهٗ لِضِلَّةٍ بے نفع و مکار آدمی۔
(الضِّلِّیْلُ) گمراہ ترین انتہائی گمراہ (۲) لغویات اور فضول باتوں کو پسند کرنا۔ اسی وجہ سے امرؤالقیس کو الملك الضِّلِّیل کہتے ہیں۔
(الضُّلُّوْلُ) الضِّلِّیْلُ (۲) الضَّالُّ۔
(المُضِلُّ) سراب (کیونکہ وہ دیکھنے والے کو دھوکہ دیتا ہے)

(المَضِلَّةُ) فِتنَةٌ مَضِلَّةٌ: ہلاکت خیز آفت
(مفرد وغیرہ اور مذکر و مؤنث سب کے لئے)
(ج) مَضَالُّ۔

ض ...... م

(اضمَحَلَّ) کمزور اور مضمحل ہونا (۲) آہستہ
آہستہ گھل کر ناپید ہوجانا' گراوٹ آجانا۔
-السحابُ: بادل چھٹ جانا۔
(ضَمَخَ) جَسَدَہ و غَیرَہُ بالطِّیبِ و غَیرِہِ
ـُ ضَمخًا: جسم وغیرہ پر خوب خوشبو ملنا۔
-فلانًا: تھکا دینا۔
(ضَمَّخَہُ) بالطّیب و غیرِہ: خوب خوشبو
ملنا۔ مبالغۃ ضَمَخَہُ۔
(تَضَمَّخَ) بالطِّیبِ و غیرِہ: بہت خوشبو
لگانا۔ اضطَمَخَ اور اَضَّمَخَ کا بھی یہی معنی
ہے۔
(الضِّخمَۃُ): ایک دفعہ کی لگائی ہوئی
زبردست خوشبو' (۲) موٹی اور چربی دار اونٹنی یا
عورت۔
(ضَمَدَ) الجُرحَ و غَیرَہُ ـِ ضَمدًا و
ضِمَادًا: زخم پر پٹی کرنا' یا دوا لگانا۔
- فلانًا: دلداری کرنا' دلاسہ دینا' ہمدردی کا
اظہار کرنا۔
- المراۃُ فلانًا: عورت کا کسی کو کسی سے دوستی
میں شریک کرنا۔
(ضَمِدَ) ـَ ضَمَدًا: سوکھنا' خشک ہونا۔ جیسے
ضَمِدَ الدَّمُ عَلَی الذَّبِیحَۃِ۔
-عَلَیہِ: سخت کینہ رکھنا۔
(أَضمَدَ) القَومَ و غَیرَہُم: اکٹھا کرنا' متحد
کرنا۔
(ضَمَّدَہُ) مبالغہ (ضَمَدَہُ)۔
(تَضَمَّدَ) لازم ضَمَّدَہُ۔
(الضِّمَادُ) عورت کی ایک وقت میں دو
مردوں سے دوستی تاکہ تنگی کے وقت میں دونوں
سے کما سکے (۲) پلاسٹر جو ٹوٹی ہوئی ہڈی کو
جوڑنے کے لئے لگایا جاتا ہے (۳) مرہم پٹی'
لیپ جو زخم پر لگایا جائے (ج) اَضمِدَۃٌ و
ضَمَائِدُ۔

(الضِّمَادَۃُ): لیپ' مرہم پٹی' پلاسٹر (۲) جراحی
کا پیشہ (ج) ضَمَائِدُ' اَنَا عَلَی ضَمَادَۃٍ مِنَ
الاَمرِ: میں معاملہ کے قریب ہوں۔
(الضِّمدُ): دوست' ساتھی (ج) اَضمَادٌ۔
(الضَّمَدُ): سخت کینہ ونفرت (۲) سخت غصہ
(۳) ظلم وزیادتی۔
(المِضمَدَۃُ) بیلوں کے جوتے جانے کی دو
لکڑیاں جو بیل کی گردن کے دونوں طرف رہتی
ہیں (ج) مَضَامِدُ۔
(ضَمَرَ) ـُ ضُمُورًا: لاغر و کمزور ہونا (۲)
سکڑنا' سمٹنا۔
-العُودُ و نَحوُہُ: شاخ کا سوکھ کر پتلا ہو جانا۔
(اَضمَرَتِ) المَرأۃُ و نَحوُھَا: عورت کا
حاملہ ہو جانا۔
-الشَّاعِرُ: شاعر کا اپنے شعر میں اضمار استعمال
کرنا۔
-الشَّیءَ: چھپانا۔
- فی نفسِہِ اَمرًا: دل میں کسی بات کا پختہ
ارادہ رکھنا۔
(ضَمَّرَہُ) دبلا اور لاغر کر دینا (۲) تابع کرنا'
ذلیل کرنا۔
-الفَرَسَ للسباق و نحوِہِ: گھوڑے کو دوڑ کی
تیاری کے لئے ایک عرصہ تک کھڑا کر کے کھلانا
اور میدان میں ہلکا پھلکا کر کے دوڑانا' کھانے
کی یہ مدت عربوں کے یہاں چالیس دن ہوتی
تھی۔
(اِضطَمَرَ) دبلا پتلا ہونا۔
-اللُّؤلُؤُ: موتیوں کا مل جانا۔
(اِنضَمَرَ) ضَمَرَ۔
(تَضَمَّرَ) لازم ضَمَّرَہُ۔
-الوَجہُ و نحوُہُ: کمزوری کی وجہ سے چہرہ سکڑ
جانا۔
(الإِضمَارُ): سبب کے جز ثانی کو ساکن کر دینا
جیسے مُتَفَاعِلُن سے مُتفَاعِلُن پھر یہ منتقل ہو گا
مُستَفعِلُن کی طرف (علم عروض کی اصطلاح)
(الضَّامِرُ): پتلا دبلا' چھریرے بدن کا۔ جیسے:
جَمَلٌ ضَامِرٌ و نَاقَۃٌ ضَامِرٌ و ضَامِرَۃٌ

قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاَذِّن فِی النَّاسِ
بِالحَجِّ یَاتُوکَ رِجَالًا وَّعَلٰی کُلِّ ضَامِرٍ﴾
(ج) ضُمَّرٌ و ضَوَامِرُ۔
(الضِّمَارُ): غائب (۲) ناقابل وثوق
معاملہ۔
-مَالٌ ضِمَارٌ: ناقابل واپسی مال۔
- دَینٌ ضِمَارٌ: ایسا قرض جس کی واپسی کی
اُمید ہو۔
-وَعدٌ ضِمَارٌ: ٹال مٹول کا وعدہ۔
(الضَّمرُ): تنگ' رَجُلٌ ضَمرٌ: پتلے پیٹ والا
(۲) پوشیدہ یا پوشیدہ کیا ہوا (۳) الضمیر۔
(الضُّمُورُ) دبلا پن۔
(الضَّمِیرُ): پوشیدہ' مضمر (۲) دل کی بات'
پوشیدہ خیال (۳) ایک انسانی خوبی جو اچھے اور
برے اعمال' اقوال اور افکار کی تمیز اور اچھے کو
اچھا سمجھنا اور برائی کو برا جاننے کا کام انجام
دیتی ہے (۴) نحویوں کی اصطلاح میں وہ اسم
جو متکلم' مخاطب یا غائب پر دلالت کرے۔ جیسے
اَنَا (میں) انت (تو) ھو (وہ) (ج) ضَمَائِرُ۔
(الضَّومَرَانُ و الضَّیمُرَانُ) فارس کی جنگلی
(المِضمَارُ) گھڑ دوڑ کا میدان (۲) گھوڑوں
کو سدھانے کا میدان (۳) گھوڑوں کو باندھ
کر کھلانے اور دوڑ کے لئے تیار کرنے کی مدت
(ج) مَضَامِیرُ۔
(ضَمَزَ) الحَیَوَانُ ـُ ضُمُوزًا جانوروں کا
خوف وغیرہ کی وجہ سے جگالی نہ کرنا۔
-فلانٌ: خاموش رہنا۔ ضَمَزَ فاہُ بھی کہتے ہیں
(۲) عاجزی و انکساری کرنا۔
-عَلَی مَالِہِ و نحوِہِ: مال کو خرچ نہ کرنا اور بخل
کرنا۔
-فلانًا و نَحوَہُ: ٹھنڈا کرنا' پرسکون کرنا۔ (۲)
عیب لگانا۔
-اللُّقمَۃَ: لقمہ نگلنا (۲) زیادہ لقمے لینا۔
(الضَّمزُ): ٹیلہ' بلند جگہ (۲) الگ تھلگ کھڑا
خالص سرخ چٹانی پہاڑ جس میں مٹی نہ ہو۔
(ضَمضَمَہُ) ـِ ضَمضَمًا: آہستہ آہستہ چبانا۔
(ضَمضَمَ) الاسدُ: شیر کا دھاڑنا۔

-فلانٌ: ہمت افزائی کرنا۔
-عَلَى المالِ و نحوِهِ سارے کا سارا لے لینا۔
(الضَّمَاصِمُ) بھرا ہوا شیر (جو ہر چیز کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہو) (۲) زیادہ کھانے والا جس کا پیٹ نہ بھرتا ہو (۳) لالچی، کنجوس، بخیل۔
(الضَّمْضَامُ) مطلب پرست لالچی آدمی۔
(الضَّمْضَمُ)، الضُّمَاضِمُ، الضَّمْضَامُ: موٹا بھاری بھرکم (۲) بہادر (ج) ضَمَاضِمُ۔
(الضَّمِيلَةُ) لنگڑی اور اپاہج عورت (ج) ضَمَائِلُ۔
(ضَمَّ) فلانٌ مِنْ مَالِهِ ـُ ضَمًّا: مال کا کچھ حصہ لے لینا۔
-علي المالِ سارے کا سارا لینا۔
-الأشياءَ: مٹھی میں لینا، اکٹھا کرنا۔
-الشيْءَ إِلَى الشيْءِ ایک چیز کو دوسری کے ساتھ ملانا۔
-فلاناً و نحوَهُ إِلَى صَدْرِهِ معانقہ کرنا، سینہ سے لگانا۔
-جَنَاحَه عنِ النَّاسِ نرمی برتنا۔
-الحرفَ ضمہ (پیش) کی حرکت دینا۔
(ضَامَّهُ) اليه مُضَامَّةً و ضِمَامًا ضَمَّةً۔
-فلانٌ فلاناً کسی کام میں کسی کے ساتھ شریک ہونا۔
(اِضْطَمَّ) بعضُه إِلَى بَعْضٍ باہم مل جانا۔
-عليه مشتمل ہونا، لپٹا ہوا ہونا۔
-الشيْءَ اپنی طرف کھینچنا۔ ایسے ہی اضْطَمَّ الشيْءَ إِلَى نفسِهِ۔
(اِنْضَمَّ) الشيْءُ باہم مل جانا۔ جیسے انْضَمَّ القومُ و نحوُهُم۔
(تَضَامَّ) الشيْءُ انْضَمَّ۔
(الإِضْمَامَةُ) باہم جڑی ہوئی چیز۔ (۲) مختلف قسم کے لوگوں کی جماعت (۳) کاغذات کی فائل، بنڈل (ج) أَضَامِيمُ کہتے ہیں فَرَسٌ سَبَّاقُ الأَضَامِيمِ گھوڑوں کے گروہ سے یکبارگی آگے نکلنے والا گھوڑا۔
(الضِّمَامُ) ملانے اور جوڑنے کا ذریعہ۔
-ضِمَامُ الشيْءِ کسی چیز کے اجزاء و مشتملات حاصل، جوہر۔ جیسے التقوى ضِمَامُ الخَيْرِ كُلِّهِ تقویٰ ہر خیر کا جوہر ہے۔
(الضِّمَامَةُ): الإِضْمَامَةُ۔
(الضَّمَّةُ): گھڑدوڑ میدان کا میدان (۲) ضمہ پیش، علامت رفع کے لئے اور علامت بناء بنی بر ضمہ کے لئے۔
(الضَّمِيمُ)، مَضْمُومٌ جس پر حرف پر پیش ہو (۲) دوسرے کے ساتھ ملا ہوا۔
(ضَمِنَ) ـَ ضَمَنًا و ضَمَانَةً: مریض ہونا۔
-عَلَى أَهْلِهِ و نحوِهِم: اہل و اقارب پر بوجھ بننا۔
- الرَّجُلُ و نحوُهُ ضَمَانًا: ضامن بننا، ضمانت لینا۔
-الشيْءَ ضمانت دینا، گارنٹی دینا (۲) کسی چیز پر مشتمل ہونا۔
(أَضْمَنَهُ) اللهُ او غيرُهُ پرانی بیماری میں مبتلا کر دینا۔
(ضَمَّنَ) الشيْءَ الوعاءَ و نحوَهُ کوئی چیز برتن وغیرہ میں رکھنا۔
-فلاناً الشيْءَ ذمہ دار اور ضامن بنانا۔
(تَضَامَنُوا) ایک دوسرے کا ضامن و کفیل بننا (مو)
(تَضَمَّنَ) الوعاءُ و نَحوُهُ الشيْءَ برتن وغیرہ میں کوئی چیز ہونا۔
-العبارةُ مَعْنًى کسی عبارت سے کوئی اشارۃً یا استنباطاً سمجھی جانا۔
- الغَيْثُ و نَحوُهُ النَّبَاتَ بارش وغیرہ کا زمین میں نباتات کو اگانا اور بڑھانا۔
- الشيْءَ عنه أَوْ مِنْه کسی کی طرف سے کسی بات کی ضمانت اور ذمہ داری لینا۔
(التَّضَامُنُ) طاقتور کی کمزور کے لئے اور مالدار کی محتاج کے لئے ضمانت (محدثہ)
(التَّضْمِينُ) کسی لفظ کو دوسرے لفظ کی جگہ لا کر اسی جیسا معاملہ کرنا (اس بنا پر کہ یہ لفظ اس لفظ کے معنی پر مشتمل ہے) (۲) شعر میں فاصلہ کے بعد والا لفظ جو اس سے متعلق ہو (۳) علم القوافی میں شعر کے قافیہ کا مابعد سے ایسا تعلق ہو کہ وہ مستقل بالافادہ نہ ہو (۴) علم البدیع میں شاعر یا نثر نگار کا کسی آیت قرآنی، حدیث، حکمت کہاوت یا کسی شعر یا اس کے مصرعہ کو اپنے کلام کا جز بنانا۔
(الضَّامِنُ) کفیل، ضامن، ذمہ دار۔ (ج) ضُمَّانٌ و ضَمَنَةٌ۔
(الضَّامِنَةُ) کسی بستی یا آبادی کے اندر موجود کھجور کے درخت (ج) ضَوَامِنُ۔
(الضَّمَانُ) ضمانت، کفالت، ذمہ داری۔
-ضَمَانُ الدَّرَكِ: بائع کا مشتری کو دوسرے کا حق ثابت ہونے کی صورت میں ثمن لوٹا دینے کا ضمان دینا۔ اس میں وہ یوں کہتا ہے: تكفَّلْتُ بما يدركك في هذا المَبِيعِ۔
-ضَمَانُ الرَّهْنِ: یہ تعامل رہن میں ضمان کی وہ شکل ہے جس میں مرتہن شی مرہون کے ضائع ہو جانے پر رہون اور راہن کو اپنے دیئے ہوئے قرض میں جو کم قیمت ہے اس کا ضامن ہوتا ہے۔
-ضَمَانُ الغَصْبِ غاصب کے پاس اگر شی مغصوب ضائع ہو جائے تو اس کا ضمان بشکل قیمت غاصب پر لازم ہوتا ہے یہ ضمان الغصب ہے۔
-ضَمَانُ المبيعِ جس میں مبیع کی قیمت مضمون ہوتی ہے یعنی اگر ادائے قیمت کے باوجود مشتری کو مبیع حاصل نہ ہو سکی تو اس کی قیمت کی واپسی بائع پر لازم ہے۔
- الضَّمَانُ الاجتماعِيُّ معاشرتی تکفل، حکومت کی طرف سے مستحقین کی امداد کا ذمہ (محدثہ)
(الضَّمَانَةُ) ضمانت، ذمہ داری، کفالت (۲) بائع کی طرف سے مبیع کے عیب سے خالی ہونے کی ذمہ داری (محدثہ)
(الضِّمْنُ) اندرونی شی، ضمن، ذیل۔ جیسے يُفْهَمُ مِنْ ضِمْنِ كَلامِهِ اس کے کلام سے یہ بات سمجھی جا رہی ہے۔
- مَا أَغْنَى عنّي ضِمْنًا مجھے اس نے کوئی

فائدہ نہیں دیا۔
(الضَّمِنُ) پرانا بیمار (۲) عاشق و دیوانہ محبت (۳) دوسروں پر بوجھ بننے والا (ج) ضَمْنَى۔
(الضَّمِينُ) الضَّامِنُ (ج) ضُمَنَاءُ (۲) الضَّمِنُ (ج) ضَمْنَى
(المِضْمَانُ) الضَّامِنُ (ج) مَضَامِينُ۔
(المَضْمُونُ): مشتمل وہ چیز جو دوسری کے اندر ہو۔ جیسے مضمونُ الکتاب: یعنی کتاب کے اندر موجود معنی ومفہوم (ج) مَضَامِينُ۔
(ضَنَأَتِ) المرأةُ و نحوُها ۔ ضَنْئًا و ضُنُوءًا: عورت کی نسل کا زیادہ ہونا۔
- المالُ: مال کا زیادہ ہونا۔
(اَضْنَأَتِ) المرأةُ و غیرُها: ضَنَأَتْ۔
(الضِّنْءُ) من کل شيءٍ: ہر چیز کی نسل پھیلاؤ (ج) ضُنُوءٌ۔
(ضَنَكَهُ) ـُ ضَنْكًا: تنگ کرنا جیسے ضَنَكَ اللهُ عَيْشَهُ۔
(ضَنُكَ) ـُ ضَنَاكَةً و ضُنُوكَةً: تنگ ہونا۔
- عَيْشُهُ: تنگدست ہونا۔
- فلانٌ: لاغر بدن یا کمزور عقل والا ہونا۔
- السَّحَابُ و نَحوُهُ: بادل وغیرہ کا گھنا اور تہ بتہ ہونا۔
(ضُنِكَ) ضَنْكًا و ضُنَاكًا: زکام میں مبتلا ہونا۔
(اَضْنَكَهُ) اللهُ: زکام میں مبتلا کرنا۔
(تَضَنَّكَ) کمزور پڑ جانا۔
(الضُّنَاكُ): زکام۔
(الضِّنَاكُ) مضبوط اور سخت جسم والا جیسے ناقةٌ ضِنَاكٌ (مذکر و مؤنث کے لئے) (۲) گھنا یا بڑا درخت (ج) ضُنُكٌ۔
(الضَّنْكُ) کسی بھی چیز کی تنگی (مذکر و مؤنث) قرآن مجید میں ہے ﴿وَمَنْ أَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِي فَإِنَّ لَهُ مَعِيشَةً ضَنكًا﴾
(الضُّنْكَةُ) زکام۔
(الضَّنِيكُ) تنگ (۲) کمزور بدن یا ناپختہ رائے والا شخص (۳) خوراک کے بدلے خدمت کرنے والا (۴) کٹی ہوئی چیز۔
(ضَنَّ) بِهِ و عليهِ ـَ ضَنًّا و ضَنَانَةً: انتہائی کنجوس اور بخیل ہونا۔
- بالمكانِ و نحوِهِ: کسی جگہ سے نہ ہٹنا، قائم رہنا۔
(الضَّنَانَةُ) اَخَذْتُ الأَمْرَ بِضَنَانَتِهِ میں نے معاملہ کو شروع ہی سے قابو میں لے لیا۔
- هَجَمْتُ عَلَى القَوْمِ وهم بِضَنَانَتِهِمْ میں نے لوگوں پر اس وقت حملہ کیا جب وہ مجتمع تھے۔
(الضَّنَنُ) بہادر۔
(الضِّنُّ) وہ چیز جس پر بخل کیا جائے (۲) عمدہ چیز یا خاص آدمی جس کی اپنے نزدیک اہمیت ہو۔ جیسے فلانٌ ضِنّي وهو ضِنّي مِنْ بين اخواني: وہ میرا خاص ہے۔
(الضَّنِينُ) انتہائی بخیل (۲) عمدہ چیز کی خواہش رکھنے والا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِينٍ﴾ (ج) أَضِنَّاءُ و هُنَّ ضَنَائِنُ۔
- ضَنَائِنُ اللهِ: اللہ کی مخلوق کے خواص۔
(المَضِنَّةُ) وہ چیز جس کے لئے مقابلہ اور رغبت کی جائے۔
(المَضْنُونُ و المَضْنُونَةُ): ہر وہ چیز جس میں بخل کیا جائے۔
(ضَنَتِ) المَرْأَةُ و غَيْرُهَا ـُ ضَنْوًا و ضَنًا: کثیر الاولاد ہونا۔
- نصيبُ فلانٍ: کسی کے حصہ کا زیادہ ہونا۔
(ضَنِيَ) ـَ ضَنًى و ضَنَاءً: سخت بیمار ہونا جس سے بدن ڈھیلا اور کمزور ہو جائے۔ هو ضَنٍ و ضَنِيٌّ وَضَنًى۔
(اَضْنَى) سخت بیماری کی وجہ سے بستر پر پڑے رہنا۔
- المَرَضُ و غَيْرُهُ الانسانَ وَنَحوَهُ بیماری وغیرہ کا کسی کو لاغر و کمزور بنا دینا۔
(ضَانَى) المَرَضَ و نَحْوَهُ بیماری جھیلنا، تکلیف اٹھانا۔
(تَضَنَّى): بیمار بننا۔
(الضَّنَى) انتہائی لاغری یا بیماری (۲) کہنہ مریض لمبی بیماری والا مریض (کبھی یہ لفظ مفرد و مذکر وغیرہ تمام اسماء کی مساوی طور پر صفت بنتا ہے اور کبھی اس کا تثنیہ اور جمع بھی لایا جاتا ہے کہتے ہیں) هُمْ أَضْنَاءُ۔
(الضَّنِيُّ) مریض (ج) أَضْنِيَاءُ۔

ض ... ه

(ضَاهَاهُ) مشابہ ہونا (۲) نقل کرنا، کسی کی طرح کوئی کام کرنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿يُضَاهِئُونَ قَوْلَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن قَبْلُ﴾ (۳) نرمی برتنا، ہمدردی کرنا۔
(الضَّهْيَاءُ) وہ عورت جو حیض و حمل و ولادت کے فقدان کی وجہ سے مردوں کے مشابہ ہو۔
(ضَهَبَ) الرَّجُلُ ۔ ضُهُوبًا مرد کا پوری طرح بالغ نہ ہو کر مردوں کی سی صفات کا حامل نہ ہونا۔
- اللحمَ و نَحوَهُ گوشت وغیرہ کو آگ پر سینکنا۔
(الضَّهْبَاءُ) آگ پر تاپی ہوئی کمان (ج) ضُهْبٌ۔
(ضَهَدَهُ) ـَ ضَهْدًا: ذلیل کرنا، قابو کرنا (۲) ظلم کرنا۔
(أَضْهَدَهُ) وبِهِ ضَهَدَهُ۔
(اِضْطَهَدَهُ) بہت زیادہ ظلم کرنا، ستانا۔
(الضُّهْدَةُ) غلبہ، قہر و جبر (۲) مظلوم، ظلم و ستم کا شکار۔ هي ضُهْدَةٌ۔
(الضَّاهِرُ) پہاڑ کی چوٹی (۲) وادی (ج) ضَوَاهِرُ۔
(الضَّهْرُ): پہاڑ کی چوٹی (۲) پہاڑ کا وہ حصہ جس کا رنگ باقی پہاڑ سے الگ اور مختلف ہو (۳) کھوا (ج) ضُهُورٌ و أَضْهَارٌ۔
(ضَهَلَ) اللَّبَنُ و نَحوُهُ ۔ ضَهْلًا و ضُهُولًا: آہستہ آہستہ جمع ہونا۔
- الشَّرابُ: پینے کی چیز یا شراب کا تھوڑا اور پتلا ہونا۔
- الشَّاةُ و نحوُها: بکری کا کم دودھ والا ہونا۔
- الظِّلُّ: سایہ کا لوٹنا اور بتدریج کم ہونا۔

-الیہ لونٌ' پہنچنا۔
-الیہ خبرٌ خبر پہنچنا۔
-فلاناً حقّہ ضَهْلاً کسی کے حق میں کمی کرنا یا تھوڑا تھوڑا دینا۔
(أَضْهَلَ) البُسْرُ خام کھجور میں پختگی نمایاں ہونا۔ أَضْهَلَ النخل بھی کہتے ہیں۔
-الی فلان مالاً کسی کے پاس مال پہنچانا۔
(تَضَهَّلَ) اِلی فلان ضَهَلَ۔
(اِسْتَضْهَلَ) الخَبَرَ جہاں تک ممکن ہو خبر کی جستجو کرنا۔
(الضَّاهِلَةُ) مِنَ العُیُوْنِ کم پانی والا چشمہ (ج) ضَوَاهِل۔
(الضَّهْلُ) تھوڑا پانی (۲) جمع شدہ دودھ۔
(الضُّهُوْلُ) مِنَ النَّعَامِ بہت سفید شتر مرغ (ج) ضُهَّل۔
(ضَهِیَتْ) ـَ ضَهًی عورت کا عدم حیض و حمل وولادت کی وجہ سے مردوں کے مشابہ ہونا۔
(ضَاهَاهُ) مشابہ ہونا۔
(أَضْهی) غیر نسوانی عورت سے شادی کرنا۔
(الضَّهْوَاءُ) الضَّهْیَاءُ۔
(الضَّهْوَةُ) پانی کا تالاب یا گڑھا (ج) أَضْهَاءٌ۔
(الضَّهْیَاءُ) الضَّهْوَاءُ۔
(الضَّهِیُّ) مشابہ' نظیر' شبیہ۔

ض و

(ضَاءَ) الشیئُ ـُ ضَوْءًا و ضِیَاءً روشن ہونا' چمکنا۔
(أَضَاءَ) ضَاءَ قرآن مجید میں ہے ﴿یَکَادُ زَیْتُهَا یُضِیْءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ﴾
-الشیئَ چمکانا' روشن کرنا۔
النَّارُ و نحوُہٗ الشَّخْصَ آگ وغیرہ کا کسی کو ظاہر کر دینا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿فَلَمَّا أَضَاءَتْ مَا حَوْلَهُ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ﴾
(ضَوَّأَ) الشیئَ روشن کرنا۔
عنہ اعراض کرنا' الگ ہونا۔
(تَضَوَّأَ) الشیئُ تاریکی میں کھڑے ہو کر روشنی میں کوئی چیز دیکھنے کی کوشش کرنا۔
(اِسْتَضَاءَ) روشن ہونا۔
-بہ روشنی چاہنا۔
(الضَّوْءُ) روشنی (۲) ضوء اور نور ہم معنی ہیں (۳) ضوء نور کے معنی میں قوی اور تیز ہے۔ (۴) ضوء ذاتی روشنی کا نام ہے جیسے سورج اور آگ کی روشنی جبکہ نور عرضی اور مستفاد روشنی کا نام ہے جیسے چاند کی روشنی۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَاءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا﴾ (ج) أَضْوَاءٌ۔
(ضَاجَ) الوادی و نحوہٗ ـُ ضَوْجًا وسیع اور کشادہ ہونا۔
-عنہ اعراض کرنا' الگ ہونا' ہٹنا۔
(اِنْضَاجَ) الوادی و نحوُہٗ کشادہ ہونا۔
(اِنْضَوَجَ) فِی ضَوْجِ الوَادِی وادی کے موڑ میں داخل ہونا۔
(تَضَوَّجَ) الوادی و نحوہٗ کشادہ ہونا (۲) زیادہ موڑوں والا ہونا۔
(الضَّوْجُ) وادی کا موڑ (ج) أَضْوَاجٌ۔
(ضَارَ) ـُ ضَوْرًا بہت بھوکا ہونا۔
-الشیئُ فلاناً و غَیْرَہٗ نقصان دینا۔
(تَضَوَّرَ) بھوک یا ضرب و کرب کی بنا پر تڑپنا' بلبلانا۔
(الضَّوْرَةُ) سخت بادل۔
(الضُّوْرَةُ) حقیر و کمزور جو جو اپنا دفاع نہ کر سکے ھی ضُوْرَةٌ (ج) ضُوَرٌ۔
(ضَوْضَأَ) ضَوْضَأَةً شور و غل کرنا۔
-القَوْمُ لڑائی میں چیخ و پکار کرنا۔
(ضَوْضَی) ضَوْضَاءُ ضَوْضَاءُ
(الضَّوْضَی) شور و غل' ہنگامہ' لڑائی کی چیخ و پکار۔
(الضَّوْضَاءُ) الضَّوْضَی۔
(ضَوِطَ) فکّہ ـَ ضَوَطًا ٹیڑھا ہوتا ہونا۔
أَضْوَطُ وھی ضَوْطَاءُ (ج) ضُوْطٌ۔
(الضَّوِیْطَةُ) حوض کا کیچڑ گارا (۲) گوندھا ہوا ڈھیلا پتلا آٹا۔
(الضَّوْطَارُ) بلا سرمایہ بازار جا کر کمائی کی تدبیر کرنے والا۔
(الضَّوْطَرُ) بے فائدہ موٹا اور بڑا۔
(الضَّوْطَرِی) الضَّوْطَرُ - بَنُوْ ضَوْطَرِی بے خیر اور بے فیض لوگ۔
-أَبُوْ ضَوْطَرِی بھوک۔
(ضَاعَ) الشیئُ ـُ ضَوْعًا کسی چیز کے ہلنے سے خوشبو پھیلنا۔
-الرَّائِحَةُ خوشبو مہکنا۔
-الضُّوَعُ حائر شب کا بولنا۔
-الشَّیْءَ جھکانا (۲) حرکت دینا (۳) ڈرانا' خوفزدہ کرنا۔ کہتے ہیں۔ لا یَضُوْعَنَّكَ مَا تَسْمَعُ مِنْهُ اس سے سنی ہوئی بات تمہارے لئے خوف کا باعث نہ ہونی چاہئے۔
-الطَّائِرُ فَرْخَهٗ پرندہ کا چوزے کو دانہ کھلانا۔
(ضَوَّعَہ) مبالغۃ ضَاعَہ۔
(اِنْضَاعَ) الفَرْخُ چوزہ کا دانہ کھانے کے لئے ماں کے سامنے بازو پھیلانا۔
(تَضَوَّعَ) مہکنا' پھیلنا (۲) تڑپنا۔
(الضُّوَاعُ) حائر شب کی آواز۔
(الضُّوَعُ) ہامہ کی طرح رات کا ایک پرندہ جو صبح کے قریب ہونے کے وقت چہچہاتا ہے (ج) أَضْوَاعٌ و ضِیعَانٌ۔
(ضَانَ) ـُ ضَوْنًا کثیر الاولاد ہونا۔
(تَضَوَّنَ) ضَانَ۔
(الضَّوْنُ) بینگن کی طرح کا ایک پودا۔
(الضَّیْوَنُ) بلا (ج) ضَیَاوِنُ۔
(ضَوَی) الیہ ـِ ضَیًّا و ضُوِیًّا کسی کی طرف مائل ہونا' کسی کے ساتھ مل جانا۔
-فلاناً و غیرہٗ الیہ اپنے ساتھ ملانا۔
(ضَوِیَ) ـَ ضَوًی کمزور و لاغر ہونا۔ (۲) پتلا ہونا۔
(ضُوِیَتِ) الإبلُ و نحوُها اونٹوں کا مرض ضواة میں مبتلا ہونا۔ (دیکھئے ضواة)
(أَضْوَی) ضَوِیَ (۲) کمزور اولاد یا کمزور نسل والا ہونا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿اغتربوا لا تُضْوُوْا﴾ پردیسی عورتوں سے شادی کرو تاکہ تمہاری اولاد طاقتور ہو۔

-فلاناً کمزور دبلا کر دینا۔
-الأمرَ و غیرَہٗ کسی کام یا بات کو پختہ نہ کرنا۔
-حقَّہ و نحوَہٗ کسی کے حق میں کمی کرنا' ایسے ہی اضوی فلاناً حقَّہ۔
(انْضَوی) الیہ' ضَوی' اِنْضَوی تحت لوائِہ کسی کے ساتھ ہو جانا۔
(الضَّوَاۃُ) کان کی لو کے پاس پیدا ہونے والا غدود (۲) منجمد ورم جو تحلیل نہ ہو (۳) زخم (ج) ضَوًی۔

ض ...... ی

(ضَاحَت) البلادُ و نحوُھا ـِ ضَیْحًا: قحط سالی کی وجہ سے ملک کا خالی ہو جانا۔
-اللبنَ دودھ میں اتنی ملاوٹ کرنا کہ وہ پتلا ہو جائے۔
-عَیْشٌ مَضْیُوْحٌ: وہ زندگی جو مصائب سے خالی نہ ہو۔
(ضَیَّحَ) اللبنَ. دودھ میں اتنا پانی ملانا کہ وہ پتلا ہو جائے۔
-فُلاناً پانی ملا ہوا دودھ دینا۔
(تَضَیَّحَ) اللَّبَنَ او الدَّوَاءَ او نَحْوَہٗ پانی کی آمیزش سے پتلا ہو جانا۔
-فلانٌ پانی ملا دودھ پینا۔
-المُسْتَقِي پانی پینے والے کا حوض پر سب سے آخر میں آنا یا اس وقت آنا' جب اکثر پانی پی لیا گیا ہو۔
(الضَّیَاحُ) زیادہ پانی ملا ہوا پتلا دودھ (۲) پانی ملی دوا۔
(الضَّیْحُ) الضَّیَاحُ۔
(ضَارَہٗ) کذا ـِ ضَیْرًا' نقصان پہنچانا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿قَالُوْا لَا ضَیْرَ اِنَّا اِلٰی رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ﴾
(ضَازَ) ـِ ضَیْزًا ٹیڑھا ہونا (۲) ظلم کرنا۔
-فلاناً و فلاناً حقَّہ ظلم کرنا' حق مارنا۔
(الضِّیْزٰی) القِسْمَۃُ الضِّیْزٰی: غیر منصفانہ تقسیم۔ قرآن مجید میں ہے ﴿تِلْکَ اِذًا قِسْمَۃٌ ضِیْزٰی﴾
(ضَاعَ) ـِ ضَیَاعًا ضائع و برباد ہونا۔


(أَضَاعَ) فلانٌ بہت جائیداد والا ہونا۔
-الشیَ ضائع کرنا' تلف کرنا۔
(ضَیَّعَہٗ) أَضَاعَہٗ۔
(الضَّائِعُ) رائیگاں' بیکار' ضائع۔ (۲) بھوکا (ج) ضُیَّعٌ و ضِیَاعٌ۔
(الضَّیْعَۃُ) غلہ اگانے والی زمین (۲) نفع بخش جائیداد یا کام جیسے تجارت اور صنعت وغیرہ (۳) نفع (ج) ضِیَاعٌ و ضِیَعٌ کہا جاتا ہے فَشَتْ عَلَیْہِ ضَیْعَتُہٗ اس کا مال یا مشاغل بڑھ گئے۔
(المِضْیَاعُ) بہت ضائع کرنے والا۔ ھی مضیاعٌ و مضیاعۃٌ۔
(المَضْیَعَۃُ) اضاعت و اتلاف بے توجہی (۲) سنسان جنگل جہاں انسان و حیوان گم ہو جائیں (۳) ہلاکت و بربادی کا سبب (ج) مَضَایِعُ۔
(المَضِیْعَۃُ) المَضْیَعَۃُ۔
(الضَّیْغَمُ) طاقتور اور بہادر شیر۔
(ضَافَ) الیہ ـِ ضَیْفًا و ضِیَافَۃً: کسی کی طرف مائل ہونا' قریب ہونا۔
-عَنْہُ: پھرنا' توجہ ہٹانا۔
-مِنْہُ ڈرنا' بچنا۔
-فلاناً کسی کا مہمان بننا (۲) ضیافت چاہنا۔
- ضَافَہُ الھَمُّ غم سوار ہونا۔
(أَضَافَ) ضَافَ۔
-اِلٰی صَوْتِہٖ آواز سے مانوس ہو کر اس کے قریب ہونا۔
-منہ ڈرنا۔
- الشیَ الیہ ملانا' شامل کرنا' اضافہ کرنا' منسوب کرنا' حوالہ کرنا۔
-فلاناً مدد کرنا' پناہ دینا (۲) مہمان بنانا۔
-فلاناً علیہ موڑنا کسی کو اپنا مہمان بنانا۔
(ضَیَّفَ) الشیَ الیہ جھکانا' موڑنا۔
-فلاناً او الغریبَ مہمان بنانا' قرآن مجید میں ہے ﴿فَانْطَلَقَا حَتّٰی اَتَیَا اَھْلَ قَرْیَۃِ اسْتَطْعَمَا اَھْلَھَا فَاَبَوْا اَنْ یُّضَیِّفُوْھُمَا﴾
(انْضَافَ) الیہ. ملنا' سہارا لینا۔

(تَضَایَفَ) الوادِی و نحوُہٗ وادی وغیرہ کا تنگ ہونا۔
-فلانٌ الوادِیَ و نحوَہٗ کسی کا وادی وغیرہ کے کنارے میں ہونا۔
-السَّبُعَانِ فلاناً دو درندوں کا کسی کو گھیرنا۔
- الکلابُ و نَحْوُھَا الصَّیْدَ و نحوہ و عَلَیْہِ کتوں وغیرہ کا شکار وغیرہ کو کھا جانا۔
(تَضَیَّفَ) فلاناً مہمان نوازی کرنا۔
(اسْتَضَافَ) فلاناً کسی کی پناہ لینا (۲) ضیافت طلب کرنا۔
-منہ اِلٰی کذا ٹھکانہ پکڑنا۔
(الإِضَافَۃُ) علم النحو میں دو اسموں کو ایک دوسرے کے ساتھ اس طرح مربوط کرنا کہ اس سے تعریف اور تخصیص حاصل ہو سکے (۲) حکماء کے نزدیک ایسی دو چیزوں کے درمیان نسبت کا نام ہے جن میں سے ایک دوسرے کے وجود کا تقاضا کرے۔
(التَّضَایُفُ) حکماء کے درمیان دو ایک چیزوں کے درمیان نسبت کا نام ہے جن میں سے ایک دوسرے کے وجود کا تقاضا کرے ہو ان دو چیزوں کو متضایفان کہتے ہیں۔
(الضَّیْفُ) مہمان' ملاقاتی (یہ چونکہ مصدر ہے اس لئے اس میں مفرد و تثنیہ و جمع اور مذکر مؤنث برابر ہیں) جیسا کہ قرآن مجید میں ہے ﴿اِنَّ ھٰؤُلَاءِ ضَیْفِیْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ﴾ اس کی جمع أضیافٌ و ضیوفٌ و ضِیَافٌ و ضِیْفَانٌ آتی ہے۔
(الضِّیْفُ) کونہ' گوشہ۔ جیسے ضِیْفُ الجَبَلِ و ضیفُ الوادی (ج) أَضْیَافٌ۔
(الضَّیْفَنُ) طفیلی مہمان کے ساتھ بن بلائے آیا ہوا۔ ھی ضیفنٌ و ضَیْفَنَۃٌ۔
(المُضَافُ) اپنایا ہوا (کسی قوم کی طرف منسوب)
(المَضُوْفَۃُ) تشویشناک یا باعث خوف معاملہ۔ ھی مِضْیَافٌ۔
(المَضِیْفَۃُ) مہمان خانہ (ج) مَضَایِفُ۔
(المَضِیْفَۃُ) المَضُوْفَۃُ (۲) غم و حزن۔

(المُصِيفُ). میزبان (۲) جہاز کا میزبان
خادم (محدثہ)
(المُضِيفَةُ): ایئر ہوسٹس ہوائی جہاز کی
میزبان خاتون (محدثہ)
(ضَاق) ِ- ضَيقًا و ضِيقًا: تنگ ہونا۔ بہت
ملا ہوا اور کسا ہوا ہونا۔
-ضَاقَتْ حيلتُه: تدبیریں ناکام ہوگئی۔
-ضَاق بالأمر: کسی بات سے پریشان ہونا۔
ضاق به ذَرْعًا و ضَاق به صَدْرُهٗ: کسی
بات سے تنگ ہو جانا۔ عاجز آجانا۔ قرآن مجید
میں ہے: ﴿وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا طاسِيٓ
بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا﴾ و ﴿وَلَقَدْ نَعْلَمُ
أَنَّكَ يَضِيقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُولُونَ﴾ ہو
ضَائِقٌ و ضَيِّقٌ (ج) ضَاقَةٌ۔
(أَضَاق) محتاج و تنگدست ہونا۔

-الشيءَ: تنگ کرنا۔
(ضَايَقَه) فِي كذا: کسی بات میں کسی کو تنگ و
پریشان کرنا۔
(ضَيَّقَه): تنگ کرنا۔
-عليه: سختی کرنا۔
(تَضَايَق): تنگ ہونا۔
-منه: تنگ آنا، پریشان ہونا۔
-القَومُ: ایک دوسرے کو تنگ کرنا۔ (۲) کسی
جگہ نہ سمانا۔
(الضَّيْقُ): تنگی، سختی، محتاجی (۲) پریشانی، گھٹن،
تکلیف۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَلَا تَكُ فِي
ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ﴾
(الضِّيقُ) الضَّيْقُ۔
-ضِيقُ النَّفَسِ: سانس کی بیماری۔
(المَضِيقُ): پریشان کن معاملہ (۲) دو
پہاڑوں یا دریاؤں کے درمیان تنگ راستہ
(ج) مَضَايِقُ۔
(أَضَالَ) المكانُ: جگہ کا جنگلی بیروں والا
ہونا۔
(الضَّالُ): جنگلی بیر (۲) جھاڑی کے بیر۔
(الضَّالَةُ): ضَال کا واحد (۲) تمام ہتھیار یا
تیر۔
(ضَامَه) ِ- ضَيْمًا: ظلم کرنا (۲) ذلیل اور تابع
کرنا۔
-فلانًا حقَّه: حق مارنا۔
(اسْتَضَامَهٗ) ضَامَهٗ۔
(الضَّيْمُ): ظلم و زیادتی (ج) ضُيُومٌ۔ مثقب
عبدی کا شعر ہے:

ونحمي على الثغرِ المخوفِ و نتّقي
بغارتنا كيد العِدٰى و ضيومها



(الطاء): حروف تہجی کا سولہواں حرف۔ اس کا مخرج طرف زبان اور اوپر کے دانتوں کی جڑ ہے۔ یہ شدید الصوت حروف مطبقہ میں سے ہے۔ متقدمین کے ہاں یہ مجہورۃ کے قبیل سے ہے جبکہ اب ہم بلادِ عرب میں اسے مہموس سنتے ہیں۔

ط.........ب

(الطابُورُ): فوجی جماعت جو آٹھ سو سے ایک ہزار سپاہیوں پر مشتمل ہوتی ہے (۲) قطار۔ اور الطابور الخامس (سیاسی اصطلاح میں) وہ شہری لوگ جو دشمن کے معاون ہوں (د) جبکہ تاج العروس میں تابور مذکور ہے۔

(طَأطأَ): من الشئ: حیثیت کم کرنا، گھٹانا۔

-من فلان: اپنی حیثیت کم کرنا۔

-الشئ: گھٹانا، کم کرنا۔

-یَدَہ بعنان الفرس و غیرہ: لگام ڈھیلی کرنا دوڑانے کے لئے۔

-الحفرۃ و نحوھا: گڑھے کو گہرا کرنا۔

-فرسه و نحوه: رانوں پر دھکا دینے کے لئے مارنا اور اس کی کوکھوں میں ایڑ لگانا۔

(تَطَأطَأَ) جھکنا اور چھوٹا بننا۔

-یقال تطأطأ له اس کے آگے جھک گیا۔

(طَأمَنَ) دیکھئے طَمْأَنَ۔

(طَبَّ): فلانٌ ـِ طِبًّا۔ ماہر ہونا۔

-بہ: نرمی کرنا، مہربانی کرنا۔

-المریضَ و نحوَہ ـُ طَبًّا علاج معالجہ کرنا، دوا دینا۔

-ویقال: طَبَّ لَہ اَوْ لِدَائِہٖ۔

-کسی پر جادو کرنا۔

-الشئ: اصلاح و درستگی کرنا، مضبوط کرنا۔

-خُرَزَ السِّقاء و نحوہ: مشک کے ٹانکوں کو پٹی کے ساتھ سینا۔

(طَابَّہٗ) دوا دارو کرنا اور علاج معالجہ کرنا۔

(۲) گھومنا یا بحث مباحثہ کرنا۔

(طَبَّبَہٗ): علاج میں مبالغہ کرنا یعنی خوب علاج کرنا۔

-الخیاطُ الثوبَ و نحوہٗ۔ درزی کا کپڑے میں کسی ٹکڑے کا اضافہ کرکے اس کو چوڑا کرنا۔

(تَطَبَّبَ): فلانٌ۔ علاج کے درپے ہونا جبکہ طب کو اچھی طرح نہ جانتا ہو۔

-لہ۔ کسی کے لئے طبیب کو بلانا۔

(اِسْتَطَبَّ لِدَائِہٖ)۔ ڈاکٹر یا کسی اور سے دوا کے بارے پوچھنا کہ کونسی دوا اس کے مرض کے لئے بہتر ہے۔

-بالدواء و نحوہ۔ دوا استعمال کرنا اور علاج کرنا۔

(الطِّبَابُ) علاج۔

الطِبَابَۃ: ڈاکٹری کا پیشہ۔

(۲) کپڑے کا لمبا ٹکڑا

(۳) کپڑے کا ٹکڑا جو کپڑے کو چوڑا کرنے کے لئے بڑھایا جائے (۴) چمڑے کا لمبا ٹکڑا جو دوہرا کر کے چمڑے کے دونوں کناروں پر سیتے وقت رکھا جائے تاکہ سوراخ چھپ جائیں اور مضبوطی پیدا ہو (۵) زمین یا ریت یا درخت یا بادلوں میں سے لمبا راستہ۔

الطَّبُّ مہارت اور ہوشیاری۔

(۲) ماہر (۳) مہربان اور دانا۔

(الطُّبُّ): مہارت و ہوشیاری۔

(الطِّبُّ) جسمانی و روحانی علاج۔

منه: علم طب (۲) نرمی اور حسن تدبیر (۳) جادو (۴) عادت اور خوبی۔

(الطَّبِیبُ) وہ شخص جو طب کے پیشہ سے منسلک ہو یعنی جو شخص بیماروں وغیرہ کا علاج کرتا ہو (۲) علم طب جاننے والا (۳) ماہر (۴) مہربان و شفیق (ج) اَطِبَّۃٌ اور اَطِبَّاءُ۔

(الطِّبِّیبَۃُ): زمین، کپڑے، بادل اور چمڑے کا لمبا ٹکڑا (ج) طبائبُ۔

(طَبَخَہٗ ـُ طَبْخًا) شوربے وغیرہ میں پکانا۔

(۲) بھوننا (۳) پگھلانا اور ڈھالنا۔

یقال: طَبَخَ الْآجُرَّ اَوِ الطُّوبَ اینٹیں پکانا یعنی جلانا۔

-القِدرَ و نحوَھا: ہنڈیا میں کسی چیز کو پکانا۔

یقال طَبَخَ الحَرُّ الثَّمَرَ و غیرہ گرمی نے پھل پکا دیئے۔

(طَبَّخَ) الطَّعَامَ و غیرہ خوب پکانا۔

(اِطَّبَخَ) پکی ہوئی چیز لینا۔

-الشئ پکانا۔

(اِنْطَبَخَ)۔ پک جانا۔

(تَطَبَّخَ)۔ پکی ہوئی چیز کھانا۔

(الطَّابِخُ) سخت بخار، شدید دائمی۔

(الطَّابِخَۃُ) الطابخ کا مونث۔

(۲) دوپہر کی سخت گرمی (ج) طَوَابِخُ۔

(الطُّبَاخَۃُ) پکی ہوئی چیز کا نچوڑ۔

(۲) وہ جھاگ جو ہنڈیا سے اُٹھے جب اس

میں کسی چیز کو پکایا جائے۔
(الطِّبَاخَةُ) پکانے کا پیشہ۔
(الطَّبَّاخُ) باورچی' گوشت وغیرہ کو پکانے والا۔
یقال ھُوَ اَبْیَضُ سِرْبَالِ الطَّبَّاخِ وہ بخیل ہے۔
الطِّبِّیخُ خربوزہ (لغت اہل مدینہ)
الطَّبِخ پکی ہوئی چیز۔
(الطَّبِیخُ) پکی ہوئی چیز۔
(الْمَطْبَخ) پکانے کی جگہ (باورچی خانہ)
یقال ھُوَ اَبْیَضُ الْمَطْبَخِ وہ بخیل ہے۔
(ج) مَطَابِخ۔
(المِطْبَخ) پکانے کا برتن جیسے ہنڈیا وغیرہ۔
(ج) مَطَابِخ۔
(طَبَرَ - طَبْرًا) کودنا۔
(۲) چھپنا' پوشیدہ ہونا۔
(الطَّبْرُ) قدیم اسلحہ کی ایک قسم جو کلہاڑی کے مشابہ ہوتا ہے۔
(الطَّبَاشِیْرُ) سفید چونا جس سے تختہ سیاہ وغیرہ پر لکھا جاتا ہے (چاک) (د)
(طَبْطَبَ) الماءُ والسَّیلُ ونحوھُما پانی یا سیلاب کا تلاطم کے وقت آواز نکالنا۔
(۲) تھرتھرانا' حرکت کرنا۔
الماءَ و غیرہ پانی کو حرکت دینا اور لہریں پیدا کرنا۔
(تَطَبْطَبَ) الماءُ و نحوہ حرکت کرنا۔
(الطَّبْطَابَةُ) ایک چوڑی لکڑی جس کے ساتھ گیند کھیلی جاتی ہے (بلا)
(الطَّبْطَبَةُ) پانی وغیرہ کی آواز (۲) چلتے وقت قدموں کی چاپ۔
(طَبَعَ) الشیئَ - طَبْعًا و طِبَاعَةً کسی شکل میں ڈھالنا۔
یقال طَبَعَ اللهُ الخلقَ اللہ نے مخلوق کو پیدا کیا یعنی خاص شکل میں ڈھالا۔
طَبَعَتِ الدَّوْلَةُ النَّقْدَ حکومت نے سکہ ڈھالا اور اس پر نقش کاڑا۔
وَطَبَعَ الاناءَ مِنَ الطِّیْنِ مٹی سے برتن وغیرہ بنانا اور اس پر نقش ونگار کرنا۔
الکتابَ کتاب کی صورت یعنی اس کے حروف کے مجموعہ کو ورق پر منتقل کرنا پریس کے ذریعے (محدثہ)
-فلاناً علی کذا عادت ڈالنا۔
ترتیب دینا یا کسی کی سرشت میں کوئی چیز ڈالنا۔
-الشیئَ علیه. مہر لگانا (۲) بند کرنا۔ قرآن پاک میں ہے ﴿طَبَعَ اللهُ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ﴾ اللہ نے ان کے دلوں پر مہر لگادی اور انہیں بند کر دیا کہ ان کے دل بھلائی تک نہیں پہنچتے۔
-الدَّابَّةَ طاقت سے زیادہ بوجھ لادنا۔
-الشیئَ گندا کرنا' عیب دار بنانا۔
(طَبِعَ - طَبَعًا): گندا ہونا اور عیب دار ہونا جسمانی طور پر یا اخلاقی اعتبار سے۔
یقال طَبِعَ السَّیْفُ و غیرُہ. زنگ آلود ہونا۔
-الثوبُ و نحوُہ. بہت زیادہ میلا کچیلا ہونا۔
-فلانٌ جس کا اخلاق کریمہ میں سے کچھ حصہ نہ ہو۔ ھو طَبِعٌ و طَبِیْعٌ۔
(اَطْبَعَه) کسی کو سامان سے بوجھل کر دینا۔
(طَبَّعَه) مبالغہ در طَبَعَه۔
یقال طَبَّعَه عَلٰی کَذَا کسی چیز کا عادی بنانا۔
(۲) گندا کرنا' میلا کچیلا کرنا۔
(۳) کسی کو سامان سے بوجھل کر دینا۔
(اِنْطَبَعَ) چھپنا' نقش ہونا' ڈھلنا' بند ہونا' بوجھل ہونا۔ لازم طَبَعَه۔
(تَطَبَّعَ) بکذا او بطباعه کسی کی عادت اپنانا۔
-الاِناءُ بالماءِ و غیرہ بھر جانا اور کناروں سے بہہ جانا اور چھلکنا۔
(الطَّابَعُ) مہر لگانے کا آلہ۔
(۲) داغ لگانے کا آلہ یا استری۔
(۳) غالب عادت۔
-طابع البرید وہ چھوٹے چھوٹے کارڈ جو خطوط وغیرہ پر چسپاں کیا جاتا ہے کئے جاتے ہیں اور ان پر حکومت نقش کرتی ہے اور وہ بھیجنے کے خرچ کی ادائیگی کی علامت ہوتا ہے۔
طابع التبرّعات۔ چندہ کا ٹکٹ۔
طابَع الدَّمْغَةِ اسٹامپ پیپر۔
(ج) طَوَابِعُ۔
(اَلطَّابِعُ) مہر الطَّابَعُ (۲) طبیعت و عادت۔
یقال: لَه طَابِعٌ حَسَنٌ. اس کے اخلاق اچھے ہیں۔
(الطِّبَاعَةُ): متعدد نسخوں کو نقل کرنے کا پیشہ خواہ لکھائی کے ذریعے ہو یا آلات کے ذریعے یعنی چھپائی یا فوٹو اسٹیٹ کاپی کا کام (مج)
(الطَّبَّاعُ). (۱) بہت زیادہ مہریں لگانے والا (۲) وہ شخص جو چھپائی کا کام کرتا ہو۔
(الطَّبِیْعُ). کھجور کی کلی کا گودا۔
(الطَّبْعُ): عادت (۲) نمونہ' شکل۔
(۳) (علم النفس کی اصطلاح میں) ایسے احساسات کا مجموعہ جو ایک فرد کو دوسرے سے جدا کرتے ہیں۔ یہ کسبی ہوتے ہیں اور موروثی بھی (مج)
(ج) طِبَاعٌ و اَطْبَاعٌ۔
(الطَّبَعُ) بہت زیادہ یا سخت میل (۲) زنگ (۳) عیب۔
(الطَّبِعُ) میل (۲) گھٹیا اخلاق والا شخص۔
(الطَّبِیْعُ) گندا اور گھٹیا اخلاق والا۔
(الطَّبِیْعَةُ) عادت (۲) انسانی مزاج جو اخلاط اربعہ سے مرکب ہو۔
(۳) اجسام میں پائی جانے والی وہ قوت جس کے ذریعے اجسام کمال طبعی تک پہنچتے ہیں۔
(۴) طبیعةُ النارِ اَو الدَّواءِ او نحوہ آگ یا دواء کی وہ تاثیر جو اللہ نے اس میں رکھی ہے (ج) طبائع۔
-علم الطبیعة وہ علم جو اشیاء کی فطرت اور ان کے تاثیری خواص سے بحث کرتا ہے۔
والطبائعُ الاَربَعُ عند الاَقدمین قدماء کے نزدیک اشیاء کے طبائع اربعہ حرارت' ٹھنڈک تری اور خشکی ہیں۔
(الطَّبِیْعِیُّ) طبیعت سے متعلق۔
(الْمَطْبَعَةُ) وہ جگہ جو کتب کی طباعت کے لئے بنائی گئی ہو (۲) چھپائی میں کام آنے

والے آلات کا مجموعہ (مج) (ج) مَطَابِعُ۔
(اَلْمِطْبَعَةُ) کتابوں کی چھپائی کا آلہ (پریس مشین) (ج) مَطَابِعُ۔
(اَلْمَطْبُوْعُ) چھپی ہوئی چیز۔
یقال فلانٌ مطبوع فی فنٍّ کذا او غیرہٖ۔ کہ فلاں چیز اس میں ودیعت رکھی گئی ہے وہ اسے بغیر تکلف کے کرتا ہے اور عمدگی کے ساتھ کرتا ہے۔
فلانٌ مطبوعٌ علی الکرم: کہ فلاں کی عادت ہی شرافت ہے۔
(اَطْبَقَ) القومُ علی کذا: متفق ہونا۔
اَطْبَقَتْ علیه الحمی شب وروز بخار رہنا۔
اَطْبَقَ اللَّیْلُ۔ رات کا تاریک ہونا۔
الشیئَ کسی چیز کو کسی دوسری پر رکھ کر برابر کر دینا۔
وقالوا: اَطْبَقَ الرَّحٰی: یعنی چکی کے اوپر والے پاٹ کو نیچے والے پاٹ پر رکھنا۔
وفَمَهٗ: ایک ہونٹ کو دوسرے ہونٹ سے ملانا اور بند کر دینا۔
ویقال: اَطْبَقَ شَفَتَیْهِ۔
-الصحیفةَ او طرفی الصحیفة: ایک کاغذ یا دو کاغذوں کے کناروں کو ملانا اور برابر کر دینا۔
-الشئُ الشیئَ: ایک شی کو دوسری شی سے ڈھانپنا۔
-یقال اَطْبَقَ السحابُ السماءَ۔
الثلجُ الْاَرْضَ بادل نے آسمان کو اور برف نے زمین کو ڈھانپ دیا۔
(طَابَقَ) الفرسُ فی مشیه او جریه مطابقةً و طِبَاقًا گھوڑے کا اپنی پچھلی ٹانگوں کو اگلی ٹانگوں کی جگہ رکھنا۔
-اَلْمُقَیَّدُ پیر بندھے ہوئے کا پاؤں ملا کر چلنا۔
-فلانًا کسی سے موافق ہونا (۲) مدد کرنا۔
-علی الامرِ: کسی کام میں ہم نوائی کرنا اور ساتھ دینا۔
-الشیئَ علی الشیئِ: منطبق کرنا۔

-بین الشیئین: دونوں کو برابر کرنا۔
-بین قَمِیْصَیْن او نحوهما: ایک قمیص کو دوسری پر پہننا۔
(طَبَّقَ) الجازرُ ذبح کرنے والے کا جوڑ تک پہنچنا۔
-الحاکم اپنے حکم کو استوار کرنا۔
-الفرسُ و نحوهٗ دوڑتے ہوئے اپنی اگلی ٹانگوں کو اکٹھے اٹھانا اور ایک ساتھ ہی رکھنا۔
-الشیئَ: ایک کو دوسری پر رکھنا۔
یقال: طَبَّقَ الشیئَ علی الشیئ: ایک چیز کو دوسری پر رکھ کر برابر کر دیا۔
-المصلّی او الراکعُ کَفَّیْهِ اَوْ یَدَیْهِ نماز پڑھنے والے یا رکوع کرنے والے کا اپنے ہاتھ یا ہتھیلیوں کو اپنی رانوں یا اپنے گھٹنوں کے درمیان رکوع یا تشہد میں رکھنا اور ایسا کرنا ممنوع ہے۔
یقال طَبَّقَ السحاب الجو والغیمُ السماءَ والماءُ وَجْهَ الارض ڈھانپنا۔
(اِنْطَبَقَ)۔ ایک چیز کا دوسری سے مل جانا۔
یقال: اِنْطَبَقَ عَلَیْهِ کذا: یعنی موافق ہونا مناسب ہونا اور منطبق ہونا۔
(تَطَابَقَا) دونوں کا موافق و برابر ہونا۔
(تَطَبَّقَ): موافق ہونا۔
(الاِطْبَاقُ) ادائیگی و تلفظ میں زبان کے دونوں کناروں کو اوپر کے تالو سے اٹھا کر ملا دینا کہ جس سے حرف کی ادائیگی موٹی ہوتی ہے اور حروف اطباق یہ ہیں: الصاد، الضاد، الطاء اور الظاء۔
(التَّطْبِیْقُ) معاملات اور فیصلوں کو ملکی یا قانونی قاعدہ وغیرہ کے تابع کر دینا (مو)
(اَلطَّابَقُ) مطابق۔
(۲) وہ برتن جس میں پکایا جائے (مع)
(۳) بڑی پختہ اینٹ (مع)
(۴) گھر یا بلڈنگ کی ایک منزل (محدثہ)
(ج) طَوَابِقُ و طَوَابِیْقُ۔
(الطِّبَاقُ) مطابق و موافق۔
(۲) (فن بدیع کی اصطلاح میں) دو متضاد معانی کو جمع کرنا۔ مثلاً ﴿یُحْیِیْ وَ یُمِیْتُ﴾ ﴿وَ تَحْسَبُهُمْ اَیْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ﴾ (۳) طبق یا طبقة کی جمع ہے اور اسی سے ہے السَّمٰوٰتُ الطِّبَاقُ یعنی تہہ بتہہ آسمان۔
(اَلطَّبَاقَاءُ) وہ شخص کہ جس کے معاملات اس پر الجھے ہوئے ہوں۔
(۲) وہ شخص کہ جس کے ہونٹ کلام کرتے وقت بند ہو جائیں۔
(اَلطُّبَّاقُ) دھونی دینے کا ایک پودا جو کہ فصیلہ مرکبہ سے نالی دار پھول والا ہوتا ہے۔ شام کے بعض علاقوں میں اسے بھڑوں کے سدباب کے لئے انگور کی منقی سازی میں استعمال کیا جاتا ہے (مع)
(اَلطَّبَقُ) مطابق۔
(اَلطَّبَقُ)۔ کسی غیر کے مطابق ہو کر مساوی ہو (۲) پردہ (۳) ڈھکن، کور۔
(۳) برتن جس میں کھایا جائے۔ (۴) حالت، کیفیت۔ قرآن مجید میں ہے ﴿لَتَرْکَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ﴾
یقال بَاتَ یرعی طبق النجوم وہ رات کو ستاروں کی حالت دیکھتا رہا۔
(۴) (علم طب میں) ریڑھ کی ہڈی کے ہر دو مہروں کے درمیان کی نرم ہڈی (مج)
(ج) اَطْبَاقٌ و طِبَاقٌ۔
اَطْبَاقُ الرَّأْسِ سر کی ہڈیاں۔ مطابقت کی بنا پر
بناتُ طبق کچھوے۔
(اَلطِّبْقَةُ) پھندا، جال (ج) طِبَقٌ۔
(اَلطَّبَقَةُ) (۱) نسل بعد نسل (۲) ایسی جماعت جو عمر یا زمانے میں متشابہ ہوں۔
(۳) حالت، پوزیشن۔
(۴) ریڑھ کی ہڈی کا ایک مہرہ۔
(۵) درجہ، مرتبہ، گریڈ۔ (۶) زمین کی تہہ۔
(۷) (علم طبقات الارض میں) مضبوط چٹانوں کی ہم جنس چٹان جو کہ متصل سے رنگ اور ترکیب میں مختلف ہوتی ہے۔ ان میں استقاد یہ زمین ہوتا ہے ریتلے پتھر اور گچ کے پتھر کے طبقہ کی طرح۔

(ج) طبقات، طبق (ج)

(المُطَبَّقُ) وہ چیز جس کے اوپر موتیوں کی تہہ چڑھا کر موتی جیسا بنادیا جائے۔

(المُطْبَقُ) یقال. رجلٌ مُطْبَقٌ علیه. بیہوش شخص۔

(المُطبِقُ) (۱) زمین دوز قید خانہ۔

-من الجنون: جو اسے ڈھانپ لے اور عام ہو۔

-یقال. جهلٌ أوْ جنونٌ مُطْبِقٌ: ایسی دیوانگی جو الگ نہ ہوتی ہو۔

- حُمّی مُطْبِقَةٌ. ایسا بخار جو بیمار کا پیچھا نہ چھوڑتا ہو۔

(المُطبِقِيَّةُ) باورچی خانے میں ایک شیلف جس میں پلیٹیں قطار میں رکھی جاتی ہیں (ج)

(طَبَلَ ـُ طَبْلاً) ڈھول بجانا۔

(طَبَّلَ) زور سے ڈھول بجانا۔

(التَّطَبُّلُ) (علم طب میں) آنتوں کا ورم جو ٹائیفائیڈ میں ہوجاتا ہے (ج)

(الطِّبَالَةُ) ڈھول بجانے کا پیشہ۔

(الطَّبَّالُ) ڈھول بجانے والا۔

(۲) ڈھول والا (۳) ماہر ڈھولچی۔

(الطَّبْلُ) ایک ایسا آلہ جس پر چمڑا وغیرہ باندھا جاتا ہے (چڑھایا جاتا ہے) اور اسے بجایا جاتا ہے اور عام طور پر یہ دور خا ہوتا ہے۔

(ج) طُبُوْل و أطبال۔

بُرُوْدُ الطبل چادریں جنہیں امراء مصر پہنا کرتے تھے۔

(الطَّبْلَةُ) طبل، ایک رخے ڈھول کے لئے مستعمل ہے۔

(الطَّبْلِيَّةُ) طبل کی طرف منسوب۔

(۲) دسترخوان جس پر کھانا کھایا جائے۔

(ج) طَبَالِيُّ (مع)

(طَبَنَ النارَ ـِ طَبْنًا). آگ کو گڑھے میں دبانا تاکہ بجھے نہ۔

- الشيءَ وَله و به طَبْنًا و طَبَانةً سمجھنا۔

- فلانًا وَله دھوکہ دینا، کام بنانا۔

(طَبِنَ له و به ـَ طَبَنًا و طَبَانَةً سمجھنا۔

هُوَ طَبِنٌ۔

(طَابَنَهُ مُطَابَنَةً و طِبَانًا) (۱) گھٹانا، کم کرنا (۲) موافق ہونا۔

(الطَّابُوْنُ) وہ جگہ جہاں آگ دبائی جاتی ہے تاکہ بجھے نہ۔ اب یہ لفظ تنور اور بیکری کے لئے بولا جاتا ہے جبکہ جدید استعمال میں یہ الطابونة ہے (ج) طَوَابِيْنُ۔

(الطِّبْنُ) سطح زمین پر پڑی ہوئی لکڑی (ایندھن) (۲) اشیاء کے علیحدہ علیحدہ مجموعے (۳) مٹی کا بنا ہوا گھر۔

(الطُّبْنَةُ) ستار کی آواز (ج) طُبَنٌ۔

(طَبَاهُ اليهِ ـُ طَبْوًا): نرمی سے بلانا، اپنی طرف مائل کرنا۔ (۲) راہنمائی کرنا۔

(طَبِيَتِ الناقةُ و غيرُها من ذوات الأطْبَاءِ ـَ طَبًا او طَبًى: اونٹنی وغیرہ کا ڈھیلے تھنوں والی ہونا۔

اطَّباه اليه اپنی طرف مائل کرنا۔

وقالو اطَّبَى القلوبَ حتّٰى مَا تَعْدِلُ به: لوگوں کے دلوں میں محبوب ہو گیا اور وہ اس سے قریب ہوگئے۔

(۲) دھوکہ دے کر دوستی کرنا پھر قتل کر دینا۔

(الطَّبْوَاءُ) ڈھیلے تھنوں والی اونٹنی۔

(الطُّبْيُ) تھن کا منہ جس میں دودھ ہوتا ہے اور جس سے بچہ پیتا ہے اور کبھی تھن کو بھی کہا جاتا ہے۔

(ج) أطْبَاءٌ اس کا اطلاق انسان کے علاوہ دوسرے حیوانات پر ہوتا ہے۔

(الطبوغرافيا) سطح زمین کے عمومی خدوخال بیان کرنا چاہے طبعی ہوں یا مصنوعی (ج)

ط ..... ث

الطُّلَعَةُ: کثرت سے طلوع یا ظاہر ہونے والا (اس میں مذکر اور مؤنث برابر ہیں)
یقال: امرأۃٌ طُلَعَةٌ خُبَأَةٌ: وہ عورت جو کبھی سامنے آئے اور کبھی چھپ جائے۔
و طُلَعَةٌ قُبَعَةٌ: وہ عورت جو کبھی سر ڈھانپتی ہو اور کبھی کھولتی ہو۔
و نفسٌ طُلَعَةٌ: کسی چیز کا بہت خواہش مند نفس۔
الطَّلَّاعُ یقال: ھو طَلَّاعُ الثَّنَایا و الاَنْجِدِ: تجربہ کار' جو معاملہ سے خوب واقف ہو اور حسن تدبیر سے امور سرانجام دیتا ہو۔
الطَّلِیعَةُ مِنَ الجَیْشِ و نحوہ: فوج کا ہر اول دستہ (۲) مقدمۃ الجیش (۳) جسے آگے بھیجا جائے دشمن کی فوج کا پتہ لگانے کے لئے۔
یقال ھو فی الطَّلِیعَةِ او فی طلیعۃ کذا. وہ فلاں چیز میں سرفہرست ہے۔
(ج) طَلَائِعُ۔
اَلْمَطْلَعُ
(۱) مطلع القصیدۃ: قصیدہ کا پہلا شعر۔
(۲) جگہ طلوع قرآن حکیم میں ہے۔ ﴿حَتّٰی اِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ﴾ (۳) وقت طلوع۔ قرآن حکیم میں ہے: ﴿سَلٰمٌ هِيَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ﴾
(۴) مطلع الامر: کام کا وہ حصہ جہاں سے اسے شروع کیا جائے۔
(۵) سیڑھی (زینہ) یقال: ھذا لك مطلع

الْاَکَمَةِ: یہ آپ کے سامنے ہے۔ بالکل واضح ہے۔
(ج) مطالع: مَطَالِعُ الشَّمْسِ: سورج کے مشارق۔
یقال. للشمس مطالع و مغارب اَطْلَفَ: فلانٌ: دشمن کا انتقام باطل ہو جانا۔
-دَمَ القتیل: مقتول کا خون رائیگاں کر دینا۔
-مالَ فلان او حقہ: کسی کے مال یا حق کو ضائع کر دینا۔
-فلاناً کذا. کسی کو کوئی چیز ہبہ کرنا۔
طَلَّفَ عَلَیهِ: اضافہ کرنا' بڑھنا۔
الطَّلْفُ: رائگاں (۲) ضائع
الطَّلَفُ: الطَّلْفُ (۲) معمولی چیز۔
(۳) زائد چیز (۴) بخشش (ہبہ) دینا۔
الطَّلِیفُ: الطَّلْفُ (۲) مفت (۲) معمولی شی
طَلَقَ ـُ طُلُوقًا و طَلَاقًا: قید وغیرہ سے آزاد ہونا۔
-المرأۃُ من زوجھا طَلَاقًا: نکاح کی قید سے آزاد ہونا اور عصمت زواج سے نکل جانا۔
یَدَہ بالخیر ـِ طَلْقًا: ہاتھ کو سخاوت اور خرچ کرنے کے لئے پھیلانا۔
-فُلاناً الشیئَ: کسی کو کوئی چیز عطا کرنا۔
طَلِقَ ـَ طَلَقًا: دور ہونا۔
طَلُقَ ـُ طُلُوقَةً و طَلَاقَةً: طَلَق
-الیَدُ: سخی ہونا۔
-الوجہُ چہرے پر خوشی کے آثار ہونا۔ کھلا ہوا ہونا۔
-اللِّسَانُ سلیس اور شیریں زبان ہونا۔
-فلانٌ: ہنس مکھ اور خوش گفتار ہونا۔
-الیومُ سہانا اور گرمی اور سردی سے خالی ہونا۔
-المرأۃُ من زوجھا طَلَاقًا عورت کا مطلقہ ہونا۔
طُلِقَتِ المرأۃُ او الحامِلُ فی المخاض عورت کا دردِ زہ میں مبتلا ہونا۔ ھی مَطْلُوقَةٌ۔
اَطْلَقَ القَوْمُ. پانی اور چارہ کی تلاش میں قوم کے اونٹوں کا آزاد پھرنا۔
-الشیئَ: چھوڑنا' آزاد کرنا۔

يقال أطلق الاسير و نحوه: قیدی کو رہا کرنا۔
يقال اطلق الماشية مویشی کو چراگاہ کی طرف چھوڑنا۔
أطْلَقَ خَيْلَه فى الحَلْبَةِ و نحوها: گھوڑے کو میدان میں دوڑانا۔
أطْلَق المرأةَ نکاح کے بندھن سے آزاد کرنا۔
وَاطْلَقَ له الْعِنَانَ لگام چھوڑنا۔
له التَّصَرُّفَ: معاملہ میں تصرف کی اجازت دینا۔
-الدواءُ و نحوه بَطْنَه: دواء کا پیٹ چلانا، سہال میں مبتلا کرنا۔
-الكلامَ: کسی قید کے بغیر کلام کرنا۔
-يده بخيرٍ او غيره: بھلائی وغیرہ کے لئے ہاتھ کھولنا اور پھیلانا۔
-المِدْفَعَ و نحوه: توپ وغیرہ چھوڑنا (مو)
كذا على كذا: کسی چیز کو کوئی علامت یا نام دینا یا کسی کے لئے وضع کرنا اور اس میں استعمال کرنا (مو)
طَلَّقَه: بمعنی اَطْلَقَه
اِطَّلَقَ: انشراح ہونا۔
يقال: اطَّلَقَتْ نَفْسُه: اس کی طبیعت میں انشراح پیدا ہوا۔ اس کی اصلی اطتلق ہے۔
اِنْطَلَقَ: آزاد ہونا (۲) جانا، گزرنا۔
يقال اِنْطَلَقَ يفعل كذا: کرنے لگا۔
- الوجه او اللِّسَانُ: چہرے کا کھلا ہوا ہونا، زبان کا سلیس ہونا۔
تَطَلَّقَ: بمعنی اِنْطَلَقَ۔
-الظَّبْيُ و نحوه: ہرن وغیرہ کا تیزی سے کسی چیز کی طرف التفات کئے بغیر گزر جانا۔
-الخيلُ: گھوڑے کا میدان میں انتہا تک آزاد پہنچ جانا، روکا نہ جانا۔
- الفرسُ و نحوه. گھوڑے کا دوڑنے کے بعد پیشاب کرنا۔
اسْتَطْلَقَ: بمعنی تَطَلَّقَ۔
-بَطْنُه: پیٹ کا جاری ہونا۔

-الشَّيْءَ: جلدی چاہنا، آزادی چاہنا۔
يقال: استطلق من صاحب الدَّين كذا. قرض خواہ سے قرض میں چھوٹ چاہنا۔
الطَّالِقُ يقال: امرأة طالق: نکاح کے بندھن سے آزاد۔
وناقة او شاةٌ طالق. کھلی چھوڑی ہوئی اونٹنی یا بکری جہاں چاہے چرے (ج) طُلَّقٌ وَطَوَالِقُ
الطَّالِقَةُ مِن النِّسَاء او النوق او الشياه بمعنی الطَّالِق۔
من اللّيالي: ایسی راتیں جو گرمی اور سردی اور ہر تکلیف سے خالی ہوں (ج) طَوَالِقُ
الطَّلاَقُ: آزادی۔
(۲) (شریعت میں) قید نکاح جو زوجین کے درمیان الفاظ مخصوصہ کے ساتھ منعقد ہو اس قید کو ختم کرنا
الطَّلْقُ: (۱) مطلق غیر مقید۔
ويقال (۲) رَجُلٌ طَلْقُ اليَدِ او اليدين: سخی (۳) وفرس طلق اليه: وہ گھوڑا جس کی اگلی ٹانگوں میں حلقہ نہ ہو (۴) ہرن، تیز رفتاری کی وجہ سے (۵) شکاری کتا۔ اس کے شکار کی طرف تیز دوڑنے کی وجہ سے۔
(۶) ومن الوجوه. ہنس مکھ۔
(۷) ومن الألسنة: سلیس، تیز، شیریں گفتار۔
-من الايام و اللّيالي: جو گرمی، سردی، بارش تیز ہوا اور ہر قسم کی تکلیف سے خالی ہوں۔
(خوشگوار دن)
(۹) دروزہ (۱) ایک بوٹی جو رنگائی میں استعمال ہوتی ہے۔
(۱۱) ایک چمکدار شفاف پتھر جو مختلف طبقات والا ہے جو کہ اسے کوٹتے وقت کرچیں کرچیں ہو جاتے ہیں۔ اسے پیس کر سفید سفوف بنایا جاتا ہے۔ اسے جسم پر چھڑکا جاتا ہے اور یہ ٹھنڈک اور ملائم پن پیدا کرتا ہے۔ (مع)
الطِّلْقُ. مطلق (۲) ایسا آزاد شخص جو تمام تعرفات میں بااختیار ہو۔
(۳) حلال يقال: افعل كذا طِلْقًا لك. تم یہ کام جائز سمجھ کر کرو۔

انت طِلْقٌ منه تم اس سے بری ہو۔
-من الوجوه او الالسنة الطَّلْقُ
الطُّلُقُ مطلق۔
يقال: بعيرٌ او ناقةٌ طُلُقٌ۔
-من الوجوه او الألسنة الطَّلِقُ۔
الطَّلَقُ چکر (۲) حصہ۔
(۳) آفت (۴) پیٹ کا گول حصہ
(ج) اَطْلاَقٌ۔
الطَّلِقُ: ہنس مکھ۔
-من الوجوه و الألسنة: الطَّلْقُ۔
الطَّلُقُ: يقال لِسانٌ طُلُقٌ ذُلُقٌ: تیز طرار زبان۔
الطَّلْقَةُ ایک دفعہ کی رہائی یا ایک طلاق یا ایک دفعہ چھوڑنا۔
-من اللّيالي: الطَّلْقُ۔
الطُّلَقَةُ: من الرجال عورتوں کو بہت زیادہ طلاق دینے والا۔
الطُّلاَّقُ: الطُّلَقَة۔
الطِّلِّيقُ: الطُّلَقَةُ۔
الطَّلِيقُ: من الوجوه ولا لسنة: الطَّلِيقُ (۲) آزاد یا قیدی جسے رہا کیا گیا ہو (۳) ومن الناس: قابل تکریم۔
(۴) جسے اسلام میں زبردستی داخل کیا گیا ہو۔
(ج) طُلَقَاء۔
طليق الإله: ہوا۔
الْمِطْلاَقُ الطُّلَقَةُ۔
ومن النوق و نحوها. آزاد نہ چرنے والی اونٹنی (ج) مَطَالِيقُ۔
الْمُطْلَقُ: جو مقید نہ ہو کسی قید یا شرط کے ساتھ (۲) غیر معین
(۳) ومن الاحكام جس میں استثناء نہ ہو۔
ومن الماء (عند الفقهاء) جو پانی اپنی اصلی خلقت پر باقی ہو۔ اس سے نجاست نہ ملی ہو اور نہ ہی اس پر کسی ظاہری چیز کا غلبہ ہو۔
-من الخيل وہ گھوڑا جس کی ایک یا دونوں ٹانگوں میں سفید حلقہ نہ ہو۔

اَلْمُطِلُّ گھوڑ دوڑ لگانے والا۔
طَلَّ دمُ القتیل ـِ طَلًّا و طُلُولاً: مقتول کا خون رائیگاں جانا اوراس کی دیت نہ لیا جانا۔
-الارض و نحوُھا ہلکی بارش کی پھوار پڑنا۔
-اللبنُ و نحوہ کم ہونا۔
دمَ فلان ـُ طَلًّا رائیگاں کرنا ضائع کرنا۔
-فلاناً ٹالنا اورحق تلفی کی کوشش کرنا۔
- فلاناً حقَّه. حق روکنا اورحق تلفی کی کوشش کرنا۔
- المطرُ الارض و نحوھما: بارش برسنا قطرے پڑنا۔
-الشَّیَ بالدُّھنِ وغیرِہ: تیل وغیرہ ملنا۔
-الأبلَ و نحوَھا سختی سے ہانکنا۔
طُلَّ دَمُه طَلًّا طَلَّ یہ بہ عموماً مبنی للمعلوم کے لئے مستعمل ہے(یعنی معروف)ھو مَطْلُولٌ
-الأَرضُ و نحوُھا ہلکی بارش برسنا۔
ھِیَ مَطْلُوْلَةٌ
طَلَّ ـَ طَلًّا و طَلَالَةً اچھا اور پسندیدہ ہونا۔
-فلانٌ خوش ہونا۔
اَطَلَّ جھانکنا۔
یقال اَطَلَّ علیه
(۲) قریب ہونا۔
(۳)-علی حَقِّه غالب آنا حق کھانا۔
(۴)-علیه بالأذی و نحوِہ کسی کومسلسل تکالیف پہنچانا۔
-دمَ القتیلِ طَلَّه
یقال اُطِلَّ دَمُه(مبنی للمجھول)
تَطَالَّ لمبا ہوکر دیکھنا۔
تَطَلَّلَتِ الارضُ زمین کا روئیدگی کے بعد روندا ہوا نہ ہونا۔
اِسْتَطَلَّ علیه اَطَلَّ۔
الفرسُ و نحوُہ ذَنَبَه گھوڑے وغیرہ کا دم کو کھڑا کرنا۔
یقال استطلَّ الفرس بذنبه۔
الطَّلَالَةُ حسن اوررونق وخوشنمائی۔
(۲) خوشی اور شادابی (۳) ہر شے کی ذات
(۴) گھر وغیرہ کے دکھائی دینے والے آثار۔

اَلطَّلُّ: ہر پسندیدہ اور خوبصورت چیز۔
(۲) ہلکی بارش جس کا اثر کم ہو۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿فَإِن لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ﴾
(۳) شبنم جسے درخت کے پتے شاخوں تک پہنچاتے ہیں (۴) دودھ (۴) بڑی عمر کا (ج)
طِلَالٌ و طِلَلٌ۔
الطِّلُّ: ضائع۔
الطَّلَلُ: گھر کے آثار میں سے دکھائی دینے والے باقی آثار ونشانات۔
-من الدَّارِ و نحوِھا: گھر کے صحن میں بلند جگہ جوگھر والوں کی مجلس کے لئے تیار کی گئی ہو یا اس پر خوان رکھا جاتا ہو۔
-من السفینة او السَّیَّارة و نحوھما پردہ جس کے ذریعے ڈھانپا جائے جیسے چھت۔
(ج) اَطْلَالٌ و طُلُوْلٌ۔
الطُّلَّاءُ اس کی اصل الطُّلَّالُ ہے۔رائیگاں کیا جانے والا خون۔
الطَّلَّةُ: عورت (۲) ومن الارض و نحوھا: جو شبنم سے تر ہو (۳) خوش خوراکی و خوش پوشاکی (۴) صاف و لذیذ شراب (۵) خوشبودار چیز۔
الطُّلَّةُ دودھ کا ایک گھونٹ۔
(۲) گردن (ج) طُلَلٌ۔
الطَّلِیْلُ اَلمَطْلُوْلُ۔
(۲) کھجور کے پتوں یا چھلکے کی بنی ہوئی چٹائی۔
(۳) پرانی چیز (ج) اَطِلَّةٌ و طُلُلٌ و طِلَّةٌ هُنَّ طَلَائِلُ۔
اَلْمُطِلُّ من الامور ناپختہ معاملات جن میں قرار نہ ہو۔
یقال امرٌ مُطِلٌّ۔
اَلْمَطْلُوْلُ دودھ جس کے اوپر جھاگ ہوتی ہے اوراس پر پانی بہایا گیا ہوتا ہے۔اسے اچھا سمجھا جاتا ہے حالانکہ اس میں کوئی عمدگی نہیں ہوتی۔
طَلَمَه ـُ طَلْمًا کھلا ہوا ہاتھ مارنا۔
-الخبزةَ روٹی کو برابر کرنا۔

طَلَّمَ الخبزةَ و نحوَھا طَلَّمَھا۔
-والعرَق عن جبینه. پیشانی سے پسینہ پونچھنا۔
الطُّلْمُ: خوان میں جس پر روٹی کو پھیلایا جائے۔
الطَّلَمُ: دانتوں کا میل جوصفائی میں کوتاہی سے پیدا ہو۔
الطُّلْمَةُ. بھوبھل میں پکائی ہوئی روٹی۔اوروہ گرم راکھ کو کہتے ہیں۔
(۲) چپٹا پتھر جسے طابق کی مانند رکھا جائے اور اس پر روٹی پکائی جاتی ہے (ج) طُلَمٌ۔
المِطْلَمَةُ آلہ جس کے ذریعے روٹی کو پھیلایا جاتا ہے پکانے سے پہلے (بیلن)
طَلْمَسَ جادو کرنا یا پیشانی پر بل ڈالنا۔
-الکتابَ و نحوَہ: مٹانا۔
اِطْلَمَسَّ اللَّیلُ رات کا تاریک ہونا یا تاریکی کا بڑھ جانا۔
الطِّلْمِسَاءُ: سخت تاریکی۔
(۲) وہ زمین جس پر نہ کوئی مینار ہو اور نہ ہی کوئی علامت (۳) پتلا بادل۔
طَلَا ـُ طَلْوًا: و طَلَاوَةً دیر کرنا۔
-الظَّبْیَ و نحوہ طَلْوًا باندھنا قید کرنا۔
طَلِیَتْ اَسْنَانُه ـَ طَلًا دانتوں پر زردی آنا۔
یقال طَلِیَ فَمُه۔
و کانت به طلاوةٌ۔
پیاس سے لعاب خشک ہو جانا۔
اَطْلَتِ الظَّبیَةُ ہرنی کا ایک یا زیادہ بچے جننا۔
- فلانٌ و نحوہ کسی ایک جانب گردن جھکانا۔
و قیل: ما اَطْلَی نبیٌّ قطُّ کوئی نبی خواہشات نفس کی طرف مائل نہیں ہوا۔
الطَّلَا ہر چھوٹی چیز۔
(۲) انسان یا جانور کا بچہ پیدائش سے نو عمر ہونے تک (۳) ہرنی کا بچہ (۴) خشک ہونے والا لعاب یا دانتوں پر پیاس یا بھوک یا مرض وغیرہ کی وجہ سے۔

(ج) اَطْلَاءٌ و طِلَاءٌ و طُلِيٌّ۔
الطُّلَاۃُ گردن یا گردن کی دیوار۔
(ج) طُلًی۔
الطُّلَاوَۃُ خوبصورتی و رونق (۲) خون یا دودھ کے اوپر باریک جھلی (۳) منہ میں بچ جانے والا کھانا۔
الطُّلَاوَۃُ ہر وہ چیز جسے ملا جائے (۲) کائی (۳) ومن الکلأ و نحوہ تھوڑی سی گھاس۔
الطِّلْوُ بھیڑیا (۲) ہلکے جسم کا شکاری اسے بھیڑیے سے تشبیہ دی گئی ہے۔
(۳) وہ رسی جس کے ذریعے ہرن کے بچے کے پاؤں کو میخ کے ساتھ باندھا جاتا ہے۔
(ج) اَطْلَاءٌ و طِلَاءٌ۔
الطَّلْوَاءُ انتظار (۲) دیر کرنا۔
(۳) کائی۔
الطَّلْوَان: وہ سفیدی جو مرض یا پیاس کی وجہ سے زبان پر آئے۔
الطُّلْوَۃُ صبح کی سفیدی (ج) طُلًی۔
الطِّلْوَۃُ جنگلی جانور کا بچہ۔
(۲) رسی یا رسی کا ٹکڑا۔
یقال: ما یُسَاوِی طِلْوَۃً: جس کی کوئی حیثیت نہ ہو۔
طَلَی الماءُ ـِ طَلْیًا و طِلَاءً: پانی پر کائی آنا۔
الشیٔ بکذا: کسی چیز پر کچھ ملنا، جس سے کچھ چھپ جائے۔
-اللَّیلُ الآفاق و غیرَھا: رات کا آسمان کو اپنی تاریکی سے ڈھانپ دینا۔
-فلانًا: گالی دینا۔
-الظَّبْیَ: ہرن کا پاؤں باندھنا اور قید کرنا۔
طَلَّی فلانٌ: گانا۔
-الشیٔ بکذا: مبالغہ کرنا مانگنے میں۔
اِطَّلَی بکذا: تیل ملنا۔
تَطَلَّی لازم طَلَّاہ۔
(۲) کھیل کود گانے بجانے میں مشغول رہنا۔
الطُّلَّی: ایک مرتبہ دودھ پینے کی مقدار۔
الطَّلَّاءُ جو معادن وغیرہ پر رنگ کرے۔

الطَّلِی ہرن وغیرہ کا بچہ۔
(۲) تارکول ملا ہوا (ج) اَطْلَاءٌ، طِلَاءٌ
الطِّلَی مقصور الطِّلَاءِ (۲) لذت۔
الطِّلَاءُ ہر چمکانے اور خوش نما بنانے والا مادہ جیسے ھناء کالا تیل، تیل اور مٹی وغیرہ۔
(۲) انگور کا پکایا ہوا رس (۳) خالص چاندی (۴) وہ رسی جس کے ذریعے ہرن کے بچے کی ٹانگ کو باندھا جائے۔
الطَّلْیَاءُ خارش زدہ اونٹنی (۲) من النُّوق و نحوھا: وہ اونٹنی جس کے بدن پر تیل ملا گیا ہو۔
(۳) حائضہ کی خون صاف کرنے کی پٹی (تاکی)
الطُّلْیَانُ: دانتوں کی زردی۔
الطَّلْیَۃُ الطُّلَاۃُ۔
(۲) اون وغیرہ جس کے ذریعے خارش زدہ پر روغن ملا جائے (۳) حائضہ کی پٹی (ج) طُلًی
الطَّلْیَا: خارش (۲) ایگزیما کے مشابہ پھوڑا جو انسان کے پہلو میں نکلتا ہے۔
المِطْلَی روغن کرنے کا آلہ۔
المِطْلَاءُ المِطْلَی۔
المَطْلِیُّ یقال: اَمْرٌ مَطْلِیٌّ مشکل معاملہ۔

ط ....م

طَمَثَت المَرْاَۃُ ـِ طَمْثًا: عورت کو پہلی بار حیض آنا۔ ھی طامِثٌ (ج) طُمَّثٌ و طَوَامِثُ۔
-المرأۃَ: عورت سے ہم بستری کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ﴾
یقال ماطَمَثَ ھذا البعیر حبلٌ اس اونٹ کو بیڑی نے نہیں چھویا۔
وما طَمَثَ ھذا المرتَعَ او ھذہ الرَّوْضَۃَ احدٌ قَبْلَنَا اس چراگاہ یا باغ میں ہم سے پہلے کوئی نہیں آیا۔
الطَّمْثُ حیض کا خون (۲) میل۔
طَمَحَ الماءُ و نحوہ ـَ طُمُوْحًا طِمَاحًا پانی کا بلند ہونا۔

-الدَّابَّۃُ سرکشی کرنا۔
-بصرُہ الیہ دیکھنا۔
ویقال طمح ببصرہ نظر اٹھا کر ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔
-بانفہ تکبر کرنا (ناک چڑھانا)
-الی الاَمر کسی کام پر نگاہ رکھنا، توقع رکھنا۔
-المرأۃ علی زوجھا خاوند کو چھوڑ کر عورت کا اپنے گھر کو چلے جانا۔
-فی الطَّلَبِ تلاش میں دور نکل جانا۔
اَطْمَحَہ نگاہ اٹھوانا۔
-بصرہ الیہ نگاہ اٹھانا۔
طَمَّحَ الفرسُ و نحوہ اپنے اگلے پاؤں اٹھانا۔
-بالشیٔ فی الھواءِ پھینک دینا۔
الطَّامِحُ ہر بلند شی۔
-ومن النساء وہ عورت جو اپنے خاوند سے نفرت کرتی ہو اور غیر کی طرف التفات کرتی ہو (ج) طَوَامِحُ۔
الطَّمْحَۃُ ایک مرتبہ کا طموح
طمحات الدھر مصائب زمانہ۔
الطَّمَّاحُ کثیر الطموح۔
(۲) بلند نگاہ دور رس انسان (۳) حریص۔
الطَّمَّاحَۃُ وہ عورت جو اپنے خاوند کو چھوڑ کر دائیں بائیں بار بار دیکھتی ہو۔
الطَّمُوْحُ یقال: بحرٌ طَمُوْحُ المَوْجِ بلند موجوں والا سمندر۔
بئرٌ طَمُوْحُ الماءِ اونچے پانی والا کنواں۔
طَمَرَ ـِ طَمْرًا و طُمُوْرًا نیچے کی طرف چھلانگ لگانا۔
فی الارض و نحوھا: زمین میں چلے جانا اور چھپ جانا۔
علی مطمار فلان: کسی کے نقش قدم پر چلنا۔
-الشیٔ طَمْرًا: ایسی جگہ چھپانا کہ حاصل نہ کیا جاسکے یا نظر نہ آئے۔
-البِئرَ: کنویں کو پاٹنا۔
-المَطْمُوْرَۃَ زمین دوز کوٹھی میں غلہ وغیرہ بھرنا۔

طُمِرَ فِي صِرْسِه داڑھ میں درد ہونا۔
طَمِرَتْ يَدُه و غيرها ـَ طَمَرًا: ہاتھ میں ورم آنا' پھول جانا۔
اَطْمَرَه بمعنی طَمَرَه۔
طَمَّرَه مبالغہ در طَمَرَه۔
(۲) لپیٹنا۔
-السِّتْرَ و نحوه پردہ لٹکانا۔
(۳) سیٹنا' اکٹھا کرنا۔
(۴) برباد کرنا۔
اِطَّمَرَ علی فرسه و نحوه: گھوڑے وغیرہ کے پیچھے سے کود کر سوار ہونا۔
-الشيئَ طَمَرَه۔
الطَّامِرُ طامر بن طامر. نامعلوم شخص جس کے باپ کا بھی علم نہ ہو۔
الطَّامُوْرُ صحیفہ (ج) طَوَامِيْرُ۔
طَمَار بلند جگہ۔
يقال طَمَارٌ (بالاعراب و التنوين)
وبنات طمار مصائب۔
الطِّمْرُ پرانا بوسیدہ کپڑا (ج) اَطْمَارٌ
الطِّمِرُّ عمدہ تیز رفتار گھوڑا۔
طُمْرَةُ الشَّبَابِ ابتدائے جوانی۔
الطُّوْمَارُ طامور (ج) طَوَامِيْرُ۔
الْمِطْمَارُ وہ دھاگہ جسے عمارت پر لٹکایا جاتا ہے یہیں اس کی تعمیر کی جاتی ہے۔ اسے "امام" بھی کہتے ہیں۔
يقال هو علی مِطْمَارِ ابيه او يَطْمِرُ علی مطمار ابيه یعنی اپنے باپ کے نقش قدم پر چلتا ہے۔ (۲) چیتھڑوں میں ملبوس شخص (ج) مَطَامِرُ۔
الْمَطْمُوْرَةُ زمین دوز جگہ جو غلہ وغیرہ جمع کرنے کے لئے بنائی گئی ہو۔
(۲) جیل خانہ (ج) مَطَامِيْرُ۔
طَمَسَ الشيئُ ـُ طُمُوْسًا صورت بدل جانا۔
يقال طَمَسَ القمرُ او النجم او البصر و نحوه یعنی روشنی ختم ہو گئی۔
القلبُ و نحوه دل خراب ہو جانا پس وہ کسی چیز کو محفوظ نہ کر سکے۔
-الشيئَ و عليه ـِ طَمْسًا: بگاڑنا یا مٹانا اور زائل کرنا۔
يقال: طَمَسَتِ الرِّيْحُ الاَثَرَ: ہوا نے نشان مٹا دیئے۔
يقال طَمَسَ الغيمُ الكواكِبَ: بادل نے ستاروں کی روشنی کو چھپا دیا۔
طَمَسَ عينَه و عليها: اندھا کر دیا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَلَوْ نَشَاءُ لَطَمَسْنَا عَلٰی اَعْيُنِهِمْ﴾
طَمَّسَه مبالغہ در طَمَسَه۔
اِنْطَمَسَ لازم طَمَسَه۔
تَطَمَّسَ لازم طَمَّسَه۔
الطَّامِسُ يقال رسمٌ طامِسٌ: مٹا ہوا نشان۔
طريقٌ طامِسٌ دور دراز راستہ جس پر چلنا ممکن نہ ہو۔
نجمٌ طامِسٌ. ستارہ جس کی روشنی ختم ہو گئی ہو۔ (ج) طَوَامِسُ۔
يقال رجلٌ طامِسُ القلب خراب دل یعنی کسی چیز کو محفوظ نہ کرتا ہو۔
الطَّمِيْسُ المَطْمُوْسُ (۲) اندھا' جس کی آنکھ کی پلک کا کنارہ سر گوشہ ظاہر نہ ہو۔
طَمْطَم البَحْرُ سمندر کا بڑا ہونا۔
- فلان سمندر کے وسط میں تیرنا یا وسط میں ہونا۔
-في كلامه غیر سلیس گفتگو کرنا۔
الطَّمَاطِمُ ایک سال بھر کی زرعی پیداوار جو کہ فصیلہ باذنجانیہ سے ہے۔ کچا اور پکا کر دونوں طرح کھایا جاتا ہے (ٹماٹر) (د)
الطُّمَاطِمُ گونگا۔
الطِّمْطَامُ سمندر کا وسط۔
(۲) زبردست آگ (تشبیہ کے موقع پر)
الطُّمْطُمَانِيُّ الطُّمَاطِمُ۔
الطُّمْطُمَانِيَّةُ گونگا پن۔
طُمْطُمَانِيَّةُ حِمْيَرَ قبیلہ حمیر کے کلام میں ناخوشگوار لہجہ جیسا کہ الف حرف تعریف کے لام کو میم سے بدلنا۔ پس وہ طالب الہواء کو یوں کہتے ہیں۔ طاب امهَوَاء۔
الطِّمْطِمُ الطُّمَاطِمُ۔
الطُّمْطُمَةُ گونگا پن۔
الطُّمْطُمِيُّ الطُّمَاطِمُ۔
طَمِعَ فيه و به ـَ طَمَعًا و طَمَاعًا وَطَمَاعِيَةً خواہش مند ہونا' رغبت رکھنا (۲) حریص ہونا۔
طَمُعَ ـُ طَمَعًا و طَمَاعَةً: بہت زیادہ لالچی ہونا۔
اَطْمَعَه: لالچی بنانا۔
طَمَّعَه: اَطْمَعَه يقال: طَمَّعَ المَطَرُ: بارش ہوئی تو سہی لیکن تھوڑی ہوتی۔
يقال: كان حديثها تطميع قَطْرٍ: اس نے کلام تو کیا لیکن تھوڑا کیا۔
تَطَمَّعَ لازم طَمَّعَه (۲) طَمِعَ۔
الطَّمَعُ اُمید۔ عام طور پر اس کا استعمال اس چیز میں ہوتا ہے جس کا حصول قریب ہو (ج) اَطْمَاعٌ۔
الطَّمَّاعُ بہت زیادہ لالچی۔
الطَّمُوْعُ الطَّمَّاعُ۔
الْمِطْمَاعُ الطَّمَّاعُ (اس میں مذکر اور مونث برابر ہیں)
-من النساء. وہ عورت جو کسی دوسری کی لالچ دلائے اور خود پر قابو نہ دے (ج) مَطَامِيْعُ۔
الْمَطْمَعُ الطَّمَعُ۔
(۲) ذریعہ حرص (۳) جس چیز کی خواہش کی جائے (۴) وہ پرندہ جو جال وغیرہ کے بیچ میں رکھا جائے دوسروں پرندوں کو اس میں لانے کے لئے دھوکہ دینے کے طور پر (ج) مَطَامِعُ۔
الْمَطْمَعَةُ الْمَطْمَعُ۔
طَمَلَ فلانٌ ـُ طَمْلاً و طُمُوْلاً بے پرواہ ہونا۔
-الجملَ و غيره تحت چال چلنا۔
-الابلَ و غيرها طَمْلاً سختی سے ہانکنا۔
-الشيئَ. ہاندھنا۔
- الحصيرَ و نحوه چٹائی بننا اور اس میں

دھاگے ڈالنا۔
-الشئ بکذا آلودہ کرنا۔
یقال طمل الدمُ السهمَ۔
-الصَّبَّاغُ الثوبَ و نحوہ گہرا رنگنا۔
-الْخَبَّازُ الْخبزَ بیلن سے روٹی چوڑی کرنا۔
طَمِلَ بكذا ـَ طَمَلاً آلودہ ہونا۔
اَطْمَلَ الكتابَ و نحوہ مٹانا۔
اِطَّمَلَ مافی الحوض و نحوہ: حوض میں سے پانی وغیرہ کو نکالنا اور ایک قطرہ تک نہ چھوڑنا۔
اِنْطَمَلَ فلانٌ چوروں کے ساتھ شریک ہونا۔
الطِّمْلُ: ہر سیاہ چیز (۲) گہرا رنگا ہوا کپڑا (۳) قلادہ (گلے کا ہار یا پٹا)
(۴) گدلا پانی (۵) بدزبان، بے حیا آدمی جسے پرواہ نہ ہو اپنے کئے اور کہے کی اور نہ ہی اس بات کی جو اسے کہی جائے۔
(۶) بیوقوف (۷) ایسا تنگدست جو بد خلق اور بدحال ہو (۸) دھاری دار پتلا بھیڑیا (۹) چور
(ج) طُمُولٌ و اَطْمَالٌ۔
الطَّمْلَةُ حوض کے پیندے میں جو گدلا پانی یا باریک مٹی باقی رہ جائے۔
الطُّمْلَةُ: الطَّمْلَةُ۔
الطِّمْلَةُ کمزور عورت (ج) طِمَلٌ۔
الطُّمُولُ من الرجال: الطِّمْلُ
الطِّمِيلُ من الناس و غیرهم خون میں لت پت یا کسی برے کام میں ملوث۔
۲) وہ روٹی جو بیلن سے پھیلائی گئی ہو۔
(۳) چٹائی (۴) کیچڑ کا پانی (۵) گمنام (۶) چوڑا چھلکا۔
الطِّمِيلَةُ الطِّمِيلُ کی مونث۔
المِطْمَلَةُ بیلن، وہ لکڑی وغیرہ جس کے ذریعے روٹی کو پھیلایا جاتا ہے۔
(ج) مَطَامِلُ۔
طَمَّ الشئُ ـِ طُمُومًا کسی چیز کا بڑھنا یہاں تک کہ عظیم ہو جائے یا عام ہو جائے۔
یقال طَمَّ البحرُ او الماءُ سمندر بڑھ گیا۔
طَمَّ الامرُ و طَمَّت الفتنة او الشدة:
معاملہ سنگین ہو گیا، فتنہ و فساد بڑھ گیا۔
-الفرسُ و غیرہُ فی سیرہ پھرتی اور تیزی سے چلنا۔
-الشئَ و علیه ـُ طَمًّا: ڈھانپ لینا۔
یقال: طَمَّ الترابُ البئرَ مٹی کا کنویں کو پاٹ دینا۔
-فلانٌ الحفرةَ بالتراب و نحوہ: مٹی وغیرہ سے گڑھے کو بھر کر برابر کر دینا۔
-الإناءَ و غیرہ بھرنا حتی کہ بہنے لگے۔
-شَعْرَہ: چونٹا، جڑ سے اکھاڑنا۔
اَطَمَّ بشعرہ بال کاٹنے کا وقت آ جانا۔
طَمَّمَ الطائرُ شاخ پر بیٹھنا۔
اِسْتَطَمَّ شعرہ اَطَمَّ۔
الطَّامُ: بہت بڑی چیز (۲) بہت زیادہ پانی
الطَّامَّةُ قیامت۔ قرآن حکیم میں ہے ﴿فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى﴾ (۲) ایسی مصیبت جو دوسری مصیبتوں سے بڑھ کر ہو۔
الطَّمُّ سمندر۔
الطِّمُّ بہت زیادہ پانی (۲) بڑی تعداد (۳) انتہائی تعجب (۴) عمدہ گھوڑا (۵) شتر مرغ۔
یقال جاء هم الطِّمُّ والرِّمُّ: ان کے پاس قلیل و کثیر سب آیا۔
الطُّمَّةُ گمراہی، حیرانی (۲) گھاس کا ٹکڑا۔ عام طور پر اس کا اطلاق خشک گھاس پر ہوتا ہے (۳) گندگی۔
من الناس و نحوهم لوگوں کی جماعت، برادری، معاشرہ (ج) طُمَمٌ۔
الطُّمُومُ من الخیل و نحوها تیز رفتار گھوڑا (اس میں مذکر اور مونث برابر ہیں)
الطَّمِيمُ المَطْمُومُ (۲) الطُّمُومُ
طمیم الناس لوگوں کا اختلاط اور کثرت۔
طَمْأَنَهُ: ساکن کرنا (۲) نیچا کرنا، جھکانا۔
یقال طَأْمَنَهُ و طَامَنَهُ۔
اِطْمَأَنَّ ساکن ہونا، ٹھہرنا۔
یقال اطمأن به القرارُ: اسے سکون ہو گیا۔
و اطمأنَّ جالسًا پرسکون ہو کر بیٹھ گیا۔
اطمأنَّ القلبُ و نحوہ دل کو سکون ہو گیا۔
-المکانُ و غیرہ جگہ کا پست اور ہونا۔
-بالمکان و فیه ٹھہرنا، وطن بنانا۔
-عَمَّا کان یفعله چھوڑ دینا۔
تَطَأْمَنَ لازم طَأْمَنَهُ جب وہ ساکن ہو جائے یا پست ہو جائے تو ہمزہ کی تخفیف کے ساتھ یوں کہا جاتا ہے تَطَامَنَ۔
الطُّمَأْنِيْنَةُ، اطمینان (۲) سکون قلب، آرام۔
طَمَا الشئُ ـُ طُمُوًّا بلند ہونا۔
یقال: طما الماءُ پانی بلند ہوا اور نہر بھر گئی۔
-النَّهرُ و نحوہ۔ نہر کا بھرنا اور پانی کا بہت زیادہ ہو جانا۔
-النبتُ: لمبا ہونا، بلند ہونا۔
یقال طَمَتْ هِمَّتُهُ حوصلہ بلند ہونا۔
- المرأةُ بزوجها: خاوند کی خلاف ورزی کرنا۔
-به الهمُّ او غیرہُ غم وغیرہ بڑھ جانا۔
-بالغويّ نفسُه۔ گمراہ کے نفس کا سرکش ہونا۔
قال الأعشی:
وَکنت اذا نفسُ الغویّ طمت به
صَقَعْتُ علی العِرنین منه بمیسم
الطَّمِيُّ وہ مٹی جسے سیلاب بہا لائے اور وہ زمین پر ٹھہر جائے چاہے تر ہو یا خشک اور اسے "غرین" کہتے ہیں۔

ط ... ن

طَنَأَ ـَ طَنْأً و طُنُوْءًا شرمانا۔
(۲) بدکاری کرنا، زنا کرنا۔
طَنِئَ فلانٌ ـَ طَنَأً شرم کی بات دل میں چھپانا۔
-الحیوانُ جانور کی تلی کا پہلو سے لگ جانا۔
- الانسانُ ایک دن چھوڑ کر ایک دن بخار ہونا۔
(۲) بخار کی وجہ سے تلی کا بڑھ جانا۔ هو طَنِئٌ۔
اَطْنَأَ بدکاری کی طرف مائل ہونا (۲) منزل کی طرف مائل ہونا (۳) چٹائی کی طرف مائل ہونا پس سستی کی وجہ سے اس پر سو جانا۔

(۴) یا حوض کی طرف میلان کر کے پانی پینا۔
یقال حیّة لا تطنیٔ وہ سانپ کہ جو اپنے ڈسے ہوئے کو باقی نہ چھوڑے اور فوراً مار ڈالے۔
الطِّنْءُ شک (۲) تہمت لگانا۔
(۳) بدکاری (۴) حوض میں بچا کھچا پانی۔
(۵) بقیہ روح (رمق) (۶) ٹھنڈی راکھ۔
(۷) صحراء میں پتھروں سے تیار کی گئی قیام گاہ۔
(۸) درندوں کے شکار کے لئے دیوار جیسے الزُّبیۃ (ج) أطناءٌ۔
طَنِبَ ۔ طَنَبًا ڈھیلا چھوڑنے میں ٹانگوں کا لمبا ہونا (۲) لمبی پیٹھ ہونا یہ گھوڑے میں عیب ہے۔
-الرمحُ و نحوہ نیزہ کا ٹیڑھا ہونا۔
ھو أطنبُ ھی طنباءُ (ج) طُنُبٌ۔
أطنبَ النھرُ نہر کا راستہ لمبا ہونا۔
-الریحُ غبار میں ہوا کا تیز ہونا۔
-الدوابُ ایک دوسرے کے پیچھے چلنا۔
-فی العَدْوِ و نحوہ دوڑ میں زیادہ بڑھ جانا، دور نکل جانا۔
یقال أطنبَ فی الکلام او الوصف او الامر بہت زیادہ بڑھ گیا۔
طَانَبَہ اپنے خیمہ کی رسی کو دوسرے خیمہ کی رسی کے ساتھ باندھنا۔
منہ الجار المُطانبُ۔
طَنَّبَ الشیْءُ چیز کا اس قدر بڑھنا کہ اس کی انتہا دکھائی نہ دے۔
-بالمکان قیام کرنا۔
- الخیمۃَ و نحوھا خیمہ کی رسیاں لگا کر باندھنا۔
- السِّقاءَ و نحوہ مشکیزہ کو خیمہ کی کسی رسی کے ساتھ لٹکانا۔
تطانبا باہم خیموں کی رسیاں باندھنا۔
الاِطْنابُ (علم معانی میں) لفظ کا معنی سے کسی فائدہ کے ساتھ بڑھنا۔ یہ ایجاز کا مقابل ہے۔ ان دونوں کے درمیان میں "مساواۃ"
ہے۔
الاِطْنَابَۃُ چمڑے کا تسمہ جس میں بکسوا لگایا جاتا ہے (۲) سائبان (۳) پرندوں یا گھوڑوں کا غول (ج) اَطَانِیبُ۔
یقال خیلٌ اطانیبُ پے در پے گھوڑے۔
حاجاتٌ اَطَانِیبُ نہ ختم ہونے والی لمبی لمبی ضروریات۔ غاراتٌ اطانیب: پے در پے شکر۔
الطُّنُبُ خیمہ اور شامیانہ باندھنے کی رسی۔
(۲) درخت کی رگ جو جڑ سے چلتی ہے۔
(۳) جسم کا پٹھا جو ملا ہوا ہوتا ہے جوڑوں اور ہڈیوں کے ساتھ۔ اور ان کو باہم جوڑتا ہے۔
(بطور تشبیہ) (۴) گردن کا پٹھا جو لمبا ہوتا ہے جب انسان گردن گھماتا ہے۔ ھما طُنُبان
(۵) کنارہ، گوشہ (ج) اطنابٌ و طِنَبَۃٌ
اَطْنَابُ الشمس سورج کی شاخوں کی مانند لمبی شعاعیں۔
یقال مَدَّتِ الشمسُ اطنابھا: سورج کا طلوع ہونا۔
تقضَّبَتْ اطنابُھا غروب ہونا۔
الطُّنُبُ وہ شخص کہ جس کے خیموں کی طنابیں آپ کے خیمے کی جانب ہوں (۲) جس کی مدد اور حمایت آپ پر لازم ہو (محدثہ) (ج) طُنَباءُ ھُنَّ طَنَائِبُ۔
المِطْنابُ من الجُیُوشِ بڑا جری لشکر (ج) مَطَانِیبُ۔
المَطْنَبُ کندھا (ج) مطانِبُ۔
المِطْنَبُ کندھا (۲) چھلنی (ج) مَطَانِبُ۔
الطُّنبورُ لہو و لعب، گانے بجانے کا ایک آلہ جو گردن اور تاروں والا ہوتا ہے (مع)
(۲) آبپاشی کی ہاتھ سے چلانے کی مشین۔
(۳) چھپائی (طباعۃ میں) ایک ستون نما آلہ جو سانچوں کو روشنائی دینے اور نمونے کے طور پر چھپائی کے لئے دبانے کے لئے ہوتا ہے۔
طَنْبَلَ سمجھ کے بعد بیوقوف بن جانا۔
الطُّنْبُلُ بے وقوف، کند ذہن۔
یقال لہ بالعامیۃ تنبل۔
طَنِزَ چکنائی کھانے سے جسم بھاری ہو جانا۔
تَطَنَّزَ طَنِزَ۔
تطنَّجَ فی الکلام و نحوہ باتوں میں مختلف انداز اختیار کرنا، تنوع پیدا کرنا۔
الطَّنْجُ: نوع، ضعف (۲) فن (۳) کاپی یا صحیفہ (ج) طُنُوجٌ۔
الطُّنْجَرَۃُ پیتل وغیرہ کی ہنڈیا یا بڑا پیالہ۔
(مع) (ج) طَنَاجِرُ۔
الطِّنْجِیرُ الطُّنْجَرَۃُ (مع)
(۲) کمینہ بزدل یا کنایہ ہے شہری سے کیونکہ وہ پیتل کی ہانڈیوں اور پیالوں میں کھاتے ہیں۔
(ج) طَنَاجِیرُ۔
طَنِخَ ۔ طَنَخًا موٹا پا زیادہ ہو جانا۔
-نفسُہ خبیث الطبع ہونا۔
اَطْنَخَہُ الدَّسمُ و نحوہ چکنائی سے بدہضمی ہو جانا (۲) موٹا کر دینا۔
طَنَّخَہ الدَّسمُ اَطْنَخَہ۔
طَنَزَ بہ ۔ طَنْزًا مذاق اڑانا، استہزاء کرنا۔
طَانَزَہ طَنَزَ بہ۔
تطَانَزُوا: ایک دوسرے کا مذاق اڑانا۔
الطَّنَّازُ بہت زیادہ فخر کرنے والا۔
المَطْنَزَۃُ جائے طنز۔
یقال قوم مَطْنَزَۃٌ جو اپنی وقعت خود کھوتے ہوں۔ جن میں کوئی بھلائی نہ ہو (ج) مَطَانِزُ۔
طَنْطَنَ ٹن ٹن کی آواز بار بار دینا یا گنگنانا، ہلکی آواز سے بات کرنا۔
یقال للانسان والذُّباب، والعود ذی الأوتاد و غیرھا۔ یعنی ان کے بارے کہا جاتا ہے۔
الطَّنْطَانُ شور و غل، چیخ و پکار۔
یقال رجلٌ ذو طنطان شور و غل مچانے والا۔
الطَّنْطَنَۃُ ستار وغیرہ کی آواز۔
(۲) باتوں کی کثرت اور شور (۴) مخفی کلام (۵) گنگنانا۔
طَنِفَ ۔ طَنَفًا و طَنَافَۃً خراب ہونا، بدباطن ہونا (۲) کھانا کم ہونا۔

(۳) تہمت زدہ ہونا یقال: طنف بکذا۔ وہ فلاں بات پر متہم ہے۔ ھو طنِفٌ۔
اَطْنَفَ گھر کے دروازے کے اوپر چھجے ہونا
(۲) چھجے پر چڑھنا۔
طَنَّفَ فلانٌ للأمرِ و نحوہ کسی معاملہ میں پڑنا۔
-فلاناً بکذا: الزام لگانا۔
-نفسہ الی کذا: خود کو کسی چیز کا لالچ دینا۔
-البستانَ و نحوہ: باغ کی باڑ لگانا (کانٹے دار)
-الجدارَ دیوار پر کانٹے، شیشے یا ٹہنیاں لگانا تاکہ اس پر چڑھنا دشوار ہو۔
تَطَنَّفَ لازم طَنَّفَہ۔
-نفسُہ الی کذا. طبیعت کا کسی چیز کی طرف مائل ہونا، کھنچنا۔
-القومَ و نحوھم. سب کو بوچ لینا۔
الطُّنُفُ پہاڑ سے جو ظاہر ہو گویا وہ پر ہے
(۲) وہ چھت یا سائبان جو دروازے کے اوپر بنایا جاتا ہے بارش سے بچنے کے لئے۔
(۳) دیوار کا منڈیر۔
(۴) عمارت کا باہر نکلا ہوا حصہ۔
(ج) اَطْنَافٌ و طُنُوفٌ۔
الطُّنُفُ: الطُّنُفُ۔
طَنْفَسَ: الرجلُ: حسن خلق کے بعد بداخلاق ہونا (۲) بہت سارے کپڑے پہننا۔
-السماءُ: آسمان پر بہت سارے بادل چھا جانا۔
الطِّنْفِسُ: ردی، خراب۔
الطِّنْفِسَۃُ: چٹائی (۲) کجاوہ کے اوپر چھوٹا سا تکیہ (ج) طَنَافِسُ۔
الطُّنْفُسَۃُ الطَّنْفَسَۃُ۔
الطِّنِفْسَۃُ الطِّنَفِسَۃُ۔
طَنْفَشَ النظرَ الیہ. گھور کر دیکھنا، تیز نگاہوں سے دیکھنا۔
الطُّنْفُشُ کمزور نگاہ شخص۔
طَنَّ ـِ طَنًّا و طَنِینًا آواز نکلنا، آواز گونجنا۔
یقال. طَنَّ الذُّبابُ. بھنبھنانا۔

طَنَّ النُّحاسُ. پیتل کا جھن جھن کرنا۔
طَنَّ العُودُ: لکڑی کا چرچرانا۔
طَنَّتِ الاذُنُ. کان بجنا۔
-المَقْطُوعُ کاٹی جانے والی چیز کی آواز آنا۔
اَطَنَّہ آواز نکلنا۔
-ساقَہٗ پنڈلی کاٹنا۔
طَنَّنَ: مبالغہ در طَنَّ۔
الطَّنُّ: سرخ انتہائی میٹھی کھجور۔
الطُّنُّ: الطِّنُّ (۲) انسان وغیرہ کا جسم (۳) قد (۴) بانس یا لکڑیوں کا گٹھڑا (۵) دھنی ہوئی روئی کا گٹھڑا (۶) ہزار کلوگرام کے مساوی ایک وزن (د)
(ج) اَطْنانٌ و طِنانٌ۔
الطَّنَّانُ: (فَعَّالٌ من طَنَّ) ھی طَنَّانَۃٌ۔
یقال: قصیدۃٌ طَنَّانَۃٌ او طَنَّانَۃٌ رَنَّانَۃٌ: شہرہ آفاق نظم یا قصیدہ، زوردار اور پراثر قصیدہ۔
الطُّنِّیُّ: جسیم۔
الطَّنِینُ: ایک قسم کی آواز گھنٹی یا لکڑی کی آواز کی مانند۔
یقال قصیدۃٌ او خُطبۃٌ او مقالۃ لَھا طَنِینٌ: وہ نظم خطبہ یا مقالہ جس کا ہر جگہ غلغلہ اور چرچا ہو۔
طَنِیَ ـَ طَنًی. لاغر ہونا (۲) بیمار ہونا۔
(۳) کمزوری لاحق ہونا۔
-فی فُجُورِہ: بدکاری میں مبتلا رہنا۔
(دیکھئے: طَنَا، وَطِیَ)
اَطْنَی: اَطْنَاہ. یا مائل ہونا بدکاری کی طرف (۲) تہمت و شک کی طرف مائل ہونا۔
-فی فجورہ. بدکاری میں مبتلا رہنا۔
-فلاناً. ایسی جگہ مارنا جہاں کی ضرب سے موت واقع نہ ہو۔
والمرضُ فلاناً. مار کر تھوڑی سی جان باقی چھوڑنا۔
یقال: حیّۃٌ لا تُطْنِی وہ سانپ جس کا ڈسا ہوا فوراً مر جائے۔
وضربۃ لاتطنی: ایسی ضرب جو مار ڈالے۔
-الشجرَ اَوْ ثَمَرَ النخلِ درخت کا پھل بیچنا۔
اِطَّنَی الشجرَا و ثمرَ النخلِ درخت یا کھجور کا پھل خریدنا۔
الطَّنَی بدکاری (۲) لاغری یا مرض اس کے ساتھ متصف کرتے ہوئے کہا جاتا ہے رجلٌ طَنًی۔
(۳) تلی یا پھیپھڑے یا پسلیوں کا پیاس یا شدت پیاس کی وجہ سے پہلو سے چمٹا ہوا ہونا۔
(۴) بخار کی وجہ سے تلی کا بڑھ جانا۔
(۵) درخت کا خریدنا یا خاص پھل خرما کا بیچنا۔
(۶) الطِّنُّ (۷) وہ جگہ جہاں پہنچنے والے کو بخار ہو جائے۔
الطِّنَی: بچھو کے کاٹے سے آرام۔

ط.........ھ

طَھَرَ ـُ طُھْرًا و طَھَارَۃً ناپاکی اور میل کچیل سے صاف ہونا (۲) ہر عیب لگانے والی چیز سے برأت۔
-الحائضُ او النُّفَساءُ: حائضہ یا نفاس والی کے خون کا بند ہونا یا حیض سے پاکی پر غسل کرنا۔
طَھَّرَ الشیئَ بالماء و غیرہ پاک کرنا۔
(۲) عیوب وغیرہ سے منزہ و بری کرنا۔
-المَولُودَ. بچے کے ختنے کرنا۔
-القناۃَ اَو التُّرعَۃَ نہر اور ندی کا کیچڑ نکالنا (محدثۃ)
-الجسمَ و نحوہ (علم طب میں) جراثیم کش دواؤں سے بدن کے جراثیم دور کرنا (مج)
اِطَّھَرَ تَطَھَّرَ۔
تَطَھَّرَ لازم طَھَّرَہٗ (۲) طَھُرَ۔
الطَّاھِرُ صاف۔ یقال۔
فلانٌ طاھر الثوب اَو الذیل او العرض پاک دامن عیوب سے پاک (ج) اَطْھَارٌ و طَھَارَی (غیر قیاسی طور پر)
قال امرؤ القیس
ثیابُ بنی عَوفٍ طَھَارَی نقیّہ
واَوجُھُھُم عند المشاھِدِ غُرّان

-من الماءِ: پاک پانی جس سے طہارت حاصل کی جائے۔
-من النساءِ حیض سے پاک عورت۔
یقال لَهَا ایضا طاهِرَةٌ (ج) طَوَاهِرُ۔
الطَّهَارَةُ پانی وغیرہ کے ذریعہ پاکی حاصل کرنا (۲) پاک کرنا، طہارت کی دو قسمیں ہیں: جسمانی اور نفسانی۔
الطُّهَارَةُ طہارت کا بچا ہوا پانی۔
الطِّهَارَةُ بچوں کے ختنے کرنے کا پیشہ۔
الطُّهْرُ نجاست اور حیض وغیرہ سے پاکی۔ (ج) اَطْهَارٌ۔
والأَطْهَارُ: عورت کی پاکی کے دن۔
الطُّهْرُ: طاہر، پاک۔
یقال رجلٌ طُهْرُ الخلق پاکیزہ اخلاق آدمی (ج) اَطْهَارٌ۔
الطَّهُوْرُ جو خود پاک ہو اور دوسرے کو پاک کرنے والا ہو۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَأَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً طَهُوْرًا﴾ ہر طہور طاہر ہے لیکن اس کا عکس نہیں۔
(۲) ہر وہ چیز جس کے ذریعے پاکی حاصل کی جائے جیسے پانی وغیرہ (۳) صاف ستھرا پانی۔
الطَّهُوْرِيَّةُ بہت زیادہ پاکی۔
المَطْهَرُ (عند النصاری). وہ جگہ جہاں موت کے بعد نعش وقتی عذاب پا کر پاک ہو جاتی ہے۔
المِطْهَرَةُ طہارت حاصل کرنے کا ذریعہ۔ (۲) ہر وہ برتن جس کے ذریعے پاکی حاصل کی جائے۔ جیسے لوٹا، بالٹی، ڈول وغیرہ۔ (۳) جس برتن میں پاکی حاصل کی جائے (ج) مَطَاهِرُ۔
المَطْهَرَةُ المِطْهَرَةُ (۲) پاکی حاصل کرنے کا ذریعہ۔ حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں ہے (السواك مطهرة للفم)
المُطَهِّرُ (علم طب میں) وہ مادہ جو تعفن اور پیپ وغیرہ سے مانع ہو (ج)
طَهَشَ فلانٌ ـَ طَهْشًا ہر وہ کام جسے ہاتھ میں لیا جائے اسے بگاڑ دینا۔
-العملَ: کام خراب کرنا۔
طَهِمَ مِنهُ: نفرت کرنا، نامانوس نہ ہونا۔
-الشيُّ بھاری بھرکم ہونا۔
-الشيَّ: موٹا کرنا، بھاری کرنا۔
تَطَهَّمَ: لازم طَهَّمَهُ۔
-الطعامَ و غيره: ٹھکرانا، ناپسند کرنا۔
-منه و عنه طَهَّمَ۔
الطَّهْمُ: لوگ۔
الطُّهْمَةُ: سیاہی مائل رنگ، گندمی رنگ جو سیاہی کی طرف متجاوز ہو۔
المُطَهَّمُ: بہت زیادہ موٹا۔
(۲) پھولے ہوئے چہرے والا۔
(۳) کامل چیز (۴) حسن میں انتہا کو پہنچا ہوا۔
(٦) شریف النسب۔
تَطَهْمَلَ: خالی ہاتھ چلنا۔
-لفلانٍ کسی کے سامنے چال چلنا (حیلہ کرنا) کوئی چیز لینے کیلئے۔
الطَّهْمَلُ بدخلقت جسیم آدمی (ج) طَهَامِلُ۔
الطَّهْمَلِيُّ: چھوٹے قد کا کالا شخص۔
طَهَا اللحمَ و نحوَه ـُ طَهْوًا وَ طُهُوًّا گوشت پکانا۔
یقال طَهَا الخُبْزَ: روٹی پکانا۔
وطَهَا الامورَ نَحْوَهُ معاملہ مضبوط کرنا، آخیر تک پہنچانا۔
اَطْهَى فلانٌ اپنے پیشے میں ماہر ہونا۔
الطَّاهِي: باورچی (ج) طهاةٌ و طُهِيٌّ۔ هُنَّ طَوَاهٍ۔
الطَّهَاوَةُ: باریک جھلی جو خون یا دودھ کے اوپر ہوتی ہے۔
الطِّهَايَةُ پکانے کا پیشہ۔
الطَّهْيُ پکانا۔
الطَّهَيَانُ: پانی ٹھنڈا کرنے کی لکڑی۔

ط...........و

الطُّوْبُ پختہ اینٹ، یعنی جسے آگ میں جلایا گیا ہو۔
واحدته طوبةٌ۔
قیل یہ قدیم مصری لغت ہے۔
یقال: فلانٌ لا آجُرَّةَ له و لا طوبةَ کسی چیز کا مالک نہیں۔
الطَّوَّابُ: اینٹیں بیچنے یا بنانے والا۔
طُوْبَةُ: پانچواں قبطی مہینہ۔
طُوْبَى: دیکھئے طیب۔
طَاحَ ـُ طَوْحًا: ہلاک ہونا۔
-فلانٌ: عقل کا مضطرب ہونا۔
-في الارض و غيرها: بھٹکنا۔
-السهمُ: نشانہ خطا ہونا۔
یقال: طاح به فرسُه: گھوڑے کا سوار کو جھٹکے ہوئے تیر کی طرح لے کر چلنا۔
-الشيُّ من يده: کسی چیز کا ہاتھ سے گرنا۔
اَطَاحَهُ: فنا کرنا، ختم کرنا۔
-شَعْرَهُ: بال گرانا۔
طَاوَحَهُ: باہم تیراندازی کرنا۔
طَوَّحَهُ: اَطَاحَهُ۔
-الشيَّ و به: ضائع کرنا، بھٹکانا۔
(۲) ایسی سرزمین کی طرف بھیجنا جہاں سے پلٹ نہ سکے۔
(۳) ہلاکتوں کے راستے پر ڈالنا۔
(۴) ہوا میں پھینک کر ہچکولے کھلانا۔
(۵) چھڑی وغیرہ سے مارنا۔
تَطَاوَحَ: دور دراز ہونا۔
یقال: تطاوحتْ بهمُ النَّوَى و نحوها: سفروں نے ان کو دور لے جا کر ڈال دیا۔
-والقومُ الأمرَ بينهم: لوگوں کا کسی معاملہ میں جھگڑنا۔
یقال تطاوح القومُ فلانًا و غیرہ بالضرب و نحوه: لوگوں کا کسی کے ساتھ مار پٹائی کرنا۔
تَطَوَّحَ ہوا میں گھومنا۔
-في البلادِ و نحوِها: ملکوں یا شہروں میں ادھر اُدھر پھرنا۔
المَطَاحُ طَاحَ سے اسم مکان۔
(۲) مہلک وخطرناک راستہ (ج) مَطَاوِحُ۔
المَطَاحَةُ: المَطَاحُ۔
المِطْوَاحُ: پھینکنے کا آلہ یا جس کے ذریعے ہوا میں پھینکا جائے (۲) لاٹھی (ج) مَطَاوِيحُ۔

طَادَ ـُ طَوْدًا: ٹھہرنا' ثابت قدم ہونا۔
طَوَّدَ فی البلاد و نحوها تَطْوِیْدًا: گھومنا۔
-الشیءَ و به. گھمانا۔
-الشیءَ لمبا کرنا اور بلند کرنا۔
اِنْطَادَ: ہوا میں یا فضا میں بلند ہو کر جانا۔
تَطَوَّدَ لازم طَوَّدَه۔
-فی البلاد و نحوها مبالغہ در طَوَّدَ
الطَّادُ ثقیل بوجھل (۲) مشتعل اونٹ۔
الطَّوْدُ ٹھہراؤ (۲) بڑا پہاڑ جو فضا میں بلند ہو۔ ہر بلند عظیم اور راسخ چیز کو اس کے ساتھ تشبیہ دی جاتی ہے۔ قرآن حکیم میں ہے: ﴿ فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ﴾
(۳) پہاڑی سلسلہ (۴) ریت کا ٹیلہ (ج) اَطْوَادٌ و طِوَدَةٌ۔
ابنُ الطَّوْدِ: بڑے پہاڑ سے لڑھک کر آنے والی چٹان (۲) بازگشت۔
اَلْمَطَادُ: ہلاکت کی جگہ۔
(۲) بیابان جس کے دونوں اطراف کے درمیان بہت فاصلہ ہو (ج) مَطَاوِدُ۔
اَلْمَطَادَةُ: المَطَاد (ج) مَطَاوِدُ۔
اَلْمُنْطَادُ: بلند۔
یقال: بناءٌ مُنْطَادٌ: بلند عمارت (۲) بڑے حجم والی غبارے کی ایک قسم۔ اس میں ہائیڈروجن بھری جاتی۔ ہوا میں اپنے نیچے ایک بڑا سا تھیلا لئے ہوئے اڑتا ہے (محدثہ)
طَارَ الشیءُ و به' و حوله ـُ طَوْرًا و طَوَرَانًا: قریب ہونا اردگرد گھومنا۔
یقال: لا اَطُوْرُ به: نہ میں اس کے پاس جاؤں گا نہ ہی کروں گا۔
طَوَّرَه: ایک حالت سے دوسری حالت میں تبدیل کرنا یہ طَوْر سے مشتق ہے (مج)
تَطَوَّرَ: ایک حالت سے دوسری حالت میں تبدیل ہونا (مج)
التَّطَوُّرُ: تدریجاً تبدیلی جو ذی روح کائنات کے جسم یا اس کے طور طریق میں پیدا ہوتی ہے' انسانی برادری یا اقدار انسانی یا طریقہ ہائے کار میں رونما ہونے والی تدریجی ترقی کو بھی کہا جاتا ہے۔
الطِّوَارُ حذر تہ۔
طِوَارُ الدَّارِ گھر کا صحن۔
-من الطریق راستہ کی تھوڑی سی طرف۔ جس پر پیدل چلنے والے چلتے ہیں (فٹ پاتھ) (محدثہ)
-المُساوی. ہر وہ چیز جو دوسری کے برابر ہو ہو طِوَارُ لَهٗ۔
الطَّوْرُ: دفعہ' کبھی (۲) حد (۳) جو کسی چیز کے مقابل ہو۔
یقال: عدَا او تعدّیٰ طَوْرَهٗ: اس نے اپنی حد اور رتبہ سے تجاوز کیا۔
(۴) صنف' قسم (۵) حال' ہیئت (ج) اَطْوَارٌ قرآن مجید میں ہے: ﴿ وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا ﴾۔
الطُّوْرُ: پہاڑ (۲) درخت اُگانے والا پہاڑ (۳) جو کسی چیز کی حد پر یا مقابل ہو۔
(۴) گھر کا صحن (ج) اَطْوَارٌ۔
الطُّوْرَانِیُّ: الطور کی طرف نسبت (غیر قیاسی طور پر) (۲) غیر مانوس انسان یا پرندہ۔
الطُّوْرَةُ: طُوْرَةُ الدَّارِ: گھر کا صحن۔
الطُّوْرَةُ. الطُّوْرَةُ۔
الطُّوْرَةُ: الطِّيَرَةُ۔
(۲) بدفال' بدشگونی کی جائے جس سے۔
طَاسَ ـُ طَوْسًا: حسن و خوبصورتی میں چاند کی طرح ہونا۔
-الشیءَ: روندنا (۲) توڑنا۔
طَوَّسَ المصوِّرُ و نحوه: چاند کی یا موروں کی تصویر بنانا۔
-الشیءَ: کسی چیز کو چاند یا موروں کی صورت بنانا حسن اور زینت کے اعتبار سے۔
تَطَوَّسَ: لازم طَوَّسَه۔
-المراةُ او غیرها: زینت اختیار کرنا۔
الطَّاسُ: پیتل وغیرہ کا برتن جس میں یا جس کے ذریعے کسی چیز کو پیا جائے ہے۔ والعامة یقولون: طاسة۔
الطَّاووس: (مور) مختلف رنگوں والا خوبصورت پرندہ۔ یوں دکھائی دیتا ہے جیسے وہ اپنے آپ پر اور اپنے پروں پر فخر کرتا ہے۔ اپنی دم کو حلق کی مانند پھیلاتا ہے (مذکر اور مونث دونوں طرح آتا ہے)
(۲) خوبصورت شخص (۳) سرسبز زمین جس میں ہر قسم کے پودے اور پھول ہوں۔
(ج) طَوَاوِیس' اَطْوَاسٌ۔
الطَّاءُ وْسُ الطَّاووس۔
الطَّوَاسُ: مہینے کی آخری راتوں میں سے ایک رات۔
الطُّوْسُ چاند (ج) اَطْوَاسٌ۔
الطُّوْسُ دست آور دواء۔
طَوَّشَ فلانٌ قرض خواہ کو ٹالنا۔
-فلانًا: ختنہ کرنا اور آلۂ تناسل کاٹنا (د)
الطَّوَاشِی خصی هم طَوَاشِیَّة (د)
طَاعَ فلانٌ ـُ طَوْعًا فرمانبردار ہونا۔
-النباتُ طوعًا' و طاعةً و طَوَاعیة چرنے کے قابل ہونا۔
- الشجرُ: درخت کے پھلوں کا اکٹھا کرنا ناممکن ہونا۔
-له المرادُ و نحوه: مراد وغیرہ آسانی سے پوری کرنا۔
-لسانه کذا و به. کسی چیز پر زبان کو قابو ہونا۔
- الغلامُ اباه وله: لڑکے کا باپ کی فرمانبرداری کرنا۔
- الکلاءُ الحیوانَ و له. جانور کے لئے گھاس چرنا آسان ہونا کہ جہاں سے چاہے چرے۔
اَطَاعَ الشجرُ اطاعةً طاعةً درخت کا پوری عمر کو پہنچنا۔
-الثمرُ: پھل توڑنے کا وقت آ جانا اور پھل توڑنا آسان ہونا۔
-النباتُ استعمال کرنا ممنوع نہ ہونا۔
یقال: اللّٰهمَّ لا تطیعنّ بی شامتًا اے اللہ میرے بدخواہ کو میرے بارے میں بامراد نہ کر۔

-فلاناً کسی کا فرمانبردار ہونا۔
طاوَعَه فیه، وعلیه مُطاوَعةً و طَوَاعِیَةً: اَطاعَه۔
طَوَّعَ مبالغہ در طاع۔
- له نفسُه کذا: کسی بات پر دل کا آمادہ ہونا۔ پسندیدہ بنانا اور اُبھارنا کسی چیز کی آمادی پر کسی کے نفس کو۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ﴾
اِنْطَاعَ لَه فرمانبردار ہونا۔
تَطَاوَعَ لِلْاَمْرِ: بتکلف فرمانبردار رکھنا یہاں تک کہ اس پر قادر ہو جائے۔
تَطَوَّعَ: نرم ہونا۔
(۲) بتکلف فرمانبردار بننا (۳) نفل پڑھنا۔ یعنی اپنی مرضی سے اللہ کی طرف سے فرض کئے بغیر عبادت کرنا۔ قرآن حکیم میں ہے: ﴿فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ﴾
یقال تطوّع للجندیة: فوجی خدمت کے لئے تیار ہونا۔
یقال اطَّوَّعَ (قلب اور ادغام کے ساتھ) جبکہ اس کی اصل تطوّع ہے۔
- الشیئَ اَوْلَه اَوْبه: اپنا فرمانبردار رکھنے کی کوشش کرنا۔
اِسْتَطَاعَ الشیئَ: کر سکنا، قادر و قابو یافتہ ہونا۔
- فلانا و نحوه کسی سے اطاعت و فرمانبرداری چاہنا۔
الطَّاعَةُ: موافقت، فرمانبرداری۔
قیل لا تکون اِلَّا عن اَمْرٍ۔
الطَّوَاعِیَةُ الطَّاعَةُ۔
الطَّوْعُ یقال هو طَوْعُ یَدِكَ او ارادتك تیرا فرمانبردار ہے۔
وفرسٌ طوعُ العنان فرمانبردار گھوڑا۔
فلانٌ طَوْعُ المکاره و نحوها جب وہ عادی ہو مصائب کو جھیلنے اور برداشت کرنے کا۔
الطَّیِّعُ فرمانبردار۔
یقال رجلٌ طَیِّعُ اللسان فصیح مخلص۔

اَلْمُطَاعُ یقال فی فلان شُحٌّ مُطَاعٌ: فلاں آدمی انتہا سے زیادہ بخیل ہے جس کی وجہ سے وہ اللہ کی طرف سے فرض شدہ حقوق کی ادائیگی نہیں کرتا۔
اَلْمِطْوَاعُ: مطیع، فرمانبردار، موافق۔
(۲) (نحویوں کے ہاں) وہ فعل جو کسی فعل متعدی کو لازم ہو۔
کما یقال: کسره فانکسر اس نے اسے توڑا اور وہ ٹوٹ گیا۔
المِطْوَاعُ: جو فرمانبرداری کی طرف بہت راغب ہو دوڑتا ہو (دوڑ کر فرمانبرداری کرنے والا)
یقال: هو مِطواعةٌ مبالغہ کے لئے تاء کی زیادتی کے ساتھ (ج) وطَاوِیعُ۔
اَلْمُطَّوِّعُ: المتطوّع قرآن حکیم میں ہے: ﴿اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ﴾ وہ لوگ جو جہاد وغیرہ میں شریک ہونے والوں پر عیب لگاتے ہیں۔
یقال لهم: المطّوّعة والمُطَوِّعَةُ (طاء کی تخفیف کے ساتھ)
طَافَ حَوْلَه، وبه، وعلیه، وفیه ـُ طَوْفًا و طَوَافًا گھومنا۔
-الخیالُ و غیرُه به، او علیه: خیال آنا۔
الکری او النوم به، او علیه: اونگھ آنا۔
-به علی کذا: گھومنا کسی چیز کے گرد۔
اَطَافَ به، او علیه: گھومنا۔
-به کسی کے پاس آنا (۲) قریب ہونا (۳) گھیرنا۔
-الشیئَ بکذا او علیه، او فیه، او حوله: کسی شی کو کسی کے گرد گھمانا۔
طَوَّفَ حوله، وبه، او علیه، وفیه تَطْوِیفًا و تَطْوَافًا مبالغہ در طاف۔
- الناسُ والجرادُ او غیرُهما زمین کو طوفان کی مانند بھر دینا، انسانوں اور ٹڈیوں وغیرہ کا۔
-الشیئَ وبه: اَطَافَه۔
اطّاف به، و علیه، وحوله طاف۔

تَطَوَّفَ به، و حوله، وفیه، و علیه طَافَ۔
ویقال: اِطَّوَّفَ (قلب اور ادغام کے ساتھ) جبکہ اس کی اصل تَطَوَّفَ ہے قرآن حکیم میں ہے: ﴿فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا﴾
استطاف به و حوله، وعلیه، طاف
-الشیئَ اَطَافَه۔
الطَّائِفُ: گھروں وغیرہ کے اردگرد پہرے کے لئے گھومنے والا۔ خاص طور پر رات کے وقت۔ (۲) وہ خیال و تصور جو کسی کے ذہن میں آئے۔
یقال: طائف من الشیطان، شیطانی وسوسہ قرآن حکیم میں ہے: ﴿اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا﴾ (۳) وہ خادم جو آپ کی خدمت کرتا ہے، عنایت و مہربانی کے ساتھ
(ج) طائفون ذوی العقول کے لئے اور طوائفُ غیر ذوی العقول کے لئے۔
الطَّائِفَةُ: جماعت، گروہ قرآن حکیم میں ہے۔ ﴿وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا﴾
(۲) لوگوں کا ایک گروہ جو کسی مذہب یا رائے پر اکٹھے ہوں اور اس کے ذریعے ممتاز ہوں۔
(۳) ٹکڑا۔
(۴) (علم الاحیاء میں) مخلوق کی منفرد اکائی۔ جیسے حشرات جانوروں میں اور ذوات الفلقتین پودوں میں (ج) طوائفُ۔
الطَّائِفِیُّ: طائف یا طائفة کی طرف نسبت (۲) منقی یا انگور جس کے خوشے جڑے ہوئے دانوں والے ہوں۔
الطَّائِفِیَّةُ: مخصوص تعصبی گروہ (محدث)
الطَّوَافُ (شرعاً) کعبہ کے اردگرد گھومنا۔
الطُّوْفُ: قطعہ زمین کے گرد بنائی جانے والی دیوار (۲) ایک مشک جس میں ہوا بھری جاتی ہے اور مضبوط بند کر دیا جاتا ہے اور اس کے ایک سرے کو دوسرے سے باندھ دیا جاتا ہے سطح کی صورت میں اس پر لکڑی رکھی جاتی ہے جس پر لوگ پانی میں سواری کرتے ہیں۔ تاکہ دریا وغیرہ عبور کریں یا اس میں سیر کریں

(دیکھئے: الرِّمث)
(۳) سامان وغیرہ رکھنے کا لکڑیوں کا ٹانڈ۔
(۴) پہرہ دینے والا یا گھومنے والا۔
الطُّوفانُ من کلِّ شئٍ: حوادثات یا اشیاء کثیرہ جو دوسروں پر چھا جائیں۔
(۲) زبردست پانی کا سیلاب جیسے جس نے قوم نوح کو ہلاک کیا۔
الطَّوَّاف: بہت زیادہ گھومنے والا۔
(۲) وہ خادم جو عنایت و مہربانی سے خدمت کرے۔
(۳) صاحب الطُّوفِ: ان مشکوں کا مالک جن پر سمندر میں سواری کی جاتی ہے۔
(۴) دیہاتوں میں ڈاک تقسیم کرنے والا (مو)
المطاف: الطَّوَّاف۔
(۲) کعبہ کے ارد گرد طواف کرنے کی جگہ۔
المُطَوِّفُ: جس کا پیشہ حاجیوں کی مناسک حج کی طرف رہنمائی کرنا ہو (مو)
طاقَه ـُ طَوْقًا و طاقَةً: قادر ہونا۔
أطاقَه وعليه وله: طاقه۔
طَوَّقَه الطَّوقَ وبه: طوق پہنانا۔
-الشئَ وبه: طوق نما بنانا۔
اسی سے ہے قرآن میں: ﴿سَيُطَوَّقُونَ مَابَخِلُوا به﴾
يقال: طَوَّقَ الجيشُ العَدُوَّ. فوج کا دشمن کو گھیرنا۔
طَوَّقَهُ السَّيفَ: کسی پر تلوار کا بھرپور وار کرنا۔
طَوَّقَهُ نعمة الله: الله کا اس پر بھرپور انعام ہونا۔
-الله فلاناً اداءَ حقِّه: قادر بنانا ادائیگی حق۔
تَطَوَّقَ. لازم طَوَّقَه۔
(۲) طوق نما بنانا۔
يقال: تطوَّقت الحيةُ و نحوها: سانپ وغیرہ کا طوق کی طرح کنڈلی مارنا۔
(۳) طوق پہننا۔
يقال: تَطَوَّقَ به و اطَّوَّقَ۔
الطَّائقُ: طوق یا طوق نما۔

-من الجبل وغيره: پہاڑ کا ابھارہوا حصہ۔
الطَّاق: الطَّائق۔
(۲) عمارت کی محراب یعنی جسے کمان نما بنایا جائے۔
(۳) طیلسان: چوغہ (مع)
(ج) أطْوَاقٌ و طيقانٌ۔
الطَّاقة: قدرت۔
(۲) جس کے کرنے پر انسان مشقت کے ساتھ قدرہو۔
(۳) خوشبودار پودوں یا پھولوں یا بالوں یا لکڑیوں یا دھاگوں یا رسیوں کا مجموعہ (گچھا)
الطَّاقِيَةُ: سوتی یا اونی ٹوپی (محدثہ)
الطَّوقُ: قدرت (۲) ہر گول چیز۔
(۳) ہر وہ چیز جس نے پیدائشی طور پر حلقہ باندھا ہو۔ جیسے کبوتری کی گردن کا حلقہ یا صنعۃ ہو جیسے گردن میں سونے یا چاندی کا ہار۔
اسی وجہ سے کبوتری کو ذات طوق کہا جاتا ہے۔
(۴) کھجور کے درخت پر چڑھنے کی رسی۔
(ج) أطواقٌ۔
الطُّوقَةُ: سخت زمینوں کے بیچ میں گول نرم زمین۔
المُطَوَّقُ: من الحمام و نحوه: جس کی گردن میں حلقہ ہے۔ یعنی بالوں کا حلقہ جو جسم کے باقی بالوں کے رنگ سے مختلف ہو۔
المُطَوَّقَةُ: گردن والی بڑی بوتل۔
طَالَ ـُ طُولاً: بلند ہونا۔
-عليه طَولاً: مہربانی کرنا، انعام کرنا۔
-فلاناً: لمبائی میں کسی پر فوقیت لے جانا۔ یا انعام میں۔
يقال فلانٌ طُوَالٌ: فلاں اتنا لمبا یا مہربان ہے۔
لاتطوله الطوال: لمبے یا مہربان لوگ اس پر فوقیت نہیں لے جاسکتے۔
طَوِلَ البعيرُ و نحوه ـَ طَوَلاً: اوپر والا ہونٹ نیچے والے سے لمبا ہونا هو أطْوَلُ هي طَوْلاءُ (ج) طُولٌ۔
أطَالَ عليه الليلُ و غيره: طال۔

-عليه: انعام کرنا۔
-الشئَ وفيه: لمبا کرنا۔
قالوا: أطَالَ الله بقاءه. الله اس کی عمر دراز کرے۔
-لفَرَسِه و نحوه: گھوڑے کو کھونٹی سے باندھنا۔
(۲) لگام ڈھیلی کرنا۔
أطْوَلَه. أطَالَه۔
قال:
صَددتِ فأطْوَلْتِ الصُّدُودَ و قلَّما
وصالٌ على طُولِ الصُّدودِ يدومُ
طَاوَلَ في الشئِ: طَوَّلَ۔
-فلاناً في الطُّولِ او في الطَّوْلِ: لمبائی میں یا مہربانی میں کسی پر غالب آنا، مقابلہ کرنا۔
-فلاناً في الدَّينِ و نحوه: کسی کو ٹالنا اور ادائیگی میں تاخیر کرنا۔
طَوَّلَ الدَّابَّةَ أولها: رسی کو ڈھیلا چھوڑنا۔
-له: مہلت دینا۔
-الشئَ: لمبا کرنا۔
تَطَاوَلَ: طَالَ۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَلٰكِنَّا أَنْشَأْنَا قُرُونًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ﴾ (۲) دور دیکھنے کے لئے کھڑے ہو کر لمبا ہونا۔
-الى الشئَ: کسی چیز کو دیکھنے کے لئے یا مطلع ہونے کے لئے گردن لمبی کرنا (۲) لمبا یا مہربان بننا (بتکلف)۔
(۳) غرور و تکبر کرنا۔
-عليه بكذا: احسان کرنا۔
-عليه: ظلم کرنا۔
- الطُّوَلَ الرَّجُلانِ: لمبائی یا حسن سلوک میں باہم مقابلہ کرنا۔
تَطَوَّلَ: لازم طَوَّلَه۔
-عليه بكذا: انعام کرنا، احسان کرنا۔
اِسْتَطَالَ: طَالَ (۲) تطاول۔
-عليه بكذا: احسان کرنا۔
-عليه ظلم و زیادتی کرنا۔
-الشئَ: لمبا خیال کرنا۔

الطَّائلُ بہت زیادہ (۲) بلندی۔
(۳) قدرت (۴) احسان (جو دوسرے پر جتایا جائے) (۵) انعام مہربانی (۶) مالداری (۷) کشادگی (۸) نفع (۹) فائدہ (اسے صرف بعد النفی ہی ذکر کیا جاتا ہے)
یقال: هذا امر لا طائل تحته (ج) طوائل۔
الطَّائلۃُ الطائل۔
(۲) عداوت دشمنی (۳) بدلہ انتقام۔
(ج) طَوَائلُ۔
الطَّاوِلۃُ چوسر کا کھیل (د)
(۲) کھانے کا میز (د)
الطَّوَالُ الطُّوَلُ (۲) لمبا عرصہ۔
یقال لا اُکَلِّمه طَوَالَ الدهر. میں اس سے کبھی کلام نہیں کروں گا۔
(۲) عمر یقال طَالَ طَوَالُكَ آپ کی عمر دراز ہو۔
الطُّوَالُ الطَّوِيْلُ۔
الطِّوَالَۃُ مویشیوں کے چارے کا کنڈ (محدثہ)
الطَّوْلُ احسان مالداری تمول۔
قرآن حکیم میں ہے ﴿وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ﴾
(۲) احسان (جو دوسرے پر جتایا جائے)
الطُّوْلُ لمبائی قصر یا عرض کا مقابل۔ اعیان اور اعراض دونوں میں مستعمل ہے۔ جیسے زمان وغیرہ۔
طول الخط (علم ہندسہ میں) خط کے طرفین کے درمیان بعد کی مقدار قیاس کرتے ہوئے خط پر (مج)
خط الطول وہ خط جو قطب شمالی اور قطب جنوبی کو ملاتا ہے اور خط استواء پر اس کا مدار ہوتا ہے۔ خطوط طول کو عام طور پر خط صفر کے اعتبار سے ماپا جاتا ہے جو کہ گرینچ سے گزرتا ہے (مج)
الطِّوَلُ الطُّوَلُ (۲) وہ رسی جو میخ وغیرہ کے ساتھ باندھی جائے اور اسے لمبا کیا جائے چوپائے کے لئے جس میں وہ مقید ہو کر چرے۔
الطُّوْلٰى. اطول کی مؤنث (۲) اونچی حیثیت (ج) طُوَلٌ۔
السَّبْعُ الطُّوَلُ من القرآن: سورۃ البقرۃ آل عمران النساء المائدۃ الانعام الاعراف الانفال اور براءۃ اکٹھی۔ وقیل یونس۔
والسبع الطُّوَل من الشعر: معلقات امرؤ القیس زہیر عمرو بن کلثوم لبید طرفۃ عنترۃ الحارث بن حِلِّزۃ۔
الطُّوَّالُ بہت لمبا۔
الطُّوَّلُ دو لمبی ٹانگوں والا آبی پرندہ۔
الطَّوِيْلُ. لمبا (۲) قصیر یا عریض کا الٹ۔
یقال هو طویل الباع: وہ سخی ہے۔
طویل الید (عند المعاصرین) خیانت کرنے والا یا دست درازی میں منہمک۔
(۲) (علم عروض میں) شعر کی ایک بحر ہے جو کہ وہ بہت کثیر الاستعمال ہے۔ اسکا وزن یوں ہے
فعولن مفاعیلن فعولن مفاعیلن
(ج) طِوَالٌ و طِيَالٌ (واؤ کو ماقبل کسرہ کی مناسبت یاء کیا گیا)
الطِّوَلَۃُ الطِّوَلُ اور وہ رسی ہے جو جانور کے لئے لمبی کی جائے اور وہ اس میں مقید ہو کر چرے۔
یقال ارخی طویلة الدابة اس نے جانور کی رسی کو ڈھیلا چھوڑ دیا (ج) طِوَالٌ۔
الطِّيَلُ و الطِّيَلُ و الطِّيَلَۃُ الطِّوَلُ۔
طَوَى الشئَ - طَيًّا ایک دوسرے کے ساتھ ملانا یا لپیٹنا۔ قرآن حکیم میں ہے ﴿يَوْمَ نَطْوِى السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ﴾
- اللهُ عُمْرَہُ وفات دینا۔
- فلانٌ كَشْحَہٗ او نفسه عَنِّي کسی سے تعلق ختم کرنا۔
- الخبرَ او السِّرَّ عنه چھپانا۔
یقال طوی فؤاده علی الامر ظاہر کرنا۔
- بطنَه: اپنے آپ کو بھوکا رکھنا بھوکے رہنے کا فیصلہ کرنا حدیث میں ہے: کان یطوی بطنه عن جاره. یعنی خود کو بھوکا رکھتے تھے اور پڑوسی کو ترجیح دیتے تھے کھانے میں۔
- الارضَ و البلادَ و غیرها: شہروں کو قطع کرنا طے کرنا۔
- اللهُ البعیدَ. قریب کر دینا۔
- السَّیرُ الماشی و نحوه. پیدل سفر کا چلنے والے کو تھکا دینا۔
- فلانٌ البئرَ و غیرَها بالحجارۃ و نحوها: کنویں وغیرہ کی پتھر سے تعمیر کرنا یا من بنانا۔
طَوِیَ السقاءُ و نحوہ - طَوًی سڑنا مشک وغیرہ کا۔
- البطنُ: بھوک کی وجہ سے پیٹ اندر ہو جانا۔
یقال طَوِیَ فلانٌ بھوکا ہونا۔
هو طَوٍ و طَيَّانٌ هی طَيَّا (ج) طِوَاءٌ
اَطْوٰی طَوِیَ۔
طَوَّاہُ مبالغہ در طَوَاہُ۔
اِطَّوٰی لازم طَوَّاہ۔
- علی کذا مشتمل ہونا۔
اِنْطَوٰی اِطَّوٰی۔
- الحیّۃُ و غیرُها سانپ کا کنڈلی مارنا۔
تَطَوّٰی اِنْطَوٰی۔
الاِنْطِوَاءُ (فلسفہ میں) فرد کا ذاتی شعور میں اس حد تک استغراق کہ اس سے بے خبری اور فرط حساسیت جیسے عوارض پیدا ہو جائیں۔
الطَّايَۃُ سطح (۲) کھجوریں خشک کرنے کا میدان (۳) غیر پتھریلی زمین میں بڑی چٹان (۴) جماعت گروہ یا ٹکڑا۔
الطَّوِیُّ تہ دار لپٹی ہوئی مشک۔
الطَّوِیُّ طے کی ہوئی یا لپٹی ہوئی چیز۔
قرآن حکیم میں ہے ﴿بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى﴾ وہ وادی جس کی تقدیس دو مرتبہ ہوئی۔ یا وہ شام میں کوئی پہاڑ ہے یا طور سینا کے دامن میں وادی۔
الطَّوٰی بھوک (۲) الطَّوِیُّ۔

(۳) ٹڈی کی دم کا موڑ (ج) اَطْوَاءٌ۔
الطَّوِيُّ لپٹی ہوئی چیز۔
(۲) گیہوں کا گٹھڑ (۳) رات کی ایک گھڑی (ج) اَطْوَاءٌ۔
الطَّوِيَّةُ ضمیر (ج) طَوَايَا۔
الطَّيُّ کسی چیز کا اندرونی حصہ ضمن۔
-في الثوب او الطين والأمعاء و نحوها: کپڑے وغیرہ کی سلوٹ (۳) دل کا کھوٹ کینہ (ج) اَطْوَاءٌ۔
(علم عروض میں) مستفعلن اور مفعولات کے چوتھے حرف کو حذف کر دینا پس جو باقی بچے مستعلن اور مفعلات اسے مفتعلن اور فاعلات میں منتقل کر دینا۔
(علم طبقات الارض میں) زمینی حرکات کے نتیجہ میں زمین کے بالائی حصے کا سکڑنا اور اس کے نتیجے میں چٹانوں کا سمٹنا (ج)
الطِّيَّةُ جہت یا کنارہ بعید۔
(۲) نیت (۳) حاجت۔
المِطْوَى سوت یا دھاگہ لپیٹنے کی چیز (ج) مَطَاوٍ۔
المِطْوَاةُ چھوٹا چاقو ایک پھل یا کئی پھلوں والا (محدثہ) فولڈنگ چاقو۔

ط..........ی

طَابَ الشيءُ ـِ طِيبًا و طِيبَةً: پاکیزہ ہونا۔ ۱
(۲) خوبصورت و عمدہ ہونا (۳) مزے دار ہونا۔
(۴) حلال ہونا (۵) زمین کا سرسبز ہونا۔
-نفسُه بالشيءِ: جی خوش ہونا دل کو بھانا پسند آنا۔
-عنه نفسًا چھوڑنا۔
قرآن حکیم میں ہے. ﴿فَإِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِنْهُ نَفْسًا﴾
یقال طَابَتْ نَفْسِي عنه ترکتہ اسے چھوڑ کر میرا دل خوش ہوا۔
أَطَابَ پاکیزہ یا حلال چیز لانا۔
یقال أطاب فيْ كسبه حلال کمائی کرنا۔
اطاب في كلامه عمدہ گفتگو کرنا۔

(۲) گندگی یا تکلیف دہ چیز کو دور کرنا۔
-للضيف وغيره: مہمان کے آگے اچھا کھانا رکھنا۔
-الشيءَ عمدہ بنانا (۲) عمدہ پانا۔
(طَايَبَه) کسی سے دل لگی کرنا دل خوش کرنا۔
طَيَّبَ الشيءَ پاکیزہ یا عمدہ بنانا۔
(۲) خوشبو ملنا۔
-الصَّبِيَّ وغيرَه بچہ کو قریب لانا اور اس سے دل لگی والی باتیں کرنا۔
اسی سے ہے طَيَّبَ خاطرَه: خوش کرنا مذاق کرنا۔ دل لگی کرنا یا تسلی دینا حوصلہ افزائی کرنا۔
-لغريمه او غيره نصف المال اَوِ الدَّيْنِ او نحوه قرض دار کو قرض کی آدھی رقم سے بری کر دینا اور اسے بخش دینا۔
تَطَايَبَا باہم مذاق و دل لگی کرنا۔
تَطَيَّبَ لازم طَيَّبَه۔
اِسْتَطَابَ پاک صاف ہونا۔
(۲) پاکیزہ چیز چننا۔
-الشيءَ عمدہ پانا اور عمدہ خیال کرنا۔
یقال استطاب القومَ لوگوں سے اچھی چیز یا میٹھے پانی کے بارے میں پوچھنا۔
الأَطْيَبُ طَابَ سے اسم تفضیل۔
(ج) أَطَايِبُ هي طُوبَى (ج) طُوبَيَات' طُوَبٌ۔
الأَطْيَبَانِ اطيب کی تثنیہ (۲) کھانا اور نکاح یا نیند اور نکاح یا چربی اور جوانی۔
الطَّابُ الطَّيِّبُ (۲) الطِّيبُ۔
الطَّابَةُ شراب۔
الطُّوبَى: نیکی (۲) بھلائی۔
طُوبَى قرآن حکیم میں ہے: ﴿طُوبَى لَهُمْ﴾ جنت کی ہر خوشگوار چیز یعنی بقاء لازوال ابدی عزت اور سرمدی دولت۔
الطِّيبُ جس کے ذریعے خوشبو حاصل کی جائے۔ جیسے عطر وغیرہ (۲) پاکیزگی (۳) ہر چیز سے اعلیٰ و افضل۔
ومنه: طيب العيش و طيب الحياة. اعلیٰ و

افضل زندگی (ج) طَيِّبَاتٌ و طُيُوبٌ۔
الطَّيِّبَةُ من الاشياء پاکیزہ و افضل چیز۔
یقال مالٌ طَيِّبٌ حلال مال۔
(الطَّيِّبُ) ہر وہ چیز جس سے حواس یا نفس کو لذت ملے۔
(۲) ہر وہ چیز جو تکلیف اور برائی سے پاک ہو۔
(۳) وہ شخص جو رذائل سے پاک ہو اور فضائل سے مزین ہو۔
یقال فلان طيب الازار' وطيب القلب یعنی پاکیزہ باطن والا ہے۔
زَبُونٌ طَيِّبٌ خوش معاملہ گاہک۔
-من البلاد و نحوها عمدہ مٹی والا شہر۔ هي طَيِّبَة۔
یقال امرأةٌ طيبة پاک دامن عورت۔
نفسٌ طَيِّبَة تقدیر پر راضی ہونے والا نفس۔
كلمة طيبة عمدہ خوبصورت کلمہ۔
بلدة طيبةٌ بھلائیوں والا شہر جو آفت و بلیات سے محفوظ ہو اور دوسرے کو بھی محفوظ رکھے۔
مساكن طيبة پاکیزہ۔
تربة طيبة پاکیزہ مٹی جو پیداوار کی صلاحیت رکھے۔
طُعمة طيبة حلال کمائی۔
ريح طيبة نرم ہوا ہلکی ہوا۔
فَكِهَةٌ طيبة خوشگوار مہک جس میں بدبو نہ ہو۔
(المَطَايِبُ) عمدہ بہترین چیزیں۔
قیل: اس کا کوئی واحد نہیں باعتبار الفاظ کے یا بعض کے نزدیک اس کا واحد مَطَابٌ یا مَطَابَةٌ ہے۔
(المَطْيَبَةُ) خوشبو والی جگہ (ج) مَطَايِبُ
المُطَيَّبُونَ پانچ قبیلے بنو عبد مناف' بنو اسد' بنو تمیم' بنو زہرة' بنو حارث' وجہ تسمیہ یہ ہے کہ بنو عبد الدار کے پاس خانہ کعبہ کے چار منصب تھے حجابہ' رفادہ' لواء اور سقایہ بنو عبد مناف نے ان مناصب کو لینا چاہا تو بنو عبد الدار اس کے

ئے راضی نہ ہوئے اور مذکورہ قبائل نے اس
بات کا پختہ عہد کیا کہ وہ آپس میں کبھی بھی ایک
دوسرے کے لئے رسوائی کا سبب نہیں بنیں گے
اور متحد رہیں گے پھر انہوں نے اس عہد کی
توثیق کے لئے خانہ کعبہ پر خوشبو بھرے ہاتھ
پھیرے اس لئے ان کو مُطَیِّبِین کہا جاتا ہے۔
طَاخَ ۔ طَیْخًا تباہ و ہلاک کرنا۔
(۲) سرگرداں ہونا (۳) گمراہ ہونا۔
اَطَاخَهٗ ہلاک کرنا (۲) ختم کر دینا۔
-شعرہ بال گرانا۔
(طَیَّخَهٗ) تباہ و برباد کرنا۔
تَطَایَخَ بکھیرنا، پھیلنا۔
(الطَّیْخُ) ہل کے نیچے لگی ہوئی لکڑی۔
(الطَّیْخَةُ): یقال اصابتهم طَیْخَةٌ۔
ان میں افتراق و انتشار پیدا ہو گیا۔
طَاخَ ۔ طَیْخًا قول و فعل کی گندگی سے آلودہ
ہونا (۲) نادان و کم عقل ہونا۔
(۳) مغرور ہونا (۴)
-فلانًا و نحوہ برائی میں ملوث کرنا یا برے
ہونے کا الزام دینا۔
-الامرَ خراب کرنا۔
طَیَّخَ علیه: دباؤ ڈال کر ہلاک کر دینا۔
یقال طَیَّخَ الهمُّ او العذاب علیه: ہیبت یا
عذاب نے اسے ہلاک کر دیا۔
-الامرَ خراب کر دینا۔
-الشیءَ تارکول ملنا۔
- الیَسَمَنُ الحیوان جانور کا موٹاپے سے
چربی اور گوشت سے بھر جانا۔
تَطَیَّخَ برائی سے آلودہ کرنا۔
الطَّائِخُ بیوقوف، گندا جس میں کوئی بھلائی نہ
ہو۔
(الطَّیْخَةُ) الطَّائِخُ (۲) فتنہ۔
(۳) جنگ۔
زمن الطیخة فتنہ اور جنگ کا زمانہ۔
طار الطائر و نحوہ ۔ طَیْرًا و طَیَرَانًا
اپنے پروں کو ہلا کر ہوا میں بلند ہونا۔
یقال طار طائرہ غصہ میں آنا۔

طار غرابه: جوان ہونا۔
طار قلبُه مطارَہ: دل کا پسندیدہ چیز کی طرف
مائل ہونا۔
طارت نفسُه شعاعًا: بے چین و پریشان
ہونا۔
-الشیءُ لمبا ہو کر پھیل جانا۔
یقال: طار له صیتٌ او ذکرٌ فی الناس او
الآفاق: لوگوں میں چرچا ہونا۔
-الیَسَمَنُ فی الدّوابّ و نحوها: چوپاؤں
میں موٹاپا پھیلنا، بڑھنا۔
-فلانٌ الی کذا: کسی چیز کی طرف لپکنا۔
-الی بلد کذا: کسی ملک کا ہوائی جہاز سے سفر
کرنا۔
-الشیءُ عن الشیءِ و منه: گرنا۔
اَطَارَ المکانُ: کسی مقام کا بہت پرندوں والا
ہونا۔
-الطائرَ وغیرہ پرندے کو اڑانا۔
یقال اطار نومَه نیند اڑا دینا۔
-المالَ و نحوہ بینهم باہم مال تقسیم کرنا۔
(طَایَرَہٗ): اڑان کا مقابلہ کرنا۔
طَیَّرَہٗ و بہ: اَطَارَہٗ۔
(اِنْطَارَ): پھٹ جانا، دراڑ پڑنا۔
(تَطَایَرَ) لمبا ہونا (۲) متفرق پھیلنا۔
یقال تَطَایَرَ القومُ جدا ہونا۔
(تَطَیَّرَ) اچھا شگون لینا۔
-بہ و منه براشگون لینا۔ اصل میں پرندے
سے نیک شگون لینے کے معنی میں تھا پھر برا بھلے
اور بدشگون کے لئے استعمال کیا جانے لگا۔
یقال اِطَّیَّرَ (قلب اور ادغام کے ساتھ) جبکہ
اس کی اصل تَطَیَّرَ ہے۔
قرآن حکیم میں ہے
﴿وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَیِّئَةٌ یَّطَّیَّرُوْا بِمُوْسٰی
وَمَنْ مَّعَهٗ﴾
اِسْتَطَارَ الشیءُ منتشر ہونا، بکھرنا۔
یقال: استطار البرقُ افق میں روشنی پھیل
گئی۔
استطار الفجر او الصبح او غیرہ کپڑے

وغیرہ میں بوسیدگی کا پھیل جانا (ہر جگہ سے بوسیدہ
ہو جانا)
اسْتَطَارَ الشَّقُّ او الصَّدْعُ فی الحائط او
الزجاجة: دیوار میں دراڑ پڑنا یا شیشہ تڑخنا۔
-الشیءَ: اڑانا۔
-السَّیفَ تیزی سے تلوار سونتنا۔
اُسْتُطِیرَ: طُیِّرَ (۲) اتنا تیز لے جایا جانا جتنا
تیز پرندہ لے کر اڑتا ہے۔
(۳) خوفزدہ ہونا، گھبرا جانا۔
یقال: اُسْتُطِیرَ فؤادہ دل گھبرانا۔
-الفرسُ وغیرہ تیز دوڑنا۔
یقال فحل مستطار: مست سانڈ۔
الطائرُ: من الحیوان: ہر وہ پرندہ جو فضا میں دو
پروں کے ذریعے اڑتا ہے۔
(۲) وہ پرندہ جس سے اچھا یا برا شگون لیا جائے
(۳) خیر یا شر کا حصہ اس کی تغیر کرتا ہے قول
باری تعالیٰ: ﴿وَکُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهٗ
فِیْ عُنُقِهٖ﴾
یقال: طَارَ طائرُہٗ: غضبناک ہونا، تیز ہونا۔
ھو ساکن الطائر حلیم، بردبار، باوقار ہونا۔
ھو میمون الطائر: مبارک آدمی۔
یقال فی الدعاء للمسافر: علی الطائر
المیمون سفر مبارک ہو۔
طائرُ اللّٰہ لا طائرُكَ: فیصلہ اور حکم اللہ ہی کا ہے
تمہاری خرافات کا نہیں۔
یقال طائر اللّٰہ لا طائرَكَ (فتحہ کے ساتھ)
میں اللہ کا فیصلہ پسند کرتا ہوں تمہارا نہیں۔
(ج) طیر و اَطْیار و طیور قرآن حکیم میں
ہے ﴿وَالطَّیْرُ صٰٓفّٰتٍ﴾
یقال کأنّ علی رؤسهم الطیر ساکن و
باوقار ہیں طیش نام کی کوئی چیز نہیں ان میں۔
الطَّائِرَةُ مشین جو پرندہ نما ہوتی ہے فضا میں
تیرتی ہے اور نقل و حرکت اور جنگ میں کام آتی
ہے۔ ہوائی جہاز (محدثہ)
(الطِّیَرَةُ) بے وقاری اوچھاپن۔
طیرۃ الغضب او الشباب و نحوہ آفت
غضب یا آفت جوانی۔

(الطِّيَرَةُ و الطِّيْرَةُ) (یاء کے سکون کے ساتھ) نحوست' فال (۲) وہ چیز جس کے ذریعے اچھی یا بری فال نکالی جائے۔
(الطَّيْرِيَّةُ) ایک بیماری جو خاص کر طوطوں سے انسان کو لگتی ہے جس میں بخار کے ساتھ معدے اور آنتوں میں تکلیف ہوتی ہے (مج)
(الطَّيَّارُ) جہاز کا پائلٹ' طیارچی۔
الطَّيُّورُ' يقال: هو طَيُّورٌ فَيُّورٌ: وہ جلد اولتا بدلتا رہتا ہے۔
المَطَارُ طار سے اسم مکان۔
وہ جگہ جو جہازوں کے اترنے اور اڑنے کے لئے بنائی گئی ہو (ایئرپورٹ) (محدثہ)۔
المَطَارَةُ: وہ جگہ جہاں پرندوں کی کثرت ہو (۲) چوڑے منہ والا کنواں۔
طَاسَ ـِ طَيْسًا: زیادہ ہونا۔
(الطَّيْسُ): بہت چیز جیسے پانی' ریت وغیرہ۔
(۲) ہر وہ جاندار جس کی نسل کثیر ہو۔ جیسے مکھی' چیونٹی وغیرہ۔
طَاشَ ـِ طَيْشًا و طَيَشَانًا: بے چین ہونا' منحرف ہونا۔
يقال: طَاشَ فلانٌ: اوچھا اور بے صبرا ہونا۔
طاش عقلُه: بہکنا' یا ناسمجھی کی باتیں کرنا یا غلطی کرنا۔
-السهمُ و نحوه عن الهدف و نحوه: تیر وغیرہ کا نشانہ سے پھر جانا' اس تک نہ پہنچنا۔
يقال لِمَنْ ضَلَّ و يخطئ الصواب طَاشَ سَهْمُه. وہ بھٹک گیا۔
أَطَاشَه: بہکا ہوا بنانا' تیر کو نشانہ سے ہٹانا۔
(الطَّائِشُ): خفیف الحرکت' اوچھا' بیہودہ۔
(۲) وہ شخص کہ جس کا تیر' تیر اندازی کے وقت نشانہ پر نہ پہنچے (ج) طُيَّاش' و طاشة۔
(الطَّيَّاشُ): متردد جو کم عقلی کی بنا پر کسی ایک بات پر جمتا نہ ہو (۲) جلد باز' بے سوچے سمجھے کام کرنے والا۔
يقال: قومٌ طيَّاشةٌ۔
طَاعَ ـِ طَيْعًا: طاعَ يطوعُ طَوْعًا۔
يقال: يطيعه يَطِيْعُ له۔
طَافَ به' وحوله' وعليه ـِ طَيْفًا: طاف يطوف میں ایک لغت۔
أَطَافَهَ گھمانا۔
(طَيَّفَ): گھمانا (متعدی اور لازم دونوں میں) بمعنی طَوَّفَ۔
تَطَيَّفَ: طاف و أطاف (۲) تَطَوَّفَ
(الطَّيَّافُ): رات کی تاریکی۔
شعر: عِقْبان دَجْنٍ بادرتْ طِيَافا۔
(الطَّيْفُ): ذہن میں آنے والا خیال۔ جسے سویا ہوا شخص دیکھے (۲) جنون (۳) غصہ (۴) قوس قزح اور اس کے رنگ (ج) أَطْيَافٌ
(الطَّيْلَسَانُ): (دیکھئے: طلس)
طَانَ فلانٌ ـِ طَيْنًا: گارے کی اچھی لپائی کرنا۔
-الشيءَ مٹی سے آلودہ کرنا۔
-الكتابَ او الرسالة او الخطاب مٹی سے مہر لگانا جیسے لاکھ سے لگائی جاتی ہے۔
-اللهُ فلانًا على الخير او الشر اللہ تعالیٰ کا کسی کی جبلت وفطرت میں خیر وشر کا رکھنا۔
-فيه كذا من الصفات: کسی میں پیدائشی صفات رکھنا۔
أَطَانَه: طَانَه۔
(طَيَّنَه). مبالغہ در طانه
(تَطَيَّنَ): مٹی سے لتھیڑنا۔
يقال اِطَّيَّنَ (قلب اور ادغام کے ساتھ)
(الطِّيَانَةُ). گارے کی لپائی کا پیشہ۔
(الطِّيْنُ): مٹی۔ میکاد سے پیدا شدہ مادہ جو کہ المرو اور فلسپار اور بعض عضوی مادوں سے مرکب ہوتا ہے اس کے دانے باہم چپکے ہوئے باریک باریک ہوتے ہیں (مج)
(۲) پانی ملی مٹی۔ بسا اوقات اسے مٹی ہی کہا جاتا ہے اگرچہ پانی کی رطوبت ختم ہو چکی ہو (۳) کیچڑ (ج) أَطْيَانٌ۔
(الطِّيْنَةُ): مٹی کا ایک ٹکڑا (حصہ)
(۲) مٹی کا ایک ٹکڑا: پہلے زمانے میں اس سے کتب اور خطوط کو مہر لگائی جاتی تھی۔
(۳) فطرت (ج) طِيَنٌ۔
(الطَّيَّانُ): گارا بنانے یا لیپنے والا۔



الظاء: حروف ہجاء کا سترہواں حرف۔ اس کا مخرج طرف زبان اور ثنایا علیا کا کنارہ ہے۔ حروف مجہورہ اور رخوہ میں سے ہے۔ مطبق بھی ہے۔ صفت اطباق ہی ہے جو کہ اس کے اور ذال کے درمیان فارق ہے۔

ظ ...... ا

ظَأَبَ فلانٌ = ظَأْبًا: شور کرنا۔
(۲) شادی کرنا (۳) ظلم کرنا (۴) جھومنا اور چیخنا۔
ظاءَبَ فلانٌ فلانًا مظاءَبةً: اپنی سالی سے شادی کرنا۔
تظاءَبَ الرجلان: ہم زلف ہونا (ایک کا ایک عورت اور دوسرے کا اسی عورت کی بہن سے شادی کرنا)۔
الظَّأْبُ ہم زلف (ج) أَظْؤُبٌ و ظُؤُوبٌ
ظَأَرَت المرأةُ والناقةُ و نحوهما على ولدِ غيرها = ظَأْرًا و ظِئَارًا: مہربان ہونا۔
هي ظَئُورٌ و ظَئُورَةٌ۔
-فلانٌ على عدوّه حملہ کرنا۔
یقال ظَأَرَ المرأةَ والناقةَ عورت یا اونٹنی کا غیر کے بچہ پر مہربانی کرنا۔
یقال ظَأَرَ فلانًا على كذا کسی چیز پر کسی کو مہربان کرنا، مائل کرنا۔
-فلانًا على الأمرِ کسی کو کسی کام کے لئے پھسلانا یا مجبور کرنا۔
أَظْأَرَهَا على ولدِ غيرها غیر کے بچے پر مہربان بنانا۔
یقال أَظْأَرَ فلانًا على كذا کسی بات کی طرف مائل کرنا۔
ظَاءَرَ: دایہ رکھنا۔
-المرأةَ: دودھ پلانے کے لئے عورت کا بچہ لینا۔
-فلانًا على كذا: مائل کرنا۔
(۲) پھسلانا یا مجبور کرنا۔
-فلانٌ فلانًا: باہم ایک دوسرے کے بچہ کی پرورش کرنا۔
اظَّأَرَتِ المرأةُ الناقةُ: ظَأَرَتْ۔
-لولده ظِئْرًا اپنے بچہ کے لئے دایہ رکھنا۔
الظِّئَارُ ہر وہ چیز جو اپنی جیسی دوسری چیز کے ساتھ ہو۔
یقال: عدوٌّ ظِئَارٌ: طاقت ور دشمن۔
الظِّئْرُ: غیر کے بچہ کو دودھ پلانے والی دایہ اور اس کے خاوند کو بھی کہا جاتا ہے۔
(۲) محل کا ایک کونہ۔
(ج) أَظْؤُرٌ و أَظْآرٌ و ظُؤُورٌ۔
الظِّئْرَةُ دیوار سے ملا ہوا ستون۔
ظَأَفَهُ = ظَأْفًا پریشان کرکے نکالنا۔

ظ ...... ب

الظَّبَابُ: نکڑا بچو۔
ظَبْظَبَ فلانٌ ظَبْظَبَةً و ظِبْظَابًا شور مچانا، دھمکی دینا۔
ظُبْظِبَ فلانٌ بخار ہونا۔
الظِّبْظَابُ بیماری۔
یقال مابه ظَبْظَابٌ۔
(۲) آنکھ کے اندر پھنسی۔
(۳) عیب (۵) درد (۶) شور وغل۔
الظَّبْظَبَةُ آواز، شور (ج) ظَبَاظِبُ۔
الظُّبَةُ: تلوار، بھالا، خنجر وغیرہ کی دھار (ج) ظُبًا و ظُبَاتٌ و ظِبُونٌ۔
أَظْبَتِ الارضُ: زمین پر ہرنوں کا کثرت سے ہونا۔
الظَّبْيُ: کھروں اور کھوکھلے سینگوں والے حیوانات کی ایک قسم۔ ان میں سے مشہور عربی ہرن ہے جسے الغزال الأعفر کہا جاتا ہے۔
ضرب المثل ہے: به داءُ ظَبْيٍ: وہ بہت کم بیمار ہوتا ہے یا اس کی بیماری کا محل نامعلوم ہے۔
یقال: لَا تَرَكْتُكَ تَرْكَ الظَّبْيِ ظِلَّهُ میں تمہارے پاس دو بارہ نہ رکوں گا۔ کیونکہ ہرن جس جگہ سے بھاگ جاتا ہے وہاں واپس نہیں پلٹتا۔
(ج) أَظْبٍ، ظُبِيٌّ و ظِبَاءٌ هي ظبية (ج) ظِبَاءٌ۔
(۲) الظَّبْيَةُ ہرن کی کھال کی چھوٹی تھیلی جس پر بال لگے ہوں (ج) ظِبَاءٌ۔
المَظْبَاةُ أَرْضٌ مَظْبَاةٌ وہ زمین جہاں ہرن بکثرت ہوں۔

ظ ر ب

ظَرِبَ = ظَرَبًا چمٹنا۔
الظَّرِبُ ابھرا ہوا نوک دار پتھر۔
(۲) پھیلا ہوا پہاڑ (ج) ظِرَابٌ۔
حدیث استسقاء میں ہے (اللّٰهُمَّ عَلَى الآكامِ والظِّرَابِ و بُطُونِ الأَوْدِيَةِ)
الظَّرِبَانُ فصيله سمّوريّة کا ایک جانور جو بلی سے چھوٹا ہوتا ہے چھوٹے چھوٹے کانوں

والأ بڑے سر لمبی ناک' چھوٹے پاؤں والا اور سخت بدبودار ہوتا ہے۔
یقال فَسابیھم الظَّرِبَانُ باہم پھوٹ پڑنا۔
(ج) ظِرْبِي' و ظَرَابِيْنُ' و ظَرَابِيُّ۔
ظَرَّ الرَّحْلُ ـُ ظَرًّا' و مَظَرَّةً دھاردار پتھر توڑنا۔
- الناقةَ و نحوَھا. دھار دار پتھر سے اونٹنی وغیرہ ذبح کرنا۔
أظَرَّ الرَّجُلُ' نوکیلے پتھروں والی زمین میں آنا۔
-المکانُ دھاردار پتھروں کا کثیر ہونا۔
الظِّرُّ نوکیلا چھری کی مانند دھاردار پتھر۔
واحدته:ظِرَّةٌ۔
(۲) چقماق کے ٹکڑے جو قدیم زمانے میں بھالوں اور کلہاڑوں کی جگہ استعمال کئے جاتے تھے۔(ج)ظُرَّانٌ و ظِرَارٌ۔
الظُّرَرُ نوکیلا پتھر۔
واحدته:ظُرَرَةٌ
الظِّرِّيُّ الطَّوْرُ الظِّرِّيُّ (جیولوجیا میں) وہ زمانہ جس میں انسان نے پتھر کے آلات استعمال کئے۔
ظَرُفَ فلانٌ ـُ ظَرْفًا و ظَرَافَةً ھو ظریفٌ تیز طبع' ماہر ہونا۔
قیل: الظَّرْفُ فی الوجہ: حسن۔
فی القلب: ذکاوت۔
وفی اللسان: فصاحت و بلاغت۔
ومنه قول عمر رضی اللہ عنه اذا کان اللِّصُّ ظریفًا لَمْ یُقْطَعْ: یعنی جب سمجھدار ہو۔
أظْرَفَ فلانٌ: بہت برتنوں والا ہونا۔
(۲) چالاک اولاد والا ہونا۔
-بفلانٍ: کسی کا ہوشیاری سے ذکر کرنا۔
-المتاعَ. سامان کے لئے ظرف بنانا۔
ظَارَفَه ہوشیاری میں مقابلہ کرنا۔
تَظَارَفَ: بتکلف ہوشیار بننا' جبکہ حقیقت میں ہوشیار نہ ہونا۔
تَظَرَّفَ تَظَارَفَ۔
اِسْتَظْرَفَه کسی کو ہوشیار سمجھنا۔

الظَّرْفُ برتن (۲) ہر وہ چیز جس میں کوئی چیز قرار پکڑے۔ اسی سے ہے ظرف زماں اور مکاں نحویوں کے ہاں۔
(۳) حالت (ج) ظروفٌ۔
فلانٌ نقیُّ الظَّرْفِ امانت دار ہونا۔
یقال رایتُ فلانًا بظَرْفِه میں نے بعینہٖ اسے دیکھا۔
الظَّرْفِیَّةُ کسی چیز کا کسی چیز میں حلول کرنا۔
حقیقتاً جیسے الماء فی الکوز یا مجازاً ہو جیسے: النجاة فی الصدق۔
المظروفُ: وہ چیز جسے ظرف شامل ہو۔
یقال بعثتُ سائل مظروفةً (محدثہ)

ظ......ع

ظَعَنَ ـَ ظَعْنًا و ظُعُوْنًا: روانہ ہونا' چلنا۔
یقال ظَعَنَ بہ۔
أظْعَنَه: چلانا۔
الظِّعَانُ ہودج باندھنے کی رسی۔
الظُّعْنَةُ مختصر سفر (ج) ظُعَنٌ۔
الظَّعِیْنَةُ: وہ سواری جس پر سوار ہوا جائے۔
(۲) ہودج (۳) بیوی۔
(ج) ظَعَائِنُ و ظُعْنٌ و أظْعَانٌ۔

ظ......ف

ظَفَرَ الشیءَ ـِ ظَفْرًا: کسی چیز میں ناخن گاڑنا۔
یقال: ما ظفرتْكَ عینی منذُ زمان: یعنی میں نے آپ کو ایک عرصے سے نہیں دیکھا۔
ظَفِرَ الرجلُ ـَ ظَفَرًا: ناخنوں کا لمبا اور چوڑا ہونا۔ ھُوَ أظْفَرُ۔
-عینُه. آنکھ میں ناخنہ (ایک بیماری) ہونا ھِیَ ظَفِرَةٌ۔
- فلانٌ علی عدوّہ و بعدوّہ: غالب آنا دشمن پر۔
ھو ظَافِرٌ و ظَفِرٌ۔
-الشیْءَ و بہ. کامیاب ہونا' پالینا۔
یقال: ظَفِرَ اللہ فلانًا علی فلانٍ: غالب کرنا۔

أظْفَرَ الشیءَ: ناخن گاڑنا۔
أظْفَرَه اللہ لعدوّہ و علیه اللہ کا کسی کو دشمن پر قوت و غلبہ دینا۔
- الجلدَ کھال کو نرم و چکنا کرنے کے لئے ملنا۔
-فلانًا کسی کو کامیابی کی دعا دینا۔
تَظَافَرُوا علی کذا: باہم مدد کرنا۔
أظْفَارُ الجلدِ: کھال کے کھرنڈ۔
الأظفارُ: ناخنوں کے مشابہ ایک خوشبودار بوٹی۔
الأظْفُوْرُ: انگلیوں کے کنارے ملا ہوا مادہ۔
(ناخن)(ج) أظَافِیْرُ و اظافرُ۔
الظُّفْرُ: الأظفورُ۔
(ج) أظْفَارٌ (جج) أظَافِیْرُ۔
یقال: رَجُلٌ مُقَلَّمُ الظُّفْرِ أوْ کَلِیْلُ الظُّفْرِ: بےوقعت' حقیر شخص۔
الظَّفَرَةُ ایک بیماری جس میں آنکھ پر ناک کی طرف جھلی آ جاتی ہے۔
المِظْفَارُ: ہر کام میں کامیابی حاصل کرنے والا۔
المُظَفَّرُ: المِظْفَار۔

ظ......ل

ظَلَعَ ـَ ظَلْعًا: لنگڑا کر چلنا۔
- الارضُ بأھلھا: زمین کا اہل زمین کی کثرت کی وجہ سے تنگ پڑ جانا۔ ھو ظَالِعٌ ھی ظالعٌ' و ظالعةٌ ضرب المثل ہے۔
لا یُدرِكُ الظّالعُ شأوَ الظّلیعِ لنگڑا بیل تیز رفتار گھوڑے کو نہیں پا سکتا۔
ایک اور ضرب المثل ہے: ظالع یقود کسیرًا اس کمزور شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو اپنے سے کمزور کی مدد کر رہا ہو۔
الظّالعُ: الزام رسیدہ۔
الظُّلاعُ جانوروں کے پیروں میں لنگ کی بیماری۔
الظَّلْعُ: ضرب المثل ہے اربَعْ علی ظَلْعِكَ یعنی تو کمزور ہے پس اپنے آپ پر رحم کھا اور اتنا ہی بوجھ لاد جس کی تو طاقت رکھتا ہو۔

یہ دھمکی دینے والے کو کبھی کہا جاتا ہے یعنی اپنی دھمکی میں حد سے تجاوز نہ کر۔

ایک اور ضرب المثل ہے۔ لا یربع علی ظلعك من لیس یحزنه امرك تمہاری کمزوری و تکلیف کے وقت صرف وہی تم پر توجہ دے گا جسے تمہاری کسی بات کا احساس ہو۔

ظلفه عن الامر ـِ ظلفًا: روکنا۔

یقال ظلف نفسه عمالا یجمل به اس نے نامناسب بات سے اپنے آپ کو باز رکھا۔

-الصَّیدَ شکار کے کھر پر مارنا۔

-الاثرَ نشان قدم کو مٹانا تاکہ تعاقب نہ کیا جا سکے۔

- القوم لوگوں کے قدموں کے نشانات پر چلنا۔

ظَلِفَتِ الارضُ ـَ ظلَفًا: زمین کا سخت اور کھردرا ہونا۔

یقال ظلفت معیشه. گذران مشکل ہونا۔

-نفسُه عن الشئِ رکنا هو ظَلِفٌ۔

یقال: هو ظَلِفُ النفسِ: رذائل سے پاک ہے۔

اَظْلَفَ الاثرَ ظلفه۔

-فلاناً عن كذا دور کرنا۔

ظَلَّفَ علی كذا اضافه کرنا۔

الظَّلْفُ یقال ذهب دمُه ظلفًا: اس کا خون رایگاں گیا۔

الظِّلْفُ گائے، بکری اور ہرن کا شق زدہ ناخن (کھر) (ج) اظلاف و ظلوف۔

یقال فلانٌ له الخُفُّ والظِّلْفُ یعنی فلاں کے پاس چوپائے ہیں۔

جاءَتِ الابلُ علی ظِلفٍ واحد: اونٹ آگے پیچھے آئے۔

وجدَتِ الدّابَّةُ ظِلفَها چوپائے کو من پسند چراگاہ مل گئی اس لئے وہ وہاں سے نہیں ہٹے گا۔

ووجد ظلفه مراد پانا۔

الظَّلْفُ سخت زمین (۲) سخت گزران۔

یقال ذهب دمه ظلفًا خون رایگاں جانا۔

اَخذه بظلفه کچھ نہ چھوڑنا۔

الظَّلَفاتُ: یقال: اقامه الله علی الظَّلَفاتِ: الله تنگی اور سختی پر اسے قائم رکھے۔

الظَّلِیفُ کھردری جگہ (۲) سخت مشکل کام۔ (۳) سختی (۴) بدحال (ج) ظُلُفٌ۔

یقال: ذهب به ظَلِیفًا: وہ اسے مفت لے گیا، ناحق لے گیا۔

ذهب دمُه ظلیفًا: خون رایگاں جانا۔

هو ظَلِیفُ النفس: بلند کردار شخص۔

الظَّلِیفَةُ: یقال: اخذ الشئَ بظَلِیفَتِه: ساری کی ساری چیز لے جانا۔

ظَلَّ الشئُ ـِ ظَلالَةً: سایہ دار ہونا۔

ظلَّ فلان یفعل کذا ـَ ظَلًّا و ظُلُولاً: دن میں کرنا۔

یقال: ظَلَّ یفعل کذا: کرتے رہنا۔

اَظَلَّ سایہ دار ہونا (۲) سایہ دراز ہونا۔

یقال: اظَلَّ الیومُ و اظَلَّ الشجرُ: دن کا ابر آلود ہونا، درخت کا سایہ فگن ہونا۔

-فلانٌ فلاناً: کسی کو اپنی حفاظت میں لینا۔

-الشئُ فلاناً: کسی چیز کا کسی کو ڈھانپ لینا۔

یقال: اَظَلَّه الامرُ: معاملہ کا ذہن پر چھا جانا۔

یقال: اَظَلَّ الشَّهرُ و اظَلَّ الشتاءُ و اَظَلَّكُم فلان: مہینہ یا سردی کا آنا یا فلان کا تمہارے پاس آنا۔

-الشئُ فلاناً: قریب ہونا اور سامنے آنا۔

ظَلَّلَ بالسَّوطِ ڈرانے کے لئے کوڑے سے اشارہ کرنا۔

-فلاناً: اَظَلَّهُ۔

یقال: ظَلَّلَهُ بكذا: سایہ دینا کسی چیز کا۔

وظَلَّلَ اللهُ علیهم الغمام: بادلوں کا سایہ کرنا۔

ظَلَّله من الشمس: دھوپ سے بچا کر سایہ میں لانا۔

-الرَّسْمَ: تصویر یا خط پر شیڈ ڈالنا جبکہ وہ ایک ہی رنگ کا ہو (مع)

تَظَلَّلَ بالشئ: سایہ حاصل کرنا۔

یقال: تَظَلَّلَ من الشمس: دھوپ سے سایہ میں آنا۔

اِسْتَظَلَّ: تَظَلَّلَ۔

یقال: اِسْتَظَلَّ بالظِّلِّ: سایہ کی طرف آنا اور اس میں بیٹھنا۔

الاَظَلُّ: انگلی کی اندرونی سطح (ج) ظُلّ

الظُّلالُ: ہر سایہ دار چیز۔

الظِّلالُ: ظلال البحر: سمندر کی موجیں۔

الظُّلالَةُ: وجود شئ، ذات شئ۔

رأیت ظلالةً من الطَّیرِ: میں نے پرندوں کے جھنڈ کو دیکھا۔

الظِّلُّ: سورج کی شعاعوں کی روشنی جو کسی آڑ کے پیچھے چھپ جائے (ج) ظِلالٌ و اَظْلالٌ۔

-من کل شیءٍ: ہر چیز کی ذات۔

-من الشئِ: شئ کا ابتدائی حصہ۔

یقال: ظِلُّ الشباب، ظِلُّ الشتاء، وظِلُّ اللیل: جوانی کا آغاز، سردیوں کا آغاز، رات کی تاریکی۔

یقال: اتانا فی ظِلِّ اللیلِ: وہ ہمارے پاس رات کی تاریکی میں آیا۔

- من السحاب: سورج کو چھپانے والا بادل۔

(مصورین کی اصطلاح میں) الظِّلُّ الخلفی: ہلکا سیاہ رنگ جو کسی تصویر کے پیچھے کیا جائے۔

الظِّلُّ الممدودُ: شیڈ یا خیال جو کسی تصویر وغیرہ کا برابر والی چیز پر پڑتا ہوا نظر آئے۔

الظِّلُّ الدّامِسُ: روشنائی کے تیز ہونے کا خاص درجہ جس کے بعد وہ ہلکی ہو کر پھیل جاتی ہے (مع)

یقال: هو فی ظِلِّ فلان: فلان کی حفاظت میں ہے۔

وجهه لَیِظِلُّ الحجرِ: اس کا چہرہ سیاہ ہے یا وہ بے حیا ہے۔

مشیتُ علی ظِلّی وانتعلتُ ظِلّی: میں دوپہر کو گرمی کے وقت دھوپ میں چلا جس وقت میرا سایہ نہ تھا۔

هو یباری ظِلَّ راسِه. وہ اکڑتا ہے۔

مُلاعِبُ ظِلِّه: سیاہ چونچ اور پاؤں والا ایک

پرندہ۔ جس کا سینہ سفید، کمر، پر اور دم چتکبری ہوتی ہے۔
مصر میں صَیَّادُ السمك جبکہ عراق میں قِرِلّی کے نام سے مشہور ہے۔
الظَّلَلُ: درخت کے نیچے کا پانی جس پر دھوپ نہ پڑتی ہو (ج) اَظْلَالٌ۔
الظُّلَّةُ: ہر سایہ دار درخت وغیرہ (۲) چھتری (ج) ظُلَلٌ۔
الظَّلِیْلُ: سایہ دار۔
یقال ظِلٌّ ظَلِیْلٌ: دائمی سایہ۔
الظَّلِیْلَةُ: گھنے درختوں والا باغ (ج) ظَلَائِلُ۔
المِظَلَّةُ: چھتری (ج) مَظَالُّ۔
ظَلَمَ ـ ظُلْمًا و مَظْلِمَةً: ظلم کرنا، حد سے بڑھنا (۲) کسی چیز کا غلط جگہ استعمال کرنا۔
ضرب المثل ہے: مَنْ اَشْبَهَ اَبَاهُ فَمَا ظَلَمَ: جو اپنے باپ کے مشابہ ہو تو اس نے کوئی غلطی نہیں کی کیونکہ یہ مشابہت صحیح جگہ پر ہے۔
ایک اور ضرب المثل ہے: مَنِ اسْتَرْعَی الذِّئْبَ فَقَدْ ظَلَمَ: اس شخص کے بارے کیا جاتا ہے جو بے ایمان کو ایماندار سمجھے۔
یقال: ظَلَمَ الارضَ: زمین کو غلط جگہ سے کھودنا۔
-فلاناً حقّه: حق مارنا یا کمی کرنا۔
-الطّریقَ: راستہ سے ہٹنا۔
حدیث میں ہے: اِلْزَمُوا الطَّرِیْقَ فلم یظلموہ
ھو ظالمٌ و ظَلَّامٌ ھو و ھی ظَلُوْمٌ۔
یقال: ما ظَلَمَكَ عن أن تفعل كذا: تجھے ایسا کرنے سے کس نے روکا۔
ظَلِمَ اللیلُ ـ ظَلَمًا: رات کا تاریک ہونا، ھو ظَلِمٌ۔
اَظْلَمَ اللیلُ: رات کا تاریک ہونا۔
یقال اَظْلَمَ الشَّعْرُ، اَظْلَمَ البَحْرُ
-القومُ: تاریکی میں داخل ہونا۔
-الثَّغْرُ: دانتوں کا چمکدار ہونا۔
-البیتَ: تاریک کرنا۔
-فلانٌ علینا البیتَ: ہمیں ناپسندیدہ اشعار سنائے۔
ظَالَمَهُ مظالمة و ظِلَامًا: ظَلَمَهُ۔
ظَلَّمَهُ: ظلم کو کسی کی طرف منسوب کرنا، ظلم کا الزام دینا (۲) ظلم سے انصاف دلانا۔
-تَظَالَمَ القَوْمُ: ایک دوسرے پر ظلم کرنا۔
-المِعْزیٰ: بکریوں کا سینگوں سے لڑنا۔
یقال: نزلنا بارضٍ تتظالم معزاھا: ہم ایسی جگہ ٹھہرے جہاں بکریاں باہم لڑتی تھیں (خوشحالی کی وجہ سے)
تَظَلَّمَ: شکوہ ظلم کرنا۔
یقال تَظَلَّمَ منه: کسی کے ظلم کی شکایت کرنا۔
(۲) ظلم برداشت کرنا۔
-فلاناً حقَّه: کسی کی حق تلفی کرنا۔
اِظَّلَمَ: ظلم برداشت کرنا۔
اِنْظَلَمَ، اِظَّلَمَ۔
الظَّلَامُ: تاریکی۔
الظِّلَامُ: یقال: نَظَرَ اِلَیْهِ ظِلَامًا: ترچھی نگاہ سے دیکھنا۔
الظُّلَامَةُ: مظلوم کا مطالبہ، مظلوم سے ظلماً لی ہوئی چیز کو کہتے ہیں۔
تقول: عند فلان ظُلَامَتِیْ: فلاں کے پاس میرا چھینا ہوا حق ہے۔
الظَّلْمُ: دانتوں کا پانی اور چمک (۲) برف (ج) ظُلُوْمٌ۔
الظِّلْمُ: ذات (۲) پہاڑ (ج) ظُلُوْمٌ۔
الظَّلْمَاءُ: تاریکی۔
یقال: لَیْلَةٌ ظَلْمَاءُ: تاریک رات۔
الظَّلِمَةُ: لیلةٌ ظَلِمَةٌ: تاریک رات۔
الظُّلْمَةُ: تاریکی۔
ظُلُماتُ البحرِ: مصائب، سمندر۔
الظَّلِیْمُ: نر شتر مرغ (ج) ظُلْمَانٌ
الظَّلِیْمَةُ: ظلماً لیا ہوا مال (ج) ظلائم
المِظْلَامُ: سخت تاریکی۔
یقال: یوم مِظْلَامٌ: انتہائی تاریک دن۔
اَمْرٌ مِظْلَامٌ: سخت دشوار کام۔
(ج) مَظَالِیْمُ۔
المُظْلِمُ: من النبات: سیاہی مائل گھاس۔
یوم مُظْلِمٌ: پرفتن دن۔
اَمْرٌ مُظْلِمٌ: دشوار کام۔
شَعْرٌ مُظْلِمٌ: سیاہ بال۔
اَلْمَظْلِمَةُ، الظُّلَامَةُ (ج) مَظَالِمُ۔

ظ ۔ ۔ ۔ ۔ م

ظَمِئَ ـ ظَمَأً و ظَمَاءً و ظَمَاءَةً: پیاسا ہونا یا شدت کی پیاس لگنا۔
یقال: ظَمِئَ الیه: مشتاق ہونا۔
ھو ظامئٌ، ظَمِئٌ، ھو ظمآن ھی ظَمْاٰی، و ظَمْآنة (ج) ظِمَاء۔
اَظْمَأَهُ: پیاسا کرنا۔
تَظَمَّأَ: پیاس کو برداشت کرنا۔
الظِّمْءُ: دو دفعہ پینے کے درمیان وقفہ (ج) اَظْمَاء۔ ضرب المثل ہے۔ لم یبق منه الّا قدر ظِمْءِ الحمار: اس کی عمر بہت کم رہ گئی کیونکہ گدھا پیاس کو کم برداشت کرتا ہے۔
الظَّمْآنُ: یقال و جه ظمآن: ایسا چہرہ جس پر گوشت کم ہو جلد ہڈیوں کے ساتھ لگی ہو۔
الظَّمْاٰی: یقال: ریح ظَمْاٰی: خشک گرم ہوا۔
عین ظَمْاٰی: باریک پلکوں والی آنکھ۔
ساق ظَمْاٰی: کم گوشت والی پنڈلی۔
اَلْمِظْمَاءُ: بہت پیاسا۔
ظَمِیَتِ الشَّفَةُ ـ ظَمًی: ہونٹ کا پژمردہ اور گندمی رنگ کا ہونا۔
-اللِّثَةُ: مسوڑھے کا کم خون ہونا۔
-العینُ: باریک پلک والا ہونا۔
-الساقُ: کم گوشت والا ہونا۔
ھی ظَمْیَاءُ (ج) ظُمْیٌ۔
اَلْاَظْمیٰ: ظِلٌّ اَظْمیٰ: سیاہ سایہ۔
رُمْحٌ اَظْمیٰ: گندمی رنگ کا نیزہ (ج) ظُمْیٌ

ظ ۔ ۔ ۔ ۔ ن

الظُّنْبُ: درخت کی جڑ۔
الظُّنْبُوْبُ: آگے کی طرف پنڈلی کا کنارہ۔
یقال: قَرَعَ هذه الأمر ظُنْبُوْبَهٗ: اس معاملہ میں اس نے کوشش کی کوتاہی نہ کی۔
(ج) ظَنَابِیب۔

يقال ظرّع عنه بيت الامر: معاملہ کو آسان بنایا، قابو میں کرلیا۔

ظَنَّ الشیءَ ـُ ظَنًّا: غیر یقینی علم ہونا، کبھی کبھی یقین کے معنی میں آتا ہے۔

قرآن مجید میں ہے: ﴿قَالَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ﴾

-فلانًا و به: الزام لگانا۔

کبھی متعدی بہ دو مفعول ہوتا ہے۔

يقال ظَنَنْتُ زيدًا صادقًا: میں نے زید کو سچا سمجھا۔

اَظَنَّ فلانًا الشیءَ: شک میں ڈالنا۔

يقال اظنّ به الناسَ: کسی کے بارے میں لوگوں کو بدگمان کرنا۔

اِظَّنَّہٗ: الزام لگانا۔

تَظَنَّنَ: ظَنَّ، يقال فيها: تظنّی: تیسرے نون کو الف سے بدل کر۔

جیسا کہ تَقَصَّصَ کو تقصّی پڑھا جاتا ہے۔

الظَّنَّانَةُ: تہمت۔

الظَّنُّ: ذہن کا کسی چیز کو ترجیح کے ساتھ قبول کرنا اور کبھی یقین کے ساتھ ہوتا ہے۔

(ج) ظُنُوْنٌ، اَظَانِيْنُ۔

اَلظِّنَّةُ: تہمت (ج) ظِنَنٌ۔

الظَّنُوْنُ: ناقابل اعتبار۔

يقال رجلٌ ظَنُوْنٌ: جس کی عقل پر اعتماد نہ ہو یا جس کی بات کا اعتبار نہ ہو۔

دَيْنٌ ظَنُوْنٌ: وہ قرض جس کی ادائیگی کا اعتماد نہ ہو۔

بِئْرٌ ظَنُوْنٌ: ایسا کنواں جس کے بارے معلوم نہ ہو کہ اس میں پانی ہے یا نہیں۔

-من الرِّجال: بدگمان شخص۔

الظَّنِيْنُ: ناقابل اعتبار (۲) متہم، مشکوک بے خبر (ج) اَظِنَّاءُ۔

مَظِنَّةُ الشیءِ: وہ جگہ جہاں کسی چیز کے وجود کا گمان ہو (ج) مَظَانّ۔

و الْمَظَانُّ: مراجع جن کی طرف محقق رجوع کرتا ہے (مو)

ظ............ھ

ظَهَرَ الشیءُ ـَ ظُهُوْرًا: پوشیدگی کے بعد ظاہر ہونا۔

-على الحائط و نحوه: دیوار وغیرہ پر چڑھنا۔

-على الامر: کسی بات پر مطلع ہونا۔

قرآن حکیم میں ہے: ﴿اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ﴾

-على عدوّه، وبه: دشمن پر غالب آنا۔

-بالحاجةِ: کسی ضرورت کو معمولی سمجھ کر اہمیت نہ دینا۔

-عنه العارُ: عیب دور ہونا۔

-الطيرُ من بلد كذا الى بلد كذا: ایک ملک سے دوسرے ملک چلے جانا۔

-بالشیءِ: فخر کرنا۔

-فلانًا ظَهْرًا: کسی کی پیٹھ پر مارنا۔

-الثَّوبَ: کپڑے پر ابرا لگانا۔

-البيتَ و الحائطَ و نحوهما: دیوار وغیرہ پر چڑھنا۔

ظَهِرَ ـَ ظَهَرًا: پیٹھ کے درد میں مبتلا ہونا۔

هو ظَهِرٌ و ظَهِيْرٌ۔

اَظْهَرَ القومُ: دوپہر کے وقت چلنا۔

(۲) دوپہر کے وقت میں داخل ہونا۔

-والشیءَ: واضح کرنا۔

-يقال: اَظْهَرَ فلانًا على السِّرِّ: کسی کو راز کی بات بتلانا۔

-فلانٌ القرآنَ و عليه: قرآن پاک کو زبانی پڑھنا۔

-فلانًا على عُدُوِّهٖ: کسی کی دشمن کے خلاف مدد کرنا۔

-الشیءَ: پس پشت ڈالنا۔

يقال اَظْهَرَ حاجتی و اَظْهَرَ بها: ضرورت کو اہمیت نہ دینا معمولی سمجھ کر۔

ظَاهَرَ بين الثوبين مُظَاهَرَةً و ظِهَارًا: ایک دوسرے کے مطابق کرنا، ایک دوسرے پر پہننا۔

-فلانًا: مدد کرنا۔

-امرأتَه و منها: قال لها: اَنْتِ عَلَيَّ كَظَهْرِ اُمِّيْ: عورت سے ظہار کرنا یعنی اس سے کہنا کہ تو مجھ پر حرام ہے۔ زمانہ جاہلیت میں ایسا کہنا طلاق دینا تھا لیکن اسلام نے اس سے روکا۔

ظَهَّرَ القومُ: دوپہر کے وقت چلنا۔

-الحاجةَ: ضرورت پس پشت ڈالنا۔

-الصَّكَّ و نحوه: چیک وغیرہ کی پشت پر ایسے الفاظ لکھنا جو دوسرے شخص تک پہنچانے میں فائدہ مند ہو (مج)

تَظَاهَرُوْا: باہم تعاون کرنا۔

(۲) کسی مفاد کے حصول یا اظہار ناراضگی کے لئے لوگوں کا اکٹھا ہونا، مظاہرہ کرنا (مج)

اِسْتَظْهَرَ به: مدد کرنا۔

-والشیءِ: محتاط ہونا۔

-الشیءَ: حفظ کرنا، بغیر دیکھے زبانی پڑھنا۔

الظَّاهِرُ: اسمائے الٰہیہ میں سے ایک نام۔

يقال قرأه ظاهرًا: بغیر دیکھے زبانی پڑھنا۔

(۲) (فلسفہ میں) کسی شے کے اندرون کی بیرونی شکل (مج)

الظَّاهِرَةُ من الارض و غيرها: بلند زمین۔

-من العين: ابھری ہوئی آنکھ۔

ظَاهِرَةُ الرَّجُلِ: کنبہ۔

(۲) کسی بات کا لوگوں کے درمیان ظہور۔

يقال: بَدَتْ ظاهرة الاهتمام بالصِّناعة (محدثہ)

الظاهرة الجويّة: فضائی کیفیت جو فطری اثرات کے تحت پیدا ہوئی ہو اور نگاہ و خیال پر اثرانداز ہوتی ہے (محدثہ)

الظَّاهِرِيَّةُ من الفقهاءِ: فقہاء کا ایک گروہ جو ظاہری روایات پر عمل کرتے ہیں اور وہ داؤد بن علی بن خلف الاصبہانی کی طرف منسوب ہیں۔ (جو کہ ظاہری کے لقب سے مشہور ہیں)


الظُّهَارُ: کمر کا درد۔

الظِّهَارَةُ من الثوب: کپڑے کے اوپر لگا ہوا کپڑا جو کہ جسم کے ساتھ نہیں ملا ہوتا اور یہ بطانَۃ کی ضد ہے (بطانۃ نیچے جسم کے ساتھ لگے ہوئے کپڑے کو کہتے ہیں)

-من السباط چٹائی کا اوپر والا حصہ جو زمین کے ساتھ نہ لگا ہوا ہو۔
(۲) گدے پر سونے کے لئے بچھائی جانے والی چادر (ج) ظِهَائِر۔
الظَّهْرُ: پیٹ کا اُلٹ، پُشت۔
- من الانسان: کندھوں سے سرین تک کا حصہ (ج) اَظْهُرٌ و ظُهُوْرٌ و ظُهْرَانٌ۔
(۲) سواری کا جانور یا باربرداری کا جانور۔
(۳) خشکی کا راستہ۔
(۴) سخت اور بلند زمین۔
(۵) نظر سے اوجھل چیز۔
قَرَأَ الْقُرْآنَ عَنْ ظَهْرِ قَلْبِهِ: زبانی
[illegible]
[illegible] ظَهْرِيَد: اسے کسی مکافاۃ کے طور [illegible]
[illegible] دیا۔

هو خفيفُ الظَّهْرِ: کم عیال والا ہونا۔
ثقيل الظَّهْرِ: بڑے کنبہ والا ہونا۔
قَلَّبْتُ الامْرَ ظَهْرًا لِبَطْنٍ: میں نے معاملہ پر اچھی طرح سے غور کیا۔
هو يَأْكُلُ عَنْ ظَهْرِ يدى: میں اس پر خرچ کرتا ہوں۔
اَقَامَ بين ظَهْرَيْهِمْ و ظَهْرانيهم و اَظْهُرِهِمْ: اس نے ان میں قیام کیا۔
الظُّهْرُ: سورج کے زوال کا وقت (ج) ظُهُوْرٌ۔
الظَّهَرُ: گھر کا ساز و سامان۔
الظِّهْرَةُ: مددگار (۲) کنبہ۔
الظِّهْرِيُّ يقال: جعله ظِهْرِيًّا: بھلا دینا۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿واتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَاءَكُمْ ظِهْرِيًّا﴾

الظَّهِيْرُ: مددگار (واحد اور جمع دونوں کے لئے)
(۲) فٹ بال کے گیارہ کھلاڑیوں میں سے ایک۔
هما ظَهِيْرَان: دائیں اور بائیں کھڑے ہونے والے کھلاڑی (محدثہ)
الظَّهِيْرَةُ: ظہر۔
اَلْمُظَاهَرَةُ: اجتماعی طور پر کسی رائے یا جذبہ کا اعلان کرنا (مع)
اَلْمَظْهَرُ: کسی شے کی سامنے کی شکل۔
(۲) تعلق۔
(۳) (علم نباتات میں): مختلف موسموں میں پودوں کی صورت و کیفیت۔ یقال۔
المظهر الربيعي والخريفي والصيفيّ (مع) (ج) مَظَاهِرُ۔



العَیْنُ: حروف تہجی کا اٹھارواں حرف۔ یہ حروف مجہورہ رخوہ میں سے ہے: اس کا مخرج وسط حلق ہے۔ قدماء اسے حروف متوسط میں سے شمار کرتے ہیں۔ اہل لغت کے ایک گروہ نے اس حرف کو اپنی کتب میں مقدم کیا اور اپنی تصنیفات کا آغاز اس سے کیا۔ جیسا کہ امام خلیل بن احمد رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب "کتاب العین" میں ایسا کیا:

عین کو حاء سے بھی بدل دیا جاتا ہے۔ جیسے حتّٰی کو عتّی پڑھتے ہیں اور کبھی ہمزہ سے جیسے اَنّ کو عَنّ پڑھتے ہیں۔

ع .... ب

عَبَأ الشيءَ ـَ عَبْأً: تیار کرنا۔

یقال عَبَأ المتاعَ: سامان کو ایک دوسرے پر رکھنا۔

عَبَأ الجیشَ: فوج تیار کرنا لڑائی کے لئے۔

حدیث عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ میں ہے۔ (عَبَأ رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بِبَدْرٍ لَیْلاً)

-الطِّیبَ: خوشبو تیار کرنا، ملانا۔

-له شرًّا: فتنہ کھڑا کرنا۔

یقال مَا عَبَأَ بِه: اس نے اس کی کوئی پرواہ نہ کی۔

قرآن مجید میں ہے: ﴿قُلْ مَا یَعْبَأُ بِکُمْ رَبِّی لَوْلَا دُعَاءُ کُمْ﴾

عَبَّأ المتاعَ والخیلَ والجیشَ: تیار کرنا۔

- الدواءَ والسلعةَ ونحوهما: ڈبوں میں چیک کرنا (محدث)

اِعْتَبأ ما عنده: سب کچھ لے لینا۔

-الشرابَ: گھونٹ بھرنا۔

التَّعْبِئَةُ: جنگ کے موقع پر ملکی وسائل کی فراہمی وتیاری۔

العَبَاءَۃُ: بغیر آستین کے شق زدہ چوغہ جو کپڑوں پر پہنا جاتا ہے (ج) اَعْبِئَةٌ۔

العَبَاءَةُ: العَبَاءَةُ۔

العِبْءُ: مثل نظیر (ج) اَعْبَاءٌ۔

العِبْءُ، العَبْءُ (۲) بوجھ (۳) وزن کسی بھی چیز کا (ج) اَعْبَاءٌ۔

المَعْبَأُ: راستہ۔

یقال: فلانٌ لا یُعرف مَعْبؤه: فلاں کے مذہب ومسلک کا علم نہیں (ج) مَعَابِئُ

عَبَّ الماءَ ـُ عَبًّا: سانس اور چسکی لئے بغیر پینا۔

یقال عَبَّ فی الماءِ او فی الإناءِ: منہ لگا کر پینا۔

یقال: الحمامُ یشرب عَبًّا کما تَعُبُّ الدَّوابُّ: کبوتر چوپاؤں کی طرح منہ ڈال کر پانی پیتا ہے۔

-النباتُ: لمبا ہونا۔

-البحرُ عُبَابًا: سمندر کا موجیں مارنا، شوروغل ہونا۔

یقال: عَبَّ عُبَابُهُ: جس کا کلام بہت بڑھ جائے بات پھٹ جائے۔

تَعَبَّبَ الشرابَ: پانی وغیرہ کو بڑے بڑے گھونٹ لے کر گڈ گڈ کر پینا۔

العُبَابُ: العَبُّ۔

العُبَابُ: اوّل ونمایاں چیز۔

حدیث میں ہے: (إنَّا حَیٌّ من مذحج عُبَابُ سَلَفِهَا و لُبَابُ شرفها)۔

(۲) پانی کی بہتات، سیلاب۔

(۳) موجیں اٹھنا۔

یقال: جاءُوا بِعَبَابِهِم العُبَابِهِم: وہ سب کے سب آئے۔

العُبُّ: آستین (ج) اَعْبَابٌ۔

العُبِّیَّةُ: غرور وتکبر۔

عَبَثَ ـِ عَبْثًا: دو قسم کی چیزوں سے کھانا تیار کرنا۔

-الشیءَ بالشیءِ: ملانا۔

عَبِثَ ـَ عَبَثًا: کھیلنا، بے فائدہ کام کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا﴾

یقال: عَبِثَ به الدَّهرُ: بدل جانا۔

هو عابثٌ و عَبِثٌ۔

العَبِیثَةُ: دو مختلف چیزوں کو ملا کر تیار کیا جانے والا کھانا۔

(۲) مخلوط لوگ جو ایک باپ سے نہ ہوں۔

(۳) ملی جلی بھیڑ، بکریاں۔

یقال: مررنا علی غنم بنی فلان عبیثةً واحدةً: ہم فلاں کی بکریوں کے پاس سے گزرے جو ایک دوسرے سے ملی ہوئی تھیں۔

العَبْثَرَانُ و العَبَوْثَرَانُ: دیکھئے البَعْثَرَانُ۔

عَبَدَ اللہَ ـُ عِبَادَةً و عُبُودِیَّةً: اطاعت وفرمانبرداری کرنا۔

یقال: مَا عَبَدَكَ عَنِّی: کون سی چیز تمہیں مجھ

سے الگ کرنے کا باعث ہوتی ہے۔
عَبِدَ ۔ عَبَدًا و عَبَدَةً: نادم ہونا۔
-علیه: ناراض ہونا۔
-منه: کسی سے ناک بھوں چڑھانا۔
-علی نفسِه خود کو ملامت کرنا۔
-علیه. حریص ہونا۔
-به. لازم پکڑنا' الگ نہ ہونا۔
عَبُدَ ۔ عُبُودًا و عُبُودِيَّةً آبائی غلام ہونا۔
اَعْبَدَ القومُ بفلانٍ کسی کو اکٹھا ہو کر مارنا۔
-فلانًا: غلام بنانا۔
-فلانًا عبدًا: کسی کو مالک بنانا۔
اُعْبِدَ به: سواری کا راستہ میں مر جانا۔
یا بیمار ہو کر قافلہ سے کٹ جانا۔
عَبَّدَه: تابعدار کرنا۔
یقال: عَبَّدَ الطَّرِیْقَ۔
عَبَّدَ الْبَعِیْرَ۔
-فلانًا: غلام بنانا۔
قرآن حکیم میں ہے۔ ﴿وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ اَنْ عَبَّدْتَ بَنِي اِسْرَآئِيْلَ﴾
یقال: مَا عَبَّدَ فلانٌ اَنْ فَعَلَ کذا: اس نے فوراً ایسا کیا۔
تَعَبَّدَ: تنہا عبادت کرنا۔
-فلانًا: غلام بنانا (۲) اطاعت کی دعوت دینا۔
اِعْتَبَدَه: غلام بنانا۔
اِسْتَعْبَدَه: اِعْتَبَدَه۔
العَابِدُ: موحد (ج) عَبَدَةٌ و عُبَّدٌ و عُبَّادٌ۔
الْعَبَابِیْدُ من الخیل والناسِ: متفرق گروہ۔
یقال: تفرّقوا عبابید مختلف سمتوں میں بکھر گئے (۲) متفرق راستے۔
(۳) ٹیلے (اس لفظ سے اس کا کوئی واحد نہیں)
اَلْعِبَادُ: عربوں کے مختلف قبائل جو نصرانی ہو کر حیرہ میں مقیم ہو گئے تھے۔ انہی میں سے عدی بن زید العبادی تھا۔
اَلْعِبَادَةُ: بطور تعظیم رب کے آگے جھکنا۔
(۲) دینی شعائر۔
عَبَّادُ الشَّمْسِ فصیلہ مرکبہ کا ایک پودا جس کا پھول سورج کی طرف رخ کئے ہوتا ہے۔ یہ

طُرنشول کے نام سے مشہور ہے۔
(جو کہ فرانسیسی لفظ تورنسول سے معرب ہے)
(دیکھئے: الطُّرنشول)
اَلْعَبْدُ: غلام (۲) انسان چاہے غلام ہو چاہے آزاد۔ اس لئے کہ وہ رب عزوجل کا غلام ہے
(ج) عَبِیْدٌ و عُبُدٌ و اَعْبُدٌ و عُبْدَانٌ۔
اَلْعَبَدَةُ: طاقت' موٹاپا۔
یقال ناقةٌ ذاتُ عَبَدَةٍ: موٹی طاقتور اونٹنی۔
(۲) بقاء یقال مالهذا الثوبِ عَبَدَةٌ. یہ کپڑا زیادہ نہیں چلے گا۔ (۳) خوشبو پینے کی سل۔
اَلْعَبْدِیَّةُ: بندگی حالت و کیفیت۔
اَلْعُبُوْدَةُ اَلْعَبْدِیَّةُ۔
اَلْعُبُوْدِیَّةُ غلامی۔
المتعَبَّدُ. عبادت گاہ۔
اَلْمِعْبَدُ: کسی (ج مَعَابِدُ۔
اَلْمَعْبَدُ: عبادت خانہ (ج) مَعَابِدُ۔
اَلْعَبَادِلَةُ: عبداللہ بن عمرو' عبداللہ بن عباس' عبداللہ بن مسعود اور عبداللہ بن زبیر۔
اَلْعَبْدَلُ: غلام۔
اَلْعَبْدَلِیُّ: فصیلہ قرعیہ کا ایک پودا جو کہ "عبدالاوی" کے نام سے مشہور ہے۔ جو کہ منسوب ہے عبداللہ بن طاہر کی طرف جو کہ مامون کے دور میں مصر کا گورنر تھا۔
عَبَرَ فلانٌ ۔ عَبْرًا: آنسو نکلنا۔
-القومُ: مر جانا۔
-النهرَ عَبْرًا و عُبُوْرًا: ایک کنارے سے دوسرے کنارے جانا' پار کرنا۔
وکذلك الطریقَ: ایک طرف سے دوسری طرف جانا۔
یقال: عَبَرَ به الماءَ: کسی کے ذریعہ سے پانی عبور کرنا۔
-الکتابَ عَبْرًا: دل میں غور و فکر کرنا' مطالعہ خاموشی سے کرنا۔
-المتاعَ و الدراهمَ: سامان یا سکوں وغیرہ کے وزن کی جانچ پڑتال کرنا۔
-الرُّؤیا عَبْرًا و عِبَارَةً خواب کی تعبیر بیان کرنا۔ قرآن حکیم میں ہے ﴿اِنْ كُنْتُمْ

لِلرُّؤْيَا تَعْبُرُوْنَ﴾
عَبِرَ ۔ عَبَرًا: آنسو نکلنا۔
یقال: عَبِرَتْ عَیْنُه هو وهی عابِرٌ وهو عَبِرٌ هی عَبِرَةٌ (ج) عَبَارَی۔
عَبَّرَ عمّا فی نفسه وعن فلان اظهر مافی الضمیر کرنا' وضاحت کرنا۔
-به الامرُ: معاملہ کا سنگین ہو جانا۔
-بفلانٍ: مشقت میں ڈالنا (۲) ہلاک کرنا۔
-الرُّؤیا: خواب کی تعبیر بیان کرنا۔
-فلانًا: کسی کو رلانا۔
یقال عَبَّرَ عَیْنَه اسے رلا دیا۔
اِعْتَبَرَ الشیئَ جانچنا' پرکھنا۔
-منه تعجب کرنا۔
-به: کسی چیز سے عبرت پکڑنا۔
-فلانًا: کسی کو اہمیت و حیثیت دینا۔
-فلانًا عالمًا: کسی کو عالم سمجھنا اور اس سے عالم جیسا معاملہ کرنا (مو)
اِسْتَعْبَرَ فلانٌ: آنسو بہانا۔
یقال استَعْبَرَتْ عَیْنُه۔
-فلانًا الرُّؤیا: خواب کی تعبیر پوچھنا۔
اَلْاِعْتِبَارُ: فرض و تقدیر۔
یقال امرٌ اعتباریٌّ فرضی بات۔
(۲) اہمیت و احترام۔
منه (قضاء میں) رَدُّ الاعتبار اعتبار کی بحالی (مو)
اَلْعَابِرُ: یقال: هو عَابِرُ سَبِیْلٍ وہ مسافر ہے وهم عَابِرُو سَبِیْلٍ و عُبَّارُ سَبِیْلٍ۔
اَلْعَابِرَةُ: یقال: کلمةٌ عَابِرَةٌ جو بے سوچے سمجھے یونہی کہہ دی گئی ہو۔
بضاعة عابرة گزرتا ہوا سامان جو ایک شہر سے دوسرے شہر میں جا رہا ہو۔
اَلْعِبَارَةُ. وہ کلام جس میں اظہار مافی الضمیر ہو۔
یقال: هذا الکلام عبارةٌ عن کذا یعنی اس کا مطلب فلاں ہے۔
العِبْرُ من النهرِ نہر کا کنارہ۔
-من المجالسِ بھری ہوئی مجلس۔

يقال مجلس عَبِرٌ۔
العَبِرُ بہت زیادہ چیز عام طور پر اس کا اطلاق لوگوں کی جماعت پر ہوتا ہے۔
(۲) تیز بادل (۳) عقاب۔
يقال اَرَى فلانٌ فلاناً عُبُرَ عينه. فلاں نے فلاں کو اپنے رونے کا سبب بتایا۔
العُبُرُ يقال رجلٌ عُبُر اسفارٍ سفر کا عادی۔ متحمل۔ و جَمَلٌ عُبُرُ اسفارٍ
(مذکر، مؤنث، واحد اور جمع سب کے لئے)
هُوَ عَبْرٌ لكلِّ عَمَلٍ وہ ہر عمل کی صلاحیت رکھتا ہے۔
العِبْرَانِيُّ یہود کی زبان (۲) ایک یہودی مرد۔
العِبْرَانِيَّةُ یہود کی زبان (۲) ایک یہودی عورت۔
العَبْرَةُ آنسو۔
ضرب المثل ہے لك ما اَبكي ولا عَبْرَة بي میرا رونا تیری وجہ سے ہے ورنہ مجھے کوئی غم نہیں۔ ایسے شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو اپنے بھائی کے معاملات سے غایت درجہ کی دلچسپی رکھتا ہو اور اس کے لئے ایثار کرتا ہو (ج) عِبَرٌ۔
العِبْرَةُ نصیحت حاصل کرنا۔ ماضی سے حاصل کیا ہوا سبق (۲) تعجب (ج) عِبَرٌ۔
العِبْرِيُّ العِبْرَانِيُّ۔
العُبْرِيُّ دریا کے کنارے اگنے والی گھاس (غیر قیاسی نسبت)
العِبْرِيَّةُ العِبْرَانِيَّةُ۔
العَبُورُ من الغنم بکری کا ایک سال کا بچہ
الشِّعرى العبور جوزاء کے مقابل دو ستاروں میں سے ایک ستارہ جبکہ دوسرے کو الشِّعرى الغُمَيْصاء کہتے ہیں۔
العَبِيرُ مرکب خوشبو۔
قَوْمٌ عَبِيرٌ بہت زیادہ لوگ۔
المَعَابِيرُ کشتی کی وہ لکڑی جس کے ساتھ لنگر باندھا جاتا ہے۔
المِعْبَرُ نہر عبور کرنے کا ذریعہ جیسے پل یا کشتی (ج) مَعَابِرُ۔
المِعْبَرَةُ نہر عبور کرنے کی کشتی (ج) المَعَابِرُ۔
عَبَسَ فلانٌ ـِ عَبْسًا و عُبُوسًا دونوں آنکھوں کے درمیان اور پیشانی کی کھال کو جمع کرنا۔ چیں بہ جبیں ہونا۔
-اليومُ دن کا سخت ہونا۔
هو عابسٌ و عَبَّاسٌ و عَبُوسٌ۔
عَبِسَ ـَ عَبَسًا میلا ہونا۔
يقال عَبِسَ فلانٌ عَبِسَ الثَّوبُ
يقال عَبِسَ الوَسَخُ عليه و فيه میل جمنا (خشک ہو کر)
-الإبلُ اونٹوں کا بول و براز میں لتھڑی ہوئی دموں والا ہونا۔
حدیث میں ہے۔ (انه نظر الى نَعَم بني المطلق وقد عَبِسَتْ في اَبوالها و اَبعارها۔
عَبَّسَ عَبَسَ۔
تَعَبَّسَ عَبَسَ۔
العَبَّاسُ وہ شیر جس سے دوسرے شیر بھاگتے ہوں۔
العَبَسُ ایک قسم کی گھاس (جسے مصر میں برنوف کہا جاتا ہے)
العَبَسُ پیشاب اور مینگنیاں وغیرہ جو اونٹ کی دم پر لگ کر خشک ہو گئی ہوں۔
عَبَطَ الثَّوبُ ـِ عَبْطًا پھٹنا۔
-الذَّبِيحَةَ صحت مند جانور کو ذبح کرنا جبکہ وہ موٹا تازہ ہو۔
يقال عَبَطَهُ المَوْتُ کسی کی موت کا جوانی تندرستی کی حالت میں آنا۔
-الثوبَ صحیح کپڑے کو پھاڑنا۔
-الارضَ ایسی جگہ گڑھا کھودنا جہاں پہلے نہ کھودا گیا ہو۔
-الريحُ وجه الارض۔ ہوا کا سطح زمین کی مٹی اڑانا۔
-التُّرابَ مٹی اڑانا۔
-النباتُ الارضَ زمین کو پھاڑنا۔
-فلانٌ نَفْسَه و بها في الحرب اپنی مرضی سے جنگ میں کودنا۔
-الفرسَ دوڑا کر پسینہ نکال دینا۔
-الضَّرْعَ تھن کو خون آلودہ کرنا۔
-الكذبَ عليه کسی کے متعلق جھوٹ گھڑنا۔
-فلاناً عیب نکالنا۔ هو مَعْبُوطٌ۔
اَعْبَطَهُ المَوتُ عَبَطَهُ۔
اعْتَبَطَ بغیر کسی وجہ کے مرجانا۔
العَابِطُ جھوٹا۔
العَبْطَةُ يقال مات عَبْطَةً بغیر کسی بیماری کے تندرست حالت میں جوانی میں مرجانا۔
العَبِيطُ يقال لَحْمٌ عَبِيطٌ کچا تازہ گوشت۔
دَمٌ عَبِيطٌ تازہ خون۔
زَعْفَرانٌ عَبِيطٌ تازہ خالص زعفران۔
رجلٌ عَبِيطٌ ناپختہ عقل آدمی (محدثہ)
(ج) عُبُطٌ و عِبَاطٌ۔
العَبَاطَةُ ناپختگی، نادانی (محدثہ)
عَبِقَ به الشيءُ ـَ عَبَقًا و عَبَاقَةً چمٹنا، لگنا۔
يقال عَبِقَ به الطِّيبُ خوشبو لگنا اور اس کی خوشبو کا ظاہر ہونا۔
عَبِقَ الشيءُ بقَلْبِي دل میں چمٹنا۔
عَبِقَ بالمكان قیام کرنا۔
-بالشيءِ دل دار ہونا۔ هو عَبِقٌ۔
عَبَّقَ رائحةَ الطِّيبِ خوشبو مہکانا۔
تَعَبَّقَ خوشبو لگانا۔
العَبَاقِيَةُ چالاک، مکار (۲) دلیر چور۔
العَبِقُ يقال رَجُلٌ عَبِقٌ لَبِقٌ ذہین شخص
العَبِقَةُ يقال امراةٌ عَبِقَةٌ لَبِقَةٌ ایسی خاتون جس سے ہر لباس اور خوشبو کا جوڑ لگ جاتا ہو۔
العَبَقَةُ باقی ماندہ۔
يقال مافي الأناءِ عَبَقَةٌ من سَمْنٍ برتن میں ذرا سا بھی گھی نہیں۔
ما بَقِيَتْ لَهُمْ عَبَقَةٌ ان کے مال میں سے کچھ بھی نہیں بچا۔
عَبْقَرَ السَّرابُ سراب چمکنا۔
عَبْقَرُ اہل عرب کے خیال کے مطابق جنات کا مسکن۔ پھر ہر غیر معمولی اور قابل تعجب

مہارت و صلاحیت کو اس کی طرف منسوب کرنے لگے۔
العَبْقَرُ بانس وغیرہ کی کونپل جو ابھی زمین سے باہر نکلی ہو۔
واحد عَبْقَرَةٌ۔
(۲) بھرے ہوئے جسم کی خوبصورت عورت۔
العَبْقَرَةُ من النساء العَبْقَرُ۔
العَبْقَرِيُّ: عَبْقَر کی طرف منسوب۔
حیرت انگیز باکمال و بے مثال آدمی یا چیز۔
یقال رجل عبقري ثوب عَبْقَرِيٌّ
حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شان میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث مبارکہ میں ہے جس میں انہیں خواب میں کنویں میں سے پانی نکالتے ہوئی دیکھا۔
فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِيًّا يَفْرِي فَرِيَّهُ: ایک روایت میں "فَرِيَه" تخفیف کے ساتھ ہے۔
(۲) سردار (۳) بڑا (۴) ریشم۔
(۵) دبیز غالیچے۔ قرآن حکیم میں ہے: ﴿مُتَّكِئِينَ عَلَى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ﴾
العَبْقَرِيَّةُ: غیر معمولی خصوصیت' یہ مصدر صناعی ہے۔
عَبَلَ بهِ ـِ عَبْلاً: لے جانا۔
-الشَّجَرَ پتے گرانا۔
-الشيَ لوٹانا (۲) روکنا۔
یقال: مَا عَبَلَكَ عَنَّا ہمارے پاس آنے سے تمہیں کیا مانع پیش آیا (۲) کاٹنا۔
یقال عَبَلَتْهُ عَبُولٌ اسے موت آ گئی۔
عَبِلَ ـَ عَبَلاً موٹا اور سفید ہونا۔
هو عَبِلٌ جیسی
عَبُلَ ـُ عَبَالَةً عَبِلَ هو عَبْلٌ۔
اَعْبَلَ عَبِلَ۔
- الشجرُ: درخت کا چھٹے ہوئے پتوں والا ہونا۔
الأَعْبَلُ سفید پہاڑ۔
یقال حجرٌ اَعْبَلُ. سفید پتھر جس میں سرخی اور سیاہی بھی ہوتی ہے۔

العَابِلُ من الغِلْمَانِ موٹا (ج) عُبُلٌ
العَبَالُ پہاڑی گلاب۔
العَبَالَةُ: یقال: اَلْقَى عَلَيْهِ عَبَالَتَه اس نے اس پر اپنا بوجھ لاد دیا۔
العُبَالَةُ. العَبَالَةُ۔
العَبْلُ ضخیم چیز۔
یقال هو عَبْلُ الذِّرَاعَيْنِ موٹے بازوؤں والا۔
فَرَسٌ عَبْلُ الشَّوَى موٹے اور بھاری پاؤں والا گھوڑا۔
یقال: اِمْرَأَةٌ عَبْلَةٌ. کامل الخلقت عورت (ج) عِبَالٌ۔
العَبْلُ. ہر چھٹا ہوا پتا جو پھیلا ہوا نہ ہو جیسے جھاؤ کے درخت کا پتا۔
یقال: جَاءَ بِعَبَلِهِ وہ خود کو سنوارے بغ... اصل میں اس درخت کو کہتے ہیں کہ جس ... وغیرہ چھال اُتار کر صاف نہ کئے ... ہوں (محدثہ)
العَبْلاءُ چٹان (۲) سخت اور سفید چٹان۔
عَبُولٌ اسم علم برائے موت۔
امرأةٌ عَبُولٌ وہ عورت جس کے بچے مر جاتے ہوں۔
المِعْبَلَةُ: تیر کا لمبا چوڑا سرا یا نوک۔
(ج) مَعَابِلُ۔
العُبَاهِرُ: عظیم یا ہر لمبی نازک چیز۔
العَبْهَرُ العُبَاهِرُ۔
(۲) چنبیلی (۳) نرگس (۴) بھرے ہوئے جسم والا۔ھی عَبْهَرٌ و عَبْهَرَةٌ۔
العَبْهَرَةُ من النساءِ حسین و خوش خلق عورت۔
عَبَا فلانٌ ـُ عَبْوًا روشن چہرے والا ہونا۔
-المتاعَ والجيشَ و نحوهما: تیار کرنا۔
العَابِيَةُ حسین عورت (۲) ہار بنانے والی عورت۔
العَبَايَةُ عباء چوغہ۔
عُبْوَةُ الشيِ کسی چیز کو بھر دینے والی مقدار۔
یقال عبوة هذه القارورة مائة جرام اس شیشی میں سو گرام کی مقدار آتی ہے۔
عُبْوَةُ کیس القطن قنطارٌ (محدثہ)

ع ت

عَتَبَ عليه ـُ عَتْبًا و عِتَابًا و تَعْتَابًا مَعْتَبًا و مَعْتِبَةً ملامت کرنا' کسی سے تعلق یا کسی پر ... کرتے ہوئے اس لئے اظہار ناگواری ... تا کہ وہ اپنے اس فعل کی اصلاح کر ... جو باعث ناگواری ہو۔
-فلانٌ عَتْبًا و عَتَبَانًا و تَعْ... ایک پیر اٹھا کر دوسرے پر کودنا۔
-مقطوع الرِّجل ... تی پر چلنا۔
یقال عَتَ... حوہ اونٹ وغیرہ کا ... جیسے کودر ہا ہو۔
... کا لگاتار چمکنا۔
-الباب عَتْبًا دروازہ کی دہلیز پر پاؤں رکھنا۔
-یقال ما عَتَبْتُ بابَ فلانٍ میں نے فلاں کے دروازے پر قدم نہیں رکھا۔
من مكان الى مكان ـ عَتْبًا منتقل ہونا۔
یقال عتب مِنْ قَوْلٍ إِلَى قَوْلٍ ایک بات سے دوسری بات پر چلے جانا۔
أَعْتَبَهُ کسی کو ملامت کرنے کے بعد خوش کرنا۔
ضرب المثل ہے: مَا مُسِيءٌ من أَعْتَبَ ناراضگی کے بعد راضی ہو جانے والا غلط کار نہیں۔
-عن الشيِ پھر جانا۔
عَاتَبَهُ مُعَاتَبَةً و عِتَابًا کسی پر عتاب کرنا۔
عَتَّبَ فلانٌ دیر کرنا۔
یقال ما عَتَّبَ أن فعل كذا اس نے بغیر تاخیر ایسا کیا۔
-عتبةً دہلیز بنانا۔
یقال عَتَّبَ البابَ۔
تَعَاتَبُوا باہم ملامت کرنا۔
تَعَتَّبَ القوم تَعَاتَبُوا۔
-علیه کسی کو مجرم ٹھہرانا۔
-الباب دروازے کو دہلیز لگانا۔
یقال فلانٌ لا يُتَعَتَّبُ بشيٍ فلاں کو کوئی الزام نہیں لگایا جاتا۔

اِعْتَتَبَ عن الشیئ پھر جانا۔
- الطریقَ. آسان راستہ چھوڑ کر مشکل راستہ اختیار کرنا۔
-فلاناً من نفسہ: اپنی حسن تدبیر سے کسی سے ہونے والی غلطی کا ادراک کر لینا۔
اِسْتَعْتَبَ فلانٌ: راضی کرنا (۲) رضا مندی چاہنا۔
الْاُعْتُوبَۃُ: سبب ملامت (ج) اَعَاتِیْبُ
العَتِبُ: بہت عتاب کرنے والا۔
اَلعَتَبُ: سختی' تکلیف دہ بات۔
(۲) کمی' فساد' خرابی۔
یقال: مافی مودَّتِہٖ عَتَبٌ: اس کی محبت میں کوئی کمی نہیں۔
(۳) انگشت شہادت اور درمیانی انگلی کا درمیانی حصہ یا درمیانی انگلی اور اس کے ساتھ متصل چھوٹی انگلی کا درمیان۔
(۴) دو پہاڑوں کا درمیان۔
(۵) سارنگی پر لگی ہوئی چوبیں جہاں سے تانت سارنگی کے کناروں تک لے جائے جاتے ہیں۔
اَلعُتْبٰی: رضامندی۔
یقال: یُعَاتَبُ من تُرْجٰی عندہ العُتْبٰی: اسی کو عتاب کیا جاتا ہے جس سے غلطی اور برائی سے پھرنے کی اُمید ہو۔
اَلعَتَبَۃُ دروازے کی دہلیز جس پر پاؤں رکھے جاتے ہیں (۲) اوپر کی لکڑی۔
(۳) ہر قسم کی سیڑھی (ج) عَتَبٌ۔
(۴) سختی (۵) (علم ہندسہ میں) وہ جسم جو دو یا دو سے زائد ستونوں پر رکھا ہوا ہو۔
اَلعَتُوْبُ وہ شخص جس پر عتاب کا کوئی اثر نہ ہو۔
عَتَّ فلاناً ۔ عَتًّا: کسی سے کوئی بات بار بار کہنا۔
یقال عَتَّہٗ بالمَسْاَلَۃِ کسی سے مانگنے میں اصرار کرنا۔
-فلاناً بالکلام کسی بات سے جھڑکنا۔
عَتَّ کلامہٗ ۔ عَتًّا ترش و سخت ہونا۔

هو اَعَتُّ والکلمۃُ عَتّاءُ: (ج) عُتٌّ
عَاتَّہٗ مُعَاتَّۃً و عِتَاتًا: بار بار کلام کرنا' جھگڑا کرنا۔
حدیث حسن رضی اللہ عنہ میں ہے: (اَنَّ رَجُلاً حَلَفَ اَیْمَانًا فجعلوا یُعَاتُّوْنَہٗ فقال: عَلَیْہِ کَفَّارَۃٌ)۔
تَعَتَّتَ فی کلامِہٖ: اپنی بات میں تردد کرنا' اس کو جاری نہ رکھنا۔
عَتُدَ الشیئُ ۔ عَتَادًا' عتادۃ: تیار ہونا' موجود ہونا (۲) بھاری بھرکم ہونا۔
اَعْتَدَ الشیئَ: تیار کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّکَاً﴾
تَعَتَّدَ فی صنعتِہٖ: اپنے کلام میں پختگی پیدا کرنا۔
اَلعَتَادُ: تیار کیا ہوا سامان۔
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت والی حدیث میں ہے: لِکُلِّ حَالٍ عِنْدَہٗ عَتَادٌ۔
یقال: عَتَادُ الحَرْبِ: سامان جنگ' اسلحہ گھوڑے وغیرہ (ج) اَعْتُدٌ و اَعْتِدَۃٌ و عُتُدٌ۔
حدیث میں ہے: (اِنَّ خَالِدًا اجعل رقیقہ و اَعْتُدَہٗ حُبْسًا فی سبیل اللہ)
اَلعَتِدُ: تیار' مہیا۔
یقال فرسٌ عَتِدٌ دوڑ کے لئے تیار گھوڑے (مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے)
اَلعَتُوْدُ مِن اَوْلَادِ المِعْزٰی: بکری کا ایک سالہ قوی بچہ (ج) اَعْتِدَۃٌ۔
اَلعَتِیْدُ حاضر' تیار۔
قرآن حکیم میں ہے۔ ﴿مَا یَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَیْہِ رَقِیْبٌ عَتِیْدٌ﴾ یعنی موجود۔
اَلعَتِیْدَۃُ. عتید کی مؤنث (۲) وہ بکس جس میں عورت خوشبو' عطریات اور کنگھا وغیرہ رکھتی ہے (ج) عَتَائِدُ۔
عَتَرَ الرُّمْحُ ۔ عَتْرًا' عَتَرَانًا: نیزے کا لچکنا۔
اَلعَتَّارُ: بہت لچکنے والا (۲) بہادر (۳) ویران کمر دری جگہ۔

العِتْرُ: اصل' ضرب المثل ہے:
عَادَتْ لِعِتْرِهَا لمیسُ. لمیس اپنی اصل پر لوٹ آئی۔ اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو اپنی بری عادت کو چھوڑ کر دوبارہ اختیار کر لے (۲) بیلچہ کا دستہ (۳) ایک بوٹی جو بطور دواء استعمال ہوتی ہے جو کہ فصیلۃ جارونیقے ہے۔
العِتْرَۃُ: بڑا کنبہ جس سے بہت سے قبیلے نکلتے ہوں (۲) آدمی کی نسل' قبیلہ' خاندان۔
عِتْرَۃُ المِسْحَاۃِ: بیلچہ کا قبضہ۔
عِتْرَۃُ الثَّغْرِ: دانتوں کی نوکوں کا پتلا پن اور صفائی۔
العَتِیْرَۃُ وہ ذبیحہ جسے زمانہ جاہلیت میں معبودان باطلہ کے لئے ذبح کیا جاتا تھا (ج) عَتَائِرُ۔
المُعْتَرُّ من الرجال: مضبوط اور پر گوشت آدمی۔
عَتْرَسَ فی الامرِ: کسی معاملہ میں بے مروتی اور تشدد سے کام لینا۔
-فلاناً ظلم و جبر کرنا۔
اَلعِتْرِیْسُ: غضبناک جابر۔
عَتَقَ الشیئُ ۔ عَتْقًا: پرانا ہونا۔
هو عَاتِقٌ و عَتِیْقٌ۔
(۲) انتہاء کو پہنچنا۔
-المالَ: مال کا ٹھیک ہونا۔
-الیمینُ قسم کا واجب ہونا۔
یقال. عَتَقَتْ علیہ یَمِیْنٌ۔
-العبدُ عَتْقًا و عَتَاقًا و عَتَاقَۃً. غلامی سے نکلنا۔ هو عَاتِقٌ و عَتِیْقٌ (ج) عُتَقَاءُ هی عَتِیْقٌ و عتیقۃٌ (ج) عَتَائِقُ
-الفرسُ عِتْقًا عمدہ و تیز رفتار ہونا۔
-المالَ. مال کو ٹھیک کرنا۔
-فلاناً بفمہٖ. کسی کو دانتوں سے کاٹنا۔
عَتُقَ ۔ عِتْقًا و عَتَاقَۃً. پرانا ہونا۔
(۲) عمدہ ہونا۔ هو عَتِیْقٌ هی عَتِیْقَۃٌ و عَتِیْقٌ
اَعْتَقَ العبدَ غلام آزاد کرنا۔
هو مُعْتَقٌ۔

-المالَ: مال کو ٹھیک کرنا۔
عَتَّقَ الخمرَ: شراب کو پرانا اور عمدہ بنانے کے لئے چھوڑنا۔ھی مُعَتَّقَة۔
العاتِقُ: مونڈھے اور گردن کے درمیان کا حصہ (۲) پرانی شراب (۳) پرندہ کا بچہ جبکہ اس کے پیلے پر گر کے مضبوط پر اُگ آئے ہوں (ج) عَوَاتِقُ و عُتُق۔
العِتْقُ: خاندانی شرافت۔
العَتِيقُ: پرانا (۲) شریف۔
ثوبٌ عتيقٌ: مضبوط عمدہ بناوٹ کا کپڑا۔
البيت العتيق: خانہ کعبہ۔
(ج) عُتُقٌ و عِتاقٌ۔
العِتاقُ مِنَ الطَّيْرِ: شکاری پرندے۔
و من الخيلِ: اصلی وعمدہ نسل گھوڑے۔
عَتَكَ في القتالِ ـِ عَتْكًا و عُتُوكًا: حملہ کرنا۔
-في الارضِ: تنہا جانا۔
-عليه يضرِبُ به: بھرپور حملہ کرنا۔
-على يمينٍ فاجرةٍ: جھوٹی قسم کھانا۔
-المرأةُ على زوجها او أبيها: خاوند یا باپ کی نافرمانی کرنا۔
-عليه بخيرٍ اَوْ شرٍّ: کسی کے ساتھ برائی یا بھلائی کے ساتھ پیش آنا۔
- القومُ الى موضعِ كذا: کسی جگہ کا رخ کرنا، مائل ہونا۔
- اللَّبنُ او النَّبِيذُ: دودھ یا نبیذ کی ترشی سخت ہونا۔
-بفلانٍ: لازم پکڑنا۔
-الطِّيبُ به: خوشبو لگنا۔
-يَدَهُ عَتْكًا: ہاتھ کو سینہ پر موڑ کے رکھنا۔
اَلْعَاتِكُ: شریف (۲) خالص چیز اور رنگ۔
يقال اَحْمَرُ عاتكٌ: گہرا سرخ۔
(۳) ضدی۔
اَلْعَاتِكَةُ: عاتك کی مؤنث (۲) وہ عورت جس کی جلد کی سطح بہت زیادہ خوشبو لگانے کی وجہ سے سرخ ہو جائے (ج) عَوَاتِكُ
اَلْعَتِيكُ من الايام: انتہائی گرم دن۔

عَتَلَه ـِ عَتْلًا: زور سے کھینچنا، گھسیٹ کر اُٹھانا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَاءِ الْجَحِيْمِ﴾
يقال عَتَله الى السِّجْنِ: قید خانہ میں ڈالنا۔
عَتَلَ الى الشَّرِّ ـَ عَتَلًا: جلدی کرنا۔
هُوَ عَتِلٌ۔
اِنْعَتَلَ: لازم عتله۔
يقال: لَا اَنْعَتِلُ مَعَكَ: میں اپنی جگہ سے نہیں ہلوں گا۔
تَعَتَّلَ يقال: لَا اَتَعَتَّلُ مَعَكَ: لَا اَنْعَتِلُ۔
العَتَّالُ: مزدوری لے کر سامان اُٹھانے والا، قلی۔
اَلْعَتَلَةُ: لوہے کی ایک سلاخ جس کا سر چوڑا ہوتا ہے اور اس کے ذریعے دیوار وغیرہ گرائی جاتی ہے اور درخت اور پتھر وغیرہ اکھاڑے جاتے ہیں (کدال) (ج) عَتَلٌ۔
اَلْعُتُلُّ: ہر سخت چیز۔
يقال: رجلٌ عُتُلٌّ: روکھا مزاج شخص۔
جَبَلٌ عُتُلٌّ: سخت پہاڑ۔
اَلْعَتِيلُ: مزدور (۲) نوکر۔
(ج) عُتُلٌ و عُتَلاءُ۔
داءٌ عَتِيلٌ: سخت بیماری۔
المِعْتَلُ: کھینچنے میں طاقتور۔
عَتَمَ ـِ عَتْمًا: دیر ہونا، تاخیر ہونا۔
يقال: عَتَمَتْ حاجته: اس کے کام میں دیر ہو گئی۔
عَتَمَ عن الشيءِ: کسی کام کو شروع کر کے رک جانا۔
-اللَّيْلُ: رات کا ایک حصہ گزر جانا۔
- فلانٌ قِرىٰ ضيفه: مہمان کی ضیافت میں تاخیر کرنا۔
اَعْتَمَ اللَّيْلُ عَتَمَ۔
- الرَّجُلُ: تاریکی یا ابتدائے شب میں داخل ہونا یا اس میں کوئی کام کرنا۔
-الشيءُ: دیر ہونا، تاخیر ہونا۔
-عنه: کام کو شروع کر کے رک جانا۔

-الشيءَ: دیر کرنا، تاخیر کرنا۔
عَتَّمَ: تاریکی یا ابتدائے شب میں داخل ہونا یا کام کرنا۔
-عنه: کام شروع کر کے رک جانا۔
يقال: حَمَلَ عليه فما عَتَّمَ: اس نے اس پر بھرپور حملہ کیا، کوئی سستی نہیں دکھائی۔
يقال: مَا عَتَّمَ اَنْ فعل كذا: اس نے بلا توقف یہ کام کیا۔
-الشيءَ: دیر کرنا، تاخیر کرنا۔
اِسْتَعْتَمَه: کسی سے دیر کرانا، یا سست پانا۔
اَلْعَاتِمُ: يقال: اَتَانَا ضَيْفٌ عَاتِمٌ: ہمارے پاس دیر کر کے مہمان آیا۔
قِرىً عاتِمٌ: دیر سے لایا جانے والا کھانا۔
العُتْمُ: زیتون کی جنس سے فصیلہ زیتونیہ کا ایک خشکی کا درخت۔ جو کہ شام کے شمالی علاقے لُکام کے پہاڑوں پر اُگتا ہے۔ اس کے پھل کو الزَّغْبَج کہتے ہیں۔
عَتَمَةُ اللَّيْلِ: شفق کے نور کے زائل ہونے کے بعد رات کی ابتدائی تاریکی۔
عَتِهَ ـَ عَتَهًا و عَتَاهًا و عَتَاهَةً: جنون طاری ہوئے بغیر عقل کا کم ہو جانا۔
عُتِهَ عُتَاهًا و عَتَاهَةً و عَتَاهِيَةً۔هو مَعْتُوهٌ
-في الشيءِ: دلدادہ اور حریص ہونا۔
يقال عُتِهَ في العلم۔
عُتِهَ فلانٌ في فلانٍ: کسی کی نقل اتارنے اور اذیت پہنچانے سے دلچسپی رکھنا۔ هو عَاتِهٌ و عَتِيهٌ۔
دونوں کی جمع عُتَهَاءُ۔
تَعَتَّهَ عَتِهَ۔
-في كذا: کسی چیز میں مبالغہ کرنا۔
يقال تَعَتَّهَ في المآكلِ المَلابسِ۔
-عنه: کسی سے انجان بننا، تغافل برتنا۔
العَتَاهُ الشَّلَلِيّ: ایک دماغی بیماری جس میں ضعف عقل اور بولنے میں ارتعاشی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے (مج)
والعَتَاهُ الْبَاكِرُ: سن بلوغ کے قریب لاحق ہونے والی ضعف عقل کی بیماری (مج)

اَلْعَتَاهَةُ گمراہ لوگ۔
اَلْعَتَاهِيَةُ اَلْعَتَاهَةُ (۲) بیوقوف۔
اَلْعُتَاهِيَةُ بیوقوف۔
اَلْمُعَتَّهُ رجلٌ مُعَتَّهٌ ناقص العقل ناسمجھ شخص۔
عَتَا ـُ عُتُوًّا و عُتِيًّا حد سے بڑھنا تکبر کرنا۔
هو عَاتٍ (ج) عُتَاةٌ و عُتِيٌّ۔
يقالُ عَتَتِ الرِيحُ ہوا کا انتہائی تیز ہو جانا۔
- الشيُ ختم ہونا۔
يقال عَتَا الشيخُ بوڑھا ہو کر وفات پا جانا۔
قرآن حکیم میں ہے ﴿ وَقَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا ﴾
تَعَتّى نافرمانی کرنا۔
اَلْعَاتِي زبردست۔
(ج) عُتَاةٌ و عُتِيٌّ۔
ليلٌ عَاتٍ سخت تاریک رات۔

ع ... ث

عَثَّتِ الْعُثَّةُ الصُّوفَ ـُ عَثًّا کیڑے کا اون کو کھانا۔
-الحيَّةُ فلانًا سانپ کا ڈسنا۔
عَاثَّ في الغناءِ مُعَاثَّةً و عِثَاثًا گانے میں آواز اٹھانا سر نکالنا۔
عَثَّثَ في غِنَائِهِ عَاثَّ۔
اِعْتَنَّهُ عِرقُ سَوءٍ بداصلی کا کسی کو بھلائی سے روکنا۔
اَلْعَثَّاءُ سانپ۔
اَلْعُثَّةُ ایک کیڑا جو چمڑے، اون، لباس اور چٹائی وغیرہ کو چٹتا ہے (ج) عُثٌّ و عُثَثٌ و عِثَاثٌ۔
اَلْعُثَيْثَةُ عُثَّة کی تصغیر۔
ضرب المثل ہے
عُثَيْثَةٌ تَقرِمُ جلدًا أملَسًا۔
چھوٹا سا کیڑا چکنی کھال کو چاٹ رہا ہے۔ اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو کسی چیز کے درپے ہو جبکہ وہ اس کی قدرت سے باہر ہو یا کسی صوم وقت آدمی میں عیب نکالے۔
عَثَرَ ـُ عَثْرًا و عِثَارًا ٹھوکر کھا کر پھسلنا۔
ضرب المثل ہے مَنْ سَلَكَ الْجَدَدَ أَمِنَ

الْعِثارَ جو ہموار جگہ پر چلتا ہے وہ ٹھوکر سے محفوظ رہتا ہے۔
يقال: عَثَرَ في ثوبِهِ اپنے کپڑے میں الجھ کر گرنا۔
عَثَرَ بِهِ فَرَسُهُ گھوڑے کا کسی کو لئے ہوئے ٹھوکر کھانا۔
عَثَرَ جَدُّهُ بدنصیب ہونا۔
عَثَرَ بِهِ الزَّمَانُ زمانہ کا ناسازگار ہونا۔
-على الشئِ عَثْرًا و عُثُورًا مطلع ہونا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿فَإِنْ عُثِرَ عَلَى أَنَّهُمَا اسْتَحَقَّا إِثْمًا﴾
أَعْثَرَ بِهِ عند السلطان: سلطان سے کسی کی برائی کرنا۔
-فلانًا ٹھوکر لگوانا۔
يقال أَعْثَرَهُ الله بدنصیب بنانا۔
-على الامرِ مطلع کرنا۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿ وَكَذَلِكَ أَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ ﴾ ہم نے ان کے بارے میں مطلع کیا۔
عَثَّرَهُ ٹھوکر لگوانا پھسلانا۔
تَعَثَّرَ لازم عَثَّرَهُ۔
يقال تَعَثَّرَ حَظُّهُ قسمت خراب ہونا۔
تَعَثَّرَ لِسَانُهُ زبان لڑکھڑانا۔
اَلْعَاثِرُ شکاری کا جال (ج) عَوَاثِرُ۔
اَلْعَاثُورُ سبب لغزش۔
(۲) شیر وغیرہ کے لئے کھودا جانے والا گڑھا تا کہ وہ اس میں گر پڑے۔
(۳) ہلاکت گاہ۔
يقال وَقَعَ في عاثورٍ وہ ہلاکت میں پڑ گیا۔
بَقِيتُ منه عاثورًا مجھے اس کی وجہ سے مصیبت کا سامنا کرنا پڑا (ج) عَوَاثِيرُ۔
العِثَارُ مصیبت، فتنہ (۲) جس چیز سے ٹھوکر لگے یا پاؤں پھسلے۔
اَلْعَثَرُ بارش سے سیراب ہونے والا درخت اور کھیتی۔
اَلْعَثْرَةُ لغزش۔
اَلْعَثَرِيُّ اَلْعَثَرُ (۲) ایسا شخص جو نہ طلب دنیا کے لئے کوشش کرے نہ آخرت کے لئے۔

حدیث میں ہے: (أَبْغَضُ النَّاسِ الى اللهِ الْعَثَرِيُّ)
يقال جَاءَ عَثَرِيًّا وہ بیکار آیا۔
اَلْعَثُورُ بہت ٹھوکریں کھانے والا۔
يقال: جَدٌّ عَثُورٌ بہت برا نصیب۔
اَلْعِثْيَرَةُ غبار (۲) مکا نشان۔
اَلْعِثْيَرَةُ غبار۔ العِثْيَرَةُ۔
عَثَلَتْ يَدُهُ ـُ عَثْلًا ٹوٹے ہوئے ہاتھ کا غلط جڑنا۔
عَثِلَ ـَ عَثَلًا بہت ہونا۔
(۲) ضخیم و جسیم ہونا۔ هو عَثِلٌ۔
اَلْعُثْوُلُ کھجور کا تخت اور خشک درخت۔
اَلْعُثْوُلِيَّةُ لِحيَةٌ عُثْوُلِيَّةٌ گھنی داڑھی۔
عَثَمَ الْعَظْمُ ـِ عَثْمًا ہڈی کا ناہموار جڑنا۔
-الجُرْحُ زخم پر بغیر بھرے چھلکا آ جانا۔
-العَظْمَ عَثْمًا: ناہموار ہڈی کو جوڑنا۔
-القِربةَ و نحوها مشکیزہ کی کچی سلائی کرنا۔
عَثِمَ العَظْمُ ـَ عَثَمًا: عَثَمَ هو عَثِمٌ
أَعْثَمَ القِربةَ: عَثَمَهَا۔
عَثَّمَ الْعَظْمَ عَثَمَهُ۔
اِعْتَثَمَ بِهِ مدد طلب کرنا فائدہ اٹھانا۔
-بِيَدِهِ ہاتھ کو جھکانا۔
-القِربةَ عَثَمَهَا۔
اَلْعَاثِمُ ٹوٹی ہوئی ہڈی جوڑنے والا (ج) عُثَّمٌ۔
اَلْعُثْمَانُ اژدہا کا بچہ۔
(۲) سرخاب کا بچہ۔
أَبُو عُثْمَانَ کالے بڑے سانپ کی کنیت
اَلْعَيْثَمُ لمبا جسیم۔
اَلْعَيْثُومُ بجو (۲) ہاتھی (مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے) (ج) عَيَاثِيمُ۔
عَثَنَتِ النارُ ـُ عَثْنًا و عُثُونًا آگ سے دھواں نکلنا۔
-فلانٌ في الجبلِ عَثْنًا پہاڑ پر چڑھنا۔
-الثَّوبَ بالطِّيبِ کپڑے کو خوشبودار چیز کی دھونی دینا تا کہ وہ مہک جائے۔
عَثِنَ الثَّوبُ ـَ عَثَنًا کپڑے کا دھونی سے

مہک جانا' ھو عَثِنٌ۔
عَثَنَتِ النَّارُ عَثَنَتْ۔
یقال عَثَنَ فلانٌ دھونی دینا۔
-الثَّوبَ کپڑے کو خوشبوؤں کی دھونی دینا۔
-الشیئَ ملانا۔
-فلانٌ علیھم بِالْفَسَادِ. لوگوں میں بگاڑ پیدا کرنا۔
اَلْعُثَانُ دھواں' اس کا اکثر استعمال خوشبودار چیزوں کے دھویں پر ہوتا ہے جبکہ گردوغبار پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے (ج) عَوَاثِنُ۔
اَلْعَثَنُ چھوٹا بت (۲) دھواں (ج) اَعْثَانٌ۔
اَلْعَثِنُ من الطعام دھوئیں کی بو والا کھانا۔
اَلْمُعَثَّنُ بڑی داڑھی والا۔
اَلْمَعْثُوْنُ من الطَّعام اَلْعَثِنُ۔
اَلْعُثْنُوْنُ تھوڑی پر نیچے کی طرف اگے ہوئے بال (۲) اونٹ اور بکرے کی تھوڑی کے نیچے کے بال۔
(۳) مرغ کی چونچ کے نیچے کے بال (ج) عَثَانِینُ۔
عَثَا - عَثْوًا و عُثُوًّا و عُثِیًّا: زبردست فساد انگیزی کرنا۔
عَثِیَ - عُثُوًّا و عُثِیًّا و عَثَیَانًا: عَثَا۔ قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ﴾
اَلْاَعْثٰی: بدنما اکھڑ اور بہت بالوں والا۔
(۲) گھنی داڑھی والا (ج) عُثْوٌ وَعُثْیٌ۔
اَلْعَثْوَۃُ درازلف (ج) وَعُثْیٌ۔

ع.........ج

عَجِبَ منه - عَجَبًا و عَجْبًا' عُجْبًا' تعجب کرنا قلیل الوقوع ہونے کی وجہ سے۔
اَعْجَبَهُ الامر. حیرت میں ڈالنا۔
-الشیئُ فلانًا کسی کو کوئی چیز انوکھی لگنا اور پسند آنا۔ ھُوَ مُعْجَبٌ والشیئُ مُعْجِبٌ
اُعْجِبَ به کوئی چیز انوکھی لگنا اور پسند آنا۔
اُعْجِبَ بِنَفْسِهِ تکبر کرنا۔
عَجَّبَهُ حیرت و تعجب میں ڈالنا۔
تَعَجَّبَ لازم عَجَّبَهُ۔
-منه عَجِبَ۔
-الشیئُ فلانًا کسی کو کوئی چیز پسند آنا۔ چیز کا اپنی طرف مائل کرنا۔
اِسْتَعْجَبَ سخت تعجب کرنا۔
اَلْاُعْجُوْبَةُ: جو تعجب میں ڈالے عجوبہ۔
(ج) اَعَاجِیبُ۔
التَّعَاجِیبُ اَلْاَعَاجِیبُ (اس کا کوئی مفرد نہیں)
التَّعَجُّبُ (علم نحو میں) کسی چیز کی ظاہری خصوصیت کو دیکھ کر بہت بڑا محسوس کرنا اور اس کے سبب کا مخفی ہونا۔
نحاۃ کے ہاں فعل تعجب کے دو صیغے ہیں:
مَا اَفْعَلَه و اَفْعِل بِه
جیسے. مَا اَحْسَنَه اور اَحْسِنْ بِه۔
اَلْعُجَابُ: تعجب کا باعث۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ عُجَابٌ﴾
عَجَبٌ عُجَابٌ بہت زیادہ حیرت انگیز (مبالغہ کے لئے استعمال ہوتا ہے)
اَلْعَجَبُ ایسی شان و شوکت جس کی وجہ سے انسان اس چیز کو معظم خیال کرے۔
یقال. هٰذَا اَمْرٌ عَجَبٌ: حیرت انگیز کام۔
هٰذِهٖ قِصَّةٌ عَجَبٌ: حیرت انگیز قصہ۔
عَجَبٌ عَاجِبٌ: بہت زیادہ حیرت انگیز (مبالغہ کے لئے)
اَلْعَجْبُ ہر چیز کی انتہا' پچھلا حصہ۔
(۲) دم کی جڑ۔
عَجْبُ الذَّنَبِ: دم کی جڑ کا آخری حصہ جو جڑ کے سرے کے پاس ہوتا ہے۔ (ج) عُجُوْبٌ و اَعْجَابٌ۔
العُجْبُ. خود پسندی' تکبر۔
العَجِیبُ باعث تعجب۔
یقال عَجَبٌ عَجِیبٌ. بہت زیادہ حیرت انگیز (مبالغہ کے لئے مستعمل ہے)
ھی عجیبةٌ (ج) عَجَائِبُ۔
عَجَّ - عَجًّا و عَجَّةً و عَجِیجًا آواز بلند کرنا' چیخنا۔
یقال عَجَّ الی الله بِالدُّعاءِ اللہ سے بآواز بلند دعا مانگی۔
عَجَّ بِالتَّلْبِیَةِ فی الحج بلند آواز سے تلبیہ پڑھنا۔
عَجَّ الماءُ پانی کا چلتے ہوئے آواز نکالنا۔
عَجَّتِ القَوْسُ کمان سے تیر کے چھٹنے کی آواز۔
-الرِّیحُ ہوا کا گرد اڑاتے ہوئے تیز چلنا۔
-الطریقُ راستہ کا لوگوں سے بھر جانا۔
ھُوَ عَاجٌّ و عَجَّاجٌ۔
یقال: عَجَّ ثَدْیا الجَارِیَةِ لڑکی کے پستانوں کا ابھرا ہوا ہونا۔
اَعَجَّتِ الرِّیحُ عَجَّتْ۔
یقال اَعَجَّ الیَوْمُ دن کا تیز ہوا اور گردوغبار والا ہونا۔
عَجَّجَ الغُبَارَ: گرد اڑانا۔
-البیتَ دُخَانًا. گھر کو دھوئیں سے بھر دینا۔
تَعَجَّجَ لازم عَجَّجَه۔
اَلْعَجَاجُ غبار (۲) دھواں (۳) چھوٹے درجے کے لوگ۔
واحد: اس کا عَجَاجَةٌ ہے۔
اَلْعَجَاجَةُ: یقال: لَفَّ عَجَاجَتَه عَلَیْهِمْ پل حملہ کرنا۔
لَبَّدَ عَجَاجَتَه اپنی کسی بات سے رک جانا۔
یقال: غَمَسَ اللُّقمةَ فی الإدامِ۔
- الیمینُ الکاذبةُ صاحبَها فی الاثمِ: جھوٹی قسم کا اپنے صاحب کو گناہ میں مبتلا کرنا۔
غَامَسَ: لڑائی یا خطرات میں اپنے آپ کو دھکیلنا۔
- فلاناً: کسی سے غوطہ خوری میں مقابلہ کرنا۔
- القومَ: لڑائی میں لوگوں کے ساتھ مل جانا۔
- الاَمرَ: کام میں لگ جانا۔
غَمَّسَ شُربَه: پینے میں کمی کرنا۔
اِغتَمَسَ فی الماءِ: غوطہ لگانا۔
اِنغَمَسَ فی الماءِ: غوطہ لگانا۔
تغامَسَ القومُ: ایک دوسرے کو پانی میں غوطہ دینا۔
الغَمّاسةُ: گوشت میں گھس کر آر پار ہو جانے والے نیزے کا وار۔
الغَمُوسُ: الیمینُ الغموسُ: جھوٹی قسم جو کھانے والے کو گناہ میں مبتلا کر دے۔
حدیث میں ہے (الیمین الغموس تَذَرُ الدِّیارَ بَلاقِعَ)
- من الاَمرِ: انتہائی سنگین اور سخت معاملہ۔
(۲) سالن کے طور پر استعمال کی جانے والی چیز (محدثہ)
(ج) غُمُسٌ۔
الغَمِیسُ من النبات: سوکھی گھاس میں چھپی ہوئی ہریالی۔
(۲) بانس وغیرہ کا جھنڈ جس میں چھپا جا سکے۔
(۳) درختوں کے جھنڈوں کے درمیان چھوٹی نالی۔
الغَمِیسةُ: بانس وغیرہ کا جھنڈ جس میں چھپ جا سکے۔
غَمَصَه ـِ غَمصًا: حقیر سمجھنا، کوئی حیثیت نہ دینا۔
یقال: غَمَصَ فلاناً۔
- النِعمةَ: نعمت کا شکر ادا نہ کرنا۔
- علیه قولاً قاله: کسی کی بات میں برائی پیدا کرنا۔
یقال: لَا تَغمِصْ عَلَیَّ میرے متعلق جھوٹ نہ بول۔
غَمِصَتِ العینُ ـَ غَمَصًا آنکھ کا کیچ والی ہونا۔
یقال: غَمِصَ فلانٌ۔
هو اَغمَصُ، هی غَمصاءُ۔
(ج) غُمصٌ۔
اغتَمَصَه: غَمَصَه۔
الغَمَصُ فی العینِ: آنکھ وغیرہ سے بہنے والی کیچ۔
المُتَغَمِّصُ یقال: فلان مُتَغَمِّصٌ من هذا الخبرِ: ایسی خبر سے خوش ہونے والا جس کے سچ نہ ہونے کا اندیشہ ہو۔
الغُمَیصَاءُ: برج جوزاء کے برابر دو روشن ستاروں میں سے ایک، دوسرے کو عبور کہتے ہیں۔
غَمَضَ المکانُ ـُ غُمُوضًا: جگہ کا اتنا نیچے ہونا کہ اس میں موجود کوئی چیز دکھائی نہ دے۔
- الشیءُ و الکلامُ: پوشیدہ ہونا۔
- الدارُ: شاہراہ سے دور ہونا۔
- عینُه: نیند آنا۔
یقال: مَا غَمَضتُ: میں نہیں سویا۔
- الخَلخَالُ فی الساقِ: پنڈلی میں موٹاپے کی وجہ سے پازیب کا گھس جانا۔
- الکعبُ: ٹخنے کا گوشت میں چھپ جانا۔
- فلانٌ فی الارضِ غَمضًا و غُمُوضًا: دور جا کر غائب ہو جانا۔ هو غامِضٌ۔
- عنه فی البیعِ او الشراءِ ـِ غَمضًا خرید و

فروخت میں نرمی برتنا۔
غَمُضَ المکانُ ـُ غَمَاضَةً و غُمُوْضَةً
غَمَضَ۔
-الشیُٔ والکلامُ غَمَضَ۔
اَغْمَضَتِ الفلاۃ علی الشُّخوص: جنگل میں کچھ دکھائی نہ دینا۔
-فلان فی السِّلْعَةِ: سامان خراب ہونے کی وجہ سے اس کی قیمت کم کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے ﴿ وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ اِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ ﴾ تم اس کو کمی کرائے بغیر نہیں لوگے۔
-فلان عن فلانٍ: خرید وفروخت میں کسی کے ساتھ رعایت کرنا۔
-عن الشیٔ: اعراض کرنا۔
-الرجلُ: جان بوجھ کر گناہ کرنا۔
-عینیہ: دونوں پلکیں ملانا، آنکھیں بند کرنا۔
یقال: مَا اَغْمَضْتُ: میں نہیں سویا۔
-عنہ طَرْفَہ: چشم پوشی کرنا۔
-العینُ فلاناً: حقارت کی نگاہ سے دیکھنا۔
-فلانٌ النَّظر: صحیح رائے دینا۔
-المیتَ: مردے کی آنکھیں بند کرنا۔
غَمَّضَ فلان: جان بوجھ کر گناہ کرنا۔
-علی ھذا الامر: کسی کام کی خرابی جانتے ہوئے اسے کرتے رہنا۔
-عن الشیٔ: اعراض کرنا، درگزر کرنا۔
-فی البیع: فروخت میں رعایت برتنا۔
-عینیہ: آنکھیں بند کرنا۔
-المیتَ: مردے کی آنکھیں بند کرنا۔
-الکلامَ: مبہم اور غیر واضح کلام بنانا۔
اِغْتَمَضَ البرقُ: بجلی کا چمکنا بند ہونا۔
-عیناہُ: سوجانا۔
یقال: ما اغتمضتُ: میں نہیں سویا۔
اتانی ذلک علی اغتماض: وہ بات میرے ذہن میں بغیر سوچ اور مشقت کے آئی۔
-عن الاساءۃِ: گستاخی معاف کرنا۔
اِنْغَمَضَ طَرْفُہ: آنکھ بند ہونا۔
تَغَامَضَ: پلکیں مل جانا۔

(۲) سوجانا۔
الغَامِضُ: پوشیدہ۔
یقال: حَسَبٌ غَامِضٌ: غیر مشہور۔
کلام غامِضٌ: غیر واضح۔
رجل غامضٌ: گمنام
الغِمَاضُ: نیند۔
یقال: ما اکتحلتُ غِمَاضًا: مجھے نیند نہیں آئی۔
الغُمضُ: اتنی نیچی جگہ کہ اس میں موجود کوئی چیز دکھائی نہ دے۔
(۲) غیر واضح۔
(ج) اَغْمَاضٌ و غُمُوْض۔
الغُمْضُ: نیند۔
یقال: ما اکتحلتِ عینُہ غُمْضًا:
المُغْمِضَاتُ والمُغَمِّضَاتُ من الذُّنُوْب: جان بوجھ کر کیے جانے والے بڑے بڑے گناہ۔
-من اللیل: رات کی تاریکیاں، گھٹا ٹوپ اندھیرے۔
غَمَطَ فلانٌ فلاناً ـِ غَمْطًا: حقیر سمجھنا۔
-النعمةَ: کفران نعمت کرنا، شکر ادا نہ کرنا۔
-الماءَ: زور سے پانی کا گھونٹ بھرنا۔
غَمِطَ فلان فلاناً ـَ غَمْطًا: غَمَطَه۔
-العافیةَ والنعمةَ: کفران نعمت کرنا، شکر ادا نہ کرنا۔
-الحقَّ: جان بوجھ کر حق کا انکار کرنا۔
اَغْمَطَ علیہ الشیُٔ: کسی کے ساتھ کسی چیز کا لازم رہنا۔
یقال: اَغْمَطَتْ علیہ الحُمّٰی: مسلسل بخار رہنا۔
اَغْمَطَ المطرُ واغمطت السماءُ بالمطر: مسلسل بارش کا ہونا۔
غَامَطَ فی الشرب: لگا تار گھونٹ بھرنا۔
اِغْتَمَطَ الشیَٔ: کسی چیز کا اس طرح نکل جانا کہ کوئی علامت ونشان باقی نہ رہے۔
-فلاناً بالکلام: گفتگو میں کسی پر غالب آکر اسے زیر کردینا۔

(۲) کسی سے مقابلہ میں ہارنے کے بعد آگے نکل جانا۔
تَغَمَّطَ علیہ الترابُ: مٹی کا کسی پر پڑ کر اسے ہلاک کردینا۔
الغَمْطُ: نشیبی اور پست جگہ۔
غَمْغَمَ الثَّوْرُ: بیل کا ڈکرا آواز نکالنا۔
-الاَبطالُ: لڑائی میں جنگ بازوں کا گرجنا۔
-الصبیُّ: بچہ کا دودھ کی طلب میں پستان سے منہ لگا کر رونا۔
تَغَمْغَمَ الفریق تحت الارض: ڈوبے ہوئے کا پانی میں گڑگڑانا۔
الغَمْغَمَةُ: غیر واضح، مبہم کلام۔
التَّغَمْغُمُ: الغَمْغَمَةُ۔
غَمَقَتِ الارضُ ـُ غَمْقًا: جگہ کا تر ہونا۔
(۲) پانی یا پانی رہنے کی جگہ کے قریب ہونا۔
-النباتُ: نباتات کا رطوبت سے خراب ہو کر بدبودار ہونا۔
غَمِقَتِ الارضُ اَو النباتُ ـَ غَمَقًا: غَمَقَتْ۔
-البلدُ: ملک یا شہر کا مرطوب آب وہوا والا ہونا، ھو غَمِقٌ۔
غَمُقَتِ الارضُ ـُ غَمْقًا: غَمَقَتْ
الغَامِقُ من الاَلْوان: سیاہی مائل (ج)
الغَمَقُ: رطوبت، نمی۔
غَمَلَ النباتُ ـُ غَمْلاً: نباتات کا ایک دوسرے پر چڑھ کر بدبودار اور خراب ہو جانا۔
-الاَمرَ: چھپانا، پوشیدہ رکھنا۔
- فلاناً: پسینہ لانے کے لئے کسی کو کپڑا اوڑھانا۔
-البُسْرَ: خام کھجور کو پکانے کے لئے کپڑے وغیرہ سے ڈھانپنا۔
-الاَدِیْمَ: کھال کو ریت میں لت پت کر کے دفن کرنا تاکہ گل سڑ کر ڈھیلی ہو جائے اور اس سے بال علیحدہ ہو جائیں۔
-العنبَ فی الزَّبِیل: انگوروں کو زنبیل میں تہ بہ تہ رکھنا۔
غَمِلَ النَّبْتُ ـَ غَمَلاً: پودے کا آپس میں

گھل مل کر بدبودار ہوجانا۔
-الجرحُ پٹی باندھنے سے زخم کا خراب ہو جانا۔
اَغْمَلَ اھابَه کچے چمڑے کو اتنا چھوڑے رکھنا کہ وہ خراب ہوجائے۔
انغمَلَ الاَدِیمُ لازم غَمَلَه
تَغمَّلَ النباتُ غَمَلَ
الغُمَالِجُ ذآ ئین کی شکل کا ایک پودا جو فصل بہار میں اُگتا ہے۔
يقال: شجرٌ غُمالِجٌ: جلد بڑھنے والا درخت۔
-من الرجال. غیر مستقل مزاج شخص۔
-من القصب: ترانس۔
الغَملَج و الغَمَلَّجُ: وہ شخص جو ایک عادت پر قائم نہ رہتا ہو۔
الغَمَلَّسُ: ڈھیٹ اور بدخو۔ (بھیڑیے کی صفت)
غَمَّ اليومُ ـُـ غَمًّا و غُمومًا: دن کا اتنا گرم ہونا کہ دم گھٹنے لگے۔
هو غَامٌّ و غَمٌّ و مِغَمٌّ۔
-الشئَ غَمًّا: ڈھانپنا، چھپانا۔
يقال: غَمَّ القمرُ النجومَ: چاند نے ستاروں کو ڈھانک لیا۔
-الثورَ و نحوه: رہٹ یا چکی وغیرہ میں چلنے والے بیل کی آنکھوں پر پٹی باندھنا۔
-فلانًا: رنج پہنچانا۔
غُمَّ عليه الهِلالُ: چاند کا دکھائی نہ دینا بالوں یا کہر کے حائل ہونے کی وجہ سے۔
حدیث میں ہے (صوموا لرؤيته و افطروا لرؤيته، فان غُمَّ عليكم فاكملوا عدّة شعبان ثلاثين يومًا)
-عليه الخبرُ: کسی سے خبر کا مخفی اور مبہم ہونا۔
غَمَّ ـَـ غَمَمًا. سر کے بالوں کا اتنا لمبا ہونا کہ اس سے پیشانی اور گدی تنگ پڑ جائے اور یہ بالوں کا عیب ہے۔
-السحابُ: بادلوں کے درمیان خلا نہ ہونا۔
هو اَغَمُّ، هي غَمّاء (ج) غُمٌّ۔

يقال فلان اَغَمّ الوجه، و اَغَمُّ القفاء بیوقوف ہے۔
اَغَمَّتِ السماءُ آسمان کا ابر آلود ہونا۔
-اليومُ غَمَّ۔
-الارضُ: بہت نباتات والی ہونا۔
هو مُغِمٌّ۔
يقال: مَا اَغَمَّكَ لي، و ما اَغَمَّكَ اِلَيَّ و مَا اَغَمَّكَ عَلَيَّ. تم نے میری وجہ سے کیوں رنج کیا؟
غَامَّه ایک دوسرے کو ڈھانپنا یا رنجیدہ کرنا
اِغتَمَّ ڈھک جانا۔
(۲) غمگین ہونا۔
(۳) دم گھٹنا۔
-النبتُ. پودے کا لمبا اور گھنا ہونا۔
انغَمَّ ڈھک جانا۔
(۲) غمگین ہونا۔
الغَامُّ يقال يومٌ غَامٌّ: يوم الحزن۔
يومٌ غَامٌّ: سخت گرم دن۔
الغَمَامَةُ: بادل (ج) غمائم، غمام
حَبّ الغمام. اولے۔
يقال: هو يفتَرُّ عن مثل حَبّ الغمام: وہ اولوں کی طرح سفید دانتوں سے ہنستا ہے۔
الغِمَامَةُ: جانور کے منہ پر باندھنے کی پٹی جو اس کے چارہ کھانے سے مانع ہو۔
(۲) بیل وغیرہ کی آنکھوں پر باندھی جانے والی پٹی تاکہ اسے چکر نہ آئیں۔
(ج) غمائم۔
الغَمُّ غم، حزن جو کسی وجہ سے دل کو پہنچے (ج) غُمُومٌ۔
یوں کہا جاتا ہے یومٌ غَمٌّ گرم دن۔
يومٌ غَمٌّ. غمناک دن۔
الغَمّاءُ. مصائب زمانہ میں سے کوئی مصیبت۔
يقال: مثلك يكشف الغمّاء: تم جیسا آدمی زمانہ کی سختی کو دور کرتا ہے۔
اِنّهم لَفِي غَمّاء من الامر وہ لوگ مشکل معاملہ میں الجھے ہوئے ہیں۔
-من الليالي. مہینے کی آخری رات۔

يقال. صُمْنَا للغمّاءِ یعنی [illegible] رات میں چاند کے نظر نہ آنے کی وجہ سے ہم نے روزہ رکھا۔
الغُمَّةُ غم۔
(۲) گھی کے برتن کی تلی۔
يقال: امرٌ غُمَّةٌ مبہم مشکل معاملہ۔
انه لفي غُمَّة من امره وہ اپنے معاملہ میں اس طرح الجھا ہوا ہے کہ راہ نہیں پا رہا۔
ساروا في ارضٍ غُمَّةٍ وہ تنگ جگہ میں چلے۔
صُمْنَا للغُمه. چاند نہ دیکھنے پر ہم نے روزہ رکھا۔
(ج) غُمَمٌ۔
الغُمّى لڑائی میں لوگوں کو پریشان کرنے والی سخت صورت حال۔
(۲) گرد۔
(۳) تاریکی۔
يقال: ليلةٌ غُمّى. وہ رات جس میں چاند کو تلاش کیا جائے لیکن اس کے اور لوگوں کے درمیان بادل یا کہر حائل ہو جائے۔
الغُمّى: مصائب زمانہ میں سے سختی۔
يقال: اِنَّهم لفي غُمّى من امرهم وہ مشکل معاملے میں الجھے ہوئے ہیں۔
المُغْمِمُ من الغيوم و البحار بہت پانی والا -سمندر یا بادل۔
المَغْمُوْمُ: رُطَبٌ مغموم تروتازہ رکھنے کے لئے پتھریلی زمین میں بند کی ہوئی پختہ کھجور۔
غَمَنَ الجلدَ ـُـ غَمْنًا چمڑے کو اون اتارنے کے لئے ریت میں دبانا۔
-البُسرَ گدر کھجور کو پکانے کے لئے ڈھانکنا۔
-فلانًا پسینہ لانے کے لئے کپڑا اوڑھانا۔
غُمِنَ في الارض: زمین میں داخل کیا جانا
انْغَمَنَ في الارض: زمین میں داخل ہونا
الغُمْنَةُ: خوبصورتی کے لئے کوئی چیز جسے عورت اپنے چہرے پر ملے۔
غَمَا البيتَ ـُـ غَمْوًا و ـِـ غَمْيًا گھر کی چھت ڈالنا۔

غَمِيَ عليه غَمًى: بے ہوشی طاری ہونا جس سے حس وحرکت مفقود ہو جائے۔
هو مَغْمِيٌّ عليه۔
-اليومُ و الليلُ: رات یا دن بھر بادل چھائے رہنا جس سے نہ سورج دکھائی دے اور نہ ہی چاند۔
اُغْمِيَ عليه: بے ہوشی طاری ہونا۔
هو مُغْمًى عليه۔
-اليومُ و الليلُ غُمِيَ۔
یقال: اُغْمِيَ علينا الهلالُ، هو مُغْمًى: بادل یا کہر کی وجہ سے چاند دکھائی نہ دینا۔
-عليه الخبرُ: پوشیدہ ہو جانا۔
غَمَّى البيتَ: چھت ڈالنا۔
-الشيَّ: چھپانا۔
الاِغْمَاءُ: بے ہوشی کسی عارض کی وجہ سے حس وحرکت کھو جانا۔
الغِمَاءُ: گھر کی چھت۔
(ج) اَغْمِيَةٌ۔
الغَمَى گھر کی چھت۔
-من کل شيءٍ ہر بلند چیز۔
(۲) پسینہ لانے کے لئے جس سے گھوڑے کو ڈھانکا جائے۔
(۳) رہٹ یا چکی میں چلنے والے جانور کے چہرے پر باندھی جانے والی پٹی تاکہ وہ چکر آنے سے بچ جائے (محدثہ)
یقال: رجلٌ غَمًى رجالٌ غَمًى و امرأةٌ غَمًى بے ہوش، قریب المرگ۔
(ج) اَغْمَاءٌ۔
یقال: کان علی السماء غَمًى: آسمان پر چاند دیکھنے کے دوران بادل حائل تھا۔
الغَمْيُ یقال۔
کان علی السماء غَمْيٌ: آسمان پر چاند دیکھنے کے دوران بادل حائل تھا۔
الغَمْيَةُ: چاند کی رات جس میں بادل یا کہر کی وجہ سے چاند نہ دیکھا جا سکے۔

غ .... ن

الغُنَبُ بہت سا مال غنیمت۔
الغُنْبَةُ: جاذب شکل لڑکے کی باچھ یا تھوڑی پر دائرہ نما لکیر۔
(ج) غُنَبٌ۔
غُنِجَتِ المراۃُ ـ غَنَجًا: شوہر کو نخرہ دکھانا گویا وہ اس کے مخالف اور اس کا شوہر نہیں۔
هي غَنِجَةٌ و مِغْنَاجٌ۔
تَغَنَّجَتِ المراۃُ: غَنِجَتْ۔
الاُغْنُوجَةُ: وہ باتیں یا حرکات جن سے عورت ناز و نخرہ کرے۔
(ج) اَغَانِيجُ۔
الغَنَاجُ: ناز نخرہ۔
الغَنَجُ: ناز نخرہ۔
(۲) آنکھ کا سرنگیں پن۔
الغُنْدُبَةُ: مخاطی پردے کی ایک تہہ جنہیں لوزتین (حلق میں گوشت کا ٹکڑا) باہم ملاتے ہیں آگے اور پیچھے سے۔ هما غُنْدُبَتَانِ (مج)
الغُنْدَرُ: گداز جسم خوبصورت نوجوان۔
الغُنْدُورُ: الغُنْدَرُ۔
الغُنُوصِيَّةُ: دین اور فلسفہ کے امتزاج پر مبنی ایک نزاعی فکر۔ اس کا اطلاق مفکرین کی ایسی خاص جماعت پر ہوتا ہے جو پہلی اور دوسری صدی میں گزرے ہیں (مج)
غَنَظَ ـ غَنْظًا: ہلاکت کے قریب ہو کر بچ نکلنا۔
-الامرُ فلانًا: سخت پریشانی والا معاملہ، معاملہ کا مشکل ہو جانا۔
الغَنَاظُ: سخت پریشانی و مشقت۔
غَنِمَ الشيَّ ـ غُنْمًا: حاصل کرنا، پالینا۔
-الغازی فی الحرب: غازی کا مال غنیمت حاصل کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿ فَكُلُوا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ﴾
اَغْنَمَهُ الشيَّ: کوئی چیز کسی کے لئے مال غنیمت بنا دینا۔
غَنَّمَهُ: مال غنیمت یا ہبہ کر دینا۔
اِغْتَنَمَ الشيَّ: غنیمت جاننا۔
(۲) فائدہ اٹھانا۔
تَغَنَّمَ الشيَّ: اغتنمه۔
یقال: فلانٌ يَتَغَنَّمُ الامرَ: وہ معاملہ کا اس طرح حریص ہے جس طرح مال غنیمت کا حریص ہوا جاتا ہے۔
الغُنْمُ: بغیر مشقت کسی چیز کا حصول۔
(۲) مال غنیمت۔
یقال: الغُنْمُ بالغُرْمِ: نفع کے مقابل نقصان بھی ہے یعنی جو شخص کسی چیز سے فائدہ اٹھاتا ہے اسے ہی اس کا نقصان بھی برداشت کرنا پڑتا ہے۔
(ج) غُنُومٌ۔
الغَنَمُ: بھیڑ بکریوں کا ریوڑ (اس لفظ سے اس کا کوئی واحد نہیں)
(ج) اَغْنَامٌ و غُنُومٌ۔
الغَنَّامُ: بکریوں والا۔
(۲) چرواہا یا بھیڑ بکریوں کا نگران۔
الغَنِيمَةُ: جنگ میں بزور حاصل کیا ہوا مقابل جنگجوؤں کا مال غنیمت۔
(ج) غَنَائِمُ۔
المَغْنَمُ: الغَنِيمَةُ (ج) مَغَانِمُ۔
غَنَّ ـ غَنًّا و غُنَّةً: گنگنانا۔
یقال و غَنَّ الرجلُ، و غَنَّ الظبیُ و نحو ذلك۔
- الرَّوضَةُ او الوادی: باغ یا وادی میں درختوں کی کثرت کی وجہ سے مکھیوں کا زیادہ ہونا جس سے ان کی بھنبھناہٹ کی آواز آئے۔
هو اَغَنُّ هي غَنَّاءُ۔
(ج) غُنٌّ۔
اَغَنَّتِ الروضةُ او الوادی: غَنَّ
یقال: اَغَنَّ الذبابُ: مکھی کا بھنبھنانا۔
هو مُغِنٌّ هي مُغِنَّةٌ۔
-الارضُ: لمبی گھاس والی ہونا۔
غَنَّنَهُ: گھنا اور گنجان بنانا۔
الغُنَّةُ: خیشوم (ناک کے بانسے) سے نکلنے والی آواز۔
غَنِيَ فلانٌ ـ غِنًى و غَنَاءً: مال دار ہونا۔
هو غَانٍ و غَنِيٌّ۔
-عن الشيِّ: بے نیاز ہونا۔

-المکان آباد ہونا۔
-بالمکانِ قیام آنا۔
-القوم فی دیارھم اپنے ملک میں لمبا قیام ہونا۔
یقال: غنیتُ لک مِنّی بالمودۃ والبِرّ: میں نے تم سے تعلق اور ہمدردی قائم رکھی۔
- المراۃ بزوجھا غِنًی و غُنیاناً: بیوی کا اپنے شوہر سے آسودہ ہونا۔
اَغْنَی الشیُٔ: کافی ہونا۔
-الرجلُ عنک: کسی شخص کا کسی کے لئے کافی ہونا۔
یقال: ما یُغْنِی عنک ھذا: یہ چیز تمہارے لئے نفع بخش نہ ہوگی۔
-اللہُ فلاناً: مالدار کرنا۔
یقال: اَغْنَی عنه غَناءَ فلانٍ' وَمَغْنَاہ و مَغْنَاتَه: وہ اس کے قائم مقام ہوگیا۔
غَنَّی: ترنم سے موزوں کلام (شعر) پڑھنا۔
یقال: غَنَّی الحمامُ: کبوتر کا بولنا۔
-فلانٌ بفلان: مدح سرائی کرنا یا ہجو کرنا۔
-بالمراۃِ: عشق بازی کرنا۔
-اللہُ فلاناً: مال دار بنانا۔
- فلان الرَّکبَ لفلان: قافلہ والوں سے اشعار میں کسی کا تذکرہ کرنا۔
-فلاناً الشِّعْرَ و بالشعر: کسی کو ترنم سے شعر سنانا۔
اِغْتَنَی: مال دار ہونا۔
تَغَانَی: اغتنی۔
-القومُ: ایک دوسرے سے بے نیاز ہونا۔
تَغَنَّی: اغتنی۔
-الحمامُ: غَنّی۔
-بالشعر ترنم سے شعر پڑھنا۔
اِسْتَغْنَی: اغتنی۔
-بہ اکتفا کرنا۔
-اللہَ اللہ سے مال دار بنا دینے کی دعا کرنا۔
الاُغْنِیَۃُ: موزون کلام جو ترنم سے پڑھا جائے۔
(ج) اَغَانِ۔

الاُغْنِیَّۃُ: الاُغْنِیَۃُ۔
(ج) اَغَانِیّ۔
الغَانِی: مال دار۔
یقال: رجلٌ غانٍ عن کذا: فلاں سے مستغنی (بے نیاز) شخص۔
الغَانِیَۃُ: اپنے حسن و جمال کی وجہ سے زیب و زینت سے بے نیاز عورت۔
(۲) اپنے خاوند سے آسودہ اور مطمئن (ج) غَوَانٍ۔
الغَنَاءُ: مال داری (ضد فقر)
(۲) نفع' کفایت۔
یقال: ھذا الشیُٔ لا غَناءَ فیه۔
الغِنَاءُ: موزون کلام کو طرب اور ترنم سے پڑھنا' خواہ موسیقی کے ساتھ ہو یا بغیر موسیقی کے۔
الغِنَائِیَّۃُ: مکالماتی شعری ڈرامہ جو موسیقی کی تھاپ اور سروں پر کھیلا جائے۔ (محدثہ)
الغِنَی یقال: مالهٗ عنه غِنًی: ضروری چیز جس کے علاوہ چارہ کار نہ ہو۔
الغُنْیَانُ: یقال: ماله عنه غُنْیَانٌ: اس کے لئے اس کے سوا چارہ کار نہیں۔
الغَنِیُّ: باری تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام: وہ ذات جو کسی بھی چیز میں اپنے غیر کی محتاج نہیں اور ہر ایک اس کا محتاج ہے۔
المَغْنَی وہ جگہ یا گھر جو اپنے اہل کے لئے کافی ہو۔
(ج) مَغَانٍ۔
یقال: مالهٗ عنه مَغْنًی: اس کے لئے اس کے سوا چارہ کار نہیں۔
المُغْنِی: باری تعالیٰ کے اسماء میں سے ایک نام یعنی وہ ذات جو اپنے بندوں میں سے جسے چاہے غنی اور دوسروں سے بے نیاز کردے۔
المغنی گانے کا پیشہ کرنے والا۔

غ .... ھ

غَهِبَ عنه ـَ غَهَباً: غفلت کرنا' فراموش کر دینا۔
اَغْهَبَ عنه: غَهِبَ عنه۔
اِغْتَهَبَ: اندھیرے میں چلنا۔

الغَهَبُ: بلا قصد و ارادہ کوئی چیز پالینا۔
یقال: اَصَابَ صَیداً غَهَباً بلا قصد و ارادہ شکار پالینا۔
الغَیْهَبُ تاریکی۔
-من اللیل سخت تاریک رات۔
- من الخیل و نحوھا سخت سیاہ گھوڑا وغیرہ۔
یقال: اَسْوَدُ غَیْهَبٌ۔
-من الرجال موٹی عقل والا۔ بدھو۔
(۲) غافل و کمزور۔
(ج) غَیَاهِب۔
الغَیْهَبَۃُ: لڑائی کا شور وغل۔

غ .... و

غَاثَهٗ اللہ ـُ غَوْثاً مدد و نصرت کرنا۔
اَغَاثَهٗ غَاثَه۔
یقال: اَغَاثَهم اللہ برحمته اللہ ان کی سختی و پریشانی دور فرمائے۔
اغاثھم بالمطر ان پر بارش برسائے۔
غَوَّثَ الرجلُ و اغَوْثَاہ (ہائے مدد) پکارنا۔
یقال: ضُرِبَ فلان فَغَوَّثَ۔
اِسْتَغَاثَ الرجلُ غَوَّثَ۔
-فلاناً و به مدد طلب کرنا۔
الاستغاثه طلب مدد و اعانت۔
(۲) (نحویوں کے ہاں) اس شخص کو پکارنا جو کسی مصیبت سے چھٹکارا دلائے یا دفع مصائب پر معاونت کرے۔ مستغاث به (جس سے مدد طلب کی جائے) کے ساتھ لام مفتوحہ اور مستغاث له کے ساتھ لام مکسور لگایا جاتا ہے۔
یقال: یاللہ للمسلمین اور اگر مستغاث به کے خلاف مدد طلب کی جائے تو اس پر مِنْ جارّہ بھی داخل ہوتا ہے۔
کقوله
یالَلرِّجال ذوی الالباب من نفر
لا یبرحُ السَّفَهُ المُردِی لهم دِینا
الغَوْثُ: مدد و نصرت۔
بوقت مصیبت طلب مدد کے لئے کہا جاتا ہے۔

واعوثاه۔
الغَوِيثُ مدد' خوراک وغیرہ جو آفت رسیدہ کو بہم پہنچائی جائے۔
الغِيَاثُ سامان مدد۔
المُغَاثُ موصل اور فارس کے پہاڑوں پر اگنے والی ایک بوٹی جس کی سخت جڑوں کو کوٹ کر پانی اور گھی شکر ملا کر اکثر زچہ اور زائرات کو پلائی جاتی ہے (د)
المَغُوثَةُ مدد' امداد۔
(ج)مغاوث۔
غَاجَ في مشيته ـُ غَوْجًا: لنگڑا کر چلنا' جھک کر چلنا۔
تَغَوَّجَ في مشيته غاجَ۔
الغَوْجُ من الرجال: نیند کی وجہ سے سست و ڈھیلا۔
(ج)غُوج۔
-من الأفراس جھک کر آنے جانے والے۔
يقال: فرس غَوْج اللَّبان. چوڑے سینہ والا۔
غَارَ الماءُ ـُ غَوْرًا و غُوُورًا. پانی کا زمین میں اترنا' گہرائی میں پہنچنا۔
-عينه آنکھ کا سر میں دھنس جانا۔
-الشيُ في الشيء داخل ہو جانا۔ گھس جانا۔
يقال: غُرتَ في غير مَغَارٍ تم نے غلط راہ اختیار کی۔
-الشمسُ و نحوُها غائب ہو جانا۔
-في الامر غور کرنا۔
-اللهُ القومَ بخير' غِيارًا الله کا بارش' شادابی اور نفع دینا۔
يقال. اللهم غُرْنَا منك بغيث أو بخير اے اللہ بارش اور شادابی سے ہماری مدد فرما!
أغَارَ فلانٌ نشیبی زمین میں آنا۔
(۲) چلنے میں جلدی کرنا۔
(۳) طاقت کے ساتھ تیز دوڑنا۔
-في الارض جانا۔
- القومَ و بهم و اليهم مدد کرنے کے لئے لوگوں کے پاس آنا۔

- عليهم: گھوڑوں سے چڑھائی کرنا' دھاوا بولنا۔
-الحَبلَ رسی کو خوب بٹنا۔
هو مُغِيرٌ و المفعول مُغَار۔
غَاوَرَ القومُ مُغَاوَرةً و غِوارًا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
غَوَّرَ الماءُ. زمین کی گہرائی میں چلے جانا۔
-فلانٌ نشیبی علاقے میں آنا۔
-عينه. آنکھ دھنسنا۔
-الشمسُ و نحوهما: غروب ہونا۔
-النهارُ: دن ڈھلنا' سورج ڈھلنا۔
تَغَاوَرَ القومُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
اِسْتَغَارَ فلانٌ: موٹا ہونا' چربی چڑھنا
-القرحَةُ: زخم پر ورم ہونا۔
-عليهم حملہ کرنا۔
الغَائِرَةُ. نصف النھار۔
الغَارُ: ہر نشیبی جگہ۔
(۲) پہاڑوں میں تراش کر بنایا ہوا گھر۔
(۳) دونوں جبڑوں کے درمیان گڑھا۔
(۴) لشکر یا لوگوں کا بڑا مجمع۔
يقال: التقى الغاران: دونوں لشکر باہم ٹکرا گئے۔
(۷) شام کے ساحل کے نشیبی علاقوں' ساحلی پہاڑوں میں اگنے والا پودا جو ہمیشہ سرسبز رہنے کی وجہ سے تزئین کے لئے لگایا جاتا ہے اہل روم اس کا تاج بنا کر فاتح قائدین اور بلیغ و خوش نما شعراء کے سروں پر بطور عزت افزائی لگایا کرتے تھے۔
(ج)غیران۔
الغاران خانہ چشم کی دو ہڈیاں جن میں آنکھیں لگی ہوتی ہیں۔
الغاران شکم و فرج۔
يقال: المرءُ يسعى لغاربه آدمی دو چیزوں پیٹ اور فرج کے لئے دوڑ دھوپ کرتا ہے۔
الغَارَةُ دشمن پر حملہ۔
(۲) حملہ آور گھوڑے۔
الغَوْرُ پست جگہ۔

-من كل شيء: گہرائی۔
يقال: سَبَرَ غَوْرَه: حقیقت و اصلیت سے واقف ہونا۔
(۲) پہاڑ میں تراشا ہوا چھوٹا سا گھر۔
(ج)غِيران' و أغْوار۔
يقال: فلانٌ بعيدُ الغور: چالاک و ہوشیار
ماءٌ غور: گہرا پانی۔
قرآن حکیم میں ہے ﴿قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَصْبَحَ مَاءُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَأْتِيكُمْ بِمَاءٍ مَعِينٍ﴾
المغارُ. پہاڑی غار۔
المُغَارُ: حملہ کی جگہ۔
المَغَارَةُ: المَغَار۔
المِغْوَارُ: من الرجال: بڑا جنگجو جو دشمن پر خوب حملے کرتا ہو۔
المُغِيرِيَّةُ. ایک سبائی فرقہ جو مغیرہ بن سعد العجلی کی طرف منسوب ہے۔
غَازَهُ ـُ غَوْزًا. ارادہ کرنا۔
غَوَّزَ المَادَّةَ (کیمیائی طور پر): مادہ کو گیس میں تبدیل کرنا (مج)
الأَغْوَزُ اہل خانہ اور اہل قرابت پر مہربان۔
الغَازُ (دیکھئے. غاز)
الغَازُوزَةُ (دیکھئے غازوزة)
غَاصَ في الماء ـُ غَوْصًا پانی میں اترنا نیچے کو۔
-في البحر على اللؤلؤ: موتی نکالنے کے لئے سمندر میں غوطہ لگانا۔
-يقال: ما غاص غَوْصَةً الا اخرجَ دُرَّةً
غَاصَ على المعاني معانی کی گہرائی تک پہنچ کر حقیقت جاننا۔
فلانٌ يَغُوص على حقائق العلم وما أَحْسَنَ غَوْصَه عَلَيْهَا فلاں حقائق کی تہ تک پہنچتا ہے اور وہ ان تک پہنچنے کا بڑا ماہر ہے۔ هو غائِصٌ۔
(ج)غُوَّاص' و غَاصَة۔
هي غَائِصَةٌ هو غَوَّاص ايضًا۔
غَوَّصَه في الماء ڈبونا۔
الغَوَّاص. مبالغہ در غائص۔

(۲) غوطہ خور۔
(۳) تدبیر معاش میں مہارت والا۔
الغَوَّاصَةُ جنگی کشتی جو سمندر میں غوطہ خوری کے لئے تیار کی جاتی ہے اور اس کے اندر ٹھہرنے کے لئے اور اس کا کام تارپیڈ کے ذریعے دشمن کی کشتیاں بم سے اڑانا ہوتا ہے (محدثہ)
الغِیَاصَةُ غوطہ خوری کا پیشہ
المُنْغَوِصَةُ من النساءِ وہ عورت جو حائضہ نہ ہو لیکن جماع سے بچنے کے لئے اپنے خاوند سے جھوٹ بولے کہ وہ حائضہ ہے۔
المَغَاصُ غوطہ لگانے کی جگہ۔
منه مَغَاصِ اللُّؤلُؤ: موتی نکالنے کی جگہ۔
المُغَوِّصَةُ من النساء. المتغوصة
غَاطَ فی الشئ ـُ غَوْطًا: داخل ہو کر چھپ جانا۔
یقال: غَاطَ فی الوادی، غاط فی الماء۔
یقال: هذا رملٌ تَغُوطُ فيه الاَقدام: اس ریت میں پاؤں دھنس جاتے ہیں۔
-الشئ: زمین میں اترنا۔
اَغَاطَ بِئْرَه کنویں کو گہرا کرنا۔
غَوَّطَ البِئرَ کنواں کھود کر گہرا کرنا۔
تَغَاوَطَا فی الماء. باہم غوطہ لگانا۔
تَغَوَّطَ پاخانہ کرنا۔
الغَائِطُ کشادہ نشیبی زمین۔
یقال: ذهب الی الغائط وجاء منه' پاخانہ سے کنایہ کرتے ہوئے کہا جاتا ہے۔
قرآن حکیم میں ہے۔ ﴿ اَوْ جَاءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَائِطِ ﴾ پاخانہ سے کنایہ کرتے ہوئے۔
(۲) پاخانہ۔
(ج) غُوطٌ و غِیاط۔
الغَاطُ جماعت۔
یقال: مافی الغاط مثله۔
(۲) نشیبی کشادہ زمین۔
(ج) اَغْوَاط' و غِیطان۔
الغَوْطُ نشیبی کشادہ جگہ اور یہ غائط کے مقابلہ میں زیادہ نشیبی جگہ کو کہتے ہیں۔

(ج) اَغْوَاطٌ و غِیَاطٌ و غیطان۔
الغَوْطَةُ نشیبی جگہ۔
الغَوْطَةُ پانی اور نباتات سے بھری پڑی۔
منه غُوطَةُ دمشق۔
الغَوِیطُ من الاشیاء گہری
هی غَوِیطَةٌ۔
یقال: بئرٌ غویطةٌ اِناءٌ غَوِیطٌ۔
الغَیطُ کشادہ ہموار زمین۔
قرآن حکیم میں یوں بھی پڑھا گیا ہے: ﴿ اَوْ جَاءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَیطِ ﴾ اہل مصر اسے کھیت کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔
(ج) غیطان۔
اَلغَاغَةُ دیر پا خوبصورت خوشبودار پودا' جو آدھ میٹر بلند ہوتا ہے اور بحر متوسط کے علاقوں میں پایا جاتا ہے۔ حوضوں اور نہروں کے کناروں پر۔ لوگ اسے فَلَیَّة (بوٹی کا نام) کا تیل نکالنے کے لئے استعمال کرتے ہیں (ج)۔
الغَوْغَاءُ شور وغل۔
(۲) نچلے درجے کے لوگ (ان کے شور وغل اور چیخنے کی کثرت کی وجہ سے)
(۳) مائل بہ پرواز ٹڈی۔
غَالَه ـُ غَوْلاً ہلاک کرنا۔
(۲) کسی کو بے خبری میں ہلاک کر دینا۔
یقال: غالته الخمرُ جب شراب کے پینے کی وجہ سے عقل یا بدن کی صحت ختم ہو جائے۔
غالته الارض زمین کا کسی کو ہلاک کر دینا۔
غالته الغُولُ بے راہ ہو جانا۔
غَاوَلَ چال وغیرہ میں جلدی کرنا۔
-الاَعداء دشمن کی طرف حملہ کرنے میں پہل کرنا۔
اِغْتَالَه بے خبری میں پکڑ کر ہلاک کر ڈالنا۔
-الخمر فلاناً غَالَتْه۔
تَغَوَّلَ الاَمرُ معاملہ کا مشکل اور مشتبہ ہو جانا۔
-المراۃ عورت کا مختلف شکلیں اختیار کرنے میں جن بھوت کی طرح ہو جانا۔
-الارضُ بفلان کسی کا زمین میں بھٹک کر ہلاک ہو جانا۔

-الغِیلانُ القَوْمَ جن بھوت کا لوگوں کو بھٹکا دینا۔
الغَائِلُ. غائلُ الحوص حوض کا سوراخ جس سے پانی بہہ کے نکل جائے۔
الغَائِلَةُ شر وفساد۔
(۲) مصیبت۔
(ج) غوائل۔
الغَوْلُ شراب سے پیدا ہونے والا سر درد یا نشہ۔
قرآن حکیم میں ہے ﴿ لَا فِيهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴾
(۲) بیابان کی دوری۔ اس لئے کہ اس سے گزرنے والا بے خبری میں ہلاک ہو جاتا ہے۔
یقال مَفَازَة ذات غَوْلٍ دور افتادہ بیابان۔ اگر چہ دیکھنے میں قریب ہو۔
(۳) مشقت۔
یقال: هَوَّنَ اللهُ عليك غَوْلَ هذا الطريق اللہ تمہارے لئے اس راہ کی مشقت کو آسان کر دے۔
(۴) بہت زیادہ مٹی۔
الغُولُ ہر وہ چیز جو انسان کو بے خبری میں آکر ہلاک کر دے۔
(ج) اَغْوَالٌ و غِیلانٌ۔
(۲) غیلان کا مفرد عربوں کے خیال کے مطابق یہ شیاطین کی ایک قسم ہیں۔ جو بیابانوں میں لوگوں کے سامنے مختلف شکلوں میں ظاہر ہو کر انہیں ہلاک کر ڈالتے ہیں یا بے راہ کر چھوڑتے ہیں۔
(۳) ہر وہ چیز جو عقل کو ختم کر دے۔
(۴) موت۔
(۵) مصیبت۔
یقال: غَالَتْ فلاناً غُولٌ فلاں کو ناگہانی مصیبت نے ہلاک کر دیا۔
الغِیلَةُ قتل ناگہانی۔
یقال قَتَلَه غِیلَةً اسے بے خبری میں مار ڈالا۔
المَغَالَةُ چھپا ہوا بغض' کینہ۔
(۲) بدی' شر۔

يقال: فلان قليلُ المَقالَة۔
المِغْوَلُ کوڑا یا عصا جس کے اندر باریک نیزہ ہوتا ہے۔
(ج) مَغاوِلُ۔
غَوَى ـ غَيًّا و غَوَايَةً سخت گمراہ ہونا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوَىٰ﴾
هو غاوٍ و غَوِيّ و غَيّان۔
(ج) غُوَاةٌ و غاوون۔
هي غَاوِيَةٌ (ج) غاويات۔
- الرضيعُ شیر خوار بچے کا زیادہ دودھ پینے سے پیٹ خراب ہو جانا۔
- الشيطانُ فلاناً: گمراہ کرنا۔ نامراد کرنا۔
أَغْوَاهُ گمراہ کرنا، ورغلانا۔
قرآن حکیم میں ہے ﴿ رَبَّنَا هَٰؤُلَاءِ الَّذِينَ أَغْوَيْنَا أَغْوَيْنَاهُمْ كَمَا غَوَيْنَا﴾
غَوَّاهُ: أَغْوَاهُ۔
- اللَّبَنَ: دودھ کو جمانا، دہی بنانا۔
تَغَاوَى القومُ برائی پر اکٹھا ہونا اور باہم تعاون کرنا۔
- على فلانٍ کسی کے خلاف ایک دوسرے کی مدد کرنا خواہ اسے ہلاک کریں یا نہ کریں۔
- الطيرُ على الشيءِ پرندہ کا کسی چیز پر منڈلانا۔
اِسْتَغْوَاهُ بالأَمَانِيِّ الكاذبة جھوٹی امیدیں دلا کر گمراہ کرنا۔
الأَغْوَاءُ أغواء الظلام: تاریکی کا پردہ جو انسان کو چھپا لے۔
الأُغْوِيَّةُ بھیڑیے وغیرہ کے لئے کھودا جانے والا گڑھا، جس میں بکری کا بچہ رکھا جاتا ہے، جب بھیڑیا اسے دیکھتا ہے تو اسے پکڑنے کی خاطر اس میں جا گرتا ہے جس پر اسے شکار کر لیا جاتا ہے۔
(ج) أَغَاوِيّ۔
الغَيَّة يقال هو ولدُ غَيَّة ولد الزنا۔
كما يقال في نقيضه هو ولدُ رَشْدَةٍ ثابت النسب لڑکا۔

المَغْوَاةُ من الارض: گمراہی کا مقام۔
(ج) مَغَاوٍ۔
المُغَوَّاة من الارض: المَغْوَاة
(۲) الأُغْوِيَّة۔

غ .... ی

غَابَ ـِ غَيْبًا و غَيْبَةً و غَيْبُوبَةً و غِيَابًا: پوشیدہ ہونا، غائب ہونا (خلافُ شَهِدَ و حَضَرَ)
يقال: غَابَ فلانٌ دور ہونا۔
غاب فلانٌ عن بلاده: مسافر ہونا۔
غابت الشمس وغيرها: ڈوبنا، نظروں سے چھپنا۔
- الشيءُ في الشيءِ: کسی چیز میں چھپ جانا۔
يقال: غابَ عنه الامر: معاملہ کا مخفی ہو جانا۔
- وعُيِّ فلانٌ او حِسُّه غَيْبُوبَةً: بے ہوش ہونا۔
- فلاناً غِيبَةً: کسی کے پیچھے اس کے ان عیوب کا ذکر کرنا جنہیں وہ چھپاتا ہو اور ان کا تذکرہ ناپسند خیال کرتا ہو۔ هو غائبٌ۔
(ج) غُيَّبٌ، غُيَّاب۔
أَغَابَ القومُ: غروب ہونے کی جگہ یا وقت میں داخل ہونا۔
- المرأة: عورت کے خاوند کا غائب ہونا۔
هي مُغِيبٌ و مُغِيبَة۔
أُغْيِبَتِ المرأةُ عورت کا خاوند اس سے غائب ہو جانا۔
هي مُغْيِبٌ۔
غَايَبَه مُغَايَبَةً و غِيَابًا کسی کی عدم موجودگی میں اس کے متعلق بات کہنا۔
(خلاف خاطب)
يقال أنا معكم لا أغايبكم۔
غَيَّبَه و عنه دور کرنا، چھپانا۔
يقال: غَيَّبَه غَيَابَةُ قبر میں دفن کیا جانا۔
اِغْتَابَه کسی کے پیچھے اس کے ان عیوب کو ذکر کرنا جنہیں وہ چھپاتا ہو اور ان کے تذکرے کو ناپسند خیال کرتا ہو۔
تَغَيَّبَ غاب۔

يقال تَغَيَّبَ فلان. مسافر ہونا۔
(۲) دور ہونا، چھپنا۔
وعنه الامرُ: معاملہ کا مخفی ہونا۔
الغَابَةُ: گھنے اور کثیر درختوں والا جنگل (ج) غابٌ و غابات۔
الغابات الغارقة (علمائے طبقات الارض کے ہاں) قدیم زمانے کے جنگلات جنہیں زمینی کٹاؤ کی بنا پر پانی نے ڈھانک لیا۔
الغَيَابُ: قبر۔
غَيَابُ الشجر: درخت کی جڑیں۔
الغَيَابَةُ، غَيَابَةُ كل شيء: ہر چیز کی تہ
كقَعْرِ الجُبِّ: کنویں کی تہ۔
قرآن حکیم میں ہے:
﴿وَأَلْقُوهُ فِي غَيَابَةِ الْجُبِّ﴾
غَيَابَةُ الشجرِ. درخت کی جڑیں۔
(۲) ہر وہ چیز جو کسی دوسری چیز کو چھپا دے۔
يقال: وقعوا في غيابة عن الارض: یعنی زمین کے زیریں حصہ میں۔
الغَيْبُ: غائب۔
(خلاف: الشهادة)
(۲) ہر وہ چیز جو انسان سے پوشیدہ ہو خواہ دل میں موجود ہو یا نہ ہو۔
يقال: تَكَلَّمَ عن ظهر الغيب وسمعتُ صوتاً من وراء الغيب یعنی ایسی جگہ سے جسے میں نہ دیکھ رہا تھا۔
(ج) غُيُوبٌ۔
الغَيْبَةُ. چھپنا، دوری۔
يقال: او حشتني غَيْبَةُ فلانٍ وقد أَطَلْتَ غَيْبَتَكَ۔
الغِيبَةُ. اپنے بھائی کے ان عیوب کا تذکرہ کرنا اس کی غیر موجودگی میں جنہیں وہ چھپاتا ہو اور ان کے ذکر کو ناپسندیدہ خیال کرتا ہو۔
الغَيْبَان. وہ نباتات جنہیں دھوپ نہ لگتی ہو۔
المَغِيبُ. جائے غیب، زمانہ غیب۔
كمغيب الشمس: سورج کے ڈوبنے کا وقت یا جگہ۔
غَاثَ اللهُ البلادَ ـِ غَيْثًا و غِيَاثًا بارش

برسانا۔
أَغَاثَ اللّٰهُ عبادَه دعا قبول کرنا۔
-الداعیَ پکارنے والے کی بات سننا۔
الغِيَاثُ (دیکھئے غوث)
الغَيْثُ بارش یا رحمت کی بارش۔
مجازاً آسمان بادل اور گھاس پر بھی بولا جاتا ہے۔
(ج)غُيُوثٌ و أغياث۔
الغَيْثَرَةُ: (دیکھئے غیثر)
غَيِدَ - غَيَدًا: نرمی کی بناء پر ٹیڑھا ہونا اور جھکنا۔
هو أَغْيَدُ هي غَيْدَاءُ۔
(ج)غِيدٌ۔
تَغَايَدَ: غَيِدَ۔
الأَغْيَدُ من الفتيات: نرم ونازک اور لچکدار پودا۔
-من الناس: نیند کے زیر اثر خمیدہ گردن والا
(۲) اٹھلانے والا۔
الغَادَةُ: من الفتيات: نرم ونازک لڑکی۔
-من الأشجار: تروتازہ درخت۔
الغَيْدَانُ من الشَّباب: آغاز جوانی۔
غَيْدَقَ: (دیکھئے غدق)
الغَيْدَاقُ: (دیکھئے غدق)
الغَيْدَقُ: (دیکھئے غدق)
غَارَهُ - غَيْرًا و غِيَارًا: نفع پہنچانا۔
يقال: غار الله القومَ بالخيرِ والرِّزق و غارهم بالمطر۔
-الرجلُ اهلَه بال بچوں کے لئے کھانے کا سامان لے جانا۔
غَارَ الرجلُ على المرأة وهي عليه - غَيْرَةً آدمی کا مشتعل ہونا اس کے بیوی کا اپنے محاسن اور زینت کو غیر کے سامنے ظاہر کرنے کی وجہ سے یا اس کے کسی اور مرد کی طرف انصراف کی وجہ سے۔اسی طرح عورت کا اپنے خاوند پر مشتعل ہونا۔
هُوَ غَيْرَانُ هي غَيْرَى۔
(ج) غَيَارَى۔

هو وهي غَيُور۔
(ج)غُيُر۔
هو غَيَّارٌ هي غَيَّارَة
هو وهي مِغْيَار
(ج)مغاييرِ۔
أَغَارَ الرجُلُ زوجَه دوسری شادی وغیرہ کر کے عورت کو غیرت دلانا۔
غَايَرَه مغايرةً و غيارًا: تبادلہ کرنا۔
يقال: غَايَرَه بالسِّلْعَةِ سامان کا تبادلہ کرنا۔
(۲) مخالفت کرنا۔
(۳) برعکس ہونا (مو)
غَيَّرَ فلانٌ عن بعيره: اپنے اونٹ کا کجاوہ اتار کر درست کرنا۔
يقال: نَزَلَ القومُ يُغَيِّرُون۔
-الشئَ کسی چیز کو بدلنا۔
يقال: غَيَّرْتُ دابتي و غَيَّرْتُ ثيابي
(۲) وصف وغیرہ بدلنا۔
يقول: غَيَّرْتُ داري: جب آپ اپنے گھر کی بناء پہلے سے بدل ڈالیں۔
اغْتَارَ فائدہ اٹھانا۔
(۲) کھانے کا سامان لانا يقال: خرج فلان يغتار لاهلِه۔
تَغَايَرَتِ الاشياءُ مختلف ہونا۔
تَغَيَّرَ الشئُ: لازم غيّره
الغِيَارُ تبادلہ ہر چیز کا بدل۔
(۲) باہر سے لایا ہوا کھانے کا سامان۔
(۳) ذمیوں کا نشان جیسے زنار مجوسیوں کے لئے جسے وہ پیٹ اور کمر پر باندھتے ہیں۔
غَيْرُ اسم بمعنی الاّ۔
تقول: جاء القوم غير محمد: سوائے محمد کے سب آئے۔
اس صورت میں اس کا اعراب اِلاَّ کے بعد والے اسم کا ہوگا۔ یہاں یہ منصوب بوجہ استثناء ہے اور یہ اسم ہوتا ہے بمعنی سوی۔
نحو: مررت بغيرك: میں تمہارے علاوہ کسی دوسرے کے پاس سے گزرا۔
هذا غيرُك: یہ تمہارے علاوہ ہے اور بمعنی

لَيْسَ بھی ہوتا ہے۔
نحو: كلامك غيرُ مفهوم آپ کی بات ناقابل فہم ہے۔
یہاں عامل کے مطابق اس پر اعراب آئے گا اور یہ اسم ہوتا ہے بمعنی لا۔
جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے
﴿فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ﴾
گویا فرمان باری تعالیٰ ہے۔
فَمَنِ اضْطُرَّ جَائِعًا لا بَاغِيًا و لَا عَادِيًا
نحو: (غَيْرَ نَاظِرِينَ إِنَاهُ)
(غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ)۔
ان سب میں حال ہونے کی بناء پر منصوب ہے۔
بطور صفت جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے
﴿غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ﴾
یہاں موصوف کا اعراب ہے اور اس آیت میں (موصوف) مجرور ہے کیونکہ وہ للّذين کی صفت ہے اور یہ لفظ لازم الاضافة ہے اور کبھی بغیر اضافت کے بھی آتا ہے جبکہ اس کا معنی سمجھ میں آرہا ہو اور اس سے پہلے "لیس" یا لا ہو۔
جیسے: قبضت عشرةً ليس غيرُ او لا غيرُ۔
يقال: جاء ببناتِ غَيْرٍ اس نے جھوٹی باتیں کیں۔
فعلَه غَيْرَ مَرَّةٍ: کئی مرتبہ یہ کام کیا۔
عندي غيرُ كتاب. میرے پاس ایک سے زائد کتابیں ہیں۔
الغَيْرُ: تبدیلی۔
(۲) (قانون میں) مقدمہ کا تیسرا فریق۔
الغِيَرُ: غِيَرُ الدهر: زمانے کے بدلتے احوال وحوادث۔
يقال: لا أرانی الله بك غِيَرًا۔
قيل: مفرده: غِيرة۔
و قيل: هو مفرد۔
(ج) أغيار۔
الغَيْرِيَّةُ ہر چیز کا دوسری سے مختلف ہونا (مج)
(۲) اجنبیت (خلاف الانانية) (مج)
المُتَغَايِرُ من الموادّ وہ چیز جس کے اجزاء

باہم مختلف ہوں (ج)
غَيِسَ - غَيَسًا نرم و نازک ہونا۔
يقال: غَيِسَتِ المرأةُ و غَيِسَ الشَّعرُ هو
اَغْيَسُ هي غيساء۔
(ج)غِيسٌ۔
يقال: لِمَّةٌ عيساء گھنی زلف۔
الغَيْسَانُ جوان کا جوبن' آغاز۔
يقال: فلانٌ يتقلَّب في غَيْسَانِ شبابه
الغَيْسَانِيُّ خوبصورت گویا وہ حسن قامت اور
اعتدال میں مثل شنی ہے۔
غَاضَ الماءُ ـِ غَيْضًا و مَغَاضًا و مَغِيضًا:
پانی کا زمین میں اتر کر جذب ہو جانا۔
-الدِّرَّةُ دودھ رک جانا اور کم ہو جانا۔
-ثمنُ السِّلعَةِ سامان کی قیمت کم ہو جانا۔
- الكرامُ شریف لوگوں کا چلے جانا' کم ہو
جانا۔
يقال: غاضَ الكرامُ غَيْضًا و غاض
اللّئامُ غيضًا شرفاء کا فقدان ہو گیا جبکہ
رذیلوں کی بہتات ہو گئی۔
-اللّٰهُ الثمنَ و الماءَ اللہ کا پانی یا قیمت کو کم کر
دینا۔
يقال: غِيضَ الماءُ پانی زمین میں جذب ہو
گیا۔ هو مَغِيضٌ۔
اَغَاضَ الماءَ و الثمنَ غَاضَهما
غَيَّضَ الأسدُ شیر کا جھاڑیوں سے مانوس ہو
جانا۔
-فلانٌ الماءَ و الثمنَ غاضهما
-و معه آنسو روکنا اور کم کرنا۔
اِنْغَاضَ الماءُ غاض
الغَيْضُ اسقاط شدہ نامکمل بچہ۔
(۲) جھاؤ وغیرہ کے گھنے درخت۔
(۳) کم۔
يقال: اَعطاهُ غَيْضًا من فيض اسے بہت
میں سے تھوڑا دیا۔
الغَيْضُ شگوفہ۔
الغَيْضَةُ جھاڑی۔
(۲) گھنے اور بکثرت درختوں والی جگہ۔

(ج)غِيَاضٌ' و اَغْيَاضٌ۔
المَغِيضُ پانی اترنے کی جگہ۔
غَاطَ في الوادي ـِ غَيْطًا: وادی میں داخل
ہونا۔
-في الارضِ چھپ جانا' غائب ہونا۔
غَايَطَ: يقال: بينهما مُغَايَطَةٌ ان دونوں کا
کلام مختلف ہے۔
الغَيْطُ (دیکھئے غوط)
غَاظَه - غَيْظًا بہت زیادہ غصہ دلانا۔
اَغَاظَه غاظه۔
غَايَظَه غاظه۔
-صَاحِبَهُ في العمل شریک کار سے کام میں
مقابلہ کرنا اور اس جیسا کام کرنا۔
غَيَّظَه غاظه
اِغْتَاظَ لازم غاظه
يقال: اِغْتَاظَ على صاحبه' و اغتاظ من
كذا' و اغتاظ من لا شئ اسے اپنے ساتھی
پر غصہ آیا' فلاں بات پر غصہ آیا' خواہ مخواہ غصہ
کیا۔
تَغَيَّظَ لازم غَيَّظَه۔
يقال: غَيَّظه فَتَغَيَّظَ۔
(۲) غصہ کا اظہار کرنا۔
-النارُ آگ بھڑکنے کی آواز آنا۔
قرآن حکیم میں ہے ﴿اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍۢ
بَعِيْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا وَّزَفِيْرًا﴾
-الهاجرة دوپہر کا سخت گرم ہونا۔
الغَيْظُ کسی ناپسندیدہ چیز سے انسان کو لاحق
ہونے والی تبدیلی' غصہ وغیرہ۔
غَافَتِ الشجرةُ ـِ غَيَفَانًا دائیں بائیں
شاخوں کا جھومنا۔
غَيِفَ الشجرُ - غَيَفًا غاف
-الانسانُ ہاتھ پاؤں ڈھیلے پڑنا اور بغیر اونگھ
کے گردن جھک جانا۔
هو اَغْيَفُ' هي غيفاء۔
(ج)غِيفٌ
اَغَافَ الشجرةَ جھکانا
غَيَّفَ بزدلی سے بھاگنا۔


يقال: حمل فلان في الحرب فَغَيَّفَ
-عن الامرِ: رک جانا' پیچھے ہٹ جانا۔
تَغَيَّفَ الشجرُ غاف
يقال: تَغَيَّفَ الرجلُ و تَغَيَّفَ الفرس
-عن الامر. رک جانا' پیچھے ہٹ جانا۔
الغَافُ:

غَيَّقَ فلان في رايه فیصلہ پر قائم نہ رہنا۔
-مالَه: خراب کرنا۔
-الشئَ بصرَه: نگاہ کو پھرا دینا۔
يقال: غَيَّقَ ذلك الامرُ بَصَرَ فلان
تَغَيَّقَ بصرُه: نگاہ پر تاریکی چھا کر اندھیرا کر
دینا۔ مصر اور سوڈان میں اسے غُفق کہتے ہیں
يقال: تَغَيَّقَتْ عَينُه
غَاقِ کوے کی آواز۔
الغَاقُ: سیاہ آبی پرندہ' مچھلی کا شکار کر کے اسے
سرد کھاتا ہے۔
الغَاقَةُ الغاق
غَالَتِ المرأةُ ولدَها ـِ غَيْلاً زمانہ حمل کا
دودھ پلانا۔
-الشئَ غِيالاً و غِيالةً و غُؤولاً چرانا
-فلاناً كذا و كذا کسی کو کسی چیز کی وجہ سے
آفت آنا۔
اَغَالَتِ المرأةُ ولدَها. زمانہ حمل کا دودھ
پلانا۔
هي مُغِيلٌ هو مُغَالٌ۔
-الغنمُ ایک سال میں دو مرتبہ بچے جننا۔
-الشجرُ درخت کا بڑا ہو کر گھنا ہونا اور سایہ
دار ہونا۔
-الرجلُ اپنی عورت سے جماع کرنا جبکہ وہ
اپنے بچہ کو دودھ پلا رہی ہو۔
اَغْيَلَتِ المرأةُ ولدَها غالته
هي مُغْيِلٌ هو مُغْيَلٌ۔
غَيَّلَ وادی میں داخل ہونا۔
اغتالَ الغُلامُ موٹا تازہ ہونا۔
يقال: اغتالَ الساعدُ بازو کا موٹا ہونا۔
-الرجلُ ولدَه بچہ کی شیر خواری کے دوران

اس کی ماں سے جماع کرنا۔
تَغَیَّلَ القومُ دولت مند ہونا۔
(۲) کثیر تعداد والا ہونا۔
-الشجرُ گھنا اور وسیع سایہ دار ہونا
-الاَسدُ الشجرَ درختوں میں گھس کر اپنا گھر بنالینا۔
ھو مُتَغَیِّلٌ۔
الاَغیَلُ شاندار اور بھرے ہوئے جسم والا
الغَیلُ زمانہ حمل میں بچہ کو پلایا جانے والا ماں کا دودھ۔
(۲) سطح زمین پر جاری پانی۔
-من الغلمان: شاندار اور موٹا تازہ لڑکا
-من الارضِ: قریب دکھائی دینے والی دور زمین۔
(۳) گھنا اور گنجان درخت۔
(ج) اَغیال و غُیُول۔
الغِیلُ: وہ وادی جس میں پانی ہو۔
(۲) شیر کا مسکن۔
(۳) گھنے اور گنجان درخت جن میں چھپا جا سکے۔
(ج) غُیُولٌ و اَغیال۔
غَیلَان: امّ غیلان کیکر کا درخت اور یہ فصیلہ قرنیہ سے ببول کے درخت کی ایک قسم ہے۔ اسے طَلح بھی کہتے ہیں۔
الغَیلَۃُ شاندار اور موٹی تازی عورت۔
الغِیلَۃُ: یقال: اَضرَّتِ الغِیلَۃُ بولدِ فلان دوران حمل دودھ پلانے کا عمل یا دودھ پلانے کے دوران بچہ جننا۔
(۲) دھوکہ (دیکھئے غول)
الغَیلَمُ (دیکھئے غلم)
غَامَتِ السماءُ ـِ غَیمًا۔ آسمان کا ابر آلود ہونا۔
یقال: غَامَ الیومُ۔

- فلانٌ الی الماءِ غَیمًا و غَیَمَانًا: سخت پیاس لگنا۔
ھو غَیمَانُ ھی غَیمَی۔
اَغَامَتِ السماءُ: غامت۔
-القومُ: بادل میں ہونا۔
اَغیَمتِ السماءُ: غامت۔
-القومُ سخت پیاس لگنا۔
(۲) بادل میں ہونا۔
غَیَّمتِ السماءُ۔ غامت۔
تَغَیَّمتِ السماءُ۔ غامت۔
الغَیمُ بادل۔
(ج) غُیوم و غیام۔
یقال: شجرٌ غَیِّمٌ: گھنے درخت جن میں چلنے کا راستہ نہ ہو۔
الغَیمَۃُ: بادلوں کا ایک ٹکڑا۔
(۲) سخت پیاس۔
الغَیُومُ۔ یقال: یومٌ غَیُومٌ: ابر والا دن۔
المَغیُومُ۔ یقال: یومٌ مَغیُومٌ: بہت ابر والا دن۔
غَانَتِ السماءُ ـِ غَینًا ابر آلود ہونا۔
(۲) بارش برسانا۔
-النفسُ: جی متلانا۔
غِینَ علی الرجل: بھول اور غفلت طاری ہونا۔
-بفلان: بے ہوشی طاری ہونا۔
-بہ: قرض کا کسی کو گھیر لینا۔
-علی قلبہ: خواہش نفس کا سوار ہونا۔
غَیِنَتِ الشجرۃُ ـَ غَیَنًا: درخت کا گھنی شاخوں اور نرم پتوں والا ہونا۔
الوادی اَغیَنُ والشجرۃُ غَینَاء (ج) غِینٌ۔
اُغِینَ علی قلبہ غِینَ علی قلبہ
-بالرّجل بے ہوشی طاری ہونا۔

-بہ: قرض کا کسی کو گھیر لینا۔
الغَانَۃُ: تانت کے سرے کا حلقہ۔
الغَینُ بادل (لغۃ فی الغیم)
(۲) گھنا اور گنجان درخت۔
الغَینَۃُ پہاڑ یا ہموار زمین میں لگے ہوئے درخت جن کے پاس پانی نہ ہو۔
الغَیہَبُ (دیکھئے غہب)
اَغیَا الرجلُ انتہائی شریف و باعزت ہونا۔
یقال: اَغیَا الامرُ تکمیل کو پہنچنا۔
اَغیَا الفرسُ فی سباقہ۔ دوڑ کی حد کو پہنچنا۔
-علیہ السحابُ: بادل کا کسی پر سایہ کرنا۔
-الغَایَۃَ حد کا نشان مقرر کرنا۔
غَایَا فلانٌ فلانا کسی مقصد میں کسی کے ساتھ شریک ہونا۔
غَیَّا الغَایَۃَ حد کا نشان مقرر کرنا۔
-فلانًا کسی کے لئے مقصد متعین کرنا۔
-الشیٔ کسی چیز کی انتہا مقرر کرنا۔
ھو مُغَیًّا۔
تَغَایَا: یقال: تَغَایَوا علیہ حتی قتلوہ اس کے خلاف اسے قتل کرنے تک باہم تعاون کرو اور اکٹھے رہو۔
الغَایَۃُ انتہا
غایۃ کل شیٔ: ہر چیز کی انتہا، حد۔
(۲) جھنڈا۔ (ج) غایٌ و غایات۔
یقال: غایتك ان تفعل کذا تمہارے اندر صرف اتنا ہی کرنے کی طاقت ہے۔
غایۃ الامر کسی کام سے مقصود فائدہ۔
یقال: فلان بعید الغایۃ پختہ رائے رکھنے والا۔
الغَیَایَۃُ ہر وہ چیز جو انسان کے سر کے اوپر سایہ فگن ہو۔ جیسے بادل گرد یا درخت وغیرہ کا سایہ۔
(الغَیَّۃُ) (دیکھئے غوی)



الفاءُ حروف ہجائیہ کا بیسواں حرف جو کہ مھموسہ اور رخوہ میں سے ہے اور اس کا مخرج ثنایا علیا کے اطراف اور اوپر کے ہونٹ کے مابین ہے۔
فاء حرف مہمل ہے اس کا کوئی عمل نہیں۔ مختلف طریقوں سے آتا ہے۔
-عاطفہ اور تین چیزوں کا فائدہ دیتا ہے۔
-الترتیب پھر ترتیب کی دو قسمیں ہے۔
ترتیب فی المعنیٰ بایں طور کہ معطوف کا معطوف علیہ کے ساتھ بغیر کسی وقفہ کے متصلا لاحق ہونا
جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے
﴿خلقكَ فسوّاكَ فعدَلَكَ﴾
ترتیب فی الذکر یعنی مفصل کا عطف مجمل پر۔
جیسے ارشاد باری تعالیٰ
﴿ونادیٰ نوحٌ ربَّه فقالَ ربِّ اِنَّ ابنِی مِن اَهلِی﴾ الآیة۔
(ب) التعقیب اور یہ ہر چیز میں اس کی مناسبت سے ہے۔
جیسے تزوّج زید فوُلِدَ له
اور بمعنی ثُمّ بھی ہوتا ہے۔
جیسے ارشاد باری تعالیٰ
﴿ثُمّ خلقنا النُّطفةَ علقةً فخلقنا العلقةَ مضغةً فخلقنا المضغةَ عِظامًا فكسَونا العِظامَ لحمًا﴾
بمعنی واو جیسے امرئ القیس کا قول
بسقط اللوٰی بین الدّخول فحومِلِ
(ج) السببیة اور یہ عام طور پر عاطفہ میں ہوتا ہے خواہ بطور جملہ ہو یا بطور صفت۔

پہلا (جملہ عاطفہ) جیسے:
(فوكزَه موسیٰ فقضیٰ عليهِ)
اور اس کے بعد فعل مضارع منصوب ہوتا ہے جب نفی محض یا طلب محض کے بعد واقع ہو۔
جیسے ارشاد باری تعالیٰ
﴿لا يُقضیٰ عليهِم فيموتُوا﴾
دوسرا (عطف صفت) جیسے ارشاد باری تعالیٰ
﴿ثُمّ اِنّكُم اَيُّها الضّالُّونَ المُكذِّبونَ لآكِلُونَ مِن شَجَرٍ مِن زَقُّومٍ فَمالِئُونَ مِنها البُطُونَ فَشارِبُونَ عَلَيهِ مِنَ الحَمِيمِ﴾۔
(۲) فاء جملہ شرط میں بھی واقع ہوتی ہے۔ جب شرط اور جواب شرط اداۃ شرط کی بنا پر مستقبل کے معنی میں ہوں جب جواب شرط واقع پر دلالت کرتا ہو تو فاء کا لانا ضروری ہے۔
جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے
﴿وَاِن يَمسَسكَ بِخَيرٍ فَهُوَ عَلىٰ كُلِّ شَیءٍ قَدِيرٌ﴾
اور اسی طرح جب حرف شرط کی تاثیر کے بغیر دلالت مستقبل پر ہو۔
جیسے ارشاد باری عزوجل ہے
﴿وَما يَفعَلُوا مِن خَيرٍ فَلَن يُكفَرُوهُ﴾
اور ارشاد باری تعالیٰ
﴿مَن يَرتَدَّ مِنكُم عَن دِينِهِ فَسَوفَ يَأتِی اللهُ بِقَومٍ يُحِبُّهُم وَيُحِبُّونَهُ﴾
اور ارشاد عزوجل ہے
﴿وَمَن يَفعَل ذٰلِكَ فَلَيسَ مِنَ اللهِ فِی شَیءٍ﴾

ارشاد خداوندی ہے
﴿اِن كُنتُم تُحِبُّونَ اللهَ فَاتَّبِعُونِی يُحبِبكُمُ اللهُ﴾
۳- فاء زائد ہو اور کلام میں تاکید پر دلالت کرتی ہو۔
جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے۔
﴿قُل اِنَّ المَوتَ الَّذِی تَفِرُّونَ مِنهُ فَاِنَّهُ مُلاقِيكُم﴾
قولك: كل رجل يدخل الدارَ اوفی الدار فله درهم۔
قرآن حکیم میں ہے ﴿وَثِيابَكَ فَطَهِّر﴾
نحو و اَنتَ فرعاكَ الله۔
اَلفَاثُودُ (دیکھئے فلذ)

ف......أ

اِفتَأتَ برأيِهِ و بأمرِهِ اِفتِئاتًا اپنی ہی رائے پر چلنا منفرد ہونا۔
یقال: افتأتَ عليهم برأيه۔
- عليه القول کسی کے خلاف بات گھڑنا تخفیف ہمزہ کے ساتھ یوں کہا جاتا ہے۔
افتات افتیاتا۔
فَأَدَه - فَأدًا دل پر چوٹ لگانا۔
یقال: فاده الداءُ و فأده الخوف۔
-الخُبزَ او اللَّحمَ گرم راکھ میں پکانا۔
فَئِدَ - فَأَدًا دل کی بیماری میں مبتلا ہونا۔
فُئِدَ دل کا مریض ہونا دل پر چوٹ لگنا۔
هو مَفئُودٌ۔
اِفتَأَدَ القومُ گوشت بھوننے کے لئے آگ جلانا۔

-الخبزَ واللحمَ فَأَدَهُمَا۔
تَفَأَّدَتِ النارُ آگ جلنا' بھڑکنا۔
الفُؤادُ دل۔
قرآن حکیم میں ہے
﴿مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأٰى﴾
یقال هو فارِغُ الفُؤادِ: بےغم وحزن وملال' یا بدحال۔
بعض مفسرین نے اس آیت میں یہی معنی لئے ہیں۔ وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى فَارِغًا (ج) اَفْئِدَةٌ۔
الفَئِيدُ آگ پر بھنا اور پکایا ہوا۔
(۲) آگ (۳) بزدل۔
المِفْأَدُ والمِفْآدُ والمِفْأَدَةُ آگ پر بھوننے کی سیخ۔
(۲) تنور میں آگ کریدنے کی چھڑی۔
(ج) مَفَائِيد و مفائد۔
فَأَرَ فلانٌ ـ فَأْرًا چوہے کی طرح مٹی کھودنا۔
-الشیٔ دفن کرنا' چھپانا۔
فَئِرَ المكانُ ـ فَأَرًا بہت چوہے ہونا۔
-الطعامُ او الشرابُ کھانے یا پینے کی چیز میں چوہا گر جانا۔ هو فَئِرٌ۔
اَلْفَأْرُ (چوہا) فصیلہ فارية کی طرف منسوب ایک کاٹنے والا جانور۔ خواہ چھوٹا ہو یا بڑا۔ ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ یوں کہا جاتا ہے: فار۔
(ج) فِئْران و فِيران و فِئَرَةٌ۔
فَأْرُ الظهرِ کمر کا گوشت۔
گھر میں چوہوں کی قلت فقر سے کنایہ کیا جاتا ہے۔
الفَأْرَةُ ایک چوہا۔
وقيل: الفار مذکر اور الفأرة مونث پر بولا جاتا ہے۔
فَأْرُ المِسْكِ مشک کا نافہ۔
(۲) بڑھئی کا لکڑی چھیلنے کا اوزار (محدثہ)
الفُؤارَةُ میتھی اور کھجور کا پکا ہوا مشروب جو زچہ کو دیا جاتا ہے۔
المَفْأَرُ من الاَمْكِنَةِ بہت چوہوں والی جگہ۔
فَأَسَ الخشبَةَ ـ فَأْسًا کلہاڑی سے لکڑی چیرنا۔
یقال: فَأَسَ فلانًا: کلہاڑی مارنا۔
(۲) سر کے پچھلے حصے پر چوٹ مارنا۔
الفَأْسُ ایک آلہ جس کا لکڑی کا دستہ ہوتا ہے اور اس کا پھل چوڑے لوہے کا ہوتا ہے اس سے چیرا جاتا ہے۔ (کدال' بیلچہ' کلہاڑی) (مؤنث)
فَأْسُ اللِّجَامِ گھوڑے کے منہ میں لگام کا لوہا۔
فأسُ الفم منہ کا وہ کنارہ جس میں دانت ہوتے ہیں۔
فأس الرأسِ گدی کے اوپر سر کا پچھلا اوپر کا حصہ۔
(ج) اَفْؤُسٌ' فُؤُوسٌ۔
فَأْفَأَ کلام میں حرف فاء کو زیادہ بولنا۔
هو فَأْفَأٌ و فَأْفَاءٌ۔
فَاقَ ـ فُؤاقًا ہچکی آنا۔
فَئِقَ ـ فَأَقًا ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ میں درد ہونا۔ هو فَئِقٌ۔
تَفَأَّقَ الشیٔ فراخ وکشادہ ہونا۔
الفَائِقُ ریڑھ کی ہڈی کے پہلے مہرے کو پچھلی ہڈی سے ملانے والا حصہ۔
اَلْفَأَقُ ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ میں ہونے والی درد۔
الفُؤاقُ ہچکی لغت فی الفواق۔
(دیکھئے فوق)
فاءَ لَهُ کسی کے ساتھ فِئال کھیلنا۔
فَأَلَهُ بالشیٔ: کسی چیز سے نیک شگون لینے کو کہنا۔
اِفْتَأَلَ بالشیٔ پر امید ہونا۔
تَفَاءَلَ بِهِ اِفْتَأَلَ۔
تَفَأَّلَ به الازم فَأَلَهُ۔
اَلْفَأْلُ قول یا فعل جس سے اچھے نتیجے کی امید ہو۔ ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ یوں کہا جاتا ہے' الفال۔
کبھی ناپسندیدہ چیز میں بھی استعمال ہوتا ہے۔
یقال: لَا فَأْلَ علیكَ تجھے کوئی نقصان نہ پہنچے۔
(ج) اَفْؤُلٌ و فُؤُولٌ۔
الفِئالُ بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک فریق مٹی میں کوئی چیز چھپا کر مٹی کو دو حصوں میں تقسیم کر کے دوسرے فریق سے پوچھتا ہے کہ وہ چیز کس ڈھیری میں ہے۔
المُفَائِلُ فِئال کھیلنے والا۔
فَأَمَ من الماءِ ـ فَأْمًا سیراب ہونا۔
-في الماءِ پانی کی جگہ منہ لگا کر پینا۔
-الحیوانُ گھاس سے منہ بھرنا۔
اَفْأَمَ السَّرْجَ او الدَّلْوَ و نحوهما پھیلانا' بڑھانا' بڑا کرنا۔
فَأَّمَ الرَّحلَ پالان کو بڑھانا۔
-السَّرْجَ او الدَّلْوَ و نحوهما افأمه۔
الفِئَامُ ہودج میں بچھایا جانے والا کپڑا۔
(۲) لوگوں کی جماعت۔
(ج) فُؤُم۔
الفُؤْمَةُ ٹکڑا۔
(ج) فُؤَم۔
یقال: قَطَّعُوْهُ فُؤَمًا اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔
فَأَى رأسَه ـ فَأْوًا و فَأْيًا سر پھاڑنا۔
اِنْفَأَى پھٹنا۔
تَفَأَّى الشیٔ پھٹنا' دراڑ پڑنا۔
الفَأْوُ دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی۔
الفِئَةُ گروہ۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةً بِاِذْنِ اللّٰهِ﴾
(ج) فِئَاتٌ و فِئُونَ۔
فَتِئَ ـ فَتْأً۔ یقال: مَافَتِئَ يَفْعَلُ كذا وہ مسلسل یوں کرتا رہا۔
قرآن حکیم میں ہے:
﴿قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ﴾
یعنی برابر ان کا ذکر کرتے رہوگے۔
اس آیت میں قسم کے بعد اور فعل مضارع سے پہلے نفی اگرچہ مذکور نہیں لیکن ملحوظ ضرور ہے۔
فَتَهُ ـ فَتًّا توڑنا' ریزہ ریزہ کرنا۔

ف ت

هو فاتٌ۔
والمفعول. مَفْتُوتٌ و فَتِيتٌ و فَتُوتٌ
يقال فَتَّ في عَضُدِهٖ طاقت ختم کرنا' کمزور کرنا۔
فَتَّتَ الشيئَ مبالغہ فتّ۔
انْفَتَّ لازم فتّه۔
تَفَتَّتَ الشيئُ ٹوٹنا' ٹکڑے ہونا۔
الفُتَاتُ من الشيئ. چورا' ریزہ' برادہ۔
الفَتُّ چٹان کا شگاف۔
(۲) شوربے وغیرہ میں خوب ڈوبا ہوا روٹی کا ٹکڑا (مو) اور وہ ثرید ہے۔
(ج) فتوت۔
الفَتَّةُ والفِتَّةُ کھجوروں کا ڈھیر۔
(۲) ثرید (مو)
الفَتُوت المفتوت۔
الفَتِيتُ الفَتُوتُ (۲) گر کر ریزہ ہو جانے والی چیز۔
الفَتِيتَةُ ریزہ' روٹی وغیرہ کا ٹکڑا۔
(ج) فَتَائِتُ۔
فَتَحَ بين الخَصْمَيْنِ - فَتْحًا فریقین کا فیصلہ کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے
﴿رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَ بَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ﴾
-عليه رہنمائی کرنا' راہ دکھلانا۔
يقال. فتح على القارئ بھولی ہوئی چیز کو پڑھ کر بتانا۔
(۲) کسی کے لئے خیر کی راہیں ہموار کرنا۔
-المُغْلَقَ بند چیز کو کھولنا۔
يقال فَتَحَ البابَ والصندوقَ و القُفْلَ۔
يقال فتح الكتابَ کتاب کے موڑ یا سلوٹ کھولنا۔
فتح الطريقَ راستہ بنانا اور گزرنے کی اجازت دینا۔
فتح الجلسة میٹنگ کا آغاز کرنا۔
فتح في الميزانية اعتمادًا بجٹ میں کسی کام پر خرچ کرنے کے لئے رقم مقرر کرنا (یہ تینوں معنی مُولّد ہیں)
فَتَحَ لفلان قَلبَه کسی پر اعتماد کرنا' راز دار بنانا۔
-البلدَ قبضہ کرنا۔
-اللهُ قلبَه للأمرِ کسی کام کے لئے شرح صدر کرنا۔
فَاتَحَه في الأمرِ. کسی معاملہ میں کسی بات کا آغاز کرنا۔
(۲) کسی کے پاس مقدمہ لے جانا۔
-فلانًا کسی سے بھاؤ کر کے کچھ نہ دینا۔
فَتَّحَ الأَبْوَابَ. دروازے بالکل کھول دینا۔ مبالغہ در فتح۔
افْتَتَحَ الباب و نحوه. کھولنا۔
-العَمَلَ کام کا آغاز کرنا۔
- منه قولهم. افتتح دورة المجمع او المجلس. مجلس یا علمی ادارے کے اجلاس کا افتتاح کرنا۔
يقال: افْتَتَحَ الكَلَامَ باسمِ الله. اللہ کے نام سے شروع کرنا۔
اِنْفَتَحَ البابُ لازم فتحه: کھلنا۔
-الشيُ عن الشيئ ہٹنا' زائل ہونا۔
تَفَاتَحَا كلامًا بينهما: آپس میں دو آدمیوں کا چپکے چپکے بات کرنا۔
تَفَتَّحَ لازم فَتَّحَ۔
-الأَكْمَامُ عن النور کلیوں کا کھلنا۔
-اللَّوْزَةُ عن القطن روئی سے شگوفہ کا نمودار ہونا۔
-في الكلام بات کو پھیلانا۔
(۲) شیخی بگھارنا' فخر کرنا۔
اِسْتَفْتَحَ البابَ فتحه۔
(۲) کھلوانا۔
-فلانًا مدد مانگنا۔
قرآن حکیم میں ہے
﴿وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ﴾
يقال: اِسْتَفْتَحَ فلانٌ عليَّ بفلان فلاں نے میرے خلاف فلاں سے مدد طلب کی۔
الفَاتِحَةُ من الكتاب الكريم سورة الحمد۔
فاتحةُ كل شيئٍ ابتداء' آغاز۔
(ج) فَوَاتِح۔
الفَتَّاحُ مقدمات کا فیصلہ۔
الفَتَاحَةُ مدد۔
الفَتَّاحُ باری تعالیٰ کا نام۔ اس لئے کہ باری تعالیٰ رزق اور رحمت کے دروازے اپنے بندوں کے لئے کھول دیتے ہیں اور لوگوں کے درمیان فیصلہ کرتے ہیں۔
(۲) سیاہ پرندہ جو اپنی دم کو بہت حرکت دیتا ہے۔ اس کی دم کے نیچے والا حصہ سفید ہوتا ہے۔
(ج) فَتَاتِيحُ۔
الفَتَّاحَةُ ڈبے وغیرہ کھولنے کا آلہ۔ (ج)
الفَتْحُ عند اهل العربية. ایسی حرکت جس سے منہ کھل جاتا ہے۔ حرکات کا ایک نام ہے۔
الفُتُحُ کشادہ' کھلا ہوا۔
يقال. باب فُتُح بند نہ ہونے والا دروازہ۔
قارورة فُتُح بغیر ڈاٹ کے بڑے منہ والی بوتل۔
الفَتْحَةُ في الاعراب نصب کی اصل علامت (زبر)
الفُتْحَةُ ادب یا مال جس پر فخر کیا جائے۔ (۲) کشادگی۔
(ج) فُتَحٌ۔
المِفْتَاحُ چابی (کھولنے کا آلہ)
(ج) مَفَاتِيحُ و مَفَاتِحُ۔
قرآن حکیم میں ہے
﴿وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ﴾
المِفْتَحُ المِفْتَاحُ۔
(۲) پانی کی نالی یا چھوٹی نہر۔
(ج) مَفَاتِحُ۔
فَتَخَه - فَتْخًا نرم کر کے موڑنا۔
يقال. فَتَخَ أصابعَ رجليه في جلوسه انگلیوں کو پیر کے اوپر کے حصے کی طرف موڑنا۔
حدیث میں ہے (انه صلى الله عليه وسلم

كان اِذَا سَجَدَ جا فى عضديه عن جَنبيه و فَتَخَ اَصَابعَ رِجْلَيْه)

فَتِخ -فَتَخًا ڈھیلا ہونا' مڑنا۔

-الکفُّ و القدمُ ہتھیلی اور پیر کا نرم ہو کر پھیلنا' دراز ہونا۔

یقال: فَتِخَ الرجلُ ہاتھ پیر کا پھیلا ہوا ہونا۔

-الرِّجلان ٹانگوں کا کم گوشت اور لمبی ہڈیوں والی ہونا۔

یقال: فتِخ الرجل' و فَتِخَ الاسد و نحوه' هو اَفْتَخ هي فَتْخَاءُ۔

(ج) فُتخ۔

یقال: هو اَفْتَخُ الطَّرْف خمار آلود چشم۔

اَفْتَخ سست و ڈھیلا ہونا' سانس پھولنا۔

فَتَّخَ اَصَابعه فَتْخها۔

تَفَتَّخَ انگلی میں چھلا پہننا۔

اَلْفَتَخ ہاتھ اور شانہ کے درمیان کا اندرونی حصہ۔

(۲) نہ بجنے والا پاؤں کا زیور (پازیب وغیرہ)

(ج) فُتُوخ۔

الفَتْخاءُ اونٹنی جس کی پشت پیٹ کی جانب اٹھی ہوئی ہو۔

(۲) نرم بازوؤں والا اعقاب۔

(۳) زم تری جس پر بیٹھا جاتا ہے۔

عموماً اس کا استعمال شہد نکالنے کے لئے ہوتا ہے۔

الفَتْخَةُ سونے یا چاندی کا چھلا جس کا نگینہ نہیں ہوتا ہے جو کہ بنصر (چھوٹی انگلی کے ساتھ والی انگلی) میں پہنا جاتا ہے۔ انگوٹھی کی مانند (ج) فَتَخ فُتُوخ۔

فَتَرَ - فُتُورًا سختی کے بعد نرم ہو جانا یا چستی کے بعد سست پڑ جانا۔

قرآن حکیم میں ہے: ﴿يُسَبِّحُونَ اللَّيْلَ وَ النَّهَارَ لَا يَفْتُرُونَ﴾

یقال: فترت المفاصل. جوڑوں کا ڈھیلا ہونا۔

فتر الماءُ الساخن گرم پانی کا ٹھنڈا ہونا

فَتَرَ البردُ سردی کا کم ہو جانا۔

فَتَرَ الطَّرْفُ نگاہ کا سست پڑ جانا۔

فَتَر عن عمله کام میں کوتاہی کرنا۔

-الی الشئ کسی چیز سے مطمئن ہونا۔

حدیث میں ہے: (مَنْ فَتَرَ اِلَى سُنَّتِي فَقَدْ نَجَا)

-الشئَ فَتْرًا اپنے فِتر سے ماپنا۔

اَفْتَرَ: پلکوں کے کمزور ہونے کی وجہ سے شکستہ نگاہ والا ہونا۔

-الداءُ و نحوه و فلانًا کمزور کرنا۔

فَتَّر فَتَرَ۔

- السحابُ. بادل کا ٹھہر کر برسنے کے لئے تیار ہونا۔

-الشئَ الحارَّ او المؤلم: گرم شے کو ہلکا کرنا یا تکلیف دہ چیز کی تکلیف کم کرنا۔

قرآن حکیم میں ہے: ﴿اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ خَالِدُوْنَ لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ﴾

-العاملَ کارکن سے کوتاہی کرانا۔

- الشرابُ الجسمَ: شراب کا جسم کو سست و ڈھیلا کر دینا۔

الفاتِرُ: نیم گرم۔

یقال: طَرْفٌ فَاتِرٌ: خمار آلود نگاہ (مستحسن صفت)

الفُتَارُ نشہ کی ابتدائی حالت۔

الفُتُور کمزوری۔

الفِتْرُ انگوٹھے اور انگشت شہادت کے سروں کو کھولنے کے وقت درمیان کا فاصلہ۔

(ج) اَفْتَار۔

الفَتْرُ کھجور کے پتوں کی چٹائی جس پر آٹا چھانا جائے۔

الفَتْرَةُ کمزوری' ڈھیلا پن۔

(۲) دو زمانوں یا دو نبیوں کے درمیان کا وقفہ۔

قرآن حکیم میں ہے۔ ﴿يَا اَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلَى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ﴾

فترةُ الحُمَّى بخار کی دو باریوں کے درمیان کا وقفہ۔

فترة الرَّخاءِ اقتصادی خوشحالی کا دور جس میں صنعت کو فروغ ہو اور اجرتوں اور نرخوں میں تیزی ہو (مج)

فَتَشَ عن الشئ - فَتْشًا پوچھنا' تفتیش کرنا' ڈھونڈنا۔

یقال: فَتَشَ الشئَ۔

فَتَّشَ الشئَ و عنه: فتشه۔

-الامورَ و الاعمالَ جانچ پڑتال کرنا' کام کی کامیابی کے لئے کی گئی دقت و اہتمام کا جائزہ لینا۔

الفَتَّاشُ: بہت تفتیش کرنے والا لوگوں کے امور کی کھود کرید کرنے والا۔

المُفَتِّشُ: حکومتی و غیر حکومتی کاموں کا معائنہ کرنے والا افسر (محدثہ)

فَتَقَ الشئَ - فَتْقًا چیرنا۔

قرآن حکیم میں ہے

﴿اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا﴾

یقال: فَتَقَ الثوبَ ادھیڑنا' دھاگے الگ الگ کرنا۔

-المِسْكَ: مشک کی خوشبو تیز کرنے والی چیز اس میں ملانا۔

-القُطْنَ و نحوه روئی دھننا۔

-الکلامَ بات کو پختہ اور واضح کرنا۔

فَتِقَ - فَتَقًا موٹاپے سے بدن کا پھیلا ہوا ہونا

ـهو فَتِقٌ۔

(۲) شگاف پڑنا' پھٹن والا ہونا۔

هو اَفْتَقُ هي فَتْقَاءُ۔

اَفْتَقَ السَّحَابُ بادل چھٹ جانا۔

-الشمسُ آفتاب کا دو بادلوں میں سے ظاہر ہونا۔

-فلانٌ ایسی خشک جگہ پہنچنا جس کے ارد گرد بارش ہوتی ہو۔

(۲) آفت و مصیبت کا مارا ہوا ہو۔

یعنی فقر بھوک' مرض اور قرض کی آفت کا۔

فَتَّقَ. مبالغہ در فتق۔

انفَتَقَ پھٹنا۔

تَفَتَّقَ جگہ جگہ سے پھٹنا۔

-الماشیۃ موٹا ہونا۔
-بالکلام گفتگو میں زبان کا رواں ہونا۔
الفِتاقُ کھجور کی چھال کی سفید جڑ' چہرے کو اس سے صفائی کی وجہ سے تشبیہ دی جاتی ہے۔
(۲) گندھے ہوئے آٹے میں ملایا جانے والا خمیر کا پیڑا۔
(۳) بادلوں کے درمیان سے نکلنے والی سورج کی روشنی۔
الفَتقُ پھٹن۔
(۲) جماعت کی پھوٹ' اختلاف۔
(۳) وہ جگہ جس کے اردگرد بارش ہوئی ہو۔
(۴) صبح (۵) زندگی میں پڑنے والا رخنہ
(۶) پیٹ کے پردے میں شگاف کی وجہ سے آنتوں کا ظاہر ہونے والا حصہ۔
(ج) فُتوقٌ۔
الفَتقَۃُ وہ جگہ جس کے اردگرد بارش ہوئی ہو اور اس پر نہ ہوئی ہو۔
الفَتِیقُ چرب زبان۔ فصیح
(۲) روشن صبح۔
المَفتقُ پھٹن کی جگہ۔
المُفتَقَۃ مصالحوں اور تیل و شہد کا معجون جو موٹا ہونے کے لئے کھایا جائے (محدثہ)
فَتَكَ - فَتكًا جو دل چاہے بے دھڑک کرنا۔
-بہ حملہ کرنا' دھوکہ میں۔
(۲) علی الاعلان مار ڈالنا۔
-فی الخُبثِ بدی میں آگے بڑھنا۔
-فی سلوکه طرز عمل میں بے حیا ہونا۔
اَفتَكَ به فَتَكَ۔
فاتَكَ فلانًا کسی سے مقابلہ کرنا۔
(۲) مہارت فن میں مقابلہ کرنا۔
-الاَمرَ کسی کام پر سختی سے لگنا۔
فَتَّكَ القُطنَ روئی دھنا۔
تَفتَّكَ بامرِه کسی سے مشورہ کئے بغیر کام کرتے رہنا۔
الفَتّاكُ بڑا مہلک۔
فَتَلَ الحبلَ وغیرہ ـِ فتلاً رسی کو بل دینا۔
هو مَفتُولٌ و فَتِیلٌ۔

یقال: فَتَلَ فلانًا عن رأيِه: کسی کو اس کی رائے ہٹا دینا۔
فَتَلَ وجْهَه عنهم: منہ پھیرنا۔
فَتِلَ ـَ فَتَلاً گٹھا ہوا اور طاقتور ہونا۔
یقال: فَتِلَتْ ذراعه: مضبوط پٹھوں والا ہونا۔ هو اَفتَلُ هي فَتلاءُ۔
(ج) فُتلٌ۔
اَفتَلَ السَّلَمُ و السَّمُرُ ببول اور بیری پر پھل آنا۔
فَتَّلَ الشيئَ فَتَلَه۔
انفَتَلَ بل پڑنا (۲) پھر جانا۔
یقال: اِنفَتَلَ عن رأيه و حاجته' وانفتل وجهُه عنهم۔
تَفَتَّلَ لازم فَتَّلَه۔
اَلفَتلُ درخت کے سکڑے ہوئے پتے۔
اَلفَتلَۃُ بیری اور ببول کے پھل کا غلاف خاص طور پر جو اس کی ابتدائی طلوع میں ہوتا ہے۔
(۲) درخت کا سکڑا ہوا پتا' جیسے جھاؤ وغیرہ کے پتے۔
(۳) روئی یا ریشم کا ایک دھاگہ (محدثہ)
(۴) ہاتھ کے پٹھے کی سختی۔
(۵) کیکر کے درخت کا پھل۔
(ج) فَتلٌ۔
(۶) کھجور کی گٹھلی کے بیچ کی جھلی۔
یقال: ما اَغنَی عَنهُ فَتلَۃً اس نے کچھ بھی فائدہ نہ دیا۔
الفَتِیلُ بٹا ہوا' المفتول۔
(۲) انگلیوں سے بٹی ہوئی چیز جیسے دھاگہ یا میل۔
(۳) کھجور کی گٹھلی کے درمیان کا ریشہ۔
یقال: ما اَغنَی عنه فَتِیلاً اس نے کچھ فائدہ نہیں پہنچایا۔
قرآن حکیم میں ہے ﴿بَلِ اللّٰهُ یُزَکِّی مَن یَّشَآءُ وَلَا یُظلَمُونَ فَتِیلًا﴾
(۴) بم یا پٹاخے کی بتی جس کو جلانے سے وہ پھٹ جاتا ہے (محدثہ)
الفَتِیلَۃ چراغ کی بتی۔

(ج) فَتائِلُ۔
فَتَنَ المَعدِنَ ـِ فَتنًا و فُتُونًا جانچنے کے لئے آگ میں پگھلانا۔
یقال: فتنته النار: آگ نے اسے پگھلا دیا۔
-فلانًا مذہب یا رائے سے ہٹانے کے لئے تکلیف دینا۔
قرآن حکیم میں ہے ﴿اِنَّ الَّذِینَ فَتَنُوا المُؤمِنِینَ وَالمُؤمِنٰتِ ثُمَّ لَم یَتُوبُوا فَلَهُم عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُم عَذَابُ الحَرِیقِ﴾
(۲) اللہ کی پاکی بیان کرنا۔
(۳) اس کی عظمت و کبریائی بیان کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے ﴿وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ﴾
- فلانٌ اللہَ: اللہ کو ان تمام چیزوں سے بری و بلند ماننا جو اس کی شان معبودیت و الوہیت کے منافی ہیں۔
- اللّٰہُ فلانًا: خدا کا کسی کو پاک وصاف بنانا اور اسے برکت عطا کرنا۔
تَقَدَّسَ پاک ہونا
- اللّٰہُ: ہر عیب سے بلند و پاک ہونا
ھو مُتَقَدِّسٌ۔
الْقَادِسُ بڑی کشتی
(۲) بیت الحرام
الْقَادُوْسُ: رہٹ میں پانی اٹھانے کی بالٹیوں کی زنجیر جو گھوم کر نیچے سے پانی اٹھا کر اوپر لے جاتی ہے اور کنویں سے پانی کھیت تک لے جایا جاتا ہے۔
(۲) قیف نما ایک بڑا برتن جس میں غلہ ڈالا جاتا ہے جس سے دانے چکی کی طرف اتر جاتے ہیں۔ (ج)
الْقُدَاسُ: بڑی عظمت
(۲) چاندی کے موتی نما دانے
الْقَدَاسَةُ پاکی، برکت (محدثہ)
الْقُدَّاسُ (عیسائیوں کے ہاں) مخصوص طریقہ پر روٹی اور شراب پر دی جانے والی نذر و نیاز (ج) قَدَادِيسُ۔
الْقُدُّوْسُ نقائص و عیوب سے پاک ذات اللہ کی صفات میں سے ایک صفت۔
الْقِدِّيْسُ (عیسائیوں کے ہاں) مومن جو پاک و بلند کردار راہو۔ ھی قِدِّيْسَةٌ (مو)

الْقُدُسُ برکت
حَظِیْرَةُ القدس شریعت یا جنت۔
(۲) وہ پتھر جو پانی کی مقدار معلوم کرنے کے لئے کنویں میں پھینکا جائے کہ پانی زیادہ ہے یا تھوڑا۔
(۳) ریشم۔
الْقُدْسُ: الْقُدُسُ۔
رُوْحُ الْقُدُسِ جبریل امین یعنی پاک روح۔
الروح القُدُس (عیسائیوں کے ہاں) تثلیث مقدس کا تیسرا فرد۔
قُدْسُ الْاَقْدَاسِ (یہودیوں کے ہاں) یہود کے معبد خانہ قبة الهيكل کی سب سے مقدس جگہ۔
الْقَدَسُ چھوٹا پیالہ
(۲) تسلا کیونکہ اس میں صاف کیا جاتا ہے۔
الْمُقَدِّسُ راہب
(۲) زائر قدس۔
الْمُقَدَّسُ مبارک، بابرکت۔
البیتُ المُقَدَّس بیت المقدس
ان دونوں کی طرف منسوب. مُقَدَّسِيٌّ، مَقْدِسِيٌّ۔
الکتاب المُقَدَّس: (یہود کے ہاں) عہد قدیم۔
الکتاب المقدس: (نصاریٰ کے ہاں) دونوں عہد قدیم اور جدید کا مجموعہ
المُقَدَّسَةُ: الارضُ المُقَدَّسَةُ بابرکت جگہ
(۲) ارض فلسطین۔
المَقْدِسُ بیت المَقْدِسُ حرم قدسی۔
قَدَعَ الفرسُ - قَدْعًا دوڑنا۔
- الفحلَ سانڈ کو لوٹانے کے لئے اس کی ناک پر مارنا۔
یقال: قَدَعَ انفه
فحلٌ لا يُقْدَعُ انفه اعلیٰ نسل کا سانڈ۔
- الفرسَ گھوڑے کو روکنے کے لئے لگام کھینچنا۔

یقال: قَدَعَ فلاناً عن الشيءِ: روکنا۔
-السفینةَ کشتی کو پانی میں اُتارنا، دھکیلنا۔
قَدِعَ الرجلُ وغیرہ – قَدَعاً: رکنا۔
(۲) زیادہ رونے سے آنکھوں کا سوجھ جانا۔
ھو قَدِعٌ۔
یقال: قَدِعَتْ عینُه
- العینُ زیادہ دیر کچھ دیکھنے سے نظر کمزور ہو جانا۔
- له الخمسونَ: پچاس سال کے قریب ہو جانا۔
اَقْدَعَه روکنا
یقال: اَقْدَعَ لِسَانَه۔
قَادَعَه کھینچا تانی کرنا۔
اِنْقَدَعَ رکنا
-عن الشيءِ شرمانا۔
تَقَادَعَ القومُ ایک دوسرے کو گزرنے سے روکنا۔
-الفَرَاشُ في النارِ پروانوں کا آگ پر پے درپے گرنا۔
یقال: تَقَادَعَ القومُ لوگوں کا یکے بعد دیگرے مرنا۔
تَقَدَّعَ له بالشَّرِّ برائی پر آمادہ ہو جانا۔
القَدِعُ من الرجال والخیل. تیز رو آدمی یا گھوڑا جو ہوا کی طرح اڑتا ہو۔
-من الماءِ وہ پانی جو کھارے پن یا کسی اور وجہ سے پیا نہ جا سکے۔
القِدْعَةُ من الثیاب چھوٹا جبہ جو پنڈلی سے اوپر ہو۔
القَدِعَةُ کم گو شرمیلی عورت۔
القَدُوعُ من النساءِ القَدِعَةُ
(۲) تک چڑھی عورت۔
-من الخیل وہ گھوڑا جس کو روکنے کے لئے اس کی ناک پر ضرب لگانے کی ضرورت ہو۔
المِقْدَعَةُ لاٹھی جس سے اپنا دفاع کیا جا سکے۔

قَدَفَ الماءَ – قَدْفاً: پانی چلو سے لینا۔
القُدَافُ: چلو بھر پانی۔
(۲) بڑا پیالہ (۳) مٹی کا گھڑا۔
قَدَمَ فلانٌ – قَدْماً: آگے ہونا آگے آنا۔
– قَدَماً: بہادر ہونا
ھو قَدُومٌ و مِقْدام
-القومَ قَدْماً و قُدُوماً: آگے آگے ہونا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿يَقْدُمُ قَوْمَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ﴾
قَدِمَ علی الأمرِ – قُدوماً: کسی کام پر لگنا۔
یقال: قَدِمَ علی العیبِ: عیب کو پسند کرنا۔
-الی الامرِ: قصد کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَقَدِمْنَا إِلَىٰ مَا عَمِلُوا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنَاهُ هَبَاءً مَّنثُورًا﴾
-من سفرہ: سفر سے پلٹنا۔
-البلدَ: داخل ہونا۔
ھو قادِمٌ۔
(ج) قُدُومٌ و قُدَّامٌ۔
قَدُمَ الشيءُ – قِدَماً و قدامَةً: کسی شے کے وجود پر لمبا عرصہ گزر جانا، پرانا ہو جانا۔
ھو قَدِیمٌ۔
(ج) قُدَماءُ و قُدامَی
ھي قدیمَةٌ (ج) قَدائِمُ۔
اَقْدَمَ فلانٌ آگے آنا۔
-علی العمل بلا توقف کام کی انجام دہی میں جلدی کرنا۔
-فلانٌ علی العیب عیب پر راضی ہو جانا۔
-فلاناً: کسی کو آگے کرنا۔
-فلاناً علی الأمرِ و علی قِرْنِه کسی سے فوراً کام شروع کرانا، کسی سے اس کے مد مقابل پر فوراً حملہ کرانا۔
قَدَّمَه آگے کرنا۔
-الشيءَ الی غیرہ. کسی کو کوئی چیز پیش کرنا۔
یقال: قَدِّم رجلك الی هذا الامرِ: پیش قدمی کیجئے۔

تَقَادَمَ الشيءُ: پرانا ہونا۔
تَقَدَّمَ فلانٌ: آگے ہونا۔
-الیه: کسی کے پاس ہونا۔
-الی فلان بکذا: کسی کو کسی بات کا حکم دینا یا اس سے مطالبہ کرنا۔
یقال: فلانٌ یتقدَّم بین یدی اَبیه وہ اپنے باپ کے بغیر ہی کسی کام کو کرنے یا نہ کرنے میں جلدی کرتا ہے۔
-القومَ و علیهم: رتبہ میں ان سے بڑھ کر ان سے آگے ہونا۔
اِسْتَقْدَمَ القومُ ان سے آگے ہونا، سبقت لے جانا۔
-فلاناً کسی کو بلوانا، کسی کی آمد کا طالب ہونا۔
یقال: استقدمه الامیرُ۔
یقلا: فلانٌ مُسْتَقْدِمٌ اِلَيَّ: فلاں میرے خلاف دشمنی کا رجحان رکھتا ہے۔
التَّقَادُمُ: (قانون میں) وہ متعینہ مدت جس کے گزر جانے پر مطالبہ حق یا تنفیذ حکم ساقط ہو جاتا ہے۔
القَادِمُ من الانسان: سر۔
-من الرَّحلِ. پالان کا اگلا حصہ۔
القَادِمَان من الاَطْبَاءِ والضُّرُوعِ: گائے اور اونٹنی کے تھنوں کے سر (ج) قَوَادِم۔
القَادِمَةُ من الجیش: فوج کا ہراول دستہ۔
-من الرَّحلِ پالان کا اگلا حصہ۔
(۲) بازو کے دس بڑے پروں میں سے ایک یا بازو کے اگلے حصے کے چار پروں میں سے ایک۔ (ج) قَوَادِمُ۔
القُدَّامُ لوگوں میں شرافت اور سرداری میں آگے۔
قُدَّامُ ظرف مکان بمعنی امام (آگے)
القِدَمُ زمانہ کا نام۔
یقال: کان کذا قِدَماً: زمانہ قدیم میں ایسا تھا۔
القُدُمُ پیش رفت۔

-مِن الرِّجال بہادر۔
قُدُمٌ طرف بمعنی اِلَی الأمام آگے کی طرف۔
یقال: یمشی فی الحروب قُدُمًا وہ آگے بڑھتا جاتا ہے۔
القَدَمُ انسانی ٹانگ کا وہ حصہ جو زمین پر ٹکتا ہے اور اس کے اوپر پنڈلی ہوتی ہے ان دونوں کے درمیان جوڑ کو رسغ (گٹھ) کہتے ہیں (مؤنث)
(۲) بھلائی یا بدی میں آگے بڑھنا۔
یقال: لفلانٍ قَدَمٌ فی العلم او الکرم و نحوھما۔
یقال: قَدَمُ صدق و قَدَمُ کرم۔
قرآن حکیم میں ہے:
﴿وَبَشِّرِ الَّذِیْنَ آمَنُوْا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ﴾ یعنی بہترین سبقت۔
یقال: له عند فلانٍ قَدَمٌ: فلاں کا فلاں پر احسان ہے۔
(۳) اچھا یا برا انسان کا فعل
-من الرجال: بہادر جنگجو جو جنگ میں لوگوں سے آگے ہو پیچھے نہ ہٹے (اس میں مذکر مؤنث مفرد جمع سب برابر ہیں)
یقال: رجلٌ قَدَمٌ امراۃٌ قَدَمٌ رجالٌ قَدَمٌ نساءٌ قَدَمٌ۔
(۴) ایک فٹ گز کا تہائی حصہ۔
(ج) اَقْدَام۔
القَدِمُ من الرِّجال: بہت اقدام کرنے والا یعنی بہادر۔
القُدْمَةُ: جنگ میں دشمن پر بھرپور اقدام۔
(۲) سبقت، پہل۔
القَدْمَةُ: بڑی صاحب خیر عورت۔
(۲) بہادر عورت۔
-من الغنم: چراگاہ میں آگے آگے رہنے والی بھیڑ بکریاں۔
(۳) معدن کا پیمانہ جس میں دو دندانے ہوتے ہیں ایک ثابت اور دوسرا متحرک ہوتا ہے۔ اس سے لمبائی ناپی جاتی ہے (مو)
القُدَمِیَّةُ: مغرورانہ چال۔
یقال: مشی القُدَمِیَّةَ۔
القَدُوْمُ: بہادر جری بہت زیادہ آگے بڑھنے والا (ج) قُدُمٌ۔
(۲) تراشنے کا آلہ۔ بسولا، تیشہ وغیرہ۔
(مؤنث) (ج) قَدَائِمُ و قُدُمٌ۔
القَدِیْمُ: جس کے وجود پر طویل زمانہ گزر چکا ہو (ج) قُدَمَاءُ و قُدَامَی۔
(۲) متکلمین کے ہاں وہ ذات موجود جس کے وجود کی ابتداء نہیں ہے (اللہ کی صفت یا نام)
القُیْدَامُ: آگے، سامنے۔
یقال: جلست قُیْدامَه: میں اس کے آگے بیٹھا۔
-من کل شیٔ: ہر شے کا اول اور اگلا حصہ
المِقْدَامُ و المِقْدَامَةُ: لڑائی میں بہادر دشمن پر بہت زیادہ اقدام کرنے والا۔
(ج) مَقَادِیْمُ۔
المُقَدِّمُ: اللہ تعالیٰ کا نام۔ وہ ذات جو اشیاء کو سب سے پہلے ان کے مواقع پر رکھتی ہے۔
المُقَدَّمُ من الرَّحْلِ: پالان کا اگلا حصہ
-من العین: ناک سے ملا ہوا آنکھ کا حصہ۔
-من کل شیٔ: ہر چیز کا اول، اگلا حصہ۔
(۲) پولیس اور فوج کا ایک رتبہ، ناتہ سے اوپر اور عقید سے کم درجے کا (مو)
المُقَدَّمَةُ من کل شیٔ: ہر چیز کا اول، اگلا حصہ۔
-من الجیش: فوج کا دستہ جو آگے چلتا ہے۔
منه یقال: مقدِّمة الکتاب، مقدِّمة العلم۔
(۲) اپنے سامنے کا حصہ، پیشانی۔
قَدَا - قَدْوًا: قریب ہونا۔
-الفرسُ و نحوُه: تیز چلنا۔
-الطعامُ: خوش ذائقہ اور خوش بو ہونا
اَقْدَی فلانٌ: سفر سے آنا۔
(۲) دین اور بھلائی پر قائم رہنا۔
(۳) عمر رسیدہ اور قریب الموت ہونا۔
-المِسکُ: مشک کی خوشبو مہکنا۔
قَادَاہُ: یقال: فلانٌ لا یُقَادِیه احدٌ اس کا کوئی مقابل، ہم پلہ نہیں۔
تَقَدَّی الراکبُ علی الدَّابة راستہ صاف رہنے تک سواری پر برقرار رہنا۔
یقال: تَقَدَّتِ الدابةُ بفلان کذا سواری کا سوار کو راستہ سیدھا اور صاف رہنے تک لے کر چلنا (۲) غرور و تکبر سے اترا کر چلنا۔
اِقْتَدَیٰ به کسی کی مشابہت اختیار کرتے ہوئے اس کی طرح کام کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ﴾۔
القَادِیَةُ: چھوٹی سی جماعت جو سب سے پہلے کسی کے پاس آئے۔
یقال: اَتَتْنَا قَادِیَةٌ من الناس (ج) قَوَادٍ۔
القَادْیَانِیَّةُ: مذہبی فرقہ جو مرزا غلام احمد قادیانی ہندی کی طرف منسوب ہے۔ المتوفی سنہ ۱۹۰۷ء۔
القَدَا: بو
یقال: ما اَطیب قَدَا اللَّحم۔
القِدَیٰ: مقدار۔
یقال: هوی منی قِدَیٰ رُمْحٍ: وہ مجھ سے ایک نیزے کے فاصلے پر ہے۔
القَدَاۃُ: القَدَا۔
القَدَاوَۃُ: القَدَا
القِدَۃُ: نمونہ غیر اس کی مشابہت میں اس جیسا عمل کرے۔
القِدْرُ: اصل جس سے شاخیں نکلیں۔
القَدْوَی استقامت۔
القُدْوَۃُ القِدَۃُ
یقال: فلانٌ قُدْوَۃٌ فلاں کی اقتداء کی جاتی ہے۔ لی بك قدوة۔
، القَدِیُّ القَدِیْیُّ من الاَطعِمَةِ ذائقہ دار اور خوشبودار کھانا جو کہ بھوننے اور پکانے میں ہو۔
یقال: طعامٌ قَدٍ و قَدِیٌّ۔

ق ذ

قَذَّه - قَذًّا کاٹنا۔

(۲) برابر کرنا۔

یقال: قَذَّ الرِّیشۃَ تیر کو صاف کرنا۔ کناروں کے پر کھرچنا۔

-السَّھْمَ تیر میں پر لگانا۔

-فلاناً گدی پر مارنا۔

اَقَذَّ السَّھمَ قَذَّه

قَذَّذَ الشئَ برابر کرنا' عمدہ کرنا

یقال: قَذَّذَ شعرہ. بال کاٹنا۔

تَقَذَّذَ القومُ منتشر ہونا۔

الاَقَذُّ من السِّھام وہ تیر جس پہ پر لگے ہوں۔

(۲) سیدھا سادہ جس میں عیب وکجی نہ ہو (ج) قُذٌّ و قِذاذٌ۔

القَاذُّ والقاذَّۃُ یقال۔ فلانٌ فی قتالہ ما یدع شاذًّا ولا قاذًّا وما یدع شاذَّۃً ولا رقاذَّۃً فلاں سے جو بھی ٹکراتا ہے اسے ہلاک کر دیتا ہے۔

القُذاذَۃُ من کل شئ کسی چیز کے گرے ہوئے ریزے۔ جیسے پر' اور سونے' چاندی کا برادہ (ج) قُذاذات۔

القُذانُ کنپٹی پر بڑھاپے کی سفیدی

(۲) پرندے کے دونوں بازوؤں کی سفیدی۔

القُذَّۃ تیر میں لگانے کے لئے' برابر اور تیار کیا ہوا گدھ اور شکرے وغیرہ کا پر۔

حدیث میں ہے (لترکَبُنّ سنَنَ من کان قبلکم حذوَ القُذّۃِ بالقُذّۃ. دو چیزوں میں مکمل یکسانیت' برابری کے لئے ضرب المثل ہے۔

(۲) انسان اور گھوڑے کا کان۔

(ج) قُذَذٌ و قِذاں۔

المَقَذُّ سر کے آخر میں بالوں کے اگنے کی جگہ کی انتہا (گدی) (۲) کان کی جڑ۔

المِقَذُّ' المِقذّۃُ تیر کے کناروں سے پر کھرچنے کا آلہ۔

المُقَذَّذُ من الرجال: پھرتیلا آدمی۔

یقال: رجلٌ مُقَذَّذٌ. جسم ولباس کو بہتر رکھنے والا' سنوارنے والا۔

قَذِرَ الشئَ - قَذَراً: میلا ہونا ھو قَذِرٌ

-الشئَ. میلا یا گندا پانا۔

(۲) میل کی وجہ سے نفرت کرنا اور بچنا۔

قَذُرَ - قَذارۃً. قَذِرٌ ھو قَذِرٌ۔

قَذَّرَہ میلا اور گندا کرنا۔

اَقذَرَہ: میلا یا گندا پانا

-فلاناً: تنگ کرنا۔

تَقَذَّرَہ: قَذِرَہ

اِستَقذَرَ الشئَ. قَذِرَہ

القاذُورَۃُ. میل (۲) برا کام۔ برا لفظ بری بات۔

ومنه الحدیث: فمن اَصاب من ھذہ القاذورۃ شیئاً فَلْیَستَتِر بِستر اللہ۔

-من الرجال. غیر ملنسار یا بدخلق آدمی جس سے میل جول نہ رکھا جائے۔

(۲) جو کئے یا کہے کی پرواہ نہ کرے

(ج) قاذورات۔

القَذَرُ میل (۲) پاخانہ۔

(ج) اَقذارٌ۔

القَذَرَۃُ: رجلٌ قَذَرَۃٌ: قابل ملامت باتوں سے مبرا۔

القَذُورُ: رجلٌ قَذُورٌ. بدخلقی کی وجہ سے لوگوں سے میل جول نہ رکھنے والا۔

-من النساء' مردوں سے کنارہ کش عورت۔

(۲) مکاریوں سے دور رہنے والی عورت۔

المَقذَرُ: یقال: رجلٌ مَقذَرٌ: وہ شخص جس سے لوگ ملنا جلنا پسند نہ کرتے ہوں۔

قَذَعَه - قَذعاً فحش بات کہنا' گالی دینا

-بالعصا لاٹھی مارنا۔

-عن الامر روکنا۔

اَقذَعه وله بری گالی دینا۔

-بلسانه کسی سے زبان زوری میں غالب آ جانا۔

-القولَ: بری بات کہنا۔

-الشئَ: اتفاقاً کسی چیز کو خراب پانا۔

قَاذَعَه: کسی کے ساتھ بدکلامی' گالی گلوچ کرنا۔

تَقَذَّعَ: نفرت کرنا۔

-له بالشرِّ: کسی کے ساتھ بدی پر آمادہ ہونا۔

الاَقذَعُ من الکلام: برا کلام۔

یقال: مَنطقٌ اَقذَعُ۔

القَذِیعُ من الکلام: الاَقذَعُ۔

القَذِیعَۃُ: بہت بری گالی' فحش بات۔

المُقذِعاتُ: فحش باتیں' مغلظات۔

یقال: رَماہُ بالمُقذِعاتِ۔

المِقذَعُ طعن وتشنیع سے پر ہجو۔

المُقذِعاتُ: بری گالیاں۔

القُذَعمِلَۃُ من الاشیاء: معمولی چیز۔

-من النساء: پستہ قد خسیس عورت۔

یقال: مافی السماء قُذَعمِلَۃٌ: آسمان میں ذرا سا بھی بادل نہیں۔

قَذَفَ بالحجر و بالشئ - قَذفاً: زور سے پھینکنا۔

یقال ایضاً: قَذَفَه۔

قَذَفَ البحر بما فیه. دریا کا اپنے اندر سے شکار وغیرہ باہر پھینکنا۔

-فلانٌ بقوله: بغیر سوچے سمجھے بات کرنا۔

-بالشئ علی فلان. کسی پر کوئی چیز پھینکنا۔

قرآن حکیم میں ہے: ﴿بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهُ﴾ ہم حق کو باطل پر اس زور سے پھینکیں گے کہ وہ اسے پیس کر رکھ دے۔

-فلاناً بالشئ: کسی پر کسی بات کی تہمت لگانا۔

یقال: قَذَفَه بالکذب۔

قَذَفَه بالمکروہ. جھوٹ یا برائی کو منسوب کرنا۔

-فلاناً فی البحر او نحوہ دریا یا سمندر وغیرہ میں پھینک دینا۔

قرآن حکیم میں ہے ﴿اَنِ اقْذِفِيْهِ فِي التَّابُوْتِ فَاقْذِفِيْهِ فِي الْيَمِّ﴾
-الْمُحْصَنَةَ پاکدامن عورت پر زنا کی تہمت لگانا۔
تَقَاذَفُوْا بالحجارة ایک دوسرے پر پتھراؤ کرنا۔
-القومُ بکذا: باہم گالی گلوچ کرنا۔
یقال: تقاذفت بهم الفلوات۔
-الفرسُ في جريه. تیز رفتار ہونا۔
الْاَقْذَاف اَقْذَافُ القصر محل کے کنگورے
قَاذِفَةُ القَنَابل (فضائی اسلحہ میں) جہاز جو دشمن پر بم پھینکنے کے لئے تیار کیا گیا ہو (محدثہ)
الْقِذَافُ ہاتھ میں لے کر پھینکی جانے والی چیز۔
(۲) تیز رفتاری۔
یقال: مفازةٌ قِذافٌ لق ودق صحراء
ناقةٌ قِذافٌ چلتے وقت اونٹوں کے آگے ہو جانے والی اونٹنی۔
الْقَذَّاف و الْقَذَّافَةُ: کوئی چیز دور پھینکنے کا آلہ۔
-من القِسِيّ: دور مار کمان۔
الْقِذِّيفَى: یقال: بينهم قِذِّيفَى: سنگ باری۔
(۲) زبردست بدکلامی۔
الْقَذَفُ: جانب' کنارہ۔
(۲) وہ جگہ جہاں سے پھسل کر کوئی گر جائے۔
(۳) دور دراز۔
یقال: مَفَازَةٌ قَذَفٌ' منزلٌ قَذَفٌ فِيْهٌ و نَوًى قَذَف فلاةٌ قَذَفٌ: دور دراز جہاں راہ گیروں کو راہ نہ ملے۔
الْقُذُفُ: القَذَفُ۔
الْقُذْفَةُ القَذَفُ۔
(ج) قُذَفٌ و قِذَافٌ' و قُذُفَاتٌ۔
-من الجَبَلِ: جانب یا چوٹی سے ابھرا ہوا اور ظاہر حصہ۔
یقال: بلغ قُذْفَةَ الجبل و قُذُفاته و اَقْذَافِه. پہاڑ کے دور دراز حصوں پر جا پہنچا (۲) بالکونی'

کنگورہ۔
الْقَذُوْفُ: دور دراز۔
-من القِسِيّ: دور مار کمان۔
الْقَذِيفَةُ پھینکی جانے والی چیز۔
(۲) لوہے کا مخروطی کنارے والا پائپ جو آتش گیر مادے سے بھرا ہوتا ہے۔ جو دشمن پر توپ یا جہاز یا کشتی سے داغا جاتا ہے۔ (محدثہ)
(۳) بدکلامی' بری گالی (ج) قَذَائِفُ۔
الْمُتَقَاذِفُ تیز دوڑنے والا۔
یقال: فرسٌ متقاذِفٌ' سيرٌ مُتَقَاذِفٌ تیز رفتاری' تیز گھوڑا۔
الْمَقَاذِفُ: ہلاکت گاہیں۔
یقال: فلانٌ يَقْذِفُ بنفسه المَقَاذِفَ
قذفت بنا المفازةُ المَقَاذِفَ۔
الْمِقْذَافُ: چپو' لکڑی جس کے سرے چوڑی لوح ہوتی ہے اس سے کشتی کھینچی جاتی ہے (ج) مَقَاذِيفُ۔
(۲) پھینکنے کا آلہ۔
الْمُقَذَّفُ: بہت گوشت والا موٹا گویا اسے اٹھا کر پھینک دیا گیا ہو۔
(۲) لعین جسے بہت لعن طعن کیا جاتا ہو۔
الْمِقْذَفُ: پھینکنے کا آلہ۔
(۲) کشتی کا چپو (ج) مَقَاذِفُ۔
الْمِقْذَفَةُ: المِقْذَفُ۔
(ج) مقاذِف۔
قَذَلَ فلانٌ ـُ قَذْلاً: ظلم و جور کرنا۔
-في الامر: کوشش کرنا۔
-فلانًا: گدی پر مارنا۔
(۲) پیچھا کرنا (۳) عیب لگانا۔
الْقَاذِلُ پیچھے لگانے والا۔
الْقَذَالُ گدی سے اوپر انسان اور گھوڑے کے سر کا آخری حصہ۔
الْقَذَالَان گدی کے دائیں بائیں ملا ہوا حصہ۔
قَذَالُ الفرس: گھوڑے کی پیشانی کے پیچھے لگام کے دونوں تسمے باندھنے کی جگہ۔
(ج) قُذُلٌ' و اَقْذِلَةٌ۔
قَذَمَ له من العطاء ـِ قَذْمًا اپنے مال میں سے بہت دینا۔
قَذِمَ من الماء ـَ قُذْمَةً و قَذَمًا پانی کا گھونٹ لینا۔
الْقُذَامُ کشادہ۔
یقال: بئرٌ قُذَامٌ بہت پانی والا کنواں۔
الْقُذَمُ: بہت عطا کرنے والا۔
الْقُذَمُ سخی لوگ۔
الْقُذْمَةُ من الماء: پانی کا گھونٹ۔
الْقَذُوْمُ من الآبار' القُذَامُ۔
(ج) قُذُمٌ۔
قَذِيَ الشئُ ـَ قَذْيًا' و قَذًى کسی چیز میں تنکے یا گرد پڑنا۔
-العينُ: آنکھ کا کیچ اور چیپڑ نکالنا۔
اَقْذَتْ عينُه: قَذَتْ
هي مُقْذِيَةٌ۔
-عينَه: آنکھ میں تنکا ڈالنا۔
(۲) آنکھ سے تنکا نکالنا۔
قَاذَاهُ: بدلہ دینا۔
قَذَّى عينَه. اَقْذاها۔
هي مُقَذَّاةٌ۔
اِقْتَذَى الطائرُ: پرندے کا آنکھ سے کیچ نکالنا۔
الْاَقْذَاءُ من الناس: نچلے درجہ کے لوگ۔
الْقَذَى: القَذَاة کی جمع آنکھ میں بننے والا کیچ اور چیپڑ وغیرہ۔
یقال: هو يُغْضِيْ على القَذَىٰ وہ ذلت و کلفت برداشت کرتا ہے شکوہ نہیں کرتا (ج) اَقْذَاءٌ و قُذِيٌّ۔
الْقِذَى باریک مٹی جو آنکھ میں گر جائے (ج) اَقْذَاءٌ و قُذِيٌّ۔
الْقَذَاةُ ولادت سے قبل اور بعد خون جو اونٹنی اور بکری خارج کرتی ہے۔ (۲) آنکھ اور پانی میں گرنے والی مٹی وغیرہ (ج) اَقْذَى۔

يقال فلانٌ قَذاةٌ فى عين فلانٍ فلاں فلاں کے لئے باعث تکلیف ہے۔
القَذِى: يقال رجلٌ قَذِى العين: وہ آدمی جس کی آنکھ میں تنکا گر گیا ہو۔

ق ...... ر

قَرَأَ الكتابَ - قِراءةً و قُرْآناً: کتاب کے الفاظ پر غور کرنا اور ان کی زبان سے ادائیگی کرنا۔
(۲) الفاظ کا تتبع کرنا لیکن زبان سے ادا نہ کرنا۔ آج کل اسے قراءة صامتة کہتے ہیں۔
-الآية من القرآن: قرآن کی آیت دیکھ کر یا زبانی تلاوت کرنا۔ هو قارِئٌ (ج) قُرّاءٌ۔
-عليه السلامَ قِراءةً: کسی کو سلام پہنچانا۔
-الشئَ قَرْءاً و قُرْآناً: یکجا کرنا' اکٹھا کرنا۔
أقرأتِ المرأةُ: عورت کا حائضہ ہونا۔
(۲) حیض سے پاک ہونا (ضد) هو مُقرِئٌ۔
-الرَّجلُ: عبادت گزار ہونا۔
-النجومُ: طلوع یا غروب کے قریب ہونا۔
-الرِّياحُ: ہواؤں کا مقررہ وقت پر چلنا۔
-فلاناً: پڑھانا۔ هو مُقرِئٌ۔
يقال: أقرأه القرآنَ۔
-السلامَ: کسی کو سلام پہنچانا۔
قارَأَه مُقارَءةً' قِراءً: کسی کے ساتھ مل کر پڑھنا۔
قرّأ المرأةُ: عورت کو عدت گزرنے کے لئے استبراء رحم تک روکے رکھنا۔
هى مُقرّأةٌ۔
اِقترأ القرآنَ والكتابَ: قرأه۔
تقرّأ: عبادت گزار ہونا (۲) فقیہ ہونا۔
اِستقرأه: کسی سے کچھ پڑھوانا۔
الاستقراءُ: کلی نتیجہ تک پہنچنے کے لئے جزئیات کی تحقیق کرنا۔
أقرأ: قرأ سے اسم تفضیل یعنی سب سے بہتر قاری۔

القارِئُ: عبادت گزار۔
القرآن: محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اللہ کا نازل کردہ کلام جو کہ مصاحف میں مکتوب ہے۔
(۲) قرأت۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ﴾ یعنی قرأت۔
القَرْءُ: حیض (۲) حیض سے پاکی۔
(۳) قافیہ (ج) أقراءٌ' قُروءٌ' أقرُؤٌ۔
أقراءُ الشعرِ: شعر کے قافیے (۲) طریقے اور بحریں۔
القُرّاءُ: عبادت گزار۔
القَرّاءُ: خوش الحان قاری۔
المَقرَأةُ: مسجد یا مزار میں حفاظ قرآن کے بغرض حصول برکت قرآن پڑھنے کی جگہ (مو) (ج) مقارئ۔
قَرَبَ السَّيفَ - قَرْباً: تلوار کے لئے میان تیار کرنا۔
(۲) تلوار کو میان میں داخل کرنا۔
-الإبلَ: سویرے پانی پر آنے کے لئے اونٹوں کو رات میں لے کر چلنا۔
قَرُبَ الشئُ - قُرْباً' و قُرْباناً: قریب ہونا۔
(۲) لگ جانا' مل جانا۔
شدت کے ساتھ روکنے کے لئے کہا جاتا ہے۔
لا تقربْه۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنَىٰ﴾
﴿وَلَا تَقْرَبَا هَٰذِهِ الشَّجَرَةَ﴾
-الرجلُ زوجتَه: ہم بستری کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَلَا تَقْرَبُوهُنَّ حَتَّىٰ يَطْهُرْنَ﴾
قَرِبَ الشئُ - قَرابةً و قُرْباً و قُرْبةً و قُرْبىٰ و مَقرُبةً: قریب ہونا۔ هو قَرِيبٌ
يقال: قَرُبَ منه' قَرُبَ اليه۔
أقرَبَتِ الحاملُ: حاملہ کی ولادت قریب ہونا۔
هى مُقرِبٌ (ج) مَقارِبُ۔

-الدُّمَّلُ: پھوڑے کا پک کر پھٹنے کے قریب ہونا۔
-المستقى الإناءَ: برتن کو کنارہ کے قریب تک بھرنا۔
-فلاناً قِراباً: برتن کو کنارہ کے قریب تک بھرنا۔
-السيفَ والسِّكّينَ: تلوار یا چھری کے لئے میان تیار کرنا۔
(۲) میان میں داخل کرنا۔
قارَبَ الإناءَ: بھرنے کے قریب ہونا۔
الاناءُ قَرْبانُ (اس کی مؤنث قَرْبىٰ)
يقال: اناءٌ قَرْبانُ و قَصعةٌ قَرْبىٰ۔
-فلانٌ فى اموره: معاملات میں میانہ روی اختیار کرنا' حد سے نہ بڑھنا۔
-الخَطْوَ: قدم ملانا۔
-فلانٌ فلاناً: کسی سے اچھی طرح بات کرنا (۲) کسی کا ہم خیال ہونا۔
قَرَّبَ فلانٌ: کمر کے درد میں مبتلا ہونا (۲) کمر پر ہاتھ رکھنا۔
-الفرسُ: کم رفتار سے دوڑنا۔
يقال: جاءَ فلانٌ يُقرِّبُ به فرسُه۔
-الشئَ: نزدیک کرنا۔
يقال: قرّبه منه' قرّبه اليه' قرّبه عنده
-القُرْبانَ: قربانی پیش کرنا۔
-قِراباً: میان بنانا۔
اِقترَبَ القومُ: ایک دوسرے کے نزدیک ہونا
-الوَعدُ: وعدہ کے وقت کا نزدیک آنا۔
يقال: اقترب منه
تَقارَبا: ایک دوسرے کے قریب ہونا
-الزَّرعُ: کھیتی کے پکنے کا وقت قریب ہونا۔
-الوعدُ: وعدہ کا وقت نزدیک آنا۔
تَقرَّبَ اليه: کسی کے نزدیک ہونے کی کوشش کرنا۔
(۲) کسی کے قرب یا حق کے ذریعے وسیلہ اختیار کرنا۔

یقال: تَقَرَّبَ الی الله بالاَعمالِ الصالحة۔
اِستَقرَبَہ کسی کو قریب سمجھنا۔
(۲) کسی کو قریب بلانا۔
التَقَرُّبَاتُ: یقال: ظهرت تقرُّبات الماء: پانی کے آثار اور وہ چھوٹی کنکریاں ہیں جب کنواں کھودنے والا انہیں دیکھتا ہے تو پانی کو قریب خیال کرتا ہے۔
القَارِبُ: چھوٹی کشتی۔
(۲) کشتی نما کا پیالہ جس میں کھانا کھایا جاتا ہے (محدثۃ)
(ج) قَوَارِبُ۔
القِرَابُ: تلوار وغیرہ کی میان۔
(ج) قُرُبٌ و اَقرِبَةٌ۔
(۲) مسافر کا چمڑے کا توشہ دان۔
القُرَابُ: نزدیک۔
یقال: ماهو بعالم و لا قُرابُ عالم: وہ عالم تو کیا عالم کے قریب بھی نہیں۔
یقال: مَعَہ الف دِرهم او قُرابُہٗ۔
یقال: اَتَیتُہٗ قُرَابَ العَشِيّ و قُرَابَ اللّیل: رات کے قریب۔
القَرَابَةُ: رشتہ داری۔
یقال: هم ذَوُو قرابتی ذَوُو قرابةٍ مِنّی
القِرَابَةُ: اگلے دن کے پانی پر پہنچنے کے لئے رات کا سفر
القُرَابَةُ: القُرَابُ۔
القُرْبُ: نزدیکی۔
(۲) رشتہ داری۔
یقال: بینی و بینہ قُرْبٌ۔
(۲) کمر پہلو کوکھ (ج) اَقرابٌ۔
القُرْبُ: القَرابَةُ۔
(۲) وہ کنواں جس کا پانی نزدیک ہو۔
(۳) وہ رات جس کی صبح کو پانی پر پہنچا جائے۔
القُربٰی: رشتہ داری۔
القُربَانُ: ہر وہ ذبح وغیرہ جس کے ذریعے اللہ کا قرب حاصل کیا جائے۔
(۲) بادشاہ کا مصاحب اور درباری
(ج) قَرَابِینُ۔
القُرْبَةُ: القَرَابَةُ۔
یقال: بینی و بینہ قُرْبَةٌ۔
(۲) اعمال صالحہ جن سے اللہ کا قرب حاصل کیا جائے (ج) قُرَبٌ، قُرُبَاتٌ۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَمِنَ الاَعرَابِ مَنْ یُّؤمِنُ بِاللهِ وَالیَومِ الآخِرِ وَ یَتَّخِذُ مَا یُنفِقُ قُرُبَاتٍ عِندَ اللهِ وَ صَلَوٰتِ الرَّسُولِ اَلَآ اِنَّهَا قُربَةٌ لَّهُم﴾
القِرْبَةُ: چمڑے کا مشکیزہ جس کے ایک جانب سوراخ ہو اسے پانی یا دودھ وغیرہ کی حفاظت کے لئے استعمال کیا جائے۔
القَرِیبُ: مکان زمان یا نسب میں قریب۔
یقال: مکانٌ قریبٌ مَحَلَّةٌ قریب۔
هما، هم، هنّ قریبٌ۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿اِنَّ رَحمَةَ اللهِ قَرِیبٌ مِّنَ المُحسِنِینَ﴾ (ج) اَقرِبَاءُ و قُرَبَاءُ۔
یقال، جاؤا قرابَی: وہ ایک دوسرے کے قریب آئے۔
(۲) فارسی شعر کی ایک بحر جس کا وزن: مفاعیلن مفاعیلن فاعلاتن ہے۔
القَرِیبَةُ: قرابت والی، تقرب والی۔
القَوْرَبُ: وہ پانی جس پر کثرت کی وجہ سے قابو نہ پایا جا سکے۔
المُتَقَارِبُ من الرجال: پست قد۔
(۲) شعر کی ایک بحر جس کا وزن: فَعُولُنْ آٹھ مرتبہ ہے۔
المُقَارِبُ: عمدہ اور گھٹیا کا درمیانہ۔
المَقْرَبُ: مختصر راستہ (۲) رات کا سفر۔
المَقْرَبَةُ: القَرَابَةُ۔
- من الطُّرُق: مختصر یا چھوٹا راستہ جو بڑے راستے تک پہنچانے والا ہو۔
(۲) مسافروں کے آرام کی منزل (ج) مَقَارِبُ
المُقرَبَةُ: سواری کے لئے تیار گھوڑا یا اونٹنی
(۲) عمدہ قسم کا گھوڑا جس کی خوبی کی بناء پر اس کا تھان اور چارہ گاہ نزدیک بنائی جائے۔
المُقرَبَاتُ: التَقَرُّبَاتُ۔
القَرَبُوسُ: زین کا ابھرا ہوا کنارہ۔ یہ دو ہوتے ہیں (ج) قَرَابِیسُ۔
قَرِتَ الدَّمُ - قُرُوتًا: سوکھنا۔
یقال: قَرِتَ الظُّفُرُ: ناخن میں خون اکٹھا ہو کر خشک ہو جانا۔
- الرجلُ: خاموش ہو جانا۔
قَرِتَ الرَّجُلُ - قَرَتًا: غم یا غصہ کی وجہ سے چہرے کا رنگ بدلنا۔
یقال: قَرِتَ وجهُہٗ۔
القَرِتُ: خشک جما ہوا۔
قَرَتَہُ الاَمرُ او الغَمُّ - قَرْتًا: کسی بات یا غم کا تکلیف دہ ہونا۔
قَرِتَ - قَرَتًا: محنت کرنا۔
قَرَحَہ - قَرْحًا: زخمی کرنا۔
- فلانًا بالحق: حق کی بنا پر کسی کا استقبال کرنا۔
قَرِحَ - قَرَحًا: ہتھیار یا پھنسیوں کی وجہ سے زخم ظاہر ہونا۔
هو قَرِحٌ۔
یقال: قَرِحَ جلدُہٗ۔
قَرِحَ قلبُہٗ من حُزنٍ۔
- الحیوانُ: جانور کی پیشانی پر ایک درہم کے بقدر یا اس سے کم سفیدی ہونا۔
هو اَقرَحُ۔
- الرَّوضةُ قُرْحَةً: باغیچہ کے وسط میں سفید پھولوں کا ہونا۔ هی قَرحاءُ۔
- ذو الحافر قُرُوحًا: سم والے جانور کا پانچ سال کی عمر کا ہونا اور کیچلی کے قریب والا دانت گر جانا۔ هو قارِحٌ۔
- للشیئ: کسی چیز پر رنجیدہ ہونا۔
اَقرَحَ فلانٌ: پھوڑے، پھنسیوں والا ہونا۔
- ذو الحافر قَرِحَ۔

-فلاناً زخمی کرنا۔
قَارَحَه سامنا کرنا۔
یقال لَقِیَه مُقَارَحَةً: وہ اس سے آمنے سامنے ہو کر ملا۔
قَرَّحَ الشَّجرُ. درخت پر پتے کی نوکیں نکلنا۔
-سِنُّ الصغیر: بچے کا دانت نکلنے والا ہونا۔
-الجسیمَ زخمی کرنا۔
-الوَشْمَ سوئی سے بدن کو گودنا۔
اِقْتَرَحَ بئراً ایسی جگہ کنواں کھودنا جہاں کھدائی نہ کی گئی ہو۔
-الاَمْرَ کسی سے معلوم کئے بغیر کوئی بات ذہن سے نکالنا۔
-الکلامَ برجستہ بولنا۔
-الشئَ پسند اور منتخب کرنا۔
یقال: اقترح علیه صوتَ کذا و کذا۔
-الرایَ رائے یا تجویز پیش کرنا۔
(محدثہ)
تَقَرَّحَ الجَسَدُ: بدن پر پھوڑے پھنسیاں نکلنا۔
-فلانٌ لِلاَمْرِ کسی کام کے پیچھے پڑنا۔
الاِقْتِرَاحُ تجویز برائے غور فکر و تشریح (محدثہ)
القَارِحُ من ذی الحافر سم والا پانچ سالہ جانور جس کے پانچ سال پورے ہو گئے ہوں اور رباعیہ سے متصل دانت کے ٹوٹنے کے بعد اس کی جگہ کیچلی نکل آئی ہو۔
(ج) قَوَارِحُ و قُرَّحٌ۔
ھی قَارِحٌ و قَارِحَةٌ۔
-من الفرس گھوڑے کا دانت ہر سم والے جانور کے دو دانت ہوتے ہیں اوپر والے چار دانتوں کے گرد اور دو دانت نیچے والے چار دانتوں کے گرد اور کل چار انیاب ہوتے ہیں ایک انیاب کو قارح کہتے ہیں۔
القَرَاحُ من کل شئ خالص
یقال ماءٌ قَرَاحٌ۔

-من الارض: کاشت کے لئے کھلی زمین جہاں عمارت نہ ہو (ج) اَقْرِحَةٌ۔
القُرْحُ زخم۔
(۲) اونٹوں کے بچوں کو لگنے والی مہلک خارش۔
(ج) قُرُوحٌ۔
القَرْحَةُ: پھوڑا یا پھنسی جس میں مواد پیدا ہو گیا ہو۔ (ج) قَرْحٌ و قُرُوحٌ۔
ذو القُروح: امرئ القیس شاعر کا لقب۔
القُرْحَةُ القَرْحَةُ
(۲) ایک چھوٹے درہم یا اس سے کم کے بغیر سفیدی جو گھوڑے کی آنکھوں کے درمیان ہو۔
القَرِیحُ زخمی (ج) قَرْحی۔
-من الماء: خالص پانی جس میں کسی چیز کی آمیزش نہ ہو۔
قَرِیحُ السَّحابَةِ. بادل سے برستا ہوا پانی (ج) اَقْرِحَةٌ۔
القَرِیحَةُ من کل شئ: ہر چیز کا پہلا اور ابتدائی حصہ۔
یقال: شربتُ قریحة البئر. کنواں کھودتے وقت سب سے پہلے نکلنے والا پانی میں نے پیا۔
-من الانسان: انسان کی جبلت، فطرت۔
(۲) نیا کلام اور نئی رائے پیدا کرنے کا ملکہ (مو)
(ج) قَرَائِحُ۔
قَرَدَ المالَ - قَرْداً کمانا، جمع کرنا۔
یقال: قَرَدَ لعیاله
قَرِدَ البعیرُ - قَرَداً اونٹ کا بہت چچڑیوں والا ہونا۔ هو قَرِدٌ۔
-الشَّعرُ و الصوفُ. بالوں کا گھونگھریالا ہونا۔
-الاَدِیمُ چمڑے کا خراب ہونا۔
-فلانٌ عجز لسانی سے رک کر خاموش ہونا
-اَسنانُه دانتوں کا چھوٹے ہونے کی وجہ سے مسوڑھوں سے ملا ہوا ہونا۔
یقال: قَرِدَ لَمُه۔

اَقْرَدَ البعیرُ و نحوُه اونٹ کا بہت چچڑیوں والا ہونا۔
فلانٌ: خاموش ہونا، مردہ ہونے کا اظہار کرنا
(۲) بولنے سے عاجز ہو کر خاموش ہونا۔
-الی فلان: کسی کے تابع ہونا۔
اصل اس کی یہ ہے کہ کوا اونٹ کی کمر پر بیٹھ کر اس کی چچڑیاں پکڑے جس سے اونٹ کو راحت ملتی ہے۔
قَرَّدَ فلانٌ تابع ہونا۔
یقال: قَرَّدَ الی فلان۔
-البعیرَ: اونٹ کی چچڑیاں صاف کرنا۔
-فلاناً: کسی کو مہربان بن کر دھوکہ دینا۔
تَقَرَّدَ الشَّعرُ و نحوہ: بال وغیرہ کا گھونگھریالا ہونا۔
-الدَّقیق و نحوہ. آٹے میں گٹھلیں پڑنا اور پانی کی آمیزش برابر نہ ہونا۔ اسی بارے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول ہے۔ ذُرِّی الدَّقیق و اَنَا احرِّكُ لئلا یتقرَّد۔
القُرَادُ: ایک قسم کا کیڑا جو بہت ٹانگوں والا ہوتا ہے اور چوپاؤں اور پرندوں پر گزر بسر کرتا ہے اس کی متعدد اقسام ہیں۔
الواحدة: قُرَادَةٌ۔
(۲) پستان کی نوک (ج) قِرْدَانٌ۔
القِرْدُ: بندر، چار ٹانگوں والا حیوانات لدیية کی ایک قسم جو نقالی کا حریص ہوتا ہے۔
انسان کے سب سے زیادہ مشابہ جانور ہے۔
(ج) اَقْرَادٌ و قُرُودٌ و قِرَدَةٌ۔
القَرَدُ جھڑی ہوئی اون۔
(۲) کھجور کے پتے اتاری ہوئی شاخ۔
القَرَّادُ: بندر سدھارنے والا، مداری۔
القَرُودُ: تابع، پرسکون۔
قَرْدَحَ فلانٌ چھوٹا ہو جانا، حقیر و ذلیل بن جانا، ماتحت بن جانا۔
اِقْرَنْدَحَ الرَّجُلُ و غیرُه شر کے لئے تیار ہونا۔

ھو مُفْرَنْدِحٌ۔
-لفلان کسی پر غلط الزام عائد کرنا۔
القَرْدَحَۃُ گلے کی ہنسلی کا ابھرا ہوا کون حصہ۔
اس کا نام تُفّاحۃ آدم ہے۔
القُرْدُوحُ بڑا ڈیل ڈول کا بندر۔
القَرْدَدُ بلند ہموار سخت زمین۔
القُرْدُودُ القَرْدَدُ (ج) قَرادِیْدُ
القُرْدُودَۃُ پیٹھ کی ہڈی کا مہرہ۔
(۲) پہاڑ کا بالائی حصہ (ج) قَرادِیْدُ۔
القِرْدِیدَۃُ من الرجال سخت گفتار آدمی۔
(۲) کمر کے درمیان کی لکیر (ج) قَرادِیْدُ
القِرْدَعُ: اونٹنیوں اور مرغیوں کی جوئیں
واحدتہ قِرْدَعَۃٌ۔
القُرْدُوعُ چھوٹی چیونٹی۔
قَرَّ - قَرِیرًا مسلسل یکساں آواز نکالنا۔
یقال: قَرَّ الطائرُ، والطائرۃُ الحَیَّۃُ۔
-علیہ الماءَ قُرُورًا: پانی ڈالنا۔
قَرَّ الیومُ - قَرًّا: ٹھنڈا ہونا۔
-بالمکان قَرًّا و قَرارًا و قُرُورًا: قیام کرنا۔
تقول: قَرِرت فی ھذا المکان طویلاً
(۲) پرسکون اور مطمئن ہونا۔
قَرَّ الیومُ - قَرًّا: ٹھنڈا ہونا۔
-عینُہ: آنکھ ٹھنڈی، خوش وراضی ہونا۔
ھو قَرِیرُ العین۔
یقال: قَرَّ بھذا الامر عینًا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿کَیْ تَقَرَّ عَیْنُھَا وَلَا تَحْزَنَ﴾۔
اَقَرَّ ٹھنڈک میں داخل ہونا۔
(۲) سنجیدہ اور فرماں بردار ہونا۔
ومنہ الحدیث: انّہ استصْعَبَ ثم ارفضَّ و اَقَرَّ۔
-بالحقِ ولہ حق کا اقرار وتسلیم کرنا۔
یقال: اَقَرَّ علی نفسہ بالذَّنبِ۔
-الشئَ فی المکان: قائم وثابت کرنا۔
-العاملَ علی العمل: کام سے مطمئن ہو کر کاریگر کو کام پر لگائے رکھنا۔
-الرَّایَ: رائے مان لینا، پاس کرنا۔
-اللہ عینَہ: اللہ کا کسی کو خوش کرنا، عطا کرنا۔
قَارَّہٗ: کسی کے ساتھ ٹھہرے رہنا۔
یقال: انا لا اُقَارُّکَ علی مَا اَنتَ علیہ
حدیث میں ہے: (قَارُّوا الصلاۃ) نماز میں سکون کے ساتھ رہو، نہ ہلو اور نہ فعل عبث کرو۔
قَرَّرَ الشئَ فی المکان: اَقَرَّہٗ۔
-الشئَ فی مَحَلِّہ کسی چیز کو اس کی جگہ پر برقرار رکھنا۔
یقال: قَرَّرَ الطّائرَ فی وکرہ، قَرَّرَ العاملَ علی عملہ۔
-فلانًا بالذَّنبِ: کسی سے اعتراف جرم کرانا۔
یقال: قَرَّرَ فلانًا علی الحقِ: کسی سے حق کو تسلیم کرالینا، منوالینا۔
قَرَّرْتُ عندہ الخبرَ حتّٰی استقرَّ: کسی کے نزدیک خبر کو تحقیق کے بعد قابل یقین بنا دینا۔
قَرَّرَ المسالۃَ او الرَّایَ: کسی مسئلہ یا رائے کی تحقیق و وضاحت کرنا (مو)
اِقْتَرَّ الشئُ: قرار پانا، سکون سے ہونا۔
-فلانٌ: ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا۔
-القِدْرُ: دیگچی میں اتنا پکانا کہ اس کے پیندے کے ساتھ تلی لگا دینا۔
-القُرَّۃَ تلی کی کھرچن کو بطور سالن استعمال کرنا
تَقارَّ فی المَکانِ: قرار پانا، سکون سے ہونا۔
یقال: فلانٌ ما یتقارُّ فی مکان۔
حدیث ابوذر رضی اللہ عنہ میں ہے: فَلَم اتقارَّ اَنْ قُمتُ میں جنے بھی نہ پایا تھا کہ کھڑا ہو گیا۔
تَقَرَّرَ الاَمْرُ: طے پانا، ثابت وقائم ہونا۔
-الرایُ او الحکمُ: رائے پاس ہونا۔
فیصلہ ہو جانا (فیصلہ نافذ کرنے والے کا نافذ کرنا)
اِسْتَقَرَّ بالمکانِ قرار پانا، سکون ہونا، قیام پذیر ہونا۔
القارُّ ٹھہرا ہوا، سکون پذیر۔
(۲) ٹھنڈا
القارَّۃُ ہموار کشادہ جگہ۔
(۲) زمین کے خشک حصوں کی تقسیم میں سے ایک بڑا حصہ، براعظم۔
القارُورَۃُ سیال مادہ کو محفوظ کرنے کے لئے شیشہ کی بوتل۔
(۲) خوشبو کی شیشی۔
(۳) عورت، نزاکت سے تشبیہ کی بناء پر۔
حدیث شریف میں ہے: (رِفقًا بالقَوارِیرِ)
(ج) قَوارِیرُ۔
القَرارُ نشیبی جگہ جہاں پانی اکٹھا ہو جائے۔
(۲) فیصلہ، فرمان، رائے جو پاس شدہ ہو۔
(۳) موسیقی کی آخری لے جو بار بار دہرائی جاتی ہے۔
القَرارَۃُ ٹھنڈا پانی جو دیگچی میں پکانے کے بعد اس کو جلنے سے بچانے کے لئے اس پر انڈیلا جاتا ہے۔
(۲) نشیبی جگہ جس کی طرف پانی آ کر اس میں جمع ہو جائے (۲) نشیبی باغ۔
(ج) قَرارٌ۔
یقال: اِنَّ فلانًا لَقَرارَۃُ حُمْقٍ وہ حماقت کا پتلا ہے۔
القُرارَۃُ: ہنڈیا کے نیچے لگ جانے والا شوربہ یا جلا ہوا مسالا یا گھی وغیرہ۔
القَرُّ: حَرّ کے ساتھ لازم (مشاکلت کی بناء پر ہے)
(۲) ہر ٹھنڈی چیز۔
یومُ القَرِّ: یوم النحر سے اگلا دن کیونکہ اس دن لوگ منیٰ یا اپنے مکانات میں قیام کرتے ہیں۔
(۳) ہودج، اونٹ کا کجاوہ۔
القُرُّ ٹھنڈک۔
یقال: وقعتْ بِقُرِّ اس کے کلیجہ میں ٹھنڈک پڑ گئی، اس نے اپنی مراد پالی۔
القِرَّۃُ: یقال: لیلۃ قِرَّۃٌ ٹھنڈی رات
اَصابَھُم قِرَّۃٌ ان کو ٹھنڈ لگ گئی۔

القِرَّةُ ٹھنڈک۔
(۲) انسان وغیرہ کو لگنے والی ٹھنڈ۔
القُرَّةُ وہ چیز جس سے آنکھ کو ٹھنڈک حاصل ہو۔
یقال: هو قُرَّةُ العین: آنکھوں کی ٹھنڈک' باعث خوشی وتسکین۔
فلانٌ فی قُرَّةٍ من العیش: فلاں آسودہ اور خوش عیش ہے۔
(۲) ہنڈیا کے نیچے لگ جانے والا شوربہ' یا جلا ہوا مسالا یا گھی وغیرہ۔
قُرَّةُ العَیْنِ: فصیله خیمیة کی ایک طویل العمر آبی سبزی' حوض' تالاب وغیرہ میں اُگتی ہے۔اس کا پتا کاشت کیا جاتا ہے اور کچا یا پکا کر کھایا جاتا ہے۔جیسے اِسفاناخ اسے کرفس الماء' اور جرجیر الماء بھی کہتے ہیں۔
القَرُوْرُ: ٹھنڈا پانی جس سے غسل کیا جائے
(۲) خوشی سے نکلنے والے ٹھنڈے آنسو۔
- من النِساء: وہ عورت جو اپنے پھسلانے والے کی پرواہ نہ کرے۔
المُسْتَقَرُّ قرار' جاؤ' ٹھہراؤ۔
یقال: لِکُلِّ نَبَاءٍ مُسْتَقَرٌّ: ہر خبر کا ایک وقت مقرر ہے' ایک غایت ہے۔
صَارَ الْاَمْرُ الی مُسْتَقَرِّہٖ: معاملہ اپنی آخری حد' اختتام کو پہنچ گیا۔
المَقَرُّ جائے قرار' جائے قیام۔
(ج) مَقَارٌّ۔
یقال: اذکرنی فی المقارِّ المقدَّسةِ: مجھے مقامات مقدسہ میں یاد رکھئے۔
(۲) وہ جگہ جسے انسان اپنی قیام گاہ بنائے۔
المُقَرِّرُ جماعت کا رکن جو جماعت کے نظریہ کو بیان کرنے والا ہو' ترجمان (محدثہ)
المُقَرَّرُ: امرٌ مُقَرَّرٌ طے شدہ' ثابت
(۲) پاس شدہ فیصلہ۔
(۳) (تدریسی اصطلاح میں) کسی مضمون کے موضوعات کا مجموعہ جو کسی معین مرحلہ میں طالب علم کے ذمے پڑھنے لازم ہوں (محدثہ)
المَقَرَّةُ: چھوٹا حوض جس میں پانی اکٹھا ہو جائے۔
المَقْرُوْرُ: یقال: یوم مَقْرُوْرٌ: ٹھنڈا دن
رجُلٌ مَقْرُوْرٌ: وہ شخص جسے ٹھنڈک لگ گئی ہو۔
قَرَسَهُ البَرْدُ - قَرْسًا: کسی کو سخت سردی لگنا۔
(۲) سردی کا ہاتھ پاؤں کو سن کر دینا۔
-الماءَ: پانی کو بہت زیادہ ٹھنڈا کرنا۔
قَرِسَ البَرْدُ - قَرَسًا: سردی سخت ہونا۔
-الانسانُ: ٹھنڈ لگنا (۲) ہاتھ پاؤں کا سن ہو جانا کوئی کام نہ کر سکنا۔
یقال: قَرِسَتْ اَصَابِعُهُ
اَقْرَسَ العُوْدُ: سخت سردی سے لکڑی کا پانی خشک ہو جانا۔
-البَرْدُ اَصابِعَهُ: سردی کا انگلیوں کو سن کر دینا۔
یقال: اَقْرَسَهُ البَرْدُ: جب انگلیاں سردی سے سن ہو جائیں تو کہا جاتا ہے۔
-الماءَ: پانی کو بہت زیادہ ٹھنڈا کرنا۔
قَرَّسَ الشیءَ: حد سے زیادہ ٹھنڈا کرنا۔
یقال: قَرَّسَ الماءَ فی الاِناءِ۔
-قَرِیسًا: منجمد شے بنا دینا۔
القارِسُ: سخت سردی۔
یقال: اصبح الماءُ قارِسًا۔ پانی کا بہت زیادہ ٹھنڈا ہونا۔
القَرْسُ سخت ٹھنڈک۔
یقال: لیلة ذات قَرْسٍ: سخت ٹھنڈک والی رات۔
(۲) سخت ٹھنڈا پالا' آسمان سے گرنے والی برف اور اس کی کثرت۔
القِرْسُ القَرْسُ۔
(۲) چھوٹے مچھر۔
القَرِسُ: ہر جمی ہوئی شے۔
(۳) سخت سردی۔
القَرِیْسُ: یقال: اصبحَ الماءُ قَرِیسًا۔ پانی جم گیا' برف ہو گیا۔
-من الطعام ٹھنڈا کیا ہوا جما ہوا کھانا۔
یقال: سَمَكٌ قَرِیْسٌ: مچھلی کو پکا کر پتلا شوربہ بنا کر اس میں چھوڑ دی جائے حتیٰ کہ جم جائے۔
قَرَشَ الشیءَ - قَرْشًا: اِدھر اُدھر سے اکٹھا کر کے ملانا۔
یقال: قَرَشَ لعیاله۔ روزی کمانا۔
-من الطعام تھوڑا سا کھا لینا۔
یقال: قَرَشَ فی معیشته: گزر بسر میں تنگی کرنا۔
قَرِشَ - قَرَشًا' قُرْشَةً: سرخ وسفید ہونے کی بنا پر دمکتے ہوئی چہرے والا ہونا۔
اَقْرَشَتِ الشَّجَّةُ: زخم کا ہڈی کو توڑ دینا اور چکنا چور نہ ہو۔
- فلانٌ بفلانٍ: کسی سے چغلی کھانا' کسی کے خلاف بھڑکانا (۲) کسی کو اس کے عیوب سے واقف کرنا
قَرَّشَ بینَ القومِ: چغل خوری کرنا' باہم لڑانا۔
-لعیاله: اہل خانہ کے لئے کمائی کرنا۔
-فلانًا: کسی کو قریشی خاندان کا سمجھنا۔
اِقْتَرَشَ لاَهْلِهٖ: اکٹھا کرنا' کمانا۔
-الرِماحُ: نیزوں کا باہم ٹکرا کر آواز دینا۔
-فلانٌ بفلانٍ: کسی کو نقصان پہنچانے کے لئے چغل خوری کرنا۔
تَقَارَشَ القومُ: باہم نیزہ زنی کرنا۔
-الرِماحُ اِقْتَرَشَتْ
تَقَرَّشَ القومُ: لوگوں کا اکٹھا ہونا
-فلانٌ فی معیشته روزی میں تنگی کرنا۔
-لاهله و عیاله اکٹھا کرنا' کمانا۔
-الرَّجُلُ قریش کی طرف منسوب ہونا۔
(۲) قریش کی مشابہت اختیار کرنا۔
(۳) برائیوں سے بچنا۔
-الرِماحُ اِقْتَرَشَتْ
-المالَ و المتاعَ: اکٹھا کرنا۔
-الشیءَ: کسی چیز کو بالکل ابتدائی ترتیب سے

لینا

القِرشُ ادھر اُدھر سے اکٹھی کی ہوئی چیز۔

(ج)قُرُوش۔

القِرشُ غضروفیہ مچھلیوں کی ایک قسم جو بہت بڑی ہوتی ہے اور اس سے ڈرا جاتا ہے۔

(۲)ایک سکہ جو مختلف ملکوں میں مختلف مقدار کا ہے لیرہ یا جنیہ کا سوواں حصہ ہوتا ہے (مع)

(ج)قُرُوش۔

قُرَیش بنو مضر کی شاخ ایک عرب قبیلہ مکہ معظمہ میں رہائش پذیر ہوا اور حج کے انتظامات کا منتظم ہوا اسی قبیلے سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اس کی طرف منسوب قُرَشِیٌّ و قُرَیشِیٌّ۔

القَرشَةُ گھوڑوں کی (ٹاپوں کی آواز)

(۲)اخروٹ وغیرہ کو ہلانے کی آواز۔

القِرْوَاشُ من الرِّجال: طفیلی

(۲)بڑے سر والا۔

القَرِیشُ سخت

(۳)کم چکنا ایک قسم کا خشک پنیر (مو)

المُقْرِشَةُ سخت قحط کا سال۔

القِرْشَبُ من الرِّجال: بسیار خور۔

(ج)قَرَاشِب۔

قَرَصَه ـُ قَرْصًا: انگوٹھے اور انگلی سے بدن کے کسی حصہ کو پکڑنا جس سے تکلیف ہو (چٹکی بھرنا)

یقال: قَرَصَه بِاصْبَعِه، قَرَصَ جلدَه، قَرَصَ لحمَهٗ، قَرَصَه بظُفُرِه: ناخن سے جلد پکڑنا۔

-البُرْغُوثُ: پسو یا مچھر کا کاٹنا۔

-الحَیَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔

-البَرْدُ فلانًا: سردی کا تکلیف دینا۔

- الشرابُ و نحوُه اللِّسانَ قَرْصًا، قُرُوصَةً کسی شراب کا زبان کو لگنا، منہ کاٹنا

-العَجِینَ: گندھے ہوئے آٹے کے پیڑے کاٹنا پھیلا کر روٹی بنانے کے لئے۔

قَرِصَ الرجل ـَ قَرَصًا: نفرت انگیزی اور غیبت میں مشغول رہنا۔

قَارَصَه: ایک دوسرے کو بدکلامی سے تکلیف پہنچانا۔

یقال: کان بینهما مقارصاتٌ۔

قَرَّصَ: مبالغہ در قَرَصَ

-العَجِینَ: آٹے کو کاٹ کر پیڑے بنانا

- الماءَ پانی کو اتنا زیادہ ٹھنڈا کرنا کہ وہ برداشت نہ ہو۔

تَقَارَصَا: باہم ایک دوسرے کو زبان سے تکلیف دینا۔

القَارِصُ: لب دوز کھٹا دہی۔

(۲) مچھر کی طرح کا' کاٹنے والا ایک چھوٹا کیڑا

القَارِصَةُ: تکلیف دہ کلمہ۔

(ج)قَوَارِص۔

القُرَّاصَیا: فصیلہ وردیہ کا ایک پھل دار درخت' مصر میں یہ لفظ خشک شفتالو پر بولا جاتا ہے۔ جبکہ شام میں خشک آڑو کو کہتے ہیں۔

القُرَّاص: یقال: لجامٌ قُرَّاصٌ: ایسی لگام جو جانور کو تکلیف دے۔

القُرَّاصُ: جرجیر کی طرح کا ایک پودا جو لمبا اور اونچا ہوتا ہے اس کا زرد پھول ہوتا ہے اور اس کی ترشی جرجیز کی ترشی کی مانند ہوتی ہے اور چھوٹے سرخ دانے ہوتے ہیں۔ مویشی اسے پسند کرتے ہیں۔

(۲)فصیلہ قُرَّاصیة کی ایک گھاس جس کے پتلے بالوں کی طرح کانٹے ہوتے ہیں۔ جب انسان اسے چھوتا ہے تو یہ چبھ جاتے ہیں اور اس سے ایک رس نکلتا ہے جس سے ہاتھ کو تکلیف محسوس ہوتی ہے۔

(۳) ورس ایک پودا جس سے رنگائی کی جاتی ہے۔

(۴)خشک گل بابونہ

یقال: احمر قُرَّاص سخت سرخ۔

القُرْصُ: پھیلا ہوا گول ٹکڑا' ٹکیہ۔

-من الشمس: سورج کی ٹکیہ یعنی سورج

یقال: غابَ قُرْصُ الشمس۔

(۲) لوہے کا گھیرا جسے دور پھینکنے میں لڑکے باہم مقابلہ کرتے ہیں (مو)

(ج)أقْرَاصٌ، قِرَاصٌ

القُرْصَةُ: چھوٹی گول روٹی۔

(ج)قُرَص

القَرُوصُ: یقال: لجامٌ قَرُوصٌ: قَرَّاصٌ۔

المِقْرَاصُ: خم دار چھری (مو)

المُقَرَّصُ: حَلْیٌ مُقَرَّصٌ ٹکیہ کی طرح گول۔

(۲) دو چیزوں کے درمیان لگا ہوا گول ٹکڑا

المِقْرَصُ: پانی ٹھنڈا کرنے کا برتن۔

(ج)مَقَارِص۔

قَرْصَعَ فلانٌ: سکڑنا' سمٹنا' چھپنا۔

(۲) خست کی بنا پر تنہا کھانا۔

-المرأةُ: عورت کا بھونڈی چال چلنا۔

-الکتابَ: حروف باریک اور ملا کر لکھنا

تَقَرْصَعَتِ المرأةُ: قَرْصَعَتْ

القُرْصَان: سمندری ڈاکو (مع)

(ج)قَرَاصِنَة۔

القَرْصَنَةُ: بحری جہازوں پر ڈاکہ زنی (مع)

قَرَضَ الشیءَ ـِ قَرْضًا: قینچی یا دانت سے کاٹنا۔

یقال: قَرَضَه بنابه' قَرَضَتْهُ الفارةُ۔

-المکانَ: جگہ سے ہٹ جانا' بچ کر نکل جانا

یقال: قَرَضَه ذاتَ الیمین و قرضه ذات الشمال۔

قرآن حکیم میں ہے: ﴿ وَاِذَا غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ﴾ اور جب وہ (سورج) چھپتا تو انہیں بائیں جانب چھوڑ کر چلا جاتا۔

- فلانًا: بدلہ دینا۔

-الشِعْرَ: شعر کہنا یا نظم تیار کرنا۔

اَقْرَضَه: قرض دینا۔

يقال: أقْرَضَه المالَ وغيرَه۔
أقْرَضَه من ماله
قَارَضَه مُقَارَضَةً و قِرَاضًا قرض دینا
(۲) تجارت کے لئے کسی کو مال دینا اور متعینہ شرائط کے ساتھ منافع میں شراکت کرنا۔
(دیکھئے ضاربہ)
(۳) اچھا یا برا بدلہ دینا' شر میں زیادہ مستعمل ہے۔
يقال: قَارَضْتُهُ الزِّيَارَةَ: میں نے اس سے ملاقات کی تاکہ وہ مجھ سے ملے۔
إقْتَرَضَ من فلانٍ. قرض لینا۔
-عِرْضَه کسی کی غیبت کرنا۔
تَقَارَضَا الشيءَ او الأمرَ. تبادلہ کرنا۔
يقال: هُمَا يَتَقَارَضَانِ الثَّنَاءَ: ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔
الخَصْمَان يَتَقَارَضَانِ النظرَ: فریقین کا ایک دوسرے کو بغض وعناد سے دیکھنا۔
القوم يتقارضون الشعر: باہم شعر گوئی کرنا۔
إسْتَقْرَضَ منه قرض مانگنا۔
القُرَاضَةُ کاٹنے سے گرے ہوئے ریزے۔
يقال: قُرَاضَةُ الذهب والفضة قُرَاضة الثوب کپڑوں کی کٹنگ کے وقت گرنے والی دھجیاں جو پھینک دی جاتی ہیں۔
قُرَاضَةُ الفارِ چوہے کے کترے ہوئے روئی وغیرہ کے ٹکڑے۔
-من المال مال کا ردی حصہ۔
القَرَّاضَةُ بہت غیبت کرنے والا۔
(۲) اون کترنے والا کیڑا۔
القَرْضُ وہ مال جو غیر کو واپس لوٹانے کی شرط پر دیا جاتا ہے۔
(۲) وہ عمل جسے بدلہ کی طلب کی شرط پر کیا جائے
(۳) پہلے کی ہوئی اچھائی یا برائی۔
قرآن حکیم میں ہے ﴿وَأَقْرِضُوا اللهَ قَرْضًا حَسَنًا﴾ القَرْضُ الحَسَنُ تجارتی فائدے اور منافع کے بغیر قرض (مو) (ج) قُرُوضٌ۔
القِرْضُ: القَرْضُ۔
القَرِيضُ: شعر
المِقْرَاضُ: قینچی کا ایک پھلکا جس سے کپڑے وغیرہ کاٹے جائیں اور یہ دو ہوتے ہیں (ج) مَقَارِيضُ۔
(۲) وہ آلہ جس سے ٹکٹ چیکر ریل گاڑی میں ٹکٹ کاٹتا ہے (محدثہ)
يقال: لسانُ فلانٍ مِقْرَاضُ الأعراض
المِقْرَضُ: اِبْنُ مِقْرَضٍ: نیولے جیسا ایک جانور جو اس سے بڑا ہوتا ہے جو کہ فصیلہ سموریہ سے لیکن رتبہ لواحم میں سے ہے (ج)
قَرْضَبَ فلانٌ: حریص ہو کر کھانا۔
(۲) خشک چیز کھانا۔
-الشيءَ: سختی سے کاٹنا۔
-اللحمَ سارا گوشت کھا جانا۔
يقال: قَرْضَبَ الذئبُ الشاةَ۔
القِرْضَابُ: کھانے میں حریص
(۲) چور (۳) شیر۔
-من السُّيوفِ: تیز تلوار جو ہڈیاں کاٹ ڈالے (ج) قَرَاضِبَةٌ۔
قَرِطَتِ المعزى = قَرَطًا: بکری کا کٹے ہوئے لٹکے ہوئے کانوں والی ہونا۔
هو أقْرَطُ' هي قَرْطَاءُ (ج) قُرْطٌ۔
قَرَّطَ الجاريةَ لڑکی کو بالی پہنانا۔
-السِّراجَ چراغ کا گل جھاڑنا یعنی چراغ کا فیتہ جو ایک طرف سے جل چکا ہو تاکہ روشنی اچھی ہو۔
-الكُرَّاثَ و نحوَه في القِدْرِ: ترکاری کو ہنڈیا میں ٹکڑے کرنا۔
-فَرَسَهُ گھوڑے کو ایڑ لگاتے وقت لگام کان کے پیچھے ڈالنا۔
يقال: قَرَّطَ الفرسَ عنانَهُ۔
-الخيلَ: گھوڑے کو تیز چوکڑی بھرنے پر اکسانا' تیز دوڑانا۔
-على فلانٍ: تھوڑا تھوڑا دینا۔
-عليه في الطَّلَبِ: مطالبے میں سختی کرنا (محدثہ)
-اليه رسولاً: عجلت میں قاصد بھیجنا۔
تَقَرَّطَتِ الجاريةُ. بالی پہننا۔
القَارِيطُ. املی کا بیج۔
القِرْطُ: چراغ (۲) چراغ کا شعلہ (۳) آگ۔
القُرَاطَةُ: فیتے کا ایک کنارہ جو جل گیا ہو اور روشنی کے لئے کاٹنا ضروری ہو۔
القُرْطُ: کان کی لو میں لٹکایا جانے والا موتی یا سونا یا چاندی وغیرہ (بالی)
(ج) أقْرَاطٌ' قِرَاطٌ' قُرُوطٌ' قِرَطَةٌ۔
(۲) جھاڑ فانوس (۳) آگ کا شعلہ۔
(۴) فصیلہ قرنیہ کی ایک مشہور یک سالہ گھاس جو بریسم کے مشابہ ہوتی ہے۔
قُرْطَا النَّصْلِ: چھری وغیرہ کے پھل کی دو نوکیں۔
القِرْطُ: ترکاری کی ایک قسم (لہسن کی قسم) جسے كُرَّاثُ المائدة کہتے ہیں۔
القِيرَاطُ. وزن اور پیمائش کا ایک پیمانہ جس کی مقدار مختلف زمانوں میں مختلف رہی ہے جو کہ اب وزن میں گندم کے چار دانوں کے مساوی اور صرف سونے میں گندم کے تین دانوں کے مساوی اور پیمائش میں چیز کا چوبیسواں حصہ۔ جبکہ زمین کی پیمائش میں ایک سو پچھتر میٹر کے مساوی ہے۔
قَرْطَبَ فلانٌ غضبناک ہونا۔
يقال: قَرْطَبَ عليه۔
(۲) تیز دوڑنا۔
-فلانًا: گدی کے بل گرانا۔
يقال: طَعَنَه فَقَرْطَبَه۔
-الجَزُورَ ذبح شدہ جانور کی ہڈیاں اور گوشت

کاٹنا۔

قَرْطَسَ نشانہ بنانا۔

تَقَرْطَسَ ہلاک ہونا۔

القِرْطَاسُ لکھنے کا کاغذ (اس معنی میں قاف پر تینوں اعراب پڑھے جاسکتے ہیں)

(۲) ہر وہ چیز جسے نشانہ کے لئے نصب کیا جائے۔

یقال: رمٰی فقرطس: اَصَابَ القِرْطَاسَ۔

(۳) ایک مصری چادر۔

(۴) جوان اونٹنی۔

-من الحواری دراز قد گوری لڑکی۔

-من الدواب: چوپایہ جس کی سفیدی میں آمیزش نہ ہو۔

(۵) قیف نما لپٹا ہوا کاغذ جس میں دانے وغیرہ رکھے جائیں (محدثہ)

(ج) قَرَاطِیسُ۔

قَرْطَمَ الشیئَ: کاٹنا۔

-الخَفَّافُ الخُفَّ: موزہ ساز کا موزہ کی چونچ بنانا۔

-الشیئَ: پیوند لگانا۔

القُرْطُمُ: فصیلہ مرکبہ کا ایک پودا جو بطور رنگ کے کام آتا ہے اس کا پھول بطور مسالہ اور کھانے کے رنگنے کے کام آتا ہے اس سے سرخ رنگ نکلتا ہے۔

القُرْطُومُ من الخُفِّ: موزہ کی چونچ۔

قَرَظَ القَرَظَ ـِ قَرْظًا قَرَظ درخت کے پتے توڑ کر جمع کرنا۔

یقال: خَرَجَ یقرِظُ۔

-الجلدَ قرظ کے پتوں سے صاف کرنا اور رنگنا۔

یقال: قَرَظَ السِّقَاءَ و نحوہ

قَرُظَ فلانٌ ـُ قَرَظًا معمولی حیثیت کے بعد بلند رتبہ ہوجانا۔

قَرَّظَ فلانًا تعریف کرنا۔

-الکتابَ کتاب کی خصوصیات اور محاسن بیان کرنا۔

تقارَظَا المَدْحَ ہر ایک کا دوسرے کی تعریف کرنا۔

یقال: هما یتقارظان باہم تعریف کرنا۔

القَارِظُ: قرظ کے پتے جمع کرنے والا۔

-من امثالهم: لا یکونُ ذلك حتی یؤوب القارظان یعنی کبھی نہیں ہوسکتا۔

القَرَّاظُ: قرظ کے پتے بیچنے والا۔

القَرَظُ: بہت بڑا درخت جو کہ فصیلہ قرنیہ سے ہے۔ اس کے تنے اخروٹ کے درخت کی طرح سخت ہوتے ہیں اور یہ کیکر کی ایک قسم ہے۔ اس سے ایک مشہور گوند نکلتا ہے۔

واحدته: قَرَظَةٌ۔

القَرَظَةُ: ببول کے پھل کی طرح قرنی پھل جو جڑوں پر جھکا ہوا ہوتا ہے۔ (ج)

القَرَظِیُّ: ادیمٌ قَرَظِیٌّ: قرظ سے دباغت شدہ کھال۔

قَرَعَ الشیئَ ـَ قَرْعًا مارنا۔

یقال: قَرَعَ البابَ: دروازہ کھٹکھٹانا۔

قرع راحلته بالسّوط' قرعَ المسیَّ بالعصا و بالمِقرعة۔

قَرَعَ الدَّلْوُ البئرَ: پانی نہ ہونے کی وجہ سے ڈول کا کنویں سے ٹکرانا۔

-الدَّهْرُ بقوارعه: زمانہ کا مصیبتیں ڈھانا

-فلانًا امرٌ: اچانک کوئی بات پیش آنا۔

-فلانًا بالرُّمحِ: نیزہ مارنا۔

-الدَّابَّةَ بلجامها: جانور کو لگام سے روکنا اور قابو میں کرنا۔

-فلانًا بالحق کسی پر حق نکالنا۔

-ساقَه لِلأمرِ: کسی کام کے لئے کوشاں ہونا' محنت کرنا۔

-له العصا: تنبیہ کرنا۔

ضرب المثل ہے: اِنّ العصا قُرِعَتْ لذی الحلم اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو تنبیہ پر آگاہ ہوجائے۔

-علیه سنّه کسی چیز پر ندامت سے دانت پیسنا۔

-الشیئَ قرعہ سے کوئی چیز اختیار کرنا۔

قَرِعَ الفِناءُ ـَ قَرَعًا صحن کا اہل خانہ اور زائرین سے خالی ہونا۔

-ماءُ البئرِ: کنویں کا پانی ختم ہونا۔

-فلانٌ: گنجا ہونا۔

هو اَقْرَعُ هی قَرْعاءُ۔

(ج) قُرْعٌ' قُرْعَانٌ۔

-النعامةُ: بڑھاپے سے شتر مرغ کے بال گرنا۔

-الفصیلُ اونٹ کے بچہ کا گردن اور پیروں کی پھنسیوں والا ہونا جس سے اس کے بال گر جائیں۔ هو قَرِعٌ' و قریعٌ۔

(ج) قَرْعَی (دونوں میں)

اَقْرَعَ الغائص و المائح غوطہ خور کا زمین تک پہنچنا۔

-المسافرُ مسافر کا منزل کے قریب آنا۔

-الی الحق: حق پر آجانا۔

-من الشیئِ: باز رہنا۔

-بین القوم لوگوں میں قرعہ ڈالنا۔

(۲) لوگوں کو کسی چیز پر قرعہ ڈالنے کا کہنا۔

-فلانًا روکنا۔

یقال: اَقْرَعَ له۔

-فلانًا کلام سے مغلوب کرنا۔

(۲) قرعہ میں مغلوب کرنا۔

-الدّابةَ جانور کو لگام کھینچ کر روکنا' جانور کی لگام کھینچنا جس سے اس کا سر اٹھانا اور اسے روکنا مقصود ہو۔

یقال: اَقْرَعَ الدّابّةَ بلجامها لگام سے روکنا اور قابو میں کرنا۔ هو مُقْرِعٌ۔

-الفحل سانڈ کے پیروں میں رسی باندھنا تاکہ اونٹوں کو نہ مارے۔ هو مُقْرَعٌ۔

-فلانًا عمدہ مال دینا۔

-فلانًا فحلاً کسی کو عمدہ نسل کا نر اونٹ دینا۔

قَارَعَ الاَبْطَالُ لڑائی میں جانبازوں کا باہم شمشیرزنی کرنا۔
-القومُ قرعہ اندازی کرنا۔
یقال: قَارَعَهُ فَقَرعه: اس کے ساتھ قرعہ اندازی کی تو مغلوب کر دیا اور خود قرعہ میں کامیاب ہوگیا۔
-فلاناً بالرمح وغیرہ کسی کو نیزہ مارنا۔
قَرَّعَ فلاناً لعن طعن سے کسی کو تکلیف پہنچانا۔
-المکانَ خالی چھوڑ دینا۔
-الاَقْرَعَ: گنجے کا علاج کرنا۔
اِقْتَرَعُوْ علی شَئٍ کسی چیز کے لئے قرعہ ڈالنا۔
یقال: اقترعوا فیما بینهم۔
-الشئَ پسند کرنا۔
تَقَارَعَ القومُ قرعہ ڈالنا۔
-بالرِّماحِ او السُّیوفِ باہم شمشیرزنی یا تیر اندازی کرنا۔
تَقَرَّعَ الجلدُ کھال کا گنجے کے قریب ہونا۔
-الرجلُ بے چینی سے کروٹیں بدلنا نیند نہ کرنا۔
الاَقْرَعُ گنجے۔
-من العیدان چھال اتری ہوئی لکڑی
(۲) بہت سخت۔
یقال: تُرْسٌ اَقْرَعُ، سَیْفٌ اَقْرَعُ سخت مضبوط ڈھال اور تلوار جو باہم شمشیرزنی میں عمدہ رہے۔
(ج) اَقَارِعُ و قُرْعٌ۔
القَارِعَةُ قیامت (۲) مصیبت۔
یقال قَرَعتهم قوارع الدَّهر۔
(ج) قَوَارِعُ۔
قَارِعَةُ الطریق راستے کا وسط۔
القُرَاعُ جلدی بیماری جس سے بالوں کی نبیوں پر چھپے سے ظاہر ہوتے ہیں اور بال گر جاتے ہیں (ج)
القَرَّاعُ پرندہ ۱۱۱ ایک پرندہ درمیانے حجم کا اپنی مضبوط چونچ سے لکڑی چھیل کر اس میں سوراخ کر دیتا ہے اور اس میں سے حشرات کو اپنی لمبی زبان سے اچک لیتا ہے۔ اس کے پاؤں کی انگلیاں آگے اور دو انگلیاں پیچھے ہوتی ہیں۔ جن سے درختوں کی ٹہنیاں پکڑتا ہے۔ اس کی دم پرا سے درختوں کے ساتھ چمٹنے میں مدد دیتی ہے۔ آسٹریلیا اور مڈغاسکر کے علاوہ تمام دنیا میں پایا جاتا ہے۔ (ج)
القَرَّاعَةُ چقماق جس سے آگ جلائی جائے۔
القَرْعُ فصیلہ قرعیہ کا ایک پودا اس کی متعدد اقسام اس کے پھل کے حصوں کے لئے کاشت کی جاتی ہیں جبکہ کچھ قسمیں خوبصورتی کے لئے۔
واحدته: قَرْعَةٌ۔
اکثر عرب اسے الدُّبَّاء کہتے ہیں۔
القَرَعُ: القُرَاعُ۔
(۲) گھاس والی جگہیں جہاں پودا کوئی نہ ہو۔
(۳) اونٹ کی خارش۔
(۴) اونٹوں سے خالی بڑی ہوئی شتر گاہ۔
(۵) مقابلہ کی دوڑ کی آخری حد۔
القَرِعُ: جو سوتا نہ ہو۔
(۲) خراب ناخن والا۔
یقال: رَجُلٌ قَرِعٌ، ظُفُرٌ قَرِعٌ۔
القَرْعَاءُ: الاقرع کا مؤنث۔
- من الرِّیاضِ: وہ باغ جس کی گھاس مویشیوں نے چر کر بالکل نہ چھوڑی ہو۔
(ج) قُرْعٌ۔
یقال: جاءَ فلانٌ بالسُّوءِ و القرعاء: فلاں نے کھلے طور پر جرم کیا۔
(۳) مال و اسباب تباہ کرنے والی آفت
(۴) خراب ناخن۔
القُرْعَةُ: حصہ۔
یقال: کانت له القُرْعَةُ اِذا قارع اصحابه وہ جب اپنے ساتھیوں کے ساتھ قرعہ اندازی کرتا تھا تو ان پر غالب رہتا تھا یعنی قرعہ اس کے نام نکلتا تھا۔
القَرَعَةُ: سر کے بال اڑنے کی جگہ۔
یقال: ضربه علی قَرَعَةِ راسه۔
(۲) ڈھال۔
القِرْعَةُ من الارض: وہ جگہ جو کچھ نہ اگاتی ہو بنجر زمین۔
القَرُوْعُ: وہ بکری جس پر قرعہ اندازی کی جائے۔
القَرِیْعُ: جفتی کے لئے منتخب کیا ہوا عمدہ نسل کا نر اونٹ (۲) غالب (۳) اونٹ کا بچہ (ج) قُرَعٰی۔
(۴) لڑائی میں مقابلہ کرنے والا۔
(۵) سردار۔
یقال: فلانٌ قَرِیْعُ دهره: زمانے کا بڑا آدمی۔
فلانٌ قَرِیْعُ الکتیبة: فوجی دستہ کا آفیسر۔
المِقْرَاعُ: لوہا جسے گرم کر کے داغ دیا جائے۔
(۲) سخت مصیبت والا زمانہ۔
المَقْرَعَةُ: کدو کا کھیت۔
یقال: اَرْضٌ مَقْرَعَةٌ۔
المِقْرَعَةُ: مارنے کی چھڑی۔
(۲) ہر وہ چیز جس کے ذریعہ قرعہ اندازی کی جائے۔
(۳) ٹیڑھے سرے والی چھڑی جو اکثر بچوں کے مکاتب میں ہوتی ہے (مو)
(ج) مَقَارِعُ۔
قَرَفَ ۔ قَرْفًا: جھوٹ بولنا، گڑبڑ کرنا۔
-لعیاله ادھر ادھر سے کمائی کرنا۔
-الشئَ گھٹیا چیز کی آمیزش کرنا۔
-فلاناً کسی میں عیب نکالنا۔
یقال: قَرَفَه بکذا: کسی بات کا الزام لگانا اور عیب لگانا۔
-الجلدَ کھال چھیلنا۔
یقال: قَرَفَ الشجرةَ۔
قَرَفَ القُرْحَةَ خشک ہو جانے کے بعد زخم کا

کھرنڈ اتارنا۔
-الذَّنْبَ. گناہ کرنا۔
قَرِفَ - قَرَفًا بیماری کے قریب ہونا۔
یقال: اَخشٰی علیك القَرَف۔
اَقْرَفَ الرحلُ او الفرسُ: گھوڑے یا آدمی کے والدین میں سے ایک کا عربی اور دوسرے کا غیر عربی ہونا۔
- وجه فلانٍ: چہرے کا سرخ، چتیوں والا ہونا۔
- الشئَ. کسی چیز کے قریب آنا اور اس کے ساتھ ملنا۔
صرف بدنمائی والی صورت میں کہا جاتا ہے۔
-فلانًا برائی کرنا۔
-المرضُ الرجلَ: مرض کا متعدی ہونا۔ کسی کو دوسرے کی بیماری لگنا۔
یقال: اَقْرَفَه المرض، او اَقْرَفَهُ المریضُ
قَارَفَ الشئَ: کسی چیز کے قریب ہونا اور ملنا۔
یقال: قَارَفَ فلانٌ الذنبَ و الخطیئة
قَارَفَ الجَرَبُ البعیرَ: خارش لگنا۔
اِقْتَرَفَ. کمانا۔
یقال: اِقْتَرَفَ لعیاله: اپنے بال بچوں کے لئے کمانا۔
-المالَ: مال اپنے پاس رکھنا۔
-الذَّنْبَ ارتکاب جرم کرنا۔
-فلانٌ من مرض فلان: کسی کو کسی کی بیماری لگ جانا۔
تَقَرَّفَتِ القَرْحَةُ زخم کا کھرنڈ اُتر جانا۔
القَرَافَةُ قبرستان، ایک یمنی قبیلہ کا نام جو مصر میں قبروں کا مجاور تھا۔ ہر قبرستان پر اس لفظ کا استعمال ہو گیا۔
القُرَافَةُ درخت کی چھال۔
القِرْفُ: سرخ چمڑا۔
یقال: اَحمرُ قَرْفٌ شدید سرخ۔
القِرْفُ من کل شئٍ ہر چیز کے اوپر کی پرت۔

قِرْفُ الشجرة: درخت کی چھال۔
قِرف الرُّمانة: انار کا چھلکا۔
قِرف الخبز: تنور میں لگا رہ جانے والا روٹی کا پاپڑ۔
قِرف الارض. زمین میں سے اکھاڑی ہوئی سبزی اور جڑیں۔
قِرف الوَطْب: مشکیزہ کو لگی رہنے والی دودھ کی تلچھٹ۔
(۲) ناک میں لگی رہنے والی خشک ریزش۔
القَرَفُ: آلودگی۔
(۲) چھوت، متعدی مرض۔
(۳) وباء (۴) بیماری کی واپسی۔
(۵) تہمت (ج) قِرَاف۔
القِرْفَةُ: فصیلہ غاریہ کے درخت کی چھال۔ مشہور ترین چھال سیلانیہ اور صینیہ ہے۔ جو بطور خوشبو کھانوں میں استعمال ہوتی ہے۔
(۲) انار کے چھلکوں کا بنایا ہوا دباغت مسالا۔
(۳) کمائی (۴) بدنمائی، عیب۔
(۵) تہمت (۶) نشانہ تہمت۔
یقال: فلانٌ قِرْفَتِی۔
یقال: بنو فلان قِرْفَتِی میرا گمان یہ ہے کہ فلاں قبیلے کے پاس میری مطلوبہ چیز ہے۔
القَرُوْفُ: بڑا ابائی سرکش۔
(ج) قُرُفٌ۔
المَقْرِفُ: چھال کی جگہ۔
المُقْرِفُ من الوجوه: غیر خوبصورت چہرہ۔
(۲) کمینہ بدذات۔
قَرْفَصَ. دونوں ہاتھ ٹانگوں کے اوپر سے باندھنا۔
القُرْفُصَاءُ سرین پر بیٹھ کر رانوں کو پیٹ سے ملانا اور دونوں ہاتھوں کو پنڈلیوں پر رکھ کر حلقہ بنانا یا گھٹنوں کے بل بیٹھ کر پیٹ کو رانوں سے ملانا اور ہاتھوں کو بغل میں لینا۔
قَرْفَلَ الطعامَ کھانے میں لونگ ڈالنا۔
قَرِقَ - قَرَقًا: شور مچا کر بولنا اور ہنسنا۔

(محدثة)
القَرْقُ انڈوں پر بیٹھی ہوئی مرغی کی آواز۔
القَرْقُ: ہموار میدان۔
(۲) چھوٹے لوگوں کی جماعت۔
القَرِقُ ہموار جگہ جہاں پتھر نہ ہوں۔
قَرْقَرَ فی ضِحکه قَرْقَرَةً قَرْقَرِیرًا کھلکھلا کر ہنسنا۔
-الشرابُ فی حلقه. گلے میں پینے کی چیز کا غرغر کرنا۔
-بطنُه. بھوک یا کسی اور وجہ سے پیٹ بولنا
-الدَّجاجةُ: مرغی کا اس طرح آواز نکالنا جیسے شیشی میں اوپر سے پانی ڈالنے کی آواز آتی ہے۔
القُرَاقِرُ من الحُداۃِ خوش گلو حدی خواہ
القُرَاقِرَةُ اونٹ کے بلبلانے کے وقت نکلنے والے جھاگ۔
القُرَاقِرِیُّ من الرجال بہت بلند آواز والا۔
یقال: حادٍ قُرَاقِرِیٌّ۔
القَرْقَارُ و القَرْقَارَةُ. لمبی گردن والا شیشے کا برتن۔
(۲) اونٹ کی بلبلاہٹ۔
القَرْقَرُ من الارضی: نرم نشیبی جگہ۔
- من الاَودِیَة والقِیعان ہموار وادی یا میدان جہاں نہ درخت ہوں اور نہ پتھر۔
-من البلدةِ شہر کے ظاہری گرد و نواح۔
القَرْقَرَةُ: کبوتر کی آواز۔
(۲) پیٹ کی آواز (۳) زور کی ہنسی
(۴) چہرے کی کھال (ج) قراقر۔
القُرْقُورُ: بڑی لمبی کشتی (ج) قَرَاقِیرُ
القَرْقَفُ: لمبی گردن والا برتن۔
القِرْقِسُ: چھوٹے چھوٹے مچھر۔
(۲) پسو کے مشابہ ایک کیڑا۔
القَرْقُوْسُ صاف سخت میدان جہاں نباتات نہ ہو اور اکثر اس میں آگ کی طرح جلا دینے والے پانی کے منبع ہوں۔

قَرْقَفَ المرود: سردی زدہ کا لرزنا۔
یقال: قرقفت ثنایاہ. دانت بجنا۔
-الفحلُ والحمام فی الھدیر: کبوتر اور نر اونٹ کا زور سے آواز نکالنا۔
یقال: قرقف الرجل فی الضحک: زور سے ہنسنا۔
-المردُ فلاناً سردی کا کسی کو لرزا دینا۔
تَقَرْقَفَ سردی لگنے سے تکلیف ہونا اور دانت بجنا۔
القَرْقَفُ شراب (۲) صاف ٹھنڈا پانی۔
القِرِلّی چھوٹا پرندہ، تیز نگاہ والا، جلد جھپٹنے والا، بہت بچنے والا، چوکنا۔
ھو "ملاعبُ ظِلّہٖ"
قَرَمَ الصغیرُ ـِ قَرْماً قُرُوْماً قَرَمَاناً تھوڑا تھوڑا کھانا، جب اس کا دودھ چھڑا دیا گیا ہو اور کھانا سیکھ رہا ہو۔
-الطعامَ ـُ قَرْماً کھانا کھانا۔
-الشئَ چھینا۔
-فلاناً برا بھلا کہنا، گالی دینا۔
قَرِمَ الفحلُ ـَ قَرَماً نر اونٹ کا آزاد سانڈ ہو جانا۔
-اللحمَ و الیہ گوشت کی خواہش بڑھنا۔
ھو قَرِمٌ۔
أَقْرَمَ الفحلَ نر اونٹ کو آزاد کر کے پالنا۔
قَرَّمَہٗ دودھ چھڑانے کے وقت کھانا سکھانا
-القِدْحَ جوئے کے تیر کو آزمانا۔
تَقَرَّمَ الصغیرُ قَرَمَ۔
اِسْتَقْرَمَ الفحلُ نر اونٹ کا آزاد ہو جانا۔
القِرَامُ منقش پردہ (۲) موٹا اونی کپڑا جو مختلف رنگوں کا ہوتا ہے اس سے پردے یا ہودج کا بستر (فراش) بنایا جاتا ہے (ج) قُرُمٌ۔
القُرَامَۃُ من الخبز تنور میں لگارہ جانے والا روٹی کا پاپڑ یا روٹی کے اوپر سے اتارا ہوا پاپڑ۔
القَرْمُ من الفحول وہ نر اونٹ جسے سواری یا بار برداری سے فارغ کر کے جفتی کے لئے خاص کر دیا جائے۔
-من الرجال: بڑا سردار (ج) قُرُومٌ
القُرْمُ: سمندر کے پانی کے بیچ میں اُگنے والا درخت، چھلکے کی سفیدی اور تنے کی سختی میں چنار کے درخت کے مشابہ ہوتا ہے۔ اس کا پتا بادام کے پتے کی طرح ہوتا ہے۔ اس کا پھل صَومَر کے پھل کے مشابہ ہوتا ہے۔ اسے الشوری بھی کہتے ہیں اور یہ فصیلہ قربیہ سے تعلق رکھتا ہے۔
القُرُمُ: چھوٹے اونٹ۔
(۲) چھوٹے بکری کے بچے۔
القُرْمَۃُ جوئے کے تیروں کا نشان۔
المِقْرَمُ منقش پردہ۔
المِقْرَمَۃُ المِقْرَمُ۔
قَرْمَدَ الشئَ پالش یا رنگ کرنا۔
یقال: قَرْمَدَ الحائطَ بالجصّ چونہ کرنا۔
قَرْمَدَ الثوبَ بالزعفران او الطِّیب کپڑے پر زعفران یا خوشبو ملنا۔
-البناءَ عمارت کو پختہ اینٹ یا پتھر سے بنانا۔
-الشئَ اوپر اٹھانا۔
(۲) تنگ کرنا۔
القَرْمَدُ ہر وہ چیز جسے بطور زینت لگایا جائے۔ ملا جائے جیسے زعفران، چونہ۔
(۲) بنا ہوا پتھر جسے آگ میں پکایا جاتا ہے۔ جس سے عمارت تعمیر کی جاتی ہے یا عمارت کا پردہ (پلستر) کیا جاتا ہے۔
القَرْمُوْدُ پہاڑی بکرے کا بچہ۔
(ج) قَرَامِیدُ۔
القِرْمِیْدُ القَرْمَدُ۔
(۲) مکان کی منزل (ج) قَرَامِیدُ۔
القِرمِزُ گہرے سرخ رنگ کا مادہ رنگائی والا۔
(۳) حباری پرندہ کا چوزہ (ج) قِلاصٌ،
قَلائِصُ: عرب نو عمر لڑکیوں کو بھی کنایۃً قلائص اور قُلُص کہتے تھے۔
المُقَلِّصُ فرسٌ مُقَلِّصٌ: لمبی ٹانگوں اور کسے ہوئے پیٹ والا گھوڑا۔
القَلِیطُ سوجن، فوطوں کی پھیلاوٹ
القَلِیطُ: پھیلے ہوئے فوطوں والا۔
(۲) غرور سے منہ پھلانے والا (محدثہ)
القَلِیطۃُ: القَلِیطُ (مو)۔
قَلاوُوظٌ مسمار قلاووظ: پیچ دار کیل جو گھمانے سے لگتا ہو نہ کہ ٹھونکنے سے (د) اسی سے مشتق ہے قَلْوَظَ: پیچ دار کیل بنانا۔
قَلَعَه ـَ قَلْعًا اپنی جگہ سے اکھاڑنا۔
قَلَعَ الرّاکِبُ ـَ قَلْعًا. سوار کا زین پر نہ جمنا۔
-المُصارِعُ کشتی میں پہلوان کے پیر اکھڑنا۔
یقال: قَلَعَتْ قدمُه هو قَلِعٌ
اَقلَعَ الشئُ. ہٹ جانا، زائل ہوجانا۔
یقال: اَقلَعَ السحابُ ـُ اقلعت الغمّه۔
-السماءُ آسمان کا برسنا بند ہونا۔
قرآن حکیم میں ہے ﴿ویا سَمَاءُ اَقْلِعِی﴾
-عن الامرِ رک جانا، چھوڑ دینا۔
-عنه الحمّی بخار ختم ہوجانا، اتر جانا۔
-المَلّاحُ السفینۃَ. کشتی کی روانگی کے لئے لنگر اٹھانا۔
-المدینۃَ شہر کو قلعہ بند بنانا۔

قَلَّعَه مبالغہ در قَلَعَه
اِقتَلَعَهٗ: قَلَعَهٗ۔
-الشئَ جڑ سے اکھاڑنا۔
اِنقَلَعَ لازم قَلَعَ
- البعیرُ تندرست اونٹ کا یکا یک گر کر مر جانا۔
تَقَلَّعَ فی مشیته: نہ جلدی کرنا نہ سستی کرنا۔ گویا وہ بلند جگہ سے نیچے اتر رہا ہو۔
القِلاعُ: کشتی کا بادبان (ج) قُلُعٌ۔
القُلاعُ: حیوان کو لگنے والا مرض جس سے وہ بغیر کسی ظاہری علت کے گر کر مر جائے۔
(۲) چٹخی ہوئی مٹی۔ جب پانی خشک ہو گیا ہو۔
واحدته: قُلاعَۃٌ۔
(۳) بچوں کی ایک بیماری جو بڑوں کو بہت کم ہوتی ہے۔ جس سے منہ اور حلق میں پھنسیاں نکل آتی ہیں اسکا سبب خاص فطر سے چھوت ہے (مج)
القُلاعَۃُ. ہموار میدان کے وسط میں بڑی چٹان (۲) پتھر یا ڈھیلا جو پھینکنے کے لئے زمین سے اکھاڑا جائے۔
یقال: رَمَاه بقُلاعۃ. اسے دلیل سے خاموش کر دیا۔
القَلْعُ: چرواہے کے توشے اور سامان کا تھیلا (۲) معمار کی بسولی (ج) قُلُوعٌ۔
یقال: ترکته فی قَلْعٍ من حُمّاه میں اس سے بخار اترنے کی شروعات کے وقت ہٹا۔
القِلْعُ: کشتی کا بادبان (ج) قُلُوعٌ۔
(ج) قِلاعٌ، وقِلَعَۃٌ
القُلْعُ: طاقت سے چلنے والا امرد۔
القَلَعُ بخار اترنے کا وقت۔
(۲) خارش والے کی کھال سے جھڑنے والی خشکی۔
القَلِعُ: شیخٌ قَلِعٌ اٹھتے وقت جھکا ہوا محسوس ہونے والا بوڑھا۔
القَلْعَۃُ. پہاڑ پر بنا ہوا محفوظ قلعہ۔
(۲) کسی چیز سے اکھاڑا ہوا جیسے کھجور کا اکھ

ہوا پودا۔
(۳) جڑ سے اُکھڑا ہوا جیسے کھجور کا پودا جو جڑ سے اُکھاڑا ہوا ہو۔
(ج) قِلَاعٌ و قُلُوْعٌ۔
القِلْعَةُ لمبائی میں پھاڑا ہو ٹکڑا۔
(ج) قِلَعٌ۔
القُلْعَةُ کمزور شخص۔
(۲) وہ شخص جو زین پر نہ جمتا ہو۔
(۳) اکھاڑا جانے والا درخت۔
(۴) زائل ہونے والا مال۔
(۵) مانگا ہوا مال۔
الدنیا دارُ قُلْعَةٍ دنیا زوال پذیر جگہ ہے۔
هو علی قُلْعَةٍ وہ سفر پر ہے۔
هو مجلس قُلْعَةٍ وہ ایسی نشست گاہ ہے جس میں بیٹھنے والے کو دوسرے کے لئے بار بار اُٹھنا پڑتا ہے۔
منزلنا منزل قُلْعَةٍ ہمارا مکان ہماری ملکیت میں نہیں۔
القَلْعِیُّ عمدہ سیسہ جو سخت سفید ہوتا ہے۔
القَلَّاعُ سپاہی۔
(۲) بادشاہ سے لوگوں کی جھوٹی شکایتیں کرنے والا۔
(۳) کفن چور (۴) جھوٹا۔
القَلُوْعُ: قوسٌ قَلُوْعٌ وہ کمان جو کھینچتے وقت الٹ کر چھوٹ جائے (ج) قُلُعٌ۔
المِقْلَاعُ پتھر پھینکنے کا آلہ (ج) مَقَالِیعُ۔
المَقْلُوْعُ قلاع بیماری سے مرنے والا۔
قَلَفَ الشجرةَ و غیرها ـِ قَلْفًا درخت کا چھال اُتارنا۔
-الظُّفرَ ناخن جڑ سے اُکھاڑنا۔
-الخاتِنُ القُلْفَةَ ختنہ کرنے والا حشفہ کی کھال کاٹنا۔
-الدَّنَّ و نحوہ مٹکے وغیرہ کی منہ کی مٹی اتارنا۔
-السفینةَ کشتی کے تختوں وغیرہ کو باندھ کر تارکول وغیرہ مل کر تیار کرنا۔
هو مقلوفٌ قليفٌ۔
قَلِفَ ـَ قَلَفًا: بے ختنہ ہونا یا حشفہ کی کھال کا موٹا ہونا۔ هو اَقْلَفُ (ج) قُلْفٌ۔
قَلَّفَ السفینةَ: قَلَفَهَا۔
اِقْتَلَفَ الظُّفرَ: قَلَفَه
اِنْقَلَفَتْ سُرَّتُه: ناف کا پھول کر بل دار ہونا۔
القِلَافَةُ: کشتی کے تختوں کو کھجور کی رسی سے جوڑ کر درزوں میں تارکول بھرنے کا پیشہ۔
المُقَلَّافَةُ: چھلکا۔
(۲) بعض نباتات کی کلی کی جڑ میں پتوں کا گچھا۔
القَلَفُ: کھردری جگہ۔
القُلْفَةُ: بچے کے عضو تناسل کی کھال جو ختنہ کرنے والا کاٹتا ہے۔ (ج) قُلَفٌ۔
القَلَفَةُ: القُلْفَةُ۔
القَلِیْفُ: خشک میوہ۔
القِلْفِعُ: گرم لوہے کو کوٹتے وقت اُڑنے والے ذرات (۲) پانی کے اتر جانے کے بعد خشک ہو کر پھٹنے والی مٹی۔
قَلَقَ الشیَّ ـِ قَلْقًا: ہلانا۔
-الهمُّ و غیرہ فلانًا: غم یا تکلیف کا کسی کو بے چین کر دینا۔
قَلِقَ ـَ قَلَقًا: ایک جگہ قرار نہ پکڑنا۔
(۲) ایک حالت پر قائم نہ رہنا۔
(۳) پریشان و مضطرب ہونا۔ هو قَلِقٌ۔
اَقْلَقَتِ الناقةُ: اونٹنی کے اوپر لدی ہوئی چیز ہلنا۔
-الهمُّ فلانًا غم کا کسی کو بے چین کر دینا۔
القَلَقُ: بے چینی، بے قراری، انفعال حالت جو وقوع پذیر واقعہ پر خوف کی صورت میں پیدا ہو۔
المِقْلَاقُ بہت پریشان۔
یقال رجلٌ مِقْلَاقٌ امرأةٌ مِقْلَاقٌ۔
القُلْقَاسُ لفصیلہ قلقاسیہ کی زرعی غشتولی سبزی۔ جس کی عسا قیل (سانپ کی چھتری نما تخم) پکا کر کھائی جاتی ہے۔
قَلْقَلَ فی الارض: سفر کرنا، گھومنا۔
-الشیَّ: ہلانا۔
-الحزنُ دَمْعَه: غم کا آنسو بہانا۔
تَقَلْقَلَ: حرکت کرنا۔
-فی البلاد: ملکوں میں پھرنا۔
القُلَاقِلُ: بہت متحرک، پھرتیلا۔
(۲) سفر میں پھرتیلا۔
یقال: فرسٌ قلاقِلٌ: تیز رفتار گھوڑا۔
(۲) ہمدرد بڑا معاون۔
القَلْقَلَةُ (علم تجوید میں) حرف ساکن کو ادا کرتے وقت آخر میں ہلکی سی حرکت دینا اور یہ صرف حروف شدیدہ غیر مہموسہ میں ہوتا ہے جو کہ یہ ہیں قطب جد۔
قَلَّ الشیُّ ـِ قِلَّةً: کم ہونا (۲) نادر ہونا۔
یقال: هو یقِلُّ عن کذا: وہ اس سے کم درجہ ہے۔
کبھی مَا کا اضافہ کیا جاتا ہے جو نفی محض یا اثبات قلت شی کا فائدہ دیتا ہے۔
یقال: قلما یزورنا فلان: فلاں ہم سے بہت کم ملتا ہے۔
اَقَلَّ فلانٌ: مفلس و غریب ہونا۔
(۲) تھوڑی چیز لانا۔
-الشیَّ و منه: کم کرنا۔
یقال: اَقَلَّ فِعْلَ کذا: بالکل نہ کرنا۔
-الشیَّ اُٹھانا، بلند کرنا
قرآن حکیم میں ہے: ﴿حَتّٰى اِذَاۤ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّیِّتٍ﴾
قالَلْتُ له العطاءَ: کسی کے عطیہ کو کم کرنا۔
قَلَّلَ الشیَّ: کم کرنا۔
-فی عینه: کسی کی نگاہ میں کوئی چیز کم ظاہر کرنا حالانکہ ایسا نہ ہو۔ قرآن حکیم میں ہے ﴿وَیُقَلِّلُكُمْ فِیْۤ اَعْیُنِهِمْ﴾
تَقَلَّلَ الشیُّ: کم سمجھنا۔

اِستَقَلَّ بلند ہونا۔
یقال: اِستَقَلَّ الطائرُ فی طیرانهٖ استقلَّ النباتُ، استقلَّتِ الشمسُ۔
-القومُ گزرنا، روانہ ہونا۔
-فلانٌ مستقل بالذات ہونا۔
یقال: اسقلَّ بامرہٖ۔
-الدّولةُ حکومت کا خود مختار ہونا۔
اپنے داخلی اور خارجی معاملات میں آزاد ہونا، کسی دوسری حکومت کی غلامی میں نہ ہونا (محدثہ)
-الشیئَ کم سمجھنا۔
(۲) اُٹھانا، بلند کرنا۔
-الرِّعدةُ فلاناً کسی پر کپکپی طاری ہونا۔
الاَقَلِّیَّةُ: خلاف الاکثریۃ (ج) اَقَلِّیَّات۔
القِلالُ زمین سے انگور کی بیل کو اوپر اُٹھانے کی لکڑیاں۔
القُلالُ کم، تھوڑا (ج) قُلُلٌ۔
قِلالَةُ الجبل پہاڑ کی چوٹی۔
القِلُّ: کپکپی (۲) الگ تھلگ اگنے والی کمزور کھجور۔
القُلُّ تھوڑا۔
یقال: شیٌ قُلٌّ۔
-من الرجال چھوٹے جسم کا آدمی۔
رجلٌ قُلٌّ تنہا آدمی۔
ھو قُلٌّ بن قُلٍّ وہ اور اس کا باپ دونوں غیر معروف ہیں۔
القِلَّةُ: بیماری یا تنگ دستی کا ازالہ۔
القِلَّةُ اکثرۃ کی ضد (ج) قِلَلٌ۔
القُلَّةُ پانی کی صراحی۔
قُلَّةُ کل شئی کسی چیز کی چوٹی، بلند حصہ (ج) قُلَلٌ، قِلال۔
القِلِّیَّةُ گرجا جیسی عمارت (ج) قَلالِیُّ
القَلِیلُ الکثیر کی ضد (۲) نادر۔
(۳) چھوٹے جسم کا کوتاہ قد آدمی۔
(ج) اَقِلاّءُ، قُلُلٌ۔

یقال: قومٌ قلیلٌ ایضاً۔
کبھی قلیل بمعنی عدم ہوتا ہے۔
یقال: رجل قلیل الخیر بے نفع آدمی
واحدته: قلیلة
یقال: ما اَخذتُ منه قلیلةً ولا کثیرةً: میں نے اس سے کچھ نہ لیا۔ نفی میں ہاء داخل ہوتی ہے۔
قَلَمَ العودَ و نحوَہ ۔ قَلْماً لکڑی وغیرہ کا تھوڑا سا حصہ کاٹنا۔
-القلمَ و نحوَہ قلم تراشنا۔
-الظُّفرَ و نحوَہ ناخن کاٹنا (جو حصہ لمبا ہو)
یقال للضعیف: مقلوم الظُّفُر۔
قَلَّمَ مبالغہ در قَلَمَ۔
یقال: قَلَّمَ ظُفُرہ۔ کمزور کرنا، ذلیل کرنا۔
- الشجرةَ درخت کی نشوونما کے لئے سوکھی شاخیں کاٹنا۔
الاِقلیمُ عند القدماء زمین کی سات اقسام میں سے ایک۔
(۲) علاقہ جن کا خاص نام ہے۔ جیسی اقلیم الهند، اقلیم الیمن۔
(۳) زمین کا وہ بڑا علاقہ جس کی آب و ہوا اور رہن سہن کے طریقوں میں یکسانیت ہو۔ جیسے الاقلیم الشمالی، الاقلیم الجنوبی۔
القالِمُ کنوارا (ج) قَلَمَةٌ۔
القَلَمُ جس سے لکھا جائے (ج) اَقْلامٌ و قِلامٌ۔
(۲) قینچی اسے القلمان بھی کہتے ہیں۔
(۳) جوئے اور قرعہ میں لوگوں کے درمیان گھمایا جانے والا تیر۔
جف القلم فیصلہ ہو جانا، طے پا جانا۔
کاتبین کے ہاں قلم کا اطلاق خط پر بھی ہوتا ہے۔
فقالوا: یکتب بالقلم النَّسخی خط نسخ
(۴) (دواوین کی اصطلاح میں) دیوان کی ایک قسم شعبۂ محکمہ۔

یقال: قلمُ الکتاب، قلم المحضرین۔
قلم المستخدمین۔
قلم الحبر وہ قلم جس کی سیاہی اس میں جمع ہوتی ہے اور حرف لکھتے وقت نکلتی ہے۔
قلم الرصاص پنسل، لیڈ پنسل، جس میں سیاہی نہیں ہوتی۔
القُلامَةُ تراشہ جو ناخن یا لکڑی کاٹتے وقت گرتا ہے۔
قُلامَةُ الظُّفرِ معمولی اور حقیر چیز میں مثل۔
یقال: لم یُغنِ عَنّی قلامة الظُّفرِ۔
المِقلامُ کترنے اور تراشنے کا آلہ۔
(۲) قینچی (ج) مَقالِیمُ۔
المَقلَمُ من القصب و نحوہ دو پوریوں کی درمیان کی گرہ (ج) مَقالِمُ۔
المِقلَمَةُ قلم دان (ج) مَقالِمُ۔
القَلَنسُوَۃُ (دیکھئے قلس)
قَلَتِ الدابةُ ۔ قَلْواً جانور کا اپنے سوار کو تیز لے کر جانا۔
-الدابةَ سختی سے ہانکنا۔
-الصبیُّ القُلَةَ او الکرۃَ گلی یا گیند کو ڈنڈا مارنا۔
-الشیئَ پکانا۔
قَلَی الحَبَّ واللحمَ و نحوهما ۔ قَلْیاً دانوں یا گوشت وغیرہ کو فرائی پین یا کڑھائی میں بھوننا، پکانا۔
-فلاناً سر پر مارنا۔
-فلاناً قِلًی کسی سے ناراض، متنفر ہو کر قطع تعلق کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے۔ ﴿مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰی﴾
تَقالَیا ایک دوسرے سے نفرت کرنا۔
تَقَلَّی الشی الی نفسی کسی کے نزدیک کوئی چیز قابل نفرت، مبغوض ہونا۔
- فلانٌ ۔ بستر پر بے چینی سے کروٹیں بدلنا۔
اِقلَولَی الطائرُ بلندی پر اڑنا۔

-فلانٌ في الجبل و نحوه: پہاڑ پر بلندی تک چڑھنا اور اوپر سے نیچے دیکھنا۔
-الدّابّةُ جانور کا اپنے سوار کو لے کر تیز چلنا۔
-فلانٌ روانہ ہونا۔
(۲) بے چین ہو کر کروٹیں بدلنا۔
(۳) اپنی جگہ سے ہٹنا۔
-في أمره اپنے کام میں تیز مستعد ہونا
القُلَةُ چھوٹی سی لکڑی جو درمیان سے موٹی ہوتی ہے اور کنارے باریک ہوتے ہیں۔ جسے زمین پر پھینک کر ڈنڈے سے اس کے کنارے پر مارا جاتا ہے جس سے وہ ہوا میں تھوڑی سی بلند ہوتی ہے پھر ڈنڈے سے زور سے مارا جاتا ہے پس وہ تیر کی طرح جاتی ہے اور بچے اس کے پیچھے بھاگتے ہیں۔
القلّاءُ بھوننے کا پیشہ کرنے والا۔
القلّاءةُ کڑھائیاں یا فرائی پین بنانے کی جگہ۔
القِلْدُ ہر ہلکی چیز۔
(۲) چلنے میں مضبوط چوپایہ۔
قُلَوانِيّ (شبہ قلوی) نائٹروجن رکھنے والی اساسی اشیاء نباتات میں سے اور حیوانات میں سے پیدا ہوتی ہیں۔
قُلَويّ القلي کے خواص والے ہر مادہ کی صفت۔
قُلي جلانے والا مواد جو پانی میں پگھل جاتا ہے جس سے ہائیڈروآکسائیڈ کے الیکٹرونز کی نسبت ہائیڈروجن کے الیکٹرونز سے بڑھ جاتی ہے۔ جیسے الصودا الكاوية۔
القَلِيَّةُ بھونا ہوا یا تلا ہوا کھانا وغیرہ۔
(۲) گوشت یا کلیجی کا شوربہ۔
(۳) گرجا (ج) قلایا (مع)
المَقْلَى چنے اور لوبیا وغیرہ بھوننے کی جگہ۔ (محدثہ) (ج) المَقالِي۔
المِقْلَى جس پر بھونا جائے فرائی پین وغیرہ۔
(۲) بڑی لکڑی جس سے بچے گلی کو مارتے ہیں۔ بیٹ۔

(ج) المقالي۔
المِقْلاةُ: المقلى۔

ق .... م

قَمَأَتِ الماشيةُ ـَ قُمُوءاً، قُمُوءَةً: چوپائے کا موٹا ہونا۔
-الرجلُ بالمكان قَمْأً: قیام کرنا۔
قَمُؤَ الرجلُ وغيره ـُ قَماءً قَماءَةً: حقیر اور ذلیل ہونا۔
أَقْمَأَ القومُ: لوگوں کے مویشیوں کا موٹا ہونا۔
-بالمكان: قَمَأَ۔
-المرعى الماشيةَ: چراگاہ کا مویشی کو راس آنا اور موٹا کر دینا۔
-الشيءُ فلاناً: کوئی چیز پسند آنا۔
-فلانٌ الشيءَ: تحقیر و تذلیل کرنا۔
اِقْتَمَأَ الشيءَ: اکٹھا کرنا۔
تَقَمَّأَ الشيءَ: تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔
(۲) عمدہ چیز لینا۔
قامَأَهُ المكانُ: جگہ کا راس آنا۔
القَمْءُ: وہ جگہ جہاں مویشی رہ کر موٹے ہو جائیں۔
القَماءةُ: خوش حالی، آرام۔
القَمِيءُ: ذلیل، چھوٹا، حقیر۔
(ج) قِماءٌ، قُماءٌ۔
قَمَحَ عن الماء ـَ قُمُوحاً: سیراب ہو کر یا نفرت سے پانی سے سر اٹھانا۔
قَمِحَ الحبَّ و نحوَه ـَ قَمْحاً پھانکنے کے لئے سر اٹھانا۔
-الشرابَ سیرابی یا ناگواری سے پانی وغیرہ پینے سے رک جانا۔
أَقْمَحَ السُّنْبُلُ گیہوں کی بالی میں دانہ پڑنا۔
القمحُ گیہوں کا پک جانا۔
-الرجلُ ذلت کی بناء پر آنکھ بند کر کے سر اٹھانا۔
-بأنفه ناک چڑھانا۔
-الراكبُ الدّابّةَ سوار کا جانور کے سر کو پیچھے کی طرف کھینچنا۔
-الغلُّ الأسيرَ: طوق کا قیدی کے گلے میں تنگ ہو کر سر اٹھا دینا۔ هو مُقْمَحٌ۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿فَهِيَ إِلَى الْأَذْقَانِ فَهُمْ مُقْمَحُونَ﴾
-الرَّجلَ الحبَّ گولی نگلوانا، پھنکی کی طرح کھلانا۔
قامَحَ الحيوانُ عن الماء قَمَحَ
يقال: ناقة مُقامِحٌ (من ابل قِماح)
اِقْتَمَحَ البرُّ گیہوں پک جانا۔
-الحبَّ و نحوَه گولی وغیرہ کو پھانکنے کے لئے ہاتھ میں ڈال کر منہ تک لے جانا۔
-الشرابَ: قَمِحَه
تَقَمَّحَ الحبَّ و نحوَه: گولی وغیرہ کو پھنکی کی طرح منہ میں ڈالنا۔
-الشرابَ پانی ناگواری کے ساتھ پینا
القامِحُ: کسی وجہ سے پانی کو ناپسند کرنے والا۔
القُماحُ جانور کو لگنے والی بیماری جو پانی پینے سے روک دیتی ہے۔
القِماحُ مُقامِحٌ کی جمع (زوائد کو حذف کرنے کی ساتھ)
وہ اونٹنی جو کہ پانی کے پاس جا کر پانی نہ پئے اور سر اٹھا لے۔
القَمْحُ فصيله نجيليه کا پودا جس کا دانہ لمبا اور درمیان سے شق ہوتا ہے زردی مائل اور بالیوں میں اگتا ہے۔ اس کے آٹے کی روٹی بنائی جاتی ہے۔ اسے البرُّ اور الحنطة بھی کہتے ہیں۔
القُمْحَةُ پانی یا ستو کی منہ بھر مقدار۔
القَمِيحَةُ سفوف، پھنکی۔
القَمْحِيُّ گیہوں جیسی گندمی رنگت والا (محدثہ)
القَمّاحُ گندم فروش۔
القَمَحْدُوَةُ سر کے پچھلے حصے میں گدی کے اوپر واضح ہڈی (ج) قَماحِدُ۔

قَمَدَ ـُ قَمْدًا' قُمُودًا: رکنا' انکار کرنا' باز رہنا۔

قَمِدَ ـَ قَمَدًا جسم کا لمبا ہونا' یا گردن کا لمبائی میں موٹا ہونا۔ ھو اَقْمَدُ' قُمُدٌّ۔

ھی قَمْدَاءُ' قُمُدَّةٌ۔

قَمَرَ فلانًا ـُ قَمْرًا: جوئے میں کسی کو ہرانا (۲) مقابلے میں باہم فخر میں غالب آ جانا۔

یقال: قَمَرَتْ فلانةٌ قلبَه: فلاں عورت نے اس کا دل فریفتہ کر لیا۔

-الطیرَ: رات کو شکار کرنے کے لئے پرندے کی آنکھوں کو آگ سے چندھیا دینا۔

قَمِرَتِ اللیلةُ ـَ قَمَرًا: رات کا چاند سے روشن ہونا۔

-فلانٌ: چاند کی روشنی میں نیند نہ آنا۔

(۲) چاند کی روشنی کا آنکھوں کو چکا چوند کر دینا' دکھائی نہ دینا۔

-الرجلُ وغیرُہ: چاند کی طرح چمکنا۔

- الکلأُ والماءُ و غیرھما: پانی' گھاس وغیرہ کا بہت ہونا ھو قَمِرٌ۔

-الابلُ: پانی سے سیر ہونا۔

اَقْمَرَ الهلالُ: ہلال کا قمر بن جانا جو چاند کی تیسری تاریخ میں ہوتا ہے۔

-اللیلةُ: رات کا چاند سے روشن ہونا۔

-القومُ: لوگوں پر چاند طلوع ہونا۔

-التمرُ: کھجور پر پکنے سے پہلے پالا پڑ جانا اور اس کا میٹھا ہونا۔

- الابلُ و نحوھما: اونٹوں کا گھاس کی کثرت کی جگہ پہنچ جانا۔

قَامَرَہ مُقَامَرَةً' قِمَارًا: کسی کے ساتھ جوا کھیلنا۔

قَمَّرَ القمرُ: چاند کا مکمل ہونے سے پہلے گول دائرے میں محصور ہونا۔

-الطیرَ قَمَرَھَا۔

تَقَامَرُوْا: باہم جوا کھیلنا۔

تَقَمَّرَ: چاند کی روشنی میں نکلنا۔

-فلانًا: کسی سے چاندنی رات میں ملنا۔

-الصیدَ: شکار کو دھوکہ دینا۔

یقال: تَقَمَّرَ عدوَّہٗ: دشمن پر حملہ کرنے کے لئے دھوکہ دینا' تاک میں رہنا۔

الاَقْمَرُ: وجهٌ اَقْمَرُ۔ چاند کی طرح روشن چہرہ (ج) قُمْرٌ۔

القِمَارُ (جوا) ہر وہ کھیل جس میں بازی لگائی گئی ہو۔

القَمَرُ: چھوٹا جرم سماوی جو اپنے سے بڑے ستارے کے گرد گھومتا اور اس کے تابع ہوتا ہے جیسے قمر زمین کے تابع ہے۔ اسی طرح دوسرے چاند جو ستارے مریخ' زحل اور مشتری کے گرد گھومتے ہیں۔

القمر الصناعی: فضا میں چھوڑا جانے والا جسم تاکہ وہ زمین کے گرد گھومے اور وہ مرحلہ وار راکٹ کے ذریعے اپنا یہ چکر جلدی مکمل کر لیتا ہے اس کے ساتھ سامان اور آلات ہوتے ہیں جو زمین پر واقع خلائی مرکز کو معلومات اکٹھی کر کے بھیجتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ مرئی اور صوتی مواصلاتی نظام میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ پہلا سیارہ انسان نے ۴ اکتوبر 1957ء میں چھوڑا (ج) اَقْمَارٌ۔

قَمَرُ الدّین: خشک خوبانی کا میٹھا پاپڑ (مج)

اِسْتَرعَى مالَهُ القَمَرَ: جب کوئی شخص اپنا مال رات کے وقت بغیر محافظ کے چھوڑ دے۔

القَمَرَانِ: سورج اور چاند۔

الشهور القَمَرِيَّة وہ مہینے جو چاند کے زمین کے گرد چکر سے ان کا وقت آتا ہے۔

السَّنَة القمرية بارہ قمری مہینے جن کا آغاز محرم سے اور اختتام ذو الحجة پر ہوتا ہے۔

القَمِرُ روشن یا چاند والا۔

یقال: لیلٌ قَمِرٌ' لیلةٌ قَمِرَةٌ: چاندنی رات

القَمْرَاءُ: چاند کی روشنی۔

اللیلة القمراء چاندنی رات (ج) قُمْرٌ۔

القُمْرَةُ: انتہائی سفید یا سبزی مائل سفیدی۔

القُمْرِيّ طوق والی خوبصورت آواز والی کبوتر کی ایک قسم (ج) قُمْرٌ۔

الانثی: قُمْرِيَّة (ج) قَمَارِيُّ

القُمَيْرُ قمر کا مصغر' چھوٹا چاند جو مہینے کے شروع اور آخر میں ہوتا ہے۔

القَمِيرُ۔ جوئے کا شریک۔

قَمَزَ الشیئَ ـِ قَمْزًا انگلیوں کے کناروں سے پکڑنا۔

القُمْزَةُ۔ راستہ کی نشانی کے لئے لگایا ہوا ڈھیر (۲) دانہ کا خول (ج) قُمَزٌ

قَمَسَ الرَّجُلُ وغیرہ فی الماء ـِ قَمْسًا قُمُوسًا۔ پانی میں غوطہ لگانا پھر نکلنا۔

یقال: قمست الاکامُ والقِنان فی السَّراب: سراب میں ٹیلے وغیرہ نظر آنے لگے۔

-الشيَ قَمْسًا پانی میں ڈال کر غوطہ دینا۔

یقال: قَمَسَ به فی الماء۔

قَامَسَ فلانًا فقمسه غوطہ دینے میں غالب آ جانا۔

اَقْمَسَ الکوکبُ ستارہ کا مغرب کی طرف اتر جانا۔

-فلانًا فی الماء' پانی میں ڈبونا۔

قَامَسَ غیرَہ غوطہ خوری میں باہم مقابلہ کرنا' فخر کرنا۔

فلانٌ یقامس حُوتًا کسی کا اپنے سے زیادہ واقف کار سے واسطہ پڑنا۔ اس سے جھگڑنا۔

-فلان فی المکان: کسی جگہ کبھی چھپنا اور کبھی ظاہر ہونا۔

اِنْقَمَسَ الکوکبُ ستارہ ڈوبنا۔

-فی الماء پانی میں چھلانگ لگانا۔

تَقَامَسَ الصِّبیانُ فی الماء بچوں کا پانی میں ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔

القَامِسُ غوطہ خور۔

القَامِسَةُ۔ مصیبت (ج) قَوَامِسُ۔

القَامُوسُ بڑا سمندر۔

(۲) فیروز آبادی کے مشہور لغت کا نام
(۳) توسعاً ہر لغت کی کتاب (ج)
القَمّاسُ القامِسُ۔
القَمْسُ معزز سردار۔
(۲) (مسیحیت میں) کنیسہ کا ایک عہدہ دار یہ یونانی کلمہ ہے جس کا معنی ہے مدبر یعنی منتظم یہ عہدہ قس سے بڑا ہوتا ہے۔
(ج) قَمامِسُ' قَمامِسَةٌ۔
القَموسُ پانی سے بھرا ہوا گہرا کنواں جس میں ڈول ڈوب جاتے ہوں۔
القَومَسُ معزز سردار۔
(۲) امیر۔
قَمَشَ الشيَ ـُ قَمْشًا۔ ادھر اُدھر سے اکٹھا کرنا۔
- الريحُ ما على وجه الارض ہوا کا سطح ارض پر موجود کو اکٹھا کرنا۔
قَمَّشَهُ: مبالغہ در قَمَشَ۔
اِقتَمَشَهُ ادھر اُدھر سے اکٹھا کرنا۔
- الطعامَ جو کچھ موجود ہو کھا لینا اگرچہ گھٹیا ہی کیوں نہ ہو۔
تَقَمَّشَ جو ملے کھا لینا اگرچہ کم درجہ کا ہو۔
(۲) عمدہ لباس پہننا۔ ہو مُتَقَمِّشٌ (مو)
القُماشُ سطح زمین پر پڑی ہوئی ردی چیزیں۔
- من الناس گھٹیا' نچلے درجہ کے لوگ۔
قماش البیت گھریلو سامان۔
(۲) سفر وحضر میں انسان کا سامان ضروریات
(۳) سوت یا ریشم وغیرہ کا لباس (مو)
(ج) اَقمِشَةٌ۔
القُماشَةُ القُماشُ (۲) کپڑے کا ٹکڑا
القَمْشُ ہر گھٹیا چیز (ج) قُماش۔
القَمّاشُ گھٹیا سامان بیچنے والا۔
(۲) کپڑا بیچنے والا (مو)
قَمَصَتِ الدابةُ ـِ قَمْصًا' قِماصًا چوپائے کا بدکنا اور لاتیں مارنا (۲) مست ہو کر اچھلتے ہوئے چلنا۔

- فلانٌ گھبرانا اور بے چین ہونا۔
- البحرُ بالسفينة سمندر کی موجوں کا کشتی کو ہچکولے دینا۔
قامَصَ الصبيُّ غيرَهُ: بچہ کا کسی کے ساتھ دوڑ میں مقابلہ کرنا۔
قَمَّصَ مبالغہ در قَمَصَ
- الثوبَ: کپڑے کا کرتا کاٹنا۔
- فلانًا کرتا پہنانا۔
تَقامَصَ الصِّبيانُ: بچوں کا دوڑ میں مقابلہ کرنا۔
تَقَمَّصَ في الماءِ پلٹیاں کھانا' غوطہ لگانا۔
- القميصَ: کرتا پہننا۔
- شخصيةَ غيرهِ وضع قطع اور رہن سہن میں کسی دوسرے کی نقالی کرنا (مو)
القَمَصَةُ: پانی پر اڑنے والا چھوٹا مچھر۔
(ج) قَمَصٌ۔
القُمُّصُ في المسيحية۔ القُمَّسُ۔
القَميصُ دثار کے نیچے بدن سے لگا تحتانی کپڑا۔
(۲) کرتا (۳) دل کا غلاف۔
(۴) نومولود بچہ پر لپٹی ہوئی جھلی۔
(۵) عام طور پر سترة (قمیص وغیرہ) کے نیچے پہنا جانے والا باریک لباس (محدثہ)
(ج) اَقمِصَةٌ' قُمصانٌ۔
قَمَطَ الشيَ ـِ قَمْطًا کسی چیز پر پٹی باندھنا۔
یقال: قَمَطَ المولودَ نومولود بچہ کے ہاتھ پیر سمٹ کر کپڑے کے ٹکڑے میں لپیٹنا۔
قَمَطَ الاسيرَ قیدی کے ہاتھ پیر اکٹھے کر کے رسی سے باندھنا۔
قَمَطَ الحيوانَ ذبح کرنے کے وقت ہاتھ پیر باندھنا۔
- الابلَ اونٹوں کی ایک قطار بنانا۔
- الثوبَ کپڑے کو بدن پر روکنے کے لئے اوپر سے یا درمیان سے تنگ کرنا (مو)
قَمَّطَ الاسيرَ والحيوانَ قَمَطَهُ۔

القامِطَةُ: آلہ جس سے مسالا لگا کر جوڑی ہوئی چیز کو سوکھنے تک دبایا جائے (مج)
القِماطُ: ہاتھ پیر باندھنے کی رسی۔
(۲) چوڑا کپڑا جس میں نومولود کو لپیٹا جائے (ج) اَقمِطَةٌ' قُمُطٌ۔
القِمْطُ: کھجور کے پتوں کی چھال کی رسی جس سے لکڑی یا بانس کے گھر' جھونپڑ کو باندھا جائے۔
(۲) وہ رسی جس سے ذبح کرتے وقت جانور کے پاؤں باندھے جائیں (ج) اَقْماطٌ۔
القَمّاطُ: مختلف قسم کی رسیاں بنانے والا۔
(۲) چور (ج) قُمّاطٌ۔
القَميطُ۔ پورا مکمل۔
یقال: مَرَّ بنا حولٌ قميطٌ۔
قَمْطَرَ الشيُ اکٹھا ہونا' سمٹنا۔
- العدوُّ دشمن کا بھاگ جانا۔
- الشيَ: اکٹھا کرنا۔
- القربةَ و نحوَها: مشکیزہ وغیرہ کو بھر کر بند سے منہ بند کرنا۔
اِقْمَطَرَّ سمٹنا' اکٹھا ہونا۔
- اليومُ اَوِ الشرُّ سخت ہونا۔
- لِلشرِّ: فتنہ وفساد کے لئے تیار ہونا۔
- عليه الاشياءُ کسی کے پاس بہت سی چیزیں اکٹھی ہونا' ڈھیر لگنا۔
ہو مُقْمَطِرٌّ
القُماطِرُ سمٹا ہوا' سکڑا ہوا۔
القِمَطْرُ کاغذات' کتابیں رکھنے کا بکس۔
(ج) قَماطِرُ۔
القِمَطْرِیُّ پٹھوں کی گٹھاؤ اور مضبوطی والی چال۔ یقال: مَشى القِمَطْرِیَّ۔
القَمْطَرِیرُ' المُقمَطِرُّ سخت کربناک' تکلیف دہ قرآن حکیم میں ہے: ﴿اِنَّا نَخافُ مِن رَّبِّنا یَومًا عَبُوسًا قَمْطَرِیرًا﴾
قَمَعَ الشرابَ ـَ قَمْعًا پینے کی چیز کا بغیر گھونٹ لئے حلق میں اتر جانا۔

-فی البیت و نحوہ کہیں سے بھاگ کر گھر وغیرہ میں گھس جانا۔
-فلاناً کسی کے کنڈی مارنا۔
(۲) سر کے اوپر مارنا۔
(۳) ارادے سے باز رکھنا۔
(۴) مغلوب و تابع کرنا۔
-البردُ النباتَ: پالے کا نباتات کو جلا دینا۔
-الاِناءَ: برتن میں سیال چیز ڈالنے کے لئے قیف لگانا۔
-القِربۃَ مشکیزے کے منہ کو باہر کی طرف موڑنا۔
-سَمْعَہٗ لفلان: کسی کی بات غور سے سننا۔
-مافی الاِناءِ: برتن کا سارا پانی پی لینا یا لے لینا۔
-البُسرۃَ کھجور کی پینڈی الگ کرنا۔
قَمِعَتْ عینُہٗ - قَمَعًا چندیاہٹ سے نگاہ کمزور ہونا۔
-الظبیۃُ و نحوھا ہرن وغیرہ کی ناک میں مکھی گھسنا یا مکھی کا کاٹنا اور اس کی دم سے سر ہلانا۔
-الفرسُ گھوڑے کا ڈرنا۔
(۲) ایک گھٹنے کا موٹا ہونا۔
-الفصیل اونٹ کے بچہ کا کوہان اُٹھانا۔
ھو قَمِعٌ یقال: سنامٌ قَمِعٌ۔
قَمَّعَتِ البسرۃُ و نحوھا: کھجور وغیرہ کی پینڈی الگ ہو جانا۔
- المراۃُ بنانھا بالحِنّاءِ: عورت کا اپنی انگلیوں کے پوروں کو مہندی سے رنگنا۔
اِقْتَمَعَ السِقاءَ: مشک کا سوراخ منہ سے لگا کر پانی پینا۔
-مافی الاناء: برتن کا سارا پانی پی جانا یا لے لینا۔
-الشیٔ کسی چیز کا چیدہ حصہ لینا۔
اِنْقَمَعَ غائب ہونا، پردہ کی اوٹ میں آنا۔
-فی البیت: قَمَعَ (۲) خلوت نشیں ہونا۔

تَقَمَّعَتِ الظبیۃُ و نحوُھا قَمِعَتْ
-فی البیت اِنْقَمَعَ
(۲) حیران و پریشان ہونا۔
(۳) ذلیل ہونا۔
-الشیٔ چیدہ حصہ لینا۔
-الحمارُ مکھی کو بھگانے کے لئے گدھے کا سر ہلانا۔
یقال: ترکت فلاناً یتقمّعُ میں نے فلاں کو فراغت کی وجہ سے مکھیاں اُڑاتے چھوڑا۔
الاَقْمَعُ بڑے زخرے والا۔
عُرْقوبٌ اَقْمَعُ بڑا گھٹنا یا ایڑی کی ہڈی کا موٹا کنارہ۔
القِمَعُ: مخروطی شکل کا برتن جو برتن کے منہ میں داخل کرتے سیال چیز اس میں انڈیلتے ہیں (قیف)
-فی فلانھم: ویلٌ لاَقماعِ القوم: وہ لوگ جو سنتے ہوں اور سمجھتے نہ ہوں ان کے لئے ہلاکت ہے۔
-من الرُمّان. زرد چھلکے والا انار۔
-من الورد. گلاب کے پھول کی سبز پینڈی جو پھول کی پتیاں اُتر جانے کے بعد لگی رہ جائے اور سرخ ہو جائے (ج) اَقْمَاعٌ
القِمْعُ القِمَعُ۔
فلان قِمَعُ اخبار: وہ خبروں کی تلاش میں رہتا ہے اور ان کا چرچا کرتا ہے (ج) اَقماعٌ۔
القَمَعُ: گھوڑے کے ایک گھٹنے کا موٹا پن
(۲) زخرے کے باہر کی طرف ابھری ہوئی ہڈی۔
(۳) پھیپھڑے تک جانے والی سانس کی نالی
القَمَعۃُ من الشیٔ: چنی ہوئی منتخب چیز
(۲) نگاہ کی کمزوری، آنکھ کے گوشہ کا ورم اور سرخی۔ جسے الرَّمدُ الزاوی کہتے ہیں (ج)
القَمَعۃُ سر (۲) کوہان کا سرا۔
(۳) پلکوں کی جڑ میں نکلنے والی پھنسی۔
(۴) گوشہ چشم کی سرخی یا ورم۔

قَمَعَۃُ الذنب دم کی نوک (ج) قَمَعٌ
(۵) نیلے رنگ کی موٹی مکھی جو گرمی کے موسم میں جانوروں کی ناک میں گھس کر کاٹتی ہے اونٹ اور جنگلی جانوروں کو زیادہ کاٹتی ہے۔
(ج) قَمَعٌ، مَقَامِعُ (خلاف قیاس)
القَمِیْعَۃُ چوپایوں کے دونوں کانوں کے درمیان کا اُبھار۔
(۲) دم کا کنارہ (ج) قَمَائِعُ۔
المِقْمَعَۃُ مڑے ہوئے کنارے والا لوہا یا لکڑی جس سے ہاتھی کو قابو میں کرنے کے لئے اس کے سر پر مارا جاتا ہے، گرز (ج) مَقامِعُ۔ قرآن حکیم میں ہے ﴿وَلَھُمْ مَقَامِعُ مِنْ حَدِیْدٍ﴾
قَمْقَمَ الشیٔ اکٹھا کرنا۔
تَقَمْقَمَ. پانی میں اندر جا کر ڈوب جانا۔
-الشیٔ: کسی چیز کی بلندی پر چڑھنا۔
القَمْقَام -سمندر۔
یقال: وَقَعَ فی قَمْقَام من الامرِ بڑے معاملہ میں پھنسنا۔
عَدَدٌ قمقامٌ. بڑی تعداد۔
(۲) بڑا فیض رساں اقتدار کا مالک۔
القُمْقُمُ: تانبے یا پیتل یا چکنی مٹی کا برتن جس میں عرق گلاب رکھا جاتا ہے (مع)
(۲) پانی گرم کرنے کے لئے تانبے کا تنگ منہ والا برتن (مع)
(۳) قدیم عربوں کے خیال کے مطابق جنات بند کرنے کی بوتل (ج) قَمَاقِم۔
القُمْقُمَۃُ دو دستوں والا تانبے کا برتن (ج) قَمَاقِم۔
قَمِلَ الثوبُ او الفرسُ - قَمَلاً کپڑے یا سر میں جوئیں زیادہ ہونا۔
-الرجلُ. بہت بونا ہونا۔
ھو قَمِلٌ ھی قَمِلَۃٌ۔
القَمْلۃُ بدن سے نکلنے والے تعفن پر پیدا ہونے والا کیڑا (ج) القَمْلُ۔

القَمَلُ چچڑی کی جنس کا ایک کیڑا جو کہ اس
سے چھوٹا ہوتا ہے جو لاغر اونٹ کو چمٹتا ہے۔
(۲) گیہوں کی بالیوں کو پکنے سے پہلے کھانے
والا انڈی جیسا کیڑا۔
شاید یہ وہی ہے جسے آج النَّطَّاط کہتے ہیں
قرآن حکیم میں ہے ﴿فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ
الطُّوفَانَ وَالجَرَادَ والقُمَّلَ﴾
قَمَّتِ الشَّاةُ و نحوها ـُ قَمًّا بکری کا سطح
زمین پر جو کے کھانے کے لئے منہ مارنا۔
-البيتَ و نحوه جھاڑو دینا۔
-ما على الخُوان. دستر خوان پر موجود سب کھا
جانا' کچھ نہ چھوڑنا۔
قَمَّ النجمُ ستارے کا آسمان کے وسط میں
سر کی سیدھ میں آ جانا۔
-الشاةُ بکری کا کوڑا کھانا۔
اِقْتَمَّتِ الشاةُ الحبَّ بکری کا دانہ کھانے
کے لئے تلاش کرنا۔
-فلان ما على الخُوان: قَمَّه
-الشئَ کسی چیز کی بلندی پر چڑھنا۔
- العِدْلَ بوری کو جانور کے اوپر سے بغیر
ٹھہرے اُتار لینا۔
تَقَمَّمَ کوڑا تلاش کرنا۔
-الجبلَ پہاڑ پر چڑھتے چڑھتے چوٹی تک جا
پہنچنا۔
یقال: تقمَّم النخلة' تَقَمَّمَ قِرنَهُ: مقابل
سے آگے بڑھنا۔
القُمَامَةُ گھروں اور راستوں کا جمع شدہ کوڑا
کرکٹ (ج) قُمام۔
القِمَّةُ من كل شئ ہر چیز کی چوٹی' بلند حصہ۔
(۲) بدن۔
یقال: القى عليه قِمَّته اپنا بوجھ ڈالنا۔
یقال. جاء القومُ القِمَّةَ سب لوگ آ گئے۔
(ج) قِمَم۔
القَمِيمُ خشک شدہ سبزی (ج) اَقِمَّةٌ
المِقَمُّ دستر خوان کی ہر چیز ہڑپ کر جانے
والا۔
المِقَمَّةُ: کوڑے دان۔
المِقَمَّةُ: جھاڑو۔
-من ذات الظلف: پھٹے کھر والے جانور کے
دونوں ہونٹ (ج) مَقام۔
قَمِنَ بكذا ـَ قَمَنًا: کسی چیز کے لائق ہونا'
اہل ہونا۔
قَمُنَ بكذا ـُ قمانَةً: قَمِنَ
تَقَمَّنَ الشئَ: کسی چیز کو لینے کے لئے اس کی
طرف متوجہ ہونا۔
-موافقته: کسی کی موافقت و رضامندی چاہنا۔
القَمِنُ: کسی کام کے لائق' مناسب۔
(تثنیہ اور جمع آتا ہے جبکہ مؤنث: قَمِنَةٌ)
القَمَنُ: نزدیک
یقال: داری قَمَنٌ من داره
(۲) تیز (۳) کسی کام کے لائق' مناسب۔
یقال: هو قَمَنٌ له' قَمَنٌ به (اس کا تثنیہ اور
مؤنث اور جمع نہیں)
القَمِنَةُ رائحةٌ قَمِنَةٌ. گلنے سڑنے کی بو۔
القَمِينُ کسی چیز کے لائق' مناسب۔
(۲) نزدیک (ج) قُمَناء۔
(۳) حمام کی بھٹی۔
(۴) وہ جگہ جہاں اینٹیں بنا کر انہیں جلا کر پختہ
کیا جاتا ہے (مو)
(ج) قَمائن۔
المَقْمَنَةُ: یقال: هذا الامر مقمنة لذلك:
یہ بات اس کے مناسب ہے (مذکر اور مؤنث
میں تثنیہ اور جمع نہیں)
قَمَهَ البعيرُ ـَ قُمُوهًا سر اٹھا لینا اور پانی نہ
پینا۔ (لغة في قَمَحَ) هو قامِهٌ۔
(ج) قُمَّهٌ۔
-الشئ فی الماء. کبھی ڈوبنا اور کبھی بلند ہونا۔
یقال: قَمَهَ الشئ فی الماء (متعدی اور
لازم دونوں طرح)
(۲) زمین میں تعیین منزل کے بغیر گھومنا'
پھرنا۔
قَمِهَ ـَ قَمَهًا: کھانے کی کم خواہش والا ہونا
(دیکھئے: قہم)
تَقَمَّهَ فی الأرض: جدھر منہ اُٹھے اُدھر جانا۔
قَمَتِ الابلُ ـُ قَموًا' قَمْيًا: موٹا ہونا۔
-فلانٌ الى البيت: گھر میں داخل ہونا۔
-فلان الدارَ قَميًا. جھاڑو لگا کر گھر صاف کرنا
اَقْمَى الرَّجُلُ: لاغر پن کے بعد موٹا ہونا
(۲) فتنوں سے بچنے کے لئے خانہ نشین ہونا
-عَدُوَّهُ: اپنے دشمن کو ذلیل کرنا۔
قَامَانِي الرَّجُلُ و غيرُه: کسی کو کوئی آدمی
وغیرہ راس نہ آنا۔
القَامِيَةُ من النساء: گھٹیا درجہ کی عورت۔
المَقْمَاةُ: وہ جگہ جہاں دھوپ نہ آتی ہے۔

ق .... ن

قَنَأَ الشئُ ـَ قُنوءًا: بہت سرخ ہونا۔
هو قَانِئٌ۔
-اللِّحيَةَ من الخضاب. خضاب سے داڑھی
کا کالا ہونا۔
-اطراف الجارية بالحِنّاء' لڑکی کے ہاتھ
پیروں کا مہندی سے گہرا سرخ ہونا۔
-الجلدُ: چمڑے کا دباغت میں پڑنا۔
-لحيتَه قَنْأً: داڑھی کو خضاب سے سیاہ کرنا۔
-اللبنَ: دودھ میں پانی ملانا۔
قَنِئَ الاديمُ ـَ قُنوءًا: چمڑا خراب ہونا۔
-فلانٌ: مر جانا۔
-الشئُ فلانًا: کسی چیز کا قریب آنا اور بس میں
ہو جانا۔
-فلانًا: مار ڈالنا یا مارنے کے لئے آمادہ کرنا۔
قَنَّأَ: مبالغہ در قَنَأَ
المَقْنَاةُ وہ جگہ جہاں دھوپ نہ آتی ہو۔
المَقْنُوءَةُ: المَقْنَاةُ۔
قَنَبَ الزَّهْرُ ـِ قَنْبًا' قُنُوبًا پھولوں کا کلیوں
سے نکلنا۔
-الشمسُ سورج کا غروب ہو جانا' بالکل ہاتی

ندرہنا۔
-الرحل فی بیتہ داخل ہونا۔
-العنبَ انگور کی بیل کے زائد حصے کو کاٹنا۔
اَقْنَبَ بادشاہ یا قرض خواہ سے چھپنا
(۲) چلتے چلتے دور نکل جانا
- الخیلُ نحو العدوّ: دشمن کے سامنے گھوڑوں کا اکٹھا ہو کر حملہ آور دستہ بن جانا۔
قَنَّبَ الزَّرعُ کھیتی میں خوشوں کے پتے نکلنا
-الزهرُ. قَنَبَ
-الخیلُ نحو العدوّ: اَقْنَبَتْ
- شجر العنب: انگور کی بیل کے زائد حصے کاٹنا۔
تَقَنَّبَ فی بیتہ. قَنَبَ
-الخیلُ نحو العدوّ: اَقْنَبَتْ
القَانِبُ: تیز رو ڈاکیا جو خطوط ایک جگہ سے دوسری جگہ لے کر جائے۔
القُنَابُ. خوشہ کا ڈوڈا۔
القِنابُ: القُنَابُ (۲) شیر کا پنجہ
(۳) شیر کے پنجہ کے اوپر والی کھال۔
قِنَاب القوس: کمان کی تانت
القُنْبُ: جراب یا ڈھانکنے والی چیز۔
جیسے جراب قضیب الدَّابَّة
شیر کے پنجہ کے اوپر والی کھال، پھولوں اور نباتات کی چھلی وغیرہ۔
(۲) شیر کا پنجہ۔
(۳) بڑا بادبان (ج) قُنُوبٌ
القُنَابَةُ: القُنَابُ
القِنَّبُ: فصیلہ قِنَّبِیہ کا ایک سالہ (سن کا درخت) زرعی ریشے دار پودا، اس کی چھال کو بٹ کر رسی بنائی جاتی ہے۔
القِنَّبُ الهِندیُّ: پٹ سن کی ایک قسم جس سے نقصان دہ بھنگ نکالی جاتی ہے جسے حشیش و حشیشہ کہتے ہیں۔
القِنیبُ لوگوں کے گروہ۔
(۲) گہرے بادل۔

القَیْنَابُ تیز رو چٹھی رساں۔
المِقْنَبُ شکاری کا تھیلا جس میں وہ شکار رکھتا ہے۔
(۲) یورش کے لئے اکٹھا ہونے والا گھوڑوں کا دستہ جو سو سے کم ہوتا ہے (ج) مَقَانِب
القُنْبُرَةُ: (دیکھئے القُبَّرة)
القُنَّبِیطُ: گوبھی، فصیلہ صلیبیہ کی ایک سبزی جسے پکا کر کھایا جاتا ہے۔ مصر اور شام میں اسے قرنبیط کہتے ہیں۔
قَنْبَعَ فی بیتہ. چھپنا۔
- الشجرة او البقلة: درخت یا سبزی کے پھول یا پھل کا غلاف کے اندر رہنا۔
-فلانٌ: غصہ سے پھول جانا۔
القُنْبُعُ. درخت کی کلی کا غلاف
(۲) گیہوں کی بالی کا غلاف
(۳) چھوٹے قد کا کمینہ آدمی۔ هی قُنْبُعَةٌ
القُنْبُعَةُ: وہ نچلا پتا جس کے برابر سے پھول نکلتا ہے۔ (فصیلہ نخیلیہ کی نباتات میں)
(۲) بچوں کا ٹوپی نما کپڑا
قَنْبَلَ فلان: تنہائی کے بعد جماعت یا قبیلے کے ساتھ رہنا۔
القُنَابِلُ: موٹا اور سخت آدمی۔
(۲) بڑے سر والا۔
القَنْبَلُ: گھوڑوں یا لوگوں کی جماعت۔
قبل: تیس سے چالیس تک کی تعداد یا اس کے لگ بھگ (ج) قَنَابِلُ۔
القُنْبُلُ: سخت اور موٹا آدمی
(۲) چلبلا بڑے سر والا لڑکا
القَنْبَلَةُ القَنْبَلُ (ج) قَنَابِلُ
القُنْبُلَةُ. ابو براقش پرندے کے شکار کے لئے جال۔
(۲) (بم) کھوکھلا دھاتی جسم جو آتش گیر مادے سے بھرا ہوتا ہے اسے دشمن کی طرف ہاتھ یا ٹینک سے پھینکا جاتا ہے (مع) (ج) قَنَابِلُ

القَنْبَلَانِیَّةُ من القُدور وہ دیگ جو تیس سے چالیس تک آدمیوں کے لئے کافی ہو۔
قَنَتَ ـُ قُنُوتًا خدا کا فرماں بردار ہونا۔ انکساری کے ساتھ اظہار بندگی کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَ تَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَا اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ﴾
اور ﴿يَا مَرْيَمُ اقْنُتِي لِرَبِّكِ﴾
یقال: قنت اللّٰہَ اطاعت و فرمانبرداری کرنا (متعدی اور لازم دونوں طرح) هو قانت (ج) قُنَّتٌ، هی قانتة
(۲) نماز میں قیام اور دعا کو دراز کرنا
-لہ: کسی کے تابع ہونا، عاجزی و انکساری کرنا
- المرأةُ لزوجها: عورت کا خاوند کی فرمانبرداری کرنا، هی قَنُوت۔
قَنِتَ ـَ قَنَاتَةً کم خوراک ہونا
هو، هی قَنِیتٌ۔
اَقْنَتَ: نماز میں قیام کو دراز کرنا۔
(۲) زیادہ عرصہ جہاد یا لڑائی میں مصروف رہنا
(۳) مسلسل حج کرنا
(۴) اللہ کے سامنے عاجزی و انکساری کرنا
(۵) دشمن کے لئے بددعا کرنا
قَنَّتَتِ المرأةُ لزوجها مبالغہ در قَنَتَ
اِقْتَنَتَ: فرمانبردار رہنا۔
القُنُوتُ اطاعت (۲) دعا۔
قَنَحَ الشاربُ ـَ قَنْحًا: پینے والے کا سیراب ہونے کے بعد مزید پینے سے منہ بنانا
-من الشراب: چسکیاں لے کر پینا
-العودَ والغصنَ و نحوهما لکڑی یا شاخ کا سرا بید کی طرح موڑنا۔
-الباب: دروازے کو لکڑی سے اوپر اٹھانا۔
هو مقنوحٌ۔
اَقْنَحَ الباب: قَنَحَه
قَنَّحَ الباب دروازے پر چٹخنی لگانا
تَقَنَّحَ من الشراب سیراب ہونے کے بعد

ناگواری کے ساتھ مزید پی کر متنفر ہونا
الْقُنَّاحُ دروازے کی چٹخنی
الْقُنَّاحَةُ دروازے بند کرنے کی لمبی ڈنڈی جس کا سرا مڑا ہوتا ہے۔ چٹخنی۔
(۲) ہر وہ لکڑی جو دوسری لکڑی کو اُٹھانے کے لئے اس کے نیچے داخل کی جاتی ہے۔
قَنَدَ السَّوِيقَ ـُ قَنْدًا ستو میں شکر ملانا۔ أَقْنَدَ السَّوِيقَ. قَنَّدَه
قَنَّدَ السَّوِيقَ: قَنَدَه
الْقَنْدُ گنے کا جما ہوا رس، شکر
الْقِنْدَاوُ ہلکا آدمی
(۲) تیز رفتار اونٹ
قدومٌ قِنْدَأْوَةٌ. تیز بسولا، تیز کلہاڑی
الْقَنْدَةُ قند (شکر) کا ٹکڑا۔
الْقَنْدِيدُ حالت (۲) گنے کا جما ہوا رس، شکر
(۳) شراب (۴) کافور (۵) عنبر
(۶) عمدہ قسم کا ورس (رنگائی کی بوٹی)
(۷) مشک (ج) قناديد
قَنْدَسَ گناہ کے بعد توبہ کرنا۔
- فی الأرضِ جدھر منہ اُٹھے اُدھر جانا، گھومنا۔
الْقُنْدُسُ فصيله قندسيه کا ایک کاٹنے والا جانور، چپٹی موٹی دم والا، گھنی جلد والا، اس کے پاؤں کی انگلیوں کے درمیان جھلی ہوتی ہے جو تیرنے میں معاون ہوتی ہے۔ یورپ اور شمالی امریکہ میں پایا جاتا ہے۔
قَنْدَلَ فلانٌ بڑے سر والا ہونا۔
(۲) سست اور ڈھیلی چال چلنا۔
الْقُنَادِلُ بڑے سر والا۔
الْقِنْدِيلُ گلاس جیسا چراغ جس کے درمیان میں فیتہ ہوتا ہے۔ پانی اور زیتون سے بھر کر روشن کیا جاتا ہے (ج) قَنَادِيلُ (مع)
الْقُنْزُعُ سر کے ارد گرد کے بال
(۲) مرغ اور قنبرہ پرندے کی کلغی
الْقُنْزُعَةُ سر کے ارد گرد کے بال
(۲) بچے کے سر پر چھوڑے جانے والے بالوں کا گچھا (ج) قَنَازِعُ۔
الْقُنْزُعَةُ الْقُنْزُعَةُ۔
(۲) بہت چھوٹے قد کی عورت۔
(۳) مرغ وغیرہ کی کلغی (ج) قَنَازِعُ
أَقْنَسَ فلانٌ نچلی ذات والے کا خود کو اعلیٰ نسب کا ظاہر کرنا۔
الْقِنْسُ: اصل، نسل۔
يقال: انه لكريم القِنْسِ
(۲) سر کا بالائی حصہ (ج) قُنُوس
الْقَنَسُ: تھوڑی سی تقے
الْقَوْنَسُ: سر کا اگلا حصہ
(۲) خود کا بالائی حصہ
(۳) گھوڑے کے دونوں کانوں کے درمیان ابھری ہوئی ہڈی
(۴) راستہ کا بیچ (ج) قَوَانِسُ
قَنْسَرَته السن او الشدائد عمر یا مصائب کا کسی کو بوڑھا کر دینا۔
تَقَنْسَرَ بوڑھا ہو کر سکڑ جانا۔
الْقَنَاسِرُ سخت۔
الْقِنَّسْرُ عمر رسیدہ، بوڑھا
(۲) پرانا
قَنَصَ الصَّيْدَ ـِ قَنْصًا: شکار کرنا۔
هو قَانِصٌ (ج) قُنَّاص
اِقْتَنَصَ الصَّيْدَ کوشش سے شکار کرنا
القانِصَةُ من الطَّيْرِ معدہ کا عضلاتی جزو جس میں غذا کی پسائی مکمل ہوتی ہے اور یہ ان پرندوں میں ہوتی ہے جو دانے کھاتے ہیں جیسے کبوتر، مرغ، ان کے علاوہ بھی خصوصاً ان جانوروں میں جن کی غذا سخت ہو جیسے سمك البوری میں (مج)
(۲) شکاری پرندہ (ج) قوانص
الْقَنَصُ شکار کیا جانے والا پرندہ یا جانور
الْقَنِيصُ شکاری (۲) شکار کیا جانے والا پرندہ یا جانور
(۳) شکاری لوگ (جمع)
الْقُنْصُلُ: ایک ملک کا دوسرا ملک میں نمائندہ جو مختلف معاملات میں اپنے ملک کے مفادات کا تحفظ اور دونوں ملکوں کے تعلقات کو مختلف میدانوں میں استوار کرتا ہے، جس کا مرتبہ کامل الاختیار وزیر سے چھوٹا ہوتا ہے اور اس کا مرتبہ سفیر کے مرتبے سے کم ہوتا ہے (مع)
بنتُ القُنْصُلِ: فصيله سوسبيه کے پودوں کی ایک قسم جس کے سردیوں میں سرخ بڑے بڑے چھال ہوتے ہیں۔ مصر کے باغات میں بکثرت پایا جاتا ہے۔
الْقُنْصُلِيَّةُ: قونصلیٹ، سفارت خانہ، ایمبسی (محدثہ)
قَنَطَ ـُ قُنُوطًا: سخت مایوس ہونا
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَهُوَ الَّذِي يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْ بَعْدِ مَا قَنَطُوا﴾
هو قَانِطٌ، قَنُوطٌ۔
قَنِطَ ـَ قُنُوطًا، قَنَاطَةً. مایوس ہونا
قرآن حکیم میں ہے ﴿لَا تَقْنَطُوا مِنْ رَحْمَةِ اللَّهِ﴾۔
أَقْنَطَهُ: مایوس کرنا۔
قَنَّطَه أَقْنَطَه
قَنْطَرَ: صحرائی زندگی چھوڑ کر شہروں میں رہائش اختیار کرنا۔
(۲) بہت مال والا ہونا جو قنطار سے تولا جائے
- علینا کسی کے پاس لمبا قیام کرنا، جانے کا نام نہ لینا۔
- البناءَ عمارت میں کمان نما ڈاٹ لگانا، پل نما بنانا۔
الْقِنْطَارُ لوگوں کے ہاں مختلف مقدار کا معیار، آج کل مصر میں سو ۱۰۰ رطل کا ہے جو کہ 44,928 کلوگرام ہوتے ہیں۔
(۲) مال کثیر (ج) قناطير
الْقَنْطَرَةُ کمان نما عمارت جو دریا کے اوپر ہو۔ جس سے دریا عبور کیا جائے (پل)

(ج) قناطِرُ۔
المُقْنطرُ ساء مُقْنطرٌ: پل نما عمارت' ڈاٹ والی عمارت۔
القناطير المُقنْطرة انبار کے انبار' ڈھیر لگی ہوئی چیزیں۔
قَنعَتِ الابلُ والغنمُ ۔ قَنْعًا: اونٹوں اور بکریوں کا اپنے ٹھکانوں کا رخ کرتے ہوئی اپنے مالکوں کی طرف بڑھنا۔
-الشاۃُ بکری کا تھن ابھر جانا۔
-فلانٌ قُنُوعًا اپنے حصے یا تھوڑی چیز پر اکتفا کر لینا' مطمئن ہو جانا۔
هو قانعٌ' قَنِيْعٌ۔
-الی فلانٍ کسی کا مکمل تابع ہو جانا' بالکلیہ کسی کا ہو رہنا۔
قَنِعَ ۔ قَنعًا' قَناعةً جو ملے اس سے مطمئن ہو رہنا۔ هو قانعٌ (ج) قُنّعٌ
هو قنيعٌ (ج) قنعاء
هو قَنِعٌ' قنوعٌ ایضًا۔
هي قنيعٌ' قنيعةٌ (ج) قنائعُ
اَقْنَعَتِ الشاۃُ قَنَعَتْ
-البعيرُ پانی پینے کے لئے حوض کی طرف سر اٹھانا۔
-فلانٌ بيديه في الصلاة: نماز میں ہاتھ پھیلا کر خدا سے رحم کی درخواست کرنا۔
-الشاۃُ بکری کے تھنوں کے سروں کا پیٹ کی طرف اٹھا ہوا ہونا۔
-فلاناً الشیٔ مطمئن کرنا' خوش کرنا۔
-الابلَ والغنمَ اونٹوں اور بکریوں کو چراگاہ کی طرف کرنا یا ٹھکانوں کی طرف کرنا۔
-راسه و عُنُقَه عاجزی وانکساری کے انداز میں کسی چیز کی طرف سر اور گردن اٹھا کر دیکھنا۔
-حلقه و فَمه کوئی چیز پوری طرح پینے کے لئے منہ اور حلق اوپر کرنا۔
-الإناءَ برتن کا پانی وغیرہ انڈیلنے کے لئے جھکانا۔

قَنّعَه مطمئن کرنا' رضامند کرنا
-المرأةَ عورت کو دوپٹا اوڑھانا۔
-فلانٌ رأسَ الجبل پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنا۔
-فلاناً بالسيف او السوط او العصا کسی پر تلوار' ڈنڈا یا کوڑا لے کر آ چڑھنا۔
تَقَنّعَ بہ تکلف قناعت کرنا
(۲) کپڑے میں لپیٹنا۔
-المرأةُ اوڑھنی اوڑھنا۔
-في السلاح ہتھیار بند ہونا
اِقْتَنَعَ قنع
-بالفكرة او الرأي: رائے یا نظریہ کو ماننا' تسلیم کرنا۔
القانعُ قوم کا خادم' تابع اور کارندہ
القِناعُ عورت کے سر ڈھانپنے کا کپڑا
(۲) دل کی جھلی
(۳) بڑھاپا۔
(۴) چہرہ چھپانے کا کپڑا' نقاب
(ج) قُنُعٌ' اَقْنِعَةٌ
القِنْعُ اسلحہ' ہتھیار
(۲) کھجور کی ڈنڈیوں سے بنا ہوا طشت جس میں کھانا کھایا جاتا ہے یا پھل رکھا جاتا ہے
(۳) سخت و بلند زمین کا نرم و ہموار حصہ
(۴) ریت کے ٹیلوں کے درمیان ہموار جگہ جہاں درخت وغیرہ اگتے ہوں۔
(۵) ریت کا ٹیلہ (۶) جز
(ج) اَقناعٌ' قِنَعَةٌ۔
القُنْعُ بارن جس میں پھونکا جائے
القُنْعانُ رجل قُنعانٌ: جس کی رائے اور فیصلے پر اطمینان کیا جائے۔
(۲) تھوڑی چیز پر راضی اور خوش ہونے والا (اس میں مذکر' مونث' مفرد اور جمع سب برابر ہیں)
المَقْنَعُ مصنف آدمی جس کی گواہی معتبر سمجھی جائے۔
(۲) قابل تسلیم بات یا رائے

المُقَنّعُ ہتھیاروں سے لیس
(۲) وہ شخص جس نے سر پر لوہے کی خود پہن رکھی ہو۔
(۳) نقاب پوش
قَنِفَتِ الأُذُنُ ۔ قَنَفًا کان کا بڑا ہونا اور چہرے کی طرف جھکا ہوا ہونا۔
الرجل اَقْنَفُ' المرأةُ والأُذُنُ قنفاءُ
اَقْنَفُ بڑے لشکر والا ہونا۔
(۲) زندگی کے معاملات کا مدبر ہونا۔
(۳) ڈھیلے کانوں والا ہونا۔
القَنّافُ بڑے ناک والا۔
(۲) بڑے سر اور داڑھی والا۔
(۳) سخت مضبوط لمبے جسم والا
القَنِيفُ لوگوں کے گروہ
(۲) بہت پانی والا بادل
(۳) کم کھانے والا آدمی (ج) قُنُفٌ
تَقَنْفَذَ القُنفذُ سیہی کا سکڑنا۔
القُنْفُذُ سیہی تیز کانٹوں والا' ایک جانور جو سکڑ کر گیند کی طرح ہو جاتا ہے۔ جس سے وہ اپنے آپ کو دشمن کے خطرات سے محفوظ کرتا ہے۔
(۲) گھنے نباتات کی جگہ۔
(۳) ریت کا لمبا سلسلہ۔
(ج) قنافذ
يقال: اِنَّه لَقُنفُذُليلٍ وہ رات کو نہیں سوتا کیونکہ سیہی رات بھر کوشاں رہتا ہے۔
ماهو الا قنفذُليل وہ چغل خور ہے۔
قَنِمَ الفرسُ و نحوُه ۔ قَنَمًا گھوڑے وغیرہ کا بھیگ کر گرد آلود ہونا۔
-الطعامُ واللحمُ و غيرهما سڑنا' بدبودار ہونا۔
هو قَنِمٌ' واَقْنَمُ۔
الاَقْنُومُ اصل (د)
(ج) اَقانيمُ۔
الاَقانيمُ الثلاثة عند النصارى: باپ' بیٹا اور روح القدس۔

القَنَمَۃُ خراب زیتون یا دیگر خراب تیل کی بدبو۔
قَنَّ الشیَٔ ـُ قَنًّا تجسس کی نگاہ سے دیکھنا
قَنَّنَ قوانین وضع کرنا (مو)
اِقْتَنَّ قِنًّا غلام بنانا۔
(۲) خاموش ہوکر سر جھکانا۔
-الرَّحْلُ اونٹ کی کمر سے کجاوہ کا نہ ہٹنا۔
اِسْتَقَنَّ بالامر کسی کام میں خودمختار ہونا
(۲) دودھ پینے کے لئے بکریوں کے ساتھ رہنا
القَانُونُ ہر چیز کا پیمانہ اور اس کا طریقہ قاعدہ (رومی لفظ ایک قول یہ ہے کہ فارسی لفظ ہے)
(۲) (اصطلاح میں) وہ امر کلی جو اپنی ان تمام جزئیات پر منطبق ہوتا ہو جن کے احکام اس کے تحت متعارف ہوں
(۳) (اصل ۴) تانتوں والا ایک آلہ موسیقی جنہیں انگشتان سے ہلاتے ہیں۔
القُنَانُ قمیص کا کف (۲) بغل کی بدبو
القِنُّ وہ غلام جس کا باپ اس کے والی کا غلام ہو۔
یقال: قِنٌّ بیّنُ القَنانۃِ و القُنُونَۃِ: خالص غلام (لفظ واحد کا اطلاق مذکر مؤنث اور واحد جمع سب پر ہوتا ہے)
کبھی جمع اَقْنان، اَقِنَّۃ آتی ہے۔
القُنَّۃُ: قُنَّۃُ کل شیٔ: ہر چیز کا بلند حصہ
(۲) الگ تھلگ کھڑا ہوا بلند پہاڑ
(ج) قُنَنٌ، قِنانٌ
القِنَّۃُ رسی کی ایک لڑی یا کھجور کی رسی کی لڑی (خاص طور پر) (ج) قِنَنٌ۔
القِنِّینَۃُ بوتل شیشے کا برتن جس میں شراب ڈالی جائے (ج) قَنانِیُّ، قِنان۔
القِنْقِنُ: زیر زمین پانی کی معلومات رکھنے والا ماہر انجینئر (ج) قَنَاقِنُ (فارسیۃ)
أَقناالونُ الشیَٔ ـُ قُنُوًّا سرخ ہونا
ھو قَانٍ۔
فلانًا کسی کو کفایت بھر سامان گزر اوقات دینا۔
-فلانًا قِناوۃً: بدلہ دینا، مکافات دینا۔
-اللهُ الشیَٔ قَنْوًا: پیدا کرنا۔
قَنی الشیَٔ ـِ قَنْیًا: کمانا، جمع کرنا
-الغنمَ و غیرھا: بکریوں وغیرہ کو اپنے لئے استعمال کرنا نہ کہ تجارت کے لئے رکھنا
-فلانًا: رضامند کرنا، خوش کرنا۔
-الحیاءُ فلانًا أن یفعل کذا: حیا کا کسی کام کے کرنے سے روکنا۔
-فلانٌ الحیاءَ: شرم وحیاء پر قائم رہنا۔
قَنِیَ فلان ـَ قِنًا: خوش ہونا، مطمئن ہونا
یقال: قَنِیَ بالشیٔ: کسی چیز سے مطمئن اور خوش ہونا۔
-الأنفُ قَنًا ناک کے بانسہ کا بیچ سے اٹھا ہوا ہونا اور نتھنوں کا تنگ ہونا۔
-الشجرۃُ لمبا ہونا۔
ھو اَقْنَی، ھی قنواء (ج) قُنْوٌ۔
-الحیاءُ قُنُوًّا: حیادار ہونا۔
اَقْنَتِ السماءُ بارش رکنا۔
-الصیدُ فلانًا و لفلان: شکار کا کسی کے قبضہ میں آنا۔
-فلانًا کسی کو اپنا حاصل کردہ مال دینا
(۲) خوش کرنا، مطمئن کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے ﴿وَأَنَّهُ هُوَ أَغْنَىٰ وَأَقْنَىٰ﴾
قَانَی الشیَٔ لہ: کسی کے پاس کوئی چیز رہنا۔
یقال: قانی لک عیش ناعم تمہاری آسودہ زندگی ہمیشہ رہے۔
-الشیُٔ فلانًا کوئی چیز کسی کو موافق آنا۔
-الشیُٔ الشیَٔ: ایک شے کا دوسری شے سے ملنا۔
-الشیَٔ بالشیٔ ایک چیز کو دوسری سے ملانا۔
یقال: قَانَی الصُّوفَ بالحریر، والبیاضَ بالصُّفرۃ
-المالَ مال کی تدبیر وانتظام کرنا۔
قَنِی الحیاءَ: شرم وحیاء پر قائم رہنا
-القَناۃَ نہر کھودنا۔
-اللهُ فلانًا: مالدار کرنا۔
اِقْتَنَی الشیَٔ قِنَاہُ
تَقَنَّی: خرچ کے بعد بچا ہوا مال جمع کرنا۔
اِسْتَقْنَی الحیاءَ: شرم حیاء پر قائم رہنا۔
الأقْنَاءَۃُ: اِقْنَاءَۃُ الحائط: دیوار کا کونہ جس پر سایہ اصلی پڑے۔
القِنْاءُ: کھجور کا خوشہ جیسے عنقود انگور کا خوشہ (ج) اَقْنَاءٌ، قِنْیانٌ، قِنْوانٌ۔
قِنَاءُ الحائط: اِقْنَاءَتُہ۔
القَنَاۃُ: کھوکھلا نیزہ۔
(۲) ہر سیدھا یا مڑا ہوا ڈنڈا
(۳) پانی کی چھوٹی یا بڑی نالی۔
(ج) قَنَوات
قَنًا: اسم جنسی جمعی۔
القَنَّاءُ: نیزے میں سوراخ کر کے بیچنے کے لئے تیار کرنے والا (بنانے اور بیچنے والا)
(۲) نہریں کھودنے والا۔
القِنْوُ: پختہ کھجوروں سے بھرا ہوا گچھا۔
(ج) اَقْنَاءٌ، قِنْوَان۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَمِنَ النَّخْلِ مِن طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ﴾
القِنْوَۃُ: کسب شدہ مال، حاصل شدہ۔
یقال: لہ غَنَمٌ قِنْوَۃٌ اس کے پاس خالص اپنی بکریاں ہیں۔
القِنْیَۃُ القِنْوَۃُ۔
القَنِیُّ: دودھ یا بچوں کے لئے اپنے لئے مخصوص کی ہوئی بکریاں اور اونٹ وغیرہ۔
المَقْنَاۃُ: سایہ دار جگہ جہاں دھوپ نہ آتی ہو جیسے المَقْنُوَۃُ۔
المُقَنِّی: القَنَّاءُ۔

ق .... ہ

قَهِبَ ـَ قَهَبًا بھورے رنگ کا ہونا۔
الوصف: قَهِبٌ، قَهِبَۃٌ، اَقْهَبُ، قَهْبَاءُ

اَقْهَبَ عن الطعام کھانا نہ کھانا' کھانے کی خواہش نہ ہونا۔
القُهْبَةُ کسی بھی رنگ پر بھورے پن کا غالب ہونا۔
قَهَدَ في مشيه ـ قَهْدًا پاؤں ملا کر چلنا۔ کشادہ ہو کر نہ چلنا۔
القَهْدُ خوش نما چھوٹی گائے۔
(۲) نیل گائے کا بچھڑا۔
(۳) نرگس کی کلی (ج) قِهَادٌ
قَهَرَہ ـ قَهْرًا غالب آنا' مغلوب کرنا۔
هو قَاهِرٌ' قَهَّار۔
یقال: اخذهم قَهْرًا زبردستی پکڑنا۔
فعله قَهْرًا: مجبوراً کام کیا۔
-النارُ اللحمَ: آگ کا گوشت کو پہلی ہی آنچ میں متغیر کر دینا۔
اَقْهَرَ الرجلُ: کسی کا زبردستی مغلوبیت سے دو چار ہونا۔
-فلانًا کسی کو مغلوب و مجبور پانا۔
القَاهِرَةُ مصر کا دارالحکومت' جسے معزلدین اللہ الفاطمی نے دریائے نیل کے مشرق میں تعمیر کیا۔ آج کل مشرق کا سب سے بڑا شہر ہے۔
القَوَاهِرُ: بلند و بالا پہاڑ۔
القُهْرَةُ: یقال: اخذت فلانًا قُهرة: میں نے فلاں کو مجبوری میں پکڑا۔
هو قُهْرَةٌ للناس. وہ لوگوں کا قہر و جبر برداشت کرتا ہے۔
القَهَّارُ: اللہ کے اسمائے حسنٰی میں سے ایک نام
(۲) وہ ذات جس کے غلبہ کو کوئی چیز نہ روک سکے۔
القَهْرَمُ: مکھنا آدمی۔
القَهْرَمَانُ امیر یا سلطان کا منشی جو آمد و خرچ کا حساب رکھتا ہے (فارسی مع)
القَهْرَمَانَةُ گھر کی منتظمہ' سربراہ (مع)
- منه القول المأثور: "المرأة ريحانة وليست بقهرمانة"۔

قَهْقَرَ: منہ پھیرے بغیر پیچھے کی طرف لوٹنا۔
تَقَهْقَرَ: قَهْقَرَ
(۲) شکست کھا کر لوٹنا۔
القَهْقَارُ: پتھر توڑنے کا مضبوط چکنا پتھر جو کہ الفِهْرُ سے چھوٹا ہوتا ہے۔
القَهْقَرَى: الٹے پاؤں واپسی۔
فلانٌ يمشي القهقرى. فلاں الٹے پاؤں لوٹتا ہے۔
القَهْقَرَةُ: حِنطَةٌ قَهْقَرَةٌ: بڑا ہونے کے بعد سیاہ پڑ جانے والا گیہوں۔
(ج) قَهْقَرٌ۔
قَهْقَهَ قَهْقَهَةً ہنسنا جس کی آواز آئے۔
قَهِلَ جلدُه ـ قَهَلًا: کھال خشک ہونا' سکڑنا۔
-فلانٌ: بدن پر نہ پانی لگانا نہ صفائی کرنا
(۲) عطیہ کو کم سمجھتے ہوئے ناشکری کرنا۔
تَقَهَّلَ: کھال خشک ہونا اور حالت خراب ہو جانا۔
-فلانٌ جسم پر نہ پانی لگانا نہ صاف کرنا
(۲) آہستہ چلنا۔
(۳) اپنی ضرورت کا رونا رونا
-صوتُه. آواز نرم و کمزور ہونا۔
قَهِمَ ـ قَهَمًا. بیماری وغیرہ کی وجہ سے کھانے کی خواہش کم ہونا۔ هو قَهِمٌ۔
اَقْهَمَ عن الشيء: نفرت کرنا۔
-عن الطعام او الشراب. کھانے پینے کی خواہش نہ ہونا۔
-السماءُ: آسمان سے بادل چھٹنا۔
- في الشيء: کسی کے بارے میں چشم پوشی کرنا۔
قَهَّ ـ قَهًّا ہنسنا۔
اَقْهَى فلان مسلسل قہوہ پینا۔
-عن الطعام. کھانا کھانے سے رکنا۔
القَهْوَةُ: شراب
(۲) خالص دودھ۔
(۳) کافی کے بیج سے بنا ہوا مشروب (مو)

(۴) بو
(۵) شادابی
(۶) قہوہ خانہ (مو)
المَقْهَى قہوہ خانہ جہاں قہوہ کے علاوہ دیگر پینے کی اشیاء دستیاب ہوں (مج)
قَهِيَ ـ قَهْيًا: کھانے کی خواہش نہ ہونا۔
یقال: قَهِيَ عن الطعام و عن الشراب
-الشيءُ فلانًا عن الطعام: کسی چیز کا کھانے سے روکنا۔
قَابَ الأرضَ ـُ قَوْبًا: زمین گولائی میں کھودنا۔

ق . ...و

-الطائرُ بيضتَه. پرندے کا انڈے کو توڑنا۔
قَوَّبَ الشيءَ: جڑ سے اکھاڑنا۔
-الارضَ: گولائی میں کھودنا۔
-الجَرَبُ جلدَ البعير: خارش کا اونٹ کی کھال میں جگہ جگہ سے بال اڑا دینا۔
اِنْقَابَ المكانُ: کسی جگہ پر کہیں کہیں سے درخت اور گھاس صاف ہو جانا۔
-الارضُ: زمین میں جگہ جگہ گول گڑھے کھد جانا۔
-البيضةُ. انڈے کا ٹوٹ جانا۔
تَقَوَّبَتِ الارضُ او البيضةُ: انقابت
-من راسه مواضعُ. سر کی کئی جگہوں کا چھل جانا۔
-الشيءُ جڑ سے اکھڑ جانا۔
-الأسودُ من الحيّات: کالے سانپ کا کینچلی اتارنا۔
القَائِبَةُ: چوزہ۔
القَابُ. مقدار۔
-من القوس: کمان کے وسط اور کنارے تک کا فاصلہ' یہ دو ہوتے ہیں۔
یقال: بينهما قابُ قَوسٍ' ان کے درمیان تھوڑا فاصلہ ہے۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿فكان قَابَ قَوْسَيْنِ

اَوْ اَدْنٰی﴾ دو کمانوں کے برابر فاصلہ رہ گیا یا اور بھی کم۔ یا قوس کے دو کنارے یعنی قابیٔ قوس اسے پلٹ دیا گیا ہے۔
القُوْبُ انڈا (۲) چوزہ (ج) اَقْوَابٌ
القُوَباءُ، القُوْباءُ جلدی بیماری جس سے بال اور جلدا کھڑ جاتی ہے۔
القُوْبَةُ القوباءُ
(۲) انڈے کا چھلکا (ج) قُوَبٌ
القُوَبَةُ القوباءُ
(۲) مستقل خانہ نشین۔
القُوبِیُّ چوزے کھانے کا شوقین
۲) چوزہ۔
قَاتَ الرَّجلُ ـُ قَوْتاً بقدر سدرمق کھلانا (۲) کفالت کرنا۔
اَقَاتَہٗ کسی کو اس کے گزارے کے بقدر خوراک دینا۔
-الشیئَ قدرہونا' قابو پانا۔
اِقْتَاتَ الشیئَ غذا بنانا۔
-لِلنارِ آگ میں ایندھن ڈالنا۔
۲) آہستہ آہستہ پھونک مارنا۔
تَقَوَّتَ بالشیئِ کھانا۔
اِسْتَقَاتَہٗ غذا یا خوراک مانگنا۔
القاتُ فصیلہ سلستربہ کا ایک پودا جسے کاشت کیا جاتا ہے اور اس کے پتوں کو کچا چبایا جاتا ہے بہت نشہ آور ہے۔ حبشہ میں پایا جاتا ہے یمن میں بکثرت کاشت کیا جاتا ہے اسے شای العرب کہتے ہیں۔
القَائتُ من العیش گزارے کے بقدر۔
القُوتُ بدن کی بقاء کے لئے اشیاء خوردنی (ج) اَقْوَاتٌ
القِیْتُ' القِیتَةُ القُوتُ
المُقِیتُ اللہ کے اسماء حسنیٰ میں سے ایک نام (۲) وہ کامل القدرت ذات جو ہر شے کو اس کی خوراک عطا کرتی ہے۔
قرآن حکیم میں ہے ﴿وَکَانَ اللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ مُّقِیْتاً﴾
قَاوَحَہٗ سخت کلامی یا حجت بازی کرنا (عامیة) یہ کاوحہ کے معنی کے قریب ہے۔
(دیکھئے کاوح)
قَادَ الدَّابةَ ـُ قَوْدًا' قِیادَةً' قِیادًا: جانور کی نکیل یا لگام پکڑ کر آگے آگے چلنا۔
-القاتلَ الی موضع القتل: قاتل کو پکڑ کر قتل کی جگہ لے جانا۔
-الجیشَ قِیادةً فوج کی کمان کرنا' ضروری ہدایت دینا۔
قَوِدَ الفرسُ و غیرُہٗ ـَ قَوَدًا: گھوڑے کا لمبی کمر اور لمبی گردن والا ہونا۔
هو اَقْوَدُ هی قَوْداءُ (ج) قُوْدٌ
اَقَادَہٗ خیلاً: کسی کو گھوڑوں کی باگ ڈور دینا۔
-القاتلَ بالقتیل: مقتول کے بدلہ میں قاتل کو مار ڈالنا۔
اِقْتَادَ الدَّابَّةَ قَادَها
-النَّبْتُ الثَّوْرَ: بیل کا گھاس کی بو پا کر اس پر ٹوٹ پڑنا۔
اِنْقَادَ لازم قَادَ
(۲) تابع ہونا' پیچھے پیچھے چلنا۔
یقال: انقادَ لِلْاَمرِ کہا ماننا۔
-الطریقُ راستہ کا سیدھا اور ہموار ہونا۔
تَقَاوَدَ الرجلانِ: دو آدمیوں کا اس طرح تیز چلنا جیسے ہر ایک دوسرے کی رہبری کر رہا ہو۔
-الابلُ و نحوها: اونٹوں وغیرہ کا قطار در قطار ہونا۔
-المکان جگہ کا ہموار ہونا۔
اِسْتَقَادَتِ الدَّابةُ اپنے راہبر کے پیچھے چلنا۔
-فلانٌ تابع ہونا' عاجز ہونا۔
یقال استقادله
-الاَمِیرَ امیر سے مقتول کا بدلہ دلانے کی درخواست کرنا۔
-فلانٌ ممن آذاہ برابر کا بدلہ لینا۔
الاَقْوَدُ من الناس کسی شے پر متوجہ ہو کر نہ ہٹنے والا۔
(۲) قابو میں رہنے والا مسکین گھوڑا
(۳) لمبی گردن اور لمبی کمر والا آدمی یا جانور۔
-من الرجال: سخت گردن والا
(۴) آسمان سے باتیں کرتا ہوا پہاڑ
القائدُ لشکر کا سپہ سالار۔
(۲) میوزیکل گروپ وغیرہ کا لیڈر (محدثہ)
(ج) قادةٌ' قُوَّادٌ
(۳) سطح زمین پر ہر لمبا پہاڑ یا لمبا قطعہ زمین۔
القائدةُ پھیلا ہوا لمبا ٹیلہ
-من الابلِ: آگے رہنے والے اونٹ
القَوُودُ فرسٌ قَوُودٌ تابعدار گھوڑا
القادُ مقدار فاصلہ۔
یقال: هو مِنّی قادُ رُمحٍ: وہ مجھ سے نیزے کے فاصلے پر ہے۔
القَوْدُ: قافلہ کے ساتھ چلنے والی گھوڑوں کی جماعت جس پر سواری نہ کی جائے بلکہ ضرورت کے لئے رکھا جائے۔
القَوَدُ قصاص' بدلہ۔
القَوَّادُ: مرد و عورت کے درمیان بدکاری کا دلال (مو)
القِیادُ: رسی وغیرہ جسے پکڑ کر جانور کے آگے چلا جائے۔
یقال: فلان سَلِسُ القِیادِ فلاں تمہاری خواہش کے مطابق تمہارے پیچھے چلنے والا ہے۔
اَعْطٰی فلانٌ القِیادَ فلاں نے اطاعت قبول کر لی۔
القَیِّدُ فرسٌ قَیِّدٌ (اس کی اصل قَیْوِدٌ جیسے هَیِّنٌ) تابعدار گھوڑا (دیکھئے قید)۔
القَیِّدَةُ: من الابلِ شکار کے لئے آڑ بنائے جانے والے اونٹ یا جن سے شکار کو دھوکہ دیا جائے۔
بعیرٌ قَیِّدٌ تابعدار اونٹ۔
المَقَادَةُ یقال اَعطاهُ مَقَادَتَہٗ فلاں کا تابع

ہو گیا۔
المِقْوَدُ. القِيَادُ (ج) مَقَاوِدُ
المُقْوَدُ لمبا پہاڑ۔
قَارَ ـُ قَوْرًا چپکے چپکے پنجوں کے بل چلنا۔
-الصَّيْدَ شکار کو دھوکہ دینا۔
-الشَّيْ کسی چیز کے بیچ سے گول ٹکڑا کاٹنا۔
-فلانًا: کسی کی آنکھ پھوڑنا۔
-الصَّبِيَّةَ بچی کے ختنے کرنا۔
قَوِرَ ـَ قَوَرًا: بھینگا ہوا۔
هو اَقْوَرُ، هي قوراءُ (ج) قُوْرٌ
-الدارُ و غيرها. گھر وغیرہ کا کشادہ ہونا
هي قوراءُ البيتُ اَقْوَرُ
قَوَّرَ الشَّيْ: بیچ میں گول سوراخ کرنا، کاٹنا۔
تَقَوَّرَ. لازم قَوَّرَ
-السحابُ بادل کا گول ٹکڑیوں کی شکل میں پھیلنا۔
-الحيَّةُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔
اِقْوَرَّ فلان: بڑھاپے اور لاغری سے کھال سکڑنا اور کمر جھک جانا۔
-الجلدُ کھال سکڑنا۔
-الارضُ. زمین کے نباتات کا ختم ہونا
الاَقْوَرُ: يقال: لقيت منه الاَقْوَرِين مجھے اس کی وجہ سے مصائب کا سامنا کرنا پڑا۔
القَارُ: تارکول (دیکھئے: زفت)
يومُ ذی قَارٍ عراق کے شہر کوفہ کے جنوب میں بنی شیبان کی لڑائی کے واقعہ کا دن۔
القَارَةُ. سب پہاڑوں سے الگ کھڑا ہوا فلک بوس لمبا گول سیاہ پہاڑ۔
(۲) ٹیلہ (۳) کالے پتھروں کی زمین۔
(ج) قَارٌ، قُورٌ، قِيرانٌ۔
(۳) تیر اندازی کا ماہر ایک قدیم عرب قبیلہ ضرب المثل ہے: قَدْ اَنْصَفَ القارةَ من راماها۔
القُوَارَةُ بیچ سے گول تراشا ہوا کپڑا
(۲) کسی چیز کے اطراف سے کاٹا ہوا ٹکڑا۔

(۳) لکڑی، تربوز یا کدو وغیرہ سے گول کاٹ کر نکالا ہوا ٹکڑا (مو)
المِقْوَرَةُ. بینگن، کدو وغیرہ کو بیچ سے گول کاٹنے کا آلہ۔
قَوَّزَ النبتُ روئیدگی بکثرت ہونا۔
تَقَوَّزَ البيتُ. گھر منہدم ہو جانا۔
القَوْزُ: ریت کا بلند ٹیلہ
(ج) اَقْوَازٌ، قِيزَانٌ
قَوْزَعَ. (دیکھئے قزع)
قَاسَ الشَّيْ علی غيره، وبه ـُ قَوْسًا، قياسًا: ایک شے کو دوسری پر قیاس کرنا۔
قَوِسَ ـَ قَوَسًا. کبڑا ہونا۔
هو اَقْوَسُ، هي قَوْسَاءُ
قَوَّسَ الشَّيْ: مڑنا۔
يقال: قَوَّسَ الشيخُ کبڑا ہونا
-السَّحابةُ: بادل کا خوب برسنا۔
-الشَّيْ کمان کی شکل کا بنانا (مو)
تَقَوَّسَ الشَّيْ: قوَّسَ
-قوسَهُ: اٹھانا۔
- الشيبُ فلانًا بڑھاپے کا کسی کو نیم سفید بالوں والا کر دینا۔
اِسْتَقْوَسَ الشَّيْ: تَقَوَّسَ
الاَقْوَسُ دائرہ نما ریت کا ٹیلہ
(۲) پر آشوب زمانہ
ليلٌ اَقْوَسُ بہت تاریک رات
(۳) تجربہ کار چالاک آدمی
القَوْسُ: تیر پھینکنے کا ہلال کی شکل کا آلہ (مذکر اور مؤنث دونوں)
(ج) اَقْوَاسٌ، قِسِيٌّ
يقال: رَمَوا اعداءَ هم عن قوس واحدة انہوں نے متحد ہو کر دشمنوں پر تیر برسائے۔
(۲) (علم ہندسہ میں). دائرہ کا ایک ٹکڑا
(۳) ذراع: ہاتھ جس سے کوئی چیز ناپی جائے
(۴) آسمان کا نواں برج
قَوْسُ قُزَح یہ کمان آسمان میں یا کسی آبشار کے قریب آفتاب کے بالمقابل افق کے کنارہ پر نمودار ہوتی ہے۔ اس میں مختلف رنگ ہوتے ہیں۔ اس کا سبب بارش یا آبشار کی پھوار سے سورج کی شعاعوں کا انعکاس ہوتا ہے۔
قوسُ النصرِ، لکڑی وغیرہ جو شاہراہ پر قوس (کمان) کی شکل میں نصب کی جائے اور اسے چراغوں وغیرہ سے مزین کر کے قومی تہواروں یا کسی بڑے آدمی کے استقبال کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ جس پر عام طور پر ایک عبارات لکھی جاتی ہیں جو خوشی کے اس موقع کی طرف یا آنے والے کو مبارکباد کا پیغام دے رہی ہوتی ہیں (محدثہ)
القُوسُ: راہب خانہ (۲) شکار خانہ۔
القُوسِيُّ من الاَيَّام لمبا دن
(۲) دشوار زمانہ
-من البلادِ. دور دراز شہر یا ملک۔
القَوَّاسُ، القَيَّاسُ کمان بنانے والا۔
(۲) کمان اٹھانے والا۔
المُقَاوِسُ. دوڑ کے لئے گھوڑے چھوڑنے والا
المِقْوَسُ کمانیں رکھنے کا بکس۔
(۲) دوڑنے کے لئے گھوڑوں کو لائن سے لگانے کی رسی
(۳) وہ جگہ جہاں سے گھوڑوں کی دوڑ شروع کی جاتی ہے (ج) مَقَاوِسُ
تَقَوْصَرَ (دیکھئے قصر)
القَوْصَرَّةُ (دیکھئے قصر)
قَاضَ البناءَ ـُ قَوْضًا. منہدم کرنا
يقال: قاضَ الخيمةَ
قَوَّضَ البناءَ: قاضَه
يقال: قَوَّضَ الصُّفوفَ و المجالسَ صفیں اور مجالس منتشر و درہم برہم کرنا۔
بَنَى فلان ثم قَوَّضَ احسان کر کے بدی کرنا
اِنْقَاضَ البناءُ منہدم ہونا۔
يقال: تقوَّضت الصفوفُ و المجالسُ صفوں اور مجلسوں میں انتشار ہونا۔

-فلانٌ آنا اور چلے جانا' ٹھہرنا نہ۔
القَوْطُ بکریوں کا ریوڑ (ج) اَقْوَاطٌ
القَوْطَةُ کھجوروں کا ٹوکرا۔
القُوْطَةُ ٹماٹر۔
القَوَّاطُ گلہ بان۔
قَاعَ فلان ـُ قَوْعًا پیچھے رہ جانا' واپس لوٹنا۔
تَقَوَّعَ فلان خاردار جگہ پر بچ بچ کر چلنے والے کی طرح جھک کر چلنا۔
- الحِرْباءُ الشجرةَ گرگٹ کا درخت پر چڑھنا۔
القَاعُ پہاڑوں اور ٹیلوں کے درمیان ہموار سطح زمین' جہاں بارشوں کا پانی ٹھہرتا ہو اور وہاں گھاس اُگ آتی ہو۔
کبھی یہ زمین میلوں لمبی ہوتی ہے اور کبھی کم
(۲) تلی (مؤ) (ج) اَقْوَاعٌ' قِیْعَانٌ' قِیعٌ' قِیْعَةٌ۔
القَاعَةُ قاعة الدار گھر کا صحن
(۲) کھلی کشادہ جگہ جہاں لوگوں کا بہت بڑا مجمع آ جاتا ہو۔ جیسے قاعة المحاضرات (مو) (ج) قاعاتٌ۔
القُوَاعُ نر خرگوش۔
قَافَ اَثَرَہ ـُ قَوْفًا' قِیَافَةً پیروی کرنا۔
هو قَائفٌ (ج) قَافَةٌ
اِقْتَافَ اثرہ قافَه
تَقَوَّفَ اثرَہ قافَه
-فلاناً فی المجلس مجلس میں کسی کے کلام کی گرفت کرنا اور اس سے کہنا کہ یوں یوں کہو۔
-علیه مالَه کسی پر اس کے مال کے بارے میں روک لگانا۔
الاَقْوَفُ یقال هو اَقْوَفُ لِلاَثَرِ وہ بڑا واقف کار' بڑا کھوجی ہے۔
القَافُ حروف ہجائیہ کا ایک حرف
من الرَّقبة گدی کے نیچے گڑھے میں لٹکے ہوئے بال۔

القَائفُ: آثار کی اچھی معرفت رکھنے والا اور ان کا تتبع کرنے والا (ج) قَافَةٌ۔
القُوْفُ: کان کے اوپر کا حصہ۔
-من الرَّقبة: القافُ
یقال: اخذه بقُوْفِ رقبته: اس کی پوری گردن کو پکڑا۔
القِیَافَةُ قیافہ شناسی۔
آثار کے تتبع اور معرفت کا ہنر۔
قَاقَتِ الدَّجَاجَةُ ـُ قَوْقًا: مرغی کا آواز نکالنا۔
القَاقُ: لمبی گردن والا آبی پرندہ۔
(۲) لمبا یا بہت زیادہ لمبا۔
(۳) بے عقل
(لكن) حرف مشبہ بالفعل جو اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے۔ یہ استدراک کے معنی دیتا ہے یعنی اپنے ماقبل کے حکم کے خلاف ثابت کرتا ہے اس کے لئے ضروری ہے کہ اس سے پہلے ایسا کلام ہو جو اس کے مابعد کے مخالف ہو جیسے مَا هذا شاعر لٰكنّهٗ كاتبٌ یا اس کی ضد ہو جیسے مَاهذَا ابيض لٰكنّهٗ اسْوَدُ کبھی استدراک کے لئے بھی آتا ہے جیسے ما زيدٌ شجاعًا لٰكنّهٗ كريمٌ شجاعت اور کرم میں اکثر اتصال ہوتا ہے اس لئے شجاعت کی نفی سے کرم کی نفی کا وہم ہوتا تھا اس لئے لكنه كريم کہہ کر اس کا ازالہ کر دیا گیا۔

تاکید کے لئے بھی آتا ہے جیسے لو جاء نی لا كرمتهٗ لكنّهٗ لم يجیٔ۔

ایک قول یہ بھی ہے کہ یہ اِنّ کی طرح تاکید کے لئے ہے اور تاکید اور استدراک کا معنی جمع ہو سکتا ہے۔

اس لفظ کے بارے میں بعض نے کہا ہے کہ یہ بسیط ہے۔ جبکہ امام فراء فرماتے ہیں کہ لكن اور ان سے مرکب ہے ان کا ہمزہ برائے تخفیف حذف کر دیا گیا۔

کبھی کبھی لكنّ کے اسم کو حذف کر دیا جاتا ہے۔ جیسے متنبی کا قول

وما كنت ممن يدخل العشقُ قلبَهٗ
ولكنّ من يبصر جفونك يعشقِ۔

(لَكِيَ) بہ-لَكًى: فریفتہ اور عاشق ہونا۔
-بالمكانِ: کسی جگہ قیام پذیر ہونا۔
(اللّاكِي) اللّائك (اللائك: سے مقلوب ہے)

ل-م

(لَمْ): حرف جزم جو فعل مضارع کو منفی ماضی کے معنی میں کر دیتا ہے۔ اس کی نفی کبھی حالت نطق کے ساتھ ملی ہوئی ہوتی ہے جیسے (لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ) اور کبھی منقطع ہوتی ہے (لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَذْكُوْرًا) کبھی اس پر ہمزہ استفہام داخل ہوتا ہے تو اس وقت نفی ایجاب میں تبدیل ہو جاتی ہے اور اس کے معنی میں تاکید و توبیخ پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ جزم کا عمل برقرار رہتا ہے جیسے اَلَمْ اَقُلْ لَكَ؟ کبھی کبھی ہمزہ اور لَمْ کے درمیان فا یا واء کے ذریعہ فصل کیا جاتا ہے جیسے اَفَلَمْ اَقُل لك؟ و اَوَلَمْ اُوْذِبْكَ۔

(لَمَأَهُ) -لَمْأً: سارے کا سارا لے لینا۔ مقولہ ہے مَا يَلْمَأُ فَمُهٗ بكلمةٍ وہ کسی بات کو برائی نہیں سمجھتا۔

(اَلْمَأَ) عليه۔ مشتمل ہونا۔
-اللِّصُّ على الشیءِ چور کا کوئی چیز چھپا کر لے جانا۔ کہتے ہیں۔ ذَهَبَ ثَوْبِی فَمَا ادرِی مَنْ اَلْمَأَبه: میرا کپڑا گم ہو گیا ہے نہ جانے کون اسے لے گیا۔
-عليه حَقَّهٗ: کسی کے حق کا انکار کرنا۔
-بما في الجفنةِ پیالہ کے سارے کھانے کو کھا لینا اور کسی دوسرے کو نہ دینا۔
-الدوابُّ المكانَ جانوروں کا کسی جگہ کو چٹیل میدان بنا دینا۔ کہتے ہیں لَا اَدْرِی اَيْنَ اَلْمَأَ مِنْ بلادِ اللّٰهِ۔ پتہ نہیں وہ کہاں چلا گیا ہے؟
(اِلْتَمَأَ) بِمَا فِی الجفنة پیالہ کا کھانا اپنے لئے خاص کر لینا کسی دوسرے کو نہ دینا۔
(اِلْتَمِیَٔ) لونُهٗ رنگ بدل جانا۔
(تَلَمَّأَتِ) الارضُ به وعليه زمین کا کسی کو اپنے اندر چھپا لینا۔
-بما فی الجفنةِ پیالہ کا سب کچھ اپنے لئے خاص کر لینا۔
(الملْمُوْءَةُ) وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز لی جائے۔ (۲) شکاری کا پھندا یا جال۔

(لَمَجَ) الشیءَ- لَمْجًا۔ کھانا۔
-الصبیُّ اُمَّهٗ۔ بچہ کا ماں کا دودھ پینا۔
(لَمَّجَ) فلانًا: کھانے سے پہلے کوئی ہلکی غذا کھانا۔ کہتے ہیں مَا لمّجوا ضيفهم بشیءٍ۔
(تَلَمَّجَ) فلانٌ: کھانے سے پہلے بطور وقت گزاری کچھ کھانا۔ (۲) کھانے یا پینے کا مزہ لینا۔ مَا تَلَمَّجَ عندنَا بِلَمَاجٍ اس نے ہمارے پاس کچھ نہیں کھایا۔
-بالطعامِ کھانے کا مزا لینا۔
(اللَّمَاجُ): کھانے کی معمولی یا تھوڑی چیز۔ کہتے ہیں۔ ما ذُقتُ شَمَاجًا وَلَا لَمَاجًا میں نے کوئی چیز نہ چکھی۔
(اللَّمِجُ) رجلٌ لَمِجٌ کھانے پینے کا شوقین آدمی۔ کہتے ہیں سَمِجٌ لَمِجٌ بدشکل اور بھدا آدمی۔
(اللُّمْجَةُ): کھانے سے پہلے ٹکریا اور وقت گزاری کے لئے کھائی جانے والی چیز۔ (ج) لُمَجٌ۔
(اللُّمْوُجُ) اللَّمَاج۔
(اللَّمِيْجُ) کھانے کا بڑا شوقین۔ (۲) بہت کھانے والا۔
-سمِيجٌ لميجٌ بدشکل بھدا آدمی۔

(لَمَحَ) البصرُ- لَمْحًا تَلْمَاحًا نگاہ اٹھنا۔
-لَمَحَهٗ ببصرِهٖ کسی چیز پر نگاہ ڈالنا۔
-اليهِ سرسری نگاہ ڈالنا (۲) اچٹتی ہوئی نگاہ ڈالنا۔ هو لامِحٌ (ج) لُمَّحٌ۔
-اللَّمَّاحُ تیز نگاہ والے شکرے۔ وهو لَمُوْحٌ ولَمَّاحٌ۔
(اَلْمَحَ) الشیءَ واليهِ سرسری نگاہ ڈالنا (۲) اچٹتی ہوئی نگاہ ڈالنا۔
-المرأةُ من وجهها عورت کا اپنے چہرہ کی جھلک دکھانا۔
(لَامَحَهٗ) مُلَامَحَةً چوری سے دیکھنے کی کوشش کرنا۔
(التَمَحَهٗ) سرسری طور پر دیکھنا۔
(اُلْتُمِحَ) بَصَرُهٗ نظر ختم ہو جانا۔

(الألْمَحِيُّ) ہر چیز پر بکثرت نگاہ اٹھانے والا۔
(اللامِحُ) فلانٌ لامحٌ عِطْفَيْهِ فلاں خود پسند ہے۔
(اللَّمْحُ): لأُرِيَنَّكَ لَمْحًا باصرًا۔ میں تمہیں اچھی طرح بتادوں گا (دھمکی کے لئے استعمال ہوتا ہے)
(اللَّمْحَةُ) سرسری اور اچٹتی نگاہ۔
رأيتُهُ لَمْحَةَ البرق۔ میں نے اس کی ذرا سی جھلک دیکھی۔ في فلانٍ لمحةٌ من أبيه فلاں اپنے باپ کی طرح ہے۔
(اللَّمَّاحُ): بہت چمکدار۔
—هو أبيضُ لَمَّاحٌ: بہت چمکدار۔
(المَلامِحُ) چہرے کے اچھے یا برے نقوش و خدوخال (۲) کسی چیز کے مشابہ۔ واحد لمحةٌ (خلاف قیاس)
(لَمَزَهُ)ـُـِ لمزا: مارنا (۲) دھکا دینا۔ (۳) عیب نکالنا۔ (۴) آنکھ سر یا ہونٹوں سے اشارے کے ساتھ پوشیدہ کلام کرنا۔
—الشيبُ فلانًا: کسی میں بڑھاپے کا ظاہر ہونا۔
(لامَزَهُ) کسی کے ساتھ پہیلیوں کے انداز میں بات چیت کرنا۔
(اللُّمَزَةُ) عیب جو لوگوں کی برائیاں بیان کرنے والا۔ (۲) لوگوں کے منہ پر ان کی برائی کرنے والا (مذکر و مونث)
(اللَّمَّازُ): عیب گو۔ هي لَمّازةٌ۔
(لَمَسَهُ)ـُـِ لَمْسًا: ہاتھ سے چھونا۔ هو لامِسٌ۔
—المرأةَ عورت سے جماع کرنا۔
—لِكذا شُعاعٌ يكادُ يَلْمِسُ البَصَرَ: فلاں چیز میں اتنی چمک ہے جو نگاہ کو خیرہ کئے دیتی ہے۔ ابن احمر کہتے ہیں

فإنَّ قصر كما من ذاك ان تريا
وجهًا يكاد سناه يلمس البصرا

(لامَسَهُ) مُلامَسَةً ولِمَاسًا: کسی کے ہاتھ پر ہاتھ پھیرنا۔
—المرأةَ جماع کرنا۔
(التَمَسَ) الشيءَ: کسی چیز کو تلاش کرنا۔
(تَلَمَّسَ) الشيءَ: کسی چیز کو بار بار تلاش کرنا۔

(الالْتِماسُ) درخواست التماس فرمائش۔
(۲) مقدمہ کی اپیل۔ فیصلہ پر نظرثانی کی اپیل دائر کرنا۔
—التماس اعادة النظر: نظرثانی کی اپیل۔
(اللامِسُ) امرأةٌ لا تردُّ يَدَ لامِسٍ بدکار اور فاحشہ عورت۔
—فلانٌ لايردُّ يَدَ لامِسٍ غیر محفوظ آدمی جو اپنا بچاؤ نہ کرسکے۔
(اللَّماسَةُ) شدید حاجت۔
(اللُّماسَةُ): اللَّماسَةُ۔
(اللَّمْسُ): حواس خمسہ ظاہرہ میں سے ایک حاسہ، چھونے کی قوت، یعنی اعصاب کی ایک ادراک کرنے والی قوت جو چھونے سے حرارت و برودت رطوبت و یبوست وغیرہ کیفیات معلوم کرتی ہے۔
(اللَّمْسَةُ): ایک مرتبہ کا چھونا۔
—اللمسة الاخيرة فائنل ٹچ۔ آخری مرتبہ کا چھونا۔
(اللَّمُوسُ) منہ بولا بیٹا۔ لے پالک متبنّی۔
(اللَّمِيسُ) نرم و نازک اور ملائم جسم کی عورت۔
(المُلْتَمِسُ): اپیل کنندہ، درخواست کنندہ، مدعی (ج)
(المُلْتَمَسُ): مدعی علیہ جس کے خلاف درخواست دائر کی جائے۔ (ج)
(لَمَصَ) العسلَ وشبهَهُ ـُـ لَمْصًا شہد وغیرہ انگلی سے چاٹنا۔
—فلانًا: کسی کو چٹکی بھرنا۔ (۲) کسی کی نقل اتارنا، منہ چڑانا، عیب نکالنا۔
(ألْمَصَ) الشجرُ: درخت کا ہاتھ کی پہنچ کے اندر ہونا۔
—الكرمُ: بیل کے انگور پک جانا۔
(اللامِصُ) انگور کی بیلوں کا محافظ۔
(اللَّمَصُ، اللُّمَصُ) فالودہ۔
(اللَّمُوصُ) دھوکہ باز جھوٹا (۲) غیبت کرنے والا۔
(لَمَظَ) فلانٌ ـُـ لَمْظًا کوئی چیز کھاکر اس کا ذائقہ لینا۔
—الماءَ: پانی کو زبان کے کناروں سے چکھنا۔
(ألْمَظَهُ) ہونٹوں پر پانی لگانا۔

—فلانًا على فلانٍ کسی کو کسی کے خلاف بھڑکانا۔
(لَمَّظَهُ) كذا: کسی کو چیز چکھانا۔
—فلانًا مِنْ حَقِّهِ کسی کو اس کے حق کا کچھ حصہ دینا۔
(التَمَظَ) بشفتيهِ دونوں ہونٹوں کو اس طرح ملانا کہ ان سے آواز پیدا ہو۔
—بالشيءِ کسی چیز میں لپٹنا۔
—الشيءَ کھانا (۲) جلدی سے منہ میں ڈالنا۔
(تَلَمَّظَ) فلانٌ: لَمَظَ کہتے ہیں۔ ما تَلَمَّظْتُ اليومَ بشيءٍ میں آج کچھ نہیں کھایا۔
—بذكرهِ: عیب نکالنا۔
—الحيَّةُ: سانپ کا زبان نکالنا۔
(اللُّمَاظُ) مالَهُ لُماظٌ اس کے پاس کھانے کے لئے کچھ نہیں۔ کہتے ہیں ما ذُقْتُ اليومَ لماظًا۔
—شربَ الماءَ لِماظًا اس نے نوک زبان سے پانی پیا۔
(اللُّمَاظَةُ) منہ میں بچا ہوا کھانا۔ کہتے ہیں القى لُماظةً من فيهِ اس نے اپنے منہ کا کھانا نکال ڈالا۔ (۲) تھوڑی چیز کا بقیہ۔ کہتے ہیں ما الدنيا الا لُماظةُ أيامٍ۔
(اللُّمْظَةُ) انگلی کے برابر اٹھایا ہوا تھوڑا سا گھی وغیرہ۔
(المُتَلَمِّظُ) مسکراہٹ۔ إنَّهُ لَحَسَنُ المُتَلَمِّظِ وہ خوبصورت مسکراہٹ والا ہے۔
(لَمَعَ) البرقُ والصبحُ وغيرهما ـَ لَمْعًا ولَمَعانًا روشن ہونا۔ چمکنا۔ هو لامعٌ (ج) لُمَّعٌ وهو لَمّاعٌ وهي لامعةٌ (ج) لَوامِعُ۔
—بالشيءِ لَمْعًا کسی چیز کو لے جانا۔
—بثوبه وبيدهِ وسيفهِ کپڑے ہاتھ یا تلوار سے اشارہ کرنا۔
—الطائرُ بجناحيهِ پرندہ کا اڑتے ہوئے بازوؤں کو حرکت دینا۔
—فلانٌ الباب دروازہ سے ظاہر ہونا۔
—الشيءَ ڈالنا، پھینکنا۔
(ألْمَعَ) بثوبهِ وبيدهِ وسيفهِ ہاتھ کپڑے یا تلوار سے اشارہ کرنا۔

- بالشيءِ وعنه: چپکے سے غائب کر دینا۔ (۲) چرا لینا۔
- بما في الاناء من الطعامِ والشرابِ: برتن کا سب کچھ کھانا یا سب پی لے جانا۔
- الطائرُ بجناحیه: بازو پھڑ پھڑانا۔
- النَّاقةُ بذنبها اونٹنی کا اپنی دم کو اٹھانا تاکہ یہ معلوم ہو کہ وہ گابھن ہو چکی ہے۔ هي ملمعة و ملمع۔
- المعتِ الناقةُ اونٹنی کا حمل ظاہر ہونا۔
- الأُنثى بچہ کا ماں کے پیٹ میں حرکت کرنا۔
- الارضُ زمین میں سفید گھاس کے ٹکڑے ظاہر ہونا۔ (۲) زمین میں زیادہ گھاس ہونا۔

(لَمَّعَ) النسيجَ او الحجرَ: کپڑے یا پتھر کو مختلف رنگوں سے رنگنا۔
- الشيءَ چمکانا۔ پالش کرنا۔ (محدثہ)

(التَمَعَ) البرقُ وغيرُهُ: چمکنا۔ روشن ہونا۔
- الشيءَ چپکے سے اٹھا لینا۔

(التُمِعَ) لونُهُ رنگ بدل جانا۔ جب کوئی غصہ، غم یا کسی اور وجہ سے گھبرا جائے اور اس کا رنگ بدل جائے تو اسے التُمِعَ لونُهُ کہا جاتا ہے۔

(تَلَمَّعَ) البرقُ وغيرُهُ بجلی چمکنا۔
- الشيءَ اچک لینا۔

(الأَلْمَعُ) صاحب فراست، انتہائی ذہین اور تیز فہم آدمی۔

(الأَلْمَعِيُّ) الأَلْمَعُ (۲) خوش طبع اور صاحب ظرافت آدمی۔

(التَّلْمِيعُ) گھوڑوں کے بدن پر ایسے رنگ کے داغ جو اصل رنگ کے برخلاف ہوں (۲) ہر وہ رنگ جو دوسرے رنگ کے برخلاف ہو۔ (ج) تَلامِيعُ۔ فيهِ تلميعٌ وتلاميعُ وہ رنگ برنگ ہے۔

(اللاَّمِعُ) چمکدار، روشن۔
- مَا بالدّارِ لامعٌ گھر میں کوئی نہیں۔

(اللاَّمِعَةُ) بچے کے سر کا نرم تالو (ج) لوامعُ۔

(اللِّمَاعُ) ذهبتْ نفسُهُ لِمَاعًا اس کی جان آہستہ آہستہ نکلی۔

(اللُّمْعَةُ) لوگوں کی جماعت (۲) جسم کی خوبصورتی اور چمک (۳) پستان کی نوک کے گرد قدرتی سیاہ حلقہ (۴) سیاہ دھبا (۵) ہر وہ دھبہ جو اصل رنگ کے خلاف ہو۔ (۶) وضو یا غسل میں خشک رہ جانے والی جگہ۔ کہتے ہیں به لمعةٌ لَمْ يُصِبْهَا الوَضوء (۷) گھاس کا وہ حصہ جو خشک ہونا شروع ہو گیا ہو (ج) لُمَعٌ ولِمَاعٌ۔

(اللَّمَّاعَةُ) سراب، چمکتا ہوا ریگستان (۲) بچے کے سر کا نرم تالو۔

(اللَّمُوعُ): روشن، چمکدار (۲) تیز جھپٹا مارنے والا عقاب۔

(المُلْمَعُ): خَدٌّ مُلْمَعٌ چمکدار رخسار۔

(المِلْمَعُ) مِلْمَعَا الطائرِ: پرندے کے پر۔
- خَفَقَ الطائرُ بِمِلْمَعَيْهِ۔ پرندے نے اپنے بازو پھڑ پھڑائے۔

(المُلْمِعَةُ)، أَرْضٌ مُلْمِعَةٌ: چمکتی ہوئی سراب والی زمین۔

(المُلَمَّعُ) فرسٌ مُلَمَّعٌ: وہ گھوڑا جس کے جسم پر اصل رنگ کے مخالف دھبے ہوں۔ (۲) برص کا مریض۔

(المَلْمَعَةُ) ارضٌ ملمعةٌ: مُلْمِعَةٌ۔

(المَلْمِعَةُ) ارضٌ ملمِعَةٌ: مُلْمِعَةٌ۔

(اليَلْمَعُ) بے بارش بجلی کہتے ہیں فلانٌ اخدع من يَلْمَعٍ (۲) سراب کہتے ہیں هو اكذبُ من يَلْمَعٍ (۳) بطور تشبیہ کذاب جیسے انما هو يَلْمَعٌ (۴) بہت ذہین و صاحب فراست (۵) چمکنے والا ہتھیار جیسے زرہ اور خود وغیرہ (ج) يَلامِعُ۔

(اليَلْمَعِيُّ) ذہین و ذکی صاحب فراست آدمی۔

(لَمَقَ) - لَمْقًا دیکھنا۔
- فلانًا بصرهِ گھور کر دیکھنا۔
- فلانًا تھپڑ مارنا۔
- عينَهُ آنکھ پر ہاتھ مارنا۔
- الشيءَ مٹانا۔ (۲) لکھنا (ضد)

(تَلَمَّقَ) دوپہر کے کھانے سے پہلے بطور ناشتہ کے کوئی چیز کھانا۔

(اللَّمَاقُ) تھوڑی سی کھانے پینے کی چیز۔
- مَا ذقتُ لَمَاقًا میں نے کچھ نہیں کھایا۔
- مَا بالأرضِ لَمَاقٌ: زمین میں کہیں چراگاہ نہیں۔

(لَمَقُ) الطريقِ۔ واضح اور سیدھا راستہ۔

(اليَلْمَقُ)۔ بھراؤ دار چوغہ (فارسی لفظ یلمہ کا معرب)

(لَمَكَ) العجينَ - لَمْكًا آٹے کو اچھی طرح گوندنا۔

(تَلَمَّكَ) فلانٌ: کھاتے یا بولتے وقت باچھوں کو حرکت دینا۔ (۲) ذائقہ لینا۔
- البعيرُ: اونٹ کا دونوں جبڑے ہلا کر کھانا۔

(اللُّمَاكُ)۔ آنکھ کا سرمہ۔

(اللَّمَاكُ): ما تَلَمَّكَ بِلَمَاكٍ: اس نے کچھ نہیں چکھا۔ اور یہ بھی کہتے ہیں: ما ذاقَ لَمَاكًا وَلاَ لَمَاجًا: (یہ صرف نفی میں مستعمل ہے)

(اللَّمْكُ): اللُّمَاكُ۔

(اللَّمِيكُ)۔ سرمہ لگی ہوئی آنکھوں والا۔

(لَمْلَمَ) الشيءَ: جمع کرنا۔
- الحَجَرَ پتھر کو گول کرنا۔

(تَلَمْلَمَ): جمع ہونا۔

(اللَّمْلَمُ): بہت بڑا لشکر۔
- حَيٌّ لَمْلَمٌ۔ بہت بڑا قبیلہ۔

(اللُّمْلُومُ)۔ جماعت، پارٹی، گروہ۔

(المُلَمْلَمُ): رجلٌ ململمٌ وجَمَلٌ مُلَمْلَمٌ گٹھے ہوئے بدن کا آدمی یا اونٹ۔ شَعْرٌ ململمٌ: تیل لگے ہوئے بال۔

(المُلَمْلَمَةُ) كتيبةٌ مُلَمْلَمَةٌ بھاری تعداد والا لشکر۔
- ناقةٌ ململمةٌ پُر گوشت اور خوبصورت اونٹنی۔
- صخرةٌ مُلَمْلَمَةٌ گول اور سخت چٹان۔

(لَمَّ) الشيءَ - لَمًّا اچھی طرح سمیٹنا، اکٹھا کرنا۔
- اللهُ شَعَثَهُ اللہ تعالیٰ کا کسی کی بگڑی کو بنا دینا۔
- بفلانٍ: کسی کے پاس آنا اور اس کے پاس ٹھہرنا۔

(لُمَّ) فلانٌ۔ مجنون ہونا۔ هو ملمومٌ۔

(أَلَمَّ) الشيءُ قریب ہونا۔
- بالقومِ وعليهم: کسی کے پاس مختصر قیام کرنا۔
- بالمعنى۔ مطلب سمجھنا۔

-بالطعام مختصر اور مناسب مقدار میں کھانا کھانا۔
-بالامرِ کسی معاملہ میں گہرا غور و فکر نہ کرنا۔
-فلانٌ چھوٹے گناہ کرنا یا ان کے قریب ہونا۔
-الغلامُ لڑکے کا قریب البلوغ ہونا۔ کہتے ہیں هذهِ الناقة قد المّت لِلْكِبَرِ: یہ اونٹنی بوڑھا ہونے کے قریب ہے۔
-النَّخلَةُ کھجور کا پکنے کے قریب ہونا۔
-الشَّعرُ بالوں کا کان کی لو سے آگے نکل جانا۔ هي ملمٌّ و مُلِمَّةٌ۔
-ألَمَّ "كَادَ" کے معنی میں استعمال ہوتا ہے جیسے ما فعل وما ألَمَّ: اس نے یہ کام نہ کیا اور نہ ہی کرنے کا ارادہ کیا۔

(لَمَّمَ) الشَّعرَ: بالوں کو تیل لگانا۔ هو مُلَمَّمٌ۔

(الْتَمَّ) بالقومِ: لوگوں کے پاس آنا اور انہیں کے پاس قیام کرنا۔

(اللَّامَّةُ): ہر ڈراؤنی اور خوفناک چیز۔ (۲) نظر بد۔

(اللِّمَامُ): مختصر ملاقات۔
-هو يزورنا لماماً: وہ ہم سے بہت کم ملتا ہے۔ (یہ لَمَّة کی جمع ہے)

(اللَّمَمُ): صغیرہ گناہ جیسے بوسہ، بدنظری وغیرہ (۲) گناہوں کے قریب جانا۔ قرآن مجید میں ہے: (الَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبَائِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ): (۳) جنون، دیوانگی (۴) تقریباً جیسے كان ذلك منذ شهر او لممه: یہ معاملہ ایک ماہ یا اس کے قریب قریب سے ہے۔

(اللَّمَّةُ): سختی (۲) زمانہ۔ کہتے ہیں: اُعيذهُ من حادثات اللَّمَّةِ: میں حوادثات زمانہ سے اسے خدا کی پناہ میں دیتا ہوں (۳) جناتی اثر۔ کہتے ہیں: اصابتهُ من الجن لَمَّةٌ: اسے جناتی اثر ہو گیا ہے۔ کہتے ہیں للشیطان لَمَّةٌ شیطان دل میں وسوسے اور منکرات ڈالتا ہے۔ (۴) جمع شدہ لوگ (۵) جمع شدہ چیز (۶) تھوڑی دیر کی ملاقات۔ (ج) لِمَامٌ۔

(اللُّمَّةُ) سفر کے ساتھی۔ کہتے ہیں: لَا تُسَافِرُوْا حَتّٰى تُصِيْبُوْا لُمَّةً (واحد و جمع کے لئے)

(اللِّمَّةُ): کانوں سے بڑھی ہوئی بالوں کی زلف۔ (ج) لِمَمٌ ولِمَامٌ۔

(المِلَمُّ) ہر سخت چیز۔
-رجلٌ مِلَمٌّ اہل خاندان کو اکٹھا رکھنے والا۔
-رجلٌ مِلَمٌّ مِعَمٌّ لوگوں کے معاملات کو درست کرنے والا اور اپنی خیر خواہی کی وجہ سے لوگوں کا خیال کرنے والا۔

(المُلِمَّةُ) سخت آفت و مصیبت۔

(المَلْمُوْمُ) گول اور جمع شدہ (۲) مجنون۔
-رجلٌ ملمومٌ گٹھے ہوئے بدن کا آدمی۔

(لَمَّا): بمعنی جب۔ لَمَّا کی تین صورتیں ہیں۔

(۱) وجہ اول یہ کہ مضارع کے ساتھ خاص ہو اسے جزم دے اور لم کی طرح ماضی کے معنی میں کر دے۔ لیکن یہ لَمْ سے پانچ امور میں مختلف ہوگا۔

(۱) لَمَّا: حرف شرط کے ساتھ نہیں ملتا لہٰذا آپ إنْ لَمَّا تَقُمْ نہیں کہہ سکتے جبکہ لَمْ حرف شرط کے ساتھ مقترن ہوتا ہے جیسے حق تعالیٰ کا ارشاد (وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ)

(۲) یہ کہ اس کے ذریعہ نفی زمانہ حال تک لگاتار ہوگی جیسے فرق عبدی کا شعر۔

فان كنت ما كولاً فكن خير آكلٍ
والا فادركني ولمّا امزق

بخلاف لَمْ کہ اس کے ذریعہ کی گئی نفی متصل بھی ہوتی ہے جیسے حق تعالیٰ کا ارشاد (وَلَمْ اَكُنْ بِدُعَائِكَ رَبِّ شَقِيًّا) اور منقطع بھی جیسے (لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَذْكُوْرًا): اس وجہ سے لَمْ يَكُنْ ثُمَّ كَانَ ٹھیک ہے لیکن لَمَّا يكن ثم كان کہنا ٹھیک نہیں بلکہ لَمَّا يَكُنْ وقَدْ يكونُ کہنا ہوگا۔

(۳) لَمَّا: کی منفی حال کے قریب ہوتی ہے جبکہ لَمْ: کی منفی میں یہ قید نہیں۔ آپ کہیں گے: لَمْ يكن ذلك الرجل فی العام الماضی مقيماً: لیکن یہاں لما يَكُنْ: نہیں کہہ سکتے۔

(۴) لَمَّا کی منفی کا ثبوت متوقع ہوتا ہے بخلاف لَمْ کی منفی کے۔ کیا آپ نہیں دیکھتے کہ (بَلْ لَمَّا يَذُوْقُوْا عَذَابِ): کا معنی ہے کہ انہوں نے ابھی تک عذاب نہیں چکھا بلکہ ان کا عذاب کو چکھنا متوقع ہے۔

(۵) لَمَّا: کی منفی کو حذف کرنا جائز ہے اور اس کی دلیل یہ ہے

فجئتُ قبورهم بَدْءً الَمَّا
اى ولمّا اكن بدءً ا قبل ذلك اى سَيِّدٌ

بخلاف لَمْ کے کہ آپ اس میں "وصلت الی بغداد ولَمْ" نہیں کہہ سکتے۔

(۲) وجہ ثانی لَمَّا ماضی کے ساتھ خاص ہو اس صورت میں یہ دو جملوں کو چاہے گا جن میں سے دوسرے کا وجود پہلے کے وجود کی وجہ سے ہو۔ جیسے لَمَّا جَاءَنِيْ اَكْرَمْتُهٗ بعض اہل لغت نے اسے اس صورت میں حرف وجود لوجود اور بعض نے حروف وجوب لوجوب اور بعض نے ظرف بمعنی حین کہا ہے۔

(۳) وجہ ثالث: حرف استثناء بمعنی الا اس صورت میں یہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوگا۔ قرآن مجید میں ہے (اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ) یہ فعل ماضی پر لفظاً داخل ہوتا ہے نہ کہ معنیً جیسے أنشدك اللهَ لَمَّا فَعَلْتَ یعنی یہاں بظاہر فعلت فعل ماضی ہے۔ لیکن حقیقت میں یہ معنی مراد نہیں بلکہ مصدر فعل مراد ہے۔

(لَمَا) ـُ لَمْوًا: مَا يَلْمُوْقُمْ فلان بكلمةٍ فلاں اپنے منہ سے نکلی ہوئی بری بات کو برا نہیں سمجھتا۔
-الشَّيْءَ: سب لے جانا۔

(اَلْمٰی) علی الشیءِ لے جانا۔

(اللُّمَةُ): تین سے دس تک مردوں یا عورتوں کی جماعت حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں ہے (أنّها خرَجَتْ فی لمةٍ من نسائها تتوطا زيلها حتى دخلت على ابى بكر الصديق) (۲) ساتھی، ہم عمر، ہم جولی۔ (۳) مثل مانند۔ مقولہ ہے: ليتزوج كل انسان لُمَتَهُ (۴) نمونہ قبل تقلید کردار۔ لك فيه لمةٌ تمہارے لئے اس میں اچھا نمونہ ہے۔ (ج) لُمَاتٌ۔

(لَمَى) الغُلَامُ۔ لَمْيًا لڑکے کا سیاہ ہونٹ والا ہونا۔ ایسے ہی لَمَتِ المَرْأَةُ۔

(لَمِيَ) لَمًى: لَمًى: هو اَلْمٰى۔ وهی لمياء (ج) لُمْيٌ۔
-الشَّفَةُ: ہونٹ کا سیاہی مائل ہونا۔

-الشجرُ درخت کا سایہ گہرا ہونا۔
(تلدّبَ) الارضَ بہ وعلیہ۔ زمین کا کسی کو اپنے اندر چھپا لینا۔
(الألمی) ظِلٌّ ألمی گھنا سایہ۔ (۲) ٹھنڈا سایہ۔
-رمحٌ ألمی گندمی رنگ کا تیز اور سخت نیزہ۔
(اللمی) ہونٹوں کا خوبصورت گندمی رنگ۔
(اللمیاء) شفةٌ اولثةٌ لمیاء کم گوشت یا کم خون والا ہونٹ یا مسوڑھا۔

ل ن

(لَن) بمعنی ہرگز نہیں۔ حرف نفی جو فعل مضارع کو نصب دے کر مستقبل کے معنی میں کر دیتا ہے جیسے لَن أعملَ هذا أبدًا اور کبھی لا کی طرح یہ بھی دعا کے لئے آتا ہے جیسے اعشٰی کا قول ہے
لَن يزالوا كذلكم ثم لازلْ
تَ لهم خالدًا خلودَ الجبال۔

ل ه ب

(لَهِبَ) الرجلُ لَهَبًا پیاسا ہونا۔ هو لَهبانُ وهي لَهبى۔
(ألهبَ) البرقُ بجلی کا مسلسل چمکنا۔
-الفرسُ گھوڑے کا خوب تیز دوڑنا اور گرد اڑانا۔
-فی الكلامِ تیز بولنا۔
-فلانًا للأمرِ کسی کام کی ترغیب دینا۔
-النارَ آگ بھڑکانا۔
(لَهّبَ) النارَ آگ کو اتنا بھڑکانا کہ اس سے شعلے اٹھنے لگیں۔
(التهبَ) النارُ آگ جلنا۔
-علی فلانٍ غضبناک ہونا۔
-جوعًا بھوک سے تڑپنا۔
(تلهّبَ) النارُ آگ جلنا۔
-جوعًا بھوک سے بلبلانا۔
(اللَّاهُوبُ) گرد اڑانے والی گھوڑے کی سخت دوڑ۔
(اللُّهابُ) پیاس۔
(اللُّهابَةُ) وہ چارہ وغیرہ جس میں پتھر رکھ کر کجاوہ یا عماری کے وزن کو برابر کیا جائے۔
(اللِّهْبُ) دو پہاڑوں کے درمیان کا حصہ۔ (۲) پہاڑ کی صاف دیوار نما چٹان جس پر چڑھا نہ جا سکے۔ (۳) زمین کی سرنگ۔ (ج) ألهابٌ۔
(اللَّهَبُ) شعلہ لپٹ (۲) دھوئیں کی طرح چمکتا ہوا گرد و غبار (۳) علم کیمیا کی ایک اصطلاح۔
(اللَّهَبانُ) گرمی کی شدت (۲) پیاس۔
-یومٌ لَهَبانٌ سخت گرم دن۔
(اللُّهْبَةُ) پیاس (۲) بدن کے رنگ کا چمکنا۔
(اللَّهِيبُ) آگ کا شعلہ لپٹ۔
(المِلْهَبُ) انتہائی حسین (۲) زیادہ اور گھنے بالوں والا مرد۔
(المُلَهَّبُ) کم سرخی والا کپڑا۔
(اللاهوتُ) الوہیت۔ ضد الناسوت۔
-علمُ اللاهوت خدا سے متعلق عقائد کا علم۔ علم الالٰہیات۔
(اللاهوتيُّ) اللہ تعالیٰ سے متعلق عقائد کا عالم۔
(لَهِثَ) الكلبُ - لَهثًا ولُهاثًا: کتے کا گرمی یا پیاس کی وجہ سے زبان باہر نکالنا۔ قرآن مجید میں ہے (فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ الْكَلْبِ إِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ أَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ)
-الرجلُ تھک جانا۔
(لَهِثَ) الكلبُ وغيرُهُ - لَهثًا ولُهاثًا ولَهَثانًا لَهَثَ۔
-الرَّجلُ تھک جانا۔ هو لهثانُ وهي لهثى۔
(الْتَهَثَ) الكلبُ وغيرُهُ: لَهَثَ۔
(اللُّهاثُ) پیٹ میں پیاس کی سوزش۔
-هو يُقاسِي لُهاثَ الموتِ پیٹ کی سختیوں سے دوچار ہے۔
(اللُّهَاثِيُّ) چہرہ پر بہت سے سرخ تل والا۔
(اللُّهْثَةُ) پیاس (۲) تھکاوٹ۔
(لَهِجَ) بالأمرِ - لَهَجًا کسی بات کا انتہائی خواہشمند اور مشتاق ہونا۔ هو لَهِجٌ ولاهِجٌ۔
-الفصيلُ بضرعِ أمِّهِ جانور کے بچے کا اپنی ماں کے تھن سے چمٹے رہنا۔ هو لاهجٌ۔
-الفصيلُ أمَّهُ جانور کے بچے کا ماں کا تھن چوسنا هو لهوجٌ (ج) لُهُجٌ۔
(ألهجَ) بالأمرِ کسی کام کا خواہشمند ہونا۔
-فلانٌ کسی کے جانور کے بچوں کا ماں کے تھن چوسنے کا عادی ہونا۔
-فلانًا کسی چیز کا خواہشمند بنانا۔
-الفصيلَ جانور کے بچے کے منہ میں لکڑی باندھنا تاکہ وہ اپنی ماں کا دودھ نہ پی سکے۔
(لَهّجَ) کھانے سے پہلے بطور تلذذ کوئی چیز کھلانا۔
(لَهْوَجَ) الشيءَ مضبوط نہ کرنا۔
-الطعامَ کھانے کو پوری طرح نہ کھانا۔
-حديثٌ مُلَهْوَجٌ نامکمل بات۔
-رأيٌ مُلَهْوَجٌ ناقص رائے۔
(تَلَهْوَجَ) الشيءَ: کسی چیز کو جلدی سے لینا۔
(الْهاجّ) باہم مخلوط ہونے کے باوجود یک جسم نہ ہونا۔
-عينُهُ آنکھوں میں نیند بھرنا۔
(اللَّهْجَةُ) زبان، زبان کا کنارہ۔ (۲) وہ زبان جس سے بات چیت کی جائے۔ جیسے فلانٌ فصيحُ اللهجة وصادقُ اللهجة (۳) بات کو ادا کرنے کا مخصوص انداز لہجہ (۴) لب و لہجہ۔
(اللُّهْجَةُ) کھانے سے پہلے بطور تلذذ وقت گزاری کے کھائی جانے والی چیز۔ (جیسے اللُّمْجَة)
(المُلْهَجُ) زیادہ نیند کی وجہ سے کام سے غافل رہنے والا آدمی۔
(لَهَدَهُ) الحِملُ - لَهْدًا سامان کا کسی کو بوجھل کرنا۔ هو ملهودٌ ولهيدٌ۔
-دابّتَهُ جانور کو تھکا ڈالنا اور کمزور کر دینا۔ هي لهيدٌ۔
-فلانًا کسی کو دل بجھتے ہوئے سینے پر دھکا دینا۔ هو ملهودٌ۔
-مافی الاناء برتن کے اندر موجود سب کا سارا کھا جانا چاٹ لینا۔
(ألهدَ) الرَّجلُ ظلم و زیادتی کرنا۔
-الی الأرضِ بوجھ کی وجہ سے زمین کی طرف جھکنا۔
-بہ حقیر سمجھنا، عیب لگانا۔
-بفلانٍ کسی کو پکڑ کر اس پر کسی کو زبان سے لگے

مسعد کرنا۔(۲) کسی کو اس کی وذیل سمجھانا۔
(الهَدُّ) بھاری اور ذلیل آدمی (۲) ٹانگوں یا رانوں کی ایک بیماری۔
(المُلَهَّدُ) رجلٌ مُلَهَّدٌ ذلیل و کمزور آدمی جسے دروازوں سے دھکے پڑتے ہوں۔
(لَهْذَمَ) الشیءَ کاٹنا۔
(تَلَهْذَمَ) الشیءَ کاٹنا (۲) کھالینا۔
(اللَّهْذَمُ) ہر کاٹنے والی چیز جیسے چھری، تلوار، دانت وغیرہ۔
—سیفٌ لهذمٌ تیز تلوار اسی طرح سنانٌ او نابٌ لهذمٌ۔
(لَهَزَ) الشیبُ فلانًا۔ لَهْزًا کسی میں بڑھاپا ظاہر ہونا۔
—فلانًا الشیبُ کسی پر بڑھاپا ظاہر ہونا۔ هو ملهوزٌ۔
—القومَ لوگوں کے ساتھ رہنا۔ ان میں گھل مل جانا۔
—فلانًا بالرمح کسی کے سینہ پر نیزہ مارنا۔(۲) کسی کی گردن پر یا کان کے نیچے مکہ مارنا۔
—البعیرَ اونٹ کے کان کے نیچے داغ لگانا۔
—الفصیلُ اُمَّهُ اونٹ وغیرہ کے بچہ کا دودھ پیتے وقت ماں کے تھن کو ٹکر مارنا۔
(لَهَّزَ) فلانًا کسی کی گردن پر یا کان کے نیچے مکا مارنا۔
(اللَّاهِزُ) راستہ میں رکاوٹ بننے والا اور تنگی پیدا کرنے والا ٹیلہ یا پہاڑی۔
(اللِّهَازُ) دھرے کے سوراخ کو تنگ کرنے کا ٹکڑا۔ کہتے ہیں ضَيِّقِ البَكَرَةَ باللهاز چرخی کے سوراخ کو چپٹر لگا کر تنگ کر دیا۔
(اللِّهْزُ) سخت۔
(اللَّهْزَةُ) جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی۔
(المِلْهَزُ) گردن یا کان کے نیچے کی ہڈی پر مکا مارنے والا۔
(المَلْهُوزُ) گٹھے ہوئے بدن کا آدمی۔
(لَهْزَمَ) فلانًا جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی پر مارنا۔
—الشیبُ خدَّیهِ ولَهْزَمَةَ الشیبُ بڑھاپا ظاہر

(اللِّهْزِمَةُ) جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی یہ دو ہوتی ہیں۔(ج) لَهَازِمُ۔
(لَهِسَ) علی الطعامِ۔ لَهْسًا کھانے پر ٹوٹ پڑنا۔(۲) کھانے کو چاٹنا۔
—الصبیُّ ثدیَ اُمِّهِ بچہ کا ماں کے پستان پر ہاتھ مارنا اور اسے چوسنا۔
(لَاهَسَ) علی الشیءِ لالچ کی وجہ سے کسی چیز پر ٹوٹ پڑنا۔ جیسے لَاهَسَ علی الطعامِ۔
—فلانٌ یُلاهِسُ بنی فلانٍ فلاں اس قبیلہ کے کھانے کی لالچ میں لگا رہتا ہے۔
(اللُّهَاسُ) تھوڑا سا کھانا۔
(اللُّهَاسَةُ) تھوڑا سا کھانا۔
(اللُّهْسَةُ) چاٹنے کی تھوڑی چیز۔ کہتے ہیں مالکَ عندی لهسةٌ تیرے لئے میرے پاس کچھ نہیں۔
(لَهْسَمَ) ما علی المائدۃ دسترخوان پر موجود سارے کا سارا کھالینا۔
(اللُّهْسُمُ) وادی کا تنگ راستہ۔(ج) لهاسم۔
(لَهَطَ) الاُمُّ به۔ لَهْطًا بچہ جننا۔ بطور بد دعا کے کہتے ہیں لعن اللهُ امًّا لهطت به۔
—فلانٌ ہاتھ اور کوڑے سے مارنا۔
—فلانًا طمانچہ رسید کرنا۔
—الشیءَ بالماء پانی کا چھڑکاؤ کرنا۔
—به الارضَ زمین پر پچھاڑنا۔
—فلانًا بسهمٍ تیر مارنا۔
—الثوبَ نچوڑنا۔
(اللَّاهِطُ) گھر کے دروازہ پر چھڑکاؤ کر کے صفائی کرنے والا۔
(لَهِعَ) فلانٌ۔ لَهَعًا ولَهَاعَةً ہر ایک کی طرف مائل ہونا۔ هو لَهِعٌ ولَهِیعٌ۔
—فی الکلامِ بولتے وقت باچھیں کھولنا۔
(تَلَهَّعَ) فی کلامِهِ بہت زیادہ بولنا۔
(اللَّهَاعَةُ) غفلت۔ رجلٌ فیه لَهَاعَةٌ۔
(اللَّهِیعَةُ) اللَّهَاعَةُ (۲) سستی و کاہلی۔
—فی فلانٍ لَهِیعَةٌ کسی کے خرید و فروخت کے معاملہ میں اتنی سستی ہونا جس سے دھوکہ کھا جائے۔
(لَهِفَ) علی الفائتِ۔ لَهَفًا ضائع شدہ چیز پر

غم و افسوس کرنا۔ هو لَهِفٌ ولهیفٌ ولاهفٌ ولهفانُ حدیث میں ہے (اتقوا دعوة اللهفان) هی لاهفٌ ولاهفةٌ ولَهْفی (ج) لَهَافی ولُهُفٌ ولِهَافٌ۔
—هو لاهفُ القلبِ وہ دل جلا ہے۔
(لُهِفَ) لَهْفًا مظلوم و تکلیف زدہ ہونا۔ هو ملهوفٌ۔
(اَلْهَفَ) حریص اور لالچی ہونا۔
(لَهَّفَ) بدحواس کرنا۔
—فلانٌ نفسَهُ واُمَّهُ، والهفاه واُمّاه وا اُمّیاه والهفاه کہنا۔
—اُمَّهُ واُمَّیهُ اپنی ماں یا والدین کو رنج و مصیبت میں مبتلا کرنا (اُمَّیه میں انثی کو اولاد پر زیادہ مرد ہونے کی وجہ سے مذکر پر غالب کر دیا گیا)
(تَلَهَّفَ) علی الفائتِ ضائع شدہ چیز پر غم و افسوس کرنا۔
(اللَّهْفُ) غم و افسوس۔ کہتے ہیں یالَهْفَ فلانٍ ہائے مجھے فلاں پر بڑا افسوس ہے۔ ایسے ہی یالهفی علیه ویالَهْفَ ویالَهْفَاهُ یالهف ارضی وسمائی علیه ویالهفاه۔
(اللَّهْفَانُ) حسرت زدہ (۲) تکلیف زدہ۔
(اللَّهْفَةُ) افسوس۔ ضائع شدہ چیز پر افسوس کرتے ہوئے کہا جاتا ہے یا لهفتاه ویا لهفتاه۔
(اللَّهِیفُ) افسوس کرنے والا، مدد کا طالب، مظلوم اور لاچار شخص۔
—رجلٌ لهیفُ القلبِ دل جلا آدمی۔
(المَلْهُوفُ) ستم رسیدہ مظلوم۔
(لَهِقَ) الشیءُ۔ لَهَقًا سفید ہونا۔
(لَهُقَ) الشیءُ۔ لَهَقًا سفید ہونا هو لَهِقٌ ولَهَقٌ۔
(لَهْوَقَ) فلانٌ کسی کی عادات و اخلاق کا مظاہرہ کرنا جو اس کی طبیعت میں نہ ہو۔
—العملَ اوِ الکلامَ کام یا کلام کو ادھورا چھوڑنا۔
(تَلَهَّقَ) الشیءُ سفید ہونا۔
—الرجلُ زیادہ باتیں کرنا اور بتکلف حلق سے آواز نکالنا۔

(تَلَهوَقَ) لَهوَقَ (٢) بناوٹی باتیں کرنا۔ چاپلوسی اور خوشامد کرنا۔ حدیث میں ہے: (کان خُلُقُهٗ سجیّةً ولم یکن تَلَهوُقًا)
(اللِّهَاقُ) سفید بیل (٢) ہر سفید چیز۔
-ابیضُ لِهَاقٌ تیز سفید۔
(المُلَهَّقُ): شیءٌ مُلَهَّقُ اللَّونِ: سفید رنگ کی چیز۔
(لَهِمَ) الشیءَ- لَهمًا ولَهَمًا: ایک مرتبہ نگلنا۔
-الماءَ لَهمًا: گھونٹ بھرنا۔
(أَلهَمَهُ) اللّٰه خیرًا: اللہ تعالیٰ کا کسی کے دل میں خیر اور بھلائی کا القاء کرنا۔
(اِلتَهَمَ) الشیءَ ایک ہی مرتبہ نگل جانا۔
-الفصیلُ مَا فی الضَّرعِ: تھن چوسنا یا تھن کا سارا دودھ پی لینا۔
(اُلتُهِمَ) لونُهٗ: رنگ بدل جانا۔
(اِستَلهَمَ) اللّٰهَ خیرًا: اللہ تعالیٰ سے خیر کا القاء کرنے کی دعا کرنا۔
(الاِلهَامُ) الہام: دل میں ایسی چیز کا آنا جو دل کی تسکین کا باعث ہو اللہ تعالیٰ الہام کے ساتھ اپنے برگزیدہ بندوں کو خاص فرماتا ہے۔ (٢) دل میں آنے والے افکار اور خیالات۔
(اللُّهَامُ): جَیشٌ لُهَامٌ بڑا لشکر۔
(اللِّهمُ) ہر عمر رسیدہ چیز (ج) لُهُومٌ۔
(اللِّهَمُ اللَّهِمُ) بہت کھانے والا، بسیار خور۔
(اللُّهمَةُ) من السویق ستو کی ایک پھنکی۔
(اللَّهِمُ) سخی و فیض رساں آدمی۔ (٢) بہت عطا کرنے والا فیاض (٣) بہترین اور سبقت لے جانے والا گھوڑا یا انسان جیسے رجلٌ لِهَمٌّ صائب الرائے اور بڑا صاحب کفایت (یہ وصف عورتوں کے لئے نہیں ہے) (٤) بہت بڑا سمندر۔
(اللَّهُومُ) بہت کھانے والا، بسیار خور۔
(اللُّهَیمُ) اُمُّ اللُّهَیمِ مصیبت۔ (٢) بخار (٣) موت۔
(المَلهَمُ) من الرجال: بہت کھانے والا۔
(المِلهَمُ): المَلهَمُ۔
(اللِّهْمِیمُ): عمدہ اور سبقت لے جانے والا گھوڑا یا انسان۔

(اللُّهمُومُ): اللِّهمِیمُ: (٢) فیاض و سخی (٣) بڑا مفکر (٤) زیادہ دودھ والی اونٹنی (٥) بہت بارش والا بادل (٦) بڑی تعداد (ج) لَهَامِیمُ۔
(اللُّهمِیمُ): اللِّهمِیمُ۔
-جَمَلٌ لِهمِیمٌ: بڑے پیٹ والا اونٹ۔
(أَلهَنَهُ) کسی کو سفر سے واپسی پر کھانے کی چیز ہدیہ کرنا۔
(لَهَّنَهُ): "اللُّهنة" کھلانا (دیکھئے اللهنة)۔
(تَلَهَّنَ): فلانٌ: کھانے سے پہلے بطور تلذذ کوئی چیز کھانا۔
(اللُّهنَةُ): سفر سے واپسی پر کسی کو دیا جانے والا تحفہ۔ (٢) مسافر کا وہ تحفہ جو وہ سفر سے واپسی پر لائے (٣) ناشتہ سے پہلے بطور وقت گزاری کے لئے کوئی کھائی جانے والی چیز (٤) کھانے کی تھوڑی سی مقدار۔ جیسے مَا وَجَدَتِ الماشیةُ اِلاَّ لُهنَةً: مویشی کو تھوڑا سا چارہ بھی میسر نہ ہوا۔
(لَهَا) بالشیءِ- لَهوًا: کسی چیز کے ساتھ کھیلنا (٢) کسی چیز کا مشتاق ہونا۔
-المَرأَةُ اِلی حدیث صاحبها لَهوًا ولُهُوًّا: عورت کا اپنے خاوند کی بات میں دلچسپی لینا اور اسے پسند کرنا۔
-عَنِ الشیءِ لُهِیًّا ولِهیَانًا: کسی چیز پر صبر کر کے اسے فراموش کر دینا۔
(لَهِیَ) بہٖ -لَهًا: کسی چیز سے محبت کرنا۔
-عن الشیءِ ومنهُ لُهِیًّا ولِهیَانًا: کسی چیز کو فراموش کر دینا، حدیث میں ہے (اذا استأثر اللّٰهُ بشیءٍ فَالْهُ عنه)
-عنه وبه: ناپسند کرنا۔
(أَلهٰی) فلانٌ: خوب عطیے دینا۔
-اللَّعِبُ عَن کَذا: کھیل کا کسی چیز سے غافل کرنا اور اسے بھلا دینا۔
-الرَّحٰی وفیها ولها: چکی کے منہ میں پیسنے کے لئے غلہ کی مٹھی بھر کر ڈالنا۔ أَلهَیتُ لفلانٍ لُهوَةً مِنَ المَالِ: میں نے فلاں کے مال کا ایک حصہ الگ کر دیا۔
(لَاهٰی) الشیءَ: قریب ہونا، ملا ہوا ہونا۔
-الغلامُ الفطامَ: بچہ کا دودھ چھوڑنے کے وقت کے قریب ہونا۔
-فلانًا: کسی سے جھگڑا کرنا (٢) کسی کی اچھائی کے بدلہ میں اس کے ساتھ اچھائی کرنا۔
(لَهّاهُ) بکذا: کسی چیز سے دل بہلانا۔
(التهٰی) بالشیءِ: کھیلنا۔
-عنهُ بغیرہ: ایک چیز سے ہٹ کر دوسری میں مشغول ہونا۔
(تلاهٰی) بالملاهی: کھیل و تفریحات میں مشغول ہونا۔
-القومُ: باہم کھیلنا، کھیل و تفریح میں مشغول ہونا۔
(تَلَهّٰی) بالشیءِ: کسی چیز کے ساتھ کھیلنا۔ (٢) کسی چیز کو تفریح کا مشغلہ بنانا۔
-الابلُ بالمَرعٰی: اونٹوں کا چراگاہوں میں مزے سے چرتے رہنا۔
-عنهُ: کسی چیز کو چھوڑ کر راحت پانا۔
(استلهٰی) صاحبَهُ: اپنے ساتھی کو روکنا، ٹھہرانا۔ (٢) اپنے ساتھی کا انتظار کرنا۔
-الشیءَ: کسی چیز کو زیادہ مقدار میں چاہنا۔
(الأُلهُوَّةُ): کھلونا، کھیل و تفریح کی چیز۔
بینهم أُلهُوَّةٌ یَتَلَاهَونَ بها: ان کے پاس ایک کھیل ہے جسے وہ باہم کھیلتے ہیں۔
(الأُلهِیَّةُ) الأُلهُوَّةُ۔
(التَّلهِیَةُ): الأُلهُوَّةُ (٢) تفریح طبع کی بات۔
(اللُّهَاءُ): مقدار، اندازہ (زهاء کی طرح) جیسے هم لُهَاءُ مائةٍ: وہ تقریبًا سو ہیں۔
(اللَّهَاةُ): حلق کے اندر ابھرا ہوا باریک گوشت (ج) لَهَوَاتٌ ولَهَیَاتٌ ولُهِیٌّ ولَهًا ولِهَاءٌ کہتے ہیں فلانٌ تُسَدُّ بہ لهوات الثغورِ: فلاں شخص اتنا بہادر ہے کہ اس کے ذریعہ سرحدوں کی حفاظت کی جاتی ہے۔
(اللَّهوُ): سامان تفریح، کھیل کود (٢) محبوبہ، وہ عورت جو سامان تفریح ہو (٣) ڈھول وغیرہ۔
(اللُّهوَةُ): عطیہ، بخشش۔ کہتے ہیں اشتراہ بِلُهوَةٍ مِن مَالٍ: اسے تھوڑے مال کے بدلے خریدا (٢) ایک ہزار دینار یا درہم (درہم و دینار کے علاوہ کے لئے مستعمل نہیں) (٣) چکی کے منہ میں ڈالا جانے والا مٹھی بھر غلہ (ج لُهًا)۔

(اللَّهْوَةُ): اللُّهْوَةُ (۲) محبوبہ وہ عورت جو سامان تفریح ہو۔(ج) لُهًا۔

(اللَّهْوُ) فلانٌ لَهْوٌ مِنَ الخیرِ۔ فلاں بھلائی سے بہت دور یا بہت غافل ہے۔ (۲) کھیل کود کی جگہ میدان۔

(الملهی) میدان کھیلنے کی جگہ۔

-هذا ملهی القوم یہ لوگوں کے ٹھہرنے کی جگہ ہے۔(ج) المَلَاهِی۔

(المَلَاهِی) سامان تفریح گانے بجانے کے آلات (غالباً اس کی مفرد ملهاةٌ) ہے

(المَلْهَاةُ) کامیڈی ایسا ڈرامہ جس میں لوگوں کے عیوب ونقائص مزاحیہ انداز میں بیان کئے جائیں(محدثہ)(ج) الملاهی۔

(لَهْوَجَ): (دیکھئے لهج)

(تَلَهْوَجَ): (دیکھئے لهج)

(لَهْوَقَ): (دیکھئے لهق)

(تَلَهْوَقَ): (دیکھئے لهق)

ل ..... و

(لَوْ) بمعنی اگر۔ حرف تقدیر۔ یہ حرف اگر دو مثبت فعلوں پر داخل ہوگا تو وہ منفی ہوجائیں گے جیسے لو جاء نی لاکرمتہٗ (زید میرے پاس آتا تو میں اس کا اکرام کرتا) لیکن وہ میرے پاس نہیں آیا لہٰذا اس کا اکرام بھی نہیں ہوا اور اگر یہ دو منفی فعلوں پر داخل ہو تو ان کو مثبت بنا دے گا جیسے لَوْ لَمْ یَسْتَدِنْ لم یُطَالَبْ۔ اگر وہ قرضہ نہ مانگتا تو اس سے مطالبہ نہ ہوتا لیکن اس نے قرضہ مانگا ہے۔ لہٰذا اس سے مطالبہ بھی ہوا ہے اور اگر یہ ایک مثبت اور ایک منفی پر داخل ہو تو مثبت کو منفی اور منفی کو مثبت بنا دیتا ہے۔ جیسے لَوْ لَمْ یومن اریق دمُہٗ اگر وہ ایمان نہ لایا تو اس کا خون بہایا جائے گا اور اگر ایمان لایا تو نہ خون بہایا جائے گا۔ لو کی چھ قسمیں ہیں۔

(۱) لَوْ لو جاء نی لاکرمتہٗ جیسی مثالوں میں استعمال ہو اور یہ لو تین امور کا فائدہ دیتا ہے۔

i۔ شرطیت مع علاقہ سببیت۔ یعنی اپنے بعد والے دو جملوں کے درمیان سببیت اور مسببیت کا تعلق قائم کرے۔

ii۔ اس کی شرطیت زمانہ ماضی کے ساتھ مقید ہے اس وجہ سے یہ اِن سے جدا ہو جائے گا کیونکہ اِن میں سببیت اور مسببیت کا عقد مستقبل میں ہوتا ہے اس لئے علماء فرماتے ہیں۔ اِن کی شرط لو کی شرط سے پہلے ہوتی ہے کیونکہ مستقبل کا زمانہ ماضی کے زمانہ سے سابق ہوتا ہے۔ کیا آپ نہیں دیکھتے ہیں کہ آج آپ کہیں گے ان جئتنی غداً اکرمتك لیکن جب کل گزر جائے گی تو آپ کہیں گے لَوْ جِئْتَنِی اَمْسِ لَاَکْرَمْتُكَ۔

iii۔ امتناع۔ شرط کے ممتنع ہونے پر جواب کے ممتنع ہونے کا فائدہ دیتا ہے۔ اس لئے اسے حرف امتناع لامتناع کہتے ہیں۔

(۲) مستقبل میں حرف شرط ہو لیکن یہ جزم نہ دے گا جیسے

ولو تلتقی اصداؤ نا بعد موتنا
ومن دون رمسینا من الارض سَبْسَبُ
لظلّ صدی صوتی وان کنت رِمّةً
لصوتِ صدی لیلی یَهَشُّ ویطرَبُ

لو کی اس قسم اور ماقبل میں فرق یہ ہے کہ شرط اگر مستقبل ہوگی تو لو۔ اِن کے معنی میں ہوگا اور اگر شرط ماضی ہوگی تو حرف امتناع ہوگا۔ جب اس کے بعد فعل مضارع آئے گا تو یہ اس کو ماضی کے معنی کی طرف پھیر دے گا جیسے لو تقوم اقوم۔ ای لو قمتَ قمتُ۔

(۳) حرف مصدر بمنزلہ اَنْ لیکن یہ اس صورت میں نصب نہ دے گا۔

اس لو کا اکثر استعمال وَدَّ یَوَدُّ کے بعد ہوتا ہے جیسے (وَدُّوا لَوْ تُدْهِنُ فَیُدْهِنُوْنَ) اور (یَوَدُّ احدهُم لَوْ یُعَمَّرُ)

کبھی اس کے علاوہ بھی استعمال ہوتا ہے جیسے قتیلہ بنت نضر کا شعر ہے۔

ما کان ضرك لو مننت وربّما
منّ الفتی وهو المغیظ المحنق

جب اس کے ساتھ ماضی ہوگا تو وہ اپنے معنی پر باقی رہے گا لیکن جب اس کے ساتھ مضارع ہوگا تو مستقبل کے لئے خاص ہو جائے گا۔

(۴) تمنی۔ اس کا جواب منصوب ہو۔ ف کے ساتھ ہوگا۔ جیسے لَوْ تاتینی فتحدثنی۔

(۵) عرض کے لئے جیسے اَلَا اس کا جواب بھی منصوب اور فاء کے ساتھ ہوگا جیسے لو تنزل عندنا فتصیب خیراً۔

(۶) تقلیل کے لئے جیسے تَصَدَّقُوْا ولو بظلفٍ مُحْرَقٍ۔

(لَاتَ) الرحلُ او البعیرُ۔ لَوْتاً ولُوْتاً ولَوَبَاناً پیاسا ہونا (۲) پیاسے کے پانی کے ارد گرد گھومنا لیکن اس تک نہ پہنچنا۔ هو لائبٌ (ج) لُوُوْبٌ ولُوْبٌ ولَوَائِبُ۔ اِبِلٌ لُوبٌ ولوائبُ وهی لائبةٌ (ج) لوائب۔

(اَلَابَ) فلانٌ کسی کے اونٹوں کا پیاس کی وجہ سے پانی کے پاس آنا۔

(لَوَّبَ) الشیءَ کسی چیز میں زعفران وغیرہ کی خوشبو ملانا۔

(اللَّابَةُ) جمع شدہ یا ریگستان کے اونٹ (۲) سیاہ پتھروں والی زمین۔ (ج) لابات ولاب۔

(اللُّوبُ) شہد کی مکھیاں (۲) گوشت کا ٹکڑا جو ہانڈی میں گھومتا ہو۔

(اللُّوبَةُ) وہ لوگ جو اپنے ہی لوگوں سے الگ تعلق رکھتے ہیں اور ان سے صرف مشورہ کرتے ہوں (۲) سیاہ پتھروں والی زمین (ج) لُوبٌ۔

-اسودُ لوبیٌّ۔ سیاہ پتھروں والی زمین کا باشندہ۔

(اللُّوبِیَا) لوبیا ایک سبزی جو فصیلہ قرنیہ سے ہے اس کی بہت سی قسمیں ہیں۔

(المَلَابُ) ایک قسم کی زعفران جیسی خوشبو۔

(المُلَوَّبُ) ملا ہوا لوہا۔

(لَاتَ) ۔ لَوْتاً سوال کے علاوہ کا جواب میں ولی اور بات کہنا۔

-فلاناً کسی کے حق میں کمی کرنا۔

(اللَّاتُ) طائف کا ایک بت جو قبیلہ ثقیف زمانہ جاہلیت میں اس کی عبادت کرتے تھے۔

(لَاتَ) کلمہ نفی بمعنی لَیْسَ سیبویہ کے نزدیک یہ لفظ حین سے پہلے آنے کے لئے خاص ہے اور اسے نصب دیتا ہے اور یہ عمل میں لیس کی طرح ہے لیکن

اس کے بعد صرف ایک معمول مذکور ہوتا ہے اور غالب گمان یہ ہے اس کا معمول محذوف ہی مرفوع ہوگا' جیسے (وَلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ) اس کی تقدیری عبارت یہ ہے ولات الحینُ حِیْنَ مناص۔
(لَاثَ) الشجرُ والنباتُ ـُ لَوْثًا. درختوں اور پودوں کا گھنا اور ایک دوسرے سے لپٹا ہوا ہونا' ھو لائثٌ ولاثٌ ولاثٌ۔
—فلانٌ فی الأمرِ سستی وتاخیر کرنا۔
—عن الحاجۃ ضرورت سے تاخیر کرنا۔ کہتے ہیں مَا لَاثَ فلانٌ اَنْ غَلَبَ فلانٌ. فلاں فلاں پر دیر کے لئے بغیر ہی غالب آ گیا۔
—العمامۃَ سر پر پگڑی باندھنا۔
—الشیءَ دومرتبہ گھمانا' جیسے عمامہ کو گھمایا جاتا ہے (۲) کسی چیز کو حل کرنے کے لئے پانی میں ڈال کر ملنا۔
—الشیءَ بالشیءِ ایک کو دوسری میں ملانا۔
—الشیءَ فی التراب. کسی چیز کو مٹی میں لت پت کرنا۔
—الشیءَ فی الفمِ چبانا۔
—لوثًا من کلامٍ شرم کی وجہ سے گھما پھرا کر بات کرنا۔
(لَوِثَ) فی الأمرِ لَوَثًا کسی معاملہ میں تاخیر اور سستی کرنا۔
—فلانٌ زبان کا رواں اور مسلسل نہ ہونا۔ (۲) کمزور اور ڈھیلا ہونا (۳) بیوقوف ہونا (۴) مجنون ہونا۔ ھو الوثُ وھی لوثاءُ (ج) لُوثٌ۔
(اَلَاثَ): اللثَّ بہ مالِی کسی کے پاس امانت رکھوانا۔
(اَلْوَثَتِ) الأرضُ زمین کا خشک گھاس میں تر گھاس اگانا۔
—النباتُ والشجرُ پودوں اور درختوں کا ایک دوسرے پر لپٹا ہوا اور گھنا ہونا۔
—الشیءَ ٹھہرانا اور باقی رکھنا۔
—المطرُ النباتَ بارش کا پودوں کو ایک دوسرے کے اوپر لپیٹ دینا۔
(لَوَّثَ) الشیءَ بالشیءِ ایک چیز کو دوسری میں ملانا' لتھیڑنا۔
—الشیءَ فی التراب مٹی میں لتھیڑنا۔ لت پت کرنا۔
—الشیءَ کسی چیز کو پانی میں ڈال کر حل کرنے کے لئے ہاتھ سے ملنا۔
—فلانًا عن کذا: کسی کام سے روکنا۔
—الماءَ: پانی کو گندا کرنا۔
(اَلْتَاثَ) بردائہ: چادر اوڑھنا۔
—النباتُ: پودوں کا گھنا اور گنجان ہونا۔
—براس القلم شعرۃ: قلم کی نب میں بال پھنس جانا۔
—الشیءُ بالشیءِ: ایک چیز کا دوسری میں مل جانا۔
—التاثتِ الخطوبُ. مصیبتیں آنا۔
—بالدمِ: خون میں لت پت ہونا۔
—علیہ الأمرُ کسی پر کام مشتبہ اور غیر واضح ہونا۔
—فی العملِ: کسی کام میں تاخیر کرنا۔
—فی کلامہٖ اپنی بات کی دلیل پیش کرنے سے عاجز ہو جانا۔
(تَلَوَّثَ) ثوبُہٗ بالطین: کپڑے کو مٹی میں لتھڑنا۔
—الماءُ و الھواءُ ونحوُہٗ: پانی یا ہوا میں ضرر رساں ذرات کے مل جانے سے ان کا آلودہ ہو جانا۔
(اللُّوَاثُ) خشکا' پلیتھن۔ (وہ خشک آٹا جو گندھے ہوئے آٹے کو برتن کی سطح سے الگ رکھنے کے لئے پھیلایا جائے۔
(اللُّوَاثَۃُ): اللُّوَاثُ (۲) ہر چیز میں لتھڑ جانے والا اور آلودہ ہو جانے والا۔ (۳) مختلف قبائل کی ایک جماعت۔
(اللَّوْثُ) طاقت۔ (۲) برائی (۳) کسی بات کا غیر واضح ثبوت۔ کہتے ہیں لَمْ یَقُمْ علی اتِّھَامِ فلانٍ بالجنایۃ اِلَّا لَوْثٌ. اس پر جرم میں ملوث ہونے کا غیر واضح اور معمولی ثبوت ہے (۴) زخم (۵) وہ مطالبات جو کینہ کی وجہ سے ہوں۔
(اللَّوْثَۃُ). بیوقوفی (۲) دیوانگی۔
(اللُّوْثَۃُ) ڈھیلا پن۔ (۲) تاخیر۔ (۳) سستی (۴) بے وقوفی (۵) زبان کی بندش (۶) جنون۔ دیوانگی کی کیفیت جیسے بفلانٍ لوثۃٌ (۷) کپڑے کا ٹکڑا جس سے گولا بنا کر کھیلا جائے۔
—رجلٌ ذو لوثۃٍ سست' ضعیف اور ڈھیلا آدمی۔
(اللَّوِیْثَۃُ) مختلف قبیلوں کی ایک جماعت۔
(اللَّیِّثُ): نباتٌ لَیِّثٌ گھنے اور گنجان پودے۔
(المَلِیْثُ) موٹا اور سست آدمی۔
(لَاجَ) الشیءَ ـُ لَوْجًا کسی چیز کو منہ میں گھمانا۔
(اللَّوْجَاءُ): ضرورت' حاجت' کہتے ہیں مَا ترکتُ فی صدرہٖ حوجاۃً ولا لوجاءً اِلَّا قضیتُھا: میں نے اس کی ہر خواہش پوری کی۔
(لَاحَ) الشیءُ ـُ لَوْحًا. ظاہر ہونا۔
—الشیبُ فی راسِہٖ. سر میں سفید بالوں کا ظاہر ہونا۔
—الرجلُ: ظاہر ہونا۔ سامنے آنا۔
—لہ الامرُ: کسی بات کا واضح ہونا۔
—النجمُ ستارے کا ظاہر و روشن ہونا' چمکنا۔
—فلانٌ لَوْحًا ولُوُوْحًا ولوحانًا. پیاسا ہونا۔
—الی الشیءِ لَوْحًا: کسی چیز کو دور سے دیکھنا۔
—العطشُ او السفرُ او الحزنُ فلانًا پیاس' سفر یا غم کا کسی کے رنگ کو بدل دینا اور اسے کمزور کر دینا۔
—البرقُ لَوْحًا ولُوُوْحًا ولوحانًا: بجلی چمکنا۔
—فلانًا ببصرہٖ. کوئی چیز نظر آنا پھر چھپ جانا۔
—بہٖ. ظاہر کرنا۔ چمکانا۔
(اَلَاحَ) الشیءُ واضح اور ظاہر ہونا۔ جیسے اَلَاحَ الرجلُ والنجمُ والبرقُ۔
—بسیفہٖ. تلوار کو چمکانا اور حرکت دینا۔
—بثوبہٖ اپنا کپڑا ہلا کر دور کھڑے شخص کو اشارہ کرنا۔
—بحقہٖ کسی کا حق ضائع کر دینا۔
—مِنْ فلانٍ کسی سے بچنا' ڈرنا' شرمانا۔
—علی الشیءِ کسی چیز پر اعتماد کرنا۔
—فلانًا ہلاک کرنا۔
(لَوَّحَ) بالشیءِ ظاہر کرنا' چمکانا جیسے لَوَّحَ بسیفہٖ۔
—بثوبہٖ: اَلَاحَ بہٖ۔
—لِلْکَلْبِ بِرَغِیْفٍ. کتے کو روٹی دکھانا جس کی وجہ سے پیچھے پیچھے آئے۔

-فلانًا بالعصا او السيفِ او السوطِ او النَّعلِ کسی کو لاٹھی، تلوار، کوڑا یا جوتا اٹھا کر مارنا۔
-البردُ او السقمُ او الحزنُ فلانًا سردی، بیماری یا غم کا کسی کے رنگ کو بدلنا اور اس کو کمزور کر دینا۔
-فلانًا الشمسُ دھوپ کا کسی کے چہرے کو جھلس دینا۔
-الشیبُ فلانًا بڑھاپے کا کسی کو سفید کر دینا۔
-الصبیَّ بچہ کو قابل ہضم غذا دینا۔
-الشیءَ بالنارِ آگ میں تپانا۔
(اِلْتَاحَ) پیاسا ہونا۔(۲) رنگ بدل جانا۔
(تَلَوَّحَ) الأمرُ ظاہر اور واضح ہونا۔
(اِسْتَلَاحَ) کسی معاملہ میں غور و فکر کرنا۔
(اللائِحَۃُ) ظاہر ہونے والی صورت (ج) لَوَائِحُ۔ نَظَرْتُ الی لوائِحِہ۔ میں نے اس کے خد و خال دیکھے۔ (۲) ضابطہ قانون (کسی ادارے یا محکمہ کا ضابطۂ عمل) (مج) (ج) لوائحُ۔
(اللَّوْحُ) تختی، پلیٹ۔ ہر چوڑی چیز۔ (۲) لکھنے کی لکڑی کی تختی۔ قرآن مجید میں ہے: (وَكَتَبْنَا لَهُ فِي الْأَلْوَاحِ مِن كُلِّ شَيْءٍ مَّوْعِظَةً وَتَفْصِيلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ)
-لَوْحُ الاِرْدُوَازْ سلیٹ (خاص کالے پتھر کی پلیٹ جس پر کھریا سے لکھا جاتا ہے)
-لَوْحُ الجَسَدِ بدن کی ہر چوڑی ہڈی جیسے کندھا۔
-فلانٌ تامُّ الألواحِ فلاں مضبوط جسم والا ہے۔
-لَمْ يَبْقَ مِنْهُ اِلَّا الألواحُ اس کی صرف ہڈیاں باقی رہ گئی ہیں۔
-لَوْحُ الأَلْوَانِ کلرشیٹ، رنگوں کی تختی جس پر مختلف رنگوں کے نمونے ہوں۔ (مج) (ج)
الواحٌ۔
-الأَلْوَاحُ ظاہری خد و خال۔
-الواحُ السلاحِ چمکدار ہتھیار جیسے تلوار وغیرہ۔
(اللَّوْحَۃُ) ایک نظر (۲) چارٹ (۳) پینٹنگ موٹے کاغذ یا کپڑے پر بنی ہوئی سینری۔ (محدثہ)
(اللُّوْحُ) پیاس (۲) آسمان و زمین کے درمیان کا خلا۔
(اللِّيَاحُ) ہر سفید چیز۔(۲) صبح۔
-أبيضُ لِيَاحٌ انتہائی سفید۔
-لقيتُہ بلياحٍ میں نے اس سے عصر کے وقت دھوپ کی سفیدی کی حالت میں ملاقات کی۔
(المِلْوَاحُ) چھوٹی اور بڑی ہڈیوں والا جیسے رجلٌ ملواحٌ وبعيرٌ ملواحٌ (۲) کمزور (۳) پیاسا (۴) تیزی سے کمزور ہونے والی عورت (۵) لمبا (۶) جلد پیاسا ہو جانے والا جانور (۷) وہ الو جس کا پیر شکرے کو پکڑنے کے لئے باندھا جائے (ج) مَلَاوِيحُ۔
(المِلْوَحُ) جلدی پیاسا ہونے والا۔
(المِلْيَاحُ) المِلْوَحُ۔
(لَاخَہُ)۔ لَوْخًا مارنا۔
(اِلْتَاخَ) الشیءُ ملنا۔ خلط ملط ہونا۔
-العجينُ آٹے میں خمیر اٹھنا۔
(اللَّوَاخَۃُ) دودھ میں گھل جانے والا جھاگ۔
(لَوِذَ) ۔ لَوَذًا نافرمان ہونا (۲) حق و انصاف سے دور رہنا (۳) کسی معاملہ کی جانچ پڑتال نہ کرنا۔ هُوَ أَلْوَذُ (ج) أَلْوَاذٌ (یہ جمع بہت کم آتی ہے)
(الأَلْوَذُ) عُنُقٌ أَلْوَذُ موٹی گردن (ج) الواذٌ۔
(لَاذَ) بالشَّيْءِ۔ لَوْذًا ولِيَاذًا کسی چیز کی پناہ لینا، آڑ لینا۔
-الیہ کسی سے مدد طلب کرنا۔ کسی کی پناہ میں آنا۔
-الطريقُ بالدارِ راستہ کا گھر سے ملا ہوا ہونا۔
(أَلَاذَ) بالشيءِ کسی چیز کو آڑ بنانا۔
-الطريقُ بالدارِ راستہ کا گھر کے چاروں طرف ہونا۔
(لَاوَذَ) بالشيءِ لِوَاذًا ومُلَاوَذَۃً لَاذَ۔
-القومُ ایک دوسرے کی پناہ لینا۔
-فلانٌ بچ نکلنے کی کوشش کرنا۔
-فلانًا کسی کو دھوکہ کے ذریعہ گھیرنا۔
-خيرُ بني فلانٍ ملاوذٌ فلاں وقت گزرنے کے بعد آتا ہے۔
(التَّلَاوُذُ) للقومِ تَلَاوَذَ ایک دوسرے کی پناہ لئے ہوئے لوگ۔
(لَوَاذُ) الشيءِ قریب قریب، تقریبًا۔ جیسے لہٗ من الدرهمِ مائةٌ او لواذُها اس کے پاس سو یا اس کے قریب قریب درہم ہیں۔
(اللَّاذُ) چین کا بنا ہوا ریشمی کپڑا (واحد لاذۃٌ)
(اللَّوْذُ) پہاڑ کا کنارہ۔ کہتے ہیں اِعْتَصَمَ بِلَوْذِ الجَبَلِ وأَلْوَاذِہِ اس نے پہاڑ کے کنارے میں پناہ لی۔ (۲) وادی کا موڑ (۳) کنارہ، گوشہ۔ کہتے ہیں هو بلوذِ كذا وہ فلاں کونے میں ہے۔ هُوَ لَوْذُہُ وہ اس کے قریب ہے۔ (ج) الواذٌ۔
(لَوْذَانُ) الشيءِ کونہ، گوشہ۔
-هو بلوذانِ كذا وہ فلاں کنارہ میں ہے۔
(المَلَاذُ) ٹھکانہ۔ (۲) قلعہ۔
(المَلَاوِذُ) تہبند۔
(المِلْوَذُ) ٹھکانہ، پناہ (۲) قلعہ۔
(لَازَ) الیہ۔ لَوْزًا ٹھکانہ پکڑنا۔
-الشيءَ کھانا۔
-منہ بری الذمہ ہونا۔
(لَوَّزَ) القطنُ روئی کے پودے پر ابتدائی پھل آنا، ڈوڈے کھلنا۔ (محدثہ)
-التمرَ ونحوَہُ کھجور وغیرہ میں بادام بھرنا۔
(اللَّوْزُ) بادام (۲) بادام کا درخت۔
-اللوزُ المُرُّ کڑوا بادام۔
-اللوزُ الحُلْوُ میٹھا بادام۔
(اللَّوْزُ) إِنَّهُ لَعَوْزٌ لَوْزٌ وہ محتاج و ضرورتمند ہے۔
(اللَّوْزَۃُ) گلے کے غدود جو کوے کے پاس ہوتے ہیں۔ ٹانسل۔
-هو يشكو لوزتيہ اس کے حلق کے غدود میں تکلیف ہے۔
-طعنہُ في لوزتِہ گلہ پر نیزہ مارنا۔
-لوزۃُ القطنِ روئی کا ڈوڈا (محدثہ)
(اللَّوْزِيْنُ) کڑوے بادام اور خوبانی یا آڑو کے بیج سے نکالا جانے والا ایک سفید مادہ جسے پانی میں حل کر کے تیزاب کی کچھ قسمیں بنائی جاتی ہیں (مج)
(اللَّوْزِيْنَجُ) من الحلوى روغن بادام سے بنی ہوئی ایک مٹھائی۔ لوزینہ (مع)
(اللَّوَّازُ) بادام بیچنے والا۔
(المَلَازُ) ٹھکانہ، پناہ گاہ۔

(المَلاَرَةُ) ارضٌ ملارةٌ وہ سرزمین جہاں بادام کے درخت کثرت سے پائے جائیں۔
(المُلَوَّزُ) من الوجوہ خوبصورت اور حسین چہرہ۔
—رجلٌ ملوّزٌ بھولی بھالی صورت کا آدمی۔
(لَاسَ) الشیءَ ـُ لَوْسًا چکھنا۔
—الحلاوات مٹھائیوں میں سے کوئی مٹھائی پسند کر کے کھانا۔ ہو لائسٌ (ج) لُوَّسٌ۔ لَوُوسٌ ولوّاسٌ والُوَسُ۔
—الشیءَ فی فمہٖ زبان کے ذریعہ منہ میں کوئی گھمانا۔
—ہو لایلوسُ کذا اسے فلاں چیز نہیں ملتی۔
(اللَّوَاسُ) ماذقتُ لواسًا میں نے کوئی چیز نہیں چکھی۔
(اللُّوَاسَۃُ) لقمہ یا اس سے کم مقدار کا کھانا۔
(اللَّوْسُ) ماذقتُ عندہٗ لَوْسًا میں نے اس کے پاس کوئی چیز نہیں چکھی۔
(لَاصَ) الشیءَ بعینہٖ ـُ لَوْصًا دروازے کے شگاف یا پردے کی آڑ سے کوئی چیز دیکھنا۔
—عن الأمرِ پہلوتہی کرنا الگ ہونا۔
—بالشیءِ لیاصًا کسی چیز کو گھمانا۔
(اَلاَصَہٗ) علی الشیءِ کسی چیز پر گھمانا۔
—الشیءَ کسی چیز کا ارادہ کرنا۔ جیسے اَلَصْتُ ان آخذ منہ شیئًا۔
(لَاوَصَہٗ) بعینہٖ لاصہٗ۔
—الیہ فریب آمیز نگاہوں سے دیکھنا۔
—فلانًا کسی کو دھوکہ دینا کسی کے ساتھ فریب کرنا۔
—الشجرۃَ درخت کو دائیں بائیں سے دیکھنا کہ اس کو کیسے کاٹا یا اکھاڑا جائے۔
(لَوَّصَ) خالص شہد کھانا (۲) فالودہ کھانا۔
(تلاوَصَ) فریب دینا (۲) خوشامد کرنا۔
(تَلَوَّصَ) تڑپنا۔ لوٹ پوٹ ہونا۔
(اللَّوَاصُ) خالص شہد (۲) فالودہ۔
(اللَّوْصُ) سینہ یا کان کا درد۔
(اللَّوْصَۃُ) کمر کا یا کی درد۔
(المُلَوَّصُ) فالودہ۔

(لَاطَ) الشیءُ بالشیءِ ـُ لَوْطًا ایک چیز کا دوسری کے ساتھ چمٹ جانا۔
—الشیءُ بقلبہٖ کسی چیز کا دل کو فریفتہ اور عاشق کر دینا۔ ہو الوطُ بقلبی۔
—فلانٌ لِوَاطًا قوم لوط کا عمل بد کرنا۔
—بحقہٖ کسی کے حق کو ضائع کر دینا۔
—القاضی فلانًا بفلانٍ قاضی کا کسی کو کسی سے نسباً وابستہ کر دینا۔
—الحوضَ بالطّینِ حوض پر گارے سے پلاسٹر کرنا۔ جیسے لَاطَ فلانٌ بالحوضِ۔
—فلانًا بسہمٍ وعینٍ کسی کو تیر مارنا (۲) نظر لگانا۔
—الشیءَ چھپانا۔
(لَاوَطَ) قوم لوط کا عمل کرنا۔ لڑکوں کے ساتھ بدکاری کرنا۔
(لَوَّطَہٗ) بالطیبِ خوشبو لگانا۔
(اِلْتَاطَ) بہٖ چمٹ جانا۔
—الولدَ کسی کی اولاد کو اپنی طرف منسوب کرنا۔
(اِسْتَلَاطَ) وَلَدًا لیس منہٗ غیر کی اولاد کو اپنی طرف منسوب کرنا (اولاد کو مستلاط کہیں گے) (۲)
(اللَّوْطُ) چپٹنے والی چیز (مصدر بمعنی صفت) (۲) دل گیر محبت۔ جیسے انی لاجد فی قلبی لَوْطًا میں اپنے دل میں شدید محبت محسوس کر رہا ہوں (۳) پھر تیلا اور چوکنا آدمی (۴) چادر۔
(اللُّوْطِیُّ) لوطی قوم لوط کی طرح بدکاری کرنے والا۔
(اللُّوْطِیَّۃُ) لواطت قوم لوط کی طرح کی بدکاری (لَاطَ یَلُوْطُ سے مصدر صناعی ہے)
(اللَّوِیْطَۃُ) ملاجلا کھانا۔
(لَاطَہٗ) ـُ لَوْطًا کسی کو نزدیک آتے ہوئے دھتکارنا (۲) مقابلہ میں آنا مخالفت کرنا۔
(اِلْتَاطَتْ) علیہ الحاجۃُ کسی کے لئے کام دشوار ہو جانا۔
(لَاعَتْ) لشمسُ فلانًا ـُ لَوْعًا دھوپ کا کسی کے رنگ کو بدل دینا۔
—الحبُّ فلانًا مریض عشق بنا دینا۔ الحبُّ لائعٌ۔

—فلانًا الھمُّ والحزنُ والشوقُ دل کا جلنا۔
(اَلَاعَ) الثدیُ پستان کا سیاہ ہونا اس کا رنگ بدل جانا۔
—الشمسُ الشیءَ دھوپ کا کسی چیز کے رنگ کو بدل دینا۔
(لَوَّعَہٗ) الشوقُ چاہت کا کسی کے دل کو جلا دینا۔ سوزش عشق کا شکار کرنا۔
(اِلْتَاعَ) فؤادہٗ شوق یا غم کی وجہ سے دل کا جلنا۔
(اللَّاعَۃُ) دل کی سوزش جو غایت محبت کی وجہ سے محسوس کی جاتی ہے۔ حدیث ابن سعد میں ہے (انی لاجدُ لہٗ من اللّاعۃِ ما اجدُ لولدی) (۲) تیز خاطر اور مضبوط دل کی عورت (۳) ادائیں دکھانے والی صاف اور حسین عورت جو اپنی شیریں گفتاری سے دل موہ لے۔
(اللَّوْعَۃُ) دل کی سوزش یا جلن جو انسان غم یا محبت کی وجہ سے محسوس کرتا ہے (۲) پستان کے گرد کا سیاہ حلقہ۔
(لَافَ) الطعامَ ـُ لَوْفًا کھانا چبانا۔
—اَصْبَحَ فلانٌ یلوفُ الطعامَ لَوْفًا حتّٰی اعتدلَ واستقامَ شِبَعًا فلاں نے صبح کے وقت خوب کھانا کھایا یہاں تک کہ وہ شکم سیر ہو کر سیدھا ہو گیا۔
—الدّابّۃُ الکلأَ جانور کا خشک گھاس کھانا۔
(اللُّوْفُ) لصیلہ قرعیہ کی ایک گھاس (۲) لصیلہ قلقاسیہ کی ایک گھاس۔
(اللُّوْفَۃُ) من الکلإِ والطّعامِ غیر مرغوب کھانا یا گھاس۔
(اللَّوَّافُ) شلغمیاں بنانے والا۔
(اللَّیْفُ) خشک گھاس۔
(المَلُوْفُ) کلأٌ مَلُوْفٌ بارش سے دھلی ہوئی گھاس۔
(لَاقَ) الشیءَ ـُ لَوْقًا نرم کرنا۔ کہتے ہیں ھُوَ لَایَلُوْقُ عِنْدَکَ وہ تمہارے پاس نہیں ٹھہرے گا۔
(لَوِقَ) ـَ لَوَقًا بے وقوف ہونا۔ ہو اَلْوَقُ بے وقوف اور بدزبان شخص کو 'الوقُ' کہا جاتا ہے۔
(لَوَّقَ) الشیءَ نرم کرنا۔
—الطّعامَ مکھن سے کھانا تیار کرنا۔ کہتے ہیں کہ

اکل اِلَّا مَالُوِقَ لِی میں وہی کھانا کھاؤں گا جس کو میرے لئے مکھن ڈال کر تیار کیا گیا ہوگا۔

(اللَّوَاقُ): ماذاق لَوَاقًا اس نے زبان پر کچھ نہیں رکھا۔

(اللُّوقُ) ہر نرم کھانا یا کوئی اور چیز۔

(اللُّوقَةُ) وقت۔

(اللُّوقَةُ) مکھن یا تر کھجور پر لگا ہوا مکھن۔

(لَاكَهُ)۔لَوْكًا: کسی چیز کو منہ میں گھمانا۔

-اللقمة لقمہ کو آہستہ آہستہ گھمانا۔

-الفرسُ اللّجامَ گھوڑے کا لگام کو کاٹنا۔

-فلانٌ يلوك اَعْرَاضَ النّاسِ: فلاں لوگوں کی عزتوں سے کھیلتا ہے۔

(اللَّوَاكُ): ماذاق لَوَاكًا اس نے کوئی چیز نہیں چکھی۔

(لَوْلَا) حرف امتناع۔ یعنی ایک چیز کے وجود کی وجہ سے دوسری چیز کے وجود کے ممتنع ہونے پر دلالت کرنے والا حرف۔

اس کی تین صورتیں ہیں

(۱) یہ دو جملوں پر داخل ہوا اسمیہ اور فعلیہ۔ اور پہلے جملہ کے وجود کی بنا پر دوسرے کے امتناع کو مربوط بنائے جیسے لَوْلَا العِلَاجُ لَهَلَكَ اگر علاج نہ ہوتا تو وہ ہلاک ہو جاتا۔

اگر لولا کے بعد ضمیر ہو تو اغلب یہ ہے کہ وہ مرفوع ہو جیسے (لَوْلَا أَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ)

(۲) تحضیض اور عرض کے لئے تو اس صورت میں مضارع حقیقی یا مضارع موول کے ساتھ خاص ہوگا۔ جیسے (لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ) اور (لَوْلَا اَخَّرْتَنِيْ اِلٰى اَجَلٍ قَرِيْبٍ)

(۳) توبیخ و تندیم کے لئے۔ اس صورت میں ماضی کے ساتھ خاص ہوگا۔ جیسے (لَوْلَا جَاءُوْا عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ)

لَوْلَا کی اصل "لَوْ" ہے پھر اس کے ساتھ لا کو جوڑ دیا گیا۔ اس کے لئے جواب مذکور کا ہونا ضروری ہے اگر جواب مقدر ہو تو اس پر دلالت کرنے والی دلیل کا ہونا ضروری ہے جیسے (وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ)

اس کے جواب میں اکثر لام آتا ہے۔ مگر یہ کہ وہ جواب لم کے ساتھ منفی ہو تو لام داخل نہ ہوگا البتہ اگر ما کے ساتھ منفی ہو تو داخل ہو جاتا ہے لیکن بہت کم۔

(اللَّوْلَاءُ): نقصان، سختی جیسے وَقَعُوْا فی اللَّوْلَاءِ۔

(اللَّوْلَبُ) شدت سے نکلنے والی پانی کی تیز گول دھار (۲) ایسا سپرنگ جس کے ایک طرف انکانے کا گول حلقہ ہو اور دوسری طرف کھینچنے کا مڑا ہوا سرا (۳) میکانیک کے مطابق وزن اٹھانے کا ایک آلہ۔ (۴) موسیقی کا ایک آلہ (ج) (ج) لوالب۔

(اللَّوْلَبِيُّ) اسپرنگ دار پیچ دار۔

-سُلَّمٌ لولبِيٌّ: پیچ دار سیڑھی۔

-الحركةُ اللَّوْلَبِيَّةُ: جسم کی وہ دائرہ نما حرکت جو مقررہ محور کے گرد ہو اور اس سے اسی رخ پر دوسری حرکت پیدا ہو۔ (ج)

(المُلَوْلَبُ) پھرکی لٹو وغیرہ۔

(لَامَهُ) عَلٰی كذا۔ لَوْمًا: ملامت کرنا۔ هو لَائِمٌ (ج) لُوَّمٌ وهو لَوَّامٌ ولَوَّامَةٌ ولُوَمَةٌ وذاك ملومٌ ومليمٌ۔ انت الومُ من فلانٍ: وہ تو فلاں سے زیادہ قابل ملامت ہے۔

-فلانًا: کسی کو اپنی بات بتانا۔

(لِيمَ) بالرجلِ: کسی کی منزل اور اسباب میں رکاوٹ پڑنا۔ جیسے سواری کا گم ہو جانا وغیرہ۔

(اَلَامَ) فلانٌ: ایسی حرکت کرنا جو ملامت کا باعث ہو (۲) قابل ملامت ہونا۔ هو مُلِيمٌ کہاوت ہے (رُبَّ لائمٍ مليمٌ) قرآن مجید میں ہے (فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وهو مليمٌ)

-فلانًا: ملامت کرنا۔

(لَاوَمَهُ) مُلَاوَمَةً ولِوَامًا ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

(لَوَّمَهُ): خوب ملامت کرنا۔

-لَامًا: لام لکھنا۔

(التَامَ) ملامت قبول کرنا۔

(تَلَاوَمُوْا): ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

(تَلَوَّمَ) عَلَى الْاَمْرِ کسی بات پر ڈٹے رہنا۔

-فِي الْاَمْرِ توقف کرنا۔ ٹھہرنا۔

(اِسْتَلَامَ): ملامت کا مستحق ہونا۔ هو مُسْتَلِيمٌ۔

-الیهم لوگوں سے قابل مذمت برتاؤ کرنا (۲) لوگوں کے ساتھ ایسا معاملہ کرنا جس سے وہ اس پر ملامت کریں۔

-الٰى ضيفه مہمان سے اچھا سلوک نہ کرنا۔

(اللَّائِمَةُ) ملامت۔ استحقَّ اللَّائِمَةَ ملامت کے قابل ہونا۔ اَنْحٰى عليه باللَّائمةِ و اللَّوَائِمِ کسی کے پاس ملامت کرتے ہوئے آنا (ج) لوائم۔

(اللَّامُ) حرف تہجی کا ایک حرف "لام" کبھی اصل کبھی بدل اور کبھی زائد ہوتا ہے (ج) لاماتٌ (۲) ہر سخت چیز (۳) دہشت، خوف (۴) وجود انسانی۔

(اللَّامَةُ) خوف (۲) باعث ملامت کام۔

(اللُّوَامَةُ): حاجت، ضرورت جیسے قَضَى القومُ لُوَامَاتٍ لَهُمْ لوگوں نے اپنی ضروریات پوری کیں۔ قَدْ تَلَوَّمَ عَلٰى لُوَامَتِهِ وہ اپنی ضرورت کے حصول کی خاطر ڈٹا رہا۔

(اللَّوْمُ) خوف۔

(اللَّوْمٰى) و (اللَّوْمَاءُ) ملامت۔

(اللَّوْمَةُ): جاءَ بِلَوْمَةٍ اس نے باعث ملامت عمل کیا۔

(اللُّوْمَةُ): رجلٌ لُوْمَةٌ لوگوں کی مذمت کا شکار۔

-لِي فيه لُوْمَةٌ مجھے اس بات میں توقف ہے۔

(المُتَلَوِّمُ) بداخلاقی اور بری حرکت پر ملامت کا نشانہ بننے والا (۲) اپنی ضرورت کے پورے ہونے کا انتظار کرنے والا۔

(لَوْمَا) کلمہ بمنزلہ لولا۔ یہ بھی دو جملوں پر داخل ہوتا ہے پہلا اسمیہ دوسرا فعلیہ اور پہلے کے وجود کی بنا پر دوسرے کے امتناع کو ثابت کرتا ہے۔ جیسے یہ شعر

لو ما الاصاخة للوشاة لكان لي
من بعد سخطك في رضاك رجاءُ

یہ جملہ فعلیہ پر داخل ہو تو تحضیض اور ترغیب کا فائدہ دیتا ہے جیسے قرآن مجید میں ہے (لَوْ مَا تَاْتِيْنَا بالملائكة)

(لَوَّنَ) رنگ ظاہر ہونا۔

-البُسْرُ کھجور میں پکنے کا رنگ آنا۔

-الشَّيْبُ فيه کسی پر بڑھاپے کی سفیدی ظا

ہونا۔
–الشیءَ رنگین بنانا۔
(تَلَوَّنَ) الشیءُ رنگین ہونا۔
– فلانٌ غیر مستقل المزاج ہونا۔ متلون مزاج ہونا۔
(اِلْوَنَّ) تَلَوَّنَ۔
(التَّلْوِیْنُ) تمدّن کے لئے انواع و اقسام کے کھانے پیش کرنا (۲) کلام میں ایک اسلوب سے دوسرے کی طرف منتقل (مو)
(اللَّوْنُ) رنگ (۲) نوع قسم (ج) الوانٌ۔
کہتے ہیں اتی بالوان من الحدیث والطعام اس نے طرح طرح کے کھانے پیش کئے یا مختلف قسم کے اسلوب کلام کو پیش کرنا۔
–تناول کذا وکذا لونا من الطعام: طرح طرح کے کھانے کھانا۔
(المُلَوَّنُوْنَ) من الناس: رنگ والے لوگ (گوروں کے علاوہ) (محدثہ)
(لَاهَ) السرابُ –لَوْهًا ولَوَهَانًا سراب کا چمکنا۔
(تَلَوَّهَ) السَّرابُ سراب چمکنا۔
(اللَّاهَةُ) سانپ۔
(لَوْهُ) السَّراب ولَوْهَتُهُ سراب کی چمک۔ کہتے ہیں رَأَیْتُ لَوْهَ السَّراب ولَوْهَتَهُ۔
(اَلْوٰی) فلانٌ کسی کا باز بار حرف لَوْ کہہ کر خواہش کا اظہار کرنا۔
(الْأَلَنْوَةُ) فصیلہ زنبقیہ کی ایک قسم کی گھاس جو گرم علاقوں میں پائی جاتی ہے۔ (مع)
(الْأَلُوَّةُ) فصیلہ مازریونیہ اور فصیلہ الأنجرجیہ کی ایک خوشبودار لکڑی جو جلائی جاتی ہے اسے "عود ہندی" یا "ند" کہتے ہیں۔
(اللَّوُّ) پوشیدہ کلام (۲) باطل غیر حقیقت بات۔ کہتے ہیں ھُوَ لَا یَعْرِفُ الحَوَّ من اللَّوِّ وہ حق و باطل میں تمیز نہیں کر سکتا۔ مقولہ ہے (ایاك واللَّوَّ فان اللَّوَّ من الشیطان) یہ کہنے سے بچو کہ اگر یوں ہوتا یوں ہوتا اور یوں نہ ہوتا تو ایسا نہ ہوتا کیونکہ یہ شیطان کی طرف سے ہے۔
(اللَّوَّةُ) لَوَّةٌ لفلانٍ بِمَا صَنَعَ فلاں کا ناس ہو اس نے ایسا کیا۔

(اللَّوَّةُ) عود وہ لکڑی جس سے دھونی دی جاتی ہے۔
(لَوٰی) علیہ –لَيًّا ولَوْيًا کسی کی طرف متوجہ ہونا۔ راغب ہونا۔ مَرَّ لَا يَلْوِي عَلٰی أَحَدٍ: وہ کسی کی طرف متوجہ ہوئے بغیر گزر گیا۔
–عَنِ الامرِ کسی کام میں سستی برتنا۔
–الشیءَ: مروڑنا توڑنا بٹ دینا۔ جیسے لوی الحبلَ۔
–یدَهُ واصبعَهُ: ہاتھ یا انگلی موڑنا۔
–الثوبَ: کپڑے کو اتنا نچوڑنا کہ اس کا سارا پانی نکل جائے۔
–رأسَهُ وبرأسه: کسی سے اعراض کرتے ہوئے سر جھکانا۔
–الحزنُ قلبہ: غم کا دل کو ہلا کر رکھ دینا۔
–فلانًا دینه وبدینه لَيًّا ولِيًّا ولِيَّانًا: ادائیگی قرض میں ٹال مٹول سے کام لینا۔
–فلانًا حَقَّهُ کسی کے حق کا انکار کرنا۔
–أَمْرَهُ عنه لَيًّا ولِيَّانًا: اپنے معاملہ کو کسی سے مخفی رکھنا چھپانا۔ لَوٰی عنه الخبرَ بھی کہتے ہیں۔
–بِسِرِّهِ: راز کی حفاظت کرنا۔
–فلانًا عَلٰی فلانٍ لَيًّا ایک کو دوسرے پر ترجیح دینا۔
–لَوَتِ اللیالی کَفَّهُ علی العصا: بوڑھا ہو جانا۔
–مایلوی ظهرُهُ وہ انتہائی بہادر آدمی ہے اسے کوئی شکست نہیں دے سکتا۔
(لَوِیَ) الرَّمْلُ وغیرُهُ –لَوًی: ٹیڑھا اور غیر مستقیم ہونا۔
–الفرسُ گھوڑے کی پشت کا مڑا ہوا ہونا۔ ھو لَوٍ۔ لَوِیَ القَرْنُ بھی کہتے ہیں ھو أَلْوٰی (ج) لُیٌّ۔
–فلانٌ کسی کے معدہ یا پیٹ میں درد ہونا۔ ھو لَوٍ وھو لَوِیَةٌ۔ لویت المعدةُ بھی کہتے ہیں (۲) سخت جھگڑالو اور لڑاکا ہونا۔ کہاوت ہے (لتجدنَّهُ الوٰی بعید المستمر) (۳) تنہائی پسند اور لوگوں سے الگ تھلگ ہونا۔ ھو الوٰی وھی لَیّاءُ۔
–الطریقُ راستہ کا لمبا اور نامعلوم ہونا۔ ھُوَ

أَلْوٰی۔
–الکَلَأُ گھاس کا خشک ہونا۔ یا خشکی ہریالی کی درمیانی کیفیت میں ہونا۔
(أَلْوٰی) برأسه سر جھکانا۔
–الانسانُ ریت کے کنارے پر ہونا۔ (۲) بہت امیدیں رکھنا۔
–فلانٌ کسی کی کھیتی کا خشک ہونا (۲) اپنے لئے یا مہمان کے لئے رکھی ہوئی چیز کھانا۔
–البَقْلُ سبزی کا خشک ہونا اور مرجھا جانا۔
–بالشیءِ کسی چیز کو لے جانا۔
–بیدہ او بثوبه ہاتھ یا کپڑے سے اشارہ کرنا۔
–بحقّه کسی کے حق کا انکار کرنا۔
–بما فی الاناء: برتن میں موجود چیز کو اپنے لئے خاص کر لینا کسی دوسرے کو حصہ نہ دینا۔
–بهم الدَّهْرُ زمانہ کا کسی کو ہلاک کر دینا۔
–بکلامِه اپنی بات کو غلط رخ دینا۔
–العقابُ بالشیءِ: عقاب کا کوئی چیز لے کر اڑ جانا۔
–اللِّواءَ: جھنڈا بنانا یا اٹھانا۔
(لَاوَتِ) الحیَّةُ الحیَّةَ مُلَاوَاةً ولِوَاءً ایک سانپ کا دوسرے پر لپٹنا۔
–فلانٌ لا (نہیں) کہنا۔
–فلانًا کسی کی مخالفت کرنا۔
(لَوّٰی) علیه الأمرَ کسی کے لئے اس کے کام کو مشکل اور دشوار بنا دینا۔
–أَ [illegible] ق الرِّجالِ فی الجدال جنگ میں لوگوں پر غالب آنا۔
(اِلْتَوٰی) الشیءُ کسی چیز کا مڑ جانا۔ ٹیڑھا ہونا بل کھانا۔ التوی الرملُ بھی کہتے ہیں۔
–الأمرُ کسی معاملہ کا مشکل ہونا۔ التوت عَلَیَّ حاجتی بھی کہتے ہیں۔
–عن الأمرِ کسی کام میں سستی برتنا۔
–لَوِیَّةً اپنے لئے یا مہمان کے لئے کھانا چھپا کر رکھنا۔
(تَلَاوَوْا) علیه: کسی کے پاس جمع ہونا۔
(تَلَوّٰی) الشیءُ: التوی۔
–الحیّةُ سانپ کا کنڈلی مارنا۔

-البرقُ فی السحاب بادل میں بجلی چمکنا۔

(استلوی) بهم الدهرُ زمانہ کا لوگوں کو ہلاک کر دینا۔

(الالتواءُ) جسم کے یک طرفہ گھومنے کی حالت (یعنی ایک سرا کسی جگہ جما دیا جائے اور دوسرے سرے کو گھمایا جائے) (ج)

(الألواءُ) وادی کے گوشے (۲) اطراف ملک۔ (اس کا مفرد لوی ہے)

(الألوۃ). (دیکھئے لوو)

(اللأویاءُ). داغ دینے کا آلہ۔

(اللوی) بمعنی اللاتی جمع التی: کہتے ہیں: هُنَّ اللّوی فعلن (۲) معدہ کا درد۔

(اللوی) ریگستان کا مڑا ہوا یا بل کھاتا ہوا کنارہ (ج) الواء۔

(اللواءُ): جھنڈا (رایۃ سے چھوٹا) (ج) ألویۃ و ألویات کہتے ہیں۔ بَعَثُوا بالسّواءِ واللّواءِ انہوں نے مدد طلب کرنے کا پیغام بھیجا (۲) چند فوجی دستوں کا مجموعہ (۳) جنرل میجر جنرل ایک فوجی عہدہ جو عقید اور فریق کے درمیان ہوتا ہے۔ (محدثہ)

(اللوّاءُ) بحصیلہ نقاریات کا ایک پرندہ جو اپنی گردن پیچھے کی جانب موڑ لیتا ہے اور سانپ کی طرح بل کھاتا ہے۔ شام میں اسے "ابو لُوَی" کہتے ہیں۔

(اللَّوِیُّ): خشک یا درمیانی گھاس۔

(اللَّوِیَّۃُ): وہ کھانا جو دوسروں سے چھپا کر رکھا گیا ہو اپنے اور مہمان کے لئے محفوظ کیا گیا ہو۔ (ج) لَوَایا۔

(اللَّیَّۃُ) ایک مرتبہ کا موڑ پیچ (ج) لِوًی۔

(اللَّیَّاءُ) (دیکھئے لی)

(اللَّیان) قید و حبس۔

(اللِّیَۃُ) قریبی رشتہ داریاں (۲) عود وہ لکڑی جس سے دھونی دی جاتی ہو۔

(الملاوِی) پیچیدہ راستہ۔ واحد مَلْوَی: (۲) موسیقی میں تانت باندھنے کے لکڑی کے ٹکڑے واحد مِلْوًی (ج)

(مُلْتَوِی) الوادی وادی کا موڑ۔

ل ۔ ۔ ی

(لَاتَہٗ) عن الأمرِ ـ لَیْتًا کسی کام سے روکنا۔

-فلانًا حقّہٗ کسی کے حق میں کمی کرنا۔ قرآن مجید میں ہے (لَا یَلِتْکُم مِّنْ أعْمَالِکُمْ شَیْئًا)

-فلانًا: کسی کو غلط خبر دینا۔

(ألاتہٗ) عن کذا: کسی کام سے روکنا۔

-مَا ألَاتَہٗ من اجرہٖ شیئًا: کسی کے بدلے میں بالکل کمی نہ کرنا۔

(اللِّیتُ): گردن کا کنارہ۔ تثنیہ لیتان اور جمع الیاتٌ ہے۔

-لِیتُ الرَّمْلِ: ریت کا پتلا اور لمبا سلسلہ۔

(لَیْتَ): کاش حرف تمنی۔ اکثر ناممکن اشیاء کے ساتھ متعلق ہوتا ہے۔ جیسے

الا لیتَ الشباب یعودُ یومًا
فاخبرہٗ بما فعل المشیب

کبھی ممکن کے بھی متعلق ہوتا ہے جیسے لیتَ المسافرَ حاضرٌ یہ اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے۔ لیت کے ساتھ ما بڑھا کر "لیتما" کہا جاتا ہے لیکن اس کی اسماء پر داخل ہونے کی خصوصیت برقرار رہتی ہے۔ کبھی اسے وجدتُ کے معنی میں لایا جاتا ہے جیسے لَیْتَ زیدًا شاخصًا: جب اس کے آخر میں یاء متکلم کا اضافہ کیا جائے تو لیتنی :اور لیتی: کہا جائے گا جبکہ لیتی کہنا شاذ ہے۔

(لَایَثَہٗ) مُلَایَثَۃً ولِیَاثًا: کسی کے ساتھ کودنے میں مقابلہ (۲) شیر کی طرح کسی سے مقابلہ کرنا۔

(لَیَّثَ) فلانٌ: شیر جیسا ہونا (۲) بنولیث قبیلہ سے تعلق رکھنا (۳) بنولیث جیسے جذبات رکھنا۔

(تَلَیَّثَ) فلانٌ: لَیَّثَ۔

(استلیث) فلانٌ: شیر جیسا ہونا۔

(الألیث): بہادر۔ کہتے ہیں: هُوَ ألیَثُ أصحابہ: وہ اپنے ساتھیوں میں سب سے سخت اور بہادر آدمی ہے (ج) لِیثٌ۔

(اللائِثُ): شیر۔

(اللَّیْثُ): شدت و قوت۔ (۲) شیر (۳) بہادر (۴) جھگڑالو اور باتونی آدمی (۵) مکھیاں کھانے والی ایک مکڑی (ج) لُیُوثٌ۔

-لیثُ عفرین: شیر جیسا ایک جانور جو راہ گیروں کو تنگ کرتا ہے۔

(اللَّیِّثَۃُ) شیرنی (ج) لَیْثَاتٌ (۲) مضبوط اور سخت اونٹ۔

(المَلِیثُ) مضبوط اور طاقتور (۲) حجت باز اور لسان۔

(المُلَیَّثُ) حقیر اور موٹا۔ فَحْلٌ مُلَیَّثٌ شیر جیسا بہادر سانڈ۔

(لَیِسَ فلانٌ - لَیَسًا) بہادر ہونا (۲) گھر میں ٹھہرے رہنا اور اس سے نہ نکلنا۔

-عنہ: کسی چیز سے غافل ہونا۔ هو ألْیَسُ (ج) لِیسٌ۔

(تَلَایَسَ) فلانٌ: خوش مزاج اور حسن اخلاق والا ہونا۔

-عن کذا: چشم پوشی کرنا۔

(تَلَیَّسَ) فلانٌ: سخت ہونا۔

(الألْیَسُ) گھر سے نہ نکلنے والا (۲) بے غیرت اور خبیث آدمی جس سے سب مذاق کرتے ہوں (۳) شیر (۴) بھاری سے بھاری بوجھ اٹھانے والا اونٹ (ج) لِیسٌ۔

(المُلَایِسُ) سست۔

(لَیْسَ). وہ کلمہ جو حال کی نفی پر دلالت کرتا ہے اور غیر حال کی نفی کسی قرینہ کی وجہ سے کرتا ہے جیسے لَیْسَ خَلْقُ اللّٰہِ مِثْلَہٗ یہ فعل غیر منصرف ہے۔ اس کا وزن فَعِلَ تھا پھر عین کلمہ کو تخفیف کے لئے زبردستی ساکن کر لیا گیا۔ ایک قول کے مطابق اس کی اصل "لَا أیسَ" ہے۔ ہمزہ کو ساقط کر کے لیس کر دیا گیا۔ اس کا عمل یہ ہے کہ یہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے جیسے لیس زیدٌ قائمًا اس کے نظائر میں تو خبر کو اسم پر مقدم کرنا جائز ہے لیکن لیس میں ایسا نہیں کر سکتے۔ کبھی یہ استثناء کے لئے بھی آتا ہے جیسے اتانی القومُ لیس زیدًا اس وقت اس کا اسم اس میں مضمر ہوتا ہے اور اس کی خبر منصوب ہی ہوتی ہے یہ امر بھی قابل لحاظ ہے کہ لیس برائے استثناء مفرد ہی استعمال ہوتا ہے جیسے جاءُوا لیس المتخلفین۔


کبھی اس کا اسم ثانی الا کے ساتھ مل کر آتا ہے جیسے

لَيْسَ الطِّيبُ اِلَّا الْمِسْكُ۔
قبیلہ بنو تمیم کے لوگ المسک کو رفع اور اہل حجاز
اس کو نصب دیتے ہیں۔
لیس جملہ فعلیہ یا مبتداء یا خبر مرفوع پر داخل ہوتا
ہے تو اس کا اسم ضمیر شان ہوتی ہے اور بعد کا جملہ محل
نصب میں ہو کر اس کی خبر بنتا ہے جملہ فعلیہ کی مثال
لیس یقوم زیدٌ۔ مبتدا خبر کی مثال ۔لیس زیدٌ
قادم۔
اس کی خبر پر تاکید نفی کے لئے با بھی داخل ہوتی ہے
اور وہ مدخول علیہ کو مجرور کر دیتی ہے لیکن محلا وہ
منصوب ہوتی ہے جیسے لَيْسَ اللّٰهُ بظالِمٍ۔
(لَاصَ) عنہ۔ لَيْصًا ایک طرف کو ہونا۔
-فلانًا عن کذا دھوکا دینا' کسی بات کے لئے
پھسلانا۔
(لَاطَ) بالشیءِ۔ لَيْطًا کسی چیز کے ساتھ چمٹ
جانا۔
-فلانٌ ما یلیط بہ النعیم فلاں آدمی نعمت کے
لائق نہیں۔
-الشیءُ بقلبہ دل میں کسی چیز کی محبت کا گھر کر
جانا۔
-القاضی فلانًا بفلانٍ قاضی کا کسی کو کسی کے
ساتھ نسبتًا جوڑنا۔
-اللّٰہُ فلانًا خدا تعالیٰ کا کسی کو رحمت سے دور
رکھنا۔ لعنت کرنا۔
-شیطانٌ لیطانٌ ملعون شیطان۔
(اَلَاطَهٗ) چمٹانا۔
(لَيَّطَهٗ) چمٹانا۔
-الولدَ بابیہ لڑکے کو اس کے باپ کے ساتھ
وابستہ کرنا۔
(اللِّيَاطُ) رنگ (۲) چونا گچ۔
(اللِّيطُ) ہر چیز کا چھلکا (۲) کھال (ج) اَلْيَاطٌ
(۳) رنگ۔ کہتے ہیں اَتَيْتُهٗ ولِيطُ الشمسِ لم
يُفْقَسْ میں اس کے پاس اس وقت آیا جب سورج
کا رنگ نہیں بدلا تھا یعنی علی الصبح آیا۔ (۴) عادت
خصلت۔
-فلانٌ لَيِّنُ اللِّيطِ فلاں نرم مزاج ہے۔
(اللِّيطَةُ) ہر مضبوط اور سخت چیز کا چھلکا جیسے بانس
وغیرہ (ج) لِيَطٌ ولِيَاطٌ واَلْيَاطٌ۔
(لَاعَ)۔ لَيْعًا ولَيَعَانًا گھبرانا (۲) دل تنگ ہونا۔
اکتانا بور ہونا (۳) غمگین ہونا۔
-الجوعُ فلانًا لَيْعَةً بھوک کا کسی کو جلا کر رکھ
دینا۔
(لَاعَ)۔ لَيْعَةً دل تنگ ہونا۔ ھو لائعٌ ولاعٌ
وھی لائعۃٌ ولاعۃٌ۔
(اَلَاعَ) دل تنگ ہونا۔
(اللَّيَاعُ) ریحٌ لَيَاعٌ تیز یا گرم ہوا۔
(لَيْعَةُ) الجوعِ بھوک کی بے قراری' سوزش۔
(المِلْيَاعُ) جلد پیاسے ہونے والے ہونٹ یا وہ
اونٹ جو آگے بڑھ کر پھر پیچھے لوٹ کر دوسرے
اونٹوں سے مل جاتے ہوں۔
(لَاغَهٗ) الشیءِ۔ لَيْغًا کسی کو کسی چیز سے ہٹانے
کے لئے پھسلانا۔
(تَلَيَّغَ) بے وقوف بننا۔
(الاَلْيَغُ) صاف نہ بول سکنے والا' جس کی زبان
سے یا زیادہ ہکلی ہو۔
-فلانٌ اَلْيَغُ واَلْيَغُ فلاں توتلا اور ہکلا ہے۔
(الاَلْيَغُ) طعامٌ سائغٌ لائغٌ حلق میں آسانی سے
اتر جانے والا کھانا۔
(اللَّيَاغَةُ) بیوقوف۔
(اللَّيْغُ) طعامٌ سَيْغٌ لَيْغٌ خوش گوار کھانا۔
(لَافَ) الطعامَ۔ لَيْفًا کھانا کھانا۔
(لَيَّفَتِ) الفسیلۃُ کھجور کے درخت کا موٹی چھال
والا ہونا۔
-الشیءَ کسی چیز کو تر کھجور کی چھال سے دھونا۔
(مو)
-اللِّيفَ چھال تیار کرنا۔
(اللِّيفُ) کھجور کے درخت کی چھال۔ واحد لیفۃٌ۔
(اللِّيفَانِيُّ) گھنی داڑھی والا۔ لحیۃٌ لیفانیۃٌ گھنی
اور پھیلی ہوئی داڑھی والا۔
(لَاقَتِ) الدَّوَاةُ۔ لَيْقًا دوات میں صوف سے
سیاہی لگنا۔ ھی لائقٌ۔
الدَّوَاةَ دوات میں صوف ڈال کر سیاہی ٹھیک
کرنا فالدَّوَاةُ مَلِيقَةٌ۔
-الشیءُ بہ لَيْقًا ولَيَاقًا ولَيَقَانًا چمٹنا۔ چپکنا۔
-الشیءُ بقلبہ' کسی چیز کا دل کو بھانا۔
-ھذا امرٌ لایلیق بك یہ چیز آپ کے لئے
مناسب نہیں۔ فلانٌ لا یلیق ببلدٍ اسے کوئی شہر
راس نہیں آتا۔ ایسے لا یلیق بہ بلدٌ۔
-ما لِقْتُ بعدكَ بِاَرْضٍ میں نے تمہارے بعد
کسی زمین میں قرار نہیں پکڑا۔
-فلانٌ لایلیق بکفہ درھمٌ فلاں کے ہاتھ میں
پیسہ نہیں ٹھہرتا۔
-بہ الثوبُ کپڑا کسی کو فٹ آنا۔
(اَلَاقَ) الدَّوَاةَ دوات کو ٹھیک کرنا۔
-فلانًا بنفسہ کسی کو اپنے ساتھ چمٹانا۔
-ما الاقنی ارضٌ مجھے کوئی جگہ پسند نہ آئی۔
-فلانٌ مایلیقہٗ بلدٌ فلاں کو کوئی شہر راس نہیں
آتا۔ فلانٌ لا تلیق کَفُّہٗ دِرْھَمٌ فلاں کے ہاتھ
میں کوئی پیسہ نہیں ٹھہرتا۔
-ھذا سیفٌ لا یلیقُ شَیْئًا یہ تلوار کسی چیز کو
کاٹے بغیر نہیں چھوڑتی۔
(لَيَّقَ) الطَّعَامَ کھانے کو نرم کرنا۔
-الثریدَ بالسمنِ ثرید میں خوب گھی ڈالنا۔
(التَاقَ) لَهٗ کسی کو لازم پکڑنا' اس کے ساتھ ساتھ
رہنا۔
-فلانٌ بفلانٍ کسی سے دوستی کر کے اس کے
ساتھ گھل مل جانا۔
-القلبُ بفلانٍ کسی سے دل ملنا۔
-بالشیءِ کسی چیز کی وجہ سے مستغنی ہونا۔
(اسْتَلَاقَهٗ) بہ کسی کو کسی کے ساتھ وابستہ کرنا۔
چمٹانا۔
(اللَّيَاقُ) چراگاہ کہتے ہیں ۔ مَا فِي الْاَرْضِ
لَيَاقٌ (۲) کسی معاملہ میں ثبات و پختگی۔ کہتے ہیں۔
لیس لفلانٍ لیاقٌ۔
(اللِّيَاقُ) آگ کی لپٹ' شعلہ۔
(اللِّيَاقَةُ) حسن ذوق' لیاقت' مہذب طرز عمل
(مو)
(اللِّيقُ) سرمہ میں ڈالا جانے والا کاجل وغیرہ۔
(اللِّيَقُ) بکھرے ہوئے بادل کے ٹکڑے۔
(اللِّيقَةُ) دوات میں ڈالنے کا کپڑا (۲) لیس دار
گارا جو لپائی کے لئے ہاتھ سے اٹھا کر دیوار پر پھینکا

جائے۔
(المُلْتَاقُ)۔ وَجْهٌ ملتاقٌ جاذب نظر خوشگوار چہرہ۔
(أَلاَنَ) القومُ و اَلْيَلُوْا رات میں داخل ہونا۔ کسی جگہ رات ہو جانا۔
(لاَيَلَهُ) مُلاَيلَةً وليالاً کوئی چیز ایک رات کے لئے کرایہ پر لینا۔(۲) کسی سے ایک رات کا معاملہ طے کرنا۔
(الأَلْيَلُ)۔ ليلٌ أَلْيَلُ انتہائی تاریک رات۔
(اللائِلُ) ليلٌ لائِلٌ انتہائی تاریک رات۔
(اللَّيْلُ) رات (۲) مغرب سے لے کر طلوع فجر تک کا وقت (شرعاً)
(اللَّيْلَةُ)۔ ایک رات (ج) لیالٍ ولیائِلُ۔
-فَعَلْتُ اللَّيْلَةَ كذا: میں نے رات کو ایسا کیا (یہ جملہ صبح سے نصف نہار تک کہہ سکتے ہیں اور جب نصف نہار ہو جائے تو پھر یہ کہیں گے) فَعَلْتُ البارِحَةَ۔
(لَيْلَى) الخمرِ شراب کا نشہ۔
-امُّ لَيْلَى شراب۔
-لیلةٌ لَيْلَى لمبی اور کٹھن رات (۲) مہینہ کی تاریک ترین رات۔

(اللَّيْلاَءُ):ليلةٌ لیلاءُ تاریک رات (۲) مہینہ کی تیسویں شب۔
(المُلَيَّلُ) :لَيلٌ مُلَيَّلٌ تاریک رات۔
(اللِّيْمُ) مشابہ (دیکھئے لام)
(اللَّيْمُوْنُ) لیموں (یہ فصیلہ سذابیہ سے ہے) مصر میں اسے مواخ اور شام میں حوامض کہتے ہیں۔
(لاَنَ) الشيءُ- لِيْنًا ولَيَانًا نرم ہونا (۲) نرم خو ہونا (۳) تابع ہونا۔هو لَيْنٌ ولَيِّنٌ (ج) أَلْيِنَا۔
-لقومه اپنے لوگوں سے نرم برتاؤ کرنا۔قرآن مجید میں ہے (فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللهِ لِنتَ لَهُمْ)
-رجلٌ لَيِّنُ الجانب۔ خوش اخلاق آدمی۔
(أَلاَنَ) الشيءَ و أَلْيَنَهُ نرم کرنا۔
-للقومِ جناحَهُ: لوگوں سے نرمی کرنا۔
(لاَيَنَهُ) مُلاَينةً وليَانًا: کسی کے ساتھ سمجھداری و ہمدردی کا معاملہ کرنا (۲) دل داری کرنا۔
(لَيَّنَ) الشيءَ نرم کرنا۔
(تَلَيَّنَ) الشيءُ نرم کرنا۔
-لِفُلاَنٍ کسی کی خوشامد کرنا۔
(اسْتَلاَنَ) العَيْشَ: زندگی کو نرم و خوشگوار سمجھنا یا پانا۔

(الأَلْيَنُ)۔ بہت نرم چیز۔(ج) أَلاَيِنُ۔
(اللَّيَانُ) نرم۔ کہتے ہیں نزلُوا مليانِ الأَرْضِ وہ نرم و خوشگوار جگہ اترے۔(۲) زندگی کی آسودگی و خوشحالی۔ جیسے هو فی لیانٍ من العيش۔
(اللِّيْنُ) : نزَلُوْا ملين الأَرْضِ وہ نرم و خوشگوار جگہ میں اترے۔
-حروفُ اللِّيْنِ حروف لین الف واؤ یاء (۲) عجوہ کے علاوہ کھجور کی کوئی قسم واحد لِيْنَةٌ قرآن مجید میں ہے (مَا قَطَعْتُم مِّن لِّيْنَةٍ)
(اللِّيْنَةُ) تکیہ۔
(اللَّيَانُ) (دیکھئے لوی)
(المَلْيَنَةُ): إِنَّهُ لذو مَلْيَنَةٍ وہ نرم مزاج اور اچھے اخلاق والا ہے۔
(المُلَيِّنُ): ملین دوا جو آنتوں کو فضلات سے صاف کرتی ہے۔(ج) مُلَيِّنَات (مو)
(اللِّيَاءُ)۔ چنے جیسی انتہائی سفید ایک چیز جو حجاز میں کھائی جاتی ہے۔ بعض نے اس کو لوبیا کہا ہے عورت کو سفیدی میں اس سے تشبیہ دی جاتی ہے (۲) مچھلی کی ایک قسم۔
(اللَّيَاءُ)۔ پانی سے خالی اور دور زمین۔



(المِيْمُ): چوبیسواں حروفِ تہجی۔ اِس میں صفت جہراور توسط پائی جاتی ہے اِس کا مخرج دونوں ہونٹ ہیں۔

م .. أ

(مَا) مَا: حسب ذیل طریقہ پر استعمال ہوتا ہے۔

(۱) نافیہ۔ جملہ فعلیہ پر داخل ہوتا ہے جیسے (وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِنْ قَبْلِكَ الخُلْدَ) اور (مَا يَكُوْنُ لِيْ أَنْ أُبَدِّلَهُ مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِيْ) اور جملہ اسمیہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے (وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ العَذَابِ أَنْ يُعَمَّرَ) اور کبھی اس کے بعد خبر منصوب ہوتی ہے جیسے (مَا هٰذَا بَشَرًا)

(۲) اپنے بعد والے جملہ کے ساتھ محل مصدر میں ہوتا ہے اور اسے مصدریہ کہتے ہیں جیسے اللہ تعالیٰ کا قول (وَضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الارضُ بِمَا رَحُبَتْ) ای برحبھا۔ اور (عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ) ای عَنَتُکم اور کبھی مصدریہ ہونے کے ساتھ ساتھ اس میں وقت بھی ملحوظ ہوتا ہے تو اسے مصدریہ ظرفیہ کہتے ہیں جیسے (وَ أَوْصَانِيْ بِالصَّلٰوةِ والزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا)

(۳) استفہامیہ اس سے غیر ذوی العقول چیزوں کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے جیسے (وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يَا مُوْسٰى) اگر اس کے ساتھ حرف جر ملا ہوا ہو تو اس کے الف کو حذف کر دیا جاتا ہے اور فتحہ کو باقی رکھا جاتا ہے (فَنَاظِرَةٌ بِمَ يَرْجِعُ المُرْسَلُوْنَ) اور (فِيْمَ أَنْتَ مِنْ ذِكْرٰهَا) اور (لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ) اور کبھی اس کے میم کو ساکن بھی کر دیا جاتا ہے لیکن شعر کے ساتھ خاص ہے جیسے

یا ابا الأسودِ لِمْ خَلَّفْتَنِيْ
لِهمومٍ طارقاتٍ وذِكَرْ

اور اگر اس کے ساتھ "ذا" لگایا جائے تو الف کو حذف نہ کیا جائے گا جیسے لِمَاذَا جِئْتَ؟

(۴) شرطیہ برائے جزاء۔ جیسے (وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ)

(۵) تعجب کے لئے جیسے مَا أَحْسَنَ هٰذَا: قرآن مجید میں ہے: (قُتِلَ الإِنْسَانُ مَا أَكْفَرَهٗ)

(۶) بمعنی الذی غیر ذوالعقول کے لئے جیسے قرآن مجید میں ہے (مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ) اور کبھی مَا "مَنْ" کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے جیسے (وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَاؤُكُمْ مِنَ النِّسَاءِ)

(۷) ابہام کے لئے۔ جیسے اِعْطِنِيْ كِتَابًا مَّا اس نے مجھے کوئی سی کتاب دی اور جَاءَ لِأَمْرٍ مَّا کسی نے کوئی کام کیا۔ قرآن مجید میں ہے اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖ أَنْ يَضْرِبَ مَثَلًا مَّا)

(۸) مَا کے ان معانی کے علاوہ اور بھی استعمالات ہیں:

(ا) تین افعال ماضیہ طَالَ، قَلَّ، کثر کے بعد آتا ہے اور اس صورت میں یہ افعال فاعل کے محتاج نہیں ہوتے اور مَا: کے بعد فعل آتا ہے جیسے طَالَمَا انتظرتُكَ ایک شاعر کہتا ہے:

صَدَدْتِ فَأَطْوَلْتِ الصُّدُوْدَ وَقَلَّمَا
وِصَالٌ عَلٰى طُوْلِ الصدودِ يدومُ

(ب) ایسے ہی رُبَّ کے بعد بھی مَا آتا ہے اور اس کے ساتھ فعل ملا ہوا ہوتا ہے جیسے امیہ بن ابی صلت کا شعر ہے:

رُبَّمَا تكرهُ النفوسُ من الأمرِ
له فرجة كحلِّ العقالِ

(ج) جار مجرور کے درمیان اس کو بڑھایا جاتا ہے جیسے قرآن مجید میں ہے: (فَبِمَا رَحْمَةٍ مِنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ) اور (مِمَّا خَطِيْئٰتِهِمْ أُغْرِقُوْا)

(مَأَجَ) ۔ مَأْجًا: لڑائی کرنا۔

(مَوَجَ) ۔ مُؤُوْجَةً: مضطرب ہونا۔ تھرتھرانا، لہلہانا۔

۔الماءُ: پانی کا کھارا اور نمکین ہونا۔ ھو مَأْجٌ۔

(الْمَأْجُ): بیوقوف و مضطرب (۲) کھارا اور نمکین پانی۔

(مَادَ) النباتُ والشجرُ ۔ مَادًا: پودوں اور درختوں کا لہلہانا، سرسبز و شاداب ہونا (۲) خوشگوار اور نرم و ملائم ہونا۔

(أَمَادَ) الرَّيُّ او الرَّبِيْعُ النباتَ. آب پاشی یا بہار کا نباتات کو تر و تازہ رکھنا۔

(امْتَادَ) خيرًا: بھلائی حاصل کرنا۔

(المَادُ)۔ ہر نرم و ملائم چیز جیسے غُصْنٌ مَادٌ (۲) زمین سے رستا ہوا پانی۔

۔فَتًى مَادٌ: خوبصورت نوجوان۔

۔ماد الشباب: جوانی کا جوبن۔

(المَيْدُ): نرم شاخ۔

(مَأَدَ) بين القوم ۔ مَأْدًا. لوگوں کے درمیان پھوٹ ڈالنا۔

(مَئِرَ) الجُرْحُ ۔ مَأَرًا. زخم کا دوبارہ خراب ہونا۔

۔على فلان: کسی سے دشمن رکھنا۔

(أَمْأَرَ) مَالَهٗ: کسی کے مال کو خراب کرنا۔

(مَاءَ رَ) بین القَوم مُمَاءَ رَةً ومِناراً:لوگوں میں اختلاف پیدا کرنا' پھوٹ ڈالنا۔
(المَئِرُ) فساد انگیز۔
–أَمْرٌ مَئِرٌ سخت معاملہ۔
(المِئرَةُ) بدلہ انتقام(۲) دشمنی(۳) چغل خوری (ج) مِئَرٌ۔
(مَأَسَ) الجُرحُ – مَأْساً زخم کا کشادہ ہونا۔
–علی فلان:کسی پر غصہ ہونا۔
–بین القومِ لوگوں میں چغل خوری کے ذریعہ فساد پھیلانا۔
–الدباغُ الجلدَ دباغت دینے والے کا چمڑے کو رگڑنا اور ملنا۔
(مَئِسَ) الجُرحُ – مَأَساً:زخم کا پھیلنا۔
(المَأْسُ) چغل خور۔
(مَأَشَ) المطرُ الارضَ – مَأْشاً: بارش کا زمین کو چھیل دینا۔
(المَيْطُ):مزید زیادتی جیسے امتلاءَ فلانٌ فَمَا يَجِدُ مَيْطاً۔
(مَئِقَ) الصبیُّ – مَأَقاً: بچہ کا سسکی لینا۔ هو مَئِقٌ۔
–الرَّجُلُ غصہ کی زیادتی کی وجہ سے رونے لگنا۔
(أَمْأَقَ) فلانٌ غضبناک ہونا(۲) سسکی لینا۔
(امْتَأَقَ) الصبیُّ بچہ کا سسکی لینا۔
–غضبُ فلانٍ:انتہائی غضبناک ہونا۔
–إلیَّ بالبکاء: مجھے دیکھ کر اسے رونا آ گیا۔
–قدم علینا فلانٌ فَامْتَأَقْنَا الیه:وہ ہمارے پاس آیا تو اسے دیکھ کر خود بخود ہماری آنکھوں سے آنسو نکل پڑے۔
(المَأْقُ و المَأْقِیُ) ناک سے ملا ہوا گوشۂ چشم (ج) آماق و آمَاقٍ۔
(المُوقُ و المُؤْقُ) ناک سے ملا ہوا گوشۂ چشم (۲) زمین کے گہرے نشیبی کنارے (ج) آماق و امواق۔
(المَأْقَةُ) سسکی (۲) غصہ کی زیادتی۔
(مَأْمَأَتِ) الشاةُ او الظبیةُ:بکری یا ہرن کا مے مے کرنا۔ لگا تار بولنا۔
(مَأَنَ) القومَ – مَأْناً:لوگوں کے نان نفقہ کا خرچ برداشت کرنا۔

–الرجلَ:کسی سے ڈرنا' بچنا اور محتاط رہنا۔ (۲) ناف پر مارنا۔
(مَأَّنَ) فی الأَمرِ تَمْئِنَةً:غور و فکر کرنا۔
–فلاناً باخبر کرنا۔
–الشیءَ:تیار کرنا۔
(المَأْنُ) جگر کا پتلا حصہ (۲) لکڑی جس میں زمین توڑنے کا لوہا لگا ہوا ہو۔
(المَأْنَةُ):ناف اور اس کے ارد گرد کا حصہ (ج) مَأنَاتٌ ومُؤُونٌ۔
(المَئِنَّةُ):نشانی' علامت۔ کہتے ہیں: اِنَّ قِصَرَ الخطبةِ مَئِنَّةٌ من فقهِ الرَّجُلِ خطبہ کا اختصار خطیب کی فقہ دانی کی علامت ہے۔
(المُؤْنَةُ) ضرورت کے بقدر سامان (ج) مُؤَنٌ۔
(المَؤُونَةُ):سامان رسد' ضرورت کے بقدر سامان۔
(المَمْأَنَةُ):لائق و مناسب جیسے هُوَ مَمْأَنَةٌ كذا۔
(مَأَی) الشَّجرُ – مَأْياً:درخت پر شگوفے نکلنا (۲) پتے نکلنا۔
–فی الشیءِ:کسی چیز میں مبالغہ کرنا' گہرائی میں جانا۔
–السقاءَ:مشکیزہ کو اتنا کھینچنا کہ پھٹنے کے قریب ہو جائے۔
–بین القومِ لوگوں میں فساد مچانا' چغل خوری کرنا۔
–القومَ:لوگوں میں شامل ہو کر ان کی تعداد سو کرنا۔
هم مُمْئُونَ۔
(أَمْأَی) القومُ:سو ہونا۔ جیسے أَمْأَتِ الدراهمُ اور أَمْأَيْتُهَا انا۔
–فلانٌ القومَ:کسی کا لوگوں کو سو کر دینا (اپنے علاوہ کسی اور ملا کر)
(مَاءَ ی) شارطَهُ مُمَاءَ اةً کسی سے سو کی شرط لگا۔ اسی طرح شارطَهُ مؤالفةً ہزار کی شرط لگائی۔
(تَمَاءَی) الجلدُ کھال کا لمبا ہونا۔ پھیلنا۔
(المِائَةُ) سو۔۱۰۰۔ یہ اسم ہے لیکن کبھی صفت بھی بنتا ہے جیسے مررت برجلٍ مائةٍ ابلهُ(ج) مِئاتٌ ومئونٌ۔ اس کی طرف نسبت مِئَوِيٌّ ہے۔

–النسبةُ المِئَوِيَّةُ فیصدی تناسب۔

م-ت

(مَتَّ) الیه بقرابة ونحوها– مَتّاً کسی سے تعلق و قرابت پیدا کرنا۔
–الحَبْلَ بطور چرخی کے کنویں سے رسی کھینچنا۔
(مَاتَّهُ) کسی سے رشتہ داری جتانا۔
(تَمَتَّی) فی الحبل رسی کو توڑنے کے لئے زور لگانا۔
(المَاتَّةُ) تعلق' رشتہ داری (ج) مواتٌّ۔
(المَتَاتُ) رشتہ داری' تعلق' قرابت۔
(مَتَحَ) النهارُ – مَتْحاً دن کا لمبا ہونا۔
–الجرادُ:ٹڈی کا انڈے دینے کے لئے دم کو زمین میں داخل کرنا۔
–الشیءَ اکھیڑنا۔
–فلاناً پچھاڑنا۔
–الدَّلْوَ وبها ڈول کی رسی کھینچنا۔
–الماءَ:پانی نکالنا۔
(أَمْتَحَ) النهارُ و الجرادُ: مَتَحَ۔
(امْتَتَحَ) الشیءَ کسی چیز کو جڑ سے اکھیڑنا۔
(تَمَتَّحَتِ) المطیةُ بایدیها فی السیر اونٹوں کا ڈول کھینچنے والے کی طرح ہاتھوں کو ہلانا۔
(المَتُوحُ) ڈول کھینچنے کا ماہر (ج) مُتُحٌ۔
(مَتَخَ) الشیءَ – مَتْخاً:کسی چیز کو اس کی جگہ سے اکھیڑنا۔
–فلاناً کسی کو مارنا۔
(مَتَرَ) الشیءَ – مَتْراً: کاٹنا۔
–الحبلَ ونحوَهُ رسی وغیرہ کو کھینچنا۔
–الشیءَ:کسی چیز کو میٹر سے ماپنا۔ (مو)
(تَمَاتَرَتِ) النارُ فی الزَّنْدِ:چقماق سے آتشیں چنگاریوں کا گرنا۔
–القومُ الشیءَ لوگوں کا کسی چیز کو ایک دوسرے سے کھینچنا۔
(امْتَرَ) الحبلُ امتاراً رسی کا لمبا ہو۔
(المِتْرُ) میٹر ایک پیمانہ جو سو سنٹی میٹر کے مساوی ہوتا ہے یہ اصل میں تو فرانسیسی پیمانہ ہے لیکن اب اکثر ممالک میں رائج ہے۔
(مَتَشَ) الشیءَ – مَتْشاً: جمع کرنا (۲) انگلیوں

سے بکھیرنا۔
(مَتِشَتْ) عینُہٗ ۔ مَتَشًا نظر کمزور ہونا۔
-الرجلُ أمتشُ وھی مَتْشاءُ (ج) مُتْشٌ۔
(المَتَشُ) نوعمروں کے ناخنوں کا سفید داغ۔
مَتَعَ الشیئُ ۔ مُتُوعًا کسی چیز کا عمدگی میں اعلیٰ درجہ کا ہونا۔ (۲) لمبا ہونا۔
ھو ماتعٌ۔ ھی ماتِعۃٌ۔
یقال: مَتَعَ النھارُ والضُّحٰی: خوب بلند ہو جانا اور ایسا زوال سے قبل ہوتا ہے۔
السرابُ دن کے شروع میں سراب کا بلند ہونا۔
فلانٌ بھلا' خوش طبع ہونا' اچھائیوں میں فرد کامل ہونا۔
-الحَبْلُ رسّی کا مضبوط ہونا۔ یعنی جب عمدہ بنی گئی ہو۔
-النبیذُ نبیذ کا بہت سرخ ہونا۔ ھو ماتِعٌ۔
بالشیئِ مَتْعًا مُتْعَۃً لے جانا۔
-اللّٰہُ فلانًا بکذا اللہ کا کسی کو کسی چیز سے مالا مال کرنا۔ اس سے دیر تک فائدہ پہنچاتے رہنا۔
مَتُعَ الشیئُ ۔ مَتَاعَۃً عمدہ ہونا۔
-اَمْتَعَ بالشیئِ کسی چیز سے مستفید ہوتے رہنا۔
-اللّٰہُ فلانًا: اللہ کا کسی کی عمر دراز کرنا۔ یقال: اَمْتَعَہُ اللّٰہُ بکذا کسی چیز سے لطف اندوز رکھنا۔
اَمْتَعَ بمالہ اپنے مال سے فائدہ اٹھانا۔
اَمْتَعَنِی بفراقہ کسی کو اپنی جدائی کا داغ دینا۔
-عن کذا بے نیاز ہونا۔
مَتَّعَ الشیئَ لمبا کرنا۔
-اللّٰہُ فلانًا کسی کی عمر دراز کرنا۔ یقال: مَتَّعَہُ اللّٰہُ بکذا۔ اَمْتَعَہٗ۔
-الرجلُ مُطَلَّقَتَہٗ مطلقہ عورت کو کچھ مال وغیرہ دے کر رخصت کرنا۔
تَمَتَّعَ بکذا لطف اندوز ہوتے رہنا۔
- بالعمرۃ الی الحج عمرہ کر کے حرم میں رہنا اور حج کرنا۔ یعنی عمرہ کو حج کے ساتھ ملا دینا۔ اِسْتَمْتَعَ بکذا: تَمَتَّعَ بہٖ۔

المَاتِعُ بہت عمدہ ترین چیز۔
المَتَاعُ لطف اندوزی۔ (۲) ہر قابل استفادہ چیز۔ جیسے کھانا' گھر کا سامان' سامانِ تفریح' سامان تجارت مال وغیرہ۔
(۳) (علم نباتات میں) کلی میں تانیث کا عنصر (ج) اَمْتِعَۃٌ۔
المُتْعَۃُ: کسی چیز سے لطف اندوز ہونا۔ جیسے شکار اور کھانا۔
(۳) عمرہ کو حج سے ملانا۔
زواج المتعۃ وقتی طور پر کسی عورت سے لطف اندوزی کا عارضی ازدواجی تعلق۔
مُتْعَۃُ المرأۃ: طلاق کے بعد عورت کو دیئے جانے والی ضرورت کی چیزیں۔ جیسے مال یا خادم (ج) مُتَعٌ۔
مَتَکَ الشیئَ ۔ مَتْکًا کاٹنا۔
مَاتَکَہٗ فی البیع: فروختگی کے فن میں کسی سے بڑھ جانا۔
تَمَتَّکَ الشرابَ تھوڑا تھوڑا پینا۔
المُتْکُ مکھی کی ناک (۲) لیموں۔ (۳) (علم نباتات میں) عضو تذکیر کے کنارے میں پھولا ہوا جسم جس میں تھیلیاں ہوتی ہیں جو کہ مادہ منویہ پر مشتمل ہوتی ہیں۔
مَتَلَ الشیئَ ۔ مَتْلًا: ہلانا' جھنجھوڑنا۔
مَتَنَ بالمکان۔ مَتْنًا: قیام کرنا۔
فلانٌ: حلف اٹھانا۔
-بفلان کسی کے ساتھ پورے دن چلنا۔
-الشیئَ لمبا کرنا۔
-فلانًا کسی کی پیٹھ پر مارنا۔
-الکَبْشَ مینڈھے کے بیضے رگوں سمیت نکالنا (پیٹ پھاڑ کر)
مَتُنَ الشیئُ ۔ مَتَانَۃً سخت و مضبوط ہونا۔ ھُوَ مَتْنٌ' مَتِیْنٌ۔
یقال حبل متینٌ' رأیٌ متینٌ۔ (ج) مِتَانٌ۔
المَتِیْنُ۔ باری تعالیٰ کا نام۔ طاقت اقتدار والا۔
اَمْتَنَ فلانًا کسی کی پیٹھ پر مارنا۔
مَاتَنَہٗ کسی سے مقابلہ میں حد مقررہ سے دور نکل جانا۔ (۲) بحث و مباحثہ یا جھگڑے میں کسی

سے مقابلہ کرنا۔
یقال مَاتَنَہٗ فی الشِّعْرِ شعر میں مقابلہ کرنا اور غالب آ جانا۔
بینھما مُمَاتَنَۃٌ ان میں مقابلہ ہے۔
یقال سارا کثیرًا مُمَاتِنًا: وہ سخت رفتار سے چلا۔
مَتَّنَ الشیئَ: مضبوط کرنا۔
یقال: مَتِّنِ القَوْسَ۔
مَتَّنَ البناءَ: عمارت اور کمان کو بالکل سیدھا رکھنا۔
تَمَاتَنَ الشاعران فی الشِّعْرِ: دو شاعروں کا شعر میں مقابلہ کرنا۔
التِّمْتَانُ: خیموں کے شامیانوں کا رسہ۔ (ج) تَمَاتِیْنُ۔
المَاتِنُ (مؤلفین کی اصطلاح میں) اصل کتاب کا مصنف۔ شارح کے خلاف۔ (مو)
المَتْنُ: کمر۔ پیٹھ (مذکر اور مؤنث دونوں)
مَتْنُ الأرضِ: زمین کا ابھرا ہوا سخت حصہ۔
مَتْنُ الکتابِ: کتاب کی اصل جس پر حواشی چڑھائے جائیں اور شرح کا اضافہ کیا جائے۔
یقال سَارَ مَتْنَ النَّھارِ: سارا دن چلا (۲) دو ستونوں کے درمیان کا حصہ (ج) مِتَانٌ' مُتُوْنٌ۔
المَتْنَانِ: کمر کے دونوں طرف سے گھیرے ہوئے پٹھے اور گوشت۔
المَتْنَۃُ زمین کا ابھرا ہوا سخت حصہ۔
(۲) متنین کا واحد۔ کمر کے دونوں طرف سے گھیرے ہوئے پٹھے اور گوشت۔
مَتِہَ فلانٌ ۔ مَتَھًا: گمراہ ہونا۔
تَمَاتَہَ عَنْہُ: غفلت برتنا۔
-القومُ ایک دوسرے سے دور ہونا۔
تَمَتَّہَ حیران ہونا۔
(۲) احمق و متکبر ہونا۔
(۳) دور ہو جانا۔
وفی الشیئِ: مبالغہ کرنا۔
مَتَاۃُ الحَبْلِ وغیرہٖ ۔ مَتْوًا لمبا کرنا کھینچ کر۔
فلانًا بالعصا لاٹھی مارنا۔

فی الارض تیز چلنا۔ دوڑ دھوپ کرنا۔
اَمتی عمر دراز ہونا۔
(۲) کثیر وکشادہ رزق والا ہونا۔
تَمَتّی انگڑائی لینا۔
مَتٰی ظرف جو کہ زمانے سے استفہام کے لئے آتا ہے۔ یہ شرط ہوتا ہے اور تکرار کا مقتضی نہیں ہوتا۔ علماء نے اس کے اور کُلّما کے درمیان فرق کیا ہے۔
فرماتے ہیں کُلّما فعل کے ساتھ متعلق ہوتا ہے۔ اور فعل کا تکرار درست ہے اور متی کا تعلق زمانے کے ساتھ ہوتا ہے اور زمانہ تکرار کا مقتضی نہیں ہوتا۔

م ث

مَثَّ الرجلُ – مَثًّا پسینہ آنا۔
(۲) کھال پر چکناہٹ ظاہر ہونا۔
–السِقاءُ: مشکیزہ کا ٹپکنا۔
–العظمُ: ہڈی کا گودا بہنا۔
–یَدَہ واصابعَهُ بالمندیل ونحوہ: ہاتھ یا انگلیوں کو رومال وغیرہ سے صاف کرنا۔
–شاربَه: مونچھوں کی چکناہٹ ہاتھ سے پونچھنا اور اس کا اثر باقی رہ جانا جو دکھائی دے۔
–الجُرحَ: زخم کی پیپ وغیرہ صاف کرنا۔
المَثَاثُ: نبتٌ مَثَاثٌ: تر پودا۔
مَثَجَ الشیءَ – مَثْجًا: ملانا۔
–فلانًا: کھلانا۔
مَثَدَ بین الحجارہ – مَثْدًا: پتھروں میں چھپ کر دشمن کی گھات میں بیٹھنا اور اپنے لوگوں کی راہنمائی کرنا۔
–فلانًا: کسی کو دیدبان مقرر کرنا۔ گھات میں بٹھانا۔
–المَاثِدُ: دیدبان۔ اپنی قوم کے لئے دشمن کی گھات میں بیٹھنے والا۔
مَثَلَ الرجلُ بین یدَیْ فلان – مُثُولًا: کسی کے ساتھ سیدھا کھڑا ہونا۔
(۲) اپنی جگہ سے ہٹنا۔
–فلان فلانًا: کسی کا کسی سے مشابہ ہونا۔
یقال: مَثَل فلانًا فلانًا وبہ: کسی کو کسی سے تشبیہ دینا۔
–التماثیلَ تصویریں تراشنا۔ مجسمے بنانا۔
–بفلان مَثْلًا ومُثْلَةً: کسی کی آنکھ یا ناک کان وغیرہ کاٹ کر صورت بگاڑنا۔
یقال: مَثَلَ بالحیوان۔
مَثُلَ فلان بین یدی الوالی – مُثُولًا: حاکم کے سامنے آداب بجالانا۔
–الرجلُ مَثَالَةً افضل ہونا۔ ھو مثیلٌ (ج) مُثلاء۔
اَمْثَلَ فلانًا: کسی کا مثلہ بنانا۔
(۲) کسی کو قصاص میں قتل کرنا۔
یقول الرجلُ للحاکم: امِثلْنی من فلان: مجھے فلاں سے قصاص دلوائیے۔ قد اَمْثَله الحاکمُ منه: تو حاکم نے اسے فلاں سے قصاص دلوا دیا۔
مَاثَلَ الشیءَ: مشابہ ہونا۔
یقال: مَاثَلَ فلانًا بفلان: کسی کو کسی کے مشابہ کرنا۔ مماثلة دو متفق چیزوں میں ہی ہو سکتی ہے۔
تقول: نحوہ کنحوہ وفقهُه کفقهِهٖ لونُه کلونه: بخلاف مساوات کے کیونکہ وہ جنس میں متفق چیزوں کے درمیان بھی ہو سکتی ہے اور مختلف کے اندر بھی۔
کیونکہ تساوی وہ برابری ہے مقدار میں نہ کہ کمی یا بیشی میں۔
مَثَّلَ بفلان: مَثَلَ: (تشدید برائے مبالغہ ہے)
–الشیءَ بالشیءِ تمثیلًا، تَمْثالًا: مشابہ کرنا۔ ہم شکل، ہم صفت کرنا۔
–الشیءَ لفلان: کسی کے لئے کسی چیز کی تصویر کھینچنا۔ کتابت وغیرہ میں یعنی اس طرح وضاحت کرنا جیسے وہ اسے دیکھ رہا ہو۔
–قومه فی دولة او مؤتمر: اپنی قوم کی کسی ملک یا کسی کانفرنس میں نمائندگی کرنا۔ (جج)
–المسرحیة: وعظ وعبرت کے لئے کسی واقعہ کو اسٹیج پر پیش کرنا۔ (جج)
–التماثیلَ: مجسمے بنانا۔
اِمْتَثَلَ امرَه: اطاعت کرنا۔ حکم بجالانا۔
یقال: امتثل طریقته کسی کے نقش قدم پر چلنا۔
یقال: اَمتثلوہ غَرَضًا کسی چیز کو اپنی ملامت اور باتوں کا ہدف بنانا۔ یہ مثلہ سے ہے۔
والمَثَلَ نمونہ بنانا۔
– من فلان۔ قصاص لینا۔
یقال: امتثل عندھم مثلًا حَسَنًا لوگوں سے یکے بعد دیگرے شعر کہنا۔
ھذا البیت مَثَلٌ تَمثِلُه وتَمتثِلُ بہ یہ نمونہ کا شعر ہے جسے تم مثال میں پیش کر سکتے ہو۔
تَمَاثَلَ الشیئان دو چیزوں کا مشابہ ہونا۔
–العلیلُ من عِلَّتِه بیمار کا روبہ صحت ہونا۔ تندرست جیسا ہونا۔ جیسے وہ اُٹھنے کا ارادہ کرے اور کھڑے ہونے کا۔
تَمَثَّلَ الشیءَ۔ تصور کرنا۔
یقال: تَمَثَّلَ الشیءُ له. قرآن حکیم میں ہے۔ (فَاَرْسَلْنَا اِلَيْهَا رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا)۔
–بین یدیه: مَثَلَ۔
–بالشیء: کسی چیز کو بطور مثال پیش کرنا۔
یقال: ھذا البیت مَثَلٌ نَتَمثَّله ونَتَمثَّل به۔
–منه. قصاص لینا۔
الاَمْثَلُ افضل۔ بہتر۔
یقال: فلان اَمْثَلُ بنی فلان فلاں فلاں قبیلے کا بہترین آدمی ہے۔
ھؤلاء اَمَاثِلُ القوم: یہ قوم کے ممتاز لوگ ہیں۔
یقال: المریضُ الیومَ اَمْثَلُ آج بیمار کی حالت پہلے سے بہتر ہے۔
الاُمْثُولَةُ نمونہ کا شعر وغیرہ (ج) اَمَاثِیلُ۔
التِمثالُ: پتھر کا تراشا ہوا یا تانبے پیتل وغیرہ کا ڈھالا ہوا مجسمہ جو کسی انسان یا حیوان وغیرہ کی عکاسی کرتا ہو۔
(۲) تصویر جو کپڑے وغیرہ میں بنی ہوئی ہو۔
یقال: فی ثوبه تماثیلُ: اس کے کپڑوں پر حیوانات کی تصاویر ہیں۔ ج تَمَاثِیلُ۔

التَّمْثِيلُ (علم نباتات میں)

التَّمْثِيلِيَّةُ فنی منظوم یا منثور عمل۔ جسے خاص قواعد کی روشنی میں لکھا جاتا ہے۔ جسے عبرت کی غرض سے حقیقی حادثہ یا اس سے مختلف صورت میں پیش کیا جاتا ہے۔ (ڈرامہ) (مو)

المِثَالُ سانچہ جس کے مطابق کوئی چیز بنائی جائے۔

(۲) مقدار۔

(۳) شے کی صورت جو صفات میں اس کے مثل ہو۔ (ج) اَمْثِلَةٌ مُثُلٌ۔

المِثَالِيُّ نمونہ کا اعلیٰ درجہ کا۔ فاضل و اکمل جیسے الخلق المثالیّ' اللوحہ المثالیہ (مج)

المَثَّالُ: مجسمہ ساز۔ (ج)

المِثْلُ مانند' مثل' مشابہ' نظیر۔

المَثَلُ: المِثْلُ۔

(۲) بامعنی جملہ جو کسی مفہوم یا شخص کے بارے میں کہا گیا ہو پھر اسی جیسے شخص یا مفہوم کے بارے میں استعمال کیا جانے لگا ہو۔ جیسے الصَّيْفَ ضَيَّعْتِ اللَّبَنَ' اور الرائد لا يكذب أهله۔

(۳) حیوان یا جمادات کی زبانی کوئی کہانی۔ جیسے امثال کلیلہ ومنتہ (ج) اَمْثَالٌ۔

المَثُلَةُ عبرتناک سزا (ج) مَثُلَاتٌ۔

المُثْلَةُ: المَثُلَةُ (ج) مُثُلَاتٌ۔

المَثِيلُ: المِثْلُ (ج) اَمْثَالٌ۔ (۲) فاضل۔

يقال: مَنْ اَمْثَلُكُمْ؟

لتقول: كُلُّنَا مَثِيلٌ (ج) مُثَلَاءُ۔

المُمَثِّلُ اسٹیج پر کوئی ڈرامائی رول کرنے والا (ج)

مَثَمَتْ زِقُّ السَّمْنِ ونحوہٗ گھی وغیرہ کے مشکیزہ کا ٹپکنا۔

- فلانٌ الشیٔ پانی میں ڈبونا۔

- الفَتِيلَةَ بتی کو تیل میں خوب تر کرنا۔

- الشیٔ ہلانا۔

يقال اَخَذَهٗ فَمَثْمَثَهٗ پکڑ کر زور سے ہلانا آگے پیچھے کرنا۔

مَثَنَهٗ مَثْنًا مثانہ پر مارنا۔

مَثِنَ۔ مَثَنًا: پیشاب کا مثانہ میں نہ ٹھہرنا۔

(۲) مثانہ کی تکلیف میں مبتلا ہونا۔

هو مَثِنٌ۔ اَمْثَنُ هي مَثْنَاءُ۔

المَثَانَةُ گردوں سے نکل کر پیشاب کے جمع ہونے کی تھیلی۔

التمثیل: (علم نباتات میں) نباتات کی نشو ونما سے متعلق عمل کاری جس سے وہ روشنی' پانی اور کاربن ڈائی آکسائیڈ کے اجزاء سے اپنی غذا حاصل کرتے اور نشو ونما پاتے ہیں۔ حیوانات میں یہ الایض البنائی کا مترادف ہے۔ (ج)

مَجَّ الماءَ او الشراب مِن فيهٖ: مَجَّ بہ۔ مَجًّا: منہ سے پانی وغیرہ نکال کر پھینکنا۔

يقال: كلام تمجُّه الاَسماعُ: بجت النَّحْلُ العَسَلَ مَجَّتِ الشَّمْسُ رِيقَهَا' والنبات يَمُجُّ النَّدَى: ناگوار بات' مکھی کا منہ سے شہد نکالنا' آفتاب کا شعاعیں پھیلانا۔ نباتات کا تر ہو کر پانی کے قطرے ٹپکانا۔

مَجَّ شِدْقُ فالهَرِمِ۔ مَجْمَجًا: بوڑھے کی باچھوں کا ڈھیلا ہونا۔

مَجْمَجَ العنبُ: انگور کا عمدہ اور میٹھا ہونا۔

اِنْمَجَّتْ نقطةٌ من القلمِ: قلم سے سیاہی کی بوند ٹپکنا۔

المُجَاجُ: منہ سے نکلا ہوا پانی وغیرہ۔

مُجَاجُ الفم: تھوک۔

مُجَاجُ النحل: شہد۔

مُجَاجُ العنبِ: انگور کا بہنے والا رس۔

مُجَاجُ المُزْنِ: بارش۔

المُجَاجَةُ تھوک۔

مُجَاجَةُ الشیٔ: نچوڑ۔ خلاصہ۔

المَجَّاجُ: منہ سے بکثرت پانی یا تھوک نکالنے والا۔

مَجَدَ فلانٌ۔ مَجْدًا: بلند کردار و برتر ہونا۔ هو مَاجِدٌ۔

- فلانًا کسی سے عزت' شرافت میں بڑھ جانا۔

يقال: مَاجَدَهٗ فَمَجَدَهٗ۔

مَجُدَ فلانٌ۔ مَجَادَةً: شریف ہونا۔ هو مَجِيدٌ (ج) اَمْجَادٌ۔

اَمْجَدَهٗ کسی کی تعظیم وتوقیر کرنا۔

يقال اَمْجَدَ اللّٰهُ فلانًا: اللہ کا کسی کے اعمال کو سند کرنا۔

-العَطَاءَ: خوب دینا۔

يقال: اَمْجَدَ لفلان من كذا: کسی کو کوئی چیز بہت دینا۔

يقال' اَمْجَدَنَا فلانٌ قِرًى' کسی کی خوب ضیافت کرنا۔

فلانٌ ولدَهٗ ولولدِهٖ: اپنی اولاد کے لئے بہترین ماڈل کا انتخاب کرنا۔

يقال هؤلاء قوم اَمْجَدُهُم آبوهم۔

مَاجَدَهٗ: عظمت وشرافت میں مقابلہ کرنا۔

مَجَّدَهٗ: اَمْجَدَهٗ۔

-العَطَاءَ: بڑا عطیہ دینا۔

تَمَاجَدُوا: باہم فخر کرنا۔

(۲) اپنی بزرگی وشرافت کو ظاہر کرنا۔ يقال تماجد القومُ فيما بينهم۔

تَمَجَّدَ: بڑا اور قابل تعظیم ہونا۔

اِسْتَمْجَدَ: بزرگ وبڑا ہونا۔

-المَرْخُ والعَفَارُ: درخت سرخ اور عفار کی آگ سے بڑا درجہ حاصل کرنا۔ یعنی ان میں آگ بہت زیادہ درجہ حاصل کرتی ہے۔ ضرب المثل ہے۔ لِكُلِّ شجرٍ نارٌ' اِسْتَمْجَدَ المَرْخُ والعَفَارُ: ایک چیز کی دوسری چیز فضیلت بیان کرنے کے لئے کہا جاتا ہے۔

المَاجِدُ: شریف ومعزز۔

المَجْدُ: شرافت و عظمت۔ (۲) خاندانی عظمت وناموری۔

المَجِيدُ: عظیم الشان' صاحب عزت۔

(۲) باری تعالیٰ کا ایک نام۔

مَجِرَ من الماءِ او اللَّبَنِ۔ مَجَرًا: پانی یا دودھ سے پیٹ بھر جانا۔ بکر سیر نہ ہونا۔

-الشاةُ بکری کے پیٹ میں بچہ زیادہ بڑا ہو جانے سے بکری کا بھاری اور کمزور ہونا۔

اَمْجَرَتِ الشاةُ: مَجِرَتْ۔

الاَمْجَرُ: بڑے پیٹ اور کمزور جسم والا۔

المَجْرُ: ہر چیز کا بڑا حصہ۔ (۲) بڑا لشکر۔

المَجْرُ: سونے کی کسوٹی۔ بلاد بھر کی طرف

نسبت۔ عورتوں کے زیورات کی قیمت لگانے
میں اس کا استعمال زیادہ ہے۔ اسکا وزن اٹھارہ
قیراط یعنی مثقال کا تین چوتھائی ہوا کرتا تھا۔
الْمُمْجِرُ من النِّسَاءِ ایک پیٹ سے دو بچے
جننے والی۔ (۲) وہ حاملہ بکری جس کے پیٹ
میں بچہ بڑا ہو جائے اور ولادت دشوار ہونے
سے بکری کمزور ہو جائے۔
-الناقۃُ وہ اونٹنی جسکے بچہ جننے کا وقت گزر گیا ہو۔
مَجَّسَهٗ: مجوسی بنانا۔
تَمَجَّسَ مجوسی ہو جانا۔
الْمَجُوْسُ: ایک قوم جو سورج، جاندار اور آگ
کی پوجا کرتی تھی۔ ان پر اس نام کا اطلاق
تیسری صدی عیسوی سے ہوا۔
الْمَجُوْسِيُّ: آشوریوں اور قدیم فارسیوں کے
ہاں کاہن کو کہا جاتا تھا۔
(۲) آگ کا محافظ۔ (۳) جادوگر کاہن۔
الْمَجُوْسِيَّةُ: کواکب اور آگ کی تقدیس کا
مجوس کا عقیدہ۔
(۴) قدیم مذہب جس کی تجدید و ترمیم اور تشہیر
زردشت نے کی۔
الْمَجَسْطِي: علم ہندسہ اور فلکیات پر ایک قدیم
کتاب جسے بطلیموس فلکی مصری نے تقریباً ۱۴۰ ق
م میں لکھا۔ مامون کے عہد میں اس کا عربی
ترجمہ ہوا۔ یہ اپنے موضوع پر مستند ترین کتاب
سمجھی جاتی ہے۔
مَجَعَ- مَجْعًا: مجیع (حلوا) کھانا۔
مَجِعَ- مَجَاعَةً بے حیا ہونا۔
مَجُعَ- مَجَاعَة: مَجِعَ۔
مَاجَعَهٗ: کسی سے شوخی اور بے شرمی برتنا۔
مَجَّعَ ضيفه: مجیع کھلانا۔
اِمْتَجَعَ مجیع کھانا۔
تَمَاجَعَا باہم بے حیائی کی باتیں کرنا۔
تَمَجَّعَ مجیع کھانا۔
الْمَجَّاعُ: بے شرم شوخ۔ غیر سنجیدہ (۲)
مجیع کا شوقین۔
الْمَجِعَةُ بے شرم عورت۔
الْمَجِيْعُ: ایک قسم کا حلوا جو دودھ اور کھجور سے
بنایا جاتا ہے۔
مَجِلَتْ يَدُهٗ- مَجَلًا- مُجُوْلًا: سخت کام
کرنے یا جلنے سے ہاتھ میں آبلہ پڑنا۔ (۲)
ہاتھ کی کھال کا کھردرا اور سخت ہونا۔
-الحافرُ: پتھروں پر چلنے سے کھروں کا چھل
کر سخت ہو جانا۔
مَجَلَتْ يَدُهٗ- مَجْلًا- مَجَلَتْ۔
اَمْجَلَ العملُ يَدَه کام کا ہاتھ کو کھردرا کر
دینا۔
تَمَجَّلَ الجلدُ قَيْحًا و دَمًا: جلد میں پیپ و
خون بھر جانا۔
الْمَجْلُ: گھوڑے کے پٹھے کی بیٹھن۔ یہ
گھوڑے کے عیوب میں سے ہے۔
الْمَجْلَةُ باریک چھلکا جس میں کام کی وجہ سے
پانی اکٹھا ہو جاتا ہے۔ آبلہ۔ ج
مِجَالٌ۔ مَجْلٌ۔
الْمَجَلَّةُ: (دیکھئے جلل)
مَجْمَجَ فلان في خَبَرِہٖ: خبر کو صحیح طور پر نہ
بتانا۔
-بفلان: کسی کو گفتگو میں کسی بات پر جمنے نہ دینا۔
-الكتابَ: کتاب کو قلم پھیر کر خراب کر دینا۔
تَمَجْمَجَ الكَفَلُ: جانور کے پچھلے حصے کا نرمی
سے ہلنا۔
الْمَجْمَاجُ: ڈھیلا ڈھالا۔
مَجَنَ الشيُّ- مُجُوْنًا: ٹھوس اور سخت ہونا۔
-فلانٌ مُجُوْنًا- مَجَانَةً: بے حیا ہونا۔ ھو
مَاجِنٌ (ج) مُجَّانٌ۔
ھی مَاجِنَةٌ (ج) مَوَاجِنُ۔
(۲) تمسخر آمیز بات کرنا۔
يقال: قَدْ مَجَنْتَ فاسكُتْ۔
مَاجَنَهٗ: کسی کے ساتھ ہنسی مذاق کرنا۔ انتہائی
بے تکلفی برتنا۔
تَمَاجَنَا باہم مذاق و دل لگی کرنا۔
الْمَجَّانُ: بغیر بدل اور ثمن کے کوئی چیز دینا۔
يقال: اَخَذَ الشيَّ مَجَّانًا: مفت لینا۔ (۲)
بہت اور ضرورت کے لئے کافی۔
يقال: ماءٌ مَجَّانٌ۔ تمرٌ مَجَّانٌ۔
الْمُمَجَّنُ: طَرِيْقٌ مُمَجَّنٌ لمبا راستہ۔
مَجْنَقَ القومَ: منجنیق سے پتھر پھینکنا۔
الْمَنْجَنِيْقُ: حصار کے آلات میں سے ایک
قدیم آلہ۔ قلعوں کو منہدم کرنے کے لئے ان پر
اس سے بڑے بڑے پتھر پھینکے جاتے تھے۔
(مؤنث) (مع)

م ح ح

مَحَّهٗ- مَحًّا غضبناک کرنا۔ (ع)
مَحُتَ اليَوْمُ- مَحَاتَةً: دن کا بہت گرم ہونا۔
الْمَحْتُ: ہر سخت چیز۔
يقال: يومٌ مَحْتٌ: سخت گرم دن۔
مَحَجَ الشيَّ- مَحْجًا: کسی چیز کو زور سے
ملنا۔ جس سے اوپر کی کھال یا چھلکا اتر جائے۔
الرِّيْحُ الأرضَ: ہوا کا زمین کی مٹی اڑا دینا۔
-العُوْدَ لکڑی چھیلنا۔
الجلدَ: کھال کو نرم کرنے کے لئے ملنا۔
-اللَّبَنَ: دودھ بلونا۔
-الدَّلْوَ: ڈول کو کنوئیں میں ڈال کر ہلانا۔
مَاحَجَهٗ مِحَاجًا' مُمَاحَجَةً کسی سے ٹال
مٹول کرنا۔
مَحَّ الثوبُ (جیسے مَلَّ)- مَحًّا پرانا اور
بوسیدہ ہونا۔ ھو مَحٌّ۔
اَمَحَّ الثوبُ: مَحَّ۔
يقال: اَمَحَّ الكتابُ. کتاب کے حروف مٹ
جانا۔
اَمَحَّتِ الدارُ گھر کے نشانات مٹ جانا۔
الْمُحُّ: ہر خالص شے۔ (۲) انڈے کی زردی یا
سفیدی و زردی دونوں۔
الْمَحَّاحُ: جھوٹا۔
(۲) باتیں بنا کر لوگوں کو خوش کرنے والا اور عمل
نہ کرنے والا۔
الْمَحَارَةُ (دیکھئے حور)
مَحَشَ الجلدَ- مَحْشًا گوشت سے کھال
اتارنا۔
-النارُ جلدَهٗ: کھال کو جلا ڈالنا۔
-السَّيْلُ مَا مَرَّ عليه سیلاب کا جس سے
گزرنا اسے اکھاڑ ڈالنا۔

–الطعامُ بہت کھانا۔
اَمْحَشَ الحرُّ او النار جلدَہٗ: جلا ڈالنا۔
یقال ۔ھذہ سَنَۃٌ اَمْحَشَتْ کلَّ شیٍٔ اس سال قحط عام ہوگیا۔
المُحَاشُ جلتا ہوا۔
یقال: خُبزٌ محاشٌ۔ شِواءٌ مُحَاشٌ۔
مَحَصَ–مَحْصًا بھاگ جانا۔
–الظَّبْیُ ہرن کا تیز دوڑنا۔
–البرقُ بجلی چمکنا۔
–الثوبُ کپڑے کا رواں اڑ جانا۔
–اللّٰہُ ما بِہٖ: اللہ کا کسی کے دکھ یا عیب کو دور کرنا۔
–الشَّیْ: بے نقص و بے عیب بنا دینا۔
یقال: مَحَصَ المعدِنَ بالنَّارِ: دھات وغیرہ کو آگ میں ڈال کر صاف کرنا۔
–السَّیفَ تلوار صاف کرنا۔ چمکانا۔
اَمْحَصَتِ الشَّمْسُ سورج کا گہن سے نکلنا۔
المَرِیضُ تندرست ہونا۔
مَحَّصَ الشیَٔ: مَحَصَہٗ۔
یقال ۔مَحَّصَ الذھبَ بالنار۔
مَحَّصَ العَقَبَ من اللَّحمِ: گوشت سے پٹھوں کو الگ کر کے تانت بنانا۔
–اللّٰہُ التائبَ من الذُّنُوبِ اللہ کا توبہ کرنے والے کو گناہوں سے پاک کر دینا۔
–اللّٰہُ مَابِکَ اللہ کا کسی کی بیماری یا عیب کو زائل کر دینا۔
–فلانًا کسی کو آزمانا، پرکھنا۔
تَمَحَّصَتِ الظَّلْمَاءُ تاریکی دور ہو جانا۔
یقال: تَمَحَّصَتْ ذُنُوبُہٗ گناہوں سے پاک ہونا۔
الأَمْحَصُ جھوٹے بچے ہر ایک کا عذر سننے والا۔
المَحِیصُ مضبوط بنا ہوا۔
المُمَحَّصُ نقائص و عیوب سے پاک۔
مَحَضَ فلانًا مَحْضًا پانی سے پاک خالص دودھ پلانا۔

–فلانًا الوُدَّ اَوِ النُّصْحَ: کسی کے ساتھ خالص دوستی اور تعلق رکھنا۔
مَحِضَ – مَحَضًا۔ خالص دودھ وغیرہ پینا۔
مَحُضَ فلان فی نسبِہٖ – مُحُوْضَۃً: خالص نسب والا ہونا۔
اَمْحَضَ الرجل :مَحَضَہٗ۔
یقال اَمْحَضَہٗ الحدیثَ والنَّصیحۃَ: غیر کسی کے ساتھ سچی خیر خواہی یا بات کرنا۔
اِمْتَحَضَ فلانٌ: خالص پینا۔
الاُمْحُوضَۃُ: سچی نصیحت۔
المَحْضُ :خالص۔ ہر قسم کی آمیزش سے پاک (مذکر اور مؤنث اور جمع میں برابر ہے اور تثنیہ اور جمع بھی لا سکتے ہیں)
لبنٌ مَحْضٌ: خالص دودھ۔ پانی سے پاک میٹھا ہو خواہ کھٹا۔
مَحَطَ الوَتَرَ تانت کو صاف کرنے کیلئے اس پر ہاتھ پھیرنا۔
مَحَقَ الشیَٔ – مَحْقًا: کمی کرنا۔ (۲) ہلاک و برباد کرنا۔
یقال: مَحَقَ اللّٰہُ العملَ: اللہ کا کسی چیز کی برکت زائل کر دینا۔ (۲) باطل کرنا۔ مٹا دینا۔
–الحَرُّ الشیَٔ: جلا ڈالنا۔
اَمْحَقَ الشیُٔ او المالُ: ہلاک ہونا۔
یقال :اَمْحَقَ الرجلُ۔
–القَمَرُ چاند کا بے نور ہونا۔
مَحَّقَ الشیَٔ باطل کر دینا۔
اِمْتَحَقَ الشیُٔ: کم ہونا۔ برکت ختم ہونا۔
–القَمَرُ بے نور ہونا۔ اور ایسا قمری مہینے کی آخری دو راتوں میں ہوتا ہے۔
–اِنْمَحَقَ اِمَّحَقَ الشیُٔ امتحق۔
–القمرُ آخر مہینہ میں چاند کا روپوش ہونا۔
تَمَحَّقَ الشیُٔ مٹنے لگنا۔
المِحَاقُ چاند پورا ہو جانے کی راتوں کے بعد اس میں آنے والی کمی۔ بے نوری۔
لیالی المحاق محاق کے مرحلے سے گزرنے والی راتیں۔
المحقۃُ ہلاکت۔

(۲) اونٹوں کا صرف درختوں کے پتے چرنا۔
المَحِیقُ: نَصلٌ مَحِیقٌ: بہت باریک دھار کا پھلکا۔
قَرنٌ محیقٌ: وہ سینگ جو ملنے سے چکنا ہو جائے۔
مَحَکَ – مَحْکًا: کلام میں کٹ حجتی کرنا۔
(۲) بہت زیادہ بھات ناٹ کرنا۔
مَحِکَ – مَحَکًا : مَحَکَ۔ ھو مَحِکٌ
اَمْحَکَہٗ الغضب. غصہ کا کسی کو حد سے زیادہ جھگڑالو بنا دینا۔
مَاحَکَہٗ کسی کے ساتھ جھگڑنا۔
تَمَاحَکَ البَیِّعان والخَصْمان: خریدار و سوداگر کا سودا کرنے میں یا مد مقابل کا باہم جھگڑنا۔
تَمَحَّکَ: بہت جھگڑنا۔
المَحْکَان: جھگڑالو اور بد خلق۔
مَحَلَ بالامرِ – مَحْلًا: کسی کام کے لئے چال چلنا۔
–المکانُ قحط زدہ ہونا۔
یقال: ارضٌ مَحْلٌ مَحْلَۃٌ مَحُولٌ مُحُولٌ۔
مَحَلَ بہ الی ذی السلطان – مَحْلًا کسی کے خلاف حاکم سے شکایت کرنا۔ سازش کرنا۔
المکان: قحط زدہ ہونا۔
مَحُلَ المکانُ – مَحَالَۃً: مَحَلَ۔
اَمْحَلَ المَکَانُ: قحط زدہ ہونا۔ ھو مَاحِلٌ۔
مُمْحِلٌ نہیں کہتے سوائے شعر کے۔
حسّان کا قول ہے۔
اِمّا تَرَیْ رَاسِی تغیّر لونہ
شَمَطًا فاصبح کالثغام الممحل
یقال: اَمْحَلَ الزمانُ قحط کا زمانہ ہونا۔
–القومُ لوگوں کا قحط میں مبتلا ہونا۔ بارش نہ ہونا۔
اَمْحَلَ اللّٰہُ الاَرضَ اللہ کا زمین میں قحط ڈالنا۔
مَاحَلَہٗ مُمَاحَلَۃً، مِحَالًا جھگڑا کرنا۔ (۲) مکر و فریب کرنا۔ طاقت آزمائی کرنا۔

مَحَلَ فلانًا طاقتور بنانا۔
تَمَاحَلَ المكانُ جگہ کا دور افتادہ ہونا۔
فلاةٌ مُتَمَاحِلَةٌ وسیع و عریض بیابان۔
فِتْنَةٌ مُتَمَاحِلَةٌ نہ ختم ہونے والا فتنہ۔
تَمَحَّلَ چال چلنا۔
یقال تَمَحَّلَ لی خیرًا میری خیر خواہی کرنا۔
المَاحِلُ قحط زدہ جگہ۔
(۲) جھگڑالو دشمن۔ (۳) بدلے ہوئے جسم والا۔
المِحَالُ: چال، مکر (۲) طاقت (۳) منجانب اللہ سزا۔ (۴) تدبیر۔
قرآن حکیم میں ہے
(وَهُوَ شَدِيدُ الْمِحَالِ۔)
المَحْلُ: بارش کا ناپید اور زمین کا گھاس سے خشک ہو جانا۔
یقال: ارضٌ مَحْلٌ: بے چراگاہ زمین (۲) دوری۔ (۳) سختی۔ (ج) مُحُولٌ، أمحالٌ۔
المَحِلُ: دھتکارا ہوا جو تھک کر چور ہو جائے۔
رجلٌ مَحِلٌ چالباز آدمی۔
المِمْحَالُ: من الأرضين: قحط زدہ زمین۔
المُمْحَلُ: بدلے ہوئے ذائقے کا دودھ۔
المُمْحَلَةُ: دودھ کا مشکیزہ۔
مَحَنَ فلانًا۔ مَحْنًا: آزمانا، پرکھنا (۲) سخت تکلیف دینا۔
—الفِضَّةَ: چاندی کو آگ پر یا بھٹی میں ڈال کر صاف کرنا۔
—الأدیمَ: چمڑے کو ملائم کر کے پھیلانا۔
مُحِنَ فلان. آزمائش و مصیبت میں مبتلا ہونا۔
هو ممحون۔
مَحَّنَ الأدِيمَ: مَحَنَهُ۔
اِمْتَحَنَ فلانًا: پرکھنا، امتحان لینا۔ (۲) آزمائش میں مبتلا کرنا۔
—الشیءَ: کسی چیز کی جانچ پڑتال کرنا۔
—الفِضَّةَ: مَحَنَهَا۔
یقال: اُمْتُحِنَ فلان: آزمائش و مصیبت میں مبتلا ہونا۔
الاِمْتِحَانُ: امتحان۔ (۲) ابتلاء و آزمائش۔

المِحْنَةُ سختی و مصیبت۔ (ج) مِحَنٌ۔
مَحَا الشيءَ۔ مَحْوًا: مٹانا۔ هو مَمْحُوٌّ۔
یقال: مَحَتِ الرِّيحُ السحابَ،
المطرُ الجدبَ، الصُّبحُ الليلَ،
الإحسان يمحوا الاساءة۔
اِمَّحَى الشيءُ: مٹنا۔
تَمَحَّى من القوم: لوگوں سے اپنے جرم کی معافی چاہنا۔
المَحْوُ: چاند کا سیاہ داغ۔
المِمْحَاةُ: میل صاف کرنے کا کپڑا۔ (۲) لکھائی مٹانے کا ربر۔ (ج)
مَحَى الشيءَ۔ مَحْيًا: مٹانا۔ هو مَمْحِيٌّ۔

م ...... خ

أمَخَّ العظمُ: ہڈی کا گودے دار ہونا۔
—الدابةُ: چوپائے کا موٹا ہونا۔
—العودُ: شاخ میں تراوٹ آنا۔
—حبُّ الزرع: کھیتی کے دانوں میں آٹا پیدا ہونا۔
مَخَّخَ العظمَ: ہڈی کا گودا نکالنا۔
اِمْتَخَّ العظمَ: مَخَّخَهُ۔
تَمَخَّخَ العظمَ: مَخَّخَهُ۔
المُخَاخَةُ: ہڈی کا گودا جو چوس کر نکالا گیا ہو۔
المُخُّ: ہڈی کا گودا۔ (۲) سر میں عصبی مادہ کا اکثر یا پورا مادہ سوائے مخیخ، قنطرة اور بصلہ کے۔ (ج) (۳) ہر خالص چیز۔
حدیث میں ہے الدعاء مُخُّ العبادة (ج) مِخَاخٌ۔ مِخَخَةٌ۔
یقال: لا أرى لأمرك مُخًّا: مجھے تمہارے معاملے میں کوئی بھلائی دکھائی نہیں دیتی۔
هذا مُخُّ الأمر: معاملہ کا بہترین حصہ۔ خلاصہ۔
المُخَّةُ: مغز کا ٹکڑا۔
یقال: هذه مُخَّةُ الشيءِ: خلاصہ۔
المَخِيخُ: یقال: عظمٌ مخيخ: گودے دار ہڈی۔
المُخَيْخُ: دماغ کا ایک حصہ جو مخ کے پیچھے اور قنطرہ سے پہلے ہوتا ہے۔ یہ مادے میں مخ کے شکل ہوتا ہے۔ اور جسمانی توازن کا مرکز ہونے کی حیثیت سے ممتاز ہوتا ہے۔ (ج)

المَمِخُ: یقال: له لسان مَمِخٌ اس کی زبان بڑی تیز ہے۔
أمرٌ مُمِخٌّ: سود مند کام۔ بھلائی کا کام۔
مَخَرَتِ السَّفِينَةُ۔ مَخْرًا، مُخُورًا کشتی کا چیرتے ہوئے جانا۔
—السَّابِحُ: تیراک کا ہاتھوں سے پانی کو چیرنا۔
—الزارعُ الارضَ۔ مَخْرًا کاشت کے لئے زمین کو پھاڑنا۔
—المِحْوَرُ مَدَارَهُ: پہیہ کا اپنے حلقے کو گھساتے گھساتے چوڑا کر دینا۔
اِمْتَخَرَ العظمَ: ہڈی کا گودا نکالنا۔
—الشيءَ: پسند کرنا، چھانٹنا۔
یقال امتخر القومَ: لوگوں میں سے اچھوں کا انتخاب کرنا۔
المَاخِرَةُ: کشتی (ج) مواخر۔
المَاخُورُ: بدکاری کا اڈہ۔ (۲) بدکاروں کی مجلس (ج) مَوَاخِرُ، مَوَاخِيرُ۔
المَخْرُ۔ بنات مَخْرٍ موسم گرما سے پہلے آنے والے سفید و پتلے بادل۔
اليَمْخُورُ: رَجُلٌ يمخورٌ، عنقٌ يمخورٌ: لمبا آدمی۔ لمبی گردن۔
مَخَضَ الشيءَ۔ مَخْضًا: زور سے ہلانا۔
—اللَّبَنَ: دودھ کا مکھن نکالنا۔
هو مَخِيضٌ، مَمْخُوضٌ۔
—البئرَ بالدَّلْوِ: کنویں سے پانی کو ڈول سے خوب ہلا ہلا کر نکالنا۔
—الرَّأيَ: سوچ سمجھ کر رائے قائم کرنا۔ مختلف پہلوؤں پر غور کر کے صحیح نتیجہ تک پہنچنا۔
مَخِضَتِ الحاملُ۔ مَخَضًا، مَخَاضًا حاملہ کا دردزہ میں مبتلا ہونا۔
هي مَاخِضٌ، (ج) مُخَّضٌ، مَوَاخِضُ۔
أمْخَضَ اللَّبَنُ دودھ کا بلوئے جانے کے قابل ہونا۔
مَخَّضَتِ الحاملُ: مَخِضَتْ۔
اِمْتَخَضَ اللَّبَنُ: دودھ کا بلوتے ہوئے ہلنا۔

الولدُ دردِ زہ کے وقت بچے کا ماں کے پیٹ میں ہلنا۔
تَمَخَّضَ اللّبنُ والولدُ: اِمتَخَضَ۔
-السّماءُ آسمان سے بارش برسنے کے قریب ہونا۔
-الحاملُ مَخِضَتْ۔
ضرب المثل ہے۔
تَمَخَّضَ الجبلُ فوَلَدَ فأرًا: کھودا پہاڑ نکلا چوہا۔
-الدھرُ بالفتنة. زمانہ کا فتنہ کو جنم دینا۔
یقال: تَمَخَّضَتِ اللّیلۃُ عن یومِ سُوءٍ. رات کے بعد خراب صبح ہونا۔
المَخَاضُ دردِ زہ۔
قرآن حکیم میں ہے: (فَأَجَاءَهَا الْمَخَاضُ إِلَى جِذْعِ النَّخْلَةِ): (۲) دس ماہ کی حاملہ اونٹنیاں۔ حاملہ اونٹنی کا بچہ : ابن مخاضٍ مؤنث بِنتُ مَخَاضٍ۔
قیل: وہ بچہ جو دوسرے سال میں داخل ہو گیا ہو اگرچہ اس کی ماں حاملہ نہ ہو۔ (ج) بنات مَخَاض۔
المِمْخَضۃُ. دودھ بلونے کا برتنے۔ مکھن نکالنے کی مشین۔ (ج) مَمَاخِضُ۔
مَخَطَ السّھمُ۔ مَخْطًا: تیر کا آرپار ہونا۔
-المرءُ فی الارض تیز چلنا۔
-الشیئَ زور سے کھینچ کر نکالنا۔
-السیفَ تلوار سونتنا۔
-المُخاطَ ناک سے ریزش نکالنا۔
اَمْخَطَ السّھمَ تیر کو پار کرنا۔
مَخَّطَ الصبیَّ بچہ کا ناک صاف کرنا۔
اِمتَخَطَ فلان ناک صاف کرنا۔
-الشیئَ چلنا۔
-ما فی یدہ جھپٹ لینا۔
-السّیفَ تلوار سونتنا۔
تَمَخَّطَ فلان: اِمتَخَطَ (۲) چلتے ہوئے لڑکھڑانا۔ کبھی گرنا کبھی اٹھنا۔
المُخاطُ آبی ریزش رینٹ جو غدود اور خاص پردوں کے ساتھ چمٹتی ہے جیسے ناک کے پردوں کے ساتھ ناک کی ریزش۔
(۲) گوند جیسا مادہ جو بہت سے پودوں میں پایا جاتا ہے۔
مُخاط الشیطان: دوپہر کے وقت سورج سے نیچے کی طرف آتے ہوئے دکھائی دینے والے مکڑی کے جالے کے سے تار۔ اسے مُخاط الشمس' لُعاب الشمس: اور ریق الشمس: بھی کہتے ہیں (ج) اَمْخِطۃ۔
المُخَاطۃ: فصیلہ مخاطیہ کا ایک درخت جس کا پھل مُخَاطِی: ہوتا ہے۔ جو کہ سینے کی نرمی کے لئے استعمال ہوا کرتا تھا جبکہ آج کل پرندوں کے پکڑنے کے لئے لیس دار مادہ بنانے کے کام آتا ہے۔ اسے اَطْبَاءُ الکَلْبَۃِ: بھی کہتے ہیں۔
المُخَیْطُ: المُخَاطۃ۔
المُخْطۃ: ناک کا رینٹ سنک۔
مَخْمَخَ العظمَ: گودا نکالنا۔
مَخَنَ۔ مَخْنًا: رونا۔
-فلانًا مَخْنًا' مُخُونًا: لمبا ہونا۔
-الادیمَ وغیرہ مَخْنًا: چمڑے وغیرہ کو چھیلنا۔
-البئرَ: کنویں سے پانی نکالنا۔
المَخِنُ: لمبا۔
المَخْنُ: المَخِنُ۔
(۲) قد سے ٹھگنا اور چلبلا (ضد) ھی مَخْنَۃٌ۔
المِخْنَۃُ گھر کا صحن۔
المُمْخَنُ: یقال: طریقٌ مُمْخَنٌ: چلنے سے ہموار ہو جانے والا راستہ۔
مَخّی الرّجلَ عن الامر: کسی کام سے ہٹانا۔ الگ کرنا۔
تَمَخّی العظمَ: گودا نکالنا (اس کی اصل تَمَخَّخَ جیسے تَظَنَّنَ سے تَظَنّی)

م۔۔۔۔۔۔د

مَدَحَہٗ۔ مَدْحًا: کسی کی صفات بیان کرنا۔
-مَدَّحَہٗ: خوب تعریف کرنا۔
اِمتَدَحَ المکانُ: جگہ کا کشادہ ہونا۔
یقال: اِمتَدَحَتْ خاصرۃُ الماشیۃِ: مویشی کی کوکھ بڑھ گئی۔
-فلانًا: مَدَحَہٗ۔
تَمَادَحَا: ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔
تَمَدَّحَتْ خاصرۃ الماشیۃ: امتدحت۔
-فلانٌ: خود اپنی تعریف کرنا۔
یقال: ھو یَتَمَدَّحُ الی الناس. لوگوں سے اپنی تعریف کا خواہاں ہونا۔ (۲) لوگوں کے سامنے اپنے اوصاف بیان کرنا۔ (۳) ایسی صورت اختیار کرنا کہ اس پر تعریف کی جائے۔ (۴) ایسی چیز پر فخر کرنا جو اس کے پاس نہ ہو۔ بے جا فخر کرنا۔
-فلانًا: مَدَحَہٗ۔
الاُمْدُوحَۃُ : تعریف۔ ستائش۔ (ج) اَمَادِیحُ۔
المِدْحَۃُ: الاُمْدُوحَۃُ (ج) مِدَحٌ۔
المَدِیحُ: الاُمْدُوحَۃُ (ج) مَدَائِحُ۔
المَمَادِحُ: خوبیاں' قابل تعریف اوصاف۔
مَدَخَ ۔ مَدْخًا: عظیم اور بڑا ہونا۔ ھو مادخٌ۔
-فلانًا: کسی کی بھرپور مدد کرنا۔
مَادَخَہٗ: برائی یا بھلائی میں مدد کرنا۔
اِمتَدَخَ علیہ: کسی پر ظلم و زیادتی کرنا۔
المِدْیَخُ: بڑا اور طاقتور۔
مَدَّ النّھارُ۔ مَدًّا: دن کی روشنی پھیلنا۔
-فلانٌ فی سیرہ: بڑھ کے چلنا۔
-الشیئَ: کسی چیز میں اضافہ کرنا۔
یقال: مَدَّ النّھرُ النھرَ۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَالْبَحْرُ يَمُدُّهُ مِنْ بَعْدِهِ سَبْعَةُ أَبْحُرٍ۔
-الجیشَ فوج کو کمک پہنچانا۔
-الدّواۃَ دوات میں روشنائی ڈال کر زیادہ کرنا۔
-القلمَ قلم کو دوات میں ڈبونا۔
-اللہُ الارضَ: اللہ کا زمین کو بچھانا۔
-الاجلَ: مدت بڑھانا۔
-المدیونَ: قرض دار کو مہلت دینا۔
-الحبلَ: رسی کو کھینچ کر لمبا کرنا۔
-الحرفَ: حرف کو لمبا کرکے پڑھنا یا لکھنا۔

-اللّٰہُ عمرَہٗ: عمر دراز کرنا۔
-بصرَہٗ الی کذا: کسی چیز کی طرف نگاہ اٹھانا۔
-الرَّجلَ فی غیِّہٖ: کسی کو گمراہی میں ڈھیل دینا۔
اَمَدَّ الجرحُ: زخم میں پیپ پڑنا۔
-النھرَ: نہر میں پانی بڑھانا۔
-الدَّواۃَ: دوات کی روشنائی میں اضافہ کرنا۔
-الارضَ: مَدَّھا۔
-لہٗ فی الأجل: کسی کی مدت میں توسیع کرنا۔
-فلانًا: مدد کرنا۔
یقال: امَدَّہٗ بمال کثیر: (۲) مہلت دینا۔
-الجُندَ: فوج کی کمک پہنچانا۔
مَادَّہٗ مِدَادًا، مُمَادَّۃً: ٹال مٹول کرنا۔ (۲) مقابلہ میں غلبہ کی کوشش کرنا۔
-فلانًا الثوبَ ونحوَہٗ: کسی کا کپڑا پکڑ کر کھینچنا۔
مَدَّدَ الشئَ: پھیلانا۔ لمبا کرنا۔
اِمتَدَّ الشئُ: پھیلنا۔
-الحَبلُ وغیرُہٗ: لمبا ہونا۔
یقال: اِمتَدَّ الظِّلُّ والنَّھارُ، اِمتَدَّ عمرُہٗ، اِمتَدَّتِ العِلَّۃُ اِمتَدَّبھم السَّیرُ۔
تَمَادًّا الثوبَ ونحوَہٗ: کپڑے وغیرہ کو اپنی طرف کھینچنا۔ کھینچا تانی کرنا۔
تَمَدَّدَ الشئُ: پھیلنا۔
یقال: تَمَدَّدَ الادیمُ، تَمَدَّدَ الجسمُ بالحَرارۃِ۔
یقال: تَمَدَّدَ القومُ الشئَ بینھم: کسی چیز کو لوگوں کا کھینچنا۔
-فلانٌ: انگڑائی لینا۔
اِستَمَدَّ القومُ الأمیرَ: لوگوں کا امیر سے امداد چاہنا۔
الاِمدَانُ: زمین سے نکلنے والی رطوبت۔
الاَمِدَّۃُ: سوت کا تانا۔
الاُمدُودُ: عادت۔
التَّمَدُّدُ: کسی جسم کی سطح یا حجم یا خیر یا لمبائی میں اضافہ۔ (۲) جسم کے کسی جوف یا سوراخ میں بیماری یا کسی اور سبب سے وسعت و کشادگی (ج)
المَادَّۃُ: ہر وہ شے جو کسی دوسری شے کے لئے مدد دے۔ (۲) وزن اور پھیلاؤ والا جسم جو خلا میں اپنی جگہ بنائے ہوئے ہو۔ (مو)
مَادَّۃُ الشئِ: اجزائے ترکیبی۔ ہر وہ چیز جس سے کسی دوسری شے کا وجود ہو۔ حسی ہو خواہ معنوی۔ جیسے مادۃ الخشب: مادۃ البحث العلمی۔ (ج) مَوَادُّ۔
مَوَادُّ اللُّغَۃِ: الفاظ لغت۔
موادُّ العلم: علمی مباحث۔
موادُّ القانون: قانون کی دفعہ۔
المَادِّیَّۃُ: تنہا مادہ کے وجود کا نظریہ اس کے ذریعے کائنات، معرفہ اور سلوک کی تفسیر کی جاتی ہے۔ (مج)
المادِّیَّۃُ التَّاریخیَّۃُ: کارل مارکس کا نظریہ جس کے تحت تمام، معاشرتی نظام اور تاریخی واقعات کو اقتصادی حالات پر مبنی قرار دیا جاتا ہے۔ (مج)
المِدَادُ: روشنائی۔
(۲) کھاد۔
(۳) لیمپ یا چراغ کا تیل۔
(۴) طریقہ، نمونہ۔
یقال: ھُم علی مِدادٍ واحدٍ۔
یقال: سُبحَانَ اللّٰہِ مِدَادًا السَّمٰواتِ۔ پاک ذات ہے اللہ کی ہمیشہ کے لئے۔ (ج) اَمِدَّۃٌ۔
المَدُّ: سیلاب رو۔
(۲) پانی کی کثرت۔
(۳) فاصلہ۔ مد۔
یقال: بینی و بینہ قَدْرُ مَدِّ البصر۔
(۴) دن کا چڑھاؤ۔
یقال: اتیتہٗ مَدَّ النَّھار، مَدَّ الضُّحٰی۔
(۵) سمندر کے پانی کا خشکی کی طرف پھیلاؤ (جزر کی ضد)
المُدُّ: ایک قدیم پیمانہ۔ فقہاء کا اس کے وزن میں اختلاف ہے۔
شافعیہ اور مالکیہ کے نزدیک مصری پیمانہ جو نصف قدح کے برابر ہے۔
اہل حجاز کے نزدیک یہ ایک اور ثلث رطل ہے۔
اہل عراق کے نزدیک دو رطل۔ (ج) اَمدَادٌ۔ مِدَادٌ۔
المَدَدُ: کمک، مدد۔
یقال: مَدَدتُہٗ بمدد: میں نے اسے مضبوط کر دیا (ج) فوج۔
یقال: ضَمَّ الیہ الفَ رجلٍ مَدَدًا۔
المِدَّانُ: بہت کھاری پانی۔
المَدَّۃُ: ہمزہ ممدودہ کے اوپر لگائی جانے والی علامت (ٓ) کلمہ مد کا مخفف۔
المُدَّۃُ: وقت و زمانہ کی ایک قلیل مقدار۔
یقال: اقمتُ عندہٗ مُدَّۃً مدیدۃً طویل مدت تک میں اس کے ہاں ٹھہرا۔ (ج) مُدَدٌ۔
المِدَّۃُ: پیپ۔
المَدِیدُ: لمبا۔
یقال: قَدٌّ مَدِیدٌ: رجلٌ مَدِیدُ الجسمِ، قامۃٌ مَدِیدۃٌ، مُدَّۃٌ مَدِیدۃٌ (ج) مُدُدٌ۔
(۳) شعر کی ایک بحر جس کا وزن۔ فاعلاتن فاعلن فاعلاتن دو مرتبہ ہے۔
المَمدُودُ: مالٌ ممدودٌ: مال کثیر۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَجَعَلتُ لَہٗ مَالًا مَّمدُودًا۔
(۲) علم الصرف میں) وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ اور ہمزہ سے قبل الف زائدہ ہو جیسے صحراء۔
مَدَرَ الحَوضَ ـُ مَدرًا حوض وغیرہ کے پتھروں کی ریخوں کو گارے سے بند کرنا۔ ھو مَمدُورٌ۔
یقال: مَدَرَ المکانَ۔
مَدِرَ ـَ مَدَرًا بڑے پیٹ اور پھولے ہوئے پہلوؤں والا ہونا۔
-الصَّبیُّ وغیرُہٗ بچہ وغیرہ کا اپنے کپڑوں میں پاخانہ کر دینا۔
(۲) کسی کو زور سے پاخانہ آنا اور اسے روک نہ

سنا۔

الضبعُ گوہ کے پہلوؤں کا مٹی میں لت پت ہونا۔ ھو اَمْدَرُ وھی مَدْرَاءُ۔

اَمْدَر الحوضَ ۔مَدَرَهٗ۔

مَدَّر الحوضَ ۔مَدَرَهٗ۔

الاَمْدَرُ گندا آدمی جسے اپنی صفائی ستھرائی کا خیال نہ ہو۔

المَدَرُ لیس دار مٹی۔

القطعة منه: مَدَرَةٌ۔

اھلُ المَدَرِ پختہ گھروں میں رہنے والے بخلاف ان بدؤں کے جو خیمہ نشین ہوں۔

المَدْرَاءُ: بنو مَدْرَاءُ شہری لوگ۔

المَدَرَةُ مٹی اور کچی اینٹوں سے بنا ہوا گاؤں۔ (ج) مَدَرٌ۔

یقال: مَا رأیت فی الوبر والمَدَرِ مثلَهٗ میں نے اس جیسا نہ گاؤں دیکھا نہ شہر۔

المَدِیْرُ: مکانٌ مَدِیْرٌ: مٹی گارے سے ہموار کی ہوئی جگہ۔

المِمْدَرَةُ المَمْدَرَةُ: وہ عام جگہ جہاں سے ہر کوئی مٹی یا گارا اٹھا سکتا ہو۔

مَدَشَ لفلان من العطاءِ ۔ مَدْشًا: کسی کے عطیہ میں کمی کر دینا۔

مَدِشَ فلانٌ ۔ مَدَشًا: دبلا ہونا۔

ھُوَ اَمْدَشُ ھی مَدْشَاءُ (ج) مُدْشٌ۔

العینُ آنکھ کی بینائی کمزور ہونا۔

عصبُ الید: ہاتھوں کے پٹھوں کا ڈھیلا ہونا۔

الرِّجْلُ پاؤں پھٹنا۔

باطنُ رُسْغَیِ الفرس: گھوڑے کی کلائیوں کا باہم ٹکرانا۔ (یہ عیب ہے)

مَدَقَ الصَّخْرَةَ ۔ مَدْقًا توڑنا۔

مَدَّلَ بالمِندیل رومال سے ہاتھ پونچھنا۔

(۲) سر پر عمامہ کی طرح رومال باندھنا۔

مَدَنَ فلانٌ ۔ مُدُوْنًا شہر میں آنا۔

مَدَّنَ شہری بننا شہری زندگی اختیار کرنا۔

المدائنَ شہروں کی تعمیر کرنا۔

تَمَدَّنَ شہری زندگی اختیار کرنا۔

المَدَنِیَّةُ: شہریت، تمدن۔

المَدِیْنَةُ بڑا شہر۔ (ج) مَدَائِنُ، مُدُنٌ۔

(۲) مدینة الرسول صلی اللہ علیہ وسلم۔ اسی معنی میں اس کا استعمال زیادہ ہے۔

اَمْدَیٰ فلانٌ: عمر رسیدہ ہونا۔

-فلانًا: مہلت اور ڈھیل دینا۔

مَادَاہُ مُمَادَاةً: کسی فاصلہ تک کسی کے ساتھ چلنا۔

یقال: فلانٌ لا یمادیه احدٌ: فلاں کا مقررہ حد پر پہنچنے کے لئے کوئی مقابل نہیں۔

تَمَادَیٰ فِی الْاَمرِ: کسی کام میں انتہا کو پہنچنا۔

یقال: تمادی فی غَیِّهٖ: بے راہ روی میں حد سے بڑھنا۔

-بہ الْاَمْرُ: کسی کے کام کا دراز ہونا، کام میں دیر لگنا۔

المَدَیٰ: مسافت۔

(۲) غایت، حد۔

مَدَی البَصَرِ: حد نگاہ، منتہائے نظر۔

یقال ھو مِنِّی مَدَی البصرِ۔

کذلکَ مَدَی الصوتِ، مَدَی الاَجَلِ۔

النَّجْلُ: بیٹا۔اولاد۔
یقال: هو کریم النَّجْلِ: وہ شریف الاصل اور نیک فطرت ہے۔(ج) اَنْجَالٌ۔
(۲) جمع شدہ پانی۔
(۳) نِجَالٌ' اَنْجَالٌ۔
النَّجْلَاءُ: یقال: طَعْنَةٌ نَجْلَاءُ: نیزہ کی چوڑی ضرب۔
لیلةٌ نَجْلَاءُ: لمبی رات۔
(ج) نُجْلٌ۔
النَّجِيْلُ: فصیلہ نجیلیہ کی ایک گھاس جو طویل العمر ہوتی ہے۔اس کے پتے گیہوں کے مثل مگر اس سے چھوٹے ہوتے ہیں۔زمین پر دور تک بچھتی چلی جاتی ہے۔کئی گانٹھوں والے اس کے تنے ہوتے ہیں اور چھوٹے چھوٹے بانس جو کہ میٹھے ذائقے والے ہوتے ہیں۔ایسی زمینوں میں بکثرت ہوتی ہے جنہیں سیراب کیا جاتا ہے تو کھیتوں کے لئے نقصان دہ ہوتی ہے۔
نَجَمَ الشیُٔ - نَجْمًا' نُجُوْمًا: طلوع ہونا۔ظاہر ہونا۔
یقال: نجمت الکواکب' نجم النَّبَاتُ۔

نجمت السِّنُّ۔
یقال: نجم له رأیٌ کسی کے دل میں خیال و نظریہ پیدا ہونا۔
نجم فیهم شاعرٌ او فارسٌ قبیلہ کے کسی شاعر یا سوار کا ماہر ہونا۔
نجم عن هذا الأمر کذا: کسی بات کا کوئی نتیجہ برآمد ہونا۔
-المالَ ونحوه قسط وار ادا کرنا۔
اَنْجَمَ الشیُٔ طلوع ہونا۔ظاہر ہونا۔
یقال: انجمت السماءُ آسمان پر ستارے نمودار ہونا۔
(۲) اکھاڑنا۔ یقال: انجم المطرُ' انجمت عنه الحمّٰی: بخار اترنا۔
نَجَّمَ فلانٌ: ستاروں پر ان کے اوقات و رفتار کے مطابق نظر رکھنا۔
(۲) ستاروں کے طلوع سے احوال عالم معلوم کرنے کا دعوی کرنا۔
-الشیَٔ: قسطیں بنانا۔
یقال: نَجَّمَ علیه الدَّیْنَ۔
اِنْتَجَمَ: رکنا' تھمنا۔
یقال: انتجم الشتاء۔
تَنَجَّمَ: ستارے کو تلاش کرنا اور دیکھتے رہنا۔
(۲) بے خوابی یا عشق کے باعث ستارے گننا۔
المَنْجَمُ: مخرج۔
یقال: لیس له من هذا الأمر مَنْجَمٌ۔
(۲) کان۔ معدن یعنی زمین میں سونے چاندی وغیرہ کی کان۔
یقال: منجم الفحم' منجم الحدید۔
یقال: هو مَنْجَمُ صِدْقٍ (ج) مَنَاجِمُ۔
المِنْجَمُ: جسم کا ابھرا ہوا حصہ۔
مِنْجَمَا الرَّجُلِ: ٹخنے۔
(۲) ترازو کی ڈنڈی کے بیچ میں ابھرا ہوا حصہ جس میں کانٹا گھومتا ہے۔
(۳) کیل ٹھونکنے کی ہتھوڑی۔
المُنَجِّمُ: ستاروں کی گردش سے احوال کائنات معلوم کرنے والا۔
النَّجَّامُ: المُنَجِّمُ۔

نَجْمُ بذاتِ خود روشن اجرام فلکیہ کا ایک
فرد۔ جن کی ایک جگہ آسمان میں ثابت ہے۔
ان میں سے ایک سورج ہے۔
(۲) ستارے ثریا کا خاص علم۔
(۳) [illegible]
(۴) کسی کام یا قرض کی ادائیگی کا مقررہ
وقت۔
(۵) اس وقت میں ادا کیا گیا کام یا قرض۔
— من النبات بے ساق نباتات۔ بغیر تنے
کے پودے یقال: لیس لهذا الأمر
نجمٌ اس بات کی کوئی اصل نہیں۔
(ج) نُجُوم' أَنْجُم' نِجَام۔
النَّجْمَةُ ہر وہ نباتات جس کی کھڑی ساق نہ
ہو۔ عام طور پر اس کا اطلاق نجیل گھاس پر ہوتا
ہے۔ (دیکھئے النجیل)
(ج) نَجْم۔
(۲) ایک ستارہ (محدثہ)
التَّنْجِيمُ من النبات تازہ اگا ہوا پودا۔
نَجْنَجَهُ حرکت دینا۔ الٹ پلٹ کرنا۔
یقال: نَجْنَجَ اللُّقْمَةَ في فيه۔
یقال: نَجْنَجَ رَأْيَهُ رائے کو لوٹا پھرا کر مطلوب
تک پہنچنے کا راستہ پانا۔
تَنَجْنَجَ حرکت کرنا۔
یقال: تَنَجْنَجَ له امرُهُ مضطرب و متحیر ہونا۔
نَجَهَ فلانًا - نَجْهًا بری طرح دھکیلنا۔
نَجَا منه - نَجَاءً' نَجَاةً کسی کی اذیت سے
چھٹکارا پانا۔
— نَجَاءً تیز چلنا۔
— الغُصْنَ ٹہنی کاٹنا۔
— الجلدَ عن الجزور ذبح کی جانے والی
اونٹنی کی کھال اتارنا۔
— فلانًا نَجْوًا' نَجْوَى کسی سے رازدارانہ
بات کرنا۔
أَنْجَى فلان بلند جگہ پر آنا۔
(۲) پاخانہ کرنا۔
— فلانًا مِمَّا نزل به کسی کو لاحق تکالیف وغیرہ
سے چھٹکارا دلانا۔

نَجَّى الشَّيْءَ کسی چیز کو بلند جگہ پر چھوڑنا۔
— فلانًا نجات دلانا۔
— ارضَه پانی میں ڈوبنے کے خوف سے اپنی
زمین کو اونچا کرنا۔
نَاجَاهُ مُنَاجَاةً نِجَاءً سرگوشی کرنا۔
یقال: بات الهَمُّ يناجيه غم اس پر سوار رہا۔
انْتَجَى بلند جگہ پر بیٹھنا۔
— القومُ باہم سرگوشی کرنا۔
یقال: الهموم تَنْتَجِيْ في صدره: اس کے
دل پر غموں کا غلبہ رہتا ہے۔
— فلانًا اپنی خفیہ بات چیت یا سرگوشی کے لئے
کسی کو خاص کرنا۔
تَنَاجَى القومُ آپس میں رازدارانہ گفتگو کرنا۔
یقال: الهُمُوم تتناجى في صدره۔
هو المناجي' هي المناجية۔
تَنَجَّى بلند جگہ تلاش کرنا۔
استنجى: بلند جگہ کی آڑ لینا۔
(۲) قضائے حاجت کے لئے بلند جگہ تلاش
کرنا۔
— المُحْدِثُ بے وضو کا پانی وغیرہ سے
طہارت حاصل کرنا۔ استنجا کرنا۔
— الرجلُ نجات چاہنا۔
یقال: هجم الجيشُ على العدوِّ
فاستنجى العدوُّ فوج نے دشمن پر حملہ کیا تو
وہ شکست کھا گیا۔
— من الشيء چھٹکارا پانا۔
— الشيءَ چھڑانا۔ بچانا۔
یقال: استنجى حاجتَهُ۔
المَنْجَى جائے نجات۔
(۲) بلند جگہ۔ (ج) مَنَاجٍ۔
المَنْجَاةُ نجات۔
یقال: هو بِمَنْجَاةٍ من كذا: وہ فلاں چیز
سے محفوظ ہے۔
الصدق مَنْجَاةٌ سچائی نجات کا ذریعہ ہے
(ج) مَنَاجٍ۔
النَّاجِيَةُ تیز رفتار اونٹنی۔ (ج) نَوَاجٍ'
ناجیات۔

النَّجَاءُ: اسہال یا اس سے پیدا ہونے والی
بیماری۔
النَّجَا: کسی چیز کا کاٹ ڈالا ہوا حصہ۔
یقال: نَجَا الشجرةِ درخت کی کاٹی ہوئی
شاخیں اور لکڑیاں۔
نَجَا الذَّبِيحَةِ ذبح کئے ہوئے جانور کی اتاری
ہوئی کھال۔
نَجَا الرَّجُلِ: آدمی کا اتارا ہوا لباس۔
النَّجَاةُ: یقال: ناقةٌ نَجَاةٌ: تیز رفتار اونٹنی
(۲) بلند جگہ۔
النَّجَاوَةُ کشادہ جگہ۔
یقال: بيني وبينه نَجَاوَةٌ۔
النَّجْوُ: پیٹ سے نکلنے والی ہوا یا پاخانہ۔
(۲) پانی برسا کر جانے والا بادل۔ (ج) نُجُوٌّ'
نِجَاءٌ۔
النَّجْوَةُ: بلند جگہ۔
یقال: هو بنَجْوَةٍ من هذا الأمر: وہ اس
معاملہ سے الگ اور بری ہے۔
النَّجْوَى: سرگوشی پر اسرار بات۔
(۲) سرگوشی کرنے والی جماعت۔ (اس میں
فرد اور جمع برابر ہیں)
النَّجِيُّ: سرگوشی کرنے والا۔
یقال: هو نَجِيُّ فلان (ج) أَنْجِيَةٌ۔
(۲) راز۔ یقال بعير نجيٌّ تیز رفتار اونٹ۔
النَّجِيَّةُ: سرگوشی کرنے والی۔
(۲) انسان کو لاحق ہونے والا غم یا فکر۔
یقال: باتت في صدره نجيةٌ اشهرته۔
یقال ناقة نجيّةٌ تیز رفتار اونٹنی۔

ن ...... ح

نَحَبَ فلان ـُ نَحْبًا نذر ماننا۔
— في العمل ونحوه کوشش وہمت کرنا۔
— عليه: کسی کام میں منہمک ہونا۔
— بكذا: کسی بات پر شرط یا بازی لگانا۔
— الباكي' يَنْحِبُ' نَحِيبًا رونا پیٹنا واویلا
کرنا۔
— الإنسانُ - نُحَابًا آدمی کو کھانسی آنا۔
هو نَاحِبٌ' هي نَاحِبَةٌ۔

نَخَبَ مبالغہ در نَخَبَ۔
ناحَبَ فلانًا کسی سے مقابلہ کرنا۔ شرط باندھنا۔ بازی لگانا۔
-الی فلان کسی کے پاس مقدمہ لے جانا۔
انتحب الباکی نَحَبَ۔
تَناحَبَ القومُ کسی کام کے لیے باہم وقت مقرر کرنا۔
النُّحابُ کھانسی۔
النَّحْبُ: نذر (۲) آہ و بکا۔ واویلا۔
(۳) دو فریقوں کے درمیان بندھی ہوئی شرط۔
(۴) مدت وقت۔
(۵) مقررہ وقت۔ موت۔
یقال: قَضٰی فلانٌ نَحْبَهٗ مرجانا۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَمِنْهُمْ مَنْ قَضٰی نَحْبَهٗ۔
النَّحْبَةُ قرعہ۔
نَحَتَ۔ نَحْتًا' نَحِیْتًا تکلیف کے باعث کراہ کے ساتھ سانس لینا یا آواز نکالنا۔
-الشیئَ نَحْتًا چھیلنا۔ تراشنا۔
یقال: نحت الخشب' نحت الحجر۔
یقال: نحته السَّفَرُ سفر کا کسی کو تھکا کر کمزور کر دینا۔
نُحِتَ فلانٌ علی الکرم: کرم کا کسی کی خصلت و عادت ہونا۔
-الجبلَ پہاڑ کا کچھ حصہ کاٹنا۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَكَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا آمِنِيْنَ۔
یقال: نَحَتَ فلانًا او نَحَتَ عِرضَهٗ: کسی کی بے آبروئی کرنا۔ عزت کو بٹا لگانا۔
فلانًا بالعَصَا: لاٹھی مارنا۔
-الکلمةَ دو یا چند لفظوں سے ایک کلمہ بنانا۔ جیسے بَسْمَلَ یعنی بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنا۔
اور حَوْقَلَ یا حَوْلَقَ سے مراد لا حَوْلَ ولا قُوَّةَ الّا باللہ پڑھنا۔
اِنْتَحَتَ الشیئُ چھلنا۔

یقال: نَحَتَه فانتحت۔
-الشیئَ بسولے وغیرہ سے چھیلنا۔ تھوڑا تھوڑا تراشنا۔
المِنْحاتُ بسولا۔ لکڑی تراشنے کا اوزار۔ (ج) مناحیتُ۔
المَنْحَتُ: یقال: هو من مَنْحَتِ صدقٍ ای اصل صدق۔
(۲) سنگ تراشی یا چوب تراشی کی جگہ۔ (محدثہ) (ج) مَناحِتُ۔
المِنْحَتُ: المِنْحاتُ۔ (ج) مَناحِتُ۔
النِّحاتُ طبیعت۔
النُّحاتَةُ لکڑی وغیرہ کے اطراف سے گرنے والے چھیلے ہوئے ریزے۔
النَّحّاتَةُ سنگ تراشی۔
النَّحّاتُ سنگ تراش۔
النَّحْتُ طبیعت اور اصل۔
یقال: الکرم من نَحْتِه۔
النَّحِیْتُ تراشا ہوا۔
یقال: جملٌ نحیتٌ تھکا ماندہ اونٹ۔
حافرٌ نحیتٌ زیادہ چلنے سے چھلا ہوا سم۔
(۲) ہر معمولی اور گھٹیا چیز۔
(۳) پیچش۔
النَّحِیْتَةُ طبیعت۔
یقال هو کریم النَّحِیْتَةِ۔
(۲) درخت کا تنا جو اندر سے کھوکھلا کیا گیا ہو۔ (ج) نُحُتٌ۔
نَحَجَ۔ نَحِیْجًا پیٹ میں آواز گڑگڑانا۔
النَّحِیْجُ: پیٹ میں گھومنے والی آواز۔ گڑگڑاہٹ۔
نَحَرَهٗ۔ نَحْرًا۔ گلے پر مارنا۔ (۲) ذبح کرنا۔
یقال: نَحَرَ الاُمورَ علمًا معاملات میں پختہ ہونا۔
-العملَ کام کو اول وقت میں کرنا۔
یقال: نَحَرَ الشیئُ بالمقابل آمنے سامنے ہونا۔
داری تَنحَرُ دارَهٗ۔ دارُهم تَنحَرُ الطریقَ۔

ناحَرَهٗ لڑنا۔ جنگ کرنا۔
-علی الأمر کسی بات پر جھگڑنا۔
(۲) مقابلہ کرنا یا بالمقابل ہونا۔
نَحَّرَ الابلَ: نَحَرَها۔
اِنْتَحَرَ الرجلُ خودکشی کرنا۔ کسی بھی طریقے سے۔
یقال: انتحر السحابُ بادل کا تیز اور موسلا دھار برسنا۔
-القومُ علی الامر لوگوں کا کسی بات پر لڑائی جھگڑا کرنا۔
تَناحَرَ القومُ فی القتال لوگوں کا جنگ میں زور و شور سے لڑنا۔
-علی الشیئ کسی چیز پر خوب جھگڑنا۔
یقال: تناحرت منازل القوم لوگوں کے مکانات کا ایک دوسرے کے سامنے ہونا۔
المِنْحارُ بہت ذبح کرنے والا۔
یقال: هو مِنْحارُ ابل مہمان نوازی کرنے والا۔
المَنْحَرُ: گلے پر چھری پھیرنے کی جگہ۔
(۲) قربانی کی جگہ۔ (ج) مَناحِرُ۔
النّاحِرَةُ ہنسلی۔ گردن کے نیچے کی ہڈی۔
هُمَا ناحِرَتان دونوں سینہ کے اوپر والی نرم ہوتی ہیں جو آگے سے سینے کے پنجے کے ساتھ اور پیچھے سے مونڈھے کی لوح کے ساتھ مل جاتی ہیں۔ (ج)
النَّحّارُ مبالغہ در النّاحِرُ۔
یقال: هو نَحّارٌ للابل بڑا سخی اور مہربان۔
النَّحْرُ سینہ کا بالائی حصہ۔
یقال: جلس فی نَحْرِ فلان فلاں کے سامنے بیٹھا۔
ما اقابله الا فی نحر الشهر میں اس سے صرف مہینہ کے شروع میں ملاقات کروں گا۔
جاءَ فی نحر الظهیرة وہ سورج کے خوب بلند ہونے کے وقت آیا۔
عید النَّحْرِ: عید الأضحی۔
النِّحْرِیْرُ زبردست ماہر عالم۔
(ج) نَحارِیرُ۔

النَّحُوْرُ مبالغہ در النَّاحِرُ۔
النَّحِیْرُ ذبح کیا ہوا۔ المنحورُ۔
یقال جملٌ نحیرٌ' ناقةٌ نحیرٌ۔
(ج) نَحْرٰی' نَحَائِرُ۔
النَّحِیْرَةُ ذبح کی ہوئی۔ (ج) نَحَائِرُ۔
نَحَزَ الشیٔ۔ نَحْزًا دھتکارنا۔ اور دور کرنا۔
یقال: نَحَزَ الدابةَ برجله۔ لات مارنا۔ ایڑ لگانا۔
(۲) ہاون میں کوٹ کر باریک کرنا۔
۔فی صدرہ سینے پر مکا مارنا۔
نَحِزَ۔ نَحَزًا کھانسنا۔
یقال: نَحَزَ الرجلُ' نَحِزَتِ الدَّابةُ' ھو ناحِزٌ' نَحِزٌ۔
نُحِزَ الحیوان۔ نَحْزًا: جانور کو ایک بیماری ہونا جس سے سخت کھانسی ہوتی ہے۔ ھو نَحِیْزٌ۔
المِنْحَازُ جس میں کوٹا جائے۔ جیسے ہاون۔
النُّحَازُ جانور کو لگنی والی ایک پھیپھڑوں کی بیماری جس سے سخت کھانسی ہوتی ہے۔
النُّحازَةُ: گوشت کا ٹکڑا۔
النَّحِیْزَةُ: المنحوزة۔
یقال: ناقة نَحِیْزَةٌ۔ لات ماری ہوئی اونٹنی۔
(۲) ہتھیلی اور کلائی کا جوڑ۔
(۳) پٹی جو فساطیط پر ہوتی ہے۔
(۴) لمبا اور پتلا قطع زمین۔
(۵) طبیعت۔
یقال: ھو کریم النَّحِیْزَةِ۔
(ج) نَحَائِزُ۔
نَحَسَهُ۔ نَحْسًا نقصان پہنچانا۔ مشقت میں ڈالنا۔
یقال: نَحَسَتْهُ الدابةُ' نحسه الجدبُ والقحطُ۔
(۲) ظلم و زیادتی کرنا۔
نُحِسَ نحوست و بدبختی میں مبتلا ہونا۔ ھو مَنْحُوْسٌ۔
نَحِسَ۔ نَحَسًا منحوس ہونا۔ ھو نَحِسٌ۔
نَحُسَ۔ نَحْسًا' نُحُوسَةً منحوس ہونا۔ ھو نَحِیْسٌ۔
اَنْحَسَتِ النَّارُ آگ کا بہت دھوئیں والی ہونا۔
نَحَّسَ الاَخبارَ: خبروں میں تجسس کرنا۔
اِنْتَحَسَ: اوندھا ہونا۔ برا ہونا۔
یقال: انتحس حَظُّه۔
تَنَاحَسَ: اوندھا ہونا۔ پچھلی حالت پر لوٹنا۔
تَنَحَّسَ: بھوکا رہنا۔
یقال: تَنَحَّسَ لِشُرْبِ الدواءِ۔
۔الاَخبارَ و عنها: خبروں کی ٹوہ میں رہنا۔
اِسْتَنْحَسَ الاَخبارَ تَنَحَّسَهَا۔
المَنْحَسُ: سبب نحوست و بدبختی (ج) مَنَاحِسُ۔
المُنْحَسُ: یقال رجلٌ مُنْحَسٌ: رنجیدہ۔
النُّحَاسُ: کوٹے پیٹے جانے کے قابل ایک فِلِزِّیْ عنصر عام طور پر اسے سرخ رنگ سے متصف کیا جاتا ہے بوجہ اس کے سرخ رنگ کے قریب ہونے کے۔
(۲) تانبا یا لوہا کوٹتے وقت نکلنے والی چنگاری۔
(۳) خالص دھواں جس کے ساتھ چنگاریاں نہ ہوں۔
النَّحَّاسُ: تانبے کا کام کرنے والا۔ تانبا فروش۔
النِّحَاسَةُ: تانبے کی صنعت یا کاروبار۔
النَّحْسُ: مشقت' مضرت۔
یقال: اَمرٌ نَحْسٌ۔ وہ معاملہ جس کا انجام تاریک ہو۔
یوم نَحْسٌ: نامبارک دن۔
ریحٌ نَحْسٌ آندھی' گرد و غبار اڑانے والی سخت ہوا۔
ایک قرأت یوں ہے۔
فی یَوْمِ نَحْسٍ۔ صفت اور اضافت دونوں طرح۔ اضافت زیادہ اور عمدہ ہے۔
(ج) نُحُوسٌ' اَنْحُسٌ۔
النَّحِیْسُ: یقال: عام نَحِیْسٌ: سخت قحط کا سال۔
نَحَصَتِ الاَتَانُ۔ نُحُوصًا: گدھی کا ساتھ کی بناء پر بوجھ اٹھانے کے قابل نہ رہنا۔ ھی نَحُوصٌ' نحیصٌ۔
نَحَضَ لحمَهُ۔ نُحُوضًا: کم ہونا۔
یقال: نَحَضَ فلانٌ: لاغر ہونا۔
۔الشیٔ۔ نَحْضًا: چھیلنا۔
یقال: نَحَضَ ما علی العَظْمِ من اللَّحم۔
یقال: نَحَضَ فلانًا کسی سے سوال میں اصرار کرنا۔
نَحَضَ السِّنَانَ: بھالا تیز کرنا۔
نحضه الدهرُ: نقصان پہنچانا۔
نَحُضَ۔ نَحَاضَةً: موٹے اور گھٹے ہوئے بدن والا ہونا۔
ھو نحیضٌ' ھی نَحِیْضَةٌ۔
نَاحَضَهُ: کسی کے ساتھ جھگڑنا۔ گالی گلوچ کرنا۔
اِنْتَحَضَ الشیٔ: نَحَضَهُ۔
النَّحْضُ: تھکا ہوا یا گٹھا ہوا گوشت۔
(ج) نُحُوضٌ' نِحَاضٌ۔
النَّحْضَةُ: گوشت کا بڑا ٹکڑا۔
نَحَطَ۔ نَحْطًا' نَحِیْطًا: تکان یا غصہ سے لمبے سانس لینا۔
(۲) سینہ میں رونے کی آواز کا گھٹنا اور گھومنا۔
۔العاملُ: کام کرنے والے کا کام کے لئے پورا زور لگانا۔ جیسے دھوبی کپڑا دھوتے وقت اور کوٹتے وقت لگاتا ہے۔
۔السائلَ: سائل کو جھڑکنا۔
نُحِطَ الفرسُ او الجملُ: گھوڑے یا اونٹ کا کھانسنا' پھیپھڑے کی بیماری میں مبتلا ہونا۔ ھو مَنْحُوطٌ۔
النُّحَاطُ: گھوڑوں اور اونٹوں کو لگنے والی پھیپھڑوں کی خطرناک اور جان لیوا بیماری۔
النَّحِیْطُ: درد بھری آواز۔
(۲) سینہ میں گھٹی ہوئی رونے کی آواز۔
نَحُفَ۔ نَحَافَةً: پیدائشی دبلا پتلا ہونا نہ کہ لاغر ہونا۔
ھو نحیفٌ (ج) نُحَفَاءُ۔
نَحِفَ۔ نَحَفًا دبلا پتلا ہونا۔
اَنْحَفَهُ المرضُ او الهمُّ: بیماری یا غم کا کسی کو

دبلا کردینا۔
النَّحِيفُ دبلا پتلا۔
يقال: هو نحيف الدِّين' نحيف الأمانة: کمزور دین یا کمزور دیانت میں۔
نَحَلَ ـُ نُحولاً پتلا اور کمزور ہونا۔
يقال. نَحَلَ جسمُهُ۔
هو ناحِلٌ' نحيلٌ۔
–فلانًا ـَ نُحْلاً کسی کو کوئی چیز اپنی مرضی سے دینا۔
–المرأة. عورت کو مہر دینا۔
–فلانًا القولَ نَحْلاً: کسی کی طرف کوئی بات غلط منسوب کرنا۔
–فلانًا المَرَضُ: بیماری کا کسی کو لاغر و کمزور کر دینا۔
نَحِلَ ـَ نُحولاً :نَحَلَ۔
نَحُلَ ـُ نُحولاً :نَحَلَ۔
أنْحَلَهُ المرض ونحوه: نَحَلَهُ۔
–الشئَ: کسی کو کسی چیز خصوصی طور پر اپنی خوشی سے دینا۔
نَحَّلَهُ شيئًا من ماله: اپنے مال میں سے کسی کو بطور خاص کچھ دینا۔
اِنْتَحَلَ الشئَ: دوسرے کی چیز کو اپنی ہونے کا دعویٰ کرنا۔
يقال: اِنْتَحَلَ فلان هذا الشِّعْر وهذا الرأى۔
مذهبَ كذا: کوئی مسلک اختیار کرنا۔ اسے اپنا بنانا۔
تنحَّلَ الشئَ :اِنْتَحَلَهُ۔
النِّحالَةُ. شہد کی مکھیوں کی شہد کے حصول اور موم کے حصول اور ان سے بطور تجارت فائدہ حاصل کرنے کی غرض سے پرورش کرنا۔
النَّحّالُ. شہد کی مکھیاں پالنے والا۔
النُّحْلُ. عطیہ۔
(۲) رتبہ عشائیات الأجنحه سے فصیلہ نحلیہ سے تعلق رکھنے والا ایک حشرات اس کی طرف فصلیہ نحلیات منسوب ہے۔ اس کی شہد کے حصول اور موم کے حصول کے لئے پرورش کی جاتی ہے۔ (مؤنث)
قرآن حکیم میں ہے
وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِىْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا۔
واحدتها۔ نَحْلَةٌ۔
النُّحْلُ. بخشش عطا۔
النُّحْلي : اپنی مرضی سے دیا ہوا عطیہ۔
النِّحْلَةُ بخشش۔ عطا۔
(۲) فرض چیز۔ اس کے ساتھ قرآن کی اس آیت کی تفسیر کی گئی ہے:
وَآتُوا النِّسَاءَ صَدُقَاتِهِنَّ نِحْلَةً
والدِّين او العقيدة۔
يقال :ما نِحلتُك؟
(۳) غلط اور بے بنیاد دعویٰ۔
النَّحِيلُ: يقال: رجل نحيلٌ: لاغر و کمزور آدمی۔ (ج) نَحلَي۔
نَحَمَ ـَ نَحْمًا' نَحِيمًا: کھنکھارنا۔
(۲) کھانسنا۔
(۳) کھانسی نما آواز نکال کر پرسکون ہونا۔
–السَّبُعُ من الحيوان: درندے کا زوردار آواز نکالنا۔ هو نَحّامٌ۔
النُّحامُ: لمبی گردنوں والے پرندے جن کی چونچیں بڑی ہوئی ہوتی ہیں۔ لمبی لمبی ٹانگیں ہوتی ہیں گلابی رنگ کا جسم ہوتا ہے جبکہ چھوٹا سفید رنگ کا ہوتا ہے۔ پروں کے کنارے سیاہ ہوتے ہیں۔ ان پرندوں کا ٹھکانہ دریاؤں کے قریبی کناروں پر ہوتا ہے۔ ان کی خوراک دانے اور گھونگھے وغیرہ ہوتے ہیں۔ گرم اور معتدل علاقوں میں رہتے ہیں۔ مصر میں انہیں البَشْرُوسن کہتے ہیں۔ واحدته: نحامة۔
النَّحّامُ: مبالغہ' ناهم۔
رجلٌ نَحّامٌ: بخیل آدمی کیونکہ جب اس سے سوال کیا جائے تو وہ کھانسنے لگے۔
طرفہ کا قول ہے۔
أرَى قبرَ نحامٍ بخيلٍ بماله
كَقبرِ غويٍّ فى البطالة مُفْسِدِ
النَّحْمَةُ: ایک دفعہ کی کھانسی۔
نَحْنُ ضمیر برائے تعبیر تثنیہ یا جمع برائے اخبار ذات۔
بسا اوقات اس سے واحد بھی از روئے تعظیم مراد لیا جاتا ہے۔
نَحْنَحَ پرسکون ہونے کی غرض سے پیٹ میں کھانسی نما آواز کا گھمانا۔
–السائلَ بری طرح جھڑکنا۔
تَنَحْنَحَ :نَحْنَحَ۔
النَّحْنَحُ کنجوس آدمی کہ جب اس سوال کیا جائے تو کھنکھارنا شروع کر دے۔ (ج) نَحانِحَةٌ۔
نَحَا الى الشئَ ـُ نَحْوًا کسی چیز کی طرف مائل ہونا۔ متوجہ ہونا۔
هو ناحٍ' هي ناحيةٌ۔
–الشئَ کسی چیز کا قصد کرنا۔
–كذا عنه کسی سے دور کرنا۔
زائل کرنا۔ ہٹانا۔
نَحَى اللّبنَ ـَ نَحْيًا مکھن نکالنا۔
أنْحى في سيره ایک طرف ہو کر چلنا۔
–عليه کسی کی طرف متوجہ ہونا۔
يقال: أنْحى عليه ضَرْبًا' أنْحى عليه باللّوم۔
–له بالشئ: کوئی چیز کسی کے سامنے لانا۔
يقال :أنْحى له بسَهم۔
نَاحَاهُ ایک دوسرے کے بالمقابل ہونا۔
نَحَّى عليه بالشئ: کوئی چیز کسی کے سامنے لانا۔
–الشئَ ہٹانا۔ دور کرنا۔
يقال: نَحّى فلانًا عن عمله کسی کو کام سے ہٹانا۔ برطرف کرنا۔
اِنْتَحى ایک گوشہ میں ہونا۔
–له کسی کے سامنے آنا۔
–عليه کسی پر بھروسہ کرنا۔
–فى الامر کسی کام میں محنت و کوشش کرنا۔
يقال :انتحى الفرَسُ فى عَدْوِهِ۔
–الشئ قصد کرنا۔
تَنَحّى. ایک کنارے میں ہونا۔

(۲) زائل ہونا' دور ہونا' ہٹنا۔
یقال نَحَّاہُ فتنحّی۔
—لہ کسی کا قصد وارادہ کرنا۔ بھروسہ کرنا۔
المَنْحَاۃُ پیچ دار نالی۔
یقال: ھو مِنَ اَھلِ المَنْحَاۃِ وہ دور کے لوگوں میں سے ہے۔
المَنْحَاۃُ من القسیّ بڑی کمان۔
—من النُّوقِ بڑے کوہان والی اونٹنی۔
النَّاحِی عالم نحو۔ (ج) نُحَاۃ۔
النَّاحِیَۃُ جانب۔ گوشہ۔
یقال: جَلَس ناحیۃَ الدار۔
یقال: ھو فی ناحیۃ فلان وہ فلاں کی حفاظت میں ہے۔
ضربہ بناحیۃ سوطہ کوڑے کے کنارے سے مارا۔ (ج) نَوَاحٍ۔ اَنْحِیَۃ۔
النُّحَوَاءُ کپکپی (۲) انگڑائی۔
النَّحْوُ قصد۔
یقال: نحوتُ نحوہٗ میں نے اس کا رخ کیا۔
(۲) راستہ' طریقہ (۳) جہت' طرف' جانب (۴) مثل (۵) مقدار (۶) نوع۔
(ج) اَنْحَاءٌ' نُحُوٌّ۔
(۲) وہ علم جس کے ذریعہ اعراب و بناء کے لحاظ سے اواخر کلمات کے احوال معلوم کئے جاتے ہیں۔
النَّحْوِیُّ عالم نحو (ج) نَحْوِیُّوْنَ۔
النِّحْیُ گھی کا مشکیزہ۔
و من امثالھم اَشْغَلُ من ذات النِّحْیَین۔
(۲) رطب کھجور کی ایک قسم۔
(۳) چوڑے پھل کا تیر۔
(۴) اَنْحَاءٌ' نُحِیٌّ۔
النُّحْیُ گھی کا مشکیزہ۔
النَّحِیُّ: یقال: ابل نَحِیٌّ: ایک گوشہ میں رہنے والے اونٹ۔
النَّحِیْئَۃُ. یقال: ھو نَحِیْئَۃُ الشدائد: وہ مصائب کا نشانہ یا شکار ہے۔

ن ...... خ

نَخَبَ ـُ نَخْباً کوئی چیز چھانٹ کر لینا۔ عمدہ اور منتخب حصہ لینا۔
—الصَّیدَ شکار کا دل نکالنا۔
—الحربُ فلاناً لڑائی کا کسی کو کمزور اور بزدل بنا دینا۔
نَخِبَ قلبُہٗ ـَ نَخَباً بزدل ہونا۔ ھو نَخِبٌ۔
اَنْخَبَ بزدل اولاد کا باپ بننا۔
اِنْتَخَبَہٗ منتخب کرنا۔ چھانٹنا۔
(۲) اپنا ووٹ دے کر کسی کو منتخب کرنا۔ (محدثہ)
(۳) کھینچنا۔
الاِنْتِخَابُ اختیار۔ چھانٹنا۔
(۲) قانونی اجراء نامہ جو نظام' وقت اور مکان متعین کرتا ہے کسی لائحہ عمل اور دستور کے تحت تاکہ اس کے مقتضاء کے مطابق ایک یا زائد اشخاص پارلیمنٹ وغیرہ کے سربراہ یا ممبرشپ کے لئے چنے جائیں۔ (محدثہ)
المُنْتَخِبُ ووٹر جسے انتخابات میں رائے دینے کا حق ہو۔ (محدثہ)
المُنْتَخَبُ جسے ووٹ دیا گیا ہو۔
(۲) جو زیادہ ووٹ حاصل کر کے منتخب ہو جائے۔ (محدثہ)
المِنْخَابُ: یقال رجلٌ مِنْخَابٌ: کمزور اور بے نفع آدمی۔ (ج) مَنَاخِیبُ۔
المَنْخُوبُ دبلا سوکھا۔ (ج) مَنَاخِیبُ۔
النَّاخِبُ المُنْتَخِبُ۔
النِّخَابُ دل کے اوپر کی جھلی جسے دل کی جھلی کہا جاتا ہے۔ (ج)
النُّخَبُ یقال: رجل نُخَبٌ بزدل آدمی۔
(۲) جام صحت۔
(۳) کسی مشروب یا شراب کی اچھی مقدار جو کسی عزیز یا دوست وغیرہ کی بحالی صحت کی خوشی میں نوش کی جائے۔
یقال شرب نَخْبَ فلان ای فی صحتہ (محدثۃ)
النُّخْبَۃُ ہر منتخب چیز' عمدہ چیز۔
یقال: جاءَ فی نُخْبَۃِ اصحابہ. وہ اپنے منتخب بہترین رفقاء کے ساتھ آیا۔
النُّخَبَۃُ: بزدل۔
النَّخِیْبُ: یقال: قلبٌ نَخِیبٌ فاسد قلب۔
رجل نَخِیبٌ: بے عقل آدمی۔ (ج) نُخُبٌ۔
نَخَجَ السِّقَاءَ ونحوَہٗ ـَ نَخْجاً مشکیزہ وغیرہ کا ٹپکنا۔
—السیلُ الوادیَ ـُ نَخْجاً سیلاب کے پانی کا وادی کے کناروں سے آواز کے ساتھ ٹکرا کر چلنا۔
—القربۃَ زور سے ہلانا۔
—الدَّلوَ فی البئر: پانی بھرنے کے لئے کنویں میں ڈول ڈال کر ہلانا۔
یقال: نَخَجَ بالدلو۔
اِسْتَنْخَجَ سختی کے بعد نرم ہو جانا۔
النَّخَّاجَۃُ ٹپکنے والا مشکیزہ۔
نَخَّ ـ نَخّاً بہت تیز چلنا۔
—الاِبِلَ ـُ نَخّاً: اونٹوں کو تیز ہنکانے کے لئے ڈانٹنا۔
(۲) اونٹوں کو؟؟ کے لئے خاص آواز نکالنا۔
النُّخُّ: یقال: ھذا مِن نُخِّ قلبی: یہ میرے خالص دل کی طرف سے ہے۔
(۲) لمبی چٹائی یا شطرنج (ج) نِخَاخ۔
النَّخَّۃُ: ایک دفعہ کی چال۔
—من الخبر: غیر مصدقہ خبر۔
—من المطر: ہلکی بارش۔
النُّخَّۃُ کام کرنے والے بیل گائے۔
(۲) شتر بان۔
النَّاخُذَاۃُ کشتی کا مالک یا چلانے والا۔ (ج) نَوَاخِذَۃُ (مع)
نَخَرَ ـِ نَخْراً' نَخِیْراً: خراٹے لینا۔
—الحالبُ النَّاقۃَ ـُ نَخْراً دودھ دوہنے والے کا تھنوں میں دودھ اُتارنے کے لئے اونٹوں کے تھنوں کو ہلانا۔
نَخِرَ الشیءُ ـَ نَخَراً: پرانا اور بوسیدہ ہونا۔ پارہ پارہ ہو جانا۔
یقال: نَخِرَتِ الشجرۃُ' نَخِرَ العظمُ' ھو

نَاخِرٌ نَخِرٌ۔
نَخَرَ الحالبُ الناقةَ: نَخَرَهَا۔
المَنْخِرُ نتھنا ناک۔ (ج) مَنَاخِيرُ۔
المُنْخُرُ المَنْخِرُ۔
المُنْخُورُ: المَنْخِرُ (ج) مَنَاخِيرُ۔
النَّاخِرُ ناک میں سے آواز نکالنے والا۔
یقال: مابالدار ناخِرٌ: گھر میں کوئی نہیں۔
(۲) خونخوار خنزیر۔
(۳) گدھا (ج) نُخَّرٌ۔
النَّاخِرَةُ من العظام ونحوها: سوراخ دار کھوکھلی ہڈی وغیرہ۔
(۲) گھوڑے یا گدھے۔
النُّخْرَةُ ناک کا اگلا حصہ۔
(۲) ناک کا ایک سوراخ۔ هما نُخْرَتَانِ۔
یقال: للریح نُخْرَةٌ شدیدةٌ: ہوا کا تیز جھونکا۔
النِّخْوَارُ: بلند رتبہ اور متکبر۔
(۲) بزدل (۳) کمزور (ج) نَخَاوِرَةٌ۔
النَّخُورُ الناقةُ: ناک ملے بغیر دودھ نہ دینے والی اونٹنی۔
النَّخِيرُ: خراٹے کی آواز۔
نَخْرَبَ الشئَ سوراخ کرنا۔
النُّخْرُوبُ: سوراخ۔
یقال: اِنَّهُ لَاَضيَقُ مِنَ النُّخْروب: وہ بہت کنجوس ہے۔ (ج) نَخَارِيبُ۔
نَخَارِيبُ النَّحْل: شہد کی مکھیوں کے چھتے کے وہ سوراخ جن میں وہ شہد اکٹھا کرتی ہیں۔
نَخَزَهُ بحديدةٍ ونحوهَا۔ نَخْزًا۔ لوہا وغیرہ مار کر کسی کو دھکا دینا۔ سوئی چبھونا۔
-بکلمةٍ: کسی بات سے تکلیف پہنچانا۔
نَخَسَ الدابةَ۔ نَخْسًا: جانور کو تیز دوڑانے کے لئے سونٹے میں لگی ہوئی کیل سرین یا پہلو میں چبھونا۔
یقال: نَخَسَ الرحلَ وبه: کسی کو بھڑکانا۔ دھتکارنا۔ ڈرانا۔
البَكَرَةَ چرخی میں پچڑ لگا کر سوراخ کو تنگ کرنا۔
هي مَنْخُوسَةٌ نَخِيسٌ۔

نُخِسَ البعيرُ ونحوه نَخْسًا: اونٹ کا خارشی دم والا ہونا۔ یا بغل کے بڑھے ہوئے گوشت والا ہونا۔
هو منخوس۔
تَنَاخَسَتِ الغنمُ سردی سے بچاؤ کے لئے بکریوں کا ایک دوسرے میں گھسنا۔
-الغُدرانُ تالابوں کے پانیوں کا باہم ملنا۔
المِنْخَسُ المِنْخَاسُ جانوروں کو بہتر دوڑانے کے لئے اور چست کرنے کے لئے استعمال ہونے والی نوک دار لکڑی (ج) مَنَاخِسُ مَنَاخِيسُ۔
النَّاخِسُ اونٹ کی بغل کا پھولا ہوا گوشت۔
(۲) اس کی دم کے قریب کی خارش۔
(۳) جوان پہاڑی بکرا۔
النِّخَاسُ: چرخی کے سوراخ کو تنگ کرنے کے لئے لگائی ہوئی لکڑی کی پچڑ۔
(۲) گھر کے سامنے سائبان کا ستون اور یہ دو ہوتے ہیں۔ (ج) نُخُسٌ۔
النِّخَاسَةُ چرخی کی پچڑ۔
(۲) مویشی فروشی غلام فروشی۔
النَّخَّاسُ: مویشی فروش یا غلام فروش۔
النَّخِيسُ: کجاوہ کی پٹی باندھنے کی جگہ۔
النُّخْوسُ۔ جوان پہاڑی بکرا۔
النَّخِيسَةُ: بھیڑ بکری کا ملا ہوا دودھ۔
(۲) میٹھی اور کھٹی ملائی ہوئی چیز۔
(۳) مکھن۔
نَخَشَ الرَّجُلُ ونحوُه۔ نَخْشًا: دبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔
فلانًا۔ نُخْشًا تکلیف دینا۔
(۲) ہلانا جھنجھوڑنا اکسانا۔
یقال: نَخَشَ الدابةَ۔ نَخَشَ فلانًا۔
-الشئَ چھیلنا۔
(۲) عمدہ حصہ جو ہر لینا۔
نَخِشَ الشئُ۔ نَخَشًا نچلا حصہ گل جانا۔
نُخِشَ الرجلُ نَخْشًا: لاغر ہونا۔ هو منخوش۔
تَنَخَّشَ الى كذا: کسی کی طرف جانے کے لئے حرکت میں آنا۔

نَخَصَ۔ نَخْصًا دبلا ہونا۔ کھال پر جھریاں پڑنا۔ هو ناخِصٌ۔
-الكِبَرُ او المرضُ الحيوانَ بڑھاپے یا بیماری کا جانور کو کمزور کر دینا۔
نَخِصَ لحمُهُ۔ نَخَصًا گوشت ختم ہو جانا۔
أَنْخَصَهُ الكِبَرُ او المرضُ: نَخَصَهُ۔
اِنْتَخَصَ لحمُه: نَخِصَ۔
النَّاخِصُ بڑھاپے سے کمزور۔
یقال: عجوزٌ ناخصٌ جھریاں پڑی ہوئی بڑھاپے سے کمزور بڑھیا۔
نَخَطَ الى القومِ۔ نَخْطًا لوگوں پر اچانک پہنچنا۔
-عليه تکبر کرنا۔
-به نَخِيطًا کسی کی مذمت و برائی کرنا۔ گالی دینا۔
النُّخَطُ: حرام مغز۔ (۲) نوزائیدہ بچے کی جھلی کا پانی۔
نَخَعَ بالحقِّ۔ نُخُوعًا اقرار کرنا۔
-الذبيحةَ نَخْعًا قربانی کے جانور کو ذبح کرتے وقت حرام مغز تک چھری لے جانا۔
یقال: نَخَعَ لامرَ علمًا کسی بات کو خوب جاننا۔ جیسے کہا جاتا ہے قَتَلَهُ علمًا۔
نَخِعَ العودُ۔ نَخَعًا پودے میں پانی بہنا۔ تر ہو جانا۔
اِنْتَخَعَ السَّحابُ بادل کا خوب برسنا۔
-عن أرضِهِ کسی کی زمین سے دور ہونا۔
تَنَخَّعَ السَّحابُ: اِنْتَخَعَ۔
-فلانٌ: بلغم نکالنا۔
المَنْخَعُ سر اور گردن کے درمیان حرام مغز کی جگہ۔
النُّخَاعُ دماغ سے متصل ریڑھ کی ہڈی کے اندر ایک پٹھا۔ حرام مغز (ج)
النُّخَاعَةُ بلغم کھنکار۔ جو انسان حلق سے نکالے۔
نَخَفَ۔ نَخْفًا۔ نَخِيفًا ناک صاف کرتے وقت ناک سے آواز نکالنا۔

) ناک کی آواز میں گنگناہٹ ہونا۔
(۲) چھینکنا۔
ل نَحفَ العنز۔
حفَ ناک صاف کرتے وقت بہت آواز
ہونا۔
حافُ موزہ (ج) اَنحِفَةٌ۔
حفَةُ پہاڑ کی چوٹی کا گڑھا۔
لَ الشئَ - نَخلاً چھاننا۔ صاف کرنا۔
ل: نَخلَ الدَّقیقَ' نَخلَ الکلامَ۔
ل نَخلَ له النَّصِیحَةَ کسی سے خالص
روی کرنا۔
لَ السحابُ المطرَ بادل کا بارش
نا۔
ل الشئَ بمبالغہ در نَخَلَهُ۔
ل: نَخّلَ السحابُ المطر: نَخَلَهُ۔
خلَ الشئَ کسی چیز کا عمدہ حصہ لینا۔
ل انتخل السحابُ المطرَ: نَخَلَهُ۔
خلَ الشئَ: انتخلَهُ۔
ل: تنخّلتُ ما فی هذا الکتاب۔
نخلُ چھلنی۔ چھاننے کا آلہ (ج)
خلٌ۔
خالَةُ چھاننے کے بعد چھلنی میں باقی رہ
نے والا بھوسا۔
خّالُ مبالغہ در النّاخِلُ۔
خلَةُ فصیلہ نخیلیہ کا ایک درخت۔
بلاد عرب میں بہت ہے خاص کر حجاز عراق
مصر میں۔
ے اس کے پھل جو کہ البلح اور التمر کے
م سے مشہور ہے کی غرض سے اور زینت کے
ے اگایا جاتا ہے۔
ج) نَخلٌ' نَخِیلٌ۔
خیلَةُ منتخب چیز۔
ل: بذلَ له نخیلةَ قلبه اس نے اسے
ا دل پسند چیز دی۔
نَخِیلَةُ نفسی یہ میری چیدہ یا خالص دلی
ہے۔ (ج) نَخائِل۔
خمَ - نَخماً کھیلنا اور بہترین گانا گانا۔

نَخِمَ - نَخَماً: بولنے پر قادر نہ ہونا۔
- نَخماً، نَخَماً: ناک صاف کرنا۔ بلغم نکالنا۔
النُّخامَةُ: بلغم جو انسان باہر پھینکے۔
نَخنَخَ: بہت تیز چلنا۔
الابلَ: اونٹوں کو ہنکانا۔
یقال: نَخنَخَ بالابل۔
- فلاناً: ڈانٹنا۔ دور کرنا۔
تَنَخنَخَتِ الابلُ: اونٹوں کا بیٹھنا۔
یقال: نَخنَخَها فَتَنَخنَخَتْ۔
نَخا - نَخوَةً: فخر کرنا۔ بڑائی جتانا۔
- فلاناً نَخواً: کسی کی تعریف کرنا۔
نُخِیَ نَخوَةً: فخر کرنا۔ بڑا بننا۔ اترانا۔ هو
مَنخُوٌّ۔
اَنخی: بہت غرور و نخوت والا ہونا۔
اِنتَخی: تکبر کرنا' بڑا بننا' شان دکھانا۔
یقال: اِنتَخی عَلَینا۔
- مِن کذا: نفرت کرنا۔
استَنخی منه: ناک چڑھانا۔
النَّخوَةُ: مروت و بہادری۔
(۲) بڑائی۔ شان' تکبر۔

ن ...... د

نَدَأ اللحمَ ونحوَهُ - نَدءاً: آگ میں دبا
کر پکانا۔
- المَلّةَ: بھوبھل تیار کرنا۔
نَوداً: دوڑنا۔
النَّدأَةُ: طلوع و غروب کے وقت سورج کے گرد
کی سرخی۔
النُّدأَةُ: گوشت کی تہ جو رنگ میں پہلی تہ کے
خلاف ہو۔
(۲) گھاس کا الگ تھلگ حصہ۔
(ج) اَنداءٌ۔
النَّدِیُ: النُّدأَةُ۔
النَّدِیءُ: نَدأ کا اسم مصدر۔
(۲) آگ میں دبا کر پکایا ہوا۔
یقال: لحم نَدِیءٌ۔
نَدَبَ فلاناً الی الامرِ - نَدباً: کسی کام کی
دعوت دینا۔

- المَیِّتَ: مردے کے محاسن بیان کرنا۔
نَدِبَ الجُرحُ - نَدَباً: زخم کا نشان سخت ہونا۔
جسمُهُ: جسم کا زخموں کے نشان والا ہونا۔
هو نَدِبٌ' نَدِیبٌ۔
نَدُبَ - نَدابَةً: زیرک و ہوشیار ہونا۔
اَندَبَ جسمَهُ: بدن پر زخم کے نشانات
چھوڑنا۔
یقال: نزلت به ضائقة فَاَندَبَتهُ۔
اسے مصیبت لاحق ہوئی تو اس نے اپنے
اثرات چھوڑ دیے۔
- نفسَهُ: جان خطرہ میں ڈالنا۔
یقال: اَندَبَ بنفسه۔
نَدَّبَهُ للامرِ: کسی کو کسی کام کے لئے نمائندہ بنا
کر بھیجنا۔
اِنتَدَبَ الشئُ: بآسانی حاصل ہونا۔
یقال: خُذما انتَدَبَ: جو ملے لے لو۔
(۲) ظاہر ہونا۔
اسی سے حضرت عمرؓ کا قول ہے:
اِیاکم ورَضاعَ السُّوءِ فَاِنَّهُ لابد من اَن
ینتدبَ۔
- للامرِ: کسی کام کے لئے آمادہ ہونا۔
- فلاناً للامرِ: کسی کام کے لئے بلانا۔ کسی کام
پر مامور کرنا۔
المَندُوبُ: قاصد (اہل مکہ کی لغت میں)
(۲) کسی مجلس یا جماعت کا کسی کام کے سلسلے
میں نمائندہ (محدثہ)
(۳) (شریعت میں) مستحب۔
النّادِبَةُ: خاوند کے مرنے پر اس کے محاسن
بیان کرنے والی عورت۔ (ج) نَوادِبُ۔
النَّدبُ: کام میں چاق و چوبند۔
(۲) شریف و دانا آدمی۔
یقال: فرسٌ نَدبٌ: تیز رفتار گھوڑا۔
(ج) نُدُوبٌ' نُدَباءُ۔
النَّدَبُ: زخم کا نشان۔
(ج) نُدُوبٌ۔ اَنداب۔
(۲) کسی بات پر بندھی ہوئی شرط۔
(۳) تیر انداز کمان۔

(ج) اَنْدَابٌ۔
النُّدْبَةُ (علم نحو میں) ''وا'' کے ساتھ نداء کے معنی میں جیسے۔
وَامُعْتَصِمَاهُ۔
یقال: عَرَبِیٌّ نُدْبَۃٌ فصیح عربی۔
نَدَحَ الشیئَ ۔ نَدْحًا۔ کشادہ کرنا۔
اِنْتَدَحَتِ الغنم فی مرابضھا: بکریوں کا اپنے بیٹھنے کی جگہ میں منتشر ہونا۔
تَنَدَّحَتِ الغنم فی مربضھا: انتدحت
المَنْدُوحَۃُ: یقال: ارض مندوحۃٌ: کشادہ و دور دراز جگہ۔
-عن ھذا الأمر مندوحۃ: تمہارے لئے اس کام سے چھٹکارا ہے۔ اسے چھوڑنے کی گنجائش ہے۔ (ج) مَنَادِیحُ۔
النُّدْحُ کشادگی (۲) کثرت۔
النِّدْحُ بوجھ (۲) دور سے نظر آنے والی چیز۔
النُّدْحَۃُ کشادہ زمین۔
یقال: انك لفی نُدْحَۃٍ من الامر تمہارے لئے اس معاملہ سے چھٹکارا ہے۔ تم اسے چھوڑ سکتے ہو۔
نَدَخَہٗ ۔ نَدْخًا ٹکرانا۔ ملانا۔
اَنْدَخَہٗ: نَدَخَہٗ۔
یقال: اَنْدَخْنَا المرکبَ الساحلَ: ہم نے کشتی یا جہاز کو سمندر کے کنارے لگا دیا۔
تَنَدَّخَ کسی کا شیخی بگھارنا۔ ڈینگیں مارنا۔
المِنْدَخُ گالی دینے اور سننے میں بے باک
نَدَّ البعیرُ و نحوہٗ ۔ نَدًّا' نُدُودًا: اونٹ کا بدکنا اور بھاگ جانا۔
یقال: نَدَّتِ الفکرۃُ عنی: ذہن سے خیال نکل جانا۔
نَدَّتِ الکلمۃُ لفظ کا قاعدے سے الگ ہٹ جانا۔ ھو نادٌّ (ج) نِدَادٌ۔
ھی نادَّۃٌ (ج) نَوَادُّ۔
نَادَّہٗ کسی کی مخالفت کرنا۔
نَدَّدَ بفلان کسی کے عیوب کھولنا۔
-القطیعَ اونٹوں وغیرہ کی قطار کو منتشر کرنا۔
-صوتَہٗ آواز بلند کرنا۔

تَنَادَّ القومُ متفرق ہونا۔ منتشر ہو جانا۔ باہم مخالف ہونا۔
النَّادُّ: یقال' لیس لھم نادٌّ: ان کے پاس رزق نہیں ہے۔
النَّدُّ ایک قسم کا پودا جس کی لکڑی سے دھونی دی جاتی ہے۔
النِّدُّ مثل' نظیر۔
یقال: ھو نِدُّہٗ' ھی نِدُّ فلان۔
(ج) اَنْدَادٌ۔
قرآن حکیم میں ہے فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا۔
النَّدِیْدُ: النِّدُّ۔
ج۔ نُدَدَاءُ' اَنْدَادٌ۔
ھی نَدِیْدَۃٌ (ج) نَدَائِدُ۔
نَدَرَ الشیئُ ۔ نُدُورًا گرنا۔ جھڑنا۔
یقال' ھَزَّ الغُصْنَ فندرت منه الثمارُ
(۲) الگ ہو جانا' نکل جانا۔
یقال: نَدَرَ العظمُ من موضعه۔
فلانٌ فی علم وفضل: کسی کا علم وفضل میں بے مثال ہونا۔ آگے بڑھنا۔
-الکلامُ ندارۃً عمدہ وفصیح اور انوکھا ہونا۔
اَنْدَرَ انوکھی بات کہنا۔ انوکھا کام کرنا۔
-الشیئَ گرانا۔
یقال: اَنْدَرَ التاجر من حسابی کذا و کذا۔
یقال اَنْدَرْتُ یَدَ فلان عن ھذا العمل میں نے فلاں شخص کو اس کام سے روک دیا۔
(۲) نکالنا۔
یقال: اَنْدَرَ العظمَ من موضعه۔
تَنَادَرَ عجیب وغریب باتیں کرنا۔
-علی فلان: کسی کا مذاق اڑانا۔
-علینا کبھی کبھی آنا جانا۔
اِسْتَنْدَرَ الشیئَ نادر سمجھنا۔
-القومُ اَثَرَ فلان کسی کے نقش قدم پر چلنا۔ پیروی کرنا۔
-الحیوانُ الرُّطْبَ جانور کا تر گھاس تلاش کرنا۔

النَّادِرَۃُ عجیب وغریب بات۔ چٹکلہ۔
ھو نادِرَۃُ اَزْمَانِہٖ۔ وہ اپنے زمانے کی منفرد شخصیت ہے۔ (ج) نَوَادِرُ۔
النَّدَرَی یقال لقیته النَّدَرَی وفی نَدَرَی میں اس سے کبھی کبھی ملا۔
النَّدْرَۃُ کان میں موجود سونے یا چاندی کا ٹکڑا۔
النُّدْرَۃُ۔ یقال لایکون ذلك۔ اِلَّا نُدْرَۃً اَوْفی النُّدْرَۃِ ایسا کبھی کبھی ہوتا ہے۔
نَدَسَ فلانًا بشیئٍ ۔ نَدْسًا نیزے سے کوئی چیز مارنا۔
یقال: نَدَسه بالرُّمح' نَدَسَ الارضَ برجله۔
یقال۔ نَدَسه بکلمۃٍ کسی کو آہستہ سے کوئی بات کہہ کر دکھ پہنچانا۔
-بفلان الارضَ کسی کو زمین پر پٹخنا۔
-الشیئَ عن الطریق راستے سے ہٹانا۔
نَدِسَ ۔ نَدَسًا: ذہین ومعاملہ فہم ہونا۔
(۲) ہلکی سی آواز کو جلد سننے والا۔
نَادَسَہٗ نیزہ زنی کرنا۔
(۲) برے القاب دینا۔
تَنَدَّسَ ماءُ البئرِ کنویں کے اطراف سے پانی نکلنا۔
-الرَّجُلُ بچھڑ جانا۔
یقال: نَدَسَ به الارضَ فَتَنَدَّسَ۔
-الخبرَ وعنه کسی خبر کو دوسرے پر سبقت لے جانے کے لئے پہلے معلوم کرنے کی کوشش کرنا۔
النَّادِسُ من الرِّماحِ نیزہ باز۔
(ج) نَوَادِسُ۔
النَّدْسُ ہلکی آواز۔
النَّدَسُ ذکاوت' ذہانت۔
النَّدُسُ کوئی کلفت دیئے بغیر میل جول رکھنے والا۔
(ج) نَدُسُوْنَ اس کی جمع تکسیر نہیں۔
نَدَشَ عن الشیئِ ۔ نَدْشًا کوئی چیز تلاش کرنا۔

-القطنَ نَدْشًا روئی دھنا۔
نَدَصَ الشئُ من الشئِ ـُ نَدْصًا، نُدوصًا: ایک چیز کا دوسری چیز سے نکل جانا۔
یقال: نَدَصَتِ النَّوَاةُ من التَمْرَةِ القَيْحُ من البَثْرَةِ۔
-العینُ. آنکھ کا ابھرا ہوا ہونا۔
-البَثْرَةَ پھنسی میں کوئی چیز چبھو کر اس کا مواد نکالنا۔
-القومَ لوگوں میں فتنہ انگیزی کرنا۔
المِنْدَاصُ: رجلٌ مِنْدَاصٌ: شریر آدمی جو ہمیشہ لوگوں کے مفاد کے خلاف کام کرتا ہو۔
اِمرأةٌ مِنْدَاصٌ: ناسمجھ و بے عقل عورت۔
(ج) مَنَادِيصُ۔
نَدَغَ فلانًا ـَ نَدْغًا کسی کو نیزہ مارنا، انگلی سے گدگدانا یا نیزے کا کچوکا لگانا۔
-المرأةَ عورت سے معاشقہ کرنا۔
-العقربُ فلانًا بچھو کا ڈنک مارنا۔
-فلانٌ فلانًا کسی سے گالی گلوچ کرنا۔
اَنْدَغَ بفلان کسی کو تکلیف پہنچانا۔
نَدَّغَ العَجِينَ گندھے ہوئے آٹے میں خشک آٹا ملانا۔
نَادَغَ المرأةَ عورت سے عشق لڑانا۔
اِنْتَدَغَ ہنسی چھپانا۔
المِنْدَغُ نیزہ باز۔
(۲) گالی گلوچ کرنے والا۔
یقال: رجلٌ مِنْدَغٌ۔
النُّدْغَةُ ناخن کی جڑ کی سفیدی۔
نَدَفَتِ الدَّابَّةُ ـِ نَدْفًا، نَدَفَانًا چوپائے کا تیز چلنا۔
-السماءُ بالمطر و بالثلج نَدْفًا: آسمان کا بارش اور اولے برسانا۔
-العَوَّادُ بمزهره سارنگی والے کا سارنگی بجانا۔
-القطنَ روئی دھنا۔
هو مَنْدُوفٌ - نَدِيفٌ۔
اَنْدَفَ سارنگی کی آواز کی طرف متوجہ ہونا۔
-الدَّابَّةَ سختی سے ہانکنا۔

نَدَّفَ القطنَ: مبالغہ در نَدَفَهُ۔
المِنْدَفُ: المِنْدَفَةُ: روئی دھننے کی تانت والی لمبی کمان یا مشین۔
النِّدَافَةُ: روئی دھننے کا پیشہ۔
النُّدَافَةُ: دھنتے ہوئے جھڑنے والی روئی۔
النَّدَّافُ. روئی دھننے والا۔
(۲) سارنگی بجانے والا۔
النُّدْفَةُ: تھوڑی چیز۔
یقال: سقاني نُدْفَةَ لَبَنٍ۔
نَدَلَ الشئَ ـُ نَدْلًا: کسی چیز کو جلدی سے لے جانا۔ جھپٹ لینا۔
(۲) دونوں ہاتھوں سے کوئی چیز باہر نکالنا۔ هو مِنْدَلٌ۔
نَدِلَ - نَدَلًا. میلا ہونا، آلودہ ہونا۔
یقال: نَدِلت یدُهُ۔
اِنْتَدَلَ الشئَ: اٹھانا۔
تَنَدَّلَ بالمنديل: رومال سے ہاتھ پونچھنا۔
نَوْدَلَ: بڑھاپے سے لڑکھڑانا۔
(۲) ڈھیلا ہونا۔
یقال: مشى مُنَوْدِلًا: ڈھیلے ڈھالے انداز میں چلنا۔
المَنْدَلُ: عمدہ خوشبو والی لکڑی۔
(۲) موزہ (۳) کہانت کی ایک قسم جس میں گم شدہ یا چوری شدہ چیز کا پتا لگایا جاتا ہے۔ (مو)
(ج) مَنَادِلُ۔
المَنْدِيلُ: مربع شکل کا روئی یا ریشم وغیرہ کا رومال جس سے پسینہ یا پانی پونچھا جاتا ہے۔
(ج) مَنَادِيلُ۔
النَّادِلُ کھانے پینے میں لوگوں کا خدمتگار۔
(ج) نُدُلٌ۔ (مج)
نَدِمَ علی الأمرِ ـَ نَدَمًا، نَدَامَةً: پچھتانا۔
(۲) کرنے کے بعد ناپسند خیال کرنا۔
هو نَادِمٌ (ج) نُدَّامٌ۔
هی نادمة (ج) نَوَادِمُ۔
هو نَدْمَانُ، هی نَدْمانةٌ، نَدْمَى (ج) نَدَامَى۔
اَنْدَمَهُ: کسی کو شرمندہ کرنا۔

نَادَمَهُ مُنَادَمَةً، نِدامًا: کسی کا ہم نشین ہونا۔ ہم لقمہ و ہم نوالا ہونا۔
(۲) کسی کے ساتھ قصہ گوئی کرنا۔
نَدَّمَهُ، اَنْدَمَهُ۔
تَنَادَمَ القومُ باہم جام نوش کرنا۔
تَنَدَّمَ علی الأمرِ کسی کام پر پچھتانا۔ کرنے پر پشیمان ہونا۔
اِنْتَدَمَ الأمرُ: آسانی سے حاصل ہونا۔
یقال: خُذْ مَا انْتَدَمَ۔
المَنْدَمُ شرمندگی۔
المَنْدَمَةُ: سبب ندامت۔
النَّدِيمُ: ہم نشین، ساتھی، ہم پیالہ و نوالہ۔ قصہ گوئی کا ساتھی۔
(ج) نِدَامٌ، نُدَمَاءُ، هی نَدِيمَةٌ۔
نَدَهَ الرجلُ ـَ نَدْهًا: آواز نکالنا۔
-البعیرَ و نحوه اونٹ وغیرہ کو جھڑکنا۔ اور چیخ کر کسی چیز سے ہٹا دینا۔
زمانہ جاہلیت میں عرب اپنی بیوی کو طلاق دیتے وقت یہ جملہ کہتے تھے اِذْهَبِي فلا اَنْدَهُ سَرْبَكِ. تو چلی جا بس اب میں تیرا ریوڑ نہیں ہانکوں گا۔
-الابلَ: اونٹوں کو ایک ساتھ ہانکنا۔
اِسْتَنْدَهَ الأمرُ: معاملہ درست ہو جانا۔
اِنْتَدَهَ الأمرُ: اِسْتَنْدَهَ۔
المِنْدَهُ: یقال: رجلٌ مِنْدَهٌ سخت یا زیادہ آواز نکالنے والا۔
النَّدْهَةُ. آواز۔
النَّوَادِهُ: دھمکیاں۔ جھڑکیاں
نَدَا القومُ ـُ نَدْوًا: مجلس میں جمع ہونا۔
-القومَ: مجلس میں جمع کرنا۔
یقال: ما يَنْدُوهُمُ النادي: ان کے لئے مجلس میں گنجائش نہیں ہے۔
نَدِيَ الشئُ ـَ نَدًى، نَدَاوَةً: گیلا ہونا۔
-الارضُ: زمین پر شبنم پڑنا۔
هو نَدٍ، هی نَدِيَةٌ۔
یقال: مَا نَدِيَنِي منه شئٌ اكرههُ: اس سے مجھے کوئی تکلیف نہیں پہنچی۔

هو لاتندی صفاته وہ بخیل ہے۔
-فلانٌ سخی فیاض ہونا۔
یقال ما ندیتُ بشیئ من فلان: مجھے فلاں سے کچھ نہیں ملا۔
-الصوتُ آواز کا بلند و خوشگوار ہونا۔
ہو ندیٌّ۔
أندیَ فلانٌ سخی وفراخ دست ہونا۔(۲) خوش آواز ہونا۔
-الشیئَ گیلا کرنا۔
نَادَی الشیئُ مُناداۃً نِداءً ظاہر ہونا۔
یقال نَادَی النبتُ نکل کر گھنا اور گنجان ہونا۔
-فلاناً زور سے پکارنا۔آواز دینا۔یقال: نادی بہ۔
(۲) کسی کے ساتھ مجلس میں اٹھنا بیٹھنا۔
(۳) مشورہ کرنا۔
(۴) کسی کے سامنے فخر کرنا۔
-بسرِّہ کسی کو اپنا راز بتلانا۔
نَدَّیَ الشیئَ بھگونا۔گیلا کرنا۔
-الفرسَ گھوڑے کو ایڑ لگاتے لگاتے پسینہ پسینہ کر دینا۔
یقال: ہو لا تُندَی اِحدَی یدیہ الأخرَی: وہ بخیل ہے۔
اِنتَدَی القومُ جمع ہونا۔
-فلانٌ بہت فیاض ہونا۔
یقال: ما انتدیت منہ شیئاً: مجھے اس سے کچھ نہیں ملا۔
تَنَادَی القومُ ایک دوسرے کو بلند آواز سے پکارنا۔
(۲) مجلس میں جمع ہونا۔
تَنَدَّی المکانُ کسی جگہ شبنم پڑنا۔
-الظمآنُ پیاسے کا سیر ہونا۔
-الرجلُ سخاوت کرنا۔مہربانی کرنا۔
المُنتَدَی: لوگوں کی مجلس،بیٹھک۔
المَندِیَۃُ باعث شرم بات یا کام جسے سن کر یا دیکھ کر شرم سے پیشانی جھک جائے۔(ج) مَندِیات۔
المُنتَدَی مجلس قوم،جب تک لوگ اس میں رہیں۔
النَّادِي المنتدیَ۔
(۲) لوگوں کے بیٹھنے کے لئے تیار کردہ جگہ۔عموماً اس میں ہم طبقہ یا ہم پیشہ اکٹھے ہوتے ہوں۔
نَادِی الرجل اہل وخاندان۔
قرآن حکیم میں ہے: فَلْیَدْعُ نَادِیَہٗ۔
(ج) أندیۃٌ۔ نَوادٍ۔
النَّادِیَۃُ: کنارہ۔گوشہ۔
(ج) نوادٍ۔ نادیات۔
نَادِیاتُ الشیئِ کسی چیز کے اوائل۔ابتدائی حصہ یا آغاز۔
النَّدَی پانی کے بخارات جو دوران شب ٹھنڈی فضا کے طبقات میں متکاثف ہوتے ہیں اور زمین پر چھوٹے قطرات کی صورت میں گرتے ہیں۔شبنم۔
(۲) بارش۔
(۳) بھلائی،فیاضی،سخاوت۔
(ج) أنداءٌ،أندیَۃٌ۔
النَّدْوَۃُ اسم مرۃ۔ایک دفعہ کا اجتماع۔
(۲) مجلس۔(۳) کسی خاص مقصد اور مشورہ کے لئے جمع ہونے والے لوگ۔
دار النَّدْوَۃِ ہر وہ گھر جس کی طرف رجوع کیا جائے اور بحث و مشاورت کے لئے جمع ہوا جائے۔جاہلیت میں قریش کا دار الندوہ مکہ میں تھا۔جسے قصی بن کلاب نے تعمیر کیا تھا۔جو بعد میں اس کے اولاد میں منتقل ہوا جسے حضرت معاویہؓ نے خرید کر گورنر ہاؤس بنا دیا۔
النَّدِی تر،گیلا۔
النَّدِیُّ: النَّدَی۔
(۲) قوم کی مجلس،اجتماع گاہ۔
(۳) بحث و مشاورت کے لئے جمع شدہ لوگ۔
یقال: ہو نَدِیُّ الکف وہ سخی ہے۔
نَدِیُّ الصوتِ: بلند آواز اور خوش گلو آدمی۔
النَّدْیَانُ: تر،گیلا۔
یقال: شجرٌ ندیان۔

ن ذ ر

نَذَرَ الشیئَ- نَذراً، نُذوراً کوئی چیز اپنے اوپر لازم کرنا۔
یقال: نَذَرَ مَالَہٗ لِلّٰہ، نذر علی نفسہ ان یفعل کذا۔
نَذِرَ بالشیئِ- نَذَراً، نِذَارۃً کسی بات کو جان کر اس سے چوکنا رہنا۔
یقال: نَذِرُوا بالعَدُوِّ۔
أنذَرَہُ الشیئَ کسی کو کوئی بات بتا کر چوکنا کرنا۔اور ڈرانا۔
تَنَاذَرَ القومُ کسی فتنے سے ایک دوسرے کو آگاہ کرنا۔ڈرانا۔
النِّذارۃُ: الانذار ڈرانا۔
النَّذْرُ وہ صدقہ یا عبادت وغیرہ جو اللہ کے لئے اپنے اوپر لازم کیا جائے۔اور اپنے مقصد کی تکمیل پر اسے ادا اور پورا کیا جائے۔
(ج) نُذُورٌ۔
النَّذِیرُ: الانذار (۲) ڈرانے والا۔(ج) نُذُرٌ۔
النَّذِیرَۃُ نذر میں دی جانے والی چیز۔
یقال: ہو نذیرۃ الجیش فوج کا راہبر جو دشمن کی اچھی بری خبر سے آگاہ کرے۔
(ج) نَذائرُ۔
نَذَعَ الماءُ او العَرَقُ- نَذعاً پانی یا پسینے کے قطرے ٹپکنا ہو نَاذِعٌ۔
النَّذْعَۃُ پانی وغیرہ کا قطرہ۔
(جیسا کہ تاج میں ہے)
نَذُلَ- نَذالۃً، نُذُولۃً خسیس و کمینہ ہونا۔گھٹیا ہونا۔
ہو نَذْلٌ۔ نَذِیلٌ۔
(ج) أنذالٌ، نُذُولٌ۔ نُذَلاءُ۔

ن……ر

النَّرْجِسُ خوشبودار پودا جو کہ فصیلہ نرجسیہ سے ہے۔اس کی کچھ اقسام پھول کی خوبصورتی اور خوشبو کی وجہ سے اگائی جاتی ہیں۔اس کے پھول سے آنکھوں کو تشبیہ دی جاتی ہے۔

واحدته' نرجسةٌ۔
النَرجِسِيَّةُ خود فریفتگی۔ جس میں انسان اپنی ذات کو چاہے۔(مج)
النَّارَجِیلُ فصیلہ نخلیہ کے پودوں کی ایک قسم' اس کی متعدد اقسام آرائشی ہیں۔ایک پھل دار قسم بھی ہے۔اسکے ناموں میں سے چند یہ ہیں: الشُعْصُورُ' الرَّانِجُ۔اسے اسکے پھل کی خاطر اگایا جاتا ہے جسے جَوزُ الهند(املی) کہتے ہیں اس سے عمدہ قسم کا تیل نکلتا ہے' جسے سُمونٌ نباتی کہتے ہیں۔واحدته نَارَجیلةٌ (مع)
النَّارَجِیلَةُ آلہ جس کے ذریعے تمباکو سے دھواں نکالا جاتا ہے۔اس کی جڑ اصل میں املی کی ہوتی ہے۔پھر یہ شیشہ وغیرہ کا بنایا جانے لگا۔(محدثہ)
النَّرْدُ دو دھروں والا ایک صندوق نما کھیل جس میں پتھر ہوتے ہیں۔قسمت پر اعتماد کر کے اس میں دھروں کے مطابق پتھروں کو اِدھر اُدھر کیا جاتا ہے۔عوام اسے الطاولة کہتے ہیں۔
یقال: لعب بالنَّرْد۔
النَّرْدِینُ خوشبودار چھوٹا سا پودا جو کہ فصیلہ واریانیہ سے ہے۔اس کے لمبے لمبے پتے ہوتے ہیں اور رنگ زردی مائل۔اس کا تنا اور جڑ استعمال میں لائے جاتے ہیں ان دونوں میں خوشبو ہوتی ہے۔(مج)
النَّارَنْجُ فصیلہ سندابیہ کا ایک پھلدار درخت جو چند میٹر بلند ہوتا ہے اسکے پتے چمکدار سرسبز ہوتے ہیں۔خوشبودار ہوتا ہے۔اسکے خوشبودار پھل بہار میں نکلتے ہیں۔اسکا پھل بھی النارمج کے نام سے معروف ہے۔جس کا رس ترش اور کڑوا ہوتا ہے۔اسکے پھول آب گل میں استعمال ہوتے ہیں اور خوشبوؤں میں استعمال ہونے والے مادے ہیں۔اسکے پھل کے چھلکے بطور دوا یا پھلوں کے مربے میں استعمال ہوتے ہیں۔

ن ز

نَزَأ بین القوم۔ نَزْءًا ' نُزوءًا لوگوں میں باہم اختلاف پیدا کرنا' فساد اور بگاڑ پیدا کرنا۔
یقال نَزَأ الشیطان بینهم۔

–علیه نَزْءًا کسی پر حملہ کرنا۔
–فلانًا وعلیه کسی کو کسی کے خلاف اکسانا۔
یقال: مَا نَزَأكَ علی هذا۔
–فلانًا عن الشیئ: روکنا۔ہٹانا۔
نُزِئَ به: شوقین ہونا۔
هو مَنْزُوءٌ به۔
النُّزَّاءُ: یقال رجل نُزَّاءٌ بکذا: کسی چیز کا شوقین۔
النَّزِیءُ: یقال فلان نَزِیءٌ: لوگوں میں دشمنی کرانے والا۔
(۲) چھوٹا مشکیزہ۔
نَزَحَ۔ نَزْحًا۔ نُزُوحًا: دور ہونا۔
یقال: نزحتِ الدارُ۔
–البئرُ کنویں کا پانی کم یا ختم ہو جانا۔
–القومُ قوم کے کنویں کا خالی ہو جانا۔
–البئرَ ونحوها نَزْحًا: کنویں وغیرہ کا خالی کرنا یا پانی کم کر دینا۔
نُزِحَ بفلان۔ کسی کا ملک سے لمبے عرصہ کے لئے غائب ہو جانا۔
أنْزَحَ الشیئَ۔ دور کرنا۔
البئرَ: نَزَحَها۔
اِنْتَزَحَ دور ہونا۔
المِنْتَزاحُ بکثرت بلادِ بعیدہ کا سفر کرنے والا۔(ج) مَنَازِیحُ۔
یقال: قوم مَنَازِیحُ۔
المِنْزَحَةُ پانی نکالنے کا ذریعہ جیسے ڈول
النَّازِحُ: یقال' بَلَدٌ نَازِحٌ دور ملک۔
بئرٌ نَازِحٌ تھوڑے پانی والا کنواں۔
النَّزَحُ گدلا پانی۔
البئرُ النَّزَحُ بے آب کنواں۔
(ج) أنْزَاحٌ۔
النَّزُوحُ کم پانی والا کنواں۔
(۲) بہت خالی کیا جانے والا۔
(ج) نُزُحٌ۔
النَّزِیحُ دور۔
نَزَرَ الشیئ۔ نَزْرًا کم کرنا۔
–فلانًا کسی کو حقیر و کم دام سمجھنا۔

(۲) اکسانا' کام میں عجلت کرنا۔
(۳) کسی کے پاس سے تھوڑا تھوڑا کر کے سب کچھ نکلوا لینا۔
–الشرابُ فلانًا شراب کا کسی کو نشہ دلانا۔
نَزُرَ الشیئُ۔ نَزَارَةً نُزُورَةً: کم ہونا۔
–فلانٌ کسی کا بے فیض ہونا۔
–الانثی: مادہ جانور یا عورت کا دودھ کم ہونا۔
أنْزَرَ العطاءَ عطیہ کم دینا۔
نَزَّرَ العطاءَ: أنْزَرَهُ۔
تَنَزَّرَ من الشیئ: کسی چیز میں کمی آ جانا۔
(۲) قبیلہ نزار جیسا ہونا۔یا ان کا فرد بن جانا۔
المَنْزُورُ: یقال شیئٌ منزورٌ معمولی اور تھوڑی چیز۔
أعطاهُ عطاءً مَنْزُورًا: اسے تھوڑا عطیہ اصرار پر دیا۔
عطاءٌ غیر مَنْزُور: بلا اصرار بخوشی دیا ہوا عطیہ۔
النَّزْرُ: یقال شیئٌ نَزْرٌ معمولی اور تھوڑی چیز۔
رجلٌ نَزْرٌ: بے فیض آدمی۔
ما جئت إلاّ نَزْرًا: سست رفتاری سے آنا۔
النَّزِرَةُ من الإناثِ: کم اولاد والی یا کم دودھ والی۔
النَّزُورُ من الاناث: النَّزِرَةُ۔
(۲) ہر تھوڑی چیز۔
رجلٌ نَزُورٌ کم گو آدمی۔
(ج) نُزُرٌ۔
النَّزِیرُ کم اور معمولی۔
یقال: عطاء نَزِیرٌ (ج) نُزُرٌ۔
نَزَّ المکانُ۔ نَزًّا' نَزِیزًا جگہ کا مرطوب اور چوپائے والی ہونا۔
(۲) بہت رساؤ والی ہونا۔
–الفؤادُ نَزًّا: بہت ہوشیار و ذہین ہونا۔
–الظبیُ نزیزًا ہرن کا دوڑتے ہوئے بولنا۔
–وتر السهم تیر پھینکتے وقت اس کے تانت کا تھرتھرانا۔
–فلانٌ عَنّی دور ہونا۔ایک طرف ہونا۔
أنَزَّ المکانُ جگہ پر پانی رسنا۔

-الرجلُ سخت وتشدد ہونا۔
نَازَّ فلانًا مُنَازَّةً نِزازًا کسی کی ہم سری کی کوشش کرنا۔ کسی کے ساتھ جھگڑنا۔
نَزَّزَهٗ عن كذا کسی کو کسی بات سے بری کرنا۔
-الظَّبيةُ ولدَها ہرن کا اپنے بچوں کی پرورش کرنا۔
المِنَزُّ: يقال: رجل مِنَزٌّ متحرک و فعال آدمی۔
(۲) بچہ کا گہوارہ۔ پنگوڑھا۔
النِّزازُ: يقال. هو نِزازُ شرٍّ شر سے باز نہ آنے والا۔ منادی۔
النَّزُّ زمین سے اٹھنے والا پانی۔
رجلٌ نَزٌّ ذہین وہوشیار آدمی۔
یا [illegible] کا ایک جگہ نہ ٹکنے والا متحرک اور فعال۔
مَكانٌ نَزٌّ مرطوب جگہ۔
هو نَزُّ شرٍّ شرارت سے باز نہ آنے والا۔
النِّزُّ: زمین سے رسنے والا پانی۔
النِّزَّةُ: زبردست خواہش۔
يقال: قتلته النِّزَّةُ۔
ارضٌ نَزَّةٌ مرطوب زمین۔
ناقةٌ نَزَّةٌ پھرتیلی اونٹنی۔
النَّزيزُ: يقال رَجلٌ نَزيزٌ: ہوشیار و پھرتیلا۔ یا متحرک یا خواہش والا۔
هو نزيزُ شرٍّ: فساد سے باز نہ آنے والا۔
نَزَعَ المريضُ ـِ نَزْعًا: مرنے کے قریب ہونا۔
-الشمسُ غروب کے قریب ہونا۔
-إلى اهله نُزُوعًا: اہل و عیال کی دید کا مشتاق ہونا۔
-عن الأمر: رکنا۔
-في القوس کمان کو کھینچنا۔
-أباه وإليه اپنے باپ کے مشابہ ہونا۔
يقال: نَزَعه عِرقٌ وہ اصل جیسا ہے۔
كما يقال نَزَعَ إلى عِرقٍ كريمٍ او لئيمٍ شریف یا رذیل نسل سے تعلق رکھنا۔
-الشيَ من مكانه نَزْعًا: کسی چیز کو اس کی جگہ سے کھینچ کر نکالنا، اکھاڑنا۔

يقال: نَزَعَ الأميرُ عاملَه عن عمله حاکم کا اپنے عامل کو معزول کرنا۔
-يدَهٗ من جَيبِه ہاتھ گریبان سے نکالنا۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَنَزَعَ يَدَهٗ فَإِذَا هِيَ بَيْضَاءُ لِلنّٰظِرِيْنَ۔
يقال: نَزَعَ يَدَه مِنَ الطَّاعَة: طاعت و فرماں برداری سے نکلنا۔ نافرمانی کرنا۔
نَزَعَ مَعْنًى جَيّدًا من الآية ونحوها بہترین مضمون اخذ کرنا۔
نَزِعَ ـَ نَزَعًا کنپٹیوں پر بال نہ ہونا۔
هو أنْزَعُ هي نَزْعاءُ۔
نَازَعَ المريضُ نِزاعًا مُنَازَعَةً دم نکلتے وقت بیمار کو جان کنی ہونا۔ تکلیف ہونا۔
-نفسُهٗ الى اهله. اہل خانہ کی دید کا مشتاق ہونا۔
-فلانًا في كذا. کسی بات میں کسی سے جھگڑنا اور غالب آنے کی کوشش کرنا۔
-الشيُ غيرَه. ایک شے کا دوسری سے ملنا۔
يقال: أرضِي تُنَازِعُ أرْضَه میری زمین اس کی زمین سے ملی ہوئی ہے۔
-فلانًا الشيَ کسی کے پاس سے کوئی چیز کھینچنا۔
يقال: نازَعَ الرجلُ غيرَه الكأسَ کسی کا دوسرے سے جام لینا۔
نَزَّعَهٗ من مكانه. مبالغہ در نَزَعَهٗ۔
إنْتَزَعَ الشيُ: اکھڑنا۔
-عَنِ الشيِ: رکنا۔
-الشيَ: اکھاڑنا۔
(۲) سلب کرنا۔
-للصيد سهمًا: شکار کو تیر مارنا۔
تَنَزَّعَ الى الشيِ: کسی چیز کی طرف لپکنا۔
-الشيُ اکھاڑنا۔
تَنَازَعَ القومُ باہم جھگڑنا۔
يقال تنازعوا في الشيِ۔
-القومُ الشيَ ایک دوسرے کے پاس سے کوئی چیز کھینچنا۔
اِسْتَنْزَعَ فلانًا عن الشيِ: کسی کو کسی بات سے رکنے کو کہنا، کسی سے کوئی چیز چھڑانا۔
المَنْزَعُ کھینچنے اور اکھاڑنے کی جگہ۔
(۲) مقصد کی طرف رجوع۔
(ج) مَنَازِعُ۔
المِنْزَعُ دور مار تیر۔
يقال: رجلٌ مِنْزَعٌ سخت نزع والا۔
المَنْزَعَةُ دشمنی۔ جھگڑا۔
(۲) اکھاڑنے اور کھینچنے کی جگہ۔
(۳) عزم و ہمت، پختگی۔
يقال: هو بعيد المَنْزَعة بلند ہمت۔
شراب طيّب المَنْزَعة خوش ذائقہ مشروب۔
المِنْزَعَةُ جھگڑا۔
النَّازِعُ پردیسی، اجنبی۔
(۲) تیرانداز۔
(ج) نَزَعَةٌ، نُزَّعٌ، نُزَّاعٌ۔ هي نَازِعَةٌ (ج) نَازِعاتٌ، نَوَازِعُ۔
يقال: عادَ السَّهْمُ الى النَّزَعَةِ معاملہ اپنے اہل کے ہاتھ میں آگیا۔
النَّزاعَةُ جھگڑا۔
النَّزْعُ حالت نزع۔ مرنے کے قریب کی حالت۔
النَّزَعَةُ کنپٹیوں کے بال جھڑنے کی جگہ۔
هما نَزَعتان۔
(۲) پہاڑی راستہ۔
النَّزْعاءُ: من الجباه وہ پیشانی جس کا درمیانی حصہ آگے کی طرف نکلا ہوا ہو اور کنپٹیوں کے بال اوپر اٹھے ہوئے ہوں۔
النَّزُوعُ وطن کا مشتاق۔
يقال: بئرٌ نزوعٌ وہ کنواں جس میں سے ہاتھ ڈال کر پانی نکالا جاسکے۔
فلاةٌ نزوعٌ دور دراز جنگل۔
(ج) نُزُعٌ، نِزَاعٌ۔
النُّزُوعُ (تربیت میں) خاص تربیت کے نتیجے میں آدمی کے اندر پیدا ہونے والا رجحان۔
النَّزِيعُ اکھاڑا ہوا۔

يقال: تمرٌ نزيعٌ چنا ہوا پھل۔
(۲) پرائی۔
(۳) وطن کا مشتاق۔
يقال مكانٌ نزيعٌ دوردراز جگہ۔
فرسٌ نزيعٌ عمدہ نسل کا گھوڑا۔
(ج) نِزاع۔
النزيعةُ من النساء غیر کنبہ میں بیاہی جانے والی عورت۔
(۲) مخالف رخ چلنے والی ہوا۔
(۳) مسافروں سے چھینا ہوا مال۔ (ج) نزائعُ۔
نزغ بين القوم ـَ نزغًا لوگوں میں اختلاف کرانا۔ ایک کو دوسرے کے خلاف بھڑکانا۔
قرآن حکیم میں ہے
مِنْ بَعْدِ أَنْ نَزَغَ الشَّيْطَانُ بَيْنِي وَبَيْنَ إِخْوَتِي۔
—فلانًا کسی کو انگلی چبھونا یا نیزہ کا چرکا لگانا۔
يقال: نزغ فلانًا کسی کی غیبت کرنا۔ برائی کرنا۔
نزغه الى المعاصي گناہوں پر آمادہ کرنا۔
المنزغ. يقال. رجلٌ مِنزغٌ لوگوں میں لڑائی اور دشمنی کرانے والا۔
النازغ چغلخور۔
(ج) نزغٌ۔ هي نازغةٌ (ج) نوازغُ۔
النزّاغ: المنزغ۔
النزغ لوگوں کے درمیان پھوٹ ڈالنے والی باتیں۔
نزغ الشيطان شیطان کے وساوس جو برائی پر ابھاریں۔
النزغة نیزے وغیرہ کا چرکا یا مہمیز کا کچوکا۔
النزيغة بری بات۔
يقال نزغه بنزيغةٍ اسے بری بات کہی۔
نزف الشيءُ ـِ نزفًا ختم ہو جانا۔
يقال نزف فلان في الخصومة ونحوها جھگڑے وغیرہ میں لاجواب ہو جانا۔
- الدمعَ او الماءَ او نحوهما آنسو یا پانی وغیرہ ختم کر دینا۔

يقال: بكى حتى نزف دمعه۔
يقال: نزفه الفزعُ ونحوُه خوف وغیرہ کا کسی کی عقل زائل کر دینا۔
نزفه الدمُ خون کا زیادہ بہہ کر کسی کو کمزور کر دینا۔
نُزف فلانٌ نزفًا زخم یا بیماری کی وجہ سے زیادہ خون نکل کر کمزور ہو جانا۔
يقال: نُزف عقلُهُ نشہ وغیرہ سے کسی کی عقل زائل ہو جانا۔
هو منزوفٌ نزيفٌ۔
أنزف فلانٌ کسی کے پاس کچھ نہ رہنا۔
يقال: جادلته حتى أنزف: نزف۔
شرب خمرًا فأنزف: اس نے شراب لی تو نشہ چڑھ گیا یا عقل زائل ہو گئی۔
قرآن حکیم میں ہے:
لَا يُصَدَّعُونَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُونَ۔
—الشيءَ: نزفه۔
المنزاف: يقال معزٌ منزافٌ بکری جس کا دودھ اترنا بند ہو گیا ہو۔
المنزفة پانی نکالنے کا آلہ۔
النازف: يقال عرقٌ نازفٌ وہ رگ جس سے خون نہ نکلتا ہو۔ (ج) نُزّف۔
نزافِ: اسم فعل امر بمعنی أنزِف: کنویں کا سارا پانی نکالو۔
يقال: نزافِ نزافِ۔
النزف نکالا ہوا پانی۔
(۲) خون نکلنے سے پیدا ہونے والی کمزوری۔
(۳) خون بہانے والا انسان کا زخم۔
النزفة تھوڑا سا پانی وغیرہ۔
(ج) نُزَف۔
النزوف: يقال: بئرٌ نزوفٌ کم پانی والا کنواں (ج) نُزُف۔
النزيف بخار زدہ۔
يقال: سكرانُ نزيفٌ مدہوش۔ نشہ والا جس کی عقل زائل ہو گئی ہو۔
بئرٌ نزيفٌ کم پانی والا کنواں۔
رجلٌ نزيفٌ سخت پیاسا جس کی رگیں خشک ہو گئی ہوں اور زبان خشک ہو گئی ہو۔
(۳) جو بہت زیادہ خون نکلنے سے کمزور ہو گیا ہو۔
(۴) زخم یا بیماری کی وجہ سے ناک یا منہ سے بہت خون نکلنا۔ (ج)

نزق الفرسُ ونحوُه ـِ نزقًا نزوقًا گھوڑا کا کود کر پھرتی سے آگے بڑھنا۔
—الاناءُ والغديرُ برتن اور تالاب کا بھر جانا۔
—الاناءَ ونحوَه نزقًا اوپر تک بھر دینا۔
نزِق الاناءُ ونحوُه ـُ نزقًا اوپر تک بھر جانا۔
—الرجلُ نزقًا نزوقًا ناسمجھ اور کم عقل ہونا۔
(۲) چست و پھرتیلا ہونا۔
هو نزقٌ هي نزقةٌ۔
أنزق فلانًا اوچھا اور بے صبرا ہو جانا۔
—في الضحك خوب ہنسنا۔
—الفرسَ گھوڑے کو دوڑانے کے لئے مارنا۔
—النعيمُ فلانًا آسودہ حالی کا کسی کو اوچھا اور بے وقوف بنا دینا۔
نازقه منازقةً نزاقًا باہم گالی گلوچ کرنا۔
(۲) دوڑ میں مقابلہ کرنا۔
نزّقه أنزقه۔
تنازق الرجلان باہم گالی گلوچ کرنا۔
المنازق بہت باتونی اور جھکی بے وقوف۔
النِزاق من الحيوان سرکش جانور۔
(۲) تیز رفتار۔
النزق ہر معاملہ میں کم عقلی و عجلت۔
يقال: في كلامه نزقٌ۔
(۲) حماقت آمیز جلدی۔
(۳) نزدیک جگہ۔
النزقة من الحيوان: النِزاق۔
نزك فلانًا ـُ نزكًا چھوٹا نیزہ مارنا۔
(۲) ناحق کسی کو عیب لگانا، کسی کی ذات کو مجروح کرنا۔
النزّاك عیب جو۔ طعنہ زن۔
النزك النزّاك۔
النزيك عیب دار۔

النَّیزَكُ چھوٹا نیزہ (مع)
فضا آسمانی میں تیرنے والا ایک جرم سماوی جو فضاء ارضی میں داخل ہو کر جل جاتا ہے اور ٹوٹ کر گرنے والے شہاب ثاقب کی طرح دکھائی دیتا ہے۔ (مع)
نَزَلَ۔ نُزُولاً اوپر سے نیچے آنا۔ اترنا۔
یقال: نَزَلَ فلانٌ عن الأمر والحق: چھوڑنا۔
-بالمکان فیه قیام کرنا۔
-علی القوم مہمان بننا۔
یقال' نزل به مکروهٌ کوئی تکلیف لاحق ہونا۔
-الحاجّ: حاجی کا منیٰ میں مقیم ہونا۔
-وعلی إرادة زمیله: ساتھی کی رائے سے متفق ہونا۔
-فلان نِزَالَةً: سفر کرنا۔
نَزِلَ۔ نَزْلَةً: زکام ہونا۔
-الزرعُ نَزَلاً کھیتی کا بڑھنا۔
-المکانُ کسی جگہ پر اس کے سخت ہونے کے باعث تھوڑی بارش سے پانی کا بہنا۔
هو نَزِلٌ' هی نَزِلَةٌ۔
أَنْزَلَ الشئَ: اتارنا۔
یقال: أَنْزَلَ اللّٰه کلامَه علی انبیائه وحی کرنا۔
أَنْزَلَ حاجته علی کریم: صاحب کریم کے پاس اپنا کام لے کر جانا۔ اسے اپنی امید کا محل بنا کر اپنی حاجت پیش کرنا۔
-الضَّیفَ مہمان بنا کر اس کی ضروریات مہیا کرنا۔
نَازَلَ فی الحرب لڑائی میں کسی سے میدان میں مقابلہ کرنا۔
یقال: حاربوا بالنِّزَالِ۔
-فلانٌ الناس فی سفرٍ ونحوہ۔ سفر وغیرہ میں کسی کا لوگوں کے ساتھ قیام کرنا۔
یقال: هو لایُحَالُّ النَّاسَ ولا ینَازِلُهُم۔
نَزَّلَ الشئَ أَنْزَلَهُ۔
-القومَ لوگوں کو رہائش گاہوں میں ٹھہرانا۔

-الشئَ ترتیب سے رکھنا۔ اس کی جگہ پر رکھنا۔
یقال: نَزَّلَ هذا مکان هذا کسی چیز کو دوسری چیز کی جگہ اور حیثیت دینا۔
تَنَازَلَ القومُ لوگوں کا میدان میں اتر کر آمنے سامنے لڑنا۔
-فی السفر ونحوہ: سفر وغیرہ میں مختلف افراد کے پاس کھانا کھانا۔
-عن الحقِّ حق سے دست بردار ہونا (مو)
تَنَزَّلَ دھیرے دھیرے اترنا۔
قرآن حکیم میں ہے۔
تَنَزَّلُ الْمَلَآئِكَةُ وَالرُّوحُ فِیهَا۔
استَنْزَلَهُ: أَنْزَلَهُ۔
-فلاناً: کسی سے نیچے اترنے کا کہنا۔
-فلاناً عن حقهٖ او رأیه: کسی سے حق یا رائے چھوڑنے کی درخواست یا طلب کرنا۔
یقال: استُنْزِلَ فلانٌ کسی کا مرتبہ گھٹانا۔
المَنْزَلُ: بمعنی نُزُول۔
المَنْزِلُ (۱) گھر (۲) جائے قیام۔ پڑاؤ۔
(ج) مَنَازِلُ۔
مَنَازِلُ القمر: چاند کا مدار جس میں وہ زمین کے گرد گردش کرتا ہے۔ ہر رات ایک مدار میں چلتا ہے اس سے آگے پیچھے نہیں ہوتا اور اٹھائیس میں سے ہر ایک کا نام متعین ہے۔ ان میں سے کچھ یہ ہیں: الشَّرَطَان' البُطَین' الثُّرَیَّا' الدَّبَرَان' سال کے موسموں میں یہ موسم کی سات منازل ہوتی ہیں۔
المُنْزَلُ: الانزال۔
(۲) اترنے اور قیام کرنے کی جگہ۔
قرآن حکیم میں ہے
وَقُلْ رَّبِّ أَنْزِلْنِی مُنْزَلاً مُّبَارَكًا۔
المَنْزِلَةُ: گھر (۲) حیثیت و مرتبہ۔
(ج) مَنَازِلُ۔
یقال: له مَنْزِلَةٌ عند الامیر امیر کے یہاں اس کی حیثیت ہے۔
هو رفیع المنازل: بلند مرتبہ آدمی۔
النَّازِلَةُ: سخت مصیبت۔

(ج) نَازِلَات' نَوَازِلُ۔
النُّزَالَةُ زمین کی سختی کی وجہ سے تھوڑی سی بارش کی وجہ سے پانی کا بہنا۔
النِّزَالَةُ: مہمان نوازی۔
النُّزَالَةُ: یقال هو من نُزَالَةِ سوءٍ وہ کمینے باپ کی اولاد ہے۔
النَّزَّالُ: بہت قیام کرنے والا یا بہت جنگ کرنے والا۔
النَّزَلُ: یقال: موضع نَزَلٌ وہ جگہ جہاں بہت قیام کیا جائے۔
رجلٌ ذو نَزَلٍ بہت بخشش اور عطا والا۔
فلان لیس بذی طُعْمٍ ولیس بذی نَزَلٍ فلاں عقل و معرفت سے خالی ہے۔
سحاب ذو نَزَلٍ بہت برسنے والا بادل۔
طعام کثیر النَّزَلِ برکت والا کھانا۔
النَّزِلُ وہ جگہ جہاں بہت قیام کیا جاتا ہو۔
یقال: سحابٌ نَزِلٌ بہت بارش والا بادل۔
النُّزُلُ: المنزل۔
(۲) مہمان کے کھانے اور سونے کے لئے تیار کردہ جگہ۔
مومنین صالحین کے بارے میں ارشاد خداوندی ہے
كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلاً۔
(۳) ہوٹل (مو)
(۴) عطا بخشش۔
(۵) برکت۔ (ج) أَنْزَالٌ۔
النَّزْلَةُ: ناک اور ہوا کی نالیوں میں جلن' اس کا اطلاق مرض کی صحت پر اچانک آمد سے پیدا ہونے والی صورتحال پر ہوتا ہے۔ یقال: أرضٌ نَزِلَةٌ عمدہ کھیتی والی زمین۔
یقال: ارض نَزِلَةَ عمدہ کھیتی والی زمین۔
(ج) نِزَلاءُ۔
یقال: ترکت القومَ علی نَزَلاتهم لوگوں کو میں نے اچھے حال میں چھوڑا۔
النُّزْلَةُ احباب کے لئے تیار کیا ہوا پیٹ بھر کھانا۔
یقال: کان الیومَ علی فلان نُزْلَتَاه اکلنا

عد برکتنا۔

النَّزِیلُ مہمان۔

(۱)منزل یاوطن میں شریک۔

یقال: فلان نزیلی فلاں مکان میں میرے ساتھ رہتا ہے۔ (ج)نُزَلاءُ۔

یقال: طعامٌ نزیلٌ برکت والا کھانا۔

ثوبٌ نزیلٌ کامل کپڑا۔

نَزْنَزَ سرہلانا۔

—المکانُ جگہ میں پانی کا نکلتے رہنا۔

—الأُمُّ صَبِیَّهَا ماں کا بچہ کو ہاتھوں پر نچانا۔

نَزَهَ الدوابَّ — نَزْهًا چوپائے کو پانی سے دور کرنا۔

نَزِهَ المکانُ — نَزَاهَةً نَزَاهِيَةً جگہ کا فضائی آلودگیوں سے دور اور صاف ستھرا ہونا۔

—فلانٌ ہر ناپسندیدہ چیز سے دور ہونا۔ بے داغ ہونا۔

—الارضُ زمین کا سبزہ پوش ہونا۔

هو نَزِهٌ نَزِيهٌ هي نَزِهَةٌ نَزِيهَةٌ۔

نَزَّهَهُ عن الشیٔ دور کرنا۔

یقال: نَزَّه نفسَه عن الأقذار

تَنَزَّهَ عن الشیٔ دور ہونا۔ محفوظ ہونا۔

الإنفَحّةُ گائے اور بکری کے بچے کا معدے کا ایک جزو۔
المِنفحُ غیر متعلق باتوں میں پڑنے والا۔
المِنفحةُ: الإنفحة (ج) مَنافحُ۔
النّفحُ سردی۔ مقابل اللّفح: گرمی۔
النّفحةُ خوشگوار مہک جو جی کو بھلی لگے۔
یقال: أصابتنا نفحة من سموم: ہمیں گرم ہوا کا جھونکا لگا تکلیف پہنچی۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَلَئِنْ مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّنَا۔
(۲) عطیہ۔

یقال: لا یزال لفلان نفحات۔
النّفوحُ: زور سے دفاع کرنے والا۔
یقال: ضرعٌ نفوحٌ دودھ نہ روکنے والا تھن۔
بقرةٌ نفوحٌ بغیر دوہے تھن سے دودھ بہنے والی گائے۔
قوسٌ نفوحٌ تیز رفتار کمان جو دور تک تیر پھینکے۔
ریح نفوحٌ تیز ہوا جو ہر چیز کو لے اڑے۔
النّفیخُ، النِّفّیخُ، المِنفخُ۔
نَفَخَ بفمه۔ نَفخًا منہ سے پھونک مارنا۔
یقال: نَفَخَ فی البُوقِ او البَراعِ او نحوهما۔ بگل یا سنکھ میں پھونک مار کر آواز پیدا کرنا۔
یقال: نَفَخَ الشیطان فی أنفه شیطان کا کسی کو مغرور بنانا۔
(۲) ایسی چیز پر نظر جمانا جو اس کی نہ ہو۔
-الشیَ منہ سے پھونک مار کر اڑا دینا۔
(۳) اپنے پاس سے ہٹانا۔
-النّارَ بالمِنفاخِ آگ کو پھونک مار کر سلگانا۔
-الطعامَ ونحوَہ فلانًا کھانے وغیرہ کا کسی کو سیر کرنا۔
یقال: نَفَخَ شِدقَیه او حِضنَیه بڑا بننا۔ تکبر کرنا۔
نَفِخَ۔ نَفَخًا گھوڑے وغیرہ کے خصیتین کا متورم ہونا۔
ھو أنفَخُ، ھی نَفخاءُ۔ (ج) نُفخٌ۔
نَفَّخَ بفمه: مبالغه فی نَفَخَ۔
اِنتفخَ الشیُ: بلند ہونا۔
یقال: انتفخ النهارُ نصف النهار سے کچھ پہلے وقت تک پہنچنا۔
انتفخ فلان تکبر کرنا۔ بڑا بننا۔
انتفخ علیه۔ ناراض ہونا۔
المِنفاخُ پھونکنی۔
(۲) لوہار کی دھونکنی (ج) مَنافیخُ۔
المِنفَخُ: المِنفاخ (ج) مَنافِخُ۔

مَنَافِخُ الشیطان: شیطان کے وسوسے۔
المَنفوخ: یقال: رجل منفوخ: موٹا یا بزدل آدمی۔
النَّافِخُ: یقال: ما بالدار نافخ ضَرَمَةٍ: گھر میں کوئی نہیں۔
النَّفْخُ: فخر وتکبر۔
النَّفَخُ: چوپائے کے ٹخنوں کا ورم جو چلنے سے اتر جائے۔
(۲) ایک بیماری جس سے خصیتین پر ورم ہو جاتا ہے۔
النُّفُوخُ: بھرپور جوانی۔
یقال: فتی نفخ فتاۃ نفخ۔
النُّفْخَاءُ: پنڈلی کی ہڈی کا بالائی حصہ۔
(۲) بلند عمدہ زمین جہاں نہ پتھر ہو اور نہ ریت اور تھوڑے بہت درخت اگ آئے ہوں۔
(ج) نفاخی۔
النُّفْخَةُ: کھانے وغیرہ سے پیٹ کا پھولنا۔
نَفْخَةُ الشباب: جوانی کا جوبن۔
نَفْخَةُ الرَّبِیعِ: موسم بہار کی شادابی کے ایام۔
النُّفْخَةُ: گھوڑے کو لگنے والی بیماری جس سے خصیتین متورم ہو جاتے ہیں۔
النُّفَّاخُ: بیماری سے ہونے والا کسی بھی جگہ کا ورم۔
النُّفَّاخَةُ: مچھلی کے پیٹ کا پھکنا۔
(۲) پانی وغیرہ کا بلبلہ۔
(۳) بچوں کا ربڑ کا غبارہ۔ (مو)
النَّفِیخُ: آگ پر پھونک مارنے پر مامور۔
(ج) نفخاء۔
نَفِدَ الشیءُ ـــَ نَفَدًا ' نَفَادًا: ناپید ہونا۔ ختم ہونا۔
قرآن حکیم میں ہے: قُلْ لَّوْ کَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّکَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ کَلِمٰتُ رَبِّیْ۔
اَنْفَدَ فلانٌ: کسی کا زادِ راہ اور مال ختم ہو جانا۔
-الشیءَ: ناپید کرنا۔ ختم کرنا۔
نَافَدَهُ: کسی کے دلائل ختم کرنے کے لئے اس کے ساتھ جھگڑنا۔

اِنْتَفَدَ الشیءَ: اَنْفَدَهُ۔
-الحقَّ: حق کو پورا وصول کرنا۔
یقال: اِنْتَفَدَ منه۔
-اللَّبَنَ: سارا دودھ نکال لینا۔
تَنَافَدَ القومُ: باہم جھگڑنا اور ایک دوسرے کو دلیل دینا۔
اِسْتَنْفَدَ الشیءَ: اَنْفَدَهُ۔
یقال: اِسْتَنْفَدَ وُسْعَهُ: پوری طاقت لگا دینا۔
اسْتَنْفَدَ الأمرُ اغراضَه: کسی معاملے کا مقصد کو پورا کر دینا۔ اور اس کی ضرورت باقی نہ رہنا۔ (ج)
المُنَافِدُ: یقال خصمٌ منافدٌ: پورا زور لگا دینے والا دشمن یا مقابل۔
المُنْتَفِدُ یقال فلانٌ مُنْتَفِدُ فلان: فلاں شخص فلاں کا مال ختم ہو جانے پر اس کا مددگار بنتا ہے۔
النَّفَادُ: فسادِ خاتمہ۔
قرآن حکیم میں ہے:
اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ۔
نَفَذَ الأمرُ ـــُ نُفُوذًا ' نَفَاذًا: نافذ ہونا۔
یقال: نَفَذَ فلان لوجهه: اپنی حالت پر رہنا۔
نَفَذَ الکتابُ الی فلان: خط کسی کے پاس پہنچنا۔
هذا الطریق ینفذ الی مکان کذا: راستہ کا کسی مقام پر پہنچنا۔
نَفَذَ الطریقُ: راستہ کا عام ہونا۔
-فیه ' ومنه: آر پار ہونا۔
قرآن حکیم میں ہے
(یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ)۔
یقال: نفذ فلانٌ فی الأمور: ماہر ہونا۔
-عنه: بچ کر نکل جانا' چھٹکارا پانا۔
والقومَ نَفْذًا: آگے نکل جانا۔
لوگوں کو پیچھے چھوڑ دینا۔
حدیث ابن مسعود میں ہے۔
اِنکم مجموعون فی صعید واحد

ینفذکم البصرُ
اَنْفَذَ القومَ: لوگوں کو چیرتے ہوئے درمیان میں چلنا۔
یقال: رامیته فانفذته: میں نے اس کے تیر مارا تو اسے آر پار کر دیا۔
-الکتابَ الی فلان: کسی کے نام خط بھیجنا۔
-الأمرَ: حکم نافذ کرنا۔
-عَهْدَهُ: اپنا عہد پورا کرنا۔
نَفَّذَ الحکمَ: حکم نافذ کرنا۔ حکم پر عمل کرانا۔ (ج)
تَنَافَذَ القومُ الی القاضی: قاضی کے پاس فیصلے کے لئے مقدمہ پیش کرنا۔
التَّنْفِیذُ فی الحکم: فیصلہ کی تکمیل عملی اجراء۔
الهیئةُ التنفیذیة: بااختیار احکام جو قوانین حکومت کا نفاذ کرتے ہیں۔ (ج)
المُنْتَفَذُ: کشادگی۔
یقال: فی هذا الشیء مُنْتَفَذٌ عن غیره: اس چیز میں بمقابلہ دیگر گنجائش ہے۔
فی ماله مُنْتَفَذٌ: اس کے مال میں وسعت ہے۔
المَنْفَذُ: نکلنے کا راستہ۔
(۲) گزرگاہ۔ کھلا راستہ۔
(ج) مَنَافِذُ۔
النَّافِذُ: یقال۔ رجلٌ نافذٌ فی اُموره: اپنے کاموں میں کامیاب۔
طریق نافذٌ: عام راستہ۔
امرٌ نافذٌ: جس پر عمل کیا جا رہا ہو۔
-من جسم الإنسان: ناک کان وغیرہ۔
(ج) نَوَافِذُ۔
النَّافِذَةُ: یقال: طَعْنَةٌ نَافِذَةٌ: نیزے کی آر پار ضرب۔
(۲) دیوار میں کھڑکی جس سے روشنی اور ہوا کمرے میں آتی ہے۔ (محدثہ)
(ج) نَوَافِذُ۔
النَّفَاذُ: الحکم مع النفاذ محض صدور سے واجب التنفیذ ہونے والے حکم کو لاحق ہونے والی حالت خواہ وہ شہری ہو یا مجرم استناف کی

میعاد مکمل ہونے کا انتظار کئے بغیر محکوم علیہ سے اس کا اٹھ جانا اور اس استئناف میں فصل کا انتظار بھی کئے بغیر بسا اوقات مدنی حکم صالح کے لئے لازم ہوتا ہے کہ وہ محکمہ کے خزانہ سے مالی کفالت ادا کرے جو شامل ہو حکم کی تنفیذ سے حاصل ہونے والے رد کو جبکہ وہ استئناف کا فیصلہ کرے اس کے لغو کے بعد۔ باقی حکم جنائی تو اس میں نفاذ فوری ہوتا ہے۔ اگرچہ محکوم علیہ کو بعض حالات میں امید ہوتی ہے جبکہ وہ حکم کے مطابق ضمان ادا کردے اس کے استئنائی محاکمہ سے نہ بھاگنے کی ضمانت کی وجہ سے یا اس کے بعد تنفیذ سے۔ (مج)۔

الحکم مع النفاذ:

النَّفَذُ اداءِ شئ۔

یقال: اَمَر ینفذہ: اس کے اجراء کا حکم دیا۔

قام ینفذ الکتاب. اس کی تحریر کو عملی جامہ پہنایا۔

(۲) مخرج، راہ۔

یقال: ای ینفذ لھذا المُعضِل۔

یقال: طعنۃٌ لھا نَفَذٌ: نیزے کی آر پار ضرب۔

النُّفُنْذَۃُ: مہرہ (ج) نُفُذٌ۔

یقال: قارَبَ الخرّابزین النُّفَذ۔

النَّفَاذُ: ارادہ کا پکا۔ کام کا دھنی۔ ہر کام میں طاق۔

النُّفُوذُ: النَّفَاذ۔

النُّفُوذُ: اقتدار، اثر و رسوخ۔

یقال: فلانٌ ذُو نُفُوذٍ عَظِیمٍ۔

مناطقُ النُّفُوذِ: بڑی طاقتوں کے زیر علاقے جو کمزور ہوں۔ (محدثہ)

النَّفِیذُ: النافذ۔

یقال: اَمْرٌ نَفِیذٌ: مانا ہوا حکم۔

نَفَرَ۔ نَفْرًا، نُفُورًا: ترک وطن کرکے کسی جگہ جانا۔

قرآن حکیم میں ہے

فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَائِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ اور

وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنفِرُوا كَافَّةً۔

-الجلدُ نُفُورًا: کھال کا سوجھ کر گوشت سے الگ ہو جانا۔

-من الشئ نفورًا، نِفارًا: نفرت کرنا۔ ناپسند کرنا۔

یقال: نَفَرَتِ المرأۃُ من زوجھا عورت کا خاوند کو ناپسند کرنا۔

-من المکان نَفْرًا: کسی جگہ کو چھوڑ کر دوسری جگہ جانا۔

یقال: نَفَر الحاجّ من مِنًی: حاجی کا منی سے مکہ آنا۔

-الناسُ الی العَدُوِّ لوگوں کا لڑنے کے لئے دشمن کی طرف تیزی سے نکلنا۔

قرآن حکیم میں ہے:

اِنْفِرُوا خِفَافًا وَّثِقَالًا۔

-فلانًا نَفْرًا: نفرت یا جھگڑے میں کسی پر فوقیت لے جانا۔

اَنْفَرَ القومُ. قوم کا نشتر جوپاؤں والا ہونا۔

-الدابّۃَ ونحوھا. جانور وغیرہ کو بھگانا۔ بدکانا۔

-الرّجلَ مدد کرنا۔

یقال: استنفرھم فانفروہ. اس نے ان سے مدد طلب کی تو انہوں نے اس کی مدد کی۔

-فلانًا علی فلان: کسی کے حق میں کسی پر غالب آنے کا فیصلہ کرنا۔

نافَرَہٗ لڑنا، جھگڑنا۔ (۲) کسی کے سامنے فخر کرنا۔

نَفَّرَ فلانًا من الشئ: ڈرا کر دور کرنا۔

یقال: نَفَّر الدّابّۃَ عن الرّعی۔

-عن ولدہ او غیرہ. اپنے لڑکے یا دوسرے کو برا لقب دینا۔ ان کے خیال میں اس سے نظر بد اور جنات سے بچتا تھا۔

-فلانًا علی فلان: کسی پر کسی کے غالب ہونے کا فیصلہ کرنا۔

-فلانًا علی الشئ، وبہ: کسی کو کسی چیز پر غالب کرنا۔

تَنافَرَ القومُ: باہم جھگڑنا، باہم فخر کرنا۔

استَنْفَرَتِ الدّابّۃُ ڈر کر بھاگنا۔ دور ہونا۔

ھی مُسْتَنفِرَۃٌ۔

قرآن حکیم میں ہے

كَأَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنفِرَةٌ فَرَّتْ مِن قَسْوَرَةٍ۔

-الدّابّۃَ: چوپائے کو بھگانا۔

-الحاکمُ الرّعیّۃَ حاکم کا دشمن سے لڑنے کے لئے رعایا کو حکم دینا۔

-بنی فلان: کسی قبیلے سے مدد مانگنا۔

النّافِرُ یقال: دابۃ نافرٌ اڑیل جانور۔ (۲) جھگڑے میں غالب۔ (ج) نَفْرٌ۔

ابو ذؤیب کا قول ہے

اذا نھضت فیہ تصعّد نَفْرُھا۔

شاۃٌ نافِرٌ وہ بکری جس کی ناک سے کیڑوں جیسی ریزش جھڑتی رہتی ہے۔

النّافِرَۃُ: نافرۃُ فلانٍ: کسی کے قریبی رشتہ دار، حمایتی۔

النّافُورَۃُ: صنوبر وغیرہ جو گھروں، میدانوں یا باغیچوں میں ہوتا ہے اوپر کی طرف دہانے سے اس سے پانی نکلتا ہے۔ جگہ کو ٹھنڈا کرنے یا صاف کرنے کے لئے۔ (مو) (ج) نَوافِیرُ۔

النِّفارُ: اڑیل پن۔

النِّفارَۃُ: قاضی یا جیتنے والے کو ہارنے والے کی طرف سے دیا جانے والا معاوضہ۔

النَّفْرُ: لڑائی یا کسی دیگر معاملہ کے لئے دوڑنے والی جماعت۔

یوم النَّفْرِ الاوّل ایام تشریق کا دوسرا دن۔ جس دن حاجی منی سے مکہ کی طرف جاتے ہیں۔

یوم النَّفْرِ الآخر ایام تشریق کا تیسرا دن۔

النِّفْرُ: عِفْرٌ کا تابع۔

یقال: عِفْرٌ نِفْرٌ، عِفْرِیَۃٌ نِفْرِیَۃٌ، عِفْرِیتٌ نِفْرِیتٌ: خبیث و سرکش۔

النَّفَرُ: آدمیوں کی تین سے دس تک کی تعداد۔

یقال: ھم نَفَرُ فلان کسی کے عزیز و اقرباء۔

(۲) لوگوں کی جماعت۔

(۳) ایک آدمی (محدثہ) (ج) اَنْفارٌ۔

النَّفْرَةُ بچہ کے گلے میں حفاظت نظر بد کا تعویذ۔
النُّفُورُ تیزیا (ج) نَفَارِیرُ۔
النَّفِیرُ ہم پلہ مقابلہ مفاخرۃ میں۔
(۲) لڑائی کے لئے نکلنے والا گروہ۔
النفیر العامُ دشمن سے لڑنے کے لئے عام لوگوں کا کوچ۔
یقال اس شخص سے جو کسی مہم کے لائق نہ ہو۔
فلانٌ لافی العیر ولا فی النَّفِیرِ: غیر قریش کا وہ قافلہ جو ابوسفیان کے ساتھ ملک شام سے آ رہا تھا اور نفیر وہ لوگ جو عتبہ بن ربیعہ کے ساتھ ابوسفیان کے قافلے کو مسلمانوں کے حملے سے بچانے کے لئے نکلے چنانچہ مقام بدر میں معرکہ ہوا۔ اس وقت جو لوگ نہ اس قافلہ میں تھے اور نہ دوسرے میں ان کو مردانِ کار نہیں سمجھا گیا۔
نَفَزَ الظبیُ۔ نَفْزًا' نُفُوزًا' نَفَزَانًا چوکڑیا بھرنا۔ ایک ساتھ چاروں پاؤں اٹھا کر دوڑنا۔
-فلانٌ مرنا۔
نَفَّزَتِ المرأۃُ ولدَها عورت کا اپنے بچے کو اپنے ہاتھوں پر نچانا۔
تنافَزُوا ایک دوسرے پر اچھلنا۔
یقال الصبیان تنافَزُون فی لِعْبِهِم۔
النُّفَازَی بچوں کے اچھلنے کا کھیل۔
النَّفِیزُ دودھ بلونے کے برتن میں ادھر ادھر بکھرا مکھن۔
نَفَسَهُ۔ نَفْسًا کسی کو نظر لگانا۔
نَفِسَتِ المرأۃُ۔ نَفَسًا' نَفَاسَۃً' نِفَاسًا بچہ جننا۔
یقال نُفِسَتْ ولدًا' نُفِسْتُ بہ۔
ھی نُفَسَاءُ (ج) نُفَسَاوات' نِفَاسٌ' نُفَاسٌ۔
-بالشیءِ کسی چیز میں بخل کرنا۔
-الشیءَ: وبہ علی فلان کسی چیز کے بارے میں کسی پر حسد کرنا۔ اور اسے اس کا اہل نہ سمجھنا۔
نَفُسَ الشیءُ۔ نَفَاسَۃً' نِفَاسًا' نُفُوسًا' نَفَسًا بیش قیمت ہونا۔

ھو نَفِیسٌ' نَافِسٌ (ج) نِفَاسٌ۔
أَنْفَسَ الشیءُ نفیس و پسندیدہ ہونا۔
نَافَسَ فی الشیءِ کسی چیز میں اضافہ اور مبالغہ کر کے رغبت دلانا۔
-فلانًا فی کذا۔ نقصان پہنچائے بغیر کسی سے آگے بڑھنے کی کوشش کرنا۔
نَفَّسَ عنہ خوشحال کرنا۔
-عنہ کُرْبَتَهُ غم و تکلیف دور کرنا۔
-القوسَ کمان کو پھاڑنا۔
تَنَافَسَ القومُ فی کذا: کسی چیز میں باہم مقابلہ کرنا۔ نقصان پہنچائے بغیر ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے
وَفِي ذَٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُونَ۔
تَنَفَّسَ پھیپھڑے میں سانس داخل کرنا اور نکالنا (سانس لینا)
-الرَّبیعُ ہوا خوشگوار ہونا۔
-فی الکلامِ بات کو طول دینا۔
-النَّهرُ دریا کا پانی بڑھنا۔
-المَوْجُ موج کا پانی سے چھینٹیں اڑانا۔
-العمرُ عمر دراز ہونا۔
-القوسُ کمان چٹخنا۔
یقال تنفّس الصُّبحُ صبح روشن ہونا۔
تَنَفَّسَ الصُّعَداءَ تکان یا تکلیف کے باعث لمبا سانس لینا۔
الأَنْفَسُ بہت بیش قیمت۔
(۲) بہت لمبا اور نمایاں۔
(۳) بہت وسیع و کشادہ۔
التَّنَافُسُ ایک فطرتی جذبہ جس کے تحت انسان آگے بڑھنے اور بڑے لوگوں ہم پلہ ہونے کی جائز کوشش کرتا ہے۔
المُتَنَفِّسُ: یقال: انفٌ مُتَنَفِّسٌ چپٹی ناک۔
المُنَافَسَۃُ التَّنافُسُ۔
المُنْفِسُ: یقال مالٌ مُنْفِسٌ مال کثیر۔
المَنْفُوسُ مولود نوزائیدہ بچہ۔
(۲) حسد کی جانے والی چیز یا جسے نظر بد لگی ہو۔

یقال: شیءٌ منفوسٌ: عمدہ چیز جس میں رغبت کی جائے۔
النَّافِسُ حاسد یا نظر بد لگانے والا۔
یقال: شیءٌ نافِسٌ او رجلٌ نافِسٌ پسندیدہ اور قیمتی جس میں رغبت کی جائے۔
النِّفَاسُ وہ مدت جس میں عورت کے تناسلی اعضاء اور رحم وضع حمل کے بعد اس حالت پر آ جائیں جس پر وہ حمل سے قبل تھے۔ اور یہ تقریباً ۶ ہفتے کی مدت ہے۔ (ج)
النَّفْسُ روح۔
یقال: خرجت نفسُه' جادَ بنفسه مر جانا۔
(۲) خون۔
یقال: دَفَقَ نفسُهُ۔
(۲) ذات شی۔ عین شی۔
یقال: جاءَ هو نفسُه او بنفسِه (ج) أَنْفُسٌ' نُفُوسٌ۔
یقال: أَصابَتْهُ نفسٌ اسے نظر لگ گئی۔
فلان ذو نفس باہمت اور طبیعت والا۔
یقال: فی نَفْسِی أَن افعلَ کذا میرا ایسا کرنے کا ارادہ و خواہش ہے۔
فلان یؤامر نفسَیْهِ: ہر قسم کی رائے رکھنے والا جو کسی ایک رائے پر جمتا نہ ہو۔
النَّفَسُ پھیپھڑے والے اور ذی حیات کی ناک سے دوران تنفس سے نکلنے اور اندر آنے والی ہوا۔
(۲) بادِ نسیم۔ خوشگوار ہوا۔
(۳) گھونٹ (۳) کشادگی و فراخی۔
یقال: هو فی نَفَسٍ من أمرِه اسے اپنے کام میں آزادی و وسعت حاصل ہے۔
بینی وبینه نَفَسٌ میرے اور اس کے درمیان دوری ہے۔
شراب ذو نَفَسٍ تسکین بخش شراب۔
شاعرٌ أو کاتب طویل النَّفَسِ ماہر و قادر الکلام شاعر یا انشاء پرداز۔
یُعْجِبُنِی نَفَسُ هذا المؤلف أَوْ هذا الطاهی مجھے اس مؤلف کا طرز تصنیف یا اس

بورچی کے پکانے کا طریقہ پسند ہے۔ (ج)
انفاس۔
النَّفُوسُ بڑا حاسد۔
النَّفِيسُ مال کثیر۔
شیٌ نفیسٌ پسندیدہ بیش قیمت چیز۔
رجل نفیسٌ حاسد۔
نَفَشَ القُطنُ ونحوهُ۔ نَفشًا' نُفُوشًا: روئی یا اون کا دھننے کے بعد بکھرنا۔
یقال۔ نَفَشَهُ فَنَفَشَ۔
–القومُ خوشحالی حاصل ہونا۔
–الماشِيَةُ فِي الزَّرعِ: مویشیوں کا رات کو چراگاہ میں گھوم کر گھاس چرنا۔
هو نافِشٌ (ج) نَفَشَةٌ نُفَّاشٌ۔
هي نافِشَةٌ (ج) نَوَافِشُ۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَدَاوُدَ وَ سُلَيْمَانَ اِذْ يَحْكُمَانِ فِي الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيهِ غَنَمُ الْقَوْمِ۔
یقال: نَفَشَ علی الطعام: کھانے کے لئے متوجہ ہونا۔
–القُطنَ او الصُّوفَ ونحوهما نَفشًا روئی یا اون وغیرہ کو انگلی یا کسی آلے وغیرہ سے الگ الگ کرنا دھنا۔
أنفَشَ الرَّاعي الماشيةَ: چرواہے کا رات کو بکریاں چرنے کے لئے چھوڑ کر ان سے الگ ہو کر سو جانا۔
نَفَّشَ القطنَ ونحوه: نَفَشَهُ۔
اِنتَفَشَ القطنُ ونحوه: نَفَشَ۔
–الهِرَّةُ ونحوها: بلی وغیرہ کا بالوں کو کھڑا کرنا کہ ان کی جڑیں دکھائی دینے لگیں۔
–الطائرُ پرندہ کا پروں کو اس طرح جھٹکنا کہ جیسے وہ خوف زدہ ہو۔
تَنَفَّشَ: اِنتَفَشَ۔
المُتَنَفِّشُ: یقال: اَمَةٌ متنفشةُ الشَّعرِ: بکھرے ہوئے بال والی باندی۔
اَنفٌ مُتَنَفِّشٌ چپٹی ناک۔
(۲) ورم آلود نرم و پھولی ہوئی چیز۔
النَّفَشُ دھنی ہوئی اون۔

(۲) بکھرا ہوا سامان۔
یقال: باتَتْ غنمهُ نَفَشًا اس کی بکریاں رات کو چرنے کے لئے منتشر ہو گئیں۔
(۲) لمبی چوڑی باتیں اور دعوے۔
النَّفَّاشُ متکبر۔
(۲) بے جا فخر کرنے والا۔
(۳) نارنج کی ایک قسم جس کا مرلزرہ بنایا جاتا ہے۔
نَفَصَ ببوله۔ نَفصًا۔ قطرہ قطرہ پیشاب کرنا۔
یقال نَفَصَ بالكلمة تیز بولنا۔
أنفَصَ بالضَّحِك: خوب ہنسنا۔
–الشَّفَتَيهِ ہونٹوں کے اشارے میں بات کرنا۔
یقال: أنفَصَ بالكلمة تیزی سے لفظ نکالنا۔
المِنفَاصُ: بہت ہنسنے والا۔
یقال: رجلٌ مِنفَاصٌ امرأةٌ مِنفَاصٌ۔
(۲) بستر پر پیشاب کرنے والی۔
النُّفَاصُ: بکریوں میں کثرت پیشاب کی بیماری جو ان کی موت کا سبب بن جاتی ہے۔
النُّفصَةُ خون کا فوارہ (ج) نُفَصٌ۔
نَفَضَ الثوبُ او الصِّبغُ۔ نُفُوضًا: رنگ اڑ جانا۔ پھیکا پڑ جانا۔
–الزَّرعُ کھیتی کا آخری خوشہ نکلنا۔
–الكَرْمُ انگور کی بیل میں خوشے نکلنا۔
یقال: نَفَضَتِ الدَّابَّةُ بچہ جننا۔
–فلانٌ من مرضه صحت یاب ہونا۔
–القومُ زادِراہ ختم ہو جانا۔
–الشيَ نَفضًا جھٹکنا تاکہ اس پر لگی چیز اتر جائے۔
یقال: نَفَضَتهُ الحُمّى کسی کو بخار کا کپکپا دینا۔
–المكانَ ونحوهُ کسی جگہ وغیرہ کو جاننے کے لئے اس کی سب چیزیں دیکھنا۔
–الشيَ ہٹانا' زائل کرنا' گرانا۔
یقال: نفضوا حلائبهم۔ دودھ والی اونٹنیوں کا سارا دودھ نکال لینا۔
نفضَتِ المرأة كَرِشَها۔ عورت کا بکثرت

بچے جننا' پے در پے بچے جننا۔
أنفَضَ الوعاءُ برتن خالی ہو جانا۔
–القومُ زادَهم اپنا زاد راہ ختم کر دینا۔
نَفَّضَ الشيَ۔ نَفَضَهُ۔
اِنتَفَضَ الشيُ جھٹکا جانا۔ تھرتھرانا۔
یقال: فلان يَنتفِضُ من الرِّعدةِ۔
–الكَرْمُ انگور کی بیل کا سرسبز ہونا۔
–الشيَ کسی چیز کو نچوڑ کر ساری چیز نکال لینا۔
یقال: انتفض الفصيلُ ما في الضَّرعِ۔
استَنفَضَ القومُ لوگوں کا کسی جگہ اپنے جاسوس بھیجنا۔
–المكانَ ونحوه۔ نَفَضَهُ۔
یقال: اِستَنفَضَ القومَ لوگوں کو غور سے دیکھنا۔
–ماعدہ یعنی کوئی چیز باہر نکالنا۔
الأنفُوضَةُ درخت کی جڑوں میں گرنے والا پھل۔
(ج) أنافِيضُ۔
یقال: أصبَنَا اليومَ أنافيضَ۔
المِنفَاضُ کپڑا یا چادر جس پر پھل یا پتے گرتے ہیں۔
المِنفَضُ: المِنفَاضُ۔
(۲) چھاج۔ چھاننی۔
المِنفَضَةُ برتن جس میں مٹی یا ریت رکھی جاتی ہے اور اس میں سگریٹ کا جو ہوا ختم تمباکو جاتا ہے۔ (محدثہ)
المِنفَضَةُ نرسل وغیرہ کا آلہ جس سے زرائع بستروں کی جھاڑ پونچھ کی جاتی ہے۔ (محدثہ)
المَنفُوضُ کپکپی اور بخار میں مبتلا۔
النَّافِضُ: یقال: ثوب نافِضٌ رنگ اڑا ہوا کپڑا۔
أخذتهُ حُمّى نافِضٌ' حُمّى بنافضٍ۔ حُمّى نافِضٍ لرزہ والا بخار۔
(۳) راستے کا کھوج لگانے والا راہبر۔
(ج) نَفَضَةٌ۔
النُّفَاضُ بخار کی کپکپی' لرزہ۔
النُّفَاضُ قحط۔

(۲) درخت وغیرہ ہلانے سے گرا ہوا پھل۔
(۳) منہ میں لگے رہ جانے والے مسواک وغیرہ کے ذرات جنہیں نکال کر باہر پھینکا جاتا ہے۔
النِّفَاضُ: یقال ما علیه نِفَاضٌ: اس کے بدن پر کپڑا نہیں ہے۔ (ج) نُفُضٌ۔
النَّفَضُ درخت کی جڑوں میں گرنے والے پتے اور پھل۔
(۲) انگوروں کا گچھا۔
النِّفْضُ: مکھیوں کے چھتے میں مکھی کے فضلات یا اس میں مری مکھیاں۔
النُّفَضَاءُ: بخار کا لرزہ۔
النُّفْضَةُ: بارش کے منتشر چھینٹے۔ کسی قطعہ ارضی میں بارش ہوا اور دوسرے میں نہ ہو۔
النَّفَضَةُ: دشمن کا پتہ چلانے والی جاسوسوں کی جماعت۔
النُّفَضُ: لرزہ، کپکپی۔
النَّفُوضُ: یقال: امرأة نَفُوضٌ کثیر اولاد عورت۔
رجل نَفُوضٌ للمكان: جگہ کا جائزہ لینے والا۔
النَّفِيضَةُ: النَّفَضَةُ۔
(۲) راستہ طے کرنے والے اونٹ۔
(۳) دبلے اونٹ (ج) نَفَائِضُ۔
نَفَطَتِ القدرُ ـِ نَفْطًا، نَفِيطًا: ہانڈی سے بھاپ کی تیر نما دھاریں نکلنا۔
—فلانٌ: غصہ ہونا۔ برافروختہ ہونا۔
—العنزُ: بکری کا چھینکنا۔
—الظَّبْيُ: ہرن کا بولنا۔
یقال. نَفَطَ فلان مبہم بات کرنا۔
نَفِطَ الصَّبِيُّ ـَ نَفْطًا: بچے کے چیچک نکلنا۔
یَدُه من العمل نَفْطًا، نَفِيطًا، نَفَطًا: سخت کام کرنے سے آبلے پڑنا۔
أَنْفَطَ العملُ يَدَهُ کام کا ہاتھ میں آبلے ڈال دینا۔
تَنَفَّطَتِ القِدْرُ: نَفَطَتْ۔
یقال: تَنَفَّطَ فلان غصہ سے آگ بگولا ہونا۔

—يدُه من العمل: نَفِطَتْ۔
النَّافِطَةُ: کام کی وجہ سے ہاتھ میں پڑنے والا آبلہ۔
(۲) چیچک۔
یقال: يدُه نافِطَةٌ: آبلہ پڑا ہوا ہاتھ۔
رِغْوَةٌ نافِطَةٌ: بلبلوں والا جھاگ۔
یقال: ماله عَافِطَةٌ ولانافِطَةٌ: اس کے پاس کچھ نہیں۔ (ج) نَوَافِطُ۔
النِّفَاطَةُ: تیل نکالنے کا ستر۔
النَّفَّاطُ: تیل کے کنویں سے تیل نکالنے والا۔
(۲) پٹرول کا تاجر۔
(۳) پٹرول پھینکنے والا۔
(ج) نَفَّاطَةٌ، نَفَّاطون۔
النَّفَّاطَةُ: آبلہ۔
(۲) تیل نکلنے کی جگہ۔
(۳) پٹرول پھینکنے کا آلہ۔
النِّفْطُ: ہائیڈروکاربونیٹس سے مرکب خام پٹرولیم کی تقطیر سے حاصل ہوتا ہے۔ یا پتھری کوئلہ کی تقطیر سے۔ سریع الاشتعال ہوتا ہے۔ عموماً آگ جلانے میں استعمال ہوتا ہے۔ (مج)
النَّفْطُ: النَّافِطَةُ یعنی آبلہ اور چیچک۔ واحدته نَفْطَةٌ۔
النَّفَطَانُ: غصہ سے نکلنے والی کھانسی نما آواز۔
النُّفَطَةُ: مشتعل مزاج۔ جلد غصے میں آجانے والا۔
النَّفِيطُ: ہاتھ کے آبلے والا۔
نَفَعَهُ ـَ نَفْعًا: فائدہ دینا۔ نفع پہنچانا۔
هو نافِعٌ، نَفَّاعٌ۔
أَنْفَعَ: لاٹھیوں کی تجارت کرنا۔
نَفَّعَهُ: مبالغه در نَفَعَهُ۔
اِنْتَفَعَ بِهِ: فائدہ اٹھانا۔
اِسْتَنْفَعَ فلانًا: فائدہ حاصل کرنا۔
المَنْفَعَةُ: فائدہ، نفع (ج) مَنَافِعُ۔
مذهب المنفعة اخلاقی مذہب جو فردی یا معاشرتی نفع کے لئے ایک مقیاس مقرر کرتا ہے۔ اس کے مشہور ممثل بنتام اور سٹوورٹ مِل ہیں۔

مَنَافِعُ الدَّارِ: ضروریات خانہ۔
المَنَافِعُ العَامَّةُ: وہ اشیاء جن کے فوائد لوگوں کے مابین مشترک ہوں۔ (محمد عثمان)
النَّافِعُ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک نام۔
النَّافِعَةُ: المَنْفَعَةُ۔
یقال: ما نَفَعَنِي فلانٌ بنافِعَةٍ۔
النَّفَّاعُ. فائدہ، نفع۔
النَّفْعُ: نفع، ذریعہ کامیابی۔
النَّفْعَةُ: لاٹھی (ج) نَفَعَاتٌ۔
نَفَقَ الأرضَ ـُ نَفْقًا: زمین میں بیج ڈالنا۔
—السَّوِيقَ ونحوَه ـُ نَفْقًا: ستو وغیرہ چھاننا۔
نَفَّ ـ نَفًّا: ناک کی ریزش نکالنا۔ (محدث)
النُّفِيُّ: ستو چھاننے کا کپڑا وغیرہ۔
(ج) نَفَافِيُّ۔
النَّفِيفُ: ستو وغیرہ کی پھنکی۔
نَفِقَ الشيءُ ـَ نَفَقًا: ختم ہو جانا۔
یقال: نَفِقَ الزَّادُ۔ نفقت الدراهم۔
—اليَرْبُوعُ: جنگلی چوہے کا اپنے سوراخ سے نکلنا۔
—الدَّابَّةُ نُفُوقًا: مرنا۔
—الجُرْحُ: زخم کا پھیل جانا۔
—البِضَاعَةُ نَفَاقًا: سامان کا ریٹ بڑھ کر مانگ ہونا۔
یقال: نفقت المرأةُ: عورت سے منگنی کے طلبگار بہت ہونا۔
أَنْفَقَ فلانٌ: غریب و مفلس ہونا۔
—التاجرُ: تاجر کا کاروبار بڑھنا۔
—الإبلُ: مناپے سے اونٹوں کی اون پھیل جانا۔
—المالَ ونحوَه: خرچ کرنا۔ ختم کر دینا۔
نَافَقَ اليَرْبُوعُ نِفَاقًا، مُنَافَقَةً اپنے سوراخ میں داخل ہونا۔
—فلانٌ: باطن کے خلاف ظاہر کرنا۔
نَفَّقَ السِّلْعَةَ: سامان کو فروغ دینا۔
اِسْتَنْفَقَ الشيءَ: أَنْفَقَهُ۔

یقال: استنفق المالَ علی عِیَالِه۔
الانفاقُ: خیر کے کام میں مال وغیرہ خرچ کرنا۔
(۲) فقروفاقہ وافلاس۔
قرآن حکیم میں ہے:
قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَائِنَ رَحْمَةِ رَبِّىْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ۔
المُنَافِقُ: جو کفر کو چھپائے اور ایمان ظاہر کرے۔
(۲) جو دشمنی چھپائے اور دوستی ظاہر کرے۔
(۳) باطن کے خلاف ظاہر کرنے والا۔
المِنْفَاقُ: بہت خرچ کرنے والا۔
المَنْفَقُ من السَّراویل: پاجامہ کا نیفہ۔
المَنْفَقَةُ: سببِ نفاق۔
یقال: حُسنُ الاعلان مَنْفَقَةٌ لِلسِّلْعَةِ
والنَّافِقَاءُ: جنگلی چوہے کے سوراخوں میں سے ایک سوراخ۔ ایک کو چھپاتا اور دوسرے کو ظاہر کرتا ہے۔ یہی نفاق کی اصل ہے۔ (ج) نَوَافِقُ۔
النَّفَقُ: زمین یا پہاڑ کی سرنگ۔ جس کا داخل ہونے اور نکلنے کا راستہ بھی ہو۔ (ج) اَنْفَاقٌ۔
النَّفِقُ: جلد ختم اور منقطع ہونے والا۔
یقال: طعام نفِقٌ، فَرَسٌ نَفِقُ الجری۔
النُّفُقُ من النِساء: خاوندوں میں مقبول و پسندیدہ عورتیں۔
النَّفَقَةُ: خرچ۔
(۲) خرچ کئے جانے والے دراہم وغیرہ۔
(۳) زادِراہ۔
(۴) خاوند پر عورت کا واجب الادا خرچ جیسے کھانا، کپڑا، رہائش اور بچوں کی پرورش۔ وغیرہ
(ج) نَفَقَاتٌ، نِفَاقٌ۔
النِّيفَقُ من السَّراويل: المَنْفَقُ۔
(۲) پاجامہ کا کھلا اور کشادہ حصہ۔
نَفَلَ الرَّجلُ ـ نَفْلًا: قسم کھانا۔
ـ فلانًا: کسی کو حق یا حصہ سے زائد حصہ دینا۔
یقال. نفل القائدُ الجُنْدَ: کمانڈر کا فوجیوں کو مالِ غنیمت دینا۔
اَنْفَلَ فلانٌ: اونٹوں کے لئے ببول کا درخت کاٹنا کلہاڑی سے۔
ـ لہ: کسی کے لئے قسم کھانا۔
ـ فلانًا نَفَلَهُ۔
نَفَّلَ لِمن صاحبه: حمایت کرنا۔ دفاع کرنا۔
ـ فلانًا: مبالغہ در نَفَلَهُ۔
(۲) واجب حصے سے زیادہ دینا۔
یقال نَفِّلُوا کبیرَکُم۔
(۲) قسم کھلانا۔
اِنْتَفَلَ من الأمر: بری الذمہ ہونا۔
یقال: انتفل مِمَّا قِيلَ۔
أعشی: کا قول ہے۔
لا تُلْفنا مِن دِماء القوم نَنْتَفِلُ
یقال: انتفل من القوم: مدد سے کنارہ کش ہو جانا۔
ـ الشیٔ منه: طلب کرنا۔
تَنَفَّلَ المُصَلِّی: نوافل پڑھنا۔
ـ علی اصحابه: حق سے زائد حصہ لینے میں اپنے ساتھیوں سے بڑھ جانا۔
النَّافِلَةُ: حق فرض یا حصہ سے زائد۔
یقال: ھو یُصَلِّی النَّافِلَةَ۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ۔
(۲) مالِ غنیمت۔
(۳) ہبہ (۴) پوتا۔
ایک قول کے مطابق اللہ تعالیٰ کے اس قول:
وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً میں
نافلة: سے مراد پوتا ہی ہے۔
(ج) نَوَافِلُ۔
النَّفْلُ: شرعًا فرض وواجب کے علاوہ عمل۔
(۲) ٹھنڈک۔
النَّفَلُ: مالِ غنیمت۔
(۲) ہبہ۔ عطیہ (ج) اَنْفَالٌ۔
(۳) فصیلہ قرنیہ فراشیہ کی ایک معمر یا یک سالہ بوٹی۔ جسے الطریفلن (تریفل کا معرب) کہتے ہیں۔ اس کی کچھ اقسام بری اور کچھ اقسام کی بطورہ چارہ کاشت ہوتی ہے۔ ان میں سے ایک النَّفَلُ الاسکندری یعنی برسیم ہے۔
النُّفَلُ: قمری مہینے کی چوتھی پانچویں اور چھٹی رات۔
النَّوْفَلُ: سمندر۔
یقال رجُلٌ نَوْفَلٌ: سخی آدمی۔
(۲) خوبصورت جوان۔
النَّفْنَافُ: دو پہاڑوں کے درمیان کا کھڈ۔
(۲) روڑ۔
النَّفْنَفُ: ہوا (۲) جنگل و بیابان۔
یقال: قطعت نَفْنَفًا من الأرض۔
(۳) زمین اور بلند حصہ کے درمیان کی گہرائی۔
یقال: بئرٌ بعیدةُ النَّفْنَفِ: کنواں جس کے منہ اور تلی میں کافی فاصلہ ہو۔
(ج) نَفَانِفُ۔
نَفَانِفُ الدار: اطرافِ خانہ۔
نَفَهَ ـ نُفُوْهًا: بزدل اور کمزور دل ہونا۔
ھو نَافِهٌ (ج) نُفَّهٌ۔
ھو مَنْفُوْهٌ (ج) منفوھون۔
ـ الحیوان: سرکشی کے بعد مطیع ہو جانا۔
نَفِهَتْ نفسُ فلانٍ ـ نَفَهًا: تھکا ماندہ ہونا۔ سست ہونا۔ ھو نافِهٌ (ج) نُفَّهٌ۔
اَنْفَهَ لفلان من ماله: کسی کو اپنے مال میں سے تھوڑا سا دینا۔
ـ الدَّابَّةَ: تھکا دینا۔
نَفَّهَ الدابةَ: اَنْفَهَهَا۔
اِسْتَنْفَهَ فُلانٌ: آرام کرنا۔
نَفَاہ ـ نَفْوًا: برطرف کرنا۔ دور کرنا۔
النُّفَايَةُ من الشیٔ: ردی اور باقی بچی ہوئی چیز۔
نَفَی الشیٔ ـ نَفْيًا: ہٹانا۔ دور کرنا۔
یقال: نَفَی الحَاکِمُ فلانًا: جلا وطن کرنا۔
نَفَيْتُ الحصی عن الطريق۔
نفی السَّیْلُ الغُثَاءَ۔
یقال: نفت السحابة مَاءَهَا: بادل کا پانی برسانا۔
(۲) انکار کرنا۔ برأت ظاہر کرنا۔
(۳) قلم زد کرنا۔
ـ الرِّیحُ التراب نَفْيًا، نَفَيَانًا: ہوا کا مٹی اڑانا۔

مَافَاهُ کی بات کے منافی ہونا۔ برخلاف ہوجانا۔
یقال: هذه القضیةُ تُنافِی تلكَ۔
اِنتفی دور ہونا۔
یقال. نفاه فانتفی۔
انتفی الرَّحُلُ جلاوطن کردیا جانا۔
یقال. انتفی شَعْرُہٗ بال گرنا۔
انتفی الشجر من الوادی وادی کے درخت کٹ جانا یا ختم ہوجانا۔
–من الشیٔ بچ نکلنا' بری الذمہ ہونا۔
تَنَافَتِ الاحکامُ او الآراءُ: احکام آراء میں اختلاف وتعارض ہونا۔
المَنفی جلاوطنی کا مقام۔
(ج) مَنَافٍ۔
النُّفَایَۃُ پھینکنے کے قابل خراب چیز۔
(۲) باقی ماندہ چیز۔
نُفَایَۃُ المطر بارش کی بوچھاڑ۔
یقال: هو من نُفَایات القوم معمولی اور گھٹیا لوگ۔
النَّفْیُ ایجاب واثبات کی ضد۔
اَدَوَاتُ النَّفی (علم النحو میں) وہ کلمات جو اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ خبر واقع نہیں۔ جیسے۔ لاً' ما' لم' اِن' لیس اور غیرہ۔
عقوبة النَّفی ملک کی حدود سے باہر نکالنے کی سزا جو خواہ محدود خواہ غیر محدود مدت کے لئے ہو۔ سابق مصری جرائم کے قانون میں یہ سزا بھی ۱۹۰۴ء کے بعد ختم کردی گئی۔ جدید دساتیر نے وطن بدری یا سرزمین کی طرف لوٹنے کو ممنوع قرار دیا ہے۔
النَّفَیَانُ بادل کا برسایا ہوا پانی۔
(۲) سیلاب کا پھیلا ہوا پانی۔
النَّفِیَّۃُ کھجور کے پتوں کا دسترخوان۔ جس پر گوشت یا پنیر وغیرہ دھوپ میں خشک کرنے کے لئے رکھے جاتے ہیں۔
النُّفْیَۃُ باقی ماندہ چیز۔
(۲) ردی چیز جو پھینک دی جائے۔ (ج) نُفًی۔
النَّفِیُّ۔ النُّفَایَۃُ۔
(۲) المَنفِیُّ۔
یقال هذا نَفِیُّ الرِّیحِ دیواروں کی جڑوں میں ہوا سے اڑ کر جمع ہونے والی مٹی۔
نَفِیُّ المطر بارش کی بوچھاڑ۔
نَفِیُّ الرَّحٰی چکی کا باہر پھینکا ہوا آٹا۔
نَفِیُّ القِدْرِ: ہانڈی کے نکلے ہوئے جھاگ۔
نَفِیُّ الجیشِ: لشکر سے ایک طرف ہو جانے والے کچھ لوگ۔
فلان نَفِیٌّ: نامعلوم النسب۔
اَتَانِی نَفِیُّکُمْ: تمہاری دھمکی مجھے پہنچی۔

ن۔ق

نَقَبَ فلانٌ فی الأرضِ ـُ نَقْبًا: زمین میں کسی جگہ جانا۔
–عن الشیٔ: کھوج لگانا۔
–الجلدَ والجدارَ ونحوها: سوراخ کرنا۔
یقال: نَقَبَتِ النَّکبةُ فلانًا. فلاں پر زبردست مصیبت آگئی۔
–الثوبَ: کپڑے کا بغیر پائچوں کے ڈھیلا پاجامہ بنانا۔
نَقِبَ الشیٔ ـَ نَقَبًا: پھٹنا۔
–البعیرُ: اونٹ کا پتلے کھروں والا ہونا۔
نَقُبَ علی القومِ ـُ نَقَابَۃً: قوم کی نگرانی کرنا۔
نَاقَبَ فلانًا' نِقَابًا' مُنَاقَبَۃً: کسی کے آمنے سامنے ہونا' یا اچانک بلاتعیین وقت ملاقات ہو جانا۔
یقال: لقیتُه نِقابًا۔
یقال: نَاقَبَ الرَّجُلَ فَنَقَبَہٗ: اس سے خوبیوں میں مقابلہ کیا تو اس پر غالب آگیا۔
نَقَّبَ: مبالغہ در نَقَبَ۔
یقال: نَقَّبَ فی البلادِ۔
قرآن حکیم میں ہے
فَنَقَّبُوْا فِی الْبِلَادِ هَلْ مِنْ مَّحِیْصٍ۔
وعن الشیٔ: خوب تحقیق وچھان بین کرنا۔
تَنَقَّبَتِ المرأةُ عورت کا نقاب اوڑھنا۔
(۲) تلاش وکرید کی جگہ۔
المَنْقَبُ تنگ پہاڑی راستہ۔
(۲) وہ جگہ جہاں نقیب لگائی جائے۔
المِنْقَبُ جس سے کھودا یا کریدا جاتا ہے۔
رجلٌ مِنقَبٌ کھود کرید کا عادی۔
المَنْقَبَۃُ دو گھروں کا درمیان ناقابل گزر تنگ راستہ۔
(۲) شریفانہ فعل۔ (ج) مَنَاقِبُ۔
المِنقَبَۃُ: المِنقَبُ۔
النَّاقِبَۃُ: پہلو میں نکلنے والا پھوڑا جس کا حملہ پیٹ پر ہوتا ہے اس کا سرا اندر کی طرف ہوتا ہے۔
النِّقَابُ: ذہین محقق عالم۔ اوس کا قول ہے:
نِقَابٌ یحدِّث بالغائب۔
(۲) عورت کا نقاب جو چہرہ ڈھانپنے کے لئے ناک کی پھنگی پر رہتا ہے۔ (ج) نُقُبٌ۔
(۳) پیٹ۔
یقال: هُما فرخانِ فی نقابٍ ایک شکل کے دو چوزے ہیں۔
النِّقَابَۃُ: نقیب کا عوام کے نمائندہ کا اس کے امور میں قائم مقام ہونا۔
(۲) کسی طائفہ کے امور کی رعایت کے لئے منتخب جماعت جن میں سے نقیب' وکیل وغیرہ ہوتے ہیں۔ جیسے نِقابةُ المهن دسین' نقابةُ الأطباء' نقابةُ المحض التعلیمیة۔ (مج)
النَّقَّابُ: بڑا کھوجی۔ محقق۔
النَّقْبُ: کھال یا دیوار وغیرہ کا سوراخ۔ (ج) اَنْقَابٌ۔ نِقَابٌ۔
النُّقْبَۃُ بغیر پائچوں کا پاجامہ۔
(۲) خارش یا ابتدائی خارش۔ (ج) نُقَبٌ۔
یقال هو یضع الهِناءَ مواضعَ النُّقَبِ: وہ ماہر اور تجربہ کار ہے۔
(۳) زنگ وغیرہ کا اثر۔
یقال: جَلَوْتُ سَیْفِی من نُقْبَتِه. میں نے تلوار سے زنگ صاف کیا۔
–اِنَّ علیه نُقْبَةً من سوادٍ: اس پر سیاہی کا نشان ہے۔
یقال: فلانٌ حسن النُّقْبَۃِ خوش رنگ یا خوش رو ہے۔

النَّقبةُ نقاب کی ہیئت۔(ج) نِقَب۔
النَّقیبُ بانسری۔
(۲) ترازو کی زبان۔
(۳) صدر یونین (مو)
(۴) فوج یا پولیس کا عہدہ جو ملازم اول سے اوپر اور رانڈ سے کم ہوتا ہے۔(مح)
(۵) قوم کا ذمہ دار، سردار۔
قرآن حکیم میں ہے
وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيبًا۔ (ج) نُقَبَاء۔
النَّقِيبَةُ: نَقِيبَةُ الرَّجل فطرت طبیعت۔
(۲) مشورہ۔
يقال: هو ميمون النقيبة۔
يقال: ماله نقيبة اس میں قوت رائے نہیں ہے۔
نَقَثَ فلانٌ فی السير او الأمرِ ـُ نَقْثًا: تیز چلنا یا تیز کام کرنا۔
-عن الشیٔ: کوئی چیز کھود کر نکالنا۔
-الأرضَ: زمین کو کدال وغیرہ سے کریدنا۔
-العظمَ: ہڈی کا گودا نکالنا۔
نَقَّثَ فلانٌ فی السير او الأمر: جلدی کرنا۔
-الشیَٔ: منتقل کرنا۔
إِنْتَقَثَ: نَقَثَ۔
يقال: إِنْتَقَثَ فلان فی السير "انتقث العظمَ" انتفث الشیٔ۔
المدفون کھود کر نکالنا۔
إِنْتَقَثَ فلانًا بالكلام۔
تَنَقَّثَ فلان فی الأمر او السير: نَقَثَ۔
-فلانًا اپنی طرف مائل کرنا۔ ہمدرد بنانا۔ رحم و شفقت چاہنا۔
-ضَيْعَتَهُ جائیداد کی نگرانی کرنا۔
نَقَّاثٌ بجو کا نام۔
النَّقْثُ چغلخوری۔
نَقَحَ الشیَٔ ـَ نَقْحًا خراب چیز کو عمدہ چیزوں سے الگ کرنا۔
-العظمَ گودہ نکالنا۔

-العودَ چھیلنا۔
-الجذعَ تنے کو گانٹھیں نکال کر صاف و ہموار کرنا۔
يقال: نَقَحَ الكلامَ او الكتابَ کلام کتاب کو درست کرنا۔
نَاقَحَهُ مقابلہ کرنا۔
نَقَّحَ: مبالغہ در نَقَحَ۔
الكلامَ او الكتابَ درست کرنا۔
يقال: نَقَّحَتْهُ السِّنون مرور زمانہ کا کسی کو کمزور کر دینا۔
اِنْتَقَحَ العظمَ: نَقَحَهُ۔
تَنَقَّحَ شحمُ الناقةِ کم ہونا۔
المُنَقَّحُ: يقال: رجلٌ مُنَقَّحٌ تجربہ کار آدمی۔
طبعة من الكتاب مُنَقَّحة کتاب کا تصحیح شدہ ایڈیشن۔
النَّقَخُ موسم گرما کا سفید بادل۔
النِّقَخُ تجربہ کار عالم۔
يقال: انه لَنِقَخٌ۔
النَّقَخُ خالص اور صاف رہنا۔
نَقَخَ رأسَهُ بالعَصا ـَ نَقْخًا سر پر لاٹھی مارنا۔
-المُخَّ من العظم: ہڈی سے گودا نکالنا۔
-الماءُ العَطَشَ: پانی کا پیاس کو ختم کر دینا۔
اِنْتَقَخَ المُخَّ من العظم گودا نکالنا۔
الأَنْقَخُ کمزور دماغ۔
يقال: ظليمٌ أَنْقَخُ۔
النُّقَاخُ: ہر خالص چیز۔
يقال: هذه نُقَاخُ العربيّة۔
(۲) صاف شفاف ٹھنڈا پانی۔
(۳) اپنی جگہ سے نکلا ہوا بہت پانی جہاں پانی کا وجود نہ ہو۔
(۴) سکون و اطمینان کی نیند۔
النَّقَخَةُ: مٹاپے سے بھاری قدم اٹھا کر چلنے والی عورت۔
النُّقَاخُ کان اور اس کے پیچھے ابھری ہوئی ہڈی سے گدی کا اگلا حصہ۔
نَقَدَ الشیَٔ ـُ نَقْدًا کسی چیز کو پرکھنا یا کھرا کھوٹا جانچنا۔
يقال: نَقَدَ الطائرُ الفخَّ: نقدتُ رأسَهُ باصبعی۔
نقد الدراهم والدنانير وغيرهما نقدًا تَنْقَادًا کھرا کھوٹا الگ الگ کرنا۔
يقال: نقد النثرَ' نقد الشعر عیب یا حسن کو ظاہر کرنا۔
فلانٌ ينقد الناس لوگوں کی عیب جوئی اور غیبت کرنا۔
-الحيّةُ فلانًا سانپ کا ڈسنا۔
-الشیَٔ اليه ببصره نُقُودًا کسی چیز کو چوری سے دیکھنا کہ کسی کو علم نہ ہو۔
-فلانًا الدراهم نَقْدًا تَنْقَادًا درہم یا کوئی سکہ دینا۔
-فلانًا الثمنَ' وله الثمنَ نقد فوری قیمت دینا۔
نَقِدَ الشیُٔ ـَ نَقَدًا خراب ہو جانا۔
يقال: نَقِدَ الضِّرسُ او القرنُ داڑھ یا سینگ کا ٹوٹ جانا۔ کھا جانا۔
نَقِدَ الحافِرُ کھر کا چھل جانا۔
نَقِدَ الجذعُ درخت کے تنے کو دیمک لگ جانا۔
هو نَقِدٌ۔ نَقَدٌ۔
أَنْقَدَ الشجرُ درخت پر پتے نکلنا۔
نَاقَدَهُ بحث کرنا۔
اِنْتَقَدَ الولدُ جوان ہونا۔
-الدراهمَ وصول کرنا۔
(۲) پرکھ کر کھوٹے سکے نکال دینا۔
يقال: انتقد الشعرَ على قائله شاعر کے شعر کے عیب نکالنا۔
-الأرضُ الجذعَ درخت کے تنے کو دیمک کا کھوکھلا کر دینا۔
تَنَاقَدَ' تَنَقَّدَ الدراهمَ وغيرَها نَقَدَها
الأَنْقَدُ کچھوا۔
(۲) سیہی۔ ضرب المثل ہے هو من الأنقد جس کے دانت میں درد ہو۔
أسرى من أنقد کیونکہ یہ رات بھر نہیں

سویا۔ اس سے عربوں کا قول ہے: باتَ بلَيْلٍ أَنْقَدَ وہ بالکل نہیں سویا۔
الإِنْقَدانُ کچھوا۔
المِنْقادُ چونچ۔
المِنْقَدُ اخروٹ توڑنے کا آلہ۔
(۲) اخروٹ توڑ کر ڈالنے کی تھلیا۔ (ج) مَناقِدُ۔
النَّاقِدُ القِبْيُّ فنی کام کی پرکھ کرنے والا کاتب۔ یعنی عمدہ کو ردی اور صحیح کو کج سے الگ کرنے والا۔ (ج) نُقَّادٌ نَقَدَةٌ۔
النَّقْدُ (بیع میں) ادھار کے الٹ۔
یقال: درهم نقدٌ کھرا درہم۔ (ج) نُقُودٌ۔
(۲) سونے یا چاندی وغیرہ کا سکہ۔
(۳) عمدہ کلام کو ردی یا صحیح کو غلط سے تمیز دینے کا فن۔
النِّقْدُ کم گوشت جسم کا دیر سے جوان ہونے والا۔
النَّقَدُ ایک جنگلی درخت جس پر زرد پھول آتے ہیں۔
(۲) چھوٹی بھیڑی بکریاں۔ چھوٹی ٹانگوں اور بدنما شکل والی بھیڑوں کی قسم جو بحرین میں پائی جاتی ہے۔
واحدته نَقَدَةٌ۔
(ج) نِقادٌ۔ نِقادَةٌ۔
(۳) گھٹیا لوگ۔
النِّقْدَةُ (دیکھئے الكَرَوْيَا)
النَّقَّادُ دراہم وغیرہ پرکھنے والا۔
(۲) بھیڑ بکریوں کا چرواہا یا مالک۔
نَقِذَ۔ نَقَذًا چھٹکارا پانا۔
یقال: أَنْقَذْتُه فَنَقِذَ۔
أَنْقَذَهُ نجات دلانا۔ چھٹکارا دلانا۔
یقال: انقذت الشئ منه' أَنْقَذْتُه من الشرِّ نَقَّذَهُ أَنْقَذَهُ۔
تَنَقَّذَهُ أَنْقَذَهُ۔
یقال. تَنَقَّذْتُ منه الحديث حدیث معلوم کرنا استخراج کرنا۔
اِسْتَنْقَذَهُ: أَنْقَذَهُ۔

قرآن حکیم میں ہے
وَإِنْ يَسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْئًا لَّا يَسْتَنقِذُوهُ مِنْهُ۔
الأَنْقَذُ: سیہی۔
النَّقَذُ سلامتی۔ نجات۔
یقال: نَقَذًا لك تم سلامت رہو۔
النَّقَذُ چھڑائی ہوئی چیز۔ قبضہ سے نکالی ہوئی چیز۔
یقال: فَرَسٌ نَقَذٌ۔
یقال: مالَهُ شَقَذٌ ولا نَقَذٌ اس کے پاس کچھ نہیں۔
النَّقِيذُ دشمن کے قبضے سے چھڑایا ہوا مال۔
(ج) نَقائِذُ۔
النَّقِيذَةُ: النَّقِيذُ۔
یقال: هو نقيذةُ بُؤْسٍ اسے پریشانی سے بچایا گیا ہے۔
(۲) زرہ۔ کیونکہ اپنے صاحب کو نیزہ بازی سے بچاتی ہے۔
(ج) نَقائِذُ۔
نَقَرَ عن الأمرِ۔ نَقْرًا: تحقیق کرنا۔
—في الحجر: پتھر پر لکھنا۔
—في صلاته: نماز میں جلدی کرنا۔
حدیث میں ہے کہ آپ نے
—نَهى عن نَقْرَةِ الغراب: یعنی جلدی جلدی سجدے کرنے سے منع فرمایا ہے۔
بلسانه: آواز نکالنا۔
—بالدَّابَّةِ: چوپائے کو چلانے کے لئے آواز نکالنا۔
یقال: نَقَرَ بفلان: لوگوں کے درمیان سے آواز دے کر کسی کو بلانا۔
—في الصُّور بگل بجانا۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَإِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُورِ۔
—الشئ بالشئ ایک شے کو دوسری پر مارنا۔
یقال: نَقَرَ رأسَهُ باصبعه۔ نَقَرَ الدَّفَّ والعود السَّهْمُ الهَدَفَ تیر کا نشانہ پر لگ کر آر پار نہ ہونا۔

—الطائرُ الحَبَّ: دانہ چگنا۔
یقال: نَقَرَ شيئًا من الطَّعام: انگلی سے کھانے کی چیز اٹھانا۔
—الشئَ: کدال وغیرہ سے کھودنا۔
یقال: نَقَرَ النَّقَّارُ الخَشَبَةَ۔
—الخيلُ الأرضَ. گھوڑوں کا زمین پر ٹاپ مارنا۔
یقال: نَقَرَ فلانًا: عیب جوئی کرنا۔ غیبت کرنا۔
نَقِرَ فلانٌ۔ نَقَرًا: غریب ہو جانا۔
—الشاةُ: بکری کے پیر میں بیماری ہونا۔
—عليه: غصہ ہونا۔
هو نَقِرٌ هي نَقِرَةٌ۔
أَنْقَرَ عنه: رک جانا۔
یقال: ضربه فما أَنْقَر عنه حتى قتله: اس نے اس کی پٹائی کی اور مرنے تک اسے نہ چھوڑا۔
نَاقَرَهُ مُنَاقَرَةً نِقارًا: کسی سے جھگڑنا اور بار بار بات اٹھانا۔
نَقَّرَ الطائر في الموضع: پرندہ کا کسی جگہ کو انڈے دینے کے لئے نرم بنانا۔
—باسمِ فلان: لوگوں میں سے کسی خاص آدمی کا نام لے کر پکارنا۔
—الشئَ وعنه. کسی چیز کی تلاش و چھان بین کرنا۔
اِنْتَقَرَ الشئَ: حقیر سمجھنا۔
یقال: جَرَت السُّيول فانتقرت نُقَرًا احتبس فيها الماء۔
—الشئَ وعنه نَقَّرَ۔
—الشئَ چننا۔ پسند کرنا۔
—في الدَّعوة إلى الوليمة: دعوت ولیمہ میں مخصوص لوگوں کو بلانا۔
یقال: انتقر الرجلَ او بالرجل دعوت میں قوم کے کسی خاص فرد کو بلانا۔
تَنَقَّرَ الشئَ: چھان بین کرنا۔ تحقیق کرنا۔
—على الأهل والمال: مال یا اہل خانہ کے لئے بددعا کرنا۔
الأَنْقُورُ: کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔

المِنْقارُ: پرندے کی چونچ۔
(ج) مَناقِیرُ کلہاڑی کی مانند لوہے کا آلہ جو گول ہوتا ہے اس کی چونچ سے پتھر کاٹے جاتے ہیں۔
(۳) لکڑی کھودنے کا آلہ۔ (مو)
المِنْقَرُ کدال (ج) مَناقِرُ۔
المُنْقُرُ شراب رکھنے کا لکڑی کا کھودا ہوا آلہ۔
(۲) سخت زمین میں کھودا ہوا چھوٹا یا تنگ منھ کنواں۔ (ج) مَناقِیرُ (غیر قیاسی)
النَّاقِرُ نشانہ پر لگنے والا تیر۔
یقال: اَخطَأتْ نَوَاقِرُهُ اس کے تیر نشانہ خطا کر گئے۔ (ج) نَوَاقِرُ۔
النَّاقِرَةُ صحیح دلیل۔ (ج) نَوَاقِرُ۔
یقال: اَتتنی عنه نواقِرُ: اس کی طرف سے مجھے بری باتیں سننے کو ملیں۔
اَخطَأتْ نواقِرُ فلان: فلاں بدلہ لینے میں ناکام رہا۔
النَّاقُورُ صور جس میں پھونک مار کر آواز نکالی جاتی ہے۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَإِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُورِ (ج) نَوَاقِیرُ۔
النُّقَارَةُ: چونچ بھر دانہ۔
(۲) پتھر یا لکڑی تراشتے وقت گرنے والے ریزے۔
یقال: ما ترك عندی نُقارةً الا انتقرها: اس نے میرے پاس جو بھی عمدہ چیز دیکھی اسے لئے بغیر نہ رہا۔
النِّقارَةُ: سنگ زانی۔ چوب تراشی۔ نقاشی۔
النَّقْرُ زوردار چوٹ جو کبھی سوراخ بھی کر ڈالتی ہے۔
(۲) چٹکی بجانے کی آواز۔
النَّقِرُ: الاَنقورُ۔
النقیر: غریب و فقیر۔
یقال: ماله بموضع كذا نَقِرٌ: فلاں کے پاس نہ کنواں ہے نہ پانی۔
النَّقِرُ: یقال اعوذ باللہ من العَقرِ والنَّقرِ: میں کہنہ بیماری اور ضیاع مال سے اللہ کی پناہ

مانگتا ہوں۔
النُّقَرَى: عیب۔ مذمت۔
(۲) خصوصی دعوت۔
یقال: اِنَّ المُولِمَ مِنَّا لا یدعو النَّقَرَى۔
النِّقْرَةُ جھڑپ۔ تکرار جھگڑا۔
یقال: بینهما نِقرَةٌ۔
النُّقْرَةُ: زمین وغیرہ میں گول چھوٹا سا گڑھا جس میں سیلاب کا پانی باقی رہ جائے۔
نُقرَةُ القَفَا دماغ کا آخری گڑھا۔
(۲) آنکھ کا گڑھا۔
(۳) پرندوں کے انڈے دینے کی جگہ۔
(ج) نُقَرٌ، نِقارٌ۔
(۴) سونے چاندی کا پگھلا ہوا ٹکڑا۔
(ج) نِقارٌ۔
النُّقَرَةُ چوپائے کے پاؤں کی بیماری۔
النَّقَّارُ: بہت چونچ مارنے والا۔
یقال: رجلٌ نَقَّارٌ خبروں کی ٹوہ میں لگا رہنے والا۔ کھوجی۔
(۲) پتھر اور لکڑی تراشنے والا۔
(۳) لگاموں اور کاموں کا نقاش۔
النَّقِیرُ تراشا ہوا پتھر یا لکڑی۔
(۲) کھجور کا تنہ جس میں سیڑھیاں تراش کر زینہ کا کام لیتے ہیں۔
(۳) پیالہ نما گڑھی ہوئی لکڑی جس میں شراب بنائی جاتی ہے۔
(۴) الاُنقورُ: کمزور چیز کے بارے میں یہ ضرب المثل ہے۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَلَا يُظْلَمُونَ نَقِيرًا۔
(۴) فقیر۔ مسکین۔
(۵) قصرة میں باریک سوراخ جو کہ عام طور پر بَذْرَة کے سامنے والے حصے میں ہوتا ہے۔
(ج) اَنقِرَةٌ۔
یقال: فَقِیرٌ نَقِیرٌ: (اتباع)
النَّقِیرَةُ چھوٹی کشتی۔
تَقَرَّدَ فی المکان لمبا قیام کرنا۔
المُنْقَرِدُ: یقال مالكَ مُنقَرِدًا: کیا بات ہے

تم نے قیام کیوں کر رکھا ہے۔
النِّقْرِسُ: پیروں کے جوڑوں کی بیماری جو اکثر انگوٹھے میں ہوتی ہے اسی کو داء الملوك کہا جاتا ہے۔
(۲) ہلاکت۔ (۳) بڑی مصیبت۔
(ج) نَقارِسُ۔
النِّقْرِیسُ ماہر راہبر۔
(۲) ہوشیار و ماہر طبیب۔
(۳) عورتوں کے سر میں لگانے کی چھوٹی سی چیز۔
(ج) نَقارِیسُ۔
نَقْرَشَ الشیئَ فراش لگانا۔
(۲) مزین کرنا۔ سجانا۔
(۳) ہلانا۔ (۴) چھان بین کرنا۔
النَّقْرَاشَةُ: احساس خفی۔
(۲) سجاوٹ۔ تزئین۔
نَقَزَ الظَّبیُ وغیرہ فی عَدْوِهِ۔ نَقْزًا، نَقَزانًا: ہرن کا اچھل کر چھلانگ لگانا۔
-الشیئَ عنه دور کرنا۔ ہٹانا۔
اَنقَزَ فلانٌ خراب چیز چھانٹ کر لینا۔
(۲) صاف و شیریں پانی پینے کا عادی ہونا۔
(۳) نقاز کے بیمار مویشیوں والا ہونا۔
-عن الشیئِ رکنا۔ چھوڑنا۔
-عدوَهُ تیزی سے مار ڈالنا۔
نَقَّزَهُ اچھالنا، کدانا، نچانا۔
یقال: نَقَّزَتِ المرأةُ صَبِیَّهَا۔
اِنتَقَزَتِ الماشیةُ نقاز کی بیماری میں مبتلا ہونا۔
-لفلان مالَهُ کسی کو مال چھانٹ کر دینا۔
المَنقُوزُ نقاز کا مریض۔
النَّاقِزُ: یقال: عطاء ناقِزٌ ذو ناقِزٍ گھٹیا۔
النَّاقِزَةُ چوپائے کی ایک ٹانگ (ج) نَوَاقِزُ۔
النُّقَازُ طاعون کی طرح کی جانوروں کو لگنے والی مہلک بیماری۔
النَّقَزُ گھٹیا لوگ یا مال۔
یقال: اعطاه من نَقَزِ المَالِ۔
(۲) لقب۔

النُّقَرُ میٹھا شفاف پانی۔
النِّقَرُ میٹھا شفاف پانی۔
(۲) کنواں۔
النُّقَرُ کنواں۔
النُّقَارُ چڑیا۔ یا چھوٹی چڑیا۔
(ج) نَقَاقِیْرُ۔
نَقَسَ النَّاقُوسَ ـُ نَقْسًا ناقوس کا بجنا۔
—فلانٌ ناقوس بجانا۔
یقال: نَقَسَ بالناقوس۔
—الشرابُ مشروب کا کھٹا ہونا۔
بین القوم لوگوں میں فساد کرانا۔
—فلانًا عیب جوئی کرنا۔ مذمت کرنا۔
نافَسَهٗ کسی کی عیب گیری کرنا۔
یقال: بینهما مُنافَسَةٌ و مناقَسَةٌ۔
نَقَّسَ فلانًا: مبالغہ در نَقَسَهٗ۔
—القومَ بنا قوسه ناقوس بجا کر لوگوں کو بلانا۔
—الدَّواةَ دوات میں سیاہی ڈالنا۔
النَّاقُوسُ نصاریٰ کا گھنٹہ جسے وہ اپنی نماز کے وقت بجاتے ہیں۔
(ج) نَوَاقِیْسُ۔
النِّقَاسَةُ عیب، تمسخر۔
النِّقْسُ ایک قسم کا ناقوس۔
(ج) نُقُسٌ۔
(۲) خارش۔
النِّقْسُ لکھنے کی روشنائی۔
(ج) اَنْقَاسٌ، اَنْقُسٌ۔
النِّقِّسُ: یقال. رجلٌ نِقِّسٌ لوگوں میں عیب نکالنے والا۔
نَقَشَ الشیءَ ـُ نَقْشًا کسی چیز کو ڈھونڈ کر نکالنا۔
یقال نَقَشَ الشوکةَ بالمِنْقَاشِ، نقشَ الحقَّ من فلان۔
—الشَّعَرَ بال چونٹنا۔
—مربضَ الغنم بکریوں کے بالوں کو کنکریاں وغیرہ نکال کر صاف کرنا۔
حدیث میں ہے
(استوصُوا بالمعزى خيرًا فَإنَّهٗ مالٌ رقيقٌ وانقُشوا له عطنَه)۔
—الشیءَ رنگوں سے سجانا۔
—الرَّحیٰ چکی کے پتھر کو کھردرا کرنا۔
—العِذقَ کھجور کے خوشوں کو رطیب بنانے کے لئے کانٹے سے چوکے لگانا۔
نُقِشَ العَذقُ کھجور کے خوشوں میں رطب کے آغاز والے نکات پیدا ہونا۔ هو مَنْقُوشٌ۔
اَنْقَشَ پختہ کھجور کھانے کا عادی ہونا۔
(۲) مقروض پر سخت تقاضا کرنا۔
نَاقَشَهٗ مُنَاقَشَةً نِقَاشًا کسی کے ساتھ حساب کتاب میں بحث کرنا۔ تفصیلی حساب لینا۔
یقال: ناقشه الحسابَ، ناقشهٗ فی الحساب۔
—المسألةَ کسی مسئلے پر بحث کرنا۔ (مو)
نَقَّشَهٗ رنگوں سے آراستہ کرنا۔
اِنْتَقَشَ فلانٌ نقش سے نگینہ پر نقش بنوانا۔
—الشیءَ نکالنا۔ (۲) پسند کرنا۔
—منه جمیعَ حقِّه: پورا حق لینا۔
المِنْقَاشُ آلہ نقاشی۔ (ج) مَنَاقِیْشُ۔
یقال: استخرجتُ منه حقی بالمناقیش میں نے بڑی مشکل سے اپنا حق وصول کیا۔
المَنْقُوشَةُ: وہ زخم جس سے ہڈیاں نکالی جائیں۔
النِّقَاشَةُ نقاشی کا پیشہ۔
النَّقْشُ اثر، نشان۔
یقال: ذَهَبَ الرَّمادُ حتّى مانرىٰ له نَقْشًا۔ (۲) پانی کا چھینٹا دے کر تھیلے میں رکھی ہوئی تازہ کھجور۔ (ج) نُقُوشٌ۔
النَّقَّاشُ نقش و نگاری کرنے والا۔
النَّقِیْشُ مثل، مشابہ۔
یقال: هذا نَقِیْشُ هذا۔
ماله ضِدٌّ و لا نَقِیْشٌ۔
نَقَصَ الشیءُ ـُ نَقْصًا نُقْصَانًا کم ہونا۔ گھٹیا ہونا۔
یقال: نَقَصَ عقلُه او دِینُه کمزور ہونا۔
—الشیءَ کم کرنا۔ گھٹانا۔
قرآن حکیم میں ہے
اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا نَاْتِی الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا۔
—فلانًا حقَّه حق میں کمی کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے
ثُمَّ لَمْ یَنْقُصُوْکُمْ شَیْئًا۔
—فلانًا نَقِیْصَةً عیب نکالنا۔
—الشیءُ فلانًا کسی کے پاس کوئی چیز نہ ہونا۔
(ج)
اَنْقَصَ الشیءَ: نَقَصَهٗ۔
نَقَّصَ الشیءَ: مبالغہ در نَقَصَهٗ۔
اِنْتَقَصَ الشیءُ: نَقَصَ۔
—الشیءَ: نَقَصَهٗ۔
—الحقَّ کسی کے حق میں کمی کرنا۔
—الثمنَ: قیمت کم کرانا۔
—فلانًا عیب نکالنا۔
تَنَاقَصَ الشیءُ بتدریج کم ہونا۔
تَنَقَّصَ الشیءَ: تھوڑا تھوڑا لینا۔
—فلانًا کسی میں عیب نکالنا۔
اِستَنْقَصَ الشیءَ ناقص سمجھنا یا ناقص قرار دینا۔
—الثمنَ: قیمت کم کرانا۔
المَنْقَصَةُ نقص، کمی۔ (ج) مَنَاقِصُ۔
النَّقْصُ کمزوری۔
یقال: اصابه نَقْصٌ فی عقله او دینه۔
(۲) (علمائے عروض کے ہاں) بحر وافر میں مُفَاعَلَتُنْ کے ساتویں حرف کو حذف کر کے پانچویں کو ساکن کرنا۔ تو ہو جائے مفاعَلْتُ۔ پھر اسے مفاعیلُ کی طرف منتقل کر دیا جائے گا اور ایسا صرف حشو میں ہوتا ہے۔
النُّقْصَانُ کسی چیز میں کم ہونے والی مقدار۔
النَّقِیْصَةُ: النَّقْصُ۔
(۲) لوگوں پر طعن و تشنیع
(۳) بری خصلت۔ (ج) نَقَائِصُ۔
نَقَضَ الشیءَ ـُ نَقْضًا: ڈھا کر توڑنا۔

یقال: نقضَ البناءَ منہدم کرنا۔
نَقضَ الحبلَ او الغزلَ: بل کھول دینا۔
قرآن حکیم میں ہے
وَلَا تَكُونُوا كَالَّتِي نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ أَنْكَاثًا
نَقضَ الیمینَ او العهدَ قسم یا وعدہ توڑنا۔
قرآن حکیم میں ہے
وَلَا تَنْقُضُوا الْأَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيدِهَا۔ اور
الَّذِينَ يَنْقُضُونَ عَهْدَ اللَّهِ مِنْ بَعْدِ مِيثَاقِهِ۔
نَقضَ مَا اَبرَمَهُ فلانٌ: کسی کا فلاں کے فیصلے کو کالعدم کرنا۔
-وِترَهُ: اپنا انتقام لینا۔
الکماۃُ وجهَ الارض: کھمبی کا زمین کی سطح کو پھاڑ دینا۔
اَنقضَ النباتُ زمین پھٹ کر پودا اگنا۔
یقال: اَنقضتِ الارضُ: زمین پر روئیدگی ظاہر ہونا۔
-الاصبعُ ونحوها انگلی وغیرہ کا چٹخنا۔
یقال: اَنقضتِ الدجاجة عند البیض۔
عنِ الکماۃ ونحوها کھمبی زمین سے نکالنا۔
-العنزَ بلانا۔
الشئُ کسی چیز میں سے آواز نکالنا۔
یقال: اَنقضَ اصابعَهُ۔
-الحِملُ الظهرَ کمر کو بوجھل کر دینا۔
قرآن حکیم میں ہے۔
وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ الَّذِي أَنْقَضَ ظَهْرَكَ۔
نَاقضَ فی قوله مُناقضةً نِقاضًا: متضاد بات کرنا۔ مفہوم کے برخلاف بولنا۔
-غیرَهُ مخالفت کرنا اعتراض کرنا۔
-الشاعرُ الشاعرَ ایک شاعر کا دوسرے شاعر پر تنقید اپنے اشعار میں کرنا۔
نَقّضَ النباتُ: اَنقضَ۔
النباتُ الارضَ روئیدگی کا زمین کو پھاڑنا۔
اِنتقضَ الشئُ پختہ ہو کر ٹوٹنا۔ خراب ہونا۔
یقال: اِنتقضَ البناءُ۔ انتقض الحبلُ۔

اِنتقضَ الوضوءُ او الطهارةُ۔
یقال: انتقض القوم علی السلطان لوگوں کا سلطان کے خلاف بغاوت کرنا۔
تَناقضَ الشئُ: اِنتقضَ۔
-القولان دو باتوں کا متضاد ہونا۔
-الشاعران دو شاعروں کا اشعار میں ایک دوسرے کے اشعار پر تنقید کرنا۔
تَنَقّضَ الحبلُ رسی کے بل کھلنا۔
-الارضُ من النبات زمین پھٹ کر روئیدگی ظاہر ہونا۔
-الشئُ آواز نکالنا۔
یقال: تَنَقّضتْ عظامه۔
التّناقُضُ: یقال فی کلامه تَناقُضٌ: اس کا کلام متضاد ہے۔ کلام کے اجزاء باہم ابطال کے متقضی ہیں۔
(۲) منطق میں متناقضین کے درمیان نسبت کا نام۔
المُتناقِضان: (علم منطق میں)
دو ایسی چیزیں جن کا کسی ایک جگہ ایک حالت میں نہ اجتماع ممکن ہو نہ ارتفاع۔ جیسے اَبیضُ اور لا اَبیضُ۔
-من الکلام: دو ایسے قول جن میں سے ایک کا دوسرے کے ساتھ ایک حال اور ایک شے پر بولنا صحیح نہ ہو۔
جیسے هو کذا او لیس بکذا۔
النُّقاضةُ کھولی ہوئی چیز۔
النقّاضةُ تراثی کا پیشہ۔
النَّقضُ: نقض الحکم جب قانون کی تطبیق یا تاویل میں حکم کا صدور مخصوص مقاصد پر مبنی ہو تو اس کا ابطال نقض حکم کہلاتا ہے۔ یا جو مصری مقاصد کے ساتھ مخلوط ہو یا حکم کے بطلان کے ساتھ۔ کبھی نقض حکم مدنی اور حکم جنائی کو برابر کے ساتھ لاحق ہوتا ہے۔ جب ان میں سے کوئی ایک محاکم ابتدائیہ یا استئنافیہ سے فیصلہ کن طور پر صادر ہوا ہو۔ (مج)
محکمة النَّقضِ ملک کی اعلیٰ عدالت' اس کے فیصلے دوسری عدالتوں پر لازم ہوتے ہیں۔

(ج)
النِّقضُ ٹوٹی ہوئی چیز۔
یقال: اصلح نِقضَ بنائك۔
(۲) چلنے سے دبلا ہونے والا جانور۔
یقال: حصان نِقضٌ۔
(۳) خراب شدہ شہد جسے مکھیوں کے چھتے میں لگا دیا جاتا ہے اور مکھیاں اس میں سے شہد تیار کرتی ہیں۔ (ج) اَنقاضٌ' نُقوضٌ۔
النِّقضُ: ادھیڑ کر دوبارہ بنا ہوا سوت۔
النَّقیضُ مخالف۔
یقال: فلان نقیضك۔ هذا القوم نَقیضُ ذاك۔
نقیض الدعوی (فلسفہ میں) وہ قضیہ جو متعین دعوے کے خلاف ہو۔ (مقابل دعویٰ)
(۲) آواز۔
یقال: نَقیضُ الفَرادیجِ' نقیض المفاصل' نقیض الاصابع۔
النَّقیضانِ (منطق میں) المُتناقِضان۔
النَّقیضةُ (فلسفہ میں) تطبیق کے وقت قوانین و اصول میں تناقض۔ فلاسفہ اسے "کانت" سے ظاہر کرتے ہیں کہ خالص عقلی قوانین کا تنازع اور تناقض۔ (مج)
(۲) پہاڑی راستہ (۳) من الشِّعرِ وہ قصیدہ جس سے شاعر دوسرے شاعر کے اشعار پر تنقید کرے۔ جیسے نقائض جریر اور فرزدق۔
(ج) نَقائِضُ۔
نَقطَ الحرفَ وعلیه ـُ نَقطًا ایک یا زائد نقطہ لگا کر ممتاز کرنا۔
-الکتابَ اعراب لگانا۔
نَقّطَ الحروفَ: مبالغہ در نقطها۔
-الشئَ بالمداد و نحوه روشنائی سے نشانات ڈالنا۔
یقال: نَقّطت المرأةُ خدّها عورت کا خوبصورتی کے لئے رخسار پر نقطہ لگانا۔
نقّط فلانًا بکلام کسی کو تحریری طور پر گالیاں دینا۔ تکلیف دینا۔
-العروسَ ونحوها بوقت رخصتی دولہن کو

تحفہ یا مال دینا۔(مو)

تَنَقَّطَتِ الارض: زمین پر جگہ جگہ گھاس کے ٹکڑے اگنا۔

یقال: تَنَقَّطَ الخَبَرَ تھوڑا تھوڑا معلوم کرنا۔

النُّقطَةُ سطح ستون پر انتہائی چھوٹی گول علامت۔

(۲) خط عربی میں انتہائی چھوٹی گول علامت جو حرف کے اوپر یا نیچے بطور امتیاز لگائی جاتی ہے۔ قدیم لکھائی تشکیل کے لئے بھی استعمال کیا جاتا تھا۔ بعض سامی لغات میں نقطوں کو تشکیل حروف کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

یقال: وضع النُّقَطَ علی الحروف: کسی معاملے کی وضاحت کرنا۔

-من الشئ تھوڑا سا حصہ۔ چھوٹا سا جزء۔

یقال: أعطاہ نُقطَةً عن عسل: اسے ذرا سا شہد دیا۔

لہ نقطة من نخلٍ اس کے پاس کھجور کے کچھ درخت ہیں۔

(۲) دلہن یا دولہا کو دیا جانے والا تحفہ۔(مو)

(۳) معاملہ۔ قضیہ۔

یقال: لم یختلف الخطیبان فی نُقطة دو منگیتروں میں مکمل اتفاق ہے۔

(۴) (علم ہندسہ میں) وہ جسم جس کا نہ طول ہو اور نہ عرض۔(مج)

(ج) نُقَطٌ، نِقَاطٌ۔

النُّقطِيَّةُ (البَرقِسِيَّةُ): فن تصویر کشی کا ایک نظریہ جو فقط سطح پر مخصوص نقطوں کے ذریعے شکل کے اظہار پر قائم ہے۔(مج)

نَقَعَ فلانٌ ـَ نُقُوعًا ضیافت وغیرہ کا کھانا تیار کرنا۔ ... کی تیار کرنا۔

-السَّقفُ ونحوہ نقعًا، نُقُوعًا چھت سے پانی ٹپکنا۔(مو)

- المائعُ فی مستقرِّہ مائع چیز کا ٹھہرا رہنا۔

یقال نقع الماء فی الغدیر۔

نقع السُّمّ فی أنیاب الحَیَّةِ۔

الظمآن من الماء وبالماء پیاسے کا پانی سے سیراب ہونا۔

یقال: شرب حتی نَقَعَ۔

ضرب المثل ہے حَتَّامَ تکرعُ ولا تنقَعُ۔

یقال: نَقَعتُ بذلك نفسي: طبیعت کا کسی چیز سے سیر ہونا۔ مطمئن ہونا۔

مَانَقَعتُ بخبر فلان: کسی کی خبر سے پوری طرح مطمئن نہ ہونا۔ توجہ نہ دینا۔ تصدیق نہ کرنا۔

-الشئَ نَقعًا پانی وغیرہ میں بھگو کر تر کرنا۔

یقال: نَقَعَ الدَّواءَ، نقع التَّمرَ۔ نَقَعَ الثوبَ۔

یقال: نَقَعَ له الشَّرَّ: کسی کے خلاف دل میں ہمیشہ شر رکھنا۔

-الجَیبَ گریبان چاک کرنا۔

الماءُ العَطَشَ نَقعًا، نُقُوعًا، مَنقَعًا پانی کا پیاس کو بجھا دینا۔

أَنقَعَ الشئَ فی الماء ونحوہ: نَقَعَهُ

-اللبنَ ٹھنڈا کرنا۔

-السُّمَّ زہر کو رکھ کر پرانا کرنا۔

-الشرابُ فلانًا مشروب کا کسی کو سیر کرنا۔

الجزورَ اونٹنی کو ذبح کرنا۔

الصارخُ صوتَه چیخنے والے کا زور زور سے چلاتے رہنا۔

انتقَعَ الشئُ پانی وغیرہ میں زیادہ دیر پڑے رہنے سے حل ہو جانا۔

-النَّقیعَةَ ضیافت کا جانور ذبح کرنا۔

اِستَنقَعَ الماءُ پانی کا کسی جگہ زیادہ عرصہ اکٹھا رہنے سے بدل جانا۔ زرد ہو جانا۔

-فلانٌ فی النَّهرِ ٹھنڈا ہونے کے لئے دریا میں ٹھہرے رہنا۔

الأُنقُوعَةُ وہ جگہ جہاں پانی وغیرہ بہہ کر آتا ہو۔ جیسے أنقوعة المیزاب، أنقوعة الثرید ثرید کا پیالہ۔

المُستَنقَعُ وہ تالاب جس میں پانی اکثر جمع رہتا ہو۔ (۲) تالاب کا وہ حصہ جو ٹھنڈا رہتا ہو۔

المَنقَعُ المُستَنقَعُ (۲) مصدر۔

(۳) سیرابی۔(ج) مَنَاقِعُ۔

المُنقُعُ چھوٹی ہانڈی جس میں بچہ کے لئے دودھ اور کھجور ملا کر رکھی جائے۔(ج) مَنَاقِعُ۔

المَنقَعَةُ بھگونے کا برتن۔

النَّاقِعُ: یقال: ماءٌ ناقِعٌ: پیاس بجھانے والا مفید پانی۔

سُمٌّ ناقِعٌ: انتہائی مہلک زہر۔

دمٌ ناقعٌ تازہ خون۔ موتٌ ناقعٌ مسلسل موت۔

النُّقَاعُ خشک انگور وغیرہ بھگونے کا برتن۔

النُّقَاعَةُ بھیگے ہوئے انگور وغیرہ۔

(۲) پانی وغیرہ میں کوئی چیز بھگونے کا برتن۔

النَّقعاءُ نرم و ہموار زمین۔

(۲) سنگستانی زمین جہاں پانی رک جاتا ہے۔

النَّقعُ تالاب میں جمع شدہ پانی۔

نَقعُ البئرِ سیرابی سے پہلے کنویں میں اکٹھا ہونے والا پانی یا بچا ہوا پانی۔

(۲) النَّقعاءُ۔(ج) نِقاعٌ، أنقُعٌ۔

یقال: فلانٌ شَرَّابٌ بأنقُعٍ فلاں شخص بڑا جہاں دیدہ اور آزمودہ کار ہے۔

(۳) چمکتا ہوا غبار۔(ج) نِقَاعٌ۔ نُقُوعٌ۔

النَّقَّاعُ شیخی باز۔ بے جا فخر کرنے والا۔ جیسے اپنے آپ کو بہادر کہنے والا جبکہ بہادر نہ ہو۔

النَّقُوعُ خوشبو ملایا ہوا رنگ۔

یقال: صَبَغَ ثوبَهُ بنَقُوعٍ (۲) پانی میں بھگوئی جانے والی چیز جیسے خشک انگور۔

یقال رجلٌ نَقُوعُ أُذُنٍ ہر کسی بات کا یقین کرنے والا۔

النَّقِیعُ ٹھنڈا کیا جانے والا خالص دودھ۔

(۲) پانی میں بھگوئے ہوئے خشک انگور کی شراب۔

(۳) بہت پانی والا کنواں۔

یقال: ماءٌ نَقِیعٌ، سُمٌّ نقیعٌ ناقعٌ۔

(ج) أنقِعَةٌ۔

النَّقِیعَةُ ٹھنڈا کیا جانے والا خالص دودھ۔

(۲) ضیافت کے لئے ذبح کیا جانے والا جانور۔

(۳) سفر سے آنے والے مہمان کے لئے تیار کیا جانے والا کھانا۔
(۴) شادی کی رات کا کھانا۔ اور تقسیم سے پہلے لوٹ کے مال میں سے ذبح کیا جانے والا جانور (ج) نَقَائِعُ۔
یقال: الناس نَقَائِعُ الموت: یعنی موت انہیں اس طرح ذبح کرچھوڑے گی جس طرح قصائی ضیافت کے جانور کو ذبح کرتا ہے۔
نَقَفَ راسَهُ ۔ نَقْفًا: سر پرایسی چوٹ لگانا کہ دماغ باہر نکل آئے۔
۔الرُّمَّانَةَ انار کو دانے کھانے کے لئے چھیلنا۔
۔الفَرْخُ البيضةَ چوزے کا باہر نکلنے کے لئے انڈے میں سوراخ کرنا۔
۔البيضةَ انڈے کی اندرونی چیز نکالنا۔
۔الشرابَ شراب کے برتن میں سوراخ کرنا۔
(۲) صاف کرنا۔
۔عن الشئ تلاش وجستجو کرنا۔
اَنْقَفَ الجَرادُ ٹڈی کا انڈے ڈالنا۔
۔الجَرادُ الوادِیَ ٹڈیوں کا وادی میں بکثرت انڈے دینا۔
۔فلانًا العظمَ کسی سے ہڈی کا گودا نکلوانا۔
نَاقَفَهُ مُنَاقَفَةً: نِقَافًا ایک دوسرے کے سر پر تلوار مارنا۔
اِنْتَقَفَ الشئَ: نکالنا۔
الاُنْقُوفَةُ سوت کا زائد حصہ جسے کاتنے والا نکال دیتا ہے۔
المِنْقَافُ پرندے کی چونچ۔
(۲) ایک قسم کی کوڑی جو پالش کے کام آتی ہے۔
(ج) مَنَاقِيفُ، مَنَاقِفُ۔
المَنْقَفُ کسی چیز کا ناہموار قابل درستگی حصہ۔
یقال: نحت النَّجَّارُ العُودَ وتَرَكَ فيه مَنْقَفًا بڑھئی نے لکڑی کو چھیلا اور اس میں کچھ جگہ صحیح نہیں چھیلی۔
المُنَقَّفُ: یقال رجلٌ مُنَقَّفُ العظام وہ شخص جس کی ہڈیاں دکھائی دیتی ہوں۔

المَنْقُوفُ: یقال: جِذْعٌ منقوفٌ دیمک کھایا ہوا درخت۔
رجلٌ مَنْقُوفٌ کم گوشت آدمی۔ یا دبلے اور زرد چہرے والا آدمی۔
یقال: عَيْنَانِ مَنْقُوفَانِ سرخ آنکھیں۔
النِّقَافُ: یقال: جاء في نِقاف واحد: دونوں برابری کے ساتھ آئے۔
النَّقَفُ انڈے سے نکلا ہوا چوزہ۔
النَّقَفَةُ پہاڑ کی چوٹی پر چھوٹا سا گڑھا۔
النَّقَّافُ چوب تراش۔
(۲) چور جو ہاتھ لگے نکال لے۔
(۳) بھیک مانگنے کا عادی۔
یقال: رجلٌ نَقَّافٌ مدبر اور دور اندیش آدمی۔
النَّقِيفُ: المَنْقُوفُ۔
یقال: جذع نقيف. دیمک خوردہ تنا۔
(ج) نُقُفٌ۔
نَقَّتِ الدَّجاجةُ او نحوها ۔ نَقِيقًا. مرغی کا آواز نکالنا۔
یقال: نَقَّتْ ضفادِعُ بَطْنِهِ: بھوکا ہونا۔
اَنَقَّ مینڈک کی آواز والا ہونا۔
(۲) مینڈک کا آواز نکالنا۔
النَّقَّاقُ: مبالغه من نَقَّ۔
(۲) مینڈک (یہ صفت غالبہ ہے)
هي نَقَّاقَةٌ۔
النَّقُوقُ چیخنے چلانے والا۔
یقال. ضِفدَعٌ نَقُوقٌ۔ (ج) نُقُقٌ۔
النَّقِيقُ. مینڈک کی آواز۔
نَقَلَ الشئَ ۔ نَقْلًا: ایک جگہ سے دوسری جگہ پھیرنا۔
۔الكتابَ نقل کرنا، کاپی کرنا۔
الخَبَرَ او الكلامَ کسی کی خبر یا بات دوسرے کو پہنچانا۔
۔الدوابَّ چوپاؤں کو پہلا اور دوسرا پانی پلانا۔
۔الكتابَ الى لغةٍ كذا کتاب وغیرہ کا کسی زبان میں ترجمہ کرنا۔

۔الشئَ الخَلَقَ پرانی چیز کی مرمت کرنا۔ پیوند لگانا۔
یقال: نقل الثوبَ، نقل النَّعْلَ۔
نَقِلَ المكانُ ۔ نَقَلًا کسی جگہ کا بہت ملبے والی ہونا۔
۔البعيرُ اونٹ کے کھر کا بیماری سے پھٹ جانا۔
هو نَقِلٌ هي نَقِلَةٌ۔
اَنْقَلَ الشئَ الخَلَقَ نَقَلَهُ۔
کے لئے نکالی جائے۔ نعرہ (ج) ھتافات۔
(الھَتّافُ) بہت زور سے چلانے یا زور سے
نعرہ لگانے والا۔ ھی ھَتّافَةٌ (۲) نعرہ لگوانے
والا۔ قَوسٌ ھَتّافَةٌ آواز نکالنے والی کمان۔
(الھَتفَی) آواز دار کمان۔
(الھَتُوفُ) الھَتّافُ (مذکر و مؤنث دونوں
کے لئے) رَجُلٌ ھَتُوفٌ۔
-حَمَامَةٌ ھَتُوفٌ بولنے والی کبوتری۔
-رِیحٌ ھَتُوفٌ گونج دار ہوا۔
-سَحَابَةٌ ھَتُوفٌ گونج دار بادل۔
(ھَتَکَ) السِّترَ ونحوَہٗ - ھَتکًا پردہ ہٹانا۔
پردہ پھاڑنا۔
-الثَّوبَ کپڑے کو لمبائی میں پھاڑنا۔ ھُوَ

ھَاتِکٌ وھَتّاکٌ۔
(ھُتِکَ) ھُتِکَ عِرضُهٗ کسی کی بے عزتی ہونا۔
(ھَاتَکَ) اللَّیلَ رات کی تاریکی میں چلنا۔
(ھَتَّکَ) الأَستارَ ونحوَھا خوب پردہ دری
کرنا۔
(تَھَتَّکَ) فلانٌ آزادانہ برا کام کرنا' بے حیا
ہونا (۲) بدنام اور رسوا ہونا۔
-فِي البَطالَةِ بیکار پڑ کر بدنام ہو جانا۔
(الھُتکُ) آدھی رات یا وسط شب۔
(الھَتکُ) پیدائش کے وقت بچے کے سر پر لگی
ہوئی جھلی کے ٹکڑے جو گر جاتے ہیں۔ اس کا
واحد ھتکةٌ۔
-ثَوبٌ ھَتکٌ پھٹا ہوا کپڑا۔
(الھُتکَةُ) رسوائی (۲) رات کا کچھ حصہ جیسے
مَضَت ھُتکَةٌ مِنَ اللَّیلِ رات کا ایک حصہ
گزر گیا۔
(الھَتِیکَةُ) رسوائی۔
(ھَتَمَ) الشیءَ - ھَتمًا توڑنا۔ جیسے ھَتَمَ
ثَنِیَّتَهٗ اس کا اگلا دانت توڑ دیا۔
-فاہٗ اگلے دانت توڑ دینا۔
(ھَتِمَ) الشیءُ - ھَتَمًا ٹوٹنا ھَتَمَهٗ فَھَتِمَ۔
-الانسانُ وغیرُہٗ انسان وغیرہ کے اگلے
دانت جڑ سے ٹوٹ جانا۔ ھو أَھتَمُ وھی
ھَتماءُ (ج) ھُتمٌ۔
(أَھتَمَ) الشیءَ توڑنا جیسے أَھتَمَ ثَنِیَّتَهٗ۔
-الإِنسانَ وغیرَہٗ دانت توڑنا۔
(ھَتَّمَہٗ) چورا چورا کر دینا۔
(تَھاتَمَا) ایک دوسرے کے خلاف جھوٹا دعویٰ
کرنا۔
(تَھَتَّمَ) تَھَتَّمَت أَسنانُهٗ کسی کے دانت ٹوٹنا۔
(الھُتَامَةُ) کسی چیز کا ٹوٹا ہوا حصہ۔
(الھَتِیمَةُ) چھوٹا گھٹا پودا۔
(الھَیتَمُ) ایک پودا جو صحرا میں اگتا ہے۔ یہ
فصیلہ راموسیہ سے ہے۔ (ج)
(ھَتمَرَ) زیادہ بولنا۔
(ھَتمَلَ) فلانٌ آہستہ آہستہ بات کرنا۔ (۲)
چغلی کھانا۔

-الرَّجُلَانِ آپس میں خفیہ بات کرنا۔
(الهَتْمَلَةُ) خفی بات چیت (ج)هَتَامِلُ۔
(هَتَنَتِ) السَّمَاءُ- هَتْنًا وهُتُونًا مُوسلا دھار بارش برسانا۔
-الدَّمعُ آنسو بہانا۔هو هاتِنٌ۔ (ج) هُتُنٌ وهي هَاتِنَةٌ (ج) هَوَاتِنُ۔
(التَّهْتَانُ) ٹھہر ٹھہر کر ہونے والی بارش۔
(الهَتُونُ) زوردار بارش۔
-سحابٌ هتونٌ برسنے والا بادل۔
-عَيْنٌ هَتُونُ الدَّمعِ آنسو بہانے والی آنکھ (مذکر و مؤنث) (ج)هُتُنٌ وهُتُنٌ۔
(هَتْهَتَ) فلانٌ فِي الكَلَامِ تیز بولنا جس کی وجہ سے زبان لڑکھڑا جائے۔
-الشيءَ کسی چیز کو سختی سے کچل کر توڑ دینا۔
(الهَتْهَاتُ) لڑکھڑاتی ہوئی زبان کے ساتھ تیز بولنے والا۔
(هَتَا) الشيءَ- هَتْوًا توڑنا پاؤں سے کچل کر توڑنا۔
(هَاتَى) فلانٌ لینا۔
-فلانٌ الشيءَ قریب کرنا۔
-فلانًا الشيءَ کسی کو کوئی چیز دینا۔ما أهاتيك میں تمہیں نہیں دوں گا (۲) عطیہ دینا۔
(الهِتْيَعُ) من الليل رات کا ٹکڑا (ج) أهتا. جیسے مَضَى هتيٌ مِنَ اللَّيلِ۔
(الهَتِيُّ) مِنَ اللَّيلِ رات کا ایک حصہ۔
(هَثَّ) فلانٌ- هَثًّا جھوٹ بولنا۔
-الاشياءَ باہم ملانا خلط ملط کرنا۔هو هَاثٌ وهَثَّاثٌ۔
(هَثَمَ) لفلانٍ مِنَ الشيءِ- هَثْمًا کوئی چیز زیادہ مقدار میں کسی کو دینا۔
-الشيءَ کسی چیز کو کوٹ کر اس کا سفوف بنا دینا۔
(الهَيْثَمُ) نرم ریت کا ٹیلا (۲) عقاب کا چوزہ (۳) شکرہ (۴) عقاب۔واحد هَيْثَمَةٌ۔
(هَثْهَثَ) الشيءُ خراب ہونا۔

فِي السَّيرِ ونحوِهِ تیز چلنا۔
السَّحَابُ بمطرِهِ وثَلْجِهِ بادل کا تیزی سے بارش اور برف گرانا۔
-الأشياءَ چیزوں کو باہم خلط ملط کرنا ملانا۔
-الشيءَ سختی سے روندنا۔
-فلانًا ظلم کرنا۔هو هَثْهَاثٌ۔
(الهَثْهَاثُ) تیز۔ سَيْرٌ هَثْهَاثٌ تیز چال (۲) بہت مٹی والا شہر (۳) جھوٹا۔
(الهَثْهَثَةُ) میدانِ جنگ کا شور و غل۔
(هَثِيَ)-هَثْيًا کسی کے چہرے کا سرخ ہونا۔
-التُّرابَ مٹی ڈالنا۔
-لَهُ مِنْ مالِهِ کچھ مال دینا۔
(هَاثَاهُ) کسی کے ساتھ مذاق کرنا۔

ھ - ج

(هَجَأَ) الشيءُ- هَجْئًا وهُجُوءًا منقطع ہونا۔ مٹنا۔
-جُوعُهُ بھوک دور ہونا۔
-الطَّعَامَ هَجْئًا سارے کا سارا کھا جانا۔
-الطعامُ بطنَهُ کھانے کا کسی کے پیٹ کو بھر دینا۔
(هَجِئَ)- هَجَأً زوردار بھوک لگنا۔
(أَهْجَأَ) الشيءَ زائل کرنا۔ ختم کرنا جیسے اهجأ الطعامُ الجُوعَ- الابلَ ونحوها اونٹوں وغیرہ کو چرنے کے لئے باندھنا۔
-فلانًا الشيءَ کوئی چیز کھلانا۔
-فلانًا حَقَّهُ کسی کا حق اس کو ادا کرنا۔
(الهِجَاءُ) انسان وغیرہ کی وہ حالت جس سے وہ منقطع ہو جائے۔
(الهُجَاءَةُ) بے وقوف۔
(هَجَّتْ) عَيْنُهُ هَجًّا آنکھ کا دھنس جانا۔ هي هاجَّةٌ۔
-النَّارُ هَجًّا وهَجِيجًا آگ کا زور و شور سے بھڑکنا جس سے آواز سنائی دے۔
-البيتَ ونَحْوَهُ گھر کو منہدم کرنا۔
(هَجَجَ) بھوک پیاس یا تھکاوٹ کی وجہ سے آنکھیں دھنس جانا۔هججت العينُ بھی کہتے ہیں۔

النَّارَ آگ بھڑکانا۔ بھڑکانا۔
(أَهَجَّ) في رأيِهِ ونحوِهِ اپنی رائے پر قائم رہنا اور کسی کا مشورہ قبول نہ کرنا۔
(اسْتَهَجَّ) اپنی رائے پر عمل کرنا خواہ وہ غلط ہو یا صحیح (۲) بغیر غور و فکر کے کسی بات میں الجھنا۔
السائرةَ قافلہ کو تیز چلانا۔
(هَجَاجِ) ترکیب فُلانٌ هجاجِ وہ اپنے غور و فکر کی اختیار... ایسے ہی ترکیب هجاجيه۔
هَجَاجَيْكَ بس بس رک جاؤ۔
(الهَجَاجَةُ) زبردست غبار جو ہر چیز کو ڈھانپ لے (۲) بیوقوف۔
(الهَجُّ) بیلوں وغیرہ کا جوا۔
(الهَجِيجُ) گہری وادی (۲) تالاب۔ (۳) لمبی زمین (۴) ریت پر کانٹوں کی کھینچی ہوئی لکیر (ج)هُجُجٌ وهُجَّانٌ۔
(هَجَدَ)- هُجُودًا سو جانا (۲) رات میں نماز پڑھنا۔هو هَاجِدٌ (ج) هُجَّدٌ وهُجُودٌ وهو هجودٌ۔
(أَهْجَدَ) البعيرُ اونٹ کا زمین پر گردن رکھنا۔
-فلانًا سلانا (۲) بیدار کرنا۔
(هَجَّدَ) فلانًا سلانا۔
(تَهَجَّدَ) هَجَدَ (۲) تہجد وغیرہ کے لئے اٹھنا۔ قرآن مجید میں ہے (وَمِنَ اللَّيلِ فَتَهَجَّدْ بِهِ نَافِلَةً لَّكَ) (۳) اکیلا اور تنہا ہونا۔
(التَّهَجُّدُ) تہجد رات کی نماز۔
(هَجَرَ)- هَجْرًا الگ اور دور ہونا۔
-الفَحْلُ سانڈ کا جفتی کو چھوڑ دینا۔
-المَرِيضُ بیمار کا بکی بکی باتیں کرنا جیسے هَجَرَ فِي مرضهِ وفي نومهِ۔
في الشيءِ وبه کسی چیز کا تذکرہ اور اس میں کثرت کرنا۔
-الشيءَ او الشَّخصَ هَجْرًا وهِجْرَانًا چھوڑنا اعراض کرنا۔
-زوجَهُ بیوی کو طلاق دیئے بغیر اس سے علیحدگی اختیار کرنا۔ قرآن مجید میں ہے

(وَاللاَّتِي تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُ وْهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ)
–الدَّابَّةَ هَجْرًا وهُجُوْرًا جانور کو پائے بند سے باندھنا۔
(اَهْجَرَ) دوپہر کے وقت میں چلنا (۲) دوپہر کے وقت میں داخل ہونا (۳) الٹی سیدھی اور فضول باتیں کرنا۔ اهجر في منطقِهٖ بھی کہتے ہیں۔
–الشيءُ آخری حد کو پہنچنا۔
–الفَتَاةُ لڑکی کا حسن و خوبصورتی کے ساتھ جوان ہونا۔
–الحَامِلُ حاملہ کے پیٹ کا بڑا ہونا۔
–بفلان کسی کا مذاق اڑانا۔
(هَاجَرَ) ہجرت کرنا۔ اپنا وطن چھوڑنا۔ قرآن مجید میں ہے "(وَالَّذِيْنَ تَبَوَّءُ وا الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ)"
–مِنْ مكان كذا او عَنْهُ کسی جگہ کو چھوڑ کر دوسری جگہ چلے جانا۔
–القَوْمُ ایک قوم کو چھوڑ کر دوسری میں جاملنا۔
(هَجَّرَ) دوپہر کے وقت چلنا۔
–النَّهَارُ دن کا آدھا اور سخت گرم ہو جانا۔
–اِلَى الشيءِ کسی چیز کی طرف سویرے سویرے جانا۔
–الدَّابَّةَ جانور کے پاؤں پر رسی باندھنا۔
(تَهَاجَرَ) القَوْمُ باہم قطع تعلق کرنا۔
–القَوْمُ الماءَ باری باری پانی پر آنا۔
(تَهَجَّرَ) دوپہر کے وقت چلنا (۲) مہاجرین کے مشابہ ہونا۔
(الأَهْجَرُ) هذا أهجر مِنْ ذَاك یہ اس سے زیادہ لمبا، بڑا یا محترم ہے۔
(الأُهْجُوْرَةُ) عادت۔ طریقہ۔
(المُهَاجِرُ) نبی کریم ﷺ کے ساتھ ہجرت کرنے والا۔ یا آپ کی طرف ہجرت کر کے آنے والا۔
(المُهَاجَرُ) مقام ہجرت۔

(المُهَاجَرَةُ) ہجرت۔
(المَهْجَرُ) وہ جگہ جس کی طرف ہجرت کی جائے یا جس جگہ سے ہجرت کی جائے۔
(المُهْجِرُ) ہر برتر و اعلیٰ چیز (مذکر و مؤنث کے لئے) جیسے بعيرٌ مُهْجِرٌ ونخلةٌ مُهْجِرٌ وعدوٌ مهجرٌ۔
(المُهْجِرَةُ) فتاةٌ مُهْجِرَةٌ حسن و جوانی میں منفرد لڑکی۔ ناقةٌ مُهْجِرَةٌ پر گوشت تیز رفتار اونٹنی۔
(المَهْجُوْرُ) كلامٌ مهجورٌ اجنبی متروک الاستعمال لفظ۔
(الهَاجِرُ) شيءٌ هَاجِرٌ عمدہ خوبصورت اعلیٰ اور برتر چیز۔
(الهَاجِرَةُ) سخت گرمی کے دنوں کی دوپہر۔ کہتے ہیں طَبَخَتْهُ الهَاجِرَةُ سخت گرمی نے اسے کھولا کر رکھ دیا۔ (۲) فحش گفتگو هَاجِرَاتٌ وهَوَاجِرُ۔
(الهَاجَرِيُّ) شہر ہجر کا رہنے والا۔ (نسبت خلاف قیاس ہے) (۲) ہمیشہ شہر میں رہنے والا (۳) معمار (۴) عمدہ اور برتر چیز۔
(الهِجَارُ) جانور کے پاؤں میں باندھی جانے والی رسی (۲) کمان کی تانت قوسٌ شديدَةُ الهجار سخت تانت والی کمان۔ (۳) طوق (۴) تاج۔
(الهِجِّيْرَى) زیادہ بولنے والا (۲) بری بات (۳) طریقہ عادت۔
مَا زَالَ هٰذَا هِجِّيرَاهُ یہ تو اس کی ہمیشہ عادت رہی ہے (یہ اکثر بری عادت کے لئے مستعمل ہوتا ہے)
(الهَجْرُ) لگام نکیل (۲) گرمی کی دوپہر۔ شيءٌ هَجْرٌ بے نظیر چیز۔ ذهبتِ النَّخلةُ هَجْرًا کھجور کے درخت کا لمبا اور موٹا ہونا۔ لقيتهٗ عَيْنَ هَجْرٍ میں لمبے عرصہ کے بعد اس سے ملا (سال بعد یا چھ دن بعد)
(الهُجْرُ) قبیح اور بے ہودہ کلام۔
(الهِجْرُ) کمزور اور چھوٹے قدم اٹھانے والا۔
(الهُجْرَاءُ) کفایت بھر چیز۔ مَا عِنْدَهٗ غناءُ ذَاكَ ولا هجراءُ هٗ اس کے پاس فلاں کے لئے کفایت کرنے والی کوئی چیز نہیں۔

(الهَجْرَةُ) بھرپور اور موٹی۔
(الهِجْرَةُ) دوسری زمین یا علاقہ کی طرف جانا (۲) لوگوں کا تلاش رزق میں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔
(الهُجُوْرِيُّ) نصف نہار میں کھایا جانے والا کھانا۔
(الهَجِيْرُ) چھوڑا ہوا، متروک (۲) مویشی کے چلنے سے ٹوٹی ہوئی سوکھی ہوئی گھاس (۳) فائق و برتر۔ لَبَنٌ هَجِيْرٌ گاڑھا اور عمدہ دودھ (۴) بڑا تالاب (۵) بڑا پیالہ (۶) بھاری بھر کم گاؤخر (۷) جفتی میں سستی کرنے والا موٹا سانڈ (۸) گرمیوں کی دوپہر (ج) هُجُرٌ۔
(الهجيرةُ) گرمی کی دوپہر۔
(الهُوَيْجِرَةُ) دوپہر کے کچھ بعد کا وقت۔
(الهِجْرِسُ) بندر (۲) لومڑی یا لومڑی کا بچہ (۳) ریچھ (۴) کمینہ جیسے فلانٌ هجرسٌ (ج) هَجَارِسُ۔
(الهِجْرَعُ) بے وقوف۔ (۲) مجنون (۳) درازقد (۴) پھرتیلا سلوقی کتا۔
(الهِجْزَعُ) بزدل۔
(هَجَسَ) الامرُ في صدرهٖ۔ هَجْسًا دل میں کھٹکنا۔
–فلانًا عَنِ الْاَمْرِ روکنا، ہٹانا۔
(هَاجَسَهٗ) کسی سے سرگوشی کرنا۔
(تَهَاجَسَا) باہم سرگوشی کرنا۔
(المُتَهَجِّسُ) خبزٌ متهجسٌ بے خمیری روٹی۔
(المهجُوسُ) وقعوا في مهجوس مِن الْاَمْرِ وہ کسی معاملہ کی الجھن اور مشکل میں پھنس گئے۔
(الهَاجِسُ) کھٹکا، خیال، وسوسہ (ج) هَوَاجِسُ۔
(الهَجْسُ) ایسی ہلکی آواز جو سنی تو جائے لیکن سمجھی نہ جاسکے (۲) دل میں آنے والی بات اور کھٹکنے والے خیالات۔

(الھَجِيْسَۃُ) تازہ گوشت۔
(ھَجَشَ) الیہ۔ُ ھَجْشًا مشتاق اور دلدادہ ہونا۔
–بَیْنَھُم ایک دوسرے کے خلاف بھڑکانا۔
–الْأَمْرَ کوئی بات یا معاملہ اٹھانا۔
–الدابَّۃَ نرمی سے ہانکنا۔
(الھَاجِشَۃُ) لوگوں کی اچانک آنے والی جماعت (ج) ھَوَاجِش۔
(الھَجْشَۃُ) کسی کام کے لئے حرکت وتیاری۔ حانت منہ ھجشۃ الی کذا فلاں کام کے لئے اس کے اٹھنے کا وقت آ گیا۔
(ھَجَعَ)۔َ ھَجْعًا و ھُجُوْعًا رات میں سونا۔ قرآن مجید میں ہے (کَانُوْا قَلِیْلًا مِّنَ اللَّیْلِ مَا یَھْجَعُوْنَ) کہتے ہیں ھجعتُ اِلَی فلان فَخَدَعَنِی میں اس کے قریب ہوا تو اس نے مجھے دھوکہ دیا۔
–الجوعُ بھوک دور ہونا۔
(اھْجَعَہٗ) سلانا۔
–الطعامُ الجوعَ کھانے کا بھوک دور کرنا۔
(ھَجَّعَ) رات کو خوب سونا۔
(التَّھْجَاعُ) ہلکی نیند (۲) رات کی نیند۔
(الِمھْجَع) سپرد کردہ کام سے غافل (۲) ہر ایک کے قریب ہونے والا بے وقوف۔
(الھَجْعُ) من اللیل رات کا کچھ حصہ۔ کہتے ہیں زارنی بعد ھجع من اللیل وہ کچھ رات گزرنے کے بعد مجھ سے ملاقات کے لئے آیا۔
(الھَجْعُ) الِمھْجَعُ۔
(الھَجْعَۃُ) ابتدائی رات کی ہلکی نیند۔ استیقظتُ بعد ھجعۃ مِنَ اللیلِ میں ہلکی سی نیند کے بعد بیدار ہو گیا۔
(الھجعۃُ) سونے کا ایک طریقہ۔
–رَجُلٌ ھجعۃٌ ہر ایک کے قریب ہونے والا بے وقوف۔ (۲) ہوشیاری سے غافل آدمی۔
(الھُجَعَۃُ) الھجع۔
(الھَجِیْعُ) مِنَ اللیلِ رات کا ایک حصہ۔ کہتے ہیں مضی ھَجِیعٌ مِنَ اللیلِ۔

(ھَجَفَ)۔ِ ھَجْفًا محنت اور تھکاوٹ کی وجہ سے کوکھوں کا پہلوؤں سے الگ ہو جانا۔
(ھَجِفَ)۔َ ھَجَفًا بھوک کی لاغری کی وجہ سے ہڈیاں نکل آنا۔ ھو ھجف ھی ھجفۃ وھوا ھجف وھی ھجفاء (ج) ھُجْفٌ۔
–الارضُ زمین کے اندر کی چیزوں کا بکھر جانا۔
(انھجفَ) بھوک پیاس کی وجہ سے ہڈیاں نکل آنا۔
(الھجفانُ) پیاسا۔
(الھِجَفُّ) بوڑھا شتر مرغ (۲) سست اور ڈھیلا آدمی یا شتر مرغ (۳) بڑے پیٹ والا (۴) لمبا چوڑا بے فیض آدمی۔
(ھَجَلَ) الشیءَ۔ُ ھَجْلًا پھینکنا جیسے اخذ الکرۃ فھجل بھا۔
–المرأۃ بعینھا: آنکھ مارنا۔
(أَھْجَلَ) ہموار زمین یا بیابان میں چلنا۔
–الشیءَ کشادہ کرنا۔
–المالَ ضائع کرنا۔
–الابلَ وغیرَھا: اونٹوں اور جانوروں سے لاپرواہی برتنا۔
(ھَاجَلَ) بیابان یا ہموار زمین میں چلنا۔
–فلانًا مقابلہ کرنا۔
(ھَجَّلَ) فلانًا وبہٖ گالی دینا، برا بھلا کہنا۔
–عرضَہٗ آبرو ریزی کرنا۔
(اھتجَلَ) الشیءَ ایجاد کرنا۔
(المَھْجِلُ) گہرا کھڈ (۲) فرج سے رحم تک کی نالی۔
(الھَاجِلُ) سونے والا (۲) زیادہ سفر کرنے والا (ج) ھُجُوْلٌ۔
–دَمْعٌ ھَاجِلٌ بہنے والا آنسو۔
(الھَجْلُ) ہموار زمین (۲) بیابان (ج) أَھْجَالٌ وھجالٌ وھُجُولٌ۔
(الھُجُلُ) من الطُّرُقِ متروک راستہ۔
(الھَجُوْلُ) زانیہ عورت۔
(الھَجِیْلُ) نامکمل حوض (ج) اھجالٌ وھجالٌ۔

(ھَجَمَ) علیہ۔ُ ھُجُوْمًا کسی پر اچانک داخل ہونا۔ جیسے ھجم البردُ ونحوُہٗ اچانک سردی ہو جانا۔ (۲) کسی کے پاس اچانک آ جانا (۳) اچانک حملہ کر دینا۔
–البیتُ گھر گر جانا۔
–العینُ: آنکھ دھنس جانا۔
–فلانٌ خاموش ہو کر سر جھکانا۔
–المرضُ بیماری کا زور کم ہونا یا بیماری زائل ہو جانا۔
–المکانَ ونَحْوَہٗ ھَجْمًا کسی جگہ منہدم کر دینا۔
–الدابّۃَ ونحوھا سختی سے ہانکنا۔ کہتے ہیں ھجمنا الخیلَ عَلَی القومِ وھجمنا بھا کسی قبیلہ پر گھوڑوں سے چڑھائی کرنا۔
–الریحُ تھجُمُ الترابَ علی الدَّارِ ہوا کا مکان پر مٹی اڑا کر ڈالنا۔
–العَدُوَّ دشمن کو بھگا دینا۔
–الناقَۃَ اونٹنی کا دودھ دوھنا۔
–الحرُّ الدابَّۃَ وغیرھا گرمی کا جانور کو پسینہ میں شرابور کرنا۔
–البیتَ گھر منہدم کرنا۔
(أَھْجَمَ) علیہ الشیءَ کسی کے پاس اچانک کوئی چیز لانا۔
–الناقۃَ اونٹنی کا دودھ نکلنا۔
–مافی الضرعِ ونحوِہٖ تھن سے سارا دودھ نکال لینا۔
–الدابَّۃَ جانور کو آرام دینا۔
–المرضُ عَنْ فلانٍ مرض زائل کرنا۔
(ھَاجَمَہٗ) کسی کے پاس اچانک آنا یا اچانک حملہ کرنا (مو)
(اھتجمَ) الشیءَ کسی چیز پر اچانک آنا۔
مَا فِی الضَّرعِ ونحوِہٖ تھن کا سارا دودھ نکال لینا۔
–المرضُ ونحوُہٗ فلانًا بیماری کا کسی کو مزدور کرنا۔
(انھجَمَ) البیتُ مکان گر جانا۔ عینُہٗ آنکھ دھنس جانا (۲) آنسو بہانا۔

العَرَقُ پسینہ بہنا۔
(تَہَاجَمَ) ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ (مو)
(تَہَجَّمَ) علي عبرہٖ سخت حملہ کرنا (۲) حملہ کرنے کی کوشش کرنا (مو)
(الاھْتِجَامُ) رات کا آخری حصہ۔
(الہَجَّامُ) بہت حملے کرنے والا بہادر (۲) شیر۔
(الہَجْمُ) بڑا پیالہ جس میں دودھ نکالا جائے (۲) پسینہ (ج) اھجام۔
(الہَجْمَةُ) مِنَ الليلِ رات کی ابتدائی تاریکی (۲) بوڑھی بکری۔
-من الشتاء سردی کی تیزی۔
-من الصيفِ گرمی کی شدت۔
-من الابلِ اونٹوں کی سو سے کم کوئی بڑی تعداد۔
(الہَجُوْمُ) تیزی سے حملہ کرنے والا۔ (۲) ہر چیز کو اکھاڑ پھینکنے والی۔ تیز ہوا (۳) پسینہ لانے والی چیز کہتے ہیں تحمّم فان الحمام هجوم حمام میں غسل کرو کیونکہ وہ پسینہ نکالتا ہے۔
(الہَجِيْمَةُ) دستکاری ہوئی آوارہ اونٹنی (۲) ... جو ابھی تک جمایا نہ ہو (ج) ھَجَائِمُ۔
(الہُنْجُمَانَةُ) موتی (۲) زمرد۔
(ھَجَنَتِ) الصَّبِيَّةُ ـُـ ھَجْنًا وھُجُوْنًا بلوغت سے پہلے بچی کی شادی ہونا۔
الناقةُ اونٹنی کا قبل از وقت حاملہ ہونا۔
-النَّخلَةُ کھجور کے درخت کا قبل از وقت پھلدار ہونا۔
الزَّنْدُ چقماق کا ایک رگڑ سے شعلہ دینا ہو وهي هاجن وهي هاجنة (ج) هواجن۔
(ھَجُنَ) ھُجْنہ وھُجُونَةً وھَجَانَةً کمینہ اور گھٹیا نسل کا ہونا۔
الكلامُ وغيرهُ کلام وغیرہ کا معیوب اور ناشائستہ ہونا۔
(اَھْجَنَ) اعلیٰ نسل کے زیادہ اونٹوں والا ہونا۔

-الفَتَاةَ لڑکی کی چھوٹی عمر میں شادی کروانا۔
-الفحلُ الناقةَ سانڈ کا اونٹنی کو دو سال پورے ہونے پر حاملہ کرنا اور اونٹنی کا چوتھے سال کے شروع میں بچہ کو جنم دینا۔
(ھَجَّنَ) الشيءَ بے حیثیت اور حقیر بنانا۔
-الامرَ عیب دار کرنا۔ بدنما کرنا۔
(اھتَجَنَتِ) الصَّبِيَّةُ لڑکی کا بلوغت سے پہلے شادی شدہ ہونا۔
-النخلةُ کھجور کے درخت کا قبل از وقت پھلدار ہونا۔
-الفَتَاةَ لڑکی کو بلوغت سے پہلے شیبہ کرنا۔
(اھتُجِنَتِ) الشاةُ بکری کے حمل کا ظاہر ہونا۔
(تَہَجَّنَتِ) النَّخلَةُ کھجور کے چھوٹے درخت پر پھل نمودار ہونا۔
(اسْتَہْجَنَهُ) قبیح خیال کرنا۔ برا سمجھنا۔ کہتے ہیں هذا مما يستهجن قوله او فعلهُ او التفكيرُ فيه یہ ایک چیز ہے جس کو کرنا۔ بولنا اور اس کے بارے میں سوچنا ناپسندیدہ ہے۔
(الأَھَيْجِنَةُ) من الغلمان وہ کم عمر لڑکے جن کی شادی کم عمر لڑکیوں سے کردی گئی ہو۔
(المُھْجَنَةُ) من الورقِ عمدہ نسل کی اونٹنیاں جن کو ان کے شہر کے سانڈوں سے جفتی کرائی گئی ہو (۲) پہلی بار کا پھل لگایا ہوا کھجور کا درخت (۳) پہلی بار حاملہ ہونے والی اونٹنی۔
(المَھْجَنَةُ) بے فیض ونفع لوگ۔
(الهِجَانُ) وہ چیزیں جو اصل کے اعتبار سے عمدہ واعلیٰ ہوں (۲) اعلیٰ نسل کے سفید اونٹ (اس میں مذکر مونث اور جمع وغیرہ برابر ہیں) رَجُلٌ هجانٌ شریف النسب آدمی۔ امراةٌ هجانٌ خاندان کی معزز خاتون۔ ارضٌ هجانٌ عمدہ زمین (ج) ھِجانٌ وھُجُنٌ وھَجَائِنُ۔
(الهجانةُ) نسب کی شرافت (۲) سفیدی۔
(الہَجَّانُ) تیز رفتار اعلیٰ اونٹنی کا سوار۔
(الھُجْنَةُ) گھوڑوں کی مضبوط ساخت (۲) عیب نقص خرابی۔ جیسے في كلامه هجنةٌ۔

(الھَجِيْنُ) وہ دودھ جو نہ بالکل خالص ہو نہ بالکل کھیس ہو۔ رجلٌ ھَجِيْنٌ کمینہ آدمی (۲) دوغلی نسل کا گھوڑا (جس کا باپ عربی اور ماں غیر عربی ہو) (۳) دوغلی نسل کا آدمی جس کی ماں غیر عربی اور باپ عربی ہو (۴) ہلکے بدن کی تیز رفتار اونٹنی (۵) علم الاحیاء میں وہ نباتات یا جانور جو دو مختلف انواع کے امتزاج سے پیدا ہو (ع)۔ (ج) ھُجُنٌ وھجانٌ هجائنُ وهي هجينٌ۔
(الہَجَنَّفُ): لمبا چوڑا (ج) ھَجَانِيْفُ۔
(ھَجْھَجَ) الفَحْلُ اونٹ کا زور زور سے بلبلانا۔
-الجملَ او بهٖ اونٹ کو ہیج ہیج کہہ کر ڈانٹنا۔
-فلانًا عَنْ مقصدہٖ کسی کو اس کے مقصد سے باز رکھنا۔
(الھُجَاھِجُ): موٹا فربہ بھاری بھرکم (۲) بہت آواز نکالنے والا ظليمٌ هجاهجٌ شور مچانے والا شتر مرغ۔
(الھَجْھَاجُ) بہت بلبلانے والا۔ جیسے بعيرٌ هجهاجٌ وظليمٌ هجاجٌ۔
-يومٌ هجهاجٌ سخت ہواؤں والا دن (۲) بہت بھاگنے یا بدکنے والا (۳) مصیبت (۴) بے وقوف۔ بدمزاج۔ (۵) کم عقل (۶) فتنہ پھیلانے والا (۷) لمبا تڑنگا آدمی یا اونٹ (۸) عمر رسیدہ۔
(الھَجْھَجُ) خشک اور ٹھوس زمین۔ (ج) هجاهجُ۔
(الھَجْھَجُ) مینڈھا (۲) غیر شیریں پانی۔
(الھَجْھَجَةُ) شتربان کی اونٹ کو ڈانٹنے کی آواز۔
(ھَجَا) الكتابَ ـُـ ھَجْوًا و هِجَاءً کتاب پڑھنا سیکھنا۔ (۲) مطالعہ کرنا۔
-فلانًا هجوًا و هجاءً مذمت کرنا۔ کسی کے عیوب بیان کرنا۔ المرأةُ تهجو صحبةَ زوجها
(ھَجُوَ) اليَوْمُ ـُـ ھَجَاوَةً دن کا انتہائی گرم ہونا۔

(أَهْجَى) القَوْلَ او الشِعْرَ قول یا شعر کو ہجو والا پانا۔

(هَاجَاهُ) مُهَاجَاة وهجاءً ایک دوسرے کی مذمت اور ہجو بیان کرنا۔

(هَجّى) الصبیَّ الکتابَ بچہ کو کتاب سکھانا۔

(اهتجى) فلاناً کسی کی ہجو بیان کرنا۔

(تَهَاجَيَا) ایک دوسرے کی ہجو بیان کرنا۔

(تَهَجّى) الحروفَ الابجدیةَ حرف کے ہجے کرنا (حروف کے نام لے کر تلفظ کرنا)

-القرآنَ قرآن مجید کی تلاوت کرنا یا تلاوت سیکھنا۔

(الأُهْجُوَّةُ) وہ نظم یا اشعار جن میں کسی کی ہجو بیان کی جائے (ج) اهاجیّ۔

(التَهَجِّي) حروفُ التهجي حروف تہجی وہ حروف جن سے الفاظ بنتے ہیں۔

(الهِجَاءُ) ہجو، عیب گیری، مذمت (جو عام طور پر اشعار میں کی جاتی ہے) (۲) ہجے یعنی لفظ کے حرفوں کو ان کی حرکات کے ساتھ الگ الگ زبان سے ادا کرنا۔ هذا على هجاءِ فلانٍ یہ فلاں کے طرز پر ہے۔ فلانٌ على هجاءِ فلانٍ فلاں قد و قامت اور شکل و صورت میں فلاں جیسا ہے۔

-حروفُ الهجاءِ الف سے یا تک وہ حروف جن سے الفاظ ترکیب پاتے ہیں۔

(الهَجَّاءُ) بڑا عیب گیر۔ بہت مذمت کرنے والا۔ رَجُلٌ هجّاءٌ۔

(هَجِيَ) البَيْتُ- هَجًى گھر کا کھلا ہوا ہونا۔

-العینُ آنکھ کا دھنسا ہوا ہونا۔

-الرجلُ هَجًى سخت بھوکا ہونا۔

ھ د

(هَدَأَ)- هَدْءًا و هُدُوءًا اتھمنا، ٹھہرنا، پرسکون ہونا۔ هدأ الألمُ عنهُ اس کا درد ختم ہو گیا یا کم ہو گیا۔ جاءَ حینَ هَدَأَت العینُ والرِجلُ وہ اس وقت آیا جب لوگ سو چکے تھے۔

-بالمکان وفیه قیام کرنا۔

(هَدِئَ) - هَدَأً کمر جھک جانا۔ (۲) مونڈھوں کا سینہ کی طرف جھک جانا۔

-البعیرُ اونٹ کا چھوٹے کوہان والا ہونا۔ هو اهدأُ وهي هَدْآءُ (ج) هُدْءٌ۔

(أَهْدَأَ) الشيءَ ٹھہرانا، پرسکون کرنا۔ لا أَهْدَأَ اللهُ خدا اس کی تکلیف دور نہ کرے۔

-الصبیَّ بچہ کو سلانے کے لیے تھپکی دینا۔

-الکِبَرُ ونحوُهُ فلاناً بڑھاپے کا کسی کی کمر جھکا دینا۔

-کثرةُ الحملِ السَّنَامَ بوجھ کی زیادتی کا کوہان کو دبا کر چھوٹا کر دینا۔

(هَدَّأَهُ) پرسکون کرنا، ٹھہرانا۔

(الأَهْدَأُ) سینہ کی طرف جھکا ہوا مونڈھا۔

(المَهْدَأَةُ) سکون کا ذریعہ۔

(المُهَيْدِئَةُ) ترکتُهُ علی مهیدئتِهِ میں نے اسے اس کے حال پر چھوڑ دیا۔

(الهِدْءُ) و (الهُدْءُ) شروع سے تہائی رات تک کا وقت۔

(الهَدْأَةُ) سکون، ٹھہراؤ (۲) رات کا اول سے تہائی تک کا حصہ۔

(الهَدَاةُ) سکون۔ مَالَهُ هداةُ لیلةٍ اس کو رات بھر پرسکون رکھنے والی کوئی چیز میسر نہیں ہوئی۔

(هَدَبَ) الشيءَ- هَدْبًا کاٹنا۔

-الهَدَبَ ٹہنیاں کاٹنا۔

-الثمرةَ پھل چننا۔

-الناقةَ انگلیوں کے پوروں سے اونٹنی کا دودھ نکالنا۔

(هَدِبَ)- هَدَبًا اونٹ کا لمبے ہونٹوں والا ہونا۔

-العینُ آنکھ کا لمبی پلکوں والا ہونا۔

-الشَّجرةُ درخت کا لمبی شاخوں والا ہونا۔

-هُوَ اهدبُ العینِ لمبی پلکوں والا۔ هی هَدْباءُ (ج) هُدْبٌ۔

(هَدَّبَ) الثمرةَ پھل چننا۔

-الثوبَ کپڑے میں جھالر لگانا۔

(اَهْدَبَ) الثمرةَ پھل چننا۔

(تَهَدَّبَ) پلکوں والا ہونا (۲) [illegible]

-السحابُ بادل کا جھالر نما ہو کر لٹکنا۔

-الاغصانُ ٹہنیوں کا لٹکا ہوا ہونا۔

(الأَهْدَبُ) لمبی پلکوں والا (۲) لمبے پروں والا پرندہ (ج) هُدْبٌ۔

(الهَدْبَاءُ) اُذُنٌ هَدْبَاءُ لٹکا ہوا لمبا کان۔ لِحْيَةٌ هَدْبَاءُ لمبی اور لٹکی ہوئی داڑھی۔ (ج) هُدْبٌ۔

(الهَدْبُ) انگلیوں کے پوروں سے دودھ دوھنا۔

(الهُدْبُ) پلک (۲) جھالر، پھندنا۔ واحد هُدْبَةٌ (ج) اهداب۔

(الهَدَبُ) ٹہنیاں واحد هَدَبَةٌ (۲) ہر وہ پتہ جس میں چوڑائی نہ ہو جیسے سرو کا پتہ (۳) وہ پتا جس کے صرف ریشے ہوں پتے نہ ہوں (ج) اهدابٌ و هدابٌ۔

(الهَدِبُ) عُثنونٌ هَدِبٌ ٹھوڑی کے لمبے بال۔ فرسٌ هَدِبٌ گھوڑے کی پیشانی کے لمبے بال۔

(الهُدَبُ) سست اور کند ذہن آدمی۔

(الهَدَّابُ) سست اور کند ذہن (۲) الهَدَبُ (۳) جھالر، دامن، پلہ (۴) کھجور کی شاخ۔

(الهَيْدَبُ) کپڑے کا جھالر (۲) بادل کی جھالری (۳) زمین کے نزدیک برستے ہوئے بادل کا جھالر نما بادل (۴) عورت کا ڈھیلا پستان۔

-رَجُلٌ هَيْدَبٌ بہت بالوں والا [illegible] سست آدمی۔

(الهَيْدَبي) گھوڑے کی ایک چال۔

(الهَيْدَبيّ) رجلٌ هيدبيُّ الکلام بہت بولنے والا آدمی۔

(الهَدَبِلُ) زیادہ بالوں والا یا ایک پراگندہ بالوں والا جو بالوں کو کبھی صاف اور آراستہ نہ کرتا ہو (۲) سست اور کند ذہن۔

(هَدَجَ) الظليمُ- هَدَجَانًا شتر مرغ کا کانپتے ہوئے چلنا۔

–فلانٌ کمزوری کی وجہ سے بوجھل قدموں سے چلنا۔
–الدَّابَۃُ هَدْحًا جانور کا اپنے بچہ سے محبت کرنا۔
–الرِّيْحُ ہوا کا آواز نکالنا۔
–القِدرُ ہانڈی کا جوش مارنا۔
(هَدَّجَ) البعيرُ. اونٹ کا ہودج نما کوہان والا ہونا۔
(تَهَدَّجَ) الصوتُ آواز کا کپکپانا' لرزنا۔
–القوم عَلٰى فلانٍ: کسی کے محاسن اور الطاف کو بیان کرنا۔
(استَهْدَجَ). جلدی کرنا (۲) کانپتے ہوئے چلنا۔
(المُسْتَهْدَجُ) جلد بازی' جلدی' عجلت۔
(المِهْدَاجُ): ناقۃٌ مِهْدَاجٌ اپنے بچہ سے محبت کرنے والی اونٹنی۔
–رِيْحٌ مِهْدَاجٌ تیز آواز والی ہوا۔
(الهَدَجَۃُ) جانور کا اپنے بچہ سے لگاؤ اور محبت۔
(الهَدَّاجُ) بہت لرزتے ہوئے چلنے والا۔ (مبالغہ) کہتے ہیں ظلیمٌ هَدَّاجٌ۔
(الهَدُوْجُ) نَاقۃٌ هَدُوْجٌ اپنے بچے سے محبت کرنے والی اونٹنی۔ قِدرٌ هدوجٌ جلدی یا شدت سے جوش مارنے والی ہانڈی۔
(الهَوْدَجُ) کجاوہ' محمل (ج) هَوَادِجُ۔
(الهَدَجْدَجُ) شترمرغ (۲) لرزتے ہوئے چلنے والا۔
(هَدَّ) الحائطُ– هَدًّا دیوار گر جانا۔
–هَدًّا و هَدِيْدًا گرنے کی آواز ہونا۔
–الفحلُ سانڈ کا بلبلانا۔
–فلانٌ هَدًّا کمزور اور بوڑھا ہونا۔
–البناءَ– هَدًّا و هُدُوْدًا. عمارت کو دھڑام سے گرانا۔
–الشیءَ سختی سے توڑنا۔ هَدَّتْهُ الفجيعۃُ مصیبت نے اسے ہلا کر رکھ دیا۔
–الارضَ برجلِهِ زمین پر سختی سے پاؤں مارنا۔ هُوَ رجلٌ هَدُّكَ مِنْ رَجلٍ وہ ایسا شخص ہے جس کے اوصاف و محاسن کا بیان تم سے نہیں ہوسکتا۔ (واحد' جمع' مذکر و مونث) هَدَّتك و هَدَّاك وهَدُّوْكَ بمعنی مذکور ہیں انَّہٗ لهَدُّ الرَّجُلِ: وہ بہترین آدمی ہے یعنی مضبوط اور بہادر ہے۔ تعجب کے طور پر کہا جاتا ہے لَهَدَّ مَا سَحَرَكُمْ صَاحِبُكُم: تمہارے ساتھی نے تم پر زبردست جادو کیا ہے۔
(هَدَّ) الصوتُ– هَدَدًا: آواز کا بھاری ہونا۔
(هَدَّدَہٗ) ڈرانا' دھمکی دینا۔
(تَهَادَّ) القَوْمُ فی السَّيْرِ ایک دوسرے کے پیچھے جانا۔ ایک دوسرے کو دھکیلتے ہوئے چلنا۔ هم يتهادّون. وہ ایک دوسرے سے سوال کرتے ہیں۔
(تَهَدَّدَہٗ): بہت زیادہ ڈرانا۔ زبردست دھمکی دینا۔ (مبالغہ هَدَّدَہٗ)
(اسْتَهَدَّہٗ): کمزور سمجھنا یا پانا۔
(الأهَدُّ): بزدل۔
(التَّهْدَادُ). ڈراوا' دھمکی' سزا۔
(الهَادُّ). گرنے کی آواز (۲) سمندر کا شور (۳) زمین کے اندر کی گڑگڑاہٹ۔
(الهَادَّۃُ): رعد' کڑک۔
(الهَدَادُ) مہربانی' نرمی' رفق۔
هَدَادَيْكَ ذرا مہلت دو۔ قومٌ هَدَادٌ: بزدل لوگ۔
(الهَدَادَۃُ) بزدل۔ جیسے رجلٌ هدادۃٌ۔
(الهَدُّ): بھاری اور موٹی آواز (۲) بزدل اور کمزور آدمی (۳) سخی اور شریف آدمی۔
(الهِدُّ). ٹوٹا ہوا' شکستہ (۲) کمزور اور بزدل آدمی۔ انّی لغير هِدٍّ: میں بزدل نہیں ہوں۔
(الهِدَانُ) بیوقوف اور اکھڑ آدمی۔
(الهَدَّۃُ) بوجھل چیز کے گرنے کی آواز۔
(الهَدُوْدُ). ہموار زمین (۲) دشوار گزار گھاٹی۔ اکمۃٌ هَدُوْدٌ کھڑا ٹیلہ جس کا ڈھلوان دشوار گزار ہو (۳) ڈھلوان جگہ۔
(الهَدِيْدُ) آواز کی گونج (۲) لمبا آدمی۔
(هَدَرَ): هَدْرًا وهَدَرًا بے فائدہ اور رائیگاں ہونا۔
–الشیءُ: ضائع اور بیکار کرنا۔
–البعيرُ او الحمامُ– هَدْرًا و هَدِيْرًا. اونٹ کا بلبلانا' کبوتر کا غٹرغوں کرنا۔
–الغلامُ: بچہ کا چھوٹی عمر میں بولنے کی کوشش کرنا۔
–الشرابُ: شراب میں جوش آنا۔
–اللبنُ: دودھ کا اوپر سے گاڑھا ہونا۔
–الجوفُ: پیٹ پھول جانا۔ هو هادرٌ وهَدَّارٌ۔
–الشيءُ هُدُوْرًا: گرنا۔
–العُشْبُ. گھاس کا گھنا لمبا اور پورا ہو جانا۔
(أهْدَرَ) الشيءَ: ضائع اور رائیگاں کرنا۔
–دَمَہٗ: کسی کے خون کو مباح کرنا اس پر قصاص اور دیت کو ساقط کرنا۔
–کرامۃ فلانٍ: کسی کی توہین کرنا۔ (محدثہ)
(هَدَّرَ). بہت زیادہ بلبلانا یا آواز نکالنا (مبالغہ) کہاوت ہے (کالمهدِّر فی العُنَّۃ): نامردی کے باوجود شور مچانے والا۔ اس آدمی کے بارے میں جو صرف شور مچاتا ہو کام نہ کرتا ہو۔
(تَهَادَرَ) القومُ: باہم خون مباح کرنا اور رائیگاں جانے دینا۔
(اهدَوْدَرَ) المطرُ. زوردار بارش برسنا۔
(المَهْدَرَۃُ): آگے کے چھوٹے دانت۔
(الهَادِرُ) اوپر کی سطح سے گاڑھا اور نیچے سے پتلا دہی بننے والا دودھ۔
(الهَادِرَۃُ) ارضٌ هَادِرَۃٌ بہت گھاس والی زمین (ج) هَوَادِر۔
(الهَدَرُ): باطل و رائیگاں کہتے ہیں۔ ذَهَبَ دَمُہٗ هَدَرًا اور اس کا خون بیکار گیا۔ ذَهَبَ سعيُہٗ هَدَرًا اس کی کوشش ضائع ہوگئی۔
(الهَدَرُ) الهَدْرُ (۲) بے فیض گھٹیا لوگ۔
(الهِدْرُ). بوجھل اور بے فیض آدمی۔
(هَدَغَہٗ)– هَدْغًا کھوکھلی چیز کو توڑنا۔
(انْهَدَغَ) الشیءُ کھوکھلی چیز کا ٹوٹنا۔ کہتے ہیں انهدغت الرُّطَبَۃُ (۲) سوکھ کر نرم ہو

جانا۔
(المُهْدِغُ) آسانی سے نگلی جانے والی نرم غذا' سوپ۔
(هَدَفَ) اليهِ ـُ هَدْفًا داخل ہونا۔
-فلانٌ للخمسينَ پچاس سال کے قریب پہنچنا۔
-الرجلُ ـِ هَدْفًا. کمزور اور سست ہونا۔
-اِلَى الشيءِ کسی چیز کا ارادہ کرنا اور اس کی طرف جلدی کرنا۔
-الى الأمْرِ مقصد و نشانہ بنانا۔
(اهْدَفَ). قریب ہونا۔ اهدف منهُ بھی کہتے ہیں۔
-فلانٌ عَلَى التَّلِّ ٹیلہ پر نیچے کی طرف دیکھنا۔
-اليهِ ٹھکانہ پکڑنا۔
-لهُ کھڑا ہونا' استقبال کرنا۔
-فلانٌ للخمسين پچاس سال کے قریب ہونا۔
(اسْتَهْدَفَ) الشيءُ: بلند ہونا۔
-الرجلُ سیدھا کھڑا ہونا۔
-للأمرِ: کسی بات کا نشانہ بننا۔ مقولہ ہے (منَ ألَّفَ فقد استهدف): جو تالیف کرتا ہے تنقید کا نشانہ بنتا ہے۔
-لك الشيءُ کوئی چیز سامنے اور نزدیک ہونا۔ هو مستهدِفٌ۔
-الشيءَ: نشانہ اور مقصد بنانا (مج)
(المُهْدِفَةُ): پُر گوشت عورت۔
(الهَادِفُ): اجنبی' پردیسی' جیسے هَلْ هَدَفَ اليكم هادفٌ کیا تمہارے پاس کوئی مسافر آیا ہے۔ (۲) بامقصد جیسے ادبٌ هادفٌ وفنٌّ هادفٌ۔ (محدثة)
(الهادِفَةُ) جماعت جیسے جاءَتْ هادفةٌ من الناس۔
(الهَدَّافُ) نشانہ پر گیند مارنے کا ماہر کھلاڑی (محدث)
(الهَدَفُ) ہر بلند چیز (۲) وہ نشانہ جس پر تیر پھینکے جائیں (۳) فٹ بال کا گول (محدث)
(۴) گول (یعنی ایک بار کی جیت) (محدث)
(۵) بلند جگہ جہاں پناہ لی جائے (۶) تمام ست کاہل اور کند ذہن آدمی (ج) اهدافٌ۔
(الهِدْفُ): لمبی گردن اور بھاری جسم والا۔
(هَدَكَ) البناءَ ـِ هَدْكًا: عمارت گرانا۔
(تَهَدَّكَ) فلانٌ۔ بے وقوف بننا۔
-عَلَى فلانٍ بِالكلامِ. کسی کو سخت سست کہنا۔ دھمکی دینا۔
(هَدَلَ) الحمامُ او الغلامُ ـِ هَدِيلاً آواز نکالنا۔
-الشيءَ هَدْلاً: ڈھیلا کر کے نیچے لٹکانا۔
(هَدِلَ) البعيرُ ـَ هَدَلاً: اونٹ کے ہونٹ کا لٹکا ہوا ہونا۔ هَدِلَ مشفرُ البعير: بھی کہتے ہیں۔
-الرَّجُلُ آدمی کے نچلے ہونٹ کا لٹکا ہوا ہونا۔
-السَّحَابُ بادل کا جھالر کی طرح ہونا۔ اور نیچے ہو کر برسنا۔ هو هادلٌ وهَدِلٌ وهو اهدلُ وهي هدلاءُ (ج) هُدْلٌ۔
(تَهَدَّلَ) الشيءُ. لٹکا ہوا اور ڈھیلا ہونا۔
-الشفةُ: ہونٹ لٹکنا۔
-الخصيةُ. خصیہ کا ڈھیلا ہو کر لٹکنا۔
-الثمرُ او الغصنُ پھل یا ٹہنی کا نیچے کو لٹکا یا جھکا ہوا ہونا۔
(الهَدَالُ). ایک قسم کی گھاس (۲) لٹکی ہوئی ٹہنیاں۔
(الهَدَالَةُ). جماعت (۲) واحد الهدال (ج) هَدَالٌ۔
(الهِدْلُ). کھٹا گاڑھا دودھ۔
(الهَدِيلُ). کبوتر کی آواز (۲) نر فاختہ (۳) زیادہ بالوں والا آدمی۔ (۴) سست و بھاری آدمی۔
(الهَيْدَلَةُ). حدی (اونٹوں کو ہانکنے کا گانا)
(هَدَمَ) البناءَ ـِ هَدْمًا. عمارت گرانا۔ توڑنا۔ هو هَدَمٌ (فَعَلٌ بمعنی مفعول)
-القتيلَ مقتول کے خون کا رائیگاں کرنا۔
-الثوبَ أو نحوهُ: کپڑے کو پرانا کر کے پیوند لگانا۔
-فلانًا کسی کو مار مار کر اس کی کمر توڑ دینا۔
-فلانٌ ما أبرمهُ من الامرِ معاہدہ توڑ دینا۔
(هَدِمَتِ) البئرُ ـَ هَدَمًا کنوئیں کے کچھ کنارے گر جانا۔
(هُدِمَ) فلانٌ کسی کو سمندر میں چکر آنا۔
(اهْدَمَ) اللبنَ دودھ کا ترشی پر دوھنے سے گاڑھا ہو جانا۔
(هَدَّمَ) مکمل طور پر منہدم کر دینا۔ (مبالغة فی هَدَمَ)
(تَهَدَّمَ) البناءَ: آہستہ آہستہ گرانا۔
-فلانٌ عَلَى فلانٍ غَضَبًا ومن الغضب دھمکی دینا۔
-الناقةُ اونٹنی کا جفتی کی شدید خواہش کی بنا پر سانڈ کو موقع دینا۔ هو يتهدّم بالمعروفِ وہ با سانی بخشش کرتا ہے۔
-العجوزُ والنَّابُ بڑھیا یا بوڑھی عورت کا فنا ہو جانا۔
(المَهْدُومُ). کھٹا دودھ۔
(المَهْدُومَةُ) أرْضٌ مَهْدُومَةٌ وہ زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔
(الهُدَامُ). سمندر میں آنے والا چکر۔
(الهَدْمُ) دَمٌ هَدْمٌ رائیگاں خون۔
(الهِدْمُ) بہت بوڑھا (۲) پرانا موزہ (۳) پیوند لگا ہوا پرانا کپڑا۔ (۴) پرانا کمبل یا چادر جس کو پیوند لگا ہو (ج) اهدامٌ وهِدَامٌ۔
(الهَدْمَةُ). مال کی ایک مرتبہ دی ہوئی مقدار (۲) ہلکی بارش۔
(الهَدْمَةُ) پرانا کپڑا (ج) هُدُومٌ۔
(الهَدَمُ): رائیگاں خون (۲) ہر گر کر ٹوٹنے والی چیز۔ فلانٌ شهيدُ الهَدَمِ فلاں ایسا شہید ہے جس کا خون ضائع گیا (۳) گزشتہ سال کی بچی ہوئی گھاس۔
(الهَدِمُ) بے وقوف (۲) ہیجڑا۔
(الهَدِيمُ) گزشتہ سال کی بچی ہوئی گھاس۔
(هَدْمَلَ) الرّجلُ اپنے کپڑوں کو خود پھاڑنا۔

(الھِدمُ) پرانا اور قدیم (۲) پھٹا ہوا کپڑا (۳) پرندہ اور چھتے بالوں والا۔

(الھِدمَلُ) سست اور بوجھل (۳) مضبوط بدن والا اونچا بیدہ۔

(الھِدمَلَۃ) لوگوں کی جماعت (۲) بہت درختوں والی ریتیلی اور بلند زمین (۳) زمانہ قدیم۔

(ھَدَنَ) فلانٌ ـ ھُدُونًا پرسکون ہونا۔ (۲) بےوقوف ہونا۔ ھُوَ ھَادِنٌ۔

فلانًا قتل کرنا (۲) تسلی کے لئے جھوٹا وعدہ کر کے دھوکا دینا۔

–الصبیَّ بچہ کو دلاسہ دے کر بہلانا۔

–عَدُوَّہٗ دشمن کے مقابلہ میں مکمل یا عارضی طور پر رک جانا۔

–الشیءَ دفن کر دینا۔

–الخَبَرُ فلانًا کسی خبر یا واقع کا کسی کو اس کے ارادہ سے روک دینا۔

(ھَدِنَ) فلانٌ عَنْ فُلَانٍ کسی کا کسی سے تھوڑی سی چیز لے کر خوش ہو جانا۔

(اَھْدَنَ) الفَرَسُ گھوڑے کا چلنے سے جی چرانا ھو مُھْدِنٌ۔

–الخیلَ گھوڑوں کو کمزور کر دینا۔

(ھَدَّنَ) فلانًا پرسکون کرنا (۲) تسلی دینا۔

–الصبیَّ بچہ کو بہلانا۔ کہتے ہیں ھدّنت المراۃُ طِفْلَھا۔

(ھَادَنَ) فلانًا عارضی صلح کرنا۔

(اِہْدَنَ) فلانٌ عَنْ عَزْمِہٖ اپنے ارادہ کو ملتوی کرنا۔

(تَھَادَنَ) القومُ باہم صلح کرنا (۲) عارضی طور پر لڑائی بند کرنا۔

–الامورُ معاملات ٹھیک ہو جانا۔

(تَھَدَّنَ) الرَّجُلُ آدمی کا بےوقوف اور لڑائی میں سست و نکما ہونا۔

(المَھْدُوْنُ) الھِدَانُ (۲) وہ شخص جس سے صلح کی چاہت کی جائے۔

(الھِدَانُ) بد اخلاق بےوقوف اور لڑائی میں سست (۲) سست نکما ہر وقت سویا پڑا رہنے والا (ج) ھُدُوْنٌ۔

(الھَدِنُ) سست و ڈھیلا۔

(الھُدْنَۃُ) جنگ کے بعد صلح یا وقفہ جنگ بندی جس میں فریقین تیاری کرتے ہیں۔ (اس کی خاص شرائط ہوتی ہیں) (ج) ھُدَنٌ (۲) سکون و آرام (۳) کسی آنے والی خبر کے باعث ارادہ ملتوی کرنا۔

(الھَیْدَانُ) بےوقوف لالچی (۲) بزدل۔

(ھَدْھَدَ) الطائرُ پرندہ کا گٹکری کرنا۔

–الشیءَ حرکت دینا۔ ھَدْھَدَتِ الاُمُّ صبیّھا ماں کا بچہ کو سونے کے لئے ہلانا۔

–فلانٌ الشیءَ اوپر سے کوئی چیز نیچے لڑھکانا۔

–یُھَدْھَدُ اِلی کذا میرے دل میں یہ بات آتی ہے یا کھٹکتی ہے۔

(الھُدَاھِدُ) الھُدْھُدُ (ج) ھَدَاھِدُ وھَدَاھِیْدُ (۲) مہربانی کہتے ہیں مَا فِیْ وُدِّہٖ ھُدَاھِدٌ اس کے تعلق میں کوئی ہمدردی نہیں۔

–فَحْلٌ ھُدَاھِدٌ بہت بڑبڑانے والا سانڈ۔

(الھُدْھُدُ) ہدہد (ایک پرندہ) (۲) کوکو کی آواز نکالنے والا ہر پرندہ (۳) بہت بولنے والا کبوتر (ج) ھَدَاھِدُ وھَدَاھِیْدُ۔

(الھَدْھَدَۃُ) ہدہد کی آواز (۲) کبوتر کی آواز (ج) ھَدَاھِدُ۔

(ھَدٰی) فَلَانٌ ـ ھُدًی و ھَدْیًا وھِدَایَۃً ہدایت پانا، صحیح راستہ پر چلنا۔

–فُلَانٌ ھَدْیَ فُلَانٍ کسی کے راستہ پر چلنا۔

–فُلَانًا کسی کی راہ نمائی کرنا، راستہ بتانا۔ قرآن مجید میں ہے (وَوَجَدَکَ ضَآلًّا فَھَدٰی) راستہ دکھانا۔

–فلانًا الطریقَ ولہٗ والیہ راستہ دکھانا، راستہ خوب واضح کرنا۔

قرآن مجید میں ہے (وَھَدَیْنٰہُ النَّجْدَیْنِ) اور (اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ)

(اَھْدٰی) الھَدْیَ او الھدیَ الی الحرم (قربانی کا جانور) حرم کی طرف بھیجنا۔

–الھَدِیَّۃَ الی فلانٍ وَلَہٗ کسی کو اعزازاً ہدیہ یا تحفہ دینا۔

–العروسَ اِلی بعلھا دولہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔

–(ھَادٰی) فلانٌ فُلَانًا ایک کا دوسرے کو ہدیہ بھیجنا۔

–فُلَانَۃٌ فُلَانَۃً دونوں کا اپنا اپنا کھانا لا کر ایک جگہ مل کر کھانا۔

–فلانٌ فلانًا کسی سے عارضی صلح کرنا۔ (۲) کسی کو لڑکھڑاتے ہوئے چلانا۔

–فلانٌ فلانًا الشِّعْرَ شعر میں ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔

(ھَدّٰی) العروسَ اِلی بعلھا دولہن کو اس کے شوہر کے پاس بھیجنا۔

–الھدیۃَ الی فلانٍ وَلَہٗ تحفہ دینا۔

فلانٌ یُھَدِّی للناسِ وہ لوگوں کو بہت ہدایا دیتا ہے۔

(اِھْتَدٰی) یھتدِی ویھِدِّی ویَھَدِّی ہدایت یافتہ ہونا۔ قرآن مجید میں ہے (اَفَمَنْ یَّھْدِیْٓ اِلَی الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ یُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا یَھِدِّیْٓ اِلَّآ اَنْ یُّھْدٰی) (۲) ہدایت طلب کرنا، ہدایت چاہنا یا ہدایت پر قائم رہنا۔

–فلانٌ امراتَہٗ عورت کا اپنی طرف مائل کرنا۔

–الفرسُ الخیلَ گھوڑی کا اگلے گھوڑوں کے ساتھ ہونا۔

(تَھَادٰی) فلانٌ بَیْنَ رَجُلَیْنِ کمزوری کی وجہ سے دو آدمیوں کا سہارا لینا۔ کہتے ہیں۔ جاءَ فلانٌ یتھادٰی بین اثنین۔

–القومُ ایک دوسرے کو ہدیہ دینا۔

–المراۃُ عورت کا جھومتے ہوئے تنہا چلنا۔

(تَھَدّٰی) فلانٌ ہدایت یافتہ ہونا۔

–فُلَانًا ہدیہ طلب کرنا۔

(المِھْدَاءُ) بہت ہدایا دینے والا۔

(المِھْدٰی) وہ برتن جس میں تحفہ دیا جائے۔

(المُھَیْدِیَۃُ): فلانٌ عَلٰی مُھَیْدِیَتِہٖ فلاں اپنے حال پر ہے۔

(الهَادِی) اسماء الحسنیٰ میں سے ایک۔(۲) دلیل (ج) هُدَاةٌ (۳) گردن (۴) شیر (۵) تیر کا پھل (ج) هوادٍ (الهَادِيَةُ) ہر آگے رہنے والی چیز۔(۲) الحجی (۳) پانی میں ابھری ہوئی چٹان۔ هَوَادٍ۔ هادياتُ الخيل وهواديها آگے رہنے والے گھوڑے۔ هوادی الليلِ رات کا ابتدائی حصہ۔هوادی الابل اونٹوں کی سب سے پہلے ظاہر ہونے والی کھیپ۔

(الهِدَاءُ) من الرّجالِ کمزور اور بیوقوف۔ (۲) کاہل و بوجھل۔

(الهَدَاةُ) آلۂ ذریعہ۔

(الهُدٰی) دین (۲) راستہ (۳) رہنمائی ہدایت قرآن مجید میں ہے (هدًی لِّلْمُتَّقِيْنَ)(۴) مقصود تک پہنچانے والی ہمدردانہ رہنمائی قرآن مجید میں ہے (اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰی) (۵) اطاعت۔قرآن مجید میں ہے (اُولٰئِكَ الَّذِيْنَ هَدَی اللّٰهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ)

(الهَدْیُ) هدی وہ جانور جو قربانی کے لئے حرم بھیجا جائے۔قرآن مجید میں ہے (حَتّٰی يَبْلُغَ الْهَدْیُ مَحِلَّهٗ)(۲) محترم آدمی۔ جیسے فلانٌ هدیُ بنی فلان (۳) سیرت و عادت (۴) حالت و ہیئت جیسے فلانٌ حسن الهَدْیِ۔

(الهَدْيَةُ) طریقہ و عادت (۲) وہ جانور جو قربانی کے لئے حرم بھجوایا جائے۔

–هديةُ الأمرِ کسی معاملہ کی جہت طریقہ۔

(الهِدْيَةُ) الهَدْيَةُ (۲) قصد جہت جیسے استمرّ فی هِديتك اپنے کام میں لگے رہو۔ ضَلَّ فلانٌ هِدْيَتَهٗ کسی کا اپنی صحیح راہ کو چھوڑنا۔

(الهُدْيَةُ) جہت رخ۔ جیسے ضَلَّ فلانٌ هُدْيَتَهٗ (۲) چکی یا رہٹ میں لگی ہوئی لمبی کڑی جسے بیل کھینچتے ہیں اور اس سے چکی یا رہٹ گھومتا ہے۔

(الهَدِیُّ) محترم آدمی (۲) دولہن (۳) قربانی کے لئے حرم بھیجا جانے والا جانور (۴) قیدی۔

(الهُدَيَّا) هُدَيَّا الشیءِ مثل نظیر۔ لك عندی هُدَيَّاهُ میرے پاس تیرے لئے ویسی ہی چیز ہے۔

(الهَدِيَّةُ) دولہن (۲) تحفہ ہدیہ۔ (ج) هدايا۔

ھ ۔ ۔ ذ

(هَذَأَتِ) الخَيْلُ ونَحْوُهَا۔ هَذْءًا گھوڑوں کا تھکاوٹ کی وجہ سے گر جانا۔

–الشیءَ تیزی سے کاٹنا۔

–الكلامَ جلدی جلدی غلط باتیں کرنا۔

–فلانٌ العَدُوَّ دشمن کو ہلاک کرنا۔

–فلانًا بلسانه کسی سے ناگوار بات کہنا۔

(هَذِئَ) مِن البردِ هَذَأً سردی کی وجہ سے ہلاک ہونا۔

(تَهَذَّأَتِ) القَرْحَةُ زخم کا بگڑ کر پھٹ جانا۔

(الهَذَّاءُ): سَيْفٌ هَذَّاءٌ تیزی سے کاٹنے والی تلوار۔

(الهُذَاةُ) کدال پھاوڑا۔

(هَذَبَ) القومُ۔ هَذْبًا لوگوں کا بہت شور کرنا۔

–الماءُ ونحوهٗ پانی بہنا۔

–الشیءَ کاٹنا (۲) صاف کرنا (۳) درست کرنا۔

–النَّخْلَةَ کھجور کی شاخوں کو کاٹ کر درست کرنا۔

(أَهْذَبَ): جلدی کرنا جیسے أَهْذَبَ الانسانُ فی مشیه والفرسُ فی عدوه والطائر فی طيرانه۔

–السَّحَابَةُ مَاءَهَا بادل کا تیز برسنا۔

(هَذَّبَ) النَّخْلَةَ کھجور کے درختوں کی شاخوں کو خوب درست کرنا۔

–الكلامَ کلام کو مہذب اور شستہ بنانا۔

–الكتابَ کتاب کو مہذب اور ملخص بنانا۔ زوائد اور نقائص کو دور کرنا۔

–الصبیَّ بچہ کی عمدہ تربیت کرنا۔

(تَهَذَّبَ) الشیءُ صاف درست اور مہذب ہونا۔

(الهَذَبُ) صفائی درستگی۔خلوص جیسے مَا فی مودّتِه هَذَبٌ۔

(الهَذِبُ) فَرَسٌ هَذِبٌ تیز رفتار گھوڑا

(هَذَّ) الشیءَ هَذًّا او هَذَذًا تیزی سے کاٹنا۔

–القرآنَ قرآن کو تیزی سے پڑھنا (یہ غیر محمود ہے)

–الحديثَ جلدی سے پوری بات کہنا۔

(اهتذَّ) الشیءَ تیزی سے کاٹنا۔

(هَذَا ذَيْكَ) کسی کام سے تاکیداً روکنے کے لئے بمعنی رک جاؤ۔

(الهَذُّ) و (الهِذُّ) انتہائی تیز دھار والا۔ جیسے ازميلٌ هِذٌّ چمڑے کاٹنے کی تیز چھینی۔

(الهُذَاذُ): نابٌ هُذَاذٌ تیز دانت۔

(الهَذَّاذُ) بہت تیزی سے کاٹنے والا۔

–جَمَلٌ هَذَّاذٌ تیز رفتار اور آگے رہنے والا اونٹ۔

(الهُذْلُوذُ)· سكينٌ هذلوذ تیز چھری۔

(هَذَرَ) الرّجُلُ فی منطقه۔ هَذْرًا وَهَذَرًا غیر مناسب اور بے ہودہ باتیں کرنا۔

–اليومُ هَذْرًا سخت گرم ہونا جیسے يَوْمٌ هَذِرٌ۔

(هَذِرَ) كلامُهٗ–هَذَرًا گفتگو میں غلطیوں اور جھوٹ کی کثرت ہونا۔هو هَذِرٌ۔

(أَهْذَرَ) فی كلامه بہت لغو اور فضول باتیں کرنا۔ مقولہ ہے (مَنْ أَكْثَرَ أَهْذَرَ)

(المِهْذَارُ) بے ہودہ گو بکواسی۔(المِكثارُ مهذارٌ)(ج) مهاذير

(الهَذْرُ): لانَزْرٌ ولا هَذْرٌ نہ تھوڑا نہ بہت۔

(الهَذَرُ) فضول کلام بکواس۔

(الهَذَّارُ) فضول گو بے ہودہ گو۔

(المِهْذَرُ) المِهْذَارُ۔

(الهُذَرَةُ) و (الهُذُرَّةُ) الهَذِرُ۔

(الهِذْرِيَانُ) رجلٌ هِذْرِيَانٌ جس کے کلام میں جھوٹ پایا جائے۔

(الهَيْذَرُ) الهَذِرُ۔

(هَذْرَمَ) فلانٌ تیز چلنا۔ (۲) تیز بولنا (۳) تیز پڑھنا۔

–القرآنَ قرآن کے معنی پر تدبر کئے بغیر تیز

تیز پڑھنا (یہ غیر محمود ہے)
—فِی کَلَامِہٖ کلام میں گڑبڑ کرنا۔
—السَّیْفُ کاٹنا۔
(الھُذَارِمُ والھُذَارِمَۃُ والھِذْرَامُ) بہت بولنے والا۔
(الھَذْرَمِیُّ): ھی ھذرمی الصَّخَبِ وہ بہت شوروغل اور آفت والی ہے۔
(ھَذَفَ) -ھُذُوْفًا تیزی کرنا ھُوَ ھَاذِفٌ۔
(الھَاذِلُ) رات کا درمیان۔
(الھَذْلُوْلُ) پھرتیلا آدمی۔ (۲) لمبا سخت جان پھرتیلا گھوڑا۔ (۳) صحراء کی وہ نشیبی زمین جس کا پتہ وہاں پہنچ کر ہی ہو۔ (۴) ہلکا تیر۔ (۵) چھوٹا ٹیلہ۔ (۶) دور سے دکھائی دینے والی بارش (۷) پانی کی چھوٹی نالی (۸) ہلکا بادل (۹) رات کا ابتدائی یا آخری حصہ (۹) ھذا لیل۔
—ذَھَبَ ثوبُہٗ ھَذَا لِیْلَ اس کا کپڑا ٹکڑے ٹکڑے ہوگیا۔
(ھَذْلَمَ) چھوٹے قدموں سے تیز چلنا۔
(ھَذَمَ) الشیءَ - ھَذْمًا تیزی سے کاٹنا۔
—الطعامَ جلدی سے کھالینا۔
(المِھْذَمُ) تیز تلوار۔
(الھُذَامُ) تیز تلوار (۲) بہادر۔
—سِنَانٌ ھُذَامٌ تیز دانت۔
—شَفْرَۃٌ ھُذَامٌ تیز پھلکا بلیڈ وغیرہ۔
(الھُذَامَۃُ) و(الھُذَمَۃُ): شفرۃٌ ھُذَامَۃٌ وَھُذَمَۃٌ تیز دھار پھلکا یا بلیڈ وغیرہ۔
(الھُذُوْمُ) سکینٌ ھُذُوْمٌ تیز چھری۔
(الھَیْذَامُ) بہادر (۲) بہت کھانے والا۔
(الھَیْذَمُ) نیزہ۔
(الھُذَاھِذُ) وہ لوگ جو ہر کسی کو دیکھ کر یہ کہیں یہ فلاں کا لڑکا ہے یا فلاں کا خادم ہے۔
(الھُذَاھِذُ) سیفٌ ھُذَاھِذٌ تیز تلوار۔
(الھَذْھَاذُ) الھُذَاھِذُ۔
(ھَذَاہٗ) بالسیفِ - ھَذْوًا تلوار سے کاٹنا۔
(ھَذَی) فلانٌ -ھَذْیًا وھَذَیَانًا بیماری وغیرہ کی وجہ سے بہکی بہکی باتیں کرنا۔ ھو ھاذٍ وھَزَّاءٌ۔
—فلانٌ بالشیءِ ہذیانی حالت میں کوئی بات کرنا۔
(ھَاذَاہٗ): کسی کے ساتھ فضول اور لغو گفتگو کرنا۔
(تَھَاذَی) القومُ: باہم لغو گفتگو کرنا۔
(الھُذَاءُ): لغو گفتگو فضول باتیں جس کا مطلب واضح نہ ہو۔
(الھَذَیَانُ): بہکی بہکی باتیں۔ فضول گفتگو۔ لغو کلام جو بیماری وغیرہ کی وجہ سے عقلی توازن برقرار نہ رہنے کی صورت میں کیا جائے۔ ہذیان۔ (ج)

ہ ...... ر

(ھَرَأَ) فلانٌ فی منطقہٖ -ھَرْءً ا: کلام میں غلطیوں اور بے ہودگیوں کی بہتات ہونا۔
—الرِّیحُ ہوا کا بہت ٹھنڈا ہونا۔
—البردُ فلانًا ھَرْءً ا وھَرَاءَ ۃً: سردی کی شدت کا کسی کو ہلاک کردینا یا ہلاکت کے قریب پہنچادینا۔ کہتے ہیں: ھَرَأَ البردُ الماشیۃَ۔
—فلانٌ اللحمَ گوشت کو اچھی طرح پکانا۔
(ھَرِئَ) اللحمُ -ھَرْءً ا وھُرُوْءً ا: گوشت کا اچھی طرح پکنا۔
(ھُرِئَ) المالُ والقومُ گرمی یا سردی کی وجہ سے لوگوں اور مویشیوں کا ہلاک ہو جانا۔ ھم مھروءون۔
(اَھْرَأَ) القومُ فِی الرَّوَاحِ مال یا لوگوں کا سخت سردی یا سخت گرمی کی وجہ سے ہلاک ہو جانا۔
—فلانًا مارڈالنا۔
—البردُ فلانًا سخت سردی کا کسی کو مارڈالنا یا ہلاکت کے قریب کردینا۔
—الکلامَ وفیہ زیادہ بولنا اور غلطیاں کرنا۔
—اللحمَ گوشت کو اچھی طرح پکانا۔
(ھَرَّأَ) اللحمَ گوشت کو اچھی طرح پکانا۔
(تَھَرَّأَ) اللحمُ گوشت کا اتنا پکنا کہ ہڈیوں سے علیحدہ ہو جائے۔
—الماشیۃُ سردی کی وجہ سے جانور کا ٹھٹھر جانا۔
(الھُرَاءُ): زیادہ اور فضول بے ڈھنگا کلام۔
رَجُلٌ ھُرَاءٌ: فضول اور ناشائستہ کلام کرنے والا۔
(الھِرَاءُ): کھجور کا چھوٹا پودا۔
(الھُرَاءُ): فضول اور بے ڈھنگا کلام کرنے والا۔
(الھُرَاءَ ۃُ) امرأۃٌ ھراء ۃٌ: تیز طرار اور فضول گو عورت۔
(الھَرِیءُ) وہ گوشت جو بہت زیادہ گلنے کی وجہ سے ہڈیوں سے الگ ہو جائے۔
(الھَرِیئَۃُ) سخت سردی کا موسم یا وقت جس میں حیوان یا انسان متاثر ہوں۔ قِرَّۃٌ لھا ھریئۃٌ: ہلاک کردینے والی سردی۔
(ھَرَبَ) -ھَرَبًا وھُرُوبًا وھَرَبَانًا بھاگنا۔
—دَمُہٗ: خون بڑھ جانا۔
—نصفُ الوَتِدِ فی الارضِ: آدھی میخ کا زمین کے اندر چلے جانا۔
(ھَرِبَ) فلانٌ -ھَرَبًا بمعنی ھَرِمَ: (بہت بوڑھا ہو جانا)۔
(اَھْرَبَ) فلانٌ: ڈر کر تیزی سے بھاگنا (۲) جلدی کرنا۔
—فی الأرضِ: دور نکل جانا۔
—فی الرأیِ: رائے پر قائم رہنا۔ کہتے ہیں جاءَ فلانٌ مُھْرِبًا: وہ فلاں معاملہ میں سنجیدہ ہو کر آیا۔
—الرِّیحُ مَا عَلَی وَجْہِ الارضِ من التراب وغیرہ: ہوا کا سطح زمین کی مٹی وغیرہ ہر چیز کو اڑا ڈالنا۔
—فلانًا کسی کو بھاگنے پر مجبور کرنا۔
(ھَرَّبَ) فلانًا کسی کو بھگانا۔
—البضاعۃَ الممنوعۃ اسمگلنگ کرنا یعنی خفیہ طور پر ممنوعہ اشیاء ایک ملک سے دوسرے ملک میں لے جانا۔ (محدثہ)
(المِھْرَبُ) جتی ہوئی زمین کو ہموار کرنے کا ایک آلہ۔
(المَھْرَبُ) جائے فرار (۲) چھٹکارا (۳) وار رس جس کی پناہ لی جائے جیسے فلانٌ مَھْرَبٌ

لنا۔
(المُھَرِّبُ) خلافِ قانون ممنوعہ اشیاء لانے اور لے جانے والا اسمگلر۔ (محدثة)
(ھَرْبَجَ) العملَ کام کو پختگی سے نہ کرنا۔
(ھَرْبَذَ) آہستہ چلنا۔
(الھِرْبِذُ) مجوسی کاہن (آگ پرستوں کی آگ کا محافظ) (۲) مجوسی حاکم (یہ فارسی لفظ ھربذ کا معرب ہے) (ج) ھرابذۃ۔
(الھِرْبِذٰی) غرور اور تکبر کی چال (۲) ایک جانب جھک کر چلنے والے اونٹ کی چال۔
(الھِرْبِعُ) پھرتیلا بھیڑ (۲) پھرتیلا چور (ج) ھَرَابِعُ۔
(ھَرَتَ) الشیءَ ـُ ھَرْتًا وسیع کرنے کے لئے پھاڑنا جیسے ھَرَتَ ثوبَہٗ۔
-شِدْقَہٗ اپنی باچھ کو کان کی طرف کھینچنا۔
-فلانًا بالرّمحِ نیزہ مارنا۔
-عرضَہٗ آبروریزی کرنا۔
-اللحمَ گوشت کو اچھی طرح پکانا۔ ھو ھریتٌ۔
(ھَرِتَ) الرَّجُلُ وغیرُہٗ ـَ ھَرَتًا چوڑے منہ اور کشادہ باچھوں والا ہونا۔ ھو اھرت الشِّدْقِ وھَرِیتُہٗ۔
(اَھْرَتَ) اللحمَ گوشت کو خوب پکانا۔
(ھَرَّتَ) شدقَہٗ باچھوں کو چوڑا کرنا۔
(تَھَارَتَ) کثرت سے بولنا۔
(الھَرِیتُ): ثوبٌ ھَرِیتٌ: پھٹا ہوا کپڑا۔ عرضٌ ھَرِیتٌ: پامال شدہ آبرو۔ رَجُلٌ ھَرِیتٌ: راز نہ چھپانے والا اور قبیح گفتگو کرنے والا۔
(الھَرْثَمَۃُ) شیر (۲) ناک کا بانسہ (ھو) کتے کے دونتھنوں کے درمیان کی سیاہی۔
(ھَرَجَ) فی الحدیث ـِ ھَرْجًا: بات کو لمبا کر کے خلط ملط کر دینا۔
-القومُ لوگوں کا فتنہ وفساد اور قتل وغارت میں مبتلا ہو جانا۔
-الفرسُ تیز دوڑنا۔ ھو ھَرَّاجٌ و مِھْرَاجٌ ومِھْرَجٌ۔

-الرَّجُلُ فی الأمرِ کسی معاملہ میں متردد ہونا یقین نہ ہونا۔
-البابَ دروازہ کھلا چھوڑنا۔
-النومَ بہت سونا۔
(ھَرِجَ) البعیرُ نحوُہٗ ـَ ھَرَجًا گرمی کی شدت اور بوجھ کی زیادتی سے اونٹ وغیرہ کی آنکھیں پھر جانا۔
-فلانٌ گرمی یا زیادہ چلنے کی وجہ سے سانس چڑھ جانا۔
(اَھْرَجَ) الرَّجُلُ گرمی اور بوجھ سے پریشان اونٹوں والا ہونا۔
-البعیرَ ونحوَہٗ گرمی کی دوپہر میں اونٹ پر بوجھ لاد کر پریشان کر دینا۔
(ھَرَّجَ) افواہوں اور جھوٹی باتوں سے افراتفری اور انتشار پیدا کرنا۔
-بالاسدِ ونحوِہٖ شیر وغیرہ کو ترازو لگا کر وزن کرنا۔
-البعیرَ: اَھْرَجَہٗ۔
-الخمرُ فلانًا شراب کا کسی کو نشہ چڑھ جانا۔
-فلانٌ ہنسی مذاق اور شور وغل کرنا۔
(انْھَرَجَ) فلانٌ مِنَ الخمرِ: شراب سے مست ہو جانا۔
(اسْتَھْرَجَ) الرّایُ لفلانٍ: کسی کی رائے میں پختگی اور وسعت ہونا۔
(المُھَرِّجُ) جھوٹی افواہیں اڑا کر افراتفری اور ہنگامہ برپا کرنے والا۔ (۲) مسخرا جو کر مضحکہ خیز حرکتوں سے لوگوں کو ہنسانے والا (مو)
(الھَرْجُ) کسی چیز کی زیادتی (۲) ہنگامہ افراتفری۔ کہتے ہیں اصبح القومُ فی ھَرْجٍ ومَرْجٍ۔ لوگوں میں افراتفری مچ گئی۔ (۳) قتال کی شدت اور کثرت۔ (۴) سوتے ہوئے نظر آنے والی غیر واقعی چیز۔
(الھِرْجُ) بے وقوف۔ (۲) ہر کام میں کمزور۔
(الھِرْجَۃُ) لچکدار کمان (۲) ھَرْجٌ۔
(الھَرَّاجَۃُ): فضول گوئی کرنے والی جماعت۔
(ھَرْجَلَ) فلانٌ ھِرْجَلَۃً وھِرْجَالًا لڑکھڑاتے ہوئے چلنا۔
-فی اعمالِہٖ کاموں میں کسی اصول کی رعایت نہ کرنا۔ (المحدثة)
(الھَرْجَلُ) بڑے قدم اٹھانے والا (ج) ھَرَاجِلُ۔
(الھُرْجُولُ) لمبا آدمی (۲) مضبوط اونٹ۔ (ج) ھَرَاجِیلُ۔
(ھَرَدَ) الناسَ ـِ ھَرْدًا لوگوں کا باہم الجھنا۔
-الثوبَ کپڑے کو پھاڑنا اور دھجیاں کرنا۔
الثوبُ ھَرِیدٌ (۲) کپڑے کو ورس نامی زرد گھاس سے رنگنا ھو مھرودٌ۔
-اللحمَ ونحوَہٗ گوشت یا اس جیسی چیز خوب پکانا۔
-العِرْضَ عزت کو داغدار کرنا۔
(ھَرِدَ) اللحمُ ـَ ھَرَدًا گوشت کا زیادہ گلنے کی وجہ سے ہڈیوں سے الگ ہونا۔
-شدقُہٗ باچھ کا وسیع ہونا ھو اھردُ۔
(ھَرَّدَ) فلانٌ ورس میں رنگا ہوا کپڑا پہننا۔
-اللحمَ گوشت کو بہت زیادہ گلانا۔
-الثوبَ مبالغہ ھَرَدَہٗ۔
(الھُرْدُ) شترمرغ۔ (۲) گھٹیا اور لوفر آدمی۔
(الھُرْدُ) ہلدی (۲) سرخ مٹی۔
(الھُرْدِیُّ) ہلدی کے رنگ میں رنگا ہوا۔
(ھَرْدَبَ) بوجھل قدموں سے دوڑنا۔
(الھِرْدَبُّ) کم عقل موٹا بزدل۔
(الھِرْدَبَّۃُ) کم عقل موٹا بزدل۔ (۲) دراز قد چوڑا آدمی (۳) بڑھیا۔
(ھَرَّ) ـُ ھَرًّا خوشے کے بکھرے ہوئے انگور کھانا۔
-الشَّوْکُ کانٹے کا سوکھ کر جانوروں کے کھانے کے قابل نہ رہنا۔
-سلحُہٗ دست آنے سے مر جانا۔
ھَرَّہٗ ھو: دست لگا دینا۔
-الدَّوَاءُ سلحَہٗ دوا کا فضلات کو خارج کر دینا۔
-القوسُ ـِ ھَرِیرًا کمان کا آواز نکالنا۔
-فلانٌ فی وجہِ السائلِ مانگنے والے سے

ترش روئی اختیار کرنا۔
- الکلبُ کتے کا دانت نکال کر بھونکنا۔
- الیه الکلبُ کسی کو دیکھ کر کتے کا ہلکی سی آواز نکالنا۔
—الشیءَ ناپسند کرنا۔
—الناسُ فلاناً کسی سے اجتناب کرنا۔
البردُ الکلبَ سردی سے کتے کا آواز نکالنا۔
—الکلبُ فلاناً کتے کا کسی کو دیکھ کر آواز نکالنا۔
(هَرَّ) فلانٌ ـ هَرًّا بداخلاق ہونا۔
(هُرَّتِ) الأبلُ هَرًّا او هُرَاراً اونٹوں کا مرض ہرار میں مبتلا ہونا (دیکھئے: الهُرَار)— هي مهرورةٌ۔
(أهَرَّ) فلانٌ بالغنمِ بکریوں کو پانی پلانے کے لئے لانا۔
—البَرْدُ الکلبَ سردی کا کتے کی آواز نکلوانا۔ کہاوت ہے (شرٌّ اهَرَّ ذاناب) ایسا فتنہ ہے جس نے کتے کو بھی بھونکا دیا ہے۔ سخت فتنے کے آثار دکھائی دینے کے وقت بولا جاتا ہے۔
(هَارَّهُ) کسی کو دیکھ کر کتے کی طرح لال پیلا ہو جانا۔
(الهُرَار) اونٹ کے بدن میں کھال اور گوشت کے درمیان پیدا ہونے والی ایک بیماری (۲) دست ہونے کی ایک بیماری۔
(الهِرُّ) بلا۔ (ج) هِرَرَةٌ مادة هِرَّةٌ (ج) هِرَرٌ (۲) بکریوں کو ہانکنا۔
(الهُرُّ) وہ شیر جس کے دھاڑنے کی آواز سنائی دے (۲) بہت پانی یا دودھ۔
(الهَرَّار) دانت نکالنے والا کتا۔ (۲) ناسمجھ کم عقل۔ هلك من لا هَرَّارَ لَهُ جس کے پاس دشمن کو بھگانے والا اکھڑ اور بے عقل آدمی نہ ہو وہ ہلاک ہو جاتا ہے۔
—الهَرَّاران دو ستارے جو نسر واقع اور قلب عقرب میں ہیں جن کے طلوع ہونے پر سردی سخت ہو جاتی ہے۔
(الهُرْوُز) خوشے کے بکھرے ہوئے انگور۔

(الهَرِيرَةُ) کراہت۔ ناگواری ۔اجدُ فی وجهه هريرةً۔
(هَرَزَ) الحیوانُ جانور کا مر جانا۔
(تَهَرْوَزَ) من الجُوعِ بھوک کی وجہ سے مر جانا۔
(هَرَسَ) الشیءَ ـ هَرْسًا کوٹنا۔ (۲) کسی چپٹی چیز سے کوٹنا۔ (۳) کوٹ کر باریک کر دینا۔
—الطعامَ بڑے بڑے لقمے نگلنا۔
(هَرِسَ) الرَّجلُ ـ هَرَسًا کھانے کی انتہائی چاہت رکھنا۔ (۲) چھپ کر کھانا۔
(الهِرْوَاسُ) چارے پر ٹوٹ پڑنے والا اونٹ۔ (۲) بھاری بھرکم اونٹ (۳) بے خوف بہادر آدمی (۴) اوکھلی کا ہاون دستہ۔ (۵) کھل (۶) کوٹنے کی موسلی۔ (۷) پتھر میں کھودا ہوا وضو کرنے کا گڑھا۔ (۸) غلہ کوٹنے کا لکڑی کا موسل۔ (ج) مَهَارِيسُ (الهَرَاسُ) ایک خاردار درخت جو مصر اور حبشہ میں پیدا ہوتا ہے اس پر نارنگی جیسا پھل آتا ہے۔ اس کی چھال سفید یا خاکی رنگ کی ہوتی ہے۔ سوڈان میں خرازی کے نام سے معروف ہے۔ (ج)
(الهَرَاسَةُ) رعب و دبدبہ جیسے لِبَنِی فلانٍ هَرَاسَةٌ۔
(الهَرَّاسُ) ہریسہ بنانے یا بیچنے والا (۲) بہت کھانے والا۔
(الهَرْسُ) بلا۔
(الهِرْسُ) بلا (۲) پرانا کپڑا۔
(الهَرِيسُ) باریک کٹا ہوا گندم وغیرہ بے پکا دلیا۔
(الهَرِيسَةُ) پکا ہوا دلیا (۲) آٹے کا حلوا جو گھی اور شکر ملا کر بنایا جاتا ہے۔ ارضٌ هَرِيسَةٌ وہ زمین جہاں ہراس نامی درخت پیدا ہوتا ہو۔
(هَرَشَ) الدَّهْرُ ـ هَرْشًا زمانہ کا سخت ہونا۔
(هَرِشَ) فلانٌ ـ هَرَشًا بداخلاق ہونا۔
(هَارَشَ) الکلبُ الکلبَ ونحوهُ کتے کا کتے یا اپنے جیسے جانور سے لڑنا۔
—الرَّجلُ بعضَ الکلابِ علی بعضٍ او بینهما: کتوں کا باہم ایک دوسرے کے خلاف اکسانا۔

(اهْتَرَشَ) الکلبُ او الدِّیکةُ او نحوها باہم لڑنا۔
(تَهَارَشَت) الکلابُ کتوں کا باہم لڑنا (۲) ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
—القومُ: لوگوں کا باہم لڑنا۔
(تَهَرَّشَ) الغیمُ بادلوں کا چھٹ جانا۔
(مُهَارِشٌ) فَرَسٌ مُهَارِشُ العِنانِ پھرتیلا چست گھوڑا۔
(الهَرِشُ) بداخلاق بے وقوف آدمی۔
(هَرْشَفَ) الشیءُ: خشک ہونا۔
(تَهَرْشَفَ) تھوڑا تھوڑا پینا۔ چسکیاں لینا۔
(الهِرْشَفَّةُ) پانی خشک کرنے کا چیتھڑا (۲) خشک ہو جانے والی دوات کی روئی۔
(الهِرْشَمُّ) نرم پتھر (۲) نرم و کھوکھلا پہاڑ (۳) پتلا اور بہت پانی والا پہاڑ۔
(الهِرْشَنُّ) چوڑی باچھوں والا۔
(هَرِصَ) ـ هَرَصًا خشک خارش میں مبتلا ہونا۔
(هَرَّصَ) کھجلی سے بدن میں سوزش ہونا۔
(الهَرَصُ) بدن کی سوکھی خارش۔
(الهِرْبِصَةُ) پانی کا جوہڑ۔
(هَرَضَ) الثوبَ ـ هَرْضًا کپڑا پھاڑنا۔
(هَرَطَ) فی الکلامِ ـ هَرْطًا غیر مرتب اور بے سوچے سمجھے بات کرنا۔
—الشیءَ پھاڑنا، چیتھڑے کرنا۔
— عرضَ اخیه او فیه عزت کو خراب کرنا، بدنام کرنا۔
(هَرِطَ) الرَّجُلُ ـ هَرَطًا مضبوطی کے بعد گوشت کا ڈھیلا پڑ جانا (بیماری یا خوف کی وجہ سے)
(تَهَارَطَ) الخصمان باہم گالی گلوچ کرنا۔
(الهَرْطُ) پتلا بہتا ہوا گوشت (۲) پکانے سے چورہ ہو جانے والا گوشت۔ (الهِرْطُ) بہتا ہوا پتلا گوشت (۲) عمر رسیدہ جانور (۳) مالدار آدمی (ج) اهراطٌ و هروطٌ۔

(الهِرطَعَة) بے وقوف بزدل اور کمزور آدمی (ج) هَراطِ۔
(الهَيرَط) نرمی۔
(الهِرطَال) لمبا چوڑا مضبوط آدمی۔
(الهُرطُمَان) ایک قسم کی اناج (دیکھئے الشوفان)
(هَرِعَ) الدمُ۔ هَرَعًا خون بہنا۔
-فلانٌ تیز چلنے کا عادی ہونا۔
-الصبیُّ بچہ کا جلدی رو پڑنے کا عادی ہونا۔
هو هَرِعٌ و هي هَرِعَةٌ۔
(هُرِعَ) الرَّجُل بے چینی اور بے قراری کے ساتھ چلنا۔ قرآن مجید میں ہے (وَجَاءَهُ قَوْمُهُ يُهْرَعُونَ إِلَيْهِ)
(أَهرَعَ) الرَّجل تیز دوڑنا۔
-القومُ الرِّمَاحَ نیزے سیدھے کر کے چلتا ہوا آنا۔
(أُهرِعَ) الرجلُ: هُرِعَ (۲) غصہ کمزوری خوف یا بخار کی وجہ سے کانپنا (۳) کم عقل ہونا هو مُهرَعٌ۔
(هَرَّعَ) القومُ لاما حَهُم وبها نیزے سیدھے کرنا۔
(اهتَرَعَ) العودَ ٹہنی توڑنا۔
(تَهَرَّعَ) الیهِ جلدی کرنا۔
-الرِّمَاحُ نیزوں کا نشانہ پر لگنے کے لئے سیدھا ہو جانا۔
(المُهرِعُ) لالچی۔
(المَهرُوعُ) مشقت کی زیادتی کی وجہ سے گر جانے والا۔
(الهُرَاعُ) اضطراب اور بے چینی کی تیز چال (۲) ہانکنے کی شدت (۳) تیز دوڑ۔
(الهَرِعُ) الهُرَاعُ۔
(الهِرْيَاعُ) ہوا سے اڑنے والے پتے۔
(الهَرِيعَة) پتلی شاخوں والا پودہ۔
(الهَيْرَعُ) نکما بزدل کمزور آدمی (۲) گرد اڑانے والی آندھی (۳) پھرتیلی ناسمجھ عورت۔
(الهَيْرَعَة) چرواہے کی بانسری (۲) بھوت۔
(هَرَفَ) الرَّجلُ۔ هَرْفًا فضول اور ناشائستہ باتیں کرنا۔ جیسے فلانٌ يهرف بما لا يَعْرِف۔
-بفلانٍ کسی کی تعریف میں حد سے تجاوز کرنا۔
-السبُعُ درندہ کا لگاتار آواز نکالنا۔
-الرِّيحُ فلانًا ہوا کا کسی کو اڑائے لئے چلنا۔
(اَهرَفَ) الرَّجلُ آدمی کا مالدار ہونا۔
-النخلةُ کھجور کے درخت پر جلد پھل آنا۔
(هَرَّفَ) القومُ إلى الصلوة نماز کو جلدی سے ادا کرنا۔
-النخلةُ کھجور کے درخت پر جلد پھل آنا۔
(الهَرُوفُ) جلد ظاہر ہونے والا پھل وغیرہ۔
(هَرَقَ) الماءَ ونحوَهُ۔ هَرْقًا پانی بہانا اوپر سے ڈالنا۔
(اَهرَقَ) الماءَ: هَرَقَهُ۔
(هَرَاقَ) الماءَ يُهَرِيقُهُ هِرَاقَةً پانی بہانا۔ کہتے ہیں هراقت السماءُ ماءَها۔
-الدَّمَ خون بہانا۔
-دَمَ عدوه دشمن کو قتل کرنا۔
(هَرَّقَ) هَرِّقْ علي خَمرِكَ اپنا غصہ ٹھنڈا کرو۔
(تَهَارَقَ) القومُ ایک دوسرے پر پانی ڈالنا۔ (۲) آپس میں خون ریز جنگ کرنا۔
(اهرَورَقَ) الماءُ او الدَّمُ پانی یا خون بہنا۔
(المُهْرَقُ) لکھنے کا سفید کاغذ (۲) لکھنے کے لئے سفید ریشم کا مع کیا ہوا کپڑا (۳) کپڑوں پر کی جانے والی کانچ وغیرہ کی پالش (۴) آرٹ پیپر جس پر فوٹو آفسٹ کی کتابت کی جاتی ہے (ج) (۵) چٹیل میدان۔
(المَهْرَقَانُ) وہ سمندر جو حالت طغیانی میں پانی ساحل پر پھینکتا ہے (۲) سمندر کا پانی بہہ کر آنے کی جگہ۔
(الهِرْقُ) پرانا کپڑا۔
(المُهْرُقَانُ) المَهْرَقَانُ۔
(الهِرقِلُ) چھلنی۔ ثیاب۔ هِرقِلِيَّةٌ پرانے بوسیدہ کپڑے۔
(هِرَقْلُ و هِرْقِلُ) روم کے بادشاہ کا لقب۔
(هَرْكَلَ) الرَّجلُ ناز و انداز سے آہستہ آہستہ چلنا۔
(الهِرَاكِلُ) موٹا دراز قد آدمی یا جانور۔
(الهِرَاكِلَةُ) سمندری موجوں کا جمگھٹ (۲) سمندری کتے (۳) بڑی بڑی مچھلیاں (۴) بڑے سرین والی آبی جانور۔
(المِیْحَادُ) مَوَاحِیْدُ کا واحد۔ الگ الگ کھڑے ہوئے ٹیلے (۲) دوسرے سے الگ چیزیں۔
(الوَاحِدُ) اللہ تعالیٰ کی صفت یعنی تنہا ذات جس کا ذات و صفات میں کوئی شریک نہ ہو۔
(۲) (ایک حساب کا پہلا عدد) کبھی اس کا تثنیہ بھی آتا ہے جیسے شاعر کا قول

فلما التقینا واحِدَیْنِ عَلَوْتُہٗ
بذی الکف انی للکماۃ ضَرُوْبٌ

اس کی جمع مذکر سالم بھی آتی ہے جیسے شاعر کمیت کا قول ہے
"فقد رجعوا کحیٍّ واحدینا"
(۳) علم یا طاقت وغیرہ میں فوقیت اور برتری رکھنے والا (۴) کسی چیز کا جز (ج) وُحْدَانٌ واُحْدَانٌ۔ فلانٌ وَاحِدُ الاَحَدَیْنِ وواحِدُ الاَحادِ ووحِیدُ اُمِّہٖ وواحدُ دَھْرِہٖ ولا واحِدَ لَہٗ۔ وَاحِدٌ لَا مِثْلَ لَہٗ ولا نظیر (سب میں انفرادیت کا معنی ہے)

(الوَاحِدِیَّةُ) ایک فلسفیانہ نظریہ جو تمام کائنات کی اصل ایک ہی مبدا کو قرار دیتا ہے جیسے روح محض یا فطرت محضہ۔(ج)

(وُحَادَ) "دخلو وُحَادَ وُحَادَ" وہ ایک ایک کرکے داخل ہوئے۔

(الوَحْدُ) تنہا' اکیلا۔(یہ مصدر ہے اس کا تثنیہ جمع نہیں آتا) کہتے ہیں رَأیتُهُ وَحْدَهُ ورأیتهُمَا وَحْدَهُمَا میں اس کو یا ان دونوں کو تنہا دیکھا۔(۲) اسم ممکن جیسے جَلَسَ وَحْدَهُ وَعَلیٰ وَحدِهِ عَلیٰ وَحْدَیْهِمَا وجلسوا عَلیٰ وَحْدِهِمْ (۳) منفرد' یکتا (۴) نامعلوم النسب آدمی (۵) لاثانی بے مثال جیسے هو نَسِیْجُ وحدِهِ وہ بے مثال و یکتا ہے۔ فَرِیْعُ وَحْدِهٖ خوبیوں اور صفات میں بے نظیر۔ هُوَ جُحَیْشُ وَحْدِهٖ وَعُیَیْرُ وَحْدِهٖ برائے مذمت یعنی یہ دونوں ذلت و کمزوری کے باوجود خودرائے میں نہ کسی سے مشورہ کرتے ہیں اور نہ میل جول رکھتے ہیں۔

(الوَحَدُ) اپنی ذات میں منفرد (۲) نامعلوم النسب آدمی۔ هیَ وَحَدَةٌ۔

(الوَحْدَانِیُّ) یہ نسبت ہے وَحْدَةٌ کی طرف لیکن الف و نون مبالغہ کی زیادتی کے ساتھ' بمعنی علیحدگی پسند' تنہا رہنے والا۔ لوگوں سے الگ تھلگ رہنے والا۔ حدیث میں ہے (شَرُّ اُمَّتِیْ الوحدانیّ المعجبُ بدینهِ المرائی بِعَمَلِهِ)

(الوَحْدَانِیَّةُ) مصدر صناعی ہے وحدة سے۔ الف نون مبالغہ کی زیادتی کے ساتھ۔(۲) اللہ تعالیٰ کی ایک صفت۔ یعنی وہ ذات جس کی ماہیت اور صفات کمال میں یکتائی اور غیر کی شرکت کا امتناع بلا واسطہ اور بلا کوشش ہو اور ذات ایجاد و تدبیر عام میں منفرد ہے غیر کی مشارکت سے پاک ہے اور اس کے سوا کسی کا کسی چیز میں کوئی تاثر نہیں۔

(الوَحْدَةُ): الوَحْدَةُ المربّعَةُ (علم ریاضی اور ہندسہ کی اصطلاح) ایسا مربع جس کے ایک ضلع کا طول پیمائش طول کی اکائیوں سے مل کر ایک اکائی بن جائے جیسے مربع گہنی یعنی ایسا مربع جس کے اضلاع میں سے ہر ضلع طولاً ایک گہنی کے برابر ہو۔(مج)(۲) سیاسی نظام میں دو یا چند قوموں یا ملکوں کی سربراہی و سیاست اور فوج و اقتصادیات میں ایسا اتحاد جو ایک متحدہ قوم بن جائے یا چند قوموں اور ملکوں کا جزوی اتحاد (مو)

-وَحْدَةُ النَّقْدِ: سیاسی اقتصادیات میں وہ وزن جو لوہے وغیرہ کی خاص مقدار کے مطابق قانون سازوں کی تحدید و تعیین کے ذریعہ قائم کیا جائے۔(مج)

(الوَحِیْدُ): اپنی ذات کے اعتبار سے منفرد' یکتا' اکیلا' بے مثال و نظیر۔ هِیَ وَحِیْدَةٌ۔

(وَحِرَ)- (یَوْحَرُ) وَحَرًا: ایسی چیز کھانا جسے وَحَرَةٌ (دیکھئے الوَحَرَةُ) نے زہر آلود کر دیا ہو۔

-الطَّعَامُ: کھانے میں وَحَرَة: (دیکھئے الوَحَرَةُ کا گر جانا۔

-صَدْرُ فُلان عَلیٰ فلانٍ: کسی کا کینہ دل میں رکھنا۔ هُوَ وَحِرٌ۔

(اَوْحَرَتِ) الوَحَرَةُ الطعامَ: وَحَرَ: (دیکھئے الوَحَرَةُ) کا کھانا پر گزر کر اسے زہر آلود کر دینا کہ کھانے والے کو قے اور دست ہونے لگے یا وہ مر جائے۔

-فلانًا: کسی کو غضبناک کرنے والی بات کرنا۔

(الوَحَرُ) کینہ (۲) غصہ (۳) ملاوٹ کھوٹ (۴) انتہائی شدید غصہ (۵) دشمنی (۶) وسوسے پریشان کن خیالات۔

(الوَحَرُ) الوَحْرُ۔

(الوَحَرَةُ) چھپکلی نما ایک جانور جو صحراؤں میں پایا جاتا ہے اور کھانے کو زہریلا کر دیتا ہے۔ (۲) پست قد کے اونٹ (ج) وَحَرٌ۔

-اِمْرَأَةٌ وَحَرَةٌ کالی اور بدصورت عورت (۲) سرخ و کوتاہ قد عورت۔

(وَحَشَ) فلانٌ بثوبِهِ وسلاحِهِ ونحوهما- (یَحِشُ) وَحْشًا: اپنے کپڑے یا ہتھیار اتار کر پھینک دیا۔

(وَحِشَ) فلانٌ لِلشَّیْءِ- (یَوْحَشُ) وَحْشَةً: کسی چیز سے وحشت و گھبراہٹ محسوس کرنا۔(۲) بھوکا ہونا هو وَحِشٌ کہتے ہیں بات وَحِشًا اس نے بھوک کی حالت میں رات گزاری۔

(وَحِشَ) المکانُ کسی جگہ کا وحشی جانوروں والا ہونا۔

-ارضٌ مَوْحُوْشَةٌ: جنگلی جانوروں کی سرزمین۔

(اَوْحَشَ) فلانٌ: بھوکا ہونا اور سفر کا کھانا ختم ہو جانا۔

-المکانُ: کسی جگہ کا بے آب وگیاہ اور لوگوں سے خالی ہونا (۲) کسی جگہ جنگلی جانوروں کی کثرت ہونا (۳) کسی جگہ کو ویران پانا۔

-فلانًا: وحشت زدہ کر دینا۔ هُوَ مُوْحِشٌ۔

(وَحَّشَ) فلانٌ بثوبِهِ وسلاحِهِ ونحوهما: وَحَشَ۔

(تَوَحَّشَ) فلانٌ: کپڑے وغیرہ اتار کر پھینک دینا۔(۲) بھوکا ہونا۔

-جَوْفُهُ: پیٹ کا خالی ہونا۔

-لِلدَّوَاءِ: دوا کے لئے معدہ کو فضلات کی صفائی کے لئے خالی رکھنا۔

-المکانُ مِنْ اَهْلِهِ: جگہ کا اہل سے خالی ہونا۔

-الارضُ: زمین کا ویران اور غیر آباد ہونا۔

(اِسْتَوْحَشَ) فلانٌ: وحشت زدہ ہونا' وحشی ہو جانا (۲) گھبراہٹ محسوس کرنا۔

-منهُ: مانوس نہ ہونا' وحشت محسوس کرنا (۲) جنگلی جانوروں سے مل جانا۔

(الحِشَّةُ) ویران اور بے آب و گیاہ سرزمین۔

(الوَحْشُ): وَحْشِیٌّ کی جمع جنگلی جانور و درندے (مذکر و مؤنث) (ج) وُحُوْشٌ و وُحْشَانٌ- حِمَارٌ وَحْشٌ وحمارٌ وَحْشِیٌّ۔ بَاتَ وَحْشًا اس نے خالی پیٹ رات گزاری۔ مَشیٰ فِی الْاَرْضِ وَحْشًا: اس نے تنہا سفر کیا۔ مکانٌ

وَحْشٌ خالی بے آب وگیاہ مقام۔
(الوَحْشَةُ) ویران اور بے آب وگیاہ زمین (۲) لوگوں سے بیزاری اور دوری (۳) تنہائی خلوت (۴) تنہائی کا خوف (۵) خوف (۶) غم۔
(الوَحْشِيُّ) وَحْشٌ کا واحد (۲) دایاں پہلو (۳) وہ جانور جس پر سواری نہ کی جائے نہ اس کو دوہا جائے۔ (۴) ہاتھ پاؤں اور ٹانگ کا وہ حصہ جو ہاتھ پاؤں والے کے سامنے نہ رہے (۵) کمان کی پشت (۶) پہاڑ اور وادی کے کناروں پر اگنے والا جنگلی انجیر جو مختلف رنگوں کا ہوتا ہے اگر اسے تازہ کھایا جائے تو منہ کو جلا کر رکھ دیتا ہے۔
(الوَحِيشُ) جنگلی جانور۔ خشکی کے وہ جانور جو نامانوس ہوں۔
–الجانبُ الوَحِيشُ: دایاں پہلو جس پر نہ سوار ہوا جائے نہ اس کو دوہا جائے۔ (ج) وُحْشان۔
(وَحَصَهُ)۔ِ (يَحِصُهُ) وَحْصًا: گھسیٹنا۔
(الوَحْصُ): خوبصورت لڑکی کے منہ پر نکلنے والا دانہ۔
(الوَحْصَةُ): سردی۔
(وَحَفَ)۔ِ (يَحِفُ) وَحْفًا: خود کو زمین پر دے مارنا۔ جیسے وَحَفَ البعيرُ (۲) تیز چلنا۔
–مِنْهُ: قریب ہونا۔
–اليه: قصد کرنا (۲) قیام کرنا (۳) کسی کے پاس بیٹھنا۔
(وَحِفَ) النَّبَاتُ وَالشَّعْرُ۔ (يَوْحَفُ) وَحْفًا: پودوں یا بالوں کا گھنا ہوا جڑ پکڑنا اور سیاہ ہو جانا۔
(وَحُفَ) النَّبَاتُ وَالشَّعْرُ۔ (يَوْحُفُ) وَحَافَةً ووُحُوفَةً: وَحِفَ۔
(أَوْحَفَ) تیز چلنا۔
–اليه قصد کرنا (۲) قیام کرنا۔
(وَحَّفَ) خود کو زمین پر دے مارنا۔ جیسے وَحَّفَ البعيرُ (۲) تیز چلنا۔
–الشيءَ لاٹھی مارنا۔
–عضوَ الجَزُورِ: ذبح کی جانے والی اونٹنی کا کوئی حصہ بچا کر رکھنا۔
(المُوَحَّفُ): کمزور اونٹ۔
(المَوْحِفُ): وہ جگہ جہاں اونٹوں کو بٹھایا جاتا ہو (ج) مَوَاحِفُ۔
(الوَحِفُ): گھنا پودا یا بال۔ جس کی جڑ مضبوط ہو گئی ہو اور وہ سیاہ ہو گیا ہو (۲) زیادہ پروں والا بازو (۳) وہ ڈول جس کے دو تسمے باقی ہوں اور دو ٹوٹ گئے ہوں۔
(الوَحْفُ) الواحِفُ۔
(الوَحْفُ): گھنے سیاہ بال (۲) زیادہ پروں والا بازو (۳) گھنے مضبوط جڑوں والے پودے (۴) گھنی گھاس۔
(الوَحْفَاءُ): سیاہ پتھروں والی زمین۔
(الوَحْفَةُ): گول بلند سیاہ زمین (۲) وادی کے اندر اوپر اٹھی ہوئی سیاہ چٹان (۳) آواز (ج) وِحَافٌ۔
(وَحَلَ) فلانٌ فلانًا۔ِ (يَحِلُهُ) وَحْلًا: مقابلہ میں دلدل کے اندر زیادہ گہرائی تک چلے جانا۔
(وَحِلَ)۔َ (يَوْحَلُ) وَحَلًا مَوْحَلًا: دلدل یا کیچڑ میں دھنس جانا۔ هُوَ وَحِلٌ۔
(أَوْحَلَهُ): کیچڑ میں دھنسانا۔
(وَاحَلَهُ): کیچڑ میں دھنسنے کا مقابلہ کرنا۔ جیسے وَاحَلَهُ فَوَحَلَهُ اس نے کیچڑ میں دھنسنے کا مقابلہ کیا اور اس میں غالب آ گیا۔
(تَوَحَّلَ): وَحِلَ۔
–المكانُ: کسی جگہ کیچڑ ہونا۔
(اسْتَوْحَلَ) المكانُ: کسی جگہ کا کیچڑ والا ہونا۔
(المَوْحِلُ): کیچڑ والی جگہ۔
(الوَحْلُ) کیچڑ دلدل (ج) أَوْحَالٌ ووُحُولٌ۔
(وَحِمَتِ) الحُبْلَى۔ (تَوْحَمُ) وَحَمًا: حاملہ کو حالت حمل میں کسی چیز کے کھانے کی خواہش ہونا۔
–الرَّجُلُ: آدمی کی خواہش کا حد سے بڑھ جانا۔ هُوَ وَحِمٌ وهي وَحْمَى (ج) وِحَامٌ وَحَامَى۔
(وَحَّمَ) الحُبْلَى حاملہ کو اس کی چاہت کی چیز کھلانا۔ وَحَمْهَا اور وَحِّمْ لَهَا بھی کہتے ہیں۔
(الوَحَمُ) مرغوب چیز۔ جیسے هٰذا وَحَمِي (۲) پرندے کے اڑنے کی آواز۔
–لَيْلَةٌ ذاتُ وَحَمٍ شدید گرمی والی رات۔
(الوَحِمُ): يَوْمٌ وَحِمٌ سخت گرم دن۔
(وَحَنَ) عليهِ۔ (يَحِنُ) حِنَةً کینہ رکھنا غضبناک ہونا۔
(وَحِنَ) عليه۔ (يَوْحَنُ) وَحَنًا وحِنَةً: وَحَنَ۔
(تَوَحَّنَ) ذلیل اور تابع ہونا (۲) ہلاک ہونا (۳) بڑے پیٹ والا ہونا۔
–بطنُهُ۔ پیٹ کا بڑا ہونا۔
(الوَحْنَةُ) چکنا گارا کیچڑ۔
(وَحْوَحَ) الرَّجُلُ گلا پڑی آواز نکالنا۔ (۲) سردی کی شدت کی وجہ سے دونوں ہاتھوں پر پھونک مارنا۔
–مِنَ البَرْدِ۔ سردی کی وجہ سے گلے میں زور سے سانس گھمانا۔
(تَوَحْوَحَ) الظَّلِيمُ فوق البيضِ شتر مرغ کا انڈوں پر رغبت کے ساتھ بیٹھنا۔
(الوَحْوَاحُ) طاقتور اور پھرتیلا آدمی (۲) مضبوط و چاق چوبند آدمی (۳) ہلکے بدن کا آدمی (و) وَحَاوِيحُ۔
(الوَحْوَحُ): الوَحْوَاحُ (۲) وادی کا درمیان (ج) وَحَاوِحُ۔
(وَحَى) اليه وله۔ِ (يَحِي) وَحْيًا اشارہ کرنا۔ (۲) چپکے سے بات کرنا (۳) کسی کے نام خط لکھنا (۴) کسی کو حکم دینا۔
–اللّٰهُ اليهِ اللہ تعالیٰ کا کسی کے پاس فرمان و پیغام بھیجنا (۲) الہام کرنا دل میں کوئی بات ڈالنا۔ (۳) تابع اور مسخر کرنا۔
–القَوْمُ وَحْيٌ لوگوں کا چیخ و پکار کرنا۔
–فلانٌ الكلامَ إلى فلانٍ وَحْيًا کسی سے کوئی بات کرنا۔

—الكتابَ لکھنا۔
—الذبيحةَ جانور کو جلدی سے ذبح کرنا۔
(أَوْحٰى) اليه ولهٗ اشارہ کرنا۔ قرآن مجید میں ہے (فَاَوْحٰى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا) (۲) خفیہ اور پوشیدہ بات چیت کرنا (۳) خط لکھنا (۴) حکم دینا (۵) بھیجنا۔
—اللّٰهُ اليه پیغام و فرمان بھیجنا، وحی کرنا (۲) الہام کرنا۔ قرآن مجید ہے (وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِىْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا) (۲) مسخر و تابع کرنا۔
—نَفْسُهٗ خوفزدہ ہونا۔
—القَوْمُ چیخ و پکار کرنا، چلانا۔
—بالشيءِ کسی چیز میں جلدی کرنا۔
—فلانٌ الكلامَ اِلَى الكلامِ کسی سے کوئی بات کہنا۔
—المَيِّتَ مردہ پر نوحہ کرنا، رونا۔ جیسے اَوْحَتِ النَّائِحَةُ المَيِّتَ۔
—العَمَلَ کسی کام کو جلدی سے کرنا۔
(وَحّٰى) العَمَلَ جلدی کرنا۔
—الذبيحةَ جلدی سے ذبح کرنا۔
(تَوَحّٰى) جلدی کرنا۔ حدیث میں ہے (اذا اردت أمرًا فتدبر عاقبته فان كانت شرا فانته وان كان خيرًا فَتَوَحَّه)
(اِسْتَوْحٰى) الانسانَ والحيوانَ انسان یا جانور کو کہیں بھیجنے کے لئے بلانا (۲) جلدی کرنا۔
—الشيءَ حرکت دینا۔
—فلانًا کسی کی چیخیں نکلوانا (۲) کچھ دریافت کرنا۔
(الوَحْيُ) دوسرے کو دیا جانے والا پیغام یا اشارہ (۲) اللہ کی طرف سے اپنے پیغمبروں کو عطا کیا جانے والا حکم و فرمان، فرمان الٰہی (۳) لوگوں یا دیگر چیزوں میں پیدا ہونے والی آواز (۴) کتاب، خط (۵) مکتوب (۶) لکھائی، تحریر، کتابت (ج) وُحِيّ۔
(الوَحٰى) جلدی کروانے کے لئے کہا جاتا ہے الوَحٰى الوَحٰى جلدی کرو جلدی کرو۔
اور الوَحَاكَ الوَحَاكَ جلدی کرو۔ (اس میں کاف خطاب کا ہے) (۲) لوگوں یا دیگر اشیاء کی آواز (۳) آگ (۴) بادشاہ (۵) فرشتہ (۵) بڑا سردار۔
(الوَحَاءُ) جلدی کے موقع پر کہا جاتا ہے الوَحَاءَ الوَحَاءَ جلدی کرنا۔
(الوَحَاةُ) آدمیوں وغیرہ کی آواز۔
(الوَحِيُّ) شَيْءٌ وَحِيٌّ جلد رونما ہونے والی چیز۔

و خ

(وَخَدَ) البَعِيرُ ــ (يَخِدُ) وَخْدًا ووَخِيدًا ووَخَدَانًا تیز چلنا، بڑے بڑے قدم اٹھانا۔ (۲) شترمرغ کی طرح ٹانگیں اٹھا کر دوڑنا۔
هو واخِدٌ وَّوَخَّادٌ ووَخُوْدٌ۔
(وَخَزَ) فلانٌ ــ (يَخِزُ) وَخْزًا شہد کا ثرید بنانا۔
—الشيءَ بالرُّمحِ ونحوِهٖ کسی چیز میں نیزہ یا سوئی وغیرہ چبھونا۔
—الحَافِرَ بطور علاج کھر میں نشتر لگانا۔
—الشَّيْبُ فلانًا سر میں کوئی کوئی بال سفید ہونا۔
(الوَخْزُ) درد (۲) نیزہ کی نوک یا سوئی کی چبھن (۳) تھوڑی سی چیز۔
—فِي العِذْقِ وَخْزٌ قليلٌ مِنَ الخضرةِ کھجور کے خوشے میں کچھ سبزی باقی ہے۔
—مِنَ الرَّأْسِ وَخْزٌ قليلٌ مِنَ الشَّيْبِ سر میں بڑھاپے کا تھوڑا اثر ہے۔
— جاءُوا وَخْزًا وَخْزًا وہ چار چار آئے۔
(الوَخِيزُ) شہد کا ثرید۔
(وَخُشَ) الشيءُ ــ (يَوْخُشُ) وَخَاشَةً ووُخُوشَةً ووُخُوشًا ردی اور خراب ہونا۔ (۲) سوکھنا اور کمزور ہونا۔
(أَوْخَشَ) لفلانٍ بعطيّةٍ کسی کے عطیہ میں کمی کرنا۔
—فِي عِرْضِ فلانٍ کسی کی عزت خراب کرنا۔
—القومُ لوگوں کا تیروں کو بار بار ان کی جگہ واپس لانا اور رزالت کی سی شکل اختیار کرنا۔
—الشيءَ ملانا، خلط ملط کرنا۔
(وَخَّشَ): ہاتھ نیچے ڈالنا اور مطیع ہونا۔
—لفلانٍ بالعطيّةِ عطیہ میں کمی کرنا۔
(الوَخْشُ) ردی اور خراب چیز (۲) کمینہ آدمی (۳) گھٹیا اور گرے پڑے لوگ (مذکر مؤنث واحد تثنیہ جمع کے لئے) کبھی اس کی تثنیہ بھی آتی ہے اور کبھی اس کی جمع بھی آتی ہے أوخاش اور وخاش اور کبھی اس کی مؤنث الوَخْشَةُ بھی آتی ہے (ج) وِخاش۔
(وَخَطَ) ــ (يَخِطُ) وَخْطًا تیز چلنا۔ جیسے وَخَطَ الظَّلِيْمُ۔
—فيه داخل ہونا۔
—فِي البَيْعِ بیع میں ایک مرتبہ نفع کے بعد نقصان اٹھانا۔
—النِّعَالُ جوتوں کا آواز نکالنا۔
—فلانٌ فلانًا ہلکا سا نیزہ مارنا (۲) دور سے تلوار کا حملہ کرنا۔
—الشَّيْبُ فلانًا کسی کے بالوں میں سفیدی آنا یا سفیدی اور سیاہی کا برابر ہونا۔ هُوَ واخِطٌ ووَخَّاطٌ۔
(وُخِطَ) فلانٌ سر کا سفید ہو جانا هو مَوْخُوْطٌ۔
(الوَخْطُ) مِنَ الشَّيْءِ تھوڑی چیز۔
(وَخَفَ) السَّوِيقُ والخِطْمِيُّ ــ (يَخِفُ) وَخْفًا ستو اور خطمی کا پھینٹنے سے لیس دار ہو جانا۔
—فلانٌ السويقَ والخطميَّ ستو اور خطمی کو پھینٹ کر لیس دار بنانا۔
—فلانًا کسی کو برائی سے یاد کرنا۔
—الشيءَ ایسی گندگی سے آلودہ کرنا جس کا اثر باقی رہے۔
(أَوْخَفَ) تیز چلنا، جلدی کرنا۔
—فلانٌ السويقَ والخطميَّ: وَخَفَهٗ
(وَخَّفَ) فلانٌ السَّوِيقَ وَالخِطْمِيَّ: وَخَفَهٗ۔
(اتَّخَفَتْ) رِجْلُهٗ پاؤں پھسلنا۔

(اِسْتَوْحَفَ) الدَّهْرُ مَالَهُ: زمانہ کا کسی کی دولت کو برباد کرنا۔
(المِيْخَفُ) ستو اور خطمی وغیرہ کو گھولنے کا برتن۔
(الوَخْفَةُ) چمڑے کا تھیلا۔
(الوَخِيْفُ) بھگوئی ہوئی خطمی (گل خیرو)
اَمَا عِنْدَكَ وَخِيفٌ اغسلُ بِهِ راسي؟: کیا تمہارے پاس بھگوئی ہوئی خطمی نہیں کہ میں اس سے اپنا سر دھولوں۔
(الوَخِيْفَةُ) الوخيفُ (۲) بھگویا ہوا ستو (۳) پنیر یا جمے ہوئے دودھ میں گھی ڈال کر بنایا ہوا کھانا (۴) گدلا پانی جس میں مٹی کا غلبہ ہو جیسے صار الماءُ وَخِيفةً۔
(تَخِمَ) فلانٌ - تَخَمًا: بدہضمی ہونا۔
(تَخَمَ) فلانٌ - تَخْمًا: بدہضمی ہونا۔
(وَخَمَ) فلانٌ فلانًا - (يَخِمُهُ) وَخْمًا: کسی سے زیادہ بدہضمی ہونا۔
(وَخِمَ) فلانٌ - (يَوْخَمُ) وَخَمًا: بدہضمی ہونا۔ هو وَخِمٌ۔
(وَخُمَ) فلانٌ - (يَوْخُمُ) وَخَامَةً وَوُخُومَةً وَوُخُومًا: بھاری اور سست ہونا۔
-الطعامُ: کھانے کا ثقیل ہونے کی وجہ سے ناقابل ہضم اور مزے دار نہ ہونا۔
-المكانُ: کسی جگہ کی آب و ہوا کا مضر صحت ہونا۔
-الأَمْرُ: کسی معاملہ کا دشوار ہو جانا هُوَ وَخْمٌ وَوَخِيمٌ وَهِيَ وَخْمَةٌ وَوَخِيمَةٌ۔
(اَتْخَمَ) الطعامُ فلانًا: بدہضمی میں مبتلا کرنا۔
(اَوْخَمَهُ) الطَّعَامُ: بدہضمی میں مبتلا کرنا۔
(وَاخَمَ) فلانٌ فلانًا: بدہضمی میں کسی سے بڑھنے کی کوشش کرنا۔
(اِتَّخَمَ) فلانٌ مِنَ الطَّعَامِ وعَنْهُ: کسی کو کھانے سے گرانی ہو جانا۔
(تَوَخَّمَ) فلانٌ الطَّعَامَ: کسی کا کھانے کو ناپسند سمجھنا، ناقابل ہضم گمان کرنا۔
(اِسْتَوْخَمَ) الطَّعَامَ: کھانے کو ناقابل ہضم اور ناخوشگوار سمجھنا۔

-المكانَ: کسی جگہ کو مضر صحت اور ناموافق سمجھنا۔
(التُّخَمَةُ) بدہضمی (ج) تُخَمَاتٌ وَتُخَمٌ۔
(المَتْخَمَةُ) طَعَامٌ مَتْخَمَةٌ: بدہضمی پیدا کرنے والا کھانا۔
(المَوْخَمَةُ) أَرْضٌ مَوْخَمَةٌ: ناقابل ہضم گھاس والی زمین۔
(المُوْخِمَةُ): ارضٌ مُوْخِمَةٌ: مَوْخَمَةٌ۔
(الوَخَامُ): ارضٌ وَخَامٌ: مَوْخَمَةٌ۔
(الوَخْمُ) سست اور بوجھل آدمی (ج) وِخَامٌ وَوُخُومٌ وَأَوْخَامٌ۔
(الوَخَمُ) وبائی امراض کا علاقہ (۲) نقصان۔
(الوَخِمُ) سست اور بوجھل آدمی (ج) أَوْخَامٌ۔
(الوَخْمَةُ) ارضٌ وَخْمَةٌ: مَوْخَمَةٌ۔
(الوَخِمَةُ): أَرْضٌ وَخِمَةٌ: مَوْخَمَةٌ۔
(الوَخُومُ) بوجھل آدمی (۲) وُخُمٌ۔
-أَرْضٌ وَخُومٌ: مَوْخَمَةٌ۔
(الوَخِيمُ) بوجھل آدمی (ج) وِخَامٌ وَأَوْخَامٌ وَخَامَى۔
-طَعَامٌ وَخِيمٌ: ناموافق اور بدمزہ کھانا۔
-هٰذَا الأَمْرُ وَخِيمُ العَاقِبَةِ: بدانجام کام۔
(الوَخِيمَةُ) أَرْضٌ وَخِيمَةٌ: مَوْخَمَةٌ۔
(الوَخْوَاخُ) مِنَ الرجال: ڈھیلے اور لٹکے پیٹ اور زیادہ گوشت والا آدمی (۲) سست و بوجھل آدمی (۳) کمزور و بزدل (۴) نامرد (۵) نرم کھجور (۶) بے مزہ کھجور (۷) ہر ڈھیلی چیز۔
(الوَخْوَخَةُ) بعض پرندوں کی آواز کی نقل۔
(وَخَى) - (يَخِي) وَخْيًا: درمیانی رفتار سے چلنا (۲) کسی طرف رخ کرنا۔
-الأَمْرَ: کسی کام کا ارادہ کرنا۔
-وَخْيَهُ: کسی کے نقش قدم پر چلنا (۲) جستجو کرنا، چاہنا جیسے وَخَى وخاهُ ووَخَى محبتَهُ۔
(وَاخَاهُ) اخوت و دوستی قائم کرنا (لغت ضعیف)

(وَخَّاهُ) الأَمْرَ ولِلأَمْرِ کسی کام کے لئے بھیجنا۔
(تَوَخَّى) الأَمْرَ ارادہ کرنا، پورا کرنے کا قصد کرنا۔ (۲) منتظر رہنا، خواہش کرنا، چاہنا۔ جیسے تَوَخَّى رِضَاهُ تَوَخَّى محبتَهُ۔
(اِسْتَوْخَاهُ) خبر گیری کرنا۔ اِسْتَوْخَاهُ عَنْ مَوْضِعِ كذا کسی جگہ سے کسی کی خبر معلوم کرنا۔ اِسْتَوْخِ لَنَا بَنِي فلانٍ ما خَبَرُهُمْ؟ فلاں قبیلہ کی خیریت معلوم کر کے ہمیں بتلاؤ۔
(الخِيَّةُ) قصد، ارادہ، جہت، سمت۔ جیسے ...نتُ القَوْمَ عَنْ خِيَّتِهِمْ میں نے لوگوں سے ان کا مقام یا قصد معلوم کیا۔
(الوَخْيُ) قابل اعتماد راستہ (۲) سیدھا راستہ (ج) وُخِيٌّ ووِخِيٌّ۔
(الوَخَى): الخِيَّةُ۔

و د أ

(وَدَأَ) بالقَوْمِ - (يَدَأُ) وَدْأً کسی قوم کے ساتھ انتہائی برا سلوک اور گالی گلوچ کرنا۔
-الشيءَ: ہموار کرنا۔
(وَدِئَ) - (يَوْدَأُ) وَدَأً: ہلاک کرنا۔
-عَنْهُ وَعَلَيْهِ الأَخْبَارُ: کسی کی خیر و خبر معلوم نہ ہونا۔
(وَدَّأَ) بِهِ تَوْدِئَةً: ہلاک کرنا (۲) دفن کرنا۔
-الشيءَ تَوْدِئَةً: برابر کرنا۔
-عَلَى المَيِّتِ الأَرْضَ: مردہ کو دفن کر کے زمین ہموار کرنا۔
-الأَرْضُ فلانًا: زمین کا کسی کو اپنے اندر نگل لینا۔
(تَوَدَّأَ) ہلاک کرنا۔
-عَلَى مَالِهِ: کسی کا مال لے کر اپنے قبضہ میں کر لینا۔
-عليه الأَرْضُ: زمین کا کسی کو ڈھانپ لینا (۲) کسی ایسے دور دراز کے علاقہ میں چلے جانا کہ خبر معلوم نہ ہو سکے (۳) مر جانا۔
-عليه وعنهُ الأَخْبَارُ: کسی کی خیر و خبر معلوم نہ ہونا۔

(المَوْدَاَةُ) میت کا گڑا (۲) جنگل' بیابان (۳) ہلاکت خیز مقام۔

(وَدَجَ) الذَّبِیْحَةَ- (یَدِجُھَا) وَدْجًا وودَاجًا ذبح کرتے وقت جانور کی گردن کی رگ کاٹنا۔

-بَیْنَ القومِ وَدْجًا لوگوں میں صلح کروانا اور لڑائی کی جڑ کاٹنا۔

(وَادَجَهُ) کسی سے نرمی کا برتاؤ کرنا۔

(وَدَّجَ) الذَّبِیْحَةَ جانور کی گردن کی رگ کاٹنا۔

(الوِدَاجُ) گردن کی رگ جس کو کاٹ دیا جائے تو جان نکل جاتی ہے۔

(الوَدَجُ) الوِدَاجُ (یہ دو رگیں ہوتی ہیں) اسی مناسبت سے دو ملی ہوئی چیزوں کو وَدَجَان کہتے ہیں جیسے هُمَا وَدَجَا حَرْبٍ: وہ لڑائی کے دو فریق ہیں۔ (۲) ذریعہ' سبب جیسے فلانٌ ودجی اِلٰی فلانٍ (ج) أَوْدَاجٌ۔

(أَوْدَحَ) تابع اور فرماں بردار ہونا۔

(الوَدَحَةُ) مَا أغنٰی عَنِّیْ وَدَحَةً وہ میرے کسی کام نہیں آیا۔

(وَدَّهُ)- (یَوَدُّهُ) وِدًّا ووِدَادًا ووَدَادَةً ومَوَدَّةً محبت کرنا۔ جیسے وَدِدْتُهُ (۲) خواہش کرنا۔ تمنا کرنا۔ جیسے وَدِدْتُ لَوْ تَفْعَل کذا۔

(وَادَّهُ) مُوَادَّةً ووِدَادًا کسی سے محبت کرنا۔

(تَوَادَّا) باہم محبت کرنا۔

(تَوَدَّدَ) اِلَیْهِ محبت کرنا۔

-فلانًا کسی کی دوستی ومحبت حاصل کرنا یا چاہنا۔

(المَوَدُّ) بہت محبت کرنے والا۔

(المَوَدَّةُ) محبت' تعلق' دوستی (۲) پیغام خط۔ جیسے قرآن مجید میں ہے (تُلْقُوْنَ اِلَیْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ)

(وُدٌّ) ایک بت جو زمانہ جاہلیت میں پوجا جاتا تھا۔

(الوُدُّ) محبت' دوستی' تعلق هُوَ وُدِّی (هُوَ ذُوْ وُدِّی) وہ میرا تعلق دار ہے۔ (مفرد' تثنیہ' جمع' مذکر و مؤنث کے لئے) ہو وُدِّی لو تزورني میری خواہش تھی کہ آپ مجھ سے ملاقات کرتے۔

(الوِدُّ) محبت' محبت رکھنے والا (۲) بہت محبت کرنے والا (ج) أَوِدٌّ۔

(الوَدُوْدُ) بہت محبت کرنے اولا (مذکر ومؤنث کے لئے) (۲) اللہ تعالٰی کا ایک نام یعنی اپنے نیک بندوں سے بہت محبت کرنے والا یا اپنے اولیاء کا محبوب۔

(الوَدِیْدُ) محبت کرنے والا (۲) أَوِدَّاءُ و أَوْدَادٌ ووُدَرَاءُ وَأَوِدَّةٌ۔

(وَدَرَ) فلانٌ- (یَدِرُ) وَدْرًا: نشہ میں بے ہوشی کے قریب ہوجانا۔

(وَدَّرَهُ) ہلاکت میں ڈالنا (۲) ورغلا کر خطرناک کام میں ڈالنا۔

-الشیءَ: ہٹانا۔ دور کرنا۔ جیسے وَدِّرْ وَجْهَكَ عَنِّیْ۔

-مَالَهُ: فضول خرچ کرنا' لٹانا۔

(تَوَدَّرَ) مَالُهُ: مال کا فضول خرچ ہونا۔

(وَدَسَتِ) الأَرْضُ- (تَدِسُ) وَدْسًا: سبزہ کا زمین کو ڈھانک لینا۔ هو داسٍ والارضُ مَوْدُوْسَةٌ۔

-عَلَیْهِ الشَّیْءُ: پوشیدہ ہونا۔

-الشیءُ: غائب ہوجانا۔

-فلانٌ بالشیءِ: چھپانا۔

-بکلامٍ اِلٰی فُلَانٍ: کسی سے ادھوری بات کہنا۔

(أَوْدَسَتِ) الأَرْضُ: سبزہ کی کثرت سے زمین کا چھپ جانا۔

(وَدَّسَتِ) الأَرْضُ: ودست۔

-الشیءُ چھپ جانا (۲) غائب ہوجانا۔

-فلانٌ بکلمةٍ اِلٰی فُلَانٍ کسی کے سامنے کوئی ادھوری بات کرنا۔

-المَاشِیَةُ مویشی کا ہریالی چرنا۔

(تَوَدَّسَتِ) الارضُ أَوْدَسَتْ۔

-المَاشِیَةُ: وَدَّسَتْ۔

(الوَادِسُ) زمین سے اگنے والا سبزہ۔

(الوِدَاسُ): الوَادِسُ۔

(الوَدَسُ): الوَادِسُ (۲) عیب۔

(الوَدِیْسُ) الوِدَاسُ: (۲) سوکھی گھاس یا سوکھے پتے (۳) پتلا شہد۔

(وَدَعَ) - (یَدَعُ) وَدْعًا: آرام وسکون حاصل کرنا۔ (۲) سکون پذیر ہونا' قرار پانا۔ هُوَ وَدِیْعٌ و وَادِعٌ۔

-المسافِرُ النَّاسَ: مسافر کا لوگوں کو عیش و آرام میں چھوڑ کر جانا۔

-النَّاسُ المسافِرَ: لوگوں کا مسافر کو راحت بخش واپسی اور نیک خواہشات کے ساتھ رخصت کرنا۔

-الشیءَ: چھوڑ دینا۔ حدیث میں ہے (لِیَنْتَهِیَنَّ قومٌ عَنْ وَدْعِهِمُ الجمعاتِ)

-الثوبَ بالثَّوْبِ: حفاظت کرنا۔

(وَدُعَ) - (یَوْدُعُ) دَعَةً وَوَدَاعَةً: پرسکون اور سنجیدہ ہونا (۲) خوشحال ہونا۔ هُوَ وَدِیْعٌ۔

(أَوْدَعَ) الشَّیْءَ: حفاظت کرنا۔

-الفَرَسَ ونَحْوَهُ: گھوڑے وغیرہ کو سانس لینے دینا۔

-فلانًا الشیءَ: امانت رکھوانا۔

(وَادَعَ) فلانٌ فلانًا: کسی سے صلح کرنا' پرامن رہنا (۲) کسی سے تعلق رکھنا (۳) چھوڑ دینا۔

(وَدَّعَ) المُسَافِرُ النَّاسَ: مسافر کا الوداع کہتے ہوئے لوگوں سے رخصت ہونا۔

-النَّاسُ المسافِرَ لوگوں کا مسافر کو خدا حافظ کہہ کر رخصت کرنا اور واپسی پر خوشحالی کی تمنا کے ساتھ رخصت کرنا۔

-الشیءَ: چھوڑنا۔ قرآن مجید میں ہے (مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ) (۲) الماری میں محفوظ کرنا۔

-الثَّوْبَ کپڑے کی حفاظت کرنا۔

-الصَّبِیَّ بچے کے گلے میں کوڑیاں ڈالنا۔

-فَرَسَهُ سانس لینے دینا۔ هُوَ مُوَدَّعٌ ومَوْدُوْعٌ (خلاف قیاس)

(اتَّدَعَ) پرسکون اور سنجیدہ ہونا (۲) راحت و آرام سے ہونا (۳) وقار اور سنجیدگی اختیار کرنا۔

(تَوَادَعَ) القومُ باہم ایک دوسرے کو الوداع

کہنا (۲) باہم صلح کرنا (۳) باہم عہد و پیمان کرنا۔
(تَوَدَّعَ) سکون اور وقار اختیار کرنا (۲) آرام اور راحت حاصل کرنا۔
-القومُ ایک دوسرے کو الوداع کہنا۔
-فلانٌ الشیءَ حفاظت کی جگہ میں محفوظ کرنا۔
-فلاناً کسی کو اپنے کام میں لگانا۔
(تُوُدِّعَ) مِنْ فُلانٍ کسی کو الوداعی سلام کرنا (۲) کسی کی اصلاح سے ناامید ہونا۔ حدیث میں ہے (اذا لم ینکر الناسُ المنکر فقد تُوُدِّعَ مِنْهُمْ)
(اِسْتَوْدَعَ) فلاناً وَدِیْعَةً: امانت رکھوانا۔
(الاِسْتِیْدَاعُ): پنشن کی عمر کو پہنچنے سے پہلے ملازم یا افسر کو سبکدوش کرنا۔ یوں بھی کہا جاتا ہے اُحِیْلَ الضَّابِطُ عَلَی الاستیداعِ: افسر کو قبل از وقت ریٹائرڈ کر دیا گیا۔ (محدثہ)
(الاِیْدَاعُ): جمع امانت۔
(التَّدَاعَةُ) و (التُّدْعَةُ) و (الدَّعَةُ): آسودگی خوشحالی فراخی۔
(المُسْتَوْدَعُ): امانت رکھنے کی جگہ گودام سامان خانہ وغیرہ (۲) جنت میں آدم اور حوا علیہما السلام کا مقام۔ حضرت عباسؓ کا قول ہے۔

مِنْ قبلها طبتَ فِی الظلالِ وفِی
مستودعٍ حیثُ یخصف الورقُ۔

(المُوَدَّعَةُ) وہ اونٹنی جس پر نہ سواری کی جائے اور نہ اس کا دودھ دوہا جائے۔
(المُوْدَعُ) صاحب راحت و آرام۔
(المَوْدُوْعُ) سکون سنجیدگی (۲) وقار جیسے عَلَیْكَ بِالمَوْدُوْعِ (۳) آرام طلب۔ فارغ البال۔
(المِیْدَاعَةُ) آرام طلب اور فارغ البال آدمی (ج) مَوَادِعُ۔
(المِیْدَعُ) وہ کپڑا جس میں تقریبات میں شرکت والے عمدہ کپڑے محفوظ کیے جائیں (۲) پرانا اور بوسیدہ کپڑا (ج) مَوَادِعُ۔
-مَالَهُ مِیْدَعٌ: اس کا ہاتھ بٹانے والا کوئی نہیں۔
(المِیْدَعَةُ) مستعمل کپڑا (۲) کام کے وقت کپڑوں کی حفاظت کے لئے پہنا جانے والا بے آستین بڑا کپڑا (ج) مَوَادِعُ۔
(الوَدَاعُ): مسافر کی رخصتی الوداع۔
-ثَنِیَّةُ الوَدَاعِ: مدینہ کے قریب ایک جگہ جیسے

طَلَعَ البدرُ علینا من ثنیّاتِ الوَدَاعِ

(الوَدَعُ) تیر پھینکنے کا نشان (۲) قبر یا قبر کی باڑ احاطہ۔
(الوَدْعُ): کوڑی گھونگا جو بطور تعویذ استعمال ہوتا ہے۔ واحد وَدْعَةٌ۔
-ذُو الوَدْعِ بچہ جس کے گلے میں گھونگے کا تعویذ ڈالا جائے۔
-ذَاتُ الوَدْعِ بت (۲) کعبہ (۳) نوح علیہ السلام کی کشتی۔
(الوَدِیْعُ) سنجیدہ پرسکون (۲) آرام طلب گھوڑا (۳) قبرستان (۴) عہد و پیمان۔ (ج) وَدَائِعُ۔
(الوَدِیْعَةُ) امانت رکھی ہوئی چیز (ج) وَدَائِعُ۔
(وَدَفَ) الشَّحْمُ وَنَحْوُهُ۔ (یَدِفُ) وَدْفًا چربی کا پگھل کر بہنا اور ٹپکنا۔
-الإِنَاءُ: برتن کا ٹپکنا۔
-لفلانٍ العَطَاءَ: عطیہ کو کم کرنا۔
(تَوَدَّفَتِ) الأَوْعَالُ وَنَحْوُهَا فوقَ الجَبَلِ: پہاڑی بکریوں کا پہاڑ پر چڑھ جانا۔
-الخَبَرَ: خبر کی چھان بیان کرنا۔
(اِسْتَوْدَفَتِ) النَّبْتُ: نباتات کا لمبا ہونا۔
-فلانٌ الشَّحْمَةَ وَنَحْوَهَا: چربی وغیرہ کو پگھلا کر ٹپکانا۔
-اللَّبَنَ: دودھ کو برتن میں ڈالنا۔
-الخَبَرَ: خبر کی تحقیق و چھان بیان کرنا۔
-مَعْرُوْفَ فلانٍ: بخشش یا انعام کا سوال کرنا۔
(الوَدْفَةُ): چربی (۲) ہرا باغیچہ۔
(الوَدْفَةُ): سرسبز باغیچہ۔ کہتے ہیں اَصْبَحَتِ الأَرْضُ كُلُّهَا وَدْفَةً وَاحِدَةً خِصْبًا ساری زمین سرسبز باغیچہ بن گئی۔
(الوَدِیْفَةُ) سرسبز باغیچہ۔
(وَدَقَ) المَطَرُ۔ (یَدِقُ) وَدْقًا بارش کی بوندیں پڑنا۔
-إِلَی الشَّیْءِ ولَهُ وَدْقًا وَوُدُوْقًا کسی چیز کے قریب ہو کر اس پر قابو پانا۔ جیسے وَدَقَ لَهُ الصَّیْدُ۔
-بِهِ: مانوس ہونا۔
-بَطْنُهُ: پیٹ کا بڑا ہو جانا دست چھوڑنا۔
-سُرَّتُهُ: ناف ٹلنا (۲) ڈھیلی ہو کر پھیل جانا (۳) رسی کی طرح موٹی ہو جانا۔
-السَّمَاءُ: بارش برسانا۔
-السَّیْفُ: تلوار کا تیز ہونا۔
(وَدِقَتِ) العَیْنُ۔ (تَوْدَقُ) و (تِیْدَقُ) وَدَقًا آنکھ میں سرخ پھنسی نکلنا۔ ھی وَدِقَةٌ۔
(أَوْدَقَتِ) السَّمَاءُ بارش برسانا۔
(المَوْدِقُ) وہ جگہ جہاں سے انسان یا حیوان چل کر آئے (۲) میدان کارزار (۳) دو چیزوں کے درمیان کی رکاوٹ۔
-مَوْدِقُ الظَّبْیِ ہرن کے کھڑے ہو کر درخت سے پتے کھانے کی جگہ۔
(الوَادِقُ) تیز تلوار۔
-وَادِقُ السِّنَةِ ہر وقت اور ہر جگہ اونگھتے رہنے والا شخص۔
(الوَدَقُ) بارش (ہلکی یا تیز) (۲) آنکھ کے اندر کی سرخ پھنسیاں یا آنکھ کے اندر کا بڑھا ہوا گوشت (۳) آشوب چشم کے علاوہ آنکھ کی ایک بیماری جس میں آنکھ سرخ ہو جاتی ہے اور کان پر ورم ہو جاتا ہے واحد وَدَقَةٌ۔
-سَحَابَةٌ ذَاتُ وَدْقَیْنِ دو زبردست چھینٹوں والی بارش۔
-حَرْبٌ ذَاتُ وَدْقَیْنِ زبردست لڑائی۔
-ذَاتُ وَدْقَیْنِ وَذَاتُ وَجْهَیْنِ بڑی مصیبت۔
(الوَدَقُ) آنکھ کے اندر کی سرخی پھنسیاں یا بڑھا ہوا گوشت یا آنکھ کی سرخی کے ساتھ کان کا

نرم ۔واحد وَدِقَةٌ۔
(الوَدِيقَةُ) دوپہر کی گرمی' سخت گرمی اور تمازتِ آفتاب کا قرب (۲) گھاس اور سبزیوں والی جگہ' سبزہ زار (ج) وَدَائِق۔
(وَدِكَ)۔ (يَوْدَكُ) وَدَكًا موٹا ہونا۔ هُوَ وَدِكٌ۔
-يَدُهُ ہاتھ پر چربی چڑھنا۔ لَحْمٌ وَدِكٌ چربی دار گوشت۔هِيَ وَدِكَةٌ۔
(وَدُكَ)۔ُ (يَوْدُكُ) وَدَاكَةً موٹا ہونا۔ هُوَ وَدِيكٌ وهِيَ وَدِيكٌ ووَدِيكَةٌ وَدُوكٌ۔
(وَدَّكَ) فلانٌ الشئَ کسی چیز میں چربی ڈالنا۔
(الأَوْدَكُ): بَنَاتُ أَوْدَكَ مصائب کو کہتے ہیں۔مَا أَدْرِي أَيُّ أَوْدَكٍ هُوَ: نہ جانے وہ کس قسم کا آدمی ہے۔
(الدِّكَةُ) موٹاپا' چربی۔
(المُتَوَدَّكُ) فائدہ۔ مَا رَأَيْتُ عِنْدَهُ مُتَوَدَّكًا مجھے اس کے پاس کوئی فائدہ نظر نہیں آیا۔
(الوَادِكُ). رَجُلٌ وَادِكٌ چربی چڑھا ہوا موٹا آدمی۔
(الوَدَكُ) چربی' چکناہٹ (۲) دنبے یا بچھڑے کے کولہے کے پہلو کی چربی جو طباعت کی روشنائی میں ملائی جاتی ہے (ج) مَا فِيهِ وَدَكٌ بے فائدہ چیز۔وَدَكُ المَيْتَةِ مردہ کی بہتی ہوئی چربی۔
(الوَدَّاكُ) چربی فروش۔
(الوَدِيكَةُ) چربی یا روغن ملا کر گوندھا ہوا آٹا۔
(وَدَلَ) السِّقَاءَ۔ (يَدِلُهُ) وَدْلاً مشکیزہ میں ۔۔۔ ابالنا۔
(وَدَنَ) الشئَ۔ (يَدِنُهُ) وَدْنًا ووِدَانًا پانی میں تر کرنا' بھگونا۔
-العَرُوسَ والفَرَسَ دولہن یا گھوڑے کی خوب دیکھ بھال کرنا۔
-الجِلْدَ وَدْنًا چمڑے کو نرم کرنے کے لئے نم دار مٹی میں دبانا۔
-الشئَ بالعَصَا کسی چیز کو لاٹھی یا ڈنڈے سے اس طرح کوٹنا جیسے چمڑا کوٹا جاتا ہے۔
-فلانًا بالعَصَا۔ لاٹھی مارنا۔
-الشئَ لمبائی یا حجم میں چھوٹا کرنا' گھٹانا۔هُوَ مَوْدُونٌ وَوَدِينٌ۔
(وَدِنَتِ) المَرْأَةُ۔ (تَوْدَنُ) وَدَنًا: عورت کا ایسا بچہ جننا جس کے گردن اور ہاتھ چھوٹے اور مونڈھے تنگ ہوں (۲) لاغر بچہ جننا۔
(أَوْدَنَتِ) المَرْأَةُ: وَدِنَتْ۔
-فلانٌ الشئَ: لمبائی میں کم کرنا (۲) گھٹانا' کم کرنا۔
(وَدَّنَ) الشئَ: تر کرنا' بھگونا (۲) چھوٹا کرنا۔
(اتَّدَنَ) الشئُ: تر ہونا' بھیگنا۔
-الشئَ: تر کرنا' بھگونا۔
(تَوَدَّنَ) فلانٌ: کسی کا تیل ملنے سے بہت چکنا اور نرم ہونا۔
-الجِلْدُ: دباغت سے چمڑے کا نرم ہونا۔
(الأَوْدَنُ): نرم وملائم۔
(المُودَنُ): لاغر بچہ (۲) چھوٹے ہاتھ اور چھوٹی گردن والا بچہ (۳) ناقص الخلقت' تنگ مونڈھوں والا بچہ۔
-فلانٌ مُودَنُ اليَدِ۔ ناقص اور چھوٹے ہاتھوں والا۔
(المُودَنَةُ) دھنسی ہوئی چھوٹی گردن اور موٹے پستہ قد کی عورت۔
(المَوْدُونُ) المُودَنُ۔
-فلانٌ مودُونُ اليَدِ: مُودَنُهَا۔ هِيَ مَوْدُونَةٌ۔
(المَوْدُونَةُ) دھنسی ہوئی چھوٹی گردن اور موٹے پستہ قد کی عورت۔
-امرأةٌ مَوْدُونَةٌ پستہ قد چھوٹے جسم کی عورت۔
(الوِدَانُ) کھیتی باڑی کے قابل تر جگہ۔
(الوَدْنَةُ) ضرب یا زبان کا چوکا۔
(وَدَى) الرَّحْلُ۔ (يَدِي) وَدْيًا نکلنا۔
-الشئُ بہنا۔
-النَّاقَةَ بتَوْدِيَتَيْنِ دو لکڑیوں سے اونٹنی کے تھنوں کو باندھنا۔
-القَاتِلُ القَتِيلَ وَدْيًا وَدِيَةً ووَدْيَةً قاتل کا مقتول کے ورثہ کو خون بہا ادا کرنا۔
(أَوْدَى) ہلاک ہونا۔
بالشَّيْءِ۔لے جانا۔ أَوْدَى المَوْتُ بِهِ۔موت اسے لے گئی۔
-العُمْرُ بِهِ کسی کی عمر کا دراز ہونا۔
-فلانٌ: ودی نکلنا۔
(وَادَى) فلانٌ فُلَانًا: کسی سے کسی کا خون بہا لینا۔
(اتَّدَى) وَلِيُّ القَتِيلِ: مقتول کے ولی کا دیت لے کر قاتل کو چھوڑ دینا۔
(اسْتَوْدَى) فلانٌ بحقِّ فُلَانٍ۔ کسی کا حق تسلیم کرنا۔
(التَّوْدِيَةُ) :اونٹنی کے تھنوں پر باندھنے کی لکڑی (ج) التَّوَادِي۔
(الدِّيَةُ) :دیت' خون بہا۔مقتول کے ولی کو قاتل کی طرف سے جان کے بدلہ دیا جانے والا مال (ج) الدِّيَاتُ۔
(الوَادِي) وادی' ٹیلوں اور پہاڑوں کے درمیان کھلی جگہ جہاں بارش یا سیلاب کا پانی بہتا ہو (ج) أَوْدَاءٌ وأَوْدِيَةٌ ووُدْيَانٌ۔
-حَلَّ بِوَادِيهِ کسی پر مصیبت آنا۔
(الوَدْيُ) ودی' پیشاب کے بعد نکلنے والا سفید ورقیق پانی۔
(الوَدَى) ہلاکت۔
(الوَدِيُّ) الوَدْيُ (۲) کھجور کے چھوٹے پودے۔واحد وَدِيَّةٌ۔

و ۔۔ ذ

(وَذَأَتِ) العَيْنُ عَنِ الشئِ۔ (تَذَأُ) وَذْءًا آنکھ کا چندھیانا' کسی چیز پر نہ جمنا۔
-فلانٌ فلانًا عیب لگانا (۲) مذمت کرنا (۳) تحقیر کرنا (۴) ڈانٹنا۔
(الوَذَأَةُ) نامناسب بات۔
(الوَذْءَةُ) بیماری۔ جیسے مَا بِهِ وَذَأَةٌ اسے کوئی بیماری نہیں۔
(وَذِحَ)۔ (يَوْذَحُ) وَذَحًا رانوں کے اندرونی حصوں کا چھلا ہوا ہونا۔

-الشَّاۃُ بکری کے بالوں کا پیشاب اور مینگنیوں سے آلودہ ہونا۔
(الْاَوْذَح) عَبْدٌ اَوْذَحُ کمینہ غلام۔
(الوَذَحُ) بھیڑ بکریوں کے بالوں پر لگی ہوئی خشک مینگنیاں اور پیشاب۔ واحد وَذَحَۃٌ (ج) وُذْحٌ۔
(وَذَرَ) اللَّحْمَ۔ (یَذِرُہٗ) وَذْرًا گوشت کاٹنا (۲) زخمی کرنا۔
-الوَذْرَۃَ گوشت کی بوٹیاں بنانا، پارچے بنانا۔
(وَذِرَہٗ)۔ (یَذَرُہٗ) چھوڑنا۔ (اس کا صرف مضارع اور امر استعمال ہوتا ہے) ذَرْہُ اسے چھوڑ۔ اسم فاعل میں استعمال نہیں ہوتا ماضی کے لئے وَذَرَ کے بجائے تَرَکَ کہا جائے گا۔ ذَرْنِیْ وَفُلَانًا تم فلاں کو میرے حوالہ کر کے بے فکر ہو جاؤ میں جانوں وہ جانے۔
(وَذَّرَ) اللحمَ کاٹنا۔
-الجُرْحَ زخم کو چیر لگانا۔
(الوِذَارَۃُ) کپڑے کی کترن۔ سلائی کے بعد چار طرف سے کترے ہوئے ٹکڑے۔
(الوَذْرَۃُ) بے ہڈی کے گوشت کی بوٹی۔ (۲) چوڑائی میں کاٹا ہوا پارچہ (ج) وَذْرٌ۔
(الوَذِرَۃُ) موٹا، بہت گوشت والا۔ عَضُدٌ وَذِرَۃٌ گوشت چڑھا ہوا بازو (۲) بدبو والی عورت (۳) موٹے ہونٹ والی عورت۔
(وَذَفَ) فُلَانٌ۔ (یَذِفُ) وَذْفًا ووَذَفَانًا اتراہٹ اور غرور آمیز چال چلنا۔
-الشَّحْمُ وَغَیْرُہٗ وَذْفًا چربی وغیرہ بہنا، ٹپکنا۔
(وَذَّفَ) فلانٌ قدم ملا کر اور مونڈھے ہلا کر متکبرانہ انداز میں چلنا (۲) تیز چلنا۔
-المَرْأَۃُ عورت کا کندھے ہلاتے ہوئے نازو انداز سے چلنا۔
(تَوَذَّفَ) فلانٌ: وَذَّفَ۔
(الوَذَفَانُ) فَعَلَ ذٰلِکَ وَذَفَانَ کَذَا: اس نے فلاں کام اتنا جلد کیا اتنا پہلے ابتدا کیا۔
(الوَذْفُ) منی۔

(الوَذْفَۃُ) ایک دفعہ (۲) چربی۔
(تَوَذَّلَ) القَوْمُ مِنَ الجَزَّارِ قصاب سے گوشت کو ٹکڑے کئے بغیر لینا۔
(الوَذَالَۃُ) گوشت کا بڑا ٹکڑا جس کے ٹکڑے نہ کئے گئے ہوں۔
(الوَذِلُ) ہر کام میں چست و پھرتیلا۔
(الوَذِلَۃُ) مونث الوَذِلِ (۲) پھرتیلی خوش قامت عورت (۳) پھرتیلا آدمی یا اونٹ۔
-خَادِمٌ وَذِلَۃٌ پھرتیلا خادم۔
(الوَذِیْلَۃُ) خوش قامت پھرتیلی عورت (۲) آئینہ (۳) چاندی کی جلا دی ہوئی پلیٹ یا تختی (۴) کوہان یا کولہے کی چربی (ج) وَذِیْلٌ ووَذَائِلُ۔
(وَذِمَتِ) الدَّلْوُ۔ (تَوْذَمُ) وَذَمًا ڈول کا تسمہ ٹوٹ جانا۔
-الوَذَمَ ڈول کا تسمہ ٹوٹ جانا۔
(اَوْذَمَ) فلانٌ عَلَی الخَمْسِیْنَ کسی کی عمر کا پچاس سال سے زیادہ ہونا۔
-الدَّلْوَ ڈول کے تسمہ کو مضبوط کرنا۔
-السِّقَاءَ مشک کو تسمہ باندھنا۔
-الهَدْیَ ہدی کے جانور کو نشان لگانا تاکہ اس کو تنگ نہ کیا جائے۔
-عَلٰی نَفْسِہٖ اپنے نفس پر کوئی چیز لازم کرنا۔ جیسے اَوْذَمَ الحَجَّ وَاَوْذَمَ السَّفَرَ واَوْذَمَ الیَمِیْنَ۔
(وَذَّمَ) فلانٌ عَلَی الخمسِیْنَ عمر کا پچاس سال سے زیادہ ہونا۔
-الدَّلْوَ ڈول میں تسمہ لگانا۔
-الکَلْبَ کتے کی گردن میں پٹا ڈالنا تاکہ اس کا پالتو ہونا اور سدھایا ہوا ہونا معلوم ہو جائے۔
-الشَّیْئَ لازم کرنا (۲) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ رحم کا مسا کاٹ کر اس کا علاج کرنا۔
(الوَذَمُ) مسا (۲) اونٹنی کے رحم کا مسا جو بچہ جننے میں رکاوٹ پیدا کرتا ہے (۳) اوجھ اور آنتوں کا وہ گچھا جو ہانڈی میں ڈال کر پکایا جاتا ہے۔ (ج) اَوْذَامٌ واَوْذُمٌ ووُذُومٌ۔
(الوَذْمَاءُ) بانجھ (عورت ہو یا گھوڑی)۔

(الوَذَمَۃُ) اوجھڑی، آنت (۲) اوجھ کے اندر کا ایک خصیہ (۳) اونٹنی یا بکری کے رحم کا مسا جیسے دانہ جو ولادت سے مانع ہوتا ہے (۴) ڈول کے دونوں کناروں سے باندھا جانے والا تسمہ (۵) کتوں کے گلوں کا پٹا جس سے زنجیر یا رسی باندھی جاتی ہے (ج) وَذَمٌ وِذَامٌ۔
(الوَذِیْمَۃُ) مال کا الگ کیا ہوا حصہ (۲) کتے کے گلے کا پٹہ (۳) بیت اللہ کی طرف بھیجی جانے والی ہدی (ج) وَذَائِمُ۔
(تَوَذَّنَ) فلانًا ہٹانا، پھیرنا (۲) مارنا۔
(وَذَی) وَجْهَهٗ۔ (یَذِیْهِ) وَذْیًا چہرہ کو نوچنا۔
(الوَذَاۃُ) تکلیف دہ چیز۔
(الوَذِیَّۃُ) حقیر و معمولی۔ جیسے دُنیا وذیّۃ۔

و ـــ ر

(وَرَأَ) مِنَ الطَّعَامِ۔ (یَرَأُ) وَرْءًا سیر ہو جانا، پیٹ بھر جانا۔
-الرَّجُلَ ہٹانا، دھکا دینا۔
(وَرِیَ) بالشَّیْئِ محسوس کرنا۔
(اَوْرَأَہٗ) خبر دینا۔ بتانا۔
(اَوْرَیَ) بالشَّیْءِ محسوس کرنا، معلوم ہونا۔
(وَرَّیَ) بالشَّیْءِ محسوس کرنا، معلوم ہونا۔
(اِسْتَوْرَأَتِ) الْاِبِلُ اونٹوں کا ایک جگہ جمع ہو کر موسم بہار کا گھاس کھانا۔
(الوَرَاءُ) پوتا، پوتی (۲) چوڑی اور مضبوط ہڈیوں والا آدمی (۳) آنکھوں سے اوجھل آگے ہو یا پیچھے جیسے قرآن مجید میں ہے (مِنْ وَرَائِهٖ جَهَنَّمُ)
(وَرِبَ) جَوْفُهٗ۔ (یَوْرَبُ) وَرَبًا پیٹ خراب ہونا، پیٹ کو کوئی باطنی بیماری لاحق ہونا۔
-فلانٌ کسی کا پیٹ خراب ہونا۔
-السحابُ بادل کا ہلکا ہو جانا۔ ھو وَرِبٌ۔
(وَارَبَہٗ) کسی کے ساتھ مکاری کرنا۔ کسی کو فریب دینا حدیث میں ہے (وان مایعتھم واربوک)
-البابَ دروازہ کو تھوڑا سا کھولنا (محدثہ)
(وَرَّبَ) اشارۃً کوئی بات کہنا۔

(الوَرْثُ) بگاڑ' خرابی (۲) انگوٹھے اور شہادت
کی انگلی کے درمیان کا خلا (۳) جنگلی جانوروں
کا بھٹ (۴) چوہے کے بل کا منہ (۵) بچھو
کے بھٹ کا منہ (ج) أَوْرَاثٌ۔
(الوَرْثَةُ) پہلو (کوکھ) کا گڑھا۔
(وَرِثَ) فُلَانًا المالَ ومنهُ وعنهُ- (يَرِثُهُ)
وِرْثًا ووَرْثًا وإرْثًا ورِثَةً و وِراثَةً: کسی کے
مرنے کے بعد اس کے مال کا وارث بننا۔ جیسے
وَرِثَ المَجْدَ وغيرَهُ ووَرِثَ اباهُ مَالَهُ
ومَجْدَهُ۔ هو وَارِثٌ (ج) ورثَةٌ
ووُرَّاثٌ۔
(أَوْرَثَ) فلانًا وارث بنانا (۲) اپنے ساتھ
وراثت میں کسی کو شامل نہ کرنا۔
-فلانًا شيئًا کسی کے لئے کوئی چیز چھوڑ دینا
(۲) کسی کے پیچھے یا نتیجہ میں کوئی چیز ملانا۔
جیسے أَوْرَثَ المرضُ ضعفًا والحزنُ هَمًّا
واورثَ المطرُ النباتَ نعمةً۔
(وَرَّثَ) فلانًا وارث بنانا (۲) اپنے مال کے
وارثوں میں سے کسی کو شامل کرنا۔
-فلانًا مِنْ فلانٍ کسی کو کسی کا وارث بنانا۔
(تَوَارَثُوا) الشَّيْءَ ایک دوسرے کا وارث
بننا۔
(الإِرَاثُ) و (الإِرْثُ) و (التُّرَاثُ)
میراث جس کا وارث ہوا جائے۔ وراثت۔
(المِيرَاثُ) میراث' جس کا وارث ہوا جائے'
وراثت (ج) مواريثُ۔
-علمُ المَوَارِيثِ علم الفرائض' میراث کا
علم۔
(الوَارِثُ) اللہ تعالیٰ کی ایک صفت یعنی وہ
ذات جو قائم و دائم ہے اور ہر چیز کے فنا ہو
جانے کے بعد تنہا زمین اور اس کی چیزوں کا
اصلی مالک ہے جو عارضی طور پر بندوں کی
ملکیت میں تھیں۔ ہر چیز اس ذات وحدہ لا
شریک کی طرف لوٹ جائے گی۔ (۲) وارث'
جانشین۔
(الوِرَاثُ) میراث' ترکہ' وراثت۔
(الوِرَاثَةُ) (عِلْمُ الوِرَاثَةِ) وہ علم جس میں
زندہ مخلوق کی صفات دوسری زندہ مخلوق کی
طرف نسلاً بعد نسل منتقل ہونے سے بحث کی
جائے اور اس کے طریقہ انتقال سے متعلقہ
احوال ظاہری کی بھی وضاحت ہو۔
(الوَرْثُ): میراث (۲) تازہ چیز۔
(الوَرْثُ): ترکہ' میراث۔
(الوَرِيثُ): ایک وارث' جانشین۔
(وَرِخَ) العَجِينُ ـَ (يَوْرَخُ)
وَرَخًا: گوندھے ہوئے آٹا کا زیادہ پانی کی وجہ
سے پتلا ہو جانا۔
-المکانُ: کسی جگہ گھنی گھاس ہونا۔ هو
وَرِخٌ۔
(أَوْرَخَ) العَجِينَ: آٹے کو زیادہ پانی ڈال کر
پتلا کر دینا۔
(وَرَّخَ) الكِتَابَ: خط وغیرہ پر تاریخ ڈالنا۔
- الأرضُ: تر ہونا۔
(اسْتَوْرَخَتِ) الأَرْضُ: تر ہونا۔
(الوَرْخُ): ایک قسم کا درخت۔
(الوَرِيخَةُ) ڈھیلا گندھا ہوا پتلا آٹا (۲) تر
زمین۔
(وَرَدَ) - (يَرِدُ) وُرُودًا: حاضر ہونا' آنا۔
-انفُهُ: ناک کا لمبا ہونا۔
-الشَّجَرَةُ: پودے پر پھول آنا۔
-فلانٌ عَلَى المَكَانِ وَالمَكَانَ: کسی جگہ
پہنچنا خواہ اندر داخل ہو یا باہر رہے۔
-الماءَ: پانی کے پاس آنا۔
-الحُمّٰى فلانًا: کسی کو وقفوں سے بخار آنا۔
هو موروٗدٌ۔
(وَرُدَ) الفَرَسُ وغيرُهُ ـُ (يَوْرُدُ) وُرْدَةً
ووُرُودًا: گھوڑے کا سرخ زرد مائل ہونا۔
(أَوْرَدَ) فلانٌ الشيءَ: کوئی چیز لانا۔
-الخَبَرَ: کوئی بات بیان کرنا۔
-الشيءَ الشيءَ: کوئی چیز کسی چیز کے پاس لانا
جیسے اوردہُ الماءَ۔
(وَارَدَهُ) کسی کے ساتھ آنا۔
-الشَّاعِرُ الشَّاعِرَ: ایک شاعر کا دوسرے
شاعر کو سنے بغیر اس جیسا شعر کہنا۔
(وَرَّدَتِ) المَرْأَةُ: عورت کا اپنے رخساروں کو
سرخ کرنا۔
-خَدَّهَا: اس نے اپنے رخساروں پر سرخی
لگائی۔
-الشجرةُ: پودے پر گلاب کے پھول یا
کلیاں آنا۔
-فلانٌ الثوبَ: گلابی رنگ سے رنگنا۔
(تَوَارَدَ) القومُ الماءَ: لوگوں کا ایک ساتھ
پانی پر آنا۔
-الشَّاعِرَانِ: دو شاعروں کا (بلا اخذ وسماع)
ہم معنی و ہم لفظ شعر کہنا۔
(تَوَرَّدَ): پانی کی باری کا مطالبہ کرنا (۲) گھاٹ
پر جانے کا راستہ تلاش کرنا (۳) آگے بڑھنا۔
-الخَدُّ: گال کا گلابی ہونا۔
-الماءَ: پانی کے پاس آنا۔
-الخَيْلُ البَلْدَةَ: گھوڑوں کا شہر میں تھوڑے
تھوڑے اور جماعتوں کی صورت میں داخل
ہونا۔
(اسْتَوْرَدَ) الوِرْدَ: پانی کے گھاٹ کو تلاش
کرنا۔
-الماءَ: پانی پر پہنچنا۔
-الشيءَ: حاضر کرنا' لانا۔
-البِضَاعَةَ ونحوها: باہر سے سامان درآمد
کرنا۔
-فلانًا الضَّالَّةَ: کسی کو اس کی گم شدہ چیز دلانا۔
(المَوْرِدُ) گھاٹ' چشمہ (۲) راستہ (۳)
ذریعہ معاش' آمدنی کا ذریعہ (محدثہ) (ج)
مَوَارِدُ۔
(المَوْرِدَةُ) پانی تک پہنچنے کا راستہ (۲) پانی کا
گھاٹ (۳) سیدھا راستہ' کہاوت ہے (اَكْلُ
الرُّطَبِ مَوْرِدَةٌ) تر کھجور کا کھانا بخار کا سبب
ہے۔
(الوَارِدُ): راستہ (۴) بہادر' شجاع (۵) اگلا
پیش رو۔ قرآن مجید میں ہے (فَأَرْسَلُوا
وَارِدَهُمْ) (۶) لمبا بال (۷) علم طب کے
مطابق اندرونی نالیوں اور وریدوں میں پائے
جانے والے رقیق مادے۔ (۸) آمدنی ضد

الصادر (خرج) (محدثة)
-وَارِدُ الْأَرْنَبَةِ لمبی ناک والا۔
(الْوَارِدَاتُ) درآمدات' وہ سامان جو ایک ملک دوسرے ملک سے خرید کر منگواتا ہے اس کے برعکس الصادرات (برآمدات) ہے۔ (ج)
(الْوَارِدَةُ) پانی پر آنے والے لوگ (۲) سیدھا راستہ۔ أَرْنَبَةٌ وَارِدَةٌ: آگے نکلی ہوئی ناک۔ لِثَةٌ وَارِدَةٌ نکلا ہوا مسوڑھا۔ شَجَرَةٌ وَارِدَةُ الْأَغْصَانِ لٹکی یا جھکی ہوئی ٹہنیوں والا درخت۔
(الْوَرْدُ) گلاب کا پھول (۲) ہر قسم کا پھول یا کلی' غالب استعمال گلاب کے پھول کے لئے ہے واحد وردة (۳) سرخی مائل گھوڑا (ج) وُرْدٌ وَوِرَادٌ (۴) زعفران (۵) ہر چیز کا زردی مائل خوشنما رنگ۔
(الْوِرْدُ): پانی وغیرہ پر آمد (۲) پانی کے پینے کے دو مرحلوں کے درمیان کا وقت (۳) وہ پانی جس پر آیا جائے۔ گھاٹ' چشمہ (۴) پانی پر آنے والے لوگ۔ یا اونٹ (۵) پانی کا حصہ (۶) پرندوں کا جھنڈ (۷) لشکر' فوج (۸) رات کا ایک حصہ جس میں آدمی نماز پڑھے (۹) ذکر یا قرآن کا حصہ جو باقاعدگی سے پڑھا جائے۔ وظیفہ جیسے قراءتُ وِرْدِیْ (۱۰) مقررہ قرأت و مطالعہ وغیرہ۔ (۱۱) باری سے آنے والا بخار یا آنے کے وقت (۱۲) تحصیلدار کی جانب سے زمین کے لگان کا دیا جانے والا وثیقہ (جس میں مال گزاری کی تفصیل ہوتی ہے) (محدثہ) (ج) أَوْرَادٌ۔
(وَرْدَانُ): بِنْتُ وَرْدَانَ: ایک کیڑا جو اکثر تری کی جگہ رہتا ہے (ج) بنات وردان۔
(الْوَرْدَةُ) ایک باری (ایک دفعہ پانی پر آمد) (۲) ایک پھول' ایک گلاب کا پھول (۳) سرخ زردی مائل گھوڑی (۴) چمڑے یا دھات کا حلقہ۔
-عَشِيَّةٌ وَرْدَةٌ: سرخ افق والی شام یا صبح' یہ قحط کی علامت سمجھی جاتی ہے۔

(الْوَرِيْدُ): ہر وہ رگ جو جسم سے دل تک مفید خون پہنچائے (۲) گردن کی دو رگوں میں سے ایک رگ گلے کے دائیں بائیں دو موٹی رگیں ہوتی ہیں ان کو وَدَجان' کہتے ہیں۔
-حَبْلُ الْوَرِيْدِ وہ رگ جو شریان کے ساتھ متعلق ہے۔ شہ رگ' وہ رگ جو دل سے دماغ تک ہے۔ اس کے کٹنے سے موت واقع ہو جاتی ہے۔ قرآن مجید میں ہے (وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ) (ج) أَوْرِدَةٌ و وُرُدٌ۔
-مُنْتَفِخُ الْوَرِيدِ: غضبناک اور بد اخلاق آدمی۔
-انْتَفَخَ وَرِيْدُهُ: وہ غضبناک ہو گیا۔
(الْوُرَيْدَةُ الطِّفْلِيَّةُ): بچوں کی ایک بیماری جس میں بخار کے ساتھ جلد پر دانے بھی نکل آتے ہیں (مج)
(الْوَرُّ): سرین کی ہڈی' کولہا (۲) زمین کی شادابی۔
(الْوَرَّةُ): سرین کی ہڈی' کولہا (۲) زمین میں کھودا ہوا گڑھا۔
(وَرَسَ) النَّبْتُ۔ (يَرِسُ) وُرُوْسًا: نباتات کا سبز ہونا۔
(وَرِسَتِ) الصَّخْرَةُ فِي الْمَاءِ۔ (تَوْرَسُ) وَرَسًا: پانی میں چٹان پر کائی جم کر پھسلوان ہو جانا۔
(أَوْرَسَ) الشَّجَرُ: پتے نکلنا۔
-الرِّمْثُ: رمث (ایک پودا) کے پتوں کا زرد ہو جانا۔
-الْمَكَانُ: کسی جگہ ورس گھاس اگنا۔ هو وَارِسٌ۔
(وَرَّسَ) الثَّوْبَ ورس کی گھاس میں رنگنا۔
(الْوَارِسُ): اصفر وَارِسٌ تیز زرد۔
(الْوَرْسُ)۔ ورس' ایک گھاس جو رنگائی کے کام آتی ہے۔ ہندوستان' عرب اور حبشہ کے علاقوں میں پایا جاتا ہے۔ (۲) ہلدی (۳) ہندوستانی زعفران (مج)
(الْوَرْسِيُّ): نسبة إلى الورس: (۲) زرد

چمکدار لکڑی کا بنا ہوا عمدہ قسم کا پیالہ۔
(الْوَرِيْسُ) ورس سے رنگا ہوا۔ جیسے ثوبٌ وَرِيْسٌ۔ مِلْحَفَةٌ وَرِيْسٌ. زرد کپڑا یا چادر و رضائی۔
(وَرَشَ)۔ (يَرِشُ) وَرْشًا وَوُرُوْشًا انتہائی معمولی اور گھٹیا کام پر لگنا (۲) لالچ کرنا (۳) حریص ہو کر خوب کھانا۔
-عليهم: کھانے کی لالچ میں کھانے والوں کے ساتھ بن بلائے بیٹھ جانا۔
-مِنَ الطَّعَامِ شَيْئًا تھوڑا سا کھانا کھانا هُوَ وَارِشٌ۔
(وَرِشَ)۔ (يَوْرَشُ) وَرَشًا چست و پھرتیلا ہونا۔
-الدَّابَّةُ: جانور کا روکنے کے باوجود بدکنے لگنا۔ هو وَرِشٌ وهي وَرِشَةٌ۔
(الْوَرْشُ) دودھ سے بنی ہوئی چیز۔
-قراءةُ الْوَرْشِ. قاری عثمان ابن سعید کے طریقہ پر کی جانے والی قرأت۔
(الْوَرَشَانُ) قمری (ایک پرندہ) کبوتر سے تھوڑا بڑا ہوتا ہے یورپ میں رہتا ہے اور شام و عراق میں بھی ٹولیوں کی شکل میں آ جاتا ہے (ج) کہاوت ہے (بعِلَّةِ الْوَرَشَانِ يُؤْكَلُ رُطَبُ الْمُشَانِ) ایسے شخص کے بارے میں جو ظاہر کچھ کرے اور مراد کچھ لے۔ (ج) وِرْشان ووَرَاشِيْنُ۔
(وَرَصَتِ) الدَّجَاجَةُ - (تَرِصُ) وَرْصًا یکبارگی انڈے دینا۔
(أَوْرَصَتِ) الدَّجَاجَةُ: وَرَصَتْ
(وَرَطَ) الشيءَ۔ (يَرِطُهُ) وَرْطًا ووِرَاطًا چھپانا' پوشیدہ کرنا۔
-فلانًا: دھوکہ دینا۔
(أَوْرَطَ) فلانًا. مشکل میں پھنسانا۔
-إبِلَهُ چھپانا۔
-إبِلَهُ فِي إبِلٍ أُخْرَى اپنے اونٹ کو دوسرے اونٹوں میں غائب کر دینا۔
-الجَرِيْرَ فِي عُنُقِ البَعِيْرِ اونٹ کے گلے میں رسی ڈالنا۔

الشیَ چھپانا۔
(وَرَّطَهُ) ہلاکت میں ڈالنا۔
-ابلهُ فِیْ اِبلٍ اُخرٰی اپنے اونٹوں کو دوسرے اونٹوں میں شامل کرنا۔
(وَارَطَهُ) مُوَارَطَةً ووِرَاطًا دھوکہ دینا۔
(تَوَرَّطَ) لازم وَرَّطَهُ۔
-فِی الْاَمْرِ کسی معاملہ میں پڑنا (۲) کسی معاملہ میں ایسا الجھنا کہ نکلنا دشوار ہو (۲) ہلاک ہونا۔
-المَاشِیَةُ مویشی کا کیچڑ یا کسی ایسی جگہ پھنسنا جہاں سے نکلنا دشوار ہو۔
(سْتَوْرَطَ) فِی الْاَمْرِ: کسی معاملہ میں ایسا الجھ کہ نکلنا دشوار ہو (۲) ہلاک ہونا۔
-فِیْ حِبَالَةِ فلانٍ کسی کے جال یا پھندہ میں پھنسنا۔
(الوِرَاطُ) صدقہ و زکوۃ میں متفرق مال کی یکجا نیت یا جمع شدہ کی تفریق یا زکوۃ سے بچنے کے لئے اپنے اونٹوں کی دوسرے کے اونٹوں کے ساتھ شمولیت یا اونٹوں کو غار وغیرہ میں چھپانا تاکہ صدقہ وصول کرنے والا اس کو دیکھ نہ سکے یا صدقہ وصول کنندہ سے کہنا میرے پاس اونٹ نہیں بلکہ فلاں کے پاس ہیں۔
(الوَرْطَةُ) (اسم مرۃ) پوشیدگی (۲) ایسا گڑھا جس تک پہنچنے کا راستہ نہ ہو (۳) گہرا غار یا کھڈ (۴) کیچڑ (۵) ہر ایسا دشوار معاملہ جس سے چھٹکارا مشکل ہو (۶) ہلاکت (ج) وَرَطَاتٌ ووِرَاطٌ واَوْرَاطٌ۔
(وَرَعَ)- (یَرَعُ) وَرْعًا ووَرَعًا ورِعَةً حرام چیزوں سے بچنا اور بعض حلال چیزوں سے بھی پرہیز کرنا۔ متقی و پرہیزگار ہونا۔ هو وَرِعٌ۔
-وَرْعًا ووَرْعَةً ووَرَاعًا ووُرُوعَةً بزدل ہونا (۲) چھوٹا ہونا (۳) کمزور ہونا۔ هُوَ وَرَعٌ (ج) اَوْرَاعٌ۔
(وَرِعَ)- (یَرِعُ ویَوْرَعُ) وَرَعًا ورِعَةً متقی و پرہیزگار ہونا۔
(وَرُعَ)- (یَوْرُعُ) وُرُوْعًا ووَرَاعَةً: وَرَعَ۔
(اَوْرَعَ) بَیْنَهُمَا آڑ بننا رکاوٹ بننا۔
-بَیْنَ القومِ لوگوں میں صلح کروانا۔
-فلانًا عَنِ الشیءِ: کسی چیز سے روکنا۔
(وَارَعَ) فُلَانًا کسی سے بات چیت اور گفت و شنید کرنا (۲) مشورہ کرنا۔
(وَرَّعَ) بَیْنَهُمَا آڑ بننا رکاوٹ بننا۔
-فلانًا عَنِ الشیءِ: روکنا۔ حضرت عمر کی حدیث میں ہے (وَرِّعْ عَنِّیْ فِی الدِّرْهَمِ وَالدِّرْهَمَیْنِ)
-الاِبلَ عَنِ الماءِ اونٹوں کو پانی سے واپس لانا۔
-الفَارِسُ الفَرَسَ: گھوڑے کو لگام سے روکنا۔ کہتے ہیں مَا وَرَّعَ اَنْ فَعَلَ كَذَا: اس نے جھوٹ نہیں بولا یہ کام اس نے واقعتاً کیا۔
(تَوَرَّعَ) مِنَ الْاَمْرِ محتاط رہنا بچنا۔
(الرِّعَةُ) پرہیزگاری سے حرام اور مشتبہ چیزوں سے بچنا (۲) ادب۔ هُوَ حَسَنُ الرِّعَةِ (۳) خوشنمائی اچھی ہیئت۔
(وَرَفَ) النَّبْتُ والشَّجَرُ- (یَرِفُ) وَرْفًا ووَرِیْفًا نباتات اور درختوں کا سرسبز ہو کر لہلہانا۔
-الشیءُ چمکنا۔
-الظِّلُّ سایہ کا لمبا ہونا۔ پھیلنا هو وارِفٌ۔
(اَوْرَفَ) الظِّلُّ: وَرَفَ۔
(وَرَّفَ) الظِّلُّ: وَرَفَ۔
-الشیءُ چوسنا۔
-الْاَرْضَ سیم کرنا۔
(الرِّفَةُ) سرسبز و شاداب لہلہاتا ہوا پودا۔
(الرِّفَةُ) بھس بھوسا۔
(وَرَقَ) الشَّجَرُ- (یَرِقُ) وَرْقًا پتے نکلنا (۲) پتوں کا پورا ہونا (۳) پتے گرنا۔
-فلانٌ الشَّجَرَةَ درخت کے پتے توڑنا۔
(اَوْرَقَ) الشَّجَرُ پتے نکلنا (۲) پتوں کا پورے طور پر نکلنا۔
-فلانٌ کسی کا مال زیادہ ہونا۔
طَالِبُ الحَاجَةِ ضرورت مند کا ناکام ہونا۔
-الصَّائِدُ: شکار نہ ملنا۔
-الغازی غنیمت نہ ملنا۔
(وَارَقَهُ): قریب و نزدیک۔ جیسے مَا زِلْتُ مِنْكَ وَلَكَ مُوَارِقًا: میں تم سے قریب ہی ہوں۔
(وَرَّقَ) الشَّجَرُ پتے نکالنا۔
-فلانٌ لکھائی کا کاغذ تیار کر کے اس پر لکھنا (۲) دوسرے کا کاتب بننا (مو)
(تَوَرَّقَ) الحَیَوَانُ پتے کھانا۔
(اسْتَوْرَقَ): چاندی یا چاندی کا سکہ تلاش کرنا۔
(اِیْرَاقَّ) یَوْرَاقُّ اِیْرِیقَاقًا خاکی رنگ کا ہونا۔
-العِنَبُ: انگور کا رنگ پکڑنا۔ هُوَ مُوْرَاقٌّ- اِنَّ العنب اَوْرَاقٌ والعِنَبُ اُوْرَاقٌ فتحہ اور ضمہ کے بعد مادہ کا واؤ لوٹ آتا ہے۔
(الْاَوْرَقُ) ہر خاکی رنگ کی چیز (۲) گندمی رنگ کا آدمی (۳) سیاہی مائل سفید اونٹ (۴) وہ نیزہ جو ٹھنڈا کرنے یا جلا دینے کے بعد دوبارہ آگ پر اتار کھا گیا ہو کہ وہ سبزی مائل ہو جائے (۵) بھیڑیا (۶) راکھ (۷) وہ دودھ جس میں دو تہائی پانی ملا ہو (۸) خشک سال۔
زمانٌ اَوْرَقُ قحط کا زمانہ (ج) وُرْقٌ۔
(الرِّقَةُ) موسم گرما میں بارش سے سبزہ اگانے والی زمین (۲) مال (۳) چاندی (۴) درہم (ج) رِقَاتٌ ورِقُوْنَ۔
(الوَارِقَةُ) خوشنما پتوں والا اور ہرا بھرا درخت۔
(الوَرَاقُ) زمین کی ہریالی جو گھاس کی بنا پر ہو نہ کہ پتوں کی بنا پر۔ کہتے ہیں مَا اَحْسَنَ وَرَاقَهُ اس کا لباس کتنا خوبصورت ہے۔
(الوِرَاقُ) درختوں پر پتے نکلنے کا زمانہ۔
(الوِرَاقَةُ) کاغذ سازی (۲) کاغذ فروشی (۳) کتب نویسی۔
(الوَرَّاقُ) کاغذ ساز کاغذ فروش (۳) کتب فروش (۴) بہت مالدار جیسے رَجُلٌ وَرَّاقٌ۔
(الوَرَّاقَةُ) تانیث الوراق (۲) میز پر رکھی

ہوئی لکھنے کی دفتری جس پر کاغذ رکھ کر لکھا جاتا
ہے (محدثہ) (۳) کاغذات رکھنے کا لکڑی
وغیرہ کا صندوق (محدثہ)
(الوَرَقُ) پتہ (۲) دنیا (۳) دنیا کی
خوبصورت ورونق (۴) لوگوں کا حسن وجمال
(۵) قوم کی نوخیز اولاد (۶) جوانی کی تروتازگی
(۷) لکھنے کا کاغذ (۱۰) کتاب کا ورق (۱۱)
کاغذ کا تختہ (۱۲) مال (نقد ہو یا بشکل حیوانات)
اِختَبَطَ مِنهُ وَرَقًا اس سے کچھ فائدہ حاصل
کیا۔ (۱۳) زمین پر پڑا ہوا خون کا دھبا (۱۴)
خون کے لوتھڑے جو آپریشن کی وجہ سے کٹ
گریں۔ واحد وَرَقَةٌ (ج) اوراقٌ وِوراق۔
-الأَوْرَاقُ المَصْرِفِيَّةُ: نوٹ سرکاری بینک
کی جانب سے جاری کردہ کاغذ کا وثیقہ جس
کے بدلہ متعین رقم دیئے جانے کی حکومت ذمہ
دار ہوتی ہے۔ (ج)
-الأَوْرَاقُ التِّجَارِيَّةُ: چیک ڈرافٹ (ج)
-مَا أَحْسَنَ أَوْرَاقَهُ: اس کا لباس کتنا اچھا۔
-وَرَقٌ مُرَمَّلٌ ریگ مال۔ (ج)
(الوَرِقُ): چاندی (۲) چاندی کا ڈھلا ہوا سکہ
(ج) أَوْرَاقٌ وِوِرَاقٌ۔
(الوَرْقَاءُ) کبوتری (۲) بھیڑیے کی مادہ (۲)
ایک درخت جس کے پتے گول اور نرم ہوتے
ہیں اور اسے مویشی کھاتے ہیں (ج) وَرَاقِي
وَرَاقٌ۔
(الوَرْقَةُ) کمان کا عیب۔ جیسے فِي القَوْسِ
وَرْقَةٌ۔
(الوُرْقَةُ) گندمی پن (۲) سیاہی مائل خاکی
رنگ (۳) سیاہی اور سفیدی ملا ہوا دھویں جیسا
رنگ یہ عام طور پر بعض اونٹوں کا ہوتا ہے۔
(الوَرَقَةُ) ایک پتہ (۲) تختی یا گھٹیا آدمی۔ هُوَ
وَرَقَةٌ وهي وَرَقَةٌ (۳) کمان کا عیب۔
-وَرَقَةُ الوَتَرِ کمان کے تانت میں شگاف پر
لگانے کا باریک چمڑا۔
(الوَرِقَةُ). شَجَرَةٌ وَرِقَةٌ زیادہ پتوں والا
درخت (۲) عمدہ درخت یا پودا۔
(الوَرِيقَةُ): شَجَرَةٌ وَرِيقَةٌ سرسبز اور
خوبصورت درخت۔
(وَرَكَ)- (يَرِكُ) وَرْكًا: سرین پر سہارا لے
کر بیٹھنا۔
-وُرُوْكًا سرین کو زمین پر لگا کر لیٹنا۔
-عَلَى الدَّابَّةِ سواری پر بیٹھنے یا اترنے کے
لئے ایک ٹانگ موڑنا۔
-بالمكان: قیام پذیر ہونا۔
-عَلَى الأَمْرِ قادر ہونا۔
-فلانًا: کسی کی سرین یا کولہے پر مارنا۔
-الشيءَ وَرْكًا: کوئی چیز سرین کے چاروں
طرف کرنا۔
(وَرِكَ) - (يَوْرَكُ) وَرَكًا: بڑے سرین والا
ہونا۔ هو أَوْرَكُ وهي وَرْكَاءُ وَرِكَتِ
الوَرِكُ بھی کہتے ہیں۔
-الرَّجُلُ -(يَرِكُ) وُرُوْكًا سرین کو زمین
سے لگا لیٹنا۔
(وَارَكَ) المكانَ: کسی جگہ کو تجاوز کر جانا۔
(وَرَّكَ) عَلَى الدَّابَّةِ ٹانگ موڑ کر ایک کولہا
زمین پر رکھنا۔
-عَلَى الأَمْرِ کسی کام پر قادر ہونا۔
-فِي الوَادِي وادی سے گھوم کر چلے جانا۔
-فِي اليَمِينِ قسم کھلانے والے کے منشا کے
خلاف نیت کرنا۔
-الشيءَ کوئی چیز کولہوں کے گرد رکھنا۔
-المكانَ کسی جگہ سے گزر جانا۔
(تَوَارَكَ) سرین پر سہارا لینا۔
(تَوَرَّكَ) سرین پر سہارا لینا (۲) نمازی کا
دائیں کولہے کو دائیں پاؤں پر اس طرح رکھنا
کہ وہ کھڑا ہوا اور انگلیوں کا رخ قبلہ کی طرف ہو
نیز بائیں کولہے کو زمین پر ٹیکنا اور بائیں پاؤں کو
پھیلا کر دائیں طرف نکالنا (۲) نماز میں
کھڑے ہو کر دونوں ہاتھوں کو کولہوں کے برابر
رکھنا۔
-عَلَى الدَّابَّةِ سواری پر چڑھنے یا اترنے کے
لئے ایک ٹانگ موڑنا۔
-بالمكان: قیام پذیر ہونا۔
-عَنِ الحَاجَةِ: کسی ضرورت یا کام سے پیچھے
ہٹنا۔
-لفلانٍ وفلانًا: کسی کو اپنے پیروں میں جکڑ کر
زمین پر پٹخنا۔
-عَلَى الأَمْرِ قادر ہونا۔
-الصَّبِيَّ بچہ کو اپنے کولہوں پر بٹھانا۔
(المَوْرِكُ) کجاوہ پر سوار کے پاؤں باندھنے
کی جگہ (۲) کجاوہ کے گرد باندھی جانے والی
رسی۔
-نَعْلُ مَوْرِكٍ ران کی کھال کا بنا ہوا جوتا۔
(المَوْرِكَةُ): کجاوہ کی وہ جگہ جس پر سوار اپنا
پاؤں رکھتا ہے (۲) کجاوہ کی وہ جگہ جہاں سوار
ٹانگ موڑ کر ٹانگ پر رکھتا ہے۔ نَعْلٌ
مَوْرِكَةٌ ران کی کھال کا بنا ہوا جوتا۔
(المِيرَكَةُ) و (المَوْرِكَةُ): کجاوہ کا وہ اگلا
حصہ جس پر سوار تھک کر پاؤں رکھ لیتا ہے۔
(الوَارِكُ) کجاوہ کی وہ جگہ جس پر سوار اپنا
پاؤں رکھتا ہے۔
(الوِرَاكُ) (۲) الوارِكُ: (۲) کجاوہ کا اگلا حصہ
(۳) وہ کپڑا جو کجاوہ کے اگلے حصہ پر ڈال کر
نیچے موڑا جاتا ہے (ج) وُرُكٌ وَوُرْكٌ۔
(الوَرْكُ) انسان کی ران کے اوپر کا حصہ'
سرین' کولہا (۲) جڑ کی بنی ہوئی کمان (ج)
أَوْرَاكٌ۔
(الوَرِكُ) ران کے اوپر کا حصہ سرین
(مؤنث) وَرِكُ الشجرةِ درخت کی جڑ
(ج) أَوْرَاكٌ۔
(الوِرْكُ) سرین' کولہا (۲) جڑ کی بنی ہوئی
کمان (۳) کمان کا کنارہ (۴) کمان کی تانت
باندھنے کی جگہ (ج) أَوْرَاكٌ۔
(الوَرْكَى) اصل۔ إِنَّ عِندَهُ لَوَرْكَى
خَبَرٍ اس کے پاس واقعہ کی صحیح اطلاع ہے۔
(الوَرْكَاءُ) مؤنث الأَوْرَكِ (۲) موٹے
سرین اور بڑے کولہے والی عورت۔
(الوَرْكَانَةُ) بھاری سرین والی عورت۔
(الوَرَلُ) گوہ کی مانند قدرے بڑا ایک زہریلا
جانور (ج) أَوْرَالٌ وِرْلَانٌ أَوْرُلٌ۔
(وَرِمَ)- (يَرِمُ) وَرَمًا پھول جانا' سوجنا۔

—انفُهٗ غضبناک ہونا۔
—النَّبْتُ پودے کا لمبا ہونا۔ هُوَ وَارِمٌ۔
(أَوْرَمَتِ) النَّاقَةُ اونٹنی کے تھنوں کا سوجنا۔
—فلانًا وبه ایسی بات کرنا جس کو سن کر وہ غضبناک ہو جائے۔
(وَرَّمَ) فلانٌ بأنفِه تکبر وغرور کرنا۔
—الجلدَ ونَحْوَهٗ ورم آلود کرنا۔
—انفَهٗ غصہ دلانا۔
(تَوَرَّمَ) پھول جانا۔
(الوَصِيُّ) جانشین (۲) بچوں کی نگرانی کرنے والا اور ان کے معاملات کا انتظام ہو (۳) جسے وصیت کی گئی جس کو کسی بات کا مکلف بنایا گیا ہو (بعض عرب اس کا تثنیہ اور جمع نہیں لاتے مونث کے لئے بھی وَصِيٌّ آتا ہے (ج) أَوْصِيَاءُ (۴) گھنی نباتات۔
(الوَصِيَّةُ) وصیت۔ نصیحت (ج) وَصَايَا (ج) گٹھا باندھنے کی کھجور کی پتلی ٹہنی (ج) وَصِيٌّ۔

و ... ض

(وَضَأَ) - (يَضَوْءُ) وَضْئًا وَضَاءَةً حسن و صفائی میں کسی سے بڑھ جانا۔ هو وَضِيءٌ (ج) أَوْضِيَاءُ و وِضَاءٌ۔
(وَاضَأَهٗ) کسی سے حسن و صفائی میں مقابلہ کرنا۔ جیسے وَاضَأَهٗ فَوَضَأَهٗ۔
(وَضَّأَهٗ) وضو کروانا۔
(تَوَضَّأَ) بعض اعضاء کو دھونا اور صاف کرنا۔
-لِلعِبَادَةِ وضو کرنا۔
-الغُلَامُ و الجَارِيَةُ لڑکے اور لڑکی کا حد بلوغ کو پہنچ جانا۔
(المُتَوَضَّأُ) وضو خانہ (۲) غسل خانہ۔
(المِيضَأَةُ) وضو کے پانی کے برتن، وضو خانہ۔
(الوَضُوءُ) وضو کرنا (۲) وضو کا پانی۔
(الوُضَّاءُ) روشن، چمکدار، صاف ستھرا۔ هُوَ وُضَّاءٌ وَضِيءٌ وهي وُضَّاءَةٌ (ج) وُضَّاءُونَ و وُضَّاءَاتٌ۔
(الوُضُوءُ) صفائی (۲) وضو، مخصوص اعضا کو دھونا اور سر کا مسح کرنا۔
(وَضَحَ) الأَمْرُ - (يَضِحُ) ضِحَةً و وضوحًا واضح اور ظاہر ہونا۔
-الصُّبْحُ صبح ہو جانا۔
-الرَّاكِبُ سوار کا سامنے سے نظر آنا۔ جیسے مِنْ أَيْنَ وَضَحَ الرَّاكِبُ؟
-الوَجْهُ چہرہ کا چمکدار اور روشن ہونا۔ هُوَ وَاضِحٌ۔
(أَوْضَحَ) الرَّجُلُ و المَرْأَةُ عورت و مرد کا سفید اولاد والا ہونا۔
-الأَمْرُ واضح اور ظاہر ہونا۔
-الرَّاكِبُ سوار کا ظاہر ہونا۔
-الشَّجَّةُ زخم کا ہڈی تک پہنچ کر اسے ظاہر کر دینا۔
--فلانٌ الأَمْرَ و عَنْهُ واضح اور ظاہر کرنا۔
-القَوْمُ دیکھنا۔
(وَضَّحَهٗ) ظاہر اور واضح کرنا۔
(اتَّضَحَ) الأَمْرُ کسی معاملہ کا ظاہر اور واضح ہونا۔
(تَوَضَّحَ) الأَمْرُ ظاہر ہونا۔
-الطَّرِيقُ راستہ کا صاف نظر آنا۔

(اسْتَوْضَحَ) عَنْهُ تحقیق و چھان بین کرنا۔
-الشَّيْءَ و عَنْهُ دھوپ میں آنکھ پر ہاتھ رکھ کر کسی چیز کو دیکھنے کی کوشش کرنا۔
-فلانًا الأَمْرَ کسی سے کسی معاملہ کی وضاحت چاہنا۔
(الأَوْضَحُ) ایام بیض۔ قمری مہینہ کی تیرہویں، چودھویں اور پندرہویں تاریخ۔ یا تو یہ واضح کی جمع ہے یا اوضح کی۔
(الأَوْضَاحُ) مختلف قبیلوں کے گروہ (اس کا واحد نہیں ہے)
(المُتَوَضِّحُ) ایسے کھلے راستہ پر چلنے والا جس میں کوئی آڑ نہ ہو (۲) ہلکی سفیدی والا اونٹ۔ اسے متوضح الأَقْرَابِ بھی کہتے ہیں۔
(المُوضِحَةُ) وہ گہرا زخم جس میں ہڈی ظاہر ہو جائے۔ (ج) مَوَاضِحُ۔
(الوَاضِحُ) مشہور، ضد الخَامِلِ۔
-رَجُلٌ وَاضِحُ النسبِ مشہور نسب والا آدمی (۲) ہلکی سفیدی والا اونٹ۔
(الوَاضِحَةُ) وہ زخم جس میں ہڈی ظاہر ہو جائے (۲) وہ دانت جو ہنستے وقت ظاہر ہو جائیں (۳) اوضاح کا واحد، ایام بیض میں سے ایک۔ کہتے ہیں هُوَ مِنْكَ أَدْنَى واضحة وہ تم سے بہت قریب ہے۔
(الوَضَحُ) روشنی (۲) صبح کی روشنی (۳) چاند (۴) سفیدی (۵) سیدھا، کھلا اور واضح راستہ، درمیانہ راستہ (۶) کھرا سکہ (۷) کھرے درہموں کے بنے ہوئے سکے (۸) پازیب، گھنگھرو (۹) گھوڑے وغیرہ کی ٹانگوں کی سفیدی (۱۰) پیشانی کی سفیدی (۱۱) دودھ (۱۲) بڑھاپا (۱۳) برص کی بیماری (ج) أَوْضَاحٌ۔
(الوَضَّاحُ) مبالغہ کا صیغہ (۲) بہت سفید اور روشن رنگ والا (۳) مسکراتے رہنے والا خوبصورت (۴) دن۔
-رَجُلٌ وَضَّاحُ الحَسَبِ صاف ستھرے اور بے داغ نسب والا آدمی۔
-عَظْمُ وَضَّاحٍ عرب بچوں کا ایک کھیل جس

میں وہ رات کی تاریکی میں ایک سفید ہڈی لے کر پھینکتے ہیں پھر اسے تلاش کرتے ہیں جو اسے پہلے لیتا ہے وہ بازی جیت جاتا ہے وہ ہڈی اگر بہت چھوٹی ہو تو اسے عُظَيْمُ وَضَّاحٍ کہتے ہیں۔
(الوَضِيْحَةُ) انسان کو نظر آنے والی خیالی شکل (۲) جانور، مویشی (ج) وَضَائِحُ۔
(وَضَحَ) فِي السِّقَاءِ۔ (يَضَحُ) وَضْحًا: مشکیزہ میں تھوڑا سا چھوڑ دینا۔
-الدَّلْوَ ڈول کو تقریباً آدھا بھرنا هُوَ وَاضِحٌ۔
(أَوْضَحَتِ) البِئْرُ کنویں کا پانی کم ہونا۔
-فلانٌ فِي السِّقَاءِ مشکیزہ میں تھوڑا پانی چھوڑنا۔
-بالدَّلْوِ ڈول کو پورا نہ بھرنا اور زور زور سے کھینچنا۔
-لِلرَّجُلِ کسی شخص کے لئے تھوڑا پانی نکالنا۔
-الدَّلْوَ ڈول کو آدھے کے قریب بھرنا۔
(وَاضَحَهُ) مُوَاضَحَةً وِوِضَاحًا پانی کھینچنے میں کسی سے مقابلہ کرنا (۲) دوڑ میں مقابلہ کرنا (۳) اپنے مقابل کی طرح چلنا۔
-السَّيْرَ وَفِي السَّيْرِ کسی کے ساتھ ساتھ چلنا۔
(تَوَاضَحَا) باہم مقابلہ کرنا جیسے تَوَاضَحَا فِي الإِسْتِقَاءِ وَفِي العَدْوِ وَفِي السَّيْرِ۔
-فلانٌ فلانًا کسی کے چلنے کی طرح چلنا۔
(وَضِرَ)۔ (يَوْضَرُ) وَضَرًا میلا ہونا۔
-الإِنَاءُ برتن چکنا ہونا۔ هُوَ وَضِرٌ وهي وَضِرَةٌ وَوَضْرَى۔
(وَضَّرَهُ) میلا اور چکنا کر دینا۔ کہتے ہیں كَانَ نَقِيَّ العِرْضِ فَوَضَّرَهُ بِالدَّنَاءَةِ وہ بے داغ وخوش اخلاق تھا لیکن اسے دناءت کا داغ لگا دیا۔
(الوَضَرُ) میل (۲) چکناہٹ (۳) چکناہٹ وغیرہ کا میل (۴) مشکیزے یا پیالہ کا وہ پانی جس سے دھلائی کی گئی ہو (۵) باسی کھانے کی بو (۶) بات وغیرہ پر کھانے کا اثر (۷)

زعفران جیسی رنگ دار چیز کا اثر (۸) خوشبو کے علاوہ کسی چیز کا اثر (۹) باقی ماندہ تارکول (ج) أَوْضَارٌ۔
-فلانٌ ذو أَوْضَارٍ بد باطن آدمی۔
(وَضَعَ)۔ (يَضَعُ) وَضْعًا ومَوْضُوعًا تیز چلنا۔
-السَّرَابُ عَلَى الآكَامِ ٹیلوں پر سراب کا چمکنا اور چلنا۔
-المَرْأَةُ وُضْعًا وتُضْعًا عورت کا طہر کے اخیر اور آنے والے حیض کے قریب حاملہ ہونا۔ هي وَاضِعٌ۔
-الإِبِلُ وَضِيعَةً اونٹوں کا پانی کے قریب ترش گھاس کھاتے رہنا۔ هِيَ وَاضِعَةٌ ووَاضِعٌ۔
-فلانٌ مِنْ فلانٍ وعَنْهُ وَضْعًا ومَوْضِعًا وَضِعَةً کسی کے مرتبہ ومقام کو گرانا جیسے وَضَعَهُ الشُّحُّ ودَنَاءَةُ النَّسَبِ بخل اور نسبی گراوٹ نے اسے بے حیثیت کر دیا۔
-عَنْ غَرِيمِهِ اپنے قرض دار کے قرض میں کچھ چھوٹ دے دینا۔
-فلانًا ذلیل اور تابع کرنا۔ جیسے وَضَعَ اللّٰهُ المتکبرین۔
-فلانٌ نَفْسَهُ خود کو بے حیثیت کرنا۔
-الشيءَ رکھنا، ہاتھ سے چھوڑنا۔ ضد رَفَعَ جیسے رَفَعَ السِّلَاحَ ثُمَّ وَضَعَهُ اس نے ہتھیار اٹھائے پھر رکھ دیئے۔ حدیث میں ہے (مَنْ رَفَعَ السِّلَاحَ ثُمَّ وَضَعَهُ فَدَمُهُ هَدَرٌ)
-المَرْأَةُ خِمَارَهَا عورت کا دوپٹا اتار دینا۔ هي وَاضِعٌ۔
-الشيءَ إِلَى الأَرْضِ کسی جگہ رکھنا۔
-الشيءَ فِي المكانِ کسی جگہ رکھنا۔
-يَدَهُ فِي الطَّعَامِ کھانا شروع کرنا۔
-فلانٌ فلانًا فِي مَالِهِ وَضِيعَةً کسی کے مال میں کمی کرنا۔
-فلانًا کسی کا مرتبہ گرانا۔
-عُنُقَهُ گردن اڑانا، گردن پر مارنا۔
-عَنْهُ الأَمْرَ کسی پر واجب شے کو ساقط کرنا۔

ذمہ داری ختم کرنا جیسے وَضَعَ عَنْهُ الدَّيْنَ وَالجِزْيَةَ والجِبَايَةَ وَالحَرْبَ وَنَحْوَ ذٰلِكَ حدیث میں ہے (ينزل عيسى بن مريم فيضع الجزية)
-الشيءَ وَضْعًا چھوڑ دینا (۲) اپنی طرف سے ایجاد کرنا۔
-الرَّجُلُ الحَدِيثَ بات گھڑنا، افترا کرنا۔
-الحَامِلُ وَلَدَهَا وَضْعًا بچہ جننا۔ هي وَاضِعٌ۔
-العِلْمَ علم کے مبادی اور اس کی اولیات تک راہ نمائی پانا۔ (مو)
(وَضِعَ) الرَّجُلُ فِي تِجَارَتِهِ تجارت میں نقصان اٹھانا۔
(وَضُعَ) الرَّجُلُ۔ (يَوْضُعُ) ضِعَةً وَوَضَاعَةً کمینہ ہونا۔ ذلیل ہونا هُوَ وَضِيعٌ۔
(وُضِعَ) الرَّجُلُ فِي تجارته وَضْعًا وضَعَةً وَوَضِيعَةً نقصان اٹھانا، خسارہ ہونا۔ هُوَ مَوْضُوعٌ فِي تجارته کہتے ہیں لَا يَزَالُ فلانٌ مَوْضُوعًا فِي تجارته فلاں کو ہمیشہ کاروبار میں نقصان ہوتا ہے۔
(أَوْضَعَ) القَوْمَ پھوٹ ڈالنا، فساد برپا کرنا۔
-فِي الشَّرِّ برائی کی طرف بڑھنا، جلدی کرنا۔
-الرَّاكِبُ الدَّابَّةَ تیز چلنے پر ابھارنا۔
-فلانٌ فلانًا فِي الأَمْرِ کسی معاملہ میں کسی کا کسی بات سے متفق ہونا۔
(أُوْضِعَ) الرَّجُلُ فِي تِجَارَتِهِ تجارت میں نقصان اٹھانا۔ هُوَ مُوضَعٌ فِي تِجَارَتِهِ۔
(وَاضَعَ) الرَّجُلُ مُوَاضَعَةً وِوِضَاعًا ایک کا دوسرے سے وزن سیدھا رکھنے کو کہنا۔
-فُلَانًا شرط لگانا (۲) کسی کام میں موافقت کرنا (۳) مناظرہ کرنا۔
-فُلَانًا الرَّأْيَ مشورہ دینا، اپنی رائے سے آگاہ کرنا۔
(وَضَّعَ) فُلَانًا کسی کو کمینہ اور بے حیثیت بنانا۔
-البَانِي الحَجَرَ معمار کا پتھر کو تہ بہ تہ رکھنا۔
-الحِنَّةَ [illegible]

-النَّعامةُ شترمرغ کا انڈوں کو تہ بہ تہ رکھنا۔
(اِتَّضَعَ) فلانٌ کمینہ اور گھٹیا ہونا۔
-البعیرُ کھڑے ہوئے اونٹ کا سوار کو سوار ہونے کا موقع دینے کے لئے اپنے کو جھکانا۔
-الرَّاکِبُ البَعِیرَ سوار کا اونٹ کے سر کو پاؤں رکھ کر سوار ہونے کے لئے نیچے کرنا۔
(تَوَاضَعَ) عاجزی کرنا' تابعداری کرنا۔ لازم وَضَعَہٗ۔
-القومُ عَلَی الأمرِ کسی کام میں متفق ہونا۔
-الأرضُ زمین کا نیچا ہونا۔
-مَا بَینَنَا ہمارے درمیان دوری بڑھ گئی۔
(اِستَوضَعَ) مِنہُ کسی چیز میں کمی اور رعایت کروانا۔
-فُلَانًا الشیءَ کمی کروانا۔
-فُلَانًا عَن ذَنبِہٖ کسی سے اپنے قرضہ میں کمی کروانا۔
(التَّوضِیعُ) زنانہ پن۔ جیسے فِی فلانٍ توضیعٌ۔
(الضَّعَۃُ) گھٹیا پن' کمینگی' ضد الرِّفعَۃِ (۲) پستی' کمینگی' خساست' دناءت۔ جیسے فی حَسَبِہٖ ضَعَۃٌ۔
(الضِّعَۃُ): الضَّعَۃُ۔
(المَوضَعُ) ٹوٹا ہوا' ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا (۲) ناپختہ خلقت والا مخنث جیسا۔ جیسے فلانٌ مُوَضَّعٌ۔ ہیجڑا۔
(المَوضِعُ) جگہ' مقام' موقع' مکان جیسے فِی قلبی مَوضِعُ فلانٍ میرے دل میں فلاں کی محبت ہے (ج) مَوَاضِعُ۔
(المَوضَعَۃُ) جگہ' مقام' موقع۔
(المَوضِعَۃُ) جگہ' مقام جیسے فِی قلبی مَوضِعَۃٌ لکَ۔
(المَوضُوعُ) وہ مرکزی نقطہ جس پر متکلم اپنے کلام اور ادیب اپنے مضمون کی بنیاد رکھتا ہے (۲) گھڑی ہوئی بے حقیقت حدیث یا بات (۳) فلسفہ میں قابل ادراک شے اس کے مقابل ذات ہے (۴) منطق میں المعقول عندہٗ اس کے مقابلہ میں محمول ہے۔

(المَوضُوعَۃُ): من الاحادیث: گھڑی ہوئی جھوٹی باتیں یا احادیث۔
-مِنَ الابِلِ: وہ اونٹ جن کو چھوڑ کر چرواہے لوٹ آئیں اور اس طرح غافل ہوں کہ رات کو وہ چرتے رہیں۔
(المَوضُوعِیَّۃُ): (فلسفہ کی ایک اصطلاح) نظریہ خارجیت یا موضوعیت۔ یعنی اس بات کا نظریہ کہ حقیقت کا وجود ذہن سے باہر خارج میں ہے۔ (ج)
(الوَاضِعَۃُ): باغیچہ (۲) نشیبی زمین میں چرنے والی اونٹنی (۳) بدکار عورت۔
(الوَضعُ): موضوع (۲) اونٹوں اور جانوروں کی بہت دھیمی چال (۳) کسی چیز کی ہیئت جس پر وہ قائم ہو وضع (ج) أوضَاعٌ۔
(الوَضَّاعُ): مبالغہ کا صیغہ۔ رَجُلٌ وَضَّاعٌ۔ بہت جھوٹا آدمی۔
(الوَضعِیَّۃُ): فرانسیسی فلاسفی گسٹ کوسٹ کا ایک نظریہ جو علم کا مدار تجربات و مشاہدات کو ہی قرار دیتا تھا۔ (ج)
(الوَضِیعُ): بے حیثیت و گھٹیا' ضد شریف (۲) امانت۔ جیسے وضعت عِندَ فلانٍ وَضِیعًا۔
(الوَضِیعَۃُ): امانت (۲) حکمت نامہ جس میں اخلاق و حکمت کی باتیں لکھی گئی ہوں۔ (۳) کسی جگہ تعینات کیا ہوا محافظ فوجی دستہ (۴) رعایت۔ چھوٹ' قیمت کی ہوئی کمی (۵) خسارہ۔ وَضَائِعُ کا واحد لوگوں اور مسافروں کا سامان (۷) سرکاری ٹیکس۔ خراج وعشر وغیرہ (۸) ترش گھاس ھٰؤلاءِ اصحابُ وَضِیعَۃٍ یہ ترش گھاس کے پاس رہتے ہیں (۹) کٹے ہوئے گیہوں میں گھی ڈال کر بنایا ہوا کھانا (ج) وَضَائِعُ۔
(وَضَمَ) القَومُ۔ (یَضِمُونَ) وَضُومًا: لوگوں کا اکٹھا اور ترتیب ہونا۔
-عَلَی بَنِی فلانٍ وَضمًا کسی قبیلہ میں آ کر مقیم ہو جانا۔
-الجَزَّارُ اللَّحمَ قصاب کا گوشت کو کاٹنے کے لئے لکڑی وغیرہ پر رکھنا۔
(أَوضَمَ) الجَزَّارُ اللَّحمَ وَلَہُ: وَضَمَہٗ۔
(اِستَوضَمَہٗ) ظلم و زیادتی کرنا۔
(الوَضَمُ): قصاب کی وہ لکڑی یا چٹائی جس پر وہ مٹی سے بچانے یا کاٹنے کے لئے گوشت رکھتا ہے۔ (۲) کھانے کا دسترخوان یا کھانے کی میز (ج) أوضَامٌ و أوضِمَۃٌ: (الوَضمَۃُ) لوگوں کی ایسی جماعت جس کی تعداد دو سو یا تین سو ہو (۲) مل جل کر رہنے والے لوگ۔ القَومُ وَضمَۃٌ واحِدَۃٌ۔
(الوَضِیمُ): وسطی اور بنصر کے درمیان کا حصہ۔
(الوَضِیمَۃُ): لوگوں کی جماعت جو دو سو سے تین سو تک ہو (۲) تھوڑے سے لوگ جو کسی قبیلہ کے مہمان بنیں تو ان کا اکرام و اعزاز کیا جائے (۳) میت کے سوگ کا کھانا (ج) وَضَائِمُ۔
(وَضَنَ) الشیءَ۔ (یَضِنُہُ) وَضنًا: تہ بہ تہ رکھنا (۲) دوگنا کرنا (۳) بُننا۔
-الحَجَرَ والآجُرَّ پتھروں اور اینٹوں کو تہ بہ تہ رکھنا۔
-السَّرِیرَ وأشباھَہُ بالجَوَاھِرِ: تخت وغیرہ میں جواہرات جڑنا۔ ھُوَ وَاضِنٌ۔ وَھِیَ وَاضِنَۃٌ۔ (المفعول مَوضُونٌ) قرآن مجید میں ہے (عَلَی سُرُرٍ مَّوضُونَۃٍ)
(أَوضَنَ) الرَّحلَ کجاوہ باندھنے کے لئے تیار کرنا۔
(اِتَّضَنَ) ملنا' متصل ہونا۔
(تَوَضَّنَ) ذلیل ہونا (۲) محبوب ہونا۔
(المَوضُونَۃُ) چھوٹے حلقوں والی مضبوط بنی ہوئی زرہ (۲) دوہرے حلقوں کی بنی ہوئی زرہ۔
(المِیضَنَۃُ) کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری (ج) مَوَاضِینُ۔
(الوَضِنَۃُ): بنی ہوئی کرسی۔
(الوَضِینُ) تہ بہ تہ رکھا ہوا (۲) بالوں یا چمڑے کے تسموں کی بنی ہوئی چوڑی پٹی جس سے اونٹ پر کجاوہ باندھا جاتا ہے (ج)

وُضُنْ۔ اِنَّهٗ لَقَلِقُ الْوَضِيْنِ: پھرتیلا اور سریع الحرکت آدمی جو ایک جگہ نہ جمتا ہو۔

و ط

(وَطِئَ) الشَّيْءَ۔ (يَطَؤُهٗ) وَطْئًا روندنا۔ کچلنا۔ وَطِئْنَا الْعَدُوَّ: ہم نے دشمن پر چڑھائی کردی۔
-بَنُوْ فُلَانٍ يَطَؤُهُمُ الطَّرِيْقُ: فلاں قبیلہ راستے کے قریب ٹھہرتا ہے۔
-الْمَرْأَةَ عورت سے جماع کرنا۔
(وَطُؤَ) الْمَوْضِعُ وَغَيْرُهٗ۔ (يَوْطُؤُ) وَطَاءَةً وَوُطُوْءَةً نرم و ہموار کرنا۔ هُوَ وَطِيْءٌ۔
(أَوْطَأَ) شِعْرَهٗ وَفِيْهِ: شعر میں لفظاً اور معنیً قافیہ مکرر کرنا۔
-فُلَانًا الْعَشْوَةَ وَعَشْوَةً: کسی کو اندھا دھند چلانا۔
-الارضَ وبِها: زمین کو روندنا۔
-فلانًا عَلَى الْأَمْرِ: کسی سے موافقت کرنا۔
(وَطَّأَ) الْمَوْضِعَ وَغَيْرَهٗ تَوْطِئَةً: کسی جگہ کو دبا کر نرم و ہموار کرنا۔
-الشَّيْءَ: تیار کرنا۔
-الْفِرَاشَ: بستر کو نرم اور آرام دہ بنانا۔
(تَوَاطَأَ) الْقَوْمُ عَلَى الْأَمْرِ: کسی بات پر متفق ہونا۔
-فلانٌ فلانًا عَلَى الْأَمْرِ: کسی کا کسی سے معاملہ میں متفق ہونا۔
(وَاطَأَ) فِي الشِّعْرِ: أَوْطَأَ۔
-فُلَانًا عَلَى الْأَمْرِ: موافقت کرنا۔
(تَوَطَّأَ) الرَّجُلَانِ: باہم موافقت کرنا۔
-الشَّيْءَ بِرِجْلِهٖ: پاؤں سے روندنا کچل ڈالنا۔
(اسْتَوْطَأَ) الشَّيْءَ: کسی چیز کو نرم و ہموار پانا۔
(الْإِيْطَاءُ) شعراء کے نزدیک قافیہ کا ایک عیب یعنی اس کا لفظاً و معنیً مکرر ہونا۔
(الطَّأَةُ وَالطِّئَةُ) نرمی، ہمواری، گداز پن۔
(الْمَوْطَأُ) پاؤں رکھنے کی جگہ۔
(الْمَوْطِئُ): الْمَوْطَأُ۔
(الْمُوَطَّأُ) ہموار و آسان روندا ہوا۔
-رَجُلٌ مُوَطَّأُ الْأَكْنَافِ: با اخلاق، ملنسار۔ مہمان نواز آدمی۔
(الْمِيْطَاءُ) نشیبی زمین۔
(الْوَاطِئَةُ) راہ گیروں کا قافلہ (۲) گری ہوئی کھجوریں۔
(الْوَطَاءُ) نشیبی زمین۔
(الْوِطَاءُ) نرم بستر یا فرش۔
(الْوَطَاءَةُ): نرمی و آسانی۔
(الْوَطْأَةُ): سخت دباؤ، پاؤں کی داب (۲) سخت حملہ۔
(الْوَطْأَةُ) چالو راستہ۔
(الْوَطِيْءُ): نشیبی (۲) نرم و آسان (۳) ہموار، گداز جیسے هٰذَا الفرشُ وَطِيْءٌ۔
(الْوَطِيْئَةُ): گٹھلیاں نکال کر دودھ میں گوندھی ہوئی کھجوریں (۲) خستہ بسکٹ یا کیک (۲) شکر ملا ہوا پنیر۔
(الْوَطْبُ): دودھ کی مشک (۲) بڑا پستان (۳) روکھا اور خشک مزاج آدمی (ج) أَوْطُبٌ وَأَوْطَابٌ وَوِطَابٌ وَأَوَاطِبُ صَفِرَتْ وِطَابُهٗ: وہ مرگیا یا قتل کردیا گیا۔
(الْوَطْبَاءُ): بڑے پستانوں والی عورت۔
(الْوَطْبَةُ): کھجور، پنیر اور گھی کا حلوہ۔
(وَطَحَهٗ)۔ (يَطِحُهٗ) وَطْحًا: ہاتھ سے بہت سخت دھکا دینا۔
(تَوَاطَحَتِ) الْإِبِلُ عَلَى الْحَوْضِ: حوض پر اونٹوں کی بھیڑ ہونا۔
-الْقَوْمُ: باہم لڑنا (۲) ایک دوسرے کے خلاف پروپیگنڈہ کرنا۔
(الْوَطْحُ) جانور کے کھر یا پرندہ کے پنجے سے چمٹی ہوئی مٹی یا بیٹ وغیرہ۔ واحد وَطْحَةٌ۔
(وَطَدَ)۔ (يَطِدُ) وَطْدًا گرنا، جمنا، مضبوطی سے قائم رہنا۔
-الشَّيْءَ وَطْدًا وطِدَةً: جمانا، مضبوط کرنا۔ هُوَ وَطِيْدٌ وَمَوْطُوْدٌ۔
-لَهٗ مَنْزِلَةً: کسی کی حیثیت و پوزیشن بنانا۔
-الْإِنْسَانَ إِلَى الْأَرْضِ: انسان کو زمین پر لٹا کر اس طرح دبانا کہ وہ حرکت نہ کر سکے۔
-الْأَرْضَ زمین کو مضبوط کرنے کے لئے کوٹنا، دبانا۔
-الصَّخْرَ عَلَى الْغَارِ غار کو تہ بہ تہ پتھر رکھ کر بند کردینا۔
(وَطَّدَهٗ) وَطَدَهٗ۔
-الْأَرْضَ زمین کو موگری وغیرہ سے کوٹ کر ہموار کرنا۔
-لَهٗ عِنْدَهٗ مَنْزِلَةً کسی کے ہاں کسی کی عزت اور مرتبہ بنانا۔
(تَوَطَّدَ) الشَّيْءُ مضبوطی سے جمنا، سخت ہونا۔
(اتَّطَدَ) تَوَطَّدَ۔
(الْمُتَوَطِّدُ) پائدار، مضبوط، پختہ (۲) سخت۔
(الْمِيْطَدَةُ) عمارت کی بنیاد کوٹنے کا آلہ۔ (۲) وہ لکڑی جس میں بڑھئی برما فٹ کرتا ہے۔
(الْوَطِيْدَةُ) عمارت کی بنیاد، ستون (۲) چولہے کے تین پایوں میں سے ایک۔ مقولہ ہے لَهٗ عِنْدِيْ وَطِيْدَةٌ اس کا میرے یہاں ایک مقام ہے۔ أَنْتَ مِنْ وَطَائِدِ الْحَقِّ آپ حق کا ایک ستون ہیں (ج) وَطَائِدُ۔
(الْوَطَرُ) مقصد اور اہم کام (ج) أَوْطَارٌ۔
-قَضٰى مِنْهُ وَطَرَهٗ ضرورت پوری کرنا۔
(وَطَسَ) الْأَرْضَ۔ (يَطِسُهَا) وَطْسًا زمین میں گڑھا ڈالنا۔
-الشَّيْءَ توڑنا، کوٹنا (۲) زور زور سے مارنا۔
(تَوَاطَسَ) الْمَوْجُ موج کا تلاطم خیز ہونا۔
(الْوَطَّاسُ) مبالغة مِنْ وَطَسَ (۲) چرواہا۔
(الْوَطِيْسُ) روٹی پکانے یا گوشت بھوننے کا چھوٹا تنور یا بھٹی (۲) معرکہ۔ جنگ۔ حَمِيَ الْوَطِيْسُ جنگ کے شعلے بھڑک اٹھے۔ (ج) أَوْطِسَةٌ وَوُطُسٌ۔
(وَطَشَ) فلانًا۔ (يَطِشُهٗ) وَطْشًا مارنا۔
-فلانًا عَنْ فلانٍ کسی کو کسی کے پاس سے ہٹانا۔

–الکلامَ بات کوواضح نہ کرنا۔
–الخبرَ بات کا کچھ حصہ بتانا۔
– مَاوَطَش لَنَا اس نے ہمیں کچھ نہیں دیا۔ سَألْتُهٗ عَنْ شيءٍ فَمَا وَطَشَ: میں نے اس سے ایک چیز پوچھی مگر اس نے کچھ نہیں بتایا۔
(وَطَشَ) عَنهُ کسی کا دفاع کرنا۔
–القَوْمَ عَنهُمْ زبردست دفاع کرنا۔
–لفلان کسی کوکلام یا کام کا بنیادی نقطہ سمجھانا۔
–فِیہِ اثر انداز ہونا۔
–فلاناً تھوڑا سا دینا۔
–سَألُوْهُ فَمَا وَطَشَ اِلَيْهِمْ: انہوں نے مانگا مگر اس نے کچھ نہ دیا۔ ضَرَبُوْهُ فَمَا وَطَشَ اِلَيْهِمْ انہوں نے اسے مارا مگر اس نے ان پر ہاتھ تک نہ اٹھایا۔ سَألْتُهٗ عَنْ شيءٍ فَمَا وَطَشَ: میں نے اس سے پوچھا مگر اس نے مجھے کچھ نہ بتایا۔
(وَطَّ) المَحْمِلُ – (یَوُطُّ) وَطًّا: کجاوہ کا چرچر کرنا۔
–الوطواطُ چمگادڑ کا آواز نکالنا۔
(وَطَفَ) الرَّجُلَ – (یَطِفُ) وَطْفًا دھتکارنا بھگا دینا (۲) شکار کا پیچھا کرنا۔
(وَطِفَ) – (یَوْطَفُ) وَطَفًا گھنی اور لمبی ابروؤں والا ہونا ہُوَ اَوْطَفُ وَهِيَ وَطْفَاءُ۔
–المَطَرُ بارش کا زور سے برسنا۔
–السَّحَابَةُ بادل کا نیچا ہونا۔
(اَوْطَفَ) بلند اور سامنے ہونا۔ جیسے خُذْ مَا اَوْطَفَ لَكَ جو تمہارے سامنے آئے لے لو۔
(الأوْطَفُ) بَعِيْرٌ اَوْطَفُ الوَبَرِ بھرپور بالوں والا اونٹ۔
–عَامٌ اَوْطَفُ خوشحالی کا سال۔
–عَيْشٌ اَوْطَفُ آسودہ زندگی۔
–كَلَامٌ اَوْطَفُ گھٹاٹوپ اندھیرا۔
(وَطَمَهٗ) – (یَطِمُهٗ) وَطْمًا پاؤں سے روندنا۔
–السِّتْرَ پردہ ڈالنا۔
(وَطِمَ) – (یَوْطَمُ) وَطَمًا ریح یا پاخانہ وغیرہ روکنا۔

(وُطِمَ): وَطِمَ۔
(وَطَنَ) بِالْمَكَانِ – (یَطِنُ) وَطْنًا: کسی جگہ ٹھہرنا۔
(اَوْطَنَ) المَكَانَ کسی جگہ ٹھہرنا۔
–البَلَدَ کسی ملک کو وطن بنا لینا۔
–نَفْسَهٗ عَلٰی كَذَا: خود کو کسی چیز پر مانوس کرنا۔
(وَاطَنَهٗ) عَلَى الأمْرِ: کسی کے ساتھ مل کر کوئی خفیہ کام کرنا (۲) موافقت کرنا، ساتھ دینا۔
–القَوْمَ لوگوں کے ساتھ کسی ملک میں رہنا (محدث)
(وَطَّنَ) بالبَلَدِ کسی ملک کو وطن بنانا۔
–نَفْسَهٗ عَلَى الأمْرِ وَلَهٗ: کسی کام کے لئے خود کو آمادہ کرنا۔
(اِتَّطَنَ) البَلَدَ: کسی شہر یا ملک کو وطن بنانا۔
(تَوَطَّنَ) لازم وَطَّنَ۔ تَوَطَّنَتْ نَفْسُهٗ عَلَى الشيءِ کسی چیز پر آمادہ ہونا۔
–الأرْضَ وبها وطن بنانا۔
(اِسْتَوْطَنَ) البَلَدَ وطن بنانا۔
(المَوْطِنُ) وطن (۲) قیام گاہ، رہائش گاہ (۳) مجلس، نشست (۴) جنگ کا منظر (ج) مَوَاطِنُ۔
(المِيْطَانُ) گھڑ دوڑ کے میدان کی وہ جگہ جہاں سے گھوڑے چھوڑے جاتے ہیں (ج) مَيَاطِيْنُ۔
(الوَطَنُ) انسان کی مستقل رہائش گاہ، جس کی طرف اس کا انتساب ہو خواہ وہاں کی پیدائش ہو یا نہیں (۲) گائے، بیل اور بکریوں کا باڑہ (ج) اَوْطَانٌ۔
(وَطْوَطَ) فلانٌ کمزور ہونا (۲) جلدی جلدی بولنا۔
(تَوَطْوَطَ) الصَّبِيُّ بچہ کا روتے ہوئے چیخیں مارنا۔
(الوَطْوَاطُ) چمگادڑ (۲) ایک قسم کی پہاڑی چمگادڑ (۳) کمزور جسم اور ناپختہ عقل والا آدمی (۴) تیز تیز بولنے والا (۵) کمزور و بزدل (۶) بہت چیخنے والا (ج) وَطَاوِيْطُ۔

(الوَطْوَاطَةُ): جلدی اور تیز بولنے والا (۲) بہت چیخنے چلانے والی۔
(الوَطْوَاطِيُّ): نسبة اِلَى الوَطْوَاط (۲) کمزور و بزدل (۳) فضول بولنے والا۔ بکواسی۔

و ـ ظ

(وَظَبَ) عَلَيْهِ – (یَظِبُ) وُظُوْبًا کسی کام پر ہمیشگی اور مداومت اختیار کرنا۔
–الأمْرَ کسی کام کو باقاعدگی اور مداومت سے کرنا، نگرانی کرنا، ذمہ داری سے کرنا۔
–الرَّوْضَةَ وَظْبًا: باغ کو اچھی طرح چر کر خالی کر دینا۔
(وَاظَبَ) عَلَى الأمْرِ: کسی کام پر ہمیشگی اور دوام اختیار کرنا۔
–فلانًا عَلٰی خِدْمَةِ فلانٍ کسی کو کسی خدمت پر ابھارنا اور لگانا۔
(تَوَاظَبَتْ) عليهِ الرِّيَاحُ ہواؤں کا کسی جگہ لگاتار چلنا۔
(المَوْظُوْبُ) رَجُلٌ مَوْظُوْبٌ ایسا آدمی جس کا مال و دولت آفات کی نذر ہو گیا ہو۔
(المَوْظُوْبَةُ) اَرْضٌ مَوْظُوْبَةٌ وہ زمین جس کی گھاس مسلسل چرنے کی وجہ سے ختم ہو گئی ہو۔
(المِيْظَبُ) تیز کیا ہوا گول پتھر۔
(وَظَفَ) البَعِيْرَ – (یَظِفُهٗ) وَظْفًا اونٹ کی پنڈلی کی ہڈی زخمی کرنا (۲) اونٹ کی رسی کو چھوٹا کرنا۔
–القَوْمَ لوگوں کے پیچھے چلنا۔
–الشيءَ عَلٰی نَفْسِهٖ کوئی چیز اپنے اوپر لازم کرنا۔
(وَاظَفَهٗ) موافقت کرنا، ساتھ ساتھ رہنا۔
(وَظَّفَهٗ) کسی کے لئے یومیہ وظیفہ یا راشن مقرر کرنا۔
–عَلَيْهِ العَمَلَ وَالخَرَاجَ ونحو ذٰلِكَ کسی مقررہ مقدار میں کام یا خراج وغیرہ کرنا۔
–لَهُ الرِّزْقَ ولِدَابَّتِهِ العَلَفَ کسی کے لئے روزی اور اس کے جانور کے لئے چارہ مقرر

کرنا۔
—عَلَی الصَّبِیِّ کُلَّ یَوْمٍ حِفْظَ آیَاتٍ مِنَ الْقُرْآنِ کسی بچے کو قرآن مجید کی کچھ آیات حفظ کرنے کا پابند بنانا۔
(الْوَظِیْفُ) اونٹ یا گھوڑوں وغیرہ کی پنڈلی یا ہاتھ کا پتلا حصہ (۲) سنگلاخ زمین پر چلنے والا مضبوط آدمی (ج) اَوْظِفَةٌ و وُظُفٌ۔
(الْوَظِیْفَةُ) معینہ وقت کے لئے خاص مقدار میں مقرر کی جانے والی روزی' کھانا یا کام۔ وظیفہ' تنخواہ (۲) عہد و پیمان (۳) شرط۔ (۴) فرض منصبی۔ ڈیوٹی' ملازمت (مو) (ج) وُظُفٌ و وَظَائِفُ۔
—لِلدُّنْیَا وَظَائِفُ وَوُظُفٌ دنیا آفات و انقلابات کا گھر ہے۔

و ...... ع

(وَعَبَهُ) ـِ (یَعِبُهُ) وَعْبًا سارے کا سارا لے لینا' کچھ نہ چھوڑنا۔
(أَوْعَبَ) الْقَوْمُ لڑائی کے لئے سب کا نکل کھڑے ہونا۔
—الْقَوْمَ جَلاءً لوگوں میں کسی کا اپنے شہر یا ملک میں باقی نہ رہنا۔
—فُلانٌ فِی مَالِهِ مال کو ہر طریقہ سے خرچ کرنا۔
—الشَّیْءَ سارے کا سارا لے لینا (۲) جڑ سے اکھیڑنا۔
—الشَّیْءَ فِی الشَّیْءِ ایک چیز کو پورے کا پورا دوسری چیز میں داخل کر دینا۔
(اِسْتَوْعَبَهُ) سارے کا سارا لے لینا (۲) جڑ سے اکھیڑنا۔
—الْحَدِیْثَ بات کو پورے طور پر سمجھ جانا۔
—الْمَکَانُ' اَو الْوِعَاءُ الشَّیْءَ جگہ یا برتن کا کسی چیز کو اپنے اندر لے لینا۔
(الْوَعْبُ) کشادہ۔ طَرِیْقٌ وَعْبٌ کشادہ راستہ۔ (ج) وِعَابٌ۔
(الْوَعِیْبُ) کشادہ' گنجائش دار۔ جیسے بَیْتٌ وَعِیْبٌ وِوِعَاءٌ وَعِیْبٌ۔
(وَعِثَ) الطَّرِیْقُ ـَ (یَوْعَثُ) وَعْثًا وَوَعَثًا راستہ کا دشوار گزار ہونا۔
—الْأَمْرُ معاملہ کا بگڑنا اور پیچیدہ ہونا۔
—یَدُهُ وَعْثًا ہاتھ ٹوٹنا۔
(وَعُثَ) الطَّرِیْقُ ـُ (یَوْعُثُ) وُعُوْثَةً راستہ کا دشوار گزار ہونا۔
—الْأَمْرُ معاملہ کا الجھنا۔
(أَوْعَثَ) دشوار راستہ پر چلنا (۲) ایسی نرم زمین پر چلنا جس میں پاؤں دھنس جائیں۔
—الْمُتَکَلِّمُ کلام سے عاجز آ جانا (۲) بات کو خلط ملط کرنا۔
—فِی مَالِهِ فضول خرچی کرنا۔
—الْأَمْرَ معاملہ کو بگاڑنا۔
(وَعَّثَهُ) ہٹانا' باز رکھنا (۲) روکنا۔
(الْأَوْعَثُ) طَرِیْقٌ أَوْعَثُ وہ راستہ جس پر چلنا مشکل اور دشوار ہو۔
(الْمُوْعَثُ) ناہموار اور کٹھن راستہ۔
(الْمَوْعُوْثُ) رَجُلٌ مَوْعُوْثٌ گھٹیا خاندان کا آدمی۔
(الْوَعْثُ) نرم و آسان چیز (۲) ایسی نرم جگہ جس میں پاؤں دھنستے ہوں (۳) ناہموار سخت اور دشوار راستہ (۴) ہر مشکل اور مشقت والا کام (۵) ٹوٹی ہوئی ہڈی (۶) کمزوری' لاغری۔ (ج) وُعْثٌ وَوُعُوْثٌ۔
—وَعْثُ اللِّسَانِ بولنے سے عاجز' گونگا۔
(الْوَعِثُ) دشوار گزار راستہ۔
(الْوَعْثَاءُ) مشقت' تھکاوٹ جیسے اعوذ باللہ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ۔
(الْوَعْثَةُ) موٹی عورت۔ کہتے ہیں امرأة وَعْثَةُ الْأَرْدَافِ نرم سرین والی عورت (۲) ٹوٹا ہوا ہاتھ۔
(الْوُعُوْثُ) وَعْثٌ کی جمع (۲) سختی و آفت فتنہ و فساد۔
(وَعَدَهُ) الْأَمْرَ وَبِهِ وَعْدًا وَعِدَةً وَمَوْعِدًا وَمَوْعِدَةً وَمَوْعُوْدًا وعدہ کرنا' امید دلانا۔
—فُلانًا الشَّرَّ وَبِهِ وَعِیْدًا دھمکی دینا' برے انجام سے ڈرانا۔
—فُلانًا کسی سے وعدہ میں بڑھنا۔ جیسے واعده فَوَعَدَهُ اس نے وعدہ میں بڑھنے میں اس سے مقابلہ کیا اور اس پر غالب آ گیا۔
(أَوْعَدَ) الْفَحْلُ سانڈ کا حملہ کرنے کے لئے گرجنا۔
—فلانًا وعدہ کرنا (۲) دھمکی دینا۔
(وَاعَدَهُ) ایک کا دوسرے سے وعدہ کرنا۔ (۲) وعدہ میں مقابلہ کرنا جیسے وَاعَدَهُ فَوَعَدَهُ۔
—فُلانًا الْوَقْتَ وَالْمَوْضِعَ کسی سے کسی وقت یا کسی جگہ ملنے کا وعدہ کرنا۔
(اِتَّعَدَ) وعدہ کو ماننا اور اس پر یقین کرنا۔ وَعَدَهُ فَاتَّعَدَ۔
—الْقَوْمُ ایک دوسرے سے وعدہ کرنا۔
—فُلانٌ فُلانًا کسی سے وعدہ کرنا۔
(تَوَاعَدُوْا) ایک دوسرے سے وعدہ کرنا۔
(تَوَعَّدَهُ) دھمکی دینا۔
(الْمَوْعِدُ) وعدہ (۲) وعدہ کی جگہ (۳) وعدہ کا وقت (۴) عہد (ج) مَوَاعِدُ۔
(الْمَوْعُوْدُ) وعدہ کی ہوئی چیز۔
—الْیَوْمُ الْمَوْعُوْدُ قیامت کا دن۔
(الْمِیْعَادُ) وقت متعین (۲) وعدہ پورا کرنے کا وقت یا جگہ (ج) مَوَاعِیْدُ۔
(الْوَاعِدُ): فَرَسٌ وَاعِدٌ لگاتار دوڑنے کی امید دلانے والا گھوڑا۔
—یَوْمٌ وَاعِدٌ وہ دن جس کی صبح گرمی یا سردی کی امید دلائے۔
—سَحَابٌ وَاعِدٌ بارش کی امید دلانے والا بادل۔
(الْوَاعِدَةُ) أَرْضٌ وَاعِدَةٌ شادابی اور خوشحالی کی امید دلانے والی زمین۔
(الْوَعِیْدُ) دھمکی۔
—یَوْمُ الْوَعِیْدِ قیامت کا دن۔
(وَعَرَ) الْمَکَانُ وَعَرَةً ـِ (یَعِرُ) وَعْرًا وَوُعُوْرًا جگہ کا سخت اور ضرر رساں ہونا۔
—فلانًا کسی کو اس کے مقصد یا ضرورت سے باز رکھنا ھو واعر۔
(وَعُرَ) الْمَکَانُ ـُ (یَوْعُرُ) وُعُوْرَةً

ووَعَارَةً سخت اور تکلیف دہ ہونا۔
-الشیءُ تھوڑا ہونا۔ هُوَ وَعِيرٌ۔
(وَعِرَ) المکانُ وَعَرَهُ۔ (يَوْعَرُ) وَعَرًا وَوُعُورَةً وَوَعَارَةً سخت اور تکلیف دہ ہونا۔
(أَوْعَرَ) دشوار اور تکلیف دہ جگہ میں پھنسنا۔
-فلانٌ کم مال والا ہونا۔
-الطَّرِيقُ بِفُلانٍ راستہ کا کسی کو دشوار اور ضرر رساں مقام تک پہنچا دینا۔
-الشیءَ کم کرنا۔
-الطَّرِيقَ راستہ کو مشکل اور دشوار گزار پانا۔
(وَعَّرَ) المَكَانَ: کسی جگہ کو مشکل اور دشوار گزار کرنا۔
-فلانًا کسی کو رد کرنا اور اس کے مقصد و ضرورت کو پورا نہ کرنا (۲) کسی کی بات کاٹنا۔
(تَوَعَّرَ) فلانٌ سخت مزاج ہونا۔
-المَكَانُ کسی جگہ کا دشوار ہونا۔
-الأَمْرُ عَلٰی فلانٍ کسی کام کا کٹھن اور دشوار ہونا۔
-فِي الكَلَامِ بولتے ہوئے پریشان ہونا۔
-فلانٌ فلانًا فِي الكَلَامِ گفتگو میں کسی کو پریشان کرنا۔
(اسْتَوْعَرَ) الطَّرِيقَ وَالمَكَانَ: سخت دشوار گزار اور کٹھن پانا یا محسوس کرنا۔
(الأَوْعَرُ) دشوار گزار، کٹھن جیسے طَرِيقٌ أَوْعَرُ۔
(الوَاعِرُ) دشوار گزار اور کٹھن جیسے جَبَلٌ وَاعِرٌ (۲) سخت جگہ۔
(الوَعْرُ) سخت جگہ۔ (۲) خوفناک جگہ۔ وَعْرُ المَعْرُوفِ کنجوس۔ (ج) أَوْعُرٌ وَأَوْعَارٌ وَوُعُورٌ وَوُعُورَةٌ۔
(الوَعِرُ) الوَعْرُ (ج) أَوْعَارٌ۔
(الوَعِيرُ) الوَعْرُ (ج) أَوْعَارٌ۔
(وَعَزَ) إِلَيهِ فِي الأَمْرِ ۔ (يَعِزُ) وَعْزًا کسی کے سامنے آگے کرنا اسے کام کرنے یا نہ کرنے کا حکم دینا۔
(أَوْعَزَ) و (وَعَّزَ) إِلَيهِ وَعَزَ
(وَعَسَهُ) - (يَعِسُهُ) وَعْسًا سختی سے روندنا۔
کچل ڈالنا۔
-الدَّهْرُ فلانًا: زمانہ کا کسی کو تجربہ کار بنا دینا۔
(أَوْعَسَ) ریتلی زمین پر چلنا (۲) اندھیرے میں چلنا۔
-الإِبِلُ اونٹوں کا گردنیں لمبی کر کے بڑے بڑے ڈگ بھر کے تیز چلنا۔ أَوْعَسَتِ الإِبِلُ بِأَعْنَاقِهَا بھی کہتے ہیں۔
(وَاعَسَتِ) الإِبِلُ: أَوْعَسَتْ: (۲) زمین پر سختی سے پاؤں مارنا۔
-فلانٌ فلانًا چلنے میں مقابلہ کرنا (یہ صرف رات کے مقابلہ کے لئے ہے)
(الأَوْعَسُ): نرم ریت جس میں پاؤں دھنس جائیں (ج) وُعْسٌ وَأَوَاعِسُ۔
(المِيعَاسُ): نرم ریتلی زمین (۲) وہ نرم ریت جس میں پاؤں دھنستے ہوں اور چلنا دشوار ہو۔ وہ زمین جس پر ابھی تک کوئی نہ چلا ہو (۴) راستہ (ج) مَوَاعِيسُ۔
(الوَعْسُ): اثر، نشان (۲) وہ نرم ریت جس میں پاؤں دھنس جائیں (ج) أَوْعُسٌ وَأَوْعَاسٌ وَأَوَاعِسُ۔
(الوَعْسَاءُ) تانیث الأَوْعَسِ (۲) ریتلی نرم زمین جس میں عمدہ سبزیاں اگتی ہوں (۳) وہ نرم ریتلی زمین جس میں پاؤں دھنستے ہوں (ج) وُعْسٌ۔
(الوَعْسَةُ) الأَوْعَسُ۔
(وَعَظَهُ) ۔ (يَعِظُهُ) وَعْظًا وَعِظَةً نصیحت کرنا۔ انجام سے باخبر کرنا (۲) اطاعت اور فرمانبرداری کی تلقین و وصیت کرنا۔
(اتَّعَظَ) نصیحت قبول کرنا۔ حکم بجا لانا اور محتاط ہونا۔ کہتے ہیں وَعَظْتُهُ فَاتَّعَظَ۔
(المَوْعِظَةُ) نصیحت۔ قول و فعل جس سے اصلاح کی کوشش کی جائے (ج) مَوَاعِظُ۔
(الوَاعِظُ) ناصح، وعظ گو، ہمدرد گو۔ نیکی کا حکم کرنے والا اور برائی سے منع کرنے والا (ج) وُعَّاظٌ۔
(وَعَفَ) بَصَرُهُ ۔ (يَعِفُ) وُعُوفًا نگاہ کمزور ہونا۔
(أَوْعَفَ) الرَّجُلُ. کمزور نگاہ والا ہونا۔
(الوَعْفُ): ہر وہ زمین جس میں ایسی سختی ہو کہ پانی جذب نہ ہو سکے۔ اور بارش کا پانی اس میں جمع رہے (ج) وِعَافٌ۔
(وَعَقَ) الفَرَسُ ۔ (يَعِقُ) وَعْقًا چلتے وقت گھوڑے کے پیٹ سے آواز سنائی دینا۔
(وَعِقَ) عَلَيهِ ۔ (يَعِقُ) وَعْقًا جلدی کرنا۔
(وَعَّقَ) مخالفت کرنا۔
-فلانًا: بدگو قرار دینا (۲) بگاڑنا (۳) مخالفت کرنا۔
(تَوَعَّقَ) بدمزاج ہونا (۲) مخالف ہونا۔
(اسْتَوْعَقَ): تَوَعَّقَ۔
(الوُعَاقُ): چلتے وقت جانور کے پیٹ سے سنائی دینے والی آواز۔
(الوَعْقُ) رَجُلٌ وَعْقٌ: بدمزاج اور بداخلاق آدمی۔
(الوَعِقُ) رَجُلٌ وَعِقٌ: بدمزاج اور بداخلاق آدمی۔ (۲) جھگڑالو خفیف العقل۔
(الوَعْقَةُ) پیٹ کی ایک آواز (۲) بدمزاج (۳) بدخلقی (۳) اکتاہٹ (۴) طبیعت کی گراوٹ۔
-رَجُلٌ وَعْقَةٌ بداخلاق اور بدمزاج آدمی۔
(الوَعِيقُ) چلتے وقت جانور کے پیٹ سے آنے والی آواز۔
(وَعَكَ) الحَرُّ ۔ (يَعِكُ) وَعْكًا وَوَعْكَةً گرمی کا سخت ہونا۔
-الرِّيحُ. ہوا کا رک جانا۔
-فلانٌ سخت تھکن سے تکلیف ہونا۔
-الكِلَابُ الصَّيْدَ کتوں کا شکار کو مٹی میں لوٹ پوٹ کرنا۔
-المَرَضُ فلانًا: بیماری کا کسی کو تکلیف دینا۔
-فلانًا الحُمّٰی بخار کا تکلیف دینا۔
-الشیءَ فِي التُّرَابِ کسی چیز کو مٹی میں لوٹ پوٹ کرنا۔
-الشیءَ رگڑنا۔
(أَوْعَكَتِ) الإِبِلُ عِنْدَ الحَوْضِ تالاب یا حوض پر اونٹوں کی بھیڑ ہونا۔

-فلانٌ الشیءَ فِی التُّرَابِ: کسی چیز کو مٹی میں ملنا۔
-الکلابُ الصَّیْدَ کتوں کا شکار کو مٹی میں لوٹ پوٹ کرنا۔
(المَوْعُوْكُ) بخار زدہ (۲) تکلیف زدہ۔
(الوَعْکَۃُ) گرمی کی شدت کے ساتھ حبس (۲) بیماری' خرابی صحت (۳) بخار کی شدت (۴) بہادروں کی جنگ (۵) دوڑ میں سخت ٹھوکر۔
-وَعْکَۃُ الأمرِ کسی کام کی سختی و دشواری۔
-وَعْکَۃُ الإِبِلِ اونٹوں کا گلہ۔
(وَعَلَ) ۔ (یَعِلُ) وَعْلاً: اوپر سے جھانکنا۔ اوپر سے سامنے آنا۔
(تَوَعَّلَ) الجبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔
-مَصَاعِدَ الشَّرَفِ: عزت کی بلندیوں پر چڑھنا۔
(اسْتَوْعَلَ) إلیہِ ٹھکانہ پکڑنا' پناہ لینا۔
-الأَوْعَالُ پہاڑی بکروں کا پہاڑ کی چوٹیوں پر چڑھ جانا۔
(المُسْتَوْعَلُ) پہاڑ کی چوٹی پر پہاڑی بکرے کی جائے پناہ۔
(الوَعْلُ) پہاڑی بکرا (ج) أَوْعَالٌ و وُعُوْلٌ وَھِی وَعْلَۃٌ (ج) وِعَالٌ (۲) شریف آدمی (۳) ٹھکانہ۔ کہا جاتا ہے ھُمْ عَلَیْنَا وَعْلٌ وَاحِدٌ: وہ سب دشمنی میں ہمارے خلاف اکٹھے ہو جاتے ہیں۔
-مَالَكَ عَنْہُ وَعْلٌ تمہارے لئے اس کے سوا کوئی چارہ کار نہیں۔
(الوَعِلُ) :الوَعْلُ۔
(الوَعْلَۃُ) پہاڑ کی نظر آنے والی بلند چٹان۔ (۲) پہاڑ کی محفوظ اور مضبوط جگہ (۳) کرتے کا کاج (۴) لوٹے یا جگ یا پیالے کا گول دستہ۔
(وَعَمَ) بِالخَبَرِ۔ (یَعِمُ) وَعْمًا غلط خبر دینا۔
-الدِّیَارَ ملک کو انعمِی (خوش باش) کہنا۔
(الوَعْمُ) پہاڑ میں پڑی ہوئی ہو دھار جس کا رنگ اپنے تمام گرد و پیش سے مختلف ہو (ج) وِعَامٌ۔
(وَعَنَتِ) الدَّوَابُّ۔ جانوروں کا موٹا ہونا۔
(تَوَعَّنَتِ) الدَّوَابُّ۔ جانوروں کا انتہائی موٹا ہونا۔
-فلانٌ الشَّیْءَ کسی چیز کو پورا لے لینا۔
(الوِعَانُ) وَعْنٌ اور وَعْنَۃٌ کی جمع (۲) پہاڑوں کی دھاریاں۔
(الوَعْنُ): پناہ گاہ' ٹھکانہ (۲) ٹھوس اور سخت زمین (ج) وِعَانٌ۔
(الوَعْنَۃُ) ٹھوس اور سخت زمین (۲) زمین میں سفید جگہ جس میں کچھ نہ اگتا ہوا (ج) وِعَانٌ۔
(وَعْوَعَ) الکَلْبُ والذِّئْبُ وابْنُ آوَی' وَعْوَعَۃً وَوَعْوَاعًا: کتے' بھیڑیے اور گیدڑ کا شور مچانا۔
-فلانٌ القومَ: کسی کا لوگوں کو ہلا ڈالنا۔
-القَوْمُ: شور و غل کرنا' ہنگامہ مچانا۔
(الوَعْوَاعُ) شور و غل' ہنگامہ (۲) لوگوں کا شور (۳) شور مچانے والے لوگ (۴) فضول گو (۵) پہرے دار (جمع و واحد) (۶) سخت و نڈر آدمی (۷) جانبازوں میں سب سے پہلے جوانمردی کے جوہر دکھانے والا (ج) وَعَاوِعُ۔
(الوَعْوَعَۃُ): بھیڑیے' کتے اور گیدڑ کی آواز۔
(الوَعْوَعِیُّ) عقلمند و حوصلہ مند۔
(وَعَی) العَظْمُ۔ (یَعِی) وَعْیًا: ہڈی کا ٹیڑھے پن کے ساتھ جڑ جانا' ٹھیک ہو جانا۔
-الجُرْحُ زخم سے پیپ بہنا (۲) زخم کا اوپر سے مندمل ہو جانا اور اندر مواد رہنا۔
-الشَّیْءَ برتن میں جمع کرنا۔
-الحَدِیْثَ حدیث یا بات کو اچھی طرح سمجھ کر ذہن میں رکھنا۔
-الأمْرَ کسی معاملہ کی تہ تک پہنچ جانا۔
(أَوْعَی) الشَّیْءَ کسی چیز کی حفاظت کرنا۔
-الحَدِیْثَ: حدیث یا بات کو ذہن میں رکھ کر ذہن میں رکھنا۔
-فُلَانًا وعَلَیْہِ: کسی کے ساتھ سخت کنجوسی کرنا۔
-جَدْعَہُ کسی عضو کا صفایا کر دینا۔
(اسْتَوْعَی) الشَّیْءَ سارے کا سارا لے لینا۔ کہتے ہیں اسْتَوْعَی مِنْ فلانٍ حَقَّہُ۔
-جَدْعَہُ عضو کا صفایا کر دینا۔
(المَوْعِیُّ): ھُوَ مَوْعِیُّ الرُّسْغِ مضبوط کلائی والا۔
(الوَاعِیَۃُ) أُذُنٌ وَاعِیَۃٌ توجہ سے سننے والا کان (۲) آواز (۳) میت پر کیا جانے والا ماتم۔
(الوِعَاءُ): برتن (ج) أَوْعِیَۃٌ۔
(الوَعْیُ) حفاظت (۲) صحیح سمجھ' صحت ادراک (ج) (۳) علم نفسیات کے مطابق زندہ مخلوق کا اپنی ذات اور گرد و پیش کا شعور و احساس (ج)
(الوَغْی): شور و غل۔
(الوَعِیُّ) صحیح سمجھنے اور یاد رکھنے والا ذکی آدمی۔
(الوَعِیَّۃُ): تانیث الوَعِیّ: (۲) کل توشہ رکھنے والا (۳) وہ رکھا ہوا توشہ جس میں پیپ کی طرح کھیس پیدا ہو جائے۔

و . . غ

(وَغُبَ) الجمَلُ ۔ (یَوْغُبُ) وُغُوْبَۃً وَوَغَابَۃً موٹا اور بڑا ہونا۔
(الوَغْبُ) ذلیل و کمینہ (۲) لاغر جسم (۳) بے وقوف (۴) موٹا اونٹ (۵) معمولی سامان (ج) أَوْغَابٌ و وِغَابٌ۔
(الوَغْبَۃُ) بے وقوف۔
(وَغَدَ) القَوْمَ۔ (یَغِدُھُمْ) وَغْدًا خدمت کرنا۔
(وَغُدَ)۔ (یَوْغُدُ) وَغَادَۃً کم عقل۔ حقیر اور گھٹیا ہونا (۲) کمزور بدن والا ہونا۔
(وَاغَدَہُ) ہر کام اپنے ساتھی کی طرح کرنا۔
-فِی عَدْوِہِ تیز دوڑنا۔
(المُوَاغَدَۃُ) عرب بچوں کا پرانا کھیل جس میں ایک دوسرے کی نقل اتاری جاتی ہے۔
(الوَغْدُ) جوئے کا وہ تیر جس کا کوئی حصہ نہ ہو (۲) حقیر و کمینہ بے وقوف (۳) کمزور جسم والا (۴) صرف کھانے پر لوگوں کی نوکری کرکے (۵) بینگن (ج) أَوْغَادٌ و وِغْدَانٌ و وُغْدَانٌ۔

(وَغَرَتِ) الھَاجِرَةُ ۔ (تَغِرُ) وَغْرًا دوپہر کا انتہائی گرم ہونا۔
-فلانٌ غصہ اور کینہ سے بھرا ہوا ہونا۔
-صَدْرُهُ عَلَيْهِ کسی کے خلاف غصہ سے سینہ کھولنا۔
-الشَّمْسُ فُلَانًا کسی پر دھوپ کا سخت اثر ہونا۔
-فلانٌ فلانًا غِرَّةً کسی کا کسی سے وعدہ کرنا۔
(أَوْغَرَ) القَوْمُ لوگوں کا سخت گرمی کے وقت میں داخل ہونا۔
-فلانٌ فلانًا کسی کو غصہ دلانا۔
-صَدْرَ فُلَانٍ کسی کے سینہ میں غصہ کی آگ بھڑکانا۔
-المَاءَ پانی گرم کرنا (۲) پانی کو جوش دینا۔
-اللَّبَنَ دودھ کو پکا کر خشک کرنا (۲) دودھ میں گرم پتھر ڈال کر گرم کر کے پینا۔
-الخِنْزِيرَ سور پر کھولتا ہوا پانی ڈال کر ذبح کرنا۔
-فُلَانًا أَرْضًا کسی کا ٹیکس معاف کر دینا۔
-فُلَانًا إِلَى كَذَا کسی چیز کی پناہ دینا یا مجبور کرنا۔
(وَغَّرَهُ) کسی کے سینہ میں کینہ بھر دینا۔
-اللَّبَنَ ۰۰۰ ھ کا وغیر بنانا (دیکھئے وغیرہ)
(تَوَغَّرَ) غصہ سے آگ بگولا ہونا۔
(الميغَرُ) کسی کام کا مقررہ وقت یا حد۔
(الوَغْرُ) بغض و کمینہ دشمنی (۲) لشکر کا شور و ہنگامہ۔
(الوَغْرَةُ) گرمی کی انتہائی شدت۔
(الوَغِيرُ) گرم ریت یا گرم کنکریوں پر بھونا ہوا گوشت (۲) جلایا ہوا اور پکایا ہوا دودھ (۳) تپتے ہوئے پتھر ڈال کر کے گرم کر کے پیا جانے والا دودھ۔
(الوَغِيرَةُ) تپتے ہوئے پتھروں سے گرم کیا جانے والا دودھ۔
(وَغَفَ) ۔ (يَغِفُ) وَغْفًا تیز چلنا۔دوڑنا۔
-البَصَرُ وَغْفًا و وُغُوفًا نگاہ کمزور رہنا۔
(وَغِفَ) البَصَرُ ۔ (يَوْغَفُ) وَغَفًا و وَغْفًا نگاہ کمزور ہونا۔
(أَوْغَفَ) نگاہ کمزور ہونا (۲) تیز چلنا۔ دوڑنا۔ (۳) تھکا دینے والی چال چلنا۔
-الطَّائِرُ پرندہ کا جلدی جلدی بازو پھڑپھڑانا۔
-الكَلْبُ کتے کا ہانپنا۔
-فُلَانٌ بقدر ضرورت کھانا کھانا۔
(الوَغْفُ) کمبل یا کھال کا ٹکڑا (۲) بکرے وغیرہ کے پیٹ پر جفتی سے روکنے کے لئے باندھی جانے والی چیز۔
(وَغَلَ) فِي الشَّيْءِ ۔ (يَغِلُ) وُغُولًا کسی چیز میں آگے نکل جانا جیسے أَوْغَلَ فِي سَيْرِهِ۔
-فِي الشَّجَرِ درخت کی آڑ لے کر چھپ جانا۔
-عَلَى القَوْمِ فِي شَرَابِهِمْ وَغْلًا وَغَلَانًا و وُغُولًا بغیر بلائے لوگوں کے پاس آ کر ان کے مشروب میں شریک ہو جانا۔
-فلانٌ بہت دور چلے جانا۔
(أَوْغَلَ) فِي البِلَادِ ملک میں بہت دور تک چلے جانا۔
-فِي العِلْمِ أَوِ الدِّينِ علم و دین میں پختگی اور رسوخ حاصل کرنا۔ حدیث میں (إِنَّ هٰذَا الدِّينَ مَتِينٌ فَأَوْغِلْ فِيهِ بِرِفْقٍ)۔
-فِي السَّيْرِ تیز چلنا اور چلتے ہوئے دور نکل جانا۔
-الحَاجَةُ فُلَانًا فِي كَذَا ضرورت کا کسی کو کسی کام میں ڈالنا۔
(تَوَغَّلَ) أَوْغَلَ۔
(الوَاغِلُ) بغیر بلائے لوگوں کے کھانے میں شرکت کرنے والا۔
(الوَغْلُ) بغیر بلائے لوگوں کے کھانے میں شرکت کرنے والا (۲) وہ مشروب جو بن بلائے آنے والا پئے (۳) ہر کام میں کمزور نکما اور گھٹیا درجہ کا آدمی (۴) خراب غذا کھانے والا (۵) گھنا درخت (۶) کبوتروں کے کھانے کا خاص دانہ (ج) أَوْغَالٌ۔
(الوَغِلُ) خراب غذا کھانے والا (۲) نسب کا جھوٹا دعویدار۔
(وَغَمَ) بِفُلَانٍ ۔ (يَغِمُ) وَغْمًا غیر یقینی خبر کی اطلاع دینا۔
-بِالخَبَرِ اسکی خبر دینا جو مصدقہ اور یقینی نہ ہو۔
-إِلَى الشَّيْءِ کسی چیز کی طرف خیال جانا۔
-فُلَانًا مغلوب کرنا۔
(وَغِمَ) عَلَيْهِ ۔ (يَوْغَمُ) وَغَمًا کینہ رکھنا۔
(أَوْغَمَهُ) کسی کو کینہ پرور بنانا۔
(تَوَاغَمَ) القَوْمُ باہم قتال کرنا (۲) لڑائی میں ایک دوسرے کو ترچھی نگاہوں سے دیکھنا۔
(تَوَغَّمَ) عَلَيْهِ کسی پر سخت غصہ ہونا۔
-القَوْمُ باہم جنگ کرنا۔
(الوَغْمُ) بے وقوف (۲) کینہ دشمنی (۳) کینہ پرور آدمی (۴) جنگ و قتال (۵) گرا ہوا کھانا (ج) أَوْغَامٌ و وُغُومٌ۔
(الوَغَى) شور و غل (۲) لڑائی۔
(الوَغَى) الوَغَى (۲) شہد کی مکھیوں اور مچھروں کی بھنبھناہٹ اور وہ آواز جو اکٹھا ہونے پر نکلتی ہے۔

و ۔۔۔۔ ف

(وَفَدَ) عَلَى القَوْمِ وَإِلَيْهِمْ ۔ (يَفِدُ) وَفْدًا وَوُفُودًا وَوِفَادَةً آنا (۲) قاصد بن کر آنا ھو وَافِدٌ (ج) وُفُودٌ و وَفْدٌ و أَوْفَادٌ و وُفَّدٌ۔
(أَوْفَدَ) تیز چلنا۔
-الشَّيْءُ سامنے بلندی پر ہونا (۲) بلند ہونا۔
-الرِّئْمُ ہرن کا سر اور کان کھڑے کرنا۔
-الشَّيْءَ اٹھانا بلند کرنا۔
-فُلَانًا عَلَى الأَمِيرِ وَإِلَيْهِ کسی کو حاکم کے پاس بھیجنا۔
(وَافَدَهُ) عَلَى الأَمِيرِ حاکم کے پاس کسی کے ساتھ آنا۔
(وَفَّدَهُ) عَلَى الأَمِيرِ وَإِلَيْهِ کسی کو قاصد بنا کر حاکم کے پاس بھیجنا۔
(تَوَافَدَ) القَوْمُ عَلَيْهِ لوگوں کا وفد کی صورت میں کسی کے پاس آنا۔
(تَوَفَّدَ) عَلَيْهِ بلندی سے جھانکنا۔
-الطَّيْرُ وَالإِبِلُ اونٹوں اور پرندوں کا آگے

بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
(اِسْتَوْفَدَ) فِيْ قِعْدَتِهٖ اس طرح بیٹھنا کہ اٹھنے کے لئے تیار معلوم ہو۔
-فُلَانًا کسی کو اپنے پاس بلانا (۲) کسی کے پاس قاصد بنا کر بھیجنا۔
(الْاَوْفَادُ): نَحْنُ عَلٰى اَوْفَادٍ قَدْ اَشْخَصَنَا ہم پریشان کن سفر میں ہیں۔
(الْوَافِدُ) کھانا چباتے وقت رخسار کا ابھرنے والا حصہ (۲) وہ اونٹ یا قطا (پرندہ) جو دوسروں سے آگے رہتے ہوں۔
(الْوَفَّادُ) بہت آنے والا۔
(الْوَفْدُ) وَافِدٌ کی جمع (۲) باحیثیت یا صاحب اقتدار لوگوں کے پاس جانے والی منتخب افراد کی جماعت 'وفد (ج) وُفُوْدٌ (۲) ریت کے ٹیلہ کی چوٹی۔ (ج) وُفُوْدٌ و اَوْفَادٌ۔
(وَفَرَ) الشَّيْءُ۔ (يَفِرُ) وَفْرًا وَفِرَةً ووُفُوْرًا کسی چیز کا بکثرت ہونا۔
-عِرْضُهٗ عزت کا بڑھنا' داغدار نہ ہونا۔
-لِفُلَانٍ الْمَالَ وَالْمَتَاعَ وَفْرًا او فِرَةً مال ومتاع کی کثرت کرنا' پھیلانا۔
-عِرْضَ فُلَانٍ اَوْ ذِ مَارَهٗ عزت محفوظ رکھنا۔
-...نًا عَطَاءَهٗ کسی کو اس کا عطیہ خوشی سے یا تمنوا سمجھ کر واپس کر دینا۔
-الثَّوْبَ کپڑے کو پھیلا کر یا کشادہ کاٹنا۔
(وَفُرَ) الشَّيْءُ (يَوْفُرُ) وَفَارَةً : وَفَرَ عِرْضُهٗ عزت بڑھنا۔
(اَوْفَرَ) الشَّيْءَ بڑھانا' زیادہ کرنا (۲) پورا کرنا۔
(وَفَّرَ) الشَّيْءَ زیادہ کرنا۔
-الثَّوْبَ کپڑے کو پھیلا کر کاٹنا' کشادہ کاٹنا۔
-لِفُلَانٍ طَعَامَهٗ کسی کو کھانے کی ہر چیز دینا۔
-لَهٗ عِرْضَهٗ کسی کی عزت کرنا۔
-عَلَيْهِ حَقَّهٗ کسی کو اس کا پورا حق دینا۔
-اَللّٰهُ حَظَّهٗ مِنْ كَذَا: اللہ تعالیٰ کا کسی کے نصیب اچھے کرنا۔
-شَعْرَهٗ بال بڑھانا۔

(اِتَّفَرَ وتَوَافَرَ) الشَّيْءُ: وَفَرَ۔
(تَوَفَّرَ) عَلٰى صَاحِبِهٖ اپنے ساتھی کی عزت و حرمت کا خیال رکھنا۔
-عَلَى الشَّيْءِ کسی چیز پر اپنا پورا زور لگا دینا۔
(اِسْتَوْفَرَ) حَقَّهٗ اپنا حق پورا وصول کرنا۔
-الشَّيْءَ پورا کرنا۔
(الْمَوْفُوْرُ) ہر مکمل چیز۔
-جَزَاءٌ مَوْفُوْرٌ پورا پورا بدلہ۔
(الْوَافِرُ) شعر کی ایک بحر' بحر وافر۔ اس کا وزن مفاعلتن مفاعلتن مفاعلتن دو مرتبہ ہے۔
(الْوَافِرَةُ) دنبہ کی چکتی۔
(الْوَفْرُ) بہت' کثیر جیسے مَالٌ وَفْرٌ. مَتَاعٌ وَفْرٌ (۲) مالدار (۳) ہر پوری چیز (ج) وُفُوْرٌ۔
(الْوَفْرَاءُ) بھری ہوئی۔
-قِرْبَةٌ وَفْرَاءُ بھرا ہوا مشکیزہ ایسے ہی مَزَادَةٌ وَفْرَاءُ بھرا ہوا مشکیزہ۔
(الْوَفْرَةُ) ایک مرتبہ' ایک دفعہ (۲) کثرت' فراوانی۔ (۳) سر گھنے بال یا کانوں سے ملے ہوئے بال (ج) وِفَارٌ۔
(الْوَفِيْرُ): الْوَافِرُ (مو)
(وَفَزَ)۔ (يَفِزُ) وَفْزًا: جلدی کرنا۔
(اَوْفَزَهٗ) جلدی کروانا۔
(وَافَزَهٗ): جلدی کرنے میں مقابلہ کرنا۔
(تَوَفَّزَ) لِكَذَا تیار ہونا۔ کمر بستہ ہونا۔ کہتے ہیں بَاتَ يَتَوَفَّزُ عَلٰى فِرَاشِهٖ وہ ساری رات بستر پر کروٹیں بدلتا رہا۔
(اِسْتَوْفَزَ) اس انداز میں بیٹھنا کہ جیسے اٹھنے کے لئے تیار ہو۔
-فِيْ قِعْدَتِهٖ ایسا غیر مطمئن بیٹھنا کہ جلدی سے اٹھ سکے۔
(الْوَفْ...) عجلت' جلدی (ج) اَوْفَازٌ ووِفَازٌ۔
-مكَانٌ... [illegible]
(الْوَفَزُ) عجلت' جلدی (ج) اَوْفَازٌ۔ لَقِيْتُهٗ عَلٰى اَوْفَازٍ میں اسے جلدی میں ملا۔
(وَفَصَ)۔ (يَفِصُ) وَفْصًا ووَفَصًا: دوڑنا' تیز چلنا۔

-الْاِبِلُ منتشر ہونا' بکھرنا۔
(اَوْفَصَ) وَفَصَ۔
-لِفُلَانٍ کسی کے لئے فرش بچھانا۔
-الرَّجُلَ وغيرَهٗ دھتکارنا۔
-الْاِبِلَ منتشر کرنا۔
(اِسْتَوْفَصَ): وَفَص۔
-الْاِبِلُ اونٹوں کا چرتے چرتے جدا جدا ہو جانا۔
-فُلَانٌ ڈر کر بھاگنا۔
-فُلَانًا جلدی کروانا (۲) دھتکارنا۔
(الْاَوْفَاصُ) بے یار و مددگار کمزور اور غریب لوگ۔
(الْمِيْفَاصُ) تیز رفتار جیسے نَعَامَةٌ مِيْفَاصٌ ونَاقَةٌ مِيْفَاصٌ۔
(الْوِفَاصُ) پانی رکھنے کی جگہ (۲) چکی کے نیچے رکھنے کا چمڑا (ج) وُفُصٌ۔
(الْوَفْصُ) عجلت (ج) اَوْفَاصٌ۔
(الْوَفْصُ) الْوَفْصُ (۲) گوشت کاٹنے کا تختہ (ج) اَوْفَاصٌ۔
(الْوَفْصَةُ) ایک مرتبہ' ایک دفعہ (۲) ناک کے نیچے کا گڑھا (۲) چرواہے کا تھیلا (۳) چمڑے کا ترکش (ج) وِفَاصٌ ووَفَصَاتٌ۔
(الْوِفَاعُ) شیشی کا ڈھکن۔
(الْوَفْعُ) بارش کی امید دلانے والا بادل (۲) بلند عمارت (۳) زمین سے بلند جگہ (ج) اَوْفَاعٌ۔
(الْوَفَعُ) غُلَامٌ وَفَعٌ نوجوان لڑکا (ج) وِفْعَانٌ۔
(الْوَفْعَةُ) شیشی کا ڈھکن (۲) کھجور کے پتوں کی ٹوکری (۳) آگ اٹھانے کا چیتھڑا (ج) وِفَاعٌ۔
(الْوَفَعَةُ) غُلَامٌ وَفَعَةٌ نوجوان لڑکا۔
(الْوَفِيْعَةُ) شیشی کا ڈھکن (۲) کھجور کے پتوں کی ٹوکری (۳) قلم کی سیاہی صاف کرنے کا کپڑا (۴) حائضہ عورت کے استعمال کا چیتھڑا' کرسف (۵) روئی یا اون کا پھاہا جس خارشی اونٹنی کو دوا ملی جاتی ہے۔

(وَفِقَ) الْاَمْرَ- (يَفِقُ) وَفْقًا: کسی کام کا موافق اور حسب منشاء ہونا۔
-الْاَمْرَ اتفاقاً اپنی خواہش کے مطابق پانا (۲) سمجھنا۔
(اَوْفَقَ) الْقَوْمُ لِفُلَانٍ: لوگوں کا کسی کے قریب ہو کر اس سے اتفاق کرنا۔
-الْاِبِلُ: اونٹوں کا قطار میں برابر کھڑا کرنا۔
-لِفُلَانٍ لِقَاءُ فُلَانٍ: کسی کے کسی کی اچانک ملاقات ہو جانا۔
(وَافَقَ) فلانٌ بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ مُوَافَقَةً ووِفَاقًا: دو چیزوں کو ملانا، جوڑنا۔
-فلانًا: کسی سے اچانک ملاقات ہو جانا۔
-فلانٌ فلانًا فِي الشيء وعليه: کسی سے کسی بات پر اتفاق کر لینا۔
(وَفَّقَ) بَيْنَ الْقَوْمِ: صلح کروانا۔
-بَيْنَ الْاَشْيَاءِ الْمُخْتَلِفَةِ: چند چیزوں کو یکساں طور پر ملانا۔
-اللّٰهُ فُلَانًا: کسی کے دل میں خیر کا الہام کرنا۔
-اللّٰهُ اَمْرَ فُلَانٍ: اللہ تعالیٰ کا کسی کے کام کو اس کی خواہش کے مطابق بنا دینا۔
(اِتَّفَقَ) مَعَ فُلَانٍ: کسی سے متفق ہونا۔
-الْاِثْنَانِ: دو شخصوں یا چیزوں کا یکساں اور متحد ہونا۔
(تَوَافَقَتِ) الْجَمَاعَةُ: جماعت کا متحدہ ہونا۔
-فِي الْاَمْرِ: باہم متفق ہونا۔
(تَوَفَّقَ) فلانٌ: توفیق مل جانا۔ اللہ تعالیٰ کی مدد شامل حال ہونا۔ حدیث میں ہے (لَا يَتَوَفَّقُ عَبْدٌ حَتّٰى يُوَفِّقَهُ اللّٰهُ)
(اِسْتَوْفَقَ) اللہ تعالیٰ سے توفیق مانگنا۔
-اِسْتَوْفَقَ لَهُ بِالْحُجَّةِ: کسی کی دلیل کا صحیح ہونا۔
(الْاِتِّفَاقُ) معاہدہ، بین الاقوامی قانون کی رو سے دو ملکوں کا اپنے نزاعی مسئلہ کو فیصلہ کے لئے ثالث کے حوالہ کرنے کا معاہدہ (مج)
(الْاِتِّفَاقِيَّةُ الدَّوْلِيَّةُ) دو یا چند حکومتوں یا اداروں کا کسی معاملہ پر معاہدہ (مج)
(التَّوَافُقُ) (فلاسفہ کی اصطلاح میں) انفرادی رویہ کو چھوڑ کر اجتماعی اخلاق و آداب کی پابندی۔ (مج)
(التَّوْفَاقُ) اَتَيْتُكَ لِتَوْفَاقِ الْاَمْرِ: میں تمہارے پاس اس بات کے پیش ہوتے وقت آیا۔
(التَّوَفُّقُ) اَتَيْتُكَ لِتَوَفُّقِ الهلال: میں چاند نکلتے ہی تمہارے پاس آیا۔
(التَّوْفِيقُ) من اللّٰهِ لِلْعَبْدِ: اللہ تعالیٰ کی طرف سے بندہ کے لئے شر کے راستہ کا بند ہونا اور خیر کے راستہ کا آسان ہونا۔ (۲) نئے چاند کا ظہور۔ جیسے اَتَيْتُكَ لِتَوْفِيقِ الْهِلَالِ: میں نئے چاند کے نکلتے ہی تمہارے پاس آیا (۳) مصالحت، تصفیہ، دو متنازع ملکوں کے درمیان تیسرے ملک کی مصالحت کی کوشش (مج)
(التِّيفَاقُ) اَتَيْتُكَ لِتِيفَاقِ الْاَمْرِ: میں تمہارے پاس اس معاملہ کے پیش آتے وقت آیا۔
-الْبَيْتُ المعمورُ تِيفَاقُ الكعبة: بیت معمور خانہ کعبہ کے برابر ہے۔
(التِّيفَاقُ) اَتَيْتُكَ لِتِيفَاقِ الْهِلَالِ: میں تیرے پاس چاند کے ظہور کے ساتھ ہی آیا۔
(الْمُتَّفِقُ) اہل عروض کی اصطلاح میں وہ لفظ دخیل جس کے اعادہ پر شاعر مجبور ہو۔
(الْوِفَاقُ) اتحاد (۲) بین الاقوامی قانون کے مطابق چند مختلف معاہدوں کا مجموعہ۔
-الْوِفَاقُ الْمُعَلَّمُ: ابتدائی معاہدہ جس پر فریقین کے نمائندے اپنے ناموں کے اولین حرف سے دستخط کرتے ہیں اور اس کو حتمی شکل دینے سے پہلے صرف دستخط کنندگان ہی اس کے پابند ہوتے ہیں (مج) -وِفَاقُ الْاَشْرَافِ: اشراف کے درمیان وہ بین الاقوامی معاہدہ جس میں تمام معاہداتی حالات و شرائط کی پابندی نہ ہو اور اس کے نفاذ کا دار و مدار معاہدہ کنندگان کی شرافت و سچائی اور اخلاقی ذمہ داری پر ہو۔ (مج)
(الْوَفْقُ) مطابقت، مطابق (۲) بقدر ضرورت جیسے حَلُوْبَتُهُ وَفْقُ عِيَالِهِ اس کی دودھ دینے والی اونٹنی اس کے عیال کی ضرورت کے بقدر ہے۔ (۲) باہم متفق لوگ جیسے جَاءَ الْقَوْمُ وَفْقًا: باہم متفق ہو کر آئے۔ (۳) بمعنی حِيْنَ: جیسے كُنْتُ عِنْدَهُ وَفْقَ طَلَعَتِ الشَّمْسُ: جب سورج نکلا میں اس کے پاس تھا۔
(وَفَلَ) الشَّيْءَ- (يَفِلُهُ) وَفْلًا: چھیلنا هُوَ وَافِلٌ وهي وَافِلَةٌ۔
(وَفَّلَهُ) اچھی طرح چھیلنا۔
(الْوَافِلُ): مکمل، پورا۔ جیسے قَصَبٌ وَافِلٌ: مکمل بانس یا بہت زیادہ بانس۔
(الْوَفْلُ): تھوڑی چیز۔
(وَفَهَ)- (يَوْفِهُ) وَفْهًا: ثالث بنانا۔ (۲) گرجا کا نگران بننا۔
(الْوَافِهُ): گرجا کا نگران (۲) حَکَم، ثالث۔
(الْوَفْهِيَّةُ): گرجا کی نگرانی کا عہدہ۔ حدیث میں ہے (لا يحرّكُ راهب عن رهبانيته ولا وَافِهٌ عَنْ وَفْهِيَّتِهِ)
(وَفَى) الشَّيْءُ- (يَفِي) وَفَاءً ووُفِيًّا: پورا اور مکمل ہو جانا۔ جیسے وَفَى رِيْشُ الجناح
-الشَّيْءُ وُفِيًّا: بہت زیادہ ہونا۔
-فلانٌ نَذْرَهُ وَفَاءً: نذر کو پورا کرنا۔
-بِعَهْدِهِ: وعدہ یا عہد کو پورا کرنا۔
-اُذُنُهُ: اس کی سچائی ثابت ہوگئی۔ کہتے ہیں هٰذَا الشَّيْءُ لَا يَفِي بِذٰلِكَ: یہ چیز فلاں بات کے لئے کافی نہیں۔
-الدِّرْهَمُ وَالْمِثْقَالَ: درہم اور مثقال کو برابر کرنا۔ هُوَ وَافٍ وَهِيَ وَافِيَةٌ۔
(اَوْفَى) بِالْوَعْدِ وَالْعَهْدِ: وعدہ پورا کرنا۔
-اللّٰهُ بِاُذُنِهِ: اللہ تعالیٰ کا کسی کو اس کے کان سے سنی ہوئی خبر کے پہچاننے میں سچا کر دکھانا۔
-عَلَى الْمَكَانِ وَفِيْهِ: کسی جگہ کے اوپر سے جھانکنا یا اوپر سے سامنے ہونا۔
-عَلَى الْمِائَةِ: سو سے تجاوز کر جانا۔
-الْقَوْمَ: لوگوں کے پاس آنا اور ان سے ملاقات کرنا۔
-نَذْرَهُ وبه: نذر پوری کرنا۔

-الْكَيْلَ پیمانہ کو پورا بھرنا۔
-فُلَانًا حَقَّهٗ پوراحق دینا۔
(وَافَى) فُلَانًا کسی کے پاس اچانک آنا۔
-الْقَوْمَ لوگوں کے پاس آنا۔
-الْعَامَ حج کرنا۔
-الموتُ فلانًا موت آنا۔
-الكتابُ فلانًا خط پہنچنا۔
(وَفّٰى) فلانًا حَقَّهٗ پوراحق دینا۔
(تَوَافَى) الْقَوْمُ سب لوگوں کا آجانا۔
(تَوَفّٰى) اللّٰهُ فُلَانًا اللہ تعالیٰ کا کسی کو موت دے دینا۔
-فلانًا حَقَّهٗ پوراحق ادا کرنا۔
-تَوَفَّيْتُ مِنْهُ مَالِي میں نے اس سے اپنا سارا مال وصول کیا۔
-الْمُدَّةَ مدت پوری کرنا۔
-عَدَدَ الْقَوْمِ سب لوگوں کو گننا شمار کرنا۔
(اِسْتَوْفَى) فلانٌ حَقَّهٗ پوراحق وصول کرنا۔
-مِنْهُ مَالَهٗ سارے کا سارا مال لے لینا۔
(الْمِيفَى) زمین کا بلند حصہ (۲) اینٹیں پکانے کا بھٹا۔
(الْمِيفَاءُ) وعدہ کا پابند (۲) ٹیلوں کے اوپر سے جھانکنے کا عادی گدھا۔
(الْوَافِي) ایک درہم اور چار دانق کا وزن (۲) وہ شعر جس کے اجزاء پورے ہوں۔
(الْوَافِيَةُ) تولنے کا پورا باٹ۔ وَزَنَ لَهٗ بِالْوَافِيَةِ اسے پورے وزن کے باٹ سے تول کر دیا۔
-سُوْرَةُ الْوَافِيَةِ سورۂ فاتحہ۔
(الْوَفَاةُ) موت (ج) وَفَيَاتٌ۔
(الْوَفْيُ) زمین کا بلند حصہ۔
(الْوَفِيُّ) پورا مکمل (۲) انتہائی وفادار۔ (۳) حق کے لین دین میں دیانتدار (ج) أَوْفِيَاءُ۔

و.......ق

(وَقَبَتِ) الشَّمْسُ وَغَيْرُهَا مِنَ الشُّهُبِ۔ (تَقِبُ) وَقْبًا وَوُقُوبًا سورج وغیرہ کا غروب ہوجانا۔
-الْقَمَرُ چاند کا گہن میں آجانا۔
-الظَّلَامُ عَلَى النَّاسِ تاریکی چھاجانا۔
-عَيْنَاهُ آنکھیں دھنسنا۔
(أَوْقَبَ) بھوکا ہونا۔
-النَّخْلُ کھجور کے خوشوں کا خراب ہونا۔
-الشَّيْءَ سوراخ میں داخل کرنا۔
(الْأَوْقَابُ) خیمہ کا کپڑا اور متعلقہ سامان۔
(الْمِيقَابُ) بہت زیادہ نبیذ یا پانی پینے کا عادی (۲) بے وقوف عورت۔
-سَيْرُ الْمِيقَابِ دن رات کا مسلسل سفر۔
(الْمِيقَبُ) کوڑی۔
(الْقِبَةُ) بکری کی موٹی اوجھ۔
(الْوَقْبُ) بے وقوف (۲) کمینہ (۳) چٹان کا گڑھا جس میں پانی جمع ہوجائے یا کنویں جیسا ایک دو قد کا گڑھا (۴) بدن کے کسی حصہ کا گڑھا جیسے آنکھ یا مونڈھے (۵) پیپے وغیرہ کا سوراخ جس میں دہرا (لوہے کی موٹی سلاخ) داخل کیا جاتا ہے (۶) روشن دان یا دیوار کا سوراخ (ج) وُقُوبٌ وَأَوْقَابٌ۔
(الْوَقْبَاءُ) رَكِيَّةٌ وَقْبَاءُ گہرا کنواں۔
(الْوَقْبَةُ) چٹان کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے (۲) بڑا روشن دان۔
(الْوَقْبِيُّ) بے وقوفوں کے ساتھ رہنے کا شوقین۔
(وَقَتَهُ)۔ (يَقِتُهُ) وَقْتًا کسی کام کو مقررہ وقت پر کرنا۔
-اللّٰهُ الصَّلٰوةَ نماز کے لئے وقت مقرر کرنا۔
(وَقَّتَهُ) کسی کام کا وقت مقرر کرنا۔
-اللّٰهُ الصلوٰةَ نماز کا وقت مقرر کرنا (۲) وقت کی مقدار بتانا۔
-الشيءَ ليومِ كذا کسی دن تک کے لئے کوئی کام کرنا۔
(الْمِيقَاتُ) کسی کام کا وقت مقررہ (۲) مقررہ کام جس کے لئے وقت مقرر ہوں (۳) کسی کام کے کرنے کی مقررہ جگہ (ج) مَوَاقِيتُ۔
-مَوَاقِيتُ الْحَاجِّ حاجیوں کے احرام باندھنے کے طے شدہ مقامات۔
(الْوَقْتُ) وقت زمانہ لمحہ گھڑی موسم (ج) أَوْقَاتٌ۔
(وَقَحَ) حَافِرُ الدَّابَّةِ۔ (يَقِحُ) قِحَةً جانور کے کھر کا سخت ہونا۔ هُوَ وَاقِحٌ۔
(وَقُحَ)۔ (يَوْقُحُ) وَقَاحَةً وَوُقُوحَةً سخت ہونا۔
-الرَّجُلُ بے حیا ہونا (۲) گستاخ ہونا (۳) برائی میں جرأت کرنا۔ هُوَ وَقِيحٌ وَوَقِحٌ وهي وِقَاحٌ (ج) وُقُحٌ وَوُقُحٌ۔
(وَقِحَ)۔ (يَوْقَحُ) وَقَحًا: وَقُحَ۔
-الرَّجُلُ بے حیا ہونا (۲) گستاخ ہونا برائی میں دلیر ہونا۔ هُوَ وَقِحٌ وهي وَقِحَةٌ
(أَوْقَحَ) الحَاضِرُ: وَقُحَ۔
(وَقَّحَ) حَافِرَ الدَّابَّةِ پگھلی ہوئی چربی کے ذریعے پتلا ہوجانے والے کھر کو سخت کرنا۔
-الْحَوْضَ مرمت کرنا درست کرنا۔
(تَوَقَّحَ) ٹھوس اور سخت ہونا۔
-الرَّجُلُ: وَقُحَ۔
(اِسْتَوْقَحَ) الحَافِرُ: وَقُحَ۔
(الْمُوَقَّحُ) رَجُلٌ مُوَقَّحٌ آفت اور مصائب برداشت کر کے تجربہ کار ہو جانے والا شخص
بَعِيرٌ مُوَقَّحٌ کام کی وجہ سے تھکاوٹ کا شکار اونٹ۔
(وَقَدَتِ) النَّارُ۔ (تَقِدُ) وَقْدًا وَوُقُودًا وَقِدَةً وَوَقَدَانًا آگ بھڑکنا۔
-الشَّيْءُ چمکنا۔ وَقَدَتْ بِكَ زِنَادِي بطور دعا کہتے ہیں۔
(أَوْقَدَ) النَّارَ آگ جلانا۔
-اللّٰهُ نَارًا أَثَرَهٗ (بددعا) اللہ اس کے نشانات کو جلادے یعنی وہ اب واپس نہ آئے۔
(وَقَّدَ) النَّارَ آگ جلانا۔
(اِتَّقَدَتِ) النَّارُ آگ جلنا۔
(تَوَقَّدَتِ) النَّارُ آگ جلنا۔
-الْكَوْكَبُ ستارہ کا چمکنا۔
-فلانٌ ذہین اور پھرتیلا ہونا (۲) خوش طبع ہونا (۳) بھڑکنا۔
-فلانٌ النَّارَ آگ جلانا۔
(اِسْتَوْقَدَتِ) النَّارُ آگ جلنا۔

النَّارَ آگ بھڑکانا۔
(المُسْتَوْقَدُ) آگ جلانے کی جگہ (ج) مَوَاقِدُ۔
(المَوْقَدُ) آگ کی جگہ (۲) چولہا' اسٹوو' انگیٹھی (ج) مَوَاقِدُ۔
(المِيقَادُ) زَنْدٌ مِيقَادٌ جلدی آگ دینے والا چقماق۔
(الوَقَادُ) ایندھن' ہر وہ چیز جس میں آگ جلائی جائے۔
(الوَقْدُ) آگ (۲) آگ کی بھڑک۔
(الوَقْدَةُ) گرمی کی شدت۔ طَبَخَتْهُمْ وَقْدَةُ الصَّيْفِ موسم گرما کی شدت نے انہیں بھون ڈالا۔
(الوَقَّادُ) مبالغہ کا صیغہ بہت روشن' بہت ذہین' بہت پھرتیلا (۲) آگ جلانے والا (۳) ٹرین کے انجن میں ایندھن ڈالنے والا ملازم (ج) (۴) قندیلیں روشن کرنے والا ملازم (مو)
—قَلْبٌ وَقَّادٌ روشن دل۔
—رَجُلٌ وَقَّادٌ ذہین' تیز دماغ والا' پھرتیلا آدمی۔
(الوَقُودُ) ایندھن' ہر وہ چیز جس میں جلنے سے حرارتی توانائی پیدا ہو۔
(الوَقِيدُ) ایندھن
(وَقَذَ) فلانًا۔ (يَقِذُهُ) وَقْذًا اتنا مارنا کہ مرنے کے قریب ہو جائے (۳) پچھاڑنا (۴) غمگین اور بیمار کر دینا جیسے وَقَذَهُ الغَمُّ والمَرَضُ۔
—فلانًا النُّعاسُ اس پر نیند کا غلبہ آنا۔
(وَقَذَتِ) النَّاقَةُ اونٹنی کو زبردستی اتنا دوھنا کہ اس کا دودھ کم ہو جائے۔
(أَوْقَذَهُ) بیمار کر کے چھوڑنا۔
(وَقَّذَ) الضِّرَارُ النَّاقَةَ تسمہ کا زور سے باندھا جانے کی وجہ سے تھن پر نشان ڈال دینا۔
(المَوْقِذُ) بدن کا کوئی ابھرا ہوا حصہ جیسے ٹخنہ' کندھا' کہنی اور گھٹنا وغیرہ (ج) مَوَاقِذُ۔
ضَرَبَهُ عَلَى مَوْقِذٍ مِنْ مَوَاقِذِهِ اس نے اس کے ابھرے ہوئے حصہ پر مارا۔
(المَوْقُوذَةُ)۔وہ اونٹنی جس کے تھن میں بڑا ہونے کی وجہ سے دودھ کم اترتا ہو اور بچہ کے دودھ پینے سے اس کے تھن پر ورم پڑ جائے۔
(المَوْقُوذُ) ایسا سخت مریض جو مرنے کے قریب ہو۔
(المَوْقُوذَةُ): وہ بکری جسے ڈنڈا مار کر ہلاک کر دیا گیا ہو۔
(الوَقِيذُ) ایسا بے ہوش جس کے زندہ اور مردہ ہونے کا علم نہ ہو (۲) سست و کاہل (۳) بوجھل (۴) ایسا سخت بیمار جو مرنے کے قریب ہو (۵) وہ بکری جس کو ڈنڈا مار کر ہلاک کر دیا گیا ہو۔
—وَقِيذُ الجَوَانِحِ غمگین دل والا۔ هِيَ وَقِيذَةٌ (ج) وَقَائِذُ۔
(الوَقِيذَةُ) پتھروں کا فرش (ج) وَقَائِذُ۔
(وَقِرَتْ) أُذُنُهُ۔ (تَقِرُ) وَقْرًا سماعت کا ثقیل ہونا (۲) بہرا ہونا۔
—فلانٌ وَقَارًا وقِرَةً باوقار اور سنجیدہ ہونا۔
—فِي بَيْتِهِ وَقْرًا وَقُورًا گھر میں رہنا۔
—الشَّيْءُ فِي قَلْبِهِ وَقْرًا کسی چیز کا دل میں گھر کر جانا۔ راسخ ہو جانا۔
—اللّٰهُ أُذُنَهُ سماعت کو بوجھل کر دینا یا ختم کر دینا۔ وَقَرَتْ أُذُنِي عَنْ سِمَاعِ كَلَامِهِ میرا کان اس کا کلام نہ سن سکا۔
—فلانٌ العَظْمَ ہڈی توڑنا۔
(وُقِرَتْ) أُذُنُهُ۔ (تُوقَرُ) وَقْرًا و وَقِرَتْ۔
—الدَّابَّةُ چوپائے کے کھر کا چوٹ لگ کر پھٹ جانا۔
(وَقُرَ) فلانٌ۔ (يَوْقُرُ) وَقَارًا و وَقَارَةً سنجیدہ اور باوقار ہونا۔ هُوَ وَقُورٌ۔
(أَوْقَرَتِ) النَّخْلَةُ کھجور کے درخت پر خوب پھل آنا۔
—الدَّيْنُ فلانًا قرض کا کسی کو بوجھل کر دینا۔
—اللّٰهُ الدَّابَّةَ اللہ تعالیٰ کا جانور کے کھر کو پھٹا ہوا بنانا۔
—فلانٌ الدَّابَّةَ إيقَارًا جانور پر بہت وزنی بوجھ لادنا۔
(وَقَّرَ) فلانًا باوقار اور سنجیدہ بنانا (۲) عظمت دینا' عزت کرنا۔
—الشَّيْءَ نشانات پیدا کرنا۔
—الأَسْفَارُ فلانًا بہت سے سفروں کا کسی کو تجربہ کار اور پختہ کار بنا دینا۔
—فلانٌ الدَّابَّةَ جانور کو آرام دینا' سانس لینے دینا۔
—فلانًا زخمی کرنا۔
(اتَّقَرَ و تَوَقَّرَ) باوقار اور سنجیدہ ہونا۔
(اسْتَوْقَرَ) بھاری وزن اٹھانا۔
—الإِبِلُ اونٹوں کا موٹا ہونا۔
(القِرَةُ): بوجھ (۲) بیماری کا عرصہ (۳) بہت بوڑھا (۴) اہل و عیال (۵) مال (۶) بکریاں (۷) چھوٹی بھیڑوں کا ریوڑ جس کے ساتھ چرواہا اس کا گدھا اور کتا ہو۔
(المَوْقِرُ) پہاڑ کے دامن کی نرم زمین۔
(المُوقِرُ) نَخْلَةٌ مُوقِرٌ کھجوروں سے لدا ہوا درخت (ج) مَوَاقِرُ۔
(المُوقِرُ) المُوقَرُ (ج) مَوَاقِرُ۔
(المُوَقَّرُ) مصائب اور تکالیف کی وجہ سے تجربہ کار آدمی (۲) پختہ کار عقلمند آدمی (۳) باوقار و سنجیدہ آدمی۔
(المُوقَرَةُ) نَخْلَةٌ مُوقَرَةٌ کھجور کا کھجور سے لدا ہوا درخت۔
(المَوْقُورُ) نشانات پڑی ہوئی چیز۔ جیسے شَيْءٌ مَوْقُورٌ۔
(المَوْقُورَةُ) أُذُنٌ مَوْقُورَةٌ کمزور سماعت والا کان۔
(الوَقَارُ) وقار' سنجیدگی' متانت۔ (۲) بردباری' حلم (۳) عظمت جیسے —رَجُلٌ وَقَارٌ۔ (وصف بالمصدر)
(الوَقْرُ) پنڈلی کی پھٹن (۲) پتھر ہڈی اور آنکھ کا گڑھا (ج) وُقُورٌ۔
(الوِقْرُ) بھاری بوجھ (ج) أَوْقَارٌ۔
(الوَقُورُ) رَجُلٌ وَقُورٌ سنجیدہ اور بردبار آدمی۔
(الوَقْرَةُ)۔ (اسم مرۃ) ایک مرتبہ کا وقار و سنجیدگی (۲) چٹان کا گڑھا (۳) نشان اثر۔

-وَقْرَةُ الدَّهْرِ زمانہ کی مصیبتیں و آفات (ج) وَقَرَاتٌ۔
(الوَقَرِيُّ) بھیڑوں اور بکریوں کا چرواہا (۲) بھیڑ بکریوں کا مالک۔
(الوَقُوْرُ) باوقار اور سنجیدہ مرد یا عورت۔ (مذکر ومؤنث)
(الوَقِيْرُ) : المَوْقُوْرُ (۲) چھٹی ہوئی ہڈی (۳) وہ بکریاں جن کے ساتھ چرواہا، کتا اور گدھا ہو (۴) چٹان کا بڑا گڑھا جس میں پانی ٹھہر جاتا ہو۔ رَجُلٌ وَقِيْرٌ: قرض کے بوجھ میں دبا ہوا آدمی۔
(الوَقِيْرَةُ): چٹان کا بڑا گڑھا جس میں پانی ٹھہر جاتا ہو۔ أُذُنٌ وَقِيْرَةٌ: بہرا یا کمزور سماعت والا کان۔
(وَقَسَ) فُلَانًا بِالْمَكْرُوْهِ۔ (يَقِسُهُ) وَقْسًا۔ کسی پر الزام لگانا، تہمت لگانا۔
-الفاحِشَةَ: بدگوئی کرنا۔
(وَقَّسَ) الإِبِلَ۔ اونٹوں کو خارشی بنانا۔
(الأَوْقَاسُ) من الناس گرے پڑے اور غلام لوگوں کی جماعت (۲) مشکوک اور الزام زدہ لوگ جن سے احتراز کیا جائے (اس کا واحد نہیں ہے)۔ صَارَ القَوْمُ أَوْقَاسًا: وہ گروہ بن گئے۔
(الوَقْسُ) ابتدائی خارش۔
(وَقَشَ) الرَّسْمُ۔ (يَقِشُ) وَقْشًا نشان مٹ جانا۔
-فلانٌ مِنْ فُلَانٍ۔ کسی سے عطیہ حاصل کرنا۔
-لَهُ بِشَيْءٍ کسی کو کچھ دینا۔
(أَوْقَشَ) لَهُ بِشَيْءٍ کسی کو کچھ دینا۔
(وَقَّشَ) بالنَّارِ: آگ میں تپانا۔
(تَوَقَّشَ) الشَّيْءُ حرکت کرنا۔
(الأَوْقَاشُ) اوباش اور آوارہ لوگوں کا گروہ۔
(الوَقْشُ) حرکت (۲) آواز (۳) حس آہٹ جیسے سَمِعْتُ وَقْشَةً (۴) لکڑی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو جلانے کے کام آئیں۔ (۵) عیب۔
(الوَقْشَةُ حرکت (۲) آواز۔

(وَقَصَتْ) عُنُقُهُ۔ (تَقِصُ) وَقْصًا گردن ٹوٹنا۔
-النَّاقَةُ بِرَاكِبِهَا اونٹنی کا اپنے سوار کو اس طرح گرانا کہ اس کی گردن ٹوٹ جائے۔
-الشيءَ توڑنا۔
-عُنُقَهُ گردن توڑنا۔
-الفَرَسُ الآكامَ: گھوڑوں کا ٹیلوں کے سروں کو توڑنا۔
-عُنُقَهُ الدَّيْنُ قرض کا کسی کو بوجھل کر دینا۔
-الشيءَ فُلَانٌ نقص نکالنا، عیب دار کرنا۔
-رَأْسَهُ: سر کو بہت زور سے دبانا۔
(وُقِصَ). ٹوٹی ہوئی گردن والا ہونا۔
(وَقِصَ)- (يَوْقَصُ) وَقَصًا چھوٹی گردن والا ہونا۔ هُوَ أَوْقَصُ وهي وَقْصَاءُ۔
-عُنُقٌ أَوْقَصُ وعُنُقٌ وَقْصَاءُ (ج) وُقْصٌ۔
(أَوْقَصَهُ): کسی کو چھوٹی گردن والا بنانا۔
(وَقَّصَ) عَلَى نَارِهِ: آگ پر لکڑی کے ٹکڑے ڈالنا۔
(تَوَاقَصَ) چھوٹی گردن جیسا بن جانا۔
-عَلَى بُرْدَتِهِ خود کو سمیٹ کر چادر کو گرنے سے بچانے کے لئے گردن پر ڈالنا۔
(تَوَقَّصَ) بِهِ فَرَسُهُ: چھوٹی چھلانگ لگانا۔
-البَعِيْرُ اونٹ کا دبا دبا کر قدم رکھنا۔
(الأَوْقَاصُ) (جمع وقص) (۲) منتشر اور بکھرے ہوئے لوگ جیسے صَارُوْا أَوْقَاصًا (۳) گھٹیا اور نیچی ذات کے لوگ۔ جیسے أَوْقَاصٌ مِنْ بَنِي فُلَانٍ۔
(المَوْقُوْصُ) چھوٹی گردن والا۔
(الوَقْصُ) عیب ونقص (۲) اہل عروض کی اصطلاح میں مُتَفَاعِلُنْ میں متحرک حرف ثانی کو ساقط کرنے کو کہتے ہیں۔
(الوَقَصُ) بمعنی وَقْص (۲) چھوٹی چھوٹی لکڑی جن سے آگ سلگائی جاتی ہے (۳) اوقاص کا واحد، زکوٰۃ میں دو مریضوں کے درمیانی حصہ کو کہتے ہیں جیسے اونٹ جب تک پانچ ہو تو ایک بکری لازم ہوگی اور جب تک ان

کی تعداد دس نہ ہو تو کوئی اضافہ نہ ہوگا، پس پانچ سے دس تک وَقَصٌ ہے۔ بعض علماء نے وَقَص کو گائے کے ساتھ خاص کیا ہے۔
(الوَقِيْصَةُ) گردن کی جڑ کی ہڈیوں کا ابھار (ج) وَقَائِصُ۔
(وَقَطَهُ) - (يَقِطُهُ) وَقْطًا اتنا مارنا کہ اٹھنے کے قابل نہ رہے۔
-فُلَانًا دَابَّتُهُ جانور کا کسی کو گرا کر بے ہوش کر دینا۔
-فُلَانًا کسی کا سر نیچا کر کے ٹانگوں کو اٹھا کر سات مرتبہ نرم پتھر پر مارنا (یہ پہلے زمانہ ایک خاص طریقہ علاج تھا)۔
-الأَرْضَ بِهِ پچھاڑنا، زمین پر پٹخنا۔
-الشيءُ فُلَانًا سست اور بوجھل بنا دینا (۲) سلا دینا۔ أَكَلْتُ طَعَامًا وَقَطَنِي میں نے نیند لانے والا کھانا کھایا۔
(وُقِطَ) فِي رَأْسِهِ سر بھاری ہو جانا۔
(وَقَّطَ) الصُّخُوْرُ چٹان میں گڑھا پڑنا۔
(اسْتَوْقَطَ) المَكَانُ لوگوں یا جانوروں کی آمد ورفت سے کسی جگہ گڑھا پڑنا۔
(المَوْقُوْطُ) زمین پر پٹخا ہوا (۲) مار سے نڈھال اور بوجھل ہونے والا۔
(الوَقْطُ) وہ سخت گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے (ج) أَوْقَاطٌ۔
(الوَقِيْطُ) زمین پر پچھاڑا ہوا (۲) مار یا زخموں سے نڈھال اور بوجھل ہونے والا۔ جیسے وَقِيْطٌ (ج) وَقْطَى وَقَاطَى (۳) نیند از جانے کی وجہ سے بھاری اور بوجھل ہو جانے والا (۴) سخت گڑھا جس میں بارش کا پانی اکٹھا ہو جائے (ج) وِقْطَانٌ ووِقَاطٌ وإِقَاطٌ۔
(وَقَعَ)- (يَقَعُ) وَقْعًا ووُقُوْعًا گرنا۔
-الدَّوَابُّ جانوروں اور اونٹوں کا زمین پر بیٹھنا۔
-الإِبِلُ: اونٹوں کا بیٹھنا۔
-الطَّيْرُ عَلَى أَرْضٍ أَوْ شَجَرٍ پرندوں کا درخت یا زمین پر بیٹھنا۔
-المَطَرُ بالأَرْضِ بارش ہونا۔

-الحقُّ حق ثابت ہونا۔
-القولُ عَلَیْہِ کسی پر قول لازم ہونا۔
-الکلامُ فِی نَفْسِہٖ بات کا کسی کے دل میں اثر کرنا۔
-فلانٌ فِی فلانٍ وَقِیْعَۃً و وُقُوْعًا کسی کو برا بھلا کہنا' غیبت کرنا (۲) عیب نکالنا۔
-فِی العَمَلِ وُقُوْعًا کام شروع کرنا (۲) کسی کام کو آہستگی سے کرنا۔
-فِی الشَّرَکِ جال میں پھنسنا۔
-فِی أرْضِ فلانٍ کھلے جنگل میں آ جانا۔
-اِلَی کَذَا وَقْعًا کسی چیز کی طرف دوڑنا۔
-بالعَدُوِّ وَقْعًا و وَقْعَۃً دشمن پر سخت حملہ کرنا۔
-الأمْرُ مِنْ فلانٍ مَوْقِعًا حَسَنًا او سَیِّئًا کسی کام کا کسی پر اچھا یا برا اثر ڈالنا۔
-عِنْدَہٗ مَوْقِعًا حَسَنًا کسی کا قرب اور توجہ حاصل کرنا۔
-فلانٌ البَعِیْرَ وَقْعًا اونٹ کی کھوپڑی پر داغ دینا۔
-النَّصْلَ بالمِیْقَعَۃِ دھار بنانے والے آلہ سے پھلے کو تیز کرنا۔
-السِّکِّیْنَ وَالسَّیْفَ تیز کرنا۔
-الحِجَارَۃُ الحَافِرَ پتھروں کا جانور کے کھر سے گھس کو پتلا کر دینا۔ ھُوَ وَقِیْعٌ۔
-النَّعْلُ عَلَی الرِّجْلِ جوتے کا پاؤں میں ٹھیک آنا۔
(وَقِعَ)- (یَوْقَعُ) وَقَعًا ننگے پاؤں ہونا (۲) کانٹوں' پتھروں یا زمین کی سختی سے پاؤں کے گوشت میں تکلیف ہونا۔ ھُوَ وَقِعٌ۔
(وُقِعَ) فِی یَدِہٖ نادم ہونا۔
(أوْقَعَ) المُغَنِّی گوئیے کا گانے کے سر کو برابر کرنا۔
- فلانٌ بالأعْدَاءِ دشمنوں سے سخت جنگ کرنا۔
-بِفُلانٍ مَا یَسُوْءُہٗ کسی کو تکلیف پہنچانا۔
-بِہٖ الدَّھْرُ زمانہ کا کسی پر مصیبت ڈالنا۔
-الرَّوْضَۃُ باغ میں پانی رک جانا۔
-فلانٌ الشیءَ گرانا' وجود میں لانا۔

(وَاقَعَہٗ) مُوَاقَعَۃً و وِقَاعًا کسی سے لڑائی کرنا۔
-الأمُوْرَ معاملات سے قریب تر ہونا' ان میں شرکت کرنا۔
-المَرْأَۃَ جماع کرنا۔
(وَقَّعَ) الرَّجُلُ ہاتھ اٹھائے ہوئے پاؤں مار کر چلنا۔
-القَوْمُ لوگوں کا رات کے آخری حصہ میں پڑاؤ ڈالنا۔
-الإبِلُ سیرابی کے بعد اونٹوں کا آرام سے زمین پر بیٹھنا۔
-فِی الکِتَابِ کتاب میں بین السطور لکھنا۔
-الصَّیْقَلُ عَلَی السَّیْفِ پالش کنندہ کا دھار رکھنے کے آلہ سے تلوار کو تیز کرنے میں مشغول ہونا۔
-العَقْدَ وَ الصَّکَّ معاہدہ یا دستاویز وغیرہ پر دستخط کرنا۔(مو)
-الشیءَ گمان کرنا۔ تصور کرنا۔
-ظَنَّہٗ عَلَی الشَّیْءِ اندازہ لگانا۔
-الحِجَارَۃُ الحَافِرَ پتھروں کا کھر کو پتلا کر دینا۔
-الدَّبَرُ ظَھْرَ البَعِیْرِ کاٹھی کا اونٹ کی پیٹھ کو زخمی کر دینا۔
(تَوَاقَعَ) الأعْدَاءُ دشمنوں کا ایک دوسرے پر ٹوٹ پڑنا۔
-الرَّجُلانِ باہم مارکٹائی کرنا۔
(تَوَقَّعَ) الأمْرَ کسی چیز کے وقوع پذیر ہونے کا انتظار کرنا۔
(اِسْتَوْقَعَ) السَّیْفُ تلوار کو تیز کرنے کی ضرورت ہونا۔
فلانٌ الأمْرَ کسی بات کی امید رکھنا (۲) کسی بات کا خدشہ ہونا۔
(الإیْقَاعُ) موسیقی میں سروں کی ہم آہنگی' تال لے۔
(التَّوْقِیْعُ) کسی جگہ بارش کا ہونا اور کسی جگہ نہ ہونا (۲) افسر کا کسی کاغذ پر فیصلہ یا تنبیہ (۳) دستخط (مو) (۴) خط کی ایک قسم (۵) ہاتھ اٹھا کر چلنے کی قسم (ج) تَوَاقِیْعُ۔
(المَوْقَعُ) مقام' جائے وقوع۔ جیسے وَقَعَ الشیءُ مَوْقِعَہٗ (ج) مَوَاقِعُ۔
-مَوَاقِعُ القِتَالِ جنگ کا مقام۔
-مَوَاقِعُ القَطْرِ بارش برسنے کے مقامات۔
(المَوْقِعَۃُ) مقام' جائے وقوع (۲) لگاتار اور مسلسل جنگ۔(مو)
(المَوْقَعَۃُ) جائے وقوع (۲) جنگ کا میدان (ج) مَوَاقِعُ۔
(المُوَقَّعُ) مصیبت زدہ۔ آفات کا شکار (۲) وہ اونٹ جس پر کاٹھی کے بہت سے نشانات ہوں (۳) جاری راستہ (۴) تیز چھری۔
(المُوَقِّعُ) ہلکے قدم رکھنے والا (۲) دستخط کنندہ۔
(المَوْقُوْعُ) حَافِرٌ مَوْقُوْعٌ پتھروں سے زخمی اور پتلا کھر۔
(المَوْقُوْعَۃُ) قَدَمٌ مَوْقُوْعَۃٌ سخت اور موٹا پاؤں۔
(المِیْقَعَۃُ) باز کے اترنے کی مانوس جگہ (۲) دھوبی کا کپڑے کوٹنے کا تختہ (۳) دھار رکھنے کا پتھر' آلہ (۴) موگری (۵) اونٹ کے بچہ کو لاحق ہونے والی بیماری جس سے وہ اٹھ نہیں سکتا۔ یہ بیماری چیچک کے مشابہ ہوتی ہے (ج) مَوَاقِعُ۔
(الوَاقِعُ) چکی کے پتھر کو کھردرا کرنے والا۔ چکی راہا (ج) وُقَّعٌ (۲) پیش آمدہ۔ حاصل' ثابت۔ جیسے أمْرٌ وَاقِعٌ۔ طَائِرٌ وَاقِعٌ درخت وغیرہ پر بیٹھا ہوا پرندہ۔ (ج) وُقُوْعٌ و وُقَّعٌ۔
-اِنَّہٗ لَوَاقِعُ الطَّیْرِ معتدل مزاج۔ پُرسکون۔
-النَّسْرُ الوَاقِعُ (دیکھئے نسر)
(الوَاقِعَۃُ) قیامت (۲) مصیبت' آفت (۳) لگاتار لڑائی۔ رَجُلٌ وَاقِعَۃٌ بہادر آدمی (۴) ہر رونما ہونے والی چیز' حادثہ' واقعہ (مح)
(الوَاقِعِیَّۃُ) حقیقت پسندی (زندگی کے فطری احوال و واقعات کی دیانتدارانہ منظر کشی) معاشرہ کے حالات کی حقیقی تصویر اور حقائق پر مبنی نقطہ نظر (مح) (۲) افکار و خیالات اور

احوال وحوادث کا بعینہٖ اظہار۔(مو)

(الْوَقَائِعُ) احوال و حوادث (اس کا واحد وَقْعَة خلاف قیاس ہے)

(وَقَّاعِ): سر کے دو کناروں کے درمیان گول داغ۔عوف ابن احوص شاعر کہتا ہے

وَكُنْتُ اِذَا مُنِيْتُ بِخَصْمِ سَوْءٍ
وَكُنْتُ لَهٗ فَاَكْوِيهِ وَقَاعِ

(الوَقَاعَةُ): پردہ چھوڑتے وقت زمین پر اس کا کنارہ لگنے کی جگہ۔

(الْوَقْعُ): قدموں کی آواز آہٹ (۲) کسی چیز کے گرنے یا چوٹ پڑنے کی آواز (۳) پہاڑ کی بلند جگہ (۴) پتلا بادل (۵) اصل رنگ کے برخلاف نشان (۶) چھوٹی کنکریاں۔

(الْوَقِعُ): پتلا بادل (۲) پریشان و بے چین مریض۔

(الْوَقْعَةُ): اسم مرۃ وقوع (۲) پرندہ کا ایک دفعہ کا بیٹھنا (۳) چھوٹی کنکری۔

-الْوَقْعَةُ بِالْحَرْبِ: لڑائی کا تسلسل اور بار بار کا ٹکراؤ۔

-وَقْعَةُ السَّيْفِ: تلوار کا وار۔

(الْوَقَعَةُ) پتھر (وَقَعٌ کا واحد)

(الْوَقَّاعُ): لوگوں کی غیبت کرنے والا۔رَجُلٌ وَقَّاعٌ۔

(الْوَقَّاعَةُ) الْوَقَّاعُ۔

(الْوَقِيعُ): ٹھوس و سخت جگہ جس میں پانی جذب نہ ہوتا ہو۔(۲) کسی رنگ کا دھبا (ج) وُقُعٌ۔

-سِكِّينٌ وَقِيعٌ: تیز چھری۔

-حَافِرٌ وَقِيعٌ: سخت کھر (۲) پتھروں کی رگڑ سے نوکیلا ہو جانے والا کھر۔

(الْوَقِيعَةُ) زمین کا وہ سخت گڑھا جو پانی جذب نہ کرتا ہو (۲) لوگوں کی غیبت (۳) لڑائی میں بار بار کا ٹکراؤ۔

-وَقِيعَةُ الطَّيْرِ پرندے کے عموماً اترنے اور بیٹھنے کی جگہ (ج) وِقَاعٌ و وَقَائِعُ۔

-وَقَائِعُ الْحَرْبِ لڑائی کے دن۔

(وَقَفَ)- وُقُوفًا: بیٹھے ہوئے کا کھڑا ہونا (۲) چلتے ہوئے ٹھہرنا۔

-عَلَى الشَّيْءِ: معائنہ کرنا۔

-فِي الْمَسْأَلَةِ: شک کرنا۔

-عَلَى الْكَلِمَةِ: کلمہ پر وقف کرنا۔

-الْحَاجُّ بِعَرَفَاتٍ حاجی کا میدان عرفات میں وقوف کرنا۔یا اس کے وقت کو پانا۔

-فُلَانٌ عَلَى مَا عِنْدَ فُلَانٍ: کسی کے ارادہ کو بھانپ لینا۔دل کی بات کو سمجھنا۔

-الْمَاشِيَ وَقْفًا: چلتے ہوئے کو روکنا۔

-الْجَالِسَ وَقْفًا: بیٹھے ہوئے کو کھڑا کرنا۔

-الدَّابَّةَ: جانور کو روکنا۔

-فُلَانًا عَنِ الشَّيْءِ: روکنا، باز رکھنا۔

-فُلَانًا عَلَى الْأَمْرِ: کسی معاملہ سے باخبر کرنا، اطلاع دینا۔

-الْأَمْرَ عَلَى حُضُورِ فُلَانٍ: کسی معاملہ کو کسی کی موجودگی پر موقوف کرنا۔

-الدَّارَ وَنَحْوَهَا: وقف کرنا۔اللہ تعالیٰ کی راہ میں دینا۔

-عَلَى فُلَانٍ وَلَهٗ شَيْئًا: کسی کے نام کوئی چیز وقف کرنا۔

(أَوْقَفَ) فُلَانٌ عَنِ الْأَمْرِ الَّذِي كَانَ فِيهِ: کسی کام کو کرتے ہوئے چھوڑ دینا۔کہا جاتا ہے كَلَّمْتُهٗ فَأَوْقَفَ: میں اس سے کلام کیا لیکن وہ خاموش ہوگیا۔

-الْإِنْسَانَ وَغَيْرَهٗ: روکنا، ٹھہرانا۔

(وَاقَفَهٗ) فِي حَرْبٍ وَخُصُومَةٍ مُوَاقَفَةً وِوِقَافًا: لڑائی جھگڑے میں کسی کا ساتھ دینا۔

-عَلَى كَذَا: کسی بات پر ثابت قدم رہنے کا کہنا۔

(وَقَّفَ) الْجَيْشَ: لشکر کا صف در صف کھڑے ہونا۔

-النَّاسَ فِي الْحَجِّ: مواقف میں ٹھہرنا یا پڑاؤ کی جگہ میں رکھنا۔

-الْمَرْأَةَ: عورت کا ہاتھ میں ہاتھی دانت کے کنگن پہننا۔

-الْأَنْسَانَ وَغَيْرَهٗ: روکنا، ٹھہرانا۔

-فُلَانًا عَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز پر مطلع کرنا۔

-الْقَارِئَ: قاری کو وقف کے مقامات سمجھانا۔

-الْحَدِيثَ: بات کو واضح کرنا۔

-الشَّيْءَ: کھڑا کرنا۔

-التُّرْسَ: ڈھال کے کناروں پر لوہا وغیرہ لگانا۔

(تَوَاقَفَ) الْقَوْمُ فِي الْكِفَاحِ: لڑائی میں ساتھ ساتھ کھڑے ہونا۔

(تَوَقَّفَ) عَنْ كَذَا: رکنا، باز رہنا۔

-عَلَيْهِ: جمنا، ثابت قدم رہنا۔

-فِيهِ: توقف کرنا، رکنا، ٹھہرنا۔

(اِسْتَوْقَفَهٗ): ٹھہرنے کا مطالبہ کرنا (۲) ٹھہرنے پر ابھارنا۔

(التَّوْقِيفُ): کسی معاملہ میں شارع کی نص۔

(التَّوْقِيفِيُّ): توقیف کی طرف منسوب ثابت نص۔جیسے اسماء اللہ توقيفيّة۔

(الْمَوْقِفُ) انسان یا حیوان کے کھڑے ہونے کی جگہ (۲) طرز عمل، رویہ، پالیسی۔

-مَوْقِفُ الْمَرْأَةِ: پردہ نشین عورت کے ہاتھ آنکھ یا وہ اعضاء جن کا کھولنا ضروری ہو۔

-الْمَوْقِفَانِ: دبر کے پاس دو رگیں جن میں تشنج ہو جائے تو انسان کھڑا نہیں ہو سکتا اور اگر وہ کاٹ دی جائیں تو مر جائے گا۔

-اِمْرَأَةٌ حَسَنَةُ الْمَوْقِفَيْنِ خوبصورت اور حسین پاؤں والی عورت۔

(الْمُوَقَّفُ) جہاں دیدہ اور تجربہ کار آدمی۔رَجُلٌ مُوَقَّفُ الْحَقِّ حق پرست آدمی۔(۲) کانوں کے اوپر کے حصوں میں سفیدی والا گھوڑا (۳) اگلے پاؤں میں سرخی والا بیل (۴) جوئے میں پھینکا جانے والا تیر (۵) وہ تھن جس پر کانٹھی کے نشانات پڑ گئے ہوں۔

(الْمُوَقَّفَةُ) دَابَّةٌ مُوَقَّفَةٌ وہ جانور جس کی ٹانگوں پر کالی دھاریاں ہوں۔

(الْمَوْقُوفُ) خدا کی ملکیت پر وقف کیا ہوا مال جس کی منفعت بندوں کے لئے ہو (۲) وہ کلام جس سے روکا گیا ہو (محدثین)

(الْمِيقَافُ) لکڑی وغیرہ جس سے ہانڈی کے ابال کو روکا جائے۔

(الْمِيقَفُ): الْمِيقَافُ۔

(الْوَاقِفُ): مال کو اپنی ملکیت یا خدا کی ملکیت پر

وقف کرنے والا (۲) گرجا کا خادم (ج) وُقُفٌ وُقُوفٌ۔

(الوَاقِفَةُ) قدم، پاؤں (صفت غالبہ)

(الوَاقِفِيَّةُ) صوفیوں کا ایک فرقہ۔

(الوَقْفُ) قراءت میں کلمہ کو مابعد سے منقطع کرنا (۲) فقہاء کے نزدیک مال کو خدا کی ملکیت یا واقف کی ملکیت کے لئے خاص کرنا۔ جبکہ اس کی منفعت لوگوں کے لئے ہو (۳) ہاتھی دانت کے کنگن (۴) چاندی وغیرہ کی پازیب (۵) ڈھال کے گرد سینگ یا لوہے وغیرہ کا حلقہ (ج) وُقُوفٌ۔

(الوَقْفَةُ) وقفہ، توقف، بندش (۲) مشک (۳) ڈھال کے گرد کا حلقہ۔

–یَوْمُ الوَقْفَةِ میدان عرفات میں وقوف کرنے کا دن۔ (مو)

(الوَقَّافُ) سوچ سمجھ کر اطمینان سے کام کرنے کا عادی (۲) جنگ سے دامن بچانے والا۔

(الوَقِیْفَةُ) شکاری جو کتوں کے تعاقب سے تھک کر کھڑا ہو جائے۔

(الوَقُّ) ایک پرندہ کی آواز۔

(وَقَلَ) فِی الجَبَلِ – (یَقِلُ) وَقْلاً وَوُقُولاً پہاڑ پر چڑھنا (۲) ایک ٹانگ پر کھڑا ہونا۔

(تَوَقَّلَ) فِی الجَبَلِ پہاڑ پر چڑھنا۔

–فِی مَصَاعِدِ الشَّرَفِ عزت کی بلندیوں پر فائز ہونا۔

(الوَقْلُ) گوگل کا درخت یا اس کا پھل۔ (ج) أَوْقَالٌ وَوُقُولٌ۔

(الوَقْلُ) پتھر (۲) کھجور کی شاخوں کی جڑیں جن پر پاؤں رکھ کر چڑھا جائے۔

(الوَقِلُ) فَرَسٌ وَعِلٌ وَقِلٌ پہاڑوں میں چڑھنے اترنے کا ماہر گھوڑا۔

(الوَقْلَةُ) گوگل کا درخت یا اس کا پھل (۲) گوگل کے پھل کی گٹھلی۔

(وَقَمَ) الرَّجُلَ – (یَقِمُهُ) وَقْماً مجبور کرنا (۲) بری طرح دوڑنا۔ برا سلوک کرنا۔

–عَنْ حَاجَتِهِ ضرورت سے روکنا۔

–الأَمْرُ فُلَاناً کسی بات کا کسی کو رنجیدہ اور مغموم بنا دینا۔

(وُقِمَتِ) الأَرْضُ زمین کو روند کر اس کی گھاس کا چر لیا جانا۔

(أَوْقَمَهُ) روکنا، دور کرنا۔

(وَقَّمَ) فِی الشَّیْءِ کسی چیز کو طول دینا۔

–فُلَاناً کسی کو دھمکی دینا (۲) تابع اور مغلوب کرنا (۳) چیلنج کرنا، للکارنا۔

–الصَّیْدَ شکار کو پے سامنے مار ڈالنا۔

–الکَلَامَ بات کو سن کر ذہن میں بٹھا لینا۔

(تَوَقَّمَ) الصَّیَادُ شکاری کا اپنے سوراخ میں گھس جانا۔

–فُلَاناً دھمکی دینا، ڈانٹنا۔

–الصَّیْدَ شکار کو مار ڈالنا۔

–فلاناً بالکَلَامِ کسی پر زبان سے حملہ کرنا۔

–کَلَامَ فُلَانٍ کسی کی بات کو سن کر ذہن نشین کرنا۔

(الوِقَامُ) تلوار (۲) عصا، لاٹھی (۳) کوڑا (۴) رسی۔

(أَوْقَنَ): الرَّجُلَ پرندہ کو اس کے گھونسلے سے شکار کرنا۔

(تَوَقَّنَ) أَوْقَنَ۔

–فِی الجَبَلِ پہاڑ پر چڑھنا۔

(الوُقْنَةُ) گھونسلا۔

(المَوْقُونَةُ) عفیف پردہ نشین لڑکی۔

(وَقْوَاقٌ) الرَّجُلُ کمزور ہونا۔

–الکَلْبُ کتے کا خوف کے وقت بھونکنا۔

–الطَّائِرُ آواز نکالنا، چہچہانا۔

(الوَقْوَاقُ) بزدل (۲) وہ درخت جس سے قلم دان بنایا جائے۔

(الوَقْوَاقَةُ) بہت بولنے والا (مذکر و مؤنث کے لئے) جیسے رجلٌ وقواقةٌ اور امرأةٌ وقواقةٌ۔

(وَقِیَ) الفَرَسُ مِنَ الحَفَی – (یَقِی) وَقْیاً وَوَقِیَ گھوڑے کا کھر گھس جانے کی وجہ سے چلنے سے گھبرانا۔

–الشَّیْءَ وَقْیاً وَوِقَایَةً وَوَاقِیَةً بچانا، حفاظت کرنا۔ جیسے بطور دعا کے کہتے ہیں وَقَاهُ اللّٰهُ مِنَ السُّوْءِ وَقَاهُ السُّوْءَ۔ قرآن مجید میں ہے (فَوَقَاهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِکَ الْیَوْمِ)

–الأَمْرَ وَقْیاً وَوُقِیّاً اصلاح و درستگی کرنا۔

(وَقَّاهُ) تَوْقِیَةً حفاظت کرنا، بچانا۔

(اتَّقَی) بِالشَّیْءِ کسی چیز کے ذریعہ اپنا بچاؤ کرنا۔

–اللّٰهَ اللہ کے عذاب سے ڈرنا اور اس کی منہیات سے بچنا۔

–الشَّیْءَ بچنا، اجتناب کرنا۔

(تَوَقَّاهُ) بچنا، اجتناب کرنا۔ حدیث میں ہے (وَتَوَقَّ کَرَائِمَ أَمْوَالِهِمْ) (۲) بچانا، حفاظت کرنا۔

(التُّقَاةُ) خشیت و خوف (ج) تُقًی۔

(التَّقَاوِیْ) (دیکھئے قوی)

(التَّقْوٰی) خشیت و خوف۔

–تَقْوَی اللّٰهِ اللہ سے ڈرنا اس کے مامورات پر عمل کرنا اور منہیات سے بچنا۔

(التَّقِیَّةُ) خشیت و خوف (۲) (بعض اسلامی فرقوں کے نزدیک) حق کو چھپا کر دوسرے ملک میں نقصان سے بچنے کے لئے لوگوں سے ظاہری نیک برتاؤ۔

(التَّقِیُّ) متقی، صاحب تقویٰ، اللہ سے ڈرنے والا۔ (ج) أَتْقِیَاءُ۔

(المُوَقَّی) بہادر۔

(الوَاقِی) چڑیا سے کچھ بڑا ایک پرندہ۔

–فَرَسٌ وَاقٍ وَوَاقِیَةٌ وہ زخمی گھوڑا جو کھر زخمی ہونے کی وجہ سے چلنے سے گھبراتا ہو۔

(الوَاقِیَةُ) بچاؤ کی چیز، ذریعہ حفاظت (ج) أَوَاقٍ۔

(الوِقَاءُ) بچاؤ کا ذریعہ۔

(الوَقَّاءُ) صیغہ مبالغہ، بہت محتاط۔

(الوِقَایَةُ) حفاظت اور بچاؤ کا ذریعہ۔

(الوُقِیَّةُ) بمعنی اوقیہ۔ ایک رطل کا بارہواں حصہ تقریباً ایک اونس کے برابر (ج) وَقَایَا۔

و ... ک

(تَكِيَ) - (يَتْكَأُ) تَكْأً. ٹیک لگا کر بیٹھنا۔
(اس کی اصل وَكِيَ بھی)
(أَتْكَأَ) فُلَانًا. کسی کو سہارا یا ٹیک دے کر بٹھانا (۲) سہارا دینے پر ابھارنا۔ ضَرَبَهُ فَأَتْكَأَهُ اسے مار کر سہارا دیئے ہوئے شخص کی طرح بٹھا دیا۔
(أَوْكَأَ) عَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز کا سہارا لینا، برداشت کرنا۔
-فُلَانًا صوفہ بچھانا، کسی کے لئے آرام دہ کرسی رکھنا۔
(وَاكَأَ) عَلَى يَدَيْهِ مُوَاكَأَةً وَوِكَاءً دعا کے لئے دونوں ہاتھ اٹھانا۔
(تَوَكَّأَ) عَلَى الشَّيْءِ ٹیک لگانا، تکیہ لگانا۔
-النَّاقَةُ اونٹنی کا دردزہ کی وجہ سے چیخنا۔
(التُّكَأَةُ) وہ چیز جس سے ٹیک لگائی جائے یا سہارا لگایا جائے جیسے عصا یا کمان وغیرہ (۲) کاہل اور ہر وقت پڑا رہنے والا آدمی (۳) بھاری آدمی جو اپنی جگہ سے اٹھ نہ سکے۔
(الْمُتَّكَأُ) سہارا لگا کر بیٹھنے کی آرام دہ کرسی، صوفہ (ج) مُتَّكَآتٌ۔
(الْمُتَّكِئُ) ٹیک لگانے والا، سہارا لینے والا۔
(وَكَبَ) - (يَكِبُ) وَكْبًا وَوَكَبَانًا وُكُوبًا. آہستہ چلنا، سکون واطمینان سے چلنا۔ (۲) سیدھا کھڑا ہونا۔
-عَلَى الْأَمْرِ. کسی کام پر ہمیشگی اختیار کرنا۔
(وَكِبَ) التَّمْرُ - (يَوْكَبُ) وَكَبًا کھجور کا پکنے کے بعد سیاہ ہو جانا۔
-الثَّوْبُ میلا ہونا۔
(أَوْكَبَ) فلانٌ جلوس میں شامل ہونا۔
-عَلَى الْأَمْرِ. کسی کام پر ہمیشگی اختیار کرنا۔
-الطَّائِرُ اڑنے کے لئے تیار ہونا۔
-فُلَانًا غضبناک کرنا۔
(وَاكَبَ) عَلَى الشَّيْءِ مُوَاكَبَةً وَوِكَابًا کسی چیز کی پابندی کرنا۔
-الْأَمِيرَ جلوس میں امیر کا ہم رکاب ہونا۔
-المَوكبَ جلوس کا ہم رکاب ہونا۔ ... ا

کے ساتھ چلنا۔
(وَكَّبَ) الْعِنَبُ انگور میں سیاہی کا اثر آنا۔
-التَّمْرُ کھجور کا پک کر سیاہ ہو جانا۔
(الْمَوْكِبُ) قافلہ، جلوس، اونٹ سواروں کا قافلہ (۲) جلوس بنا کر سوار اور پیدل چلنے والوں کی جماعت (ج) مَوَاكِبُ۔
(الْمُوَكِّبُ) خام کھجور کو پکانے کے لئے کاٹا چھپایا گیا ہو۔
(الْوَاكِبَةُ) جانور کی ٹانگ۔
(الْوَكَّابُ) انتہائی غمگین۔
(الْوَكُوبُ): ظَبْيَةٌ وَكُوبٌ ریوڑ کے ساتھ رہنے والی ہرنی۔
(وَكَتَ) فِي الشَّيْءِ - (يَكِتُ) وَكْتًا نشان ڈالنا۔
-الْبُسْرُ خام کھجور میں پکنے کا نشان آنا۔
-الدَّابَّةُ جانور کا جلدی جلدی پاؤں اٹھانا۔
-فُلَانٌ الْكِتَابَ تحریر پر نقطہ لگانا۔
-الْقَدَحَ پیالے کو بھرنا۔
-الْمَشْيَ وَكْتًا وَوَكَتَانًا چھوٹے چھوٹے قدموں سے سستی کے ساتھ بھونڈی چال چلنا۔
(الْمَوْكُوتُ) رَجُلٌ مَوْكُوتٌ. غم وغصہ سے بیتاب۔
(الْوَكْتُ) کسی چیز پر ہلکا سا نشان، دھبا۔
(الْوَكْتَةُ) اسم مرۃ، ایک نشان، داغ۔ دھبہ (۲) آنکھ کا سرخی یا سیاہی میں سفیدی نقطہ (ج) وِكَتٌ۔
(الْوَكَّاتُ) چھوٹے قدموں سے بھونڈی چال چلنے والا۔
(الْوَكِيتُ) صاحب اقتدار کے پاس کسی کی شکایت وچغل خوری۔
(اسْتَوْكَتَ) دوپہر کے کھانے سے پہلے ہلکا سا ناشتہ کرنا۔
(الْوِكَاتُ) دوپہر کے کھانے سے پہلے کا ہلکا سا ناشتہ۔
(وَكَحَهُ) برجله - (يَكِحُهُ) وَكْحًا زور سے روندنا، کچلنا۔
(أَوْكَحَ) تھکنا (۲) سائل کو سختی سے انکار کرنا۔

-عَنِ الْأَمْرِ کوئی کام چھوڑ دینا۔
-فِي حَفْرِهِ کھدائی کرتے ہوئے چٹان یا سخت جگہ میں پہنچنا۔
-الْعَطِيَّةَ عطیات روک دینا۔
(اسْتَوْكَحَ) عطیہ بند کر دینا، عطا نہ کرنا۔ جیسے سَأَلَهُ فَاسْتَوْكَحَ۔
-الْفَرَاخُ چوزہ کا بڑا اور توانا ہونا۔
(الْأَوْكَحُ) سخت جگہ (۲) پتھر (۳) مٹی۔
(الْوُكُحُ) بڑے چوزے۔
(وَكَدَ) بِالْمَكَانِ - (يَكِدُ) وَكْدًا وَكُودًا کسی جگہ ٹھہرنا۔
-فُلَانٌ مقصود کو حاصل کر لینا۔
-الرَّحْلَ کجاوہ کو باندھنا۔
-الْعَقْدَ گرہ کو مضبوط کرنا۔
-الْأَمْرَ کسی کام پر لگنا، مشق کرنا۔
-وُكْدَهُ کسی کے نقش قدم پر چلنا۔
(أَوْكَدَ) السَّرْجَ زین کسنا۔
-الْعَهْدَ عہد کو پختہ کرنا (اس میں آكد بھی کہا جاتا ہے)
(وَكَّدَ) السَّرْجَ وَالْعَهْدَ: فَوَكَّدَهُمَا (ایک لغت أَكَّدَهُمَا بھی ہے)
(تَوَكَّدَ) مضبوط وپختہ ہونا۔
(التَّوَاكِيدُ): التَّآكِيدُ. کاٹھی یا زین کو باندھنے کے چمڑے کے تسمے۔
(التَّوْكِيدُ) (نحویوں کی اصطلاح میں) ایک تابع۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ لفظی اور معنوی۔ اول لفظ کے تکرار سے ہوتی ہے جیسے قرآن مجید میں ہے (إِذَا دُكَّتِ الْأَرْضُ دَكًّا دَكًّا) اور معنوی چند مخصوص الفاظ کے ذریعہ ہوتی ہے۔ جیسے نفس، عین، کلا وکلتا، کل، جمیع، عامة جیسے (فَسَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ أَجْمَعُونَ)۔
(الْمُتَوَكِّدُ) کسی کام کے لئے تیار، مستعد۔
(الْمُوَاكِدَةُ) مسلسل چلنے والی عادی اونٹنی۔
(الْوِكَادُ) وکاد کا واحد ... دوہتے وقت گائے باندھنے یا زین کے کناروں کو باندھنے کی رسی۔

(الوُكْدُ) قصد و ارادہ (۲) مقصود و مراد۔
(الوُكْدُ) جدوجہد کوشش۔ مَا زَالَ ذٰلِكَ وُكْدِيْ میری ہمیشہ یہ کوشش رہی۔
(وَكَرَ) الطَّائِرُ۔ (يَكِرُ) وَكْرًا و وُكُوْرًا۔ پرندہ کا گھونسلا میں داخل ہونا۔
–الظَّبْيُ وَكْرًا ہرن کا کودنا۔
–النَّاقَةُ ونحوُها اونٹنی یا گھوڑے کا دلکی چال چلنا۔
–فلانٌ للقومِ لوگوں کے لئے عمارت کی تکمیل کا کھانا تیار کرنا۔
–فُلَانًا کسی کی ناک پر مکا مارنا۔
–الاِنَاءَ برتن کو بھرنا۔
(أَوْكَرَ) الاِنَاءَ برتن کو بھرنا۔
–بَطْنَهُ پیٹ بھرنا۔
(وَكَّرَ) الطَّائِرُ پرندہ کا گھونسلہ بنانا۔
–فلانٌ عمارت کا تکمیل کا کھانا تیار کرنا۔
–القَوْمَ لوگوں کو عمارت کی تکمیل کا کھانا کھلانا۔
–السِّقَاءَ و المِكْيَالَ مشک یا مکیال کو بھرنا۔
–بَطْنَهُ پیٹ کو کھانے سے بھرنا۔
(اتَّكَرَ) الطَّائِرُ گھونسلہ بنانا۔
(تَوَكَّرَ) الطَّائِرُ پرندہ کا پوٹا بھرنا۔
–الصَّبِيُّ بچہ کا شکم سیر ہونا۔
(الوَكْرُ) گھونسلہ (ج) أَوْكُرٌ و أَوْكَارٌ و وُكُوْرٌ (۲) دلکی چال (جس میں بیک وقت تین پاؤں اٹھتے ہیں)
(الوَكَرَى) دلکی چال۔
–اِمْرَأَةٌ وَكَرَى زمین پر زور سے پاؤں رکھنے والی عورت۔
–نَاقَةٌ وَكَرَى بہت کودنے والی چربی دار اونٹنی۔
(الوَكْرَةُ) مصدر مرۃ: ایک دفعہ کا فعل (۱) گھونسلا (ج) وُكَرٌ (۳) وہ کھانا جو عمارت کی تکمیل کی خوشی میں بنایا جائے۔
(الوَكْرَةُ) عمارت کی تکمیل کی خوشی کا کھانا۔
(الوَكْرَةُ) پانی تک پہنچنے کا راستہ۔
(الوَكَّارُ) بہت دوڑنے والا۔

(الوَكِيْرُ) و (الوَكِيْرَةُ): الوَكْرَةُ۔
(وَكَزَ) فلانٌ۔ (يَكِزُ) وَكْزًا: دوڑنا۔
–فِي عَدْوِهِ مِنْ فَزَعٍ و نحوِهِ: تیز دوڑنا۔
–فلانًا دھکا دینا، مارنا۔ (۲) کسی کی ٹھوڑی پر مکہ مارنا۔ قرآن مجید میں ہے (فَوَكَزَهُ مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ)
–أَنْفَهُ ناک توڑنا۔
–فُلَانًا بالرُّمْحِ کسی کو نیزہ مارنا۔
–الرُّمْحَ فِي الأَرْضِ: زمین میں نیزہ گاڑنا۔
–الزِّقَّ: مشکیزہ کو بھرنا۔
(تَوَكَّزَ) للأَمْرِ: کسی کام کے لئے تیار ہونا۔
–مِنَ الطَّعَامِ کھانے سے سیر ہونا۔
–عَلٰى عَصَاهُ لاٹھی پر سہارا لگانا۔
(الوَكْزَى) کوتاہ قد اونٹنی۔
(وَكَسَ) الشَّيْءُ۔ (يَكِسُ) وَكْسًا کم ہونا۔
–الشَّيْءَ کم کرنا۔
–فُلَانًا کسی کو نقصان پہنچانا۔
(وُكِسَ) فِي تِجَارَتِهِ تجارت میں نقصان اٹھانا۔
(أَوْكَسَ) فِي تِجَارَتِهِ: وُكِسَ۔
(وَكَّسَ) مَالَهُ: مال کم کرنا۔
–فُلَانًا ڈانٹنا۔
(الأَوْكَسُ) خسیس اور کمینہ آدمی۔
(الوَكْسُ) بَرَأَتِ الشَّجَّةُ عَلٰى وَكْسٍ مواد باقی رہتے ہوئے زخم اوپر سے بھر گیا (۲) چاند کی وہ منزل جہاں اسے گہن لگتا ہے (۳) نقصان، گھاٹا۔
–بَيْعُ الوَكْسِ گھاٹے کے ساتھ بیچنا۔
(وَكَظَ) عَلَى الأَمْرِ۔ (يَكِظُ) وَكْظًا ہمیشگی اختیار کرنا۔
–الشَّيْءَ ٹکر مارنا (۲) دھکیلنا، دھکے دینا۔
(وَاكَظَ) عَلَى الأَمْرِ مُوَاكَظَةً و وِكَاظًا: ہمیشگی اختیار کرنا۔
(تَوَكَّظَ) عَلَيْهِ الأَمْرُ: کسی کے لئے معاملہ کا پیچیدہ ہونا۔
(وَكَعَ) البَعِيْرُ۔ (يَكَعُ) وَكْعًا اونٹ کا درد کی وجہ سے گر پڑنا۔
–الدَّجَاجَةُ مرغی کا جفتی کے لئے دب جانا۔
–الشَّاةَ: بکری کو دوھتے وقت تھن پر ہاتھ مارنا۔
–فُلَانًا بالأَمْرِ: کسی کو کسی بات کی شرم دلانا۔
–أَنْفَهُ کسی کی ناک توڑنا۔
–العقربُ بِاِبْرَتِهَا فُلَانًا بچھو کا کسی کو ڈنگ مارنا۔
(وَكِعَ) فُلَانٌ۔ (يَوْكَعُ) وَكَعًا کسی کا پاؤں کے انگوٹھے کی طرح اوپر کو اٹھا ہوا ہونا (۲) بے وقوف ہونا (۳) کمینہ ہونا۔ هُوَ أَوْكَعُ و هِيَ وَكْعَاءُ (ج) وُكْعٌ۔
(وَكُعَ) الرَّجُلُ۔ (يَوْكُعُ) وَكَاعَةً کمینہ ہونا۔
–الشيءُ ٹھوس و سخت ہونا۔ هُوَ وَكِيْعٌ و وَكُوْعٌ۔
(أَوْكَعَ) الرَّجُلُ: بے فیض اور کم خیر والا ہونا (۲) کوئی سخت کام کرنا۔
–القَوْمُ کسی قبیلہ کا موٹے اور سخت جسم کے اونٹوں والا ہونا۔
–الأَمْرُ: پختہ اور مضبوط ہونا۔
–فلانٌ فِي الأَمْرِ: کسی معاملہ میں سخت ہونا۔
–الشيءَ: مضبوط بنانا۔
–السِّقَاءَ مشک کو مضبوط بنانا۔
(وَاكَعَ) الدِّيْكُ الدَّجَاجَةَ مرغ کا مرغی کو نیچے دبا لینا۔
(اتَّكَعَ) الشيءُ سخت ہونا۔
(اسْتَوْكَعَ) فلانٌ معدہ کا سخت کرنا۔ اِسْتَوْكَعَتِ المِعْدَةُ۔
–طَبِيْعَتُهَا: طبیعت کا سخت ہونا۔
–الفِرَاخُ چوزوں کا سخت اور موٹا ہونا۔
–السِّقَاءُ مشک کو مضبوط ہونا۔ مشک کی سلائی کے سوراخوں کا سخت ہونا۔
(المِيْكَعُ) پختہ اور مضبوط مشک (۲) غلہ کا بورا (۳) جوتائی کے بعد زمین ہموار کرنے کا تختہ یا مشین۔
(المِيْكَعَةُ) ہل کا لوہا (ج) مَيَاكِعُ۔

(الوَكْعَاءُ) بیوقوف عورت (۲) درد کی وجہ سے گر جانے والی عورت۔
(الوَكِيعُ) سب سے آگے چلنے والی بکری (۲) مضبوط و طاقتور اونٹنی۔
-أَمْرٌ وَكِيعٌ مضبوط و مستحکم کام۔
-قَلْبٌ وَكِيعٌ وہ دل جس میں آسانی سے بات اتر جائے۔
(وَكَفَ) المَاءُ وَغَيْرُهُ- (يَكِفُ) وَكْفًا ووَكِيفًا ووَكَفَانًا پانی کا بہنا اور قطرہ قطرہ ٹپکنا۔
-البَيْتُ بِالمَطَرِ بارش کی وجہ سے گھر کی چھت ٹپکنا۔
-العَيْنُ الدَّمْعَ آنکھ کا آنسو بہانا' وَكَفَتِ العَيْنُ بِالدَّمْعِ بھی کہتے ہیں۔
(وَكِفَ)- (يَوْكَفُ) وَكَفًا: ٹیڑھا ہونا۔ (۲) ظالم اور غیر عادل ہونا (۳) عیب دار ہونا (۴) گناہ میں مبتلا ہونا۔
-عَقْلُهُ وَرَأْيُهُ عقل یا رائے کا بگڑا ہوا ہونا۔
-الشَّيْءُ بوجھل اور سخت ہونا۔
(أَوْكَفَ) المَاءُ وَالدَّمْعُ وَنَحْوُهُمَا: وَكَفَ۔
-الحَامِلُ حاملہ کا بچہ جننے کے قریب ہونا۔
-فلانٌ فلانًا کسی کو گناہ میں مبتلا کرنا۔
-الدَّابَّةَ جانور پر پالان رکھنا۔
(وَاكَفَهُ) کسی کا مقابلہ کرنا' سامنے آنا۔
(وَكَّفَ) الدَّابَّةَ جانور پر پالان رکھنا۔
-الوِكَافَ پالان بنانا۔
(تَوَاكَفَ) القَوْمُ لوگوں کا منہ پھیر لینا۔
(تَوَكَّفَ) البَيْتُ والسَّطْحُ گھر اور چھت کا ٹپکنا۔
-فلانٌ لِفُلانٍ کسی کو تلاش کرتے ہوئے پا لینا۔
-فُلانًا کسی کا خیال رکھنا اس کے معاملات کی دیکھ بھال کرنا۔
-الأَثَرَ نشان پر چلنا' ٹوہ لگانا' کھوج لگانا۔
-الخَبَرَ خبر کا منتظر ہو کر دریافت کرنا۔
(اسْتَوْكَفَ) المَاءُ پانی ٹپکانا (۲) پانی بہانے کو کہنا۔
(الوَاكِفُ) موسلا دھار بارش۔
(الوِكَافُ) پالان (ج) وُكُفٌ۔
(الوَكْفُ) چمڑے کا فرش۔
(الوَكْفُ) پہاڑ کا دامن۔
(الوَكُوفُ) وہ اونٹنی جس کا دودھ جاری رہتا ہو (۲) بہت دودھ دینے والی بکری (۳) ہلکے ہلکے برسنے والے بادل۔
(الوَكِيفُ) بارش۔
(وَكَلَ) بِاللهِ- (يَكِلُ) وَكْلًا. اللہ تعالی پر بھروسہ کرنا۔
-الدَّابَّةُ جانور کا چلنے میں سستی کرنا۔
-إِلَيْهِ الأَمْرَ وَكْلًا ووُكُولًا کوئی معاملہ کسی کے سپرد کرنا (۲) کو کسی کو کسی معاملہ کا اختیار دے دینا۔
-فُلانًا إِلَى رَأْيِهِ کسی کو اس کی مرضی پر چھوڑ دینا۔ مدد نہ کرنا۔ حدیث میں (اللّٰهُمَّ لا تَكِلْنَا الى انفسنا طرفة عين)
(أَوْكَلَ) عَلَى اللهِ اللہ تعالی پر بھروسہ کرنا۔
-عَلَى فُلانٍ العَمَلَ کوئی کام مکمل طور پر کسی کے سپرد کر دینا۔
(وَاكَلَتِ) الدَّابَّةُ برے طریقہ سے چلنا۔ بھدی چال چلنا۔
-رَجُلٌ مُوَاكِلٌ کمزور آدمی۔
(وَكَّلَهُ) اعتماد کی بنا پر کسی کو اپنے معاملہ کا اختیار دے دینا' وکیل بنانا۔
-فِي الأَمْرِ وعليه کسی معاملہ میں اختیار سونپنا۔
(اتَّكَلَ) عَلَى اللهِ اللہ پر بھروسہ کرنا۔
-عَلَى فلانٍ فِي أَمْرٍ کسی پر اعتماد کرنا۔
(تَوَاكَلَ) القَوْمُ ایک دوسرے پر اعتماد کرنا۔
-القَوْمُ فُلانًا کسی کو چھوڑ دینا اور مصیبت میں اس کی مدد نہ کرنا۔
(تَوَكَّلَ) الرَّجُلُ بِالأَمْرِ کسی کام کی انجام دہی کا ضامن بننا (۲) ذمہ داری قبول کرنا۔ وکالت قبول کرنا۔
-عَلَى اللهِ اللہ تعالی پر بھروسہ کرنا۔
-فِي الأَمْرِ کسی معاملہ میں اپنے آپ کو عاجز ظاہر کر کے کسی اور کے سپرد کرنا۔
-فی اصطلاح أَهْلِ الحَقِيقَةِ اللہ کے خزانوں پر یقین کرنا اور لوگوں کی چیزوں سے ناامید ہو جانا۔
(التُّكْلانُ) توکل' اعتماد (اصل میں الوُكْلانُ تھا)
(التُّكَلَةُ) دوسروں پر بھروسہ کرنے والا۔ (اصل میں الوُكَلَةُ تھا)۔
(المُوَاكِلُ) دوسروں پر بھروسہ کرنے والا۔
-رَجُلٌ مُوَاكِلٌ پھرتیلا آدمی۔
(الوَاكِلُ) وہ گھوڑا جو سوار کی ضرب کے سہارا دوڑتا ہو۔
(الوِكَالُ) سستی و کند ذہنی۔ جیسے فِيهِ وِكَالٌ (۳) کمزوری۔
(الوَكَالَةُ) کسی کام کی ادائیگی کسی کے سپرد کرنا (۲) وکیل کا کام اور اس کو انجام دینے کی جگہ (محدثہ)
(الوَكَلُ) بزدل (۲) کند ذہن (۳) ایسا بہت آدمی جو کسی کام کو خود نہ کرے بلکہ کسی اور کے ذمہ لگا دے۔
(الوُكَلُ) عاجز' لاچار (۲) کند ذہن (۳) بزدل۔
(الوُكَلَةُ) اپنے کام کو لوگوں کے سپرد کرنے والا۔
(الوَكِيلُ) اللہ تعالی کا ایک نام یعنی وہ ذات جو اپنے بندوں کے رزق کی ذمہ دار ہے۔ (۲) نگران' محافظ' نگہبان (۳) کفیل' ضامن' ذمہ دار (۴) وکیل- غیر کی جگہ کام کرنے والا- کسی کا نائب بننے والا (یہی جمع اور مونث کے لئے بھی آتا ہے جیسے هُمْ وَكِيلٌ وَهِيَ وَكِيلٌ) (ج) وُكَلاءُ۔
-الوَكِيلُ بِالعُمَالَةِ او العُمُولَةِ ایجنٹ وہ شخص جو کسی معین معاوضہ پر خاص معاہدہ کے تحت کوئی کام انجام دیتا ہو (مـ)
(وَكَمَهُ) عَنْ حَاجَتِهِ- (يَكِمُهُ) وَكْمًا کسی کو اس کے مقصد سے بری طرح

روکنا۔
—الأمرُ فلانًا غمگین کردینا۔
—فلانٌ الکلامَ کسی کو السلام علیکم (بکسر الکاف) کہنا۔
(وَکِمَ) مِنَ الشیءِ۔ (یَکِمُ) غمگین و پریشان واداس ہونا۔
(وُکِمَتِ) الأرضُ: زمین کا روندا ہوا اور چرا ہوا ہونا جس پر چلنے میں کوئی رکاوٹ نہ ہو۔
(وَکَنَ) الرَّجُلُ۔ (یَکِنُ) وَکْنًا: تیز چلنا۔ (۲) بیٹھنا۔
—الطَّائِرُ وَکْنًا ووُکُونًا: پرندہ کا گھونسلے میں داخل ہونا۔
—بَیْضَهٗ وَعَلَیْهِ انڈے سینا۔ هُوَ وَاکِنٌ وهِيَ وَاکِنَةٌ (ج) وُکُونٌ۔
(تَوَکَّنَ) جگہ بنانا' مضبوط ہونا (۲) مجلس میں ٹیک لگا کر عمدگی سے بیٹھنا۔
(المَوْکِنُ) انڈے سینے کی جگہ (۲) گھونسلا۔
(المَوْکِنَةُ) گھونسلا۔
(الوَاکِنُ) بیٹھا ہوا (۲) دیوار یا درخت پر بیٹھا ہوا پرندہ۔ هِيَ وَاکِنَةٌ (ج) وُکُونٌ۔
(الوُکْنُ) پرندہ کا گھونسلا (ج) أَوْکُنٌ ووُکُونٌ۔
(الوُکْنَةُ) گھونسلا (ج) وُکُنَاتٌ ووُکَنٌ۔
(الوَکْنَةُ) گھونسلا۔
(وَکْوَکَ) الحَمَامُ کبوتر کا غٹرغوں کرنا۔
(وَکَی) الصُّرَّةَ نَحْوَهَا۔ (یَکِیهَا) وَکْیًا تھیلی کو ڈوری سے باندھنا۔
(أَوْکَی) بخل کرنا۔ حدیث اسماءؓ میں ہے (اعطِي ولا تُوکي فیُوکَی عَلَیْكِ)
—الفَرَسُ تیز دوڑنا۔
—الصُّرَّةَ والقِرْبَةَ ونحوَهُما عَلَی مَا فِیهِمَا تھیلی یا مشکیزہ کو ڈوری سے باندھنا۔ کہاوت ہے (یَدَاكَ أَوْکَتَا وفُوكَ نَفَخَ) تیرے ہاتھ باندھے گئے اور منہ سے ہوا نکلی۔ کسی کے کئے ہوئے کام کو ڈانٹنے کے لئے کہا جاتا ہے۔
—أَوْكِ حَلْقَكَ خاموش رہ۔

—فلانٌ یُوکِي فلانًا: کسی کو خاموش کروانا۔
—المَیْدَانَ جَرْیًا: سارے میدان میں دوڑتا پھرنا۔
(اِسْتَوْکَی) البَطْنُ قبض ہوجانا۔
—النَّاقَةُ: اونٹنی کا بہت موٹا ہوجانا۔
—السِّقَاءُ مشکیزہ کا بھرجانا۔
(المُوکَی) منہ بند مشک۔
(الوِکَاءُ) ڈوری یا رسی وغیرہ جس سے تھیلی وغیرہ کا منہ باندھا جائے۔ فُلانٌ وِکَاءٌ مَا یَبِضُّ بِشيءٍ: فلاں بخیل ہے کچھ خرچ نہیں کرتا۔

و......ل

(وَلَبَ)۔ (یَلِبُ) وُلُوبًا: تیزی سے اندر داخل ہونا۔
—فِي الشَّيءِ: کسی چیز میں گھسنا۔
—الشَّيءُ إِلَیهِ کوئی چیز کسی کے پاس پہنچنا۔ هُوَ وَالِبٌ وهِيَ وَالِبَةٌ۔
(الوَالِبَةُ) سابقہ روئیدگی سے پیدا ہونے والی روئیدگی (۲) انسان یا مویشیوں کی نسل۔
(وَلَتَهُ) حَقَّهُ ۔ (یَلِتُهُ) وَلْتًا: کسی کے حق میں کمی کرنا۔
(أَوْلَتَهُ) حَقَّهُ: حق میں کمی کرنا۔
(وَلَثَ) فلانًا بالعصا۔ (یَلِثُهُ) وَلْثًا: لاٹھی مارنا۔
—لِفُلانٍ عَقْدًا کسی سے کوئی ہلکا معاہدہ کرنا۔
—السَّمَاءُ القَوْمَ لوگوں پر تھوڑی بارش برسانا۔ هُوَ وَالِثٌ وهِيَ وَالِثَةٌ۔
(الوَالِثُ) شَرٌّ وَالِثٌ دائمی شروفتنہ۔
—دَیْنٌ وَالِثٌ بھاری قرض۔
(الوَلْثُ) لوگوں کا باہمی عہد جو بلا قائم ہو (۲) کمزور وعدہ (۳) معمولی بارش (۴) برتن میں بقیہ نبیذ (۵) پیالہ میں بچا ہوا پانی (۶) برتن میں بچا ہوا گوندھا ہوا آٹا (۷) آنکھوں میں آشوب کا اثر۔
(وَلَجَ) الشيءُ فِي غَیرِهِ۔ (یَلِجُ) لِجَةً ووُلُوجًا ایک چیز کا دوسری میں داخل ہونا۔
—البَیْتَ گھر میں داخل ہونا۔ هُوَ وَالِجٌ وهِيَ

وَالِجَةٌ۔
(وُلِجَ) فُلانٌ: درد میں مبتلا ہونا۔ هُوَ مَوْلُوجٌ وهِيَ مَوْلُوجَةٌ۔
(أَوْلَجَهُ): داخل کرنا۔ گھسانا۔ (ایک لغت اَتْلَجَهٗ بھی ہے)۔
(وَلَّجَ) مَالَهُ اپنی زندگی میں اپنا مال ایک یا چند اولاد کو دے دینا تاکہ لوگ سوال نہ کرسکیں۔
(اِتَّلَجَ) الشَّيءَ وفیه. داخل ہونا' گھسنا۔
(تَوَلَّجَ) فِي البَیْتِ وعَلَی القَوْمِ داخل ہونا' ملاقات کرنا۔
(التَّلَجُ): عقاب کا چوزہ (اصل الوَلَجُ)
(التَّوْلَجُ): جنگلی جانور کی پناہ (اصل وَوْلَجٌ ہے)
(المَوْلَجُ) داخل ہونے کا راستہ (ج) مَوَالِجُ۔
(الوَالِجَةُ): انسان کے بدن کا درد' پیٹ کا درد (۲) سانپ بچھو اور درندے وغیرہ۔
(الوِلَاجُ): دروازہ (۲) وادی (۳) پست زمین (۴) گلی کوچہ (ج) وُلُجٌ۔
(الوَلَّاجُ): بہت اندر گھسنے والا۔
—فُلانٌ خَرَّاجٌ وَلَّاجٌ: بہت گھومنے اور چکر لگانے والا۔
(الوَلَجَةُ) صحن کے سامنے کی گزرگاہ (۲) راہ گیروں کی پناہ گاہ جس کے ذریعہ وہ بارش سے بچتے ہوں (۳) وادی کا موڑ (۴) اندر جانے کا راستہ (ج) أَوْلَاجٌ ووَلَجٌ ووَلَجَاتٌ۔
(الوُلَجَةُ) بہت آنے جانے والا۔
(الوَلِیجَةُ) کسی کے ساتھ رہنے والا' ہم راز (۲) معتمد علیہ اجنبی هُوَ وَلِیجَتُکُمْ وہ تمہارا ہر وقت کا ساتھی اور راز دار ہے (ج) وَلَائِجُ۔
(وَلَخَهُ)۔ (یَلِخُهُ) وَلْخًا الٹے ہاتھ سے مارنا۔
(أَوْلَخَ) العُشْبُ: گھاس کا لمبا اور گھنا ہونا۔
(اِتَّلَخَ) الأَمْرُ معاملہ کا بگڑنا۔
(وَلَدَتِ) الأُنْثَی۔ (تَلِدُ) وِلَادًا ووِلَادَةً بچہ جننا۔ هِيَ وَالِدٌ ووَالِدَةٌ۔ وَلَدَتِ الجِسْمَ بھی کہتے ہیں۔

(أَوْلَدَتِ) المرأةُ وضعِ حمل کا وقت قریب آنا۔
-الشَّاةُ بکری کا بچہ جننا۔
-القابلةُ المَرْأَةَ دایہ کا عورت کی ولادت کا کام کروانا۔
(وَلَّدَ) الأُنثٰى عورت یا مادہ کا بچہ جنوانا۔ ولادت کا کام انجام دینا۔ جیسے وَلَّدَ الشَّاةَ ونحوھا۔
-الوَلَدَ بچہ کی پرورش کرنا۔
-الشیءَ مِنَ الشیءِ: ایک چیز سے دوسری چیز حاصل کرنا۔
-الکَلامَ والحَدِیْثَ بات نکالنا۔
(تَوَالَدُوْا) بہت نسل والا ہونا (۲) باہم مل کر نسل بڑھانا۔
(تَوَلَّدَ) الشیءُ مِنَ الشَّیْءِ: ایک چیز سے دوسری چیز کا پیدا ہونا۔
(اِسْتَوْلَدَ) الرَّجُلُ: اولاد کی طلب کرنا۔
(اللِّدَةُ): ہم عمر ہم جولی (ج) لِدَاتٌ ولِدُوْنَ۔
(المَوْلِدُ): جائے پیدائش وقت پیدائش (ج) مَوَالِدُ۔
(المُوَلَّدُ) ہر نئی چیز (۲) وہ شخص جس کے ماں باپ خالص عرب نہ ہوں (۳) عربوں میں پرورش پا کر ان کے طور طریقے اختیار کرنے والا غیر عربی (۴) وہ عربی الاصل لفظ جس کا استعمال تبدیل ہو گیا ہو (۵) وہ عربی لفظ جسے لوگ روایت کے دور کے بعد استعمال کرتے ہیں۔
-کتابٌ مُوَلَّدٌ جعلی تحریر۔
(المُوَلَّدَةُ) عربوں میں پیدا ہو کر ان میں پرورش پانے والی اور ان کے اخلاق و عادات اختیار کرنے والی غیر عرب چیز (۲) ہر نئی چیز۔ غیر محقق۔ جیسے جاءَ بِبَیِّنَةٍ مُوَلَّدَةٍ۔
(المُوَلِّدُ) ولادت کا کام انجام دینے والا ڈاکٹر (محدث)
(المُوَلِّدَةُ) دایہ بچہ جنانے والی۔
(المَوْلُوْدُ) پیدا شدہ بچہ (ج) مَوَالِیْدُ۔

(المِیْلَادُ) ولادت کا وقت۔
(الوَالِدُ) باپ (۲) حاملہ بکری (۳) زیادہ بچے دینے میں مشہور بکری۔
(الوَالِدَانِ): ماں باپ۔
(الوَالِدَةُ): ماں۔ شاةٌ وَالِدَةٌ: حاملہ بکری۔
(الوَلَدُ): لڑکا اولاد نسل۔ (اس کا اطلاق مذکر و مؤنث اور تثنیہ و جمع پر ہوتا ہے) (ج) اولادٌ ووِلْدَةٌ۔ (۳) تین سے دس آدمیوں تک کی جماعت۔
(الوُلْدُ) الوَلَدُ مقولہ ہے (وُلْدُكَ مِنْ دَمّٰی عَقِبَیْكَ): تیرا لڑکا وہ ہے جو تیری ایڑیوں کو خون آلود کرے یعنی تیرے رحم سے نکلا ہو۔ ایسے شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو کسی چیز کا جھوٹا دعویدار ہو۔
(الوَلُوْدُ) والدہ ماں (۲) بہت بچے جننے والی۔
(الوَلُوْدِیَّةُ): بچپن (۲) معاملات سے ناواقفیت اور لاعلمی (۲) الھڑپن۔
(الوَلِیْدُ): نوخیز بچہ نومولود ابھی ابھی پیدا شدہ (مذکر و مؤنث) (۲) غلام نوکر (۳) جوان نوکر یا خدمتگار (ج) وِلْدَانٌ ووِلْدَةٌ مقولہ ہے (أَمْرٌ لَا یُنَادٰی وَلِیْدُهُ): یہ ایسا معاملہ ہے جس میں کم عمروں کو شامل نہیں کیا جائے گا۔
-اُمُّ الوَلِیْدِ مرغی کی کنیت۔
(الوَلِیْدَةُ): مؤنث الولید (۲) باندی (۳) نابالغ لڑکی (۴) عربوں میں پیدا ہونے والی (ج) وَلَائِدُ۔
(الوَلِیْدِیَّةُ): ناتجربہ کاری کی حالت جیسے فعل ذلك فی ولیدیتہ۔
(وَلَسَتِ) الإِبِلُ۔ (تَلِسُ) وَلْسًا ووَلَسَانًا: تیز چلنا۔ ھی وَلُوْسٌ۔
-فلانٌ فلانًا وَلْسًا دھوکہ دینا۔ خیانت کرنا۔
-الحَدِیْثَ کسی بات کی طرف اشارہ کرنا۔ صراحۃً بیان نہ کرنا۔ ھُوَ وَالِسٌ۔
(أَوْلَسَ) بالحَدِیْثِ کسی بات کی طرف اشارہ کرنا صراحۃً بیان نہ کرنا۔

(وَالَسَتِ) الإِبِلُ اونٹوں کا گردنیں بلند کر کے ایک دوسرے سے آگے بھاگنا۔
-فلانٌ بالحَدِیْثِ کنایۃً بات کرنا۔ صراحت نہ کرنا۔
-فلانًا دھوکہ دینا، خیانت کرنا۔
(تَوَالَسَ) القومُ خیانت اور فریب دینے میں کسی کی مدد کرنا۔ تَوَالَسَ القومُ علی فلانٍ بھی کہتے ہیں۔
(الوَلَّاسُ) صیغہ مبالغہ انتہائی تیز رفتار، بڑا فریبی اور خائن (۲) بھیڑیا۔
(وَلَعَ)۔ (یَلَعُ) وَلْعًا ووَلَعَانًا تیز رفتار اور پھرتی کے ساتھ دوڑنا (۲) جھوٹ بولنا۔
-بحقِّهِ وَلْعًا کسی کا حق چھیننا۔
(وَلِعَ) بہٖ ۔ (یَوْلَعُ) وَلَعًا ووَلُوْعًا کسی چیز کا شوقین اور دلدادہ ہونا (۲) کسی کو تکلیف پہنچانے میں لگے رہنا۔ ھُوَ وَلِعٌ وھی وَلِعَةٌ۔
(أَوْلَعَهُ) بہ کسی چیز کا عاشق اور دلدادہ بنا دینا (۲) اکسانا، بھڑکانا۔ ترغیب دینا۔
(وَلَّعَ) فُلَانًا بہٖ اکسانا، بھڑکانا، ترغیب دینا (۲) فریفتہ کرنا۔
-الدَّاءُ جَسَدَ فُلَانٍ بیماری کا بدن پر سفید دھبے ڈال دینا۔
(تَوَلَّعَ) بہ کسی چیز کا شوقین اور دلدادہ ہونا۔ خواہش مند ہونا۔
(اِتَّلَعَتْ) فُلَانًا وَالِعَةٌ کسی کا ایسا مخفی ہونا کہ اس کے بارے میں معلوم نہ ہو کہ زندہ ہے یا مردہ۔
(اِئْتَلَعَ) قَلْبَهُ دل نکال دینا۔
(الوَالِعُ) بہت جھوٹ بولنے والا (ج) وَلَعَةٌ۔
-وَلْعٌ وَالِعٌ بہت بڑا جھوٹ۔
(الوَالِعَةُ) مؤنث الوالع (۲) رکاوٹ۔ جیسے فقدنا غُلَامًا لَنَا ما ادری مَا وَالِعَتُهُ۔
(الوَلِعُ) عاشق، فریفتہ، دلدادہ، شوقین۔
(الوُلْعَةُ) فضول کاموں یا باتوں کا شوقین۔
(المُوَلَّعُ) رَجُلٌ مُوَلَّعٌ وہ آدمی جس کے جسم پر برص کے نشانات ہوں۔

-فَرَسٌ و بِرذَونٌ مُوَلَّعٌ چتکبرا گھوڑا یا گدھا۔
(الوَلُوعُ) عاشق، دلدادہ۔
(الوَلِيعُ) کھجور کا وہ شگوفہ جو ابھی کھلا نہ ہو واحد وَلِيعَةٌ۔
(وَلَغَ) الكَلْبُ وَغَيْرُهُ مِنَ السِّبَاعِ فِي الإِنَاءِ ومِنْهُ وبِهِ (يَلَغُ ويَالَغُ) وَلْغًا ووُلُوغًا ووَلَغَانًا کتے یا درندے کا برتن میں منہ ڈال کر زبان ہلانا یا زبان کے کنارے سے پینا۔ هُوَ وَالِغٌ وهِيَ وَالِغَةٌ۔ مَا وَلَغَ وَلُوغًا اس نے کچھ نہیں کھایا۔ فُلَانٌ يَاكُلُ لُحُومَ النَّاسِ وَيَلَغُ فِي دِمَائِهِمْ فلاں لوگوں کی غیبت کرتا ہے۔
(أَوْلَغَ) الكَلْبَ کتے کو پانی پلانا (۲) کتے کے آگے پانی یا اور کوئی چیز رکھنا جس میں وہ منہ مارے۔
(اسْتَوْلَغَ) بے شرم ہونا۔ مذمت اور عار کی پرواہ نہ کرنا۔
(المِيلَغُ) وہ برتن جس میں کتے نے منہ مارا ہو۔
(الوَلْغَةُ) مصدر مرۃ، ایک مرتبہ کا منہ مارنا (۲) چھوٹا ڈول۔
(وَلَفَ) البَرْقُ ـ (يَلِفُ) وَلْفًا ووِلَافًا وَوَلِيفًا بجلی کا مسلسل چمکنا۔
-الفَرَسُ گھوڑے کا دوڑتے ہوئے ایک ساتھ ٹانگیں زمین پر رکھنا۔
(أَوْلَفَ) الشيءُ الشيءَ ایک چیز کا دوسری کو ڈھانک لینا۔
(وَالَفَهُ) مُوَالَفَةً ووِلَافًا مانوس ہونا، الفت رکھنا۔ (۲) تعلق و دوستی رکھنا۔
(تَوَالَفَ) الشيءُ مُوَالَفَةً وَوِلَافًا ایک دوسرے سے ملا ہوا ہونا۔
(الوِلَافُ) دوڑ کی ایک قسم جس میں ٹانگیں ایک ساتھ زمین پر پڑتی ہیں۔
-بَرْقٌ وِلَافٌ لگاتار چمکنے والی بجلی۔
(الوَلِيفُ) لگاتار چمکنے والی بجلی۔
(وَلَقَ) فِي سَيْرِهِ ـ (يَلِقُ) وَلْقًا تیز چلنا۔
(۲) کوئی کام مسلسل کرنا جیسے وَلَقَ فِي الكَذِبِ۔
-فلانًا کسی کو ہلکا سا نیزہ مارنا، نیزہ چبھونا۔
-فلانًا بالسَّيْفِ تلوار مارنا۔
-عَيْنَهُ کسی کی آنکھ پر مار کر پھوڑ دینا۔
-الكَلَامَ بات کرتے رہنا (۲) بات کو سوچنا۔
-الحَدِيثَ بات بنانا، گھڑنا (۲) بات تیار کرنا۔
(الوَلْقُ) لگاتار اور مسلسل کسی کام کا ہونا جیسے عَدْوٌ فِي إِثْرِ عَدْوٍ ایک دوڑ کے بعد دوڑ اور كلامٌ فِي إِثْرِ كلامٍ ایک کلام کے بعد دوسرا کلام۔
(الوَلَقَى) تیز دوڑ۔
-نَاقَةٌ وَلَقَى تیز دوڑنے والی اونٹنی۔
(أَوْلَمَ) فلانٌ ولیمہ کروانا (۲) کسی کا جسمانی ساخت اور عقل میں کامل ہونا۔
(الوَلْمُ) قید، بندش (۲) کجاوہ اور زین کی پٹی۔
(الوَلْمَةُ) کسی چیز کا پورا ہونا اور اس کا جمع ہونا۔
(الوَلِيمَةُ) شادی وغیرہ کا کھانا (ج) وَلَائِمُ۔
(وَلِهَ) فلانٌ ـ (يَلِهُ) وَلَهًا غم کی زیادتی سے دیوانہ ہو جانا، نیم پاگل ہو جانا۔ (۲) عشق کی شدت سے پریشان وحواس باختہ ہو جانا۔
-مِنْهُ ڈرنا۔
-الأُمُّ إِلَى طِفْلِهَا ماں کا اپنے بچے کی دید کے لئے مشتاق و بے تاب ہونا۔
-الصَّبِيُّ إِلَى أُمِّهِ بچہ کا ڈر کر ماں کی طرف دوڑنا۔ هُوَ وَالِهٌ ووَلْهَانُ وهِيَ وَالِهَةٌ ووَلْهَى۔
(وَلَهَ)ـ (يَلِهُ ويَوْلَهُ) وَلْهًا ووَلَهَانًا: وَلِهَ۔
(أَوْلَهَهُ) الحُزْنُ ونَحْوُهُ رنج یا غم یا صدمہ کا کسی کی عقل کو زائل کر دینا۔
-الوَالِدَةَ ماں کو اس کے بچہ سے جدا کر کے رنج پہنچانا۔
(وَلَّهَهُ) الحُزْنُ والوَجْدُ عشق یا غم کا کسی کو پریشان اور بدحواس کر دینا۔
-الوَالِدَةَ بچہ اور اس کی ماں میں جدائی ڈال دینا۔
(اتَّلَهَ) فلانٌ: وَلِهَ۔
-النَّبِيذُ فُلانًا نبیذ کا کسی کی عقل کو زائل کر دینا۔
(تَوَلَّهَ) فلانٌ: وَلِهَ۔
(المُوَلَّهُ) مَاءٌ مُوَلَّهٌ بیابان میں چھوڑا ہوا پانی۔
-نَاقَةٌ أَوِ امْرَأَةٌ مُوَلَّهَةٌ وہ عورت یا اونٹنی جس کا بچہ پروان نہ چڑھتا ہو بلکہ بچپن ہی میں مر جاتا ہو۔
(المِيلَاهُ) بچہ کی جدائی میں انتہائی غمگین عورت یا اونٹنی (۲) گونج دار آندھی (ج) مَوَالِيهُ۔
(المِيلَهُ) جنگل بیابان جہاں سیرابی نہ ہوتی ہو۔
(وَلْوَلَتِ) المَرْأَةُ وَلْوَلَةً وَلْوَالًا عورت کا آہ و بکا کرنا، واویلا کرنا، چیخنا۔
(تَوَلْوَلَتِ) المَرْأَةُ: وَلْوَلَتْ
(المُوَلْوِلُ) عُودٌ مُوَلْوِلٌ آواز نکالنے والی لکڑی۔
(الوَلْوَالُ) واویلا۔ ہلاکت کی بددعا۔
(وَلَاهُ)ـ (يَلِيهِ) وَلْيًا قریب ہونا۔ نزدیک ہونا۔
(وَلِيَهُ) ـ (يَلِيهِ) وَلْيًا قریب ہونا۔ ملا ہوا ہونا۔
-الشيءَ وعليهِ وِلَايَةً کسی چیز کا انتظام کرنا اور اس کا ذمہ دار ہونا۔
-فُلَانًا وعليهِ مدد کرنا۔
-فُلَانًا محبت کرنا۔
-البَلَدَ کسی ملک کا حاکم بننا۔ هو والٍ (ج) وُلَاةٌ والمفعول مَوْلِيٌّ عَلَيْهِ۔
(وُلِيَتِ) الأَرْضُ زمین کا موسم بہار کی بارش سے سیراب ہونا۔
(أَوْلَى) عَلَى اليَتِيمِ یتیم کی نگہداشت اور دیکھ بھال کرنا۔
-فُلَانًا الأَمْرَ کسی کو کسی کام کا نگران اور ذمہ دار بنانا۔

-فُلَانًا مَعْرُوْفًا کسی کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔
-اَوْلٰی لَکَ: یہ کلمہ تہدید ہے جو ڈرانے اور دھمکی دینے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے یعنی مصیبت تیرے قریب پہنچ گئی ہے بچ کر رہ۔
(وَالٰی) بَیْنَ الْاَمْرَیْنِ مُوَالَاۃً وَوِلَاءً دو کاموں کو لگاتار کرنا۔
-الشیءَ کسی چیز کے پیچھے جانا۔
-فلانًا محبت کرنا (۲) مدد کرنا (۳) ساتھ دینا۔
(وَلَّی) الرُّطَبُ رطب کھجور کا خوب پک جانا۔
-الشیءُ رخ پھر جانا۔
-فلانٌ ھَارِبًا پیٹھ پھیر کر بھاگ جانا۔
-الشیءَ وعَنِ الشیءِ کسی چیز سے اعراض کرنا (۲) دور ہونا۔
-عَنْ فلان بوُدِّہٖ کسی سے تعلق ختم کرنا۔
-فُلَانًا مدد کرنا (۲) سامنے آنا (۳) حاکم مقرر کرنا۔
-فُلَانًا الْاَمْرَ کسی کو کسی کام کا منتظم و نگران بنانا۔
-فلانًا الحاجۃَ کسی کی حاجت کا دور ہو جانا۔
(تَوَالٰی) الشیءُ لگاتار مسلسل اور پے در پے ہونا۔
-الغَنَمُ عَنِ المَعْزِ بھیڑوں کا بکریوں سے ممتاز اور جدا ہونا۔
(تَمَوْلٰی) فُلَانٌ سردار و حاکم جیسا بننا۔ جیسے ھُوَ یَتَمَوْلٰی عَلَیْنَا وہ ہمارے سامنے بڑا سردار و حاکم بنتا ہے۔
(تَوَلّٰی) الشیءَ کسی چیز کا رخ پھیرنا۔
-فلانٌ ھَارِبًا پیٹھ پھیر کر بھاگ جانا۔
-الرُّطَبُ رطب کھجور کا خوب پک جانا۔
-عَنْہُ اعراض کرنا منہ پھیرنا۔
-فلانًا مدد کرنا (۲) محبت کرنا (۳) دوست بنانا۔
-الْاَمْرَ کسی کام کا ذمہ دار بننا اور اسے انجام دینا۔

(اِسْتَوْلٰی) عَلَیْہِ غالب ہونا قبضہ کرنا۔
-عَلَی الْاَمْرِ کسی معاملہ کی انتہا تک پہنچنا۔
-عَلَی الْاَمْرِ انتہا تک پہنچنا۔
(الْاَوْلٰی) اسم تفضیل، زیادہ حق دار، زیادہ لائق، زیادہ قریب۔ حدیث میں ہے (اَلْحِقُوا الفرائضَ بِاَھْلِھَا فَمَا اَبْقَتِ السِّھَامُ فَلِاَوْلٰی رَجُلٍ ذَکَرٍ) اس کا تثنیہ الْاَوْلَیَان ہے۔ (ج) الْاَوْلَوْنَ وَالْاَوَالِیْ وھی الوُلْیَا (ج) والوُلْیَیَات والوُلٰی۔
(الْمُتَوَالِی) حضرت علیؓ اور ان کے اہل بیت سے خاص تعلق کا مدعی شیعوں کا ایک گروہ۔
(الْمُوَالَاۃُ) کسی شخص کا کسی دوسرے سے کوئی معاہدہ۔
(الْمَوَالِیَا) عصر عباسی میں دریافت ہونے والی شعر کی ایک قسم جو بحر بسیط سے ہے اور اس کا وزن مستفعلن فاعلن مستفعلن فاعل دو مرتبہ۔
(الْمَوْلٰی) پرورش کرنے والا (۲) مالک (۳) کسی کام کا ذمہ دار اور انجام دہندہ (۴) مخلص دوست (۵) ساتھی (۶) معاہدہ۔ حلیف (۷) مہمان (۸) پڑوسی (۹) شریک (۱۰) داماد (۱۱) باپ کی طرف سے کوئی رشتہ دار جیسے چچا وغیرہ (۱۲) احسان کرنے والا، انعام دینے والا (۱۳) انعام یافتہ، احسان کیا ہوا (۱۴) آزاد کیا ہوا (۱۵) آزاد کرنے والا (۱۶) غلام (۱۷) تابع، فرماں بردار (ج) مَوَالٍ۔
(الْمَوْلَوِیُّ) المنسوبُ الی الْمَوْلٰی (۲) زاہد درویش (۳) بڑا عالم (مو)
(الْمَوْلَوِیَّۃُ) صوفیوں کی ایک جماعت جو جلال الدین رومی کی طرف منسوب ہے (۲) مذہبی عالم کی اون سے بنی ہوئی اونچی ٹوپی۔ (۳) بڑے لوگوں یا درویشوں سے مشابہت جیسے فِیْہِ مَوْلَوِیَّۃٌ۔
(الْوَلَاءُ) ملک، اقتدار (۲) قرب (۳) قرابت و رشتہ دار (۴) مدد (۵) محبت۔
(الْوَلَایَۃُ) رشتہ داری۔

-القومُ عَلَیْہِ وَلَایَۃً ان لوگوں میں ایسا تعلق ہے کہ وہ خیر و شر میں اکٹھے ہوتے ہیں۔
(الْوِلَایَۃُ) رشتہ دار (۲) زیر اقتدار علاقہ ریاست (۳) سلطنت حکمرانی (۴) وہ ملک جس پر کسی حاکم کا اقتدار ہو۔
(الْوَلِیُّ) نگران، ذمہ دار (۲) مددگار (۳) محبت کرنے والا (۴) دوست (صرف مذکر کے لئے) (۵) معاہد، حلیف (۶) داماد، سسر (۷) پڑوسی (۸) تابع، پیروکار (۹) عاقد (۱۰) آزاد کرنے والا (۱۱) مطیع، فرماں برداری کرنے والا۔ جیسے الْمُؤْمِنُ وَلِیُّ اللّٰہِ (۱۲) ایک بارش کے بعد ہونے والی بارش (ج) اَوْلِیَۃٌ (یہ اسی معنی کے ساتھ خاص ہے) (۱۳) بادشاہ (۱۴) نکاح کا ولی، سرپرست (۱۴) یتیم کا کفیل (۱۵) علم اقتصادیات کے مطابق وہ شخص جو پیداوار کے خطرات کو برداشت کرے اور نفع و نقصان کا ذمہ دار ہو نفع کی صورت میں حصہ دار ہو اور نقصان کی صورت میں تاوان ادا کرے۔ (ج) اَوْلِیَاءُ۔
(الْوَلِیَّۃُ) زاہد و بزرگ عورت (۲) اونٹ کی کمر پر رکھا جانے والا گدا (۳) اونٹ کی کمر سے لگنے والا کپڑا یا کمبل وغیرہ (۴) وہ کھانا جو عورت آنے والے مہمان کے لئے محفوظ کرے (ج) وَلَایَا و اَوْلِیَۃٌ۔

و م

(وَمَأَ) اِلَیْہِ۔ (یَمَأُ) وَمْأً اشارہ کرنا۔ ھُوَ وَامِیٌٔ وھی وَامِئَۃٌ۔
(اَوْمَأَ) اِلَیْہِ اشارہ کرنا۔
(وَمَّأَ) اِلَیْہِ تَوْمِئَۃً اشارہ کرنا۔
(الوَامِئَۃُ) مصیبت۔
(وَمَدَ) عَلَیْہِ۔ (یَوْمَدُ) وَمَدًا غصہ ہونا گرم ہونا۔
-الیومُ واللیلۃُ دن رات میں سخت گھٹن اور گرمی ہونا۔ ھُوَ وَمِدٌ وھی وَمِدَۃٌ۔
(الوَمَدُ) دن رات کی سخت گرمی اور گھٹن (۲) سخت گرمی اور گھٹن (۲) سخت گرمی اور گھٹن کے ساتھ آنے والی نمی، سمندری رطوبت۔

(الوَمَدَةُ): الوَمَدُ۔
(وَمَرَ) بِأَنفِهِ۔ (يَمِرُ) وَمْرًا: غصہ سے ناک پھلانا۔
(تَوَمَّرَ) فلانٌ: کھڑا ہونے کے لئے تیار ہونا۔
-فِي مَشْيِهِ: چلتے ہوئے پھدکنا۔
(وَمَسَ) الشيءُ بالشيءِ۔ (يَمِسُ) وَمْسًا: ایک شے کا رگڑ لگنے سے اچھل جانا۔
(أَوْمَسَتِ) المَرْأَةُ: زنا کرنا، بدکاری کرنا۔
-العِنَبُ: انگور کا پکنے کے قریب ہو کر نرم ہو جانا۔
(المُومِسُ) ایک بدکار عورت جو ہر خواہش مند کے لئے نرم بن جائے۔ (ج) مَيَامِسُ ومَوَامِسُ ومَوَامِيسُ۔
(المُومِسَةُ): المُومِسُ۔
(المُوَمِّسُ) بے سدھا اونٹ۔
(وَمَضَ) البَرْقُ۔ (يَمِضُ) وَمْضًا وَمِيضًا وَوَمَضَانًا: بجلی کا ہلکا ہلکا چمکنا۔ هُوَ وَامِضٌ وهي وَامِضَةٌ۔
(أَوْمَضَ) البَرْقُ: دھیمی بجلی چمکنا۔
-فلانٌ: بجلی یا آگ کی چمک دیکھنا۔ (٢) چپکے سے اشارہ کرنا (آنکھ سے یا کسی خاص علامت کے ذریعہ)
-المَرْأَةُ بِعَيْنِهَا: عورت کا نظر چرا کر دیکھنا (٢) مسکرانا۔
(وَمِقَهُ)۔ (يَمِقُهُ) وَمْقًا ومِقَةً: محبت کرنا۔ هُوَ وَامِقٌ وهي وَامِقَةٌ والمفعول مَوْمُوقٌ ووَمِيقٌ۔
(وَامَقَهُ) مُوَامَقَةً ووِمَاقًا: باہم سچی محبت کرنا۔
(تَوَامَقُوا) باہم محبت کرنا۔
(تَوَمَّقَ) محبت کا اظہار کرنا۔
(تَوَمَّنَ) فلانٌ: اہل وعیال کی زیادتی کی وجہ سے خرچ کا زیادہ ہونا۔
(وَمِهَ) النَّهَارُ۔ (يَوْمَهُ) وَمَهًا: دن کا سخت گرم ہونا۔
(الوَمْهَةُ) پگھلاہٹ۔
(وَمَى)۔ (يَمِي) وَمْيًا: اشارہ کرنا۔
-بالشيءِ: لے جانا۔
(أَوْمَى): اشارہ کرنا۔
(وَمَّى) بالشيءِ: لے جانا۔
(اسْتَوْمَى) عليه: غالب آنا۔
(الوَمَى): مَادَرِي أَيُّ الوَمَى هُوَ: میں نہیں جانتا وہ کس قسم کا انسان ہے۔

و ۔۔۔۔ ن

(الوَنَجُ): ایک قسم کا ستار (باجا) (فارسی لفظ ونہ کا معرب ہے)
(الوَنَعُ): تھوڑی چیز کی طرف اشارہ کرنے کا لفظ۔
(وَنَمَ) الذُّبَابُ۔ (يَنِمُ) وَنْمًا وَوَنِيمًا: مکھی کا بیٹ کرنا۔
(الوَنَمَةُ والوَنِيمُ): مکھی کی بیٹ۔
(الوَنُّ) کمزوری، ضعف، لاغری (٢) انگلیوں سے بجائی جانے والی پیتل کی تھالی۔ (د)
(وَنَى) فِي الأَمْرِ۔ (يَنِي) وَنْيًا وَوُنِيًّا وَوَنَاءً وَوَنًى سست ہونا (٢) تھک کر کمزور پڑ جانا (٣) عاجز ہو جانا۔ فُلَانٌ لَا يَنِي يفعل كَذَا (فلاں مسلسل کام کرتا رہتا ہے)۔
-السَّحَابَةُ بارش برسانا۔
فُلَانٌ الكَمَّ آستینیں اوپر چڑھانا۔
-الشيءَ وعَنْهُ چھوڑ دینا۔ هُوَ وَانٍ وَهِيَ وَانِيَةٌ۔
(أَوْنَاهُ) کسی کو تھکانا، کمزور وسست کرنا۔
(وَنَّى) الرَّجُلُ کام میں محنت نہ کرنا، سستی برتنا۔
(تَوَانَى) فِي العَمَلِ: کام میں سستی برتنا اسے ٹھیک طور پر انجام نہ دینا۔
-فِي حَاجَتِهِ اپنے مقصد اور ضرورت میں سستی برتنا۔
(المِينَى) بندرگاہ (٢) کانچ کا جوہر (اصلی مادہ مینا) (٣) معدنیات پر کی جانے والی پالش (ج) مَوَانٍ۔
(المِينَاءُ) المِينَى۔
(الوَانِي) کمزور بدن والا (٢) ہلکی خوش گوار ہوا۔
(الوَنَاةُ): موتی (٢) نزاکت سے اٹھنے والی عورت۔
(الوَنِيُّ): موتی۔
(الوَنِيَّةُ): موتی (٢) موتیوں کا ہار (٣) غسلہ کا بورا۔

و ۔۔۔۔ ہ

(وَهَبَ) لَهُ الشيءَ۔ (يَهَبُهُ) وَهْبًا ووَهَبًا وَهِبَةً: ہبہ کرنا یعنی بغیر عوض کے کوئی چیز عطا کرنا۔ هُوَ وَاهِبٌ ووَهُوبٌ ووَهَّابٌ ووَهَّابَةٌ۔
-فلانٌ فلانًا: ہبہ اور عطیہ میں کسی سے بڑھ جانا۔ وَهَبَنِي اللّٰهُ فِدَاكَ: خدا مجھے تم پر قربان کرے۔ هَبْنِي فَعَلْتُ كَذَا: فرض کرو کہ میں نے ایسا کیا۔ هَبْ فُلَانًا مُنْطَلِقًا: فلاں کو آزاد سمجھ (فرض کر، سمجھ) صرف امر کے معنی میں استعمال ہوتا ہے اس معنی میں ماضی اور مضارع نہیں آتا)
(أَوْهَبَ) الشَّيءُ باقی رہنا۔ جیسے أَوْهَبَ لَهُ الشَّيءُ کوئی چیز کسی کے پاس باقی رکھنا۔
-لِفُلَانٍ الشَّيءُ: کوئی چیز کسی کے قابو اور دسترس میں ہونا۔
-فلانٌ لِلشَّيءِ: کسی چیز پر حاوی وقابو ہونا۔
-لِفُلَانٍ الشيءَ: کسی کے لئے کوئی چیز تیار رکھنا۔
(وَاهَبَهُ): ہبہ اور عطیہ میں کسی سے بڑھ جانا۔ جیسے وَاهَبَهُ فَوَهَبَهُ۔
(اتَّهَبَ): ہبہ قبول کرنا۔ اتَّهَبَ الهِبَةَ بھی کہتے ہیں۔
(تَوَاهَبَ) القَوْمُ ایک دوسرے کو ہدیہ دینا۔
(اسْتَوْهَبَ) الهِبَةَ ہبہ طلب کرنا۔ جیسے اسْتَوْهَبَ فُلَانًا الهِبَةَ۔
(المَوْهَبَةُ) وہ بادل جو جہاں چاہے برسے (٢) پانی کا چھوٹا تالاب (٣) پہاڑ کا وہ گڑھا جس میں پانی جمع ہو جاتا ہو (٤) عطیہ (یہ لفظ کبھی شیء موہوب کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ (ج) مَوَاهِبُ۔
(المَوْهِبَةُ): پانی کا چھوٹا تالاب (٢) خداداد

صلاحیت وقابلیت وملکہ ومہارت (مو)

(الْمَوْهُوبُ) لڑکا نومولود بچہ۔ اس کے والد کو کہا جاتا ہے شَكَرْتَ الْوَاهِبَ وَبُورِكَ لَكَ فِي الْمَوْهُوبِ۔

(الْهِبَةُ) عوض اور غرض سے خالی عطیہ (۲) شرعاً بلاعوض کسی خاص چیز کی تملیک (۳) موہوب ہبہ میں دی جانے والی چیز۔

(وَهَتَ) الشيءَ ـِ (يَهِتُهُ) وَهْتًا دبانا (۲) بری طرح کچلنا۔

(أَوْهَتَ) اللَّحْمُ گوشت کا بدبودار ہونا۔

(الْوَهْتَةُ) ڈھلوان زمین (ج) وَهْتٌ۔

(وَهِتَ) فِي الشيءِ ـَ (يَهِتُ) وَهْتًا وهِتَةً کسی چیز کو انتہائی اہتمام کرنا مصروف ہونا۔

ـالشيءَ سختی سے روندنا۔

(تَوَهَّتَ) فِي الْأَمْرِ کسی معاملہ میں زیادہ آگے بڑھنا۔

(الْوَاهِتُ) خود کو ہلاکت میں ڈالنے والا۔

(وَهَجَتِ) النَّارُ ونحوُهما ـِ (تَهِجُ) وَهْجًا ووهِيجًا ووَهَجَانًا آگ روشن ہونا دھکنا۔

ـالْيَوْمُ والليلةُ دن رات کا سخت گرم ہونا۔

(أَوْهَجَ) النَّارَ آگ جلانا۔

(تَوَهَّجَتِ) النَّارُ والشَّمْسُ ونحوهُما آگ بھڑکنا دھکنا۔

ـالنَّهارُ دن کا سخت گرم ہونا۔

ـحَرُّ النَّهارِ دن کا سخت گرم ہونا۔

ـالْجَوْهَرُ جوہر کا چمکنا۔

ـرائحةُ الطِّيبِ خوشبو مہکنا۔

(الْوَهَجُ) دن یا سورج کی گرمی (۲) خوشبو کی مہک۔

(الْوَهْجَانُ) : يَوْمٌ وَهْجَانٌ انتہائی گرم دن ـ وهي وهجانة۔

(الْوَهَّاجُ) روشن چمکدار۔ جیسے نَجْمٌ وَهَّاجٌ اور سراجٌ وَهَّاجٌ۔

(الْوَهِيجُ) خوشبو کی مہک۔

(وَهَّدَ) لَهُ الفِرَاشَ کسی کے لئے بستر بچھانا۔

(تَوَهَّدَ) الفراشُ بستر کا بچھ جانا۔

ـالشيءُ نیچا ہونا۔

(أَوْهَدُ) سوموار کا دن (اسم قدیم) (ج) أَوَاهِدُ۔

(الْوَهْدُ) نشیبی زمین (۲) گڑھا (ج) أَوْهُدٌ ووُهْدَانٌ۔

(الْوَهْدَةُ) پست زمین (ج) وَهْدٌ ووِهَادٌ۔

(وَهَرَهُ) ـِ (يَهِرُهُ) وَهْرًا ایسی مشکل میں الجھانا جس سے چھٹکارا ممکن نہ ہو۔

(وَهَّرَهُ) وَهَرَهُ۔

(تَوَهَّرَ) اللَّيْلُ الشِّتَاءَ رات یا موسم سرما کا اکثر حصہ گزر جانا۔

ـالرَّمْلُ ریت کا گر جانا۔

ـفُلانٌ فلانًا فِي الكلامِ دوران گفتگو کسی کو الجھن میں ڈالنا۔

(الْمُسْتَوْهِرُ) سورج کی شعاعوں سے چکا چوند ہونے والا۔

(الْوَاهِرُ) لَهَبٌ وَاهِرٌ بھڑکتا ہوا شعلہ۔

(الْوَهْرُ) دھوپ کی تیزی سے زمین پر بھاپ جیسا دھندلا پن۔ (یمنی لغت)

(الْوَهْرَةُ) سخت مشکل کا سامنا جس سے چھٹکارا ممکن نہ ہو۔

(وَهَزَهُ) ـِ (يَهِزُهُ) وَهْزًا ہاتھ کی پوری طاقت سے کسی کو مارنا اور دھکا دینا۔

ـالحيوانَ جانور کو تیز چلانے کے لئے پاؤں مارنا ایڑ لگانا۔

ـالشيءَ روندنا (۲) توڑنا پیٹنا۔

(وَهَّزَهُ) بوجھ ڈالنا۔

(تَوَهَّزَ) الْكَلْبُ خَلْفَهُ کسی کے پیچھے کتے کا کود کر جانا۔

ـالْمُثْقَلُ بھاری چیز کا زور سے روندنا۔ جَاءَ يَتَوَهَّزُ وہ زمین کو سختی سے روندتا ہوا آیا۔

(الْأَوْهَزُ) خوبصورت چال والا۔

(الْمُوهَزُ) بہت دبا کر پیر رکھنے والا۔

(الْوَهَازَةُ) شرمیلی عورت کی چال۔ هِيَ تمشِي الْوَهَازَةَ۔

(الْوَهْزُ) سخت جان آدمی (۲) پست قد آدمی (ج) أَوْهَازٌ۔

(وَهَسَ) فلانٌ ـِ (يَهِسُ) وَهْسًا ووَهِيسًا جلدی جلدی کھانا (۲) تیز چلنا۔

ـعَلَى عَشِيرَتِهِ اپنے اہل وعیال پر زیادتی کرنا۔

ـالشيءَ توڑنا اور زمین سے نہ لگنے دینا۔ (۲) سختی سے روندنا اور کچل ڈالنا۔

(تَوَهَّسَ) تیز چلنا (۲) بوجھل آدمی کی طرح چلنا۔

ـالسَّائِرُ الْأَرْضَ فِي مِشْيَتِهِ زمین پر دبا دبا کر پاؤں رکھنا۔

(الْوَهْسُ) فتنہ شر (۲) چغلخوری۔

(الْوَهَّاسُ) شیر۔

(الْوَهِيسَةُ) ایک کھانا جو ٹڈیوں کو پکا کر خشک کر کے کوٹا جاتا تھا اور اس میں گھی یا اور کوئی چکنائی ملا کر کھاتے تھے۔

(وَهَصَ) الشيءَ ـِ (يَهِصُهُ) وَهْصًا زور سے پھینکنا (۲) زور سے روندنا (۳) زمین پر دے مارنا۔

ـالشيءَ الرَّخْوَ نرم چیز کو توڑنا۔ هو مَوْهُوصٌ ووَهِيصٌ۔

ـالْإِنْسَانَ والحَيَوَانَ خصی کرنا۔

ـرَأْسَهُ سر پھوڑنا۔

(اتَّهَصَ) الشيءُ الرَّطْبُ نرم وتر چیز کا ٹوٹ جانا۔

(الْمَوْهُوصُ) رَجُلٌ مَوْهُوصٌ گٹھے ہوئے بدن والا آدمی۔

(الْمُوَهَّصُ): الْمَوْهُوصُ۔

(الْوَهْصَةُ) گول نشیبی زمین۔

(الْوَهَّاصُ) مبالغہ کا صیغہ یعنی بہت زور سے پھینکنے اور روندنے والا (۲) بہت سخی اور فیاض آدمی۔

(وَهَطَ) فُلانٌ ـِ (يَهِطُ) وَهْطًا لاغر اور ڈھیلا ہونا۔

ـفُلانًا نیزہ مارنا (۲) پیٹنا مارنا۔

ـالشيءَ روندنا کچلنا (۲) توڑنا۔ هو مَوْهُوطٌ ووَهِيطٌ۔

(أَوْهَطَ) الإِنْسَانَ أَوِ الحَيَوَانَ کمزور اور بے جان کر دینا۔ جیسے رَمَى الطائرَ فَأَوْهَطَ (۲) ایسا تیر مارنا جو ہلاک کر دے (۳) ایسی بری طرح پچھاڑنا کہ اٹھنے کے قابل نہ رہے (۴) مار مار کر خون نکال دینا۔

—جناح الطائرِ پرندہ کا بازو توڑ دینا۔

(تَوَهَّطَ) لازم وَهَطَهُ۔

—فِي الطِّيْنِ کیچڑ یا مٹی میں غائب ہو جانا۔

—الفِرَاشَ بستر بچھانا۔

(الوَهْطُ) جماعت (۲) لاغری (۳) نشیبی جگہ (ج) وِهَاطٌ وأَوْهَاطٌ۔

(الوَهْطَةُ) مصدر مرۃ (۲) نشیبی جگہ (ج) وَهْطٌ ووِهَاطٌ۔

(وَهَفَ) النَّصْرَانِيُّ۔ (يَهِفُ) وَهْفًا ووَهَافَةً عیسائی کا گرجا گھر کی خدمت کرنا۔

—الشيءُ وَهْفًا ووهِيفًا قریب ہونا۔ ممکن ہونا جیسے خُذْ مَا وَهَفَ لَكَ جو آپ کے لئے ممکن ہو وہ لے لو۔

—النباتُ پودوں کا سرسبز و شاداب ہو کر لہلہانا۔

—الشيء للقومِ کسی چیز کا لوگوں کے سامنے ظاہر ہونا۔

—الشيء وَهْفًا اڑ جانا۔

(أَوْهَفَ) الشيءُ بلندی سے سامنے آنا (۲) بلند ہونا۔ کہتے ہیں مَا يُوْهِفُ لَهُ شيءٌ إِلَّا أَخَذَهُ اس کے سامنے جو چیز بھی آتی ہے وہ اسے لے لیتا ہے۔

(الوَاهِفُ) گرجا کی خادم و منتظم۔

(الوِهَافَةُ) گرجا کی خدمت کا عہدہ۔

(وَهَقَ) الشيءَ عَنْهُ۔ (يَهِقُهُ) وَهْقًا روکنا۔ قید کرنا۔ هو مرهوق۔

—فلانًا کسی کی گردن میں پھندا ڈال کر لٹکانا۔

—البَعِيْرُ البعيرَ چلتے ہوئے ایک اونٹ کا دوسرے اونٹ کے مقابلہ میں گردن لمبی کرنا۔

(أَوْهَقَ) الدَّابَّةَ جانور کی گردن میں پھندا ڈالنا۔

(وَاهَقَهُ) کسی عمل میں کسی سے مقابلہ کرنا جیسے وَاهَقَتِ النَّاقَةُ النَّاقَةَ۔

(تَوَاهَقَ) الرَّجُلَانِ باہم مقابلہ کرنا۔

—الرِّكَابُ اونٹوں کا گردنیں لمبی کرنے میں باہم مقابلہ کرنا۔

(الوَهْقُ): وہ رسی جس کے دونوں کناروں میں گرہ ہوتی ہے اور اسے جانور کے گلے میں کھینچنے کے لئے ڈالا جائے (ج) أَوْهَاقٌ۔

(وَهَلَ) فلانٌ۔ (يَهِلُ) وَهْلًا: بھولنا۔

—إِلَى الشيءِ کسی ایسی چیز کی طرف خیال جانا جس کا قصد نہ ہو۔ (۲) خوفزدہ ہو کر پناہ لینا۔

(وَهِلَ) الرَّجُلُ۔ (يَوْهَلُ) وَهَلًا: کمزور ہونا (۲) بزدل ہو (۳) ڈرنا، گھبرانا۔

—فِيهِ وعَنْهُ غلطی کرنا۔ بھول جانا هُوَ وَهِلٌ وهي وَهِلَةٌ۔

(وَهَّلَهُ) ڈرانا، خوفزدہ کرنا۔

(تَوَهَّلَهُ) غلطی کرانا۔

(اسْتَوْهَلَ) کمزور ہونا (۲) ڈر جانا۔

(المُسْتَوْهِلُ) گھبرا کر ادھر ادھر جانے والا۔

(الوَاهِلَةُ) کسی چیز کی ابتداء۔

(الوَهْلَةُ): أَوَّلَ وَهْلَةٍ ولاوَّلِ وَهْلَةٍ: پہلے پہل بالکل ابتداء۔

(وَهَمَ) فلانٌ فِي الشيءِ وإِلَيْهِ۔ (يَهِمُ) وَهْمًا کسی ایسی چیز کی طرف خیال جانا جس کا قصد نہ ہو۔

—فِي الصلوةِ نماز میں بھولنا، سہو ہونا۔

—الشيءُ دل میں کھٹکنا۔

(وَهِمَ) فِي الحساب وغيره۔ (يَوْهَمُ) وَهَمًا حساب میں غلطی کرنا، بھول جانا۔

(أَوْهَمَ) فلانٌ: وَهِمَ۔

—فلانًا وہم یا شبہ میں ڈالنا۔

—فلانًا بِكَذَا کسی پر کوئی الزام لگانا، مشکوک کرنا۔

—الشيءَ پوری چیز کو چھوڑ دینا۔

—مِنْ صَلَاتِهِ رَكْعَةً نماز کی ایک رکعت کو چھوڑ دینا۔

—مِنَ الحِسَابِ ونحوِهِ كَذَا حساب وغیرہ میں کوئی چیز کم کرنا۔

(اتَّهَمَ) الرَّجُلُ شک میں مبتلا ہونا۔

(وَهَّمَهُ) غَيْرُهُ شک میں ڈالنا۔

(اتَّهَمَهُ) بِكَذَا: تہمت لگانا، مشکوک کرنا۔ (۲) بدگمانی کرنا۔

—فِي قولِهِ کسی بات کی سچائی میں شک کرنا۔ اتَّهَمَهُ فَاتَّهَمَ هُوَ أَيْضًا اس نے اس پر تہمت لگائی تو وہ تہمت زدہ ہو گیا۔ هُوَ مُتَّهِمٌ وتَهِيْمٌ۔

(تَوَهَّمَ) الشيءَ: گمان کرنا، خیال کرنا، کسی چیز کا خیال دل میں لانا (خواہ موجود ہو یا نہ ہو)

—الخَيْرَ فِيهِ کسی میں بھلائی اور خیر کے آثار محسوس کرنا۔

(التُّهْمَةُ والتُّهَمَةُ) الزام، تہمت (ج) تُهَمٌ وتُهَمَاتٌ۔

(التَّهِيْمُ) جس پر تہمت لگائی جائے (۲) تہمت لگانے والا۔

(المُتَّهَمُ والمُتَّهِمُ): التَّهِيْمُ۔

(المَوْهُوْمُ) خیالی، بے بنیاد۔

(الوَهْمُ) وہم، خیال، کھٹکا (۲) کشادہ راستہ (ج) أَوْهَامٌ ووُهُمٌ ووُهُوْمٌ۔ وهي وَاهِمَةٌ۔

—لَا وَهْمَ مِنْ ذٰلِكَ یہ کام ضروری ہے۔

(وَهَنَ)۔ (يَهِنُ) وَهْنًا آدھی رات میں داخل ہونا (۲) کسی معاملہ، کام میں یا جسمانی اعتبار سے کمزور ہونا۔

—فلانًا کمزور کرنا۔

(وُهِنَ) بازو کی کمزوری یا درد میں مبتلا ہونا۔

(أَوْهَنَ) آدھی رات میں داخل ہونا۔

—فلانًا کمزور کرنا۔

(وَهَّنَهُ) کمزور کرنا۔

(تَوَهَّنَ) فُلَانٌ لیٹ جانا (۲) کمزور ہونا۔

—الطَّائِرُ مردار کھانے سے پرندہ کا بوجھل ہو کر اٹھ نہ سکنا۔


(المَوْهِنُ) آدھی رات یا اس کے کچھ بعد کا وقت۔

(المَوْهُوْنُ) رَجُلٌ مَوْهُوْنٌ کمزور و ناتواں

آدمی۔
(الواھنُ) کندھے کی ایک رگ جس میں کبھی کبھی درد ہوتا ہے (۲) کمزور و ناتواں آدمی (ج) وُھُنٌ۔
(الواھنۃُ) کمزور و لاغری (۲) مونث الوَاھِن (ج) وُھُنٌ (۲) گردن کا ایک مہرہ (۴) آدمی کے بازو کا ایک درد (۵) سب سے نچلی پسلی (۶) گھوڑے کے سینہ سے ملی ہوئی پہلی پسلی۔
-اِنَّہٗ لَشَدِیْدُ الواھنتین بہت مضبوط سینہ والا ہے۔
(الوَھْنُ): کمزوری' ناتواں پن (۲) موٹا اور چھوٹے قد کا آدمی (۳) آدھی رات یا اس کے کچھ بعد کا وقت۔
(الوَھَنُ) کمزوری' بدن کا سوکھا پن۔ جیسے "وَمَا اِن بعظمٍ لَہٗ مِنْ وَھَنٍ۔
(الوَھْنَانَۃُ) ناز و نعمت کی وجہ سے کام کاج میں سستی کرنے والی عورت۔
(الوَھِینُ) مزدوروں کا نگران جو اپنی رہنمائی میں ان سے کام کرواتا ہے۔
(الوَہُ) غم۔ وَہٗ مِنْ ھٰذَا وَہٗ اس بات سے بہت رنج ہے۔
(وَھْوَہَ) فِیْ صَوْتِہٖ گھبرا کر بڑبڑانا۔
-المَرْأَۃُ غم کی وجہ سے چیخنا۔
-الأَسَدُ فِیْ زَئِیْرِہٖ شیر کا بار بار دھاڑنا۔
(المُوَھْوِھَۃُ) زکام سے بے چین اور کپکپی میں مبتلا ہونے والی عورت۔
(الوَھْوَاہُ) انتہائی تیز رفتار اور پھرتیلا گھوڑا جو روکنے کے باوجود نہ رکتا ہو۔
-رَجُلٌ وَھْوَاہٌ بزدل اور ڈرپوک آدمی۔
(الوَھْوَھَۃُ) بھنبھاہٹ کے بعد کی وہ آواز جو گھوڑے کے حلق میں گونجتی ہے۔
(وَھِیَ) الرَّجُلُ۔ (یَھِیْ) وَھْیًا وَوُھِیًّا۔ بے وقوف ہونا (۲) کمزور ہونا۔
-الحَائِطُ: دیوار میں دراڑیں پڑ کر گرنے کے قریب ہونا۔
-الثَّوْبُ کپڑا جگہ جگہ سے پھٹ جانا۔
-رِبَاطُ الشَّیْءِ کسی بندش یا بند کا ڈھیلا ہو جانا۔
-السَّحَابُ بادل کا زور سے برسنا۔ ھُوَ وَاہٍ (ج) وُھَاۃٌ (عاقل کے لئے) وَھِیٌّ (غیر عاقل کے لئے)
(أَوْھَاہُ) کمزور و ڈھیلا کر دینا۔
-یَدَہٗ ہاتھ کو چوٹ مار کر زخمی کر دینا۔
(الأُوْھِیَّۃُ) پہاڑ کی چوٹی سے وادی کی زمین تک کا حصہ۔
(الوَھْیُ) کسی چیز کی پھٹن' شگاف (ج) أَوْھِیَۃٌ ووُھِیٌّ۔
(الوَھْیَۃُ): مصدر مرۃ (۲) پھٹن' دراڑ۔ شگاف۔
(الوَھِیَّۃُ): موٹی اور بڑی قابل ذبح اونٹنی (۲) موٹی۔
(الوُھَیَّۃُ): تصغیر الوَھِیَۃِ (۲) تھوڑی سی پھٹن۔
(وَاھًا) کلمہ تعجب جو کسی چیز کی تحسین کے وقت بولا جاتا ہے جیسے وَاھًا لَہٗ وبہ وہ کتنا اچھا ہے (۲) حسرت کے لئے بھی آتا ہے جیسے وَاھًا عَلٰی مَا فَاتَ فوت شدہ چیز پر افسوس ہے (۳) دکھ کے اظہار کے لئے بھی آتا ہے جیسے وَاھًا ووَاہٗ۔

و......ی

(وَیْ) کلمہ تعجب۔ بعض کے نزدیک کلمہ زجر و توبیخ ہے۔ جیسے وَیْ لِزَیْدٍ (۲) بمعنی وَیْلٌ (ہلاکت) بھی بولا جاتا ہے' کبھی اس کے بعد کاف خطاب لگایا جاتا ہے۔ جیسے وَیْکَ (۳) تہدید اور دھمکی کے لئے بھی آتا ہے جیسے وَیْ بِکَ یا فلان۔
(وَیْبٌ) بمعنی وَیْلٌ۔ وَیْبَکَ۔ وَوَیْبٌ لَکَ ووَیْبًا لَکَ۔
-وَیْبَ فلان فلاں کا ناس ہونا۔
-وَیْبًا لِھٰذا اس پر تعجب ہے۔
(الوَیْبَۃُ) دو کیل یا اردب چھ دیبہ کے مساوی ہوتا ہے۔ (مو)
(الوَیْجُ) دو بیلوں کے درمیان لمبی لکڑی۔
(وَیْحٌ) رحم اور ہمدردی کا کلمہ (۲) ویل کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے وَیْحٌ لَہٗ وَیْحًا لَہٗ ووَیْحَہٗ۔
(الوَیْسُ) فقر و محتاجی۔
(وَیْسٌ) ہمدردی اور تعریف کا کلمہ۔ جیسے وَیْسَہٗ وہ کتنا پیارا ہے۔ وَیْسًا لَہٗ وَوَیْسٌ لَہٗ بھی کہتے ہیں۔
(وَیَّلَہٗ) کسی کو بار بار وَیْلٌ لک کہنا۔ وَیَّلَ لَہٗ بھی مستعمل ہے۔
(تَوَایَلَا) ایک دوسرے کے لئے ہلاکت کی بددعا کرنا۔
(تَوَیَّلَ) مصیبت آنے پر تباہی کی بددعا کرنا۔ (۲) یا ویلاہ کہنا۔
(الوَیْلُ) نزول آفت' ہلاکت (۲) کلمہ عذاب۔
(الوَیْلَۃُ) رسوائی جیسے واویلتاہ ہائے اس کی کیسی رسوائی ہوئی۔
(وَیْلُمِّہٖ) رَجُلٌ وَیْلُمِّہٖ چالاک آدمی۔ یہ اصل میں بددعا کے لئے تھا لیکن پھر تعجب کے معنی میں استعمال ہونے لگا۔ بمعنی قَاتَلَہُ اللّٰہُ اور عرب ویلُمِّہٖ کہتے ہیں اور اس سے مراد وَیْلٌ اُمِّہٖ ہے۔
(الوَانَۃُ) پست قد مرد یا عورت۔
(الوَیْنُ) سیاہ انگور۔
(الوَیْنَۃُ) سیاہ منقی
(وَیْہٗ ووَیْھًا) کلمہ تحریض۔ کسی کام پر ابھارنا اور حوصلہ افزائی کرنا۔ شاباش' بہت خوب۔ (یہ واحد و تثنیہ و جمع اور مذکر و مونث مستعمل ہوتا ہے۔ کہتے ہیں وَیْھًا یا فلان بہت خوب' شاباش یہ کسی کام کی ترغیب کے لئے ہے۔



(الیَاءُ). اٹھائیسواں حروف تہجی' اس کا مخرج زبان کا کنارہ اور تالو کا وسط ہے۔ کہتے ہیں بَیَّیْتُ یَاءً حسنةً میں نے خوبصورت یاء لکھی ہے۔

یاء کبھی اصلی ہوتی ہے جیسے یمین اور یسار میں اور کبھی زائد ہوتی ہے جیسے کبیرٌ اور صغیرٌ میں اور کبھی کسی دوسرے حرف کا بدل ہوتی ہے جیسے ارانب کے بجائے ارایی کہا جائے۔

یا ۱.

(الیاءُ المفردةُ) کبھی مؤنث کی ضمیر کے طور پر استعمال ہوتی ہے جیسے تقومین اور قومی اور کبھی حرف مضارع ہوتی ہے جیسے یقوم اور یقُمْنَ کبھی متکلم کی ضمیر ہوتی ہے جیسے ضربنی اور غلامی' اور کبھی تثنیہ کے لئے ہوتی جیسے الرجلَیْنِ اور کبھی جمع کے لئے جیسے المومنینَ اور کبھی اطلاق اور اشباع وغیرہ کے ئے بھی آتی ہے اور یائے مشددہ نسبت کے لئے آتی ہے جیسے کوفیٌّ و بصریٌّ۔

(یا) حرف ندا بعید خواہ حقیقی ہو یا حکمی۔ کبھی ندائے قریب کی تاکید کے لئے بھی آتا ہے۔ اور یہ تمام حروف نداء میں سب سے زیادہ مستعمل ہے اسی وجہ سے حرف ندا محذوف ہونے کی صورت میں صرف اسے مقدر مانتے ہیں جیسے (یُوْسُفُ اعرض عَنْ هٰذا) یعنی یا یوسف۔

(الیَارْدَةُ) گز ۱۳۶ انچ کے برابر لمبائی کا پیمانہ۔

(یَئِسَ) مِنْهُ۔ (یَیْأَسُ وَیَئِسُ یَأْسًا وَیَاٰسَةً ناامید ہونا۔ مایوس ہونا۔ هُوَ یَائِسٌ وَیَؤُوْسٌ وَیَئِسٌ۔

—المرأةُ بانجھ ہونا۔ هِیَ یائسةٌ وَیَئِسَةٌ وَیَائِسٌ۔

(أَیْأَسَهُ) مِنْهُ اِیْئَاسًا: ناامید کرنا۔ مایوس کرنا۔

(یَأَّسَهُ) مِنْهُ: ناامید کرنا۔

(اتَّأَسَ) مِنْهُ: ناامید ہونا۔ مایوس ہونا۔

(اِسْتَیْأَسَ) مِنْهُ ناامید ہونا۔

(الیَأْسُ) سِنُّ الیَأْسِ وہ عمر جس میں پیدائش بند ہو جانے کی وجہ سے حیض منقطع ہو جاتا ہے اور حمل نہیں ٹھہرتا۔ (مو)

(یَایَا) یَا یَاةً وَیَایَاءً لوگوں کو جمع کرنے کے لئے یایا کہنا۔

—بِالْقَوْمِ ضیافت کے لئے لوگوں کو بلانا۔

—بِالْإِبِلِ اونٹوں کی رفتار ہلکی کرنے کے لئے ای کہنا۔

(یَایَا) ایک آواز جس سے لوگوں کو اکٹھا کیا جاتا ہے۔

(الیَایَاءُ) یویو کی آواز۔

(الیُؤیُؤ) شکرے جیسا ایک شکاری پرندہ جس کی دم چھوٹی ہوتی ہے۔ (ج) یَآیِیُ۔

ی ب

(یَبَّهُ) ویران کرنا۔

(الیَبَابُ) ویرانہ (۲) خالی جگہ۔ جہاں کوئی نہ ہو جیسے أَرْضٌ یَبَابٌ۔

—دَارُهُمْ خَرَابٌ یَبَابٌ' ان کا گھر ویران ہے۔

—حَوْضٌ یَبَابٌ' پانی سے خالی حوض۔

(یَبِسَ) ۔ (یَیْبَسُ وَیَیْبِسُ) یَبْسًا وَیُبُوْسَةً خشک ہونا۔ سوکھ جانا۔ هُوَ یَابِسٌ وَیَبِسٌ وَیَبْسٌ وَیَبُوْسٌ۔

—مَا بَیْنَ الرَّجُلَیْنِ. دو آدمیوں کا تعلق منقطع ہونا۔

(أَیْبَسَ): خشک زمین میں آجانا یا چلنا (۲) قحط میں ہونا۔ أَیْبَسَ القَوْمُ۔

—الْأَرْضُ: زمین کے نباتات اور سبزے کا خشک ہو جانا۔

—الشیءَ سکھانا' خشک کرنا۔

—اللّٰهُ یَدَهُ عَلٰی سَوْطِهٖ' خدا اس کا ہاتھ شل کر دے۔

—أَیْبِسْ' خاموش رہ۔

(یَابَسَهُ)' کسی سے سختی اور روکھے پن سے پیش آنا۔

(یَبَّسَهُ) خشک کرنا۔

(اتَّبَسَ) لازم یَبَّسَهُ۔

(الأَیْبَسُ) هُوَ أَیْبَسُ مِنْهُ اس سے زیادہ خشک بَیْنَهُمْ نَدًی أَیْبَسُ' ان کے باہمی تعلقات ہیں (۲) پنڈلی میں خشک ہڈی جو دبانے سے گر ہے اور اگر وہ ٹوٹ جائے تو پنڈلی ہی جاتی رہتی ہے۔ (ج) أَیَابِسُ۔

—الأَیْبَسَانِ کلائی یا پنڈلی (۲) ٹخنوں تک پنڈلی کا وہ حصہ جس پر گوشت نہیں ہوتا۔ ضَرَبَ أَیْبَسَهُ اس نے اس کی ٹانگ پر چوٹ لگائی۔

(الأَیَابِسُ). کلائی اور ٹخنوں کا بالائی حصہ۔ (۲) وہ خشک اور سخت زمین جس پر شمشیرزنی کی مشق کی جائے۔

(المِيبَاسُ) خشک کرنے والی چیز (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے) ابن اعرابی کا قول ہے نکباءُ الصّبا و الجَنُوب مِهیافٌ ملواحٌ ومیاسٌ للبقلِ۔

(اليَابِسُ) وَجْهٌ يَابِسٌ: خشک اور مرجھایا ہوا چہرہ۔ سکرانٌ یَابِسٌ: نشہ میں مدہوش جو بول نہ سکے (ج) یُبْسٌ و یَبَسٌ۔

(اليَبَاسُ) اليابسُ: عربوں کا قول ہے أرَطْبٌ أم يَبَاسٌ؟

(يَبَاسِ) باعث شرم حرکت، عیب۔

(اليَبْسُ) اليابسُ- حَطَبٌ يَبْسٌ: خشک ایندھن (لکڑیاں)- شاةٌ يَبْسٌ: وہ بکری جس کا دودھ خشک ہو گیا ہو (۲) يَابِسٌ کی جمع (ج) أَيْبَاسٌ۔

(اليَبَسُ) اليابسُ- أرْضٌ يَبَسٌ: بہت خشک زمین- مَكَانٌ يَبَسٌ: وہ جگہ جہاں کا پانی خشک ہو گیا ہو- قرآن مجید میں ہے (فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا) شاةٌ يَبَسٌ: دودھ خشک ہو جانے والی بکری- امرأةٌ يَبَسٌ: وہ عورت جس کا کوئی فائدہ نہ ہو۔

(اليَبْسَةُ) اتانٌ يَبْسَةٌ: لاغر گدھی جس کی ہڈیاں ظاہر ہو جائیں۔

(اليَبَسَةُ) مِنَ الشِّيَاهِ: خشک شدہ دودھ والی بکری- اتانٌ يَبَسَةٌ: لاغر گدھی (ج) يِبَاسٌ۔

(اليُبُوسَةُ): خشک (ضد الرّطوبة) (۲) مزاج کی درشتی اور روکھا پن۔

(اليَبِيسُ) اليابسُ: (۲) مرجھائی ہوئی بکھری ہوئی سبزیاں اور پودے۔

-رَجُلٌ وامرأةٌ يَبِيسٌ: بے خیر مرد و عورت۔

-يَبِيسُ الْمَاءِ: خشک پسینہ۔

(اليَتُوعُ) ہر وہ پودا جس میں دودھ نکلتا ہو۔

(يَتَمَ) - (يَتِمُ) يَتْمًا: تنہا رہ جانا۔

-الصبيُّ أو الولدُ: بلوغت سے پہلے باپ کا فوت ہو جانا- یتیم ہو جانا۔

-الصغيرُ مِنَ الحَيَوَانِ او البَهَائِمِ: وہ جاندار جس کی ماں مر گئی ہو یا الگ ہو گئی ہو۔

-الفَرْخُ: وہ چوزہ جس کا باپ یا ماں نہ ہو- هُوَ يَتِيمٌ ويَتْمَانُ (ج) يتامىٰ وَأيْتَامٌ۔

(يَتِمَ) - (يَيْتَمُ) يَتْمًا: يَتَمَ۔

-يَتْمًا: سست اور کاہل ہو جانا (۲) تھکا ماندہ۔

-مِنَ الأَمْرِ کام سے بچ نکلنا۔

(يَتُمَ) - (يَيْتُمُ) يُتْمًا: يَتَمَ۔

(أيْتَمَتِ) المرأةُ: عورت کا یتیم بچہ والی ہونا۔ هي مُوتِمٌ ومُوتِمَةٌ (ج) مَيَاتِيمُ۔

-الصَّبِيَّ: بچہ کو یتیم کر دینا۔

(يَتَّمَهُ): أيْتَمَهُ۔

(المَيْتَمَةُ) مِنَ الحُرُوبِ ونحوها وہ جنگ جو بچوں کو یتیم کر ڈالے۔ کہاوت ہے (الحَرْبُ مَيْتَمَةٌ ومَأْيَمَةٌ) جنگ یتیم اور بیوہ کر دیتی ہے (۲) یتیم کی جمع (ج) مَيَاتِمُ۔

(اليَتَمُ) غم۔

(اليَتْمُ): فِي سَيْرِهِ يَتْمٌ: اس کی چال میں ضعف، سستی اور کاہلی ہے (۲) حاجت۔ ضرورت۔

(اليَتِيمُ) وہ انسان جس کا باپ نہ ہو۔ (۲) وہ جانور جس کی ماں نہ ہو (۳) نادر المثال شے (ج) أيْتَامٌ ويَتَامىٰ ويَتَمَةٌ ويَتَائِمُ ومَيْتَمَةٌ۔

(اليَتِيمَةُ): مؤنث اليتيم (۲) ریت کے ٹیلوں سے الگ تھلگ ٹیلہ (۳) بیش قیمت اور بے مثال موتی (ج) يَتَامىٰ ويَتَائِمُ۔

-الجُمْعَةُ اليَتِيمَةُ مصریوں کے نزدیک رمضان المبارک کا آخری جمعہ۔

(يَتَنَتِ) الحَامِلُ- (تَيْتِنُ) تَيْنًا: حاملہ کے بطن سے بچہ کا الٹا پیدا ہونا پہلے پاؤں نکلنا پھر سر- کہتے ہیں وَضَعَتْهُ أُمُّهُ يَتْنًا اس کی ماں نے اسے الٹا جنا ہے۔

(أيْتَنَتِ) الحَامِلُ : يَتَنَتْ- هي مُوتِنٌ ومُوتِنَةٌ۔

(يَتَّنَتِ) الحَامِلُ: أيْتَنَتْ۔

(اليَحْمُورُ) چھوٹی سرخ دم کا بارہ سنگھا۔ (۲) گاؤ خر (ج) يحاميرُ (دیکھئے حمر)۔

(اليَحْمُومُ) (دیکھئے حمم)

(أيْدَعَ) الحجَّ عَلَى نَفْسِهِ احرام باندھتے وقت خوشبو لگا کر خود پر حج فرض کر لینا۔

-اليمينَ عَلَى نَفْسِهِ خود پر قسم واجب کر لینا۔

(يَدَّعَهُ): ایدع سے رنگنا (دیکھئے الایدع)

-الصَّبَّاغُ رنگریز نے اسے ایدع سے رنگا۔

(الأيْدَعُ) ایک قسم کا سرخ گوند جو عمدہ قسم کی وارنش میں کام آتا ہے اور بطور دوا بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ دم الاخوین۔

(يَدَاهُ)- (يَدِيهِ) يَدْيًا: ہاتھ پر مارنا، ہاتھ زخمی کرنا۔

-الصَّائِدُ ونحوهُ الظبيَ وغيرهُ شکاری وغیرہ کا ہرن وغیرہ کا پاؤں جال میں پھنسانا۔ هُوَ مَيْدِيٌّ۔

-فُلانًا واليه عليه يَدًا کسی کے ساتھ احسان کرنا۔

(يَدِيَ) فلانٌ- (يَيْدَى) يَدًى بھلائی کرنا۔ عطیہ دینا (۲) کمزور ہونا۔

-مِنْ يَدِهِ ہاتھ ناکارہ اور شل ہو جانا۔ بطور بددعا کے کہا جاتا ہے مَالَهُ يَدِيَ مِنْ يَدِهِ أو مِنْ يَدَيْهِ۔

(يَدِيَ) ہاتھ میں تکلیف ہونا۔

-يَدُهُ ہاتھ شل اور ناکارہ ہو جانا۔

(أيْدَى) فُلانًا واليه او عندهُ يَدًا۔ يداهُ کہتے ہیں مَا أيْدَى فلانًا وفُلانَةً اس نے فلاں مرد اور فلاں عورت کا خیال نہیں رکھا۔

(يَادَاهُ) کسی کے ہاتھ پر بیعت کرنا (۲) کسی کے ہاتھ میں ہاتھ دینا۔ أعْطَاهُ مُيَادَاةً اس نے اسے ہاتھ کے ہاتھ دیا۔ یعنی فوراً دیا۔

(اليَدُ) ہاتھ (اس کا اطلاق مونڈھے سے انگلیوں کے کنارے تک ہوتا ہے) (مؤنث) (۲) ہر چیز کو پکڑنے کا دستہ جیسے يَدُ السَّيْفِ والسِّكِّينِ والفَأسِ والرُّمْحِ۔ (۳) کرتے وغیرہ کی آستین (۴) احسان و انعام جو دوسروں پر کیا جائے (۵) سلطنت، بادشاہ (۶) قدرت و طاقت جیسے ما لي بِهَذَا الأَمْرِ يَدَانِ: (۷) جماعت، مددگار۔ حمایتی جیسے هُمْ يَدُهُ اور هُمْ يَدٌ عَلَى غيرِهِمْ وہ دوسروں کے

مقابلہ میں اکٹھے ہیں (۸) ملکیت قبضہ۔ جیسے
هُوَ فِیْ یَدِیْ (۹) رہن کی ضمانت (۱۰)
اطاعت وفرماں برداری هٰذِهٖ یَدِیْ لَكَ میں
تمہارا فرماں بردار ہوں۔ اعطٰی بِیَدِهٖ وہ اس
کے سامنے جھک گیا۔ اعطی الجزیة عَنْ
یَدٍ اس نے تابع ہوکر جزیہ ادا کیا۔ (ج) اَیْدٍ
ویُدِیٌّ واَیادٍ۔
–ضَرَبَ یَدَهٗ فِی کَذَا وہ اس کام میں شروع
ہوگیا۔
–الیدُ العلیا خیر من الید السفلٰی: دینے
والا ہاتھ لینے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔
–خَرَجَ مِنْ تَحْتِ یَدِهٖ فلانٌ۔ فلاں کو فلاں
سے تعلیم وتربیت ملی۔
–الْاَمْرُ بِیَدِ فلانٍ یہ معاملہ فلاں کے قبضہ
میں ہے۔
–طَوِیْلُ الْیَدِ سخی (۲) اچکا۔
–طَوِیْلُ الْبَاعِ سخی (۲) اچکا۔
–هُوَ اَطْوَلُ یَدًا مِنْهُ وہ اس سے زیادہ سخی
ہے۔
–مَشٰی بَیْنَ یَدَیْهِ وہ اس کے سامنے چلا۔
–سُقِطَ فِی یَدِهٖ اَوْفِیْ یَدَیْهِ وہ پچھتایا۔
ناکام ہوا۔ حسرت وافسوس سے ہتھیلیاں ملنے
لگا۔
–بِعْتُهٗ یَدًا بِیَدٍ نقد فروخت کیا۔
–جَاءَ فُلَانٌ بِمَا اَدَتْ یَدٌ اِلٰی یَدٍ فلاں
ناکام ونامراد آیا۔
–لَا افعلُهٗ یَدَ الدَّهْرِ میں اسے کبھی نہیں
کروں گا۔
–لقیتُهٗ اَوَّلَ ذات یَدَیْنِ میں اسے سب
سے پہلے ملا۔
–ابتعتُ الغنمَ ونحوها الْیَدَیْنِ او
بالْیَدَیْنِ میں نے اسے بھیڑیں مختلف قیمتوں
میں فروخت کیں۔ کچھ مہنگی کچھ سستی۔
–بَاعَ الغنمَ الْیَدَانِ میں نے اسے بھیڑیں
اس طرح فروخت کیں ایک ہاتھ دیں دوسرے
ہاتھ قیمت وصول لی۔
اَعْطَاهُ مَالًا عَنْ ظَهْرِیَدٍ میں نے اسے
ازراہ کرم مال دیا تھا (یعنی نہ قرض تھا نہ بیع)
–لِلْیَدَیْنِ وَلِلْفَمِ اس کا منہ اور ہاتھ ٹوٹ
جائے۔ (کسی کو بددعا کے لئے کہا جاتا ہے)۔
(الْیُدَاءُ) ہاتھ کا درد۔
(الْیَدُّ) بمعنی یَدٌ۔
(الْیَدَوِیُّ) ہاتھ کا بنا ہوا۔
–الْاَشْغَالُ الْیَدَوِیَّةُ: دستکاریاں۔ ہاتھ سے
کئے جانے والے کام۔
(الْیَدِیُّ) رَجُلٌ یَدِیٌّ ماہر دستکار۔ وھی
یَدِیَّةٌ۔
–ثَوْبٌ یَدِیٌّ: کشادہ کپڑا۔
(الْیَرْبُوْعُ) (دیکھو ربع)
(یَرِعَ)– (یَیْرَعُ) یَرَعًا ویَرَاعَةً بزدل
ہونا۔
(الْیَرَاعُ) بانس۔ واحد یراعةٌ (۲) بزدل
(۳) بے عقل و رائے آدمی (۴) چھوٹی
بھیڑیں وغیرہ (۵) جگنو۔
(الْیَرَاعَةُ) بانس (واحد) (۲) جگنو (واحد)
(۳) بانس کا قلم (۴) درختوں کا جھنڈ (۴)
بانسری جیسے شاعر کا قول
احنُّ الی لیلی وان شطّت النوی
بلیلی کما حنّ الیراعُ المثقب
(۵) بزدل جیسے هو یراعةٌ (۶) بیوقوف
(۷) شتر مرغ۔
(الْیَرَعُ) جنگلی گائے کا بچہ۔
(الْیَرَعُ) مچھر کی طرح کا ایک جانور جو منہ
کے گرد گھومتا ہے (۲) جنگلی گائے کے بچے۔
(یُرِقَ) الْاِنْسَانُ او الزَّرْعُ یرقان کے مرض
میں مبتلا ہونا۔ هو مَیْرُوْقٌ۔
(الْیَارَقُ) کنگن کی ایک قسم (مع)
(الْیَرَقَانُ) ایک آفت جو کھیتوں کو تباہ کر دیتی
ہے (۲) یرقان (ایک بیماری) جس میں صفرا
آسانی کے ساتھ آنتوں تک نہیں پہنچتا اور خون
میں شامل ہو کر پورے بدن میں زردی پھیل
جاتی ہے۔
(الْیَرَقَانَةُ) بعض حیوانات کی نشوونما اور
بڑھوتری کا ایک مرحلہ۔ (مج)
(الْیَرُوْنُ) زہر (۲) ہاتھی کا دماغ (۳) منی
(۴) جانوروں کا پسینہ۔
(یَرَّنَا) یُرَنَّا میں رنگنا۔
(الْیُرَنَّا) مہندی یا مہندی جیسا ایک رنگ۔
(الْیُرَنَّاءُ): الیُرَنَّا۔
(یَسَرَ) الشیءُ– (یَیْسِرُ) یَسْرًا۔ آسان
اور ممکن ہونا (۲) نرم ہونا قابو میں آنا جیسے یَسَرَ
الانسانُ والفرسُ۔
الحاملُ: آسانی سے بچہ جننا۔
–لَهٗ فِی الْاَمْرِ یَسْرًا ویَسَارًا۔ کسی کام کو کسی
کے لئے آسان کردینا۔
–فلانٌ یَسْرًا: نیچے کی طرف جسم کو بل دینا۔
(۲) رسی کو بل دینا (۳) تیروں سے جوا کھیلنا۔
–فلانًا ونحوهٗ: کسی کے بائیں حصہ پر مارنا یا
زخمی کرنا۔
–الشیءَ: بائیں طرف سے آنا (۲) بائیں
طرف سے پکڑنا۔
–فلانًا: کسی کے چہرہ کے قریب نیزہ مارنا۔
–القومُ الجزورَ: اونٹنی کو ذبح کرنے کے بعد
ٹکڑے ٹکڑے کر کے باہم تقسیم کرنا۔
–مَالَهٗ مال کو باہم تقسیم کرنا۔ کہتے ہیں اَسَرُوْهُ
ویَسَرُوْا مَالَهٗ۔
(یَسِرَ) الشیءُ– (یَیْسَرُ) یَسَرًا: یَسَرَ۔
هو یَسِرٌ ویَسِیْرٌ۔
–فلانٌ یَسَارًا و یُسْرًا مالدار اور خوشحال
ہونا۔
(یَسُرَ) الشیءُ– (یَیْسُرُ) یُسْرًا ویَسَارَةً
آسان اور ہلکا ہونا (۲) تھوڑا ہونا۔ هو
یَسِیْرٌ۔
(اَیْسَرَ) فلانٌ مالدار ہونا۔
–الحاملُ آسانی سے جننا۔
–لَهٗ فِی الْاَمْرِ کسی کے لئے کسی کام میں
آسانی پیدا کرنا۔
–فلانًا کسی پر مطالبہ میں نرمی کرنا۔
–اهلَهٗ وغیرها اونٹوں وغیرہ کو بائیں جانب
موڑنا۔
(یَاسَرَ) بائیں جانب چلنا۔ یَاسَرَ

بالقوم لوگوں کے بائیں جانب چلنا۔
-فلانًا ونحوهٗ کسی کے ساتھ نرمی برتنا۔
(يَسَّرَ) فلانٌ کسی کے جانوروں کا آسانی سے بچے جننا اور کسی جانور کا ضائع نہ ہونا۔
-الْمَاشِيَةُ جانوروں کا زیادہ ہونا (۲) جانوروں کا زیادہ دودھ اور نسل والا ہونا۔
-الشيءَ آسان کرنا جیسے حدیث میں ہے (يسّرُوا ولا تعسّروا)
-لَهٗ كذا کسی کے لئے کوئی چیز تیار کرنا' مہیا کرنا۔
-فلانًا لكذا کسی کو کسی چیز کے لئے تیار کرنا۔
-فلانًا کامیاب کرنا' توفیق دینا۔
-الشيءَ آسان اور ممکن بنانا۔
-الْفَرَسَ ونحوهٗ گھوڑے وغیرہ پر قابو پانا۔
(اِتَّسَرَ) القومُ الجزورَ واتَّسَرُوْهَا: اونٹنی کو ذبح کر کے باہم تقسیم کر لینا۔
(تَيَاسَرَ) : يَاسَرَ۔
-فِي كذا سستی کرنا۔ نرمی برتنا۔ حدیث میں ہے (تَيَاسَرُوْا فِي الصَّدَاقِ)
-القومُ الجزورَ ونحوها اونٹنی کو ذبح کر کے باہم تقسیم کر لینا۔
-الْأَهْوَاءُ وغيرُها قَلْبَهٗ خواہشات وغیرہ کا کسی کے دل کو منتشر کر دینا۔
(تَيَسَّرَ) الشيءُ آسان ہونا (۲) مہیا ہونا۔ تیار ہونا۔
-لِلْقِتَالِ ونحوهٖ تیار ہونا۔
-لَهٗ كذا کسی کو کوئی چیز مہیا اور میسر ہونا۔
-الْأَرْضُ او الْبِلَادُ زمین یا ملک کا سرسبز و شاداب ہو جانا۔
-النَّهَارُ دن کا ٹھنڈا ہونا۔
(اِسْتَيْسَرَ) أيسر تَيَسَّرَ۔
-لَهُ الْأَمْرُ کسی کام آسان اور ممکن ہو جانا۔
(الْأَيْسَرُ) انتہائی آسان۔
هو أَيْسَرُ منهُ (۲) بایاں (خلاف دائیں) جیسے هو في الجانب الايسر (۳) بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا (ج) يُسْرٌ۔
(التَّيْسُوْرُ) دَابَّةٌ حَسَنَةُ التَّيْسُوْرِ اچھے قدم اٹھانے والا جانور۔ فَرَسٌ حَسَنُ التَّيْسُوْرِ مناسب تحتمند گھوڑا۔
(الْمُوْسِرُ) مالدار اور صاحب دولت آدمی (ج) مَيَاسِيْرُ۔
(الْمَيْسِرُ) جوا۔ عربوں کا تیروں سے کھیلا جانے والا جوا۔ ہر وہ کھیل جس میں جوئے کی طرح بازی لگائی جائے (۲) بچوں کا اخروٹ پھینکنے کا ایک کھیل جس میں جوا لگایا جاتا ہے کہتے ہیں الشطرنج ميسرُ العجم (۳) اونٹنی کا گوشت جس میں عرب جوا کھیلتے تھے۔
(الْمَيْسَرَةُ) (مصدر میمی) سہولت (۲) ثروت و مالداری۔ (۳) بایاں خلاف دایاں۔ جیسے مَيْسَرَةُ الجيش (ج) وَلَّاهُ مَيَاسِرَهٗ اسے بائیں بازوں کا قائد بنایا۔
(الْمَيْسُرَةُ) سہولت۔ آسانی' فراخی۔
(الْمُيَسَّرُ) گوشت اور انڈوں کا بنا ہوا کھانا (۲) قیمہ گوشت بھر کر پکائی ہوئی روٹی اسے لقمة القاضي اور لقمة الخليفه بھی کہتے ہیں۔
(الْمَيْسُوْرُ) آسانی' سہولت (یہ مصدر اسم مفعول کے وزن پر ہے) کہتے ہیں خُذْ بميسوره ودَعْ مَعْسُوْرَهٗ (ج) مَيَاسِيْرُ۔
(الْيَاسِرُ) جوئے کے ذبیحے کے گوشت کا تقسیم کرنے والا (۲) جوئے میں تیر ڈالنے یا تیروں سے کھیلنے والا (ج) أَيْسَارٌ وهي يَاسِرَةٌ (ج) يَوَاسِيْرُ۔
(الْيَسَارُ) سہولت اور آسانی (۲) مالداری' ثروت' خوشحالی' فراخت و آسودگی (۲) بایاں (مذکر) کہتے ہیں قعد يمينًا ويسارًا او عن اليمين او عن اليسار (۳) بایاں ہاتھ (مؤنث) (ج) يُسُرٌ ويُسْرٌ۔
(الْيَسَارِيُّ) اپنی پالیسی اور رائے میں انتہاء پسند ان کو یساری کہتے ہیں وجہ یہ ہے کہ یہ گروہ پارلیمنٹ کے اجلاس میں بائیں جانب بیٹھتا ہے۔ بخلاف اليمينيّ (محدثة)
(يَسَارِ) خوشحالی' فراخی' سہولت۔ انظرني حَتّٰى يَسَارِ مجھے فراخی ہونے تک مہلت دو۔
(الْيَسَارَةُ) سہولت (۲) مالداری (۳) بے قلت۔
(الْيَسَرُ) دائیں ہاتھ کو اپنے بدن پر پیچھے کی طرف لے جا کر بل کھانا۔ فَتْلٌ يَسَرٌ بائیں طرف کا بل۔ طَعْنٌ يَسَرٌ منہ کے برابر کا نیزہ کا زخم۔
وَلَادَةٌ يَسْرٌ آسان ولادت۔ ولدتهُ أُمُّهٗ يَسْرًا اس کی ماں نے اسے آسانی سے جنا۔
(الْيُسْرُ) آسانی' سہولت جیسے (الدين يُسْرٌ) (۲) مالداری' غنی۔
(الْيَسَرُ) آسانی' سہولت' آسانی سے قابو میں آنے والا جیسے هُوَ يَسَرٌ (۲) مہیا اور تیار (۳) جوئے میں تیر ڈالنے والا (۴) بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ رَجُلٌ أَعْسَرُ يَسَرٌ دونوں ہاتھوں سے کام کرنے والا (ج) أَيْسَارٌ۔
ولدتهُ أُمُّهٗ يَسَرًا اس کی ماں نے اسے آسانی سے جنا۔
(الْيُسْرٰى): أَيْسَرُ کی تانیث (۲) بایاں ہاتھ (۳) بائیں جانب (۴) سہولت۔ آسانی۔ نرمی۔
(الْيَسْرَةُ) مصدر مرة (۲) بایاں (۳) جانور کی پچھلی ٹانگوں میں سے ایک۔ إنّ قوائمَ هذهِ الدابّةِ يَسَرَاتٌ۔
(الْيَسَرَةُ) مونث الْيَسَر هي عسراءُ يَسَرَةٌ وہ دونوں ہاتھوں سے کام کرتی ہے (۲) جانور کی پچھلی ٹانگوں میں سے ایک (۳) دونوں رانوں کا نشان (۴) ہتھیلی کی لکیریں جو کہ متصل نہ ہوں (ج) أَيْسَارٌ۔
(الْيَسِيْرُ) آسان (۲) تھوڑا (۳) حقیر (۴) تھوڑا سا' ذرا سا۔ شيء يسيرٌ۔
(الْيُوْسُفِيُّ) ططبہ کی نارنگی۔ یہ یوسف نامی شخص کی طرف منسوب ہے جو اسے پہلی مرتبہ لایا تھا۔
(الْيَاسَمِيْنُ) چنبیلی کا پودا۔
(الْيَشْبُ) ایک قسم کا رنگ برنگ قیمتی پتھر (ج)

(الیَشْمُ): مختلف رنگوں کی ٹھوس معدنیات کے مجموعہ پر بولی جانے والی اصطلاح جیسے کیلشیم اور میگنیشیم وغیرہ۔ (ج)
(الیَعْبُوبُ): تیز رو نہر۔ (ج)
(یَعَرَتِ) الشاۃُ او المِعْزیٰ ۔ (تَیْعَرُ ونَیْعِرُ) یَعْرًا ویُعَارًا: بکری یا دنبی وغیرہ کا آواز نکالنا' چیخنا۔
(الیُعَارُ) بکری یا دنبی وغیرہ کی آواز یا بکری کی زوردار آواز کہتے ہیں للشاۃِ یُعارٌ۔
(الیَعَارَۃُ) اونٹ کو اونٹنی کے پاس لاکر جفتی کے لئے تیار کرنا۔ اگر اونٹ کی خواہش ہو تو جفتی کرتا ہے ورنہ نہیں اسی لئے کہتے ہیں اعترض الفحلُ الناقۃَ یَعَارَۃً۔
(الیَعْرُ) وہ بکری یا بکری کا بچہ جسے شکار کرنے کے لئے گڑھے کو ڈھانک کر اس کے پاس کھڑا کیا جائے کہ جب شیر یا بھیڑیا وغیرہ اس کی طرف لپکے گا تو گڑھے میں گر جائے گا۔ (۲) بکری یا بکری کا بچہ۔
(الیَعْرَۃُ) الیَعْرُ۔
(الیَعُوْرُ): بہت ممیانے اور آواز نکالنے والی بکری۔
(الیَعُوْرَۃُ): الیَعُوْرُ۔
(الیَعْسُوْبُ): (دیکھئے عسب)
(الیَعْضِیْدُ) (دیکھئے عضد)
(الیَعْفُوْرُ) (دیکھئے عفر)
(یَغُوثُ): زمانہ جاہلیت کا ایک بت۔
(یَفَخَہٗ) ۔ (یَیْفَخُہٗ) یَفْخًا: کسی کے تالو پر مارنا یا زخمی کرنا۔
(الیَافُوْخُ) تالو۔ کہتے ہیں مَسّ او حَکَّ بیافوخہ السماءَ: وہ عالی مرتبت ہے۔ رکب یافوخَ فلانٍ: فوقیت لے جانا۔ غالب آنا۔
—من اللیلِ رات کا ½ حصہ۔ ضربَ یافوخ اللیلِ (رات کے اول حصہ میں چلا (ج) یَوَافیخ۔
وَطِیَٔ یَوَافیخ القوم اسے سرداری ملی۔
(یَفَعَ) الشیءَ ۔ (یَیْفَعُ) یُفُوْعًا ویَفْعًا: بلند اور اونچا ہونا۔
—الغلامُ: لڑکے کا جوان اور قریب ہونا ایسے ہی یفعت الفتاۃ۔
—الجبلَ ونحوہٗ یَفْعًا: پہاڑ وغیرہ پر چڑھنا هو یَافِع۔
(اَیْفَعَ): یَفَعَ۔ هو یافعٌ (مُوْفِعٌ نہیں کہا جاتا)
(یَافَعَ) وَلیدۃً ونحوها: لڑکی سے زنا کرنا۔ ولدُ المُیافعۃِ: حرام زدہ۔
(تَیَفَّعَ): یَفَعَ (۲) پہاڑی یا ٹیلہ پر چڑھنا (۳) ٹیلے پر آگ روشن کرنا۔
(الیَافِعُ): قریب البلوغ لڑکا (مراہق سے کم) (ج) یَفَعَۃٌ و اَیْفَاعٌ ویفعانٌ۔
—مَجْدٌ او شَرَفٌ یَافِعٌ: بلند حیثیت' باعزت۔
(الیَافِعاتُ): یَافِعٌ یا یافعاتٌ کی جمع (۲) بلند و بالا پہاڑ (۳) مشکل اور طاقت سے بالا معاملات اور امور۔
(الیَفَاعُ): ہر اونچی چیز جو زمین' پہاڑ یا ریت وغیرہ پر ہو۔
(الیَفَعُ) الیافع۔ غلامٌ یَفَعٌ (۲) الیفاعُ (ج) اَیْفَاعٌ ویُفُوْعٌ۔
(الیَفَعَۃُ) غلامٌ یَفَعَۃٌ وفتاۃٌ یَفَعَۃٌ: نوجوان لڑکا یا لڑکی (۲) یافع کی جمع کہتے ہیں غلمانٌ یَفَعَۃٌ (ج) ایفاعٌ۔
(الیَفَنُ): بوڑھا' شیخ فانی (۲) بوڑھا بیل (۳) چوتھے سال میں لگنے والا بچھڑا (۴) مضطرب جس کے حالات بدلتے رہیں (ج) یُفُنٌ۔
(الیَاقُوتُ): مشہور قیمتی پتھر یاقوت جو سرخ' نیلا' زرد اور سفید رنگ کا ہوتا ہے۔ واحد یاقوتۃٌ (ج) یَوَاقِیتُ۔
(الیَقْطِیْنُ): (دیکھئے قطن)
(یَقِظَ) من نومہ ونحوہٖ۔ (یَیْقَظُ) یَقَظًا ویَقَاظَۃً: بیدار ہونا' جاگنا (۲) حاضر دماغ اور فطین ہونا (۲) محتاط اور چوکنا ہونا هو یَقِظٌ (ج) اَیْقَاظٌ هی یَقِظَۃٌ وهو یَقْظَانُ (ج) یَقَاظَی ویقاظٌ وهی یَقْظَی (ج) یَقَاظَی۔
(اَیْقَظَہٗ) مِنْ نَوْمِہٖ ونحوہٖ: جگانا۔ بیدار کرنا (۲) حاضر دماغ اور چوکنا کرنا (۳) محتاط کرنا' ہوشیار کرنا۔ (۴) ترغیب دینا' ابھارنا۔
—الغبارَ: گرد اڑانا۔
—الفتنۃَ: فتنہ و فساد برپا کرنا۔
(یَقَّظَہٗ) اَیْقَظَہٗ۔
(تَیَقَّظَ) یَقِظَ: جیسے تَیَقَّظَ مِنْ نومہٖ او مِنْ غَفْلَتِہٖ۔
—لکذا: کسی کام کے لئے تیار ہونا۔
(اِسْتَیْقَظَ): تَیَقَّظَ: جیسے استیقظ مِنْ نومہٖ وغیرہٖ اِلی کذا: نیند وغیرہ سے بیدار ہو کر کسی چیز کی طرف متوجہ ہونا۔
—فلانًا ونحوہٗ: جگانا' بیدار کرنا۔
(الیَقُظُ) رَجُلٌ یَقُظٌ: ذہین' سمجھدار اور حاضر دماغ آدمی (ج) اَیْقَاظٌ۔
(الیَقْظَانُ): بیدار' چوکنا' ہوشیار (ج) اَیْقَاظٌ رَجُلٌ یقظانُ الفِکرِ: سمجھدار آدمی۔ (ج) یَقَاظَی ویَقَاظٌ وهی یَقْظَی: کہتے ہیں باتت عینی یقظی تراعیك: میری آنکھ رات بھر تمہاری حفاظت میں جاگتی رہی۔ (ج) یَقَاظَی۔
(الیَقَظَۃُ): بیداری' جاگنے کی حالت کہتے ہیں مَا انساكَ فِی النَّوْمِ والیَقَظَۃِ: میں سوتے جاگتے تم کو نہیں بھولتا۔
(یَقِنَ) الشیءُ ۔ (یَیْقَنُ) یَقَنًا ویَقِینًا: واضح' یقینی اور ثابت ہونا۔ هو یَقِنٌ ویَقِیْنٌ۔
—الشیءَ وبِہٖ: جاننا۔ یقین حاصل کرنا۔
(اَیْقَنَہٗ) وَبِہٖ: یَقِنَہٗ۔
(تَیَقَّنَہٗ) وَبِہٖ: اَیْقَنَہٗ۔
(اِسْتَیْقَنَہٗ) وبِہٖ: یقین کرنا' جاننا۔
(المِیْقَانُ): رَجُلٌ مِیْقَانٌ: ہر بات پر یقین کرنے والا سادہ آدمی۔ هی مِیْقَانَۃٌ۔
(الیَقَنُ) رَجُلٌ یَقَنٌ و ذو یَقَنٍ: ہر کہی ہوئی بات پر یقین اور تصدیق کرنے والا۔
(الیَقِنُ) رَجُلٌ یَقِنٌ: ہر بات پر یقین کرنے والا۔ فلانٌ یَقِنٌ بالشیءِ: وہ فلاں چیز کا

عاشق اور دلدادہ ہے ھی یقِنَۃٌ۔
(الیَقْنُ) الیَقَنُ۔
(الیَقَنَۃُ): ہر بات کی تصدیق کرنے والا۔ جیسے رَجُلٌ یَقَنَۃٌ (تاء مبالغہ کی ہے) ھی یقَنَۃٌ۔
(الیَقِینُ): یقین وہ علم جس میں شک نہ ہو (۲) علم فلسفہ کی اصطلاح میں کسی حکم کے صحیح ہونے کے اعتقاد کے ساتھ دل کا اس سے مطمئن ہونا (ج) کہتے ہیں عَلِمَہٗ یَقِیناً وعِلْمُ الیقین وعِلْمٌ یَقِینٌ: شک و شبہ سے بالاتر علم۔ عرب کبھی یقین کو ظن اور ظن کو یقین سے تعبیر کرتے ہیں جیسے درید بن صمہ کا شعر ہے۔

فقلت لهم ظنّوا بالفى مد جج
سراتهم فى الفارسى المسرّد

یہاں ظن یقین کے معنی میں ہے اور ابو سدرہ اسدی کا شعر ہے۔

تَحَسَّبَ هَوَّاسٌ وايقن اننى
بها مفتد من واحد لا اغا مره

یہاں یقین ظن کے معنی میں ہے (۳) موت جیسے قرآن مجید میں ہے (وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ)
(یَلْکْ): ایک (فارسی) کاف کی تشدید کے ساتھ بھی آتا ہے جیسے
"تحدمي الرّومي من يلك ليَلَكْ"۔
(الیَلَبُ): چمڑے کی ڈھال۔ واحد یَلَبَۃٌ (۲) فولاد (۳) چمڑے کی ٹوپیاں جو فوجی لڑائی میں اوڑھتے ہیں۔
(الیَلَقُ): ہر سفید چیز (۲) سفید گائیں
(الیَلَقَۃُ): سفید بکری۔
(یَلَّ ویَلِلَ)۔ (یَیَلُّ) یَلًّا یللاً: اندر گھسے ہوئے چھوٹے ملے دانتوں والا ہونا۔ ھو اَیَلُّ وھی یَلَّاءُ (ج) یُلٌّ۔
(الاَیَلُّ): چھوٹے کھروں والا۔
(الیَلَّاءُ): مونث الاَیَلّ۔
—صَفَاۃٌ یَلَّاءُ: ہموار اور چکنا پتھر۔
(الیَلْمَقُ): قباء ایک قسم کا لمبا کوٹ (ج) یَلَامِقُ۔
(یَمَّ) یَمًّا: سمندر میں ڈالا جانا۔
—السَّاحِلُ: سمندر کے پانی کا ساحل کو ڈھانک لینا۔ ھو مَیْمُوْمٌ۔
(یَمَّمَہٗ): قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔ یَمَّمَہٗ بِالرُّمحِ: نیزہ کا کسی کو نشانہ بنانا۔
—المَرِیْضُ لِلصَّلٰوۃِ: مریض کا نماز کے لئے تیمم کرنا۔
(تَیَمَّمَ) للصَّلٰوۃِ: نماز کے لئے تیمم کرنا۔
—الشَّیءَ: ارادہ کرنا' قصد کرنا۔
(المُیَمِّمُ): مقصود کو حاصل کرنے والا۔
(الیَامُوْمُ): کبوتر کا چوزہ۔
(الیَمَامُ): فاختہ (واحد) یَمَامَۃٌ۔
(الیَمُّ): سمندر (۲) جنگلی کبوتر (ج) یُمُوْمٌ۔
(یَمَنَ)۔ (یَیْمِنُ) یَمْناً: دائیں طرف ہونا یا آنا (۲) یمن میں آنا۔
—بفلانٍ: کسی کو دائیں طرف لے جانا (۲) کسی کی دائیں طرف سے آنا۔
—البَلَدَ: شہر میں دائیں طرف چلنا۔
—فلانٌ اَھْلَہٗ وعلی آلہ ولآلِہٖ۔ (یَیْمُنُ) یُمْناً ومَیْمَنَۃً: اپنے کنبہ اور آل اولاد کے لئے باعث برکت ہونا۔
—اللّٰہُ فلاناً یُمْناً: اللہ کا کسی کو مبارک اور باعث خیر بنانا۔ ھُوَ مَیْمُوْنٌ۔
(یَمُنَ) فلانٌ عَلٰی آلِہٖ ولآلِہٖ۔ (یَیْمُنُ) یُمْناً ومَیْمَنَۃً: اپنی آل اولاد کے لئے مبارک ہونا۔ ھوَ یامِنٌ ویمینٌ واَیْمَنُ۔
(یُمِنَ) فلانٌ عَلٰی آلِہٖ ولآلِہٖ: یَمَنَ۔ ھو میمونٌ (ج) میامینُ۔
(اَیْمَنَ): دائیں طرف ہونا (۲) یمنی چادر اوڑھنا۔
(یَامَنَ): دائیں طرف ہونا (۲) کسی کو ملک یمن دکھانا۔
—بہٖ: دائیں طرف لے جانا۔
(یَمَّنَ): یَامَنَ۔
—عَلٰی فلانٍ: برکت دینا۔
(تَیَامَنَ): دائیں طرف جانا۔
(تَیَمَّنَ): یمن کی طرف منسوب ہونا (۲) دائیں ہاتھ پاؤں اور دائیں جانب سے کام شروع کرنا (۳) مرجانا۔
—بالمَیِّتِ: میت کو قبر میں دائیں کروٹ پر رکھنا۔
—بالشَّیءِ: کسی چیز سے برکت حاصل کرنا۔ (ضد تطیّر)
—فِیْہِ: کوئی کام دائیں طرف سے شروع کرنا۔
(اسْتَیْمَنَ) بِکَذَا: کسی چیز سے برکت حاصل کرنا۔
—فلاناً: کسی کو قسم اٹھوانا۔
(الاَیْمَنُ): دائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ (۲) دایاں۔ دائیں جانب ھی یَمْنَاءُ (۳) بابرکت' مبارک (ج) اَیَامِنُ ویُمْنٌ۔
(المَیْمَنَۃُ): برکت' خوش بختی (۲) دائیں جانب۔ (ج) مَیَامِنُ۔
(المُیَمَّنُ): مبارک' بابرکت' خوش بخت۔
(المَیْمُوْنُ): مبارک' خوش بخت (ج) مَیَامِیْنُ۔
(الیَامِنُ): بابرکت' خوش بخت۔ ھی یَامِنَۃٌ۔
(الیَمَانِی والیَمَانِیُّ) یمن کی طرف منسوب۔
(الیَمَانِیَۃُ): مونث الیمانی (۲) سرخ خوشے والی جو۔
(الیُمْنُ) برکت۔
(الیُمْنٰی) خلاف الیُسْرٰی دایاں ہاتھ یا دائیں جہت۔ تثنیہ یُمْنَان (ج) یُمْنَیَاتٌ۔
(الیَمْنَۃُ): دائیں جانب۔ خلاف الیَسْرَۃِ (۲) یمنی چادروں کی ایک قسم۔
(الیُمْنَۃُ): یمنی چادروں کی ایک قسم۔
(الیَمِیْنُ): دائیں جانب یا دایاں ہاتھ (۲) برکت (۳) طاقت و قوت (۴) قسم (مونث) (ج) اَیْمُنٌ و ایمانٌ و اَیَامِنُ۔
(الیَمِیْنِیُّ) خلاف الیساری اعتدال پسند گروپ جو پارلیمنٹ کے اجلاس میں دائیں جانب بیٹھتا ہے۔ (محدثہ)
(الیَنْبُوْتُ): (دیکھئے نبت)
(یَنَعَ) الثَّمَرُ۔ (یَیْنَعُ) یَنْعاً ویُنْعاً ویُنُوعاً پھل کا پک کر توڑنے کے قابل ہو جانا۔ ھُو

يَانعٌ ويَنِيعٌ۔
-الشیءُ: سرخ ہوجانا۔ ھو يَانِعٌ۔
(أَيْنَعَ) الثَّمَرُ: يَنَعَ۔ ھو يانعٌ ومُونِعٌ۔
(اليَانِعُ): پکا ہوا پھل (۲) ہر سرخ چیز۔ دمٌ يَانِعٌ: تیز سرخ کون۔
-ثَمَرٌ يَانِعٌ: رنگدار پھل (ج) يَنْعٌ۔
(اليَنَعُ): عقیق کی ایک قسم جس کا رنگ تیز سرخ اور ہلکا زردی مائل سرخ ہوتا ہے۔ (۳) سرخ مہرہ۔ واحد يَنَعَةٌ۔
(اليَنِيعُ): انتہائی لطیف۔
(اليَنَمُ): ایک پودا جس کے بیج سے مرہم تیار کیا جاتا ہے واحد يَنَمَةٌ۔
(اليَهْفُوفُ): (دیکھئے ھفف)
(يَهِمَ) - (يَيْهَمُ) يَهَمًا: مجنوں اور پاگل ہونا۔ ھو أَيْهَمُ وھِيَ يَهْمَاءُ (ج) يُهْمٌ۔
(الأَيْهَمُ): بہرا، گونگا (۲) بے خوف و نڈر جو ہٹانے سے نہ ہٹے (۳) چکنا پتھر (۴) بلند پہاڑ (۵) دشوار گزار پہاڑ جس پر مشکل ہو (۶) وہ رات جس میں ستارے نہ ہوں۔ (۷) وہ علاقہ جہاں راستہ کا نشان نہ ہو۔

(الأَيْهَمَانِ) أَيْهَم کا تثنیہ (۲) بدوؤں کے یہاں سخت سیلاب اور مست اونٹ کو کہتے ہیں (۲) اہل شہر کے یہاں سیلاب اور آتش زنی کو کہتے ہیں۔
(اليَهْمَاءُ): وہ جنگل جس میں راستہ نہ ملے (۲) سخت سال جس میں کوئی آرام نہ ہو۔
(يَاهَيَاهِ): انسان یا جانور کو بلانے کے لئے استعمال ہونے والا لفظ بمعنی ادھر آؤ (مذکر، مونث، مفرد، تثنیہ، جمع کے لئے) بعض اس کو تثنیہ جمع اور مونث بنا کر استعمال کرتے ہیں جیسے يَا هَيَاهْ (واحد کے لئے) یا هیاهان (تثنیہ کے لئے) یا هیاهون: (جمع کے لئے) یاهیاهتان: (تثنیہ مونث کے لئے یاهیاهات: (جمع مونث کے لئے)
(يَهْيَهَ) بالابل يَهْيَهَةً ويَهْيَاهًا: اونٹوں کو یاہ یاہ کہہ کر بلانا۔ ہا کے کسرہ اور تنوین کے ساتھ بھی مستعمل ہے۔
(يُوحُ): سورج کا ایک نام۔
(يُوحَى): سورج کا ایک نام۔
(يَوَّدَ) الدَّوَاءَ ونحوَهُ: دوا وغیرہ میں یود ملانا۔


(اليُودُ): ایک چمکدار ٹھوس عنصر جو گرم ہونے سے پھیل جاتا ہے (مج)
(اليُودِيدُ): ایک کیمیائی مرکب (مج)
(يَاوَمَهُ) مُيَاوَمَةً ويِوَامًا: دن کی اجرت پر کام کرنا یا کام کروانا۔
(الأَيْوَمُ): مہینہ کا آخری دن۔
-يَوْمٌ أَيْوَمُ: سخت اور لمبا دن۔
(اليَوِمُ) يَوْمٌ يَوِمٌ: سخت اور لمبا دن۔
(اليَوْمُ): دن (طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک کا وقت۔ (۲) موجودہ وقت۔ جیسے قرآن مجید میں ہے (اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ) (۳) علم فلکیات میں زمین کے اپنے محور کے گرد دوران کا وقفہ جس کی مدت چوبیس گھنٹہ ہے (ج) أَيَّامٌ۔ يَوْمٌ ذو أَيَّامٍ و ذوايا ويمُ و ذوايا وِمِ: سخت دن۔
-أَيَّامُ العَرَبِ: عربوں کی جنگیں۔
-أَيَّامُ اللّٰهِ: گزشتہ قوموں پر اللہ کے عذاب یا رحمت کے دن۔
(۲) اللہ کے انعامات۔ اس آیت کی یہی تفسیر کی گئی ہے (وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰمِ اللّٰهِ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ)

تم المعجم الوسيط بعون اللّٰه



ہماری معیاری مطبوعات







مکتبہ رحمانیہ

اقرا سنٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار لاہور
فون: 042-7224228-7221395